مخزن المجربات

(مہنی)

اردو ترجمہ

قرابادین اعظم

PDF
تیار کردہ
حکیم ایم ارشد شاہین لاہور

حکیم اعظم خان

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
جلال الدین ہسپتال بلڈنگ
اُردو بازار
لاہور

مخزن المجرّبات

یعنی

اردو ترجمہ

قرابادین اعظم

حکیم اعظم خان

مصنّفِ اکسیرِ اعظم و رموزِ اعظم و محیطِ اعظم اور نیّرِ اعظم

اس میں اُن کے اپنے مجرّبات بھی شامل ہیں

مترجم

مولوی عظمت علی حسرت لکھنوی

Ph: 3253268
Aijaz Publishing House
2060, Kucha Chelan,
Darya Ganj, N. Delhi-2

حسبِ فرمائش
حکیم حافظ طاہر محمود
حکیم احمد معراج الحسن

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز • اردو بازار • لاہور

NAAZ BOOK DEPOT
Wholesalers, Retailers & Exporters of Holyquran, News Papers, Magazines Islamic & School Books
Shop No. 1, Mohamedali Bldg.,
Mohamedali Road, Bombay - 3. Ph & Fax : 371 7105

Sec. Section
F/O Medicine
17-2-97
Cut
530511
A99M
62104
530513
A99 M

PDF تیار کردہ حکیم ایم ارشد شاہین لاہور

جملہ حقوق محفوظ ہیں

طابع: ابوبکر صدیقی

ناشر: صدیقی پبلیکیشنز لاہور

مطبع: ندیم یونس پرنٹرز لاہور

تعداد: ایک ہزار ۱۰۰۰

قیمت: ۴۹۵/-

تقسیم کار

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز ○ جلال الدین ہسپتال بلڈنگ اردو بازار ○ لاہور

NAAZ 321 BOMBAY

قدیم طبی اوزان

حبہ	= ۱ رتی	مثقال	= ۱/۲ ۴ ماشہ
قمحہ	= ۱/۲ "	دام خام	= ۱۴ "
دانگ و دوانق	= ۳/۴ ۳ "	دام پختہ	= ۳۱ "
شعیرہ	= ۱/۲ "	اوقیہ	= ۱/۲ ۲ تولہ تقریباً
قیراط	= ۲ "	رطل	= ۱/۲ تقریباً "
درہم	= ۱/۴ ۳		

متروکہ دیسی اوزان

۸ چاول	= ۱ رتی	۲ چھٹانک	= آدھ پاؤ
۸ رتی	= ۱ ماشہ	۴ "	= ۱ پاؤ
۱۲ ماشہ	= ۱ تولہ	۸ "	= آدھ سیر
۵ تولہ	= ۱ چھٹانک	۱۶ "	= ایک سیر

دیسی اوزان کا عشری اوزان سے مقابلہ

ایک چاول	= ۵/۸ ۱۵ ملی گرام	۱ تولہ	= ۱۱٫۶۶۴ گرام
ایک رتی	= ۱۲۵ "	۵ "	= ۵۸٫۳۱۹ "
ایک ماشہ	= ۱ گرام تقریباً	۱ سیر	= ۹۳۳٫۱۰۴ "

مخزن المجربات

یعنی

اُردو ترجمہ قرابادین اعظم فارسی

ناظرین ہندوستان کے مشہور طبیب حکیم اعظم خاں مرحوم کے نامِ نامی سے کون واقف نہ ہوگا آپ ایسے کامل الفن تھے کہ اکابر سلف کا بہترین نمونہ تھے اور اکسیر اعظم آپ کی مساعی جمیلہ کی وہ نایاب اور نادر یادگار ہے جس کا جواب کتب طبیہ شاید ڈھونڈے سے بھی نہ ملے گا۔ تمام امراض جسمانی کی مفصل تشریح اُس پر حکمائے یونان کے اقوال رائیں اور علاج اور اُس کے ساتھ ہی مجربات اور ضمناً سیکڑوں ایسے عجیب وغریب رموز جن کا جاننا ہر طبیب کے لیے ضروری ہے مگر لوگوں کے بخل سے وہ سینہ بہ سینہ چلے آتے تھے غرضیکہ یہ عجیب وغریب کتاب ہے ایسے ہی ان کی تصانیف رموزِ اعظم اور محیط اعظم نہایت مقبول عمدہ اور مفید کتابیں ہیں۔ اس طرح اُن کی قرابادین جس اُن کے عمر بھر کے تجربات کا عطر۔ اور خلاصہ کہا جا سکتا ہے۔ جس میں انواع واقسام امراض کے بہترین علاج اور نسخے درج ہیں بہترین کتاب ہے عرصہ تک فارسی میں رہی گو بعض جگہ اس کا اُردو میں ترجمہ بھی ہوا۔ مگر حال میں مطبع ہذا نے اس کو ایک نہایت فیض رسان اور مفید کتاب سمجھ کر زر کثیر صرف کر کے مولوی عظمت علی صاحب حسرت لکھنوی سے ترجمہ کرایا مترجم صاحب اول تو خود ایک زبردست فاضل وادیب ہیں مگر اس ترجمہ میں انھوں نے نہایت تندہی اور محنت سے کام کیا اور نہایت سلیس زبان اُردو میں ترجمہ کیا جو ہر خاص وعام کے لیے یکساں مفید اور کارآمد ہے۔ امید ہے کہ شائقین اس سے کافی فائدہ اُٹھائیں گے چونکہ اس کی بہت سی فرمائشیں آ رہی ہیں لہٰذا جلد سے جلد فرمائش بھیج کر طلب فرمائیے ورنہ چند روز کے بعد یقین ہے کہ طبع ثانی کا انتظار کرنا پڑے گا یوں تو بہت سی قرابادینیں آپ نے ملاحظہ فرمائی ہونگی۔ لیکن قرابادین اعظم بجائے خود ایک عجیب وغریب قرابادین ہے جس کا جواب نہیں۔

ملتمس
ابوبکر صدیق ، لاہور

مقدمۂ قرابادین اعظم و اکمل

بیان مین تعداد ادویۂ امراض کے جو اس کتاب مین تحریر ہین اور نقشہ کے طور پر لکھی گئی ہین تاکہ طالب کو ہر مرض کیواسطے جسکی دوا مطلوب ہو آسانی سے مل جاوے اور معالج کو چاہیے کہ مریض جس مرض کی شکایت کرے پہلے اُسکے مرض کا علاج اس طریقہ سے کرے کہ دواؤن کے ذیل مین بحرف دال دوا ہر مرض کی اور اُسکی تدبیر بطور دستور العمل کے مسطور ہے اسکے بعد دوسرے مرکبات مثل اطریفلون انوشداروُن - جوارشون - گولیون - سفوفون - شربتون - ٹکیون - معجونون - مفرحون - اور یاقوتیون وغیرہ سے کہ جو اس کتاب مین درج ہین اس نقشہ سے جس مقام پر ان ترکیبون سے کہ مناسب مزاج و حال مریض کے ہو استعمال کرین - فقط

فہرست ادویہ امراض کہ قرابادین مین مسطور ہین

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	امراض دماغی				
صداع حار	ایارج کبیر و ایارج بارد و اطریفل کشنیزی و آبزن و انکباب و باشویہ و بخور و جلاب و حب مویز و ہلیلہ و دوا و روغن لبوب سبعہ و گلچکان و روغن گل کاہو و کدو و سعوط مسہل و سفوف کشنیز و سفوف بنفشہ و شربت نجیبی و شموم و ضمادات و طلا و قرص مثلث و صندل مسکن و کماد و لخلخہ و لطوخ و لزوق و مطبوخ فواکہ و ماء الشعیر و معجون بنفشہ و نطول و نقوع سادہ و مسہل و فواکہ اہلیلج و حلو و حاض و نقوع ہلیلہ -	صداع بارد	ایارج کبیر و ایارج فیقرا و اطریفل سنائی و ملین معلوم و مسہل ملین و شاہترہ و اسطوخودوسی و افتیمونی و زنجبیلی و انکباب و باشویہ و بخور و جوارش آملہ لولوی و جالینوس و حب ایارج و شبیار و کوکبالی و حب الشفاء و حب ذہب و دواء و دوائی عصارۂ راوند و دبید الورد و روغن گلچکان و ہندی و سعوط و شموم و شربت اسطوخودوس و اصول و ضمادہ و عطوس و عرق و غرغرہ و قرص		مثلث و مسکن و قہوہ و کماد و مطبوخ اسطوخودوس و معجون بنفشہ و انطاکی و دبید الورد و نشوق و نفوخ و نطول و دہن
				صداع یابس	ایارج کبیر و غیرہ و اطریفل کشنیز نوع دیگر و خمیرہ خشخاش و دوا و روغن لبوب سبعہ و سفوف و ضماد و لبوب و غیرہ و مطبوخ و منضج و مسہل و معجون راحت -
				صداع نزلی	اطریفل کشنیزی و ملین و تریاق النزلہ و حب ایارج و مویز و ہلیلہ و حب الشفاء و حسو

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امرض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
	ذخیرہ خشخاش وسفوف وضماد و	شقیقہ حار	حب وخمیرہ خشخاش ودواء		وسقی ونطول ودوجور۔
	غرغرہ وقرص مثلث ونزلہ بند		سعوط وضماد وطلاء وقرص مثلث	سرسام سوداوی	دواء وروغن لبوب سبعہ
	ولزوق ولطوخ ونفوخ۔		مسکن ولزوق ولطوخ ونفوخ۔		وضماد ومطبوخ۔
صداع بخاری حاری	اطریفل کشنیزی وجوارش طباشیر	شقیقہ بارد	انکباب وبخور وحب ہندی ودواء	سرسام نزلی وسقطی	دواء وطلاء۔
	وحسو وخمیرہ خشخاش وسفوف		ونداء وعصارہ ریوند وسعوط وشربت	عطاش	دواء۔
	کشنیز وآملہ وطباشیر وشربت انار		اسطوخودوس وعسل وضماد وطلاء	بادشنام	دواء۔
	ورنگترہ وطلاء ولزوق ومعجون		وعطوس وقرص مثلث وکل	ماشرا	دواء وشربت عناب وضماد
	کشنیز وغیرہ ومفرح کشنیزی ونطول		وکحل وغرغرہ ومطبوخ ومعجون و		وطلاء ونقوع۔
صداع ضعف دماغی	اطریفل کشنیزی وکبیر واسطوخودوس		نشوق ونفوخ۔	سہر	انکباب وحریرہ وخمیرہ خشخاش
	ومقوی دماغ ودواءالوشندار ودواءالمسک	شقیقہ نزلی	قرص مثلث ولزوق ولطوخ		ذرور ودواء وروغن لبوب سبعہ
	لولوی وبخور وجوارش بسند لیمون		ومطبوخ ونفوخ		وروغن کدو وکاہو وغیرہ وسعوط
	عنبر وحب جدوار وحسو وخمیرہ	عصابہ	دواء۔		وضماد وضماد منوم وطلاء وعرق
	گاؤزبان وخشخاش وصندل	سرسام حار	انکباب وباشویہ وحقنہ لین		شعیر وقرص منوم ونشوق ونطول
	ونوع دیگر ومرواریدی ودواءالمسک		دواء وسفوف وشموم وضماد	سبات	حب ودواء ودواء صبار کی
	معتدل وسفوف وشربت ابریشم		وضماد چہارگل وطلاء ولخلخہ ومطبوخ		وعصارہ ریوند وروغن وسفوف
	وعرق تنبول وکیتکی ولخلخہ ومعجون		ومطبوخ فواکہ ومسہل وماءالشعیر		وسعوط وشربت اسطوخودوس
	مقوی دماغ جید وغیرہ ومفرح		ونشوق ونطول ونقوع ومسہل		وعسل وضماد وقمیہ ومطبوخ و
	وماءاللحم ویاقوتی بارد وحار۔	سرسام بلغمی	انکباب وبخور وحقنہ ودواءالمسک		نطول۔
صداع دودی	سعوط وضماد وقطور ونفوخ۔		ریوند وروغن بزرالبنج وسعوط و	سبات سہری	دواء وکماد ونطول۔
صداع ضربی	ضماد وطلاء		شموم وشربت اسطوخودوس و	سدر ودوار حار	ایارج بارد ودواء اطریفل کشنیزی
بیضہ وخوذہ	ضماد۔		عسل وضماد وطلاء وکماد ومطبوخ		ومزعفر وجوارش طباشیر و

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	حب جنید وحریرہ وخمیرہ عود ترش ودواء وسفوف ونطول وعرق آسو وضماد ومطبوخ ومعجون انطاکی ومعجون کشنیز واسطوخودوس ومفرح کشنیز بارد وغیرہ ونقوع انار دانہ وغرغرہ ونطول۔
سدر ودوار بارد	انکباب واطریفل ملین افتیمون وانوشدارو ے لولوی وحب جنید ودواء ودواء عصارۂ ریوند ودبید الورد وسعوط وسفوف وشربت اسطوخودوس وعسل ومعجون کشنیز ولطول۔
جمود	دواء وضماد ونطول۔
کابوس	حب ودواء وعرق ہلیلہ واسطوخودوس ومعجون ہلیلہ مسہل علوی خان وغیرہ ومقئی۔
صرع وام الصبیان	اطریفل علوی خان واسطوخودوس وتریاق الذہب وحب جنید وحب مسہل وفوربیا وحب ایارج ودواء ودواء المسک حار وسعوط ہندی وغیرہ وسفوف وشربت مسہل واسطوخودوس واصول و

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	اسقیل وعطوس وعرق صعتر ومنڈی ومطبوخ ومقئی ومطبوخ ام الصبیان وماء الاصول ومعجون نجاح وزبیب انطاکی وسیسالیوس واسطوخودوس وعود صلیب وغیرہ ونفوخ ودخور ام الصبیان۔
سکتہ	حب وحب جند وحقنہ ودواء وروغن اسقیل وغیرہ وسعوط وضماد وطلاء وعطوس وکماد ومطبوخ وماء الاصول ومعجون انطاکی ودیگر ونشوق ونفوخ ونطول ودخور۔
نسیان	اطریفل اسطوخودوس وبجند وجوارش شونیز وآملہ وحب جند وحلوا ودواء ودواء الکبریت وسعوط وسفوف حفظ وشربت اسطوخودوس وعطوس وعرق بھنگرہ وپان وغیرہ وغرغرہ وکماد ومعجون حفظ وجدوار وحافظ العقل ومعجون تالیف انطاکی ودج وفلاسفہ وغیرہ۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
مالیخولیائے حار	حب ہلیلہ وافتیمون وخمیرہ ابریشم بارد ودواء وروغن لبوب سبعہ وروغن کاہو وکدو وسعوط وسفوف آملہ ولاجورد وغیرہ وسکنجبین افتیمونی وشربت افتیمون وشربت آنولہ وغیرہ وشراب الصالحین وضماد وعرق کیتکی وشیر وغیرہ ولعوق خشخاش ومطبوخ سودا وماء الجبن ومعجون نقرہ ومفرح بارد وماء اللحم ونطول ویاقوتی ذوی التفریح ویاقوتی بارد۔
مالیخولیائے بارد	اطریفل کشنیزی واطریفل افتیمونی مسہل واطریفل معمول حکیم شاہ محمد وتریاق الذہب وحب افتیمون وخمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار ودواء ودواء المسک حار ومعتدل وروغن بزر البنج وسفوف مبارک وغیرہ وسکنجبین افتیمونی وشربت مسہل سودا وگاؤزبان وابریشم وافتیمون وغیرہ وضماد

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	وعرق طبلیہ وقندی وخمیرہ گاؤزبان		فادانیا وجند وسیماب ومشک ازاقی		علونجان ودیگر ونطول۔
	عنبری وغیرہ ومطبوخ افتیمون		وحب سرخ وسیاہ وحب حکیم کلو صاحب	رعشہ امتلائی	آبزن واطریفل اسطوخودوس
	فواکہی ومنضج سوداء ومعجون نجاح		وحب سنی وغیرہ وحلوا وخمیرہ	ویابس	وجوگراج وحب وحب مویز
	ومفرح وماء اللحم ویاقوتی معتدل		اسطوخودوس ودواء ودواء المسک		ودواء الکبریت وروغن بیش
مالیخولیا مراقی	اطریفل کشنیزی وزمانی افوشلادی		حار ودواء الکبریت وروغن ہتورہ		ولبوب سبعہ وغیرہ وسعوط
	لولوی وتریاق الذہب وجوارش		وفرفیون وبید انجیر وقسط ونارذین		وضماد ومعجون کچلہ وسیر وغیرہ۔
	شاہی وجوارش آملہ لولوی و		داسقیل وجند وفاوندی ومشک	خدر	اطریفل شاہترہ وآبزن و
	جوارش طباشیر وجالینوس و		وموم وغیرہ وسعوط وسفوف		دواء وروغن بیش وموم وغیرہ
	حب ملین وخمیرہ خشخاش وابریشم و		ترنج وشربت عسل وشربت		وسفوف وشربت اسطوخودوس
	عود ترش ودواء ودواء المسک		اسطوخودوس داسقیل وضماد		وضماد وطلاء وعرق ومعجون مقوی
	معتدل وجدواری وشربت		وطلاء وعطوس وعرق تنبول		دماغ وحب وغیرہ۔
	افسنتین صغیر وآنولہ وغیرہ و		وچوب چینی ومنڈی وغیرہ و	اختلاج	حب کچلہ ودواء وروغن فیون
	مطبوخ افسنتین ومعجون صندل		غرغرہ وقہوہ وکماد ونعوق		وغیرہ وسفوف وکماد ومطبوخ
	وغیرہ ومفرح کافوری ونطول		مطبوخ منضج ومسہل وماء العسل		کشنیزی ومعجون کچلہ ونطول۔
	ونقوع یاقوتی۔		وماء الجبن واصول ومعجون سہل	حس	دواء وکماد۔
جنون	دواء ودواء المسک ومعجون		المزاج وکچلہ ومعجون [illegible] وچوب چینی	زکام ونزلہ حار	الکباب وبخور وتریاق النزلہ
	تالیف النطاکی ونطول۔		وہندی ومعجون منقی بلغم ومقوی		وحب بنفشہ وحب مویز ونزلہ
داء الکلب	ایارج فیقرا ایارج اکبر واطریفل		وغیرہا ونفوخ۔		وحسو وحریرہ وخمیرہ خشخاش
	والکباب وآبزن وبخور وضماد	تشنج وتمدد وکزاز	آبزن وبخور وحب ریحانس		ودواء وبا قوزا وسفوف و
	ونطول اکبر وحبوب وجوگراج	رطب ویابس	ودواء ودواء المسک حار وروغن		شموم وشربت بنفشہ وخشخاش
	وجوارش اترج وحب ایارج		فرفیون وخلوق وغیرہ وسفوف		وشربت نزلہ وگولر وفریاد رس
	وحب قہوہ وحب شبیار وقوقایا		سورنجان وضماد وقیروطی ومعجون		وطلاء وعرق وغرغرہ وقرص

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
زکام ونزلہ بارد	نزلہ بند ولعوق شمون ولعوق خشخاش ومطبوخ ونقوع۔ اطریفل سمول حکیم شاہ محمد صاحب واطریفل زمانی وملین ومقوی وانکباب وبخور وبرشعثا وتریاق النزلہ وحب ایارج وحب سرخ وحب مویز وموسیائی وشنگرف وکچلہ وجدوار وناتورہ وحب بیش وسیماب وچوب چینی وچاء خطائی وخمیرہ خشخاش ودواء ودواء الطلق وتیاذو وسعوط وسفوف نزلہ وسفوف بینائی وشربت زوفا وضماد وطلاء وقرص نزلہ بند وقہوہ ولطوخ ولعوق بزر البنج والنشوق ونفوخ وناس۔
	امراض العین
رمد ورد بیخ حار وبارد وسوداوی	ایارج بار دواطریفل کشنیزی وملین وملین معلوم وبادیان وبرود کافوری وحب شبیار وہلیلہ وحب سرخ وسبز وحب رمد وحب معمول وحب ذہب وحریرہ ودواء ودزور ابیض وملکایا وچشم خام وعصفر وشیاف ابیض وبرد یوما ودردی وسماق ونارنج وشیاف کافور اسود وشیاف احمر لین وغیرہ وضماد وطلاء وعصارہ آملہ وغسول وقطور وگھرہ وکحل وضماد وتشمیزج وملکایا ودیگر اکحال ومطبوخ ملین واسطوخودوس ومسہل ومعجون منڈی ومعجون دیگر
طرفہ	انکباب وبخور ودواء وضماد وقطور وکماد۔
سبل	حب ہندی حب سرخ وسبز وحب رمد وحب معمول وحب دیگر ودواء وزرور ہندی وزرور سبل مادی وروغن وشیاف سماق وزنگار واسود واخضر وسیخ الاذن ودہنہ فرنگ ویاسمین وضماد وعطوس وکحل وکابل وکحل الجواہر وفلفل۔
بیاض وگل چشم	حب وحب معمول ودواء زرد ہندی وسبل وشیاف اسود ہندی وسیخ الاذن ودہنہ فرنگ وغیرہ وقطور وکحل یاسمین وہندی وغیرہ۔
ظفرہ	حب رمد وحب معمول ودواء وشیاف اسود ودینار جولی وروشنائی ودہنہ فرنگ ویاسمین وغیرہ۔
انتفاخ ملتحمہ جساوہ ملتحمہ توتہ ملتحمہ دمعہ	دواء وشیاف احمر حار واخضر دواء وزرور اکسیرین نطول دواء وزرور اکسیرین۔ برود اسود واحمر وحب وحب دیگر ودواء وزرور مادی وشیاف وشیاف سماق وشیاف احمر حاد واخضر نارنج واسود وحضض ودہنہ فرنگ ویاسمین وزعفران وغیرہ وطلاء و

نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض
	عصارۂ آملہ وغسول وگھرۂ		و باسلیقون وغیرہ۔		وشیاف جلا وکحل کنہد وسندی
	وکحل وکحل الجواہر وکمادو	ودقہ	دواء۔		وغیرہ وعصارۂ آملہ وکحل و
	نطول۔	قذی	دواء۔		کحل شنجام وکحل الجواہر و
نتو قرنیہ	دواء وذرور اکسیرین۔	مشکوری	انکباب وحب [illegible] وشیاف		مبارک وغیرہ ومطبوخ و
خشونت قرنیہ	دواء۔		وسیخ الاذن وغیرہ وکحل و		معجون۔
محافظت چشم از جدری	دواء۔		عشا وکحل فلفل وغیرہ۔	ضیق ثقبہ عنبیہ	دواء وشیاف زعفران
حرقت چشم	برود احمر ودواء وذرور کافوری	روز کورہ	دواء ونطول۔		وجاد وغیرہ۔
	وطلاء وکحل۔	خیالات چشم	دواء وشیاف جلاء وکحل و	حول	دواء۔
قرحۂ چشم	دواء وشیاف علونجانج ابار		مطبوخ ومعجون ورج۔	اتساع یعنے فراخ	دواء وسعوط۔
	وابیض کندری۔	جحوظ عین	دواء وشیاف احمر حاد و	ہونا قرنیہ کا	
کمنہ	دواء وذرور اصفر وذرور کمنہ		اخضر۔	سدۂ عصبۂ مجوفہ	دواء۔
ضربۂ چشم	دواء وضماد وطلاء۔	نزول الماء	حب ایارج وحب ہندی	زرقۂ چشم	دواء وکحل وصبغ وطلاء۔
موسرج وقرحہ وبثور	دواء وذرور وذرور انزروت		وحب کوتوالی وصعدو	خش یعنی روشنی	دواء۔
	وذرور اکسیرین وشیاف		سعوط وشیاف نارنج	مین ضعف	
	کندر وابار وشیاف ابیض		ودیگر ودہنہ فرنگ وطلاء	قمور	دواء۔
	کندری۔		وکحل ومطبوخ قنطوریون	حموز حدقہ	دواء۔
شرناق	دواء وکحل باسلیقونی۔		ومعجون ورج وغیرہ ونفوخ	صداع حدقہ	
جرب وحکہ	برود حصرم ونفسجی وحب	ضعف بصر	آطریفل بادیان وکثیر النفع	وشقیقہ عین	دواء ولزوق۔
	رمد وحب دیگر ودواء وذرور		وحب شبیار وکوتوالی وحب	انتشار	کحل الجواہر ونفسجی وغیرہا
	رمادی وشیاف سماق واخضر		نوی ہلیلہ وحب معمول حکیم		ومعجون ورج۔
	ونارنج وروشنائی وغیرہا		کلو صاحب ودیگر وحلوا	استرخاء الجفن	دواء۔
	وغسول وکحل الجواہر		ودواء وذرور مامیران	التصاق الجفن	دواء۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
شترناق	دواء۔
عقدہ	دواء۔
شعر زائد و منقلب	دواء و ضماد و طلا و کحل۔
انتشار اہداب	دواء و طلا۔
بیاض الاہداب	دواء۔
جرب الاجفان	دواء و کحل۔
شترہ	دواء۔
بردہ	دواء و طلا و قیروطی۔
صلابت اجفان	دواء۔
جساء الاجفان	دواء۔
سلاق	حب ہندی و سلاق و دواء و روغن و شیاف سماق و طلا و کحل۔
قمل و قمقام	دواء و غسول و ضماد۔
شعیرہ	دواء و طلاء و قیروطی۔
توثہ اجفان	دواء۔
اختلاج عین	ذرور ماميران و طلا۔
تہبج اجفان	دواء۔
قروح اجفان	دواء۔
سعفہ پلک	دواء و غسول
غرب	دواء و شیاف غرب و ضماد و طلا و فتیلہ۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
غدد و فلغمونی پلک	دواء۔
غلظ اجفان و گہانجنی	دواء و ضماد و کماد و کحل۔

امراض اذن

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
درد گوش حار	ایارج بارد و دواء انکباب و اطریفل کشنیزی و ملین حلوم و دواء و دواء الرمان و روغن گل و سفوف بنفشہ و ضماد و دیگر ضمادات و طلائی بزرور و فتیلہ و قرص و قطور و مخدر وغیرہ۔
درد گوش بارد	انکباب و بخور و دواء و روغن بابونہ و ترب وغیرہ و شیاف و ضماد و دیگر ضمادات و قرص و کحل و نطول۔
ورم پس گوش	ضماد۔
طرش	انکباب و بخور و دیگر دواء و دواء الربان و روغن کرب و اعظم و اسنتین وغیرہا و شربت اسطوخودوس و شیاف و فتیلہ و قرص و قطور و کماد و نطول
طنین و دوی	انکباب و اطریفل کشنیزی و ملین و بخور و حب و دواء و سید الورد و روغن قسط و
	اعظم و شیاف وغیرہ و قطور و معجون الورد۔
قرحہ و ناصور گوش	انکباب و دواء و ذرور و روغن و شیاف علونخان و شیاف غرب و فتیلہ و قرص و قطور و مرہم موجوہ و ابیض و مصری و زنگار و باسلیقون۔
کرم و خارش گوش	دواء و روغن و قطور
رض الاذن	طلا و مرہم بہروزہ۔
حکۃ الاذن	دواء۔
ہرب الاذن	دواء۔
انفجار الدم از گوش	دواء و قطور۔
سیلان رطوبت از گوش	دواء
انقلاع الاذن	دواء و ضماد
قلاع الاذن	دواء و ضماد

امراض الانف

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
رعاف	دواء و سعوط و ضماد و دیگر ضمادات و طلا و فتیلہ و قطور و نشوق و نفوخ و نقوع۔
خشم	انکباب و بخور و دواء و سعوط و فتیلہ و نشوق و نقوع۔
فساد شم	دواء و سعوط۔
بواسیر الانف	دواء و فلافلون و فتیلہ و مرہم زنگار۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
نتن الانف	سعوط و فتیلہ و نفوخ۔
جراحت الانف	حب و دواء۔
ابدام و بثور و قروح و ناصور انف	دواء و ضماد و طلاء و فتیلہ و قیروطی و دیگر و مطبوخ و مرہم و مرہم حب اسفرجل و نشوق و نفوخ۔
خارش بینی	دواء و نشوق۔
رض الانف	دواء۔
جفاف الانف	دواء۔
عطاس	حب و دواء و سعوط۔
امراض فم و شفت و لسان	
قلاع حار	برود و حب جوشش دہن و حب دیگر و دواء و ذرور وغیرہ و سنون احمر وغیرہ و غرغرہ و مضمضہ۔
قلاع بارد	حب و دواء و ذرور وغیرہ و سنون و عرق و غرغرہ و قرص و مضمضہ۔
قلاع اسود	سنون احمر۔
قلاع کہ زہریلی دواؤں کے استعمال سے آتشک میں یا پارہ سے	دواء و مضمضہ۔
آکلہ و شوص لثہ	دواء و ذرور و ذرور عظیم و سنون

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	و غرغرہ و قرص و غرغرہ و قرص و مضمضہ و
سیلان لعاب دہن	جوارش مصطگی و ذریرہ و حب و دواء و معجون۔
بخر الفم	انوشدارو ے لولوی و حب المسک و طیب النکہت وغیرہ و دواء و سنون ابیض و سنون دیگر و مضمضہ و معجون۔
ورم زبان حار	دواء و غرغرہ و مضمضہ۔
ورم زبان بارد	دواء۔
ورم صلب زبان	دواء و مضمضہ۔
زخم زبان	حب۔
ثقل و لکنت زبان	حب و جوارش ہندی و دواء و غرغرہ و مضمضہ و معجون ہندی وغیرہا۔
استرخاء اللسان	دواء۔
حرقت لسان	حب و دواء۔
حکۃ اللسان	دواء
ضفدع اللسان	دواء و غرغرہ۔
بطلان ذوق	دواء و غرغرہ۔
فساد ذوق	دواء و مضمضہ۔
جفاف و شقاق زبان	دواء و ذرور و مضمضہ۔
ورم حنک	دواء۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
ورم و بثور و قروح لب	دواء و ضماد و دیگر ضمادات۔
شقاق لب	دواء و ضماد و طلاء و قیروطی و مرہم شقاق و سفیداب کافوری وغیرہ۔
بیاض الشفت	دواء۔
بواسیر لب	دواء و ضماد۔
تقلص الشفت	دواء۔
امراض اسنان و لثہ	
وجع اسنان حار	ایارج بارد و نجید و حب مویز و دواء و سنون زرد وغیرہ و ضماد و مضمضہ وغیرہ و مطبوخ۔
وجع اسنان بارد	تریاق الاسنان و حب مویز و دواء و سنون و مضمضہ وغیرہ و مطبوخ۔
کرم سے وجع اسنان	دواء و مضمضہ۔
نزلہ سے وجع اسنان	دواء و مضمضہ۔
تحرک اسنان	دواء و سنون زرد و سنون ابیض وغیرہا و مضمضہ وغیرہ
تاکل و تفتت اسنان	دواء و سنون۔
لثہ دامیہ	دواء و ذرور شبی و سنون ابیض وغیرہ و قرص زرنیخ و مضمضہ۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
ورم لثہ	دوا و سنون و مضمضہ۔
بثور و قروح لثہ اور اسکا ناصور	دوا و ذرور و سنون و قرص زرنیخ و مضمضہ۔
لثہ سے خون کا سیلان	دوا و سنون۔
دانتوں کے رنگ کا تغیر اور انکی سبزی	دوا و سنون جالی و مضمضہ
خارش دندان	دوا۔
ذہاب بار الاسنان	دوا۔
صریر الاسنان	دوا۔
تسہیل نبات اسنان	دوا۔
ضرس	دوا و مضمضہ۔
امراض حلق و لہات	
خناق حار ذبحہ وغیرہ	الکباب و حب و حقنہ و دواء و روغن و شربت توت و ضماد و طلاء و غرغرہ و لزوق و قیر وغیرہ و مضمضہ و نفوخ۔
خناق بارد	دواء و ضماد و طلاء و غرغرہ۔
ورم لہات	دواء وغیرہ۔
استرخاء اللہات	دوائے معمول و ضماد و طلاء و غرغرہ و لزوق۔
بثور و قروح حلق و قصبۃ الریہ	حب سیماب وغیرہ و دواء و غرغرہ۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
اخراج زلو	دوا۔
اخراج لقمہ حار	دوا۔
مخنوق بکمند	دوا۔
عسر البلع حار	دوا
عسر البلع بارد	دوا۔
عسر البلع یبوست سے	دوا۔
انطباق مری	دوا۔
حکاک مری	دوا۔
ورم مری حار	دوا۔
ورم بارد مری	دوا
امراض الصدر	
بحت الصوت حار	حسو و دوا۔
ضیق النفس بلغمی	اطریفل ملین و بخور و حب غاریقون و فلفل و ہندی عطائی و حب شاہ عنایت صاحب و حب سلطانی و حلوا و دوا و دواء الزرنیخ و دواء الشنجرف و دواء الکبریت و سفوف ہندی و سیاہ و سفوف ہلیلہ و دمنہ رہیل و سکنجبین عنصلی و شربت زوفا و فراسیون و عنصل و تنباکو و چاد تخم و ضماد و عرق ابنہ

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	و برسیاوشان و خشخاشیہ السعال و قہوہ و لعوق عنصل و کتان وغیرہ و معتدل و لعوق کزبرۃ البیر و دیگر لعوق وغیرہ و مطبوخ زوفا وغیرہ و معجون زوفا و رب السوس و قطی و مفرح و جوارش و جوز ہندی
سعال کہ حرارت سے ہو یا حرارت و یبوست سے ہو	حسو سرخ و دوا و شربت فریادرس و اعجاز و قرص خشخاش و قیروطی و لعوق بادام و مطبوخ۔
سعال نزلی	اطریفل ملین و مقوی و تریاق النزلہ و حب نزلہ و جدوار و حب مرفہ و سعال و باقلا و یاقوت و حب سلطانی وغیرہ و حسو سرخ و حریرہ و حمیرہ خشخاش و دوا و دیاقوزا و سفوف حب الرشاد و دمنہ رہیل و سفوف سرخ و خشخاش و شربت خفیفہ مرکب و شربت سعال و فریادرس

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	وانجبار وفواکہ وعرق وغرغرہ و	نفث الدم کہ مرسطیر فسے	دواء۔	غرق ہونا پانی مین	دواء۔
	قرص خشخاش ولعوق شمعون	حلق کیجانب خون آتا ہے		ضیق النفس تشنجی	اطریفل بسین ومقوی دماغ
	ومعتدل ومیٹھہ وبزر البنج و	نفث الدم قصبہ	دواء۔		وتریاق النزلہ وحب عطائی و
	خشخاش وسپستان وکزبرۃ البیر	ریہ وسینہ وشش			حریرہ ودواء ودیاقوزاے
	ومطبوخ ومطبوخ نخالہ وغیرہ	سل	حب نفث الدم وعرق اسپک		علوبخان وشربت گولر ولعوق
	ومعجون سعال ولبوب سرور		وحب سل وحب الشفاء وغیرہ		مطبوخ صمغ وغیرہ۔
	راح المومنین وغیرہ ومتنوع۔		وحلوہ وخمیرہ خشخاش ودوا	ضیق النفس بسبب	دواء۔
سعال بانی جو نفس سے	حب ودواء۔		ودواء الطلق وسفوف سرطان	بخارات حارہ قلب	
ہوئیہ کثرت سے ہوتا ہے			وخشخاش وعرق شیر وقرص	ضیق النفس کہ ریاح و	دواء۔
سعال اطفال	دواء ولعوق وغیرہ ودوبہ۔		الجبار وطباشیر معتدل سرطان	الجزرہ واعضاے نفس سے ہو	
نفث الدم	حب نزلہ وحابس دم ونفث		کافوری وکہربا وشادنج وطباشیر	ضیق النفس کہ عضلات	دواء۔
	الدم وغیرہ ودواء وسفوف		وغیرہ ومعجون ومفرح یاقوتی۔	سینہ کے استرخا سے ہو	
	نفث الدم وغیرہ وسفوف	بحۃ الصوت بارد	حب وحب خردل ودواء و	ضیق النفس مع رطوبت	دواء۔
	بہدانہ وشربت نفث الدم		دواء الحلتیت ولعوق جلدو	نفس انتصاب	دواء وضماد۔
	وانجبار وغیرہ وضماد وعرق		انجیر وغیرہ ومعجون قفعی۔	سعال جو رطوبت سے	دواء۔
	حشیشۃ السعال وقرص انجبار	بحۃ الصوت یابس	حب وحسو ودواء۔	وسینہ سے ہو	
	وکہربا وگلنار وخشخاش و	بحۃ الصوت نزلی	حسو وغرغرہ ولعوق جلدو انجیر	سعال جو شش کی	دواء۔
	شادنج وطباشیر کافوری	تعلق علق وغیرہ بحلق	دواء وغرغرہ۔	برودت سے ہو	
	لولوی وریوند وگل وقابض	اخراج علقہ جارادہ مانند	دواء۔	سعال جو امتلاے خون	دواء۔
	ولعوق نفث الدم ومطبوخ ومعجون	اسکے کہ حلق سے متعلق ہے		صفراوی ریہ سے ہو	
نفث الدم جو بسبب انکے	دواء۔	بلع الابرہ	دواء۔	سعال جو ریہ مین	دواء۔
اخراش لثہ کے سبب سے		مخنوق بکمند	دواء۔	حدوث بثور سے ہو	

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
سعال بلغمی	اطریفل ملین و نجوع و جوارش جالینوس و حب فلفل و سرفہ و حب السعال و حب مسہل و سلارس و عطائی و ہندی و خمیرہ خشخاش و دوار و دواء ہندی و دواء الزرنیخ و دیا قوزہ علوی خانی و سفوف ہندی و سرخ و بلیلہ و مسہل و سکنجبین عنصلی و شربت زوفا و فراسیون و چار تخم و اعجاز و ضماد و عرق پرسیاوشان و خیسانده السعال و قرص و لعوق بزر البنج و معتدل وغیرہ و مطبوخ و معجون زوفا و قیفی و معجون سعال و لبوب سرور و راح المومنین وغیرہ و دجور ہندی وغیرہ۔
سعال کہ مادہ سوداء کے حصول رہے ہو یہ قسم نادر الوقوع ہے	دواء۔
ذات الریہ	دواء۔
ڈبہ اطفال	حب و حب کرنجوہ وغیرہ و حب بیضہ و دواء و مطبوخ و دجور۔
ذات الجنب و برسام	

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
و ذات الصدر و ذات العرض و شوصہ	حب و حب منفث و حریرہ و خمیرہ و دواء و سفوف خشخاش و شربت شفا و شربت بنفشہ مرکب و شربت دینار و ضمادات و عرق و عرق آسو و قرص منفث و ذات الجنب و قیروطی و دیگر نسخہ جات قیروطی و ضماد و لعوق خیارشنبر و مطبوخ و نقوع مسہل۔
اختناق [illegible]	دواء و لعوق۔
جمود الصدر	دواء۔

امراض قلب

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
خفقان حار	اطریفل کشنیز و کشنیز مزعفر و جلاب و جواہر مہرہ و جوارش شاہی و صندلین و آملہ وغیرہ و حب حیات و شفا و زہر و جدوار و خمیرہ صندل و خمیرہ صندل حامض و گاؤزبان و مروارید مرکب و بارد و ابریشم و مروارید و صندل سادہ و دواء و دواء المسک بارد و سادہ و کافوری و حامض و لولوی وغیرہ و سفوف آملہ و طباشیر و لولوی و زہر مہرہ وغیرہ و سکنجبین صندلی و شربت سیب و انار و فالسہ و رنگترہ و صندل و عناب و شربت سیب لیموئی و انناس و انار و لیموئی و یاقوت و شربت صندلین ترش وغیرہ و شراب الصالحین و ضماد و عرق کیتکی و چندن وغیرہ و فواکہ و ہاشمی و قرص کافور و طباشیر کافوری لولوی وغیرہ و قیروطی و گلقند فستران و گاؤزبانی و گلقند ماہتابی و لخلخہ و لعوق و معجون صندل و کشنیز و طلا و نقرہ وغیرہ و مفرح بارد و کافوری سادہ و جواہر دار و ماء اللحم و یاقوتی بارد و تحفہ و معتدل و یاقوتی تالیف حکیم وارث علیخان۔
خفقان بارد	انوشدارو سے لولوی و انوشدارو جدواری و جوارش آملہ لولوی و عنبر و نار مشک و خمیرہ گاؤزبان عنبری و زہر مہرہ و جواہر دار و حار و طلا و زمردی و یاقوت وغیرہ و دواء و دواء المسک معتدل و حار و حلوا جواہر دار و تلخ و سفوف

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	لولوی وعنبر وغیرہ وشربت مسہل وگاؤزبان وابریشم وشربت زہر القطن وضماد وعرق شیر وگاؤزبان عنبری وگندر وتنبول وصندل ودارچینی ونگترہ وبہار سیوتی وعنبر وغشی وغیرہ وقہوہ ولعوق ومعجون کشنیز وطلا ونقرہ ومعجون حیات وغیرہ ومفرح معتدل وحار وسادہ وماء اللحم ویاقوتی حار ومعتدل۔
خفقان یابس سادہ	دواء وعرق شیر وماء الشعیر ویخنی
خفقان رطب	خمیرہ زمرد ودواء ودواء المسک تلخ وماء اللحم۔
خفقان کا حد غشی تک پہونچے	دواء وادویہ مخدرہ وعرق غشی۔
سیت وپرسوت غشی	دواء ومعجون۔ خمیرہ گاؤزبان ودواء وسفوف عنبر وغیرہ وعرق بہار وعنبر ولخلخہ معجون طلا ونقرہ وغیرہ وماء اللحم ووجوار۔
غشی سوء مزاج حار سے	خمیرہ صندل ودواء ودواء المسک بارد وعرق بید مشک۔
غشی سوء مزاج بارد سے	دواء ودواء المسک حار وشربت بادرنجبویہ

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	وعرق دارچینی۔
غشی امتلائی مادی	دواء وماء العسل ومطبوخ کہ اسمین زوفا ہو۔
غشی استفراغی کہ کثرت استفراغ سے ہو	دواء وشربت سیب وماء اللحم ویاقوتی۔
غشی جو دوسرے اسباب سے ہو	دواء۔
ورم اذنی القلب	دواء وعرق گاؤزبان وبادرنجبویہ ماء اللحم۔
علت دخانیہ	دواء۔
ضغطۃ القلب	دواء ومعجون نجاح وفرح حار۔
تفشر القلب	دواء ومسہل صفرا ومفرحات بارد
قذف القلب	دواء وشربت صندل وعرق بیدمشک ومفرح بارد۔
تلقب احتوار رطوبت	حب ایارج ودواء ومسہل حار واضمدہ حارہ ودواء المسک حار وعرق عنبر۔
جذب القلب	دواء وتنقیہ خلط وتقویت قلب جیسا کہ اقسام خفقان میں گذر چکا ہے۔

امراض پستان

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
قلت لبن	حریرہ وحسو ودواء وسفوف وضماد
کثرت لبن	دواء وسفوف وضماد وطلاء ومعجون
ورم حار پستان	دواء وضماد وضماد کوفتگی پستان وقیروطی ونطول۔
ورم بارد پستان	دواء وضماد وقیروطی۔
دبیلہ پستان	دواء وضماد دبیلہ معدہ وبعد انفجار مرہم سفیدآب۔
تجبن لبن	دواء وضماد ونطول۔
تمدد پستان بغیر ورم کے دودھ جم جانے سے	دواء۔
تعقد وگرہ کہ پستان میں پڑ جاتی ہے	دواء وقیروطی ومرہم داخلیون
صلابت پستان	دواء۔
پستان میں خون جمنا اور بجائے دودھ کے آنا	دواء۔
حکہ پستان اور اسکا شقاق	دواء۔
مانعات عظم پستان	ضماد وطلاء۔
تغیر رائحہ پستان	ذرور۔

امراض معدہ

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
وجع معدہ رطبی	جوارش کمونی کبیر حب صبر وسکنجبین ودواء وعرق تنبل وعرق نانخواہ۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	دبید الورد و سنگدانہ و فلاسفہ وغیرہ و مفرح و مفرح نظام الدین علی وماء اللحم و یاقوتی بارد و معتدل۔		ریاح و عشبہ وغیرہ و نطول دو جوہر۔	ہیضۂ صفراوی	جوارش عود ترش و حب ہیضہ و دواء و دواء الفاد انیاد و سفوف خستہ کنار و سکنجبین سادہ و شربت انارین منعنع و شربت سفرجلی رمانی و ضماد۔
حرارت معدہ سے ضعف ہضم وسوء ہضم	دواء و معجون تالیف اطبا کی و معجون طباشیر و فنجنوش۔	ضعف اشتہا	جوارش عود کبریتی و عود ترش و ملین و آملہ و زرشک و انارین و جوارش خطائی و فلافلی و سفرجلی و جلنجی و دیگر و حب تنکار و ہاضم و چلونہ و مشتہی و تریک نمک و حاکمی و ہندی و سفوف بینائی وغیرہ و سکنجبین سفرجلی و نانخواہ و بہ لیموئی و تفاحی و شربت انار ترش منعنع و لیمون و عرق منعنع و عرق پان و عرق زیرہ و بادیان مرکب و ہندی وغیرہ و قرص و قہوہ و معجون عود و فنجنوش و ملوکی وغیرہ۔	ہیضۂ بلغمی	جوارش سفرجلی و حب سرخ و سیاہ و حب ہیضہ و حب سندری مندری و حب پیارا انگلا و نارجیل و حب وبائی و دواء و دواء عصارۂ ریوند و سفوف و عرق آہن و پیارا انگلا و قرص عود و مطبوخ۔
برودت معدہ سے ضعف ہضم وسوء ہضم	دواء			ہیضۂ سوداوی	دواء۔
فساد غذا سے ضعف ہضم وسوء ہضم	دواء۔			کثرت جشاء و تشاؤب	حب مصطگی دواء و سفوف طباشیر
ضعف جرم معدہ سے ضعف ہضم وسوء ہضم و تخمہ	انوشدارو و جوارش عود و آملہ و دواء و سفوف ارسطاطالیس و معجون خوزی و معجون مقوی معدہ			حرقت معدہ	دواء و طلا۔
نفخ معدہ و قراقر	تریاق اربعہ جوارش کمونی و عود ملین و عنبر و انار مشک والا ترج و قنداویقون و مصطگی مرکب و حب حیات و حلتیت و دواء و روغن مصطگی و روغن محلل و سفوف نمک و محلل و ہندی و نزور و نعناع و کرفس و ضماد و عرق پان و بادیان مرکب و صعتر و نانخواہ وغیرہ و کماد و معجون و معجون کاسر	اخلاط خام سے امتلائے بدن کے سبب سے ضعف اشتہاء	دواء۔	خلط حریف کے سبب سے حکۂ معدہ	دواء و سفوف حب الرمان و سفوف زلق الامعاء و قرص طباشیر بے زعفران۔
		بطلان حس فم معدہ سے نقصان اشتہا	دواء۔	حکۂ معدہ بشوری	دواء۔
		کثافت مسام و درشتی جلد بدن کے سبب سے نقصان اشتہاء	دواء۔	قی صفراوی و تہوع صفراوی	جوارش تمر ہندی و استقف و حب زہر مہرہ و خمیرہ عود ترش وغیرہ و دواء و سفوف

نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض
وجع معدہ ٹھنڈے سے	جوارش کمونی وجوارش عود و مصطگی ودوار چینی ودواء۔	وجع معدہ سوداوی	دواء۔		بیارانگا وپچلونہ وکبریت ودرد ریلہ وغیرہ وخمیرہ خشخاش وابریشم وآملہ وعود ترش ودوائی ہاضم وغیرہ ودوار المسک معتدل وحار ودواء الکبریت ودواء اللک وسفوف نانخواہ وانار دانہ وشاہجہانی وپچلونہ وآبحیات وہاضم وقرنفل ونمک سلیمانی وعود وقاقلہ وسفوف ارسطالیس وسفوف حاکمی وسکنجبین گلقندی ونانخواہ وسفرجلی وتقاصی وبہ لیمونی وشربت فالسہ وقند شکر وانارین منعنع وعود وضماد وطلاء وعرق صعتر وتنبول وبادیان مرکب وچوب چینی وآس وعرق نانخواہ وغیرہ وقہوہ وقرص طباشیر وقرص قابض وورد وغیرہ ومطبوخ انار دانہ وچائے خطائی وغیرہ ومعجون ومعجون طلاء مرجان ومغنی وملوکی وعود ملین وحیات وسفرجلی و طباشیر ومصطگی وہاضم و
		وجع معدہ بوجہ ضعف معدہ	دواء		
وجع معدہ بلغم خاص سے	جوارش عود وکمونی وغلافلی و دواء ومعجون فنجنوش اطریفل کبیر المنافع وجوارش کمونی وفودنجی وجالینوس وجوارش دارچینی	وجع معدہ ذکاء حس معدہ سے	دواء۔		
		ضعف معدہ وہضم	اطریفل کشنیزی کبیر ونوشدارو سادہ ولولوی ودیگر وتریاق المعدہ وجوارش طباشیر شاہی وآملہ وکمونی کبیر واکبر وجوارش آملہ لولوی وعود شیرین وترش وملین وعود بارد وعود حار و زرشک واترج وانارین ومصطگی مفرد ومرکب وغلافلی وقندا ولیمون وعنبر ونار مشک وجالینوس وفنجنوش وزنجبیل وجوارش عود کبریتی وسفرجلی وجوارش جادوانی وجوارش انار ترش وچائے خطائی و جوارش قابضہ وچٹنی ودیگر نسخہ چٹنی وغیرہ وحب جالینوس وحب حیات ومصطگی وحب ترش وہاضم ودیگر وحب		
وجع معدہ فساد غذا وغیرہ کے سبب سے	حب سندری مندری وحب سکبینج وتنکار وحب مبارک وملین وہاضم وحب نارمشک وقولنج وحب سنار وغیرہ وحریرہ وخبز ودواء وروغن حلو وسفوف نانخواہ وانار دانہ وسنا وغیرہ وسکنجبین سادہ وشربت دینار وشربت افسنتین وضماد وضماد صندلین وطلاء وعرق حیات ونانخواہ وتنبول وپان وغیرہ وقرص انیسون وزرشک کبیر وورد وکاد ومطبوخ ومقی و معجون کاسر ریاح وغیرہ۔				
وجع معدہ مادہ حار لذاع سے	دواء۔				

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	و سکنجبین تمر ہندی و شربت فالسہ و انار ترش منعنع و سفرجلی رمانی و انارین منعنع و ضماد و طلاء و قرص سماق و معجون صندل و غیرہ		و قرص گلنار و قرص کحل و دواء۔		عنب الثعلب و نقوع۔
		قی الدم جگر و سپرز و سرسے	دواء و قرص ریوند و قرص خشخاش و قرص کحل و یا قوتی معتدل و یا قوتی بارد حکیم علی۔	درم بارد معدہ	تریاق اربعہ و جلنجبین مسہل و دواء و دوائے صلابت و دواء الکرکم کبیر و ضماد و طلاء عرق گھیکوار و قرص ورد و سنبل و زرشک کبیر و گل قیروطی و کماد و مطبوخ و مرہم صلب معدہ و معجون گل و غیرہ و مرہم مقل و نقوع۔
قی و تہوع بلغمی و سوداوی	حب زرنباد و خمیرہ عود ترش و دواء و سفوف و شربت انارین منعنع و ضماد و قرص عود و جبید و مصطگی و مطبوخ انار دانہ و غیرہ و معجونہا۔	فواق	جوارش کمونی کبیر و دواء و سفوف و شموم و شربت انیسون و ضماد و قطور و قرص مصطگی و کندر و کندر و مطبوخ مرہم و نقوع۔	قروح و بثور معدہ	دواء و سفوف و ضماد و ذرور
قی و تہوع و غثیان کہ انصباب سے جگر و طحال و مرارہ کے ہو	دواء و دیگر مقویات معدہ۔	فواق تناول طعام غلیظ و کثیر کے سبب سے	دواء و شربت انیسون۔	وجع الفواد	دواء و سفوف و ضماد و طلاء و مطبوخ و معجون ابن سیار و جور۔
قی و تہوع و غثیان بسبب فساد غذا	دواء و قرص جبید۔	فواق برودت معدہ سے	جوارش مصطگی و جوارش کمونی کبیر و دواء و عرق نانخواہ۔	برودت سے اشتہاء کلبی	جوارش کمونی کبیر و دواء و شربت و معجون نارمشک۔
قی و تہوع و غثیان دوسرے اسباب سے	دواء و معجون۔	فواق معدہ میں رطوبت لزج کی کثرت تولد سے	جوارش کمونی و دواء و دواء المسک	اشتہاء کلبی کثرت انصباب سوداء کم معدہ پر	دواء۔
قی اطفال	دواء و شربت صندل و عود اگر سقوط لہات سے ہو تو بند برش کریں۔	فواق بسبب خلطی حاد الکیفیت تاثیر حریف شیاف کے تناول سے	دواء و ماء القرع و ماء الشعیر۔	اشتہاء کلبی حرارت معدہ سے	دواء۔
		فواق بعد استفراغ کثیر و حمیات بوجہ یبس	دواء و عرق بید مشک و ماء القرع و ماء الخیار۔	شہوت بقری	دواء۔
قی الدم	دواء و سفوف و سفوف دم الاخوین و ضماد و قرص کہربا و گلنار و انجبار و طباشیر کافوری لولوی۔			جوع الغشی	دواء۔
		فواق کہ شیر خوار بچوں کو ہوتا ہے اگر تبسبب ریح ہوتا ہے	دواء۔	فساد اشتہاء	جوارش و حب مسہل و دواء و سفوف و سفوف خبائی [illegible] غاریقون و معجون جوز جندم و دیگر
قی الدم معدہ و مری سے	دواء و شربت انجبار و قرص کہربا۔	ورم حار معدہ	دواء و ضماد و مطبوخ و ماء		

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
عطش حرارت معدہ وریہ وقلب سے	حب و دواء و شربت سفرجلی رمانی و انارین منعنع و شربت بزوری بارد و قرص زرشک و مفرح بارد۔
عطش کہ معدہ میں اجتماع خلط سے ہو	دواء و ماء العسل۔
عطش حرارت و یبس معدہ سے	دواء و ماء الشعیر و ماء القرع و ماء الخیار و نقوعات حامضہ۔
عطش جو غذائے غلیظ کے کھانے سے اتخم کے سبب ہو	دواء۔
عطش کثرت عمل مسہل سے	دواء۔
عطش نمکی کھانے سے	دواء۔
انقلاب معدہ	جوارش تمر ہندی و دواء۔
کرب و قلق معدہ	دواء۔
اختلاج معدہ	دواء و معجون حکیم منصور علی۔
جمود دم و شیر معدہ میں	دواء و مقی و ماء الاصول۔
استرخاء معدہ	اطریفل صغیر و کبیر و جوارش عود و عنبر و دواء و روغن مصطگی و ناردین۔
تشنج معدہ	دواء۔
جسارۃ معدہ	دواء۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
تصغر معدہ	دواء۔
امراض کبد و مرارہ و طحال	
ورم حار کبد	دواء و سفوف بزور و ضماد و ضماد ضربہ جگر و قرص حماض قرص زرشک بارد وغیرہ و نقوع بارد و ماء عنب الثعلب
ورم بارد کبد	جلنجبین مسہل و دواء و دواء الملک و سفوف و شربت و ضماد و قرص سنبل و زرشک کبیر و گل و مطبوخ و مطبوخ اکلیل و زوفا وغیرہ و معجون گل و مرہم اکبر
ورم صلب کبد	دواء، و دواء الکرکم و قرص زرشک
ورم کبد ضربہ و صدمہ سے	دواء و سفوف۔
دبیلۂ کبد	دواء۔
بثور کبد	دواء و سفوف۔
نفخۂ کبد	دواء و سفوف و ہندی
حصاۃ کبد	دواء۔
خفقۂ کبد	دواء۔
تصغر کبد	دواء۔
سدہ کبد و ماساریقا	جوارش شہریاران و دواء و دواء الملک و سفوف ہبدانہ و سکنجبین عنصلی و بزوری بارد

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
	و معتدل و ہندبائی و ریوندی بارد و شربت دینار و کشوث و بزوری و ارد و قرص زرشک و دیگر و ورد و مطبوخ و ماء الخلاف و معجون دبید الورد و معجون جالینوس و نقوع۔
وجع کبد حار	دواء۔
وجع کبد برودت سے	دواء۔
وجع کبد ریح غلیظ سے	دواء و سفوف۔
وجع کبد جو نہار یا بعد ریاضت پانی پینے سے ہو	دواء و سفوف و قرص زرشک حار و غافث۔
ضعف کبد حار	جوارش انارین و زرشک و دواء و سفوف بہدانہ و شربت زرشک و ہندبا و عرق زرشک و زرشک و زردک و قرص زرشک کبیر و صغیر و معجون گل و زرشک۔
ضعف کبد بارد	انوشدارو و انوشدارو لولوی و جوارش مصطگی سادہ و مرکب و جوارش دارچینی آملہ و انارین و زرشک و خوزی و [illegible]

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
	ددوا، ودواء المسک معتدل		ودواء عصارہ ریوند ودوا و		وضماد وطلا وعرق ومطبوخ
	ودواء الکبریت ودواء اللک		استسقا ودواء اللک ودواء الکرکم	یرقان اصفر	تریاق الذہب ودواء ودواء
	ودواء الکرکم وسفوف کبدی		ودواء الحدید وسفوف خبث الحدید		عصارۂ ریوند وسفوف
	دحاکمی وغیرہ وشربت بزوری		وغیرہ وسکنجبین بزوری وشربت		سوداکہ ماء الجبن کے ہمراہ
	معتدل ودوافقیمون وکشوث		دینار وبزوری وبارد وحار و		دیا جاتا ہے سفوف ہندی
	وافسنتین وضماد وطلا وعرق		معتدل واستسقا وکشوث		ولک وسفوف بہدانہ
	چوب چینی وساذج وقرص		وغیرہ وضمادات وطلا وعرق		وکبریت وغیرہ وسکنجبین
	مبارک ومطبوخ وماء الاصول		آہن وچوب چینی وقرنفل ونمک		بزوری ریوندی وشربت
	ومعجون حیات ومعجون جالینوس		وقرص زرشک ولک وریوند		ریوند وشربت بزوری وغیرہ
	ومفرح ومفرح تالیف		واستسقا وورد ومطبوخ و		وضماد وعرق نمک وقرص
	انطاکی ومفرح حکیم		دیگر مطبوخ وماء الاصول و		کافوری وگل وریدی و
	نظام الدین علی وماء اللحم و		وبیدالورد وکلکلانج بارد		غافث ومطبوخ ومعجون
	یاقوتی قوی التفریح ویاقوتی		وجالینوس وگل زرشک حار		ونجوع۔
	معتدل۔		وبارد ومدر وغیرہ ومفرح و	یرقان اسود	دواء وسفوف وضماد و
ضعف کبد یابس	دواء۔		نقوع۔		غسول۔
ضعف کبد	دواء۔	سوء القنیہ استسقا	دواء۔	وجع طحال حرارت سے	دواء وضماد۔
رطوبت سے		مع الحرارت		وجع طحال برودت سے	دواء وسفوف وضماد۔
سوء القنیہ واستسقا لحمی	انوشدارو وتریاق الذہب	استسقاء طبلی	جوارش کمونی کبیر وتمند وتیفون	ورم دموی طحال	دواء۔
	وجوارش شہریاران وحب		وجمول ودواء وسفوف	ورم صفراوی طحال	دواء۔
	ریوند وحب ہندی وحب		کرفس وجند وضماد وعرق	ورم بلغمی طحال	دواء۔
	استسقا وحب زراوند		ومعجون انیسون ومرہم اکبر	ورم سوداوی کہ اسکو صلابت طحال اور حجارت طحال کہتے ہیں	حب صبر واغصال و
	وغیرہ ودواء ودواء الطلق	استسقاء زقی	حب مسہل ودواء وسفوف		طحال وبادگولہ وحب کبیر

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
	وغیرہ ودواء ودواء الطحال و دواء الملک ودواء الکرکم وسفوف کبر و ہندی وسفوف مسہل سودا وسکنجبین تمیمی ریوندی وضماد وضماد افسنتین وعرق نانخواہ وآہن وقرص طحال بہ کبر وکماد ومطبوخ ومعجون طحال۔		وہندی وخمیرۂ آملہ ودواء ودواء التوتیا وسفوف نمک دار سطاطالیس و شاہجہانی وسفوف بلوط وعنب وحب الرمان ودرج وسماق وسنگدانہ وسفوف شیرین وطباشیر ونشاستہ ہندی وقنب وسفوف لائی جورن ومقلیاثا وگل وحب الآس وقشر الرمان وغیرہ وعرق آسو وقرص گلنار ودواء الشعیر محمص ومعجون سنگدانہ وخستہ انبہ ومعجون ذہب وغیرہ ومفرح قابض۔		وحب بوعلی سینا ومروارید وقابض وہندی وحب حابس البطن وکافوری یالہ وخبز ودواء وسفوف طباشیر وسماق ومقلیاثا وکافور ونشاستہ وہلیلہ ہندی قابض وچار تخم وشربت درد وضماد وطلائے ہندی وقرص طباشیر وحب الآس وقابض و شادنج وگلنار وغیرہ ومطبوخ ومعجون سعال واسود وغیرہ ومفرح۔
نفخۂ طحال	دواء وسفوف وضماد۔				
سدۂ طحال	دواء۔				
حجابۃ الطحال	دواء۔				
امراض امعاء					
اسہال دماغی	تریاق النزلہ وحب جدوار ودواء وقرص خشخاش ومطبوخ ہندی ومعجون سعال۔			اسہال جمیع اعضائے	دواء۔
				اسہال اطفال	حب اسہال سبز اطفال وحب کافوری ورمانی و دواء ودواء الکمون وسفوف سعد وغیرہ وضماد۔
اسہال معدی	انوشدارو سادہ وجلناری ولولوی وقابض وبنادق کندری وتریاق الذہب وجوارش صندلین وآملہ و قابضہ وخوزی وعنبر وتخم سونیز وطباشیر وسماق وزرشک وزنجبیل وحب جدوار ویاقوت ومروارید وصندلی اذاراقی	اسہال کبدی	حب نفث الدم وبوعلی سینا ودواء وسفوف طباشیر و معمول وکافور وغیرہ وشربت صندل وضماد وقرص حامض ومفرح قابض۔		
				اسہال افیونی	دواء۔
				اسہال الدم کبدی	حب وحب نفث الدم و دواء وسفوف طراثیث وشادنج ودم الاخوین و خطمی وغیرہ وشربت حب الآس
		اسہال معوی	انوشدارو وکے قابض وبنادق کندری وتریاق الذہب وجوارش خوزی وحب بقراط		

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	سادہ ومرکب وضماد وقرص کہربا وگلنار وشادنج واخبار وغیرہ ومطبوخ ومعجون بنلادریں ومفرح۔	زحیر اطفال	دواء۔	قولنج التوائی	حب ودواء وضماد۔
		مغص	حب نارمشک وحقنہ ودواء وسفوف ومطبوخ ومعجون۔	نتوء سرہ	ضماد۔
				ایلاؤس	دواء۔
اسہال الدم معوی	دواء وشیاف ودیگر مرکبات اسہال الدم کبدی۔	قولنج بلغمی وریحی وسدی وثفلی	ایارج فیقرا واطریفل زمانی وآبزن وبنادق وجوارش کمونی کبیر واکبر ومسہل وشہریاران وسفرجلی مسہل وتمر ہندی واسقف انجدان وحب مسہل وحب السلاطین ونارمشک وحنظل وقولنج بادگولہ وحب مرہ وحلواے بیدانجیر وحقنہ وخیزرہ ودواء ودواء عصارہ ریوند ودہن بیدانجیر ومحلل وسفوف سناء وبادیان وہندی وغیرہ وشربت مبارک وشیاف وضماد وطلاء وعرق بادیان وقرص مسہل وکماد ومطبوخ مسہل وغیرہ ومعجون قیعنی وقولنج ومسہل وغیر مسہل وسناء ومعجون انطاکی وتمر ہندی وراحت وسکنجبین وغیرہ ومفرح ونقوع۔	حصر یعنی قبض	اطریفل سنائی وکشنیزی وتریاق الذہب وجلاب وجوارش کمونی اکبر ومسہل وعود ملین وحب مبارک وسنائی ملین ونارمشک ملین ومقل ملین وحریرہ ودواء وسفوف آبجیات وانار دانہ وملین سادہ وغیرہ وشربت ملین وسناء ودرود سنائی وغیرہ وشیاف ملین وشیاف دیگر وعرق ہندی ومعجون انجیر وعشبہ وبنفشہ وملین وغیرہ ونقوع ودوجور۔
سحج وقرحہ امعاء	حب وحب بوعلی سینا وحقنہ ودواء وسفوف چار تخم وسفوف ابن ماسویہ وکہربا وبزرور وسہ تخم وریحان وقرص گل ودیگر مطبوخ				
اسہال مدی	دواء وادویہ مرطبہ کہ نفث الدم مین انکا ذکر آچکا ہے۔				
زحیر کاذب	آبزن ودواء وسفوف چار تخم ومطبوخ۔				
زحیر صادق	حب وحب بوعلی سینا وکہربا وسوت وحسو وحقنہ وحمول ودواء وسفوف الطین وبزرور وسفوف سہ تخم وبہیدانہ وریحان وبادیان وغیرہ وشربت مرود صندلی وشیاف وضماد وطلاء وعرق وفتیلہ وقرص ومطبوخ ومعجون اسود ومعجون تالیف انطاکی۔			دیدان	اطریفل قنبیلی وحب وحب دیدان وحب وحب السلاطین وحب قاتل دیدان وملین وغیرہ ودواء وسفوف وکمون وسفوف سناء وبرنگی وضماد وضماد افسنتین وطلاء ومطبوخ ومعجون ومعجون قاتل کرم۔
		قولنج ورمی	دواء۔		

نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض
	امراض مقعد		خبث الحدید و معجون عبد الحمید		قلقلمبہ و شیاف و ضماد و مرہم
بواسیر دموی	اطریفل مقل ملین و ممسک و کہربائی		و مقل وغیرہ و مرہم سفیدآب	خارش مقعد	و دواء۔
	و کہربا و تریاق الذہب و جوارش		کافوری و مرہم دافع ثولول	امراض کلیہ و مثانہ	
	خبث الحدید ممسک و حب		بواسیر و مرہم مقل و مسکن وجع	ضعف گردہ	جوارش عنابی و حلوائے گزر
	تیواج و سندروس و جفت بلوط		بواسیر۔	حرارت سے	و حلوائے شیر مرغ و خمیرہ
	و حب مقل قابض و حب مقل	ربح بواسیر	اطریفل صغیر و سنائی و		ابریشم و دواء و سفوف و
	ملین و حب رسوت و نیب		کثیر المنافع و جوارش جالینوس		لبوب کبیر و ماء الجبن و معجون
	و ہارسنگھار و لبواسیر و حب الخبر		و فنجنوش و خبث الحدید ممسک		و معجون تالیف حکیم شریف خان
	و سفید بواسیر دموی و حب		و جوارش اسقف و حب مقل		و مفرح یاقوتی معتدل۔
	برگ نیب و قاطع خون بواسیر		ملین و حب و حب خبث الحدید	ضعف گردہ برودت سے	دواء و معجون جالینوس۔
	و حب دوار و حب معمول و حب		و رسوت و نیب وغیرہ و دواء	ضعف گردہ اتساع	دواء۔
	مجرب و حب لولوی و جواہر		و دبید الورد و سفوف چکلونہ	مجاری گردہ سے	
	وغیرہ و حسوء و حمول و خمیرہ		و ہیل و عرق پان و مطبوخ	ہزال کلیہ	حلوا و دواء و ضماد۔
	آملہ و دواء و نذور و روغن		و معجون حکیم واجد علی و معجون	وجع گردہ و مثانہ	دواء و حب مسکن درد گردہ۔
	مسقط مسہ لبواسیر و روغن		مقل و مفرح معتدل و	ریحی	
	مسکن و سفوف شادنج۔		یاقوتی بارد۔	وجع گردہ و مثانہ جو	آبزن و حلوائے تخم ہندی
	و حابس خون لولوی و تیواج	نواصیر	دواء و فتیلہ و معجون عشبہ و مرہم	ورم حار سے ہو	و دواء و سفوف و ضمادات و
	وغیرہ و شربت ابریشم و شیاف	ورم مقعد حار و حسہ	دواء و ضمادات و طلیہ و مرہم		کماد و مطبوخ و نطول۔
	و ضمادات و طلائے منضج خون	شقاق مقعد	حب مقل و دواء و ضماد و فرزجہ	وجع گردہ و ورم بارد	دواء۔
	و عرق صد برگ و قرص کہربا		و مرہم کافوری۔	بلغمی و سوداوی سے	
	و گلنار و قرص قابض و مقل	استرخاء مقعد	دواء و سفوف و معاجین حارہ	قروح کلیہ و مثانہ	بخور و بنادق البزور و حب
	قابض و مطبوخ منضج و معجون	خروج مقعد	آبزن و دواء و ذرور و سفوف	و مجاری بول	مغلظ و خمیرہ مروارید و دواء

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
	ودواء عظم وزردق جدید وغیرہ		حجر الیہود وزجاج وغیرہ وشربت		وغیرہ وشربت بزوری
	وسفوف کاکنج وصندلین بزوری		آلوبالو وبرگ انگور وبزور وعرق		وحقنہ وضماد وقطور ومطبوخ
	دلک باریوند ومامیران قلعی		زردک وانناس ومطبوخ مسہل		ومعجون مدر وغیرہ۔
	وکندر وغیرہ وشربت کاکنج		وغیرہ ومعجون حجر الیہود وسنگ	احتباس بول جس کے قصداً یا بسبب حیا طول یا اشتغال ذہنی	دواء۔
	وشیاف معید سوزاک وعرق		سرماہی ودواء عظم ویداللہ وعقرب		
	خبث الحدید وفتیلہ وقرص		وغیرہ ومفرح وتطول یاقوتی	احتباس وعسر بول	دواء۔
	شب وغنتیاش وکہرباو کلنار		بارد۔	حرارت سے	
	دکاکنج وغیرہ وقطور ومطبوخ	ورم مثانہ حار	آبزن ودواء وضماد وقیروطی	احتباس وعسر بول	دواء
	دباء الجبن وحجر الیہود ونقوع		ومطبوخ ملین۔	ضعف حس مثانہ سے	
	بلیلہ ونقوع نافع سوزاک	ورم بلغمی مثانہ	دواء۔	احتباس وعسر بول	دواء۔
	وغیرہ۔	ورم صلب مثانہ	دواء۔	استرخاء عضلہ مثانہ سے	
جرب کلیہ ومثانہ	حریرہ ودواء وسفوف مامیران	قروح مثانہ	دواء۔	احتباس بول مجاری بول	دواء۔
	ودیگر وقرص شب۔	جرب مثانہ	دواء۔	میں لحم زائد کے	
ذیابیطس	جوارش آملہ وخمیرہ ابریشم	درد مثانہ حرارت سے	دواء وقیروطی۔	انبات سے	
	ودواء وسفوف صندل	درد مثانہ برودت سے	دواء۔	تقطیر البول حدت بول سے	دواء وسفوف کاکنج وسفوف
	وگلو وقلعی وسفوفات ودیگر	ریح المثانہ	دواء۔		دیگر ومعجون کندر وغیرہ
	وضماد وقرص ذیابیطس و	مثانہ میں جمود دم	بنادق ودواء وسکنجبین شبی۔	تقطیر البول ضعف	دواء ومعجون بوعلی سینا۔
	مفرح۔	خلع مثانہ	دواء۔	قوت ماسکہ مثانہ سے	
حصاۃ کلیہ ومثانہ	آبزن وجوارش جالینوس و	احتباس وعسر بول	آبزن وبخور وبنادق البزور و	حرقت البول کہ بسبب حدت وبورقیت	بخور وبنادق البزور ودواء
	زرعونی وخمیرہ مروارید ودواء		تریاق الذہب وجوارش	بول ہو	وزردق وسفوف مقلب
	ودواء الاثیر ودواء اللک کبیر		تمر ہندی ودواء وزردق و		وبزور وغیرہ ودباء الجبن
	وروغن عقرب وسفوف		سکنجبین شبی وسفوف کاکنج		ومعجون ونقوع۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
حرقت البول کہ بسبب حدوث بثرہ مجرائے قضیب میں ہو	دوا۔
حرقت البول زنان	دوا۔
سلس البول اور اسکی کثرت برودت سے	جوارش جالینوس وفلنجموش وزرعونی وکندر وحب ودواء وسفوف ماسک البول وغیرہ وقرص ماسک البول ومعجون کچلہ وبلوط وفلاسفہ وخبث الحدید کوتوالی وماسک البول وقسط وغیرہ ومفرح۔
سلس البول خشکی گرمی سے	دوا۔
بول فی الفراش	دواء وسفوف ماسک البول وغیرہ ومعجون ماسک البول و قسط وغیرہ۔
بول الدم	حب ودواء وسفوف وسفوف شادنج وضماد وقرص کاکنج وقرص کہربا وطین وقرص بول الدم ونقوع۔
امراض اعضائے تناسل	
نقصان باہ قلت منی سے	دواء ودواء البصل۔
نقصان باہ سکون منی سے اور اسکے فقدان لذاع سے	دواء ودواء المسک حار و سفوف عنبر ومعجون زرعونی ومعجون بزرور۔
نقصان باہ کثرت جماع سے	دوا۔
نقصان باہ امور وہمیہ سے	دوا۔
نقصان باہ ضعف اعضائے رئیسہ و شریف کے	اطریفل کبیر وجلابیہ وجوارش جالینوس کبیر وحب جدوار ویاقوت وجالینوس وسیماب درنگ ماہی وحب برائے تقویت باہ ممبر ودین وحب ہندی مروارید وعنبر ومغلظ منی وحساء حریرہ وحلوائے بیضہ وگذر وشیر مرغ وخاگینہ ودواء ودواء الکبریت ودواء الترنجبین ودواء البیض ودواء المسک وروغن مقوی باہ وغیرہ وسفوف عنبر وحالمی و مقوی ومکھانا وکیمیائے عشرت وغیرہ وضمادات واطلیہ وعرق چوب چینی وسنبل وگرماحل واسود ومنشی وغیرہ وکباد ولعوق حب القطن و لبوب کبیر واکبر بارد وغیرہ ومعجون ریگ ماہی ولبوب و فلاسفہ ومعجون مقوی باہ الحکماء وخصیۃ الثعلب ومعجون انطاکی ومعجون حار ومعجون ہندی و چوب چینی مختصر وزرعونی صغیر وکبیر وبزرور ومعجون تالیف حکیم عابد سرہندی وغیرہ و مفرح جدوار ومفرح منشط وطرب افزا وغیرہ وماء اللحم وماء اللحم زردک ومنشط ودیگر نسخہ جات ماء اللحم ویاقوتی ومعتدل ومقوی باہ ویاقوتی ممسک۔
نقصان باہ قلت ریاح سے	دوا۔
نقصان باہ استرخائے قضیب سے رعشہ انزال ضعف قوت ماسکہ سے	دواء وادہان وضمادہ واطلیہ وکباد ومعجون بیروجہ چینی وغیرہ اطریفل کشمشی جوارش خبث الحدید وحب بیروتا تورہ ویاقوت وحب ریگ ماہی ومروارید وعنبر ہندی وممسک مغلظ منی وحلوا ودواء وسفوف کیمیائے عشرت وغیرہ ومناد ممسک وغیرہ وطلاء ممسک وعرق ومعجون معین شیخ الرئیس وطلائی وخبث الحدید ممسک وجلالی ومسیحی وغیرہ۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
	ومفرح منشط وطرب افزا		وسفوف وشیاف وقطور و	قروح خصیہ وقضیب	دواء وذرور اعظم وضمادات
	وغیرہ ویاقوتی ویاقوتی ممسکہ		معجون۔		وفتیلہ وماء الجبن ومرہم ومرہم
سرعت انزال بسبب حرارت	دواء۔	فرسیموس	دواء۔		رال وغیرہ۔
سرعت انزال کسی عضو	دواء۔	غدیوط	دواء وشیاف غدیوط وردس	ورم قضیب حار وبارد	دواء وضمادات وطلاء ولطوخ
رئیس کے ضعف سے			گلنار۔	قروح قضیب	آتشک کے علاج میں اسکا
کثرت شہوت	دواء وسفوف۔	علت ابنہ	حمول ودواء وسفوف و		ذکر آیا ہے۔
سیلان منی کثرت منی سے	دواء۔		معجون انطاکی۔	عاقونا	دواء
سیلان منی حدت منی سے	حب تانورہ ومغلظ منی و	ورم حار خصیہ	بخور ودواء وضمادات وطلاء	ختان یعنی ختنہ	دواء وذرور خشک کند۔
	بندکشاد وغیرہ وحلوائے		ونطول۔	انکسار قضیب	دواء وضماد۔
	اُردو خستہ تر سپندی ودواء	ورم بارد خصیہ	دواء وضماد وطلاء۔	حکہ قضیب	دواء وضماد۔
	وسفوف بہیبند وقلعی ثعلب	ورم صلب خصیہ	دواء وضماد وطلاء وقیروطی	شقاق قضیب	دواء۔
	ومقوی وماسک المنی وغیرہ		ومرہم اکبر وذرور نخفر۔	ثآلیل وبثور صلب قضیب	دواء۔
	ومعجون کندر وماسک البول	وجع خصیتین	دواء وضماد۔	سدۂ مجرائے قضیب	دواء
	وکوتوالی وصمغ وغیرہ وذنقوع	عظم خصیتین	دواء وضماد وطلا۔	اعوجاج قضیب	دواء وضماد وطلاء۔
سیلان منی استرخاء اوعیہ منی اور اسکی سردی مزاج سے	دواء۔	ارتفاع خصیتین	آبزن ودواء وضماد۔	امراض رحم	
		دوالی صفن	دواء۔	ورم حار رحم	آبزن وحمول ودواء وشربت
سیلان منی ضعف گردہ سے	دواء	استرخاء صفن	دواء۔		کشوث وشیاف وضمادات
					وفرزجہ ومطبوخ ومعجون دماء اللحم
ملذذات ومنزلات	حب ملذذ وحب دیگر ومنزل البنہا	تبرز خصیتین	دواء۔		ومرحم ونطول۔
	ودوائی منزل النساء وملذذ نساء	خارش خصیہ	دواء وضماد وطلا۔		دواء وضمادات وفرزجہ ومرہم باسلیقون
	وطلا۔	قیلہ ودق	جلاب وجوارش کندر وکمونی	ورم بارد رحم	
کثرت احتلام	حب ودواء وسفوف۔		وحب ودواء وروغن خطمیانا	ورم صلب رحم	دواء وروغن خلوق وضماد ومطبوخ ومرہم ونطول۔
بندکشاد	اطریفل کشمشی وحب ودواء		وسفوف وضمادات	سرطان رحم	دواء ومطبوخ ومرہم۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
جروح و قروح رحم	حمول و دواء و سفوف سوزاک کہن و ضماد و فرزجہ و مرہم باسلیقون وغیرہ۔
انشقاق رحم	دواء و ضماد۔
احتباس طمث قلت خون کی وجہ سے	دواء
احتباس طمث خلط غلیظ سے	آبزن و حب و دواء و سفوف مدر حیض و شربت کشوث و جعدہ و بزور وغیرہ و شیاف و فرزجہ و قرص مر و قرص بارد وغیرہ و کماد و مطبوخ انجبار و مطبوخ دیگر و معجون رماد اللحم و نقوع۔
احتباس طمث حرارت و یبوست سے	دواء۔
احتباس طمث سمن سے	دواء۔
احتباس حیض جو بسبب ورم رحم و سیلان رحم بالسبب زلق ہو	دواء۔
کثرت طمث غلیان سے	دواء۔
کثرت طمث حدت و رقت خون سے	آبزن و دواء و سفوف شادنج و کشنیز و ہندی وغیرہ و ضماد و فرزجہ و قرص کہربا و گلنار و قابض و انجبار وغیرہ و مطبوخ حابس و مفرح و نقوع
کثرت طمث غلبہ بلغم مائی و سوداوی حاد	دواء۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
سیلان رطوبت رحم سے	دواء و سفوف و سفوف سیلان منی نفساء وغیرہ و ضماد و طلاء و فرزجہ و معجون ماسک البول و معجون ازرد و معجون دیگر و معجون سپاری پاک وغیرہ۔
اجتماع رطوبت منی رحم میں	حمول و دواء و فرزجہ۔
کثرت اسقاط	جوارش لولوی و دواء و سفوفہا و معجون و معجون حافظ الجنین و مفرح یاقوتی معتدل و مطبوخ و ماء اللحم۔
نفخۂ رحم	جوارش لولوی و دیگر و حمول و سفوف فساد اشتہا و مطبوخ و مرہم۔
عقر	بخور و جوارش معین حمل و حب معین حمل و حب دیگر و دواء و سفوف استقرار حمل وغیرہ و شیاف و فرزجہ و معجون مقبل و معین حمل۔
عسر ولادت	بخور و حب و دواء و فرزجہ و قرص مر و قرص صمغ و مطبوخ و معجون۔
مسقطات حمل	آبزن و حب و دواء

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
	و سفوف و شیاف و فرزجہ و قرص مر و مطبوخ۔
مانعات حمل	حب و دواء و فرزجہ۔
مخرجات مشیمہ و جنین میت	آبزن و بخور و حب و دواء و ضماد و طلاء و مطبوخ۔
حکۂ رحم	دواء و فرزجہ
بواسیر الرحم	دواء۔
رتق	دواء۔
نتوء رحم	دواء و ذرور۔
سیلان رحم	دواء۔
کثرت نفاس	دواء و فرزجہ۔
احتباس نفاس	بخور و دواء و سفوف و مطبوخ
رجا	حب و دواء و سفوف و شیاف و ضماد و فرزجہ۔
اختناق الرحم	دواء و ضماد و فرزجہ و مطبوخ و معجون نجاح۔
درد رحم کہ بعد ولادت ہوتا ہے	حب و حریرہ و دواء و فرزجہ و مطبوخ و معجون سہاگہ و سونٹھ وغیرہ۔
امراض ظہر و مفاصل	
حدبہ و ریاح افرسہ	حب اذاراقی و ہندی و دواء و ضمادات و معجون و معجون سنجی مسیحی و نطول

نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض
وجع ظہر	انکباب وجوارش قنداویقون وحب اذاراقی وہندی وغیرہ وحلوائے گندر وخستہ تمرہندی ودواء وروغن جنطیانا ودفلی وسفوف سورنجان ودیگر سفوف وغیرہ وشربت منضج واصول وضماد وعرق چوب چینی ومعجون فلاسفہ وچوب چینی۔
وجع مفاصل دموی	دواء وسفوف سورنجان بارد وطلاء وعرق شاہترہ ومطبوخ۔
وجع مفاصل صفراوی	دواء وشربت ورد واہلیلج وضماد وطلاء وعرق شاہترہ۔
وجع مفاصل مادہ مرکب بلغم وصفرا یا بلغم وسودا	دواء۔
وجع مفاصل بلغمی	ایارج فیقرا واطریفل قنبیلی وانکباب وبخور وحب ہندی واسگند وسورنجان واذراقی ومفاصل وسیماب وسم الفار وحلوائے صبر ودواء ودواء عصارۂ ریوند مخدر وروغن دھتورہ وحنا وحناکو وسرخ ومفاصل وداوداق وشبت وچوب چینی وفاوندی وغیرہ وسفوف سورنجان حار ومدر وچوب چینی وشربت منضج وضمادات وطلاء وعرق بان و آسو ومطبوخ سورنجان وہندی ومنضج ومسہل وغیرہ ومعجون کچلہ وسورنجان ومفاصل وچوب چینی وچوب چینی خشبہ کے ہمراہ وغیرہ ونطول۔
وجع مفاصل سوداوی	دواء ومفرح۔
وجع مفاصل مادہ ریحی سے	دواء۔
تحجر مفاصل	دواء۔
نقرس وجع الکد	جوارش جالینوس ودواء وروغن سرخ ودفلی وغیرہ وسفوف سورنجان ومدر وچوب چینی وشربت منضج وضماد ومطبوخ سورنجان وغیرہ ومفرح۔
عرق النسا	حب مسہل وحب سورنجان ودواء وروغن حنا ودفلی وسرخ وغیرہ وسفوف سورنجان وسنا وضماد وطلاء ومطبوخ ومعجون کچلہ وغیرہ ونطول۔
وجع رکبہ	حب سورنجان ودواء وروغن سرخ وضماد وطلاء ونطول۔
دوالی وداء الفیل	حب ودواء وسفوف کندر وطلاء۔
وجع العقب وجع کف الرجل	دواء۔
حمیات	
حمی دموی	جلاب وحب الشفا ودواء وسفوف طباشیر ہندی وشربت آلو وعرق گلو وتراشہ کدو وقرص طباشیر وقرص شادنج وگل قرص الدق وماء القرع وماء الخیار وماء الشاہترج ونقوع آلو ونقوع حلو۔
حمی صفراوی	جوارش آملہ وحب وحب کافوری وزہر مہرہ وشفا وہندی وغیرہ ودواء وسفوف ہندی ومخدرہ

نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض
	وشربت مسکن الارواح و شربت وردباطیلچی وشربت بزوری بارد وشربت وردمکرر وشربت آلبی وشربت سناء وشربت وردسنائی وشربت آلو وغیرہ وعرق کافور وقرص سرطان کافوری وطباشیر و ورد وطباشیر ملین وکافور و قرص الدق وصندل وطباشیر کافوری لولوی وانبرباریس کافوری وغیرہ وماء الشعیر و ماء القرع وماء الخیار و ماء الطبیخ الہندی وماء الہندباء وماء الاصول ومعجون ونقوع وحامض ویاقوتی بارد	حمیٰ سوداوی	شراب الحیات ہے وعرق نمک وقرص زرشک وکبیر وورد وگل وقرص بنفشہ وافسنتین صغیر وافسنتین وغافث و مطبوخ ودیگر مطبوخات و معجون سناء وترید ونقوع- جلنجبین ملین وحب بادگولہ وحب الشفا وحب ہلیلہ وغیرہ ودواء ودواء مخدر ودواء الذہب وسفوف مخدر وہلیلہ وعرق شیر وقرص انبرباریس وغیرہ وگلقند ملین ومطبوخ ومطبوخ منضج ومسہل وماء عنب الثعلب و ماء الجبن ومعجون رسل ومعجون الطاکی ویاقوتی بارد-		وعرق نمک وقرص زرشک وقرص غافث وطباشیر ملین وزرشک صغیر وبنفشہ وگل انبرباریس وقرص بنفشہ مسہل ولعوق و مطبوخات وماء الاصول وماء الہندباء الیابس وماء عنب الثعلب ومعجون ومعجون راحت ونقوع-
حمیٰ بلغمی	جوارش کمونی وحب وحب ہندی وحب سکبینج وحب قرطم وحب الذہب وحب سم الفار وغیرہ وحقنہ ودواء ودواء محذر ودواء الترید ودواء الذہب وسفوف شیریں ومحذر وغیرہ وشربت وتر سے جسکا نام	حمیٰ مرکب یعنی غب غیر خالصہ وشطر الغب	حب الشفا ومسہل وغیرہ و دواء ودواء مخدر ودواء الذہب وسفوف ہندی ومحذر وسکنجبین بزوری معتدل وشربت دینار وکشوث وبزور ومسہل بزوری معتدل وشربت مسمی شراب الحیات وعرق گلو وعرق کبر	حمیٰ انخش حمیٰ وبائی حمیٰ دق	حقنہ ودواء وشربت مسہل وہلیلہ دواء وشربت شقائق- آبزن وجلاب وحب کافور وحب الشفا وشیر الاغ ودواء وسفوف وسفوف مرقوق و مسلول وغیرہ وشربت خشخاش وغیرہ وعرق کافور وشیر وقرص طباشیر معتدل وسرطان کافوری وطباشیر کافوری لولوی وکافور وقرص الدق وقرص خشخاش وغیرہ وماء القروح والخیار وماء الطبیخ ہندی ومعجون راحت ومفرح بارد وماء اللحم باردو یاقوتی بارد-
				دق الشیخوخت	دماء ودواء المسک-

نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویۂ مخصوصۂ امراض
اورام و بثور			و روغن سام ابرص وغیرہ و سفوف غددی و ضمادات و مرہم زنجفر و اشق۔	بنات اللیل	دواء و سفوف۔
قلغمونی یعنی ورم دموی	تنزوسے خطائی و حب ارع و محلل و دواء و ضماد و ضماد مسکن درد و دیگر ضماد و منضج و ضماد مهیری و طلاء و مرہم رسوت۔	دبیلہ	دواء۔	آتشک	اطریفل شاہترہ و بخور و حب توتیا و لاجورد و سیماب و دود و عمول و مرداسنگ و مسہل و رسکپور و زنگار و سم الفار و بلادر و کراث و دواء و دواء مسہل سیاہ و دواء زرنیخ و نقرہ و روغن و سفوف چینی و عشبہ و چوب گز و حب النیل و سکنجبین عنابی و شربت مسہل و عشبہ و باوسات و ضماد و طلاء و عرق شاہترہ و چوب چینی و گل نیب و چوب چینی نقشی و غرغرہ و فتیلہ و مطبوخ منضج و مسہل و معجون عشبہ و چوب چینی و معصفر و معجون نیب و مضمضہ و مرہم رسکپور و شنگرف و سیاہ و چوب چینی و مرہم شقاق و مرہم فرنگ وغیرہ و نقوع۔
حمرہ یعنی ورم صفراوی	دواء و طلا۔	دمّل	دواء و ذرور و ضماد دمل و مهیری وغیرہ و طلاء و مرہم سیماب و ہفت دارو وغیرہ۔		
ماشرا	دواء۔	اورام مغابن	دواء و ضمادات و طلاء و مرہم دیگر۔		
ورم بارد یعنی بلغمی	حب محلل و دواء و ضماد و منضج و مهیری و دیگر ضمادات و طلا۔	نملہ	دواء و ضماد و طلاء و مرہم۔		
		داخس	دواء۔		
ورم صلب یعنی سوداوی	دواء و روغن و ضمادات و مرہم داخلیون و زنجفر و مرہم شلغم و غیرہم	ماشرا	دواء۔		
		جمرہ	دواء۔		
نفخہ یعنی ورم ریحی	دواء و طلا۔	سرخ بادہ	حب و دواء و روغن سرخ بادہ و سفوف و سکنجبین عنابی و ضماد و طلاء و مطبوخ و معجون معصفر و نقوع۔		
غدد	بخور و حب خنزیران و طلا۔				
سلعہ کہ ہندی میں رسولی ہے	حب ہندی و ضماد و طلا و دواء و مرہم اشق۔				
سرطان	دواء و ذرور اعظم و روغن و ضماد و طلاء و قیروطی و مرہم سرطان و زنجفر۔	طاعون	دواء۔		
		شرا	بخور و حب شرا و دواء و سفوف و سکنجبین عنابی و شربت ورد و اہلیلجی و ضماد و طلاء و عرق صندل و صندل برگ و گل نیب و مطبوخ	نفاطات و نفاخات	دواء و طلا۔
خنازیر	اطریفل غددی و حب ہندی و خنزیران و دواء			عرق مدنی	اطریفل عرق مدنی و دواء و ضماد
				جرب و حکہ	اطریفل شاہترہ و دیگر و حب

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض	نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
	کبریت ودوا ودروغن زرنیخ و کنیر وجل نیب وسفوف مبارک ومصلح وچوب گز وسکنجبین عنابی وشربت عناب مرکب وچوب چینی وباؤسات وشاہترہ وشربت ورد اہلیلجی وضمادات وطلا وعرق شیر وزردک وشاہترہ وغیرہ وماء الجبن ومعجون عشبہ وشاہترہ ومصفی ومرہم خام ونفوع۔	سعفہ	اطریفل سنا واطریفل شاہترہ ودوا ودروغن جل نیب وزرنیخ واوراق وسفوف چوب گز وضماد وطلا وقرص سعفہ و مطبوخ ومرہم وغیرہ۔		وسہل ومعجون الطالی ومعجون تالیف حکیم کلو صاحب وغیرہ ومفرح ونفوع۔
		حصبہ وجدری	بخور وجلاب ودوا ودروغن ورد سفوف وشربت شقائق وکدو وصبغ وضماد وطلا وغسول وقطور ومطبوخ ومرہم۔	برص ابیض	اطریفل حکیم علی وحب وحب مسک وہندی وحب سکبینج وغیرہ ودوا ودروغن برص وسفوف کیمری وغیرہ وصبغ وضماد وطلا وعرق وعرق اطریلال ومطبوخ ومعجون ومعجون اطریلال ومسہل ومفرح۔
حصف	دواء۔	مہاسہ	دوا وضماد وطلا۔		
بثور جو برسات میں پیدا ہوتے ہیں	دواء۔	بثور صغار عربیہ	دوا۔	برص اسود	دوا۔
ثآلیل وخیلان	دوا وضماد وطلا۔	بطم	دوا۔	بہق ابیض	اطریفل حکیم علی وجوارش جالینوس وحب وحب ابن مارس ودوا وسفوف مبارک وضماد وطلا ومطبوخ۔
			امراض جلد		
قوبا	جوارش جالینوس وحب کبریت ودیگر ودوا ودروغن زرنیخ و تارجیل وسفوف مبارک و ضمادات وطلا وعرق شیر و شاہترہ وزردک وگل نیب وغسول وقرص سودہ ومرہم ونفوع۔	جذام	اطریفل شاہترہ وتریاق الذہب وحب جذام وسم الفار ودوا الزرنیخ ودروغن چوب چینی وسفوف مبارک وغیرہ وسکنجبین عنابی وشربت عناب مرکب چوب چینی وشاہترہ وعرق آتشک کدو وگل نیب وشاہترہ و چوب چینی وغیرہ ومطبوخ و ماء الشاہترج ومعجون نیب	بہق اسود	دوا۔
				کلف ونمش	حب ودوا وسفوف وضماد وطلا وعرق شاہترہ وقرص کلف ومطلی۔
چھاجن	بخور ودوا ودروغن وضماد وطلا وعرق شاہترہ ومعجون عشبہ ومرہم۔			برش	اطریفل حکیم علی وحب دواء
				دم میت ودم وآثار قروح	دوا وضماد۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
آثار جلد	دواء و غسول۔
بادشنام	دواء۔
فساد لون	دواء و سفوف۔
شقوق اطراف	دواء و روغن و ضماد و طلا و قیروطی و مرہم شقاق۔
تشقق شفتین یعنی گنج دہن	دواء۔
ہیجوج یعنی خراشیدگی جلد	دواء و مرہم۔
کثرت عرق	حب شنگرف و دواء و روغن و مطبوخ و معجون و مفرح۔
احتباس عرق	دواء و روغن۔
عرق منتن	ذرور و سفوف
عرق الدم	دواء۔
امراض شعر	
شیب	خضاب و دواء و روغن و معجون اطریفل۔
خزانو	دواء و طلا و غسول۔
انتشار شعر	دواء و روغن۔
سلعہ	دواء۔
داء الثعلب و داء الحیہ	حب کوتوالی و دواء و ضماد و طلا۔
حفظ الشعر اور اسکی تطویل اور تسوید	اطریفل سنائی و خضاب و دواء و روغن مخترع حکیم علی

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
حلق شعر	دواء و روغن و طلا۔
منع روئیدن شعر	دواء و روغن بصنعہ و طلا۔
تجعید شعر	دواء۔
تشقق شعر	دواء۔
نموست شعر	دواء۔
قمل و قمقام	بخور و دواء قاتل قمل و طلا۔
امراض ظفر	
طلقیہ	دواء۔
صفرت اظفار	دواء۔
وجع اظفار	دواء۔
تشقق اظفار	دواء و مطبوخ۔
انتفاخ و خارش اظفار	دواء۔
جذام اظفار	دواء و مطبوخ
درشتی و ناہمواری ناخن	دواء۔
قلع اظفار	دواء۔
انجاد خون زیر ناخن	دواء۔
اطراف اظفار میں کھال کا ادھڑنا	دواء۔
امراض متفرقہ	
انتفاخ و غار ہونا اصابع میں	دواء و طلا۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصۂ امراض
تغیر رائحہ بغل و بدن	دواء و ذرور و طلا۔
حرق النار و آگ گرم و روغن گرم [illegible]	دواء و ذرور و ضماد و طلاء و مرہم نورہ و رال۔
ہزال	حب سندروس و حسوء و حلوا و دواء و دواء مسمن و دواء الملک و سفوف و معجون و ماء اللحم زرک
سمن مفرط	جوارش و مسخن و دوائی مہزل و دواء اللک و سفوف۔
جراحت	دواء و ذرور سارلیعہ و لحم وغیرہ و روغن دیودار وغیرہ و طلا و مرہم فرنگ و شنگرف و آبی و رال و سپید زنگار وغیرہ۔
قروح و قروح عسر الاندمال	دواء و ذرور عظم و لحم وغیرہ و روغن و ضماد و طلاء و عرق و غسول و مرہم سیلیہ و زرد و سیاہ و جینیہ اسود و جدوار و خضرا و اعجاز و شلغم و مسکن و آبی و رال وغیرہ و نقوع
قرحہ ساعیہ	دواء و مرہم اعجاز۔
قرحہ آکلہ	دواء و ذرور۔
قرحہ صلب و داوی و قرحہ عالمگیری و [illegible]	دواء و ذرور و شعر و معجون عشبہ و مرہم زرد وغیرہ و قرص [illegible] طلا۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
ناصور	دواء و روغن و معجون عشبہ و مرہم اعجازہ و ناصور و لسان الطلب و کافوری۔
اکوتہ	حب و دواء و روغن و ضماد و طلاء و قرص شلث مطلی و مرہم۔
تشوب شوک و پیکان و مثل اسکے	دواء و ضماد۔
سقطہ و ضربہ	بخور و حب و حب مسیحی یہ جو گولی وغیرہ ہمہ دواء و روغن دیودار و سفوف و ضمادات و طلاء و کماد و مطبوخ۔
مضروب بسیاط	دواء و ضماد و طلاء۔
کسر عظم	دواء و ضماد۔
خلع و وثی و وہن	بخور و ضماد و طلاء۔
اعیا	حب و دواء و روغن چوب چینی
	سموم مشروبہ
سم افیون و دھتورہ	تریاق اربعہ و تریاق افیون و تریاق اترج و دواء و معجون مفرح۔
سم الفار	تریاق مختوم و دواء۔
سم اسبغول کوفتہ	دواء۔
سم خشخف و زیبق و سم البحار معدنہ	دواء۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
سم زنگار و نورہ و زرنیخ و صابون	دواء۔
زہر بیش و فربیون	دواء۔
سم بلادر	دواء۔
سم حب السلاطین	دواء۔
زہر کماۃ سیاہ	دواء۔
سمیت شیر	دواء۔
شرب کثرت خمر	دواء و سفوف۔
کثرت نشۂ بھنگ	دواء۔
غشی و غثیان چرس و تنباکو و ناس پینے سونگھنے سے	دواء۔
سمیت شیرا و منعوسہ سقمونیا مقدار سے زیادہ کھانا	دواء۔
خرزہرہ و تافسیا	دواء۔

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
زخم نو و جراحت چنگال شیر	دواء۔
آدمی کے کاٹنے کا زہر	دواء۔
بلی کے کاٹنے کا زہر	دواء۔
چوہے کے کاٹنے کا زہر	دواء۔
راسو کے کاٹنے کا زہر	دواء۔
سام ابرص کے کاٹنے کا زہر	دواء۔
کتے بھیڑیے تیندوے کے کاٹنے کا زہر جو دیوانے نہ ہوں	دواء و سفوف اربعہ جالینوس و ضماد۔
دیوانہ بھیڑیا و دیوانہ پلنگ و راسو و بلی کے کاٹنے کا زہر	دواء و سفوف و مرہم مفرح۔

سموم ملدوغہ

نام امراض	تفصیل ادویہ مخصوصہ امراض
سم مار	تریاق افاعی وغیرہ و حب و دواء و طلاء۔
سم عقرب	تریاق و حب و دواء و سفوف
سم عنکبوت و ہزار پایہ و بوزنہ	دواء و ضماد۔
زہر سگ دیوانہ	تریاق سرطان و دواء و سفوف و ضماد و مرہم مفرح۔
زہر زنبور و مگس عسل و مگس و مچھر و پروانہ و پشہ	دواء۔

تمت

تمام ہوئی فہرست ادویہ کتاب قرابادین اعظم و اکمل بعون اللہ تعالیٰ
والحمد للہ اولاً و آخراً۔

جدول اسماء ادویہ مرکبہ مندرجہ کتاب قرابادین اعظم واکمل

مضمون	صفحہ
باب الالف مشتمل برپنج فصل	
فصل اول - ابارجات کے بیان مین -	۲
فصل دوم - اطریفلات کے بیان مین -	〃
فصل سوم - انوشدارون کے بیان مین -	۸
فصل چہارم - انکباب کے بیان مین -	۱۲
فصل پنجم - آبزنون کے بیان مین -	۱۴
باب الباء الموحدہ مشتمل برسہ فصل	
فصل اول - پاشویون کے بیان مین -	۱۷
فصل دوم - بخورات ومبردات کے بیان مین	۱۸
فصل سوم - برشعثا کے بیان مین -	۲۲
باب التاء الفوقانیہ مشتمل بریک فصل	
فصل اول - تریاقات وتنزوے خطائی کے بیانمین	۲۳
باب الثاء المثلثہ مشتمل بریک فصل	
فصل اول - ثبادریطوس کے بیان مین -	۲۵
باب الجیم مشتمل برسہ فصل	
فصل اول - جلابون اور جواہر مہرہ کے بیان مین -	۲۵
فصل دوم - جوارشون کے بیان مین -	۲۷
فصل سوم - جوگراجون جلجبینون اور جیتبینون کے بیان مین	۳۹
باب الحاء المہملہ مشتمل برپنج فصل	
فصل اول - حبوب کے بیان مین -	۴۰
فصل دوم - حسودات کے بیان مین -	۹۲
فصل سوم - حلوون کے بیان مین -	۹۴
فصل چہارم - حقنون کے بیان مین -	۹۶
فصل پنجم - حمولات کے بیان مین -	۹۸
باب الخاء المعجمہ مشتمل برچہار فصل	
فصل اول - خمیرہ جات کے بیان مین	۹۹
فصل دوم - خبزون کے بیان مین -	۱۰۵
فصل سوم - خاگینون کے بیان مین -	۱۰۶
فصل چہارم - خضابون کے بیان مین -	〃
باب الدال المہملہ مشتمل برسہ فصل	
فصل اول - اُن دواؤن کے بیانمین جو مطلق دوا کے نام سے مشہور ہین	۱۰۷
فصل دوم - دبید الورد اور دواء المسک وغیرہ کے بیان مین	۳۶۶
فصل سوم - دیاقوزون کے بیان مین -	۳۷۳
باب الذال المعجمہ مشتمل بریک فصل	
فصل اول - ذرورات کے بیان مین -	۳۷۴
باب الراء المہملہ مشتمل بریک فصل	
فصل اول - روغنون کے بیان مین	۳۷۸
باب الزاء المعجمہ مشتمل بریک فصل	
فصل اول - زدوقات کے بیان مین	۳۸۹
باب السین المہملہ مشتمل برچہار فصل	

مضمون	صفحہ
فصل اول - سعوطات کے بیان مین-	۳۹۱
فصل دوم - سفونات کے بیان مین	۳۹۲
فصل سوم - سفوفات کے بیان مین-	۳۹۶
فصل چہارم - سکنجبینون کے بیان مین-	۴۲۹
باب الشین معجمہ مشتمل بر سہ فصل	
فصل اول - شموبات کے بیان مین-	۴۳۲
فصل دوم - شربتون کے بیان مین	〃
فصل سوم - شیافات کے بیان مین-	۴۴۸
باب الصاد المہملہ مشتمل بر یک فصل	
فصل اول - صبغہا کے بیان مین-	۴۵۲
باب الضاد المعجمہ مشتمل بر یک فصل	
فصل اول - ضمادات کے بیان مین-	〃
باب الطاء المہملہ مشتمل بر یک فصل	
فصل اول - اطلیہ کے بیان مین-	۴۷۶
باب العین المہملہ مشتمل بر دو فصل	
فصل اول - عصارہا و عطوسات کے بیان مین	۴۸۸
فصل دوم - عرقیات کے بیان مین	〃
باب الغین المعجمہ مشتمل بر سہ فصل	
فصل اول - غرغرون کے بیان مین-	۵۰۱
فصل دوم - غسولات کے بیان مین-	۵۰۵
فصل سوم - روشویون یا بُٹنون کے بیان مین	〃
باب الفاء مشتمل بر دو فصل	
فصل اول - نسخہ فلدفیون و فتاول و فلونیا کے بیان مین	۵۰۶
فصل دوم - فرزجون کے بیان مین	۵۰۷
باب القاف مشتمل بر چہار فصل	
فصل اول اقراص کے بیان مین-	۵۰۹
فصل دوم - قطورات کے بیان مین-	۵۲۰
فصل سوم - قہوون کے بیان مین-	۵۲۱
فصل چہارم قیروطیون کے بیان مین-	۵۲۲
باب الکاف مشتمل بر سہ فصل	
فصل اول - کمادات کے بیان مین-	۵۲۳
فصل دوم - گھرون اور اکحال کے بیان مین	۵۲۵
فصل سوم - نسخہا گلقند و کمونی کے بیان مین-	۵۲۸
باب اللام مشتمل بر چہار فصل	
فصل اول - لخلخون کے بیان مین	۵۲۹
فصل دوم - لزوقات و لطوخات کے بیان مین	〃
فصل سوم - لعوقات کے بیان مین	۵۳۰
فصل چہارم - لبوبات کے بیان مین-	۵۳۳
باب المیم مشتمل بر شش فصل	
فصل اول - مطبوخات کے بیان مین	۵۳۴
فصل دوم - مقیئات کے بیان مین-	۵۴۸
فصل سوم - ماء العسل و ماء البزور و ماء الاصول کے بیان مین	〃

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
فصل چہارم معجونون کے بیان مین -	٥٥٢	فصل دوم - نفوخات کے بیان مین -	٦٠٥
فصل پنجم - مفرحات کے بیان مین -	٥٨٠	فصل سوم - نطولات کے بیان مین -	٦٠٦
فصل ششم - ماء اللحم کے نسخجات کے بیان مین -	٥٨٨	فصل چہارم - نقوعات کے بیان مین -	٦٠٩
فصل ہفتم - مضغون کے بیان مین -	٥٩٢	باب الواؤ مشتمل بر یک فصل (25)	
فصل ہشتم - مرہمون کے بیان مین -	٥٩٦	فصل اول - وجورات کے بیان مین -	٦١٢
باب النون مشتمل بر چہار فصل (24)		باب الیاء التحتانیہ مشتمل بر یک فصل (26)	
فصل اول - نشوقات کے بیان مین -	٦٠٤	فصل اول - یاقوتیون کے بیان مین -	٦١٣

تمام شد

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فہرست بعض مرکب دواؤن کے نام اور بیانکی جو اصطلاح اطبا مین ہین

ابزن - بڑے برتن مین نیمگرم دواؤن کا جوشاندہ۔
استنشاق - تر اور سیال چیزون کا ناک مین سڑکنا
اکتحال - سرمہ یا دوا باریک پسی ہوئی آنکھ مین لگانا۔
انکباب - دواؤن کے جوشاندہ کا بھپارہ کسی عضو خاص یا تمام بدن مین چادر اوڑھ کے پہونچانا۔
بخور - دوا کو آگ پر جلا کے اُسکی دھونی کسی عضو کو پہونچانا۔
برود - ٹھنڈی دواؤن کو پوٹلی باندھ کے اور بھگو کے آنکھ پر پھیرنا۔
پاشویہ - دواؤن کے نیمگرم جوشاندہ سے گھٹنے سے پنجہ تک پاؤن دھونا اور پانی ڈالتے وقت تمام پنڈلیون کا ہاتھون سے سونتنا۔
تبرید - دوا بھگو کے اسکا صاف پانی پلانا۔
تدہین - کسی عضو پر تیل لگانا مالش کرنا۔
تعلیق - کسی چیز کا گلے پر یا سر پر لٹکانا۔
تمریخ - تر چیز کی بدن پر مالش کرنا۔
ترویق - پتون کا عرق نچوڑ کے آگ پر پکا کے پھاڑ کے صاف کرنا۔
حقنہ - عمل پچکاری یا پچکنے مین دوا نیمگرم بھر کے آنتون یا رحم یا مثانہ مین پہونچانا۔
حمول - دواؤن مین کپڑا تر کر کے قُبل یا دُبر مین رکھنا۔
دلوک - کوئی چیز ملنا مثل منجن کے۔
ذرور - پسی ہوئی خشک دوا زخم پر چھڑکنا۔
سعوط - تر دوا ناک مین ٹپکانا۔
سکوب - سیال دوا کچھ فاصلہ سے ٹھہر ٹھہر کے ٹپکانا۔
سنون - دوائین پیس کے دانتون پر ملنا یعنے منجن۔
شافہ - کپڑے یا کاغذ کی بتی پر دوا لگا کے قبل یا دبر وغیرہ مین رکھنا یا دوا کو بطور بتی کے بنا کے آنکھ مین پھیرنا۔
شدالاطراف - بغل سے پنجہ تک ہاتھ اور رانسے گھٹنے تک ٹانگون کسکے باندھنا۔
شموم - دوا یا اور کوئی شی تر وخشک سونگھنا۔
ضماد - دواؤنکو پانی یا کسی پتی کے عرق مین پیسکر ٹھنڈا یا نیم گرم کسی عضو پر گاڑھا گاڑھا لیپ کرنا۔
طبیخ - دوائین جوش کر کے اسکا صاف پانی کام مین لانا۔
طلا - تر اور رقیق دوا کسی عضو پر لگانا۔
عصیر - تازہ پتونکا نچوڑا ہوا پانی کہ جوشانہ ہو۔
عطوس - پسی ہوئی خشک دوا یا تمباکو کی ناس لینا۔
غرغرہ - دوائین بھگو کے یا جوش کر کے اُنکی کلی بار بار حلق مین پھرانے بعد اُسکے گرا دینا یا پی جانا۔
فتیلہ - کپڑے وغیرہ کی بتی دوا مین تر کر کے دبر مین رکھنا۔
فرزجہ - دوا مین تر کر کے کپڑہ فرج مین رکھنا۔
قطور - کان یا ناک مین تر دوا کا ٹپکانا۔
کحل - سرمہ یا دوا کا آنکھ مین لگانا۔
کماد - تر یا خشک دوا کی گرم پوٹلی سے یا اور کسی گرم چیز سے ظاہر عضو کو سینکنا۔
لزوق - دوائین لزج باریک پیس کے کاغذ وغیرہ پر لگا کے عضو خاص پر چپکانا۔
لخلخہ - رقیق خوشبودار دوائین شیشہ مین بھر کے اور خوب ہلا کے سونگھنا۔
لطوخ - ضماد سے پتلی اور طلا سے گاڑھی دوا کسی عضو پر لگانا۔
لعوق - دوائین باریک پیس کے مثل چٹنی کے چاٹنا۔
مروخ - کسی دوا کا بدن پر ملنا۔
مسوخ - کوئی دوا بدن پر لگانا اور اسکے ملنے مین مبالغہ نہ کرنا۔
مضیغ - کسی دوا کا حسب ضرورت چبانا۔
مضمضہ - دوا کے خیساندہ یا جوشاندہ وغیرہ سے کلی کرنا۔
مغلی - دوا پانی مین بھگو کے جوش دے کے پلانا۔
نشوق - تر دوا کا ناک مین سڑکنا۔
نطول - دوا کے جوشاندہ یا خیساندہ کا کچھ بلندی سے کسی عضو پر تریڑا دینا
نفوخ - پسی ہوئی خشک دوا نزکل کے ذریعہ سے ناک مین پہونچانا۔
نقوع - دوا کو چار پہر پانی مین بھگو کے صاف کر کے پلانا۔
وجور - تر دوائین حلق مین ٹپکانا۔

حکیم فقیر محمد طبیب مالک قدیمی دواخانہ یونانی کٹرہ بیل گن اُ امرتسر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیحد اُس حکیم کے واسطے ہے کہ جسنے اجساد موالید ثلثہ کو اربعہ عناصر سے مرتب فرمایا اور خمیرہ ابدان حیوان کو انوشدارو ے حیات سے مخمر کیا اور سپاس بیقیاس اُس صانع کے واسطے ہے کہ جسنے دبتی بخبوس حواس خمسہ کو اعتدال شہد مزرعہ سے مربوط کیا اور عوض جفت برگہ امور سبعہ طبعیہ کو اجزاء الملاع امزجہ تسعہ سے ترکیب دی۔ کیسا رازق کہ غذائے انسان حبت بدل مایتحلل حب حبوب نباتات و ما اللحم لحوم حیوانات سے مقرر فرمایا اور ہضم کرنے کے لیے اغذیہ مختلفہ کے جوارش و سفوف ہاضم قوت ہاضمہ کی غرض سے ارزانی فرمائے۔ ایسا قادر کہ انحصار تغذیہ و تنمیہ اجسام یا قوتی قوت غاذیہ و نامیہ پر رکھی اور اختصاص توالد و تناسل لبوبشتی و طلا بھی قوت مولودہ شہوانیہ بخشی۔ ایسا کریم کہ آنکھ کو بغیر اعانت کحل الجواہر قوت باصرہ عنایت کی اور کان کو بے مدد اکتساب قطور کے قوت سامعہ دی۔ ایسا رحیم کہ زبان انسان کو تیز ذائقہ اشربہ و معاجین و لعوقات مختلفہ بخشی اور قوت شامہ کو منیر روائح شموم نخلو و سعوط و نفوخ متنوعہ کا فرمایا۔

درود نامحدود اُس طبیب کے واسطے شایاں ہے کہ تعدی ہو مزاج غلو و بغاوت متعین دین متین کی نقوع و مطبوخ عدالت و شریعت سے فرمائی۔ اور تنقیۂ استلاے مواد کفر و ضلالت منکرین ملت مبین کا مسہل دین ہدایت و طریقت سے کیا۔ اور صلوٰۃ زاکیات ایسے حاذق کے لیے زیبا ہے کہ مسمومان سموم غفلت و شقاوت کو تریاق تنبیہ و تادیب سے نجات عطا کی۔ اور مجنونان جنون جہل و بدعت کو مفرح حقیقت و معرفت سے اصلاح بخشی۔ ایسا حبیب کہ جبت طہارت ظاہری اسلامیان کے واسطے آبزن و نطول ماء مطہر کا امر فرمایا اور لطافت باطنی امتیان کے واسطے عرق عنبر و قرص کافور اخلاق حسنہ مقرر کیا۔ ایسا شفیق کہ الم جان و دردمندان الفت کو ضماد عنایت سے بغایت تسکین دی۔ اللہم ہم زرور و شفقت و رافت مہر ریحان محبت خویش کے زخموں پر رکھے ہمارا فتنہ جان صرف فتیلہ بزم شریف اُسکے کا ہو بعد دو در وام خرچ بحمد محفل منیف اُسکے کا ہو ہزاروں ہزار تحیۃ و سلام اُنکے اہر اور اور ہرا ولاد اور اصحاب اُنکے کے قیامت تک پہونچتا رہے۔

اما بعد۔ خادم الاطبا محمد اکمل خان کہتا ہے کہ جب مدام تم نے کتب مدرسیہ صرف و نحو و منطق و حکمت کی تعلیم سے فراغت پائی تو کتب درسیہ طبیہ موجز سے قانون شیخ الرئیس تک اور شرح فصول بقراط سے فراغ حاصل کیا اور مطب میں بخدمت قبلہ کونین و کعبہ دارین حضرت جد بزرگوار جناب حکیم محمد اعظم خان صاحب ناظم جہان دام ظلہ کے اشتغال کیا مخدوم الیہ نے مجھ حقیر کی نسبت ارشاد فرمایا کہ بعض نسخے مجرب قرابادین اعظم کے باقی رہ گئے ہیں اور اکثر اونکے لکھنے کی مریضوں کے واسطے مطب میں ضرورت پڑتی ہے اور حرف دال تبدیل ادویہ کیساتھ طریق علاج امراض مختصہ ہر عضو و امراض غیر مختصہ کی ضرورت لاحق ہوتی ہے اُن کو قرابادین میں درج کرنا چاہیے کہ سفر و حضر میں دوسری کتاب کی ضرورت باقی نہ رہ جائے۔ کام آئے اور معالجات میں دوسری کتاب کی احتیاج نہ ہو بنا؛ علیہ حسب ارشاد جناب ممدوح قرابادین مذکور کے باقی ماندہ نسخے اور طریق ہر مرض کا کتاب میں درج کیا اور نام قرابادین اعظم و اکمل رکھا اور کتاب کی تکمیل میں مصروف ہو گیا و باللہ التوفیق و منہ الوصول الی التحقیق

باب الالف

پانچ فصلوں پر مشتمل ہے۔ فصل اول ایارجات کے بیان میں آیارج فیقرا۔ بقراط کی تالیف سے ہے و معناہ المر النافع اور شحم کہتے ہیں کہ جسو تت شحم حنظل داخل کردی جاتی ہے اکثر اقسام صداع کو نفع کرتی ہے اور دماغ و معدہ کو اخلاط غلیظہ سے پاک کرتی ہے۔ فالج و لقوہ و استرخاے زبان و وجع المفاصل و قولنج کے واسطے مفید ہے اور قولنجی تھے کو دفع کرتی ہے اور کہا جاتا ہے کہ گردہ کو نقصان پہونچاتی ہے اُسکا مصلح عناب ہے اور ایارج اطریفل کیساتھ منقی دماغ ہے اور گلقند کے ہمراہ منقی معدہ اور حکیم اکمل خان صاحب اکثر اطریفل صغیر یا کشنیزی یا گلقند کے ہمراہ ممزوج کر کے استعمال فرماتے تھے اور بہت نفع ملاحظہ کیا ہے ترکیب سنبل الطیب دارچینی عود بلسان حب بلسان سلیخہ مصطگی اسارون زعفران ان سب اجزا کے وزن سے صبر سقوطری کا دونا وزن ادویہ شربتی دو درم ہمراہ عسل و آب گرم ایسی حالت میں کہ معدہ ممتلی ہو اور بعض صبر ادویہ کے ہموزن رکھتے ہیں ایارج کبیر تنقیہ دماغ کرتی ہے اور تمام اوجاع سر کو کہ صفرا و بلغم و سودا سے ہوں نافع ہے اور مائل باعتدال ایضاح سے منقول ہے ترکیب کتیرا ایکدرم نمک ہندی ڈھائی درم گل سرخ زنجبیل ہر ایک تین درم شحم حنظل ساڑھے تین درم سقمونیا چار درم ہلیلہ کابلی پانچ درم افتیمون اسطوخودوس ہر ایک چھ درم ہلیلہ زرد سات درم ایارج فیقرا بوزن موصوف ہر ایک دس درم مقدار خوراک چار درم ہمراہ ماء فانیذ یا ماء السکر ایارج بارد مصر کے گرم امراض کے واسطے نافع ہے مثل صداع و دوار و رمد و اوجاع گوش و دندان کے ذکائی ڈھولی سے منقول ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد و تربد موصوف روغن بادام سے چرب کریکے بنفشہ خشک ہر ایک بارہ درم ایارج فیقرا کہ صبر اسمیں مغسول کیا ہو دس درم گل سرخ تخم کاسنی ہر ایک پانچ درم کتیرا محمودہ مشوی ہر ایک تین درم اور مایک ثمث کوٹ پیس کے شیشہ کے برتن میں محفوظ رکھیں شربت تین درم ہمراہ اُس پانی کے جسمیں ترنجبین یا شیرخشت حل کی ہوئی ہو۔ اور بعض نسخہ میں گل نیلوفر تخم خیارین بیکوفتہ اضافہ کر دیا جاتا ہے اور بعض صبر نصف درم بڑھا دیتے ہیں اور عمل میں لاتے ہیں اخراج صفرا دماغی و علل جگر کے واسطے مفید ہوتا ہے

دوسری فصل اطریفلات کے بیان میں اطریفل کشنیزی مقوی دماغ و معدہ اور دمول امراض سر و چشم و گوش ہے کہ ابخرہ کے چڑھنے اور نزلہ سے ہوتے ہیں ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ مساوی کشنیز خشک مقشر گل دو اوان کے ہموزن سب کو کوٹ پیس کے روغن بادام

یا روغن گاؤ مین چرب کرے یا سہ چند شہد خالص مین قوام بنالے اور چالیس روز کے بعد ایک تولہ تک کھایا جائے - اور اگر اجزاے مذکور کو سفوف کے طور پر ہمراہ
نبات یا نمک کے کھایا جائے یا کوٹ کے رات کو پانی مین بھگو دیا جائے اور صبح کو صاف کر کے فصل و مزاج حار کی صورت مین مناسب شربتون یا دو تولہ مصری کے ساتھ
استعمال کیا جائے تو امراض مذکورہ کو نفع دیگا اور قبض کو رفع کریگا - اور کبھی کشنیز کل دواؤن کے برابر وزن مین داخل کیا جاتا ہے اور وہ سرعت تنفیخ بخارہ مین زیادہ موثر
ہے - اور اگر کشنیز مقشر کل دواؤن کے وزن سے نصف وزن لیا جائے یعنے ہلیلجات ہر ایک دو درم و کشنیز پانچ درم اور روغن بادام شیرین و گل گاؤزبان
ہر ایک دو درم مشک ایک ماشہ کافور تین ماشہ زعفران دو ماشہ گلاب بقدر مناسب شہد خالص دو چند نبات سفید یک چند زیادہ کر دیا جائے اور تیار ہو تو
اس صورت مین صداع بخاری و خفقان حار و شورش دماغ کے واسطے نافع ہے اور اسکا نام اطریفل کشنیزی مزعفر ہے - نوع دیگر تقویت دماغ و دفع بیوست
و منع بخارات معدہ کے واسطے معمول ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ منقی کشنیز مقشر گل سرخ گاؤزبان ہر ایک ایکدرم مغز تخم کدو
شیرین تخم خشخاش سفید ہر ایک تین درم مغز بادام دو تولہ قند سفید یا عسل کل ادویہ سے سہ چند - اطریفل ثانی تنقیہ دماغ رفتہ رفتہ اور سہولت سے کرتا ہے
و دفع قبض و نافع ریاح بواسیر ہے اور اسکی ادامت بالون کو سیاہ رکھنے کا سبب ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ منقی ہر ایک دو درم سنا مکی ایک درم
گل سرخ نیم درم کوٹ پیس کے روغن بادام مین چرب کر لیا جائے شہد یا نبات کا گلاب مین کہ دواؤن سے سہ چند ہوتا ہے قوام بنالین اور رکھ چھوڑین چالیس روز کے
بعد استعمال کرین خوراک نو ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک ہے اور دوسرے نسخہ مین پوست ہلیلہ کابلی بجائے ہلیلہ زرد و گل سرخ و گلاب و نبات کے لکھا ہے اور روغن
سب کا برابر ہے روغن بادام یا روغن گاؤ نیم وزن ادویہ کے برابر لکھا ہے اور براے صداع و شقیقہ اور دوسرے امراض دماغی و معدہ کے لیے مفید ہے اطریفل
ملین معلوم صداع مزمن اور دوسرے دماغی امراض کو دور کرتا ہے درد چشم و گوش اور اوجاع معدہ کو زائل کرتا ہے تالیف والد حکیم علوی خان ہے اور صاحب مفتاح التجربات
نے لکھا ہے کہ اس اطریفل کو اطریفل معلوم کے نام سے اسلیے یاد کرتے ہین کہ دوسرے اطریفلون کا شبہ نہو اور لکھا ہے کہ منقی راس و معدہ ہے اخلاط صفراویہ غلیظہ [illegible] نافع ہے
آنکھ کان کی بیماریون کیواسطے جو معدہ کے بخارون کی وجہ سے ہوتی ہین اور گرم مزاج والون کے موافق ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ مقشر
ترید مصوف ہر ایک بیس مثقال بادیان مصطگی اسطوخودوس سقمونیا بسفائج ریوند چینی ہر ایک پانچ مثقال ہلیلہ سیاہ دس مثقال کوٹ پیس کے سہ چند شہد
کے ہمراہ محفوظ رکھین دو مثقال سے چار درم تک [illegible] اور دوسرے نسخہ مین بجاے ترید کے پوست ہلیلہ زرد ہے اطریفل مسہل منقی دماغ و صداع مزمن مین معمول ہے
ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ بسفائج اسطوخودوس گاؤزبان غاریقون سفید بادیان ہر ایک دو مثقال موبز منقی سنا مکی
ہر ایک دو تولہ ترید مصوف ایک تولہ مغز بادام ایک تولہ دوائین پیس کے روغن بادام یا روغن گاؤ مین چرب کر لیجائین اور سہ چند شہد مین قوام کرین
خوراک دو تولہ تک بعد نضج کے شربت اصول کیساتھ اور کبھی نیم درم زنجبیل بھی بڑھا دیجاتی ہے اطریفل ملین - طبیعت کو نرم کرتا ہے اور دماغ و معدہ سے اخلاط
سہولت سے نکال دیتا ہے اور صداع و طنین و دوی کو مفید ہے دوار مین نافع ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد و کابلی پوست بلیلہ و آملہ و ہلیلہ سیاہ ہر ایک تین درم
سنا مکی ترید مصوف و گل سرخ ہر ایک ایکدرم زنجبیل نیم درم کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کر لیجائین سہ چند شہد یا قند مقوم مین ملالین خوراک
دو تولہ تک اطریفل شاہترہ علوی خان بعد تنقیہ کے صداع و دیگر امراض سوداوی مین کام آتا ہے ترکیب برگ شاہترہ [illegible] ماشہ

عود صلیب بسفائج صندل سفید طباشیر لاجورد مغسول ہر ایک چار ماشہ گل سرخ چھ ماشہ برگ سنا افتیمون ہر ایک دس ماشہ پوست ہلیلہ ہندی آملہ پوست ہلیلہ
ہلیلہ سیاہ اسطوخودوس گاؤزبان ہر ایک تیس ماشہ تربد سفید ساٹھ ماشہ کوٹ پیس کے چالیس درہم روغن بادام میں چرب کر کے اس مطبوخ کے پانی میں گل کر کے گل سرخ
کشنیز خشک عنب الثعلب تخم کاسنی گل بنفشہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ مویز منقی سات تولہ عسل انزرق تیس ماشہ روغن بادام میں چرب کر کے حل کریں اور قند سفید و
عسل سے چند بالا کے وزن سے لیکے قوام بنائیں اور طلا دیں دو مثقال سے ایک تولہ تک خوراک اطریفل اسطوخودوس۔ نافع صداع اور دیگر امراض بلغمی و
سوداوی دماغی ہے اور اگر بوجہ بلغم کے صداع باقی ہو جاتا ہے کہ کچھ دنوں تک اسکی مداومت کرے ترکیب پوست ہلیلہ زرد کابلی ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ
گل سرخ اسطوخودوس بسفائج افتیمون کشمش مساوی کوٹ پیس کے روغن بادام میں چرب کریں اور عسل منزوع میں طلا دیں اور بعضے مویز منقی کو بجائے کشمش کے داخل کرتے
ہیں اور بعضے دونوں چیزیں کو دیگر تالیف علویخان۔ تنقیہ اخلاط غلیظہ و بلغمیہ و سوداویہ کا بدن اور دماغ سے کرتا ہے جمیع سوداوی و بلغمی کے واسطے نافع ہے
معمول الرجح معدی میں معمول ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد و کابلی و ہلیلہ و آملہ و ہلیلہ سیاہ برگ سنا تربد سفید اسطوخودوس افتیمون بسفائج ہر ایک پانچ مثقال
غاریقون سفید مصطگی عود صلیب تخم سیسالیوس حجر ارمنی مغسول ہر ایک ڈھائی مثقال مویز منقی دس مثقال اول مویز کو گلاب میں جوش کر کے مل کر کے صاف
کر کے شہد کا قوام بنائیں باقی دوائیں کوٹ پیس کے تیس مثقال روغن بادام میں چرب کریں اور طلا دیں خوراک دو مثقال اطریفل اسطوخودوس
نسیان و صرع و وحشت میں بلغم ہو اور امراض بارد رطب دماغی کے لیے۔ اور نہایت مقوی دماغ بارد ہے حافظہ کو قوی کرتا ہے بعلاوہ اور قوی النفع ہے ترکیب عاقرقرحا
قرنفل بابونہ دشتی جندبیدستر ہر ایک ڈیڑھ مثقال عود صلیب زنجبیل اسارون شیطرج ہندی ایرسا ہر ایک تین مثقال گل بابونہ دو مثقال ابو خلسا دار چینی فلفل
سفید و دارفلفل مصطگی کندر ہر ایک تین مثقال پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ چینی پوست ہلیلہ وج ترکی اسطوخودوس سعد کوفی بادرنجبویہ ہر ایک پانچ مثقال ہلیلہ
سیاہ آملہ منقی پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک دس مثقال مویز منقی گلقند آفتابی ہر ایک نو مثقال شہد خالص اکیاسی مثقال مویز خستہ نکال کے رات کو عرق عود قماری
عرق گل سیوتی و عرق صعتر و عرق اذخر ہر ایک نیم رطل عرق بادرنجبویہ عرق فرنجمشک ہر ایک ایک رطل میں بھگو دیں اور صبح کو گلقند کے ہمراہ دیگ میں جوش کریں
جب ابال آئے نگاہ رکھیں جب سرد ہو جائے تو خوب ملیں صاف کر کے شہد ملائیں اور پھر جوش دیں اسکا کف نکال کے قوام میں ڈالتے جائیں اور دوائیں کوٹ
پیس کر چالیس درہم روغن بادام میں چرب کریں اور طلا دیں چالیس دن کے بعد استعمال شروع کیا جائے مقدار شربت دو مثقال ہے اطریفل کشنیزی مالیخولیا کی
قسموں کے واسطے اور تقویت قلب و تلیین طبع میں معمول ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ مقشر ہر ایک چار درم ابریشم
مقرض تین درم سنا حجر الاجرد مغسول ہر ایک دو درم گل گاؤزبان بادرنجبویہ اسطوخودوس بسفائج فستقی ہر ایک ایک درم برگ سنا مکی کشنیز خشک ہر ایک چھ درم
مصطگی رومی دو درم عسل ادویہ سے سہ چند سنا مکی کو پانی میں جوش کر کے شہد کے ساتھ قوام کیا جائے دوسری دوائیں کوٹ پیس کے روغن بادام میں چرب کر کے ملایا جائے
اور اطریفل بنائیں شربت ایک تولہ اور معجون میں اسطوخودوس و بسفائج دونوں کا وزن دو دو درم ہے اطریفل افتیمون مسہل امراض دماغی سوداوی میں
معمول ہے اخلاط محترقہ سے منقی دماغ ہے اور ورم میں بھی استعمال ہوتا ہے ترکیب نمک ہندی دو درم افتیمون غاریقون گاؤزبان بادرنجبویہ گل سرخ ہر ایک پانچ درم
پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ مقشر اسطوخودوس بسفائج فستقی تربد سفید ہر ایک سات درم ایارج فیقرا دس درم کوٹ

پیس کے بلیلجات روغن بادام مین چرب کرکے شہد خالص سہ چند مین ملا دین مقدار خوراک تین درم سے پانچ درم تک اطریفل معمول حکیم شاہ محمد جنون وفساد ذہن
و نزلہ اور صعود ابخرہ مین ترکیب قرنفل شاہترہ الائچی خورد سلیخہ مصطگی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گل سرخ اصل السوس مقشر ہر ایک نو ماشہ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ مقشر
ہر ایک ڈیڑھ تولہ پوست ہلیلہ زرد تربد موصوف ہر ایک تین تولہ کوٹ پیس کے روغن بادام یا روغن گاؤ مین چرب کر کے قند سفید یا عسل خالص نصف سیر کے
ہمراہ قوام کرلین خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک اطریفل زمانی مالیخولیائے مراقی و نزلہ مین مستعمل ہے منقی معدہ و دماغ ہے اخلاط ثلثہ سے اور مفید قولنج و صداع
اور مانع صعود ابخرہ ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ گل بنفشہ سقمونیائے مشوی ہر ایک دو مثقال تربد سفید مجوف کشنیز خشک ہر ایک
بیس مثقال پوست ہلیلہ آملہ مقشر گل سرخ طباشیر گل نیلوفر ہر ایک پانچ مثقال صندل سفید کتیرا ہر ایک تین مثقال روغن بادام شیرین تیس مثقال دوائین کوٹ
پیس کے روغن مین چرب کر کے رکھین اور عناب سو دانہ سپستان سو دانہ گل بنفشہ دس مثقال پانی مین جوش کر کے صاف کر کے شیرہ ہلیلہ مربی ڈیوڑھا وزن اور
شہد خالص ہموزن ہاتھون سے ملا کے قوام بنالین اور دوائین ڈالدین مقدار خوراک اسہال کے واسطے چار مثقال سے چھ مثقال تک ہے اور مداومت کے واسطے
ایک مثقال سے دو مثقال تک اور اُسکی قوت دو سال تک باقی رہتی ہے اطریفل ملین تالیف علویخان دماغ و سینہ سے بلغم کو صاف کرتا ہے اور دافع نزلہ مزمنہ ہے
ترکیب عناب انجیر زرد ہر ایک دس دانہ اصل السوس زوفائے خشک گل بنفشہ اسطوخودوس ابرسا بسفائج فستقی فراسیون ہر ایک ڈھائی مثقال مویز سرخ
ان کو علیحدہ کر کے پچیس مثقال مجموع کو چوتھائی من تبریزی خالص پانی مین جوش دین یہانتک کہ نصف رہ جائے تو اتارلین اور عسل سفید مصفی ایک سو پچاس مثقال
ڈال کے قوام بنالین اسکے بعد پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ اسطوخودوس تخم کشنیز خشک مقشر ہر ایک پانچ مثقال رازیانہ انیسون مصطگی
حب بلسان ہر ایک ڈھائی مثقال غاریقون سفید تین مثقال فلفل سیاہ نصف مثقال تخم خشخاش سفید ڈھائی مثقال روغن بادام شیرین ساڑھے پانچ مثقال
دوائین کوٹ پیس کے روغن بادام مین چرب کر کے عسل مذکور مین ملا دین مقدار خوراک ایک مثقال سے تین مثقال تک ہمراہ آب نیمگرم اطریفل مقوی دماغ و
نافع نزلہ و آلات صدر اور اسکا طبین ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد و کابلی پوست ہلیلہ آملہ کشنیز خشک مقشر مغز بادام ہر ایک ایک تولہ تخم خشخاش تخم کاہو
دارچینی اسطوخودوس ہر ایک چھ ماشہ دوائین سوائے خشخاش و کاہو و مغز بادام کے کوٹ پیس کے اور مغزیات کو علیحدہ کھرل کر کے ملا دین اسکے بعد بنفشہ
بیخ بادیان اصل السوس گاؤزبان ہر ایک دو مثقال عناب پندرہ دانہ سپستان سترہ دانہ اسطوخودوس دس درم زوفائے خشک عود غرقی سنبل الطیب
ہر ایک ایک درم بیخ سوسن بر سیاوشان ہر ایک ایک مثقال انجیر زرد سات عدد مویز منقی چار تولہ ان دواؤن کو تین پاؤ پانی مین جوش کر کے جب تیسرا حصہ
رہ جائے مل کے صاف کر کے نصف سیر قند مین قوام بنالین اور کوٹی پسی دوائین ملا کے معجون بنالین خوراک ایک تولہ نہار منہ کھائین ترشی اور بادی سے پرہیز
رکھین اطریفل بادیان آنکھ کی بیماریون کے واسطے نافع ہے اگر اسکی مداومت کیجائے تو ضعف بصارت سے پناہ مین رہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد و کابلی
پوست ہلیلہ آملہ کشنیز مقشر گل سرخ صعتر فارسی ہر ایک ایک تولہ بادیان سات تولہ یعنی کل دواؤن کے برابر اور مفتاح کے نسخہ مین کل دواؤن سے . وچند سے
کوٹ پیس کے روغن بادام مین چرب کر کے سہ چند شہد یا شکر مین قوام کر کے ڈالدین خوراک دو تولہ اور اگر روغن بادام نہ ہو تو دو تولہ مغز بادام ڈالدین اطریفل
کثیر المنافع مقوی بصر ہے مشائخین و مبردین کے خاصہ مین ہے اسحق بن عمران لکھتا ہے کہ یہ نسخہ صحت کو اس طرح محفوظ رکھتا ہے جس طرح تریاق ریاح بواسیر

وغیرہ کے واسطے نافع ہے اور انواع اوجاع معدہ اور باؤ کے لیے مسخن معدہ ہاضمہ کا معین محسن لون دافع تخمہ وسوء ہضم مقوی جگر دافع صلابت و مفتح سدد ہے
باہ کو زیادہ کرتا ہے نزلات کو دفع کرتا ہے جو علل دماغی سے ہوں چاہئے کہ اگر گرم مزاج عوارض نزلات و امراض چشم مین مبتلا ہو تو جاڑون کی فصل مین اس طریقہ سے
مداومت کرے ایک ہفتہ تک بقدر شربت وقت خواب کھائے اور آٹھوین روز چوتھائی درم محمودہ مشوی اُسکے دو خوراکون مین ملاکے بوقت صبح کھائے پھر
تین روز تک ایک خوراک بدستور کھائے پھر دو خوراکون مین چوتھائی درم محمودہ ملائے اسی طرح پر چالیس روز تک عمل کرے اور اگر بعد تنقیہ اور دوسرے مسہلون
کے اس دوا کو استعمال کیا جائے تو امتزاج محمودہ کی ضرورت نہین رہتی ہے اور سرد مزاج ہر موسم مین بدستور کھائے نہایت مجرب ہے ترکیب ہلیلہ ہندی
ہلیلہ کابلی آملہ بلیلہ ہر ایک ہفت درم زنجبیل دار چینی دار فلفل خولنجان سنبل الطیب ساذج سلیخہ قاقلہ صغار و کبار شقاقل قرنفل شیطرج لسان العصافیر بہمن سرخ
بہمن سفید ہر ایک دو درم تخم خشخاش سفید کنجد مقشر مربائے یاسمین ہر ایک تین درم مغز بادام شیرین و تلخ ہر ایک نصف مثقال جدوار بادیان شبت انیسون
مصطگی ہر ایک دو درم شاہسفرم پودینہ خشک ہر ایک ڈیڑھ مثقال تربد مقشر مجوف تین مثقال قند سفید نو تولہ روغن بادام سات درم شہد سفید خالص
کل دواؤن سے سہ چند چاہیے کہ دواؤن کو الگ الگ کوٹ پیس کے وزن کرکے پھر اکٹھا کرکے روغن مین چرب کرے قند پیس کے ملادین اور شہد کو تانبے
ملا کے قوام بنالین ایک ہفتہ تک اسکا استعمال منع ہے بلکہ چالیس روز کے بعد بہتر ہے مقدار خوراک دو درم سے دو مثقال تک **اطریفل کشنیزی** دافع خفقان
حار و مانع بخار معدہ و مراق و تقویت دماغ و معدہ و دل کیواسطے نافع ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ غنچہ گل سرخ
تخم خشخاش گل گاؤزبان ہر ایک دو تولہ کشنیز خشک مقشر کل دواؤن کے برابر کوٹ پیس کے قند سفید دو چند ترنجبین ہموزن قوام کرکے مشک ڈیڑھ ماشہ
زعفران دو ماشہ گلاب مین پیس کے زیادہ کرین اور عرق گاؤزبان کے ساتھ ہر صبح کھائین **اطریفل کبیر** تقویت دماغ و معدہ و قوت باہ و بواسیر کیواسطے
مجرب ہے ترکیب ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقی فلفل دار فلفل ہر ایک ساڑھے پانچ درم زنجبیل بسباسہ بوزیدان شیطرج ہندی شقاقل
مصری تودری سرخ و زرد لسان العصافیر مغز حب قلقل کنجد مقشر خشخاش سفید ہر ایک ڈھائی درم بہمنین ہر ایک پانچ درم کوٹ پیس کے روغن بادام
یا روغن گاؤ مین چرب کرکے ترنجبین خراسانی آٹھ درم عسل سفید تین پاؤ کے ساتھ قوام بنائین خوراک دو درم سے چار درم تک اور شیخ الرئیس مصطگی کبابہ
دارچینی ہر ایک چوتھائی درم بلیلجات سے زیادہ لکھتے ہین اور شیخ داؤد انطاکی اس زیادتی کو پسند کرتے ہین **اطریفل اکبر** یہ اطریفل کبیر سے فوائد مین
زیادہ ہے دافع اسہر بخار و رطوبت ہے ہاضم طعام ہے بخار کا معدہ سے دماغ کیطرف صعود کرنیکو مانع ہے مقوی و مسخن معدہ و امعاء و مثانہ ہے مصفی ذہن ہے دافع نسیان
و معین قوت ہے آخر عمر اسکی آداست مانع سرعت پیری و دافع بواسیر ریحی و ریاح بدن ہے محرور المزاج سوائے فصل سرما کے استعمال نہ کرین ترکیب
پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ مغز بادام مغز چلغوزہ فلفل سیاہ دار فلفل ہر ایک چھ درم زنجبیل شیطرج لسان العصافیر ساذج ہندی
کنجد مقشر مغز حب قلقل بہمنین تودرین شقاقل بوزیدان تخم خشخاش گل سرخ بسباسہ گاؤزبان دانہ قاقلتین دارچینی قرنفل ہر ایک دو درم بہمن خالص
دو چند شکر طبرزد ایک چند بدستور مقرر معجون بنالین لکھا ہے کہ تین ماہ کے بعد استعمال کرین بعضون نے اسمین ایکدرم عود غرقی بڑھایا ہے **اطریفل**
فلفلی حب القرع اور دوسرے اقسام دیدان کو مارتی ہے معدہ اور سائر بدن سے مواد غلیظہ کا تنقیہ کرتی ہے امراض بلغمی اور اوجاع مفاصلی کے لیے

نافع ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ منقی ہر ایک ایک تولہ قرنفل چودہ ماشہ برنگ کابلی مغز تیس ماشہ تربد سفید مربر چھ ماشہ حب السلاطین مربر تین ماشہ قسط تلخ ریوند چینی سعد بنجان لسان العصافیر تلخ ہر ایک پانچ ماشہ ترمس شامی افسنتین رومی درونہ ترکی افتیمون خردل نمک نفطی تخم حنظل سعد کوفی راسن شیح ارمنی پلاس پاپڑہ برگ سنا مکی ہر ایک چار ماشہ زیرہ کرمانی زنجبیل انیسون مصطگی گل سرخ ہر ایک تین ماشہ کتیرا رب السوس ہر ایک دو ماشہ دوائین کوٹ پیس کے روغن بادام شیرین میں چرب کرکے دواؤن سے سہ چند وزن عسل مصفی کے قوام کریں اور ملادین خوراک دو مثقال سے چار مثقال تک بعضے ایکدرم جوز بلبل و قرنفل و نمک ہندی ہر ایک پانچ ماشہ ہلیلجات کے عوض میں ملا کے معجون بناتے ہین اطریفل مقل ملین نافع بواسیر و ملین طبع ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد کابلی پوست بلیلہ آملہ ہر ایک دس درم کوٹ پیس کے روغن بادام یا مادہ گاؤ میں چرب کرکے مویز منقی پانچدرم مقل تیس درم مقل کو گندنا کے پانی میں حل کرکے اور سہ چند شہد مقوم میں دوائین ملادین اور کبھی مویز بھی بناتے ہین اگر گندنا کا پانی نہ مل سکے بجاے اُسکے لگرونده کا پانی لیلیں کہ اس سے زیادہ نفع کرتا ہے دیگر معمول ہے اور جسقدر پُرانا ہوتا جائیگا حابس خون بواسیر ہوگا ترکیب پوست ہلیلہ زرد کابلی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ ان سب کو روغن زرد میں بھون کے آملہ منقی کشنیز مقشر مقل ازرق روغن زرد میں پگھلا کے حل اور صاف کرکے ہر ایک تین درم حضض غنچہ انار ہر ایک دو درم تخم حماض بریان دم الاخوین طباشیر ہر ایک ایکدرم دو چند قند سفید و ایکچند شربت حب الآس کے۔ انکو قوام بنالیں خوراک ایک تولہ تک اطریفل مقل ممسک۔ حابس خون بواسیر ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ آملہ ہر ایک دس مثقال کہربا صدف سوختہ شاخ گاوکوہی سوختہ ہر ایک پانچ مثقال زاج سفید نانخواہ ہر ایک دو مثقال مقل ازرق بیس مثقال مقل گندنا سبز کے پانی میں حل کرکے باقی دواؤن کو کوٹ پیس کے پچھتر مثقال شہد خالص میں ہاتھون سے ملا کے معجون بنالیں خوراک دو مثقال اطریفل صغیر ریح البواسیر میں معمول ہے ترکیب سوائے کشنیز اجزاے اطریفل کشنیزی لیکے بدستور ترتیب دے لیجائے خوراک دو مثقال سے چھ مثقال تک اطریفل کشمشی سرعت انزال و کشادگی مجراے بول دینی کے واسطے نافع ہے ترکیب ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ ہر ایک دو درم کشنیز خشک چار درم کوٹ پیس کے روغن بادام میں چرب کرکے کشمش بارہ درم پیس کے نبات سفید چوبیس درم میں قوام بنالیں خوراک تین درم اطریفل غددی۔ خنازیر کے واسطے ترکیب ہلیلہ سیاہ پندرہ درم پوست ہلیلہ آملہ تربد ہر ایک سات درم افتیمون دس درم بسفائج اسطوخودوس غدد خشک گلوے گوسپند ہر ایک پانچدرم سنا مکی چار درم غاریقون زرنباد شیطرج نوشادر ہر ایک تین درم انیسون قرفہ سنبل الطیب قرنفل خیربوا جوزبوا مصطگی ہر ایک دو درم کوٹ پیس کے روغن بادام یا روغن زرد میں چرب کرکے عسل مصفی سہ چند ادویہ سے ملادین خوراک پانچدرم دوسرے نسخہ میں ہلیلہ آملہ تربد ہر ایک پانچدرم بسفائج اسطوخودوس سنا مکی ہر ایک سات درم باقی بدستور سابق اور اسی طرح معمول ہے اطریفل عرق تمدنی اگر مریض چالیس روز کھائے شفا پائے ترکیب ہلیلہ زرد کابلی و بلیلہ و ہلیلہ سیاہ آملہ تربد موصوف زنجبیل قرنفل ہر ایک ڈھائی مثقال کوٹ چھان کے روغن بادام یا روغن گاؤ میں چرب کرکے سہ چند ادویہ سے عسل مصفی میں ملادین خوراک تین مثقال اطریفل سنا مکی حکہ وسعفہ کے واسطے مجرب ہے ترکیب ریوند خطائی پانچ مثقال پوست ہلیلہ آملہ ہر ایک دس مثقال پوست ہلیلہ زرد سنا مکی ہر ایک پندرہ مثقال کو چھان کے روغن بادام میں چرب کرکے ہمراہ شہد خالص وزن ادویہ سے سہ چند معجون بنالیں اطریفل شاہترہ کہ اسکی مداومت نافع جرب ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ زنگی پوست بلیلہ آملہ منقی گل سرخ افتیمون صندل گلاب میں پیس کے کشنیز مقشر قصب الذریرہ ہر ایک دو درم مغز تخم کدوے شیرین چار درم برگ شاہترہ

دس درم کوٹ چھان کے روغن گاؤ مین چرب کرکے سہ چند شکر کے قوام مین ملادین خوراک دو تولہ تک نوع دیگر یہ نسخہ متعارف ہی جہت جرب وحکہ اطریفل زنگ کیواسطے
ترکیب پوست ہلیلہ زرد چالیس درم پوست ہلیلہ کابلی تیس درم پوست بلیلہ آملہ منقی ہر ایک بیس درم سنا رکی دس درم گل سرخ چھ درم شاہترہ پچاس درم
کوٹ چھان کے ہمراہ مویز منقی مدقوق ملادین اور جو نسخہ جذام وخدر مین معمول ہی اُسمین سنا رکا وزن بیس درم شاہترہ تیس درم اور گل سرخ ومویز منقی ریوند چینی ہر ایک
دو درم کے بجاے اور کبھی بنابر غرض اسہال چار درم اور کشمش و روغن بادام ہی خوراک چار درم سے پانچدرم تک باقی بدستور اور نسخہ مجربی مین وزن ہلیلجات مع بلیلہ سیاہ
ہر ایک بیس درم اور ریوند چینی چوب گز ہر ایک دو درم بجاے گل سرخ کے ہی اور بجاے مویز منقی کشمش ایک پاؤ عسل دو چند اور ہمراہ طبیخ عناب یا عرق شاہترہ کے
کے استعمال کیا جاتا ہی اور دوسرے نسخہ مین وزن شاہترہ کا تیس درم اور آملہ وہلیلہ سیاہ ہر ایک دس درم ریوند چینی چوب کد یعنی کیوڑہ ہر ایک دو درم
بجاے گل سرخ کے لکھا ہی اور مرقوم ہی کہ دوائین روغن بادام مین چرب کرکے کشمش مدقوق کے ہمراہ ملادین خوراک دو درم سے چار درم تک مع طبیخ عناب
اطریفل شاہترہ حکہ وسعفہ کے واسطے مجرب ہی ریوند خطائی پانچ مثقال پوست ہلیلہ آملہ شاہترہ ہر ایک دس مثقال پوست ہلیلہ زرد وسنا رکی ہر ایک بیس
مثقال کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرکے شہد خالص مین سہ چند دواؤن سے معجون بنالین اطریفل حکیم علی براے برص وبہق ونمش ترکیب
پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقی فتیمون ہر ایک پانچدرم عاقرقرحا شیطرج ہندی ہر ایک دو درم دارفلفل تغمہ ہر ایک چار درم کل اجزا کو کوٹ چھان کے
سہ چند وزن شہد مین دوائین ملادی جائین مقدار خوراک دو درم سے تین درم تک ہے۔

فصل سوم انوشدارو کے بیان مین - انوشدارو ے سادہ مقوی معدہ واعضاے رئیسہ ہی ترکیب گل سرخ چھ درم سعد کوفی پانچدرم فرنفل مصطگی
اسارون سنبل الطیب ہر ایک تین درم قاقلہ صغار وکبار زرنب لسانسہ جوزبوا دارچینی قرفہ زعفران ہر ایک دو درم آملہ منقی یک رطل قند سفید وعسل نصف
نصف ۱۸۰ اکیسواسی مثقال آملہ کو ایک شبانہ روز دودھ مین بھگودین پھر پانی سے دھوئین اور تین رطل پانی مین جوش کرین جسوقت گل جلے چھلنی سے چھان لین
اور قند وعسل مصاف مین ملاکے قوام بنالین دوائین کوٹ چھان کے اُسمین ملادین اور اگر آملہ کو نصف رطل کر دیا جاے تو لذیذ زیادہ ہوگی اور صاحب
قرابادین قادری نے بجاے آملہ کے سفرجل کو رکھا ہی اور حقیر نے ایک مرتبہ بجاے آملہ کے امرود ملائے تھے اور انوشدارو بنایا کی تھی تے کے دور کرنے مین اور معدہ
کو تقویت دینے مین بہت مفید ثابت ہوئی اور سبوقت مجھے زیادہ قبض منظور نہ ہوا آملہ کا مربا بجاے آملہ کے پیسکے ملادیا اور بے نظیر فائدہ پایا گیا کبھی زرشک
تین درم بہمنین طباشیر صندل سفید گلاب مین پیس کے پوست ترنج عود سادج ہر ایک ایکدرم زرنباد نیمدرم شربت انار شیرین چوتھائی رطل قند سہ چند مربا بے
آملہ خستہ علیحدہ کرکے نصف رطل شہد و آملہ کا بدل کیا وزن مصطگی ایکدرم لیکے اور زرشک کا شیرہ گلاب سے نکال کے صاف کرکے اُسمین ملادیا تقویت اعضاے
رئیسہ اور ناخنہ مین نفع پایا آنوع دیگر جسکا نام انوشداروے جواہری ہی تقویت قلب ومعدہ وجگر مین مفید ہی اور قابض ہی ترکیب آملہ دس تولہ دودھ
مین بھگوئین تین گھنٹے پارچہ بیز کرکے آدھا سیر شکر اور ایک رطل قند سفید مین قوام کرکے سنبل الطیب گل سرخ ہر ایک آدھ تولہ سعد کوفی جدوار تخنجی مصطگی دانہ الائچی خرد
ہر ایک ایکدرم طباشیر لؤلؤ ترنج ہر ایک ماشہ ضیمران چھ ماشہ تخم کاسنی قرنفل متقشر زرشک منقی ہر ایک سات ماشہ شیرہ زرشک قدرے گلاب سے نکال کے داخل
کرین اگر چاہین کسیقدر عنبر زعفران ومشک بھی ملالیں نوع دیگر انوشداروے سادہ تالیف والد حکیم علویخان صاحب مقوی معدہ و آلات غذا ہی

گوارہ طعام و لینت بواسیر وغیرہ کو نافع ہو ترکیب آملہ منقی اکیس مثقال طباشیر سفید کشنیز خشک پوست بیرون پستہ ہر ایک تین مثقال غنچہ گل سرخ پانچ
مثقال سعد کوفی ساڑھے تین مثقال قرنفل مصطگی اسارون سنبل الطیب ہر ایک تین درم قاقلہ صغار و قاقلہ کبار زرنب بسباسہ جوز بوا قرفہ زعفران
پوست ترنج اترج بابونہ ہر ایک دو درم دوائین کوٹ چھان کے شہد و نبات نصف نصف کل ادویہ سے سہ چند وزن مین بطریق معجون ملادین
خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک اور دوسرے نسخہ مین عود ہندی گاؤزبان ہر ایک تین درم بھی داخل ہین انوشدارو ے لولوی تقویت
قلب و دماغ کیواسطے بے نظیر ہے۔ مفتاح التجربات سے منقول ہو ترکیب عنبر اشہب ایک مثقال سعد کوفی زرنب ہیل بسارون درونج عقربی
سنبل الطیب بہمنین قرنفل مروارید ناسفتہ ورق نقرہ ہر ایک ایک مثقال صندل سفید طباشیر پوست ترنج مصطگی ہر ایک تین مثقال گل سرخ
کشنیز مقشر ہر ایک پانچ مثقال شیر آملہ تیس مثقال شربت فواکہ چالیس مثقال قند و عسل نصف نصف سہ چند ادویہ سے اور بعضے پوست بیرون پستہ
تین مثقال زیادہ کرتے ہین نوع دیگر مزاج حار کے موافق ہو ہاضم و مشہی مقوی معدہ مجرب و معمول راقم ہو ترکیب گل سرخ مروارید بسد سنگ یشب
کہربا طباشیر ساذج ہندی فاذ زہر پوست بیرون پستہ گل ارمنی ابریشم مقرض صندل سفید ہر ایک تین ماشہ سعد کوفی دانہ ہیل زرشک بیدانہ ہر ایک
سات ماشہ تخم خرفہ چار ماشہ زعفران ایک ماشہ ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک دو ماشہ آملہ منقی ساڑھے چھ تولہ نبات سفید بتاشہ ہر ایک آدھ پاؤ پہلے
بکری کے دودھ مین ایک شبانہ روز تر کرین پھر پانی سے دھوئین ایک رطل پانی مین جوش کرین تاکہ گل جائے اسکے بعد کپڑے سے چھان لین کہ اوس کا
تمام لب خارج ہو جائے پس قوام کرلین اور دوائین کوٹ پیس کے ملادین اور چینی کے برتن مین رکھین خوراک چھ ماشہ کھانے سے قبل اور کھانا کھانے
کے بعد انوشدارو ی لولوی حکیم علوی خان صاحب کے اختراع سے کہ محمد شاہ کیواسطے بنائی گئی تھی نہایت درجہ مقوی اعضائے رئیسہ ہے اور
خفقان و جمیع اقسام مالیخولیا خصوصا مراقی کیواسطے اور ضعف دماغ و معدہ و کبد و احشا کے لیے نافع ہو منہ کو خوشبودار کرتی ہو فرحت دیتی ہو مشہی
و مسہی ہے آنکھ کی روشنی بڑھاتی ہو اور بہت منافع مین مجرب ہو ترکیب غنچہ گل سرخ چار مثقال سعد کوفی سنبل الطیب ہر ایک تین مثقال مروارید ناسفتہ
یشب کا فوری یاقوت رمانی عقیق یمانی بسد محرق مغسول مرجان قرمزی زمرد کہنہ لعل بدخشی فاذ زہر معدنی عنبر اشہب ورق طلا محلول ورق نقرہ محلول
کہربا شمعی درونج عقربی پوست بیرون پستہ ابریشم مقرض گل گاؤزبان زعفران قفاح اذخر خولنجان زرنب اسارون بسباسہ ہر ایک ایک مثقال پوست
ترنج اترج بہمن سرخ بہمن سفید شقاقل مصری دارچینی طباشیر سفید فرنجمشک صندل سفید ساذج ہندی گل ارمنی مغسول گل داغستانی دانہ ہیل بادرنجبویہ
ہر ایک ڈیڑھ مثقال عنبر اشہب مشک تبتی ہر ایک نصف مثقال شیر آملہ منقی پینسٹھ ٦٥ مثقال زرشک منقی سات مثقال آملہ اور زرشک کو حمادان کے پانی
مین ایک شبانہ روز تک بھگوئین اور پانی کی مقدار نو رطل ہونا چاہیے اسکے بعد جوش کرین جب تین رطل پانی رہ جائے اتار لین خوب ملین اور گھسین اسکے
بعد فانیذ سنجری نبات سفید رب بہی رب لیمو ہر ایک کل اجزا کے نصف وزن عسل مصفی ہموزن اجزاء گلاب مین حل کرکے ہلکی آگ پر جوش کرلین
اسکا کف نکال کے جب دیکھین کہ کف نہین آتا ہو آملہ مطبوخ مین ملا کے قوام بنالین اور دوائین بطریق معجون آمیز کردین اور چینی کے برتن مین رکھ
چھوڑین مقدار خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک نوع دیگر معمول حکیم بقا خان برائے تقویت اعضائے رئیسہ و معدہ و ہضم طعام یاہ کو استعمال

دینے والی اشتہا بڑھانے والی مجرب ہے ترکیب سجدوار خطائی عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک ایکدرم مروارید ناسفتہ یشب کہربا مرجان ساذج ہندی زرنباد زرنب دانہ ہیل مصطگی عود خام اسارون دارچینی بہمنین صندل سفید بسباسہ جوز بوا سنبل الطیب بادرنجبویہ شکاع شیح ہر ایک دو درم ابریشم مقرض گل گاؤزبان کشنیز خشک ہر ایک تین درم گل سرخ سعد کوفی ہر ایک چار درم گل نیلوفر زرشک منقی طباشیر سفید زعفران ہر ایک پانچدرم ورق نقرہ سو عدد آملہ منقی پچاس عدد شہد خالص قند سفید نصف نصف وزن ادویہ سے سہ چند بدستور ترتیب دے لیجائے انوشدارو ے لولوی دیگر تالیف عمدۃ الاطبا حکیم محمد رضا ولد حکیم سلیمان ترکیب ورق گل سرخ چھ درم سعد کوفی چار درم قرنفل مصطگی قاقلہ کبابہ اسارون شامی دانہ ہیل بوا ہر ایک دو درم بسباسہ قرنفہ جوز بوا سنبل الطیب زرنب گل مختوم بسد محرق بازیانج پوست بیرون پستہ ہر ایک ڈیڑھ درم زعفران ساذج ہندی طباشیر سفید مروارید ناسفتہ کشیز خشک مقشر ابریشم مقرض پوست زرد اترج گل گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک ڈھائی درم عنبر اشہب ورق نقرہ ہر ایک دو درم مشک خالص ورق طلا ہر ایک ایکدرم شیر آملہ منقی ایک رطل آب سیب شیرین پچاس مثقال عسل مصفی قند سفید برابر برابر ادویہ سے سہ چند بدستور ترتیب دے لیجائے خوراک ایک مثقال کھانے سے پہلے اور کھانا کھانیکے بعد بھی کھائی جاسکتی ہے انوشدارو ے لولوی مجربات حکیم محمد ولد حکیم سلیمان سے مع اس تصرف کے جو حکیم علوی خان نے اس نسخہ مین کیا ہے تجربہ کرکے دیکھا گیا نافع ثابت ہوا ترکیب مروارید ناسفتہ بسد یشب سبز سعد کوفی مصطگی رومی اذخر مکی طباشیر سفید تخم خرفہ مقشر ساذج ہندی طین ارمنی سنبل الطیب ابریشم مقرض مدق گل سرخ ہر ایک دو مثقال عود قماری خام ساڑھے تین مثقال زعفران ایک مثقال مدق ورق طلا ورق نقرہ عنبر اشہب ہر ایک نصف مثقال شیر آملہ تیس مثقال قند سفید عسل مصفی نصف نصف بقدر ضرورت پہلی بار آملہ کو دودھ مین بھگو دین ایک شبانہ روز تک پھر گرم پانی سے دھوئین اور خالص پانی مین جوش کرین تاکہ گل جائے اور کپڑے سے چھان لین قند و عسل کو ملا کے قوام کرلین دواؤن کو کوٹ چھان کے معجون بنالین اور دوسرے نسخہ مین وزن عنبر اشہب کا ایک مثقال ہے اور وزن قند و عسل کا سہ چند وزن ادویہ سے اور لکھا ہے کہ آملہ کو گرم پانی سے دھونے کے بعد گلاب مین جوش دین تاکہ گل جائے تو اُسے چھان لین اور عسل و قند کے ہمراہ قوام کرکے دواؤن کو حسب دستور ملا دین نوع دیگر جسے حکیم مومن خان نے بیاض مجربات نواب حکیم محمد باقر سے نقل کیا ہے اور لکھا ہے کہ انوشدارو ے لولوی کے نسخون مین سب سے بہتر نسخہ ہے کمرر تجربہ کیا گیا ہے اعضائے رئیسہ کو تقویت دیتا ہے ضعف معدہ و بدن و نقاہت کو دور کرتا ہے بھوک بڑھاتا ہے ترکیب طباشیر سفید ابریشم مقرض مصطگی زعفران سنبل الطیب مروارید ناسفتہ کہربا گل سرخ ہر ایک تین مثقال یاقوت رمانی اسارون ریوند خطائی سعد کوفی عود ہندی اذخر مکی صندل سفید پوست زرد اترج ساذج ہندی بسد یشب سبز تخم بادرنجبویہ درونج عقربی دانہ ہیل زرشک عنبر اشہب ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک دو مثقال مشک ترکی ایک مثقال شیر آملہ منقی نوے مثقال آملہ کو نوے مثقال گلاب اور پانچ رطل آب باران مین جوش کرین تاکہ گل جائے اور چھلنی سے چھان لین اور ڈیوڑھے وزن ادویہ سے قند سفید اور مثل اسکے عسل سفید مصفی کا قوام بنائین اور دواؤن کو دستور کے موافق ملا کے معجون بنالین اور دوسرے نسخہ مین حکیم محمد باقر موسوی جوکہ حکیم محمد حسین ولد [illegible] کا معمول تھا وزن عنبر اشہب تین مثقال و مشک خطائی دو مثقال اور آملہ منقی ساٹھ مثقال ہے اور بجائے بسد و تخم بادرنجبویہ کے مرجان و بادرنجبویہ ہے اور صندل سفید مطلق ہے باقی دوائین بدستور لکھی ہین تحریر ہے کہ آملہ کو گلاب و عرق بیدمشک مین جوش کرین اور چھلنی سے چھان لین اور قند و عسل ملا دین اسکے بعد عنبر کو اسمین حل کرین پھر مشک و زعفران کو ان کے بعد ورقون کو آخر مین باقی اجزا ملا دین نوع دیگر یہ نسخہ سرد ہے حکیم موصوف کی تالیف ہے اور معمول والد معزی الیہ سے ہے ترکیب ابریشم مقرض طباشیر گل گاؤزبان گل سرخ مروارید ناسفتہ عنبر اشہب ورق طلا ورق نقرہ کہربائے شمعی

صندل سفید زرشک منقی ہر ایک تین مثقال یشب سبز مرجان قرمزی ریوند چینی ہر ایک دو مثقال یاقوت رمانی زعفران تخم بادرنجبویہ سنبل الطیب مصطگی ہر ایک ایک مثقال اسارون سعد کوفی دانہ ہیل درونج عقربی پوست ترنج دا ترنج اذخر مکی ساذج ہندی ہر ایک نصف مثقال عود ہندی غرقی ایک مثقال آملہ منقی ساٹھ مثقال ہمراہ نبات و عسل ہر ایک ہموزن جملہ ادویہ مرتب کریں خوراک ایک مثقال سے دو درم تک نوعدیگر بتصرفات سے حکیم معتمد الملک سید علویخان اعضائے رئیسہ اور معدہ کو قوت دیتی ہے آنکھوں کی روشنی بڑھاتی ہے مانع انصباب مواد ہے جو معدہ سے امعا کیطرف ہوتا ہے تعفن سے اخلاط کی حفاظت کرتی ہے اور ردیٔ کیموس اختلاط و غلبہ سودا سے مقوی باہ و مجفف رطوبات معدہ و امعا و دماغ و اعصاب ہے ہاضم و مشہی طعام ہے منھ کو خوشبودار کرتی ہے فرحت و سرور لاتی ہے ضعف دماغ و مالیخولیا اور تمام امراض سوداوی کو دفع کرتی ہے اور کثرت سے نفع میں مجرب ہے ترکیب غنچہ گل سرخ منزوع الاقماع چار مثقال مروارید ناسفتہ یشب سبز بسد محرق مغسول کہربائے شمعی ہر ایک دو مثقال طباشیر سفید ساذج ہندی پوست بیرون پستہ پوست زرد اترج فادزہر معدنی خطائی گل ارمنی مغسول گل داغستانی ابریشم مقرض صندل سفید بہمن سرخ بہمن سفید شقاقل مصری خولنجان ہر ایک تین مثقال سعد کوفی ہیل بوا سنبل الطیب زرنب ہر ایک ڈیڑھ مثقال زرشک منقی سات مثقال تخم خرفہ مقشر چار مثقال عنبر اشہب طلائے محلول ہر ایک نصف مثقال زعفران ورق نقرہ محلول ہر ایک ایک مثقال شیر آملہ منقی پچیس مثقال قند سنجری عسل سفید مصفی خوشبو نبات سفید ادویہ سے وزن میں سہ چند یعنے ہر ایک بوزن مجموع ادویہ آملہ کو ایک شبانہ روز گائے کے دودھ میں بھگوئیں پھر اچھی طرح دھوئیں اور انسے زرشک منقی کے ساتھ نو رطل آب خالص میں جوش کریں جب تین رطل باقی رہ جائے اتار لیں اور قند و عسل و نبات کو گلاب میں حل کرکے نرم آنچ پر جوش دیں اور اوسکے کف کو نکالتے جائیں جب کف آنا موقوف ہو جائے تو صاف کرکے آملہ کے مطبوخ میں ڈالدیں اور قوام بنالیں دواؤں کو بدستور مقررہ ملاکے معجون تیار کریں خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک نوعدیگر انوشدارو لولوی یاقوتی بھی انکے مرحوم کے اختراع سے ہے ترکیب مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی یشب کافوری عقیق یمانی بسد محرق مرجان قرمزی زمرد کہنہ فادزہر معدنی خطائی ورق طلا ورق نقرہ عنبر اشہب کہربا تفاح اذخر ہر ایک چار دانگ سنبل الطیب ورق گل سرخ سعد کوفی پوست بیرون پستہ پوست ترنج طباشیر سفید صندل سفید گل مختوم گل ارمنی ابریشم مقرض ساذج ہندی دانہ ہیل ہر ایک ایک مثقال شیر آملہ منقی بیس مثقال آب امرود آب بہ شیریں ہر ایک چالیس مثقال نبات سفید عسل مصفی ہر ایک پچاس مثقال اسکے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ شیر آملہ کو ایک رطل گلاب میں پکالیں تاکہ گل جائے پھر اسے ملیں اور اتار لیں ثفل کو دور کرکے آب امرود آب بہ اور نبات و عسل میں قدرے آب خالص ملاکے جوش کریں اور ہاتھ سے آمیز کردیں پھر آملہ مطبوخ میں داخل کرکے قوام کرلیں اور جواہر فادزہر و کہربا کو گلاب میں گھس کے ذہب و فضہ کو حل کرکے کل کپڑ چھنی دواؤں کو اسمیں ملادیں خوراک دو درم سے تین درم تک نوعدیگر مقوی معدہ و قلب اور دوران سر میں معمول ہے ترکیب عنبر اشہب ایک مثقال اسارون سعد کوفی سنبل الطیب بہمنین عود خام پوست بیرون پستہ ترنج ہلیلۂ کابلی زرنباد قرنفل دانہ الائچی خورد مصطگی دارچینی مشک طرامشیع ہر ایک دو مثقال گل سرخ ہلیلہ سیاہ زعفران اسطوخودوس ابریشم مقرض مروارید ناسفتہ ہر ایک تین مثقال زرشک منقی پانچ مثقال آملہ منقی پروردہ شیر چالیس مثقال ورق نقرہ سو عدد شہد خالص قند سفید نصف نصف دواؤں سے سہ چند بدستور مقرر بناکے استعمال کریں اور مفتاح التجربات میں وزن گل سرخ ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو مثقال مصطگی رومی تین مثقال ہے باقی بدستور نوعدیگر تالیف حکیم علویخان مقوی اعضائے رئیسہ و معدہ اور مصلح مزاج سوداوی ہے ترکیب آملہ پروردہ شیر

تیس مثقال زرنب اسارون دانہ ہیل جوزبوا لبسباسہ زعفران ہر ایک سات ماشہ تخم خرفہ چودہ ماشہ گل سرخ اکیس ماشہ سعد کوفی پانچ ماشہ گل گاؤزبان نو ماشہ مروارید ناسفتہ ساڑھے چار ماشہ قند سفید سہ چند مین قوام بناکے ملادین خوراک دو درم تو عدیگر تالیف حکیم ذکاء اللہ خان کہ اکثر مزاجون مین اسہال اور غیر اسہال مین موافق اور معمول ہے ترکیب شیر آملہ منقی دس مثقال مع قند سفید دو چند و شربت زرشک ایک چند گلاب نصف سیر کا قوام بناکے عود ہندی پوست بیرون پستہ مصطگی رومی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گل سرخ گل گاؤزبان پوست ترنج طباشیر کہربا شمعی یشب سفید ہر ایک ساڑھے چار ماشہ تخم خرفہ مقشر سات ماشہ مروارید ناسفتہ ایک مثقال صندل سفید گلاب مین پیس کے ساڑھے تین ماشہ آب سماق آب لیمون کاغذی ہر ایک پانچ درم عنبر اشہب پونے دو ماشہ ورق نقرہ ساڑھے چار ماشہ بطریق معمول مرتب کر کے چینی کے برتن مین رکھ چھوڑین مقدار خوراک تین درم سے چار درم تک ہمراہ مناسب بدرقہ کے استعمال کرین اتوشدار وے مقوی جگر۔ استسقا اور سوء القنیہ مین معمول ہے ترکیب گل سرخ سعد کوفی فلفل قرنفل اسارون حب بلسان سنبل الطیب ریوند چینی مصطگی زرنب لبسباسہ زرنباد جوزبوا زنجبیل ساذج اذخر ہر ایک دو مثقال گل غافث دو درم دارچینی تین مثقال نوہ ایکلدم آملہ آٹھ درم کوٹ چھان کے روغن بلسان مین چرب کر کے ہموزن اجزا گلقند اور شہد دو چند بدستور ملائین خوراک دو درم اتوشدار وے قابض نافع اسہال معدی دموی زلق الامعاء اور دافع سوء ہضم ہے مکرر عمل کیا جا چکا ہے ترکیب سعد کوفی ڈھائی تولہ پوست بیرون پستہ زرشک بیدانہ اسارون صندل سفید گلاب مین پیس کے تخم خرفہ مقشر گاؤزبان کشنیز خشک مقشر طباشیر قرنفل ہر ایک ڈیڑھ تولہ گل سرخ مصطگی ہر ایک تین تولہ دارچینی سنبل الطیب زرنب فاقلہ صغار اشنہ مشک خالص زعفران عنبر اشہب گلنار فارسی اقاقیا ہر ایک ایک تولہ صدف سوختہ ساذج ہندی قرنجشک رال صمغ بیل صمغ عربی نشاستہ دانہ مویز ہر ایک نصف تولہ آملہ منقی چالیس تولہ لسبد ڈیڑھ تولہ جوزبوا لبسباسہ ہر ایک دو ماشہ فاقلہ کبار تین ماشہ عسل سفید نصف سیر گلاب خوشبو ایک شیشہ نبات سفید ڈیڑھ سیر۔

چوتھی فصل انکبابات کے بیان مین۔ انکباب صداع حار و سرسام گرم و بیخوابی کو نافع ہے ترکیب جرادہ کدو تخم کاہو بنفشہ گل سرخ شعیر مقشر شاخہای خطمی برگ گل نیلوفر برگ بید تراشہ بادرنگ تخم لونرک کاہو سبز کاسنی تازہ برگ خرفہ کشنیز سبز گل لسبان افروز شاہسفرم پوست خشخاش تخم خشخاش جو کچھ بہم پہونچ جائے بقدر حاجت لیکے پانی مین جوش کرین قدرے روغن گل یا روغن بنفشہ یا روغن نیلوفر ملاکے انکباب کرین انکباب دوار بادری کو بعد تنقیہ مفید ہے ترکیب بابونہ برنجاسف برگ غار اکلیل الملک تخم شبت جوش کر کے اسکی بھاپ پر سر جھکائے رکھین ایضاً مفید امراض دماغی بارد مثل لقوہ بعد تنقیۂ عام و خاص غرغرہ و عطوسات کے بعد اسکا استعمال برائے تلطیف و تحلیل بقایائے فضول دماغی و اعصاب اور درد گوش جو کہ سردی سے ہو اور تنقیہ کے بعد باقی مواد کو تحلیل کرنے کے واسطے ترکیب۔ اکلیل الملک بابونہ حلبہ تمام زوفا خشک اسطوخودوس افسنتین اذخر بیخ بادیان بیخ کرفس پوست بیخ برگ ریحان برگ سداب عاقرقرحا حب الغار عشبہ مغربی برگ غار حرمل صعتر فارسی برنجاسف نانخواہ درمنہ مرزنجوش قیصوم پرسیاوشان تخم شبت حاشا فوتنج شیح ارمنی ان مین سے جنکو مناسب سمجھا جائے جوش دے کے انکباب کرین انکباب دیگر برائے لقوہ مسمی سے ترکیب صعتر سداب عاقرقرحا شیح ارمنی برگ غار بابونہ حرمل اکلیل الملک مرزنجوش جوش کر کے انکی بھاپ پر سر جھکادین

ایضاً سدہ بینی کو کھولتا ہے ترکیب لادن چوب گز شونیز جوش کرکے سر اوسکی بھاپ پر جھکائین تو علاوہ دیگر مادہ نزلہ اور زکام بارد کا نضج کرتا ہے ترکیب شبت
و بابونہ اکلیل الملک وصعتر جوش کرکے اُسکے بخار سے انکباب کرین انکباب نافع طرفہ ہے ترکیب سرکہ و گلاب ہموزن ملاکے جوش دین اور آنکھ کا بھپارہ کرین
انکباب برائے شبکوری ترکیب جگر بز قدرے بادیان و دار فلفل مین دیگ مین پانی کے ہمراہ پکالین اور اُسکی بھاپ پر سر جھکاکے بھپارہ لین انکباب
مفید روزکوری ترکیب بنفشہ بابونہ خطمی جوش کرکے اسکا سر کو بھپارہ کرین انکباب برائے درد گوش حار مجرب ہے ترکیب عنب الثعلب گل خطمی گل بنفشہ
کوکنار ہر ایک ایک تولہ آدھ سیر گائے کے دودھ مین جوش کرکے بھپارہ لین تو علاوہ دیگر درد گوش حار کے واسطے مفید ہے ترکیب گل بنفشہ گل سرخ گل خطمی عنب الثعلب
گل نیلوفر برگ بید ہر ایک دو تولہ کوکنار چھ ماشہ پانی مین جوش کرکے اُسکی بھاپ کان مین پہونچائین اور کبھی تخم کشنیز تخم کاہو شعیر مقشر نیکوفتہ بجائے گل نیلوفر
و برگ بید کے داخل کیا جاتا ہے اور اگر درد کو تسکین دینے اور تبرید کی زیادہ ضرورت ہو تو تخم کاہو و بزر البنج بڑھادین اگر تحلیل کرنا زیادہ منظور ہو تو بابونہ اکلیل الملک
ملادین انکباب منضج شہد گوش دمقی و سخ ترجمہ کیواسطے ترکیب بزر کتان بزر حلبہ تخم شبت بابونہ اکلیل الملک گل خیرو عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ برگ
نیب پانچ تولہ جوش کرکے انکباب کرین انکباب برائے درد ورم بارد گوش ترکیب بابونہ افسنتین اکلیل الملک ہر ایک ایک تولہ آدھ سیر گائے کے
دودھ مین جوش کرکے اوسکا بھپارہ لین اور کبھی بابونہ کے عوض گل خطمی دیتے ہین انکباب برائے درد گوش کہ ریح باردہ غلیظہ کے سبب سے ہوتا ہے مفید ہے ترکیب
شبت سبز بابونہ اکلیل الملک ورق غار نمام مرزنجوش قیصوم سبکو جوش کرکے انکباب کرین انکباب حار ٹھنڈ سے کان کے درد یا ریاحی نزلے کے سبب سے اور
اوس مادہ کو تحلیل کرنے کی غرض سے جسے قطورات سے آرام نہ ہوا ہو معمول ہے پیپ آتی ہو تو اوسکے لیے بھی نافع ہے ترکیب گل خطمی گل بابونہ اکلیل الملک بزر کتان
تخم مرو نمام مرزنجوش پرسیاوشان ہر ایک چھ ماشہ زوفا خشک تین ماشہ جوش کرکے قمقمہ کے ذریعہ سے اوسکی بھاپ کان کے اندر پہونچائین انکباب
گرانی گوش کے واسطے جو مسہل کے بعد پیدا ہوئی ہو اور اوسکا سبب بخارات ہوتے ہین زائل کرتا ہے اور ریاحی مین بعد تنقیہ کے بھی نافع ہے ترکیب - بابونہ
اکلیل الملک قیصوم ہر ایک دس درم پودینہ نمام مرزنجوش اذخر پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس گل سرخ ہر ایک پانچ درم دس سیر پانی مین جوش
کرین جب تین سیر باقی رہ جائے تو کان اور سر کو اسکا بھپارہ دین اور حوالی گوش پر نطول کرین اس طرح کہ کان مین پانی نہ جانے پائے انکباب برائے
دوی و طنین مفید ہے ترکیب شبت نرگس اکلیل الملک بابونہ مساوی پانی مین جوش کرکے کان کا بھپارہ کرین انکباب طنین و دوی مین بعد تنقیہ
دماغ کے کام آتا ہے ترکیب پودینہ افسنتین مرزنجوش صعتر فارسی جوش کرکے انکباب کرین اور یہ بجائے گل بابونہ اسطوخودوس شکاع اشیح معصفر حاشا
بعدہ خشک ابہل نطراسالیون شحم حنظل جوز السرو کافیطوس دار شیشعان شبت کل یا ان مین سے جو دوائین مل سکین سابقہ ادویہ مین بڑھاکے انکباب
کرین انکباب نقصان سمع بلغمی کے واسطے جو بعد تنقیہ دماغ کے ہوا ہو مفید ہے ترکیب سداب صعتر افسنتین ہمراہ سرکہ و زیت اور پانی کے پکائین قمقمہ
کے ذریعہ سے بھاپ کان مین پہونچائین اور دوی و طنین مین پودینہ مرزنجوش بجائے سرکہ و زیت کے ملاتے ہین انکباب خیشوم کے لیے اور یہ مفتح سدہ خیشوم
کہ زکام اور نزلہ کے سبب سے ہوتا ہے ترکیب - بابونہ خردل کمون شیح تمام پودینہ صعتر جوش کرکے بھپارہ لین انکباب خناق دموی و صفراوی کے واسطے
نافع ہے انتہائے وقت پر جبکہ صلب ہوجائے ترکیب برگ خبازی کشنیز سبز برگ بنفشہ سبز اکلیل الملک عنب الثعلب ہموزن جوش کرین اور منہ کھول کے

اُسکو سامنے رکھین تاکہ بھاپ حلق مین پہونچے اور ورم تحلیل ہو جائے تو عدیگر گل خطمی بابونہ عنب الثعلب سر کہ مین جوش کرکے روغن گل ملا کے بھپارہ لین تو عدیگر برائے تحلیل انتہا مین معمول ہو ترکیب پوست نیب عنب الثعلب جوش کرکے بھپارہ لیا جائے انکباب دردیچی کے واسطے ترکیب۔ برگ سرس برگ سنبھالو برگ کرنجوہ برگ سہجنہ جوش دے کے انکباب کرین انکباب اوزاقی کہ اہل ہند سے مخصوص انہو ا سپر ہو ترکیب برگ بکائن تخم بکائن برگ گز برگ تمر ہندی برگ سنبھالو برگ بنگ برگ جامن برگ سرس برگ نیب ہمگ درخت کنگھی برگ ارہر امر بیل ان مین سے جنکو مناسب سمجھین اور جو مل سکین انکباب کرین اور اسی طرح انکے درخت کا انسے انکباب نافع ہو

پانچوین فصل آبزنون کے بیان مین آبزن دافع امراض دماغی بارد ترکیب بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش برگ غار اذخر برگ ترنج برگ نارنج اسطوخودوس بیخ سوسن نمام جاشا وج فوہ پودینہ جبلی وبری شبت برگ صنوبر پوست درخت صنوبر برگ سداب حلبہ قیصوم شیح صعتر برگ مازریون گل یاسمین عشبہ مغربی حرمل جندبیدستر طبیب ماہر ان دواؤن مین سے جو مناسب جانے اور ممکن ہون اُن سے آبزن کرائے اور آبزن سے خارج ہونے کے بعد عضو ماؤف کو وہان گرم سے تمریخ کرین مثل روغن قسط وغیرہ کے **آبزن علوی خان** بعد تنقیہ کے فالج اور استرخا کے واسطے بکرات و مرات مجرب ہو ترکیب آب کبریتی کہیں مل جائے تو بہتر ہی ورنہ ہو تو خالص پانی اُسکا بدل کرین اور اُسمین گل بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش برگ غار اذخر برگ نارنج اسطوخودوس بیخ سوسن بہار نارنج آقاقیا گل یاسمین نمام وج ترکی پودینہ بری و جبلی و ہندی دفوہ الصباغین برگ صنوبر پوست بیخ صنوبر عشبہ مغربی برگ سداب چوب چینی ہر ایک دو اوقیہ داخل کرین یا دوسٹی کے سبو جون مین میٹھا پانی جوش کرین کہ تیسرا حصہ جل جائے پس اوسکے ہموزن روغن زیت اور ایک کفتار یا ارنب زندہ کو اُسمین ڈال کے جوش دین کہ خوب گل جائے پس عمل کرین **آبزن** بقیہ مادۂ فالج کو تحلیل کرنے کے واسطے معمول ہو ترکیب۔ بچہ گرگ چار ماہ کا نر اخصیا تین ضفدع کلان صحرائی دس اکلیل الملک گل بابونہ گل عاشقانہ بانسی بزر البنج ہر ایک نو تولہ مکوہ دس تولہ کھاری پانی مین جوش دے کے روغن قسط ہموزن روغن آجر تہائی وزن اضافہ کرکے کام مین لائین **آبزن علوی خان**۔ بعد تنقیہ کے تشنج امتلائی مین مجرب ہے۔ ترکیب چوب بیدسفید برنجاسف گل برنجاسف برگ ترنج و بہار نارنج بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش نمام اسطوخودوس اقحوان صعتر فارسی شیح ارمنی تخم حرمل عشبہ مغربی ہر ایک تین جنگل کلان بہت سے پانی مین جوش کرین کہ خوب پک جائے اسکے بعد خرگوش یا ثعلب زندہ ہاتھ پانون باندھ کے اوسمین ڈالدین تاکہ پک جائے پھر روغن زیت و شبت ہر ایک ایک سیر اضافہ کرکے اول اعضاے ماؤف کو اُسکی بھاپ پر رکھین تاکہ پسینہ نکل آئے بعدہٗ آبزن کرین اوسکے بعد فضل کو لپیٹے گرم گرم باندھ دین اور جسم بشلغم تیلی چند روز استعمال کرین اور یا بدر بزنگہ روغن زیت کے ڈالا کرین **آبزن نافع تشنج یبسی**۔ **ترکیب** تخم خطمی تخم خبازی گل خطمی گل خبازی غنچہ گلسرخ گل بنفشہ ہر ایک پانچ مثقال برگ عنب الثعلب برگ کدو جبلہ کہ یا جراد قثا برگ علاف برگ خیازی برگ خطمی ہر ایک دس مثقال شعیر مقشر دو مٹھی پانی مین جوش کرکے صاف کرکے آبزن کرین۔ خروج کے بعد روغن بابونہ یا روغن بنفشہ یا بادام کی جسم پر مالش کرین اور اطبا ہند کے نزدیک آبزن بکری یا گاے کے دودھ یا روغن کنجد کے ساتھ تشنج یبسی کے واسطے نافع ہو **آبزن استنباط علوی خان** اور لکھا ہے کہ اس آبزن کے مثل کوئی دوسری ایسی دوا نہین ہو جو خشکی سے تشنج کو دور کرے اور اطبا اوسکے علاج سے مایوس ہو گئے ہون ترکیب پایہاے بزغالہ سفید و سرہاے

میش ششماہہ جو مقشر نیکوفتہ برگ کاہو خرفہ تر برگ بید گل بنفشہ گل نیلوفر اسفاناخ کدو تراشیدہ خیارین عناب سپستان اسغول بہدانہ بابونہ گل خطمی سفید بہت سے پانی مین جوش دین کہ کھول جائے صاف کرکے تخم خرفہ مقشر مغز تخم کدو مغز تخم تربز خشخاش سفید ہر ایک بیس مثقال دس رطل عرق نیلوفر مین شیرہ نکال لین اور دو کاسہ آبخوری مین اُس شیرہ کو نکال کے رکھ چھوڑین اور سبکو مطبوخ مذکور مین ڈالدین روغن بنفشہ زیادہ ملا کے اُسے نیمگرم کرین اور بیمار کو اسمین بٹھائین اور قریب اسکے لوٹے مین رکھ کے اُسکے سر پر ڈالین جسوقت کہ سرد ہو جائے تو اُن مین سے ایک پیالے کو پی جائین اور آبزن مذکور کو رکھ چھوڑین اگر دوسرے دن گرم کرکے بدستور بیمار کو اُسمین بٹھائین اور اُسکے سر پر نطول کیا جائے بعد سرد ہونے کے باہر نکلے اور دوسرا کاسہ شیرہ کا پی جائے اور آبزن کے پانیون کو اسقدر جوش کیا جائے کہ کل پانی جل جائے صرف روغن باقی رہے تو اُسکی بدن پر مالش کیجائے اور اگر اس مطبوخ مین بجائے روغن بنفشہ کے روغن نیلوفر ملایا جائے تو اچھا ہے آبزن رعشہ امتلائی بلغمی کے واسطے نافع ہے ترکیب۔ اذخر مکی اسطوخودوس فاوانیا ہر ایک ایک اوقیہ بہت سے پانی مین جوش کرکے صاف کرلیجئے پھر ایک کفتار نر کو ہاتھ پانون باندھ کے زندہ اُسمین ڈالدے ٹھیک جسوقت جوش ہو رہا ہو اور اگر بجائے کفتار کے خرگوش ہو نافع ہے بلکہ انفع اور جوش دے کے کھولالین اور جوش دیتے وقت دو تین ٹہنیان شبت تازہ تھوڑا سا نمک اور برگ کلم ڈالدین اور صاف کرلین جس وقت معتدل الحرارت ہو جائے مریض کو اُسمین بٹھائین اور ٹھہرا رہنے دین تاکہ سرد ہو جائے اگر تہائی حصہ آب زیت کہنہ ملادیا جائے تو انفع ہے ایک ہفتہ تک اس آبزن کا استعمال کیا جائے آبزن۔ نافع ہے حبس کے سبب سے خدر ہو نیکو اور جفاف کو تالیف حکیم علویخان اور مجرب النفع ہے تحریر فرماتے ہین کہ اگر کچھ اس علت سے نہ ہو تو اس آبزن سے ہو جائے اور اگر اس سے خلاصی نہ پائے تو تربیت ممکن نہین ہے ترکیب۔ گل بنفشہ گاؤزبان گل نیلوفر گل خطمی گل پنبہ دانہ جو ادہ کدو شیرین وخیارین ہر ایک ایک من سہند دانہ تر و تازہ ٹکڑے ٹکڑے کرکے نصف من جو مقشر نیکوفتہ ایک رطل سرطان نہری بیس عدد پاچہ بزغالہ بیس عدد پیہ گردہ بز چالیس مثقال عناب سپستان ہر ایک چالیس دانہ گل بابونہ پانچ مثقال سب دواؤن کو بہت سے پانی مین جوش دے کے کھولالین صاف کرکے کسی برتن مین آبزن کیلئے رکھدین روغن بنفشہ روغن کدو ہر ایک ایک رطل داخل کرکے نیمگرم کرین اور اُسمین بیٹھین ایک گھنٹہ تک اور چند روز صبح وشام اسپر عمل کرین آبزن مسکن وجع اور مفید زحیر بلغمی ترکیب۔ شبت تخم کتان حلبہ خطمی جوش کرین اور اُسکے طبیخ مین کہ نیمگرم ہو بیٹھین آبزن مفید قولنج و درد گردہ و مفتح بول بستہ ترکیب۔ بابونہ اکلیل الملک گل خطمی خارخسک پرسیاوشان پودینہ خشک خارشتر حب قرطم تخم شبت ہر ایک دو تولہ حب قلت پاؤ بھر پوست بیخ بادیان چار تولہ تخم حلبہ تین تولہ گل بنفشہ دو تولہ گل ٹیسو نخود سیاہ آدھ پاؤ ہر ایک تخم خربزہ ایکتولہ برگ سداب زیرہ سیاہ تخم کرفس ہر ایک ایک تولہ جوش کرکے آبزن کرین آبزن نافع درد بواسیر ترکیب برگ بنگ کوکنار ہر ایک بقدر تین تولہ کوٹ کے دو سیر گائے کے دودھ مین جوش کرین تاکہ کھولنے لگے پہلے اس سے انکباب کرین پھر صاف کرکے اُسمین بیٹھین اگر چاہین تو پانی بھی بقدر مناسب دودھ کے ساتھ بڑھادین اور جو النسہ کو جوش کرکے صاف کرین اور اسمین بیٹھنا بھی بواسیری درد کیواسطے نافع حبس بول کے لیے مفید ہے نوع دیگر مسکن بواسیر ترکیب تخم خطمی خبازی تخم کتان اکلیل الملک بابونہ حلبہ شبت باقلا بنفشہ خارخسک پوست خشخاش اجزا نیکوفتہ جوش کرکے اسکے پانی مین بیٹھین۔ اولان اجزا مین سے جو دستیاب ہو جاوین وہی کافی ہین آیضاً خون بواسیر بند کرتا ہے ترکیب گلنار برگ مورد مازو بلوط خرنوب پوست انار شب یمانی پانی مین جوش کرکے بیٹھین

آبزن خروج مقعد کے واسطے کہ ورم ہو جاتا ہی ترکیب عدس گل سرخ عنب الثعلب سماق جوش کر کے عمل کرین۔ یا جفت بلوط گلنار مازو سبز برگ آس بقدر حاجت جوش کر کے اُسمین بیٹھین آبزن استرخاء مقعد کے واسطے مفید اور خروج مقعد کے لیے نافع ہی ترکیب طراثیث نہ ورد پوست انار تخم خطمی آس قرظ قسط مرکی اذخر پانی مین جوش کر کے اُسمین بیٹھین بعدہ روغن قسط نیم گرم سے تدہین کرین اوسپر سے اسفیداج زرد و آس خشک مقل اندق زیرہ اذخر کندر گل پانان مین سے بعض کو پیس کے ذرور کرین اور دوسرے نسخہ مین عدس گل سرخ عنب الثعلب سماق نفطا اور نسخۂ ذکائی مین گلنار جفت بلوط مازو سبز برگ آس ہی آبزن کلیہ حار وبارد کے لیے نافع ہی ترکیب اکلیل الملک بابونہ سبوس گندم جو مقشر عنب الثعلب تخم خطمی نیم کوفتہ پانی مین جوش دے کے آبزن کرین آبزن مفتت سنگ گردہ ومثانہ اور مدر بول ہی ترکیب بابونہ گل سرخ خطمی اکلیل الملک ہر ایک دس درم پوست خربوزہ خشک کردہ برسیاوشان عنب الثعلب نیکوفتہ ہر ایک سات درم اشنان بیخ سوسن بیخ بادیان ہر ایک پانچ درم کاکنج حلبہ ہر ایک چار درم برنجاسف گل بنفشہ ہر ایک تین درم دو خوگل نیلوفر بیخ ہلیون ہر ایک دو مثقال دس سیر پانی مین جوش کرین جب آدھا رہ جائے تو حمام مین طشت بھر کے اوسمین بیٹھین اور نطول کرین اور جب اُس سے باہر آئین روغن عقرب دو تین قطرہ احلیل مین ٹپکائین آبزن برائے حبس بول ترکیب عنب الثعلب گل خطمی گل بنفشہ برسیاوشان خار خسک نیکوفتہ ہر ایک دو تولہ بنفشہ اکلیل الملک تخم شبت تخم کرفس حلبہ ہر ایک ایک تولہ گل کسنب گل ٹیسو ہر ایک چار تولہ تخم خبازی دو تولہ کلتھی ایک تولہ بابونہ دو تولہ سبوس گندم چار تولہ سب کو دس سیر پانی مین جوش کرین جب تہائی رہ جائے اُسمین بیٹھین آبزن مفید سنگ گردہ ومثانہ وعسر البول واحتباس حیض اور مردہ بچہ کو نکال دیتا ہے نیز معین اسقاط ہی ترکیب نعناع سداب مشکطرامشیع نانخواہ قنطوریون سنبل الطیب مرزنجوش ابہل وج نمام برسیاوشان برنجاسف مرکی فراسیون سلیخہ اذخر قسط اکلیل شونیز ہلیون برگ کرنب کرفس حاشا فودنہ جعدہ عود بلسان اسارون بابونہ برگ ترب اسپست تخم شلجم تخم گندنا زبل کبوتر صحرائی شبت تخم قلت پوست بیخ بادیان تخم خربزہ پوست خربزہ خشک پوست بیخ خطمی خار خسک بنفشہ اشنان درمنہ تخم خطمی برگ خطمی بیخ سوسن کاکنج دو قو قیصوم پوست بیخ کبر برگ کنجد بزر قرطم ان دواؤن مین سے طبیب ماہر جنکو مناسب سمجھے جوش دے کے آبزن کرے اور ان ادویہ کا نطول بھی فائدہ مند ہوتا ہی آبزن نافع ہی ورم مثانہ کے واسطے اور مثانہ اختلاط مین مستعمل ہی چاہیے کہ مریض اوسمین بیٹھے اور اگر پیشاب کرلے کی احتیاج ہو تو بہتر ہے کہ اوسمین پیشاب کر دے ترکیب داہ شیشعان فودنہ سعد کوفی سنبل الطیب حماما اذخر بابونہ حلبہ بزر کتان شلغم خشک کلم پانی مین جوش کر کے طشت مین رکھے اور مریض اوسمین بیٹھے ایضاً لل ورم صلب مثانہ ترکیب بابونہ اکلیل تخم کتان حلبہ تخم خطمی مغز خسک دانہ برسیاوشان خار خسک جوش کر کے آبزن کرین اور دھارین آبزن ارتفاع خصیتین کے واسطے جبکہ زہار و مراق بالا سے خصیہ ٹرھ جائے مفید ہی تالیف علوی خان ترکیب بابونہ مرزنجوش حاشا نمام زوفا خشک عنب الثعلب برگ زیتون اکلیل الملک تخم کتان جوش کر کے روغن قسط اور روغن ناردین ملا کے طشت مین رکھین اور مریض کو اوسمین بٹھائین دوبارہ اوس پانی کو لوٹے مین ڈال کے پشت و زہار پر تریڑا دین اور ملائمت کے ساتھ اوپر سے نیچے کی طرف ہاتھون سے ملین تاکہ خصیہ اپنی جگہ پر آجائے آبزن ادرار طمث کرتا ہی ترکیب سلیخہ مرزنجوش پودینہ قسط اکلیل شونیز کرنب سداب تخم کرفس حاشا برنجاسف قردمانا ہر ایک جیر کو پکالین اور اوسمین بیٹھین اگر شبت و بابونہ بڑھالین بہتر ہے آبزن برائے ورم رحم ترکیب گل خطمی سفید گل نیلوفر برگ خطمی تازہ جو مقشر نیکوفتہ سبوس گندم تخم خربزہ نیکوفتہ اکلیل الملک گل بابونہ

تخم خطمی کرنب تازہ عنب الثعلب تازہ برگ کاسنی تازہ برگ شلغم تازہ مع بار بقدر ضرورت تیس یا چالیس سیر پانی مین جوش کرین کہ خوب پکنے لگے ہاتھو سے خوب ملین صاف کرکے نیمگرم پانی مین بیٹھین اور اُسی پانی مین سے تھوڑا پانی لوٹے مین ڈال کے جہانتک ممکن ہو جس مقام پر ورم ہو ڈالا کرین اور انحطاط کے زمانہ مین تخم کتان و حلبہ و چقندر و شبت بھی بڑھا لین اور آبزن سے باہر نکلنے کے بعد روغن حنا یا روغن شبت بشرطیکہ منع نہ ہو تد ہین کرین آبزن مدر حیض ترکیب - پودینہ خشک سداب مشکطرامشیع فنطوریون سنبل الطیب مرزنجوش اہل ہر ایک بیس درم سخت دواؤن کو کوٹ ڈالین اور پانی مین جوش کرکے ناف تک بٹھائین اور کبھی اذخر قسط اکلیل الملک شونیز تخم کرفس برنجاسف قردمانا زیادہ لیا جاتا ہی آبزن برائے زنان حاملہ کہ حیض دیکھا جائے اور خلاف عادت ہو یہ نسخہ مفید ہوگا ترکیب گلنار مازو بلوط پانی مین پکاکے اوسمین بیٹھین آبزن حابس حیض - ترکیب - قرص کہربا یا آب آس کھاکے کزمازج جوز السرو پوست انار نیکوفتہ ہر ایک تین درم شب یمانی مازو نیکوفتہ گلنار ہر ایک پانچ درم گل سرخ برگ مورد ہر ایک دس درم دس سیر پانی مین جوش کرکے جب پانچ سیر باقی رہ جائے طشت مین ڈال کے بٹھا دین اور اسی پانی کو پشت و زہار پر چند بار بہائین اور حجامت بے شرط زیر پستان برائے جذب مادہ کے واسطے کام آتا ہی آبزن - بچہ مردہ و زندہ اور مشیمہ کو خارج کرتا ہی ترکیب - مشکطرامشیع برنجاسف وج ترکی قسط تلخ سلیخہ نانخواہ فوتنج مرزنجوش تخم بلبون حلبہ فراسیون جعدہ عود بلسان اسارون ہر جز کو جوش کرین اور اوسمین بٹھائین آبزن حافظ جنین جو پیٹ مین اسقاط سے ہو جاتا ہی ترکیب - صندل سفید نیکوفتہ برگ نیلوفر تخم مورد اقاقیا ہر ایک تین درم گلنار چار درم گل سرخ دس درم پانچ سن پانی مین جوش کرین جب دو سن رہ جائے اوسمین بٹھائین آبزن دق کی حمی مین کیا جاتا ہے ترکیب گل نیلوفر گل بنفشہ پوست خشخاش جو مقشر نیکوفتہ تخم خطمی برگ کاسنی برگ بید برگ خبازی تراشہ کدو و تربوز تراشۂ خیار تخم کاہو برگ کاہو برگ خرفہ برگ اسفاناخ کل یا جو میسر آئین پانی مین جوش کرین اور مریض کو اوسمین بٹھائین اور بیمار کا سر پانی سے باہر رہے پانی نیمگرم ہونا چاہیے بعد خروج کے تدہین بنائے ہوئے تیلون سے مثلاً روغن کدو و خشخاش اور اسکے اجزا ضروری ہین اور اسی طرح کان ناک مین تقطیر کرنا چاہیے اور اطبائے ہند کے نزدیک آبزن بکری کے دودھ یا گائے کے دودھ مین کرنا اور اُس سے بدن کو دلک کرنا مفید ہے -

باب الباء الموحدہ مشتمل بر سہ فصل

فصل اول باشویون کے بیان مین - جاننا چاہیئے کہ باشویہ صداع و سرسام اور تمام دماغی تکلیفون کو اسفل سے مواد جذب کرنیکی وجہ سے بہت نفع بخشتا ہی اور تفتیح کے سبب سے بھی مسام کو تسہیل عرق اور حرارت ظاہر مین تپ کے واسطے جو آخری نوبتون مین ہوتی ہو فائدہ پہونچاتا ہی لیکن اسکا استعمال عین تپ کی شدت اور حرارت کی افراط کے وقت نہین روا ہو کیونکہ پانی کی گرمی بخار کی گرمی کو بڑھاتی ہو اور اگر ضرورت ہو مثلاً سرسام ہونے کا اندیشہ ہو اور اسکا جز داعی ہو تو آب نیمگرم مائل بسردی سے کرین اور استعمال کے وقت مریض کا سر پشت کی طرف جھکا رکھین تکیہ رکھ کے پانی کی طرف اور مریض کے منھ لے درمیان مین چادر رکھین تاکہ بخار دماغ مین نہ پہونچے اور اصل باشویہ گرم پانی ہے اور قوت تاثیر اور ازالہ اور ارخاء جلد کی تقویت کے واسطے دوسری دواؤن کا اضافہ کردین مثلاً اگر مادہ حار ہو مثل گل بنفشہ و گل نیلوفر اور مثل انکے اور اگر مادہ بارد ہو مثل بابونہ و اکلیل الملک اور مانند انکے بڑھا دین اور اوسکا طریقہ یہ ہی کہ دوائین بہت سے پانی مین جوش کرکے صاف کیا ہوا ظرف مین رکھین پاؤن اُسمین ڈالدین اور پنڈلیون کو اوپر سے نیچے کی طرف سوتین تاکہ اچھا معلوم ہو اور

جسقدر طبیعت برداشت کر سکے پاؤن کو ادسمین رکھین بیان تک کہ جب کسی قدر گرمی اُسمین باقی رہ جائے پاؤن کو نکال لین اور کپڑے سے خشک کر ڈالین جاڑے مین پیٹ دین خاصکر ٹھنڈی ہوا مین اور اچھا یہ ہو کہ برتن گہرا ہو تاکہ پاؤن زانوتک غرق ہو جائین اور تکرار عمل حسب ضرورت ہوتی ہو اور جب کبھی بعد پاشویہ کے پاؤن کا باندھنا جذب مواد کی جہت سے واجب ہوتا ہو جسوقت اُنہین کھولین تو پاؤن گرم پانی مین ڈالین تاکہ جذب کیا ہوا ابخرہ چڑھ نہ جائے وصل و فتگہ نہ کرین ابتدا اپنجہ کیطرف سے کرنا چاہیے بخلاف باندھنے کے اور جسوقت پاشویہ اور مجمہ کی ضرورت لاحق ہو بلا شرط انجام دین بعدہ پاشویہ کرین تاکہ ابخرہ جو بسبب مجمہ کے نیچے کی طرف منجذب ہوے ہون پاشویہ سے تحلیل ہو جائین دوبارہ صعود نہ کرین اور مخفی نہ رہے کہ طبیبون کا مقولہ ہو کہ جسطرح دماغ کی پاؤن مین خراش سے قلب کو ہاتھون سے لگاؤ جسطرح بخار کو دماغ سے اسفل کیطرف جذب کرنے کیلئے پاشویہ کیا جاتا ہے اسیطرح قلب سے بخار کو جذب کرنیکے واسطے دست شویہ کرتے ہین اور اسیطرح ترتیب و تبرید دماغ و دفع سہر کے واسطے تدہین کف پا مین کیجاتی ہو حرارت قلب کیلئے کفدست پر تیل صندل و کافور و ضماد وغیرہ کے کہ ملتے ہین اور طلا کرتے ہین لہذا اگر ہتھیلی پر مالیدہ ڈالی جائین گے تو ویسے ہی جذب بخار کریگا پاشویہ بارد۔ امراض حارہ دماغی مین مستعمل ہو ترکیب۔ عنب الثعلب گل بنفشہ گل خطمی گل نیلوفر ہر ایک ایک درم سبوس گندم چار درم برگ کنار پاؤ بھر پانی مین جوش کرین جب تیسرا حصہ جل جائے صاف کر کے پاشویہ کرین کبھی سبوس گندم کی جگہ جو نیمکوفتہ بھی استعمال کرتے ہین اور اگر تبرید زیادہ مطلوب ہو برگ خرفہ برگ اسغاناخ گل سرخ کاہو تراشہ کدو زیادہ کردین پاشویہ حار صداع بارد کے واسطے علاج الامراض سے ترکیب۔ گل بابونہ اکلیل الملک خطمی عنب الثعلب زوفا حاشا خردل نمک طعام سبوس گندم تمام بدستور متعارف پاشویہ کرین اور اگر چوب چینی عشبہ مغزلی حسب حاجت اضافہ کردین تو زیادہ قوی ہو جائے تو علاوہ گل دماغی امراض بارد مین نافع اور معمول ہو ترکیب۔ گل بابونہ مرزنجوش عنب الثعلب برگ شبت ہر ایک دس درم سبوس گندم چہل درم بدستور پاشویہ کرین کبھی اکلیل و بادرنجبویہ و برگ سداب جو مناسب سمجھین زیادہ کردین

فصل دوم بخورات و نجمات کے بیان مین بخور صداع حار مادی کے واسطے نافع ہو بعد تنقیہ کے مستعمل ہو ترکیب۔ گل بنفشہ برگ خطمی جو مقشر نیمکوفتہ گل نیلوفر چرادہ کدو بابونہ سب کو پانی مین اُبال کے برتن مین رکھین روغن بنفشہ روغن گل اُسمین ڈال کے بیمار کے سر پر چادر اوڑھادین اور اوسکے بخار پر اپنا سر مریض جھکا دے پانی کو ہلا دینا چاہیے کہ بخار دماغ مین پہونچے اور دن مین دو تین مرتبہ یہ عمل کرنا چاہیے اور اطراف کو پاشویہ سے دھونا چاہیے بخور نافع صداع بارد مع مادہ بیضہ کے ہو ترکیب۔ مرزنجوش پودینہ بابونہ اکلیل الملک قیصوم شبت شیح تمام برگ غار سب دواؤن کو پکا کے بدستور عمل کرین اور سر پر اسکا نطول بھی مفید ہو بخور شقیقہ اور اکثر اقسام صداع کے واسطے ترکیب۔ سیندور خشک کاغذ کے اوپر ملین اسطرح پر کہ کاغذ سرخ ہو جائے پھر اُس کاغذ کا فتیلہ بنا کے ایک سرے پر اُسکے آگ لگا دین اور اُسکا دھوان ناک مین ٹپکین جسطرف کہ درد ہو اُسطرف سے اور اگر تمام سر مین درد ہو دونون نتھنون سے دہوئین کو کھینچین بخور نشر غش مین تیسرے دن کام آتا ہو ترکیب۔ بادیان مرزنجوش بابونہ حاشا فودنج سادی سرکہ مین پکا کے ناک کے نزدیک رکھین اخلاط کو قطع کرتا ہو بخور۔ حواس مین قوت فکر مین ذکاوت ارواح مین منعش مقوی قلب اور باہ مین حرکت پیدا کرتا ہو ترکیب۔ مشک عنبر مصطگی گلاب مین کہ جسمین تھوڑا سا گوند حل کیا ہوا ہو حل کرین اور عود کو کوٹ چھان کے ملا دین اور خمیرہ کر کے موٹے فتیلے بنا لین اور خلا مین اگر چاہین تو شمع مین پگھلائین تاکہ جب شمع روشن ہو اُسکی خوشبو پھیل جائے اور اگر اُسکا دھوان لباس مین لگے گا تو معطر

ہوجائے گا نوحہ کیگر دہن ودماغ کو تقویت دیتا ہے حواس کا تزکیہ کرتا ہے اور خفقان و غشی کا ازالہ کرتا ہے ترکیب عود ہندی قسط شیرین صندل سفید برابر برابر
مشک کافور ہر جزو سے نصف کوٹ چھان کے گلاب مین ڈالدین اور گولیان بنالین اور ضرورت کے وقت سلگادین بخور لقوہ مین تنقیہ کے بعد دیا جاتا ہے
ترکیب۔ سداب خبازی سبوس گندم تخم خطمی گل بابونہ دیگ مین ڈال کے اُسکے منھ کو کپڑے سے بندکر کے جوش دین جب اچھی طرح پک جائے جس
جگہ پر کہ مادہ ہو اُسکی بھاپ کو پہونچائین اور ٹھہرے رہین یہانتک کہ بدن سرد ہو کے خشک ہوجائے اسکے بعد چند قطرہ دہن مبارک کے ناک مین ٹپکادین
تین مرتبہ کے عمل سے مرض دور ہوجائیگا بحکم اللہ تعالے بخور فالج کے واسطے اور تشنج رطب کے لیے ترکیب سیر خام زنجبیل ہر ایک ایکدم بکاکے برگ
بکائن برگ سنبھالو ہر ایک پاؤبھر سیر زنجبیل کو جوکوب کر کے سبوں کو ملادین اور دو سیر پانی مین جوش کر ڈالین جب نصف رہجائے محفوظ مقام پر لحاف مین
بیٹھ کے بھپارہ لین اور بڑی احتیاط سے دوا کو ڈھانک دین بخور سیلان انف کیلئے جو گرمی کے زکام سے ہوتا ہے نافع ہے ترکیب۔ کافور جو بھائی درم نشاستہ گندم
تو تیق شعیر رقیق باقلا صندل سفید ورد بنفشہ ثمر طرفا ہر ایک نیم درم کوٹ چھان کے تیز سرکہ مین بھگودین اور خشک کر کے گلاب مین بندقہ بنائین ضرورت
کے وقت آگ پر جلا کے دھوان اسکا سونگھین ایضاً تفتیح سدہ منخرین کے لیے اور زکام صفراوی مین فضلہ کو جاری کرنے کے واسطے ترکیب۔ کاغذ
مصری نبات سفید کشنیز عنبر اشہب آگ پر چھڑک کے دھوان سونگھین بخور۔ نافع نزلہ و رطوبت منخرین ترکیب کندر میعہ سائلہ قسط شیرین سندروس
برابر برابر کوٹ چھان کے گولیان بنالین اور آگ پر روشن کر کے اُسکا بخار ناک مین پہونچائین ایضاً نزلہ محتبس کے امالہ کے واسطے ناک کیجانب
ترکیب شونیز کو تیز سرکہ مین بھگو کے گرم کی ہوئی اینٹ پر ڈالین اور چادر اوڑھ کے دھوان سونگھین ایضاً تبخیر شکر و منبلو جن اور اسی طرح تبخیر سندروس کا
صرف یا شکر کے ساتھ زکام کو قطع کرتی ہے خواہ حار ہو خواہ بارد اور شونیز بھی سرکہ مین بھگو کے گرم پتھر پر چھڑک کے اوسکا دھوان سونگھنا زکام مین نافع ہے
اور تبخیر لادن بھی نافع ہے تبخیر دارچینی بھی زکام مین مفید ہے بخور طرفہ کو زائل کرنیوالا ترکیب پتھر کو گرم کر کے شراب تند یا سرکہ اوپر چھڑکنا اور آنکھین
کھول کے اُسکا بھپارہ لینا تاکہ آنسو بہنے لگین اور اس طرح دو ایک بار کے عمل سے طرفہ دور ہوجائیگا بخور نزلہ کے سبب سے کان کے درد مین مجرب ہے
ترکیب کو کنار تین تولہ مرزنجوش چوب چینی عشبہ مغربی بیخ لالہ صحرائی بزرالبنج عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ بدستور استعمال کرین بخور علو نجان
برائے طرش و وجع گوش بارد اور ما سکے اکثر امراض کے واسطے ترکیب۔ بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش زوفا پوست خشخاش عنب الثعلب اسطوخودوس
افسنتین جوش کرین اور چادر اوڑھ کے سر اور کان پر اسکی بھاپ لین اور ایسی صورت مین کہ مادہ غلیظ ہو اور سوداویت ہو چوب چینی دو چند ایک جزو
داخل کرین بخور ثقل سمع جدید و عتیق (نیا یا پرانا) جسکو ہونی زندگی بخشتا ہے ترکیب مرزنجوش اکلیل الملک تخم شبت جوش کر کے کام مین لائین
بخور بودی و طنین کو کہ ثقل راس اور ضعف سماعت سے ہو نفع ہوگا ترکیب مرزنجوش شیح افسنتین فرنج صعتر سرکہ مین جوش کرین اور
اُسکی بھاپ اکثر اوقات ناک مین پہونچائین اور بدستور بخور لین بخور خشم بارد کو دفع کرتا ہے ترکیب پودینہ سداب صعتر جوش کر کے بدستور بخور کرین
بخور خشم کیواسطے کہ سدہ مصفات سے ہوتا ہے ترکیب شونیز زرنیخ سرخ فودنج بموزن کوٹ کے نئے آبخورہ مین جسکا منھ تنگ ہو رکھ کے بول
تیز اعرابی جسقدر کہ چھپا سکے اُسمین ڈال کے دھوپ مین رکھدین اور ہر روز دو تین مرتبہ کوزہ کو ہلا دیا کرین جب پیشاب خشک ہوجائے دوبارہ

ڈالین تین مرتبہ یہی عمل کرین چوتھے بار خشک کرکے تھوڑا سا آگ پر ڈالین اور اُسپر ڈھکنا رکھ کے اوسکا سرا تھنون کے قریب رکھین اور دھوان اُسکا چڑھائین تین روز
تک صبح وشام اور بخور کے بعد روغن بنفشہ یا کدو یا گل سے استنشاق کرین تجربہ۔ دانتون کے کیڑون کو مارتا ہے ترکیب تخم گندنا تخم پیاز بزرالبنج ہموزن کوٹ کے
بکری کی چربی یا موم کے ساتھ ملا کے آگ پر چڑھادین اور انبوبہ کے ذریعہ سے دھوان سونگھین تجربہ۔ سُعال مزمن کو کھونے والا ترکیب زرناوند مدحرج زرنیخ
سیعہ سائلہ قنہ راتینج کل دوائین برابر گائے کے گھی مین خمیر کرکے گولیان بنالیجائین ایک گولی آگ پر رکھکے قمع سے نہار کو اُسکا دھوان لین اور خلاصہ مین زرنیخ
سرخ راتینج کے بدلے تحریر ہے اور لکھا ہے کہ تبخیر کے بعد حریرہ آرد گندم ومغز بادام و روغن تازہ زرنیخ کی مضرت کے دفعیہ کیواسطے کھائین ایضاً ضیق اور سرفہ
کو فوراً تسکین دیتا ہے مجرب ہے ترکیب تخ زعفران بول سرخ قسط خیرین ہموزن باریک پیسی کے شراب یا خالص پانی مین ایک ماشہ کے برابر گولیان بنالین ایک
گولی حقہ کی چلم مین جسمین پانی نہ ہو رکھ کے اُسکا دھوان کھینچین اور نگل جائین وقت صبح نہار یہ عمل کرنا چاہیے کہ فوراً دم کھل جائے تجربہ مسکن درد باسور ہے
ترکیب۔ خاکسی تخم گندنا کشنیز خشک برابر برتن مین جلائین اور دھوان اُسکا سونگھین تجربہ۔ پوست پیاز بھی بدستور بخور کرین ایضاً مسکن درد ومسقط
باسور ہے ترکیب سلخ الحیہ جرک گوش نبل یا پوست فیل سوہان کرکے مقل ازرق پوست بیخ کبر پوست تخم مرغ پوست انار کلاہ بادنجان فریدون شاخ گوزن
شاخ کرگدن شاخ گاؤ کلاہ گاؤ سے بوسیدہ ہو کے گر جاتی ہے لیکے سنگ دانہ دار خراطین خشک موے سر آدمی خار خسک پنبہ دانہ سب کو ہموزن نیکوفتہ کرکے
بعد نیم درم آگ پر جبکہ نشتر ڈال کے اُسکی دھونی لین اور ہوا سے محافظت کرین اگر تبخیر سے پہلے باسور ظاہر ہون آلیس علد وزلو لگائین تاکہ نیش کے ذریعے
مادہ مترشح ہو بخور مسقط و اماے بواسیر ترکیب گوگرد زاج پوست مار بیخ سوسن پوست بیخ کبر برگ مورد نسیخ خرزہرہ اقماع بادنجان مرشم حنظل مقل
ان مین سے جو بہم ہونچ جائین بخور کرین اگر مناسب سمجھین بلادر زیادہ کرین ایضاً استخوان سنگ پشت سوہان سے برادہ کرکے آگ پر اُسکی دھونی لین تین وقت
مین انشاءاللہ تعالٰے شفا ہو جائیگی اور بخور سندروس و شکر بھی مفید بواسیر ہے اور مخفف و مسقط دانہ بواسیر ہے ایضاً تبخیر مقعد بیخ کرویہ تخم گندنا بیخ حنظل گندنا کے
پانی مین ترکرکے تبخیر کرین مخفف باسور ہے اور بقول طبری سلخ الحیہ اور کشنیز خشک مقل پوست بیخ کبر و اقماع بادنجان و پوست بیضۂ مرغ سے بخور زیر باسور کے
سو راخ کو خشک کرتا ہے اور بہاتا ہے نوع دیگر برائے اسقاط دانہ بواسیر مجرب ہے ترکیب برگ مورد جوز السرو اقماع بادنجان پوست بیخ کبر مرشم حنظل سلخ الحیہ
مقل بدستور تبخیر کرین تجربہ مسکن درد و سوزش و ورم کہ سوزاک مین ہوتا ہے ترکیب برگ نیب برگ سنبھالو ہر ایک تین تولہ ایک سیر پانی مین جوش کرکے بھپارہ
لین اور جسوقت پانی سرد ہو چلے حشفہ اُسمین رکھ کے پیشاب کرین یہ عمل مکرر کیا جاتا ہے ایضاً نافع سوزش و حبس بول ہے ترکیب۔ بادیان ایک درم تخم
اصل السوس ایک درم گل معصفر چار درم پانی مین جوش دیکے بھپارہ لین اور پیشاب کرین اور گتھی ہوئی یاسمین کا بخور بدستور نافع ہے تجربہ ورم انثیین و
نزول آب جسمین کہ صلب ہو گیا ہو ترکیب برگ بنگ خشک آٹھ تولہ اسپند خالص ایک تولہ ملا کے ہوا سے محفوظ مقام پر تھوڑا تھوڑا آگ پر چھڑکین ایک
گھنٹہ کے بعد اسکا قبضہ باندھ کے رات کو سوئین اور اپنے آپ کو ہوا سے بچائین اور صبح کو پھر ایسا کرین اسی طرح سات شبانہ روز کیا جائے اگر اور زیادہ ہو
حبس کرین بخور مدر نفاس ترکیب مقل زوفا حرمل خردل علک البطم کی تبخیر کرین تجربہ مخرج مشیمہ و جنین میت پوست مار و سرگین کبوتر خشک میش و تخم کرنب
سے بدستور بخور کیا جائے اور تبخیر سداب و تخم گندنا و قنہ و جاؤشیر و گوگرد مرکی اہل مقل سکبینج عاقر قرحا قردمانہ طلبت دو تو شحم حنظل فرفیون خربق کندش

سے بھی معتو یا مرکب جیسا مناسب سمجھا جائے گائے کے زہرہ میں طلا کے عمل میں لائیں ایضاً تسہیل ولادت کیواسطے عجیب و غریب ہے عمل الازرق مرکی
اہیل بیابر وزن ہیں کوٹ چھان کے فندق کے برابر گولیاں بنائی جائیں و تبخیر کیجائی تجویز معین حمل۔ ترکیب میعہ سائلہ حب الغار بازرد سادی کوٹ چھان
کے شہد میں طلا دیں اور حیض سے پاک ہونے کے بعد تین روز تک متواتر ہر روز ایک ایک درم اس سے لیکے تبخیر کریں بعد اسکے مباشرت کریں تجویز تعقد مفاصل
کے واسطے نافع ہو ترکیب برگ سنبھالو تخم شبت حرمل جوش کر کے بخور لیں تجویز محلل غدود و عقد کہ ہاتھ پانوں یا دوسرے مقامات پر درد کے ساتھ ہو جاتی
ہیں ترکیب برگ نیب و اکاس بیل و برگ سنبھالو پانی میں جوش کر کے اسکا بخار لیں اور اسکے ثفل کو جیسی کہ اُس مقام پر لیپ کریں اور چند روز کے
بعد کہ نرم پڑ جائے برگ بیل و برگ کٹائی کوٹ کے نیم گرم باندھ دیں کہ منفجر ہو کے دفع ہو جائے تجویز خراج شدید کے لیے ترکیب کشنیز خشک اور کسیفہ سبوس
گندم آگ پر ڈالیں اور تمام جسم کو اسکی دھونی دیں تجویز برائے آتشک ترکیب توتیا سبز ماشہ رسکپور شنگرف ہر ایک چھ ماشہ سفیدہ دو درم روغن گاؤ چار درم پاؤ گز کپڑے میں
لپیٹ کے تکیہ برگ نیب چار درم تکیہ روغن میں جلا کے نکال ڈالیں اور صاف کر کے موم پگھلائیں آگ کے اوپر سے ہٹا کے رسکپور حل کر دیں بعدہ شنگرف
مسحوق ڈالدیں اسکے بعد نیلہ تھوتھا بعدہ طلبہ بنت چھ فتیلہ بنالیں اور ایک فتیلہ کو چوب کنار کے سرے میں باندھ کے بخور کریں بیمار کو چادر اوڑھا دینی چاہیے
تین روز تک غذا چاول اور دودھ ہوگی تجویز زخم آتشک و نواصیر کے واسطے مجرب ہے بواسیر کے مسے خشک کرنے میں بہت نفع کرتا ہے ترکیب اسپند دو
ٹانک اجوائن خراسانی نانخواہ ہر ایک ایک ٹانک شنگرف زغال چوب ہر ایک ڈھائی ٹانک سب کو کوٹ چھان کے سفوف بنالیں اور کل دواؤں کو
چودہ حصوں میں تقسیم کریں آتشک کے واسطے کرسی پر بیٹھ کے اپنے آپ کو چادر سے چھپالیں ایک حصہ دوا آگ کے انگاروں پر ڈالیں اسکا دھواں
زخم پر پہونچائیں اگر بواسیر و نواصیر ہو کہ چھوٹا سا گڑھا کھودیں اور اسکو انگاروں سے بھر دیں اور سفوف مذکور اسمیں ڈال کے خود چادر میں لپٹے ہوئے گڑھے پر
بیٹھ جائیں اور دھونی لیں اگر مرض آتشک کے سبب حلق میں سوراخ ہو گیا ہو تو اس سفوف کا دھواں حقہ میں بطریق معروف پئیں اور بقول بعض کے
جنکا تجربہ ہے کہ اسطرح دھواں پینے میں آم کے نئے پتے حقہ میں رکھ کے پینے سے حلق کا سوراخ بہت جلد اچھا ہو جاتا ہے ایضاً آتشک و نزلہ و قرحہ یعنی جبین
کے واسطے اور قرحہ حلق و خنازیر کے واسطے اسرار مکتومہ میں سے ہے ترکیب۔ پوست بیخ عشبہ چینی تین درم دارچینی مردار سنگ ہر ایک ایک درم شنگرف دو درم
باریک پیس کے چودہ گولیاں بنالیں اور ایک گولی پانی سے خالی حقہ میں بھر کے وقت سحر کے دھواں پئیں اسطرح کہ جو انہ پہونچے اسکے بعد روغن زرد کا
غرغرہ کریں اور غذا روٹی مع چوتھائی رطل روغن زرد کے رکھیں تجویز جاجن کے واسطے ترکیب پوست مغیلان پوست درخت انبہ ہر ایک نصف سیر دو سیر
پانی دیگ میں ڈال رکھو اور اسکا منہ مضبوط بند کر کے جوش دیں بعدہ لحاف اوڑھ کے اسکے دھونی ہاتھ پانوں میں لیں اور نیم گرم پانی سے ہاتھ پاؤں دھو
ڈالیں پھر گائے کا مسکہ لیں یا کٹائی خورد ہمراہ بیخ و برگ و شاخ ریزہ ریزہ کر کے پانی ڈال اور مٹی کے برتن میں جوش کریں اور مریض کے ہاتھ پاؤں پر روغن
گاؤ کی مالش کر کے اسکا بخار پہونچائیں اور جس وقت نیم گرم پانی رہ جائے اُس سے ہاتھ پاؤں دھو ڈالیں تجویز دیگر جاجن کے واسطے ترکیب فلفل
یکوفتہ پانی میں جوش کریں اور ہاتھوں کو اسکی بھاپ پہونچائیں تجویز قاتل قمل ترکیب۔ کندش مرزنج بازریخ و کبریت کا بخور کریں اور سعلی کے تیل
کی مالش کریں عجیب النفع ہے تجویز چیچک کے دانوں کی خارش کے واسطے مفید و مجرب ہے ترکیب چوب گز بھوج پتر دونوں اکو کوٹ کے دھونی دیں

ایضاً پانی کا بہنا جس زمانہ میں کم کم آتا ہو مجرب ہے ترکیب بابونہ اکلیل الملک بنفشہ خطمی سبوس گندم سب کو یا کسی ایک کو پانی میں جوش کر کے بھپارہ
لیں تجویز۔ چوٹ پانی اور پرانی موچ کے واسطے معمول ہے ترکیب اشنہ دو دام زنجبیل کچلہ ہر ایک دو عدد ریزہ ریزہ کر کے سب کو مٹی کی ٹھلیا میں رکھ کے ایک سیر
پانی بھریں اور منہ اسکا سرپوش سے بند کر دیں پھر جوش دیں جب تہائی حصہ پانی کا رہ جائے تجویز کریں بعد اسکے اس پانی سے دھو کے اسکا ثفل
پیس کے بگرم باندھ دیں تین روز میں صحت کلی ہو جائیگی تبرید کافوری حمرت و حرارت چشم کے واسطے مفید ہے ترکیب توتیائے کرمانی آب غورہ
انگور برسیدہ پانچ درم کے ہمراہ کافور قیراطی کوٹ کے کپڑہ پر ڈال کے استعمال کریں اگر توتیائے کرمانی کو کوٹ کے کپڑہ پر چھڑک لیں اور تازہ کدو کے پانی میں جو
آٹھ روز کا رکھا ہوا جو خشک کر کے دوسری مرتبہ خوب سحق کر لیں اور سعلہ کے واسطے بھی نافع ہے اور اسکا نام بردو فرعا ہے تبرید کا ہوا
دمع کو روکتا ہے بیاض کو اڑاتا ہے ترکیب سرمہ توتیائے مغسول ہر ایک ایک تولہ مردار سنگ ناسفتہ دو ماشہ سادج ہندی ایک ماشہ زعفران چار بتی
مارقشیشا آٹھ ماشہ سنگ خالص و کافور ہر ایک سحق بلا یہ کر کے استعمال کریں تبرید حمرہ آنکھ میں ٹھنڈک پڑتی ہے اور سوزش دور ہو جاتی ہے ترکیب
شادنج مغسول دس ماشہ سوئین سوختہ پانچ ماشہ مروارید ناسفتہ ڈیڑھ ماشہ نبات سفید ایک ماشہ باریک پیس کے آنکھ میں بھریں تبرید حصرم
جرب و بیاض و کیل و سلاق و دو ترندی و ناخنہ اور دمع کے واسطے مفید ہے ترکیب سنگ بصری مغسول پانچ درم پوست ہلیلہ زرد زنجبیل نیم کوب
ہر ایک ڈھائی درم دار فلفل بلیلہ ان ہر ایک ڈیڑھ درم نمک ہندی نصف درم کوٹ پیس کے خوب عصارہ غورہ کے پانی میں رکھیں اور سایہ میں
خشک کر کے دوسری مرتبہ پیس کے استعمال کریں تبرید بنفشجی مجرب ملاجان کے واسطے مفید ہے ترکیب بنفشہ کشنیز خشک بریان صمغ عربی
کتیرا ہر ایک ایک درم نشاستہ تین درم کوٹ کے پانچ مرتبہ سرکہ میں تر کر کے خشک کریں اور دوسری مرتبہ پیس کے استعمال کریں تبرید
قلاع و قرحہ دہان کے واسطے مفید ہے اور حدت کے وقت کام آتا ہے ترکیب کافور چوتھائی درم عنب الثعلب کشنیز بریان سماق منقی ہر ایک ایک درم
گل سرخ طباشیر خرنوب نبطی گل ارمنی نشاستہ ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے پھانک لیں اور شب و روز میں چند مرتبہ استعمال کریں تبرید قلاع دموی
کے واسطے نافع ہے ترکیب صندل سفید گل سرخ زرشک تخم خرفہ عدس ہر ایک تین درم سماق کشنیز بریان ہر ایک نیم کوٹ چھان کے منہ میں چھڑکیں
اسکے بعد کشنیز خشک و سماق گلاب میں جوش کر کے صاف کر کے مضمضہ کریں اور طلبہ صفرا اور تب بعد تنقیہ و تلطیفہ کی صورت میں کہ دموی سے زیادہ
ہو گل سرخ کثیر الاستعمال منہ میں ملنا دوسرے علاج سے مستغنی کر دیتا ہے

فصل سوم برشعثا کے بیان میں اور بنادق کے۔ برشعثا کا یہ نسخہ معمول ہے ترکیب فلفل سیاہ فلفل سفید بزرالبنج سفید ہر ایک بیس مثقال
افیون خالص دس مثقال زعفران پانچ مثقال سنبل الطیب عاقرقرحا فرفیون ہر ایک ایک مثقال دواؤں کو جدا جدا کوٹ کے وزن کریں اور ہمراہ شہد
خالص سہ چند دواؤں کو آمیز کریں تعداد خوراک ایک دانگ سے نصف مثقال تک اور نسخہ معمول حکیم علوی خان میں دارچینی زنجبیل ہر ایک ایک مثقال بجائے
فلفل سیاہ کے ہے بنادق کندری۔ قروح و اسہال معوی اور اسہال اطفال میں معمول ہے ترکیب مازوے سبز ایک درم کندر کز مازج ہر ایک پانچ درم
افیون چار درم حب الآس درم کوٹ چھان کے بنادق بنائیں بنادق وجع قولنج کو روکتا ہے اور تسکین دیتا ہے ترکیب جند بیدستر شونیز ناخواہ کرفس

افیون ہماہر برابر کوٹ چھان کے بنادق تیار کرین بنادق البزور حرقت البول وسوزاک وقروح کلیہ ومثانہ اور اسکے جمیع عسر البول کے واسطے مستعمل ہو ترکیب مغز تخم خربزہ دس درم مغز تخم خیارین ہرایک پانچ درم کاکنج مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم ہندیانہ خرفہ مقشر ہرایک چار درم تخم خشخاش مغز بادام کتیرا نشاستہ دم الاخوین اقاقیا اصل السوس طباشیر ہرایک تین درم تخم کرفس بزرالبنج ہرایک ایکدرم کوٹ چھان کے لعاب اسبغول مین بنادق بنائین خوراک چار درم ہمراہ شیرۂ تخم کاہو وخارخسک ہرایک دو درم شربت بنفشہ دو تولہ نوعدیگر برائے حرقت بول وقروح گردہ ومثانہ وعسر البول مجرب ہے ترکیب مغز تخم خربزہ دس درم مغز تخم خیارین چار درم مغز تخم کدو بزرالبنج تخم خرفہ تخم خطمی مغز بادام مقشر کتیرا نشاستہ رب السوس خشخاش سفید گل ارمنی تخم کرفس ہرایک درم کوٹ کے لعاب بہدانہ مین بنادق بنالین اور تین درم ہمراہ لعاب اسبغول کہ عرقیات سے نکلا ہو شربت بنفشہ داخل کرکے دین اور اگر بنفشہ یا خشخاس یا دونون پانی مین ہمراہ مصری کے تیار کرکے بنادق اُسکے ساتھ استعمال کرائین تو درد مین سکون اور قروح وحرقت کو فائدہ تمام دیتا ہو اور صاحب قرابادین قادری لکھتے ہین کہ مین نے طباشیر تین درم کاکنج پانچ درم اس نسخہ مین زیادہ کرکے دیکھا ہو کہ سریع العمل ہو جاتا ہو بنادق مثانہ مین جمود کے واسطے قانون سے منقول ہو ترکیب ابہل حلتیت مشک نوہ اجزا مساوی کوٹ چھان کے بنادق بنائین خوراک چار بندقہ ہمراہ ماء الاصول اور کبھی فرہانا اور مرکی کا اضافہ کردیا جاتا ہے اور عسر بول کیلئے کہ مثانہ مین دم یا ریم کے جمود سے ہوتا ہو مفید ہو

باب التاء الفوقانیہ تریاقات وتنزوے خطائی کے بیان مین

تریاق النزلہ نزلہ کو اور سرفہ کو نافع اور سعال دماغی کا دافع ہو ترکیب اصل السوس پانچ درم گل گاؤزبان حب الآس کشنیز خشک ہرایک دس درم تخم کاہو بیس درم بزرالبنج پوست خشخاش ہرایک تیس درم تخم خشخاش سفید چالیس درم پانی مین بھگو کے جوش کرین صاف کرکے اوسمین قند سفید تین سو درم ملادین اور قوام بنالیں پھر گل سرخ کشنیز مقشر رب السوس نشاستہ صمغ عربی کتیرا رضاف ہرایک پانچ درم باریک پیس کے اُسمین ملادین خوراک ایک مثقال تریاق الاسنان سرد سمری سے دانتون کے درد مین مستعمل ہو ترکیب جندبیدستر حلتیت مرفلفل سیاہ اندر جو زنجبیل سعد افیون بزرالبنج برابر برابر کوٹ چھان کے شہد مین ملادین اور روئی کو اسمین ملاکر کے دانتون پر رکھین یا گولی بنائے منھ مین دبائیں تریاق المعدہ - یہ معجون حیرانیون نے معدہ بارد رطب کے واسطے مرتب کی ہو ترکیب جنطیانا مر باحفذ وفا خشک ناردین بلدشک تالیسفر صعتر فارسی ہرایک دو درم تخم کرفس انیسون بادیان ہرایک پانچدرم عود خام مصطکی ہوم المجوس اصل السوس ہرایک دس درم بسباسہ دارشیشعان ہرایک پانچدرم ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی اطریفل سنطری ہرایک بیس درم الایچی خیرو انیسہ پانچ درم عاقرقرحا خولنجان مونج سیاہ ہرایک دس درم بہمن سفید بوزیدان مغز بادام تلخ ہرایک پندرہ درم سب کو پیس کے شہد مین ہاتھون سے آمیز کرکے معجون بنالین اور چالیس روز تک رکھ چھوڑین بعدہ بقدر حاجت اور حسب قوت وسن دیں اور بعض حرانیون نے اسمین دو تو شکوطا اشنع ورگ وبعض برگ بادرنجبویہ برگ مرنجوش وگاؤزبان زیادہ کیا ہو اور مقدار اسکی شل متوسط دوائون کے مثل ہلیلہ سے کم اور جنطیانا دو درم ماخوذ سے زیادہ ہونا چاہیے اور اگر بعض مزاج کے موافق نہ پڑے تو اُسکے تناول کرے کے درمیان مین مرتبہ اول دبار دوم روز کا دیدین اور اس کی مقدار گھٹا دیں یہ معجون جیسے جابر تعلیفی خراسانی نے اسکو استخراج کیا ہو اور اسکا معجون اسود نام رکھا ہو تریاق معدہ بھی کہتے ہین تریاق الذرب منعف امعا مین ذرب کیواسطے

مقوی معدہ و اعضاء رئیسہ کے لیے ہے ترکیب مروارید ناسفتہ مرجان کہربا عقیق یشب برادہ طلا طباشیر طراثیث کشنیز خشک بریان صندل سفید بہمنین نوفل سعد
زرنباد کرمانی تخم بالنگو مصطگی کرویا مامیثا سنبل الطیب اسنا شادنج عدسی صمغ عربی آملہ کتیرا گل سرخ حب الآس عذبہ دانہ عناب بریان کیے ہوئے پوست بیرون پستہ تخم
زرشک ہر ایک تین درم ورق نقرہ ایکدرم تخم خرفہ بریان خشخاش سفید دانہ انگور کلان ہر ایک پانچدرم عود خام بزرالبنج ہر ایک دو درم رب بہ شیرین رب
سیب شیرین رب امرود بالسویہ دو چند یا سہ چند کل دواؤں کو کوٹ چھان کے ملادین **تریاق افاعی**۔ یہ نسخہ ہوام کے زہر کا جو اطبائے سابق کو اس پر اتفاق
ہے کہ جس شخص نے سوز یا کسی وجہ سے نیم مثقال کی مقدار میں گلاب کیساتھ یا شراب یا اسکے قائم مقام دوا کے ہمراہ کھایا بے شک وشبہ تپ وبائی کی اذیت
رفع ہوگئی اور یہ بات مجرب ثابت ہوا ہے جالینوس سے منقول ہے کہ اُس زمانہ میں جس سال وبائی جس شخص نے کھایا سالم رہا ترکیب صبر زرد دو جزو مر صاف
زعفران ہر ایک ایکجزو ایضاً بلیغ النفع ہے اطبا کی ایک جماعت نے اسے نسخ افاعی میں تریاق کبیر کے مساوی پایا ہے ترکیب زراوند مدحرج جند بید ستر ہر ایک
نیمدرم فلفل تین درم انیسون دس درم کوٹ چھان کے سکنجبین میں ملادین خوراک ایک جزو **تریاق ثمانیہ** تریاق اربعہ کے بعد ایجاد ہوا ہے حشرات کے کاٹے ہوئے
کے واسطے اور تمام زہروں کے لیے مفید ہے محلل ریاح مفتح قولنج و نافع صلابت طحال و سدہ اور مفید فالج و رعشہ و صرع ہے ترکیب مرمکی حب الغار جنطیانا
قسط تلخ ہر ایک چہار مثقال فلفل سفید فلفل سیاہ ہر ایک چار مثقال زعفران دارچینی ہر ایک دو مثقال اجزا کوٹ چھان کے عسل مصفی میں ملادین خوراک
ایک مثقال سے تین مثقال تک **تریاق اترج** سموم سفر یہ و ملذوعہ کے واسطے مشترک النفع ہے ترکیب نمک طعام برگ سداب خشک ہر ایک پانچ
مثقال تخم ترنج مقشر دس مثقال مغز گردگان بیس مثقال انجیر کوبیدہ اسقدر کہ دوائیں اس میں حل ہوسکیں خوراک دو سے چار مثقال تک **تریاق طین مختوم**
زہروں کے واسطے نافع ہے اور اسکی تاثیر ہے کہ جب تک سموم کھایا ہو قے لاتا ہے اور جب تک زہر کا اثر زائل نہیں ہوچکتا قے نہیں موقوف ہوتی اگر قے نہ آئے
تو دلیل ہے کہ زہر کھایا نہیں گیا ترکیب گل مختوم حب الغار ابرسا برابر کل اجزا کو پیس کے روغن گاؤ میں چرب کر کے شہد میں ملادین خوراک ایک درم
تریاق افیون مضرت افیون و بنگ و بیروج و شوکران اور اسکے ہر جز کے واسطے نافع و دافع ہے ترکیب حلتیت زعفران جند بید ستر ابہل فلفل سیاہ
کوٹ پیس کے سہ چند شہد میں ملادین اور دو مثقال کھائیں **تریاق عقرب** کہ بچھو کے کاٹنے کے واسطے بہت نفع کرتا ہے اور صاحب قولنج و درد
و نفخ رودہ کے لیے بہتر کام آتا ہے نیز تسہیل ولادت کرتا ہے ترکیب مر صاف حب الغار قسط تلخ فودنج سداب بری جند بید ستر عاقرقرحا زنجبیل فلفل سیاہ
شونیز حلتیت اجزا مساوی کوٹ پیس کے ادویہ سے سہ چند عسل مصفی میں قوام کرکے ملادین خوراک دو درم نیم گرم پانی کے ساتھ [illegible]
جنطیانا بزرالورد مدحرج بھی اسی نسخہ میں داخل ہے **تریاق سرطان**۔ دیوانہ کتے کے کاٹے میں نافع ہے ترکیب جنطیانا کندر ہر ایک پانچدرم سرطان محرق دس
درم شہد میں آمیز کر دیں خوراک ایک مثقال چند روز مداومت کریں اور خلاصہ میں کندر کا وزن ایکدرم ہے کہ صبح و شام میں دو درم کی مقدار میں ٹھنڈے
پانی کے ساتھ دیتے ہیں اور جالینوس کا قول ہے کہ جو شخص اس دوا کو کھائے پانی کے ڈرنے سے پناہ میں ہے **تریاق الذہب** کہ اسکا مؤلف و مجرب اطبا کی
ہے مالیخولیا صرع جذام و استسقا و یرقان و عسر بول و بواسیر میں دیا جاتا ہے مردار سنگ شفاف جسقدر خواہش ہو لے لیجائیں اور ترنج کے دس گنے پانی میں کھرل
کریں اور شیشہ میں رکھ کے اس کا منہ موم سے بند کر دیں اور گرم پانی میں تین ہفتہ تک رکھیں تاکہ حل ہو جائے بعد اسکے نکال لیں اور صبر

سقمونیا پانچ درم افتیمون دارچینی قصب الذریرہ ہر ایک چار درم قرنفل عود ہندی لاجورد صندل سرخ صمغ عربی کتیرا ہر ایک تین درم سکنجبین کے آب مرواریہ محلول بنکو میں ملادیں گولیاں چنے کے برابر بنالیں خوراک اُسکی ایک مثقال ہے اگر اس سے تفریح عظیم اور تقویت باہ مطلوب ہو سونا گھلاکے آب مرواریہ محلول با سپر ڈپکا کے پیس لیں یا ورق طلا ملادیں اور کبھی فادزہر ملا دیا جاتا ہے تو سموم سے اُسیوقت چھٹکارہ ہو جاتا ہے اور اگر اُسے قیراط سے آب گل ترنج میں حل کرکے سعوط کریں صاحب یرقان کا رنگ اُسیدن ٹھیک ہوجائے اور سرکہ میں صاحب جرب کے واسطے مفید ہے اور اگر روغن بنفشہ میں حل کرکے ہر روزانہ ناک کو چرب کیا کریں اور ایک ٹکیہ اسکی کھالیا کریں تو طاعون و وبا سے محفوظ رہیں اور اگر گھوڑی کے دودھ میں حل کرکے اور صوف زنان میں حیض کے بعد حمول کریں فوراً حاملہ ہو جائے اور اگر مجذوم سقوط اطراف سے پہلے کھائے تو صحت پالے اور تفتت حصاۃ کے واسطے آب کرفس کیساتھ کھائیں اور خفقان کے لیے عرق گاؤزبان و بادیان سبز میں اور اسہر کے لیے عناب کے پانی کے ساتھ اور کبھی دونوں بہمنوں کو زیادہ کر دیتے ہیں اور جالینوس بہمن سرخ کو کہتا ہے تریاق اربعہ اورام و سموم باربعہ میں مستعمل ہے مسہل ریاح و مفتح سدہ ہے ترکیب حب الغار جنطیانائے رومی مرصاف زراوند طویل برابر برابر کوٹ چھیں کے روغن گاؤ میں چرب کرکے عسل مصفی سہ چند میں معجون بنالیں خوراک ایک مثقال گرم پانی کیساتھ بعد چالیس روز کے اور اسکا اثر دو سال تک باقی رہیگا اور اگر ایک جزو زعفران ملادیں یا زراوند مدحرج زراوند طویل کا بدل کریں تو قوی تر ہو جاتا ہے اور بعضے قسط تلخ بجائے مرصاف کے دیتے ہیں تریاق خطائی اقسام اورام میں مجرب النفع ہے ترکیب حنا خشک صبر زرد صندل سرخ حضض مکی زعفران کافور گل سرخ ہر ایک تین ماشہ پوست بلیلہ زرد اقاقیا گل ارمنی عدس مقشر عصارہ مامیثا ہر ایک پانچ ماشہ زرد چوب دو ماشہ کوٹ چھان کے مامیثا کے پانی میں تر کرکے خشک کرلیں اور کئی مرتبہ اسیطرح تر کرکے خشک کرکے بیر برابر گولیاں بنالیں

باب الثاء المثلثہ

شباد ریطوس اکبر۔ صداع و صرع و لقوہ و فالج و رعشہ و جمیع امراض عتیقہ مزمنہ بارد و رطب کے لیے نافع ہے اوجاع معدہ و کبد و طحال و کلیہ و رحم و تاریکی چشم و ربو و جذام و برص و قولنج و استسقا کے لیے بے شبہ اسہال کرتا ہے مدر بول و حیض ہے گردہ و مثانہ کی پتھری کو توڑ دیتا ہے مقوی حرارت غریزی ہے اخلاط فاسدہ سے بدن کو صاف کرتا ہے دافع ریاح و مفتح سدہ ہے سبز و کبد کے بدن کے رنگ کو خوبصورت کرتا ہے قوت اسکی چار سال تک باقی رہتی ہے ترکیب ریوند چینی ڈیڑھ درم عود بلسان فرفیون فلفل سیاہ فلفل سفید دار فلفل مرمکی جنطیانا حب بلسان فقاح اذخر مورد حماما ہر ایک دو درم زعفران دارچینی وج مصطگی روغن بلسان ہر ایک تین درم سنبل الطیب ساڑھے تین درم کمافیطوس قسط افتیمون ہر ایک چار درم اسارون سلیخہ سقمونیا ہر ایک چھ مثقال صبر سقوطری تیندرہ درم جاوشیر بیس درم دوائیں کوٹ چھان کے روغن بلسان میں چرب کیجائیں سہ چند شہد میں ملادی جائیں اور بعد چھ ماہ کے استعمال کریں خوراک چار مثقال ہے اور قرابادین قانون میں وزن اسارون و سلیخہ و سقمونیا ہر ایک کا چھ درم ہے اور صعد حماما ایک ایک درم سویدی لکھتا ہے کہ شباد ریطوس ہر روز صبح نصف درم اور نصف درم رات کو سوتے وقت کھاتا تیسرے روز متواتر میں برائے فالج مجرب ہے

باب الجیم مشتمل بر سہ فصل

فصل اول۔ جلابوں اور جواہر مہرہ کے بیان میں۔ جلاب۔ صداع دموی میں مستعمل ہے جبکہ خون کے ساتھ صفرا کی آمیزش ہو۔ ترکیب گل بنفشہ

تخم کاسنی ہر ایک تین درم گل نیلوفر پانچ درم جوش کرکے اور صاف کرکے شکر سفید و ترنجبین ہر ایک دس درم ملا کے نیم گرم پی لین جلاب اکثر امراض دماغیہ
عصبیہ سوداویہ و بلغمیہ مین کہ حرارت مزاجکی وجہ سے ہوتے ہین مستعمل ہے اور لقوہ و فالج مین بجاے ماء العسل مستعمل ہے ترکیب۔ قند سفید ایک رطل عرق گاؤزبان
و عرق بادرنجبویہ و گلاب ہر ایک ایک رطل مین اور کبھی گلاب کے بدلے عرق بہار نارنج ملاتے ہین ہلکی آگ پر پکالین جب گاڑھا ہو جائے گل گاؤزبان و عود صلیب
اسطوخودوس ہر ایک دو دو مثقال گلاب مین یا کسی دوسرے مناسب عرق حسب ضرورت مقدار مین جوش کرکے صاف کرین اور اسی مین ملاکے آگ پر چڑھا دین
کہ مائیت دفع ہو کے معتدل قوام باقی رہ جائے اور بوتل مین رکھ چھوڑین اگر تقویت و تفریح منظور ہو عنبر اشہب ڈیڑھ دانگ زعفران ڈیڑھ دانگ زیادہ
کر دین اور جب وقت تسخین زیادہ مطلوب ہو بعض افاویہ مثل دارچینی جوزبوا بسباسہ مصطگی اسمین بڑھا دین جلاب۔ حرارت قلب کیواسطے اور اوسکی مداومت دائمی
قبض کو زایل کر دیتی ہے ترکیب گل نیلوفر تین درم گلاب و عرق بید مشک مین بھگوئے صبحکو گلقند یا شیرخشت یا ترنجبین بقدر حاجت اور شکر سلیمانی ملاکے
قوام بنالین اور پئین جلاب نقصان باہ کو دفع کرنے کے لیے کہ استفراغ کثیر اسکا سبب ہو ترکیب پیاز سفید دس درم عرق گاؤزبان دس درم
تودری سرخ تودری سفید ہر ایک تین درم مصری کو عرق مین حل کرکے پتلا پتلا قوام بنالین تو دری مین اسپر چھڑک دین ہر صبح و شام پئین غذا نخود آب
گوشت برہ و گوشت دراج و کبک و ہریسہ معمول ہو گوشت برہ و کبک گوشت مرغابی و مرغ خانگی و زردہ تخم مرغ کھانا چاہیے جلاب۔ فتق کیواسطے
کہ رطوبت مزلقہ اسکا سبب ہوتی ہے ترکیب زیرہ سیاہ کردیا ہر ایک تین درم جوش کرکے اور صاف کرکے گلقند و عسل دس درم داخل کرکے پی لین
اور کئی روز تک اسکی مداومت کرین اور دوسرے نسخہ مین جو قیلہ مائی کے واسطے نافع ہے اصل السوس انیسون بادیان کر دیا کا بدل ہے اور غذا مطنجنہ
و قلیہ ہے تو اہل حارہ کیساتھ اور ایک دوسرے نسخہ مین کہ قیلہ ریحی کے لیے مفید ہے تخم کرفس و نانخواہ ہر ایک تین درم بجاے زیرہ و کردیا و اصل السوس کے
مرقوم ہے غذا نخوداب گوشت تیہو و دراج و کبوتر صحرائی و کنجشک اور اسمین فرطم داخل کر دینا چاہیے جلاب تپ معہ سرفہ حصبہ و جدری و تپ دق مین مستعمل
ہے تشنگی و حرارت معدہ و جگر مین مسکن ہے مقوی آلات تنفس ہے اور منضج دملین و مدر بول و عرق کے لیے اور ورم احشا کیواسطے مفید ہے ترکیب قند سفید ایک جزو
عرق بید مشک و گلاب دو جزو آب باران تین جزو مین تمام کرین اور اگر زیادہ سرد چاہین عرق بید سادہ و عرق نیلوفر ہر ایک دو جزو اضافہ کر دین جواہر مہرہ
اعضاے رئیسہ کی تقویت روح و حرارت غریزی کی افزائش کی تقویت کیواسطے خفقان و جمیع امراض قلب کیواسطے نافع ہے اور عمل مین یاقوتیون سے
قوی ہے ترکیب فادزہر چھ درم مروارید ناسفتہ بسد لاجورد یاقوت احمر یاقوت کبود یاقوت اصفر یشب زمرد عقیق ورق نقرہ مصطگی ہر ایک دو دو درم
ورق طلا جدوار طباشیر نارجیل دریائی عنبر اشہب مشک خالص مومیاے اصیل ہر ایک ایکدرم سبکو باریک پیس کے گلاب مین کھرل کرکے بیر کے برابر گولیان
بنالین اور سنگ غوری خوب مہرہ کرین ورق طلا اوپر چپکا دین خوراک دو رتی سے ایکدانگ تک جواہر مہرہ اعلی تقویت قلب کے واسطے رفع خفقان و
توحش اور دوسرے امراض کے لیے اور فائدہ بہت دیتے ہین ترکیب لعل یاقوت سرخ یاقوت زرد یاقوت کبود ورق طلا ہر ایک چاندی عقیق
یمنی یشب بسد فیروزہ جدوار ایک ایک ماشہ و بیخ سرخ کہربا دو ماشہ مروارید ایک ماشہ چار سرخ نارجیل بحری لاجورد تین تین ماشہ فادزہر مشک عنبر
ورق نقرہ ہر ایک چھ رتی کافور چار جو مومیائی دو رتی افیون ایک رتی قرص افعی چھ ماشہ زمرد چار ماشہ کل اجزا کو سنگ سماق کے کھرل مین گلاب کیساتھ

خوب حل کریں آب صمغ عربی کے ساتھ مہرہ باندھیں اور ورق طلا میں لپیٹ کے خشک کر لیں۔ خوراک دو رتی سے چار رتی تک۔
دوسری فصل جوارشوں کے بیان میں ہے۔ جوارش طباشیر۔ مقوی معدہ مانع صعود ابخرہ صفراوی ہے مالیخولیا و سدد و دوار جو سوء مزاج صفراوی معدہ کے سبب سے حادث ہوا ہو۔ ترکیب گل سرخ آملہ منقی طباشیر صندل سفید کشنیز خشک ہر ایک دس درم حب الآس پوست ترنج سماق منقی مصطگی ہر ایک پانچ درم کافور قیصوری ایک مثقال آب بہی شہد سہ چند وزن ادویہ سے عرق گاؤزبان و عرق کیوڑہ میں قوام بنالیں جوارش شونیز۔ حافظہ کو مقوی ہے اور نسیان کو دور کرتی ہے ترکیب شونیز بلیلہ کابلی ایک پانچ درم زنجبیل نانخواہ ہر ایک دس درم عسل سفید دو چند خوراک ایک مثقال جوارش شاہی تالیف علوی خان مالیخولیائے مراقی کے واسطے مفید ہے اور مقوی و مفرح قلب و معدہ ہے ترکیب۔ مشک منقی پچیس مثقال آملہ مربی بلیلہ مربی ہر ایک کی گٹھلیاں نکال کے ہر ایک پینتالیس مثقال گلاب و عرق بیدمشک ہر ایک ستر مثقال سکنجبین تیس مثقال شربت نارنج شربت لیموں شربت آلو ہر ایک پینتالیس مثقال و حل کر کے قوام بنالیں اس کے بعد عنبر اشہب ڈھائی دانگ ابریشم مقرض ورق طلا ورق نقرہ محلول مروارید ناسفتہ ہر ایک تین مثقال گل گاؤزبان غنچہ گل سرخ ہر ایک پانچ مثقال کوٹ چھان کے ملادیں خوراک دو درم ہے جوارش آملہ لولوی۔ حکیم علوی خان نے نادر شاہ کے واسطے بنائی تھی مالیخولیائے مراقی کے واسطے بہت مفید ہے خفقان سوداوی اور صداع سوداوی کے لیے نافع ہے ترکیب۔ شیر آملہ منقی چودہ مثقال بیدمشک منقی ہشت مثقال صندل سفید طباشیر گل گاؤزبان سماق منقی بادرنجبویہ دانہ ہیل ابریشم مقرض دارچینی ہر ایک دو مثقال گل سرخ چار مثقال تخم خرفہ مقشر تین مثقال مروارید ناسفتہ ڈیڑھ مثقال عنبر اشہب ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک ایک مثقال نبات سفید ایکسو تیس مثقال شربت آلو بیس مثقال شربت انار بیس مثقال تدریجا مرتب کریں خوراک دو مثقال اور دوسرے نسخہ میں شربت سیب شربت انار ترش ہر ایک بیس مثقال گلاب عرق بیدمشک عرق گاؤزبان ہر ایک پچیس مثقال بھی داخل ہے اور مزاج میں احساس برودت کی صورت میں یا نفیس میں مصطگی عود ہندی پوست ترنج ہر ایک دو مثقال مشک تبتی ایک مثقال دواؤں میں زیادہ ہونا چاہیئے اور شیرینی میں ترنجبین خراسانی صاف کی ہوئی بجوں اور تنکوں سے تیس مثقال اور بیس گلاب زیادہ کر دیا جائے جوارش اترج لقوہ فالج اور استرخا میں نافع ہے اور مقوی دماغ و معدہ و اعصاب ہے حکیم علوی خان کی تالیف سے ہے اور مجرب النفع ہے ترکیب۔ آملہ صاف کیا ہوا پندرہ مثقال رات بھر عرق بہار نارنج و گلاب میں ہر ایک پچھتر مثقال بھگو دیں دوسرے دن جوش کریں کہ خوب گل جائے اور صاف کریں اس کے بعد پوست ترنج پانچ مثقال اذخر مکی اسارون اجوائن انیسون بہمن سفید دارچینی سعد کوفی تالیسفر سلیخہ فوفل گلاب کے پھول قاقلہ الائچی قرفہ کاشم کندر مصطگی ہر ایک ڈیڑھ مثقال جوزبوا دار فلفل کالی مرچ عود صلیب بالچھڑ عود غرقی لونگ ہر ایک ایک مثقال زعفران عنبر اشہب مشک ترکی ہر ایک نصف مثقال دوائیں کوٹ چھان کے رکھیں اور شہد خالص ڈیڑھ سو مثقال آملہ میں ملا کے قوام بنالیں پھر دوائیں شامل کر دیں خوراک ایک مثقال سے دو درم تک اور کبھی جند بیدستر و حب الزلم ہر ایک نصف مثقال بھی ملاتے ہیں جوارش زیرہ۔ سیلان لعاب کی کثرت کو جو منہ سے بسبب بلغم کے غلبہ کے جاری ہوتا ہے اوسے روکتی ہے ترکیب بورہ ارمنی ایک مثقال فلفل تین مثقال سونٹھ چار مثقال زیرہ سفید ایک شبانہ روز سرکہ میں تر کر کے سایہ میں خشک کر لیں پھٹک کے اور کوٹ چھان کے دس مثقال وزن میں ایکسو

مثقال قند سیاہ کے ہمراہ قوام بنالیں جوارش ہندی ماسترخاء اور ثقل زبان کے واسطے فائدہ مند ہے قانون سے ترکیب زیرہ سفید قرنفل نمک ہندی
ہر ایک نصف مثقال پیپل سو دانہ کالی مرچ سو دانہ شکر آٹھ استار کوٹ چھان کے شکر سفید کا قوام بنا کے دوائیں ملادیں حسب ضرورت استعمال کریں
جوارش مقوی قلب۔ دافع خفقان ہے اور معدہ سے دماغ کیطرف الابخرہ ردیہ کے صعود کو مانع ہے اور وسواس سوداوی کو دور کرتی ہے ترکیب مربہ
ہلیلہ پانچ عدد مربائے آملہ چار عدد دانہ الائچی تین ماشہ صاف کیا ہوا دھنیا ایک تولہ بید مشک بقدر حاجت معدی دواؤں سے پہلے مربوں کو
ایک شبانہ روز پانی میں تر رکھیں بعد کے دھو کے ان کی گٹھلیاں نکالڈالیں اور بید مشک میں پیس کے اور دوسری دوائیں کوٹ چھان کے
مصری کے قوام میں ملادیں اگر مزاج بہت گرم نہ ہو تو تین ماشہ مصطگی بھی بڑھا دیں **جوارش آملہ** مقوی قلب و معدہ ہے جو سیب مربائے آملہ چھ عدد
مربائے ہلیلہ دو عدد صندل سفید گلاب میں گھس کے زرشک ابریشم مقرض گاؤزبان گل گاؤزبان دانہ الائچی پوست ترنج زہر مہرہ گلاب میں گھس کے قرنفل
گل سرخ بہمنین گل نسرین ہر ایک ایکدرم سوکھا دھنیا دو درم قند سہ چند حسب دستور تیار کرلیں **جوارش صندلین** مقوی دل و دماغ حابس اسہال
صفراوی و دافع خفقان ہے ترکیب مروارید ناسفتہ مرجان ہر ایک دو درم صندل سفید گلاب میں گھس کے خشک کرلیں دو درم صندل سرخ گلاب میں گھس کے خشک کیا ہوا پانچدرم طباشیر سفید تخم
مقشر بودادہ بھنا ہوا دھنیا پوست بیرون پستہ ہر ایک دو درم مصطگی زعفران ہر ایک ایکدرم مشک تبتی آدھا درم ترنج کا عرق پچاس درم تیس درم
گلاب میں قند سفید ایک سیر شکر کو گلاب میں قوام کریں آخر قوام میں ترنج کا پانی ملادیں اور شہد کا قوام بنا کے معجون تیار کرلیں خوراک تین درم سے پانچ
درم تک **جوارش مقوی معدہ** اور دردِ باحی کو نافع ہے ترکیب دانہ الائچی برگ پودینہ ہر ایک دو درم اجوائن سعد کوفی بالچھڑ پوست اترج لونگ ساذج
خولنجان سونٹھ زعفران پوست بیرون پستہ ہر ایک ایکدرم شیرۂ مربۂ آملہ شیرۂ مربہ ادویہ سے سہ چند ہو قوام کرلیں خوراک دو مثقال **جوارش فودنجی**۔ نافع
درد معدہ و جگر۔ باح ہے ترکیب برگ پودینہ چھ درم سونٹھ اجوائن زیرۂ سیاہ ہر ایک تین درم سونف دانہ الائچی سرخ فلفل گرد ہر ایک دو درم قند سہ چند
بطریق معہود معجون بنالیں **جوارش دارچینی**۔ درد معدہ جو سردی سے ہو اور بڑھا ہو گیا ہو اسکے لیے نافع ہے ترکیب مغز پستہ خولنجان پوست ترنج سونٹھ
مصطگی ہر ایک پانچ ماشہ سعد اسارون بالچھڑ قرنفل قاقلہ جوز ہندی ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کے شہد خالص دواؤں سے سہ چند میں ملادیں اور
سفوف کے طور پر بھی استعمال ہو سکتا ہے **جوارش کمونی صغیر**۔ نافع برودت وجشاء حامض و نفاخ حادث کو جو بلغم کی کثرت اور فضول کے سبب سے
ہوتا ہے اور برودت انثیین و فتق و قیلہ کے لیے بہت ہی مفید ہے ترکیب زیرۂ کرمانی سرکہ خمیر میں ایک شبانہ روز تک بھگو لیں سکھلا کر بھون لیں برگ سداب
خشک کالی مرچ سونٹھ ہر ایک پینتیس درم بورہ ارمنی دو درم سب کو کوٹ چھان کے دواؤں سے سہ چند عسل مصفی میں ملادیں خوراک ایک مثقال اور دوسرے
نسخہ میں زیرۂ مدبرہ پچاس درم کالی مرچ پندرہ درم برگ سداب زنجبیل ہر ایک بیس درم اور بورہ ارمنی پانچدرم ہے۔ اور اگر تربد صاف کی ہوئی پانچدرم
زیادہ کر دیں تو کمونی مسہل ہو جائے **جوارش کمونی کبیر** معمول والد حکیم علویخان ہے سردی معدہ وجشاء حامض اور بلغمی ریحون اور سوداوی سردی
انثیین و قیلہ ریحی اور نفاخ استسقائی و نفخ معدہ و شہوت کلبی و قولنج ریحی و استسقاء طبلی کے واسطے ترکیب زیرۂ سیاہ مدبر بریان نصف رطل کالی مرچ
دو تولہ سونٹھ دو تولہ نو ماشہ برگ سداب سایہ میں خشک کی ہوئی اسلیخہ سیاہ دارچینی قرفۃ الطیب حب بلسان مصطگی رومی بالچھڑ ہر ایک ایکدرم پانچدرم

بورہ ارمنی ڈھائی درم کوٹ چھان کے عسل مصفی مین قوام بنالین پہلے بورہ داخل کر کے چلاوین اُسکے بعد دوسری دوائین ملادین خوراک ایک مثقال جوارش
کمونی اکبر تالیف حکیم ارزانی مقوی معدہ و قلب و دماغ ہے ملین شکم و ادرات شکم اور مفید درد معدہ و قولنج دوری ہے ترکیب دارچینی بورہ سرخ ہر ایک پانچ درم
فلفل سفید فلفل سیاہ ہر ایک سات درم سداب خشک پندرہ درم مرزنی کی سونٹھ چالیس درم زیرہ کرمانی مدبر پچاس درم مربہ ہلیلہ کابلی گٹھلی نکال کے ساٹھ درم
گلقند سو درم مربیان اور گلقند کو کچلیں کہ معجون کے مانند ہو جائے دوسری دوائین کوٹ چھان کے اُسمین آمیز کر دین اور اگر قوام نرم چاہئے ہو تو قند سفید و عسل
سفید نصف نصف لیکر قوام بنالین خوراک چار درم سے چھ درم تک اور کبھی سونٹھ و ہلیلہ سادہ یعنی بغیر مربا کے لیکے صاف کی ہوئی تربد ہر کے ہموزن زیادہ
کر دیتے ہین اور سہ چند شہد میں دواؤں کی معجون بنالیتے ہین اور نفع پاتے ہین جوارش کمونی مسہل درد معدہ مین مفید ملین طبع ہے اور نفخ و قولنج کو کھوتی ہے
ترکیب بالچھڑ مور بستان دارچینی سلیخہ حب بلسان ہر ایک دو مثقال روغن بادام چار مثقال بورہ ارمنی دس درم فلفل تیس درم برگ سداب
زنجبیل ہر ایک چالیس درم زیرہ مدبر سو درم تربد سفید چھلی اور صاف کی ہوئی ہموزن ادویہ شہد سہ چند شہد کا عرق بادیان مین قوام بنا کے
دوائین کوٹ چھان کے ملادین خوراک ایک تولہ سے ڈیڑھ تولہ تک اقویا کے واسطے مجوز ہے جوارش اترج امراض معدہ کے واسطے مثل نفخ و ضعف ہضم
و فساد غذا معدہ مین اور کھانے کے بعد قے ہو جانا اسکے لیے نافع ہے ترکیب پوست خشک ترنج تیس درم قرنفل جوزبوا فلفل دارفلفل دانہ الائچی
سفید دارچینی خولنجان زنجبیل ہر ایک ایکدرم مشک خالص ڈیڑھ دانگ کوٹ چھان کے سہ چند مصری مین قوام کر کے ملادین اور بعضے مزاج مین
طباشیر سفید گردساق پوست سنگدانہ مرغ ہر ایک تین درم زیادہ کرنے سے بہت مفید پڑتی ہے جوارش فلافلی۔ ہاضم طعام و حمی ربع کو زائل کرتی ہے
نسخہ کامل سے ترکیب فلفل سیاہ فلفل سفید دارفلفل ہر ایک بیس درم عود بلسان دس درم زنجبیل تخم کرفس سلیخہ تخم سیسالیوس اسارون راسن ہر ایک
ایکدرم کوٹ چھان کے سہ چند عسل مصفی مین ملادین خوراک ایکدرم کرفس کے پانی کے ہمراہ جوارش قند اولیقون۔ شیخ الرئیس کا نسخہ ہے ضعف معدہ
کے واسطے نافع ہے جو بسر کے سبب تولید ریاح بکثرت ہونے سے ہو جاتا ہے ضعف کبد بارد و استسقاء طبلی و درد جہت اور درد معدہ کیواسطے مفید
ہے ترکیب زنجبیل بالچھڑ ہر ایک چھ درم مصطگی اجوائن ہر ایک چار درم تخم کرفس پودینہ خشک ہر ایک پانچ درم سلیخہ زیرہ کرمانی مدبر حب بلسان
عاقرقرحا ہر ایک دو درم ساذج ہندی ایکدرم کوٹ چھان کے عسل مصفی دواؤن سے سہ چند مین ملادین خوراک ایک مثقال اور نسخہ حکیم منصور علی
مین چار درم انیسون بھی داخل ہے جوارش مصطگی سادہ۔ برودت معدہ و کبد و ریاح و سیلان لعاب دہن کے واسطے مفید ہے ترکیب مصطگی تین مثقال کوٹ
چھان کے نصف سیر شکر سفید اور تیس درم گلاب مین قوام بنالین خوراک چھ ماشہ سے دو درم تک اور حکیم منصور علی نے گل سرخ تین مثقال کا اضافہ
کر کے بہت مقوی معدہ بنا دیا جوارش مصطگی مرکب۔ مقوی معدہ بارد مین معمول ہے ترکیب مصطگی ایک تولہ دانہ الائچی چھ ماشہ سعد کوفی بالچھڑ
ہر ایک پانچ ماشہ پوست ترنج نو ماشہ کوٹ چھان کے گلاب و قند مین قوام کر کے جوارش بنالین خوراک دو درم جوارش عود بارد۔ حار مزاج کے
واسطے نافع اور معدہ حار کو تقویت دیتی ہے معمول ہے ترکیب عود تین درم خشک دھنیا چھلکا صاف کیا ہوا گلاب کے پھول صندل سفید گلاب
مین پسا ہوا ہر ایک دو درم پوست بیرون پستہ طباشیر ہر ایک ایکدرم کافور نصف درم قند سفید سہ چند جوارش عود حار۔ معدہ و دماغ

قلب بارد کی تقویت کے واسطے مخصوص و معمول ہو ترکیب عود پانچدرم قرنفل تین درم بالچھڑ ایکدرم ساذج ہندی دو درم گل نسرین گاؤزبان گل گاؤزبان ہر ایک تین درم قندسہ چند خوراک حسب مزاج اور کبھی زیادتی کیجاتی ہو اس جوارش مین مربائے آملہ دو عدد مربائے ہلیلہ ایک عدد زعفران ورق طلا ورق نقرہ مشک ہر ایک نیمدرم اور کبھی عرق بہار مین قوام کیا جاتا ہو اور کبھی گلاب و بید مشک مین ایضاً مقوی معدہ و دماغ و نافع بارد مزاج ترکیب عود پانچدرم فرنجمشک جوزبوا بسباسہ دانہ الائچی خورد و کلان پوست اترج طباشیر دارچینی گاؤزبان زرنب ہر ایک ایکدرم مصطگی بالچھڑ گل سرخ تار مشک ہر ایک ڈیڑھ درم زنجبیل فلفل دارفلفل ہر ایک ایکدرم مشک نصف درم شہد یا شکر سہ چند جوارش عود شیرین تالیف حکیم اکمل خان ترکیب عود ہندی دارچینی جوزبوا قرفہ قاقلہ صغار قرنفل خولنجان دارفلفل ہر ایک پانچدرم اسارون زعفران ہر ایک دو درم نبات سفید نصف رطل مشک تبتی نصف مثقال عسل مصفی سہ چند بدستور جوارش بنالین ایضاً مخترع حکیم شریف خان مقوی معدہ اور نافع ہیضہ بھی ہو ترکیب مصطگی رومی نو ماشہ قرنفل بالچھڑ بسباسہ ہر ایک چھ ماشہ عود خام بندرہ ماشہ دارفلفل جوزبوا ہر ایک دو تولہ زعفران دو تولہ مشک عنبر ہر ایک ایک مثقال دارچینی دو ماشہ نبات سفید ایک سیر گلاب ایک شیشہ بصری کو گلاب مین حل کر کے قوام بنا کے جوارش تیار کرین جوارش مقوی معدہ معمول ترکیب مصطگی بالچھڑ قرنفل ہر ایک نیمدرم عود ساذج زرنب سعد دارچینی ہر ایک ایکدرم دانہ ہیل زرد مشک گل سرخ گاؤزبان ہر ایک دو درم قند سہ چند مین قوام کرلین جوارش عود شیرین معدہ کو تقویت دیتا ہو اور ازالہ رطوبت کرتا ہو ترکیب الائچی خورد و کلان دارچینی سونٹھ پیپل زعفران ہر ایک ایکدرم عود قرنفل ہر ایک نصف درم کوٹ کے شہد سہ چند مین ملا دین خوراک ایک مثقال نوع دیگر معمول اور مجموعہ سے نقل ہو ترکیب عود غرقی پوست ترنج ہر ایک پانچدرم قرفہ قرنفل مصطگی بالچھڑ دارچینی الائچی خورد الائچی کلان بسباسہ زعفران جوزبوا ہر ایک دو درم تار مشک ڈیڑھ درم فلفل دارفلفل سونٹھ ہر ایک ایکدرم سعد کوفی نصف درم مشک دو دانگ شہد و شکر ہر ایک ڈیڑھ سیر نوع دیگر نسخہ معمول ترکیب قرنفل عود ہر ایک تین درم الائچی خورد و کلان بالچھڑ پوست ترنج کبابہ بسباسہ جوزبوا زعفران مصطگی ہر ایک دو درم مصری تین پاؤ شہد خالص ایک سیر بدستور تیار کرین جوارش عود نسخہ علویخان معمول ہو تقویت قلب و دماغ و معدہ بارد و رطب کے لیے اور مفید ہیضہ و تہوع قے کیواسطے اور قابض ہو نقاہت کیحالت مین رفع ہیضہ کے بعد اسکا کھانا بہت مفید ہو ترکیب عود قماری پانچدرم بسباسہ الائچی خورد و کلان زعفران جوزبوا مصطگی بالچھڑ ہر ایک دو درم قرفہ پوست اترج طباشیر دارفلفل ابریشم مقرض نعناع گاؤزبان قرنفل زرنب ہر ایک ڈیڑھ درم فرنجمشک ۲ درم زرنباد نصف درم سونٹھ دارچینی سونف ہر ایک ڈھائی درم مشک ایکدانگ عسل مصفی بقدر ضرورت بدستور معجون بنالین ایضاً معمول اور مجموعہ بقا سے منقول ہو ترکیب مشک دو دانگ سعد کوفی نصف درم فلفل دارفلفل زنجبیل ہر ایک ایکدرم تار مشک ڈیڑھ درم قرفہ قرنفل مصطگی بالچھڑ جوزبوا دارچینی الائچی خورد الائچی کلان بسباسہ زعفران ہر ایک دو درم عود غرقی پوست ترنج ہر ایک پانچدرم شہد و شکر ہر ایک نصف من ایضاً تالیف حکیم سلیمان خان حکیم علویخان ترکیب عود ہندی پوست ترنج ہر ایک پانچ مثقال قرنفل چار مثقال الائچی کلان بالچھڑ قرفہ ہر ایک دو مثقال زعفران جوزبوا زنجبیل خشک دارفلفل ہر ایک ایک مثقال مصطگی بسباسہ ہر ایک تین مثقال

مصری یا کیمن میں پکائیں اور بدستور بنالیں نوعدیگر تقویت معدہ کیواسطے معمول ہی ترکیب۔ عود پانچدرم پوست ترنج زرنب دانہ ہیل قرنفل دارفلفل صعتر فارسی ہر ایک دو درم زرنباد مشک بالچھڑ مصطگی سعد کوفی زرنباد بسباسہ ہر ایک تیس درم قند سہ چند جوارش عود کبیر یہی مقوی معدہ اور مشہی ہی سرد مزاج والے کے لیے مستعمل ہی ترکیب عود تین درم دانہ الائچی خورد دانہ الائچی کلاں ساذج پوست ترنج طباشیر پودینہ دارچینی ہر ایک ایک درم گل سرخ دو درم زرنباد قرنفل جوزبوا بسباسہ ہر ایک نصف درم دواؤں کو باریک پیس کے پاؤبھر مصری کا قوام بنائے دواؤں کو ملاتے وقت نصف درم عرق گوگرد ملکے آمیز کر دیں اور اگر مشک و عنبر ہر ایک نصف درم زیادہ کر دیں قوی العمل ہوجاتی ہی جوارش عود ترش حار مزاج کیواسطے نافع ہی مقوی ہاضمہ و قلب اور مشہی ہی ترکیب گلاب کے پھول چار درم صندل گلاب میں گھس کے زرشک بیدانہ دانہ ہیل طباشیر عود غرقی پودینہ خشک پوست ترنج ہر ایک دو درم شربت انار شیریں چار تولہ املی تین تولہ پانی میں بھگوکے اور اسکا صاف پانی بغیر ملے ہوے لیکے گلاب آدھ پاؤ شکر سہ چند ورق نقرہ نصف درم بدستور بنالیں نوعدیگر محرورون کے واسطے انسب اور مزہ میں لذیذ و طیب ہی ترکیب عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک ایک ماشہ مصطگی عود غرقی پوست بیرون پستہ ہر ایک دو درم آب لیموے کاغذی سات عدد مصری آدھ سیر میں معجون بنائیں جوارش عود ترش مقوی معدہ و رافع خفقان اور مانع قے ہے ترکیب گل سرخ گاؤزبان گل گاؤزبان دانہ ہیل صندل گلاب میں گھسا ہوا طباشیر ہر ایک دو درم دھنیا صاف کیا ہوا پوست ترنج پوست بیرون پستہ برگ پودینہ قرنفل ساذج فرنجمشک ہر ایک ایکدرم عود غرقی چار درم زرشک بیدانہ چھ درم شربت انار شیریں شربت انار ترش ہر ایک پانچ تولہ شکر سفید سہ چند مربہ آملہ دو عدد۔ معمول سے ایضاً مذکورہ منافع کے واسطے ترکیب عود غرقی تین درم دانہ ہیل زرشک ہر ایک دو درم برگ پودینہ طباشیر پوست ترنج بالچھڑ مصطگی قرنفل سعد کوفی دارچینی دانہ قاقلہ زرنب صندل گلاب میں گھسا ہوا اسارون فرنجمشک ہر ایک ایکدرم دارفلفل زنجبیل ہر ایک نصف درم آب لیموے کاغذی سات عدد آب نقوع تمر ہندی چار تولہ شکر سہ چند جوارش برائے تقویت معدہ قائم مقام جوارش عود ترش ہی ترکیب آب لیمو چار عدد ساذج ہندی زرنب سلیخہ بالچھڑ ہر ایک ایک درم شکر سہ چند ایضاً ذکائی سے منقول ہی ترکیب۔ دارچینی عود غرقی ہر ایک ڈیڑھ تولہ پوست بیرون پستہ چھ ماشہ ورق نقرہ تین ماشہ نبات سفید الکبیر آب لیموے کاغذی دس عدد گلاب آدھ سیر بدستور بنالیں نوعدیگر تالیف میرزا محمد حکیم ترکیب آب لیمون آب بہ ترش ہر ایک پینتالیس مثقال گلاب قند سفید ہر ایک سبع مثقال عسل مصفیٰ تیس مثقال سب کو ہلکی آنچ پر قوام بنالیں اسکے بعد عود خام سات مثقال بالچھڑ مصطگی رومی دارچینی زعفران قرنفل ہر ایک نیم مثقال کوٹ چھان کے ملادیں جوارش عود ملین نسخہ حکیم محمد اسمعیل مشہی ہاضم و رافع قبض ہی ترکیب عود غرقی قرنفل مصطگی ہر ایک تین جزو قاقلہ خرد بالچھڑ مغز بادام مقشر ہر ایک دو جزو سونٹھ دارچینی دارفلفل پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ایک جزو پوست اترج پانچ جزو مشک نصف جزو قند سفید پچیس جزو عسل دو چند کل دواؤں سے گلاب بقدر قوام نوعدیگر برائے تقویت معدہ و اشتہا و تجوید ہضم و رفع قبض و طرد ریاح معمول ترکیب بادیان انیسون پودینہ خشک مصطگی دانہ الائچی ہر ایک ایکدرم عود طباشیر ہر ایک دو درم دارچینی ڈیڑھ درم کوٹ چھان کے تربد گلاب کے پھول سنا مکی ہر ایک ڈھائی درم جوش کرکے اسکا صاف پانی لیں عسل سفید آدھ پاؤ مصری پاؤبھر گلاب پاؤبھر میں داخل

کرکے قوام کرین اسکے بعد دوائین ملا کے بطریق مذکور بنا کے رکھ چھوڑین ایک تولہ گلاب کیساتھ استعمال کرین اور کبھی تربد و گل سرخ و سنا بھی کوٹ
چھان کے بڑھا دیتے ہین جوارش آملہ لولوی علویخان مقوی معدہ و دل اور مشہی و مسکن حرارت کبد نافع اسہال مراری اور مصلح معدہ دمعمول ہے
ترکیب۔ شیر آملہ صاف کیا ہوا بارہ مثقال طباشیر سفید صندل سفید سماق صاف کیا ہوا زرشک صاف کیا ہوا [illegible] گلاب کے پھول بادرنجبویہ پوست
بیرون پستہ ہر ایک ایک مثقال دھنیا چھلکا صاف کیا ہوا تخم خرفہ چھلکا صاف کیا ہوا ہر ایک دو مثقال مروارید ناسفتہ چار دانگ عنبر اشہب
ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک دو دانگ مصری رب بہ شیرین ہر ایک دو چند وزن ادویہ سے بدستور بنالین اور کبھی گل گاؤزبان گل
مشکی ہر ایک ڈھائی مثقال زیادہ کرتے ہیں خوراک دو مثقال شربت سیب کے ہمراہ نوع دیگر جسکا نام جوارش آملہ کلان ہے
مقوی معدہ و مشہی نافع اسہال اور محروری مزاج کے واسطے موافق ہے ترکیب آملہ صاف کیا ہوا پندرہ تولہ رات کو آدھ سیر گلاب اور عرق
بید مشک آدھ سیر مین بھگو دین صبح کو خوب جوش کرکے گلالین کپڑہ سے چھان کے نبات سفید آدھ سیر عسل مصفّٰی پندرہ تولہ ملا کے قوام کرلین اسکے
بعد موتی بن بیدھے دو تولہ صندل سفید ابریشم مقرض غنچہ گل سرخ گل گاؤزبان دانہ الائچی پوست بیرون پستہ مصطگی دارچینی ہر ایک ایک تولہ عنبر
اشہب ورق طلا ہر ایک تین ماشہ ورق نقرہ نو ماشہ کوٹ چھان کے اسمین آمیز کردین خوراک نو ماشہ اور حکیم شریف خان کے نسخہ مین آملہ اور شہد
کا وزن آدھ آدھ سیر ہے اور مصری تین پاؤ باقی بدستور ہے نوع دیگر مقوی معدہ و جگر اور مکرر عمل کیا گیا ہے ترکیب مربہ آملہ دس عدد مربہ ہلیلہ پانچ عدد
زرشک بیدانہ چار مثقال پوست بیرون پستہ دانہ ہیل زہر مہرہ خطائی گلاب مین پیس کے گاؤزبان بالچھڑ ابریشم کترا ہوا گل گاؤزبان صندل
گلاب مین پیس کے سعد کوفی ہر ایک دو مثقال غنچہ گل سرخ تین مثقال آب انارین ولایتی آب بہ شیرین ہر ایک دو دو اُن کے ہموزن قند سفید چند
دواؤن سے عرق گاؤزبان یا بید مشک پاؤ بھر عنبر مشک خالص ہر ایک نصف مثقال ورق نقرہ ایکدرم اور اگر آب بہ ممکن ہو آب انار دونا کردین
اور اگر دونون نہ مل سکین تو اُن کے بجائے شربت انارین و شربت بہ لے لین اور اس صورت مین قند ڈیڑھ وزن ادویہ کے لینا چاہیے اور مفتاح
مین آملہ و ہلیلہ ہر ایک بیس عدد زرشک نو مثقال ورق نقرہ چھ ماشہ لکھا ہے باقی بدستور ہے جوارش آملہ صغیر مقوی معدہ ہے ترکیب مربہ آملہ
پانچ عدد و مربہ ہلیلہ دو عدد زرشک دس درم گل سرخ مشانہ طباشیر بالچھڑ دانہ ہیل مصطگی ہر ایک ایکدرم صندل گلاب مین پسا ہوا ایک مثقال قند
سفید سہ چند گلاب مین قوام کرلین خوراک پانچ ماشہ مصنف نے کبھی اس نسخہ مین دھنیا چھلکا صاف کیا ہوا سات ماشہ سادج ہندی پوست
سرخ پودینہ خشک ہر ایک ایکدرم بالچھڑ کے عوض مین زیادہ کیا ہے اور پاؤ بھر مصری کو تین تولہ املی کے زلال مین قوام کیا ہے اور محرورین مین زیادہ نافع
دیکھا ہے جوارش آملہ نسخہ معمولی مقوی معدہ و مشہی و خوش ذائقہ اور دافع اسہال بواسیری ترکیب آملہ منقی پروردہ شیر دس تولہ دھنیا چھلکا صاف
کیا ہوا چھ ماشہ گلاب کے پھول جلی ہوئی سیب ہر ایک چار ماشہ دانہ ہیل عود ہندی صاف کی ہوئی سماق ہر ایک تین ماشہ آب لیمون
کاغذی چار تولہ قند سفید آدھ سیر مین قوام کرلین نوع دیگر مقوی معدہ و دماغ و مفید مزاج بارد ہے ترکیب مربہ آملہ پانچ عدد مربہ ہلیلہ دو عدد گاؤزبان
بالچھڑ سادج ہر ایک ایکدرم گل سیوتی گلاب کے پھول ہر ایک دو درم عود لونگ ہر ایک نیمدرم قند نصف رطل ایضاً تقویت معدہ و جگر

ترکیب آملہ کا مربہ پانچ عدد صندل گلاب مین پیس کے الائچی کے دانے ترنج کا چھلکا گاؤزبان ہر ایک دو درم ساذج زرنب عود غرقی ہر ایک
ایکدرم گلاب کے پھول تین درم زرشک چار درم زرشک کو گلاب مین حل اور صاف کر کے املی کا شربت میٹھے انار کا شربت ہر ایک چار تولہ قند دونی
گلاب مین قوام کرین جوارش سفرجلی۔ مقوی معدہ مشتہی ہاضم طعام نافع ہیضہ بارد مانع قے وتہوع ہے معمول سے ترکیب سفرجل بیج اور چھلکا
صاف کیا ہوا ایک رطل انگور کھٹے سرکہ مین مثلثہ کرین اگر سرکہ نہو تو قندی سفرجل مین اور اگر یہ بھی نہ بہم پہونچے تو لیمون کے عرق مین تر کرین اور پکائین
تاکہ گل جاوے صاف کر کے ایک رطل شہد اور آدھ رطل قند مین قوام کرلین اور یہ اجزا ملادین دارچینی گلاب کے پھول طباشیر پوست بیرون پستہ
مصطگی عود غرقی دانہ الائچی پودینہ کی پتی جوزبوا بسباسہ ہر ایک چار درم لونگ بالچھڑ ترنج کا چھلکا ہر ایک تین درم سونٹھ مرچ سیاہ پیپل
تز کچور زعفران ہر ایک ایکدرم مشک عنبر ہر ایک نیمدرم خوراک چار درم تک جوارش جاودانی۔ مقوی معدہ ہاضم طعام مزید حفظ و نافع بواسیر
و مصفی لون (رنگ) و مطیب بوے دہن ترکیب جوزبوا بسباسہ لونگ دارچینی بالچھڑ سعد کوفی آملہ دانہ الائچی سفید ہر ایک ہموزن کوٹ چھانکے
کے شہد سہ چند یا نبات سہ چند مین ملادین مقدار خوراک دو درم جوارش مقوی معدہ ہے معمولی سے ترکیب مصطگی لونگ بالچھڑ ہر ایک نصف
درم عود ساذج ہندی زرنب سعد دارچینی ہر ایک ایکدرم دانہ الائچی سلیگری زرشک گلاب کے پھول ہر ایک دو درم سہ چند قند مین قوام کرلین
ایضاً برائے تقویت معدہ قائم مقام جوارش عود ترش ہے ترکیب آب لیمون چار عدد ساذج زرنب سلیخہ بالچھڑ ہر ایک ایکدرم دانہ الائچی خورد
وکلان ہر ایک دو درم قند سہ چند دواؤن سے جوارش زرشک مشہی و ہاضم طعام ترکیب زرشک بیدانہ چار درم گلاب کے پھول دو درم
بالچھڑ پودینہ عود ترنج کا چھلکا لونگ مصطگی دانہ الائچی خورد و کلان صندل گلاب مین پیس کے ساذج ہندی ہر ایک ایکدرم قند سفید نیم رطل اور
کبھی زیادہ کردی جاتی ہے میٹھے انار کے چار تولہ شربت سے جوارش انار ترش حکیم جعفر تقویت معدہ وقلب واشتہا کے واسطے نافع ہے ترکیب کھٹے
انار کا پانی آدھ سیر قند سفید سو درم ہرے پودینہ کا پانی چار مثقال پہلے انار کے پانی کو شکر مین قوام کرین آگ سے اتار کے جب نیم گرم رہے پودینہ کا
پانی ڈال کے ملادین اسکے بعد مصطگی تین مثقال دانہ الائچی دو مثقال عود غرقی ایک مثقال کوٹ چھان کے ملادین خوراک ایک تولہ سے دو تولہ تک
جوارش انارین۔ مقوی معدہ و جگر و مشہی ترکیب کھٹے میٹھے انار کا پانی قند سفید ہر ایک ایک سیر ہرے پودینہ کا پانی سات درم بالچھڑ دو درم
دانہ الائچی کلان پوست ترنج ہر ایک چار ماشہ پوست بیرون پستہ ایکدرم دانہ الائچی خورد تین ماشہ بدستور تیار کرین اور نسخہ حکیم الممالک مین
دونون انارون کا پانی اور قند ہر ایک ڈیڑھ سو درم اور آب نعناع ساڑھے سینتیس درم اور کل دواؤن کا وزن ہر ایک کے پانچ درم طباشیر گلاب کا زیرہ
سوکھا دھنیہ ہر ایک نصف درم عود قماری خام ودج ترکی ہر ایک نصف درم قرنفل گلاب کے عوض مین مرقوم ہے نوع دیگر۔ قابض و مقوی معدہ و جگر
ترکیب قند سفید پاؤ بھر آب لیمون آٹھ درم شربت حب الآس سات درم آب انارین آٹھ درم شربت لیمو آب پودینہ سبز شیرہ مربہ آملہ ہر ایک
چار درم گلاب دو دام مصطگی دانہ الائچی زہر مہرہ خطائی ہر ایک تین ماشہ زرورد گل سرخ ودج ترکی جوزبوا عود طباشیر ہر ایک دو ماشہ بدستور بنالین
اور جاننا چاہیے کہ وزن سیر دو دام ان دونون جوارشون مین وزن عالمگیری سے معتبر ہے جوارش مصطگی مرکب سلونجیان تحلیل ریاح وتقویت

معدہ مین مجرب ہی ترکیب مصطگی سونٹھ الائچی کلان وخورد قرفہ ہر ایک دس ماشہ دارچینی سیاہ مرچ اجوائن کبابہ زیرہ سیاہ وسفید کرویا گلاب کے
پھول ترنج کا چھلکا سوکھا دھنیا سونف کی جڑ کا چھلکا کاسنی کی جڑ کا چھلکا عود ہندی کندر زرنباد درنجبوہ بالچھڑ زعفران گل گاؤزبان ہر ایک پانچ
ماشہ کوٹ چھان کے سہ چند شہد مین قوام بنا کے ملادین خوراک دو مثقال سونف کے عرق کے ساتھ اور اسی نسخہ مین کہ صرع مین بعد کھانے کے استعمال
کرانا بہت مفید ہی مصطگی کا وزن تین ماشہ دارچینی دس ماشہ اور بادیان رومی پانچ ماشہ بجائے کشنیز پوست بیخ بادیان وپوست بیخ کاسنی ہی نیز زعفران کا
وزن بہ نسبت ماشہ عود ہندی دو ماشہ اور عود صلیب زیادہ ہی نوع دیگر مقوی معدہ بارد ترکیب مصطگی ایک تولہ دانہ الائچی چھ ماشہ سعد کوفی بالچھڑ ہر ایک پانچ
ماشہ پوست ترنج نو ماشہ کوٹ چھان کے گلاب وقند کا قوام بنا کے جوارش مصطگی کیطرح تیار کرلین خوراک دو درم جوارش عنبر مسخن معدہ محلل ریاح مقطع
بلغم ومقوی دل ودماغ وحواس ہی ترکیب عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک دو ماشہ اسارون لونگ زعفران ہر ایک تین ماشہ دانہ الائچی دارچینی دارفلفل
سونٹھ جوزبوا ہر ایک چھ ماشہ نبات سفید وعسل خالص آدھ آدھ پاؤ بدستور جوارش بنالین نوع دیگر تالیف علویخان ضعف بدن ومعدہ کے لیے
مجرب ہی ترکیب عنبر اشہب دو مثقال مشک خالص ترکی چار دانگ گلاب چالیس مثقال نبات سفید اسی مثقال مشک وعنبر کو نبات
سفید کی مقدار کے ساتھ کوٹ کے باریک حلبی یا مہین کپڑے مین چھان لین اور تتمہ نبات کو گلاب مین حل کر کے قوام بنا کے تہ بار دین تاکہ سفید ہو جائے
عنبر ومشک کٹی ہوئی کو کیوڑ مین ملا کے چند بار پھینٹین اور گولیان بنالین ہر گولی ایک مثقال وزن مین ہو ہر روز ایک گولی دس مثقال گلاب کیساتھ کھائین
جوارش نارمشک والد حکیم ممدوح کی تالیف سے ہی مقوی معدہ وجگر دافع اخلاط فاسدہ محلل ریاح غلیظہ ورافع خفقان ہی ترکیب نارمشک
شیطرج ہندی سونٹھ کالی مرچ پیپل دارچینی چھوٹی بڑی الائچی لونگ ساذج ہندی لسباسہ خولنجان مصطگی کبابہ چینی بالچھڑ سلیخہ تخم کرفس اجوائن سونف
بوزیدان انیسون افتیمون ہر ایک چھ مثقال ریوند زعفران ایک ایک مثقال تربد سفید بارہ مثقال دوائین کوٹ کے دونے عسل مصفی مین ملا کے جوارش
بنالین خوراک چار مثقال سے چھ مثقال تک جوارش چائے خطائی مشک عنبر اشہب زعفران ہر ایک ایک ماشہ عود غرقی چار درم دارچینی لونگ
بسباسہ ہر ایک نشلہ چائے خطائی بادیان خطائی ہر ایک ایکدام نخبتہ دانہ الائچی خورد فوفل دکھنی ہر ایک دو دام خام پودینہ خشک ایک تولہ پوست
ترنج دو ماشہ گلاب ایک پاؤ مصری ایک سیر اور پاؤ بھر پہلے چائے خطائی اور بادیان ونعناع خشک وپوست ترنج کو شب کے وقت پانی مین بھگودین صبح
کو تین چار جوش دیکے صاف کرلین اسکے بعد مصری ملا کے قوام بنالین پھر عنبر اشہب ومشک وزعفران پیسی ہوئی حل کرین بعد قوام سرد ہونے کے
دوسری دوائین کوٹ چھان کے ملائین اور بطور لوزیات تیار کرلین اور ضرورت کے وقت عرق گاؤزبان یا کیوڑہ یا گلاب مین خفیف جوش کر کے
قہوہ کیطرح پئین جوارش تمر ہندی دافع قے ومقوی معدہ وقلب اور انصباب صفرا کے لیے جو معدہ سے ہوتا ہی نافع ہی ترکیب گل سرخ کشنیز مقشر
ہر ایک دو درم مصطگی دانہ ہیل زرشک طباشیر ساذج پوست ترنج برگ پودینہ صندل گلاب مین گھسا ہوا ہر ایک ایکدرم آب انار ولایتی ایک عدد
مربہ آملہ ایک عدد آب تمر ہندی چار تولہ گلاب مین بھگودین خالص پانی لے کے انار کے پانی مین ملادین اور سفید قند قوام کی ہوئی مین ملادین خوراک دو ماشہ
جوارش عود ترش مفید ہیضہ وتہوع وقے مقوی معدہ وقابض اور ہیضہ رفع ہونے کے بعد نقاہت کیحالت مین کھانا بہت نافع ہی اور تجربات

حکیم علوی خان سے ہی ترکیب عود ہندی نصف درم بسباسہ دانہ ہیل جوزبوا زعفران مصطگی بالچھڑ ہر ایک ایکدرم قرفہ پوست ترنج سونٹھ ہر ایک دو
درم دارفلفل ابریشم مقرض طباشیر پودینہ خشک گاؤزبان زرنب لونگ ہر ایک ڈیڑھ درم فرنجمشک رازیانہ دارچینی ہر ایک ڈھائی درم مشک خالص دو دانگ
آب بہ ترش آب زرشک آب سیب ترش ہر ایک دس درم شربت حب الآس تیس درم عسل مصفی دوچند بدستور ملادین اور دوسرے نسخہ مین حب الآس
وآب لیمون ہر ایک پندرہ درم ہی جوارش جالینوس اس جوارش کی خاصیتین بہت ہین کل اعضا کو قوت دیتی ہی دافع درد معدہ وہاضم طعام ہے
منھ کو خوشبودار کرتی ہی اور بادون کو توڑتی ہی جنون وصداع وسرفہ بلغمی وریاح بواسیر وقوبا ونقرس وبہق وزیادتی پیشاب کہ سردی سے ہوتا ہے
وحصات کلیہ ومثانہ کے لیے نافع ہی بالون کی سیاہی کو قائم رکھتی ہی باہ کو قوت دیتی ہی کہتے ہین کہ جو شخص اس جوارش کو بیس روز تک مداومت سے
ساتھ کھالے تمام بلغمی امراض سے بچا رہیگا دمامیل وزحیر وخلفہ کیواسطے مفید ہی بلکہ بمنزلہ تریاق ہی اپنا عدیل نہین رکھتی پرہیز کی بھی چندان ضرورت
نہین ہی ترکیب بالچھڑ لونگ الائچی سلیخہ دارچینی خولنجان سعد کوفی سونٹھ مرچ سیاہ پیپل قسط بحری عود بلسان اسارون زعفران تخم مورد
قصب الذریرہ ہر ایک دو درم مصطگی پانچدرم قند سفید دواؤن کے برابر تمام اجزا کو کوٹ چھان کے دونے شہد مین ملادین خوراک دو مثقال کھانا
کھانے سے پہلے اور بعد مین ایک گھنٹہ کے اندر کھانا چاہیے جسقدر پرانی ہوگی بہتر ہوگی اور بعضے نسخہ مین [illegible] تین مثقال زیادہ کردیتے ہین اور
بعض مین لونگ کی جگہ قرفہ ہی اور قند نہین ہی مقدار خوراک اس صورت مین ایک مثقال ہی اور کہتے ہین کہ اگر قصب الذریرہ کو مصطگی کیساتھ پیسا
جائے تو اوسکی تلخی جاتی رہتی ہی واللہ اعلم جوارش فنجنوش معمول والد مرحوم استرخاء معدہ وریاح بواسیر وفساد لون وکثرت بول کیواسطے ترکیب
ہلیلہ بلیلہ آملہ کالی مرچ پیپل سونٹھ سعد شیطرج ہندی بالچھڑ ہر ایک دس درم تخم شبت تخم گندنا ہر ایک چار درم خبث الحدید مدبر سو درم کوٹ چھان
کے شہد مین ہاتھون سے گھول کے گھی مین جو بقدر حاجت ہو ملادین ایک برتن مین رکھ چھوڑین اور چھ ماہ کے بعد استعمال کرین خوراک
دو درم اور اگر مشک دو درم بھی داخل کردین تو اولیٰ ہی جوارش دارچینی ضعف جگر کیواسطے مجرب ہی ترکیب دارچینی عود ہندی، اس ہر ایک
ایکدرم پختہ لونگ گول مرچ پیپل بالچھڑ اسارون ہر ایک پانچدرم سونٹھ دس درم پودینہ خشک آٹھ درم الائچی کے دانے قرفہ کبابہ ہر ایک دو درم
انیسون مصطگی بادیان سلیخہ سیاہ ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے عسل مصفی سہ چند ادویہ سے ملادین جوارش زرشک مقوی معدہ وجگر حار
قاطع اسہال صفراوی معدہ مین انصباب صفرا سے مانع ہی ترکیب زرشک صاف کی ہوئی چھ درم تخم خرفہ چھلکا صاف کیا اور بھنا ہوا
حب الآس طباشیر سماق گلاب کے پھول دھنیا چھلکا صاف کیا اور بھنا ہوا ہر ایک تین درم زہر مہرہ کھرل کیا ہوا دو درم رب بہ رب ترشی
ترنج وقند ہر ایک برابر کل ادویہ کے ملادین نوع دیگر نافع ضعف معدہ وجگر ودافع اسہال ترکیب زرشک منقی حب الآس نانخواہ زنجبیل
پوست بیرون پستہ ہر ایک چھ درم مصطگی طباشیر ہر ایک تین درم رب بہ سہ چند ملادین جوارش قانصہ ضعف معدہ وذرب کے
لیے اقوی ہی بہ نسبت دوسرے نسخون کے ترکیب پوست اندرون قانصہ جرز پوست اندرون قانصہ خروس مروارید ناسفتہ طباشیر ہر ایک
ایک مثقال گل سرخ پودینہ خشک پوست بیرون پستہ الائچی خورد وکلان ہر ایک نصف مثقال صندلین صعتر سوکھا دھنیا بریان حب الآس

پوست بلیلہ آملہ منقی ہر ایک ایکدرم لسد محرق کہربا فادزہر معدنی خطائی جوز بوا بسباسہ قرنفل دارچینی سلیخہ ہر ایک نصف درم کوٹ چھان کے شربت
سیب و شربت بہ مین آمیز کرکے جوارش بنائین خوراک دو مثقال جوارش آملہ نسخہ معمول سے ہے مقوی معدہ و قلب نافع اسہال صفراوی اور ستحاج
حمیات مین کہ اسہال کے سبب سے ہوتے ہین ترکیب آملہ پروردہ شیر دس درم صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا زرشک بیدانہ گلاب مین محلول
گل سرخ کشنیز مقشر طباشیر دانہ ہیل ہیلگری ہر ایک دو درم پوست بیرون پستہ زہر مہرہ خطائی گلاب مین پسا ہوا صمغ عربی حب الآس گل گاؤزبان
ہر ایک ایکدرم قند سہ چند اور اگر رب بہ مین ملائین بہتر ہے بعدہ ورق نقرہ ایکدرم ورق طلا نصف درم آمیز کردین اور اگر سرفہ ہو زرشک موقوف کردین
نوع دیگر قابض و مقوی معدہ و معمول ترکیب سعد کوفی پانچدرم پوست بیرون پستہ اسارون زرشک بیدانہ دھنیا گاؤزبان طباشیر بسباسہ ہر ایک
تین درم گلاب کے پھول مصطگی ہر ایک چار درم زعفران گلنار ہیلگری دانہ الائچی دانہ سویز دانہ الائچی کلان ہر ایک ایکدرم آملہ نو درم گلاب مین بھگو کے
صبح کو جوش دے اور صاف کرکے سہ چند قند مین قوام کرکے ملادین اور پسی ہوئی دوائین آمیز کردین ایضاً مقوی معدہ اور قابض ہے ترکیب شیر آملہ
چھ درم گلاب کے پھول پانچدرم دانہ الائچی سعد زرشک ہر ایک دو درم نرکچور بالچھڑ سلیخہ ببول کا گوند ہر ایک ایکدرم ہیلگری پوست بیرون پستہ ہر ایک
ڈیڑھ درم کوٹ چھان کے سہ چند قند مین قوام کرلین جوارش مقوی معدہ مزیل اشتہائے فاسد ترکیب انیسون بلیلہ بلیلہ آملہ مصطگی زیرہ سیاہ اجوائن
چھوٹی بڑی الائچی سونٹھ سداب کالیمرچ کوٹ چھان کے مصری کا قوام بنا کے دوائین ملادین جوارش خوزی نسخہ محمد ذکریا حابس اسہال مزمن و
مقوی معدہ و جگر دافع رطوبات معدہ و امعا نافع قراقر و زلق الامعاء و بچون کے مزاج کے موافق ترکیب دانہ مویز سرکہ مین تر کرکے سرمہ کی طرح
کھرل کرین تمیش [illegible]رم حب الآس تف دادہ ساٹھ درم خرنوب نبطی گلنار کزمازج جوز بوا ہر ایک دس درم کندر اجوائن سعد کوفی بالچھڑ مصطگی
ہر ایک پانچدرم کوٹ چھان کے گلاب مین دو چند دواؤن کے وزن سے شکر کا قوام بنا کے ملادین جوارش عنبر تالیف حکیم علویخان ذرب مزمن
و ضعف بدن کیواسطے مجرب و ممتحن ہے ترکیب الائچی خورد و کلان بسباسہ دارچینی ہر ایک دو مثقال طباشیر ساذج ہندی پوست زرد اترج ہر ایک
ڈیڑھ مثقال مصطگی عنبر اشہب لونگ زعفران قرفۃ الطیب ہر ایک ایک مثقال جوز بوا ڈھائی مثقال مشک خالص نصف مثقال بن بیدھے
موتی اعلیٰ ایک مثقال اور ڈیڑھ دانگ کوٹ چھان کے شہد مصفیٰ ایک سو بیس مثقال مین ملادین اور چینی کی قاب مین رکھین خوراک ایک مثقال
جوارش طباشیر تپ و اسہال صفراوی کے واسطے ترکیب طباشیر سفید تخم مورد گل سرخ ہر ایک دس درم تخم حماض ببول کا گوند ہر ایک
سات درم گلنار فارسی سماق لحیۃ التیس ہر ایک چھ درم زعفران افیون ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے شربت سیب مین ملادین خوراک تین
درم جوارش تخم مویز حابس اسہال ہے ترکیب مصطگی گلنار ہر ایک پانچدرم حب الآس سماق ہر ایک دس درم تخم مویز ببول کا گوند ہر ایک
بیس درم شہد کے ہمراہ اور رعایت حرارت کیوجہ سے قند مین ملادین جوارش سماق - اسہال صفراوی کو روکتا ہے اور احشا کو قوت دیتا ہے
ترکیب سماق بیس درم تخم مورد دس درم خرنوب نبطی تیس درم ببول کا گوند گلنار فارسی انار دانہ ہر ایک پانچدرم کوٹ چھان کے مویز منقی کے
ساتھ دوبارہ کوٹ کے کام مین لائین خوراک تین درم جوارش زرشک مقوی معدہ و جگر حار و قاطع اسہال صفراوی اور معدہ مین انصباب

صفرا کے واسطے مانع ہی ترکیب زرشک منقے چھ درم تخم خرفہ بریان حب الآس طباشیر سماق گل سرخ کشنیز مقشر بریان ہر ایک تین درم زہر مہرہ کھرل کیا ہوا
دو درم رب بہ رب حماض اترج و قند ہر ایک ادویہ کے برابر ملادین نوع دیگر نافع ضعف معدہ و جگر دافع اسہال ترکیب زرشک منقی حب الآس اجوائن
سونٹھ پوست بیرون پستہ ہر ایک چھ درم مصطگی طباشیر ہر ایک تین درم رب بہ مین ملادین نوع دیگر ضعف معدہ و امعا اور اسہال کو نافع ہی ترکیب
بسد مروارید ہر ایک دو درم طباشیر کہربا مصطگی ہر ایک تین درم خرفہ پانچدرم زرشک پوست سماق حب الآس پوست کنار اجوائن سونٹھ کو تیار
کرلین جوارش زنجبیل۔ قابض و ہاضم ہی ترکیب سونٹھ بھنی ہوئی دس درم ببول کا گوند دانہ الائچی بیلگری ہر ایک پانچدرم سلیخہ ڈھائی درم تر کچور
ایکدرم نشاستہ بریان بیس درم شکر سفید پینتالیس مثقال بدستور مرتب کرلین خوراک دو مثقال جوارش تمری مفتح قولنج و عسر البول ترکیب
زیرہ کرمانی مدبر بورہ ارمنی فطراسالیون سونٹھ مرچ سفید ہر ایک ڈھائی درم سقمونیائے مشوی پانچدرم خرما دانہ بیرون کردہ مغز بادام مقشر بریان کردہ
ہر ایک دو مثقال برگ سداب خرما کو ایک شبانہ روز سرکہ مین تر کرکے بھگودین چلنی سے چھان کے اور ہاتھون سے شہد سہ چند ملادین اور جوش کرین
تاکہ قوام ہوجائے اور دوائین کوٹ چھان کے اوسمین ملادین خوراک پانچ مثقال سے سات مثقال تک گرم پانی کے ساتھ جوارش اسقف قولنج کو کھولتی ہے
بلغم حار معدہ اور امعا سے خارج کرتا ہی قے روکتا ہی ریاح بواسیر درد خاصرہ اور پشت کے لیے نافع ہی ترکیب سقمونیا تربد موصوف ہر ایک سات درم
سیاہ مرچ سونٹھ ہر ایک چار درم دارچینی آملہ مقشر لونگ جوز بوا بسباسہ مصطگی ہر ایک دو درم قند سفید بیس درم کوٹ چھان کے شہد مین ملادین خوراک
برائے ہضم دو درم و برائے اسہال چھ درم جوارش انجدان۔ مفتح قولنج دافع ریاح اور نافع جشاء حامض ترکیب کالی مرچ پیپل ہر ایک پانچدرم پیپلا
سونٹھ چھ چھ درم انیسون سونف مصطگی اجوائن تخم کرفس ہر ایک دو درم انجدان پندرہ درم کوٹ چھان کے سہ چند شہد مین ملادین خوراک تین درم
جوارش شہر یاران اسہال کرتی ہی قولنج کو کھولتی ہی مفتح سدد مفید استسقا دافع سردی معدہ و کبد مسہل بلغم و مرہ سودا ہی ترکیب سونٹھ قرفہ دارچینی
لونگ سلیخہ بالچھڑ دانہ الائچی خورد و کلان مصطگی رومی ناردشک ساذج ہندی اجوائن تخم کرفس انیسون ہر ایک چھ درم شیطرج زعفران چار چار درم سقمونیائے
مشوی تربد سفید روغن بادام مین چرب کی ہوئی افتیمون حب النیل ہر ایک آٹھ درم بسفائج پانچدرم نمک ہندی تین درم قند سفید بیس درم شہد سہ چند
مین ملادین جوارش سفرجلی مسہل نافع قولنج حار و بارد مزاجون کے واسطے حتی کہ حمی مین تجربہ کیا گیا ہی اور اسہال خوب کرتی ہی ترکیب دارچینی سونٹھ
پیپل زعفران ہر ایک دو درم تربد موصوف پاؤ سیر عالمگیری عرق نعناع قطعات بہ بیج صاف کیے ہوے ہر ایک آدھ سیر عالمگیری شہد ایک سیر پہلے
قطعات کو عرق نعناع کہ مراد خالص سرکہ سے اور پودینہ سے ہی کہ اوسکا عرق کھینچا جاتا ہی اور مقطر کہتے ہین پکائین کہ گل جائے آگ سے اوتار کے سل پر پیس کے شہد
مین قوام کرین پھر دوائین سوائے زعفران کے کوٹ چھان کے ملادین زعفران کو گلاب مین کھرل کرکے تھوڑا تھوڑا ڈالین اور حل کرکے رکھ چھوڑین خوراک
دو تولہ تک اگر موسم تازہ کا نہ ہو اوسکے مربہ مین بدستور بنالین جوارش تیواج۔ تالیف حکیم علوی خان اسہال بواسیر کے واسطے بہت مفید ہی بلکہ اسہال
خون و جگر کے لیے کہ اوسمین ضعف بہت ہوجاتا ہی اور جس عضو پر نزف الدم ہو نفع عظیم کرتی ہی ترکیب تیواج خطائی تین مثقال پوست بیخ الکبر کبر یا
طباشیر مروارید ناسفتہ پیس کے ہر ایک ایک مثقال گل مختوم دم الاخوین کثیرا ہر ایک آدھ مثقال کوٹ چھان کے دواؤن سے سہ چند وزن مین شربت سیب

ولائتی شربت بہ ولائتی یا شربت الجبار و حب الآس مین ملا کے ایک مثقال ہمراہ شیرۂ تخم خرفہ و خشخاش ہر ایک دو مثقال کھائین جوارش آملہ مفید حرارت
گردہ و ذیابیطس و لینت طبع و ضعف قلب و خفقان و نسیان ترکیب آملہ منقی دس مثقال زرشک منقی پانچ مثقال کافور قیصوری زعفران ہر ایک نیم مثقال
غنچہ گل سرخ تین مثقال طباشیر فادزہر خطائی معدنی گل داغستانی کہربائے شمعی گل ارمنی مغسول یشب سبز صندل سفید ابریشم مقرض کزمازج ہر ایک
ایک مثقال کشنیز خشک مقشر تخم خرفہ مقشر ہر ایک تین مثقال جنکو کھرل کرنا چاہیے گلاب مین سنگ سماق کی کھرل مین حل کرنا چاہیے باقی دوائین کوٹ
چھان کے رب بہ شیرین و رب سیب شیرین ہر ایک پچاس مثقال مین ملا دین خوراک دو درم جوارش کندر سردی کے سبب سے زیادہ پیشاب آنیکو روکتی
ہی ترکیب دارچینی دو درم کندر خولنجان ہر ایک تین درم قرفہ الائچی ہر ایک چار درم لونگ جوزبوا بسباسہ خیربوا بالچھڑ ہر ایک پانچ درم مصطگی ایک استار
شہد ادویہ سے دو چند مین ہاتھون سے چلا کے ملا دیں خوراک دو درم سے تین درم تک جوارش ملکی بہت مقوی باہ ہی ترکیب مشک ڈیڑھ دانگ
الائچی کندر ایک ایک مثقال لونگ بالچھڑ جوزالطیب بسباسہ لسان العصافیر بیخ اذخر سونٹھ دارچینی مصطگی عود ہندی زعفران ہر ایک تین درم
اشنہ تین مثقال قند و گلاب دس دس مثقال قند کو گلاب مین حل کر کے اور بقدر کفایت شہد اوپر سے ٹپکائین آگ پر رکھ کے قوام کر لین اسکے بعد
دوسری دوائین آگ سے اتار کے کوٹ چھان کے ملا دین خوراک ایک مثقال جوارش خبث الحدید ممسک مفید سرعت انزال و ریاح بواسیر
و قاطع دم بواسیر ہے ترکیب بلیلہ کابلی و سیاہ شیطرج تخم کرفس ہر ایک چھ درم پوست بلیلہ آملہ منقی اجوائن تودری سرخ و زرد دار فلفل کنجد مقشر
ہر ایک چار درم قرفہ بالچھڑ جوزبوا سونٹھ فلفل موئیہ ہر ایک بیس درم الائچی قسط سلیخہ لونگ بسباسہ خولنجان نارمشک ہر ایک چھ درم سعد کوفی چار درم
مشک تبتی دو مثقال عنبر اشہب ایک مثقال خبث الحدید مدبر بوزن کل ادویہ روغن گاؤ دس استار دواؤن کو کوٹ چھان کے گائے کے گھی مین چرب
کر لین شہد کیساتھ پھینٹ کے ملا دین خوراک دو درم گائے کے دودھ کے ہمراہ یا دہی کے ساتھ کہ اسکا مسکہ نکال لیا گیا ہو دو ہفتہ برابر استعمال کرین
جوارش کندر نسخہ شیخ الرئیس جمیع اقسام فتق و قیلہ کے واسطے مفید ہی محلل ریاح بارد و مقوی معدہ و ہاضمہ ہے ترکیب کندر ساٹھ درم کالی مرچ
پپیل ہر ایک دس درم نبات سفید ساٹھ درم سونٹھ خولنجان ہر ایک بارہ درم جوزبوا لونگ الائچی ہر ایک پانچ درم مشک خالص نصف درم
کوٹ چھان کے شہد مین ہاتھون سے لت کر دین خوراک دو درم جوارش زرعونی مثانہ کی سردی کے سبب سے پیشاب کی کثرت کو نافع ہے سرفہ بلغمی
و صداع بارد و سردی بدن و مقوی معدہ و مشہی و دافع بلغم و مطیب دہن مانع آب دہن و پشت و گردہ کو مضبوط کرنے والی ریاح کو خارج کرنیوالی
اور ریگ مثانہ کو بہت مفید ہی ترکیب تخم کرفس تخم شلجم تخم گزر تخم شبت اجوائن سونف مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار بیخ کرفس ہر ایک پانچ مثقال
عاقرقرحا قرفہ زعفران مصطگی عود خام ہر ایک پانچ درم بسباسہ کبابہ مرچ سیاہ ہر ایک تین درم عنبر اشہب ایک مثقال شہد سہ چند عنبر کو شہد مین
لپیٹ دین اور دوائین کوٹ چھان کے اسمین ملا دین خوراک دو مثقال اور شریعی مین وزن عاقرقرحا اور عود وغیرہ ہر ایک دو درم ہے جوارش عطائی
گردہ اور دماغ کو قوی کرتی ہے منی بڑھاتی ہے جماعت مین قوت دیتی ہے مجرب ہے ترکیب بہمنین تودرین تخم اسپست مغز تخم خربزہ مغز تخم جرجیر تخم پیاز
تخم حماض تخم انجرہ کتیرا تخم بلیون تخم شلجم تخم کرفس ہر ایک تین مثقال شقاقل الائچی خورد دار فلفل خولنجان دارچینی سونٹھ قرفہ ہر ایک ایک مثقال

ترنجبین ادویہ سے سہ چند ترنجبین کو ایک رات گاے کے دودھ مین بھگوئین صبح کو مل کے صاف کرین اور آگ پر چڑھادین جب گاڑھی ہوجائے آگ سے اتارین دوائین کوٹ چھان کے اُسمین ملادین اور چینی کے برتن مین نکال کے رکھ چھوڑین خوراک تین مثقال بیس درم گاے کے تازہ دودھ کے ساتھ استعمال کرین جوارش بادرحم دفع کرتی ہے اور عقر مین کہ بسبب پیدائش ریاح ہوتا ہے کام آتی ہے ترکیب زرنباد درونج جوزبوا ہیل الائچی لونگ جوائن تخم کرفس سونٹھ ہر ایک دو درم زیرہ سرکہ مین مدبر کیا ہوا پانچدرم جند بید ستر نصف درم کوٹ چھان کے دوچند قند یا شہد مین ملادین خوراک ایک مثقال نیم گرم پانی کے ساتھ **جوارش معین حمل**۔ ترکیب برادہ عاج میعہ سائلہ بالچھڑ دارچینی مصطگی رومی عود قماری ہر ایک پانچ ماشہ افتیمون دو ماشہ درونج عقربی ساذج ہندی عود صلیب گل سرخ ہر ایک تین ماشہ پوست ترنج سعد کوفی لونگ نارمشک چار ماشہ عنبر اشہب مشک ہر ایک ایک ماشہ نبات دوچند شہد خالص سہ چند معجون مشہور قاعدہ سے بنالین خوراک نو ماشہ **جوارش لولوی**۔ مقوی معدہ و اعضاے رئیسہ و مصلح حال جنین و رحم اسقاط سے جنین کی حفاظت مین مجرب ہے بشرطیکہ مزاج مین حرارت غالب نہ ہو ترکیب مروارید ناسفتہ عاقرقرحا ہر ایک ایکدرم زنجبیل مصطگی ہر ایک چار درم زرنباد درونج عقربی تخم کرفس شیطرج ہندی قاقلہ جوزبوا بسباسہ قرفہ ہر ایک دو درم بہمنین فلفل دارفلفل ہر ایک تین درم دارچینی پانچدرم شکر سلیمانی سہ چند مقدار خوراک بقدر عفص (مازو) حفظ اسقاط کے واسطے اسکی مداومت کیجائے اور اگر صندل سفید تخم خرفہ بیخ الجبار ہر ایک تین درم صندل سرخ مغز تخم تربز طباشیر ہر ایک چار درم مع روغن گاو خالص تازہ آٹھ تولہ زیادہ کردین تو بہتر ہو **نوع دیگر**۔ مانع اسقاط حمل و حافظ جنین و دافع ریاح رحم ترکیب زرنباد درونج عقربی ہر ایک دو درم مروارید ناسفتہ بسبد کہربا عود خام ہر ایک ایکدرم دارچینی دو درم ابریشم مقرض دانہ ہیل زعفران قرنفل ہر ایک ایک درم جند بید ستر نصف درم اشنہ سنبل الطیب ہر ایک نیم درم کوٹ چھان کے سہ چند شہد مین ملادین اور ہر صبحکو ایک مثقال کھائین **جوارش مسمّن** بدن کو فربہ کرتی ہے ترکیب بہمن سرخ زراوند مدحرج کسیلا حبۃ الخضرا تودری سرخ تودری زرد شہدانہ شونیز مغز پستہ نخود مغز بادام شیرین کنجد مقشر ہموزن باریک پیس کے سب دواؤن سے دوچند حلبہ دھوئی ہوئی بریان کرکے آٹا بنائین اور روغن گاو مین ملین اور شہد مین ملادین خوراک عورتون کے قابل گردگان کے برابر مرد کے واسطے انڈے کے برابر دین

تیسری فصل جوگراجون جلنجبینون اور چٹنیون کے بیان مین

جوگراج۔ فالج لقوہ رعشہ اور دوسرے سرد دماغی مرضون کیواسطے مفید ہے ترکیب سونٹھ پیپلامول چیتہ چب پیپل ہینگ گاے کے گھی مین بھونی ہوئی اجمود سرشف زرد زیرہ سیاہ زیرہ سفید ریکا اندرجو تلخ بادہ باؤبڑنگ گج پیپل کٹکی تیس بھارنگی بچ موریا برابر برابر لے کے اُس سے زیادہ ترپھلا ملائین پھر وزن کرین سبکے برابر گوگل لین اگر گوگل پھلسیا ہو بہتر ہے سب کو پیس کے کٹا ہوا گوگل ملادین سوتے وقت نیم گرم پانی مین تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک کھائین خوراک ایک تولہ تک **نوع دیگر**۔ مذکورہ فائدہ کیلیے زیادہ تر قوی ہے ترکیب دارفلفل فلفل بھنگرا ہر ایک نو درم سونٹھ قسط دیودار ببوہ بیر عاقرقرحا فاقسویا زرنباد ہر ایک چھ درم زنجبیل جند بید ستر ہر ایک دو درم پوست چیتہ کبابہ تخم کاسنی ہر ایک تین درم پودینہ پانچدرم گوگل مثل کل دوائین کوٹ چھان کے رکھین گوگل کو نرم کوٹین روغن بادام مین چرب کرکے پھر کوٹین تاکہ خوب نرم ہوجائے اُسوقت اجزا کو پیس کے کیسقدر ملائین اور تھوڑا

روغن بادام آمیز کرین اور پھر کوٹین اسکے بعد پھر ایسے ہی عمل کرین یہانتک کہ کل اجزا مل جائین خوراک ایک تولہ کامل ہو جلنجبین۔ فارسی مین شہد کے گلقند کو کہتے ہین امراض بلغمی مین مستعمل ہو گلاب کی پتیان ایک سیر شہد تین سیر دونون کو ایک برتن مین رکھ کے خوب ہاتھون سے ملا دین تاکہ باہم ملجائین اور چالیس روز تک دھوپ مین رکھین یہی طریقہ شکری گلقند بنانیکا ہو جلنجبین مسہل اکثر اورام معدہ و جگر مین اونٹنی کے دودھ ہمراہ مستعمل ہو ترکیب عصارۂ ریوند دو دانگ تربد سفید ایکدام انیسون ایکدرم غاریقون سفید ڈیڑھ درم گلقند بیس درم دوائین کوٹ چھان کے گلقند مین اچھی طرح ملا دین اور شیر خشت کے ہمراہ تین چار تولہ کھائین اور ایسے موقع پر کہ املتاس کے مسہل سے نفرت ہو کام مین لائین جلنجبین طین۔ تپ ربع بلغمی مین ہفتہ مین ایکبار کھائین ترکیب تربد موصوف بسفائج ایک ایکدرم زنجبیل نیم درم پیس کے دس درم گلقند مین ملا کے کھائین جلنجبین مسہل ربع بلغمی مین اگر ہفتہ مین ایک مرتبہ کھائین کامل نفع ہو ترکیب سونٹھ نیم دانگ بسفائج فستقی نیم درم تربد سفید چار دانگ جلنجبین دس درم کل ایک خوراک ہوئی چٹنی۔ مقوی معدہ و مشہی و ہاضم طعام و مقوی جگر و خوش ذائقہ ترکیب انبہ خام سو عدد چھلکا اور گٹھلی دور کی ہوئی خوب پیسین اسکے بعد پودینہ آدھ پاؤ فلفل سیاہ زیرۂ سیاہ ہر ایک چار درم قرنفل درست ایکدام شونیز چھ درم دانہ الائچی خورد و کلان ہر ایک ایکدرم ادرک پاؤ بھر دار فلفل سونٹھ ہر ایک دو درم نمک بقدر پسند ذائقہ۔ ب دوائین کوٹ چھان کے آم کے ساتھ مخلوط کرین اور خشک کر ڈالین بعدہ عرق نعناع یعنے سرکہ مقطر مین بھر پیس کے چینی کے برتن مین رکھدین اور بعد چند روز کے استعمال کرین اور چاہین تو کسیقدر دار چینی بھی بڑھا دین تو علاوہ بر نمک چٹنی اور نورتن چٹنی مشہور ہو ہاضم طعام و مشہی ترکیب انجور قند سیاہ سیر مقشر ہر ایک ایکسیر مرچ سرخ آدھ پاؤ مرچ سیاہ ادرک چار درم الائچی سفید پودینہ خشک ہر ایک دو درم قرنفل ایکدرم عرق نعناع تین سیر انجور کو عرق مذکور مین راتکو بھگو دین صبحکو پیس کے دوبارہ نمک لہسن گول مرچ اور ادرک پودینہ پیس کے لونگ درست پسی کوئی ملا دین اور اگر ادرک نہ ملے تو بجائے اُسکے سونٹھ پیس کے ڈال دین

باب الحاء المہملہ پانچ فصلون مین شامل ہے

فصل اول حبوب کے بیان مین۔ حب ایارج برائے تنقیہ مادۂ بلغم دماغ و بدن کے واسطے معمول ہو ترکیب ایارج فیقرا تربد موصوف ہر ایک دو مثقال حب النیل غاریقون انیسون ہر ایک ایک مثقال شحم حنظل نمک ہندی ہر ایک چار دانگ کوٹ چھان کے سونف کے پانی مین گولیان بنالین نسخۂ معمول خاندان حکیم ذکاء اللہ خان سے ہو اکثر اقسام صداع کا قطع مادہ اور سر و دماغ کا تنقیہ کرتا ہو ترکیب مقل ازرق کتیرا ہر ایک چار سرخ شحم حنظل نمک ہندی ہر ایک ڈیڑھ دانگ غاریقون سفید نصف درم ایارج فیقرا تربد سفید حب النیل ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے سونف کے عرق مین گولیان بنائین یہ ایک خوراک ہو حب شبیار حکیم واصل خان کا نسخہ ہو دماغ کو صفرا و بلغم سے صاف کرتی ہین اور مفید صداع ہین ترکیب پوست بلیلہ کابلی سنا مکی پوست بلیلہ ہر ایک سات درم ورق گل سرخ حب النیل ہر ایک بارہ درم صبر سقوطری کندر ہر ایک سات درم کتیرا تین درم مقل ازرق عصارۂ ریوند مصطگی ہر ایک ایکدرم مقل کو پانی مین حل کرکے اور دوسرے اجزا کو کوٹ چھان کے گولیان بنائین خوراک ایک مثقال سے تین مثقال تک رات کو

سوتے وقت نگل جائیں اور آرام کریں نو عدد گولی زمستان اور تابستان میں استعمال کی جا سکتی ہیں مفید درد سر و تاریکی چشم دُخنی دماغ و معدہ ہے اخلاط فاسدہ سے
ترکیب صبر سقوطری پانچدرم افسنتین مصطگی تربد سفید پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک مثقال گل سرخ کتیرا ہر ایک ایکدرم کوٹ پیس کے گلاب میں بھگوکے گولیان
کالی مرچ کے برابر بنالیں خوراک دو درم رات کو سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ نگل جائیں **حب ذہب**۔ صداع و درد چشم کے واسطے نافع ہے ترکیب
صبر زرد بیس درم پوست ہلیلہ زرد دس درم کتیرا مصطگی سقمونیا زعفران ہر ایک تین درم گل سرخ پانچدرم کوٹ چھان کے گلاب میں گولیان بنالیں **حب**
برائے صداع بلغمی و دوی بلغمی کے واسطے نافع ہے ترکیب تربد موصوف دو درم صبر زرد چھ درم مصطگی چار درم گل سرخ تین درم کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیان
بنالیں خوراک دس گولیوں سے چودہ تک **حب قوقایا** تنقیہ دماغ اور دماغ کے امراض باردہ کیواسطے ترکیب صبر سقوطری افسنتین غاریقون مصطگی
ہر ایک ایک جزو شحم حنظل سقمونیا ہر ایک نصف جزو کوٹ چھانکر کرفس سبز کے پانی میں گولیان بنائیں خوراک ایک مثقال نو عدد گولی دو برس تک قوت رکھتی ہیں
اور مجربات میرزا احمد باقر شیرازی سے ہیں ترکیب ایارج فیقرا دس درم تربد سفید اسطوخودوس ہر ایک پانچدرم شحم حنظل تین درم اور دو دانگ سقمونیا
ڈھائی درم اور دوسرے نسخہ میں کتیرا ایکدرم اضافہ کیا ہے کوٹ چھان کے مقل کے پانی میں گولیان بنائیں اور یہ سب دس خوراکیں ہیں اور جو نسخہ کہ
مستعمل حکیم میرزا محمد سلطان ہے اسمیں پوست ہلیلہ زرد بھی داخل ہے **حب** جہت تنقیہ دماغ و امراض چشم حکیم کلو صاحب سے منقول ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد
پانچ ماشہ آملہ افسنتین غاریقون ہر ایک ڈیڑھ ماشہ اسارون انیسون تخم کرفس ہر ایک نصف درم تربد سفید مجوف افتیمون ہر ایک ایک مثقال فیقرا دو درم
قرنفل فانیذ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سقمونیا چار ماشہ پہلے فانیذ کو تھوڑے پانی میں حل کرکے سقمونیا کو اسمیں ملادیں اور کل دواؤں کو کوٹ چھان کے
آمیز کریں گولیان بنالیں نو ماشہ سے ایک تولہ تک کھائیں مجرب ہے **حب ہندی** جہت شقیقہ و بیضہ میں حکیم شاہ محمد کے معمول سے ہے اور سبل وغیرہ امراض
چشم میں نفع عظیم کرتی ہے ترکیب صبر سقوطری چرائتہ ہر ایک ایک ماشہ جوز بوا دو ماشہ زیرہ سفید اجمود ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کے نک چھکنی
کے پانی میں چودہ گولیان بنالیں اور پانی کے ساتھ ایک صبح ایک شام کو کھائیں **حب جید**۔ سدر و دوار بلغمی میں معمول ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی
ایکدرم تربد موصوف ایک مثقال غاریقون چوتھائی مثقال اسطوخودوس ایکدرم نمک لاہوری چوتھائی درم یہ کل دوائیں ایک خوراک ہے شیار کے
طریقہ پر کھائیں **حب دیگر**۔ دوار مزمن کے لیے نافع ہے ترکیب قرنفل چھ درم سنا مکی چار درم کمونی الانجی خولنجان زرنباد ہر ایک ایکدرم بالچھڑ نیم درم شکر
سفید پانچدرم عسل سفید پندرہ درم کے ہمراہ سات گولیان بنالیں اور ایک گولی رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ کھائیں **حب** نافع سبات
وسبات سہری ترکیب بنفشہ دو درم پوست ہلیلہ زرد تربد موصوف ہر ایک ایکدرم نمک ہندی بادیان تخم کرفس ہر ایک نیم درم سقمونیا ڈیڑھ دانگ
کوٹ چھان کے پانی میں گولیان بنالیں یہ ایک خوراک ہے لیکن جی چاہے تو دو خوراکیں بھی بنائی جاسکتی ہیں **حب جند** نسیان بلغمی کے واسطے
نافع ہے ترکیب عاقرقرحا نمک سیاہ جند بیدستر ہر ایک دو درم ایارج فیقرا چھ درم تربد موصوف چار درم کوٹ چھان کے اس پانی میں کہ جس میں
کسیقدر جاؤشیر حل کیا ہوا ہو بھگو کے گولیان بنالیں اور استعمال کریں **حب افتیمون**۔ برائے تنقیہ دماغ کہ سودا سے ہو اور مالیخولیا وغیرہ میں
معمول ہے ترکیب افتیمون دو درم غاریقون تربد موصوف روغن گاؤ میں چرب کرکے اسطوخودوس بسفائج فستقی ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے

سونف کے پانی مین گولیان بنالین یہ کل دوائین ایک خوراک ہو حب لاجورد منقی سر و بدن کہ سودا سے ہو اور جمیع اقسام امراض سوداویہ کے واسطے
نافع ہو ترکیب رب السوس چوتھائی جزو سقمونیا نصف جزو پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ افتیمون ہر ایک ایک جزو لاجورد مغسول
دو جزو کوٹ چھان کے پانی مین گولیان بنائین حب افتیمون۔ مالیخولیا اور جذام مین فائدہ دیتا ہو اور منقی سودا ہو ترکیب گل سرخ نمک ہندی
ہر ایک ایکدانگ مصطگی نصف درم بسفائج اسطوخودوس افتیمون پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایکدام کوٹ چھان کے کتیرا کے پانی مین بھگو کے گولیان
بنالین خوراک چار درم حب ہلیلہ حکیم علویخان کی ایجاد مالیخولیا مین مجرب سوداے صفراوی مین مستعمل ہو ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ
سیاہ پوست بلیلہ آملہ منقی ہر ایک دو دانگ سنا رکی لاجورد مغسول غاریقون سفید کتیرا ہر ایک ایکدانگ کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرین مویز
منقی مین لت کرکے گولیان بنائین اور عرق گاؤزبان نیمگرم کے ہمراہ سکنجبین گلاب شکری دس درم حل کی ہوئی ہو نگل جائین یہ پوری ایک خوراک ہو ہفتہ مین
ایکمرتبہ استعمال کرنا چاہیے یہانتک کہ مالیخولیا زائل ہو جائے تو عدیگر۔ مخرج سودا و مرۂ صفرا سر سے تمام بدن اور بینائی ہو ترکیب پوست ہلیلہ زرد
پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ منقی برگ سنا رکی ہر ایک دو دانگ سقمونیاے مشوی ایکدانگ کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرکے
مویز کے گودے مین گولیان بنائین اور ورق نقرہ لپیٹ کے نیمگرم پانی سے نگل جائین اور کبھی تقویت اسہال کیواسطے برائے مرہ سودا اضافہ کیا جاتا ہے
لاجورد حب النیل ہر ایک ایکدانگ حب نافع کابوس مصنف کتاب جامع الصناعۃ لکھتا ہو کہ ایک شخص کو یہی مرض مع صرع کے روز و شب کو ہوتے
وقت رہتا تھا انھین گولیون سے شفا ہوئی ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ ہر ایک تین دانگ سنا رکی چار دانگ
گل سرخ کتیرا ہر ایک چار قیراط کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرکے اُس پانی مین جسمین کہ ترنجبین تین درم حل کی ہوئی ہو یا خالص پانی مین گولیان بنالین
یہ ایک خوراک ہو خلو معدہ مین گرم پانی کے ساتھ سوتے وقت استعمال کرائین اسی طرح دوا تین برابر پھر سات روز تک موقوف کردین ایک ہفتہ تک استعمال
کرائین حتی کہ بالکل صحت ہو گئی حب صرع۔ تنقیہ مادۂ صفرا کے واسطے نافع ہو افتیمون اسطوخودوس بسفائج نمک ہندی غاریقون سفید ہر ایک
نصف دانگ تربد موصوف پوست ہلیلہ زرد شحم حنظل کتیرا سقمونیا مشوی ہر ایک ایکدانگ ایارج فیقرا نصف مثقال کوٹ چھان کے پانی مین
گولیان بنائین یہ سب ایک نسخہ ہے بہت سے مصروعون (مرگی والون) کا انھین گولیون سے علاج کیا گیا ہو حب سہل صاحب اقتباس ہے
کہ ہر تنقیہ دماغ مین جملہ امراض سر اور بالخصوص صرع مین مجرب ہو ترکیب حب الملوک انگور کی ہری پتی مین مدبر کیا ہوا تین تولہ تربد سفید اسطوخودوس
مغز بادام شیرین ہر ایک دو تولہ سونٹھ عود صلیب فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ کتیرا دو مثقال چنے کے برابر گولیان بنا کے تین گولیان سوتے وقت
اور دو گولیان صبح کو نیمگرم پانی کے ساتھ کھائین حب صرع کے واسطے خصوصًا سوداوی حکیم اکمل خان کی بیاض سے ترکیب لاجورد مغسول
جند بیدستر قرنفل سعیہ سالمہ سقمونیاے مشوی رب السوس ہر ایک دو درم غاریقون تربد موصوف سکبینج ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ سلیخہ شاہترہ قسط
تلخ سورنجان سنا رکی فلفل سفید زعفران حب النیل درونج گل گاؤزبان قنہ زرنباد انیسون بسفائج افتیمون افسنتین اسطوخودوس ایارج فیقرا
ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے گلاب مین گولیان بنالین اور چالیس روز تک مداومت کرین اور ہر روز گولیان کھانے کے بعد شربت اسطوخودوس

دس مثقال پیلین حب فاوانیا۔ صرع وفالج وغیرہ امراض دماغی مین مستعمل ہے ترکیب فاوانیاے بزر دو مثقال جند بیدستر مشک تبتی ہر ایک ایک مثقال زعفران نصف مثقال عرق دارچینی مین بھگو کے چنے کے برابر گولیان بنالین یہ تین خوراکین ہین جو تین گولیان عرق دارچینی یا ماء العسل کے ساتھ اور کبھی ذرنل نصف درم اسمین بڑھا کے بعد طعام مصروع کو استعمال کرائین حب فاوانیا مسہل۔ صرع مین تنقیہ دماغ کے واسطے حکیم علویخان کے اختراع سے ہے ترکیب۔ فاوانیاے بزر دو مثقال جند بیدستر مشک تبتی ہر ایک ایکدرم حب الملوک مبرد ڈیڑھ درم چنے کے برابر گولیان بنالین خوراک تین گولیان حب جند۔ ام الصبیان وصرع وفالج وسکتہ اور کل امراض بلغمی ورطوبی کے واسطے اور اعراض کہ بعد وضع حمل عورتون کو عارض ہوتا ہے اور بچون کو برودت کے سبب سے اُسمین معمول ہے ترکیب جند بیدستر مشک خالص عود صلیب ہموزن عرق دارچینی یا عرق جوزبوا یا عرق بادیان مین کسیقدر تر کر کے کالی مرچ کے برابر گولیان بنالین بچون کو آدھی گولی سے ایک گولی تک شیر مرضعہ کیساتھ دین اور دوسرون کو ایک گولی سے تین گولیون تک یا جسقدر مناسب سمجھین عرق جوزبوا یا دارچینی یا رازیانہ مین بھگو کے گرم کر کے طلا کرین اور اگر بچے والی عورت کا منھ کھل گیا ہو شفتون اور فکین پر مالش کرین اور اگر کسیقدر عود ہندی غرقی بھی زیادہ کردین تو برائی نہین ہے اور اگر برودت زیادہ ہو تو جوزبوا بھی نوع دیگر۔ برائے ام الصبیان ترکیب عود صلیب ایک ماشہ جدوار چھ رتی جند بیدستر چھ رتی انیسون پانچ رتی دانہ الائچی چار رتی صبر سقوطری ایک رتی لسان العصافیر تین رتی فادزہر حیوانی چار رتی اگر نہ مل سکے تو اسکے عوض مین زہر مہرہ لے لین اگر یہ بھی نہ ملے تو مشک خالص دو رتی اور مونگ کے برابر گولیان بنالین ایک صبح ایک شام گولی دائی کے دودھ مین دین نوع دیگر ام الصبیان مین ہمیشہ معمول ہے ترکیب کندر جند بیدستر ہموزن سونف کے پانی مین مثل خشخاش گولیان بنالین اور ایک گولی سے تین تک مان کے دودھ مین حل کر کے دین حب۔ علویخان نے عشرہ کاملہ مین صرع کے واسطے مجربات سے لکھا ہے ترکیب گوشت سلحفاۃ تین تولہ عود صلیب تین درم فلفل سفید چار درم جند بیدستر دو درم کوٹ چھان کے شہد مین ملادین اور کالی مرچ کے برابر گولیان بنا کے دو عدد صبح دو عدد شام کو نگل جائین حب دافع صرع اطفال ترکیب خون کشف یعنے کچھوا جو کا آٹا شہد تینون چیزین ہموزن ملا کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین ایک گولی صبح ایک شام دین حب لقوہ۔ اُستاد مرحوم کی بیاض سے ترکیب تربد موصوف ڈیڑھ دانگ سورنجان چار دانگ بوزیدان ماہیزہرج قنطوریون دقیق ہر ایک دو دانگ یہ سب ایک خوراک ہے حب مرض فالج مین برائے تنقیہ معمول ہے تربد موصوف چھ درم حب النیل سورنجان ایارج فیقرا ہر ایک تین مثقال شحم حنظل شیطرج ہر ایک دو مثقال بوزیدان مرچ ترکی عاقرقرحا ہر ایک ڈیڑھ مثقال سکبینج مقل جاؤشیر فرفیون جند بیدستر ہر ایک نصف مثقال دوائین کوٹ چھان کے عرق بادیان مین تر کر کے گولیان بنالین خوراک تین درم گرم پانی کے ساتھ حب۔ کہ بعد مسہل امراض دماغی کے اس کا استعمال معجون فلاسفہ کا فائدہ دیتا ہے ترکیب فلفل دارفلفل زنجبیل شیطرج بابونہ تعلب مصری مغز چلغوزہ مغز نارجیل ہر ایک ایک درم مویز منقی تین درم سہ چند شہد مین گولیان بنالین اور ایک تولہ کی مقدار مین کھائین حب سکتہ مین ماء الاصول سے نضج مادہ کے بعد تنقیہ کے واسطے دیتے ہین ترکیب تربد موصوف ایارج فیقرا ہر ایک ایکدرم پوست ہلیلہ کابلی حب النیل ہر ایک چار دانگ شحم حنظل شہدنی جاؤشیر ہر ایک دو دانگ جند بیدستر ایکدانگ سب کو کوٹ کے جاؤشیر کو گندنا کے پانی مین حل کر کے باہم ملائین اور گولیان کالی مرچ کے برابر بنائین

سایہ مین خشک کرین تین ماشہ گرم پانی کے ساتھ دین حب ایارج والد حکیم علویخان کی تالیف سے ہی فالج لقوہ صرع و استرخا و مالیخولیا کے لیے درد معدہ کے واسطے اخلاط لزجہ سے معدہ کو صاف کرتی ہی اور قروح و بثور سوداویہ کے لیے نافع ہی ترکیب ایارج فیقرا تین درم غاریقون ہش سفید بسفایج فستقی غنچہ گل سرخ اسطوخودوس ہر ایک سہ درم مقل ازرق پوست بلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ سنا رکی خود صلیب انیسون ہر ایک ایکدرم تربد سفید ڈھائی درم سونٹھ ایکدرم زردانگ کوٹ چھان کے روغن بادام شیرین مین چرب کرکے گولیان بنالین اور چاندی کے ورق مین لپیٹ کے گرم پانی سے دو مثقال سوتے وقت استعمال کرین حب مرزا ابراہیم نے بہت سے مرضون کے واسطے نافع لکھا ہی ترکیب زیبق تین ماشہ کبریت چھ ماشہ برگ حنا مقتول کی ہوئی ان سب کی چنے کے برابر گولیان بنالین خوراک چار گولیان حب سیماب فالج لقوہ کے واسطے اور مثل ان امراض کے لیے استاد مرحوم کی بیاض سے ترکیب تخم دھتورہ سیاہ سیماب ہر ایک دو ماشہ ادرک کے پانی مین کھرل کرکے ماش کے برابر گولیان بنائین اور کھائین حب بیش امراض باردہ دماغی و عصبی مثل لقوہ و فالج مسہلون کے بعد تعدیل مزاج کے واسطے دیتے ہین ترکیب عاقرقرحا فلفل گرد فلفل دراز ہر ایک تین ماشہ پیلامول چھ ماشہ سونٹھ میٹھا تیلیہ ہر ایک ایک تولہ کل دوائین کوٹ چھان کے قند سیاہ و روغن زرد کے ہمراہ مونگ کے برابر گولیان بنالین خوراک ایک گولی سے دو تک اور دوسرے نسخہ مین جوز بوا نانخواہ بسباسہ پیلامول کے عوض مین درج ہی اور کل دواؤن کا وزن برابر قند سیاہ کی مقدار دو چند اور بعضے ان گولیون کو ادرک کے پانی مین بناتے ہین نوع دیگر فالج لقوہ اور ریاح کے واسطے دافع ہی خواہ کسی قسم کا ہو ترکیب بیش یعنے بچھناک ایکدرم فلفل زنجبیل بسباسہ جوزبوا الائچی ہر ایک ایکدرم گھس کے سیمو کے عرق مین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین خوراک دو تین گولیان بعضے اس نسخہ مین کبابہ نمک ہندی بھی داخل کرتے ہین مادی اور ترشی سے پرہیز ضروری ہی حب اذاراقی نافع فالج و لقوہ و امراض بارد بلغمی و دماغی ہی مفید درد کمر و ریاح ہی ترکیب کچلہ پندرہ عدد پانی مین تر کرین اور تیسرے روز پانی بدل دیا کرین بعد پندرہ روز کے جب نرم ہو جائے اُسکے چھلکے کو اُتار کر جلا ڈالین جس وقت دھوان اُٹھنا موقوف ہو جائے آگ کے اوپر سے اتار لین اور بیش ڈالدین اُسی کے برابر سیاہ مرچین کھرل کرکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین ایک گولی صبح ایک شام کھائین حکیم طالب حسین کے نسخہ مین بغیر جلایا ہوا کچلہ ہی اور سیاہ مرچ کا وزن نصف ہی دونون کو ادرک کے پانی مین خوب حل کرکے چنے کے برابر گولیان بنالین ترش اور ٹھنڈی غذاؤن سے پرہیز چاہیے اور خان محمد خان کے نسخہ مین کہ برائے وجع مفاصل رطوبی و سرفہ بلغمی و ضیق النفس و تحریک نزلہ و اسہال رطوبی کے واسطے بھی مجرب ہی ترکیب اذاراقی چھٹانک بھر لے کے تر کرین اور زمین مین ایک ہفتہ تک دفن کردین اسکے بعد نکال کے مقشر کرین اور خوب باریک تراش کے پھر کوٹ چھان کے سیاہ مرچ ہموزن پیس کے دونون کو ایک چھٹانک مغز نارجیل مین کوٹین پھر ایک پاؤ ادرک کے پانی مین سب کو حل کرین جب خشک ہو جائے آب برگ سہجنہ ایک پاؤ ملائین اور خوب ملین جب خشک ہو جائے چنے کے برابر گولیان بنالین اور حسب مزاج استعمال کرائین اگر گلے مین خشکی کرے تو نبات و مسکہ ہر ایک دو تولہ چاٹ لین کہ امراض بلغمی و ریحی مین مجرب پایا گیا ہی ہفتہ یا دو ہفتہ استعمال کرائین حب سنی اسکو حب مقل اور حب لقوہ بھی کہتے ہین مسہل سے فراغت ہونے کے بعد تعدیل مزاج کے واسطے دیتے ہین ترکیب مرچ سیاہ سونٹھ کوڑیکی دلبو دارچینی کباب چینی عاقرقرحا گجپیپل بھنگرہ کچور تخم سن جسکی رسی بٹی جاتی ہے

برابر برابر کو گل سب دواؤن کے برابر کوٹ کے شہد مین ترکر کے گولیان بنائین اور بقدر دو دام صبح وشام گرم پانی کے ہمراہ نگل جائین او ستاد مرحوم کی بیاض سے
نقل ہی اور قادری مین کتاب جینی تک ہر ایک کا وزن تین درم ہی اور عاقرقرحا سے تخم سن تک ہر ایک نو درم سیاہ مرچ کا وزن بھی نو درم ہی اور جیتیہ اور کچور نظر
سنین آتا اور لکھا ہی کہ ایک گولی صبح ایک شام گرم پانی کے ساتھ کھائین **حب فالج** کے واسطے مستعمل ہی **ترکیب** سم الفار طباشیر سفید ہر ایک دو ماشہ
کتھ سفید چھ ماشہ سب کو ادرک کے پانی مین خوب باریک پیسین اور ایک رتی کے برابر گولیان بنالین ایک صبح ایک شام دین سات دن تک
اور ساتوین دن قند کا شربت پئین ان گولیون کے کھانے سے قے اور سہل خوب ہوتا ہی کھانا بغیر نمک کا کھائین گوشت نہ کھائین **حب مُفرّح**
کہ اسکا نام آنند بیر دل ہی معمول حکیم کلو صاحب **ترکیب** بچھناک سفید گائے کے دودھ مین مدبر کی ہوئی پیپل مرچ سیاہ سہاگہ شنگرف برابر برابر
کوٹ کے آب لیموے کاغذی مین دو روز تک کھرل کرین اور چنے یا جوار کے برابر گولیان بنا کے سایہ مین خشک کرین لقوہ کے واسطے ایک گولی نگل
لین اور ایک دو گولیان روغن کنجد یا روغن گل مین حل کر کے جس مقام پر لقوہ کا اثر ہو لیپ کرین رات کو باندھ دین اوپر سے روئی باندھین اور
ٹھنڈی ہوا سے بچائین اور سینہ مین ادرک کے شیرہ یا پانی مین اور پیچش مین لال شکر کے ساتھ اور سہال مین افیون خالص کے ہمراہ دین اور یہ گولی زلہ
وسرفہ اور تب ولرزہ بلغمی وسوداوی کے واسطے بھی نافع ہی حمی صفراوی مین شیرہ خرفہ سیاہ بریان کے ساتھ دین برلے تب دق وبرسوت وضعف باہ
شہد کے ہمراہ ایک گولی سے لگا کے بحسب سن ووقت وطاقت مریض استعمال کرائین **حب سیاہ** مستعمل حکیم موصوف **ترکیب** چونہ صدف موتی
گندھک آملہ سار شیر گاؤ مین مدبر زنجبیل سہاگہ بیپل سیماب مصفی سونٹھ سب کو ہموزن کوٹ چھان کے پارہ ملادین اور ادرک کے پانی مین جو دواؤن کے
ہموزن بلکہ زائد ہونا چاہئے کھرل کرین کہ خوب حل ہو جائے بعد اسکے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین سایہ مین خشک کرین بچے کے واسطے ایک گولی
جوان کے لیے دو سے چار تک دو تین ناز بو کی پتیون کے ہمراہ اگر نہ ہو تو پان مین بغیر مصالحہ کے دین اور لقوہ وفالج وہیضہ وقولنج ریحی وتخمہ ودرد پہلو
وغیرہ امراض باردہ مین اکسیر کا حکم رکھتی ہین اور کل اقسام تب سوائے محرقہ کے مجرب ہی اور کل اقسام ہیضہ موت سے زندہ رکھنے والی ہین اور تپون مین بامزاج
گرم مین شیرۂ خرفہ کے ساتھ اور بلغم مین بغیر بدرقہ کے استعمال کرین **حب ارجحانس** تنقیہ بدن کزاز مین نفع کرتی ہی **ترکیب** اشق سکبینج جاوشیر مقل
حرمل تخم حنظل صبر زرد تربد سفید مدبر پوست ہلیلہ زرد انزروت سفید ہر ایک ایکدرم گوندون کو گندنا کے پانی مین حل کرین اور باقی دوائین پیس کے
ملا دین اور گولیان بنالین خوراک دو درم سے تین درم تک حسب قوت مریض وحرارت ہوا یا برودت کے دین **حب** رعشہ کے واسطے عجیب النفع ہی معمول
حکیم کلو صاحب **ترکیب** عاقرقرحا جند بیدستر شیطرج بزر البنج ہر ایک تین درم سکبینج شحم حنظل ہر ایک چار درم فیقرا پانچ درم سب کو کوٹ چھان کے
پانی مین تر کر کے گولیان بنالین اور ہر روز وقت شب تین ماشہ گرم پانی کے ہمراہ استعمال کرین اور اگر طبیعت مجیب ہو کم استعمال کرین **حب مویز**
تالیف حکیم واحد علی اکسیر الاثر ہی **ترکیب** تخم دھتورہ سیاہ تین تولہ اجوائن خراسانی ڈیڑھ تولہ دونون کو ڈیڑھ پاؤ پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ
رہ جائے کپڑے سے صاف کر کے ایک برتن مین ٹھہرالین تاکہ تلچھٹ بیٹھ جائے اوسکا صاف پانی دوبارہ کپڑے سے چھانین اور مویز سرخ کلان پاؤ بھر بیج نکالے
ہوے اُس پانی مین ڈالدین اور نرم آنچ مین اسقدر پکائین کہ پانی جذب ہو جائے پکنے مین چمچہ سے پانی کو چلاتے رہین تاکہ مویز پتیلی مین نیچے بیٹھ کے

چھلک نہ جائے بعد اسکے دیگچہ سے نکال کے دھوپ مین سکھالین اور دو تین روز مین خشک ہو جائیگا خوراک چوتھائی سے آدھے موبز تک ہو گولیان بنا کے
نگل لین اگر کسی شخص کو ان گولیون کے کھانے سے قے یا دوسرے عوارض کی تکلیف لاحق ہو جائے کنگھی دو تین ماشہ جوش دے کے پی لے رفع ہو جائیگی اور
شراب اس موبز کی مصلح ہو اگر کسی کو شراب پینے سے عوارض پیدا ہو جائین ایک موبز کھلا دینا چاہیے سب دفع ہو جائینگے بالجملہ ان موبز کے فوائد یہ ہین
کہ حبس نزلہ و زکام کے واسطے اور جو مرض کہ نزلہ سے پیدا ہوا ہو مثل صداع و درد دندان وغیرہ اور محض صداع کے واسطے مفید ہو نزلہ حار و بارد کے واسطے
نافع ہو لیکن نزلہ بارد اور ہر مرض بارد مین اسکا عمل ضعیف ہی بالخاصیت مفید ہوگا یہانتک کہ اس موبز کا مزاج خود بارد ہو امراض حارہ مین مفید ہوگا
بہتر یہ ہو کہ نزلہ بارد اور اسکے جزو مین ادویہ حارہ کہ مناسب نزلہ وغیرہ کے ہون ملا کے استعمال کرائین اور خوراک کی مقدار اس سے زیادہ نشہ کریگی امساک
کے واسطے بھی مفید ہو اوستاد مرحوم کی بیاض مین تخم دھتورہ چار پھل اجوائن خراسانی دو تولہ برگ بنگ سو تولہ موبز چالیس دانہ مرقوم ہین اور سرفہ بلغمی کے
لئے نافع تحریر ہی اور حکیم علیم اللہ کی بیاض مین کہ صاحب فوائد ہین نسخہ اول مین اسقدر زیادہ لکھا ہو کہ تخفیف رطوبات بدنیہ و دماغی و معدی
اور منع مضرت شراب دافع تپ لرزہ ہو اور نیمگرم دودھ کے ساتھ برائے امساک مقوی معدہ حار و دافع اسہال و جوشش خون و دہن وغیرہ امراض
حارہ اور رطبہ کے لیے مفید ہو اور خوراک نصف موبز سے پورے موبز تک کامل ہو چوتھائی دانہ سے زیادہ کمی نہ کیجائے لیکن موافقت کے بعد ایک دانہ
تک دینا روا ہی **حب بنفشہ**۔ برائے تنقیہ دماغ و زکام و نزلہ حار مین معمول ہو ترکیب بنفشہ تربد موصوف رب السوس گل سرخ ہر ایک ایکدرم
سقمونیا غاریقون ہر ایک نصف درم کوٹ چھان کے تازہ پانی مین گولیان بنالین کل ایک خوراک ہو **حب نزلہ**۔ حابس نزلہ ہو ترکیب
افیون بزر البنج زعفران ہر ایک ایک تولہ رب السوس ساتھ ماشہ کتیرا چار ماشہ دوائون کو کوٹ چھان کے مونگ کے برابر گولیان بنا کے سایہ مین خشک
کرلین ایک صبح ایک شام کھائین تو عدیم النظیر نزلہ اور زکام کے واسطے مجرب ہو ترکیب جندبیدستر زعفران ایک ایک ماشہ رب السوس دار چینی
افیون ہر ایک تین ماشہ صمغ عربی کتیرا نشاستہ ہر ایک پانچ ماشہ سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین خوراک دو گولی **حب نزلہ**۔ تالیف والد حکیم علوی خان
حابس نزلہ و نفث الدم ہین اور سرفہ نزلی مین نیز نافع اور تسہیل نفث بھی کرتی ہین ترکیب افیون بزر البنج سفید مصطگی کتیرا کہربا شمعی صمغ عربی نشاستہ
تخم کاہو گل گاؤزبان تخم خشخاش مغز تخم خیارین گل ارمنی ہر ایک دو مثقال زعفران نصف مثقال پوست بیخ تفاح ڈیڑھ مثقال ریوند چینی ڈیڑھ
مثقال کوٹ چھان کے آب کوکنار مین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین ورق نقرہ مین لپیٹ کے رکھ چھوڑین خوراک دو گولیان دوسرے نسخہ مین افیون
کا وزن چار مثقال زعفران ایک مثقال ہو **حب موسیائی**۔ نزلہ و زکام کو دفع کرتی ہو اور تقویت اعصاب و دماغ مین اپنا نظیر نہین رکھتی اور ممسک ہو
ترکیب مرکی ایک ماشہ قرنفل دار چینی خس بلسد صمغ عربی عود ہندی رب السوس ہر ایک تین ماشہ مصطگی خولنجان بہمنین ہر ایک دو ماشہ ابریشم
مقرض چار ماشہ موسیائی کانی سیعہ سائلہ ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرین اور کوکنار کے پانی مین خمیر کر کے چنے کے برابر
گولیان بنالین ایک دو گولی صبح و شام کھانا چاہیے **حب شنگرف**۔ نزلہ بارد مین مستعمل ہو ترکیب زعفران عاقرقرحا دار چینی لونگ شنگرف
بزر البنج جوزبوا ہر ایک دو رتی افیون چودہ رتی مونگ کے برابر گولیان بنالین خوراک ایک گولی سے دو گولی تک حسب مزاج **حب تحلیلہ**۔ نزلہ بارد

دائمی اور اختلاج نیز دوسرے امراض بارد دماغ و عصب کے واسطے ترکیب دارچینی جوزبوا لبباسہ عود صلیب لونگ ہر ایک ایک تولہ کچلہ دو تولہ پہلے
کچلہ کو دودھ مین بھگو دین چھلکا دور کر کے سوہان سے ریزہ ریزہ کر ڈالین یا چاقو سے باریک تراش لین اور خوب پیسین اسکے بعد دوسری دوائین
کوٹ چھان کے اجوائن کے پانی مین خمیر کرین چنے کے برابر گولیان بنا کے دو گولیان صبح و شام عرق اجوائن اور عرق صعتر ہر ایک دس تولہ کے ہمراہ یا پین
اگر ان گولیون کے ہمراہ مقوی و ممسک دوائین بڑھادی جائین تو تقویت باہ اور امساک کے لیے فائدہ عظیم ہو اور اگر غیمہ بعد طہر کھائے بار دار ہو جائے
حب نزلہ و زکام و سرفہ و تپ بلغمی و سودادی کے واسطے مفید ہی ترکیب سیماب گوگرد جھاچھ میٹھا تیلیہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ تخم دھتورہ
ساڑھے دس ماشہ فلفل سیاہ دارفلفل زنجبیل ہر ایک چودہ ماشہ کل دواؤن کو پیس کے ادرک کے پانی مین چودہ پہر تک کھرل کرین اور چنے کے برابر
گولیان بنالین اور بحسب سن و مزاج استعمال کرائین حب بیش۔ نزلہ بارد اور دوسرے امراض دماغی بارد مین معمول ہی ترکیب بیش قرنی ڈیڑھ
تولہ محمودی بیکے کپڑے مین باندھ کے گوبر مین جوش کرین کہ خوب گل جائے آگ سے اتار کے پانی سے دھوئین اور خشک کرلین پھر گائے کے دودھ
مین جوش کرین صاف کرنے کے بعد فلفل گرد عاقر قرحا زنجبیل فلفل لبباسہ جوزبوا اصل السوس بادیان ہر ایک دو مثقال کتیرا صمغ عربی ہر ایک
تین ماشہ پیس کے موٹھ کے برابر گولیان بنالین ایک صبح ایک شام کھائین حب سیماب۔ تالیف علویخان اور مذکورہ بالا اثر رکھتی ہی ترکیب
سیماب کبریت احمر ہر ایک چار درم سنگ سماق کے کھرل مین ایک پہر تک کھرل کرین اور پھولدار لونگ چار درم تخم جوز ماثل ایک درم کوٹ کے
نبات سفید نو درم ملا کے پھر چار گھڑی تک کھرل کرین اور چنے کے برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام کھائین اور ربوبین مطبوخ صمغ عربی کے
ساتھ معمول ہی حب چوب چینی۔ تالیف حکیم ممدوح اور منافع مذکور کے واسطے ترکیب چوب چینی بادیان خطائی الائچی کلان دارچینی لبباسہ
پوست بیخ بادیان ہر ایک تین تولہ عاقر قرحا جوزبوا سونٹھ عود ہندی ہر ایک ایک تولہ مصطگی رومی ڈیڑھ تولہ عنبر و مشک ہر ایک دو درم کتیرا ایکدرم
گولیان بنائین خوراک دو درم حب چار خطائی۔ وہی نفع رکھتی ہی ترکیب چار خطائی بادیان خطائی پودینہ خشک ہر ایک تین تولہ پوست
بیخ دو تولہ دارچینی لونگ ایرسا ہر ایک ایک تولہ مصطگی میعہ بالسہ ہر ایک دو مثقال الائچی خرد و کلان ہر ایک ایک تولہ زعفران تین مثقال عنبر
مشک جند بیدستر ہر ایک ایکدرم شہد مین ملا کے ایک ایکدرم کی گولیان بنالین اور ضرورت کے وقت گرم پانی مین ایک گولی ڈال کے مصری ملا کے
پی لین اور ایک نسخہ وہ کہ نزلۂ بارد کے واسطے مفید ہی اور باہ و معدہ و دماغ کو تقویت بھی دیتا ہی ریح بلغمی بدن سے دور کرتا ہی گردہ اور پشت کو
قوت دیتا ہی جوارش چار خطائی مین لکھا گیا ہی حب جدوار کلان معمول خود حافظ صحت نافع زکام و نزلہ قاطع اسہال مقوی احشا ہی ترکیب
جدوار درونج رسن انیسون بقل بلیلہ زرد ہر ایک چار مثقال بہمنین بزر البنج کبابہ عاقر قرحا صمغ عربی مومیائی فرنفل گاؤزبان سعد کوفی تخم گندنا حرمل
لسان العصافیر کشنیز خشک رازیانہ ہر ایک تین مثقال سنبل الطیب قاقلہ فرفیون زرا وند مدحرج ریوند چینی مغز بادام صندل سفید کمون ہو برم دار چینی تخم
ہر ایک دو مثقال مرمکی مرزنجوش ہر ایک ایک مثقال لعاب مصری پانچ مثقال آملہ شقاقل ہر ایک چھ مثقال دارفلفل نو مثقال جند بیدستر نیم مثقال
افیون پچیس مثقال چنے کے برابر گولیان بنالین خوراک بقدر مزاج حب جدوار تالیف حکیم علویخان برائے زکام و نزلہ و سرفہ ترکیب

جدوار ڈھائی مصطگی رومی لبسباسہ ببول کا گوند بزر البنج سفید طباشیر پوست بیخ تفاح ہر ایک ڈیڑھ درم دار چینی تین درم زعفران دو درم نبات سفید چار درم
افیون چھ درم و چار دانگ ورق طلا پچیس عدد اور اگر ورق طلا کے بدلے نصف درم طلائے مکلس دیں تو بہتر ہے چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک
گولی روز کھائیں **نوع دیگر** نافع زکام و نزلہ معمول ہے **ترکیب** جدوار افیون ریوند زعفران ہر ایک تین ماشہ کتیرا دو ماشہ بیخ تفاح جوز بوا بر گ تنبول
ہر ایک چھ ماشہ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں **حب ناتورہ** جو شخص ہمیشہ نزلہ میں مبتلا رہتا ہو اوسکے واسطے مفید ہے **ترکیب** تخم ناتورہ کو سات
مرتبہ پوست خشخاش کے پانی میں تر کریں اور خشک کریں اسکے بعد پوست خشخاش کے پانی میں جوش کریں جب پانی سوکھ ہو جائے مغز پنبہ دانہ زیرہ
سفید کشنیز مقشر ہر ایک مساوی ترپھلا کے نقوع میں کل دوائیں کھرل کریں اور چنے کے برابر گولیاں بنالیں (ف مغز پنبہ دانہ ناتورہ کا تریاق ہے)
اور سایہ میں خشک کریں سوتے وقت ایک گولی نگل لیں چونکہ مغز پنبہ دانہ تریاق ناتورہ ہے دسواس نہیں ہے ماسوا خوراک بھی کم ہے اور یہ گولی سرعت
انزال و درد مثنی و سرفہ کے واسطے بھی نافع ہے **نوع دیگر** نزلہ جو ٹھنڈے پانی کے سبب ہو جائے اور بہتا ہو اوسکے امساک کیواسطے **ترکیب** افیون ا کلیل
جدوار چھ ماشہ اجوائن خراسانی تخم دھتورہ زعفران ہر ایک تین ماشہ سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں اور دو تین گولیاں روزانہ کھائیں **حب جدوار**
کوچک تقویت دماغ و دل و معدہ کیواسطے بے عدیل ہے **ترکیب** جدوار بنفسجی زعفران کشمیری عنبر اشہب ہموزن کوٹ چھان کے خوب کھرل کریں
اور سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں اور دو سے پانچ گولیوں تک کھائیں **حب ہلیلہ** تنقیہ دماغ و امراض حارہ چشم میں مستعمل ہے **ترکیب**
پوست ہلیلۂ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلۂ سیاہ آملہ منقی پوست بلیلہ گل سرخ ہر ایک تین ماشہ سنا مکی چھ ماشہ غاریقون تربد موصوف لاجورد
مغسول ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے گولیاں بنائیں اگر لاجورد نہ ہو صبر و مصطگی ہر ایک دو درم داخل کریں **حب ہلیلہ مختصر** امراض
سر و چشم کے واسطے فائدہ عظیم ہوتا ہے **ترکیب** ہلیلۂ زرد ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ بلیلہ گل سرخ ہر ایک چار ماشہ سنا مکی آٹھ ماشہ کوٹ چھان کے روغن
بادام میں چرب کریں ورق نقرہ میں لپیٹ دیں رات کے وقت عرق مناسب یا آب گرم کے ساتھ ایکدام استعمال کریں اور اوسکے اوپر سے جب دو تین
گھڑی دن چڑھ آئے مطبوخ مناسب پئیں **حب ذہب** برائے رمد و صداع و ابتدائے نزول **ترکیب** صبر سقوطری سقمونیائے مشوی ہر ایک ایک
مثقال پوست ہلیلۂ زرد ڈھائی مثقال کوٹ چھان کے گلاب میں گولیاں بنالیں **ایضاً** برائے رمد نزلی بیاض اوستاد مرحوم سے **ترکیب** کشنیز خشک
پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ صبر زرد ہر ایک چھ ماشہ ہلیلہ سیاہ مصطگی ہر ایک چار ماشہ زعفران ایک ماشہ کوٹ چھان کے شیرہ بادیان میں
گولیاں بنائیں اور سوتے وقت رات کو چھ ماشہ سے ایک تولہ تک گرم پانی سے کھائیں **حب سرخ** رمد و سبل میں معمول ہے **ترکیب** گیرو چار دام
افیون ایکدام سونٹھ چوتھائی دام ببول کا گوند چوتھائی دام کوٹ چھان کے کوکنار کے پانی میں یا کشنیز سبز کے پانی میں گولیاں بنالیں اور وقت حاجت
آب کوکنار میں بھگو کے آنکھوں کے گرد اگرد طلا کریں **حب سبز** برائے تحلیل مواد چشم و تسکین وجع در رمد و سبل میں معمول ہے **ترکیب** پھٹکری دو دام
افیون ایک دام رسوت چار درم برگ نیب پانچ عدد زعفران پانچ رتی سب کو کوٹ کے لوہے کی کڑھائی میں لوہے کے دستہ سے خوب کھرل کریں بعد اسکے
آگ پر چڑھا دیں کہ اوسکا پانی خشک ہو جائے اور گولی بنانے کے قابل ہو جائے گولیاں بنا کے رکھ چھوڑیں اور دھنیا کے پانی یا کوکنار کے پانی میں پیس کے

آنکھون کے چارون طرف نیمگرم لیپ کرین کبھی اس ترکیب مین ایکدرم ایلوا بھی داخل کیا جاتا ہے **حب رمد**- نافع درد چشم وابتدائے سبل و ظفرہ و جرب
اور حکیم غلام امام کے معمول سے ہے **ترکیب** رسوت سات ماشہ افیون دو ماشہ شب یمانی چار دام شب یمانی کو بریان کرکے شیرہ لیمون مین ایک پہر تک
لوہے کے برتن مین لوہے کے دستہ سے حل کرین کہ گولی بندھ سکے گولیان بنالین اور پانی مین پیس کے حوالی چشم مین لیپ کرین اور کسیقدر آنکھ مین بھی
چھوڑ دین جاڑون مین کسیقدر رفاتر اور گرمیون مین سرد اگر آب لیمو نہ ممکن ہو تو اُسکے بجائے شیرہ برگ تر سندی صاف کرکے لیلین اور اُسمین حب سابق
حل کرین **ایضاً** درد رمد کیواسطے اس سے بہتر دوا نہین ہے **ترکیب** پھٹکری بریان دو دام پختہ زرد چوب سات ماشہ اگر خام ہو بہتر ورنہ بریان
افیون پانچ ماشہ ایک پاؤ پختہ آب لیموے کاغذی لوہے کی کڑھائی مین ڈال کے ہلکی آنچ کردین اور پکائین اور حل کرین تاکہ گولی بندھ سکے گولیان
بنائین اور پتلا پتلا آنکھ پر لیپ کرین تھوڑا سا کوئے سے آنکھ کے اندر ڈالدین **حب معمول** برائے درد چشم **ترکیب** لودھ پھٹکری بریان
ہر ایک چھ ماشہ جوزبوا نصف عدد لونگ زعفران ہر ایک چار رتی گیرو افیون سپاری چھالیہ ہر ایک ایک ماشہ ہلدی چار ماشہ باریک پیس کے گولیان
بنائین اور پانی مین پیس کے آنکھ مین ڈالین **حب** نافع گل چشم و سبل **ترکیب** مغز تخم سرس مغز تخم کھرنی کوٹ کے برگ سرس کے پانی مین
کھرل کرین اور گولیان بنالین وقت حاجت عورت کے دودھ مین پیس کے آنکھ مین ڈالین **ایضاً** نافع پھلی وجالہ و دھند **ترکیب** سہاگہ بریان
پھٹکری بریان ہر ایک ایک تولہ نوشادر چھ ماشہ کوٹ چھان کے سرمہ بنائین گولیان بناکے آنکھ مین لگائین **حب** برائے گل چشم حکیم اجمل خان صاحب
کی تالیف **ترکیب** ہلیلہ سیاہ پلاس پاپڑہ مقشر نمک لاہوری صندل سرخ برابر برابر پانی مین باریک پیس کے گولیان بنالین اور پانی مین پیس کے
آنکھ مین لگائین **حب معمول** برائے سبل و ظفرہ و بیاض **ترکیب** صندل سرخ پھٹکری بریان ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کے مغز گھیکوار
مین کھرل کرین اور گولیان بنالین پانی مین گھس کے دونون وقت طلا کرین اور تھوڑی آنکھ مین ڈالین **حب ہندی**- نافع سبل و سلاق و نزول الماء
ترکیب مغز سمندر پھل مغز تخم ریٹھہ مغز تخم کھرنی مغز تخم بلیلہ ہلیلہ سیاہ مساوی لیمو کے پانی مین کھرل کرکے گولیان بنائین اور آنکھ مین لگائین اور ایک
نسخہ حب ہندی کا نافع سبل جو بمفید صداع مین گذر چکا **حب** نافع دمعہ و سرخی عین **ترکیب** سونٹھ ایکدرم کف دریا تین ماشہ گل ارمنی چار ماشہ
مغز خستہ ہلیلہ کلان مغز خستہ بلیلہ ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کے کوکنار کے پانی مین گولیان بنائین اور وقت ضرورت دو حصہ حب اور ایک حصہ
افیون کو کوکنار کے پانی مین گھس کے نیمگرم گرد حلقہ چشم لیپ کرین **ایضاً** نافع دمعہ **ترکیب** مغز تخم ہلیلہ سبز حب و مغز تخم بلیلہ زرد برابر پیس کے پانی
مین گولیان بنائین اور آنکھ مین لگائین حوالی چشم مین طلا کرین نوع دیگر مفید دمعہ **ترکیب** ہلیلہ زنگی مازو سبز بالچھڑ پوست ہلیلہ زرد برابر پیس کے
پانی مین گولیان بنائین اور آنکھ مین لگائین **حب عشا** برائے تنقیہ مادہ مرض عشا کام مین آتی ہے **ترکیب** تربد سفید تین درم پوست ہلیلہ کابلی
غاریقون سفید ڈیڑھ درم صبر زرد چھ ماشہ گل سرخ تین ماشہ مقل سند ڈیڑھ ماشہ محمودہ چھ رتی پانی مین گولیان بنائین یہ کل ایک خوراک ہے **حب** رتوندی
کے واسطے **ترکیب** جگر گوش آذی جوان پوست بہیڑا دونون کو برابر پیسین اور عورت کے دودھ مین چنے کے برابر گولیان بنالین اور ایک گولی روز
شہد مین حل کرکے جب دو گھنٹہ دن رہ جائے آنکھ مین ڈالین **حب کوتوالی**- منقی دماغ اور اسکی مداومت مفید ضعف البصر ہے درد سر و نزول الماء

ودار الثعلب کیواسطے بھی نافع ہے ترکیب صبر سقوطری سقمونیاے مشوی شحم حنظل عصارۂ افسنتین مصطگی ہر ایک ڈیڑھ دانگ یہ سب ایک خوراک ہے اور کل اوقات مین حتی کہ اگر کھانا کھانے کے بعد بھی دی جائین تو نافع ہین حب بندق ہندی نافع ضعف بصر ترکیب مغز تخم بندق آب لیموں مین کھرل کر کے گولیان بنالین اور صبحکو لعاب دہن مین گھس کے لگائین ایضاً ضعف بصر کے واسطے ترکیب زعفران سرمہ صندل سفید دار چینی اشنہ کافور پیپل ساذج ہندی نار مشک ہموزن باریک پیس کے گولیان بنالین اور ٹھنڈے پانی مین گھس کے آنکھ مین ڈالین حب ضعف بصر کے واسطے جو نزول الماء سے عارض ہو جاتا ہے معمول حکیم کلو صاحب ترکیب صبر زرد ڈیڑھ تولہ گلاب مین بھگو کے غاریقون سفید حلبنی سے چھان کے عصارہ ریوند اسارون ہر ایک سات ماشہ مصطگی چار ماشہ گل بنفشہ ڈھائی ماشہ اسطوخودوس نو ماشہ افسنتین محمودہ پوست ہلیلۂ زرد ہلیلہ کابلی ہلیلۂ سیاہ ہر ایک نو ماشہ شحم حنظل چار ماشہ مقل زرد آٹھ ماشہ سب کو کوٹ چھان کے صبر منقوع مین گلاب کے ہمراہ گولیان بنالین اور سوتے وقت نو ماشہ گرم پانی کیساتھ کھائین ایضاً برائے ضعف بصر ترکیب ایارج فیقرا چار مثقال اطریفل کشنیزی تینتیس ۳۳ مثقال افتیمون آٹھ مثقال سب کو باہم ملا کے ہر روز دو تین مثقال کھائین دو یا تین ماہ تک حب ابتداے نزول الماء مین فائدہ مند ہے ترکیب صبر سقوطری تربد مقشر مجوف پوست ہلیلہ زرد تخم کاسنی ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کے پانی مین گولیان بنالین اور سوتے وقت نو ماشہ سے ایک تولہ تک گرم پانی سے کھائین صبحکو افتیمون اسطوخودوس عناب گاؤزبان کو جوش کر کے گلقند مل کے صاف کر کے پئین اور جسوقت گولیون کے کھانے کا اتفاق ہو جوش کر کے استعمال کرین حب ایارج نزول الماء مین معمول ہے ترکیب مصطگی زعفران دار چینی حب بلسان سنبل الطیب اسارون صبر زرد سلیخہ سیاہ ہر ج غاریقون انیسون شحم حنظل قنطوریون دقیق ہر ایک ایکدرم تربد موصوف سنا مکی کتیرا ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے رکھ چھوڑین بعدہ بسفائج فستقی گل سرخ گل بنفشہ پوست ہلیلۂ زرد پوست ہلیلۂ کابلی ہلیلہ سیاہ گاؤزبان ہر ایک ایکدرم پاؤ بھر پانی مین جوش کرین اور جسوقت اتنا پانی رہ جائے کہ دوائین خیرہ ہوسکین مل کے صاف کر کے ادویہ مذکورہ اسمین خمیر کردین اور مونگ کے برابر گولیان بنالین اور بعد النضج کے مواد منضج حار حب مذکور چھ ماشہ ایک پہر رات جب باقی رہے گرم پانی سے کھائین اور سورہین بعدہ بوقت صبح حب مذکور ایک تولہ اس مطبوخ کے ساتھ پئین گل بنفشہ نو ماشہ گل سرخ گاؤزبان ہر ایک سات ماشہ مویز منقی پندرہ دانہ تخم کاسنی نو ماشہ نیکوب آدھ سیر پانی مین تر کر کے صبحکو جوش دین اور گلقند آفتابی دو تولہ مل کے صاف کر کے پی لین پیاس کے وقت بجائے پانی کے عرق گاؤزبان و عرق عنب الثعلب پئین اور دوپہر کے وقت یخنی کھائین تیسرے پہر کچھ ملائم کھچڑی حب لونی ہلیلہ نافع بصر ترکیب مغز تخم ہلیلہ زرد بارہ عدد فلفل دراز پانچ عدد فلفل سیاہ ایک عدد تازہ آملہ کے رس مین کھرل کرین جسوقت سیاہ ہو جائے گولیان بنالین صبح کے وقت پانی مین گھس کے آنکھ مین ڈالین حب دیگر برائے ضعف بصر و سبل و دمعہ ترکیب غنچہ یاسمین کف دریا مغز تخم نیب ہر ایک تین ماشہ مرچ سیاہ اکیس عدد شیرۂ لیموں مین دو پہر کھرل کرین گولیان بنالین صبحکو پانی مین گھس کے آنکھ مین ڈالین حب برائے ضعف بصر ایارج فیقرا چار مثقال اطریفل کشنیزی تینتیس ۳۳ مثقال افتیمون آٹھ مثقال سب کو کوٹ چھان کے مخلوط کرین خوراک تین چار مثقال ہر روز کھائین اور دو تین ماہ تک کھائین کہ کامل فائدہ ہو جائے حب سلاق ترکیب سنگ بصری نیلہ تھوتھہ کافور

نبات مساوی کوٹ چھان کے پانی مین کھرل کرکے گولیان بنالین وقت حاجت پانی مین گھس کے آنکھ مین لگائین نوع دیگر نافع سلاق ترکیب
سپیاری چھالیہ بکری کے دودھ مین پیس کے ایک عدد افیون تین رتی لونگ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک دو عدد الائچی خرد مع پوست دو عدد کالی بکری کے
دودھ مین کل دواؤن کو کھرل کرین گولیان بناکے آنکھ مین لگائین اور بکری کے دودھ مین ترکرکے آنکھ پر طلا کرین دو ہفتہ مین آرام ہوجائیگا حب منقی بلغم دافع
گرانی گوش ہے اوستاد مرحوم کی بیاض سے منقول ہے ترکیب صبر زرد نیم مثقال شحم حنظل تربد موصوف سقمونیا مقل ازرق ہر ایک ایکدانگ غاریقون نیم
درم آب کرفس مین گولیان بنائین اور نگل جائین یہ ایک خوراک ہے حب مجرب ہے ثقل سماعت کے واسطے جو خلط غلیظ و ریح سے ہو اور طنین مین مستعمل ہے
ترکیب تربد موصوف دو درم انزروت چوتھائی درم شحم حنظل پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ایکدرم کتیرا دو دانگ کوٹ چھان کے پانی مین گولیان بنائین
خوراک ایکدرم بطریق شبیار حب برائے کثرت عطاس مجرب حکیم عابد سرہندی ترکیب ملیٹھی ریوند چینی ہر ایک چار درم باریک پیسین ایک رطل آب
پوست خشخاش جوش کیا ہوا ور مل کے صاف کیا ہوا پھر ملادین ادویہ بالا اسحق کی ہوئی ملاکے چنے کے برابر گولیان بنالین اور خشک کرکے ایک گولی سے
چار تک کھائین ایکدن مین زائل ہوجائیگی اور ایک ہفتہ مین صحت کامل ہوجائیگی اور خولنجان کا استعمال بالخاصیت نافع ہے حب ہندی ناک کی
بدبو کو دور کرتی ہے ترکیب جوز بوا بسباسہ دارچینی لونگ ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے شہد خالص مین گولی بناکے رکھین اور اونٹ کے پیشاب مین
روز ترکین حب جوشش دہان کے واسطے ترکیب صندلین گل سرخ گل نیلوفر گل سیوتی الائچی خرد ٹبر ملیٹھی طباشیر گلنار کتھ سفید برابر
گولیان بناکے منھ مین رکھین حب سیلان لعاب دہن رطوبت معدہ کے سبب سے ترکیب انیسون اجوائن ہر ایک ایکدانگ نمک ہندی
تہائی مثقال فیفرا ایک مثقال گولیان بنالین یہ ایک خوراک ہے ہفتہ مین ایکبار کھائین حب الممسک بخرالفم مین معمول ہے ترکیب مشک
کافور ہر ایک ایکدانگ طباشیر نیم درم گل سرخ صندل سفید ہلیلہ زرد ہر ایک دو درم فوفل کبابہ ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے گلاب مین گولیان
بنالین اور اگر ان حب مین لونگ خولنجان عاقرقرحا ہر ایک ایکدرم ملادین تو بخر کے واسطے کہ فساد عمور اسنان کے سبب سے ہو مفید ہوگی حب برائے
بخر فم تالیف انطاکی ترکیب مسک قرفہ لونگ سعد سنبل پوست ترنج جوز بوا عود ہر دو الائچی مساوی گلاب جسمین مشک حل کی ہوئی ہو بھگو کے
گولیان بنالین ایضاً انطاکی سے ترکیب لادن ببول کا گوند عاقرقرحا صنوبر مستگی لونگ عود دھنیا ہموزن عنصل کے پانی مین تسقیہ دین
اور جب تین حصہ پانی خشک ہوجائے ببول کا گوند نشاستہ ملاکے گولیان بنالین حب طیب النکہت بخرفم مین مستعمل ہے ترکیب مشک
دو دانگ فوفل کافور دارچینی خولنجان لونگ جوز بوا دانہ الائچی ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے آب بہی یا سیب یا میبہ مین آمیز کرکے گولیان
بنالین تحفہ سے نوع دیگر منھ کو خوشبودار کرتی ہے اور لہسن و پیاز و شراب وغیرہ کی بو اور بخر و بخارات کو دور کرتی ہے اور منھ کو صاف کرنے مین
دوسری دواؤن سے بہتر ہے ترکیب گل ارمنی کتیرا سعد لونگ انیسون عود جوز بوا سوکھا دھنیا سبکو ہموزن کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور
منھ مین رکھین حب زخم زبان کے واسطے مجرب ہے منھ مین رکھین ترکیب آرد کرسنہ آرد عدس جو سوختہ گلنار گاؤزبان برگ حنا شاہترہ
طباشیر نشاستہ گل نیلوفر ہر ایک ایک ماشہ لسبد سوختہ یشب سوختہ ہر ایک دو ماشہ زہر مہرہ گھسا ہوا ببول کا گوند کتیرا تخم خرفہ دم الاخوین

چوب چینی ہر ایک دو ماشہ انزروت مدبر ایک ماشہ کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور منہ مین رکھین **حب لکنت زبان** کیواسطے **ترکیب** دار شیشعان
گل سرخ ایک ایک مثقال اذخر لونگ فرفیون آدھ مثقال پیسین اور مومیائی ولادن و عنبر اشہب جو کچھ بھی ہو آمیز کرکے گولیان بنالین زیر زبان رکھین ار
منہ کی رال بہائین **حب** زبان کی گرمی کو جو تیز چیزین اور شیرین کے کھانے سے ہو جاتی ہے زائل کرتی ہے **ترکیب** مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو نشاستہ کتیرا ترنجبین کوٹ
پیس کے گولیان بنالین **حب** برائے آبلہ دہن **ترکیب** جاکسو مدبر مقشر سرگین خر ایک تولہ مردار سنگ ایک تولہ کتیرا چھ ماشہ سبکو کوٹ چھان کے
پانی مین بھگو کے گولیان بنالین اور ایک گولی منہ مین رکھین **حب** خناق حار مین ابتداے مرض کے وقت زیر زبان رکھنا مفید ہے **ترکیب**
کافور ایک دانگ تخم گل تخم خرفہ نشاستہ طباشیر سماق کتیرا ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے لعاب اسبغول مین گولیان بنالین **حب** نافع اندمال
قرحہ حلق **ترکیب** زرورد طباشیر نشاستہ کہربا دم الاخوین برابر برابر کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور منہ مین رکھین تاوقتیکہ قرحہ مندمل ہوجائے
حب سیماب معمول برائے قرحہ حلق جو آتشک کے سبب سے ہوتا ہے **ترکیب** - پارہ تین ماشہ گڑ دو درم خوب باہم کوٹین تاکہ ایک ذات ہوجائین
اسکے بعد چار پہر تک اجوائن سبز کے پانی مین کھرل کرین اور گولیان بنالین جو چودہ ہون ایک گولی صبح اور ایک شام کھائین اگر منہ آجائے توکچنال کی
چھال پانی مین جوش کرکے مضمضہ کرین **حب دیگر** نافع قرحہ حلق وقلاع **ترکیب** برگ تلسی سنگجراحت صندل گلاب مین پسا ہوا الائچی خرد
مع پوست زرورد ہموزن سبکو گلاب مین کھرل کرکے گولیان بنالین اور ایک گولی منہ مین رکھین جب وہ گھل جائے دوسری رکھ لین تاکہ قرحہ کو
اندمال ہو **ایضاً** سوراخ کام کو مندمل کرنے مین مجرب ہے **ترکیب** پارہ نو ماشہ سم الفار چار رتی عاقرقرحا مصطگی ہر ایک ایک ماشہ سیماب و سم الفار
کو عرق لیموے کاغذی مین حل کرین اور دوسری دوائین ملاکے گولیان بقدر سیاہ مرچ بنالین ایک گولی صبح ایک شام کھائین گوشت کے شوربہ یا قیمہ کے
ساتھ **حب** آواز بند ہونے کے واسطے **ترکیب** فلفل گرد فلفل ہر ایک سات ماشہ کبابہ زعفران قرنفل دارچینی ہر ایک ایک ماشہ نبات سفید
تین ماشہ سب کو پیس کے پان کے عرق مین چنے کے برابر گولیان بنالین اور ہمیشہ منہ مین رکھین **ایضاً** معمول مغز بادام تلخ تخم کتان بریان مغز
چلغوزہ مساوی پیس کے گولیان بنائین منہ مین رکھین **حب خردل** آواز بیٹھ جانیکو جو سردی سے ہو مستعمل ہے **ترکیب** فلفل سیاہ ایکدرم خردل
بریان تین درم کندر باریک زرد ہر ایک چار درم مرکی چھ درم کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور زبان کے نیچے رکھین دوسرے نسخہ مین بارزد مطروح ہے
نوع دیگر بحت الصوت بارد مین دیتے ہین **ترکیب** فلفل سیاہ خردل زعفران قرنفل سنبل الطیب لسباسہ برابر صمغ عربی مساوی مجموع قند سفید بوزن کل
ادویہ بدستور گولیان بناکے منہ مین رکھین **ایضاً** مجربات غزنوی سے **ترکیب** خولنجان وج ترکی زنجبیل فلفل سیاہ خردل دار فلفل سب کو کوٹ چھانکے
پان کے پانی مین گولیان بناکے رکھ چھوڑین وقت حاجت ایک گولی منہ مین رکھین اور رفتہ رفتہ اسکا لعاب نگلین **حب** بحت الصوت
کے واسطے کہ یبوست و ماندگی سے ہوجائے **ترکیب** کتیرا نشاستہ صمغ عربی رب السوس مغز تخم کدو مغز تخم خیارین مساوی کوٹ کے گولیان
بنائین اگر جی چاہے تو تھوڑی مصری بھی ملالین **حب غاریقون** - برائے تنقیہ بلغم ضیق النفس مین معمول ہے **ترکیب** غاریقون تین درم
شحم حنظل فراسیون انزروت اصل السوس مقشر بنفشہ بادیان زوفا خشک ہر ایک ایکدرم تربد موصوف دو درم زراوند مدحرج نیم درم آب مطبوخ

انجیر مین گولیان بنائین خوراک دو درم سے تین درم تک حب ہندی نافع سرفہ بلغمی وضیق معمول ہو ترکیب جاوشیر عاقرقرحا پوست انار امرود برگ بادنجان
بیخ کٹائی پوست مغیلان اشخار سفید نمک سنگ نمک سانبھر ہر ایک ایک ماشہ افیون دو ماشہ سب کو کوٹ چھان کے ادرک کے شیرہ مین گولیان بنائین
چنے کے برابر منھ مین رکھین اور انکا لعاب پیتے رہین حب ضیق بلغمی مین تنقیہ کے کام آتی ہو ترکیب شحم حنظل انزروت ایارج فیقرا ہر ایک دو درم
رب السوس ایکدرم تربد موصوف پانچدرم کوٹ چھان کے آب خالص یا طبیخ تخم کتان مین گولیان بنائین اور ایک مثقال سے دو درم تک کھائین
ایضاً بقول شیخ الرئیس ربو بلغمی کیواسطے نافع ہو جسوقت کہ مرض قوی ہوجائے اور ہر ماہ مین دوبار استعمال کرانا چاہیے ترکیب غاریقون تین مثقال
بیخ سوسن فراسیون انزروت شحم حنظل ہر ایک ایک مثقال تربد موصوف پانچ مثقال سکنجبین مین خمیر کرکے گولیان بنائین خوراک دو درم نوع دیگر اکثر
اقسام ضیق النفس کے واسطے نافع ہو اور مسہل بلغم اور دافع صفرا و سوداوی منقی صدر و ریہ تالیف حکیم علویخان مرحوم ترکیب غاریقون افتیمون سنا مکی
کتیرا ہر ایک ثلث درم گل بنفشہ عصارۂ سوسن ہر ایک نصف درم انزروت سفید دانق مغز چلغوزہ کبابہ دو دانق خوب باریک کرکے روغن بادام
مین ملا دین اور جلاب شکری مین خمیر کرکے گولیان بنائین یہ پوری ایک خوراک ہو حب ہندی۔ دمہ اور سرفہ بلغمی کیواسطے مفید ہو ترکیب
راوند چینی صبر سقوطری سہاگہ تھیلی برابر کوٹ چھان کے شیرہ برگ کسوندی مین چنے کے برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام دین غذا گوشت کبوتر
اور مثل اسکے کھائین حب ضیق النفس کیواسطے مجرب شاہ عنایت صاحب مرحوم ترکیب تخم دھتورہ کتھ پاپڑیہ سونٹھ ہر ایک ایکدرم کوٹ
چھان کے ادرک کے پانی مین گولیان سیاہ مرچ کے برابر بنائین خوراک ایک گولی حب فلفل برائے اخراج اخلاط غلیظ نفث ضیق النفس اور
سرفہ مین معمول ہو ترکیب رب السوس فلفل سیاہ شکر تینون برابر برابر کوٹ کے گولیان بنائین اور منہ مین رکھین نوع دیگر۔ تالیف حکیم علویخان برائے
ضیق النفس ترکیب فلفل سیاہ رب السوس مغز بادام مغز چلغوزہ صمغ عربی ہر ایک ایک ماشہ نبات سفید تین ماشہ باریک پیس کے چنے کے برابر
گولیان بنائین اور منہ مین رکھین حب ہندی برائے دفع ضیق معمول بعضے اطباء ترکیب۔ بچھناک تین ماشہ پوست بیخ آک چھ ماشہ
ڈھائی پاؤ ادرک کے پانی مین کھرل کرکے ماش کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی صبح کے وقت استعمال کرین غذا مین گھی زیادہ کھانا چاہیے
ایضاً بچھناک افیون عاقرقرحا تخم دھتورہ مساوی افیون کو جوز بوا خالی کرکے بھردین اور آٹا لپیٹ کے گھی مین بھون لین یہانتک کہ آٹا سیاہ ہوجائے
بعدہ افیون مع جوز مع دوسری دواؤن کے پیس کے دو خردل کے برابر گولیان بنائین اور صبح و شام ایک ایک گولی کھائین ترشی شیرینی اور روغن
گنجد سے پرہیز کرین یہ گولی ممسک بھی ہو نوع دیگر تنکار مرمکی مساوی پیس کے گولیان چنے کے برابر بنائین اور دو گولیان صبح دو شام کو کھائین حب نزلہ
بنجوابی و سرفہ کہ نزلہ سے ہوا ہو وہیں ہمیشہ سے معمول ہو ترکیب بزر البنج افیون زعفران تخم کاہو صمغ عربی اصل السوس مقشر کند کتیرا مرمکی ہموزن مساوی
کوٹ چھان کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اور سوتے وقت دو تین گولیان کھائین حب سلطانی برائے سرفہ و ضیق النفس
معمول ہے ترکیب قرنفل زرنباد پانچ پانچ ماشہ افیون بزر البنج ہر ایک دس ماشہ چھوٹی الائچی مرمکی شقاقل ہر ایک
تین ماشہ ببول کا گوند بیس ماشہ کوٹ چھان کے گولیان بنائین دو گولیان رات کو سوتے وقت کھائین حب سرفہ سرفہ

مین معمول ہے ترکیب ببول کا گوند کتیرا نشاستہ ملیٹھی چھلی ہوئی ہر ایک چھ چھ ماشہ افیون دانہ خشخاش سفید مغز ہیدانہ ہر ایک چار ماشہ زعفران دو ماشہ مغز بادام دو عدد لعاب ہیدانہ مین گولیان بنائین بوزن نخود اور ایک گولی منہ مین رکھین نو عدد یگر ہندی نسخہ مین کہ معمول ہے ترکیب پوست بلیلہ مغز تخم کونج مرچ سیاہ ببول کا گوند ملیٹھی کاکڑا سینگی ہموزن کوٹ کے چنے کے برابر گولیان بنائین اور دو گولیان منہ مین رکھین **حب السعال** کہ ہمیشہ معمول ہے ترکیب ببول کا گوند نشاستہ کتیرا ہر ایک تین ماشہ مغز ہیدانہ مغز تخم کدو مغز تخم خیارین ہر ایک دو ماشہ مغز بادام مقشر تخم خشخاش سفید ہر ایک چار ماشہ شکر طبرزد چار ماشہ کوٹ چھان کے لعاب اسبغول مین گولیان بنائین اور کبھی رب السوس چار ماشہ شکر تیغال تین ماشہ بجائے مغز تخم کدو و مغز تخم خیارین ملاتے ہین اگر سرفہ بلغمی ہو تو منقی چار ماشہ زعفران ایک ماشہ بھی ملا دین **حب باقلا** سرفہ نزلی کے واسطے مجرب ہے ترکیب کتیرا ببول کا گوند ملیٹھی چھلی ہوئی رب السوس تخم خشخاش مغز تخم کدو مغز تخم باقلا ہر ایک چھ ماشہ لعاب اسبغول مین تر کر کے گولیان بنائین اور ہر وقت منہ مین رکھین **حب دیگر** تخم خطمی تخم خبازی کتیرا صمغ عربی رب السوس مغز بادام کشنیز مقشر مغز تخم باقلا تخم خشخاش مغز ہیدانہ گاؤزبان مغز تخم کدو نبات سفید ہر ایک دو ماشہ گل ارمنی ایک ماشہ کوٹ چھان کے پانی مین چنے کے برابر گولیان بنائین اور ہر وقت منہ مین رکھین **حب نافع نزلہ** - حلق و سینہ کیطرف نزول سے اور مانع سرفہ نزلی ہے تالیف حکیم علیم اللہ مرحوم ترکیب گل ارمنی گل داغستانی صمغ عربی کتیرا مغز تخم خیارین مغز بادام شیرین رب السوس نشاستہ حب المحلب خصیۃ الثعلب گلنار فارسی تخم خرفہ تخم کاہو مغز ہیدانہ ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیان بنائین اور دو گولیان کھائین **حب یاقوت** سرفہ نزلی مین اور برائے تقویت معدہ و اعضائے رئیسہ و باہ و ممسک ہے ترکیب مشک خالص تین رتی عنبر اشہب چھ رتی کہربا لبد ہر ایک ڈیڑھ ماشہ مغز بادام مقشر نشاستہ عود غرقی مروارید یاقوت ہر ایک تین ماشہ رب السوس صمغ عربی نبات سفید بیخ بنفشہ افیون مصری ہر ایک چھ ماشہ جواہرات کو سنگ سماق کے کھرل مین گلاب کیساتھ حل کر کے دوسری دوائین کوٹ چھان کے ملا کے ایک جا کرین اور گلاب مین خمیر کر کے چنے کے برابر گولیان بنائین **ایضاً** برائے حبس نزلہ و سرفہ ہے ترکیب طباشیر سفید زہر مہرہ خطائی زعفران ہر ایک دو ماشہ الائچی سفید کشنیز مقشر ہر ایک ڈیڑھ ماشہ ملیٹھی چار ماشہ لسبا سہ و جوزبوا ایک ایک ماشہ سب کو کوٹ چھان کے افیون ایک تولہ پان کے پانی مین حل کر کے چنے کے برابر گولیان بنائین اور سن و مزاج کے لحاظ سے شب کو کھلائین **حب جدوار** - سرفہ نزلی مین معمول ہے ترکیب افیون ایک تولہ زعفران دارچینی زنجبیل بقل صمغ عربی کتیرا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ جوزبوا بسباسہ تخم خشخاش مغز ہیدانہ مغز بادام شکر تیغال جدوار عنبر اشہب مروارید سودہ اگر نہ ہو زہر مہرہ سودہ لین ہر ایک ایک ماشہ گولیان بنائین خوراک حسب مزاج **حب سلارس** - برائے سرفہ فرمنہ جس سے نیند اڑ جاتی ہے ترکیب افیون چار رتی ببول کا گوند ایک ماشہ میعہ سائلہ کندر رب السوس مرمکی ہر ایک دو ماشہ سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین جوان کو ایک یا دو گولیان بچونکو نصف یا چوتھائی حسب سن و سال دین **حب سلارس دیگر** - ترکیب سلارس بزر البنج مرمکی ہر ایک مساوی کوٹ پیس کے گولیان بنائین **حب مسہل** سعال حارث کے واسطے کہ مادہ بلغم لزج سے ہوتا ہے نافع ہوتا ہے کہ بعد نضج مادہ مطبوخ زوفا کے ساتھ استعمال کرین ترکیب ترید موصوف روغن بادام مین چرب کرے ایک درم غاریقون سفید نرم دو ثلث درم شحم حنظل کرفس ہر ایک ربع درم کوٹ چھان کے پانی مین گولیان بنائین کل دوائین ایک خوراک ہے نیم گرم پانی کے ساتھ استعمال کرین

نوع دیگر کہ پہلے سے زیادہ قوی ہے ترکیب۔ تربد مجوف غاریقون ایارج فیقرا ہر ایک ایکدرم رب السوس شحم حنظل انزروت ہر ایک نصف درم
نمک سیاہ گل سرخ ہر ایک ایکدانگ کوٹ چھان کے گولیان بنائین خوراک ڈھائی درم سے تین درم تک نیمگرم پانی کے ساتھ پئین حب برائے
سرفہ بلغمی مجرب ہے ترکیب سونٹھ سیاہ مرچ پیپل سجی موٹھ مغز تخم کونچ ہلدی جواکھار کوٹ چھان کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنالین اور سوتے
وقت رات کو نیمگرم پانی کے ہمراہ ایک گولی کھائین ایضاً برائے سرفہ بارد وضیق بلغمی تکملہ سے منقول ہے ترکیب غنچہ آک سرخ مرچ سیاہ
نمک سیاہ جواکھار برابر برابر پہلے نمک اور مرچ کو سرمہ کی طرح مہین پیسین پھر سب کو پیس کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین اور رات کو ایک گولی منھ
مین دبالین ترشی وبادی سے پرہیز کرین حب عطائی جہت سرفہ رطوبی وضیق النفس بیحد نافع ہے ترکیب زراوند مدحرج افیون ہر ایک ایک مثقال
علک البطم میعہ سائلہ کندر مر صاف ہر ایک تین مثقال گولیان بنا کے ایکدانگ سے ایک مثقال تک مناسب شربت کے ساتھ استعمال کرین۔
حب ہندی برائے سرفہ بلغمی و وبائی بزرگون اور بچون دونون کے واسطے بغیر اختلاف کے مجرب ہے ترکیب انار دانہ جو پرانا نہ ہو بارہ درم دار فلفل
چھ درم فلفل گرد تین درم جواکھار ڈیڑھ درم قند سیاہ پرانہ چوبیس درم ماش اور مسور کے برابر بچون کو اور چنون کے برابر بوڑھون کو استعمال کرائین حب
برائے سرفہ اطفال مجرب حکیم عنایت اللہ ترکیب۔ کاکڑا سینگی اصل السوس زرنباد سہاگہ بریان بابڑنگ فلفل گرد گاؤزبان بہدانہ نمک سفید
ہر ایک چار ماشہ کوٹ چھان کے لگرونده کے پانی مین ترکر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی کھلائین حب حابس دم نفث الدم مین
معمول ہے ترکیب کہربا گل ارمنی دم الاخوین کتیرا صمغ عربی طباشیر حب الاس ہر ایک ایکدرم پوست بیخ انجبار نشاستہ ہر ایک تین درم اگر مروارید
ناسفتہ مرجان: ہر مہرہ گل مختوم گل داغستانی ہر ایک ایکدرم اضافہ کرین قوی تر ہو جائے پتھر دن کو کھرل کر کے پانی دوا مین کوٹ چھان کے بارتنگ
کے پانی مین کہ کتا ہوا بہدانہ کا شیرہ ملا ہو گولیان بنائین چھوٹے چنے کے برابر پانچ سے دس گولیون تک خوراک ہے حب نفث الدم اسہال
دموی کبدی مین بھی معمول ہے ترکیب گل ارمنی چار دانگ کہربا گھسی ہوئی دو دانگ دم الاخوین صمغ عربی اقاقیا ہر ایک تین درم طباشیر
نشاستہ عصارہ لحیۃ التیس ہر ایک دو مثقال کتیرا گلنار فارسی ہر ایک چار دانگ کوٹ چھان کے بارتنگ کے پانی مین گولیان بنائین حب عجیب
نافع نفث الدم وسعال ترکیب گل ارمنی شاخ گوزن سوختہ کتیرا رب السوس طباشیر ہر ایک تین ماشہ صمغ عربی دم الاخوین دو دو ماشہ
نشاستہ تخم خطمی دونون چار چار ماشہ پوست بیخ انجبار اصل السوس مقشر پانچ پانچ ماشہ کوٹ چھان کے بہدانہ کے لعاب مین چنے کے برابر گولیان بنائین
ہر وقت منھ مین رکھین ایضاً برائے نفث الدم وسل تالیف والد حکیم علویخان ترکیب کافور قیصوری نصف دانگ طباشیر پوست
بیخ انجبار رب السوس دم الاخوین کہربا مروارید ناسفتہ شادنج مغسول صمغ عربی کتیرا سرطان سوختہ گل ارمنی ہر ایک ایک دانگ مغز
تخم کدوے شیرین مغز تخم خربزہ ہر ایک دو دانگ لعاب اسبغول مین موٹھ کے برابر گولیان بنائین ورق نقرہ مین لپیٹ کے کل ایک خوراک ہے
نوع دیگر تالیف میر محمد مسیح ترکیب کافور قیصوری زعفران ہر ایک نصف دانگ افیون ایک طسوج رب السوس مغز بہدانہ تخم خطمی
گل ارمنی تخم خشخاش سفید مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ صندل سفید گل گاؤزبان ترنجبین پوست خشخاش

ہر ایک ایک مثقال بدستور گولیان بنائین **ایضاً** تالیف حکیم ممدوح کہ اوستاد و خسر والد حکیم علوی خان تھے **ترکیب** کافور زعفران ہر ایک دو دانگ
صمغ عربی کتیرا سرطان سوختہ نشاستہ گل بنفشہ گل نیلوفر تخم خشخاش مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین تخم خربزہ صندل سفید ترنجبین ہر ایک ایک
مثقال رب السوس گل ارمنی ہر ایک ایکدانگ افیون ایک چنے کے برابر مغز ہیدانہ شیرین نیم مثقال کٹی ہوئی دواؤن کو ترنجبین مین ملائین اور لعاب
اسبغول مین چنے کے برابر گولیان بنائین اور پانچ گولیان شربت خشخاش کے ساتھ صبح اور تین شام کیوقت آش جو کے پانی کے ہمراہ کھائین **حب**
مخترع حکیم علوی خان کہ سل کے اسہال مین معمول ہی **ترکیب** مروارید ناسفتہ کہربا صندل سفید لعل یاقوت رمانی دسفید زہر مہرہ طباشیر ابریشم مقرض
سرطان سوختہ اکجبار دم الاخوین مغز ہیدانہ نشاستہ شادنج مغسول حب الاس صمغ عربی کتیرا رب السوس لسبد سوختہ اقاقیاے مغسول عصارہ لحیۃ التیس
طراثیث گل داغستانی گل مختوم گل ارمنی ہر ایک ایک ماشہ مغز تخم کدو دخیارین وکاہو مقشر ہر ایک تین ماشہ افیون زعفران جاول بیر کافور قیصوری
ایک ماشہ لعاب اسبغول و ہیدانہ مین گولیان موٹھ کے برابر بنائین خوراک دو درم **ایضاً** مذکورہ منافع کے واسطے تالیف حکیم شریف خان **ترکیب**
مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی زہر مہرہ خطائی لعل یشب سبز کہربا کافور ہر ایک ایکدرم رب السوس صمغ عربی کتیرا نشاستہ گل نیلوفر سرطان سوختہ طباشیر
لوکنار تخم خشخاش سفید گل گاؤزبان ہر ایک ایک مثقال بیخ اکجبار صندل سفید گل ارمنی ہر ایک نصف مثقال زعفران ایکدانگ لعاب ہیدانہ مین
مسور کے برابر گولیان بنائین خوراک ایکدرم سے دو درم تک **حب غری السمک** براے سرفہ وسل ونزلہ حار ونفث الدم ومدہ کہ قرحہ ہوتا ہے
سعدبل ہی **ترکیب** تخم خشخاش سفید صمغ عربی شکر تیغال کتیرا مغز بادام مقشر غبار رحی غری السمک تخم خطمی گل گاؤزبان رب السوس
ہر ایک دو ماشہ تخم کدوے شیرین تخم کاہو مقشر ہر ایک تین ماشہ افیون مصری ایک ماشہ زعفران چار رتی کوٹ چھان کے لعاب ہیدانہ واسبغول
مین عدس کے برابر گولیان بنائین اور ایک دو گولیان رات کے وقت کھائین **حب سل** کہ مجرب ہی **ترکیب** سنگجراحت ایک تولہ شیرہ
جو مقشر چھ ماشہ رب السوس افیون عظیم آبادی مغز بادام مقشر ہر ایک چار ماشہ صمغ عربی کتیرا مغز کدوے شیرین حرفہ مقشر خشخاش سفید گل داغستانی
لبد سودہ ہر ایک تین ماشہ مغز ہیدانہ مغز تخم خربزہ دم الاخوین گل ارمنی ہر ایک دو ماشہ مغز تخم خیارین دو تولہ کل دوائین الگ الگ کوٹین بعدہ
گل بنفشہ چار ماشہ گل نیلوفر تخم خطمی تخم خبازی ہر ایک تین ماشہ سپستان دس عدد کوکنار تین عدد اسبغول دو ماشہ پرسیاوشان زوفاے خشک
تین تین ماشہ یہ دوائین ڈیڑھ پاؤ پانی مین جوش کی جائین جب تہائی حصہ پانی کا باقی رہ جائے مل اور صاف کرکے سیرہ جو مقشر نبات سفید
نو ماشہ زیادہ کرکے جوش دین کہ گاڑھا ہو جائے اسکے بعد مذکورہ دوائین ملادی جائین اور چنے کے برابر گولیان بناکے رات دن مین دس گولیان
منہ مین رکھی جائین **ایضاً** نافع سل **ترکیب** سنگجراحت ست گلو زہر مہرہ سائیدہ کتھ سفید کتیرا صمغ عربی مغز ہیدانہ نشاستہ تخم خشخاش سفید
تخم خطمی مغز تخم کدو دم الاخوین رب السوس ہر ایک ایکدرم افیون ایک ماشہ گولیان بنائین اور بخار کی شدت کے وقت کافور ایک ماشہ
ملاکے استعمال کرین **حب دیگر** براے سرفہ وسل مجرب ہی **ترکیب** نشاستہ صمغ عربی کتیرا خشخاش سفید مغز بادام مقشر افیون مصری مساوی
باریک پیس کے لعاب ہیدانہ مین گولیان بنائین **حب** ذات الجنب وغیرہ مین جبکہ منہ مین رکھی جاتی ہین تو انضاج وتسہیل نفث کرتی ہین

ترکیب مغز تخم خیار مغز تخم بادرنگ مغز تخم کدو تخم خشخاش ہر ایک ایکدرم مغز بادام مقشر تین درم رب السوس نصف درم پیس کے شربت انار مین گولیان بنالین اور زیر زبان رکھین اگر چاہین شربت انار زیادہ کرکے بطریق لعوق استعمال کرین حب منفث دنفثی سینہ وخشش کہ امراض احتقان الدم مین کام آتی ہو ترکیب تخم کتان مغز چلغوزہ مغز پنبہ دانہ حلبہ رب السوس ایرساکوٹ چھان کے شہد مین گولیان بنالین حب برائے ڈبہ اطفال معمول مجرب ہو ترکیب ایلوہ مغز جمالگوٹہ برابر گاے کے پیشاب مین جسکا بچہ نہ ہوا ہو ظرف آہنی مین دستہ آہنی سے خوب کھرل کرین اور موٹھ کے برابر گولیان بنائین بچے کو دودھ کے ساتھ ایک گولی کھلائین تے اور اسہال ہوگا انشاء اللہ تعالے صحت ہوجائیگی ایضاً بنافع مذکورہ ترکیب بنلہ تھوتھہ سوختہ سہاگہ نیم بریان دونون کو ہموزن پانی یا بکری کے دودھ مین حل کرکے باجرے کے برابر گولیان بنائین ایک یا دو تین گولیان پانی یا مان کے دودھ مین دین ایضاً نافع مرض مذکور ترکیب ایلوہ سہاگہ مرکی برابر پیس کے موٹھ کے برابر گولیان بنائین اور ایک کھلائین ایضاً معمول ترکیب مشک خالص زعفران جند بیدستر صبر سقوطری ہر ایک تین رتی پیس کے پانی مین بقدر موٹھ گولیان بنائین اور ایک گولی عرق بادیان یا عرق عنب الثعلب مین حل کرکے شیر گرم پیئین تین روز مین تین مرتبہ کے عمل سے اچھا ہوجائیگا اور اگر مرض مذکور تپ محرقہ وخشکی دہن وبیہوشی وبیقراری کے ساتھ ہو تو ایک کپڑہ کو شیرہ برگ خرفہ سبز مین ترکرکے تھوڑی دیر کے بعد تالو پر رکھین اور کافور کی ٹکیہ چار رتی کے برابر حل کرکے دین جس وقت گرمی کم ہوجائے تو تنگی نفس کے دور کرنیکو مذکورہ گولی دین سردی کے وقت اور رات کو بھی نو عدد گیر مرچ سیاہ گیارہ عدد مغز جمالگوٹہ ڈھائی عدد نیل بڑی ایک ماشہ کھوپرہ دو ماشہ سب کو کوٹ چھان کے بہدانہ کے لعاب مین موٹھ کے برابر گولیان بنائین چھ مہینے کے بچے کو آدھی گولی سال بھر کے لڑکے کو ایک گولی اور دو برس کے بچے کو دو گولیان کھلائین حب کرنجوہ برائے ڈبہ ترکیب مغز کرنجوہ ایک عدد توتیاے سبز خام ایک رتی باریک پسا ہوا گولی بقدر سرشف بنائین اور ایک کھلائین اگر ضرورت ہو دوسری بار پھر دین حب منفث دنفثی سینہ وخشش کہ برائے احتقان المدہ صدر کام آتی مین ترکیب تخم کتان مغز چلغوزہ مغز بہدانہ حلبہ رب السوس ایرساکوٹ چھان کے شہد مین گولیان بنائین حب جدوار برائے تقویت قلب ودماغ وارواح قائم مقام جواہر مہرہ ہی معمولی ترکیب جدوار ورق طلا ہر ایک چھ ماشہ مشک خالص عنبر اشہب زعفران ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ عرق بید مشک یا گلاب یا کیوڑہ یا بہار جو ممکن ہو اسمین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک سے تین گولیون تک حب حیات برائے تقویت قلب ودیگر اعضاء رئیسہ ودفع الجزہ صفرادی بے نظیر ہے بیاض اوستاد مرحوم سے اور منقول حکیم جعفر اکبر آبادی سے ترکیب مروارید ناسفتہ زہر مہرہ صندل سفید ہر ایک چار ماشہ عود ہندی جدوار بنفسجی ہر ایک پانچ ماشہ مشک نورتی کافور تین رتی گوندنا گوری دو ماشہ ورق نقرہ ایک ماشہ اجزا باہم یکجا کرکے گلاب مین ایک ایک ماشہ کی گولیان بنالین اور گلاب وعرق بید مشک کے ساتھ دو گولیان صبح کو اور ایک گولی شام کے وقت کھائین اگر مزاج مین گرمی ہو۔ حب فادزہر معدنی تقویت قلب ودفع سموم وازالۂ ضرر ہوائی واصلاح اخلاط فاسدہ بدن کے واسطے ہی تالیف حکیم علویخان ترکیب فادزہر خطائی یاقوت رمانی مروارید کہربا گل ارمنی درونج عقربی حب بلسان شقاقل بہمن سرخ بہمن سفید حب الغار طباشیر صفید دارچینی ہر ایک ایک مثقال زعفران نصف مثقال عنبر اشہب مشک خالص ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک ایکدانگ اور نصف جواہر کو سنگ سماق کے کھرل مین گلاب کے

ساتھ حل کرین ورق طلا ورق نقرہ ببول کے گوند مین حل کرکے مشک زعفران کو گلاب مین کھرل کرکے عنبر اشہب کو روغن بلسان نصف مثقال مین حل کرکے باقی دوائین کوٹ چھان کے ملا کے قیراط کے برابر گولیان بنالین اہر اون مین سے روزانہ پانچ گولیان دس مثقال گلاب کیساتھ کھائین

حب مجرب برائے خفقان ترکیب نارجیل دریائی دس ماشہ زہر مہرہ خطائی چار ماشہ صندل سفید سنگ یشب ہر ایک سات ماشہ طباشیر پانچ ماشہ دانہ الائچی سفید پوست بیرون پستہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ دواؤن کو بارہ پہر کھرل کرین اور ایک ایک ماشہ کی گولیان بنالین اور ہر روز پانچ تولہ گلاب مین ایک گولی حل کرکے پی جائین اور دوسرے نسخہ مین نارجیل کا وزن چھ ماشہ یاقوت سرخ چھ ماشہ اور کہربا تین ماشہ زیادہ ہی

حب حلتیت برائے درد شکم ریحی وقولنج ریحی وہاضم طعام ومشتہی **ترکیب** حلتیت قسم اول وج ترکی شونیز نانخواہ انیسون زیرہ کرمانی صعتر فارسی سانج ہندی بادیان تخم کرفس سونٹھ ہر ایک دو تولہ فلفل دار فلفل فلفلموئیہ نمک لاہوری نمک سیاہ ہر ایک نو ماشہ کوٹ چھان کے لیمو کے پانی مین بارہ گھنٹے کھرل کرین اور جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین **ایضاً** معمول حکیم شفائی برائے قبض شکم وقولنج وتقویت باہ **ترکیب** انگوزہ سونف زیرہ سفید انیسون ہر ایک تین تولہ صبر زرد مصطگی فلفل دار فلفل ہر ایک چھ ماشہ مغز بادام دو تولہ مویز منقی تین درم بیر کے برابر گولیان بنائین اور دو کا گولیان موافق مزاج کے کام مین لائین **حب سندری مندری** برائے درد معدہ ودرستی ہاضمہ وتحلیل ریاح مجرب ہی حکیم مقصود علی نجیب آبادی کا ترکیب گل آک فلفل سیاہ ہر ایک دو تولہ پیس کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی پانچ تولہ سونف کے عرق مین کھائین دوسرے نسخہ مین نمک سیاہ سونٹھ دو دو تولہ بھی داخل ہی اور ایک ماشہ کی گولی ہونا چاہیے نیز چھ ماشہ شیرہ بادیان کے ہمراہ استعمال کیجائے اور حکیم طالب حسین کے نسخہ مین وزن غنچہ آک نا شگفتہ چھ تولہ نمک سانبھر دو تولہ گولی بیر کے برابر ہو لکھا ہی بلغمی مزاج مین ایک گولی عرق بادیان کیساتھ صفراوی مزاج مین دو تولہ گلاب کے ساتھ اور رحیم بخش کے نسخہ مین دار فلفل دو تولہ نمک سیاہ ایک تولہ اصل نسخہ پر زائد ہوا اور لکھا ہی کہ تین تولہ آب لیمون مین کنار دشتی کے برابر گولیان بنالین یہ ہیضہ وبائی مین بھی مفید ومجرب ہی اور احمد خان کے نسخہ مین ہر دو جزو اول نمک سیاہ دو تولہ سونٹھ تین تولہ انگوزہ پانچ رتی لونگ پانچ عدد زیادہ کرکے لیموں کے عرق مین گولیان بنائین لکھا ہی **حب سکبینج** برائے درد معدہ ریحی کہ قبض طبع مین معمول ہے **ترکیب** سکبینج صبر سقوطری غاریقون ہموزن پیس کے گولیان بنائین اور دو درم آب گرم کے ہمراہ کھائین **حب تنکار** برائے درد معدہ و گرانی شکم اور بھوک پیدا ہونے کے واسطے معمول ہی **ترکیب** تنکار دو درم بزر البنج ڈھائی درم سیاہ مرچ بارہ درم صبر سقوطری سولہ درم کوٹ کے گھیکوار کے پانی مین چنے کے برابر گولیان بنائین تحلیل ریاح ومواد کے واسطے دو تین گولیان دین اور اگر رفع قبض مطلوب ہو زیادہ دین ان گولیون کی مداومت ریح کو بالکل تحلیل کردیتی ہی پیٹ کے پھیلاؤ کو روکتی ہین **حب نافع** درد معدہ وشکم وہاضم **ترکیب** سونٹھ بزر البنج سوختہ ہر ایک دو درم کالی مرچ پیپل تنکار ہر ایک ایکدرم نمک سیاہ نمک لاہوری دونون مین تین درم حلتیت چوتھائی درم بقدر بندق گولیان بنائین اور روزانہ ایک کھائین **حب مبارک** دافع درد شکم ورافع قبض اور اُسکے واسطے جسکو مسہل سے نفرت ہو اور قصور عمل مسہلات کے تدارک کے واسطے معمول ہی مواد غلیظ کثیر کا اخراج آسانی سے کرتی ہیں **ترکیب** لونگ دو ماشہ بادیان انیسون ہر ایک تین ماشہ گل بنفشہ

چھ ماشہ پوست ہلیلہ زرد کشمش سبز تازہ ہر ایک ایک تولہ سنا مکی چیدہ ترنجبین خراسانی گلقند آفتابی ہر ایک دو تولہ کوٹنے والی دوائین کوٹ چھان کے کشمش اور گلقند کو ملاکے پھر کوٹین تاکہ گولیان بنائی جاسکین ہمیشہ قبض رہنے والے کے واسطے نو ماشہ سے ایک تولہ تک اور اسہال کے واسطے دو تولہ معمول ہے اور اگر تربد و سونٹھ زائد کردین تو بہتر ہو **حب ملین** نافع درد معدہ بلغمی کہ قبض کے سبب سے ہوتا ہی ترکیب صبر زرد چار مثقال پوست ہلیلۂ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلۂ سیاہ ہر ایک پانچ مثقال بالچھڑ مصطگی ہر ایک تین مثقال سونٹھ نمک ہندی ہر ایک دو مثقال پانی مین گولیان بنائین اور دو درم کھانے سے پہلے اور کھانے کے بعد کھائی جاسکتی ہین **حب جالینوس** دافع سردی معدہ و اخلاط فاسدہ کہ معدہ و اسہال کے سبب سے ہوا در ہر وقت دی جاسکتی ہین ترکیب گل سرخ تین درم مصطگی چار درم صبر سات درم تربد سفید دس درم کوٹ چھان کے پانی مین گولیان بنائین بقدر نخود اور پندرہ گولیان رات کو سوتے وقت گرم پانی کے ساتھ دین **حب** برائے درد معدہ و دفع ریاح و زیادتی اشتہا مجرب ہی اور کھانے سے پہلے یا بعد دی جاسکتی ہین ترکیب سہاگہ تیلیہ جواکھار نوشادر ہر ایک نیمدام نمک سیندھا نمک سونچر نمک سانبھر ہر ایک ایکدام سونٹھ کالی مرچ پیپل ہر ایک دو دام ہلیلہ بلیلہ آملہ ہر ایک چار دام دوائین کوٹ چھان کے لیمو کے عرق مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک دو گولیان شدت قبض کی حالت مین تین گولیان دی جاسکتی ہین **حب حیات** اخلاط ثلثہ کو بدن سے دور کرتی ہین اور طبیعت کو نرم کرتی ہین ترکیب سنا مکی پانچدرم پوست ہلیلۂ زرد ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو درم سونٹھ ایکدرم کوٹ چھان کے مویز منقی مین گولیان بنائین خوراک دو درم **نوعدیگر** برائے تقویت معدہ و اصلاح ہاضمہ و کسر ریاح و نافع قراقر و نفخ شکم و ہیضہ و تقویت دماغ و تصفیہ حواس و تفتیح سدد و ماندگی اعضا و سستی ترکیب نمک سیاہ نمک سیندھا نمک لاہوری نمک سونچر ہلیلہ سیاہ آملہ زنجبیل فلفل دارفلفل ہر ایک ایک تولہ نانخواہ شیطرج ہر ایک نو ماشہ قرنفل دارچینی دانہ ہیل ہر ایک چار ماشہ عود ہندی مصطگی لب باسہ ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کے عرق لیمو یا شبنم مین چنے کے برابر گولیان بنائین ایک ماشہ سے دو ماشہ تک کھانا چاہیے **حب ہاضم** و خوش ذائقہ ترکیب چوک ترش سونٹھ ہر ایک ڈھائی درم نمک لاہوری پانچدرم لونگ دانہ ہیل ہر ایک تین ماشہ سیاہ مرچ دانہ الائچی کلان ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کے چوک لیمو کے پانی مین حل کر کے ملائین اور چنے کے برابر گولیان بنائین بعد غذا دو ایک گولی کھائین **نوعدیگر** خوش ذائقہ و ہاضم معمول اوستاد مرحوم ترکیب سونٹھ دو درم سیاہ مرچ لونگ ہر ایک چار ماشہ نمک پانچدرم چوک ترش ڈھائی درم کوٹ چھان کے چوک لیمو کے پانی مین حل کر کے گولیان بنائین بمقدار نخود اور بعد طعام دو تین گولیان کھائین **ایضاً** ہاضم طعام ترکیب نمک سیاہ چوک ترش ہر ایک ایک تولہ نانخواہ دو ماشہ قرنفل فلفل گرد وج ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کے چوک مین ملائین اور گولیان بنائین خوراک ایک ماشہ بالائے طعام **ایضاً** ہاضم مشہی و خوش ذائقہ معمول ترکیب فلفل سیاہ قرنفل ہر ایک چار ماشہ نمک پانچدرم چوک ترش ڈھائی درم دوائین کوٹ چھان کے چوک لیمو کے عرق مین حل کر کے سب کو ملادین اور جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین کھانے سے پہلے یا بعد کھائین **حب سنا** دافع قبض و نفخ و سوء ہضمی معمول ہی ترکیب سنا مکی پوست ہلیلہ کابلی مرچ سیاہ ہر ایک ایکدرم مویز منقی بارہ درم کوٹ چھان کے گولیان بنائین خوراک دو مثقال **ایضاً** ہاضم مشہی دافع قبض دافع درد معدہ و

مزیل برودت معدہ ترکیب سونٹھ کالی مرچ آملہ ہر ایک ایک جزو پیپل دو جزو ہلیلہ زرد تربد سفید ہر ایک نو جزو کوٹ چھان کے لیمون کے عرق مین
ملائین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کے اول یا بعد غذا کھائین ایضاً ہاضم و مشہی و دافع فضول معدہ و مفید درد معدہ مین معمول ہی ترکیب پوست ہلیلہ زرد
پوست ہلیلہ آملہ سیاہ مرچ سونٹھ اجوائن زیرہ سیاہ و سفید دچوک ترش نمک سیاہ ہر ایک ایکدام لونگ ایک ٹانک سنار کی تین درم آب لیمو ے کاغذی
بقدر احتیاج مین کھرل کرکے بادام کے برابر گولیان بنائین اور ایک سے دو تک کھائین حب مصطگی برائے تقویت معدہ ضعیف کہ اوسمین بلغم و
ریح پیدا ہوتے ہین بہت فائدہ دیتی ہین ترکیب نمک ہندی ایکدام پوست ہلیلہ زرد ڈیڑھ درم سونٹھ بالچھڑ ہر ایک دو درم مصطگی تین درم ہلیلہ
سیاہ چار درم صبر آٹھ درم گندنا کے پانی مین گولیان بنائین خوراک ایکدرم حب ترش برائے ہضم طعام و تقویت معدہ بعید مفید ہی ترکیب زنجبیل سفید
بے ریشہ باریک پیس کے کپڑے مین لپیٹین اور برتن مین رکھ کے اوسمین پانی ڈالدین ایک شبانہ روز رہنے دین صبحکو وہ پانی پھینکدین سات آٹھ مرتبہ یہی
عمل کرین پانی بدلتے رہین تاکہ خوب سفید ہوجائے بعدہ نمک لاہوری بقدر ذائقہ پیس کے ملائین اور آب لیمون مین گولیان بنالین حب ترش دیگر
برائے ہضم طعام و تقویت اشتہائے معدہ کے واسطے بے عدیل ہی ترکیب سونٹھ بے ریشہ دس تولہ مرچ سیاہ پیپل پیپلا مول ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ
بانخواہ ہر ایک دو تولہ حلتیت چار ماشہ نمک سنگ نمک سیاہ انجبار جواکھار ہر ایک ایک تولہ سفوف کرکے چینی کے پیالہ مین رکھین اور لیمون کا عرق اتنا
ڈالدین کہ دواؤن مین جذب ہوجائے دھوپ مین رکھ کے خشک کرلین اسی طرح تین مرتبہ تر اور خشک کرین پھر گولیان بنا کے کھائین حب ہاضم
معمول حکیم فیض اللہ خان ترکیب سونٹھ پیپل لونگ ہر ایک ایک تولہ سیاہ مرچ نمک سیاہ ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین
خواہ پانی مین پاچنے کے اوپر کی شبنم مین اور دوسرے نسخہ مین سونٹھ ایک پاؤ نمک سیاہ دو تولہ لونگ پندرہ دانہ دارفلفل بارہ عدد مرچ سیاہ کا وزن
چھ ماشہ ہی حب پیارانگا کہ اس بارہ مین مجرب ہی ترکیب پیارانگا ایک ماشہ اجوائن سونف نمک سیاہ بابے بڑنگ ہر ایک ایک تولہ دس کاغذی
لیمو کے عرق مین پیس کے مثل نخود گولیان بنائین اور ایک ماشہ سے دو ماشہ تک بعد طعام ایک ہفتہ تک کھائین حب ہاضم خصوص اصحاب
بواسیر و ہیضہ کے واسطے مجرب ہی ترکیب انار دانہ سماق پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ کچری سونٹھ ہر ایک ایک تولہ دارچینی لونگ
پودینہ خشک عود غرقی نرکچور ہر ایک تین ماشہ شیطرج ہندی چھوٹی الائچی اجوائن گل سرخ زرشک بادیان ہر ایک چھ ماشہ نمک سیاہ نمک سفید نمک سانبھر
ہر ایک نو ماشہ جواکھار سات ماشہ کوٹ چھان کے پانچ عدد کاغذی لیمو کے عرق مین گولیان بنائین یا سفوف سفوف ہاضم و مشہی کہ
بے نظیر و معمول ہی ترکیب پوست ہلیلہ زرد بادیان پودینہ نمک لاہوری چوک ترش ہر ایک چار درم سونٹھ کالی مرچ پیپل دانہ الائچی خورد اجوائن
ہر ایک دو درم پوست شیطرج قرنفل ہر ایک نصف درم دو عدد لیمو کے عرق مین کھرل کرکے گولیان بنائین حب ہاضم و مشہی حالت امتلائے
معدہ مین اکثر استعمال کیا گیا ہی اور درد معدہ کے واسطے مفید ہی کہ نظیر نہیں رکھتا ترکیب نمک سانبھر نمک سیاہ نمک لاہوری پوست ہلیلہ زرد
پوست ہلیلہ آملہ شیطرج اجوائن دارفلفل فلفل موبہ قرنفل فلفل سیاہ شاہ اکی اچھہ ادرک برگ تنبول ہر ایک ایکتولہ سہاگہ چھ ماشہ امچور ادرک کو
پانی مین بھگو کر تر کرین جب نرم ہوجائے پیس کے پان کے ساتھ حل کرین اور کھرل کی ہوئی دوائین ملا کے لیمو کے پانی مین کھرل کرین چھ ماشہ کے برابر گولیان

بنائین خوراک ایک گولی اورا گر ادرک نہ ملے تو اُسکے بدلے سونٹھ ڈالدین حسب برائے ہضم طعام درد شکم وتحلیل ریاح وتقویت معدہ مین معمول ہی ترکیب پوست
ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ بادیان ہر ایک ایکدرم شیطرج ہندی پودینہ خشک کشنیز خشک الائچی سفید ہر ایک دو درم زنجبیل فلفل سیاہ سہاگہ تیلیہ ہر ایک تین ماشہ
چوک ترش نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ نمک لاہوری سات ماشہ سب کو کوٹ چھان کے گھیکوار کے پانی مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین حسب
نارجیل برائے رفع ہیضہ وقے وغثیان سموم مشروبہ جسوقت کہ قے واسہال بند نہ ہوتا ہو ضعف ونقاہت بہت بڑھ جائے برائے تقویت بدن وحفظ
صحت نافع ہی ترکیب نارجیل دریائی تازہ ایکدرم زمرد اعلیٰ کہربا شمعی مرجان عقیق یمنی لعل بدخشی یاقوت رمانی یاقوت زرد عود ہندی عود صلیب ابریشم مقرض سوختگی
قرنفل دارچینی ورق طلا محلول جدوار خطائی زعفران ہر ایک نیمدرم صندل سرخ صندل سفید طباشیر تخم ترنج تخم خرفہ مقشر ورق نقرہ محلول ہر ایک نصف
مثقال مروارید ناسفتہ ایک مثقال جواہر کو بید مشک یا گلاب مین کھرل کر کے دوسری دوائین کوٹ چھان کے بید مشک مین تر کرین اور گولیان بنائین
بقدر نخود خوراک دو سے چار گولیون تک گلاب کے ہمراہ حب ہیضہ برائے رفع سمیت ہیضہ تحفۂ روزگار ہی اور نظیر نہین رکھتی ترکیب پوست بیخ آک
فلفل گرد مساوی ادرک کے پانی مین حل کرین اور مونگ کے برابر گولیان بنا کے ہیضہ کے مریض کو دین اگر موت ہی آگئی ہوگی تو بھی کچھ فائدہ ہوگا انشاءاللہ
برائے ہیضہ واسہال مزمن ترکیب بیخ لگروندہ کو نرم پیس کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اسکی تین گولیان حبس اسہال کہنہ وہیضہ کے واسطے
بہت نافع ہی لیکن اوائل ہیضہ مین اچھی نہین ہی بلکہ اواخر ہیضہ مین کیونکہ اگر اسہال بہت ہو اور ضعف غالب ہو جائے تو نہایت مفید ہی نوع دیگر برائے
رفع ہیضہ معمول ہی اور ڈبہ اطفال کیواسطے بھی مفید ہی ترکیب ازرجچہ ماشہ سیماب چہار ماشہ فلفل گرد تین ماشہ بچھناک چار ماشہ پہلے قلعی کو گلا کے
جسن برتن مین کہ پارہ ہو ڈالدین تا کہ گرہ بند ہو جائے بعدہ مرچ سیاہ علیحدہ اور بچھناک علیحدہ کپڑے مین تر کر کے گھڑی بھر رہنے دین پھر دونون کو
ملا کے خوب کھرل کرین اسکے بعد شیرۂ ادرک آدھ پاؤ کھرل مین ڈال کے حل کرین اور مونگ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی حب ہیضہ وبائی مخترع
نصر اللہ خان ترکیب ہلیلۂ زرد وکابلی وبلیلہ وہلیلہ سیاہ گل سرخ زیرہ سیاہ کشنیز مقشر دارفلفل فلفل سیاہ نانخواہ بادیان سونٹھ شیطرج ہندی دارچینی
ہیل بوا فاقلہ پودینہ باغی پودینہ کوہی نمک لاہوری نمک سیاہ نمک سانبھر جواکھار ہموزن سب کو پیس کے سرکہ خواہ عرق نعناع مین گولیان بنائین بقدر
کنار دشتی اور ایک گولی مریض کو دین حب پیارانگا برائے ہیضہ وبائی مجرب ہی ترکیب پیارانگا بیتہ ہر ایک پانچ تولہ ادسکے اور فلفل سیاہ
ڈھائی تولہ قرنفل سرسٹھ تولہ نو ماشہ سب کو گلاب مین پیس کے مٹر کے برابر گولیان بنائین ایک گولی دو تولہ گلاب مین حل کر کے نیمگرم دین اسی طرح
تین گولیان ایک ایک گھنٹہ کے بعد پلائین اگر نیند آئے تو نہ جگائین بعد اشتہائے صادق کھچڑی کا شوربہ چار یا پانچ تولہ کھلائین اگر کھانے سے پہلے
پیاس معلوم ہو چھ ماشہ شیرۂ بادیان چھ تولہ پانی مین نکال کے ایک تولہ شکر سرخ ملا کے نیمگرم پلادین اور کھانے کے بعد تازہ پانی نوع دیگر ہیضہ مین مجرب
لکھا ہی ترکیب پیارانگا تین ماشہ نانخواہ زنجبیل بادیان شیطرج فلفل سیاہ نمک سیاہ نمک ترب نمک پانگا ہر ایک ایک تولہ تخم سفید درج ترکی ہلاج
بریان ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کے لیمو کے عرق مین مسلسل نو گھنٹے کھرل کرین چنے کے برابر گولیان بنائین ضرورت کے وقت ایک گولی نیمگرم
پانی کے ساتھ کھائین نوع دیگر معمول حکیم وارث علیخان تھا ترکیب ہلدی چونہ تخم فلفل سرخ پوست بیخ آک ہر ایک ہموزن پودینہ کے پانی مین گولیان

بنالیں بقدر فلفل وقت ہیضہ ایک گولی کھلائیں رافع سمیت ہے اگر نیبون جز اول کو کم کردیں اور نیبون کے ہموزن پوست بیخ آک لیں بہتر ہے **ایضاً** مجرب
ترکیب غنچہ گل آک فلفل گرد نمک سانبھر برابر پیس کے بقدر نخود گولیاں بنائیں اور ایک گولی مریض کو کھلائیں **حب بجلونہ** مشہی و ہاضم و خوش ذائقہ
اور ہمیشہ معمول ہے **ترکیب** الائچی خورد دارچینی ہر ایک چوتھائی درم سمندر لون سونچر لون سیندہ لون جواکھار بٹری لون کشنیز خشک پیپلا مول دار فلفل
زیرہ سیاہ زیرہ سفید زنجبیل تیرج ناگیسر تالیس پتر ہر ایک پنج درم چوک ترش دو درم انار دانہ آٹھ دام کوٹ چھان کے آب لیموے کاغذی میں خمیر کر کے
چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور چار یا پانچ گولیاں کھلانا چاہیے **توعد گیر** ہاضم طعام کاسر ریاح نافع ہیضہ **ترکیب**۔ نمک لاہوری نمک اندرانی
نمک سانبھر نمک سونچر یعنے سیاہ نمک نفطی کہ اسکو پونگا لون کہتے ہیں اور درمیانہ خالی ہوتا ہے پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ بادیان نانخواہ ہر ایک
ایکدام زیرہ سیاہ و سفید پوست شیطرج زنجبیل کالی مرچ پیپل سہاگہ نوشادر سناء مکی ہر ایک چھ ماشہ ہینگ بریان ایک ماشہ سب کو باریک پیس کے
جو بیس لیمو کے عرق میں کھرل کریں جب گاڑھا ہو جائے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں اور ایک کھلائیں **حب** مشہی و ہاضم اور دوسرے خلل معدہ
کے واسطے مفید ہے **ترکیب** زیرہ سفید نمک سیاہ زیرہ سیاہ نمک طعام نمک سیندہ ہر ایک ایکدرم نمک لاہوری دانہ الائچی ہر ایک دو درم گندھک
آملہ سار سیاہ مرچ دارچینی جوتری لونگ ہر ایک ایک تولہ نمک کھار ایکدرم سونٹھ دو درم مصطگی رومی ایک تولہ اول گندھک کو روغن میں داغ کر کے
بریان کریں پھر کل دواؤں کو کوٹ چھان کے عرق لیمو میں گولیاں بنالیں **حب ترش** مؤلف راقم برائے اشتہا و تقویت معدہ محروری مزاج **ترکیب**
آملہ منقی دو ماشہ کشنیز مقشر تین ماشہ پوست ترنج انیسون گل سرخ دانہ ہیل ہر ایک دو ماشہ نمک لاہوری نو ماشہ نمک سیاہ چھ ماشہ طباشیر تین ماشہ
صندل سفید دو ماشہ انار دانہ ترش چار تولہ زرشک سماق منقی ہر ایک چار ماشہ زیرہ سیاہ پودینہ خشک ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کے چھ عدد
لیموے کاغذی کے عرق میں خمیر کر کے چنے کے برابر گولیاں بنالیں اور پانچ چھ گولیاں بعد طعام کھائیں **حب** مشہی معمولی سے **ترکیب** پوست ہلیلہ زرد
بادیان پودینہ نمک لاہوری چوک ترش ہر ایک ایک تولہ سونٹھ دار فلفل فلفل گرد شیطرج نانخواہ ہر ایک ایکدرم آب لیمو دس عدد کھرل کر کے بادام کے
برابر گولیاں بنالیں **ایضاً** مشہی و ملین طبع **ترکیب** پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ نمک سیاہ سنا مکی بادیان مغز بادام مویز منقی سب کو کوٹ چھان کے
گولیاں بنائیں اور ایک تولہ تک حسب ضرورت کم و بیش کر کے استعمال کریں **حب کبریت صغیر** برائے اشتہا و ہضم طعام مجرب ہے مزیل جرب و قوبا
و امراض بلغمی ہے رطوبت فضلی معدہ نشف کرتی ہے **ترکیب** گندھک خسول ایک تولہ فلفل گرد چار تولہ نمک ہندی نیم درم کوٹ چھان کے لیمو کے عرق
میں بقدر نخود گولیاں بنائیں خوراک دو تین گولیاں دوسرے نسخہ میں اوزان گندھک و فلفل مساوی ہے اور وزن نمک نصف الجزو لکھا ہے کہ برائے
دفع ریاح و قطع بلغم بہت مجرب ہے **حب کبریت کبیر** مشہی طعام و ہاضم و نافع ہیضہ بلغمی ہے مکرر عمل کیا گیا ہے **ترکیب** کبریت دودھ میں صاف
کی ہوئی فلفل گرد بابڑنگ اجمود جواکھار ہر ایک دو دام نمک سیاہ دار فلفل کفدریا ہر ایک ایکدام نمک سیندہ تین دام پوست ہلیلہ زرد چار دام کوٹ
چھان کے شیرۂ ادرک میں کھرل کر کے خشک کرلیں پھر لیمو کے پانی میں کھرل کریں اور چھوٹے بیر کے برابر گولیاں بنائیں ہر روز وقت صبح ایک گولی کھائیں
حب مسہل فساد اشتہا میں کام آتی ہے **ترکیب** ایارج فیقرا ہلیلہ سیاہ و کابلی ہلیلہ آملہ نمک ہندی غاریقون ہر ایک نصف درم رب السوس مقل ازرق

ہر ایک چوتھائی درم چوبان سبز کے پانی مین گولیان بنالین اور شب کو سوتے وقت کھائین حب پیاس مین تسکین دیتی ہو ذکائی سے ترکیب تخم کاہو
تخم خیارین مغز تخم کدوے شیرین ہر ایک پانچدرم کتیرا سات درم تخم خرفہ مقشر دس درم کوٹ چھان کے لعاب اسبغول مین گولیان بنائین ایضاً بوست
جگر کے سبب سے پیاس ہو اسمین تسکین دیتی ہو کسی دوسری دوا کھانیکی ضرورت نہین پڑتی ترکیب تخم خرفہ نشاستہ صمغ عربی کتیرا بہدانہ طباشیر عصارہ
ندشک برابر کوٹ چھان کے شکر طبرزد چوتھائی کل دواؤن کی مقدار کے برابر اضافہ کرکے لعاب اسبغول مین جوڑی گولیان بنالین اور ہمیشہ منہ مین رکھین
حب حلتیت ریاح معدہ اور نفخ کے واسطے عجیب التاثیر ہے ترکیب سونٹھ دو دام سہاگہ بریان پوست بلیلہ زرد نمک لاہوری ہینگ ہر ایک
ایکدرم کوٹ چھان کے سہجنہ کی جڑ یا پتی کے پانی مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنالین خوراک ایک گولی حب مصطگی تپے کے بعد کھٹی ڈکارون مین مفید ہے
ترکیب غاریقون نصف مثقال لونگ تربد موصوف ہر ایک ایک مثقال مصطگی الائچی کلان زیرہ کرمانی ہر ایک دو مثقال نبات سفید تین مثقال
بدستور گولیان بنائین خوراک دو مثقال حب زرنباد- نافع غثیان دتے ترکیب کپور کچری کوٹ چھان کے گلاب مین مونگ کے برابر گولیان بنائین
اور دو گولیان دین اگر کافی نہ ہون تو دوبارہ دو تین گولیان اور کھلائین حب نافع تے ریحی ترکیب پودینہ لونگ دانہ الائچی سونف جوز بوا مصطگی
برگ تنبول کے شیرہ مین پیس کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور ہر روز ایک کھائین حب غاریقون نافع درد جگر بارد ترکیب ایارج فیقرا
ایکدرم غاریقون سفید ایکدرم کی گولیان بنائین حب ریوند استسقاء لحمی مین نافع ترین مسہلات ہی ترکیب ریوند مقل ہر ایک نصف درم
غاریقون ایکدرم تربد دو درم زراوند مدحرج دو دانگ انیسون ایک دانگ یہ کل دوائین دو خوراک ہین حب ریوند انواع استسقا مین مفید ہے
ترکیب ریوند شورہ قلمی نوشادر ہر ایک چھ ماشہ پیس کے پانی مین گولیان بنائین اور ایک صبح ایک شام عرق بادیان آٹھ تولہ کے ہمراہ کھائین غذا
نخود آب خواہ دھوئی مونگ کی دال کا پانی اور نان گندم بجاے پانی کے عرق عنب الثعلب و بادیان حب استسقا اسکے کل اقسام کے واسطے
نافع اور مجرب ہی ترکیب فرفیون روغن گل مین چرب کرکے ایکدانگ غاریقون زراوند مدحرج طویل ہر ایک ڈیڑھ دانگ مقل تخم انجرہ ہر ایک دو دانگ ریوند نیم درم تربد ایکدرم کوٹ
چھان کے گولیان بنائین ایک خوراک ہی تین چار اجابتین ہونگی حب زراوند استسقاء لحمی کے واسطے مفید ہی اسمین وزن فرفیون نو ماشہ غاریقون
زراوند مدحرج طویل ہر ایک ایک تولہ مقل و تخم انجرہ دو دو تولہ ریوند چینی ڈیڑھ تولہ تربد بادام مین چرب کی ہوئی تین تولہ ہی اور خوراک ڈھائی تولہ لکھی ہے
حب ہندی اقسام استسقا مین اسکی مداومت عدم حمی و عدم سہال کی حالت مین نافع ہی ترکیب صبر سقوطری ایک تولہ چوک چھ ماشہ
زرد چوب ڈیڑھ ماشہ کٹ تین ماشہ نرم کوٹ کے شیرۂ بادیان یا عرق گاؤزبان میں ہرے ماش کے برابر گولیان بنائین تین گولیون سے شروع کرکے
سات تک بہونچائین اور اسی پر مداومت کرین غذا نخود آب اور بجاے پانی کے عرق تو عدیگر استسقاء لحمی کے واسطے بے نظیر ہے ترکیب
برگ آک سبز ایک پاؤ زرد چوب ایکدام پہلے تینون کو بھنگ کیطرح پیس ڈالین اور زرد چوب کوٹ چھان کے ملادین جب گولیان بندھنے کے قابل
ہوجائے ماش کے برابر گولیان بنائین اور ہر روز چار گولیان تازہ پانی کے ساتھ کھائین اور ایک گولی روز بڑھاتے رہین جب سات گولیان ہونے لگین تو اتنی ہی
کھائین اور حکیم علیم صاحب کی بیاض مین لکھا ہو کہ زرد چوب کا چھلکا اوتار کے کوٹین چھانین بشت چندان مین ہمراہ آب برگ آک حل کرکے چنے کے

برابر گولیان بنائین چار گولیون سے شروع کرکے آٹھ تک پہونچائین عرق مکو کے ساتھ آٹھ گولیان کھاتے رہین بہت مجرب ہی **حب مسہل** مستسقیون کیواسطے
معمول ہی اور استسقاء زقی مین مرض مضبوط ہوجانے کے بعد مائیت کو خارج کرتی ہی **ترکیب** تربد سفید پانچدرم ایارج فیقرا سکبینج ہر ایک چار درم غاریقون
ابرسا ہر ایک تین درم نمک سیاہ دو درم لک ریوند چینی بیخ اذخر فقاح اذخر سلیخہ ہر ایک ڈیڑھ درم فرفیون ایکدرم سب کو کوٹ چھان کے بادیان کے
پانی مین گولیان بنائین خوراک دو درم شکر اور پانی گرم کے ہمراہ اور اگر ڈیڑھ درم اونٹنی کے دودھ مین دین تو عجیب فائدہ کرتی ہی **حب مسہل** مادہ صفرا مین
کل اقسام استسقاء سے ہی مجرب بلاطائی ہی مائیت کو خارج کرتی ہی **ترکیب** مس سوختہ خوب نرم پیسکر حریر مین چھانین غاریقون زراوند مدحرج شبرم کل مساوی الوزن ہر ایک ایکجزو
صبر زرد سقمونیا پوست ہلیلہ زرد مصطگی مقل ریوند ہر ایک نصف جزو سب کو آب کرفس وآب ترب در روغن بادام مین ترکرکے گولیان بنائین اور دو مثقال
ہفتہ مین کھائین اگر قوت زیادہ ہو تو ہر تیسرے دن دیجاسکتی ہی اسکے بعد حنظل و ترمس و کبوتر کی بیٹ کا پیٹ پر لیپ کرین اور حمی مین لک و حلبہ کا
اور طبلی مین اشق و انیسون و فرفیون زیادہ کردین **ایضاً** موصوف الیہ کے مجربات سے ہے **ترکیب** توبال مس مازریون تربد انیسون اگر حمی ہو زراوند
زیادہ کرین اگر زقی ہو مازریون بڑھائین اگر طبلی ہو اسارون بجاے زراوند کے ملائین اور ہر حال مین اجزاء مساوی اور ریوند ولک ہر ایک ڈیوڑھی کرفس
کے پانی مین گولیان بنائین خوراک دو مثقال ہفتہ مین دوبار بھوک اور پیاس مین عقب مسہل **حب** یرقان اصفر مین مجربات بوعلی سینا سے ہی **ترکیب**
صبر نصف درم سقمونیا ایکدانگ نمک نفطی چوتھائی درم نوۃ الصباغین غاریقون ہر ایک نیمدرم گولیان بنائین اور ماء البزور کے ساتھ استعمال کرین
حب صبر صلابت طحال کے واسطے معمول ہی **ترکیب** ایلوہ سہاگہ بریان دونون برابر قند سیاہ کیساتھ چنے کے برابر گولیان بنائین اور رات کو
سوتے وقت دو گولیان کھائین ترشی اور نفخ کرنے والی غذا سے پرہیز کرین اور اگر دونون اجزاء کیساتھ فلفل سیاہ و حلتیت چارون مساوی لیکے آب
گھیکوار مین کھرل کرین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین دو گولیان صبحکو اور دو شام کو کھائین تو صلابت طحال و درد مفاصل کے واسطے معمول ہے
ایضاً نافع صلابت و ورم طحال **ترکیب** پوست بیخ کبر ریوند ہر ایک دو درم نانخواہ تخم کرفس نمک لاہوری ہر ایک ایکدرم مرمکی نیمدرم مغز گھیکوار
مین دوائین کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی صبح اور ایک شام کھائین **حب** نافع مرض مذکور **ترکیب** پوست ہلیلہ زرد
سہاگہ بریان شیطرج ہنجی شورہ قلمی فلفل سیاہ نوشادر زیرہ سیاہ زیرۂ سفید اجوائن نمک سیندہ نمک سونچر پھٹکری بریان جواکھار باؤبڑنگ انگوزہ
زنجبیل مساوی گھیکوار کے پانی مین کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین صبح و شام ایک گولی کھائین **حب انتجار** صلابت طحال کیواسطے
مستعمل ہی پوست ہلیلہ زرد زنجبیل شیطرج انتجار سفید تنکار بریان زیرۂ سفید نمک سنگ شورہ قلمی باؤبڑنگ زیرہ سیاہ برابر کوٹ چھان کے گڑ کہنہ مین مسالے
دو چند مین چھوٹی چھوٹی گولیان بنالین اور دو ماشہ سے چار ماشہ تک گرم پانی کے ساتھ دین **حب طحال** مکرر عمل مین آئی ہین شورۂ قلمی سہاگہ بریان
پھٹکری بریان نمک سونچر نمک سیندہ پوست ہلیلہ زرد دانیہ ہلدی اجوائن ہر ایک ایکدام کوٹ چھان کے تین مرتبہ لیموکے پانی مین اور تین مرتبہ
ادرک کے پانی مین کھرل کرین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام کھائین **نوع دیگر مجربات** والد مرحوم **ترکیب** کفدریا خردل
نوشادر شورہ قلمی گنگی گندھک مرچ سیاہ سہاگہ بریان برابر کوٹ کے گھیکوار کے پانی مین خوب حل کرین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین نہار منھ

ایک گولی کھائین حب کبر اوجاع بارد سپرز کیواسطے مجرب ہی ترکیب پوست بیخ کبر ریوند چینی ہر ایک ایکجزو صبر مرجان سوختہ تخم کرفس غاریقون
سفید نمک سیاہ ہر ایک نیم جزو کوٹ چھان کے گولیان بنائین ایکدرم سے ایک مثقال تک ماء الاصول کے ہمراہ دین اور تضمید شحم حنظل و بورہ ارمنی
و عسل کیساتھ سودمند ہی حب مروارید برائے اسہال صفراوی معمول حکیم منصور علیصاحب ترکیب بن بیدھے سوتی اگر نہ ہون انکی سیپی چھ ماشہ
بسد چار تولہ گلاب خواہ آدھ سیر کیوڑہ مین پیس کے گولیان بنائین لقدر ماش اور ایک گولی پانی کے ہمراہ اگر بچہ ہو تو مان کے دودھ کے ساتھ دین
حب یاقوت برائے اسہال معدی وغیرہ کہ شدید پیاس کے ساتھ ہوتا ہی مفید ہی اور اس بارہ مین بہت نفیس و تقویت معدہ و قلب کرتا ہی
ترکیب یاقوت سرخ مروارید زہر مہرہ کہربا لعل بدخشی یشب سبز کافور ہر ایک ایکدام صمغ عربی طباشیر پوست خشخاش گاؤزبان ہر ایک ایک
مثقال صندل سفید گل ارمنی ہر ایک نیم مثقال زعفران ایکدانگ کوٹ چھان کے لعاب بہدانہ مین مونگ کے برابر گولیان بنائین حب آملہ قابض
نافع اسہال معدی و مقوی معدہ معمول ہی ترکیب آملہ چار درم گلاب مین ترکرین نرم ہوجائے تو پیسین اسکے بعد نمک سیاہ چار ماشہ مصطگی تین ماشہ
پیس کے ملادین اور جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کھائین حب ذرب نافع اسہال معدی ترکیب لونگ
بیلگری سونٹھ خرما بریان مائین خرد مائین کلان جوزبوا ہر ایک دو ماشہ افیون چار رتی ادرک کے پانی مین کھرل کرین اور جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین
ایک گولی کھائین حب نافع اسہال معدی ترکیب انار آٹے مین لپیٹ کے بھلبھل مین دبادین جب پک جائے تو آٹے کو جھڑا ڈالین اور پکے ہوئے
انار کو خوب کوٹ ڈالین اور کھرل کرین اسکے بعد اُسمین ببول کا گوند بیلگری بریان اجوائن ہر ایک دو ماشہ افیون کیسو کچری ہر ایک ایک ماشہ پیس کے
ملادین گولیان چنے کے برابر بنائین جوان کو حسب مزاج دین بچے کو ایک گولی صبح ایک شام حب جدوار نافع ذرب و زلق الامعاء رطوبی ترکیب
جدوار پوست بیرون پستہ طباشیر بلیلہ سیاہ روغن سیاہ مین بریان کی ہوئی صندل گلاب مین گھسا ہوا زیرہ مدبر بیلگری زعفران جوز بویا ہر ایک دو مثقال
کوٹ چھان کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اور حسب مزاج دین حب صندل معدہ کو قوت دیتی ہی دستون کو دفع کرتی ہی خصوصًا
وہ اسہال جو عورتون کو بعد وضع حمل ہوجاتا ہی ترکیب صندل سفید طباشیر آملہ منقی حب الآس اقاقیا غنچہ گل سرخ زیرہ سفید صمغ عربی سونٹھ مساوی
کوٹ چھان کے بارتنگ کے پانی مین چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک دو گولیون سے دس گولیون تک تنہا یا تازہ دھنیا کے پانی مین یا شیرہ خرفہ
بریان اور دانہ الائچی و خشک دھنیا یا تخم خشخاش کے ہمراہ حب اذاراقی ذرب مین نافع ہی ترکیب اذاراقی کو کپڑے مین لپیٹ کے گرم پانی
مین بھگوئین اس اندازے کہ اُسپر دو انگل پانی رہے اور جوش کرین کہ پانی جل جائے اور اذاراقی سیاہ ہوجائے پھر کوٹین اور افیون و فلفل سیاہ
و گل ارمنی ہر ایک چھ ماشہ خوب باریک کھرل کرین اور موٹھ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک سے تین گولی تک حب بقراط صفراوی
دستون اور حمیات محرقہ مین معمول ہی ترکیب کافور چار رتی طباشیر صندل سفید نشاستہ صمغ عربی ہر ایک ایک ماشہ چنے کے برابر گولیان
بنائین اور مناسب خوراک دین اور کبھی زہر مہرہ ایک ماشہ زیادہ کردیتے ہین حب بوعلی سینا برائے اسہال کبدی اور طحلی اور بواسیر
ترکیب مازو کزمازج ہر ایک دو مثقال افیون ایک مثقال ببول کا گوند پاؤ مثقال کوٹ چھان کے کالی مرچ کے برابر گولیان بنائین

بچہ کو ایک گولی جوان کو تین گولیان اگر افیونی ہو دس گولیان تک دی جاسکتی ہین اور کبھی افیون نیم مثقال و صمغ عربی ایک مثقال زیادہ کر دیتے
ہین حب قابض کم رعمل مین آتی ہین ترکیب پھٹکری بیدرال بیلگری کبور کچری آملہ فرفیون گیرو برابر پیس کے چنے کے برابر گولیان بنائین ایک
گولی صبح اور ایک شام دین حب ہندی دست رک جانے مین قوی ہو ترکیب سہاگہ بریان ایک حصہ شنگرف دو حصہ افیون چار حصہ پانی
کر کے نصف اوسکا شہد مین ملائین اور سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین دوسرا نصف حصہ کی لیمو کے پانی مین گولیان بنائین اگر رات کو زیادہ
دست آئے ہون شہد والی گولیان دین اور اگر دن مین زیادہ ہون تو لیمو والی گولیان دین اور نسخہ مجرب حکیم علیم صاحب مین لکھا ہو کہ تینون دواؤنکو
دھتورہ کے بیجون کے پانی مین ایک پہر تک حل کرین اور مونگ یا چنے کے برابر گولیان بنائین ہر قسم کے دستون کو دفع کرنے کے لیے چھوٹی گولی
بچون کو اور بڑی گولی بڑون کو سالم بغیر توڑے ہوئے کھلائین امساک کے واسطے بھی مفید ہو نوعلاوہ سنگرہنی کے واسطے مجرب ہی بعضون نے
تصدیق کی ہو ترکیب افیون جوز جو پان مین کھایا جاتا ہو دونون کو برابر پیس کے موٹھ کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی سے شروع کر کے بڑھائین
اور ایک ماشہ تک پہونچائین اسہال مفرط پیچش خارش کے واسطے بھی مجرب لکھی ہین حب حابس البطن کہ گھنٹہ بھر تک پیٹ بندھتا ہے
ترکیب افیون ایکدرم اقاقیا دو درم کرماذج مانند سبز ہر ایک نیم درم کوٹ چھان کے صمغ عربی کے پانی مین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین
خوراک دو سے چار گولی تک بہ شیرین کے رب مین حب خونی دستون کو روکتی ہو ترکیب افیون سندروس کندر مرکی زعفران برابر کوٹ چھان کے
سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک حب مزاج حب زحیر اسہال کہنہ اور زحیر کے واسطے نافع ہی جسوقت کہ تپ اور حرارت ہو ترکیب جند بیدستر
اساروں میعہ سائلہ بزرالبنج سیاہ کندر مساوی کوٹ چھان کے گولیان بنائین خوراک دو درم تک حب قابض بچون کے دستون کے واسطے
نافع ہو اگر گرمی کے ساتھ ہون تو بھی فائدہ ہوگا ترکیب کات گلنار ہر ایک تین ماشہ زہر مہرہ لیسا ہوا آملہ صمغ عربی بیلگری ہر ایک دو ماشہ افیون
مائین ماز و سونف زیرہ سفید بریان ہر ایک ایک ماشہ کافور ایک رتی کالی مرچ کے برابر گولیان بنائین اور مزاج کے مناسب دین کبھی طباشیر زیادہ
کیجاتی ہو اور اگر گرمی نہ ہو تو کافور نڈالین حب براے اسہال سبز و زرد اطفال کیواسطے نفع کرتی ہو تالیف حکیم علویخان ترکیب کتھ دھویا ہوا چار
جزو مغز تخم کدو شیرین مغز تخم پیٹھہ دو جزو افیون ایک جزو مونگ کے برابر گولیان بنائین صبحکو ایک گولی کھلائین اگر ضرورت ہو رات کو بھی ایک
گولی دین حب کافوری بچون کے اسہال کے واسطے کہ تپ حار ہمیشہ ہوتا ہو معمول ہو ترکیب افیون کتھ سفید طباشیر مغز بہروبہ ہر ایک ایک
ماشہ کافور قیصوبہ چار رتی پانی مین مہین پیس کے موٹھ کے برابر گولیان بنائین اور صبح شام بچہ کو ایک ایک گولی کھلائین ایضاً بچون کے واسطے کہ سبز دست
آتے ہین ترکیب تخم خرفہ سات ماشہ انار دانہ سماق زرشک مغز بادرنگ پوست بیرون پستہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ صمغ عربی طباشیر صندل سفید
صندل سرخ تخم کاہو ہر ایک تین ماشہ سب کو بریان کرین کتیرا نشاستہ گلنار تخم مورد زہر مہرہ خطائی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ مغز بادام شیرین ایک عدد کوٹ چھان کے
بہدانہ کے لعاب مین چھوٹی چھوٹی گولیان بنائین اور ایک صبح ایک شام دین ایضاً اگر بچہ کو سبز پاخانہ ہوتا ہو ترکیب غنچۂ انار چھ ماشہ بادیان بانگ
ہر ایک دو ماشہ باریک پیس کے مونگ کے برابر گولیان بنائین اور ایک صبح ایک شام دین ایضاً بچون کے سبز دستون کو دور کرنے کے واسطے ترکیب

زہر مہرہ خطائی دو ماشہ ہرتال نیپ کتھ سفید خذف آب نادیدہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ افیون دو رتی شنگرف چار رتی پانی مین پیس کے موٹھ کے برابر گولیان بنائین
اگر بچہ بہت چھوٹا ہو باجرہ کے برابر بنائین ایک صبح ایک شام دین اور دودھ پلائین حب رمان بچون کے دستون مین استعمال ہوتی ہین ترکیب میٹھے
اور کچے انار کو اوپر سے تراش کے تھوڑے سے دانے نکال لین پہلے ایک ماشہ افیون بھر دین بعد اسکے ایک عدد جوزبوا رکھین اور اوسکے جوف کو نکالے ہوے
دانون سے بھر دین اور جو حصہ تراش ڈالا گیا ہو اوپر سے ڈھانک دین اوپر سے ستلی اسطرح لپیٹین کہ انار نظر نہ آئے گھی مین بھون ڈالین جس وقت
ستلی سرخ ہو جائے اُسے پھینک کے انار معہ جوز اور افیون کے کھرل مین ڈال کے کوٹین اور حل کرین نصف درم لب باسہ پیس کے ملائین پھر حل کرین کالی مرچ
کے برابر گولیان بنالین خوراک ایک گولی سے دو گولی تک اگر دستون مین خون بھی آتا ہو تھوڑی سی کہربا پیس کے ملادین حب کہربا۔ بچون کی پیچش
مین معمول ہے ترکیب کہربا ببول کا گوند بریان ہر ایک سات ماشہ گلنار تین ماشہ جاکسو بریان چھ ماشہ رسوت نو ماشہ مونگے کی جڑ بھنکی ہوئی زنجبیل ہر ایک
دو ماشہ کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیان بنائین دو گولیان صبح اور دو گولیان شام کو کھلائین جوان کو زیادہ دی جاسکتی ہین حب کھجلی کو اور پیچش
کو دور کرتی ہے ترکیب مازو عذبہ ہر ایک دو درم صمغ عربی ایکدرم افیون نیم درم سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اور ساٹھی چانولون کے پانی دینے پیچ مین
کھلائین حب مسہل ریاحی اور بلغمی قولنج کو دفع کرتی ہے ترکیب غاریقون کنڈل گوگل جاوشیر جند بیدستر ہر ایک ایکدرم صبر سقوطری چار درم
کوٹ چھان کے گولیان بنائین خوراک ایکدرم سونف کے عرق مین حب زحیر صادق یعنی پیچش کیواسطے مائین کتھ سفید افیون برابر پیس کے گولیان بنائین
کالی مرچ کے برابر حب مسہل سنا مکی مقل گل سرخ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک ماشہ مویز منقیٰ ایک تولہ مغز خیار شنبر دو تولہ روغن بادام مین چرب کر کے
گولیان بنائین اور مزاج کے مناسب کھلائین حب السلاطین۔ قولنج ثفلی کے دور کرنے مین بہت نافع ہے اور مختلف اخلاط کو خارج کرتی ہے تمام
نسخون سے بہتر ہے حرارت وحدت کم رکھتی ہے ترکیب گل بنفشہ گل سرخ تخم خرفہ مقشر ہر ایک پانچ درم مغز تخم کدو مغز تخم خیارین مغز بہدانہ گل نیلوفر نشاستہ
ہر ایک تین درم کشنیز خشک مصطگی طباشیر کتیرا ہر ایک دو درم مغز جمالگوٹہ مدبر دس درم کوٹ چھان کے لعاب اسبغول مین حل کرین اور چنے کے برابر گولیان
بنائین خوراک ایک ماشہ سے دو ماشہ تک حسب مزاج شربت شکر و گلاب کے ہمراہ نوع دیگر اوستاد مرحوم کے معمولات سے ترکیب کالادانہ تربد موصوف ریوند
خطائی ہر ایک ایک تولہ حب السلاطین مدبر بیس دانہ لعاب بہدانہ چھ ماشہ کے ہمراہ کھرل کر کے مونگ کے برابر گولیان بنائین خوراک چھ گولیون تک
نوع دیگر غلیظ خلطون کو اعماق بدن سے نکالتی ہے اعضاء کے کیڑون کو کھینچتی ہے اور خارج کر دیتی ہے ترکیب حب السلاطین مدبر دس مثقال تربد موصوف
درمنہ ترکی ریوند چینی ہر ایک ایک مثقال پیس کے روغن بادام مین چرب کر کے کالی مرچ کے برابر گولیان بنائین خوراک تین گولیون سے پانچ تک غذا نخود آب
اگر زیادہ عمل کرے کسیقدر گلاب گائے کے دہی مین سرد کر کے پی لین حب السلاطین۔ پیٹ اور قولنج کے درد کے واسطے دست آور معمول مؤلف
ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ سنا مکی ہر ایک تین تولہ ایلوہ ایک تولہ ترنجبین بادیان ہر ایک دو تولہ حب السلاطین آدھ پاؤ شورہ
قلمی تین تولہ گائے کا دودھ تین سیر پہلے جمالگوٹہ کو چھلکا اُتار کے پوٹلی مین رکھ کے دودھ مین جوش کرین پکتے مین شورہ قلمی چھوڑ دین جب مل جائے
جمالگوٹے نکال لین پانی سے دھو کے اُسکے اندر دل پردہ کو نکال لین اور دوبارہ دوائین کھرل کرین گولیان چنے کے برابر بنالین ضرورت کے وقت

چار سے آٹھ گولیون تک گرم پانی کے ساتھ کھلائین یا مناسب دواؤن کے ہمراہ اور دودھ کو زمین مین دفن کردین **ایضاً قولنج** کے واسطے قبلہ گاہی صاحب
مرحوم کی بیاض سے **ترکیب** فلفل سیاہ نکار صبر زرد ہر ایک ایکدرم گھیکوار کے پانی مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور امراض شکم و قولنج کے واسطے
دین **حب نارمشک** مسہل اور جلد اثر کرنے والا مسہل ہی ریاح خارج کرنے معدہ کو تقویت دینے قولنج مغص ملغمی دفع معدہ کہ طبیعت کے احتباس سے
ہوجاتا ہی کے واسطے نہایت مجرب ہی **ترکیب** سونٹھ لونگ پیپل دارچینی کالی مرچ نارمشک مصطگی ہر ایک پانچ ماشہ سقمونیا قند سفید ہر ایک سات مثقال
کوٹ چھان کے گولیان بنائین بقدر نخود حل قولنج کے واسطے نصف مثقال کھائین **حب شحم حنظل** عمق بدن سے اخراج مواد کے لیے نہایت قوی
عمل کرتی ہی خاصکر قولنج کو دفع کرنے اور اوسکے تسکین دینے مین اپنا نظیر نہین رکھتی **ترکیب** لونگ الائچی خورد دارچینی زعفران مرصاف سنا مکی
ایلوہ پوست ہلیلہ زرد سونٹھ شنگرف ہر ایک ایکدرم اندراین کے پھل کا گودہ تربد موصوف ہر ایک تین درم سب کو باریک کوٹ کے عرق بادیان
یا گلاب مین گولیان بنائین بقدر چار رتی خوراک ساٹھ گولیون سے اسی گولیون تک اور نیز بقدر قوت مزاج اور شدت وضعف مرض پانی یا عرق مذکور
کے ساتھ **حب قولنج** جسوقت درد کی شدت ہو نفع کرتی ہی اور درد معدہ کیواسطے بھی نافع ہی **ترکیب** ہینگ مغز تخم پیپلا نجیم مغز کرنجوہ سونٹھ ٹنکن پھلکی
مساوی جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی نیمگرم پانی کے ہمراہ **حب قولنج دیگر ترکیب** پھٹکری کھیل کی ہوئی اجوائن پیپلا مول
سنیا مرچ مغز کرنجوہ پاپڑ بڑنگ صبر زرد نمک سیاہ برابر کوٹ کے ادرک کے پانی مین کھرل کرین اور گولیان بنالین درد کی شدت کے وقت چار ماشہ کھائین
حب ناف ٹل جانے مین بے نظیر ہے **ترکیب** ٹنکن پھلکی سوختہ اجوائن ہموزن کوٹ چھان کے پرانے گڑ مین گولیان بنائین اور ایک ماشہ گاے کے گھی مین
کھائین اور دوسرے نسخہ مین دستون کے واسطے نافع ہی جو ناف ٹل جانے کے سبب سے آتے ہین اسمین سونٹھ بھی داخل ہی **حب باؤ گولہ** ریاحی قولنج
اور تلی بڑھ جانے نیز چوتھیہ بخار کے واسطے مفید ہی **ترکیب** سونٹھ ستوا سہاگہ کھیل کیا ہوا نمک سیندہ ہینگ ہیرا برابر پوست درخت سہجنہ کے شیرہ مین
کھرل کرین اور جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایک صبح اور ایک شام کھائین اور اوسکا نیمگرم طلا کرنا بھی مفید ہی **توعد دیگر** تلی اور باؤ گولہ کے واسطے فائدہ مند ہی
ترکیب چونہ ہڑ نسوت سہاگہ ایلوہ گھیکوار کے پانی مین چار پہر کھرل کرین اور چھوٹی چھوٹی گولیان بنالین خوراک ایک ماشہ سے تین ماشہ تک **حب ملین**
قبض وبلغم و ریاح و سردی معدہ کے واسطے خاصکر دودھ پیتے بچون کے لیے **ترکیب** ہلیلہ سیاہ چار جزو کبودہ کچری نرکچور سونف ہر ایک دو جزو سہاگہ بریان
ایک جزو کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی کھلائین **حب قاتل دیدان** - **ترکیب** زیرہ سیاہ تین ماشہ بڑنگ کابلی
درمنہ ترکی ہر ایک دو ماشہ تربد موصوف افسنتین سونٹھ کتیرا ایلوہ ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کے گولیان بنائین خوراک حب مزاج **ایضاً** مخرج
حیات و حب القرع ہی **ترکیب** قنبیل برگ پودینہ بڑنگ کابلی نمک ہندی پوست ہلیلہ زرد برابر لیکے گولیان بنائین خوراک تین درم اگر تربد موصوف
کل دواؤن کے نصف وزن کے برابر ملائین اولی ہی **ایضاً** اقسام دیدان کے قتل کے واسطے مجرب ہی **ترکیب** بڑنگ کابلی ایلوہ دھنیا تربد موصوف
برگ سنا برگ شاہترہ ہر ایک تین درم پارہ گندھک بھنا ک مدبر مین بہل (زرنیخ) اجوائن سونٹھ ہر ایک دو درم افسنتین کنکی کالادانہ مدبر مغز کرنجوہ
پوست گجیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ سہاگہ بریان کالی مرچ ہر ایک دو مثقال جمالگوٹہ مدبر پانچ تولہ شورہ مین کوٹ چھان کے آب برگ تنبول

یعنی دوپہر کھرل کرکے [illegible] کے برابر گولیان بنائین خوراک تین گولیون سے پانچ گولیون تک ہمراہ باسی پانی یا عرق لیموے کاغذی نوعلہ گیر مجرب احقر
ترکیب مرنگ کابلی پودینہ خشک پوست بیخ انار ترش ہر ایک پانچ ماشہ کمیلہ ترمس املیوہ ہر ایک چار ماشہ شحم حنظل تین ماشہ نمک ہندی دو ماشہ کوٹ
چھان کے شیرۂ برگ شفتالو مین گولیان بنائین دو ماشہ یا کم وزیادہ سوتے وقت کھلائی جائین ایضاً معمول فقیر ترکیب مغز تخم کرنجوہ ایکتولہ
پلاس پاپڑہ کمیلہ ہر ایک چھ ماشہ اجوائن خراسانی تین ماشہ سب کو بھگوکے گڑکے ہمراہ بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی حب دیدان
چھوٹے کیڑون کے واسطے کہ بچون کی مقعد مین ہوتے ہین ترکیب رسوت جاکسو مقشر ہینگ ہر ایک دو ماشہ املیوہ ایک ماشہ کالی مرچ چار رتی نیم کی
پتی دو عدد کنگرونده کے رس مین پیس کے جوار کے برابر گولیان بنائین اور روز ایک گولی کھلائین حب ملیم چھوٹے کیڑون کے واسطے کہ مقعد اطفال مین
ہوتے ہین ترکیب ملیم کات سفید افیون بیری کی پتی پرانا کھوپرہ مساوی پیس کے موٹھ کے برابر گولیان بنائین اور ایک کھلائین حب برائے بواسیر
بارہا تجربہ ہوا ہی ترکیب پوست ہلیلۂ زرد گوگل ترکچور سکو برابر کوٹ کے مولی اور کنگرونده کے پانی مین کھرل کرین چنے کے برابر گولیان بنائین اور سایہ
خشک کرکے رکھ چھوڑین ایک گولی صبح ایک شام دین اور چاہیئے کہ رسوت کو حل کرکے مسہ پر طلا کرین برگ بانسہ کو صاف کرکے پانی سے دھوکے
تھوڑا پانی ایک برتن مین ڈالین اور اوسکا منہ بند کرکے پکائین تاکہ بجنبہ کیطرح پک جائے اور اوسکا پانی اُسی مین خشک ہو جائے بواسیر کے اوپر باندھین
قضاء حاجت کے بعد مذکورہ بھاجی تیار کرکے رسوت کا لیپ کردین جب تک صحت ہو اسی طرح مداومت کرین عجیب علاج ہی حب سندروس خونی بواسیر
کے واسطے مجرب ہی ترکیب پوست بیضۂ مرغ سوختہ سندروس شیطرج ہندی ہر ایک پانچ ماشہ نوشادر پانچ رتی کوٹ چھان کے بادام کے برابر گولیان
بنائین خوراک پانچ چھ گولی تو عدد بگیر بواسیر کو خشک کرتی ہی خون کو بند کرتی ہی اور کھانا ہضم کرتی ہی ترکیب سندروس پوست بیضہ شیطرج تخم گندنا
ہر ایک تین ماشہ لوہے کا میل مدبر ہر ایک چار رتی جس پانی مین پانچ ماشہ مقل گھلا ہوا ہو بھگو کے گولیان بنائین چھ سے سات گولیون تک نہار
کھلائین حب اسکی مداومت بواسیر مین سکون پیدا کرنے اور کھودینے کے لیے انطاکی کی مجرب ہی ترکیب مقل انزروت ترید سفید غاریقون املیوہ ہر ایک
ایک جزو مصطگی مازو راتینج جوزالسرو انیسون حضض لبان سقمونیا ہر ایک نصف جزو لاجورد مغسول چوتھائی جزو کوٹ چھان کے گندنا کے پانی مین گولیان
بنائین اور ایک مثقال آب مطبوخ مویز کے ساتھ کھلائین کہ بواسیر کو کھوتی ہی اوسکے ریاح کو زائل کرتی ہی اور مزاج کو اسکے بعد اصلاح پر لاتی ہے
اللہ تعالے کے حکم سے حب جفت بلوط خون کو بند کرتی ہی ترکیب مغز جفت بلوط گیرو گوالیاری بارتنگ ہر ایک تین ماشہ سماق حب الآس
کہربا سونگے کی جڑ دم الاخوین سوکھا دھنیا سیاہ زیرہ ہر ایک چھ ماشہ کتیرا اسبغول چرخ ہر ایک چار ماشہ ببول کا گوند بسباسہ کندر گل مختوم ہر ایک پانچ ماشہ
آملہ بلیلہ کابلی گلنار پوست بیخ انجبار بارہ سینگا جلا ہوا ہر ایک سات ماشہ سب کو باریک پیس کے پانی مین جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایک
گولی کھاکے اوسکے اوپر سے شیرۂ تخم بارتنگ تخم خرفہ ہندی ہر ایک چھ ماشہ شیرۂ برگ جھاؤ یا برگ گوبھی جنگلی ایک تولہ نو تولہ مین سے پانی نکال کے
اور صاف کرکے پی لین حب مقل قابض - تالیف حکیم علویخان برائے بواسیر کہ سال ڈیڑھ سال کا مرض اسکے کھانے سے چند روز مین جاتا
رہتا ہو ترکیب مقل ایک تولہ گندنا کے پانی مین حل کرکے پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلۂ زرد پوست بلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو ماشہ رسوت

درم الاخوین گل ارمنی کہربا شمعی گلنار ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کے پانی میں گولیاں بنالیں بقدر نخود اور چار گولیاں روز کھائیں تو عدیگر حبس خون
بواسیر کیواسطے بے نظیر ہے ترکیب کہربا مونگے کی جڑ کو دن سوختہ ہر ایک ڈھائی درم تخم گندنا تین درم ہلیلہ سیاہ آملہ ہر ایک پانچ درم مقل دس
درم کوٹ چھان کے مقل کو آب گندنا یا آب برگ آس وبرگ سمر حل کر کے گولیاں بنائیں خوراک دو مثقال بجھائے ہوئے پانی کے ساتھ حب
مقل ملین۔ بواسیر خونی اور بادی کے لیے نافع اور معمول ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ مقل ازرق ہر ایک پندرہ درم
تربد سفید دس درم کندل پانچ درم رائی دو درم مقل اور کندل کو گندنا کے پانی میں حل کر کے دوسری دوائیں کوٹ چھان کے اوس میں ملادیں اور
چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور ہر روز سات گولیاں عرق گاؤزبان وعرق بادیان کے بدرقہ وغیرہ کے ساتھ کھائیں تو عدیگر بواسیر طبیعت
بند ہو جانے کے واسطے حکیم محمد سان کا مجرب نسخہ ہے ترکیب مقل چار جزو آملہ منقی پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ تخم گندنا ہر ایک
پانچ جزو مقل ادھ کچرا گندنا کے پانی میں بھگودیں اور دوسرے دن یا دن میں کوٹیں کہ مثل مرہم کے ہوجائے دوائیں اوس میں ملا کے چنے کے برابر
گولیاں بنالیں اور ہر روز خالی معدہ میں نو سے پندرہ تک نگل جائیں اور سوداوی چیزوں سے پرہیز کریں تو عدیگر بادی بواسیر اور ہمیشہ رہنے
والے قبض کو کہ موذی طبیعت ہوتا ہے ازالہ کرتی ہے اور ریاح بواسیر معدی ومراقی کی قسموں کی دافع اور معمول ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی پوست
ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ ہر ایک دو مثقال سونف حضض بکی انیسون ہر ایک ایک مثقال تخم گندنا تین مثقال مقل ازرق چار مثقال عسل خیارشنبر
سات مثقال ہلیلجات کو کوٹ چھان کے بادام کے تیل میں چرب کریں اور دوسری دواؤں کے ساتھ پھر کوٹیں مقل کو آب گندنا میں ڈالدیں خیارشنبر
اوس میں ملادیں پھر کھرل کی ہوئی دوائیں گے تھوڑا تھوڑا روغن بادام ڈالتے جائیں ہاتھوں کو روغن بادام سے چرب کر کے چنے کے برابر گولیاں
بنائیں تین ماشہ سے ایک تولہ تک ہمیشہ بلدوع کے لیے استعمال کریں اور کہیں جگہ یہی نسخہ باضافہ مویز وانجیر پانچ مثقال عمل میں آیا ہے اور عجیب فائدہ
دکھایا ہے اگر کسی کو مغز طوس کی بو بری معلوم ہوتی ہو تو اسکے نکالڈالنے سے کوئی نقصان نہیں ہے حب انجیر بواسیر کو رفع کرتی ہے طبیعت کو ملین کرتی ہے
معمول ہے ترکیب سونف پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ مقل زرد رسوت ہر ایک چار درم تخم گندنا ایکدرم انجیر زرد پانچ عدد کشمش ملاکر ہلیلجات
کو روغن میں چرب کر کے پیسکر گولیاں بنائیں خوراک حسب مزاج حب رسوت خون بواسیر کو روکتی ہے ترکیب رسوت قسم اول سات ماشہ مویز منقی
تخم چھ ماشہ کتیرا دو درم کوٹ چھان کے مویز میں ملا کے بیر کے برابر گولیاں بنائیں ایک صبح ایک شام کھلائیں تو عدیگر بواسیر خونی اور حیض کے
لیے مفید ہے ترکیب حضض پانچ درم کتیرا دو درم مازو سنگجراحت گیرو ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک مثقال
تو عدیگر بواسیر خونی وبادی میں نواب قاسم علیخان کے معمول سے ہے ترکیب رسوت گیرو کتھہ سفید مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ گکروندہ کے تین پاؤ
پانی میں کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں ایک صبح ایک شام کھلائیں غذا شوربہ پھلکا تو عدیگر خونی اور بادی بواسیر کے واسطے ترکیب مغز
تخم نیب مغز بکائن مقل رسوت ایلوہ کالی مرچ گیرو دکھو کے شیرہ میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی صبح اور ایک شام دیں ایضاً بواسیر
کے واسطے نادر النفع اور مجرب ہے تکملہ سے ترکیب گکروندہ کی پتی کوٹ کے اسکا شیرہ نچوڑلیں اور اوس میں کسیقدر رسوت و مرچ سیاہ پیس کے زیادہ

دیکھو ن مٹی کے برتن میں رکھیں جب گولی بننے کے قابل ہو جائے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کے دیں اور آدھی گولی پیس کے مسوں پر طلا کریں بعد استنجا
سے فراغت ہونے کے ایضاً انھیں سے بواسیر میں نافع ہے ترکیب کالی مرچ رسوت تخم بکائن مغز تخم نیب کوٹ کے گکروندہ کے پانی میں تر کریں
جب گاڑھا پن آجائے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی باسی پانی کے ساتھ کھائیں روغنی روٹی کے دو تین نوالے گولی کھانے سے پہلے
اور کھانے کے بعد کھالیں کہ بہت مفید ہے حب اسکی مداومت بواسیر کی شدت میں تسکین دیتی ہے مجربات و مخترعات انطاکی سے ہے اسکو بالکل دفع
کر دیتی ہے اُسکے ریاح موقوف ہو جاتے ہیں اسکے بعد مزاج کو درستی پر لاتی ہے صرع و صداع و غالب امراض احشائے بالیہ کے واسطے مفید ہے ترکیب
مقل زرد تربد غاریقون صبر زرد ہر ایک ایک جزو مصطگی مازو راتینج انیسون اندرجو حصی لبان خوشبودار اسقونیا ہر ایک نیم جزو حجر ارمنی یا لاجورد جو خالی
جزو کوٹ چھان کے آبگندنا میں گولیاں بنائیں خوراک ایک مثقال مویز کے شیرہ میں حب خونی اور بادی بواسیر میں بارہا تجربہ کیا گیا ہے ترکیب
گوگل چھال اندرجو شیریں پوست ثمر بکائن مغز تخم نیب ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایکدام رسوت مگر کوٹی دو دام مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ سوائے رسوت کے کل دوائیں
کو کوٹ چھان کے اور رسوت کو پانی میں حل کر کے اُسی پانی میں کھرل کریں جسوقت گولی بندھنے کے قابل ہو جائے کافور چار رتی پیس کے اوپر چھڑک دیں
اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں ایک گولی صبحکو ٹھنڈے پانی کے ساتھ کھائیں ترشی و بادی سے پرہیز کریں اور گھی جسقدر چاہیں کھائیں صحت کے بعد
حضرت خواجہ ابوالحسن حرقانی رحمۃ اللہ علیہ کی نیاز حسب مقدور دلائیں حب نیب برائے بواسیر خونی و بادی معمول ہے ترکیب مغز تخم نیب آدھ پاؤ
کالی مرچ مقل ہر ایک ایکدام سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں اور ہر روز صبحکو شیرۂ بادیان و شیرۂ زیرہ سفید چھ ماشہ کے ساتھ کھائیں اور مداومت کریں
نوع دیگر مغز تخم نیب رسوت ہر ایک ایک تولہ کالی مرچ چھ ماشہ باریک پیس کے گولیاں بنائیں اور اگر مولی کے پانی میں گولیاں بنائیں تو بہتر ہے چھ ماشہ
روزانہ مذکورہ شیرجات کے ساتھ استعمال کریں حب برگ نیب بواسیر خونی و بادی کے واسطے نافع ہے ترکیب برگ نیب جاکسو صندل
سُرخ و ماہیہ برگ حنا رسوت نرکچور کالی مرچ ہموزن لعاب بہدانہ میں گولیاں بنائیں اور بقدر مزاج دیں حب ہارسنگار۔ بواسیر خونی و بادی میں
مفید ہے ترکیب تخم ہارسنگار مقشر کہ سفید رنگ کا گودہ نکل آتا ہے ایکتولہ مرچ سیاہ تین ماشہ کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں اور تین ماشہ
ہر صبح پانی کے ساتھ کھائیں ایک ہفتہ تک اگر ہارسنگار کی چھال سے شیرہ نکال کے کالی مرچیں اوسمیں ملائیں اور پی لیں یہ بھی بواسیر کیواسطے مفید ہے
حب بواسیر خونی بواسیر کے واسطے تالیف حکیم علویخان ترکیب رسوت چار ماشہ کہربائے شمعی دانہ الائچی گیرو دم الاخوین ہلیلہ سیاہ روغن بید
میں بریان آملہ منسلوجین ہر ایک دو ماشہ مقل ایک تولہ آبگندنا میں حل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں خوراک تین گولیوں سے چار تک حب
خون بواسیر کو قطع کرنیوالی ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ گھی میں بریان کر کے ہر ایک دو درم دم الاخوین صندل گھسا ہوا گلنار
ہر ایک ایکدرم بارتنگ منسلوجین مونگے کی جڑ محرق ہر ایک ایک مثقال رسوت دو درم بیخ انجبار دو مثقال گوگل چار مثقال دوائیں کوٹ چھان کے
آبگندنا میں حل کیے ہوئے گوگل کو صاف کر کے ملادیں اور گولیاں بنائیں خوراک ایکدرم سے دو درم تک حب جدوار خون بواسیر کے حبس کیواسطے
کہ نزلہ اور خفقان سے ہوتا ہے مجرب ہے ترکیب جدوار افیون ہر ایک ایک تولہ تخم خشخاش تخم کدوئے شیریں تخم کاہو دھنیا گوگل پوست ہلیلہ کابلی گھی میں

بریان گل گاؤزبان مغز بادام ہر ایک دو درم ببول کا گوند بریان کتیرا زعفران دارچینی بہمن سفید بہمن سرخ دانہ الائچی دم الاخوین مونگے کی جڑ کہربا بنسلوچن
ہر ایک ایکدرم صندل سفید بزرالبنج تخم بالنگ ہر ایک نیم درم کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی صبح ایک شام ایضاً مفید بواسیر
ترکیب رسوت گوگل ہر ایک دو درم مغز تخم بکائن مغز تخم نیب بلیلہ سیاہ ہر ایک پانچدرم مرچ سیاہ دو درم مغز بادام مقشر پانچ عدد گکروندہ کے پانی مین
پیس کے گولیان بنائین اور صبح و شام ایک دو گولیان کھائین حب تیواج۔ بواسیر کے اسہال مین بہت مفید ہی بلکہ اسہال خونی جگری کے واسطے
کہ اسمین بہت ضعف ہو جاتا ہی اور جس عضو کی طرف خون نہ دورہ کرے نفع عظیم کرتی ہی تالیف حکیم علویخان۔ ترکیب تیواج خطائی (اندرجو کے درخت
کی چھال کو تیواج کہتے ہین) ریشہ انجبار ہر ایک ایک مثقال بن بیدھے موتی کیوڑہ کے عرق مین کھرل کیے ہوے مونگے کی جڑ کاکشتہ مرجان قرمزی کہربا شمعی
دم الاخوین کتیرا گل مختوم گل داغستانی زہر مہرہ ہر ایک نصف مثقال آب بارتنگ تازہ مین بھگو کے مسور کے برابر گولیان بنائین سونے کے ورق مین
لپیٹ دین ایک مثقال باسی پانی مین کھائین نوعدیگر تالیف حکیم کبیر علیخان بواسیر خونی و بادی مین مکرر تجربہ کیا گیا ہی مفید ہی ترکیب۔ اندرجو کے
درخت کی چھال رسوت نکرگونی اتیس اندرجو برگ سنا بلیلہ سیاہ ناگیسر ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے مقل پانی مین حل کرکے ایک ایک ماشہ کی گولیان بنائین
ایک گولی صبح ایک شام سات تولہ عرق گاؤزبان کے ہمراہ کھائین ایضاً مولف اقتباس العلاج نے حبس خون کے واسطے مجرب لکھا ہی ترکیب بنسلوچن
دانہ الائچی اتیس رسوت نارشک بلیلہ سیاہ بریان مقل کی اندرجو تلخ پوست کہربا مونگے کی جڑ صدف دونون جلی ہوئی ہر ایک سات ماشہ کوٹ چھان کے
آب گندنا مین دو پہر تک کھرل کرین چنے کے برابر گولیان بنا کے سونے کا ورق لگائین اور دو گولیان کھائین حب معمول بواسیر خونی و بادی مین ترکیب
بکھان بید گیر مردار سنگ رسوت صندل سرخ زیرہ سفید پھٹکری کعب سفید بلیلہ زنگی آملہ کو گل مغز تخم نکولی ہر ایک ایکدرم نیم کی پتی کے شیرہ مین آٹھ پہر
کھرل کرین بارہ سینگے سے اور گولیان بنالین سات دن مین تازہ پانی کے ساتھ دو بار طلا کرین اور کبھی مردار سنگ موقوف کرکے پوست بلیلہ زرد ڈالا جاتا ہی
اور سوا ماشہ کھانے مین دی جاے حب مجرب بواسیر کے واسطے ترکیب چھوٹی الائچی مغز نبولی ہر ایک پانچ ماشہ زیرہ سفید ڈھائی ماشہ رسوت ساڑھے
پانچ ماشہ گکروندہ کے عرق مین پیس کے مثل چنے کے گولیان بنائین ایک گولی کھائین اسکے اوپر سے تراشی ہوئی مولی مصری کے ساتھ کھائین
حب لولوی کہ حابس خون بھی اور مقوی بھی ہی ترکیب زہر مہرہ خطائی صندل سفید مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک تولہ عرق کیوڑہ و گلاب ایک پاؤ مین
حل کرکے ایک ایک ماشہ کی گولیان بنائین سایہ مین خشک کرلین اور اُن مین سے دو گولیان ورق نقرہ یا طلا مین لپیٹ کے کھائین یا شربت انار ایک
تولہ کے اسمین گھس کے چٹنی بنائین مجرب ہی نوعدیگر براے حبس خون بواسیر و تقویت ترکیب مروارید ناسفتہ پسے ہوے کہربا بیخ مرجان ہر ایک
دو ماشہ پوست بیخ انجبار چار ماشہ رسوت نکرگونی دو ماشہ کوٹ چھان کے آملہ کے مربہ کی گٹھلی دور کرکے دو عدد مین پیسین چنے کے برابر گولیان بنائین
خوراک ایک مثقال عرق شاہترہ و عرق بارتنگ دس دس تولہ کے ہمراہ حب جواہر معمول حکیم نجیب اللہ خان حابس خون و مقوی اعضاے رئیسہ
ترکیب مروارید ناسفتہ ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ بیخ مرجان ڈھائی ماشہ یشب سبز عقیق سرخ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ ناریل دریائی زعفران ایک ماشہ
زہر مہرہ خطائی ساڑھے تین ماشہ یاقوت سرخ یاقوت زرد فیروزہ ہر ایک دو ماشہ پاؤ بالا ایک پاؤ گلاب مین خوب کھرل کرین چنے کے برابر گولیان

بنائین خوراک دو عدد تک تنہا یا مناسب بدرقہ کیساتھ دوسرے نسخہ مین لاجورد ڈیڑھ ماشہ ورق طلا ایک ماشہ مشک تین رتی عنبر اشہب تین ماشہ
بھی داخل ہو وزن ناریل دریائی و زعفران کا چھ چھ رتی ورق نقرہ ساڑھے چار ماشہ لکھے ہین باقی بدستور ہی حب نافع بواسیری ریاح و درد گردہ و
مثانہ ضیق و وجع مفاصل ترکیب تربد کبور کچری درونج ہلیلہ سیاہ بلیلہ شیطرج (چیتہ) عاقرقرحا نوشادر فلفل دار فلفل تخم گندنا مقل ہرایک
ایک جزو کوٹ چھان کے مولی کے عرق مین گولیان بنائین اور دو درم چکنے شوربے یا گرم پانی کیساتھ کھائین ایضاً بواسیر ریحی کے واسطے نافع ہی
معمولی سے ترکیب ہلیلہ بریان روغن زرد مین ایکدرم زیرہ سیاہ بریان نصف درم کوٹ چھان کے آب گندنا مین گولیان بنائین ایک خوراک ہی
حب خبث الحدید برائے بواسیر بادی گردے کی سردی شہوت طین ومجذوم کے واسطے مفید ہی اور بقول شریف خان کے یہ گولی تجربہ مین آئی ہی
اور آلات بول کے زخمون کو جو پرانے ہون اور جن سے بہت پیپ نکلتی ہو زائل کرتی ہی۔ برودت اور ضعف معدہ کے واسطے نافع ہی کھانا مزید ہضم
ہوتا ہی رنگ صاف کرتی ہی فربہ کرتی ہی ترکیب لوہے کا میل ایکسو مثقال گندنا کے عرق مین سات دن تک ترکرین پھر خشک کرکے حب الرشاد دو سو
درم تخم جرجیر تخم کرفس مولی کے بیج تخم گندنا تخم گذر تخم پیاز حلبہ دگوگل ہرایک بیس درم سب کو آب گندنا مین بھگو دین اور چنے کے برابر گولیان بنائین
خوراک دو درم حب مقل شقاق مقعد کے واسطے سودمند طبیعت کو نرم کرتی ہی اور محرور کے واسطے موافق ہوتی ہی ترکیب پوست ہلیلہ کابلی
بیس درم مقل دس درم کتیرا پانچدرم انجیر تیس عدد انجیر کو پانی مین پکائین تاکہ گل جائے اُسے ملائین اور مقل وکتیرا حل کرین پوست ہلیلہ کوٹ چھان کے
لت کرین اور گولیان بنائین خوراک دو درم حب شدید درد مین سکون پیدا کرنے کے واسطے جبکہ قرحہ گردہ حادث ہو ترکیب بزرالبنج ایکدانگ افیون
ایک قیراط مغز تخم خیارین دو درم تخم کاہو ایکدرم کوٹ کے گولیان بنائین حب سوزاک سوزاک کی قسمون اور پیشاب کی جلن کیواسطے مفید ہی ترکیب کتھا سفید
ست گلو الائچی سفید بلیلہ ہلیلہ آملہ ہرایک پانچدرم سلاجیت تین درم کوٹ چھان کے آب بابچان یا شیرہ برگ بکائن مین خوب کھرل کرین اور گولیان
بنائین خوراک ایکدرم ایضاً سوزاک کے واسطے مجرب ہی ترکیب ست گلو پھٹکری ہرایک دو تولہ شورہ قلمی الائچی ہرایک ایک تولہ کتھ سفید چھ ماشہ
گڑ مین ملاکے چنے کے برابر گولیان بنائین تین گولیون سے شروع کرین ایک روزانہ زیادہ کرتے جائین سات پر پہونچ کے وہی روزانہ خوراک رکھین حب
زیادہ پیشاب آنیکو روکتی ہی ترکیب بباسہ کندر سعد ہرایک ایک تولہ بزرالبنج تین ماشہ کوٹ چھان کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام کھائین
حب پیشاب مین خون آنے سیلان منی سلس البول اور سرعت انزال کے واسطے نافع ہی ترکیب طباشیر سفید کتیرا زرشک بیدانہ کشنیز مقشر تخم حماض
گیرو صندل سفید گلنار ببول کا گوند ہرایک چھ ماشہ سنگھاڑہ گوکھرو تخم خرفہ مقشر قلعی کشتہ مغز تخم خیارین کہربا اسبغول ہرایک ایک تولہ لعاب اسبغول
مین گولیان بنائین خوراک ایک مثقال حب جالینوس مقوی باہ ترکیب مغز کنجشک نرکہ ہیجان کے وقت مین شقاقل مصری تازہ تخم پیاز
سفید خرما تخم گندنا ثعلب مصری تخم جزر یا جرجیر سمک صید احجلہ برادہ شنگ قدرے کوٹ چھان کے شہد اور آب جرجیر مین گولیان بنائین بقدر نخود خوراک
ایک مثقال سے ڈیڑھ درم تک ہمراہ شراب یا آب انگور شیرین یا اس پانی کیساتھ جسمین چنے بھیگے ہون حب سیماب باہ اور اشتہا کے واسطے
مجرب ہی ترکیب سیماب خالص گندھک کات سرخ لونگ ہرایک چار ماشہ پہلے سیماب اور گندھک کو خوب کھرل کرین دوسری دوائین ملاکے

مرغ کے انڈے کی زردی مین حل کرین اور سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین، ہر روز ایک گولی کھائین اوسکے اوپر بکری کے گوشت کا شوربا یا گاے کا
دودھ نیم گرم پی لین ایک ہفتہ تک یہ عمل کرین اور بیس دن تک مجامعت نہ کرین ترشی سے پرہیز اور خون پیدا کرنیوالی غذا مین کھائین دوسرے نسخہ
مین شنگرف وبادیان عاقرقرحا دارچینی جوزبوا ہر ایک چار ماشہ زیادہ ہی **حب مقوی باہ** ۔**ترکیب** شقاقل دو تولہ مایہ شتر اعرابی بہمن سفید ہر ایک
چھ ماشہ مایہ کو گلاب مین حل کرکے باقی کو کوٹ چھان کے باہم ملائین دو تولہ شہد مین آمیز کرکے اکیس گولیان بنائین اور ہر صبح ایک گولی گاے کے
دودھ کے ساتھ کھائین **ایضاً** قوت باہ کے واسطے اگر جماع کے بعد کھائی جائے تو قوت اصلی حاصل ہو جائے **ترکیب** جوہ عود مصطگی تخم بادنجان کوٹ
چھان کے جوہ مین آمیز کرین اور کالی مرچ کے برابر گولیان بنالین اور دو سے چار گولیون تک کھائین **حب ریگ ماہی** تقویت باہ اور امساک کیواسطے
ترکیب ریگ ماہی شنگرف عفص لونگ ہر ایک چار جز و زعفران مشک افیون ہر ایک ایک جز و کھکنی ورق طلا ہر ایک تین جز و دار شیشعان دارچینی
ورق نقرہ ہر ایک سات جز و کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی سے دو گولی تک معہ گاے کے دودھ کے پیالہ کے اور دو
گھنٹون کے بعد جماع کرین **حب مروارید** مسقط درد بطی انزال دشہی اور مقوی ہاضمہ **ترکیب** خود ہندی لونگ کباب چینی قرفہ مرچ سفید ہر ایک تین درم
بالنگو دو درم کالی مرچ تخم بابونہ یا گل بابونہ بن بید مشہ موتی ہر ایک ایکدرم زعفران نصف درم کوٹ چھان کے گلاب مین قوام کی ہوئی قند مین ملا کے
چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک دو دانگ اور بھوک و ہاضمہ کے واسطے سات گولیان امساک کے لیے دو گولیان منھ مین رکھین اگر جلد گھل جائے
دوسری گولیان رکھ لین **حب عنبر** مقوی باہ و ممسک ہی اور اگر منھ مین رکھی جائے تو خوشبو کرتی ہی منھ کو صاف رکھتی ہی دماغ کو قوت دیتی ہی **ترکیب**
مشک خالص مصطگی لونگ ہر ایک ایک مثقال عنبر اشہب خصیۃ الثعلب خولنجان ہر ایک دو مثقال مایہ شتر اعرابی تین مثقال کوٹ چھان کے گلاب
مین گولیان بنائین بقدر فندق ایک گولی روزانہ کھائین اوسکے بعد شراب یا تازہ دودھ یا ترانیزک کا عرق یا آب نخود پئین اور یہ گولی نصف مثقال
تک کھائی جاسکتی ہی اور مرطوب المزاج اس سے بھی زیادہ کھاسکتا ہی **حب ٹھنڈے** آدمیون کی تقویت باہ کیواسطے مجرب ہی **ترکیب** موصلی
سیاہ آدھ سیر ایک سیر گاے کے دودھ مین جوش کرین یہانتک کہ سب دودھ جذب ہو جاے اسکے بعد سایہ مین خشک کرین پیس کے جوز بوا بسباسہ
ہر ایک آدھ پاؤ کوٹ چھان کے قوام کئے ہوے شہد مین گولیان بنائین اور حسب برداشت مزاج کھلائین **حب ہندی** مقوی باہ اور بہت ممسک ہے
جماع کی تعب (تھکن) کو دور کرتی ہی **ترکیب** اسپند سوختنی پانچدرم آدھے کو بریان کرین اور آدھے کو کچا رہنے دین پوست خشخاش دو درم کالے تل
دو درم پرانا گڑ بیس درم ہر چیز کو باریک پیس گڑ مین ملا کے کوٹین تاکہ سب ایک ہو جائین اسکے سات حصے کرین ہر حصہ کا پیڑا بنالین اور مجامعت
کے وقت ایک کھائین **حب ملذذ** زعفران عاقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ مصطگی چار ماشہ میعہ سائلہ دو ماشہ خون کنجشک بقدر حاجت سب کو
باریک پیس کے خون مین خوب حل کرین اور گولیان بنالین وقت حاجت پانی مین گھس کے قضیب پر طلا کرین **ایضاً** کبوتر کی بیٹ عورت کے
سر کے بالون کی خاک کوے کا پتہ مرغ کا پتہ پیر ہوتی تازہ دارچینی عاقرقرحا بسباسہ ہر ایک ایکجز و مشک نصف جز و شہد مین گولیان بنائین اور
بوقت حاجت شراب مین گھس کے طلا کرین جب خشک ہو جاے جماع مین مشغول ہون **حب منزل النسا** پارہ نصف جز و سہاگہ کافور

ہر ایک ایک جزو ۔ امد چھ جزو باہم گھسین اور چنے کے برابر گولیان بنائین سوائے حشفہ کے ذکر پر ملا کرین **حب ممسک** معمول ہے **ترکیب** جوز بوا لبباسہ افیون
مازو اسپند مصطگی زعفران ناگیسر موچرس تج سپیاری کے پھول دانہ الائچی خورد تبسلوچن اجوائن خراسانی ہر ایک ایک ماشہ باریک پیس کے لعاب اسپغول و پیپل
مین بیر کے برابر گولیان بنائین اور ضرورت کے وقت ایک گولی تازہ پانی مین کھائین چار گھڑی کے بعد گائے کا تازہ دودھ شیرینی ملا کے نوش کرین دوسری
غذا نہ کھائین اس گولی کا تریاق تعسیر مین نمک لاہوری دینا چاہئے **ایضاً** تالیف حکیم محمود خان **ترکیب** بھنگ ایک ماشہ افیون چار ماشہ مصطگی
رومی کبر و عاقرقرحا شنگرف ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کے بقدر حاجت عسل مصفی مین ترکر کے بیس گولیان بنائین ضرورت کے وقت ایک گولی کھائین اور
بعد عمل دوا کام مین مشغول ہو جائین اُسکے اوپر غذا خاصکر نمکین نہ کھائین اگر ضرورت پڑے تو دودھ پئین یا حلوہ کھائین فراغت کے بعد اگر کھانے کا
وقت ہو مضائقہ نہین ہے **نوع دیگر** افیون دو ماشہ روان گانجہ جیدہ تین ماشہ گوند دھول یعنی دھاوڑی دو ماشہ بیر بہوٹی پانچ ماشہ لونگ مغز بادام
کھوپرہ ہر ایک چار ماشہ دانہ الائچی خورد دو ماشہ پیس کے جنگلی بیر کی گٹھلی کے برابر گولیان بنائین جب دو گھڑی دن باقی رہے یا مغرب کے بعد ایک گولی کھائین
اور رات کے وقت غذا شیر برنج کھائی جائے تھوڑی بھوک رکھ کے بعد چار گھڑی رات گذر جانے کے عورت کے پاس جائے اس گولی کا تریاق نمک یا لیمون
کی ترشی ہے **ایضاً** حب ممسک و خوش نشہ مکرر تجربہ ہو چکا ہے مجرب حکیم عبد القادر **ترکیب** جوز بوا خولنجان ثعلب مصری ہر ایک دو درم لبباسہ جدوار
ہر ایک ایکدام افیون ڈیڑھ دام چنے کے برابر گولیان بنا کے کام مین لائین **حب ممسک** ۔ **ترکیب** سونٹھ کباب چینی جوز بوا عاقرقرحا جوتری
ہر ایک پانچ تولہ زعفران افیون ہر ایک ایک ماشہ سب کو پیس کے شہد خالص مین ملائین نصف درم کھائین **ایضاً** امساک کے واسطے مجرب ہے **ترکیب**
اجوائن خراسانی کلونجی اسپند ہر ایک تین ماشہ افیون دو ماشہ چنے کے برابر گولیان بنا کے استعمال کرین **نوع دیگر** اپنا نظیر نہین رکھتی اور مقوی باہ بھی ہے
ترکیب کُبد دار فلفل جی افیون خالص زعفران دارچینی لبباسہ ہر ایک ایک ماشہ مغز بادام جوز بوا خولنجان ثعلب مصری ہر ایک دو ماشہ برگ تنب بھنگ
تیرہ ماشہ سب کو کوٹ چھان کے گولیان بنائین بقدر استعداد کھلائین **نوع دیگر** معمول مؤلف مفتاح **ترکیب** جوز بوا کلان جو سات ماشہ سے کم کا نہ ہو
ایک عدد بقدر گنجائش ڈیڑھ ماشہ افیون خالص اگر مصری ہو بہتر ہے اسمین بھر کے اوپر سے آٹا لپیٹ دین کہ گیند ہو جائے اور پکائین جسوقت سرخ ہو جائے آگ سے
نکال کے ذیل کی دواؤن کے ہمراہ شہد مین ملا کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور جماع سے قبل ایک گولی کھائین اسپند عاقرقرحا مصطگی جفت بلوط
اجوائن خراسانی تالمکھانہ بہمن سفید بہمن سرخ سوکھ ہر ایک دو ماشہ لبباسہ ایک ماشہ لونگ چار رتی **نوع دیگر** مبہی و ممسک و نشاط دینے والی اور مجرب ہے **ترکیب**
زعفران جوز بوا مصطگی لبباسہ عود کالی مرچ بالچھڑ عاقرقرحا ہر ایک ایکدرم افیون جدوار ہر ایک دو درم عنبر نیم درم بھنگ چار درم مصری پانچدرم کوٹ چھان کے
گوند کے پانی مین گولیان بنائین **حب ممسک** حکیم معتمد الملک کو اسپر بھروسہ تھا **ترکیب** افیون شنگرف کافور عاقرقرحا جوز بوا نبات سفید
ہر ایک ایک تولہ زعفران جند بیدستر ہر ایک چھ ماشہ بیر بہوٹی دس عدد سب کو خوب کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولی بنائین ضرورت کے وقت ایک
گولی کھائین بشرطیکہ معدہ خالی ہو اگر چاہین کہ انزال ہو جائے اوپر سے ٹھنڈا پانی پی لین **حب** مغلظ منی و ممسک و مقوی باہ اور سوزاک کیواسطے مفید ہے
ترکیب ست سلاجیت مغز تخم خیار چھوٹی الائچی بنسلوچن پکھان بید مصری ہر ایک ایکدام کوٹ چھان کے شہد مین گولیان بنائین اور نیمدام کھائین

حب سرعت انزال کو دفع کرنے مین مجرب ہی ترکیب خصیۃ الثعلب مصطگی رومی لاکھ جھربیری تینون برابر کوٹ چھان کے درخت بڑ کے شیرہ مین سیاہ مرچ کے
برابر گولیان بنائین اور ایک گولی ہر روز دودھ کے ہمراہ کھائین چالیس دن تک حب برائے بندکشاد و سیلان منی ترکیب ثعلب مصری مغز تخم سرس
الک مغسول ہر ایک دو تولہ کوٹ چھان کے ایک پاؤ بڑ کے دودھ مین کھرل کرین جب غلیظ ہوجائے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنا کے ایک گولی روزانہ صبحکو
کھائین سات دن تک اور اگر نقرہ کشتہ و طلائے کشتہ و یاقوت و مروارید سب چھ ماشہ اس دوا مین بڑھا دین تو قوی تر ہوجائے حب تاتورہ در روز منی کے
واسطے معمولی سے ترکیب تخم تاتورہ فلفل سیاہ برابر پیس کے آب منقوع صمغ عربی مین گولیان بنائین بقدر سیاہ مرچ اور ہر صبحکو ایک تولہ شیرہ بادیان مین کھلائین
سات دن تک مرض اگر پرانا ہوگیا ہو تو اکیس روز تک اور ترشی اور بادی سے پرہیز کرین حب برائے کثرت احتلام والد مرحوم کے مجربات سے ترکیب کندر بلوط
گلنار بھنگ کے بیج ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور تین چار خوراک بنا کے کھائین رات کے وقت اور حموضات و لبنیات سے پرہیز کرین
حب فتق ریحی کے واسطے بہت مفید ہے ترکیب پودینہ نطراسالیون نفاح اذخر قسط زرنباد درونج اسارون ہر ایک نیم درم تخم کرفس انیسون ہر ایک اسپند
مصطگی زعفران ہر ایک ایکدرم کندل گوگل ہر ایک ڈیڑھ درم کابلی ہڑ بہیڑا آملہ ہر ایک دو درم پہلے کندل اور گوگل سونف کے پانی یا مثل اسکے دوسرے
پانی مین بھگوئین باقی دوائین کوٹ چھان کے ملا دین اور گولیان بنا کے ہر روز صبحکو ایک مثقال کھائین حب حیض جاری کرنے مین قوی ہے ترکیب
پودینہ کوہی سلیخہ ہر ایک ایک مثقال تخم کرفس سونف انیسون زیرہ سیاہ ہر ایک ڈیڑھ مثقال جندبیدستر گندہ بروزہ ہر ایک نصف مثقال سب کو کوٹ
چھان کے قنہ (گندہ بروزہ) کو اس پانی مین جسمین کہ کرفس و سنبل جوش کی ہوئی ہو حل کر کے سبکی گولیان بنائین اور ایک مثقال ناشتہ مین کھائین اسکے بعد
کرفس لوبیائے سرخ کے ساتھ جوش کیے ہوئے پانی مین شہد ملا کے پئین ایضاً مدر حیض ترکیب سلیخہ کلونجی ہر ایک دو مثقال جندبیدستر ابہل ہر ایک دو درم
سب کو کوٹ چھان کے دوچند شہد مین آمیز کرین اور ہر روز صبحکو ایک مثقال سے دو مثقال تک گولا بنا کے نگل جائین اور سیر سے چالیس درم سونف کا
عرق پئین اگر کم آیا ہو فراغت اور اسکے ساتھ بشرطیکہ احتباس حرارت اور قلت خون کا سبب نہ ہو حب مسقط حمل و تسہیل ولادت و منقی رحم قوت لیساتھ
ترکیب مقل ازرق مرکی ابہل برابر پیس چھان کے گولیان بنائین اور کھلائین حب مخرج بچہ زندہ و مردہ و مشیمہ ترکیب مرکی جاؤشیر کندل برابر لیکے
گولیان بنائین اور تین درم کھلائین اخراج مائی الرحم کرتی ہے حب مانع حمل ترکیب کالی زیری تخم بلیلہ کابلی ناگیسر برگ جو سیاہ دانہ کا پھل ہر ایک نیم درم
کوٹ چھان کے سات گولیان بنائین اور حیض کیحالت مین ہر روز ایک گولی کھائین ایضاً مانع آبستن پانی آنے کے واسطے ترکیب انیسون تخم کرفس
رازیانہ فودنج جبلی مشکطرامشیع ہر ایک ایکجزو سنبل الطیب دارچینی سلیخہ حب بلسان عود بلسان ابہل قسط ہر ایک نصف جزو گولیان بنائین جسوقت
صحبت کا ارادہ ہو اس سے پہلے عورت کو کھلا دین مجرب ہے حب مرض رجا کے واسطے نافع ہے ترکیب قنطوریون ماہیزہرج عصارہ افسنتین
ہر ایک دو دانگ غاریقون گھیکوار ہر ایک چار دانگ تربد سفید ایکدرم مغز تخم بکائن سقمونیائے مشوی ہر ایک تین درم گولیان بنائین حب نافع
تسہیل ولادت ابہل دس درم سداب پانچدرم حرمل چار درم ہینگ اشق فوہ ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے بدستور گولیان بنائین خوراک تین درم
طبیخ مرطمث کے ہمراہ مثل طبیخ ابہل و مشکطرامشیع و قوہ یا طبیخ لوبیائے سرخ و طبیخ عصارہ سداب ایضاً اس باب مین قوی ہے ترکیب ابہل دو درم

حلتیت دہینگا۔ مختصف درم اشق نصف درم کل ایک خوراک ہو حب معین حمل ۔ ترکیب مرکی نوشادر دونون کو بیس کے چار چاولون کے برابر
گولیان بنالین اور ہر روز ایک کھائین تا وقتیکہ حائض ہو اور پاک ہونے کے بعد اوس سے نزدیکی کرے تو عدیگر دفع عقم کے واسطے قوی ترہو ترکیب
مشک دورتی افیون جوزبوا زعفران ہر ایک ایک ماشہ بھنگ دو ماشہ مرزا ناگر ڈیڑھ درم گجراتی ڈلی تین عدد لونگ چار عدد دوائین کوٹ چھان
کے قند مین ملائین گولیان بیر کے برابر بنا کے طہر کے پہلے دن سے شروع کرین اور تین دن تک کھلائین حب کمر کے درد کے واسطے عجیب الفعل ہے
ترکیب شحم حنظل صبر کندل ہر ایک ۱دجز جند بید ستر گوگل ایکدرم نصف جز و خوراک دو درم نیمگرم پانی کیساتھ حب ہندی مٹھہ کے درد وریاح
افرسہ و مفاصل بعد تنقیہ دوسری تدبیر دن سے غنی کر دیتی ہو معمول حکیم عابد سرہندی ترکیب تخم کرفس فلفلمویہ فلفل دارفلفل بادیان نمک طعام جتیہ
ہر ایک ایکدرم بدھارا دس درم سونٹھ گیارہ درم پوست ہلیلہ زرد تربد سفید ہر ایک پانچدرم کوٹ چھان کے قوام کیے ہوے گڑ بیس درم مین بادام
کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی گرم پانی کے ساتھ کھائین حب ہندی دیگر درد مفاصل کیواسطے اور مثل اسی قسم کی شکایتون کے لیے بیاض اوستاد
مرحوم سے ترکیب ہڑ بہیڑا آملہ دُشنہ ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھان کے ہموزن کل دواؤن کے گوگل کوٹین اور چودہ گولیان بنائین ایک گولی روز
کھائین گھی زیادہ کھانا چاہیے حب اسگند درد مفاصل ونانوذلشت کے واسطے مجرب اور معمول ہو ترکیب موصلی پیپل اجوائن پیپلامول ہر ایک
ایکدرم ستاور بدھارا سونٹھ اسگند ناگوری ہر ایک دو دام کوٹ چھان کے بقدر ضرورت گڑ مین ملا کے گولیان بنائین بقدر کنار باغی حب سورنجان اوجاع
مفاصل کے تنقیہ مین معمول ہو ترکیب سورنجان شیرین تربد موصوف ہر ایک ایک مثقال صبر سقوطری درمی کالادانہ غاریقون انیسون ہر ایک نیمدرم
مقل مصطگی ہر ایک ایکدانگ کوٹین اور کرفس کے پانی مین گولیان بنائین کل ایک خوراک ہو تو عدیگر مفاصل ونقرس وعرق النسا کے واسطے
مفید ہی ترکیب ایلوہ دو تولہ سورنجان سونٹھ ہر ایک ایک تولہ گولیان بنائین خوراک سات ماشہ تو عدیگر مفاصل سے مسہل اخلاط ہی نسخہ حکیم
صالح خان حکیم ہلو یخان کے خال ترکیب سورنجان انیسون پوست ہلیلۂ زرد پوست ہلیلۂ کابلی بوزیدان ہر ایک چار مثقال ایلوہ، تربد موصوف
ہر ایک سولہ مثقال سقمونیاے مشوی گوگل ہر ایک دو مثقال مقل کو آب گندنا مین حل کر کے باقی دوائین کوٹ چھان کے مویز کے ہمراہ حل کرین اور
جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام کھلائین حب اذاراقی مجربات حکیم منصور علی نجیب آبادی براے وجع مفاصل بلغمی بلکہ
براے فساد خون واحتراق خون وخدد اور تمام بلغمی دردون کل سرد مادون کیواسطے نافع ہو ترکیب ہلیلۂ سیاہ ہلیلۂ زرد آملہ بلیلہ ہر ایک تین تولہ
کشنیز خشک ایکتولہ سر بھوکہ کی پتی افتیمون برگ شاہترہ ہر ایک چھ ماشہ اذاراقی مدبر ساڑھے سترہ تولہ یعنے کل دواؤن کے برابر کوٹ چھان کے
مقل پانی مین دو تولہ حل کیا ہوا یا شہد خالص مین چنے کے برابر گولیان بنائین ایک گولی خالص پانی کیساتھ دینا شروع کرین اور رفتہ رفتہ
بڑھاتے رہین حتے کہ دو ماشہ تک دین اور اس سے زیادہ غیر مجوز یا عرق شاہترہ یا دوسرے نقوع مناسبہ کیساتھ کھلائین غذا چنے کی روٹی بہت سے
گھی کیساتھ کھائین مادہ پیدا کرنیوالی غذا ؤن سے پرہیز کرین حب مفاصل مجربات حکیم علیم صاحب ترکیب کالی مرچ پیپل زیرہ سفید ہینگ
کنکی باے بڑنگ نمک سفید نمک سیاہ برابر کوٹ چھان کے گھیکوار کی پتی کے عرق مین حل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایضًا چاکسو برگ

مرداسنگ ہر ایک ایک تولہ پیس کے کتیرہ کے پانی مین ماش کے برابر گولیان بنائین حب سورنجان دیگر برائے درد کبد ترکیب سورنجان پوست ہلیلہ زرد
شحم حنظل مقل تربد موصوف برابر کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور گرم پانی کے ساتھ ایک مثقال کھائین نوع دیگر مجربات رازی سے برائے عرق النسا
ترکیب ایلوہ پوست ہلیلہ زرد سورنجان ہر ایک ایکدرم گولیان بنائین یہ سب ایک خوراک ہے اسکی مداومت کرین دوسرے نسخہ مین کہ برائے
مفاصل برء الساعۃ لکھا ہے سنا مکی مصطگی زیادہ ہے کہ مسہل اخلاط غلیظہ مفاصل و اعماق بدن سے کرتی ہے نافع نقرس ہے عرق النسا اور وجع الورک
کو دور کرتی ہے دوائین کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرین اور گولیان بنائین رات کو سوتے وقت دو درم نیمگرم پانی کے ساتھ کھائین حب
نوالی دوا الفیل سوداوی مین سامنے کیطرف بعد فصد باسلیق ایک ہفتہ تک سفوف سودا ہمراہ ماء الجبن کھانا اسکے بعد افتیمون کا مطبوخ پینا
اوسکے بعد یہ گولیان مجرب الشفا کی ہے ترکیب افتیمون بسفائج گل بنفشہ ہر ایک ایک جزو شحم حنظل مغز بادام تلخ سقمونیا ہر ایک نصف جزو لاجورد
مرطلہ یہ مرجان ہر ایک چوتھائی جزو شاہترہ کے پانی مین گولیان بنائین خوراک دو مثقال سکنجبین بزوری کے ساتھ ہفتہ مین دو بار استعمال کرین
حب وجع مفاصل بلغمی مین مجرب ہے ترکیب ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ سونٹھ فانیذ چیتا ہر ایک چار درم صعتر فارسی چھ درم سورنجان بیس درم نمک سیاہ
دو درم مقل زرد پندرہ درم کوٹ چھان کے مقل کو کرنب کے پانی مین گھلا کے گولیان بنائین خوراک ڈھائی درم سے تین درم تک نیمگرم پانی کے ساتھ
ایضاً کمر کے واسطے اور درد کمر کے واسطے مقوی و نافع ترکیب پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ جوکوب ساڑھے تین سیر پانی مین جوش کرین جب
چوتھائی پانی رہ جاے صاف کرکے گوگل ملائین اور پکائین مثل حلوہ کے ہو جاے تو گولیان بنا کے پانچ ماشہ کھائین حب مفاصل مجربات حکیم
فرزند علیخان سے ترکیب سورنجان تلخ ایلوہ تربد سفید سنا مکی افسنتین نمک سانبھر شحم حنظل اجمود ہر ایک چھ ماشہ پہلے اجمود کو گرم پانی مین گھولین
اوسکا عرق لیکے کل دوائین کٹی چھنی ہوئی ملائین اور موٹھ کے برابر گولیان بنائین اگر مفاصل چار سال کا ہو تو پورا نسخہ کھائین اگر دو سال کا ہو نصف علی ہذا
خوراک بوقت شب تین ماشہ آب گرم کے ہمراہ حب ہندی مفاصل مین اور اوجاع باردہ مزمنہ مین مجرب ہے فالج و لقوہ وغیرہ امراض بلغمی وریحی کو بہت
نافع اور بھوک بڑھاتی ہین ترکیب کچلہ مویز بیخ اندرائن مرچ سیاہ ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے شکر کے گاڑھے قوام یا شہد مین چنے کے برابر گولیان
بنائین اور ہر روز ایک سے دو گولی تک پانی سے نگل جائین اور کچلہ کی تدبیر کا یہ طریقہ ہے کہ پہلے اوسکو دودھ یا پانی مین بھگودین جب نرم ہو جائے
تو چھلکا صاف کرین اور چاقو سے ناخن کیطرح باریک باریک تراشین خشک کرکے کوٹ ڈالین اور کام مین لائین اور یہ دوا سردامین اور ٹھنڈے مزاج
والون کے واسطے بہت مفید ہے بعضون نے اسکی تصدیق کی ہے نوع دیگر ہند مین درد ہوا اعضا اور ہڈیون کے درد مین جسکو ہندی مین ہڑ بھوٹن کہتے ہین
ترکیب پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ بادیان فلفل دراز فلفل کالی زیری مغز کرنجوہ ہر ایک ایک جزو مویز پانچ جزو گولیان بنائین اور دو درم ہر روز کھائین
حب مسہل عرق النسا مین دی جاتی ہے خلاصہ سے ترکیب غاریقون تربد سفید ہر ایک چار دانگ ایلوہ سورنجان شیرین ہر ایک نیمدرم شحم حنظل
ایک دانگ خوراک ڈھائی سے تین درم تک ایضاً مفاصل و نقرس و عرق النسا کیواسطے مفید ہے ترکیب صبر زرد ماہیزہرج ہر ایک ایکدرم
سورنجان تربد موصوف ہر ایک ایک مثقال کثیرا حب النیل شحم حنظل ہر ایک نیمدرم نمک ہندی ڈیڑھ دانگ آب کرفس مین گولیان بنائین خوراک تین درم

نیم گرم پانی کیساتھ۔ حب سیماب جوڑ جوڑ کے درد کیواسطے جو آتشک کے سبب سے پڑجاتا ہے معمول ہے ترکیب بارہ اجوائن بلادر بے پھول اجمود اسپند
ہر ایک تین ماشہ قند سیاہ دو درم کوٹ چھان کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین روزانہ ایک گولی صبح اور ایک شام حلق مین رکھ کے اُتار لین کہ دانت
نہ لگنے پائے غذا کھچڑی اور مونگ کی دال خشکہ اور بھلکا ترشی و بادی سے پرہیز پانچ روز مین صحت ہوگی جسوقت جوش آجائے مضمضہ کرین اگر بعد مسہل
کے کھائین زیادہ مفید ہوگی حب سم الفار برائے وجع مفاصل ترکیب سنکھیا سفید چھ ماشہ سورنجان شیرین ایکتولہ آب لیموے کاغذی
سات دام مین کھرل کرین پھر کٹائی خورد کے شیرہ مین کھرل کر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین ایک گولی روز کھائین ٹھنڈے پانی اور مونگ
کی دال سے پرہیز کرین حب صفرادی تپ کی قسمون کیواسطے بعد تین مسہلون کے مطبوخ دیتے ہین انطاکی سے ترکیب صبر زرد ریوند چینی پوست
ہلیلہ زرد ہر ایک ایکجزو سقمونیا گل سرخ مصطگی انیسون کتیرا ہر ایک نیم جزو کیوڑہ یا بید مشک مین گولیان بنائین مکرر استعمال کرین اگر تپ زائل
نہ ہو اور قوت ساقط ہوجاے شربت ممسک الارواح کہ حمیات کے شربتون مین اوسکی تدبیر کا ذکر ہے استعمال کرین اور نسخۂ مطبوخ ذیل مطبوخات
مین آئیگا حب غب لازم مین بعد تنقیہ معمول ہے ترکیب طباشیر کہربا صمغ عربی شاہترہ ہر ایک ایک مثقال اصل السوس مقشر گل سرخ
مغز تخم کدو دست گلو ہر ایک چھ ماشہ تخم خرفہ الائچی خورد مغز تخم خیارین کتیرا ہر ایک ایکدام کوٹ چھان کے آب برگ عنب الثعلب مروق مین
گولیان بنائین جنگلی بیر کے برابر اور صبح کے وقت ایک گولی ہمراہ عرق گاؤزبان ایک تولہ عرق بادیان تین تولہ عرق عنب الثعلب دو تولہ عرق
شاہترہ و عرق گلو ہر ایک دو تولہ اور اگر طحال ہو عرق جھاؤ جو طرفا ہوتا ہے دو تولہ ملادین نیم گرم پئین حب کافور تپ محرقہ اور تپ دق مین معمول ہے
ترکیب صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا ایک تولہ کافور دو ماشہ طباشیر زہر مہرہ گلاب مین کھرل کیا ہوا سبزی کنول گٹہ ہر ایک ایک ماشہ
کتھ سفید چار ماشہ چنے کے برابر گولیان بنائین اور حسب مزاج شیرۂ تخم خرفہ یا شیرۂ مغز تخم کدو یا ہندوانہ کے ساتھ دین نوع دیگر مجربات حکیم علی
سے ہے رفتہ رفتہ دق اور سرفہ کو زائل کرتی ہے ترکیب زعفران ایکدانگ افیون بزر البنج ہر ایک نصف مثقال گل ارمنی مغز تخم کدو مغز تخم پنبہ دانہ مغز
تخم کشنیز ببول کا گوند بنسلوچن رب السوس تخم خرفہ ہر ایک دو مثقال تخم خشخاش مغز تخم خیارین ہر ایک تین مثقال کافور پانچ مثقال کوٹ چھان کے
السی کے لعاب مین چنے کے برابر گولیان بنائین ہر روز سات گولیان ہمراہ شیرۂ تخم خرفہ یا شیرۂ تخم خیارین ہر ایک تین مثقال شربت نیلوفر شربت انار ہر ایک
پانچ مثقال پین تین روز مین پورا فائدہ ہوجائیگا حب زہر مہرہ صفرادی تپ اور صفرادی قے مین معمول ہے حرارت کو سکون دیتی ہے ترکیب زہر مہرہ پیسا ہوا دو جزو موتی
کھرل کیے ہوئے ایکجزو دونون کو ملاکے پھر کھرل کیا جاے گولیان گلاب مین بنا کے بقدر دو ماشہ دین حب شفا دموی و صفرادی بخارون نیز کل گرم
امراض مین مستعمل ہے ترکیب صندل سفید صندل سرخ ہر ایک پندرہ درم طباشیر سفید نشاستہ ہر ایک پانچدرم بزر البنج سفید پندرہ درم کافور قیصوری
زعفران ہر ایک ایکدرم افیون پندرہ درم کوٹ چھان کے لعاب بہدانہ مین چنے کے برابر گولیان بنالین خوراک پانچ گولیان اور دوسرے نسخہ مین افیون
مطروح حب شفا بیاض حکیم علوی خان سے برائے صداع مزمن اور کل امراض حارہ و باردہ چوتھیہ بخار اور پرانے بخارون کیواسطے مستعمل ہے
ترکیب زعفران دو دانگ گل سرخ گل ارمنی سونٹھ ہر ایک ڈھائی دانگ ریوند چینی پانچ دانگ افیون دھتورہ کے بیج ہر ایک ایک مثقال کوٹ

مچھان کے حسب پانی مین شیرخشت حل کی ہوئی ہو چنے کے برابر گولیان بنائین جو بھیہ بخار مین باری شروع ہونے سے آدھ گھنٹہ پہلے گرم پانی مین تین گولیان
نگل جائین اور دوسرے مرضون مین دو گولیان صبح کو کھائین تو عدیگر مشہور نسخہ ہی برائے اقسام صداع نائبہ اور مزمنہ دم کرکر بخارون مین معمول ہی اور تب نوبہ
(باریکا بخار) باری سے پہلے دینا چاہیے حافظ صحت اور اعضا کی گرانی کو زائل کرتی ہی اسی گولی سے افیون بھی چھوڑی جاسکتی ہی ترکیب تخم دھتورہ
چھ جزو ریوند چینی چار جزو سونٹھ ببول کا گوند ہر ایک دو جزو گوند کو پانی مین حل کر ڈالین دوسری دوائین کوٹ چھان کے اس مین ملائین اور چنے کے برابر
گولیان بنائین خوراک ایک گولی جاڑہ بخار آنے سے دو گھنٹہ پہلے اگر پیاس زیادہ ہو شیرہ تخم خرفہ کے ساتھ دین اور نسخہ معمول حکیم اجمل خان مین ببول کا گوند
مطروح ہی اور لکھا ہی کہ دوائین کوٹ چھان کے اُنسے دو چند شہد مین معجون کرلین اور استعمال کے وقت موٹھ کے برابر گولی بنا کے ایک دو گولی کھلائین
تو عدیگر برائے تپ لرزہ معمول مؤلف مفتاح ترکیب ریوند چینی ایک ماشہ تخم دھتورہ ڈیڑھ ماشہ سونٹھ تین ماشہ کوٹ چھان کے ادرک کے
پانی مین حل کرین اور ماش کے برابر گولیان بنائین ایک یا دو گولیان باری سے ایک گھنٹہ پہلے دین حب تپ مواظبہ بلغمی مین مجرب الاطبا ہی
ترکیب ایارج فیقرا ایک جزو تربد غاریقون گوگل کندل ہر ایک نصف جزو بورہ ارمنی نمک ہندی انیسون بلیلہ کابلی ہر ایک چوتھائی جزو آب
کرفس مین گولیان بنائین خوراک ایک مثقال ہمراہ سکنجبین عسلی یا شربت اصول اگر حرارت زیادہ ہو ریوند ڈیڑھ جزو بڑھادین اور سرسام نیز بڑھاپے مین
اشق و ہینگ ہر ایک چوتھائی جزو اضافہ کرین حب برائے تپ مرکب صفرا و بلغم سے کہ لرزہ اور پیٹ کے درد و تم و اسہال سے ہو اور ہیضہ کا
موسم ہو اور مرض عام ہو ترکیب لونگ الائچی نارمشک زرنشک سعد کوفی صندل سفید سیاہ مرچ سماق مساوی کوٹ چھان کے پانی مین جنگلی
بیر کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی گرم پانی سے کھائین ایضا برائے تشنگی و ورم بدن کہ ولادت کے بعد عارض ہوتا ہی مجربات حکیم
کلو صاحب ترکیب ایلوہ ایکدام تربد موصوف ایک تولہ سونٹھ بے ریشہ چھ ماشہ مصطگی تین ماشہ ریوند چینی مرمکی ہر ایک چھ ماشہ جدا جدا پیس کے
وزن کرین اور کھرل مین ڈالین ایلوہ کو گلاب مین گھول کے ملادین اور چھوٹی چھوٹی گولیان بنالین چار ماشہ رات کو سوتے وقت گرم پانی سے
کھائین جس وقت تک صحت نہ ہو اگر اجابت زیادہ ہو خوراک کا وزن کم کردین حب برائے تپ لرزہ ترکیب بھنگ چار جزو کافور ایک جزو
پیس کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اور حسب مزاج دین بعضون نے صفراوی بخار کے واسطے چار گولیان لکھی ہین ایضا برائے تپ لرزہ مجرب ہے
ترکیب افیون چار جزو صندل سفید زعفران ہر ایک دو جزو دارچینی ایک جزو فلفل سیاہ ڈھائی جزو کوٹ چھان کے رتی رتی بھر کی گولیان
بنائین بچہ کو آدھے جوان کو ڈھائی سے تین گولیون تک دین حب ہندی اقسام تپ لرزہ صفراوی و بلغمی کے ازالہ کے واسطے مستقل ہے
ترکیب دارفلفل مغز کرنجوہ ہر ایک ایک درم زیرہ سفید ببول کی پتی ہر ایک نیم درم باریک پیس کے پانی مین چنے کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح
ایک ظہر کے وقت اور ایک شام کو دین اسی طرح تین دن کرین حب سکنجبین تپ بلغمی مین نہایت مجرب مسہل ہی تذکرہ سے ترکیب ایارج فیقرا
ایک جزو تربد سفید غاریقون گوگل کندل ہر ایک نیم جزو بورہ ارمنی نمک ہندی انیسون بلیلہ کابلی ہر ایک چوتھائی جزو کوٹ چھان کے آب کرفس مین
ایک مثقال شربت اصول یا سکنجبین عسلی کے ہمراہ استعمال کرین اور اشتداد حرارت کیوقت ریوند چینی ڈھائی جزو زیادہ کردین چار دن اور پیری کے لحاظ سے

اشق ثبینگ ہر ایک چوتھائی جزو بڑھادین حب قرطم برائے تپ مواظبہ ترکیب مغز حب القرطم ایکدرم تربد سفید ایکدرم غاریقون تخم کرفس
انیسون ہر ایک نیمدرم نمک ہندی دو دانگ کوٹ چھان کے سونف کے عرق مین گولیان بنائین کل ایک خوراک ہی حب ہلیلہ معمول حکیم محمد جعفر
چوتھیہ بخار مین چاہیے کہ یوم راحت کو پہلے طلوع آفتاب کے وقت دو مثقال ان گولیون کے کھائین اور اوپر سے قہوہ دارچینی کا پیالہ پی لین اس دن
غذا مین نخود آب مرغ کا جوزہ دوسرے دن گلقند آفتابی سات مثقال سکنجبین سات مثقال عرق گاؤزبان ایک پاؤ مین حل کرکے پئین اور اسدن
غذا مین بکری کے بچہ کا شوربہ کھائین اور جہانتک ممکن ہو حموضات ولبنیات وبقولات سے پرہیز کرین ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ
کابلی ہلیلہ سیاہ برگ سنا ہر ایک پانچ مثقال ایارج فیقرا گھیکوار ۳ تین مثقال خصارہ افسنتین ڈیڑھ مثقال سقمونیائے مشوی شاہترہ
ہر ایک ایک مثقال نمک ہندی ایکدانگ کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرین اور گولیان بنالین دو مثقال قہوہ مذکور یا گلاب مین
کھائین اور باری کے دن حب ذہب ایک عدد صبح ایک عدد شام کھائین ترکیب حب ذہب طلا مکلس فادزہر معدنی جدوار
خطائی قنب ہر ایک ایک مثقال جوزبوا مصطگی زعفران ہر ایک چار دانگ دارچینی لونگ ہر ایک نصف مثقال ببول کا گوند دو دانگ
کتیرا ایک دانگ اجزا کوٹ چھان کے گلاب مین چنے کے برابر گولیان بنالین حب چوتھیہ بخار کے واسطے مجرب ہے ترکیب برگ دھتورہ
سیاہ برگ پان گنگری مرچ سیاہ ہر ایک ڈھائی درم باریک پیس کے کالی مرچ کے برابر گولیان بنائین ایک حب صبح اور ایک حب شام کھائین
آب گرم کے ساتھ اور ایک گولی لرزہ سے دو گھنٹہ پہلے کھائین اگر گرمی معلوم ہو شیرۂ بادیان بگرم پئین دو تین خوراکون مین دفع ہوجائے گا
ایضاً چوتھیہ بخار مین نافع ہے ترکیب پلاس پاپڑہ پوست سرخ زردی دور کرین اوسکا مغز ومغز کرنجوہ مساوی پیس ڈالین تھوڑے سے پانی
مین ترکر کے سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح ایک شام گرم پانی کے ساتھ دین دو تین مرتبہ مین دور ہوجائے گا ایضاً باردہ
بخارون کے واسطے مقرر ہے دو تین روز مین بخار جاتا رہتا ہے ترکیب چونہ پانی مین پڑا ہوا سرد کرکے ہرتال طبقی مساوی گھیکوار کے پانی مین دو پہر
کھرل کرین اور موٹھ کے برابر گولیان بناکے ایک گولی لرزہ سے پہلے پان کے اگال مین رکھ کے نگل جائین ورنہ گرم پانی سے ایک پہر کے بعد
دہی خشکہ کھائین حب تپ لرزہ مین معمول ہے ترکیب پر اسپ چنے کے برابر افیون ایک رتی نیم کی پتیان ڈھائی برگ شفتالو ڈیڑھ عدد
سبکو گڑ مین ملاکے تین گولیان بنائین اور تپ آنے سے تین گھنٹہ پہلے ایک گولی کھائین تپ شروع ہونے پر ایک کھائین اغلب ہے کہ تیسری
گولی کی ضرورت نہ پڑے اگر مریض قوی ہو تو کل دو ہی گولیان بنائین اور افیونی کے واسطے افیون زیادہ مقدار مین ملادین اور ہمیہ برگ نیب و
شفتالو طول مین باندھین نہ کہ عرض مین تو عدد مگر برائے تپ لرزہ ترکیب بھنگری بریان سہاگہ بریان نمک لاہوری اجوائن خراسانی ہر ایک
ہر ایک ایکدام کوٹ چھان کے آب برگ دھتورہ مین پیس کے چنے کے مثل گولیان بنائین دو تین گھنٹہ قبل تپ لرزہ سے ایک یا دو گولیان
کھائین حب سم الفار تپ لرزہ مین معمول ہے ترکیب کتھ سفید چار تولہ گل سرخ چار ماشہ سم الفار چار رتی تینون کو پیس کے کالی مرچ کے
برابر گولیان بنائین اور بخار آنے سے چار گھڑی پہلے ایک گولی کھلائین ترشی وبادی وروغن سے پرہیز کرین حب مسہل برائے شطر الغب[له] مجرب
انطاکی ہے ترکیب صبر زرد غاریقون ہر ایک ایکجزو تربد ہلیلہ زرد ہر ایک نیم جزو گل سرخ سقمونیا ہینگ کندل ہر ایک چوتھائی جزو مصطگی

له شطر الغب باری سے بخار آنا ایک دن [illegible]

آٹھوان جزو کرفس کے پانی مین گولیان بنائین خوراک ایک منقال شربت اصول کیساتھ مطلق مین اور ماء العسل کیساتھ نائبہ مین اور سکنجبین کے
ساتھ دونون دائرہ مین اور ہفتہ مین دو مرتبہ کھائین اور ظاہر ہی کہ اگر اس جگہ قلاع ہو اوسدن دوا واجب ہوگی لیکن فصد اسدن کمی کرتی ہے
حب مسہل برائے شطر الغب مجرب حکیم تقاخان ترکیب صبر سقوطری مصطگی رومی پوست ہلیلۂ زرد ریوند چینی عصارہ غافث عصارہ افسنتین
گل سرخ ہر ایک ایکجزو زعفران نصف جزو آب کاسنی مین گولیان بنائین خوراک ایکدرم سے دو درم تک سکنجبین سادہ کے ساتھ دین اور ان گولیون
کو ایک ہفتہ کے بعد کام مین لائین کہ انکا مزاج درست ہو جائے اگر عصارہ نہ ہو غافث و افسنتین داخل کرین اور ہر بات کو پرانے بخار دن کے
آخر مین دو درم دین **حب** نافع حمیات مرکبہ و بائی بخار اور طاعون کے واسطے بہت زیادہ فائدہ مند ہی تمام زہرون کو دور کرتی ہی **ترکیب** موتی
ایک تولہ زہر مہرہ چار تولہ صندل سفید دو تولہ جدوار نو ماشہ مشک ڈیڑھ ماشہ کافور ایک ماشہ ببول کا گوند ڈیڑھ ماشہ ورق نقرہ چھ رتی گوند کے پانی
جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح اور ایک شام کھلائین **حب تپ دق** اور خشونت و سرفہ کے واسطے نافع ہی **ترکیب** بزر البنج
چار رتی افیون ایک ماشہ کیرو گل نیلوفر مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم ہندوانہ ہر ایک دو ماشہ طباشیر رب السوس تخم خرفہ کافور ہر ایک تین ماشہ
صمغ عربی چار ماشہ تخم خشخاش سفید مغز تخم خیارین ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے لعاب اسبغول مین چنے کے برابر گولیان بنائین ہر روز صبح کیوقت
سات گولیان ہمراہ شیرہ تخم خرفہ دو درم شیرہ تخم خیارین دو درم رب انار شیرین دو درم شربت نیلوفر ملا کے کھائین مجرب ہے **حب کافوری** برائے
امراض حارہ شدید الحرارت و حمیات حادہ و تپ دق جو اسہال کے ساتھ ہو مجرب ہی **ترکیب** کافور قیصوری نیم متقال طباشیر سفید نشاستہ
صندل سفید مغز تخم کدو کتیرا ہر ایک ایک مثقال پیس کے لعاب بہدانہ مین بھگو کے گولیان بنائین بقدر نخود خوراک ایک متقال **حب**
اقسام تپ صفراوی کے واسطے جو تین مسہل مطبوخ کے ساتھ دیتے ہین **ترکیب** صبر زرد ریوند چینی پوست ہلیلۂ زرد ہر ایک ایک جزو
سقمونیا گل سرخ مصطگی انیسون کتیرا ہر ایک نصف جزو شربت الارواح جو اکثر بہ حمیات مین آئیگا استعمال کرین **حب شیر الاغ** دق مین مجرب لکھی
ہی **ترکیب** ساٹھی چاولون کو جس مقدار مین چاہین گدھی کے دودھ مین بھگو دین دودھ اسقدر ہو کہ چاولون کے اوپر تک آجائے دوپہر کے بعد
چاول اسی دودھ مین پیس کے چنے کے برابر گولیان بنائین اور صبح شام تین عدد دین **حب** برائے دق و سل حکیم کلو صاحب کی تالیف **ترکیب**
گل داغستانی گیرو ببول کا گوند کتیرا اقاقیا کہربا مروارید ناسفتہ یاقوت طباشیر مرجان کافور قیصوری رب السوس سرطان محرق دم الاخوین ہر ایک تین ماشہ
مغز تخم کدو مغز بہدانہ ہر ایک نو ماشہ افیون کہنہ پانچ رتی بدستور گولیان بنائین **حب الشفا** برائے مسلول و مدقوق و نزلات حارہ و تقویت قلب
حار مجرب ہی **ترکیب** مروارید سودہ ایک مثقال شکر تیغال مغز تخم خیارین ببول کا گوند ہر ایک چھ درم گل بنفشہ ایک مثقال تخم خطمی سفید ایکدرم کتیرا
مغز تخم کدوے شیرین تخم لسبتان افروز مغز بہدانہ نشاستہ صندل سفید تخم خرفہ رب السوس عنبر اشہب ہر ایک دو درم کافور قیصوری ڈیڑھ دانگ افیون
مصری زعفران ہر ایک نیم درم کوٹ چھان کے لعاب بہدانہ مین چنے کے برابر گولیان بنائین خوراک پانچ عدد اور اگر مریض محرور المزاج ہو تو رب السوس ایکدرم
اور عنبر نیم درم دینا بہتر ہے **حب کافوری** برائے تپ دق و سرفہ **ترکیب** مروارید زہر مہرہ گلاب مین گھسا ہوا صندل ہر ایک دو مثقال طباشیر گل نیلوفر
تخم خرفہ مقشر بریان صمغ عربی بریان تخم خشخاش سفید بریان مغز بہدانہ بریان رب السوس ہر ایک ایکدرم زعفران نیم درم بزر البنج افیون ہر ایک چوتھائی درم

کافور نیم مثقال شربت انار شیرین مین گولیان بنائین اور عرق صندل و شیرۂ تخم خیارین مین دین یہ گولی طبیعت کی سستی مین بھی مفید ہی حب رادع درم
وبثور مین نافع ہی ترکیب گیرو رسوت کالی ہڑ اقاقیا انار کا چھلکا نوفل صندل سفید مردار سنگ کتھ سفید برابر لیکے گولیان بنائین اور ملکو کی پتی یا سرکہ مین
پیس کے طلا کرین حب محلل ورمون کو تحلیل کرنے مین تنزوے خطائی کا کام کرتی ہی لوزتین کے غدودون کو تحلیل کرتی ہی ترکیب جدوار صندل
سفید کریلا خشک کالی زیری گیرو رسوت آم کی گٹھلی مکو تخم خطمی بابونہ ناخونہ ڈلی ہر ایک دو درم کپور کچری آنبہ ہلدی ہر ایک ایکدرم مسور اور جو کا آٹا ہر ایک
تین درم گولیان بنائین اور ملکو کی ہری پتی یا سرکہ مین گھس کے لیپ کرین حب سرخ بادہ مجرب و معمول ہی ترکیب پوست ہلیلہ زرد سرپھوکہ گل سرخ
برگ سنا بترہ دھنیا نیکوفتہ ہر ایک تین ماشہ بکائن و نیب کی پانچ پانچ پتیان دوائین کوٹ چھان کے ہری مہندی کی پتی یا آب تخم کشنیز مین جو
رات کو بھگو دیا گیا ہو گولیان چنے کے مثل بنائین غذا کھچڑی و خشکہ کم نمک ہو شیرینی ترشی و گوشت سے پرہیز کرین اور نسخہ مجربی مین نیم کی چھال بکائن کی
چھال مغز نیکوولی پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ پوست ہلیلہ چرائتہ منڈی نکھ بابری ہرن کھری حوالنہ برادہ شیشم برادہ آبنوس برادہ چوب بیجا سار چاکسو
ترکچور زیرہ سیاہ برگ بادرنجبویہ برگ فرنجمشک تخم کاسنی بسفائج افتیمون گل گاؤزبان ہر ایک تین ماشہ عناب بانخدانہ بجاے تخم کشنیز برگ حنا و صندل
سرخ زیرہ سفید و فلفل سیاہ و گل کچنال و برگ بکائن کے ہے اور لکھا ہی کہ رسوت کو نیم کی پتی کے پانی مین حل کرکے پسی ہوئی دوائین اُسمین ملائین اور
جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین جوان آدمی کے واسطے اور بچہ کے واسطے چنے یا مونگ کے برابر اور ایک گولی سے دو تک دین فساد خون اور سرخ بادہ
کے واسطے مجرب ہی تو عدہ گیر بچون کے سرخ بادہ کیواسطے مستعمل ہی ترکیب رسوت صندل سرخ ہر ایک دو ماشہ ترکچور تین ماشہ چاکسو چار ماشہ افیون
سندو چوب ہندی ہر ایک ایک ماشہ مردار سنگ جلد رتی نیم کی پتی بکائن کی پتی ہر ایک پندرہ عدد کوٹ چھان کے مُشمُنہ کے برابر گولیان بنائین الصبح
کے وقت مان کے دودھ مین ایک گولی دینا چاہیے حب خیزران خنازیر و غدد و سلعہ کے واسطے نافع ہی ترکیب گھیکوار تین درم غاریقون
ڈھائی درم مغز تخم اندرائن ڈیڑھ درم تربد مجوف چار درم جاؤشیر ایک مثقال نوشادر دو درم سقمونیا ایک مثقال کوٹ چھان کے آب گندنا مین گولیان بنائین
خوراک ہر روز ایکدرم حب واصلی یہی خاصیت رکھتی ہی ترکیب گھیکوار چوبیس درم اسطوخودوس شحم حنظل ہر ایک پانچدرم تربد مجوف سات درم
نمک ہندی دو درم سقمونیا چار درم کوٹ چھان کے گولیان بنائین خوراک دو درم سے تین درم تک حب ہندی براے خنازیر و سلعہ و جمیع اقسام غدد گو
معمول حکیم شاہ محمد ترکیب چھوٹی الائچی پانچ دانہ سونٹھ مرچ پیپل ہڑ بہیڑا آملہ ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھان کے رکھین اور ہڑ بہیڑا آملہ نسوت سفید
چھیل کے مغز املتاس ہر ایک ساڑھے بارہ درم بختہ جوکوب کرین اور پانچ سیر پانی سب کو رات بھر بھگوئین صبحکو جوش کرین جب تیسرا حصہ پانی کا باقی
رہ جاے ہاتھون سے مل کے اُسکے کاڑھے پانی کو نکال لین اور پچیس دام بختہ گوگل کوٹ کے اُسمین حل کرین پھر آگ پہ پکائین جب معجون کی طرحسے
گاڑھا ہوجاے کٹی پسی دوائین ملا کے گولیان بنالین ہر روز نیم دام خام سے نیم دام بختہ تک کھائین الضا براے سلعہ کہ مقدم گردن مین ہوتا ہی مجرب ہارت
ابو منصور سے ہے ترکیب فلفل سفید فلفل سیاہ دار فلفل دارچینی قرفہ خولنجان نوشادر تخم قثا بری نعناع سب کو برابر کوٹ چھان کے کل دواؤن کے
نصف وزن مین شکر ملادین اور سو برس جسمین بھیگے ہوے ہون وہ پانی آمیز کرکے بڑی گولیان مثل بادام کے بنالین اور صبحکو بیٹھ کے بجل سوتے ہوے
ایک بندقہ منھ مین رکھین اور سو رہین تاکہ گھل جاے پھر نگل جائین اسی طرح پانچ بندقہ ایک دوسرے کے بعد کیے جائین حب شری براے صاحب فصد

مین اور نمکین طبیخ کیو اسطاملی کے پانی اور شیر خشت مین ہے من ترکیب کیرا کیداتک گھیکوار ایکدرم پوست ہلیلہ سیاہ دو درم آب کرنس مین گولیان بنائین نو عدد کر بیاض والد مرحوم سے ترکیب گیرو مویز منقی سونٹھ نمک سیاہ ہر ایک سات ماشہ جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور ہر روز نہار منہ پانی کیساتھ ایک گولی نگل جائین حب لاجورد مرض آتشک مین تنقیہ کے لیئے معمول ہے ترکیب گھیکوار ریوند غاریقون بھوسی باریک چھنی ہوئی حلبہ اگر بزی تخم حنظل ہر ایک ایک مثقال تربد موصوف دو درم پوست ہلیلہ کابلی ایکدرم حجر لاجورد حجر ارمنی ہر ایک نصف مثقال سونٹھ نمک لاہوری رب السوس ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کے کتیرا گوگل ایک ایک ماشہ عرق بادیان مین حل کرکے اُسمین مونگ کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک تو اسکا حال مسہل کے مطبوخات مین آئیگا حب معمول مرض آتشک کے دور کرنے کے واسطے ترکیب مغز جمالگوٹہ کتھا نیلہ تھوتھہ ہر ایک ایک ماشہ پیس کے پانی مین تین گولیان بنالین اور ہر روز ایک گولی آم کے اچار کے چھلکہ مین لپیٹ کے کھالین تین چار دست اور دو ایک قے ہوگی اور تین روز مین مرض جاتا رہیگا پھر دوسری دوا کی ضرورت نہ پڑیگی بغیر کسی اختلاف کے مجرب ہے لیکن شرط یہ ہے کہ دو پیسے دوا خریدنے کے لیے نکالین اور جو کچھ خرید کرنے سے بچ رہے اُسکے بتاشہ خرید کر کے حضور سرور کائنات کا فاتحہ دلائین اور چھوٹے بچون کو تقسیم کردین اگر دو پیسون مین سے کچھ باقی نہ بچے تو علیحدہ سے ایک پیسے کے بتاشے خرید کے بدستور فاتحہ کے بعد بچون کو بانٹ دین حب مسہل اس مرض مین تنقیہ کے واسطے معمول ہے ترکیب فلفل سیاہ مغز تخم کرنجوہ مغز جمالگوٹہ مدبر سونٹھ ہر ایک پانچ ماشہ پیس کے سیاہ مرچ کے برابر یا مثل چنے کے گولیان بنائین اور پانچ چھ گولیان گرم پانی کے ساتھ کھائین غذا تیسرے پہر کو کھچڑی زیادہ گھی کے ہمراہ اسی طرح تین دن عمل کیا جائے اگر ایک گولی صبح اور ایک گولی شام کو کھائین تین ہفتہ تک تو قروح ناصور و بھگندر کے واسطے بھی نافع ہے حب دیگر آتشک کے واسطے معمول و مجرب حکیم غلام نجف ترکیب چھوارہ گٹھلی نکال کے دو عدد مغز ناریل تازہ دو تولہ حب الملوک مدبر مصفی پانچ عدد سب کو ایکجا کرکے خوب کوٹین کہ ایکذات ہوجائین سات گولیان بنالین ایک پس سر ڈالین اور ایک گولی سونف کے عرق یا پانی کے ساتھ کھائین جسدن گولی کھانا ہو اول شب غذا مین مونگ کی کھچڑی ہونا چاہیے اور جسدن کھائی جائے غذا خشکہ برنج و شکر و گھی ملاکے آخری دن مین ہونا چاہیے اور اگر حرارت محسوس ہو اور دست زیادہ آجائین تو دہی پی لیا جائے غذا مین بھی آمیز کیا جائے اُسکے دوسرے دن ٹھنڈائی لعاب بہدانہ تین ماشہ لعاب ریشہ خطمی پانچ ماشہ پانی مین بھگو کے چھان اور صاف کرنے کے بعد دو تولہ مصری پیس کے اسبغول مسلم چھ ماشہ اوپر سے چھڑک کے پی جائین تبرید کے دن غذا کھچڑی گھی اور دہی کے ساتھ ہو اسی طرح چھ گولیان تدبیر مذکور کیساتھ کہ ایکدن مسہل ایک دن ٹھنڈائی پی جائے بفضلہ تعالے کل زخم خشک ہوجائینگے حب مسہل دیگر آتشک مین مستعمل ہے ترکیب شنگرف مغز جمالگوٹہ ہر ایک تین ماشہ پرانا ناریل ایک تولہ چھوارہ ایک بادام چار پان سات عدد خوب باریک پیس کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خوراک ایک گولی غذا کھچڑی مرغن حب توتیا تنقیہ کے بعد آتشک کے واسطے معمول ہے ترکیب ہلیلہ زنگی ایکتولہ منقلوچین چھ ماشہ نیلہ تھوتھہ تین ماشہ ایک ہفتہ تک پاؤ بھر کاغذی لیمو کے عرق مین بھگوئین تاکہ پانی خشک ہوجائے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح ایک شام کھائین شیرینی سے پرہیز کرین اگر برداشت نہ ہو لیمو کے پانی مین پیس کے اُسی کو طلا ہو سکتا ہے نو عدد مگر زیادہ قوی ہے اور اکثر عمل کیا جاچکا ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد آملہ کات سفید توتیاے سبز ہر ایک دو دام بارہ عدد کاغذی لیمو کے شیرہ مین کھرل کرکے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور ایک صبح اور ایک شام کھائین شیرینی ترشی اور بادی سے پرہیز کرین

توعدیگر ہلیلہ سیاہ چار دام فلفل سیاہ ایکدام توتیاے سبز چوتھائی دام کوٹ چھان کے لیموے کاغذی ایکسو ایک عدد کے عرق مین کھرل کرکے جنگلی بیر کے
برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح ایک شام کھائین غذا مونگ کی دال **حب** برائے آتشک حکیم کلو صاحب کے مجربات سے **ترکیب** گیرو عاقرقرحا
اجوائن ہر ایک چار ماشہ سونٹھ ایک تولہ زعفران نو ماشہ برگ پان دس عدد دودھ کی بالائی ببول کی تھالی مین رکھ کے ایک شبانہ روز دانکو
بھگوکے گولیان بنالین خوراک ایک گولی **حب سیماب** مجرب حکیم منصور علی **ترکیب** اصل السوس سیماب شہد تینون مساوی چھ ماشہ
کھرل کرکے چھتیس گولیان بنائین اُنمین سے ایک گولی پانچ تولہ عرق بادیان کے ساتھ روزانہ کھائین **حب** مفید آتشک مجرب حکیم علیم صاحب
ترکیب دانہ الائچی اجوائن خراسانی گیرو ہر ایک اکیس ماشہ ثعلب مصری ایک تولہ تین ماشہ زعفران عاقرقرحا ہر ایک ساڑھے تین ماشہ قند سیاہ
کہنہ ساڑھے چھ تولہ برگ تنبول ستیس عدد سب کو ہاون دستہ مین کوٹ کے بعدہ لوہے کے کٹورہ یا گاے کے دودھ کی بالائی آٹھ پہر کھرل کرکے
گولیان بنائین **ایضاً** نافع باد فرنگ وجذام **ترکیب** گذشتہ گولیون کی دوائین سوائے ثعلب وقند سیاہ کے ہر ایک ایک تولہ پوست ہلیلہ
زرد لونگ ہر ایک ایکتولہ برگ تنبول گاے کے دودھ کی بالائی ہر ایک آدھ پاؤ لوہے کے برتن مین دو روز تک پیسین اور جنگلی بیر کے برابر
گولیان بناکے ایک گولی روزانہ کھائین **حب** برائے آتشک تالیف حکیم محمد جعفر صاحب **ترکیب** حب الملوک تربد سفید شنگرف
مساوی کوٹ چھان کے شیرہ برگ پان مین گولیان بناکے سایہ مین خشک کرین پھر استعمال کرین **ایضاً** برائے شور بدن وخارش بھی مفید ہے
ترکیب ہلیلہ سیاہ وسیماب مصفی سہاگہ مغز جمالگوٹہ ہر ایک ایک تولہ سب کو پیس کے چنے کے برابر گولیان بنائین ایک گولی تازہ پانی سے کھائین
اگر دست آئین تو ٹھنڈے پانی سے ہاتھ پاؤن دھو ڈالین **توعدیگر** بیاض قبلہ گاہی غفران پناہی سے **ترکیب** شنگرف ایکدام مغز جمالگوٹہ
مدبر چار درم بیالیس پہر تک کھرل کرین نیبو کے عرق مین اور گولیان بناکے رکھ چھوڑین چار رتی گڑ مین لپیٹ کے کھائین اور تین روز کا فاصلہ دیکر
یہ مسہل دین اسکے بعد بنیا کیمخت جلا ہوا بیالیس پہر لیمو کے عرق مین کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام کھائین **توعدیگر**
برائے آتشک ودیگر امراض مین معمول ہے **ترکیب** شنگرف مدبر سہاگہ سونٹھ دار فلفل ہر ایک نصف درم چوک جمالگوٹہ مدبر ہر ایک دو دام سب کو
ایک جا کرکے گاے کے دودھ مین بھگو دین اور تین تین رتی کی گولیان بناکے تین چار گولیان کھلائین غذا دہی اور چاول **حب** دیگر مندرجہ بالا
نفع رکھتی ہے **ترکیب** سونٹھ کالی مرچ پارہ مدبر گندھک سہاگہ جملہ برابر جمالگوٹہ برابر کل کو گاے کے دودھ مین پیس کے دو دو رتی کی گولیان بنائین
خوراک دو تین گولیان جسقدر اسکے اوپر پانی پیا جاے گا اوسیقدر اجابتین ہونگی غذا شیر برنج یا دہی چاول **حب مردار سنگ** معمول والد مرحوم
ترکیب اجوائن خراسانی اجوائن دیسی اجمود جوائن ہر ایک ایک تولہ مردار سنگ تین ماشہ قند سیاہ کہنہ تین تولہ بکھوبڑہ کے درخت کے عرق مین
آٹھ گولیان بنائین ایک پھینکدین اور سات مین سے ایک گولی روزانہ صبح بے نمک کی بیج کے ساتھ کھائین اور دن کا سونا ترک کرین غذا بے نمک کے
چاول یا گیہون کی بے نمک کی روٹی بہت سے گھی کے ساتھ کھائین دوسری تمام چیزون سے پرہیز کرین ورنہ بہت زیادہ ضرر ہوگا **توعدیگر** بے نظیر
ہے **ترکیب** مردار سنگ کافور ہر ایک دو مثقال لونگ ایک مثقال آب برگ تنبول کہ معہ مصالحہ کے ہو اور وزن مین آدھ پاؤ چار پہر تک کھرل کرین

سبکی سنتر گولیان بنائین ایک صبح ایک شام کھائین غذا شیر برنج یا مونگ کی دال روغنی روٹی جسقدر رجی چاہے کھائین اور بعد نو دن کے کہ آتشک دفع ہو جائیگی اگر گرمی معلوم ہو ایک کاسہ گاے کے دودھ کا دہی جسمین تین چار ماشہ زیرہ سفید پسا ہوا آمیز ہو دو تین دن تک کھائین **حب رسکپور** آتشک کیواسطے مجرب ہے **ترکیب** مرچ سیاہ لونگ الائچی سفید گیرو رسکپور ہر ایک تین ماشہ قند سیاہ نو ماشہ پانی مین پیس کے مثل موٹھ کے گولیان بنائین اور ایک گولی گڑ یا روٹی کے گودہ مین لپیٹ کے کھائین اور ایک سال تک مونگ و ماش کی دال نہ کھائین **نوع دیگر** آتشک مین انفع و مجرب ہے ذکائی سے **ترکیب** رسکپور دانہ الائچی سفید لونگ عاقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے پانی مین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی بالائی مین لپیٹ کے ہر صبح کو کھائین **حب زنگار** معمولی سے **ترکیب** کتھ سفید دو تولہ زنگار جوتری ہر ایک تین ماشہ افیون پرانی ڈلی ہر ایک دو ماشہ بیدانجیر کی گری چھ کیا دو تولہ ملائی پاؤ بھر سبکو پیس کے معہ ملائی پھول کے برتن مین تین دن تک کھرل کرین اور گولیان بنائین اگر زخم ہو یا داد سیاہ مثل داغ کے اوسپر طلا کرین اور ایک گولی کھائین **حب سم الفار** معمول حکیم عبدالقادر مرحوم **ترکیب** سم الفار پانچ ماشہ نیلا تھوتھہ دو ماشہ کتھ سفید بیس ماشہ مغز ببولی چالیس ماشہ سرخ کو اسی ماشہ آب بھٹ کٹائی مین کھرل کرکے چنے کے برابر گولیان بنائین ہر روز صبح کے وقت ملائی یا کھوئے مین لپیٹ کے ایک گولی کھائین ترشی و بادی و مونگ کی دال سے پرہیز رکھین **نوع دیگر** آتشک کے واسطے مجرب ہے اور خوبی یہ ہے کہ منھ نہین آتا حکیم ارزانی مرحوم کی تالیف سے لکھا ہے کہ جسکو آتشک ہو گئی ہو بال گرنا شروع ہو گئے ہون اور مرض کی شدت سے ہاتھ پانون اور کمر بیکار ہو گئی ہو یا حلق و قضیب مین سوراخ ہو گیا ہو یہ دوا کھاے ترشی سے پرہیز کرے ازسرنو جوان ہو جاے اور جہان جہان درد ہو بالکل دور ہو جاے **ترکیب** پارہ مصطگی عاقرقرحا ہر ایک بیس ماشہ سم الفار ایک ماشہ لیموے کاغذی دو تین عدد پہلے سم الفار و سیماب لیمو کے تھوڑے سے عرق مین کھرل کرین تا کہ پارہ کشتہ ہو جاے اسکے بعد دوسری دوائین کوٹ چھان کے اسمین ملادین اور لیمون کے پانی مین کھرل کرکے مونگ کے برابر گولیان بنائین دو گولیان صبحکو بکری کے چربیلی گوشت کے شوربے مین اور ایک گولی شام کو شوربے کے ساتھ کھائین تین روز یا کچھ زیادہ و نونشک شوربہ پھلکا غذا ہے اور نسخہ مجربی مین پارہ نو ماشہ سم الفار چار رتی دونو کو دو کاغذی لیمو کے عرق مین کھرل کرین بعدہ عاقرقرحا مصطگی کوٹ چھان کے ملائین سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنا کے دو گولیان صبح دو شام کے وقت کھائین **حب دیگر** نواب علوی خان اس سے بھی منھ نہین آتا مکرر تجربہ کیا گیا ہے کبھی اختلاف نہین پڑا اور بعد مسہل کے جا لنگوٹا استعمال کرین **ترکیب** توتیاے سبز بریان ایک تولہ بلیلہ سیاہ تین تولہ کوٹ چھان کے لوہے کے برتن مین نیم کی لکڑی کے دستہ سے جسکے اوپر تانبہ کا پیسہ جڑا ہو لیموے کاغذی کے عرق مین بارہ پہر تک کھرل کرین اور چنے کے برابر گولیان بنائین صبحکے وقت شیر گاؤ کے دہی کی بالائی مین لپیٹ کے نگل جائین اسکے اوپر سے میدہ کی روٹی تین تولہ اسیقدر گاے کا گھی دین ایک ہفتہ تک برابر اسی طرح کھائین بعد اسکے چار دن کا فاصلہ دیا جاے اگر کوئی زخم یا دانہ باقی رہ جاے تو چاہیے کہ اسی طرح ایک ہفتہ تک اور کھلائین اور نئے ماش کی دال و گوشت بز سے پرہیز کرین باقی اور کل چیزین کھائین اگر مذکورہ تدبیرون سے صحت نہ ہو تو مریض کے مناسب حال اگر دیکھین عشبہ یا چوب چینی پلائین **ایضاً** براے آتشک مجرب مفتاح و ذکائی

ترکیب مغز سمندر پھل سم الفار باٹر یہ کتھ سہاگہ چار چار دن ہموزن کوٹ چھان کے لیموں کے عرق مین کھرل کرین اور مونگ کے برابر گولیان بنائین پہلے دن ایک گولی صبح دو گولیان آخری دن کیوقت سات دن تک کھلائین بعد اسکے ایک گولی کا اضافہ کرین اور دو گولیان صبحکو کھلایا کرین تیسرے پہر کو گرمی دور کرنے کے واسطے مکھن کیساتھ خشکہ کھائین نوع دیگر آتشک کے واسطے اور آتشک کے بخار کے واسطے نافع ہی بیاض اوستاد مرحوم سے اور ذکائی مین بھی مرقوم ہے ترکیب سم الفار کتھ سفید دانہ الائچی سفید کافور چینیہ ہر ایک تین ماشہ ایکسو برگ تنبول کے شیرہ مین کل دواؤن کو حل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی ناشتہ کیوقت کھائین چودہ یا اکیس روز بے نمک کی چنے کی یا گیہون کی روٹی گھی کے ہمراہ غذا ہو نوع دیگر مجرب بغیر کسی اختلاف کے ترکیب سم الفار اصیل ایک تولہ ایک سیر یا دو بالا آب کشائی خوردین کہ اُسے دو بار صاف کر لیا ہو تھوڑا تھوڑا ڈال کے کھرل کرین بعدہ ماش کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی دہی کے اوپر کی بالائی کیساتھ کھائین اسطرح پر کہ دانت مین نہ لگے اُسکے اوپر سے آدھ سیر گاے کے دودھ کا دہی نیم گرم کر کے پی جائین غذا دال ماش بہت سے گھی کے ساتھ اور گیہون کی روٹی چاول دودھ مونگ کی دال و شیرینی و جماع وغیرہ سے پرہیز کرنا چاہیے اگر موسم و مقام ٹھنڈا ہو تو دہی کو نیم گرم کر کے پئین ایک چلہ مین صحت ہوگی اور سم الفار کے پہچاننے کا طریقہ یہ ہے کہ سم الفار کو بکری کے جگر کے ٹکڑے مین دو گھنٹہ تک رکھین اگر وہ پانی ہو جاے تو اصلی ہے حب بلادر بعد تنقیہ مرض آتشک یا دفرنگ کو کھوتی ہے اور حکم اکسیر کا رکھتی ہے معمول و مجرب حکیم احسان اللہ خان ترکیب بلادر کلاہ دور کردہ آٹھ عدد اجوائن خراسانی اجوائن دیسی کالے تل ہر ایک سات ماشہ ناریل کی گری تازہ ایک تولہ پارہ چودہ ماشہ طباشیر سفید چھ ماشہ قند سیاہ کہنہ چار تولہ دوائین باریک پیس کے بلادر ملائین پھر پارہ ملائین اور کوٹین قند سیاہ آمیز کر کے اسقدر کوٹین کہ سب ایکذات ہو جائین اُسکی اٹھائیس گولیان بنائین اور ایک صبح ایک شام حلوہ یا بالائی مین رکھ کے نگل جائین اور لحاظ رکھین کہ گولی منھ تالو اور زبان سے مس نہ ہونے پاے غذا شیر و برنج یا کھیر بغیر شیرینی اگر اس سے طبیعت سیر نہ ہو بکری کا گوشت بے مرچ یا پلاؤ کھائین اگر چودہ روز تک کھائین تو بہتر ہوگا مناسب یہ ہے کہ ایک وقت یعنے صبحکو کھایا کرین اور شام کیوقت نہ کھائین اکثر دیکھا گیا ہے کہ جس شخص نے دو وقتہ کھائی ہین بے تامل منھ بہت آگیا ہے یاد رکھنا چاہیے کہ بلادر کی گولیون مین یہ دشواری ادنی بے احتیاطی سے ہو جاتی ہے نوع دیگر تجربہ کیا جا چکا ہے بیاض استاد مرحوم سے ترکیب اجوائن خراسانی اجوائن دیسی کالے تل عاقرقرحا پارہ بھلاوان کلاہ دور کردہ ہر ایک سات ماشہ قند سیاہ کہنہ بقدر دو فلوس سوائے قند سیاہ و سیماب سب کو کوٹین بعدہ سیماب و قند سیاہ ملائین اور ایک شبانہ روز یا بارہ گھڑی ہاون دستہ مین خوب کوٹین جسوقت موم کیطرح ہو جاے اور کرنجوہ کا رنگ پیدا ہو جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی کو توڑ کے دہی پر کی بالائی علیحدہ کر کے زیر و بالا دہی رکھین اور کھائین اُسکے اوپر سے آدھ پاؤ دہی پئین وقت صبح نہار و شام بعد ایک ایک پہر کے غذا کھائین مونگ کی دال و روغن زرد و شیر و قند سیاہ و گوشت بز و شیرینی و ملائی سے پرہیز کرین ماش کی دال یا گیہون کی روٹی یا ماش کی کھچڑی یا ماش کی پکوڑی جو تیل مین پکی ہوئی ہو آم کا اچار کڑوے تیل مین مچھلی اور گاے کا گوشت کھائین اگر مرض شدت سے ہو تو پہلے مسہل دین اسکے لیے حب الملوک مقشر کر کے گھی مین تر کرین چار رتی کتیرا دو ماشہ اور ناریل کی گری ایک تولہ سب کو کوٹ کے تین پڑیان بنائین ایک پڑیہ صبحکو کھائین مسہل سے فراغت ہونیکے بعد چاول یا بے شکر و نمک کا دہی بنائین اسکے بعد مذکورہ گولی استعمال کرین اور دوسرے نسخہ مین بجاے کتیرا بادیان ہے اور نسخہ مجربہ حکیم عزیز اللہ خان ابن محمود

عوض اجوائن ہندی اور عاقرقرحا اسطوخودوس اور وزن قند سیاہ تین درم ہے باقی بدستور اور نسخہ معمول نواب کریم اللہ خان میں مازو و ماجو دھ بھی داخل ہے اور کل ادویہ کا وزن نو نو ماشہ ہے مقدار قند سیاہ تین درم ہے جس وقت منہ آجائے گوندنی کی چھال کچنال کی چھال اور ببول کی چھال جوش کرکے غرغرہ کریں نوع دیگر از مجربات اجوائن خراسانی اجوائن دیسی اجوائن سادہ کچلہ بھلانوہ ہر ایک چار ماشہ پارہ تین ماشہ تینوں اجوائن اور پارہ کو دو پہر کھرل کریں بعدہ کچلہ کوٹ کے داخل کریں چار گھڑی تک کوٹیں بعد اسکے بھلانوہ کا پھول دور کرکے پھر چار گھڑی تک کھرل کریں اور دواؤں سے دو چند گڑ ملا کے سولہ گولیاں بنائیں ایک گولی صبح ایک گولی شام باؤ بھر دہی کے ہمراہ کھائیں آٹھ دن تک پرہیز مونگ کی دال دودھ مولی اور شیرینی سے کرنا چاہیئے اگر اس گولی کے کھانے سے منہ آجائے تو کچنال اور جنگلی بیری کی چھال باہڑ بہیڑہ آملہ کو پانی میں جوش کرکے کلیاں کریں **حب** نافع شورا وریتی ترکیب گیرو سوت کالی ہڑ مردار سنگ کتھ سفید صندل سرخ مساوی کوٹ چھان کے گولیاں بنائیں اور مکوکی پتی کے عرق میں لیپ کریں **حب کرامات** برائے انواع شور خصوصا سوداوی کے واسطے مجرب ہے ترکیب مردار سنگ کمیلہ چونہ نیلہ تھوتھہ ہلیلہ زرد ماجو پھٹکری کتھ مساوی باریک پیس کے گولیاں بنائیں اور گائے کے گھی میں حل کرکے طلا کریں **حب** اس سے رشتہ عرق مدنی بغیر دشواری کے نکل آتا ہے تکملہ سے ترکیب ہینگ اکیس ماشہ پرانا گڑ چار تولہ آٹھ ماشہ کل کی سات گولیاں بنائیں اور ہر روز ایک گولی گائے کے گھی تین تولہ میں کھائیں **حب** برائے خارش اطفال کہ ماں کے پیٹ سے ہوتی ہے ترکیب اتیس ہلیم صندل سرخ جاکسو ہر ایک دو ماشہ پانی میں پیس کے سیاہ مرچ کے برابر گولیاں بنائیں اور ایک گولی بچہ کو کھلائیں **حب کبریت** مفید جرب و قوبا و مصلح خون بکرر عمل میں آچکی ہیں ترکیب گوگرد آملہ سار مغسول بشیر تین جزو پوست ہلیلہ زرد دو جزو پوست بلیلہ آملہ ہلیلہ زنگی سرپھوکہ ملیٹھی صندل سرخ شاہترہ ہر ایک نصف جزو گیر و گل نیلوفر ہر ایک ایک جزو کوٹ چھان کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں خوراک ایک مثقال ہمراہ عرق شاہترہ کم سے کم ایک ہفتہ اور زیادہ سے زیادہ پندرہ دن تک استعمال کریں **حب سفید** قوبا نسخہ میر خسرو ترکیب افیون تخم پنواڑ نوشادر کتھ سفید مساوی آب لیموے کاغذی میں کھرل کرکے گولیاں بنائیں اور ضرورت کے وقت لیمو کے عرق میں حل کرکے طلا کریں **حب** نافع قوبا ترکیب گندھک کتھ سفید نیلہ تھوتھہ سیندور مرچ سیاہ سہاگہ تیلیہ مرداسنگ ہر ایک ایک درم پارہ دو درم گندھک اور پارہ کو ایک جگہ کھرل کریں کہ دونوں سیاہ ہو جائیں پھر دوسری دوائیں کوٹ کے ملا دیں اور خوب پیسیں گولیاں بنا کے رکھ چھوڑیں ضرورت پر ایک گولی سرکہ میں گھس کے مالش کریں **حب** معمول برائے قوبا ترکیب مردار سنگ گندھک آملہ سار نوشادر سہاگہ بریان کالی مرچ مازو سبز کتھ سفید ببول کا گوند مولی کے بیج برابر نیلہ تھوتھہ ڈیڑھ جزو کوٹ چھان کے نیبو کے عرق میں گولیاں بنائیں ضرورت کے وقت داد کو کھجلا کے عرق لیمو یا سادہ پانی میں گھس کے طلا کریں اور دوسرے نسخہ میں مولی کے بیج کے بدلے افیون داخل ہے نوع دیگر غریبوں کے واسطے تیار کریں ترکیب باپچی گھونگچی سرسوں ہر ایک دو درم تخم پنواڑ چار درم نیلہ تھوتھہ دو ماشہ لیموں کے عرق میں جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں اور عند الحاجت ایک گولی سرکہ یا مولی کے عرق میں گھس کے لیپ کریں نوع دیگر مجرب مؤلف مفتاح ترکیب پلاس پاپڑہ گندھک سہاگہ بریان افیون بموزن لیکے لیمو کے پانی میں کھرل کریں اور گولیاں بنالیں داد کو کھجلا کے لیمو کے پانی میں گولی گھس کے طلا کریں ایضا جو کہ یہ ہے گندھک زرد گوگل لوبان کتھ سفید مساوی کاغذی نیبو کے عرق میں پیس کے گولیاں بنائیں اور ایک گولی پانی میں گھس کے داد پر مالش کریں

ہفتہ عشرہ مین مرض کا بالکل زوال ہو جائیگا ایضاً داد کیواسطے مجرب ہی ترکیب کچا سہاگہ رال گندھک بابچی بارہ ہر ایک چودہ ماشہ مازو سبز چار ماشہ نیبو کے عرق مین گولیان بنائین اور داد کو کھجلا کے نیبو کے عرق مین گھسی ہوئی گولی کو طلا کرین حب مجرب احقر العباد ترکیب نوشادر گندھک آملہ سار ہر ایک نو ماشہ مازو چھ ماشہ سفیدہ اندر سہاگہ ہر ایک پانچ ماشہ نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ سے تین ماشہ تک لیمو کے عرق مین چار دن تک حل کرکے گولیان بوقت حاجت عرق لیمو مین حل کرکے قوبا کو کھجلا کے طلا کرین ایضاً کافور جو کیہ سہاگہ نوشادر رسکپور گندھک ہر ایک تین ماشہ نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ سب کو دو تولہ عرق لیموے کاغذی مین پیس کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین خشک کرکے مولی کے پتون کے عرق مین یا تخم ترتیزک کے شیرہ مین گھس کے چند روز داد پر طلا کرین ایک ہفتہ مین اُسے دور کردیگی اگر مولی کی پتی نہ ملے تو تین ماشہ مولی کے بیج اُسمین حل کردین اور پانی مین پیس کے استعمال کرین ایضاً مجرب ہی ترکیب سہاگہ نوشادر پھٹکری تخم پنواڑ ہر ایک دو ماشہ چونہ ایک ماشہ نیبو کے رس مین چار گھڑی کھرل کرکے گولیان بنائین اور قوبا کو کھجلا کے اگر نیبو کا عرق ہو تو اُسمین ورنہ سادہ پانی مین گھس کے طلا کرین حب برائے جذام مجربات سے ہے ترکیب پارہ سنکھیا ہر ایک ایکدرم کندر چھ درم ریوند چینی تین درم ببول کا گوند دو درم زیبق کو نیبو کے عرق مین ملا ڈالین باقی دوائین کوٹ چھان کے ملا دین اور آب زہرہ گوسفند (بکری کا پتہ) مین مونگ کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبح اور ایک شام استعمال کرین حب افتیمون برائے جذام و مالیخولیائے سوداوی وسودا ترکیب گل سرخ نمک ہندی ہر ایک ایکدانگ مصطگی نیمدرم بسفائج اسطوخودوس افتیمون پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے کیترے کے پانی مین گولیان بنائین خوراک چار درم حب جذام تحفہ مولانا فخر الدین قدس سرہ ترکیب پوست بیخ آگ چار سیر پختہ پانی سے بھرے ہوے گھڑے مین ڈال دین گیہون پاؤ بھر کپڑے کی ڈھیلی پوٹلی مین باندھین کہ تر ہونے پر تنگ نہ ہو جائے اُسے گھڑے مین چھوڑ دین گھڑے ہاتھی گھوڑے کی لید مین دفن کردین اکیس روز کے بعد نکالین اگر پانی باقی ہو جوش دے کے خشک کر ڈالین بعد اسکے گیہون کو باریک کوٹ کے آٹھ حصہ کرین ہر روز ایک گولی گیہون کی روٹی کے ہمراہ گھی سے کھائین غذا نان گندم بے نمک یا روغنی روٹی حب سم الفار برائے جذام مجرب مولوی انصار علی ترکیب سنکھیا سفید ایک تولہ کاغذی نیبو ایکہزار کے عرق مین پیس کے چاول کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی روز بالائی مین دین ترشی - دودھ چاول جماع کڑوا تیل اور مرچ سے پرہیز کرین گیہون کی روٹی مونگ کی دال مین زیادہ گھی ڈال کے کھائین حب سکبینج (کندل) برص مین تنقیہ کیواسطے بجائے حب ایارج کے دیتے ہین ترکیب ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ صبر زرد انزروت سکبینج گوگل شحم حنظل ہر ایک پانچ جزو رائی صعتر فارسی کلونجی زیرہ کرمانی نمک طبرزد علک رومی ہر ایک ایک جزو گوگل و کندل کو آب گندنا مین حل کرکے لوہے کی کڑھائی مین رکھکے دھوپ مین رکھ دین باقی دوائین کوٹ چھانکے کالی مرچ کے برابر گولیان بنالین خوراک ایک مثقال حب دیگر ابن سیار نے ترتیب دی ہین اور انکا نام حب منضج رکھا ہے یہ ایک برص والے کے واسطے تجویز کی تھین جس نے چالیس روز مین شفا پائی ترکیب کلکلانج ایک جزو ایارج فیقرا دو جزو خربق نصف جزو سقمونیا ڈیڑھ جزو سب کو پیس کے گولیان بنالین خوراک تین درم ایضاً بابچی ایک تولہ ادرک کے پانی مین خوب کھرل کرکے گولیان بنائین ایک روزانہ کھائین اتنی مقدار مین جسقدر مزاج گوارہ کرے غذا مین پرہیز ہونا چاہیئے حب برائے برص مجرب الفاکی ہو ترکیب غاریقون تخم حنظل لرانیج تربد سفید رب السوس ہر ایک ایک جزو

مصطگی مغز حنظل بھنگ کنڈل موتی عود ہندی ہر ایک نیم جزو زعفران پوست بیخ کنیر جیتہ ہر ایک چوتھائی جزو آب کرفس مین گولیان بنائین حب سگ
برص کے واسطے مجرب حکیم منصور علی ترکیب پوست بیخ عشر چھ تولہ تخم دھتورہ تین تولہ سم الفار دو ماشہ سبکو سونٹھ کے پانی مین بھگو کے باجرہ کے برابر
گولیان بنائین ایک ایک گولی روزانہ کھائین ترشی سے پرہیز کرین سفوف کمیری بھی مجرب ہی حب ہندی اسکی مداومت سے برص زائل ہوتا ہی ترکیب بابچی
ابر ہفتسر پوست بیخ کٹومری یعنے جنگلی انجیر پوست بیخ نیب پوست شاخ نیب برگ نیب ہر ایک ایک پاؤ سبکو کوٹ چھان کے رکھین چوب کنیر ریزہ
ریزہ کرکے اٹھ گنا برادہ ڈالین اور جوش کرین جسوقت نصف پانی رہ جاے صاف کرکے دوائین اسمین خمیر کرین اور گولیان بنالین ایک ماشہ سے
دو ماشہ تک ہر روز کھائین غذا بے نمک کی روٹی اور تھوڑے دنون کے بعد سانٹھی چاولون کا خشکہ روغن گاؤ کیساتھ بابچی کو مدبر کرنیکا یہ طریقہ ہے کہ
بابچی کو سرخ گاے کے جسکا بچہ نہ ہوا ہو پیشاب مین تر کرین جب پیشاب خشک ہو جاے دوسرا ڈالدین بعد اکیس روز کے نکالین اور اوسکا چھلکا دور کرکے
سایہ مین خشک کرلین نسخہ دیگر برائے برص معمول ہی ترکیب گیرو ایک پاؤ بابچی آدھ سیر گندھک آملہ سار آدھ پاؤ تینون دواؤن کو جدا جدا پیس کے
پہلے گیرو کو چھ گھڑی باسی پانی مین کھرل کرین بعدہ بابچی ڈالکر ایک پہر تک پیسین پھر گندھک ڈالکے چار پہر تک کھرل کرین گولیان بناکے شبانہ روز شبنم اور دھوپ مین رکھین جزو رنگ ذات
پانی مین گھس کے لیپ کرین اگر اوسکے پانی مین گھس کے طلا کرین اولی ہی دوسرے نسخہ مین لکھا ہی کہ ایک گولی کھائین دوا کا وزن برابر ہی حب ابن حارث حکیم شریف خان
لکھتے ہین کہ والد ماجد و عم مرحوم بہق کیواسطے استعمال فرماتے تھے بہت نفع ہوتا تھا بلغمی بخارون بلغمی دردون بہق سفید و سیاہ تین خوراکون مین زائل
ہو جاتا ہی ترکیب پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ صبر زرد انزروت کنڈل گوگل شحم حنظل ہر ایک پانچ جزو رائی صعتر فارسی کلونجی زیرہ سیاہ نمک طبرزد
مصطگی رومی ہر ایک ایک جزو گوگل اور کنڈل کو گندنا کے عرق مین حل کرکے لوہے کے برتن مین دھوپ مین رکھدین باقی دوائین کوٹ چھان کے ملا دین
اور سیاہ مرچ کے برابر گولیان بنالین ہر صبح و شام ایک مثقال کھائین طعام زیرباج حب برائے چھیپ ترکیب نیلہ تھوتھہ سنکھیا سہاگہ بریان
ہر ایک ایک ماشہ آدھی رتی کے برابر گولیان بنائین اور صندل لیمو کے عرق مین گھس کے اور یہ گولی اسمین حل کرکے بہق سفید یا سیاہ پر پتلا لیپ کردین
اور ایک گھنٹہ کے بعد ٹھنڈے پانی سے دھو ڈالین حب برائے کلف برش ترکیب سنکھیا سفید ایک رتی چوکیہ سہاگہ تین ماشہ صندل سفید ایک تولہ
گلاب مین گھرا ہوا گولیان بنائین بقدر ضرورت گلاب مین گھس کے منھ پر ملین اور سوہے مین صبحکو گیہون کی بھوسی پانی مین جوش کرکے صاف کرین اور
اسی سے منھ دھوئین لیکن آنکھون کو اس پانی سے محفوظ رکھین حب حضرت نصیر الدین چراغ دہلوی قدس سرہ سے منقول ہی برائے سیاہی مو
اگر سفید ہو گئے ہون ترکیب گلو بیس درم سنبھالو بھنگرہ سفید ہر ایک آٹھ درم تخم بنولہ ہلیلہ بہیڑہ آملہ ہر ایک انیس درم پرانا گڑ دو سیر سب دوائین
باریک پیس کے کپڑے سے چھان لین قند ملا کے کوٹین خوب مل جاے تو تین سو ساٹھ گولیان بنالین ہر روز ایک گولی کھالین برائے علل شکم اور شہوت
کو ابھارنے مین بے عدیل ہی بصارت کو بڑھانے حافظہ کو قوت دینے اور رنگ صاف کرنے مین بے نظیر ہے حب سندروس مہزل بدن و مفید خفقان
مجرب حکیم عابد سرہندی ترکیب سندروس تین مثقال لک مغسول پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ کابلی ہر ایک ایک مثقال
زیرہ کرمانی دو درم نمک لاہوری ایک درم کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور مریض کے مزاج کو دیکھ کے استعمال کرائین حب شنگرف برائے سیاہ

ینے ہاتھ پانون مین پسینہ آنے کے واسطے ترکیب شنگرف مغز تخم ٹرویہ (یعنی مغز تخم بیٹھہ) ہرایک ایکدرم خرمہرہ زرد سوختہ تین درم فلفل گرد
پانچدرم کوٹ چھان کے دو درم کھٹی چوک ملاکے کالی مرچ کے برابر گولیان بنائین ایک حب صبح ایک شام کھائین ایضاً برائے پرسوت یعنی پسینہ
کی زیادتی دیجواسی جس سے غشی کی نوبت پہونچے ترکیب بچھناک مدبر طباشیر افیون سہاگہ شنگرف لونگ کالی مرچ پیپل عاقرقرحا مساوی
پہلے کالی مرچ کو معہ بچھناک کے شیرۂ برگ تنبول مصالحہ دار کے ہمراہ دو پہر تک کھرل کرین بعدہ کل دوائین کوٹ پیس کے ملائین اور کھرل
کرین جو کے برابر گولیان بنائین ایک یا دو گولیان حب حسن پانی مین دین ایضاً سیت و پرسوت تین دن مین دفع کرتی ہی ترکیب زہر مٹھا
ایکدرم نیکوفتہ گھی مین جلائین ایک لونگ کلاہدار چودہ عدد سیاہ مرچ بھی گھی مین جلائین جب سب جل جاے پیس کے موٹھ کے برابر گولیان بنائین
اور ایک گولی تین روز تک کھلائین مجرب ہی اگر ہاتھ پانون ٹھنڈے پڑجائین ایک گولی کھلائین ٹھیک ہوجائیگا اور اوسکا روغن تقویت
باہ و درد مفاصل مین کام آتا ہی حب برائے اکوتہ مجرب ہی ترکیب مردارسنگ پوست ہلیلۂ زرد آملہ آب نارسیدہ کتھہ سفید ہرایک ایکتولہ
نیلہ تھوتھہ چھ ماشہ پانی مین گولیان بنائین اور ضرورت کے وقت گھی مین گھس کے طلا کرین حب برائے ضربہ وسقطہ ترکیب بوکھرمول بچ
خراسانی زرد چوب ہالون لوٹہ سجی مسبدہ لکڑی ہرایک ایکدرم قند سیاہ چھ درم کوٹ چھان کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بناکے ایک گولی کھلائین ایک
طلا کرین اگر لودھ پٹھانی ملکنگنی گیرو سلیخہ صابون ہرایک ایکدرم ایلوہ ڈیڑھ درم بھی داخل کرکے پیسین اور چوٹ کی جگہہ پر نیمگرم لیپ کرین بہتر ہے
توعد مگر جسکا نام جوبر گولی ہی ترکیب ہالون ہلدی دارہلد بوکھرمول ملیٹھی پٹھانی لودہ ہرایک ایکدام نسوت نیمدام سبکو کوٹ چھان کے پانی مین جنگلی
بیر کے برابر گولیان بنائین ایک گولی صبحکو حلوہ مین لپیٹکے کھائین اور ایک شام کو اسی طرح رات کے وقت کچلہ پانی مین بھگو کے اُسی مین
گولی کو گھس کے چوٹ اور سوجن پر لیپ کرین ایضاً ضربہ وسقطہ و درد کمر و بندگاہ کیواسطے نافع ہی ترکیب گوند سہجنہ کو گاے کے گھی
مین بریان کرکے تھوڑی سی سونٹھ اور ہلدی ملاکے قند سیاہ مین کوٹین اور تین چار درم کھائین حب دیگر ضربہ کیواسطے بہت مفید ہے حیض بند ہونیکے
واسطے بھی مفید ہے ترکیب گیہون جلائین کہ خاک ہونیکی حد تک نہ پہونچے سنگچا ہے اسکے برابر قند سیاہ ملاکے خوب کوٹین تھوڑا سا گھی طرح اوس گولیان بناکے ایک گولی کھائین
دو تین روز مین درد و تکلیف بالکل دور ہوجائیگی اور اس گولی کا موسیاے ہندی نام ہی ایضاً نافع ضربہ وسقطہ ترکیب برگ پیپل اکیس عدد پیس کے باہم
قند سیاہ کہنہ ملاکے گولیان بنائین اور سات خوراکین بنائین حب الخیار بلغمی مین بجد مفید ہی ترکیب پوست ہلیلۂ زرد تربد موصوف غاریقون
ہرایک ایکجزو مصطگی کتیرا ہرایک چوتھائی جزو کوٹ چھان کے ایک مثقال روزانہ عرق بادیان نیمگرم کے ہمراہ دین حب مجرب النفع برائے سم مار
ترکیب فلفل سیاہ مغز جاگوٹہ ہرایک بیس دانگ کافور بھیم سینی ایک ٹانک کوٹ چھان کے لیمو کی عرق مین کھرل کرکے ایکسو دس گولیان
بنائین اور مار گزیدہ کو دو تین گولیان کھلائین اگر بیہوش ہو ایک گولی عرق لیمو مین پیس کے آنکھ مین ڈالین اور بعض کہتے ہین یافوخ شرطیہ
رکھین اور گرم پانی سے دھارین جسوقت خون آنے لگے مذکورہ گولی گھس کے طلا کرین جب ہوش آجاے دو ایک گولی کھلادین حب
دافع زہر عقرب ترکیب انگوزہ ننخ شیرۂ ترنج مین پیس کے گولیان بنائین اور ضرورت کیوقت گھس کے جس مقام پر بچھو نے کاٹا ہو لیپ کرین

دوسری فصل حسوات کے بیان مین ۔ حسو معمول برائے تقویت دماغ وتولید منی اور نافع نزلہ ہو ترکیب مغز بادام مقشر دو تولہ
پنبہ دانہ (بنولہ) ایک تولہ تخم خشخاش سفید ایک مثقال مغز تخم کدوے شیرین دو درم برنج سفید ایک تولہ مصری چار تولہ روغن گاؤ ایک تولہ بدستور
حریرہ کرین اور اگر بجاے پانی کے عرق بید مشک وعرق گاؤزبان ملائین بہتر ہو کبھی مغز پنبہ دانہ نہین بھی ڈالتے ہین نوع دیگر برائے صداع ضعف
دماغی وبخاری ترکیب سبوس گندم آدھ پاؤ رات کو پانی مین بھگودین صبح کو مل کے صاف کرین مغز بادام مقشر آٹھ دانہ قدرے خشخاش ونشاستہ
وقند سفید چار درم پانی مین پیس کے آمیز کرین اور جوش دین جب پک جاے گلاب چار تولہ دانہ الائچی چھ ماشہ زعفران چار رتی مشک ایک رتی
پیس کے ڈالین پھر کسیقدر جوش دین تاکہ مثل حریرہ کے ہوجاے آگ سے اُتار کے سرد کرین اور کھائین اگر ضرورت ہو شیرہ کشنیز خشک
شیرہ کاہو شیرہ مغز تخم کدو زیادہ کرین حریرہ مختصر مقوی دماغ ولذیذ ترکیب مغز بادام دس دانہ تخم خشخاش چھ ماشہ مسلہ نبات سفید
ہر ایک دو تولہ بدستور حریرہ بنائین ایضاً نافع صداع کہ ضعف دماغ سے ہو خلاصۃ العلاج سے ترکیب شیرہ خشخاش دس درم مغز
نارجیل پانچ درم سونٹھ ڈھائی درم نشاستہ دس درم شیر مادہ گاؤ ایک رطل مین جوش کرین اور حریرہ بنا کے پیئین حریرہ مقوی دماغ نافع
سعدہ د:وار و منقبد مجوابی ترکیب مغز بادام گیارہ عدد مغز حب القطن پانچ ماشہ دانہ خشخاش سفید پانچ ماشہ کشنیز خشک مقشر تین ماشہ پہلے
سبوس گندم تین تولہ پانی مین مل اور صاف کرکے ادرنہ کورہ دواؤن کا شیرہ نکال کے صاف کرین ایکتولہ مصری ملاکے آگ پر چڑھا دین جب
کسیقدر گاڑھا ہوجاے سرد کرکے پیئین ایک ہفتہ مین دماغ کو پوری تقویت دیگا حریرہ معمول برائے تقویت دماغ ونزلہ ترکیب خشخاش
سفید چھ ماشہ مغز بادام مقشر سات دانہ نشاستہ چھ ماشہ سب کا شیرہ نکال کے مصری دو تولہ داخل کرین اور نرم آگ پر چڑھائے حریرہ بنالین
کبھی ایک ماشہ زعفران بھی ملادیتے ہین اور بخارات کے چڑھنے کے واسطے سات ماشہ دھنیا بڑھا دیتے ہین نوع دیگر حریرہ مفید نزلہ ترکیب
گیہون کی بھوسی دو مٹھی پانی مین ڈال کے اوسکا دودھ نکالین شیرہ مغز بادام مقشر پندرہ عدد مغز بنولہ دو مثقال تخم قرطم وخربزہ ہر ایک دو تولہ
عرق کیوڑہ نو تولہ مین روغن گاؤ چار تولہ مصری سات تولہ ملاکے بدستور مقرر حریرہ بنائین ایضاً برائے ریزش نزلہ کہ ضعف دماغ سے ہوتا ہے ترکیب
مغز بادام گیارہ عدد مغز تخم کدو مغز تخم باقلا ہر ایک چھ ماشہ نشاستہ ایکتولہ خشخاش نو ماشہ مصری تین تولہ بدستور حریرہ بنالین نوع دیگر برائے
نزلات ترکیب مغز تخم خربزہ تخم خشخاش کشنیز خشک مغز بادام مقشر ہر ایک پانچ مثقال سب کا عرق بید مشک عرق گاؤزبان مین شیرہ
نکالین مصری ساڑھے سات مثقال کتیرا نشاستہ ببول کا گوند بارتنگ تخم ریحان ہر ایک چار دانگ پیس کے بڑھائین اور پکائین پھر کام مین
لائین کبھی مغز تخم مرو کوفتہ ایک مثقال دیا ہو تو شربت نیلوفر ہر ایک پانچ مثقال بھی داخل کرتے ہین حریرہ ضعف دماغ مین معمول اور مدرنزلی
مین مستعمل ہو ترکیب تخم خشخاش نشاستہ ہر ایک چار ماشہ مغز بادام چار عدد مغز پنبہ دانہ کشنیز خشک ہر ایک دو ماشہ دانہ الائچی ایک ماشہ مصری اور
گھی بقدر ضرورت بدستور حریرہ بنائین حسو نافع بحت الصوت (آواز بڑ جانا) ترکیب عناب انجیر ہر ایک پانچ عدد سپستان دس دانہ تخم مرو
تخم ریحان بہدانہ کوفتہ ہر ایک نیم مثقال مصری اسقدر جسمین مٹھاس ہوجاے فالودہ کی طرح پکائین اور نیم گرم کھائین حریرہ نافع ربو، نزلی

ترکیب سبوس گندم آدھ پاؤ آدھ سیر پانی مین جوش کرین جب نصف رہ جاے صاف کرکے مغز بادام شیرین سات عدد مغز تخم کدو شیرین سات ماشہ
پیس کے اُسمین ملائین گاے کا گھی پانچ ماشہ داغ کرکے مصری سے میٹھا کرین اور وقت خواب نیمگرم پیا کرین حسود سُرخ منضج مادہ سعال و نافع سرفہ خشک
ترکیب سبوس گندم آدھ پاؤ دو پہر تک پانی مین تر کرین صاف کرکے آرد باقلا تین اوقیہ نشاستہ ایک اوقیہ شکر سفید دو اوقیہ فانیذ ایک اوقیہ کتیرا
مسحوق دو درم عرق بید مشک تیس درم ان میں کے عوض باقلا و نشاستہ و کتیرا داخل کرین اور نیمگرم پئین سرفہ و تسمین بدن و تقویت باہ کے واسطے بھی مفید ہے
حریرہ سرفہ نزلی و سرفہ خشک و نزلہ ہوائی عفونت سے عام ہو اور اپنی شدت سے قے اور ضعف کا باعث ہو بچے ہلاک ہوجاتے ہون نافع ہے ترکیب ملیٹھی
مقشر دو مثقال سپستان تیس دانہ پوست خشخاش ایکدرم تینون کو کوٹ کے ڈیڑھ سیر پانی مین رات کیوقت بھگو دے صبحکو جوش کرکے جب سوا سیر
پانی رہ جاے صاف کرکے مصری دس درم نشاستہ دو درم ڈال کے حریرہ پکالین سونٹھ ایکدرم پیس کے ملادین اور گرما گرم مثل قہوہ کے پئین تین دن مین جسقدر
سرفہ ہوگا زائل ہوجایگا اگر مریض نادان ہو اوس کے واسطے اسیقدر دوائین کم کردین حریرہ ذات الجنب بلغمی کے لیے تنقیح کیواسطے معین اور نفث الدم کے لیے
مفید و جع کیواسطے مسکن ہے ترکیب مغز تخم خیارین مغز تخم کدو تخم خشخاش مغز بادام مقشر پانی مین شیرہ نکال کے شکر سفید و روغن بادام شیرین کے ہمراہ پکائین
تاکہ مثل حریرہ کے ہوجاے پھر نوش کرین حریرہ جس سے دودھ زیادہ ہوتا ہے ترکیب زیرہ سفید ساٹھی چاول بھانی لودھ ہر ایک آٹھ ماشہ باریک پیس کے ڈیڑھ پاؤ
گاے کے دودھ مین حریرہ بنائین اور نوش کرین حسود عورتون کا دودھ بڑھانے کے واسطے ترکیب نشاستہ دو تولہ تازہ دودھ آدھ سیر مین حل کرکے
شیرہ برنج شیرہ مغز بادام شیرہ مغز پنبہ دانہ شیرہ خسکدانہ شیرہ مغز چلغوزہ ہر ایک ایک تولہ شیرہ بادیان شیرہ دانہ الائچی خورد ہر ایک سات ماشہ شیرہ تخم شبت
چھ ماشہ شیرہ تودری گلگون ایک تولہ نبات سفید ترنجبین اسقدر ضرورت تھوڑی آگ پر جوش کرین اور سرد کرکے پئین غذا ایک وقت کی یہی ہوگی اور حکیم تقرنجان
کے نسخہ مین شیرہ مغز الخلک شیرہ مغز تخم خربزہ شیرہ مغز تخم خیارین ہر ایک دو تولہ شیرہ مغز چقندر چھ ماشہ گلاب تین تولہ بھی داخل ہے حسود برائے پیچش خونی و
بادی اور بواسیر ترکیب صمغ عربی تین ماشہ نشاستہ روغن بادام ہر ایک ایک تولہ بارتنگ خوشبودار سات ماشہ تھوڑی سی مصری اور شربت انجبار کے ہمراہ
حریرہ بنائین حریرہ سفید و رد شکم و دافع قبض معمول ترکیب مغز تخم معصفر ایک تولہ ایک پاؤ عرق بادیان مین پیس کے دو تولہ گلقند اُسمین مل کے صاف
کرین اور حریرہ کیطرح اُسے پکاکے تین دن تک پئین حریرہ مجرب کلیہ مین دیا جاتا ہے ترکیب نبات سفید پندرہ درم تل بریان کیے ہوے دس درم آرد
کرسنہ تین درم حسب دستور حریرہ بنائین اور اُسمین روغن بادام شیرین زیادہ کرین حسود مقوی باہ و دماغ و مولد منی اگر جماع کے بعد پیا جاے تو کبھی ضعف
نہ ہوگا جسقدر منی خارج ہوگی اُسیقدر پیدا ہوگی ترکیب مغز بادام مقشر مغز تخم معصفر مغز پنبہ دانہ ہر ایک دس مثقال تخم خشخاش ایک مثقال بہمن سفید
تودری سفید ثعلب مصری ہر ایک دو درم سونٹھ نصف مثقال گلاب گاے کا دودھ ہر ایک آدھ پاؤ مصری چار تولہ مغزیات و خشخاش کا شیرہ گلاب و
گاے کے دودھ مین نکالین صاف کرکے پکائین جسوقت گاڑھا ہوجاے مصری اور دوائین آخری جوش مین ملادین اور آگ سے اُتارلین سرد کرکے
پئین ایضاً حریرہ عجیب الفعل ہے ترکیب ثعلب مصری تخم گزر ہر ایک دو ماشہ پاؤ بھر بھینس کے دودھ مین جوش دین جسوقت مثل حریرہ کے
ہوجاے آگ سے اُتار کے دارچینی سونٹھ شقاقل مصری بہمن سفید و بہمن سرخ خولنجان ہر ایک چار رتی باریک پیس کے نبات سفید دو تولہ ملاکے

پئیں حریرہ مقوی باہ تالیف حکیم شریف خان ترکیب مغز بادام مغز فندق ہر ایک بیس دانہ نشاستہ دو تولہ تینوں کا پانی میں شیرہ نکال کے تھوڑی آگ پر پکائیں نبات بقدر حاجت اور تھوڑا سا مسکہ پکنے وقت ملائیں اور آگ کے اوپر سے اُتارنے کے پہلے ثعلب مصری اور شقاقل مصری بہمن سفید ہر ایک دو ماشہ خوب پیس کے داخل کریں یا تینوں کا شیرہ نکال کے اُسی شیرہ کیساتھ پکائیں اور استعمال کریں حریرہ ہندوستان والے بچہ پیدا ہونے کے بعد عورتوں کو پلاتے ہیں ترکیب روغن زرد ایک پاؤ خوب داغ کریں اور پاؤ بھر میدہ ملا کے خوب بھونیں اوسوقت ڈیڑھ پاؤ گڑ کا شربت بنا کے ملائیں اور برتن میں ہلاتے رہیں جب اسقدر گاڑھا پن آجاے کہ اُس سے بو بھوٹنے لگے تو آگ کے اوپر سے اُتارلیں اور گرم دوائیں مثل فلفل دراز و فلفل موبہ و زنجبیل وغیرہ ہر ایک ایک سیر شاہی کوٹ کے اضافہ کریں اور کام میں لائیں حسو نافع براے سمن ترکیب چنے جو دودھ میں بھگو کے خشک کرلیے گئے ہوں چانول اور جو مقشر ہر ایک تیس درم خبز سمید خشک کی ہوئی ساٹھ درم سب کو کھرل کرنے کے بعد ملادیں اور تیس درم لیکے تازہ دودھ میں حریرہ بنائیں اور حمام سے باہر نکلنے کے بعد پئیں

تیسری فصل حلووں کے بیان میں ۔ حلوہ نافع اقسام مالیخولیا و یبس بدن و مدقوق و مسلول ترکیب شکر سفید تازہ مسکہ بادام کا تیل تخم خشخاش تخم خرفہ مقشر مغز تخم کدوے شیرین نشاستہ ہر ایک مناسب وزن لیکے حلوہ بنائیں اگر ممانعت نہ ہو اور چاہیں کہ خوشبودار ہوجاے تو تھوڑا تھوڑا مشک و عنبر و زعفران ملادیں حلوہ مقوی بصر و دماغ و دفع نزلات بزرگی سے منقول ہے ترکیب کشنیز خشک تخم بادیان تخم خشخاش سفید مغز بادام شیرین ہر ایک آدھ پاؤ دارچینی ایک تولہ کالی مرچ ایک چھٹانک روغن زرد تین پاؤ شکر سفید ایک سیر چاہیے کہ کل چیزوں کو علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کے وزن کریں سواے مغز بادام و تخم خشخاش کے اور ان دونوں کو باریک کر کے ملادیں پھر شکر سفید روغن مذکور کو گرم کر کے گرم ہوا میں اُسمیں آمیز کر کے تین تین تولہ روزانہ کھائیں مجرب ہے حلوہ اسکا باندھنا القوہ میں مجرب ہے ترکیب آرد گندم روغن زرد قند سیاہ برابر تھوڑی سی دارچینی جوز بوا لونگ پیس کے ملا کے باندھ دیں حلوہ ضیق ضیق النفس دور کرنے میں مجرب ہے نبیرہ سید عبدالرزاق صاحب بالنسوی ترکیب دو انڈوں کی زردی ایک تولہ پارہ دونوں کو ایک انڈے کے چھلکے میں رکھ کے دوسرے انڈے کے چھلکے کو اُسکا سرپوش بنائیں جسقدر حلوہ بنانا ہو گیہوں کا میدہ اور گھی ہموزن بریان کریں اسقدر کہ سخت نہ ہونے پاے بعدہ آگ سے اُتار کے ٹھنڈا کریں اور پارہ نکال کے رکھ چھوڑیں اور میدہ و زردی مذکور کو مل کے میدہ اور گھی کے برابر شکر اُسمیں ملا کے حلوا تیار کریں ہر سال سات روز تک کھائیں کہ مقوی و مسہی ہے حلواے بیدانجیر جسکو قولنج کی عادت پڑ گئی ہو چاہیے کہ اسے استعمال کرے ترکیب مغز تخم بیدانجیر شکر برابر مغز تخم بیدانجیر گاے کے دودھ میں جو دواؤں سے جوگنا ہو پیس کے اور صاف کر کے آگ پر چڑھادیں تا کہ کھوے کیطرح ہوجاے پھر شکر ملا کے حلوہ بنائیں خوراک ایک تولہ بعضے اسمیں تھوڑی سی سونٹھ بھی ملادیتے ہیں حلوہ جسکا نام شیر مرغ ہے مقوی گردہ و باہ ترکیب شیر خالص ایک سیر انڈے کی زردی پانچ نبات سفید آدھ پاؤ مشک تبتی ایک ماشہ عنبر اشہب دو ماشہ گلاب تبریزی دو تولہ دودھ کو جوش کریں یہانتک کہ تین حصہ کم ہوجاے مصری پیس کے ملادیں پھر جوش کریں تا کہ حریرہ کا قوام ہوجاے اُسوقت انڈے کی زردیاں خوب پھینٹ کے مشک و عنبر کو گلاب میں کھرل کر کے زردی میں ملائیں اور دودھ میں ڈالدیں اسکے بعد خوب

پکائین تاکہ کھوے کی طرح قوام ہوجاے اور گولیان بنائی جائین حلوہ تسمین گردہ اور بوے جسم و باہ کی تقویت کے واسطے مجرب حکیم عابد سرہندی
کہتے ہین کہ اس بارہ مین اسکا مثل نہین دیکھا گیا ترکیب تودری سرخ تودری سفید تخم خشخاش سفید ہر ایک ڈیڑھ درم حب السمنہ بوزیدان جوز بندم
حب قلقل ہر ایک نیمدرم زعفران پانچدرم مغز بادام مقشر ایک رطل مغز فندق نیم رطل مغز نارجیل پانچ سیر چاول کا آٹا ایک رطل شہد خالص
فانیذ نصف رطل شکر سفید نصف رطل روغن کنجد یا روغن گاؤ آدھ پاؤ آرد باقلا آرد نخود ہر ایک پانچ استار شکر و شہد کا قوام بنا کے اتارلین اور دوائین معہ لبوب کے
ملادین زعفران کو گلاب مین حل کرکے داخل کرین اگر چاہین تو آٹے گھی مین بریان کرلین اور شکر حلوہ کیطرح پکا کے تیار کرین مغزبات کو کھرل کرکے
زیادہ کرین آخر مین زعفران و مشک و دوسری افادیہ آمیز کرین خوراک پانچدرم دودھ کے ساتھ یا بغیر دودھ کے صبحکے وقت استعمال کرین
حلواے بیضہ لذیذ و مقوی باہ و مولد خون صالح ترکیب بیضۂ مرغ گیارہ عدد روغن زرد فانیذ نبات ہر یک آدھ سیر مشک خالص ایک ماشہ زعفران
دو ماشہ انڈے توڑ کے چینی کے برتن مین خوب پھینٹین تاکہ سفیدی و زردی ایک ہوجاے اسکے بعد گھی ملاکے پھینٹین پھر فانیذ ملاکے پھینٹین کہ
خوب مل جاے بعدہ آگ پر چڑھائین کہ تار بندھنے لگے اور قاشق مین حرکت ہو جسوقت گھی کھل جاے پہلے زعفران پھر مشک گلاب مین
حل کی ہوئی ڈال کے اتارلین نوع دیگر براے تقویت باہ معمول ہی ترکیب تخم بلیون پانچ اوقیہ ایک سیر پانی مین جوش کرین جب دو اوقیہ
رہ جاے آگ کے اوپر سے اُتار کے صاف کرین اور ایکسو انڈے کی زردیان اُس پانی مین حل کرکے شکر سرخ چار اوقیہ اُسمین ڈال کے روغن
بادام ایک چھٹانک گرم کرکے اُسمین ڈالدین اور حلوہ کے طور پر بنالین سات حصے کرکے ایک حصہ روزانہ کھائین حلواے گزر مخترع حکیم اندانی
تقویت باہ تولید منی و تسمین بدن و درد کمر و ضعف گردہ و مثانہ مین مجرب ہی ترکیب زردک سُرخ رنگ شیرین چھلکا اور ہڈی نکال کے ایک سیر خرما
پر مغز گٹھلی نکال کے آدھ سیر دونون کو گاے کے دودھ مین پکائین جب گل جاے تو لکڑی کے ہاون مین خوب کوٹین کہ باریک ہوجاے بعد اسکے چنے کا بھنا ہوا
آٹا گیہون کا میدہ ہر ایک پندرہ درم تھوڑے سے گھی مین بریان کرین اور قند سفید ایک سیر شہد خالص آدھ سیر پانی مین حل کرکے صاف کرین اور سب
ڈالین اور پکائین تاکہ قوام آجاے پھر گاجر اور چھوارے مدقوق ملاکے دو تین جوشون کے بعد آگ سے اُتارلین اور بیضۂ مرغ کی زردی کو پانی مین جوش
دیکے بیسن داخل کردین سب کو اچھی طرح آمیز کرین اسکے بعد مغز فندق مغز بادام شیرین مغز پستہ مغز جوز مغز چلغوزہ مغز نارجیل ہر ایک دس درم ثعلب مصری
کشن خرما خشک عربی دارچینی سونٹھ خولنجان ہر ایک تین درم زعفران مشک خالص ہر ایک ایکدرم باریک کرکے ملادین اور ہر روز معجون دس درم
پاؤ بھر دودھ کے ہمراہ کھائین اگر مغز سر کنجشک نر خانگی چالیس عدد زردی بیضۂ مرغ کے عوض مین ڈالین تو اولیٰ ہی نوع دیگر معمول راقم کہ بحد کھانے
مین لذیذ ہی ترکیب مغز تخم تربز مغز تخم خربزہ مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین دارچینی قلمی مغز بادام مغز پستہ خرما ہر ایک چار تولہ ثعلب مصری آدھ پاؤ
گاجر دس سیر روغن مادہ گاؤ تین پاؤ شکر سفید آدھ سیر گلاب بقدر حاجت پہلے گاجر کا چھلکا چھیل کے جوش دین بعد اُسکے اندر کی ہڈی نکالڈالین اور
ہاتھون سے مل کے باریک کپڑے سے چھان لین پھر اُس گاجر کو گھی مین بھونین یہانتک کہ سُرخ ہوجاے اور ذرا بھی اُسمین پانی کا لگاؤ نہ رہے پھر
شکر ڈال کے قوام کرین بعدہ مغزیات وغیرہ اجزا پیس کے ڈالدین اور چمچہ سے چلاتے رہین بقدر چار تولہ کھانا چاہیے ترشی اور بادی سے پرہیز کرین

اگر سیقدر زعفران و مشک ملادین تو اولی تر ہی حلوا مقوی باہ و گردہ و مثانہ و مغلظ منی و دافع سرعت انزال ہے ترکیب ترنجبین خراسانی نبات سفید ہر یک نو تولہ شہد خالص اٹھارہ تولہ دو سیر گاے کے دودھ مین ملاکے گرم کرین اور صاف کرکے مثل کھوے کے کرلین پھر بہمن سرخ بہمن سفید مغز تخم کونچ ایک ایک تولہ شقاقل مصری ستاور مغز بادام مغز چلغوزہ مغز پستہ ہر ایک تین تولہ ترکچور جوتری ہر ایک چھ ماشہ زعفران دو ماشہ سفوف کرکے ملادین حلواے اُرد لیعنے ماش براے تغلیظ و انجماد منی ترکیب دال ماش دھوئی ہوئی اوسکو گاے کے تازہ دودھ مین تر کرین جب دودھ جذب ہوجاے سایہ مین خشک کرلین موصلی سفید و تخم تمر ہندی ہر ایک بھوبجے کے بھاڑے مین بھون کے مقشر کرلین اور سنگھاڑے کا آٹا چار دن کا سفوف باہم ملالین اور ہر صبح دو دام لیکے دو درم گھی اور دو درم شکر سفید مین بدستور حلوہ بناکے ہر روز تازہ چندروز تک استعمال کرین حلواے خستہ تمر ہندی محکم کرنیوالا پشت کا اور گردہ و دو معدہ کو دفع کرنیوالا اور مغلظ منی ہے ترکیب تخم تمر ہندی صمغ بلاس و نشاستہ ہر ایک ایک تولہ نبات سرخ تین تولہ روغن زرد چار تولہ پہلے نشاستہ کو گھی مین ڈال کے بریان کرین پھر املی کے بیج اور گوندکو باریک پیس کے ڈالین اور مصری کو پانی مین گھول کے ملادین جب حلوہ بن جاے کھائین تین پہر تک بلکہ پانچ دن تک یہی عمل کرین اور وزن دوا اُن کا حسب مزاج کم و زیادہ کیا جا سکتا ہے حلواے صبر وجع مفاصل کہنہ کے واسطے مجرب ہے ترکیب مغز صبر تر ایک سیر بریان کیا ہوا مایہ صبر اور دودھ کو اوسمین ڈالین بعدہ شکر سفید دو سیر تھوڑے پانی مین گھول کے اوسمین ڈالدین بدستور حلوہ بنائین اُسکے اوپر سے لونگ اجوائن دانہ الائچی کلان پیس کے چھڑک دین اور دو تولہ روزانہ کھائین حلوا اسمین بدن و مقوی و مبہی ترکیب چھوارہ گٹھلی نکال کے آدھ سیر ایک سیر پختہ گاے کے دودھ مین بھگو دین اوسمین سیر ایک ایک پاؤ گاے کے گھی مین بھون کے شکر سفید تین پاؤ پانی مین گھول کے ملائین جسوقت پک جاے مغز بادام مغز فندق مغز چلغوزہ

مغز پستہ مغز چہار مغز ہر ایک ایک چھٹانک کوٹکے آمیز کرین

چوتھی فصل حقنون کے بیان مین۔ حقنہ سرسام حار صفراوی و حمرہ مین مستعمل ہے ترکیب آب کشک شعیر دو اوقیہ لعاب بذر قطونا ایک اوقیہ روغن بادام شیرین روغن کدوے شیرین ہر ایک ایک اوقیہ سب کو اکٹھا کرکے خوب ملائین اور بدستور عمل دین حقنہ لین سرسام گرم مین آٹھوین دن دیا جاتا ہے ترکیب جو مقشر نیکوفتہ بیس درم بنفشہ پانچدرم سپستان تیس عدد عناب دس عدد تین رطل پانی مین جوش کرین تاکہ ایک رطل پانی رہ جاے اوسمین سے آدھا رطل پانی لے کے اور صاف کرکے دس درم مغز فلوس حل کردین اور صاف کرکے روغن بنفشہ ایک اوقیہ نمک پسا ہوا ڈیڑھ درم بڑھاکے حقنہ کرین اور جس جگہ عمل یا مسہل کا گمان نہ ہو اور طبیعت مین قبض ہو تخم خطمی و بورہ ارمنی و شکر سرخ کا شیاف بناکے دیدین حقنہ لیثرغش کے واسطے کثیر النفع ہے ترکیب شحم حنظل قرطم نیکوفتہ کتان تخم انجرہ بوست بیخ کبر فو دبیخ دشتی ہر ایک ایک مٹھی تین رطل پانی مین پکائین جب ایک رطل رہ جاے صاف کرکے اوسمین سے آدھا رطل لے کے نصف اوقیہ زیت کے ساتھ عمل دین حقنہ حادہ علویخان لیثرغش وغیرہ امراض بلغمی مین دیا جاتا ہے ترکیب برگ چقندر برگ کلم برگ کرفس ہر ایک تولہ سبوس گندم ایک مٹھی بسفائج بادرنجبویہ اسطوخودوس قنطوریون دقیق گاؤزبان زوفاے خشک تربد سفید اکلیل الملک شحم حنظل عنب الثعلب پرسیاوشان بیخ کبر بیخ کرفس بیخ بادیان

بنجکاسنی بیخ مہک تخم خرپزہ جاشا گل خطمی بنفشہ تخم خبازی اذخر افسنتین حلبہ کمافیطوس کمازریوس سورنجان شیرین ہر ایک دو مثقال انجیر زرد عناب
سپستان اصفہانی ہر ایک دس عدد مویز منقی سپستان ہر ایک چالیس عدد سنا مکی چار مثقال سب کو ڈیڑھ من تبریزی عرق بادرنجبویہ مین جوش کرین کہ
نصف رہ جاے مل کے صاف کرین خیارشنبر سپیدہ مثقال شیرخشت ترنجبین گلقند عسلی ہر ایک دس مثقال مل کے ایکامہ رقیق و روغن گل و بابونہ
ہر ایک دس مثقال روغن بید انجیر دنار دین و بادام تلخ ہر ایک چار مثقال ریوند خطائی ایکدرم بورہ ارمنی و نمک طعام و نمک ہندی ہر ایک ایک مثقال
پیس کے سردارو بنا کے کام مین لائین حقنہ سکتہ بلغمی مین مستعمل ہے ترکیب بابونہ ناخونہ جاشا برنجاسف جعدہ و سک و شبت و قنطوریون
ہر ایک ایک مٹھی عاقرقرحا قثاء الحمار خربق سفید و سیاہ حنظل ہر ایک تین درم عرطنیثا سداب خشک ہر ایک چار درم تخم بید انجیر کوٹ کے پانچ
درم اجوائن کرفس ہر ایک دس درم سبکو پانچ رطل پانی مین جوش کرین جب ایک رطل رہ جاے صاف کرکے نصف رطل مین سکبینج چار و شیر مقل
ہر ایک نیمدرم بورہ ارمنی دو درم روغن ناردین روغن زنبق روغن قسط ہر ایک ایک اوقیہ داخل کرکے استعمال کرین حقنہ برائے خناق ترکیب اگر
خناق حار ہو بابونہ بنفشہ جو مقشر سپستان تخم خطمی فانیذ روغن بنفشہ و اگر خناق بلغمی ہو بابونہ ناخونہ شبت سبوس گندم انجیرہ بورہ ارمنی روغن کنجد
نمک شکر سرخ بطریق معمول عمل دین ایضاً برائے خناق سوداوی ترکیب سنا مکی پانچدرم قنطوریون دقیق تربد سفید ہر ایک دو درم عناب سپستان
انجیر زرد ہر ایک دس دانہ مویز منقی دس درم ناخونہ ایک مٹھی بادیان مرزنجوش ہر ایک دس درم سب کو تین رطل پانی مین پکائین جب نصف رہ جاے
فلوس خیارشنبر سپیدہ درم ایکامہ دس درم روغن زیت روغن یاسمین ہر ایک دس درم بورہ ارمنی نصف درم شحم حنظل چوتھائی درم ملا کے کام مین لائین
حقنہ برائے زحیر صادق مجرب انطاکی ترکیب گل سرخ گل بنفشہ ہر ایک سات درم تخم خبازی تخم خطمی دخاخساک و حلبہ ہر ایک پانچدرم تخم کاسنی
تین درم عناب لقہ نصف مجموع کوٹ کے تین رطل پانی مین پکائین جب نصف رہ جاے اٹھارہ درم خیارشنبر دس درم شکر سفید سات درم روغن
بادام ملا کے استعمال کرین حقنہ دیگر برائے زحیر بلغمی ترکیب اذخر سداب قنطوریون ہر ایک دس درم اسارون زنجبیل خطمی حلبہ ہر ایک سات درم تخم
جزر تخم شلغم انیسون ہر ایک پانچدرم تربد سفید چار درم تین رطل پانی مین جوش دین تہائی رہ جانے پر صاف کرکے مغز فلوس خیارشنبر و روغن زیت و عسل
ہر ایک دو اوقیہ ملا کے استعمال کرین حقنہ سحج و قرحہ امعا مین تسکین دیتا ہے درد مین کمی اور قرحہ کو مندمل کرتا ہے شدت مغص کی صورت مین اور درد مین
دیا جاتا ہے ترکیب چاول جو کا آٹا مسور مقشر ہر ایک پندرہ درم حب الآس پوست انار ترش ہر ایک پانچدرم سب کو تین رطل پانی مین پکائین جب ایک
رطل رہ جاے صاف کر ڈالین صمغ عربی کافور سودہ گل ارمنی گل قبرسی ہر ایک ایکدرم سفیداب قلعی دم الاخوین اقاقیا ہر ایک نیمدرم زردہ تخم مرغ سر کرکم
مین جوش کیے ہوے دو عدد چربی گردہ بز پگھلائی اور صاف کی ہوئی دو درم سبکو کوٹ کے باریک کپڑہ سے چھان کے گیارہ انڈے اور پگھلائی ہوئی چربی
ہاون دستہ مین ڈال کے پیسین تاکہ سب مخلوط ہو جائین برنج مذکور کے پانی مین ڈالدین اور نیمگرم حقنہ کرین اسی طرح دوبار عمل کرین کہ نہایت مفید ہے
حقنہ قولنج مین مستعمل ہے ترکیب قنطوریون باریک دو درم بنفشہ انیسون نیلوفر گاوزبان بادیان پوست بیخ بادیان تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی عنب الثعلب
تخم شبت اسطوخودوس لبسفائج فستقی نیم کوفتہ پرسیاوشان ہر ایک تین درم سنا مکی پانچدرم حلبہ اکلیل الملک برنجاسف سبوس گندم بابونہ ہر ایک ایک

مٹھی برگ چقندر برگ خطمی ہر ایک ایک مٹھی سب کو پانچ رطل پانی میں جوش کریں جب ڈیڑھ رطل رہ جاوے صاف کر کے نمک طعام دو دانگ غاریقون چھلنی
میں چھان کے نیم درم مغز خیار شنبر ترنجبین شیر خشت شکر سرخ آبکامہ روغن بنفشہ روغن گل بنفشہ ہر ایک دو مثقال اسمیں حل کر کے عمل میں حقنہ بجائے تپ غشی
وصفراوی مجرب انطاکی ترکیب تخم خطمی گل سرخ بنفشہ ہر ایک آدھ اوقیہ تخم شاہترہ وکاسنی وخبازی وسپستان وعناب ہر ایک نیم اوقیہ سبوس گندم رب السوس
پاک کیا ہوا ہر ایک چوتھائی اوقیہ جوش اور صاف کر کے آب بقلہ وروغن کنجد ہر ایک تین اوقیہ ترنجبین ڈیڑھ اوقیہ حقنہ کریں اور مکرر عمل کریں حقنہ برائے
تپ بلغمی مجرب انطاکی ترکیب تخم خطمی سنا مکی ہر ایک ایک اوقیہ عناب سپستان تربد سفید اذخر ہر ایک نصف اوقیہ تخم کاسنی رب السوس ہر ایک تین درم
تخم حنظل بادآورد تخم کرفس ہر ایک ایک درم ہمراہ چقندر دیا جیبلکا ئیں اور نیم گرم اسکا عمل دیں تھوڑا سا زیت روغن کنجد اور مکرر عمل دیں اگر برداشت کی قوت ہو

پانچویں فصل حمولات کے بیان میں۔ حمول استسقاء طبلی میں اخراج ریاح کے واسطے مستعمل ہے ترکیب بورہ ارمنی سداب خشک
باریک پیس کے شہد میں ملائیں اور روئی اوسمیں تر کر کے مقعد میں رکھیں نوع دیگر برائے زحیر مجرب ہے ترکیب انڈے کی زردی روغن گل میں ملا کے
مردار سنگ مغسول ببول کا گوند سفید آب انیر ہر ایک قدرے باریک کر کے اوسمیں ملائیں اور لتہ کو اوسمیں تر کر کے رکھ دیں حمول مسکن درد بواسیر و
درد رحم کہ ورم وصلابت سے ہوتا ہے ترکیب بط کی چربی بابونہ افیون موم سفید ہر ایک دو درم قیروطی بنا کے صوف میں لت کر کے حمول کریں نوع دیگر
خون بواسیر کو کھولنے کے واسطے ترکیب پیاز کا پانی بیل کا پتہ عرطنیثا باہم ملا دیں اور صوف میں تر کر کے حمول کریں فقط پیاز گرم کی ہوئی بھی خون
کھولتی ہے ایضاً علق بزرگ روغن زیت میں بریان کر کے سرکہ میں ڈالدیں کہ مثل مرہم کے ہو جاوے تھوڑا ابریشم مل کے حمول کریں بواسیر اور ابنہ الرجال
کے واسطے مفید ہے حمول مجرب برائے علت ابنہ ترکیب جدوار قسم اول سرکہ میں جو بہت ترش نہ ہو پیس کے کپڑا تر کریں اور حمول کریں اگر یہ عمل تین دفعہ
کیا جاوے تو اس علت کا اثر باقی نہ رہے حمول برائے صلابت رحم ترکیب تخم خشخاش کنجد مقشر ہر ایک دو تولہ کوٹ کے گائے کے دودھ میں پکائیں
اور نیم پیس لیں زعفران کتیرا ہر ایک ایک ماشہ ببول کا گوند گل خطمی ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھان کے انڈے کی زردی دو عدد ملا کے روغن گل یا
روغن حنا آمیز کریں اور پارچہ کتان میں لت کر کے حمول کریں نوع دیگر برائے ورم صلابت کہ حرارت مزاج سے ہو اندمال قرحہ اور میل کو صاف کرتا ہے
ترکیب آرد جو گل خطمی آرد باقلا تخم کتان ناخونہ تخم خبازی حلبہ گل بنفشہ مردار سنگ ہر ایک چار ماشہ کافور ایک ماشہ دم الاخوین سفیدہ کاشغری ہر ایک چار
ماشہ سفیدی بیضہ مرغ دو عدد روغن گل دو تولہ ایضاً برائے ورم باردہ وقرحہ وصلابت رحم ترکیب گل خطمی مرزنجوش السی کو تخم مرو اسپغول ناخونہ بابونہ گل سرخ
مردار سنگ سفیداب کاشغری ہر ایک چار ماشہ زعفران جند بیدستر ہر ایک ایک ماشہ روغن گل دو تولہ انڈے کی سفیدی دو عدد حمول رطوبات کو
رحم سے تنقیہ کرتا ہے ترکیب ایلوہ برنگ کابلی سویے کے بیج ہر ایک ایک جزو سنا مکی نمک سنگ زبد البحر ہر ایک نیم جزو کوٹ چھان کے شہد میں
ملا کے روئی تر کریں اور حمول کریں نوع دیگر محلل ریاح رحم ترکیب بادیان انیسون تخم کرفس برگ سداب صعتر ہر ایک
ایک درم شہد چار درم شہد کو گرم کریں دوائیں کوٹ چھان کے اوسمیں ڈالیں اور چھوارے کی گٹھلی کے برابر
شافہ بنائیں یا پرانی روئی سے حمول کریں

باب الخاء المعجمۃ مشتمل بر ۳ فصل

پہلی فصل خمیرہ جات کے بیان مین۔ خمیرہ گاؤزبان عنبری علویخانی مالیخولیا وغیرہ مین کام آتا ہی ترکیب برگ گاؤزبان
گل گاؤزبان ہر ایک پانچ مثقال گلاب وعرق بیدمشک وعرق گل مشکی ہر ایک پچاس درم مین رات کو بھگو دین صبحکو ہاتھون سے مل اور
صاف کر کے شربت سیب ولائتی اور قند قوام بنا کے تخم گاؤزبان و بہمن سفید ہر ایک دو مثقال کوٹ چھان کے عنبر اشہب ایکدرم عرق کیوڑہ مین
حل کر کے ملادین خوراک دو درم سے دو مثقال تک خمیرہ گاؤزبان عنبری دیگر مقوی دماغ و مفرح قلب۔ مداومت اسکی انواع مالیخولیا و
اقسام خفقان کے واسطے مفید اور ہمیشہ معمول ہی ترکیب گاؤزبان تین تولہ گل گاؤزبان کشنیز خشک ابریشم خام مقرض بہمن سفید تخم بالنگو
صندل سفید تخم فرنجمشک ہر ایک ایک تولہ عنبر اشہب نیمدرم سوائے عنبر دو سیر پانی مین بھگو دین صبحکو جوش کرین جب تیسرا حصہ باقی رہے صاف
کر کے مصری ایک سیر شہد مصفی ایک پاؤ مین قوام کرین اور آخر قوام مین عنبر ملائین اور ورق نقرہ و طلا چھ ماشہ اضافہ کر کے حسبقدر زیادہ حل کرینگے استعمال
عمدہ ہوگا خوراک ایکدرم سے دو اور تین درم تک اگر اس ترکیب مین طباشیر مروارید یاقوت زمرد زہر مہرہ یشب ہر ایک ایک مثقال اضافہ کرین
تو تریاق کا حکم رکھتا ہی اور اسہال دموی و بواسیری مین بہت ہی زیادہ مفید ہی خمیرہ گاؤزبان عنبری جواہر دار حکیم علویخان مالیخولیائے سوداوی
اور خفقان سوداوی مین معمول ہی ترکیب گل گاؤزبان برگ گاؤزبان ہر ایک دس درم گل سرخ صندل سفید ہر ایک پانچدرم گلاب و بیدمشک
ہر ایک آدھ سیر مین بھگو دین صبحکو جوش دین کہ تیسرا حصہ باقی رہ جاوے مل اور صاف کر کے آب مروق کاسنی و آب انار شیرین ہر ایک نصف رطل
قند سفید دو رطل مین قوام کر کے مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی بسد کہربا عنبر اشہب ہر ایک نیمدرم ورق طلا چوتھائی درم ورق نقرہ دو درم حل کر کے
رکھین خوراک دو درم سے دو مثقال تک ہمراہ عرق شیر خمیرہ گاؤزبان حار نہایت مقوی دماغ و دل ہی اور ازالہ خفقان و غشی کرتا ہی مجرب ہی ترکیب
کافور دو دانگ مشک نیمدرم زعفران ایکدرم گل سرخ تراشہ صندل بالچھڑ اشنہ ہر ایک ڈیڑھ مثقال بادرنجبویہ ڈھائی مثقال گل گاؤزبان پانچ مثقال
گاؤزبان دس مثقال سوائے تین اول کی چیزون کے اور کل دواؤن کو دو رطل پانی اور گلاب مین بھگو دین جوش کر کے صاف کرلین ایک رطل
قند مین قوام کر کے اول کے تینون جزو پیس کے داخل کرین خوراک دو درم سے تین درم تک ہمراہ عرق بیدمشک وگلاب خمیرہ ابریشم تالیف حکیم
مسیح الزمان برائے جلال الدین اکبر بادشاہ توحش اور جمیع امراض سوداوی کو دور کرنے اور تقویت مین بے عدیل ہی ترکیب کہربائے شمعی لولوئے کی حجر
یشب سفید عنبر اشہب عود مصطگی ہر ایک نیم مثقال فرنجمشک ابریشم مقرض مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک مثقال گل گاؤزبان دو مثقال ان سب کو
کوٹ کے پکائین ابریشم خام دس تولہ شہد تیس مثقال مصری سفید ستر مثقال گلاب دو سیر ابریشم کو گلاب مین شبانہ روز تر کرین اسقدر جوش دین کہ
نصف گلاب باقی رہ جاوے مل اور صاف کر کے ایک مثقال گاؤزبان اور ایک مثقال بادرنجبویہ علیحدہ تھوڑے سے پانی مین جوش کر کے صاف کرلین
اور اسمین طلا کے شہد و نبات سفید داخل کر کے قوام کرلین پہلے عنبر تراشیدہ حل کر کے خوب لت کرین کہ ایکذات ہوجاے بعد ازان دوائین جو کوٹی رکھی ہین

بلائے کام میں لائیں نوع دیگر تالیف حکیم اکمل خان منع بخارات کرتا ہے دل و دماغ و معدہ کو تقویت دیتا ہے ترکیب طباشیر سفید بہمن سفید بہمن سرخ گشنیز خشک پوست بیرون پستہ مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی گل نیلوفر گل گاؤزبان ابریشم مقرض ہر ایک دو درم یاقوت چار دانگ برگ گاؤزبان دس درم عصارۂ زرشک پانچ درم صندل سفید تین درم کافور دو دانگ شیر آملہ پندرہ درم ورق نقرہ تین دانگ زر محلول عنبر اشہب ہر ایک دو دانگ مشک نیم دانگ آب سیب آب انار شیریں ہر ایک تیس مثقال گلاب بیدمشک عرق گاؤزبان ہر ایک پچاس درم قند سفید دو سیر بدستور خمیرہ بنائیں خمیرہ ابریشم مخترع حکیم مبارک الدین توحش کو دور کرتا ہے اعضاء رئیسہ اور قوت ہاضمہ کو تقویت دیتا ہے ترکیب سنگ یشب بسد مروارید ہر ایک تین ماشہ عرق کیوڑہ میں تین دن تک کھرل کریں مصطگی زر نجشک گل گاؤزبان ہر ایک چھ ماشہ ابریشم خام دو تولہ سفوف کر کے قند سفید آدھ سیر آب مطبوخ برگ گاؤزبان و بادرنجبویہ ایک ایک تولہ میں قوام کر کے ملا دیں خمیرہ مروارید علوی خان نہایت درجہ مقوی دماغ ہے ترکیب مروارید ناسفتہ ایک تولہ دو گھڑی تک عرق کیوڑہ یا ماء اللحم سادہ میں دیں خمیرہ خشخاش زرد برائے ترطیب و تقویت دماغ و نزلہ و زکام میں معمول ہے اور نیند اچھی طرح آتی ہے ترکیب زعفران چار رتی کو کنار تخم خشخاش مغز بادام مقشر ہر ایک ڈھائی درم شاہجہانی گلاب آدھ پاؤ نبات سفید ڈیڑھ پاؤ کوکنار کو جوکوب کر کے دو سیر پانی میں بھگوئیں جس وقت آدھ سیر پانی باقی رہ جائے صاف کر کے تخم خشخاش سفید و مغز بادام قدرے پانی میں شیرہ نکال کے آب کوکنار میں ملا دیں نبات و گلاب داخل کر کے قوام بنائیں زعفران تھوڑے سے گلاب میں حل کر کے جب تیاری پر ہو خمیرہ میں ملا دیں کہ انگبین ہو جائے خمیرۂ اسطوخودوس سفید فالج و لقوہ و دیگر امراض عصبی بیامن والد مرحوم و مغفور سے منقول ہے ترکیب گل اسطوخودوس حمص دو درم بہمن مغز چلغوزہ گل گاؤزبان ہر ایک ایک درم پختہ ورق نقرہ دس عدد عنبر اشہب ایک درم شہد سفید سہ چند بطریق معمول بنائیں خوراک دو مثقال سے تین مثقال تک خمیرۂ خشخاش زکام و نزلہ حار میں معمول ہے ترکیب کنار کلان مع گٹھلی سو عدد نیم کوفتہ کو ڈھائی سیر بارش کے پانی میں پکائیں صاف کر کے ڈیڑھ سیر قند سفید ڈالیں قوام کر کے خمیرہ بنائیں اگر قوام پتلا رکھنا ہو تو شربت خشخاش نام رکھیں اور اگر آخر قوام میں ببول کا گوند رب السوس کتیرا ہر ایک ایک درم تخم خرفہ مقشر مغز تخم تربوز ہر ایک دو درم باریک پیس کے شامل کر دیں اس صورت میں خمیرۂ خشخاش نام ہوگا نوع دیگر تالیف حکیم علوی خان ترکیب تخم خشخاش مغز بادام مغز فندق نشاستہ کتیرا ہر ایک ڈیڑھ مثقال دانہ الائچی دو مثقال عود صلیب دو دانگ زعفران ایک دانگ کہ پیسیں دوائیں کوٹ چھان کے شربت اسطوخودوس شربت گاؤزبان شربت انار شیریں شربت بہ شیریں شربت بنفشہ ہر ایک سات مثقال مصری پندرہ مثقال گل کو عرق بیدمشک پینتالیس مثقال میں قوام کر کے ملائیں خوراک پانچ مثقال اور اگر ایک دانگ عنبر اشہب ملا دیں تو بہتر ہوگا خمیرۂ خشخاش نافع زکام حار ترکیب پوست خشخاش پچیس عدد پانی میں بھگو کے جوش دیں صاف کر کے ایک رطل قند سفید میں قوام کریں آخر قوام میں شیرۂ تخم خشخاش سفید شیرۂ مغز تخم کدوئے شیریں شیرۂ مغز بادام ہر ایک ایک تولہ صاف کر کے ملائیں تاکہ قوام ہو جائے نوع دیگر برائے زکام و نزلہ و سرفہ و صداع و شقیقہ بخاری و منع صعود بخار معدہ و مراقی و تقویت دماغ و قلب و خوش ذائقہ و خوش رنگ ترکیب پوست خشخاش دس مثقال جوکوب کر کے تین رطل آب باران میں بھگوئیں صبح کو جوش دیکے مل اور صاف کر کے نبات سفید

ایک رطل مین قوام کرین بعدہ مغز تخم کدوے شیرین مغز بادام مقشر کشنیز خشک مقشر مغز تخم خربوز تخم خشخاش سفید ہر ایک دو تولہ باریک کر کے طباشیر کتیرا
ببول کا گوند ہر ایک چھ ماشہ علیحدہ علیحدہ خوب باریک پیس کے بیز معجون کش مین خوب ملادین اور ایک تولہ ہمراہ عرق گاؤزبان یا قہوہ گاؤزبان و نبات سفید
ودانہ الائچی کے کھائین **خمیرۂ خشخاش** برائے نزلہ و سرفہ و زکام بلغمی مجرب ہی تقویت معدہ کرتا ہی اور قبض نہین ہونے پاتا **ترکیب** تخم خشخاش
پوست خشخاش مغز بادام شیرین ہر ایک آٹھ تولہ لونگ ایک تولہ بالچھڑ دارچینی مصطگی جوزبوا ہر ایک چھ ماشہ زعفران دو ماشہ پوست خشخاش جوش
کر کے مل اور صاف کر کے تخم خشخاش و مغز بادام کو نرم پیس کے پوست خشخاش مین شیرہ نکالین باقی دوائین جوکوب کر کے آب پوست خشخاش مین
جوش دیکے صاف کر ڈالین اور مصری کے ساتھ قوام بنائین زعفران گلاب مین حل کیا ہوا آخر مین ملائین بعد تیاری اگر طبیعت مین قبض زیادہ ہو دو
تولہ بنفشہ دواؤن کے ساتھ جوش کرنے مین بڑھادین اور اگر آخر مین ایک ماشہ مشک اور ایک ماشہ عنبر ملادین تو اور اچھا ہی **نوعدیگر** معمول ہند نزلہ و زکام
مین اور مقوی دماغ ہی **ترکیب** عنبر اشہب تین ماشہ صندل سفید دو مثقال عود غرقی مصطگی زعفران ہر ایک ایک تولہ پوست خشخاش تخم خشخاش
ہر ایک آدھ سیر پوست کو ایک حصہ آب باران اور دو حصہ گلاب مین بھگو دین بعد چار گھڑی کے ہاتھ سے مل کے جوش دین جب تہائی رہ جاے صاف
کر کے تخم خشخاش کا شیرہ لے کے قند مین قوام کرین اور آگ سے اُتار کے عنبر اور دوسری دوائین آمیز کرین زعفران گلاب مین حل کیا ہوا اور ورق نقرہ
پچاس عدد ورق طلا سو عدد بھی ملادین **خمیرۂ خشخاش** نافع سل و درد سینہ جو حرارت سے ہو اور مفید سرفہ نزلی ہی **ترکیب** پوست خشخاش مع تخم سو عدد
پانی مین بھگو کے جوش کرین شیر خشت تیس مثقال و قند سفید دو رطل لعاب بہدانہ شیرۂ مغز تخم کدوے شیرین شیرۂ مغز تخم خیارین ببول کا گوند تخم خطمی
ملیٹھی کوٹ چھان کے ہر ایک پانچ مثقال ملائین اور بدستور خمیرہ تیار کرین خوراک دو مثقال **خمیرۂ صندل سادہ** خفقان حار مین معمول ہی **ترکیب**
برادۂ صندل سفید بیس مثقال آدھ سیر پانی مین تر کر کے ایک شبانہ روز رہنے دین بعد اسکے جوش کر کے اوسکا شیرہ نکال لین اور آدھ سیر شکر سفید
مین قوام کرین اور چھ ماشہ ٹھنڈائی کے ساتھ دین گاہے اس نسخہ مین زہر مہرہ سودہ ایکدرم ورق نقرہ دو درم بید مشک آب انار شیرین آب بہ شیرین ہر ایک
چوتھائی رطل زیادہ کر دیتے ہین تقویت قلب و دفع حرارت جگر و تسکین تشنگی مین بے عدیل ہی اور پانی کے بدلے گلاب اگر ممانعت نہو **نوعدیگر** مقوی قلب و دماغ
اور خفقان کے واسطے وضع کیا گیا ہی **ترکیب** صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا بیس مثقال قند سفید ایک سو ساٹھ مثقال عنبر اشہب نیم مثقال مشک
خالص ڈیڑھ دانگ ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک نصف مثقال گلاب ایک سو ساٹھ مثقال عرق بید مشک اسی مثقال قند کو گلاب اور عرق مذکورین
حل کر کے تھوڑی آگ مین قوام کرین اور انڈے کی سفیدی دودھ اور پانی ملا کے ہاتھ سے پھینٹین اور اوسکو قند زدہ بتر معجون سازی سے گھوٹین تا کہ
مثل خمیرہ کے ہو جائے پھر عنبر و مشک کسیقدر مصری پیس کے ملائین اور چلائین اسکے بعد ورق طلا و نقرہ حل کیے ہوے ملائین آخر مین صندل ملا کے
خوب گھیپ دین اور نگاہ رکھین **ایضاً** خفقان حار و وسواس و سوزش سینہ جس سے بیقراری ہوتی ہی دفع کرتا ہی **ترکیب** صندل سفید گلاب
مین گھسا ہوا طباشیر نشاستہ تخم خرفہ مقشر ہر ایک دو مثقال کافور ایک قیراط نبات سفید چوبیس مثقال شربت نواکہ شیرین بارہ مثقال بطریق مقرر
مرتب کرین **خمیرۂ صندل دیگر** مقوی قلب حار **ترکیب** صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا طباشیر ہر ایک ایک تولہ گل گاؤزبان مروارید کشنیز مقشر

ہر ایک دو تولہ زرشک بیدانہ تین تولہ خرنۂ مقشر چار تولہ دانہ الائچی سفید چھ ماشہ ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک دو ماشہ عنبر اشہب دو ماشہ بھلے موتی گلاب میں
حل کریں دوسری دوائیں کوٹ چھان کے مصری گیارہ تولہ عرق گاؤزبان عرق صندل عرق نیلوفر ہر ایک پندرہ تولہ میں قوام کریں اور عنبر و اوراق کو آگ سے
اُتارنے کے بعد آہستہ آہستہ ملادیں **خمیرۂ صندل** مرکب علویخان نافع ضعف قلب ترکیب صندل سفید ابریشم مقرض ہر ایک نو ماشہ
گل گاؤزبان گل سرخ ہر ایک ایک تولہ گل نیلوفر دو تولہ دارچینی زعفران ہر ایک دو ماشہ قند سفید کل دواؤں سے سہ چند دوائیں قوام بناکے ملادینا
خوراک دو مثقال **خمیرہ صندل حامض** سوء مزاج حار قلب خفقان حار و حمیات صفراوی و اسہال مراری و تہوع و قے صفراوی کے واسطے نافع ہے
ترکیب صندل سفید گھسا ہوا تیس درم کشنیز مقشر پانچ درم رب غورہ ایکسو درم اور اگر آب غورہ نہ میسر ہو اوسکے عوض میں منقے دس درم جوش
کر کے اوسکا پانی لیں سرکہ انگوری دس درم تخم بارتنگ ایک من گلاب عرق بیدمشک ہر ایک آدھ من میں ایک رات دن بھگوئیں پھر جوش کریں جب
نصف رہ جاوے ہاتھ سے مل کے کپڑے میں چھانیں پھر ایک من قند سفید داخل کر کے قوام کریں جب قوام خمیرہ ہونے لگے صندل سفید سودہ دس درم
مروارید ناسفتہ یشب سبز دونوں کھرل کر کے زعفران ایکدرم کافور قیصوری آدھ مثقال طباشیر دس درم کوٹ چھان کے ورق طلا و نقرہ ہر ایک نصف
درم میں سب کو ملالیں خوراک پانچدرم **خمیرۂ زمرد** تالیف حکیم علویخان ممدوح کہ تقویت اعضائے رئیسہ میں معمول ہے ترکیب زمرد سبز ڈیڑھ تولہ عرق کیوڑہ
میں ایک ہفتہ تک کھرل کر کے مربائے سیب و مربہ آملہ گٹھلی نکال کے ہر ایک پانچ تولہ قند سفید دو تولہ عرق کیوڑہ میں قوام کر کے عنبر ایکدرم نبات پیسی ہوئی
ملاکے رکھ چھوڑیں خوراک دو درم سے دو مثقال تک **خمیرۂ ابریشم** بارد مقوی دل و معدہ و جگر مزیل خفقان و توحش و غشی و منشط و مفرح قوی و حابس اسہال
ترکیب ابریشم خام سو مثقال اُس پانی میں کہ جسمیں مکرر نقرہ کو بجھایا ہو ایک شبانہ روز بھگوئیں عرق گاؤزبان اسّی مثقال تھوڑا گلاب و بیدمشک اسمیں
داخل کر کے جوش کریں پھر آب سیب شیریں آب بہی شیریں ہر ایک پچاس درم قند سفید ساٹھ درم میں قوام کریں عنبر اشہب دو درم مشک ڈیڑھ درم آخر قوام
میں ملائیں اسکے بعد طباشیر سودہ مروارید ناسفتہ ہر ایک تین مثقال کہربا شمعہ گل سرخ صندل سفید ہر ایک دو مثقال باریک پیس کے اسمیں آمیز کریں اور
خوب چلائیں **خمیرۂ ابریشم** تقویت قلب و تفریح میں بے عدیل ہے یہ نسخہ وہی ہے جو شربت ابریشم میں لکھا گیا ہے **خمیرۂ ابریشم** اختراع علویخان مقوی قلب جالب
و دافع وسواس و خفقان احتراقی و مفرح و منشط و مقوی جمیع اعضائے رئیسہ و کلیہ و معدہ و مزیل گرمی گردہ و ذیابیطس مجرب ترکیب ابریشم خام پچاس مثقال
بارش کے طلا تاب دو من پانی میں اور عرق بیدمشک و گلاب ہر ایک ایک من تبریزی عرق گاؤزبان عرق نیلوفر ہر ایک بیس سیر تبریزی عرق الائچی عرق صندل
ہر ایک پچاس مثقال دو شبانہ روز بھگوئیں اسقدر جوش کریں کہ پانی کا وزن جل جاوے اور عرق کا باقی رہے اُتار لیں نبات سفید نصف من تبریزی شہد
مصفے پچاس مثقال شربت فواکہ شیریں شربت سیب شیریں شربت ریباس شربت امرود شربت انار شیریں شربت بہ شیریں شربت اترج ہر ایک
پانچ مثقال داخل کر کے جوش دیں اور اوسکا کف نکال لیں قوام کر کے مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی یشب سبز فادزہر معدنی مرجان قرمزی کہربائے شمعی
ہر ایک دو مثقال لعل بدخشی زمرد اعلیٰ ہر ایک ایک مثقال وایکدانگ و نیم احجار ہمراہ گلاب سنگ سماق کے کھرل میں حل کریں غسل دیکے خشک کر لیں
وزن کریں ورق طلا محلول ورق نقرہ محلول ہر ایک ڈھائی مثقال دونوں کو شہد مصفی میں حل کر کے ابریشم مقرض گل گاؤزبان کشنیز خشک مقشر صندل سفید

غنچہ گل سرخ بہمن سفید بہمن سرخ طباشیر نشاستہ ہر ایک پانچ مثقال تخم خرفہ دس مثقال مغز تخم کدو مغز تخم ہندوانہ ہر ایک سات مثقال نیم عود قماری دو مثقال
زعفران ایک مثقال بدستور خمیرہ مرتب کریں اور اوسکے نصف میں ایک مثقال کافور قیصوری پیس کے ملا دیں دوسرے نصف حصہ میں کافور نہ
ملائیں خوراک دو درم سے دو مثقال تک خمیرہ گاؤزبان مقوی اعضاے رئیسہ مستعمل بعد رفع تپ برائے دفع ضعف ونقاہت ترکیب
مروارید چار ماشہ عرق کیوڑہ آدھ پاؤ میں کھرل کر کے طباشیر گاؤزبان گل گاؤزبان ہر ایک چار ماشہ اصل السوس مقشر تخم خرفہ ہر ایک تین ماشہ
کوٹ چھان کے نبات سفید چار تولہ عرق گاؤزبان ایک پاؤ میں قوام کریں خوراک تین ماشہ آخری روز ہمراہ عرق گاؤزبان و عرق عنب الثعلب
ہر ایک ایک چھٹانک نیم گرم خمیرہ مروارید نافع خفقان حار ترکیب زہر مہرہ خطائی مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی یشب سبز طباشیر کبود ہر ایک
چھ ماشہ ایک پاؤ کیوڑہ میں حل کریں گل گاؤزبان صندل سفید گل سیوتی برگ گاؤزبان کل دواؤں کا وزن اوپر کی دواؤں کے ہموزن
کوٹ کے قند پندرہ مثقال میں قوام کریں اور ملا دیں پھر ورق نقرہ چار ماشہ حل کر دیں خمیرہ مروارید سادہ برائے تقویت اعضاے رئیسہ ونیز
نافع ترکیب مروارید ناسفتہ ایک تولہ عرق کیوڑہ میں کھرل کر کے شربت سیب و نیلوفر ہر ایک تین تولہ مربائے آملہ سات عدد و نبات سفید تین تولہ
میں بنالیں خوراک نو ماشہ ہمراہ ماء اللحم سادہ خمیرہ مروارید مرکب تالیف حکیم علویخان ترکیب مروارید ناسفتہ ایک تولہ کیوڑہ کے عرق
میں کھرل کر کے بہمن سرخ بہمن سفید کشنیز گل کاسنی فرنجمشک گاؤزبان تخم بادرنجبویہ تخم کاسنی ہر ایک دو مثقال ابریشم مقرض تین مثقال عنبر اشہب
ہر ایک ڈیڑھ ماشہ کو مربائے سیب و آملہ و نبات سفید میں قوام کر لیں خوراک دو درم سے دو مثقال تک امراض جگر میں بھی مستعمل ہے خمیرہ مروارید تقویت
اعضاے رئیسہ میں سریع الاثر ہے ترکیب مروارید ناسفتہ یشب سبز ہر ایک نو ماشہ زہر مہرہ خطائی چار ماشہ قند سفید ایک پاؤ شربت سیب شیریں آدھ پاؤ
عرق بید مشک آدھ پاؤ عرق صندل عرق گاؤزبان ایک پاؤ ورق طلا تین ماشہ ورق نقرہ ایک تولہ بدستور مقرر تیار کریں خمیرہ مروارید تقویت دل
کے واسطے مجرب والد مرحوم ترکیب مروارید ناسفتہ ایک تولہ صندل سفید گلاب میں گھسا ہوا چار تولہ زہر مہرہ پسا ہوا چھ ماشہ ورق نقرہ ایک تولہ ورق
طلا تین ماشہ نبات سفید دواؤں سے سہ چند عنبر اشہب دو دانگ مشک خالص دو دانگ خوراک پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک ایضاً مقوی قلب و دافع
خفقان معمولی سے ترکیب مروارید چار درم صندل گلاب میں کھرل کیا ہوا مغز تخم کدوے شیریں طباشیر بہمن سرخ بہمن سفید ابریشم مقرض ہر ایک دو درم
مروارید کو گلاب میں حل کریں دوسری دوائیں کوٹ چھان کے مغز کدو پیس کے سہ چند قند ملا کے گلاب میں قوام کریں ایضاً نسخہ مروارید زہر مہرہ
خطائی یشب سبز ہر ایک ایک تولہ ابریشم مقرض طباشیر گاؤزبان گل گاؤزبان کشنیز مقشر ہر ایک دو درم زرشک تین درم ورق نقرہ ایک درم شربت
انار شیریں چار تولہ قند دو چند گلاب ایک پاؤ نوع دیگر تالیف علویخان ترکیب طباشیر مروارید ناسفتہ صندل سفید ابریشم مقرض بہمن سفید ہر ایک
پانچ مثقال عنبر اشہب ورق طلا و نقرہ ہر ایک ایک مثقال و نصف دانگ مشک تبتی نیم مثقال یا تین قیراط شکر سفید گلاب عرق بید مشک ہر ایک
دو سو مثقال شہد مصفی پچیس مثقال بدستور ترتیب دیں خوراک ایک مثقال سے دو درم تک نوع دیگر نسخہ معمولی ترکیب کوئی ابریشم برادہ صندل
سفید ہر ایک ستہ دو تولہ رات کو عرق گاؤزبان ایک رطل میں بھگو دیں صبح کو جوش کر کے صاف کر لیں قند سفید دو رطل شہد خالص ایک رطل میں قوام

کرین اور مروارید ناسفتہ ایک تولہ یشب سبز یاقوت لبہ ہر ایک دو تولہ مشک دو ماشہ پیس کے ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک چھ ماشہ خوب حل کرین
خمیرہ مروارید بہ نمول حکیم شریف خان صاحب مقوی قلب ترکیب ابریشم گل گاؤزبان ہر ایک تین ماشہ عرق گاؤزبان ایک پاؤ مروارید یاقوت
ہر ایک چھ ماشہ مصطگی کہربا ہر ایک چار ماشہ عود مرجان صندل سفید ہر ایک تین ماشہ زہر مہرہ گلاب مین حل کیا ہوا چھ ماشہ عرق بید مشک
نبات سفید ہر ایک ایک پاؤ شربت سیب شیرین آٹھ تولہ ورق نقرہ ایک تولہ بطریق شہد تیار کرین نوعدیگر نہایت مقوی دل و دماغ ہے
ترکیب مروارید ناسفتہ ایکتولہ یشب سودہ کہربائے شمعی صندل سفید سودہ طباشیر سفید ہر ایک چھ ماشہ نبات سفید تین پاؤ شہد کشمیری
مصفی پانچ تولہ گلاب و بید مشک مین قوام کرین دوائین کوٹ چھان کے اسمین ملادین نوعدیگر تالیف خالد حکیم علویخان ترکیب مروارید
ناسفتہ ایک تولہ طباشیر سات ماشہ مغز تخم خیارین مغز تخم کدو مغز تخم تربز ہر ایک ایک تولہ شربت سیب و انار شیرین ہر ایک سات تولہ عرق
پانچ تولہ بدستور تیار کرین خوراک دو مثقال خمیرہ گاؤزبان تالیف حکیم علویخان نافع خفقان و مزیل توحش کہتے ہین کہ ایک شخص کو سودائے
بلغمی کے سبب سے خفقان تھا اور مثل بخار کے گلے ہتیلی تلوے اور پیشانی گرم رہتی تھی اس خمیرہ کے استعمال سے تمام عوارض دور ہو گئے
ترکیب گل گاؤزبان برگ گاؤزبان تخم بادرنجبویہ تخم بالنگو ہر ایک چار تولہ صندل سفید تین تولہ مشک خالص عنبر اشہب ورق نقرہ ہر ایک
چھ ماشہ قند سفید ایکسیر بدستور تیار کرین خوراک پانچ ماشہ ایضاً برائے مذکورہ منافع مفتاح سے ترکیب گل گاؤزبان ساٹھ مثقال صندل
مسحوق بگلاب پندرہ مثقال درونج بادرنجبویہ پانچ مثقال قند سفید شکر طبرزد ہر ایک ایک رطل مشک گلاب مین حل کی ہوئی چار مثقال ورق طلا
ورق نقرہ مروارید پسے ہوے ہر ایک چھ مثقال بدستور تیار کرین خمیرہ طلا تالیف حکیم علویخان امراض باردہ قلب مین مستعمل ہے ترکیب ورق طلا
محلول پانچ درم مروارید ناسفتہ ڈھائی درم عنبر اشہب تین درم یاقوت رمانی لعل بدخشی زمرد سبز ہر ایک ایکدرم رب بہ و سیب و امرود و زردک
و انارین و نبات ہر ایک دس تولہ شہد بیس تولہ خمیرہ بنالین خوراک ایکدرم سے دو درم تک ہمراہ ماء اللحم خمیرہ زمرد تالیف حکیم شریف خان نافع
امراض بارد و رطب قلب و مقوی قلب ترکیب زمرد ایک تولہ لاجورد مغسول بہمن سفید ابریشم مقرض گاؤزبان ہر ایک ایکدرم ورق طلا و نقرہ
ہر ایک ڈیڑھ درم عنبر اشہب ڈیڑھ مثقال آب انار شیرین گلاب بید مشک ہر ایک ایک اوقیہ نبات ڈیڑھ اوقیہ شہد خالص سات تولہ شربت
سیب آٹھ تولہ بدستور مقرر ترتیب دے لین خوراک دو مثقال خمیرہ یاقوت تالیف علویخان تقویت قلب مین مجرب النفع ترکیب یاقوت
رمانی پانچ یا دس مثقال گلاب و کیوڑہ و بید سادہ مین بارہ پہر کھرل کرین اور آب سیب و بہ شیرین و امرود و گلاب و عرق بید مشک ہر ایک ایک سو
مثقال عرق صندل و عرق گاؤزبان ہر ایک پچاس مثقال قند سفید دو من طبی شربت سیب پندرہ مثقال قوام کرکے عنبر اشہب ایک مثقال کیوڑہ
مین گھلا ہوا فادزہر حیوانی لاجورد مغسول ہر ایک دو مثقال معہ یاقوت مسحوق ملا کے بعد چار روز کے ایک مثقال کھائین خمیرہ زہر مہرہ قائم
مقام خمیرہ مروارید اور تقویت دل مین بعدیل ہے ترکیب زہر مہرہ کھرل کیا ہوا گاؤزبان گل سرخ طباشیر ہر ایک ایکدرم ورق نقرہ عطر صندل ہر ایک
نصف درم شربت انار شیرین سہ چند اول ورق نقرہ شربت مین حل کرین بعدہ کھرل کی ہوئی دوائین اور عطر آمیز کرین دو مثقال تناول کرینا

خمیرۂ آملہ مقوی معدہ و ہاضم و مفید ذرب بواسیر ترکیب آملہ دس درم مصطگی رومی الائچی معہ چھلکا دارچینی طباشیر زرشک ہر ایک دو درم مصری ایک پاؤ آملوں کو آدھ پاؤ گائے کے دودھ میں شبانہ روز بھگوئیں صاف کرکے پانی میں جوش دیں اور شیرۂ آملہ لیں اُسمیں مصری کا قوام کرکے آگ سے اُتار لیں دوائیں کوٹ چھان کے ملادیں خوراک ایک تولہ **خمیرۂ عود ترش** مقوی ہاضمہ معدہ و اعضائے رئیسہ و دافع غثیان و مانع بخارات محترقہ و مشہی ترکیب عود قماری پانچ ماشہ صندل سفید تین ماشہ گل سرخ مصطگی بادرنجبویہ ہر ایک دو ماشہ بالچھڑ اسارون بسباسہ سازج ہندی ہر ایک ایک ماشہ مشک خالص عنبر اشہب ورق طلا ہر ایک چار رتی شربت سیب شیریں شربت سیب ترش شربت انار شیریں شربت انار ترش ہر ایک چھ تولہ اور اگر صفراوی مزاج ہو تو چھ تولہ عرق لیموے کاغذی ملادیں **خمیرۂ مروارید** مقوی دماغ و قلب و دافع خفقان و برائے قروح کلیہ و مثانہ بجد مفید ہے سنگ و ریگ گردہ و مثانہ کو خارج کرتا ہے ترکیب مروارید ناسفتہ طباشیر سفید ہر ایک دو تولہ حجر الیہود و سنگ سرماہی ہر ایک چھ ماشہ عنبر اشہب ایک تولہ صمغ عربی تین ماشہ گلاب و بید مشک ہر ایک ایک سیر قند سفید آدھ سیر شہد مصفی آدھ سیر بطریق مذکور خمیرہ بنائیں اور اگر علل کلیہ و مثانہ نہ ہو حجر الیہود و سنگ سرماہی و صمغ عربی موقوف کردیں۔

دوسری فصل خبزوں کے بیان میں

خبز ابعد فصد و تنقیہ کے برسام کے واسطے معمول حکیم علوی خان صاحب ہے ترکیب آرد جو باقلا سبوس گندم ہر ایک دو مٹھی شیر گاؤ و لعاب بہدانہ و لعاب گل خطمی سفید و آب عنب الثعلب سبز و آب پوست خشخاش و آب بابونہ و روغن گل و روغن کدو میں خمیرہ کرکے روٹی دو انگل کی موٹی بناکے توے پر آدھ کچی پکائیں اور گرم گرم جس مقام پر درد ہو تکمید کریں پھر اُسی کو باندھ دیں **خبز** نافع درد معدہ و قولنج ریحی ترکیب مغز تخم بید انجیر نمک سنگ میدہ چوب ہر ایک ایک تولہ ہینگ آدھا تولہ آرد گندم آدھ پاؤ دوائیں پیس کے آٹے میں ملائیں خمیرہ کرکے ایک طرف سے روٹی پکائیں اور جس طرف کچی ہو درد کی جگہ پر باندھ دیں **نوع دیگر** سول شکم کو دور کرتی ہے ترکیب آرد ماش ایک سیر میں پھل ایک پاؤ نمک طعام ہینگ ہر ایک ایک درم سب کو پانی میں خمیر کرکے دو روٹیاں پکائیں اور ایک کو ایک طرف سے توے پر پکائیں جب پک جائے اتار لیں اور کچی کی طرف سے سوئے کے تیل میں چرب کریں پیٹ پر باندھیں جب ٹھنڈی ہو جائے ہٹاکے دوسری پکی ہوئی روٹی باندھ دیں اسی طرح چند بار عمل کریں کہ درد جاتا رہے **خبز** کہ اسہال کے واسطے مفید ہے ترکیب ایک عدد کدو کنار لیں اوسکی ٹوپی دور کرکے شگاف کریں اور ایک تولہ سونف کے ساتھ کسی برتن میں بھونیں اور دونوں کو پیس ڈالیں بعدہ پانی میں حل کریں اور گھنٹہ بھر تک رہنے دیں کہ اوسکی تلچھٹ نیچے بیٹھ جائے اُسی پانی میں آدھ سیر آرد خشکار کو خمیر کریں اور خمیہ کو کپڑے کی پوٹلی میں باندھ کے پانی سے بھرے ہوئے برتن میں لٹکا دیں اسطرح کہ خمیر بیچ پانی میں ہو تہ پر نہ بیٹھے بعد ایک پہر کے نکال کے توے پر باریک روٹی پکائیں تنہا یا کھانے والی روٹی کے ہمراہ کھائیں **خبز** درد معدہ و قولنج ریحی کے واسطے مجرب ہے ترکیب گڑ بچ بالوٹرنگ سونٹھ سونف تخم شبت ہینگ نمک سیندہ کوٹ چھان کے ماش کے آٹے میں جو آب برگ ترب یا شبت میں خمیر کیا ہو ملاکے دو انگل کی موٹی روٹی پکائیں ایک طرف سے اور کچی کیطرف سے سوئے کے تیل میں چرب کرکے گرم گرم پیٹ پر باندھیں **نوع دیگر** مفید قولنج ریحی ترکیب وج ترکی بادیان بالوٹرنگ کابلی اجمودہ سویہ کے بیج اجوائن زیرہ سونٹھ

نمک سنگ ہر ایک دو درم ہینگ نصف درم پسی ہوئی ایک پاؤ ماش کے آٹے مین ملا کے دو انگل کی موٹی روٹی پکائین جس طرف کچی ہو ریندی کا تیل

چپڑ کر موضع درد پر باندھین۔

فصل سوم خاگینون کے بیان مین۔ خاگینہ مقوی باہ۔ ترکیب انڈے کی زردی تین عدد پیاز کا عرق زردی کے برابر ادرک نصف وزن آب پیاز پیس کے باہم لت کرین اور نیم برشت کرین ثعلب مصری ایکدرم دارچینی لونگ دانہ الائچی ہر ایک نصف درم پیس کر داخل کرین تھوڑے سے نمک کے ہمراہ ہر صبحکو چند روز کھائین ایضاً تقویت باہ کے واسطے مجرب اور مستعمل نواب منیر خان مرحوم ترکیب مرغ کے انڈے کی زردی چار عدد شہد خالص مساوی دونون باہم لت کرین اور کوئلے کی نرم آگ پر چڑھائین جب پک جاے نیچے اتار لین اور موچرس چار ماشہ تضیب گاؤ خشک سوہان کیا ہوا دو ماشہ زعفران چار رتی مشک خالص تین رتی حل کرکے ملائین اور تین ہفتہ تک یہ عمل کرین کہ نہایت مبہی ہے نوعدیگر نہایت مقوی باہ ترکیب کنجوے پاک کیے ہوے خشک ایک تولہ دارچینی چھ ماشہ دانہ الائچی تین ماشہ ثعلب مصری نبات سفید ہر ایک ایک تولہ باریک پیس کے رکھ چھوڑین اور اسمین سے ایک ماشہ انڈے کی زردی مین ڈال کے انگارون پر رکھین رفتہ رفتہ گاڑھا ہو جائیگا ٹھنڈا کر کے کھائین ہر روز ایک انڈا بڑھاتے رہین یہانتک کہ سات انڈون کی نوبت آئے ایک انڈا روز کم کرین جب ایک پر نوبت آجاے تو ترک کردین اس اثنا مین ترشی سے پرہیز کرین نوعدیگر جسکا خاگینہ سلیمانی نام ہے ترکیب انڈے چار عدد مغز حلوان ایک عدد پاؤ بھر گوشت کی یخنی مین اور آب پیاز و آب پودینہ و آب ادرک ہر ایک پانچ تولہ مین حل کرکے گاے کا گھی داخل کرکے خاگینہ کے طور پر پکائین اور نیچے اتارتے وقت دارچینی گول مرچ سفید اجوائن لونگ ہر ایک ایکماشہ داخل کرکے بقدر ہاضمہ کھائین چند روز کی مداومت مین فائدہ ہوگا تقویت باہ مین اثر عجیب رکھتی ہے

چوتھی فصل خضابون کے بیان مین۔ خضاب بالون کو سیاہ کرنیوالا ترکیب وسمہ چار تولہ حنائے خشک آٹھ ماشہ دونون کو اس پانی مین جسمین کہ آملہ تر کیا ہوا ہو خمیر کرین اور دو گھڑی تک دھوپ مین رکھ دین اسکے بعد خضاب کرین پان یا بید انجیر کا پتہ باندھین بعد چار گھڑی کے دھو ڈالین ایضاً دو گھڑی مین اثر کرتا ہے ترکیب مازو چار حصہ سنگ راسخ دو حصہ نوشادر ایک حصہ پھٹکری نصف حصہ مازو کو خاکستر گرم پر بھون لین پھر کل دوائین باریک پیس کے لوہے کے برتن مین رکھین اور آملہ کا پانی ملا کے لوہے کے دستہ سے خوب کھرل کرین پہلے بالون کو آملہ کے پانی سے دھو ڈالین بعدہ خضاب کرین دو گھڑی کے بعد آملہ کے پانی سے دھو ڈالین نوعدیگر مجرب استاد مرحوم کی بیاض سے ترکیب مردار سنگ چھ ماشہ چونہ پان کا چار ماشہ گل ملتانی چھ ماشہ پہلے مردار سنگ کو کھرل کرین بعدہ چونہ ڈال کے خوب حل کرین پھر ملتانی مٹی ملا کے بالون پر طلا کرین اُسکے اوپر ارنڈ کا پتہ باندھ دین بعد پانچ چھ گھڑی کے کھولڈالین بالونکا رنگ سیاہ ہو جائیگا ایضاً ورق نقرہ کو تیزاب فاروقی مین اسقدر حل کرین کہ ورق حل ہو جائین پس شانہ اُس شربت سے بال صاف کرنیکے بعد لگائین اور تیزاب کھینچنے کا طریقہ یہ ہے کہ شورہ اٹھارہ ماشہ زاک چھ ماشہ کسیس ایک تولہ سب کو کوٹ کے قرع انبیق مین نرم آگ پر چڑھائے ٹپکا لین اور جابجا کر قرع کے منہ کو گل حکمت کر ڈالین جسوقت لال دھوان نکلنے لگے آگ موقوف کردین نوعدیگر معمول مولوی غلام رسول ترکیب بنایت چونہ

وشورہ ہر ایک ایک چھٹانک پھٹکری کنوین کا پانی ہر ایک ایک تولہ چھ ماشہ سب سے تیزاب کھینچین پھر ایک تولہ تیزاب مذکور مین چاندی کا برادہ ایک ماشہ گلاب دو ماشہ ڈال کے بارہ دن تک رکھ چھوڑین بعدہ حل کرکے برش سے بالون پر لگائین ایضاً روغن خضاب ترکیب آب بھلی خام بول چار تولہ برادہ فولاد ایک تولہ کسیس چھ ماشہ کالی (کاڑی) کھار دو ماشہ روغن کنجد آدھ پاؤ سب دواؤن کو تیل مین دو گھڑی تک کھرل کرین آوند آہنی مین بند کردین اور زیر زمین دفن کرین بعد چالیس روز کے نکال کے روغن کام مین لائین

باب الدال المہملہ مشتمل بر ۳ فصل

پہلی فصل اُن دواؤن کے بیان مین جو مطلق دوا کے نام سے مشہور ہین۔ دوائی صداع حار ساذج و دموی و صفراوی و شقیقہ حار و سہر و سرسام گرم و ماشری و عطسہ و حس مین معمول ہی ترکیب لعاب بہدانہ تین ماشہ شیرہ تخم کاہو مقشر شیرہ مغز تخم تربوزہ ہر یک سات ماشہ پانی سے نکال کے شربت نیلوفر دو تولہ یا نبات دو تولہ داخل کرکے تناول کرین بکری کا دودہ یا لڑکی کی مان کا دودھ یا مغز تخم تربوز مغز تخم کدو پانی مین بھیگا ہوا قدرے روغن گل ڈال کے کان و ناک مین ٹپکائین اور کشنیز سبز یا عطر خس یا عطر گل خطمی یا لخلخہ سنگھائین اور فلفلہ ٹھنڈا عمل مین لائین اور صندل سفید آب کشنیز سبز یا آب کوکنار مین حل کرکے پیشانی پر ضماد کرین اور اسی طرح ضماد قرص مثلث یا بھانی پیس کے لیپ کرنا مجرب ہی اور کپڑا گلاب مین دو تولہ اور سرکہ ایک تولہ روغن گل دو تولہ تر کرکے تالو پر رکھین اور شاخین بید لیون اور پانون کے تلوون پر کھینچین بعد ازان پاشویہ کرین غذا البقولات باردہ سے مثل پالک و خرفہ و ترئی و کدو یا برنج کرین اور کھچڑی و آش جو و دال مونگ خشکہ کیساتھ مناسب ہے اگر امراض مذکورہ دموی ہون فصد سر ارو مقدم رکھین اور صفراوی مین بعد ان تدابیر منضج بارد و مسہل بارد کے عمل کرین **ایضاً** برائے صداع دموی انطاکی سے ترکیب اگر علامت دلالت کرے مادہ دموی ہو فصد قیفال کرین اور اگر صداع متعدی سو دماغ دیگر عضو سے ہو شرک فصد کرین اور کبھی صفرا مین بسبب حدت خون فصد کی جاتی ہی بعدہ تنقیہ خلط غالب کی مناسب دوا سے کرین اور مجربات خاص سے صداع حار کے واسطے اس دوا کا استخراج کیا ہی اور اوسکا نسخہ مطبوخات مذکور ہین ہوگا اور غذا کدو یا اسفاناخ یا مزورہ آلو بخارا سے بنائین اور گلاب و روغن و سرکہ و آب مورد و کدو و صندل کہ اسمین کافور یا افیون محلول ہو مجموع یا مفرد بحسب مادہ طلا بنائین اور روغن مجرب تمام انواع صداع اور روغنون سے ہونا چاہیے اور منقولات طلا خمیرہ آرد و زعفران ہی اسی طرح آب بید و روغن بنفشہ طلا کے طور پر اور سعوط کے طور پر استعمال کرین **دوائی** صداع بارد و دیگر امراض بارد دماغی مثل صرع و دوار و سدر و کابوس و لیثرغس و سبات و جمود و نسیان ترکیب ادویہ منضج گرم دین اگر تنقیہ کی حاجت ہو مسہل گرم و حب ایارج کھلائین بعدہ معجون بیدالورد دین و قرص مثلث مہندی کے پانی مین پیس کے طلا کرنا صداع بارد مین بھی معمول ہی اور بقول انطاکی صداع بلغمی مین منقیات بلغم ابتدا مین کھلانا چاہیے مثل ایارج ہمراہ ماء العسل اور تکثیر گلقند عسلی کے کھانے مین کرنی چاہیے اور یہ معجون مجرب ہی برائے انواع صداع بارد اسکا نسخہ

معاجین مین لکھا گیا ہی اور صداع باردین روغنیات نافع ہین روغن بابونہ و غالیہ و بادام تلخ مجموع یا مفرد اور سعوط مر محلول آب خالص یا
شراب کے ہمراہ اسیطرح جند بیدستر و زعفران سودمند ہی اور طلا جو کہ صداع بارد کیواسطے نافع ہی ذیل اطلیہ مین آئیگا اور انڈے کی سفیدی کا کندر مین
نافع و مسکن ہی اور باین ہمہ مریض مرت علاج مین استعمال مفسدات سے دماغ بالخاصیت اور سوائے اُسکے مثل خرما و حلبہ و عدس و مبخرات مثل گندنا
و سیر و خردل روکتی ہی ایضاً سلطان محمد مراد نے اپنے مجربات مین لکھا ہی کہ بابونہ کا کھانا اور اوسکا پیشانی پر طلا کرنا مجرب ہی اور اوسکے روغن کا کان
اور ناک مین ٹپکانا اور انکباب اوسکے بجاپ سے بھی انفع ہی اور طلا جسمین جلے ہوے بال داخل ہین اطلیہ کے بیان مین آئیگا نیز نافع اور اسی طرح جسوقت
تخم مشمش تلخ پیس کے سر پر لیپ کرین یا اوسکے روغن سے طلا کرین یا نشوق کرین ایضاً برادہ چوب شمشاد جسوقت مہندی کے ساتھ ملا کے
لیپ کرین اور طلا جسمین پوست بیخ بیدانجیر ہی اطلیہ مین آئیگا نیز نافع اسیطرح تعلیق جلد سر ہدہد یا مار مہرہ یا فوۃ الصبغ مین مفید ہی اور اگر تخم دہلی
دو جز و زعفران افیون مرکی و دم الاخوین ہر ایک ایک جز و باریک پیس کے انڈے کی سفیدی مین ملاکے کاغذ پر سوئی سے سوراخ کر کے طلا کرین
اور شقیقہ پر چپکادین نافع ہوگا دوائی صداع وغیرہ امراض سوداوی دماغی ترکیب بعد نضج کے منضج سوداء تنقیہ اس کا مسہل سودا اور حب
افتیمون سے کرین اُسی طرح جیسا کہ برائے مالیخولیائے سوداوی مذکور ہوا بعد تنقیہ بغرض تبدیل مزاج جو کہ قلیل الحرارت ہو اور برودت کیطرف میل ہو کام مین
لائین اور ضماد فطول اس قسم کا عمل مین لائین اور روغنہائے مرطب سر پر ملین اور لطیف غذائین مثل گوشت حلوان و جوزہ مرغ و انڈا نیمبرشت
غذا کھائین دوائی صداع ضعف دماغی کیواسطے نافع ہی ترکیب تقویت دماغ اطریفلات و خمیرہ جات سے کرین اور روغن گل سر پر ملین اور
سیب و عنبر و گلاب سونگھائین اور اغذیہ لطیفہ عطریہ کھلائین اور مغز گوسفند روغن بادام بریان مین بریان کرین اور کھائین اور اوسکا روغن سر پر
ملنا اور حریرے پینا نافع ہی اور سات دانہ مغز بادام مقشر کے کھانا یا مثل اسکے مصری شب کو سوتے وقت کھانا بہت سودمند ہی ایضاً صداع بارد
مزمن و شقیقہ مین معمول ہی ترکیب بندق ہندی یعنے ریٹھا پانی مین بھگو کے دو تین قطرہ سعوط کرائین ایضاً بعینہ وخوذہ باردین بندق ہندی
تھوڑے زعفران کیساتھ ناک مین ڈالین اور حجر ارمنی نطرون حجر قبطی دار شیشعان ہر ایک تین ماشہ پیس کے روغن زنبق و نرگس مین ملاکے سر پر
ملین اور برگ حنا و شبت سبز کا بھرتہ بناکے سر پر باندھین دوائی صداع ضربی و سقطی ترکیب بعد فصد سرار و تنقیہ صفرا کرین مسہل بارد سے
سرکہ و گلاب و روغن گل سر پر ملین ضماد و طلا نافع ہی اس صداع کے واسطے استعمال کرین دوائی شقیقہ کے واسطے نافع ہی ترکیب سبب دریافت
کرنے کے بعد جیسا کہ اقسام صداع مین ذکر کیا گیا اعتدال پر لانے اور حسب خلط غالب تنقیہ کیطرف توجہ کرنی چاہیے لیکن قسم حار مین فصد
سرار و ضروری ہی اور فصد رگ پیشانی و رگ بینی بھی مفید ہی دوائی برائے شقیقہ حار نافع مجرب الطاکی ترکیب تنقیہ کے بعد لازم ہو کہ شربت دید
آلوے بخارا و تمر ہندی کے زلال مین یا معجون بنفشہ ان دونون زلالون مین پئین اور آب کشنیز و سرکہ و روغن گل و افیون کا طلا کرین اور دہن
جزا کا سعوط کرین اور خواص سے ہی تعلیق سداب و شرط موضع درد اور اوسکے خون سے طلا ایضاً منہ برائے شقیقہ بارد ترکیب خلط غالب کا
تنقیہ کرین اور اس جگہ فصد و نشتر اور اوسکا داغ بڑھانا چاہیے اگر مادہ پورانہ ہو شقیقہ باردین لہسن اور ادویہ و کندر کا کثرت سے لطوخ کرین اور

کبابہ و آب مرزنجوش سے سعوط اور کسی ایارج کا کھانا شروع کردین اور یہ معجون شقیقہ بارد کیواسطے مجرب ہے چنانچہ معاجین کے بیان مین آئیگی
دوائی اکثر اقسام شقیقہ کیواسطے مجرب ہے استاد مرحوم ترکیب دارفلفل ایک عدد اس کا چوتھائی نمک طبرزد پانی مین پیس کے روئی اُسمین لت کرکے
نتھنون سے درد کیطرف سعوط کرین کچھ دیر تک سوزش ہوگی لیکن درد اُسیوقت زائل ہوجائیگا اگر چاہین اسی طرح خشک کوٹ کے کپڑے
مین باندھ کے سونگھین ایضاً برائے شقیقہ ترکیب گل یاسمین روغن گل مین پیس کے ناک مین ٹپکانا مجرب ہے۔ دوائی سرسام حار مین
معمول ہے ترکیب آرد مونگ ایکپاؤ گائے کا دودھ ایک پاؤ بھگو کے ایک طرف سے روٹی پکائین اور سر پر روغن گل لگا کے جسطرف سے
روٹی کچی ہو نیم گرم رکھ کے باندھ دین گھڑی بھر تک بندھی رہنے دین اسکے بعد پھر تجدید کرین ایضاً سرسام بارد مین مستعمل ہے ترکیب زندہ مرغ کا
پیٹ مریض کے سر پر پھاڑین کہ خون مریض کے سر پر پڑے گرم گرم سر مریض پر باندھ دین جسوقت سرد ہوجائے ہٹا دین یہی حکم کبوتر کے
بچے کے واسطے ہے اگر کوئی مانع نہ ہو فصد قیفال کرین اور گرم منضج دے کے گرم مسہل سے تنقیہ کرین اور ضماد و طلا و سعوط و پاشویہ وغیرہ سے
کام لین دوائی برائے عطاش جو اسہال کے ساتھ ہو معمول ہے ترکیب مروارید طباشیر زہر مہرہ زرد پسا ہوا ہر ایک ۵ رتی شیرہ خرفہ سیاہ بریان
شیرۂ تخم کاہو عرق بارتنگ عرق کیوڑہ گلاب رب بہ شربت انار داخل کرکے بارتنگ بریان اُسپہ چھڑک کے پلادین اور بھیڑ مسلم پانی مین جوش
کرکے کھرل کرین اور تالو پر لیپ کرین اور اسکے اوپر کپڑا باندھ دین مکرر یہ عمل کیا جائے اسی طرح پانی مین پیسے ہوئے آملہ کا لیپ یا
آب کدو روغن گل اور انڈیکی زردی مین ملا کے چند بار رکھین اور نشاستہ تھوڑے سے سرکہ دیکر روغن گل کیساتھ نافع ہے مہندی ہاتھ پانون مین
لگانا ہاتھ پانون کو ٹھنڈے پانی مین رکھنا مفید ہے اور بچانون کی کونپلین ہری مہندی پیس کے گولیان بنا کے یافوخ پر رکھنا لڑکے کی مان کو لعاب بہدانہ
مصری کیساتھ دین اور ماں کی غذا چاول دہی دینا چاہئے دوائی بادشنام ترکیب بعد فصد باسلیق و رگ بینی دار سال علق مقام حمرت پر پہلے صابون
سے اور مٹی سے طلا کرین اور چھوڑ دین کہ خشک ہوجائے پھر گرم پانی سے دھولین اور کئی مرتبہ دوا کو استعمال کرین ایضاً معالجہ بعلاج ابتدائی جذام کرین
اور تبرید مع تقویت کے کرین اور بقول گیلانی اُسمین مفرح بارد و یاقوتی کا استعمال بہت زیادہ نفع کرتا ہے دوائی ماشرا مین معمول ہے ترکیب اوسکا
علاج صداع دموی کے مثل کرین اگر مانع کوئی ایسا نہ ہو تو فصد مین اسقدر خون نکالین کہ غشی تک نوبت پہونچ جائے فصد کے بعد آب انار ہمراہ تخم خرفہ
طباشیر دینا بھی مفید ہے اگر دوسرے دن مرض زیادتی پر معلوم ہو بائین جانب فصد قیفال کرین اور جسقدر قوت ہو اُسی کثرت سے خون نکالین یا دالشعیر
آب انار شیرین و ترش کا دینا بھی نافع ہے اور طلا جو اطلیہ مین آئیگا سر پر لگانا اور تلیین طبیعت نقوع فواکہ و ترنجبین سے کرین اور وقت استعمال
ملینات حلق اور سینہ پر سرد و قابض دواؤن کا لیپ جو ضمادات مین آئیگا کرین تاکہ اس جگہ سے مادہ نہ ریز کرے پورے تنقیہ کے بعد گلاب و
سکنجبین سادہ دونون دس دس درم ایک مثقال قرص طباشیر ملین کیساتھ دین اگر بیس درم تک آب انار ترش آب تربوز شیرۂ خرفہ کیساتھ
دین مناسب ہے اور غذا جو سرد اور مغلظ ہو مثل عدس مطبوخ آب کشنیز کے ہمراہ اور آش جو عناب و کدو و پالک و آب انار موافق ہے چار نسخہ مفید ماشرا
اور ادویہ اورام و بثور لکھے گئے ایضاً ماشری اور ماشرات حار مین بہت نافع ہے ترکیب کافور قیصوری نصف دانگ طباشیر سفید مغز تخم ہندوانہ سفید مغز تخم کدو گل ارمنی

صندل سفید کشنیز خشک ہر ایک ایک ماشہ گولی بناکے تحلل جائین لعاب اسبغول شیرۂ تخم کاہو ئے مقشر شیرۂ تخم خیارین شیرۂ جو مقشر ہر ایک دو مثقال پانی مین
نکال کے سکنجبین سادہ پانچ مثقال ڈالکر پیا جائین دوائی برائے سدر ودوار دماغی وبلغمی نافع ہے ترکیب انطاکی نے اپنے تذکرہ مین لکھا ہے کہ ایارج لوغاذیا یا ایارج
روفس یا ایارج ارکیغانیس چند روز کھانا ماء العسل کے ہمراہ اور روغن مرزنجوش یا روغن بابونہ کا رکھنا دوار بلغمی مین نافع اور مجرب ہے اور زبدہ
مین لکھا ہے کہ ایارج کبار یا معجون مشک یا قرص لک ماء العسل یا ایلوہ آب موز کیساتھ علاج کرنا ہے اور بعد ازان عصارہ قثاء الحمار وزعفران
آب خالص مین حل کرکے سعوط کرنا اسی کا طلا بھی کرنا نافع ہے دوائی دوار وسدر وکابوس کے واسطے مفید ہے ترکیب اسطوخودوس کشنیز خشک
ہر ایک ایک ماشہ پیس کے اطریفل کشنیزی ایک تولہ مین ملادین ایضاً شیرہ مغز بادام پانچ عدد شیرۂ خشخاش شیرۂ کشنیز ہر ایک نو ماشہ نبات
سفید تین تولہ داخل کرکے تخم فرنجمشک سات ماشہ چھڑک کے پئین اور ناشتہ مین مربہ آملہ ومربائے سیب کا کھانا طباشیر اور ورق طلا کے ہمراہ مجرب ہے
اور مربہ ہڑ گلاب سے دھوکے ورق نقرہ مین لپیٹ کے کھائین اوسکے اوپر سے لعاب بہدانہ عرق مکو اور نیلوفر مین نکال کے شربت گاؤزبان وبنفشہ
ملاکے پی جائین دوائی دوار کے واسطے جو معدہ کی شرکت سے ہو معمول اوستاد مرحوم ترکیب جوارش انارین پہلے کھائین اوسکے اوپر شیرہ دانہ الائچی
خورد کاسنی وکشنیز خشک عرق عنب الثعلب مین نکال کے شربت بنفشہ حل کرکے پلادین دوائی سدر ودوار اگر مادہ بلغمی وسوداوی وریحی سے دماغ
مین ہو ترکیب منضج گرم سے مادہ کا نضج اور مسہل حار سے تنقیہ جیسا کہ صداع بارد ومادی کے بیان مین گذر چکا ہے اور تسخین دماغ وتحلیل ریاح کے واسطے شمومات حارہ
مثل مشک وعنبر ویاسمین ونمام وسعوطات ونطولات مناسب ہے اور گرم تیلون سے مالش کرنی چاہیے دوائی سدر ودوار اگر مادہ دموی وصفراوی
سے ہو ترکیب تعدیل وتنقیہ سے مثل علاج صداع دموی وصفراوی کے کرین اور استنشاق آب کشنیز وآش وسرکہ سے اور تغریق سر وتمریخ
برائے دوار عجیب ہے دوائی المسک بارد واطریفلات کثیر النفع ہین مطلقاً اور طبیخ ترپہلہ وکشنیز اور اوسکا نقوع اور نقوع آملہ وکزبرہ ہر ایک تین
درم شکر سفید چھ درم مجرب ہے دوائی سدر ودوار معدی کہ معدہ کی شرکت سے ہو ترکیب جو کچھ صداع شرکی معدی مین ذکر ہوا ہے اوسپر عمل
کرین اور مادی حار مین بعد قے سکنجبین وآب گرم نقوع انار دانہ زیادہ مفید ہے اور مادہ بارد مین بعد قے کے مقیات بلغم ایارج فیقرا ہمراہ گلقند کھانا
اور اطریفلات وجوارشات حارہ اور غلبہ ریاح کی صورت مین امتزاج ادویہ بادشکن بھی ضرور ہونا چاہیے دوائی نافع سبات بارد وسادج بلغمی
ترکیب تبرید مسخن ومضعف سے کام لین یعنے گرم دوائین مثل تریاق اربعہ ودواء المسک حار دین اور گیہون کی بھوسی ونمک سے سر کی تکمید کرین اور گرم
دوائین سونگھائین سر پر نطول کرین روغن قسط یا روغن ناردین کہ اوسمین کسیقدر جند بیدستر وفرفیون حل کردی گئی ہو سر کے اوپر اور مہرہ گردن
کے اوپر مالش کرین اور بیرون کا طنا نیز پنڈلیون کو مضبوط باندھنا اور قدمون پر پیاز کا لیپ کرنا معہ عنصل وعاقرقرحا پرانے سرکہ کے ہمراہ گھس کے
اور چھینک لانے والی دواؤن کے ذریعہ سے چھینکین لوانا اور ایسی جگہ کہ جہان مخدرہ دواؤن کے کھانے سے ہو مثل افیون وتاتورہ کے اونکے
تریاقون سے تدارک کرین اور سبات بلغمی مین منضج گرم کے ذریعہ سے بعد نضج مادہ کے مسہل حار سے اور حب ایارج سے تنقیہ کرین اسکے بعد نطولات
وعطوسات ومعاجین حارہ کو کام مین لائین غذا شوربائے عصافیر گرم مصالحہ کے ساتھ اور بجائے پانی کے عرق بادیان دین دوائی سبات جو

ارتفاع بخارات سے ہو مثل تپہائے باطنی و ذات الجنب و ذات الصدر و تولد دیدان امعا میں و احتباس منی و خون حیض و نفاس و معدہ کے ابخروں سے عارض ہو
اونکی پہچان بخار کا موجود ہونا ہی یا عضو ماؤف میں تقدم آفت تصاعد ابخرہ معدہ کے سبب سے بتقدم سدر، دوار و طنین و دوی و خیالات پیش چشم اور مرض کی
کمی خالی معدہ میں اس بات کی دلیل ہی ترکیب پہلے تقویت سر کے واسطے روغن گل و سرکہ و گلاب سر کی چندیا پر رکھیں اور بخار جذب ہونے کے لیے
پاشویہ کریں اور کسی سخت اور کھردی چیز سے پاؤں کے تلوے سہلائیں اور ہاتھ پاؤں باندھ دیں اور چھینکیں لانے والی دوا سے چھینکیں لوائیں اسکے بعد جیسا
مناسب ہو بخار کا علاج یا اُس عضو کی تدبیر کہ بخارات اُس سے مرتفع ہو گئے ہوں مشغول ہوں اور سبات معدی میں قے کرانا اور دوسری تدبیروں سے
کہ صداع شرکی و معدی و دوار معدی میں لکھا گیا ہی عمل پیرا ہوں اور اطریفل کشنیز کھلانا مفید ہی دوائی سبات اگر کثرت خون سے ہو اسکی پہچان منہ آنکھ
اور زبان کا سرخ ہونا حرارت ملمس اور دوسرے آثار غلبہ دم کا ہونا ہی ترکیب پہلے فصد اکحل و قیفال کھلوائیں پھر مادہ جذب ہونے کے واسطے پنڈلیوں
کو سنڈوائیں ٹھنڈی اور خشک غذائیں مثل سوکھا دھنیا یا شیرہ کاہو و کاسنی سکنجبین کے ہمراہ استعمال کرائیں اور لطیف غذائیں کھلائیں اور خلاف
بخار کے لیے تقویت سر کی غرض سے جیسا کہ اوپر گذر چکا ہی عمل کریں اگر مسہل کی ضرورت ہو جیسا صداع دموی میں دستور ہی تنقیہ کریں یا جیسا کہ سرسام
دموی میں بیان کیا گیا ہی جیسا کچھ مشاہدہ کریں ویسی تدبیر کریں دوائی سبات جو ہر روح کی تحلیل ہو جانیسے اگر ہو جو تعب و ریاضت و حرکت عنیف یا قے کی کثرت
یا بسبب صدمہ کی وجہ سے ہو اوسکی پہچان تقدم اسباب محللہ ہی اور قلت غذا و رفتہ رفتہ سبات کا ہونا ترکیب گرم مزاج والے کو ماء اللحم سیب کے
پانی گلاب اور عرق بید مشک میں دیں شربت انار و گلقند سیوتی اور دوسرے مفرحات سے کام لیں صندل و گلاب سنگھائیں سرد مزاج کے
واسطے مفرحات حارہ و ماء اللحم شراب انگوری کیساتھ دیں بالجملہ غشی کے علاج کیطرف رجوع کرنا چاہیے دوائی سبات کی اس سے مراد جون کا
دیر تک سونا یا کسل و ثقل اور کثرت سے ماندگی ترکیب پہلے دن ایک مکھی کے پر دور کرکے ایک ماشہ اجوائن مصفی میں مل کے کھلادیں دوسرے
دن دو مکھیاں ایک ماشہ اجوائن کے ہمراہ تیسرے دن تین اور چوتھے دن چار اسیطرح سات دن تک ایک ایک مکھی بڑھاتے رہیں اسکے بعد ایک
ایک کم کرنا شروع کر دیں چودھویں دن ایک مکھی دیں چودہ روز کی مدت میں اگرچہ مرض قوی اور مزمن بھی ہو خدا کے حکم سے زائل ہو جائے گا اور اس
دوا سے قے نہیں آتی ہی مگر اوس وقت تک جب تک کہ مرض بالکل دور نہیں ہو جاتا منقول از استاد مرحوم سے ایضاً بخار کے بعد نیند کا بہت آنا
اسکو سبات کہتے ہیں ترکیب استخوان باختہ دو درم مروارید دو رتی لسبد دو رتی تینوں کو پانی میں گھس کے سات روز کھلائیں دوائی نیند کا خشک
ابخروں کے سبب سے اُڑ جانا معمول ہی ترکیب جیسا صداع حار میں ذکر کیا جا چکا ہی وہی تدابیر کریں اور منوم (نیند آنیکی فکر) مثل خشخاش
اور تخم کاہو پینے میں اور ریحان مبلول سونگھنے میں اور ضماد کرنے کے واسطے معمول ہی بہت مفید ہی نیز ضماد قرص شلث ہرے دھنیے کی پتی کے عرق میں
گھس کے پیشانی پر لگانا مجرب ہی روغن گاؤ پانی سے دو مرتبہ دھو کے ملنا روغن بادام تلووں میں لگانا بھی نیند آنے کے واسطے ہے
اور اگر خلط سوداوی کا غلبہ ہو اوسکا تنقیہ اس طریقہ پر جیسا کہ دوائی مالیخولیا میں آتا ہی کرنا چاہیے اور جب خلط صفراوی کا غلبہ ہو اس حالت میں استفراغ
بدستور صداع صفراوی کرائیں اور اثنائے تنقیہ و قبل اور بعد تنقیہ دماغ کی ترطیب ملحوظ رکھیں یعنی استعمال اشربہ و نطولات و سعوطات مرطبہ و لخلخہ زیادہ استعمال

کرین اور مرطوب غذائین مثل گوشت بزو بز غالہ ہمراہ کدو و بالنگ شیرۂ خشخاش دکا ہو پکایا جاے اور حسو ہاے مرطبہ دماء الشعیر و چاول وغیرہ کھلائین
اور غذا ہضم ہونے کے بعد میٹھے نیمگرم پانی سے غسل دلائین اور مرطوب مقام پر سونیکا حکم دین اور سہر کہ رطوبت بورقیہ سے ہوتا ہے اُسکی علامت تمغنون
کا تر ہونا آنکھون مین کیچڑ آنا بہرے پن کا احساس کسیقدر درد سر ہے مثل گاؤزبان تخم خطمی و بنفشہ اور دوسری قلیل الحرارت دوائین منضج گرم سے رے کے
بھگوائین گلقند مل اور صاف کرکے پلوائین اور نضج کے بعد گرم مسہل دین جسکی شدید الحرارت دوائین نکالڈالی گئی ہون حب ایارج وحب شبیار سے
تنقیہ کرائین بعد اسکے روغن بابونہ وغیرہ سر پر ملین اور غذا مین حلوان کا گوشت اور مرغی کے چوزہ کا شوربہ پکا کے جسمین بالنگ و کدو ملا ہو دین ایضاً
براے سہر نافع ہے ترکیب لڑکی والی عورت کا دودھ ناک مین ٹپکانا اور سر پر دہنا خشخاش و تخم بنگ ہر ایک ایک تولہ پیس کے گاے کے دودھ
مین پکائین اور تلوون مین ملین ایضاً بیخوابی اور دماغ کی خشکی مین معمول ہے ترکیب تخم کاہو مغز تخم خربزہ مغز بادام خشخاش سفید مغز تخم کدو ہے تخم ریزن
ہر ایک دو دو دام پیس کے گولیان بنائین اور یافوخ پر باندھین ایضاً تخم کاہو ایکدرم تخم خشخاش دو درم شیرہ نکال کے شکر سے قدرے میٹھا کرکے
پئین ایضاً نیند لاتی ہے ترکیب ذراسی افیون زعفران و روغن بنفشہ حل کرکے ناک کو اُس سے چرب رکھین دوائی براے سہر الطاکی سے
ترکیب خوراک کے متعلق جو کچھ مین نے تجربہ کیا ہے یہ روغن ہے اُسکا نسخہ روغنون کے بیان مین آئیگا اور کہتے ہین کہ خواص سے ہے کہ زعفران
اور الیوہ کا رکھنا یا کاہو کی پانچ پتیان اس طریقہ سے رکھنا کہ اونکے اوپر کے حصہ کا رُخ مریض کے سر کی طرف ہو زیر تکیہ بغیر مریض کے علم کے
رکھدین اسی طرح ترنج اور حلبہ کا تنہا کھانا ہر طریق سے اور تخم خشخاش دکا ہو شکر کے ہمراہ اور عنبر کا سونگھنا دوائی سہر مجربات سلطان محمد مراد سے
ترکیب دھتورے کے بیج افیون قشر بیخ تفاح و زعفران و شیلم و اقحوان سفید و صمغ عربی و آرد جو سب مساوی کا عبیر بنا کے سونگھنا مجرب ہے ایضاً
تین یا پانچ عدد حب کا کنج نگل جانا نیند لاتا ہے اور اگر کاہو و تفاح و اجوائن خراسانی و افیون ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے طبیخ خشخاش مین آمیز کرکے
سوتے وقت پیشانی پر طلا کرین مجرب ہے اور سونگھنا بادرنجبویہ کا اور اشنہ و دستنبویہ کا اسیطرح بافلاے رطب کا کھانا اور اوسکا آب نقوع پینا
ایسے ہی طلاے روغن بیخ صدغین پر (کنپٹیون پر) اور نیمدرم بزر البنج سفید کے کھانے سے نیند آتی ہے دوائی براے سہر مجربات سویدی سے ترکیب
مغز بادام شیرین کا کھانا باریک پسے ہوے بنفشہ کو مطبوخ کرکے روغن کنجد مین آمیز کرکے لیپ کرنا اسیطرح ہر بغیر کسی دوسری غذا کو ملاے
ہوے کھانا اور سونگھنا عبیر کا جو سلطان کی دوائی مین گذرا دوائی براے سُبات سہری و سہر سُباتی مین معمول ہے ترکیب دماغ کے تنقیہ اور تبدیل
مزاج کے لیے جو کچھ سہر و سبات مین ذکر کیا گیا ہے استعمال کرین اور اگر تقدیر سے اوسطرح واقع ہوا جو قرانیطس و لیثرغس مین ذکر کیا گیا ہے ترکیب دیکھے
تدبیر کرین بہرحال چاہیے یہ ہے کہ تمام تدبیرون مین خلط غالب کی رعایت مدنظر رکھین اگر خون مرکب الاخلاط ہو تو اگر ممکن ہو فصد و حجامت سے
پنڈلیون کی ابتدا کرین دوائی نافع جمود ترکیب اگر غلبۂ خون کے علامات ظاہر ہون اور کوئی مانع نہ ہو تو فصد سرارو کرین یا پنڈلیون کو مندوا
ڈالین اور نہین تو شیاف گرم یا حقنہ مخرج سودا عمل مین لائین اور جند بیدستر و فرفیون و روغن زنبق ملا کے سر پر طلا کرین ایضاً گرم تیلون کا مثل
روغن خیری و سداب و مرزنجوش مین تھوڑا سا جند بیدستر ملا کے مالش کرین مفید ہے اور گدی پر داغ دینا مجرب رازی ہے اور تدبیر سکتہ و سبات لسنجین سر

ماء الشعیر سے ادہان کریں افاقہ کے بعد منضج و مسہل سودا و حب افتیمون دیں اور اشربہ و اغذیہ گرم و تر کھلائیں پلائیں سر کے پچھلے حصہ کو موم روغن سے تر رکھیں اور انطولات و طلاءات کیوقت گلقند عسلی دیں پانی کے بجائے ماء العسل پر اقتصار کریں اور ایسی حالت میں کہ استعمال مسخنات کے سبب سے بیخوابی عارض ہوئی ہو سر کو عورت کے دودھ اور بنفشہ سے تر رکھیں نطولات سے کام لیں غذا مرغ کے جوزہ کا شوربہ حمام میں بدن پر سوسے کا اور خیری کا تیل ملنا سودمند ہے دوائی نسیان کے واسطے کہ رطوبت و برودت کے غلبہ سے ہوتا ہے اسکی علامت نیند کثرت سے آنا اور سر کے آخری حصہ کی گرانی اور دماغ سے رطوبت کا سیلان ہے ترکیب منضج گرم سے انضج بلغم کے بعد مسہل گرم سے اوسکا تنقیہ اور حب ایارج یا حب قوقایا اور جبکہ بقیہ مرض سے کچھ باقی رہ جاے حب چند استعمال کریں اور تنقیہ کے بعد تبدیل مزاج کے واسطے عطوسات و نطولات و اطلیہ و ادہان وغیرہ انھیں تدبیروں سے جو سبات و لیثرغس میں ذکر کی گئیں کام لینا چاہیے اور اُنسے جو بیان لکھی گئیں اور استعمال سفوف کندر مصری و مربای درج و مربای دارفلفل و مربای زنجبیل و مربای ہلیلہ و جوز ہندی خصوصیت کے ساتھ نافع ہے و معجون فلاسفہ و دیگر معاجین کبار مفید ہیں اور زعفران و جند بیدستر کا سونگھنا مجرب ہے دوائی نسیان ٹھنڈ اور خشکی کے استیلا سے ہو اوسکی پہچان زیادہ جاگنا ناک میں خشکی کا ہونا بات دقت سے کرنا اور کبھی ایسی حالت ہوتی ہے کہ معلوم ہوتا ہے کوئی گلے کو جکڑے ہوے ہے سانس دقت سے آتی ہے ترکیب ترطیب و تسمین کے واسطے حار و رطب غذائیں دیجائیں مثل بکری اور حلوان کا گوشت مرغ کا چوزہ اور مرغیون کا بھیجا مغز ساق گاؤ روغن بادام و روغن بابونہ سر پر ملیں طبیخ کلہ پاچہ یا مطبوخ بابونہ و تخم کتان و بنفشہ سے نطول کریں اور دوسری مناسب تدبیریں کہ ادویہ مالنخولیا میں لکھی جاچکی ہیں عمل میں لائیں دوائی نسیان کیواسطے مجرب ہے ترکیب کندر ایک مثقال پانی میں بھگو کے صبح کو صاف کرکے پی لیں دوائی نسیان کے واسطے مفید ہے ترکیب روغن مالکنگنی پان پر مل کے ایک گولی بادہ کی اوسپر رکھ کے ملیں کہ پژمردہ ہوجاے اوسکے بعد اُس پان میں مصالحہ وغیرہ لگا کے بطریق متعارف کھائیں اور مداومت کریں اگر کافی نہ ہو تو قوی مسہل دیں ایضاً برای نسیان مجرب الطاکی ترکیب کوئی شک نہیں ہے کہ شکایت اس مرض میں غالباً ٹھنڈ سے ہوتی ہے لہذا واجب ہے کہ خلط بارد کا تنقیہ ملحوظ رکھ کے ایارجات و شحم فلفل و مشک و نسرین اور معجونوں کو کھلانے سے کریں اور بلادری و تدہین سر روغن خلوق سے اور یہ معجون تراکیب نادر سے منع نسیان کیواسطے مجرب ہے اوسکا نسخہ معجونوں کے بیان میں آئیگا دوائی نسیان کے لیے نافع ہے تکملہ سے ترکیب کندر زیرہ پیپل ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے دو چند شہد میں ملا کے ہر روز صبح و شام کھلائیں دوائی اقسام مالیخولیا کے واسطے مجرب ہے ترکیب بعد فصد ہفت اندام صافن کی فصد لیں اور مربہ آملہ دھوتے ہوے چاندی کا ورق لپیٹ کے ہمراہ شیرہ آلو بخارا سات دانہ شیرہ کشنیز خشک پانچ ماشہ شیرہ تخم خرفہ سات ماشہ شربت نیلوفر دو تولہ تخم فرنجمشک چار ماشہ چھڑک کے کھلائیں اور مفرح بارد ہمراہ شیرہ زرشک سات ماشہ شیرہ آلو بخارا پانچعدد شربت انار شیریں دو تولہ بھی نافع ہے روغن بنفشہ و روغن بادام و روغن کدو سر میں لگانا کان ناک میں ٹپکانا مفید ہے تبرید جگر کے واسطے گلاب صندل کافور کا جگر پر طلا کرنا اگر تنقیہ کی ضرورت ہو تو نضج مادہ منضج سودا سے کیا جاے اور مسہل سودا و حب افتیمون سے تنقیہ کریں بعد اسکے ماء الجبن استعمال کریں اور مالیخولیاے صفراوی و سوداوی میں تنقیہ کے بعد ماء الجبن سادہ و شیر بز و ماء القرع بہت مفید ہے صاحب مالیخولیا کے واسطے تفریح و انبساط اور

زیادہ سونا نافع ترین تدبیرین ہیں گھر کی ہوا کو مرطوب کردینا خوشبودار چیزین سونگھنا مرطوب غذائین کھانا غذا سے پہلے استحمام اور نیم گرم پانی سے سر پر انصباب بہت نافع ہے اور مالیخولیائے بلغمی و سوداوی مین اگر قوت کے سقوط کا اندیشہ نہ ہو یہان بھی فصد سے ابتدا کرین نشتر چوڑا دین فصد کے بعد تبرید مذکور دین اور شربت بنفشہ و شربت خشخاش بھی مناسب ہے بعدہ تنقیہ سودا کرین اور بلغمی مین تنقیہ کے بعد حب ایارج سے تنقیہ کرین اولیٰ ہے تقویت کے لیے مثل دواء المسک حار و مفرح حار کرنا چاہیئے اور مالیخولیائے مراقی مین اگر سبب مرض ورم حار مراق ہو ورم حار کا علاج کرنا چاہیئے سر کے بال منڈوا دینا مراق کے واسطے مفید ہے کہتے ہین کہ اس مرض مین فصد بعد چالیس روز کے مفید ہوتی ہے گدھی کا دودھ پینا بہت ہی نافع ہے اگر مادہ بارد ہو نطولات و ضمادات حارہ استعمال کرنا چاہیئے اور اس قسم کے مالیخولیا مین شدید الحرارت دواؤن سے تنقیہ نہ کرنا چاہیے گلقند و سکنجبین و مفرحات و جوارشات مقوی معدہ و دل مفید ہین غذا مین مرغ کا جوزہ انڈے کی زردی اور مثل اسکے مناسب ہے نوع دیگر تالیف انطاکی ترکیب مالیخولیا مین فصد کیطرف مبادرت کرنی چاہیئے پہلے صافن کی پھر اکحل کی فصد لین غذا مرغ کے چوزے دودھ انڈا وغیرہ کا ہو و کدو و روغن بادام سے اقتصار کرین اور ہر صبح کو بندق ہندی کی قیراط کے ساتھ کسیقدر شکر روغن گاؤ مین حل کرکے سعوط کرین اور ہر ہفتہ مین ایکبار لاجورد و افتیمون ہر ایک ایک مثقال ماء الجبن و سکنجبین کے ہمراہ کھائین اور ہر روز پانچدرم اسبغول پندرہ درم شکر سفید و گلاب تیس درم کے ساتھ دین کہ یہ علاج مجرب ہے اور اس معجون کی مداومت کرین چنانچہ وہ نسخہ معجونون کے بیان مین آئے گا ہمیشہ حمام کیا کرین اور مثل گل سرخ و بنفشہ و مورد کے قریب سویا کرین اگر تابستان ہو ورنہ اس سے محترز رہین اور اعتدال فصلون کی مناسبت سے کرین اور جو جو مخصوص اقسام جنون و مالیخولیا مین فائدہ دیتا ہے تریاق الذہب ہے و تعلیق یاقوت و زمرد اپنے ساتھ رکھنا اور کھانا مگر جالینوس نے ہمین سرخ و خشک و تر دھنیا کا حکم کیا ہے اور سرسام کے بیان مین گذرا ہے طلا کرین ایضاً برائے مراق بیاض استاد مرحوم سے ترکیب برادہ صندل سفید کشنیز خشک مقشر نیکوفتہ رات کو بھگوکے وقت صبح اوسکے زلال مین مصری ملاکے شیرۂ خرفہ آمیز کرکے پی لین ایضاً برائے مراق و سوزش معدہ ترکیب کشمش سات ماشہ شب کو چار تولہ گلاب مین بھگودین صبحکو سوئی سے نکال کے ایک ایک کھائین اور پر سے گلاب پی جائین دوائی اقسام جنون کے لیے ترکیب جو کچھ مالیخولیا کی دوائی مین بیان کیا گیا ہے حسب غلبۂ مادہ عمل کرین اور قرشی کہتا ہے کہ نیم درم افیون اشج مین جنون کو ایکدن مین کھوتی ہے لیکن احتیاط کا مقتضی یہ ہے کہ بہت تھوڑی مقدار سے شروع کرین اور رفتہ رفتہ مقدار مذکور تک پہنچائین اور کہتے ہین گر آدمی کے سر کے بال جلاکے روغن گل مین ملائین اور ناک مین ٹپکائین جنون دور ہو جائیگا حکیم علی کہتے ہین کہ سعوط بندق ہندی حبہ کے وزن مین روغن بادام کیساتھ جنون مین نافع ہے اور مجربات سلطان محمد مراد سے ہے کہ اگر معجون نصف درم اصابع الصفر پیس کے شہد کے ہمراہ کھائے صحت پائے سویدی کا قول ہے کہ تخم بادرنجبویہ شکر کے ہمراہ کھانا اسکا لقبہ مسلوق روغن بادام مین اور گاؤزبان اور سیب شامی کھانا اور سونگھنا اور اسیطرح مرغ کا گوشت اور مرغ کا بھیجا کھانا وسواس سوداوی مین مجرب ہے ایضاً کہتا ہے کہ ماینا مین شربت ماء الشعیر ہمراہ شربت نیلوفر اور تنطیل سر ماء الشعیر سے بعدہ بار حمام مین اور [illegible] مین تپ میدہ یا مغز تخم کدو پیس کے آب جرادہ کہ وہ مین بھگو دین اور سعوط و تنوم مغز تخم کدو اور غذا مطبوخ روغن بادام مین اور عورتون کا دودھ سر پر دوہنا اسکا سعوط بکری کا دودھ تازہ دوہنا اور اسکا بھی سر پر دوہنا اور مرق مسلوق روغن بادام کیساتھ کھانا لیکن اسمین شیرۂ خشخاش و کشنیز سبز بھی داخل کر دیا ہو اور اسیطرح بقلیہ مسلوق روغن بادام مین بتر لقلقہ

خربزہ مطیب روغن بادام مین کھانا کھیرا سے چھلکا ایک رات دن تک تراش کے رکھ چھوڑنے کے بعد اسیطرح قثا تازہ مقشر وکذا غذا بیضہ مرغ نیمبرشت نیز بابچہ جدی شیر خوارہ اور اوسکا گوشت مسلوق اور مطنجن روغن کنجد تازہ مین اور نان سفید محکم الصنعت نیز اطراف حمل شیر خوارہ اور اوسکا گوشت مطبوخ و مطنجن شیرم تازہ کے ہمراہ یہ سب میرے مجربات سے ہی دوائی نافع داء الکلب ترکیب ماء الجبن ہمراہ شربت السی علو نخان وحب لاجورد دین اور اسی طرح سال بھر مین دو ایک مرتبہ تنقیہ کرین دوائی کابوس اسکا سبب اخلاط غلیظ کے بخارات کا دماغ کیطرف اُٹھنا ہی یا دفعۃً بہت زیادہ سردی معلوم ہونا سوتے وقت دماغ مین اور بخارات کا مادہ غلبۂ خون سے ہوگا تو اسکی پہچان بدن کی سرخی آنکھ کی سرخی تخیل اشیاء سرخ اُس حالت مین دیکھے گا اگر مادہ بلغم کا ہوگا بدن کی سستی حواس کی کندی زیادتی کیساتھ رال بہنا اور سفید چیز کا خیال یا سبز کا اسکی دلیل ہی اگر سودا ہوگا کثرت فکر و بیخوابی اور تخیل تاریکی و سیاہی سے وہ حالت خالی نہ ہوگی اور اسی حالت مین کہ سردی کسی سبب سے معلوم ہو اصابت سردی کی سوتے وقت وسوقت مذکورہ بالا علامات سے اندازہ کیا جا سکتا ہی ترکیب تنقیہ حسب مادہ کیا جاے تقویت دماغ و منع ابخرہ کے لیے مثلا دموی مین فصد قیفال و باسلیق و حجامت ساقین اور تقلیل غذا کرین اور مسہل دین جیسا کہ صداع دموی مین بیان ہوا ہی اور بلغمی و سوداوی مین تنقیہ ہر ایک کا اُسکے مسہل و حبوب سے کرین جیسا کہ فصل لقوہ و مالیخولیا مین ذکر کیا گیا ہی اور تقویت دماغ و تعطیس و بخور بخرات اور پانون کو ملنا جمیع اقسام ملوی مین مفید ہی جس مقام پر فقط سردی ہو گرم تیلون کی مالش مثل روغن بابونہ و مرزنجوش و سداب و مصطگی کی اور اذخر بھی نیگرم عمدہ و لطیف خوشبویات کا سونگھنا مثل مشک و عنبر اور وہ تدبیرین جو صداع بارد سادہ اور اوسکے جزو کے بیان مین بکمرر ذکر کی گئی ہین کافی ہین بالجملہ اس مرض کی تدبیر مین غفلت نہ کرنی چاہئے کہ انجام صرع و سکتہ و جنون ٹھہرے دوائی نافع کابوس ترکیب فصد باسلیق کے بعد سناء کی پانچدرم ہلیلہ سیاہ دو درم جوش دیکے صاف کرکے نیم گرم پئین بعد اسکے قے لانے والی دواؤن سے قے کرائین بعد اسکے معجون جسکا معجونون مین ذکر آئیگا کھلائین دوائی اقسام صرع ترکیب صرع دماغی مین جسکا مادہ سر مین ہوتا ہی یہ صرع کی بدترین قسمون سے ہی اسکی علامت یہ ہی کہ پہلے مختلف درد ہوتے ہین ثقل سر و زبان ہمیشہ رہتا ہی اور حواس مکدر رہتے ہین سدر و دوار باوجود خلو و تنگی معدہ بھی لازم ہوجاتا ہی اجابت طبع عادت معہودہ پر اگرچہ صرع کھل جاتی ہی لیکن سر مین آفت کا لزوم عقل مین نقصان پیدا ہوجاتا ہی پس اگر مادہ بلغمی ہی تو بدن مین کاہلی رنگ مین سفیدی مزاج مین سردی کثرت بزاق اور صرع کے دورہ مین کثرت سے کف جاری ہوتا ہی حرکت مین دشواری حواس کی کندی اسپر دلالت کرتی ہی اگر سوداوی مادہ نہ ہو تو جھوٹے گمان و سواس کی زیادتی اور کثرت خفقان بدن کی لاغری بھوک کی زیادتی منھ کا مزہ ترش اسکی پہچانین ہین یہ قسم بلغمی سے بہتر ہی اگر مادہ دموی ہو منھ کی سرخی رگون کا بھرا بھرا ہونا نتھنون سے خون آنا اکثر اوقات اسکے شاہد ہین اگر صفراوی مادہ ہو چہرہ اور آنکھ کی رنگت زرد پڑجاتی ہی دورہ جلد جلد پڑتا ہی اضطراب مین شدت ہوتی ہی تشنج والتہاب و گرمی و اختلاط عقل مین کمی ہوجاتی ہی لہذا بلغمی مین نضج و تلطیف مادہ منضج گرم سے کرکے مسہل حار وحب ایارج سے تنقیہ کرین بعدہ گرم معجونین کھلائین سعوطات و عطوسات و غرغرے جب حاجت کرائین ہر روز صبحکو معتدل ریاضت کرائین اور بدن کی مالش کرائین اس طریقہ سے کہ ملنے مین ہاتھ کو اوپر سے نیچے کی طرف لائین اور اطراف سے شروع کرین پھر سر کو بھی اسیطرح ملین غذا نخود آب و گوشت چکور تیتر و مرغ و کنجشک دین ایضاً تنقیہ کے بعد معجون زبیب و معجون

سیسالیوس یا سکنجبین عنصلی کی چندروز مداومت کرین ہفتہ مین ایکبار عاقرقرحا بار یک پیس کے شہد مین ملائین اورجس پانی مین اسطوخودوس کیا ہوا ہو

اوسکے ساتھ دین اگر پھر صرع کا دورہ پڑے گدی کی حجامت کرائین اور تریاق کبیر اور مثرودیطوس وا یارجات کبار مثل ایارج روفس کے دین اگر اس زمانہ

مین حرارت ہوجاے اوسکا سکنجبین سے مداوا کرین اور حرارت دور ہونے کے بعد علاج مین مشغول ہون اور صرع سوداوی مین مسہل سوداوحب افتیمون

دین اوسی طریقہ سے جسطرح جبر مالیخولیاے سوداوی مین گذرچکا ہو بعد اسکے دواءالمسک حار اور دوسری مناسب معجونین کھلائین گرم تیلون کا استعمال

مثل روغن بابونہ وسداب وخیری اور منع امتلا وتجوید اغذیہ ہمراہ اسفیداج کہ گوشت فراریج ومرغ تیار وگوشت حلوان سے بنا ہو اور دلک واستحمام

وریاضت معتدل کرین تقویت دماغ مشمومات سے مثل عنبر وگلاب کے کرین اور صرع دموی مین فصد صافن یا ساقین کی حجامت کرین تقلیل غذا کرین اگر

امتلا کی زیادتی ہو فصد قیفال لین بھی لین اور مصفیات کا استعمال مثل عناب وشاہترہ وکشنیز وغیرہ دین تقویت دماغ سرکہ اور روغن گل سے کرین

اسکے بعد بھی اگر سودا یا بلغم کا غلبہ محسوس ہو اسکا تنقیہ کرین اُن چیزون سے جو مالیخولیاے بلغمی وسوداوی مین ذکر کی گئی ہین اگر پھر امتلاے خون معلوم

ہو دوبارہ فصد وحجامت کرائین اور اس اثنا مین تقویت دل ودماغ سے غافل نہون اور صرع صفراوی مین مسہلات صفراوی اور تغذیہ جو معض سے

اور تبدیل مزاج شمومات وسعوطات واطلیہ بردہ ومرطبہ سے کرین اور لڑکی کی مان کا دودہ سر پر ڈالین **دوالی اصرع معدی** اسکی پہچان اختلاج معدہ

ہو گرسنگی کے وقت خاصکر لذع ورعشہ لازم ہین جھٹنے منتفخ ہوتے ہین دورہ کیوقت گلے سے خرخراہٹ پیدا ہوتی ہو اور پیشاب پاخانہ یا منی نکل آتی ہو اور قے

کے بعد صرع مین کمی اور دورہ مین تخفیف ہوتی ہو اور دوسری علامتین کہ خلط فاعل کی نوعیت پر دلالت کرتی ہین بارہا ذکر کی گئی ہین اور صداع شرکی

مین مفصل بیان ہوئین ترکیب اگر مادہ بلغمی ہو تنقیہ کی غرض سے بلغم کی قے لانے والی دوا سے قے کرائین اور بعد نضج حارت نضج ومسہل گرم حب ایارج

دین اور استعمال اطریفل صغیر ہمراہ ایارج فیقرا ملا کے اس مرض مین نہایت مفید ہو تنقیہ کامل کے بعد براے تقویت معدہ گل سرخ مصطگی قشار کندر

عود غرقی سنبل الطیب پیس کے گلاب مین ملائین اور معدہ پر لیپ کرین اور تریاق اربعہ وجوارشات گرم وگلقند اور مثل انکے دوائین استعمال کرین

غذا خمیری روٹی جو خشک دھنیا کے پانی مین گوندھ کے خمیر کی گئی ہو ہمراہ چوزہ مرغ وچکور وغیرہ کے دین دارچینی سے خوشبودار بھی کر لینا چاہیے میوہ

کی قسم سے انجیر ومویز ولپتہ کھانا مناسب ہے اور بلغم پیدا کرنے والی چیزین یا مثل پیاز ولہسن وگندنا وکرفس وخردل وشراب وگوشت گاو اور مچھلی سے

پرہیز کرین اور جماع وکثرت استحمام وشرب آب سرد نیز تیز خوشبوؤن کے سونگھنے سے بھی حذر کرین اگر مادہ سوداوی ہو منضج سودا سے نضج کے بعد مسہل

سودا وحب افتیمون یا حب اسطوخودوس دین اور اگر ایارج فیقرا وحجرارمنی مغسول ہر ایک ایکدرم اطریفل مین دین مفید ہو بعدہ صندل گلاب مین گھس کے

معدہ پر لیپ کرین غذا چوزہ مرغ حلوان کا گوشت ہمراہ ماش ومغز بادام وکشنیز وپالک پکا کے کھلائین اگر مادہ صفراوی ہو بعد قے سے تنقیہ کے اور

مسہل بارد کے تبدیل مزاج کے واسطے بنسلوچن سوکھا دھنیا اور جزاسکا رب بہ مین کھلائین برگ خرفہ دکاہو وطراف کو پکا کے لیپ کرین غذا انار

کے عرق مین روٹی ترکر کے بکری کے گوشت مین ہمراہ تمر ہندی وکشنیز خشک دین **دوالی صرع اطرافی** اُسکی پہچان اُس عضو سے دماغ کیطرف بخار کا

بلند ہونا آنکھ کھلی رہنا آنسو نکلنا ہنا رنگت سٹی کی طرح ہوجانا الجھن بےچینی ہاتھ پاؤن کا اینٹھنا اور جلد جلد پیشاب آنا ہو ترکیب جسوقت دورہ ہٹے ۱۲۰

یعنی بخار اُس عضو سے دماغ کیطرف اُٹھنے لگین اُن اعصاب کو مضبوط باندھنا چاہیے اور عضو کو گرم رکھین یا سعوط ادویہ مثل عاقرقرحا و شیطرج و ہینگ و فرفیون در روغن بلسان گرم کرکے اس جگہ ضماد کرین ایضاً روغن بابونہ گرم پانی مین ملائین اور اس عضو کو اُسمین ڈوبا رہنے دین پانی ٹھنڈا نہ ہونے دین سوتے رہین دورہ ختم ہونے کے بعد گرم مسہل و حب ایارج یا حب اسطمخیقون سے بلغم کا تنقیہ کرین بدفعات اور سکنجبین عنصلی و شربت اسطوخودوس اور دوسرے مسخنات مقویات دماغ عمل مین لائین اور سداب خشک و عنبر سونگھائین گرم تیلون کی سر مین مالش کرین بعدہ رائی جندبیدستر کالی مرچ پیس کے شہد مین آمیز کرین اور اس عضو پر طلا کرین روغن حب الخیر و زرنب و روغن سداب و قسط و خیری کی عضو پر مالش کرین اگر یہ تدبیرین سودمند نہ ہون تو عضو ماؤف پر ادویہ مقرحہ مثل شہد بلادر و سرگین کبوتر و شیر الخیر و کبیکج کا لیپ کرین تا کہ قرحہ پڑے یا داغ دین اور قرحہ و داغ کو مدت تک رہنے دین اچھا نہ ہونے دین تاکہ تمام پیپ اور زردابی اُس سے نکل جاے بعدہ مرہم سے علاج کرین جاننا چاہیے کہ ادویۂ مقرحہ یا داغ دینے سے پہلے وضع محاجم بغیر شرط و مع شرط کے اُس عضو پر جذب مواد و استفراغ کے واسطے کرین دوائی صرع کہ دوسرے اعضا کی مشارکت سے دوسرے اعضا پر پڑتی ہے ترکیب صرع جو شرکت طحال سے ہو نفخ و صلابت اور تلی کا درد اوسکی پہچان ہے اور صرع مراقی مین کھٹی ڈکارین آتی ہین پیٹ پھولتا ہے سوزش و اضطراب ہوتا ہے مراق مین غذا غیر منہضم کی قے ہوجاتی ہے صرع رحمی مین حمل کی حالت مین صرع کی زیادتی اور وضع حمل کے بعد اسکا زوال ہوتا ہے اور جو احتباس منی و طمث و اختناق رحم سے ہو وجود احتباس حیض و ترک جماع و ثقل اور پیٹھ مین زد گردہ مین درد پیدا ہوجاتا ہے بالجملہ اسکا علاج تین طریقون سے کیا جاتا ہے اور تقویت اُس عضو کی وہی ہے کہ ہر ایک کے مقام پر درج ہے احتباس منی مین جماع مفید ہے ایضاً اگر مشارکت کبد سے ہوتی ہے حرارت کو تسکین دینے اور سدہ خارج کرنیکی کوشش کرین حسب حاجت جیسا کہ امراض جگر کے بیان مین آیگا اسیطرح صرع کہ دیدان کے پیدا ہونے سے امعا مین یا لسع عقرب و زنبور سے واقع ہو جنکا اپنی اپنی جگہ پر بیان آئیگا عمل درآمد کرین اور لسعی مین اگر سونف دو درم گلقند دس درم جوش اور صاف کرکے تریاق اربعہ ایک مثقال اُسمین حل کرکے دین فائدہ ہوگا اور جو قوت حس دماغ سے حادث ہو علامت و علاج اوسکا صداع حس دماغی مین ڈھونڈھیں اور شربت خشخاش پلائین کلہ پایچہ اور گوشت گوسالہ اور تازہ مچھلی کھلائین بنانے مین تخم کاہو اور خشخاش ملائین دوائی صرع ترکیب ہینگ سکنجبین کے ساتھ کھائین عود صلیب ایک ماشہ جدوار ایک ماشہ سونف کے عرق مین پیس کے حلق مین ٹپکائین پنیر مایہ حیوانات خصوصاً خرگوش سرکہ مین کھانا مجربات سے ہے اسی طرح سنگ عقیق پیس کے اگر مکرر دین فائدہ کرتا ہے بندق ہندی کا پتا آب چقندر مین اسکا سعوط کرنا بھی مفید ہے عود صلیب کا جوڑ اپنے ڈورے مین باندھ کے مصروع کے گلے مین ڈالنا مجرب ہے سونگے کی جڑ یاقوت و زمرد مصروع کی گردن مین پہنانا بہت مفید ہے جوہے کی دم صاحب صرع کے سر پر رکھنا مجرب ہے عاقرقرحا سونگھنا اور گلے مین پہنانا نافع ہے انسان کی ہڈی جلی ہوئی کا سعوط کرنا شفا دیتا ہے اسی طرح اوسکا کھانا اور بقول صاحب خلاصہ استخوان سر انسان سوختہ باریک پیس کے دو درم تین روز تک کھانا جمیع انواع صرع کے واسطے سودمند ہے اگرچہ عود کرے مکھی کے سات سر تھوڑے پانی مین پیس کے ناک مین ٹپکائین بعون اللہ تعالٰی پھر عود نہ کریگی تبخیر تاج خروس بھی نافع ہے جندبیدستر و ہینگ سونگھنا بھی مفید ہے غذا بکری کا گوشت مرغ کنجشک مناسب ہے ایضاً مجربات سویدی سے ترکیب دو مثقال بیخ اقحوان کا تیس دن تک کھانا صرع کو زائل کرتا ہے اور بعضون نے

ایک مثقال کا صرع سوداوی مین تجربہ کیا ہے سداب بستانی کا آب انگور مین کھانا بغیر اختلاف کے مجرب ہے اور پینا سونگھنا اور سعوط مشک روغن کے ہمراہ اسطرح
سداب و جند بیدستر و صعتر اور بخور موے انسان سوختہ بھی مجرب ہے اگر عرق بناگوش فیل مست روئی مین لیکے خشک کرلین اور دورہ کے وقت
اُس روئی کو پانی مین ترکر کے سعوط کرین مجرب ہے نیز تخم پلاس قدرے پانی مین پیس کے ناک مین ٹپکائین فوراً ہوش آجائیگا اوستاد مرحوم کی بیاض
مین لکھا ہے کہ اگر کنکھجورے کو مٹی کے سکورہ مین رکھ کے منھ بند کردین اور جلالین اوسکی خاک کا سعوط کرین تو دو کیڑے دماغ سے نکلین گے
اور شفا ہوگی ذکائی مین ہے زبد البحر کا دن مین دوبار کھانا مفید ہے الماس گلے مین پہننا اور بقول رازی صرع صبیان مین بے نظیر ہے شونیز سرکہ مین
کھرل کر کے شہد مین ملا کے دین دوائی بلدی نافع صرع تکملہ سے ترکیب تنقیہ دماغ کے بعد او تسعیط آب بارکشانی یا بندال موتھ جیل مرچ
کباب چینی جوز بوا مصطگی جبتیہ عاقر قرحا بھناک سفید ہر ایک مساوی کوٹ چھان کے آب برگ دھتورہ مین چنے کے برابر گولیان بنائین ایک
گولی روز دین اور ترشی و بادی و روغن کنجد سے سخت پرہیز کرین ایضاً برائے صرع اطفال کی سے ترکیب حجامت بساقین دموی مین کرین مطلق
پھر صافن کی فصد لین اگر مرض شرکت عضو سے ہو پہلے اوسکا علاج کرین پہلے بدن یا دماغ کا تنقیہ کرین اگر وہ اصل ہو یا معدہ مطلقاً اور تمام
سبزات و سلطات سے احتراز کرنا چاہیئے اور جو بخار کو روکے مثل کشنیز و امرود کے دین اور تریاق الذہب کی مداومت کا حکم دین زمرد پہننا اور اوسکا
پینا نیز بائین ہاتھ کی چھنگلیا مین سُم راست خر کی انگوٹھی پہننا بشرطیکہ ہر سال نئی بنوائی جاے نافع ہے اور یہ معجون میرے اختیارات مجرب سے ہے
اوسکا نسخہ معجون کے بیان مین آئیگا خواص مین آیا ہے کہ فاوانیا و سداب و دماغ ہدہد و دم موش و بندق ہندی کل یا ان مین سے بعض کو گلے مین پہننے
تو صرع دور ہوجاتی ہے اور خواص مکتومہ سے ہے کہ جسوقت آفتاب و مہتاب برج سرطان یا برج اسد مین جمع ہوتے ہین اور ستارہ زہرہ ہوتا ہے
سونے یا چاندی کا تیر ایک مثقال لے کے اُسی ساعت مین شیر کی تصویر جسکی گردن مین سانپ لپٹا ہوا ہو اور اوسکے سر پر ایک شخص ہاتھ مین انار
لیے کھڑا ہو تصویر کندہ کرائین تو اوسکے پہننے والے کو صرع کی شکایت نہ ہوگی گھوڑے کو بھی صرع ہوجاتی ہے اوسکا علاج جند بیدستر محلول کا شراب
مین سعوط کرانا ہے اور ناک کے اندرونی حصہ مین مرکی کا نطوخ کرین پھر طبیخ سداب بھنگ مین پلائین دوائی اسکا نام دواء الاسقیل ہے تالیف والد
حکیم علوی خان ترکیب قرص اسقیل لونگ جوز بوا اسطوخودوس عود صلیب تخم سیسالیوس ہر ایک نیم درم جند بیدستر جدوار خطائی ہر ایک دو قیراط
کوٹ چھان کے ہمراہ سکنجبین عنصلی و شربت اسطوخودوس ہر ایک ایک اوقیہ ملا کے دو حصہ کرین ایک صبح پانچ مثقال شہد اور عرق افسنتین و
گلاب مین حل کر کے دین دوسرا حصہ شام کو گلاب تین مثقال نبات سفید و تخم فرنجمشک ہر ایک دو درم کے ہمراہ دین ایضاً اول سے قوی تر
ترکیب لونگ جوز بوا عود قماری عود صلیب وج ترکی زرنباد جند بیدستر قسط تلخ ہر ایک دو مثقال کوٹ چھان کے سکنجبین عنصلی و روغن ناردین
مین ملا کے ناک مین کسیقدر نشوق کرین اور کچھ منھ مین وجور کرین باقی پیشانی اور کان کی لو پر ضماد کرین فی الفور ہوش آجائیگا دوائی صرع صبیان جسکو
ام الصبیان و ریح الصبیان کہتے ہین بعض ام الصبیان کو مخصوص جانتے ہین اُس صرع کے ہمراہ جو تپ محرقہ کے ساتھ ہو جسوقت دورہ پڑتا ہے
بچہ بیہوش ہوجاتا ہے ہاتھ پانون مارتا ہے منھ مین کف آجاتا ہے ترکیب بیماری کے دورہ کے وقت بچہ کے پیر کو کسی سخت چیز سے ملین اگر پانون

بشکنے نہ پھوڑین بازوون اور رانون کو مضبوط باندھین تشنج کے واسطے روغن گل یا سکہ نیم گرم پانی مین ملا کے جسم پر مالش کرین اگر ان تدبیرون سے مرض کا ازالہ ہو جاے بہتر ہے ورنہ حسب عوارض علاج کرین مثلاً اگر پیاس اور شدید تپ ہو ساقون اور بشرط کی حجامت کرانا چاہیے اور تلیین طبیعت مغز فلوس و ترنجبین و شیر خشت اور مثل انکے دواؤن سے کرین شیافات لینہ ہمیشہ کرنا چاہیے اور غذا اور دوا جو صداع حار مین بیان ہوئی ہے کرین دودھ سر پر دوہنا کپڑا اوسمین تر کر کے تالو پر رکھنا نافع ہے اور جو مخصوص اس مرض کے واسطے مفید ہے فادزہر حیوانی ہے کہ دودھ یا پانی مین پیس کے قدرے قلیل اوسمین سے دین اور غذا مریض کو تھوڑی دین اور اگر بخار اور پیاس نہ ہو نضج کے بعد مسہل گرم سے مکرر تنقیہ کرین لیکن قوی دوائین مثل غاریقون اور تربد کے نہ دین اور حسب معمول کھلائین اور عبد و نیم دانگ مان کے دودھ مین گھس کے چند مرتبہ کھلائین کہ اس بارہ مین بہت مجرب ہے اور دودھ پینے والونکو گرم جوارشین دین وہ دوائین جو صرع بزرگان مین بیان ہوئین اگر دی جائین تو فائدہ ہوگا رائی پیس کے پانوٴن کے تلوے مین ملنا بھی سودمند ہے اسیطرح جندبیدستر کا کان کے اندر ٹپکنے اور ہتیلی و تلوون مین ملنا اور نیم دانگ پنیر مایہ خرگوش دینا بہت مفید ہے اور تمام تدبیرون سے مجرب یہ ہے کہ قطعہ مرجان آگ پر سرخ کر کے دونون ابروونکے درمیان مین پیشانی کو داغ دینا خاصکر دورہ کے وقت کہ اوسکی سوزش کے سبب سے فوراً افاقہ ہوگا اور پھر عود نہ کریگی اور بعض پشک گوسفند سے بھی داغتے ہین اور قبض طبیعت روا نہ رکھین ہیبت ناک آوازون شدید خوف زیادہ غصہ ٹھنڈے پانی سے غسل کرنا بہت صاف چیز کو دیکھنا اور بلندی پر چڑھنا نہ چاہیے اسیطرح غلیظ غذاؤن اور بقولات اور میٹھی چرب اور تیز چیزون سے پرہیز کرین ایسا ہوتا ہے کہ بعد بلوغ یہ مرض خود بخود زائل ہو جاتا ہے بقول انطاکی ام الصبیان مین پہلے کان پر شرط لگانا اور ربوب فواکہ نیز اونکے شربت پلانا عناب و جو و خشخاش جوش کر کے استعمال کرانا خوشبو و شیرینی ترک کرنا روغن قسط و کدو و بنفشہ ملنا میرے مجربات سے ہے کہ سیب ہمراہ اوسکے تیسرے حصہ کے عناب اور چوتھائی حصہ کے جو مقشر دس گنا سب اجزا کے پانی مین جوش کرین تا کہ پانی کا چوتھائی حصہ رہ جاے اُن سب کے برابر شکر مین قوام کرین اور اوسکے استعمال کی مداومت کرین سر اور اطراف کی تدہین زیت سے کرین جسمین سداب دفلی یا اور تھوڑا برگ آس پکایا ہوا وسمین عورتون کا دودھ گدھی بکری کا دودھ مطلقاً بھی ہے گل کدو کا روغن نیلوفر کیساتھ سعوط پینے مین لعاب بہدانہ و اسبغول اور نزہت مین لکھتا ہے کہ آب انیسون و تخم کرفس و تخم گندنا شکر کے ہمراہ پینے سے بہتر اس مرض مین کوئی اور چیز نہین ہے اور برگ کنید و کدو گدھی کے یا عورت یا بکری کے پختہ دودھ مین روغن بنفشہ کیساتھ آمیز کر کے طلا کرنا اگر گرمی کا زمانہ ہو روغن کتان مین برگ سداب گلاب پکا کے سر و گردن پر طلا کرین کہ یہ مجرب ہے اور وہی فاد انیا کہ وہ خود صلیب ہے دوائی سکتہ اسکا سبب سدہ تامہ ہوتا ہے کہ بطون دماغ مین پیدا ہو جاتا ہے امتلاء دماغ کے سبب سے مادہ بلغم سے یا خون یا سودا یا انقباض دماغ کے سبب سے کہ سر کو زیادہ ٹھنڈک پہونچ جاے یا صدمہ ضربہ و سقطہ یا بخار فاسد یا کیفیت سمیہ چنانچہ صرع مین بیان کیا جا چکا ہے اور سکتہ کا ہونا بلغم سے اکثر اور خون سے زیادہ اور سوداے سے کم ہوتا ہے دشواری تنفس ظہور کف منہ سے حلق سے خرخراہٹ کی آواز کا آنا اور جو چیز حلق مین ڈالی جاے اُسکا پلٹ آنا ناک کی راہ سے اور چھینکون کی دواؤن سے چھینک کا نہ آنا تمام علامات ردیہ ہین لہذا سکتہ بلغمی مین کہ پہچان اُسکی بدن کی سستی رنگت کا پھیکا پن اور کثرت بزاق ہے بالجملہ سکتہ کی حالت مین اوسکا منہہ جسطرح ممکن ہو کھولین اور پر مرغ روغن سوسن یا روغن گاؤ مین چرب کر کے ایارج فیقرا مین یا نمک صبہ مین لت کر کے حلق مین ڈالین اور اُسے ہلائین تا کہ قے آ جاے

پھر تریاق فاروق تریاق اربعہ ماء العسل مین حل کرکے حلق مین ٹپکائین اگر تریاق وغیرہ موجود نہ ہو بادیان انیسون زیرہ سیاہ جوش کرکے اور صاف کرکے
شہد شیرین مین ملاکے دین دونون پنڈلیان اور بازو مضبوط بندھنون سے جکڑ دین اور پیر کے تلوے کو خوب ملین اور کوٹین حقنہ و شیافات دین مشک و
سداب و قرنفل و فرفیون سونگھائین کندش و شونیز و فلفل و جند بیدستر و خربق و مشک خالص باریک کرکے ناک مین پھونکدین اور دوسرے سعوطات
وکمادات و نطولات مناسب عمل مین لائین سر کے بال کاٹ ڈالین اور جند بیدستر و فلفل و فرفیون و کندش و سونٹھ و شونیز و لونگ و الائچی و عاقرقرحا کا
سر پر طلا کرین تکمید کرین سر پر شرط لگائین اور چھالے ڈالنے والی دوائین خصوصًا جمالگوٹہ پانی مین کھرل کرکے سر پر ملین عجیب الاثر ہی کلاہ نمد سر پر رکھین
اور اوسکے اوپر لوہیکا توا رکھکے چھوڑ دین یہانتک کہ اوسکی گرمی سے جلنے لگین اور بدن کو علی الدوام گندھک و سرکہ و سیعہ سائلہ و روغن زنبق کا طلا کرین
اور سر پر جند بیدستر و شونیز ملین یا رجوعًا تحریک کرین اور تسخین مین موخر سر کا زیادہ تر لحاظ رکھین گرم تیل مثل روغن سداب و سوسن اور مثل اوسکے جو موم
سے مرکب کرلیے گئے ہون گرما گرم گردن اور مہرہ ہاے پشت پر ملین اور جس جگہ فصد کی احتیاج معلوم ہو یعنی چہرہ بھر بھرایا ہو سرخ یا سیاہ ہوگیا ہو
تو کل تدبیر و نیز فصد کو مقدم کرین کہتے ہین سر ننگا کرکے تازیانہ سے جو چمڑے کے تسمو نکا بنا ہوا ہو دو سو مارنا فائدہ مند ہی مریض کو ہوش مین لاتا ہی افاقہ کے
بعد جند بیدستر کنڈلک اور نیم درم سے ایکدرم تک تریاق کبیر و تریاق اربعہ یا تریاق الذہب عرق بادیان و زیرہ سیاہ و انیسون مین دین گرم دواؤنکا سر پر
لیپ کرین لقوہ اور فالج کے علاج کی طرف رجوع ہون اور شوربا ے کنجشک یا کبوتر زیرہ و سیاہ مرچ و دارچینی ملاکے غذا دین تنقیہ کے بعد تبدیل
مزاج کے واسطے استعمال تریاقات و معاجین دعراغز مناسب ہوئے ہین انحطاط مرض کے بعد حمام مین لیجانا اور سر کو گرم تیلون سے مثل روغن قسط یا روغن
ناردین تھوڑا سا جند بیدستر و عاقرقرحا حل کرکے ملین سود مند ہی دوائی سکتہ دموی اسکی علامت منھ کی سرخی سیاہی مائل مخنوق کے مشابہ ہوجانا اور
گردن کی رگون کا پھولنا اور سوا اسکے پیشانی پر پسینے کا نمودار ہونا ترکیب بہت جلد قیفالین کی فصد کھلوائین اور خون زیادہ لین اگر ضرورت
پڑے تو گردن کی رگون کی فصد کہ اونکو ودجین کہتے ہین اور فصد صافن بھی کھلوائین ساقین کو منڈوا ڈالین اور دونون بازو اور پنڈلیان مضبوط
باندھنے مضبوط پکڑ کے باندھین تلوے کو طاقت سے سہلائین اور سکنجبین گرم پانی مین ملاکے قے کرین تاکہ مین طبیعت متوسط عمل سے کرین اگر حاجت ہو تو دماغ
کے تنقیہ کی غرض سے حب بنفشہ دین بعد اسکے تقویت سر کے واسطے روغن گل و بابونہ و سرکہ سر پر رکھین اور جلاب پر غذا ماء الشعیر کی رکھین
زرنہ زرنہ چکور بٹیر تیتر اور مرغ کا گوشت کھائین دوائی سکتہ ورم حار یا بارد کے سبب سے دماغ مین اٹھتا ہی اور جو ضربہ و سقطہ کے سبب سے ہو
بسبب تقدم اعراض کے سرسام یا ضربہ سقطہ کی تشخیص کرکے سرسام کے علاج اور ضربہ کی دوا جیساکہ ہر ایک کے واسطے اپنی جگہ پر ذکر ہوچکا ہی
متوجہ ہون اور جس جگہ کہ سکتہ استعمال مسخنات سے سردی قوی کے سبب سے ہو ضمادات و سعوطات اور سر پر گرم تولیے کا رکھنا اور دوسرے
مسخنہ مذکورہ تدبیرون سے اقتصار کرین اور علاج سکتہ سوداوی فصل صرع وغیرہ مین تلاش کرین دوائی نافع سکتہ تالیف انطاکی ترکیب ہر
محلل چیز کی ہدایت اور مفتح کن تکمید و تنطیل و روغن گرم اشیاء سے حتی کہ کپڑے اور روئی سے تکمید کرین بعدہ معطسات پھر حقنہ ہاے حادہ
براے جذب مادہ جانب اسفل پر عمل کرین اور طلاے بدن ہمیشہ گندھک و سرکہ و سیعہ و روغن زنبق سے اور طلاے سر جند بیدستر و شونیز سے

کرین اور گھر... کی طرح حرکت دین اور ہر روز یہ سطوحی لگائے کے گھی مین حل کرکے کرین وہ نسخہ سعوطات کے بیان مین آئیگا جب افاقہ ہوجائے تیل مین
پرندونکا گوشت کھلائین اور تریاق ہمراہ مثرودیطوس کے دین تریاق الذہب مجرب ہے عرق بادیان وانیسون وزیرہ کے ساتھ اگر مذکورہ تریاق نہ مل
سکین جلنجبین دین اسکے بعد دو تنقیہ کے ماء الاصول روغن بید انجیر وشکر کے ساتھ پلائین اور ایارج جالینوس یا لوغاذیا دین اور یہ روغن اس مرض
کے علاج اور تمام سرد عوارض کے واسطے مجرب ہے اسکا نام روغن سباک ہے نسخہ روغنون کے بیان مین آئیگا اور یہ معجون میرے مجربات سے ہے کہ
برت چکا ہون معجونون کے بیان مین درج ہے تو عدیگر نافع سکتہ بیاض اوستاد مرحوم سے ترکیب مریض کے تالو پر چند خفیف شرط دیجیئے) لگاکے
آدمی کے پیشاب مین بھیگا کمس کے ملین مجرب ہے اور کندش وخربق سیاہ وجند بیدستر کوٹ کے ناک مین پھونکین تاکہ چھینک لائے اور لوا گرم کرکے
سر پر رکھین کندش وقرنفل وجند بیدستر سونگھائین صاحب سکتہ کے واسطے بہت مفید ہے دوائی نافع فالج ولقوہ اور دیگر امراض دماغی بلغمی کے لیے
مثل استرخاء وتدد وکزاز وتشنج واختلاج ورعشہ وسکتہ وصدر ترکیب چار دن تک کھانے پانی کے عوض مین ماء العسل پر اکتفا کرین اگر ممکن ہو تو سات دن
تک جوز کا ٹکڑا منھ مین رکھین اور پانچوین یا ساتوین دن شوربائے کبوتر وسونٹھ دین آٹھوین روز سے گرم منضج شروع کردین سولھوین دن سے مسہل گرم
وحب ایارج دین اور تنقیہ کے بعد معجون سیر ودواء المسک حار اور دوسری گرم معجونین کھلائین گرم تیلون کی مالش کرین تنقیہ کے بعد ماء العسل کے عوض
سونف کا عرق دین ایضاً بعد تنقیہ غرغرہ وکماد ونطول وسعوط اس مرض مین نافع ہے استعمال کرائین اور بقول بعض کے چالیس دن کے بعد سعوطات
سے کام لین اگر سعوطات وعطوسات سے صدمہ وشورش دماغ کو پہونچے روغن بنفشہ یا روغن گل عورت کے دودھ مین ملاکے چند مرتبہ ناک مین
ٹپکائین اور لقوہ تشنجی مین کمادات مرخیہ سے تکمید کرین مثل اسکے کہ کپڑے کو گرم پانی مین ترکرکے یا مثانہ مین بھرکے رہنے دین نیم گرم تیلون سے تدہین
کرین بہت مفید ہے عضلات کی نرمی کے بعد مادہ تحلیل کرنے کی کوشش کرنا چاہیئے اور جند بیدستر وکندل وجاؤشیر وگوگل کا سونگھنا انفع ہے سویدی
لکھتا ہے کہ فالج مین سونٹھ کا مربہ کھانا جوریوا منھ مین رکھنا اور اوسکا پانی نکالتے رہنا اور غذا مین ہرن کا گوشت بہت دنون تک کھانا مغز حب صنوبر
کبار پانچدرم سے دس درم تک شکر یا شہد یا زبیب احمر کے ساتھ کھانا نیز کبوتر کے بچہ کا کھانا اسطرح کہ اوسکا سر اور گردن جدا کرکے جوش کرین اُس
پانی کو پھینک دین اور دوسرے پانی مین پکالین اور طلا اور چنار وغن تخم ملخ مشمش اسیطرح غذا کرنا آب نخود سیاہ کے پانی مین پکاکے اور زیت وصعتر
سے مطیب کرکے اور کھانا عود البنجور کا میرے مجربات سے ہے دوائی فالج ولقوہ کہ حرارت کے سبب سے ہو گرم اور قوی دواؤن کے استعمال سے ایسی
حالت مین ہاتھ روکنا چاہیئے واجب یہ ہے کہ پہلے تسکین دینے کی کوشش کیجائے مثلاً سکنجبین یا شربت بنفشہ اور مناسب عرقیات پلائین اور
بجائے ماء العسل کے ماء السکر یا عرقیات یا آب آہن تاب (لوہے سے بجھایا ہوا پانی) دین ایضاً تب کا فالج ولقوہ کے ساتھ جب اجتماع ہو
تو حتی المقدور مدرات مثل خیارین وغیرہ کے چاہیئے اور کافی اگر نہ ہو تا چار شیرہ مغز تخم ہندبا نہ بھی مجرب ہے بخلاف لزوجات کے روغن گل اور سرکہ
سر پر رکھین حرارت زائل ہونے کے بعد فالج کے علاج کیطرف متوجہ ہون اور جب فالج کے ساتھ خون بھی غالب ہو اور بیمار کا چہرہ سرخ ہو فصد
جائز ہے لیکن فصد لینے سے ایک گھنٹہ پہلے تریاق یا مثرودیطوس ماء العسل مین حل کرکے دیدین پھر فصد کھلوائین لیکن احتیاط تمام کے ساتھ

تھوڑا خون لین ورنہ بلغم کا غلبہ ہوجائیگا دوائی استرخا جو گرم یا سرد ورم کیوجہ سے ہو کہ نخاع مین ہوتا ہے علامت ورم گرم کی تپ گرم اور درد و تمدد ہے
اور ورم سرد کی پہچان تپ مین کمی اور درد کی قلت ہے لہذا ورم گرم مین فصد کھلوائین اور جو کچھ ورم حار و بارد کا بیان ضمادات مین آئیگا حسب
وقت ابتدا اور زیادتی و انتہا پر عمل کرین دوائی استرخا کہ ضربہ و سقطہ وغیرہ سے ہو اس صورت مین بدن کا تنقیہ کرین فصد یا مسہل کے
ذریعہ سے نیز لیپ اور تحلیل کرنے والی مقوی دوائین جنکا ضمادات مین بیان ہے چوٹ پر لیپ کرین اور استرخا جو بحران کے دن واقع ہو تیلون
سے جو بہت زیادہ گرم نہ ہون مثل روغن نرگس و روغن سوسن و روغن بید انجیر کے مالش کرین اور مقویات عضو مثل بابونہ و اکلیل و مرزنجوش
و رب السوس کے آب کاسنی مین ضماد کرین اور ناریل کا تیل کھانا ملنا مفید ہے اگر حرارت مزاج سے ہو اور قارورہ رنگین ہو روغن شبت (سوئے
کے تیل) یا روغن بنفشہ ہموزن ملا کے مالش کرین اور شہد کف گرفتہ سونف کے عرق مین جوش کرکے اُسکے چالیس درم مین سات درم مغز فلوس
ملکے اور ایک مثقال روغن بادام شیرین بڑھا کے دین اور جو کہ خلع مفصل اور زوال فقرات سے ہو تدبیر اسکی خلع اور فقار ہے اور جس جگہ استرخا
سوء مزاج بارد و رطب ساذج سے ہو مثل اسکے کہ کسی شخص کو بہت سرد پانی پینا پسند ہو یا برف مین سفر کرے یا ٹھنڈے پانی مین بہت رہا ہو
تبدیل مزاج کے لیے مسخن دوائین پلائین اور لیپ کرین کافی ہے دوائی نافع استرخا و فالج و لقوہ ترکیب دارچینی کا عرق پئین بیر بہوٹی ایک
عدد اسطرح بنگلہ پان مین کھائین کہ اوسکے پانوان دور کردین اور ہینگ ماء العسل مین پلائین ادرک کا مربہ اور ہرن کا گوشت بہت دنون تک
کھلانا اسی طرح مغز حب صنوبر کبار پانچ درم سے دس درم تک شکر یا شہد یا مویز سرخ مین کھلانا نیز عود خام کا فالج مین کھانا سویدی کے
مجربات سے ہے اور فلفل گرد دکھنی کو باریک پیس کے پانچ درم نبات سفید مین ملا کے تھوڑا تھوڑا منہ مین رکھنا کہ مواد بلغم سر سے نکالے اور سرفہ جو فالج
کے ساتھ ہوتا ہے دفع ہو اور کباب چینی و دارچینی و درج و عاقرقرحا و لونگ کا چبانا فالج و لقوہ مین بہت مفید ہے اور تخم ترکا فالج مین ملنا نہایت نفع کرتا ہے
ایضًا تنقیہ کے بعد دواء المسک حار یا معتدل کھا کے اوسکے اوپر سے بادیان خطائی عود مصطگی خولنجان لونگ انیسون ہر ایک دو ماشہ الائچی خورد دارچینی
ہر ایک چار ماشہ چاے خطائی آٹھ ماشہ پانی مین جوش دے کے صاف کرین اور نبات سفید دو اوقیہ ملا کے پی لین ایضًا برائے فالج ترکیب
معجون سورنجان کھا کے اوپر سے سونف سونف کی جڑ سورنجان بوزیدان ہر ایک ایک مثقال جوش اور صاف کر کے شربت اصول ملا کے پئین
ایضًا برائے فالج و لقوہ ترکیب تریاق فاروق دو دانگ یا مثرودیطوس یا تریاق اربعہ پہلے کھائین اسکے بعد لونگ دارچینی عود ہندی عود صلیب
ہر ایک ایک مثقال سونف کے عرق مین جوش کر اور صاف کر کے شربت اسطوخودوس ملا کے پئین اور نقل مغز چلغوزہ بالخاصیت لقوہ و فالج مین نافع
ہے دوائی استرخا انطاکی سے ترکیب علاج خاص استرخا کا مسترخی کے اُس عضو کا ہونا چاہیے جو سمجھ مین آئے اسکے بعد اُسکی فصد کھلوائین
علاج مین مثل قیطون کے اور معتبر ین دوا اُسکی کنگنی کا استعمال ہے مطلقًا اور استعمال عسل بلادر و نیم درم مغز جوز کیسا تھ اور طلا لونگ رائی و روغن غار و قثاء الحمار
و سداب و زیت و تخم حنظل و میعہ و نشتر دن مجموع یا مفرد دوائی فالج تکملہ ہندی سے ترکیب چار پانچ دن تک نہ کچھ غذا دین نہ کوئی دوا دین
اور سب کے بجائے ماء العسل دین اس تدبیر سے کہ پانی دو جز شہد یا نصف الجز و جوش کرین حب آدھا رہ جاے لونگ دارچینی سونٹھ کالی مرچ

خولنجان عاقرقرحا تھوڑا تھوڑا کپڑے کی پوٹلی مین باندھ کے اوسمین ڈالدین بجاے کھانے پینے کے اسپر اقتصار کرین بعدہ مسہل دین اور گولی جو خلط
کو دماغ و بدن سے نکالتی ہے یہ ہے ترکیب صبر زرد تربد سنا مکی مرچائی برابر کوٹ چھان کے طبیخ بادیان مین ملا کے گولیان بنائین اور سوتے وقت
دو درم سے تین درم تک کھائین اوسکو پانچ تولہ املتاس گرم پانی مین حل کر کے دین ایضاً براے لقوہ ترکیب فاقہ کرائین اور جوز بوا یا مثل
اسکے کوئی چیز منھ مین رکھین اور کالے ماش کی روٹی ایک طرف سے پکا کے جدھر سے کچی ہو روغن بید انجیر یا روغن کنجد کہ عاقرقرحا اوسمین پیسا ہوا ہو
مل کے گدی اور دونون کلون پر باندھ دین اور روغن نارجیل و روغن تاتورہ منھ اور گردن پر ملین اور جب چار روز انتہاے مرتبہ سات دن گذر جائین
مسہل دین بعدہ حب سنی کی مداومت کرین اور نوشادر پانی مین گھس کے سکنجبین کے ساتھ غرغرہ کرین دوائی ہندی کہ فالج کے واسطے مفید ہے
ترکیب سونٹھ دیودار پوست بیخ ارنڈ جوش اور صاف کر کے شہد کے ساتھ دین اور تکملہ ہندی مین سونف بھی اسی نسخہ مین درج ہے دوسرے
نسخہ مین برگ رواسن واسگند و بیخ سنبھالو داخل ہے دوائی کہ آخر لقوہ مین نافع ہے ترکیب اذخر سلیخہ اسارون عود بلسان حب بلسان
عاقرچینی اسطوخودوس سنبل الطیب زرد رد لونگ کوٹ چھان کے ہر روز ایک مثقال لے کے گلقند عسلی یا آفتابی مین ملا کے سوتے وقت کھائین
نوع دیگر لقوہ مین مفید ہے مجربات حکیم عماد الدین محمود شیرازی سے ترکیب غاریقون نرم سفید مغز بادام ہر ایک پانچدرم شیرخشت انجیر زرد ہر ایک
دو درم اسارون پانچدرم سبکی گولیان بنائین پانچ روز تک برابر کھائین اگر منھ مین رکھین لقوہ زائل ہوجاے ترشی سے پرہیز کرین دوائی منھ کی
کجی دور ہونے کے لیے جو لقوہ سے ہوجاے ترکیب عاقرقرحا سونٹھ ہر ایک دو تولہ کلونجی رائی دج ہر ایک ایک تولہ جوزبوا نو ماشہ لونگ چھ ماشہ
پیپل سیاہ مرچ ہر ایک دو مثقال مصطگی پانچ ماشہ کوٹ چھان کے سفوف کرین اوسمین سے چھ ماشہ لے کے نصف دام شہد خالص مین ملا کے کلمہ کی
انگلی سے گھڑی بھر تک جائین لعاب بہت گریگا اور کجی دور کریگی دوائی تشنج اور تمدد کہ از امتلائی بلغمی وغیرہ علامت اسکی ثقل وکسل و تمدد جلد و
سردی لمس وکثرت خواب اور پیاس نہ لگنا نبض کا بھاری ہونا نیز غلظ قارورہ ہے ترکیب فالج کیطرح علاج کرین چاہیے کہ مادہ کا تنقیہ رفتہ
رفتہ کرین اور ضعیف کا قوی علاج کرین سر اور معدہ کی تکمید کرین اوس پانی سے جسمین بابونہ سویا و برنجاسف و مرزنجوش و برگ ترنج جوش کیا ہو
اور کنگنی کا تیل اور مثل اسکے جسمین کسیقدر جندبیدستر و فرفیون و عاقرقرحا حل کیا ہوا ہو نیم گرم جس عضو مین تشنج ہو اوسپر ملین اور بقول انطاکی شربت ریوند و بقل
دسعتر بمکرر ازمین تشنج سے زیادہ نافع رجانسا چاہیے کہ اگر تشنج امتلائی مین خلط سوداوی کی علامت پائی جاے تنقیہ سودا کرین جسطرح کہ مالیخولیا مین
ذکر کیا گیا ہے بعدہ تمریخ مناسب تیلون سے کرین اور تشنج امتلائی جو ورم دموی یا صفراوی سے ہو دموی کی علامت ثقل اور درد وغیرہ سے دریافت
کرکے اور صفراوی کہ تشخیص ضربان وحرقت اور مثل انکے جسطرح معلوم ہون جیسا کہ استرخاے ورمی مین لکھا گیا ہے اور جو اورام اعصاب کے متعلق
تحریر ہے اونھین تدبیرون سے کام لین اور ہر خلط مین استفراغ و تطلیہ کی رعایت ملحوظ رکھین اور تشنج امتلائی کے علاج مین جو گرم تپ کے بعد ہوتا ہے
قے اور اسہال کفایت کرتا ہے اس قسم کا آسانی سے علاج ہوجاتا ہے دوائی نافع تشنج و تمدد یابس علامت اسکی خشکی و لاغری عضو کی ہے اور اسباب
مجففہ کے تقدم سے مثلاً استفراغات وحمیات و تعب و بیداری و گرسنگی مفرط یہ قسم دشواری سے زائل ہوتی ہے ترکیب مرطبات کا استعمال کرین

مثلاً گدھی کا دودھ بکری کا دودھ یا عورت کا دودھ دین عضو پر دوہین اور لعاب بہدانہ و اسبغول شربت بنفشہ و نیلوفر روغن بادام شیرین ملا کے پلائین اگر شعیر
و ماء القرع مصری مین دین روغن کدو روغن بنفشہ ناک مین ٹپکائین اور طلین اور نطولات و ضمادات و روغنیات مرطبہ کا استعمال کرائین گدھی اور بکری کا
دودھ کھانا اور ملنا اُس صورت مین کہ جب تپ نہ ہو نافع ترین دوا ہی اور برابر عضو ماؤف کو روغن کنجد یا مسکہ نیمگرم مین اگر ممکن ہو غرق رکھنا بہترین علاج
ہی اگر قبض طبع زیادتی کے ساتھ ہو مغز فلوس و ترنجبین مطبوخ عناب و سپستان و بنفشہ مین دینا چاہیے غذا مین شوربا ے چرب و حلوان و جوزہ مرغ
اور بکری کے پاے کہ اسفاناخ اور روغن بادام مین پکے ہون دینا چاہیے ایضاً حریرے جو لعاب گندم و شکر و روغن بادام وغیرہ سے بنائے گئے
ہون مفید ہی دوائی تشنج و تمدد ایذائی اور یہ قرحہ یا ورم یا تفرق اتصال کے سبب سے ہوتا ہی کہ عصب عضلہ کو پہونچتا ہی یا کیفیت سمی جیسا کہ زنگاری قے کے
بعد تشنج ہوتا ہی یا اسطرح کہ معدہ مین مرض ہیضہ کے سبب سے انصباب صفرا ہو یا دیدان کے پیدا ہونے سے پیٹ مین یا زہریلے جانورون کے کاٹنے یا زہریلی
دواؤن کے کھانے سے ہوتا ہی ترکیب ہر ایک کا علاج اوسکی جگہ پر بیان ہوگا اُسی پر عمل کرنا چاہیے اسیطرح تشنج و تمدد کہ شدید سردی کے سبب سے
پیدا ہو رطوبت کہ باد بناہی اور اعصاب مین لستگی و جمود لاتا ہی اسکا علاج سواے تنقیہ کے وہی ہی جو علاج تشنج امتلائی مین گذرا اور تشنج مجرد رح پر
علاج کا بہت کم اثر ہوتا ہی دوائی جو فوراً کزاز کو سکون دیتی ہی ترکیب بھنگ سیاہ مرچ ہر ایک نیم دام شربت عسل کیساتھ کھائین دوائی براے
تشنج و وجع عصبہ ترکیب زعفران ایک ماشہ مشک دو رتی گھس کے روغن گل و روغن بابونہ ہر ایک چھ ماشہ مین ملا کے نیمگرم مالش کرین دوائی رعشہ
قوت محرکہ کے ضعف سے چنانچہ خوف غصہ اور غم مین ہوتا ہی اسی قبیل سے ہی جو امراض کی نقاہت یا جماع کے بعد عارض ہوتا ہی ترکیب اوسکا علاج
تسکین ہی تحقیر و دلجوئی و اُمیدواری اور جو مناسب حال ہو اُس سے اور نقاہت مین سبب کے دور کر نیکے بعد تقویت دل و دماغ کرین مفرحات مناسبہ سے
اور رعشہ جماعی مین ترک جماع کرین اور تقویت کے واسطے جو فصل ضعف باہ مین ضعف کے تدارک کے واسطے لکھا گیا ہی عمل کرین تازہ دودھ پینا بدن پر
تیل کی مالش کرانا نیمبرشت انڈا کھانا مفید ہی دوائی رعشہ آلہ حرکت کے ضعف سے یا اشر خار غیر تام کے اسباب سے ہوتا ہی چنانچہ سوء مزاج بارد عصب سے
پیدا ہوجاتا ہی اس قسم سے وہ رعشہ ہی جو بوڑھون کو ہوجایا کرتا ہی اور وہ جو بہت زیادہ ٹھنڈا پانی کثرت کے ساتھ پینے سے یا پانی خلاف وقت پینے سے
یعنی حلقت ناشتا مین یا بعد ریاضت یا بعد حمام خاصکر خالی پیٹ مین پانی پینے کا اتفاق ہوتا ہی یا زیادتی کیساتھ شراب پینے سے یا سدہ ناتمام کے وقوع
سے کہ عصب پر پڑتا ہی اخلاط غلیظہ لزجہ سے یا بن سبب کہ امتلا و تخمہ و ترک ریاضت یا خشکی کی زیادتی سے عصب پر ہوتا ہی ترکیب بالجملہ علامات
و علاج سوء مزاج بارد و سدہ فصل استرخا و فالج سے اخذ کرین اور بد سوء سوء مزاج ساذج مین تبدیل مزاج اور مادی مین تبدیل بعد تنقیہ کے عمل
مین لائین روغن قسط و روغن زنبق طلین اور آبزن طبیخ کفتار و خرگوش مین بٹھانا نافع ہی میاہ حماۃ سے غسل کرنا اور عضو کا سیکنا اور ملنا بھی مفید ہے
اور جو زیادہ شراب پینے سے ہوجاے اوسکا علاج شراب ترک کرنا ہی روغن گل و سرکہ سر پر ڈالنا روغن بید ملنا خرگوش کا بھیجا بریان کرکے کھانا
سودمند ہی اور کہتے ہین کہ ایسی مغلظ غذاؤن کا کھانا مثل کرنب و عدس اور مثل انکے مفید ہی اور وہ رعشہ جو یبوست عصب سے ہو اوسکی علامت اور
علاج تشنج یابس مین ڈھونڈھین دوائی رعشہ ضعف قوت و ضعف آلہ کے سبب سے یہ یا تو خارجی اسباب سے ہوتا ہی مثل اسکے کہ شدید سردی

معلوم ہو زخم پڑجانا زہریلے جانور کا کاٹنا اور عضو کے جلنے سے عارض ہوتا ہی یا داخلی اسباب سے ہوتا ہی مثلا خلطون کا اجتماع نہایت سرد یا بعید گرم
موضع حادث مین ہوتا ہی اور علامت ہر ایک کی وجود آفت اور اُسکے اعراض کے ظہور سے ہی ترکیب جو سردی لگنے سے ہو گرم تیلون سے مثل روغن زیت
جسمین جندبیدستر و عاقرقرحا و ہینگ حل کی ہوئی ہو عضو پر مالش کرین اور جو زخم پہونچنے اور حیوان کے کاٹنے سے ہو اوسکی تدبیر کرین چنانچہ اوسکی جگہ پر
آخر کتاب مین بیان ہوگا اور جو جلنے سے ہو لعاب اسبغول و سپیدی بیضہ مرغ اور ٹھنڈے تیل اُس مقام پر ملین باقی جو کچھ دوائی حرق نار مین آئیگا
اُسپر عمل کرین اور جو اجتماع خلط سے ہو اوسکے استفراغ کی فکر کرین اور سبب کے مناسب عمل پیرا ہون ایضاً برائے رعشہ انطاکی سے ترکیب
ترک جماع و ترک شراب کا حکم دین خصوصاً بھوک مین کرین اور شہد و جوز بوا بہت کھلائین جقندر دوائی اور بوڑھے مرغ کے گوشت کا شوربہ قرطم
دلک کے ہمراہ غذا کرین رائی کا تیل اور بابونہ ملین اور استفراغ کے واسطے ایارجات کا التزام کرین یہ معجون مجرب ہی اسکا نسخہ معجونون کے بیان
مین ہی اور جو کچھ فالج مین لکھا ہی اُسپر عمل کرین دوائی برائے رعشہ سر مجرب ہی ترکیب اسطوخودوس ایارج فیقرا برابر دو درم کی گولیان بنا کے
دین اگر دو درم اسطوخودوس تنہا پیس کے ماء العسل مین دین موافق ہوگا اٹھارہ دن کے بعد جب توقا یا ایکدرم سے ڈیڑھ درم تک حب قوت
دینا نافع ہی ایضاً برائے رعشہ کہ اوسکا سبب مواد غلیظ ہو ترکیب جاؤشیر کالی مرچ ہر ایک بقدر پانچ حبہ معہ ڈیڑھ اوقیہ شربت عسل کے دین
اگر جندبیدستر تین ماشہ ایک تولہ شہد مین ملا کے چاٹین اور چالیس روز تک استعمال کرین بہت نافع ہی اور روغن دارچینی کی مالش بھی بہت مفید ہی
ہینگ و جندبیدستر و شحم حنظل و قنطوریون دقیق ہر ایک نیم درم کا روزانہ رعشہ بارد مین کھانا مجرب سویدی ہی ایضاً برائے رعشہ ترکیب
مغز بادام چار عدد اور سات تین ماشہ پیس کے ایک تولہ شہد مین ملا کے کھائین دوائی خدر جو انضغاط عصب سے ہوتا ہی مثلاً ایک پیر سے دیر تک کھڑا
رہے اور وہ کہ ربط شدید عضو اور کسر و خلع سے عارض ہوتا ہی اس قسم سے ہی ترکیب سبب کا ازالہ کرین مثلاً بیٹھنے مین ایک ہیئت سے ہیئت
کا تغیر کرین عضو کو آہستگی سے ملین اور ربط رابطہ سے کھولین پھر آہستگی سے ملین اور تدبیر کسر و خلع آخر کتاب مین ذکر ہوگی اوسکی طرف رجوع کرین
اور وہ جو خطا کے سبب سے فصد مین کہ نشتر کی نوک عصب پر پڑ جاے یا قطع ہو کہ عصب پر پڑے اسکا علاج ناممکن ہی دوائی خدر بلغمی اسکی پہچان ترہل
و سستی بدن و سفیدی رنگ و ثقل حواس ہی ترکیب اسکا علاج فالج کے علاج کے طور پر کرین تریاق الذہب اس بارہ مین بہت مفید ہی دوائی خدر
دموی اسکی علامت سرخی رنگ عضو اُس لیسا ہی علامات امتلاء دموی کے ساتھ ترکیب اسکا علاج فصد اور غذا مین کمی کرتا ہی اور شربت لیمون گاؤزبان کے عرق
مین عظیم النفع ہی دوائی خدر جو سوء مزاج بارد سادہ خارجی سے ہو یا داخلی سے اوسکی پہچان غلظت و صلابت اعصاب ہی اور مسخنات سے انتفاع نیز ادراک
حرکت کا احساس مثل ہو جو کی حرکت کے ہی ترکیب گرم تیلون کی مالش کرین نیم گرم پانی سے دھارین گرم ضمادات و نطولات کا استعمال کرین عضو کو اس
طریقہ سے ملین کہ سرخ ہو جاے اور عضو کو رائی اور بکری کے پیشاب سے دھونا مجرب ہی دوائی خدر دوسرے اسباب سے مثل اسکے کہ خشکی کے غلبہ سے
ہو چنانچہ تپہاے محرقہ و حادہ مین ہاتھ پانوں مین جو پڑ جاتا ہی وہ اسی قبیل سے ہی اُسکی پہچان اور علاج تشنج یابس مین ڈھونڈین اور خدر جو گرم زہرون کے
کھانے مثلاً بیش کے کھانے سانپ کے کاٹنے سے اور سرد زہرون مثل افیون پینے اور لدغ عقرب سے عارض ہوتا ہی حسب حاجت جو سموم کے باب مین

ذکر اسکا عمل کرین تریاق فاروق تمام زہرون کے دفعیہ کے واسطے موثر ہی اور خدر جو ضعف قوت حیوانی کے سبب سے ہوتا ہی حالت غشی و حال مرگ مین اتفاق پڑتا
ہی اوسکا علاج غشی کا علاج اور تقویت قوت سے ہوتا ہی دوائی دیگر برائے خدر بلغمی و رطوبی انطاکی سے ترکیب سونٹھ اور سوے کے کھانیکا التزام کرے
کالی مرچ زیت مین مطلقا استعمال کرے اور جو رعشہ مین لکھا گیا ہی اوسپر عمل کرے تریاق الذہب مجرب ہی اسیطرح گاے کا پتہ اوسمین گھلے کا تیل ہموزن
پینا مجرب ہی ایضاً برائے خدر بیاض والد مرحوم سے ترکیب شیر اک فلفل سیاہ مساوی باہم پیس کے مقام خدر پر سات دن تک مالش کرین اور ٹھنڈے
پانی سے پرہیز کرین دوائی خدر ارشاد جناب ارشاد مآبی قدس سرہ سے ترکیب سرجو کہ جرائتہ شاہترہ مرچ سیاہ گلو آملہ پوست بلیلہ پوست ہلیلہ زرد سبکو
ہموزن لے کے اون مین سے بقدر ایک فلوس کے کپڑہ مین باندھ کے رات کو پانی مین بھگودین صبحکو اوس پانی سے تریڑا دین اور مذکورہ دوائین دوسرے پانی
مین پیس کے حسقدر چاہین کالی مرچ ہیکر اوسمین ملائین اور پی لین اسیطرح اکتالیس دن کرین غذا بے نمک کی گیہون کی روٹی ایضاً برائے خدر بیاض
والد مرحوم سے ترکیب عضو خدر پر سنگ زدہ توتیاے سبز و نوشادر لیمو کے عرق مین پیس کے ملین اور حسب حاجت مکرر عمل کرین اور نیل کی جڑ کوٹ چھانکے
ہر روز نہار دو درم گرم پانی کے ہمراہ چھ ماہ تک کھائین اور تمام کھٹی اور بادی چیزون سے پرہیز کرین اور اولیٰ یہ ہی کہ اس اثنا مین کبھی کبھی تنقیہ بھی ہوجایا
کرے اور اگر تنقیہ کے ساتھ یہ دوا شروع کرین جائز ہی عاقرقرحا پانی یا شراب مین پیس کے طلا کرنا مفید ہی دوائی اختلاج جاننا چاہیے کہ اختلاج بعض
منہ پر لقوہ سے مشابہ اور پیٹ کے عضلون مین مقدمہ مالیخولیا و صرع اور پہلو مین مقدمہ ورم پردہ سینہ و پہلو اور پورے بدن مین مقدمہ سکتہ یا تمدد
یا تشنج - اختلاج لب گاہے مقدمہ قے ہوتا ہی ابتداء لقوہ و صرع مین البتہ ہوتا ہی اسکا سبب ریح غلیظ بخار ہی کہ اکثر مادہ بارد سے پیدا ہوتا ہی ترکیب
اوسکا علاج اس شی سے احتراز کرنا ہی جس سے مادہ کی زیادتی اور سبب ہو مثل بہت زیادہ ٹھنڈے پانی بادی سرد کھانے اور امتلا پر غذا رات کو کھانا اور مثل
اسکے اوس جگہہ کو سخت کپڑے سے ملین اور نمک و جاورس و سویا و کلونجی سے تکمید کرین بعدہ گرم تیلون مثل روغن بابونہ و روغن قسط و فرفیون سے تدہین
کرین طبیخ بادیان کا شہد کے ساتھ استعمال گلقند عسلی و مربہ ادرک کی مداومت و کاسر ریاح و دلک و ریاضت کی دوائین مفید ہین غذا نخوداب شوربا
گنجشک و کبوتر و تیتر وغیرہ جو گرم مصالحہ مین پکا ہو مناسب ہی اگر اس تدبیر سے نہ زائل ہو تو فالج کے علاج نضج و تنقیہ سے کام لین اور جو اختلاج مادہ حار
سے ہو اختلاج کے وقت کی کمی اور حرکت کی تیزی اسپر گواہی دیتی ہی اس صورت مین اگر خون کا غلبہ محسوس ہو فصد لین اور استحمام و دلک بدن و استعمال
مطبوخ کشنیزی و سفوف کشنیز نافع ہی اور جس جگہہ احتباس حیض الدم خون نہ آنیکی وجہ سے اختلاج ہو فصد سے جاتا رہتا ہی دوائی کہ زکام و نزلہ حار مین
مستعمل ہی ترکیب پہلے جوشاندہ جو مطبوخات مین آتا ہی دین اگر تنقیہ کی ضرورت ہو نضج کے بعد مسہل بارد و حب بنفشہ سے تنقیہ کرین اگر مادہ تیز و باحدت
ہو پہلے فصد سرار و کھلوائین اور تبرید کہ برائے صداع لکھی گئی ہی دین ٹھنڈے تیل مثل روغن نیلوفر و کدو ناک مین ٹپکائین کافور و صندل سے تبخیر کرین
اور جب تک زکام زائل نہ ہوجاے گوشت کھانے سے پرہیز کرین اگرچہ نزلہ حار ہو ٹھنڈی ہوا اور ٹھنڈے پانی سے اجتناب کرین دنکو کھانے کے
بعد خاصکر نہ سوئین نزلہ کی ابتدا مین حبس نہ کرین بلکہ اگر زکام محتبس ہو بخورات سے اوسے کھولین ایضاً برائے زکام و نزلہ بارد جوشاندہ قلیل الحرارت
دوائون کا منضج حار سے لے کے پلین اگر تنقیہ کی حاجت ہو گرم مسہل و حب ایارج سے تنقیہ کرین اگر زکام بند ہو شکر طبرزد و کاغذ و عنبر و عود کی

تبخیر کرین اور طبیخ بابونہ سے اور مثل اسکے چیزون سے انکباب کرین لعوقات ملینہ حارہ جوشاندہ کے ہمراہ دین ایضاً استعمال اشربۂ زوفا یہ نافع ہوتے ہین تسخین کے واسطے چادر س اور بھوسی اور گرم کپڑا ایسکے تکمید کرین اور انکباب ونطولات ومشمومات مناسبہ سے کام لین تنقیہ کے بعد فلونیا و برشعثا کا استعمال مفید ہے اطریفل زمانی اور کل اطریفلون کی مداومت نافع ہے ایضاً امالہ نزلہ کیواسطے حلق سے ناک کیطرف نتھا مین اس نفوخ کا نام ناس محسن خانی ہے اور نفوخ وسعوط عطسہ سے کام لین اور نزلہ بارد کہنہ مین حب اذاراقی مجرب ہے پیاس کے وقت گرم پانی پئین اگر پانی کے بدلے ماء العسل دین بہتر ہے غذا حریرہ گیہون کی بھوسی مغز بادام وشہد مین پکا ہوا یا نخود آب دین اور گوشت گنجشک وبچہ کبوتر بھون کے دینا بھی جائز ہے ایضاً برائے نزلہ بارد انطاکی سے ترکیب مغز فندق بریان کسیقدر سیاہ مرچون کے ساتھ کھانا زکام ونزلہ بارد کی منضج سریع ہے اور اسی طرح بخور شکر وگندھک اور انکا کھانا اگر آرد باقلا سرکہ مین ترکر کے سایہ مین خشک کرلین یا مثل اسکے حنا اور اُس سے نصف گندھک اور لونگ وعاقرقرحا وبرگ جوزشامی ہر ایک چوتھائی کا لیپ کرین ورمون کو تحلیل اور نزلہ کو روکتا ہے اسیطرح نطول پوست خشخاش وگل بابونہ وناخونہ اور اگر ایک مثقال گل حنا ماء العسل تین اوقیہ مین کھائین دفع نزلات بارد کیلئے مجرب ہے

دوائی رمد ودرد پیچ وسبل مین معمول ہے ترکیب لعاب بہدانہ وشیرۂ عناب شیرۂ مغز تخم تربوز شربت نیلوفر مین ترید دین اور صندل وگیرو ورسوت دمکو ہموزن ہرے دھنیا کی پتی مین پیس کے آنکھ کے گرد لیپ کرین اور نیلہ کپڑا آنکھ پر رکھین باہ کا طلا بھی گرد آنکھ کے لگانا مفید ہے اور شیاف ابیض لڑکی والی عورت یا گدھی یا بکری کے دودھ مین حل کرکے آنکھ مین لگائین اور حب سرخ کا طلا کرین اگر فائدہ نہ ہو سررو کی فصد مرض کیطرف سے لین اور زلو (جونک) دونون کانون کے پیچھے نقرہ گردن مین سات سات لگائین دوسرے دن بھی ایسا ہی کرین اگر تنقیہ کی ضرورت ہو منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین بعدہ حب ہلیلہ دین اور ایسی صورت مین کہ مادہ مرکب ہو یا مریض کا مزاج گرم ہو حب ایارج سے بھی تنقیہ کرنا مضائقہ کی بات نہین اور تضمید زردی بیضۂ مرغ مشوی تھوڑے سے زعفران اور روغن گل کے ہمراہ لگانے سے سرخی دور ہوتی ہے اور قفا کی حجامت بدستور کیجاے اگر بعد طول کھینچ جاے آرد حلبہ وخشخاش وباقلا وزعفران وصبر انڈے کی سفیدی اور روغن گل مین ملاکے طلا کرین دم الاخوین وزعفران وماميثا واقاقیا وصبر سب ہموزن افیون ایک دوا کے نصف وزن سے شیاف بناکے سرمہ اور طلا کے طور پر استعمال کرین کہ عجیب الاثر ہے غذا کدو وپالک وخرفہ انڈے کی زردی نیمبرشت مناسب پڑتی ہے اور تمام گوشتون اور نشہ کرنے والی چیزون سے پرہیز کرین اگر قوت کے ضعف کا خوف ہو مرغ کے جوزہ کا شوربہ مضائقہ نہین رکھتا ایضاً انطاکی سے ترکیب رمد حار مین فصد کھلوائین بعد اسکے ماء الشعیر وتخم خشخاش سے اکثار کرائین اور املی وعناب وآلو بخارا املتاس کے ساتھ دین اور تبرید ہو ضمع آب کشنیز دمکو وگلسرخ وشیاف ابیض محلول کو انڈے کی سفیدی مین ملاکے دین بعدہ شیاف احمر لین سے آخر مین شیاف زعفران سے علاج کرین اور حار مین مجربات سے خصوصاً صداع مین یہ ہے کہ کدو پر جو کا آٹا سرکہ مین ملاکے لیپ کرین بریان کرکے چھلکا صاف کرڈالین اور مل کے اوسکے پانی مین شکر یا شربت ورد وبنفشہ اگر مرض کی زیادتی ہو پلین اور حب الآس وشوکران کا لیپ کرین آب حی العالم یا کشنیز مع شیر خربازن اکتحال کرین اگر آشوب ورم کے ساتھ شدید ہو کوئی چیز ورم حار کو تحلیل کرنے والی مثل ضماد آرد حلبہ وخشخاش وباقلا انڈے کی سفیدی مین یا طلا دکل آب گل کدو وحی العالم عورت کے دودھ مین استعمال کرین

دوائی رمد بلغمی علامات اسکی درد سر اور سرخی مین کمی کثرت سے پانی بہنا میل نکلنا ثقل کی شدت وانتفاخ اور سوتے وقت دونون پلکون کا چپک جانا ہے

ترکیب نضج مادہ کے بعد مسہل حار وحب ایارج وحب شبیار سے تنقیہ کرین اور ایلوا ورسوت دمروا اقاقیا وزعفران کو کے عرق مین بیس کے لیپ کرین اور حلبہ
مغسول کا لعاب آنکھ مین سرمہ کیطرح لگائین اور انتہا کے بعد ذرور ابیض وشیاف احمر لین کا گھر لگائین الا دوسری دوائین جو معمول ہین اور بیان کی جاچکی ہین حسب
حاجت کام مین لائین اگر باوجود جودت پرہیز اور حسن تدبیر کے مرض طول پکڑے سرخی وسیلان اشک منقطع نہ ہو اور کوئی تدبیر وتنقیہ سود مند نہ ٹھہرے تو سمجھ لینا
چاہیئے کہ نفس طبقات مین خراب مادہ ہے ایسی حالت مین طوطیاے مغسول وسفیداب واقلیمیاے مغسول ونشاستہ کا سرمہ اور طلا مفید ہے کیونکہ رطوبات
غریبہ کو چند روز مین تحلیل کردیتا ہے آنکھ کی اصلاح ہوجاتی ہے اور بقول قرشی تنہا ایلوہ کا سرمہ کفایت کرتا ہے دوائی رمد بلغمی ہین معمول ہے انطاکی سے ترکیب
پہلے شرب غاریقون سے آب مویز کے ہمراہ تنقیہ کرین بعد طلاے شیاف احمر حاد وآب حلبہ سے علاج کرین اور طلاے زردی بیضہ مرغ وروغن گل وزعفران
وایلوہ مفید تر ہے نیز دم الاخوین وزعفران وماميثا اقاقیا وایلوہ برابر افیون ایک دوا کے نصف کا سرمہ اور طلا بھی رمد بارد مین نافع ہے دوائی رمد سوداوی
اسکی علامت خشکی وگرانی وتیرگی چشم وخلش وسرخی پلک وعدم انتفاخ وقلت اشک ورمص وصلب اطالت مرض ہے اور اگر صداع وخشکی دماغ سے
ہوجاتا ہے ترکیب عناب بہدانہ سپستان گاؤزبان شاہترہ جوش دیکے اور صاف کرکے شیرہ مغز بادام شیرہ کشنیز خشک ملاکے شربت بنفشہ حل کرکے
پی لین اور بنفشہ وبابونہ وبزرکتان کا (السی) روغن نیلوفر کے ساتھ پلک پر لیپ کرین روغن بنفشہ وکدو شیر دختر ہین ناک مین ٹپکائین اور نیلوفر وبنفشہ
برگ خطمی جو مقشر سپستان وغیرہ پکے ہوے پانی مین انکباب کرین اور سر پر پانی کا تریڑا دین استحمام کرین اور لعاب بہدانہ وغیرہ مرطبات آنکھ مین ٹپکائین
شیاف اکتحال جون کا گھر لگائین اور ماء الشعیر ودیگر اغذیہ مرطبہ مقوی دماغ کھائین اگر ضرورت پڑے منضج ومسہل سودا وحب افتیمون دین ترطیب سے
پہلے مستفرغات ومحللات کا استعمال نہ کیا جاے دوائی براے رمد سوداوی انطاکی سے ترکیب پہلے تنقیہ شربت سنا ومویز سے پھر افتیمون سے کرین
بعدہ شیاف ماميثا کام مین لائین اور ایک قسم رمد کی ہے کہ اسمین صداع وخشکی وضعف بصر کا اثر ہوتا ہے اور یہ یبس کی زیادتی سے ہوتا ہے اسکا علاج فقط
ترطیب ہے دوائی براے رمد یبسی علامت اوسکی ثقل نہ ہونا میل نہ نکلنا آنسو نہ بہنا مدد کی زیادتی سرخی کی کمی ہے ترکیب شیرۂ بادیان شیرۂ تخم کشوث
ہمراہ گلقند عسلی دین اور طبیخ بابونہ واکلیل الملک ومرزنجوش آنکھ پر دھارین اور گیہون کی بھوسی اور جادرس سے تکمید کرین حمام مین بٹھائین اور دوسرے محللات
سے کام لین اور معجون جو رمد یبسی مین مستعمل ہے کھائین دوائی اقسام دیگر کبھی رمد اسطرح ہوتا ہے کہ غبار پڑجاے دھوان لگ جاے یا آفتاب کی گرمی اور
بہت چمکدار چیزون کے دیکھنے سے یا جس شخص کو کہ آشوب چشم کی شکایت ہو اوسکی آنکھ دیکھنے سے اور مثل اسکے اور خفیف سرخی مثل رمد کے آنکھ
مین پیدا ہوجاتی ہے کسیقدر سوزش ہوتی ہے آنسو بہتے ہین اس قسم کو رمد مجازی کہتے ہین اور تکدر بھی کہتے ہین ایسی حالت مین سبب کا انقطاع کافی ہوتا ہے
ورنہ تدبیر ہلکی علاج رمد حار سے کیجاے اور حضض وصندل سفید ہرے دھنیے کی پتی مین معہ شیر دختران بیس کے لیپ کرین یا برگ خرفہ وقدرے کافور گلاب
مین گھس کے آنکھ پر رکھین اور شیاف بریوما استعمال کرین شیاف ابیض وبرود کافوری آنکھ مین لگائین اور ایسے آشوب مین جو برف کے دیکھنے سے ہوجاے
تحلیل کرنے والی تدبیرین کافی ہوتی ہین مثلا برگ ثوم یا پوست خشک شلغم وزوفاے خشک واکلیل وبابونہ پانی مین جوش کرین اور اوسکے دھوئین سے
انکباب کرین اور پتھر کا یا تانبہ کا ٹکڑا گرم کرکے اوسپر سرکہ چھڑکین اور اوسکے دھوئین پر سر جھکادین بادام پیس کے لیپ کرین دوائی رمد عظیم کہ اکثر

بچون کی آنکھ مین ہوجاتا ہی اوسکا نام وردینج ہی یہ تمام آشوبون سے زیادہ سخت ہوتا ہی اُنکی وجہ سے تمام اقسام کے ورم مثل انتفاخ و تمدد و ضربان و صلابت کی
شکایت ہوتی ہی ورم اسقدر ہوجاتا ہی کہ سفیدی مین سیاہی چھپ جاتی ہی اور بیمار کو آنکھ بند کرنا مشکل پڑتا ہی ورم کا رنگ گلاب کے پھول کے مانند سرخ ہوتا ہی ترکیب
اسکا علاج مثل علاج رمد حار کے ہوتا ہی فصد مین بہت سا خون لینا چاہیے اگر مریض کمسن ہو گدی کی حجامت اور کان کی لو مین جونکین لگانا کافی ہی اگر تنقیہ
کے بعد اغراق پلک ہو سیل ظاہر ہو تو ذرور ابیض کام مین لائین اور شیاف ابیض بغیر افیون کے انڈے کی سفیدی اور شیر زنان مین حل کرکے آنکھ مین ٹپکائین
اور عصابہ سے اوپر باندھدین رات دن مین تین بار ہر دفعہ جب ذرور مذکور کا استعمال کرین آنکھ پر عصابہ باندھ دین اور جب تک وہ اچھی طرح تحلیل نہ ہوجاے
نہ کھولین اوسکے تحلیل ہونے کے بعد عصابہ کو دور کرکے شیاف ابیض پہلے کیطرح ٹپکاکے ذرا دیر ٹھہر جائین پھر پہلا ذرور چھڑک کے جسطرح بیان کیا گیا ہی
عمل کرین عصابہ کھولنے کے بعد ایک سلائی سے جسپر تھوڑی سی روئی لپٹی ہوئی ہو صاف و ہموار ہوا اندھیرے مکان مین کیچڑ کو صاف کردین اور رسوت و
ایلوا و اقاقیا و شیاف مامیثا عرق کاسنی و مکو مین ملا کے حوالی چشم مین ضماد کرین احتیاط رکھین کہ انمین سے ایک دوا بھی تنقیہ و استفراغ سے پہلے استعمال
نہ کی گئی ہو اور جبکہ باوجود ان تدبیرون کے درد مین سکون نہ ہو شیاف ابیض افیون حلبہ کے عرق کے ساتھ آنکھ مین ٹپکائین اور اوس پانی سے جسمین کہ حلبہ
اکلیل الملک جوش کی ہو تکمید کرین اور گل سرخ و ناخونہ ہر ایک دو درم زعفران ایکدرم کوٹ چھان کے ہرے دھنیے اور انڈے کی زردی مین ملا کے لیپ کرین
جب درد موقوف ہوجاے بدستور اول ذرور ابیض و شیاف ابیض سے کام لین اور درد سے تسکین ہونے ورم تحلیل ہونے اور سرخی دور ہونے کے بعد
ذرور ابیض و اصغر صغیر و شیاف احمر لین عمل مین لائین اور انزروت و زعفران دونون کو پیس کے سرمہ لگانا وردینج اطفال کے واسطے مجرب ہی دوائی صبح
لطفا کی سے ترکیب فصد مین مبادرت کرین بچون کے بھنے لگائین بعدہ اگر مقارن رمد ہو پس علاج ایک ہوگا بسبب اس اتفاق دونون کے اصلاً و جملتاً بلکہ
رمد وینج ایسے وقت مین قوت رمد کا نام ہی لیکن اسمین مجربات سے ریچھ کی چربی انڈے کی سفیدی و انزروت زعفرانی و شیر زنان شتر مرور التہاب کی
شدت کے وقت لعاب بہدانہ گلاب و رسوت مین رکھنا جائز ہی اور رد مواد کے لیے مثل افیون و گل سرخ و زعفران خارجی طور پر بطور طلا استعمال کرنا دوائی
برائے رمد گرم ترکیب شربت بنفشہ مکو کے عرق مین حل کرکے پی لین اور ہلیلہ سیاہ رسوت صندل سرخ مکو کے عرق مین پیس کے نیم گرم آنکھ کے پپوٹون پر لیپ
کرین ایضاً برائے رمد حار و ازالہ سرخی و درد ترکیب املی کی پتی گلاب کی پتی ببول کی پتی کتیرا باریک پیس کے روپیہ کے برابر گولی بناکے پانی کے بھرے
ہوے کپڑے پر رکھ کے آنکھ مین باندھین دوائی نافع رمد حار ترکیب کافور انگبزروتی پٹھانی لودھ تین جزو پیس کے باہم ملا کے پوٹلی مین باندھین دو گھڑی تک
پانی مین بھگو کے پوٹلی کو آنکھ کے اوپر پھیرین اور ایک قطرہ آنکھ مین ٹپکائین دوائی کہ رمد حار مین معمول ہی ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ رسوت گیرو املی
کی پتی افیون پھٹکری بریان زیرہ سفید ہر ایک قدرے کپڑے مین لپیٹ کے گلاب مین ترکرین اور آنکھ پر پھیرین: ایضاً رمد حار مین معمول ہی ترکیب
پھٹکری بریان لودھ ہر ایک ایک ماشہ افیون چار رتی برگ تمر ہندی چار ماشہ سب کو پیس کے کپڑے مین پوٹلی باندھ کے پانی مین بھگو دین اور ٹھہر ٹھہر کے
آنکھ پر پھیرین ایضاً برگ تمر ہندی تین ماشہ پھٹکری چار ماشہ برگ گھیکوار ایک تولہ پوٹلی باندھ کے بیری کی پتی کے عرق مین ترکرکے کام مین لائین
کہ دو روز مین اچھا ہوجاے ایضاً ہلیلہ زرد پھٹکری سونف رسوت آنبہ ہلدی کوکنار ہر ایک ایک ماشہ کوٹ کے کپڑے مین پوٹلی بنائین گھیکوار کے

پانی مین بھگو کے آنکھ پر پھیرین تو عدیگر آشوب چشم کے واسطے معمول اور آنکھ کی سرخی دور کرتی ہی ترکیب مغز گھیکوار دو ماشہ پھٹکری بریان ایک
ماشہ افیون ایک رتی باریک پیس کے مغز گھیکوار مین ملاکے پوٹلی بنائین اور پانی مین ترکرین آنکھ پر پھیرین اور کسیقدر آنکھ مین ٹپکائین ایضاً نافع
درد چشم ہر قسم کے واسطے ترکیب زیرہ سفید پٹھانی لودھ پھٹکری بریان ہر ایک مساوی باریک پیس کے تھوڑے سے مغز گھیکوار مین ملاکے
پوٹلی بنائین اور پانی مین بھگو بھگو کے ہر وقت آنکھ پر پھیرین اگر رات کے وقت مستعمل دوا کو کپڑہ پر پھیلاکے آنکھ پر باندھین اور سورہین روزانہ
بدستور مذکور عمل کرین دو روز مین صحت دیتی ہی ایضاً برائے رمد و درد چشم نکملہ ہندی سے ترکیب رسوت ہلدی پٹھانی لودھ پھٹکری ہر ایک
ایکدرم افیون ایک ماشہ لونگ ایک عدد کوٹ چھان کے املی کی پتی کے شیرہ مین ملاکے دو پوٹلیان بنائین اور آنکھون پر پھیرین ایضاً برائے
رمد غیر التجارب سے ترکیب پوست خشخاش پھٹکری پٹھانی لودھ سرس کی پتی مغز گھیکوار ہر ایک دو درم کوٹ کے پوٹلی بیری کی پتی کے عرق مین
ترکرکے ہر روز نئی پوٹلی سے کام لین دوائی ایک سلائی لگانے کے بعد درد و سرخی و سوزش فوراً رفع ہوجاے ترکیب افیون پھٹکری رسوت
نبات سفید شفاف کو تازہ پانی کے ہمراہ پھول کے کٹورے مین ٹھیکرے سے پیسین جب شہد کے برابر گاڑھی ہوجاے شیشی مین اٹھا رکھین اور سلائی کو
اسمین بھر کے آنکھ مین پھیرین دوائی آنکھ کے درد کو ایک لحظہ مین سکون دیتی ہی ترکیب پٹھانی لودھ پیس کے گیہون کا میدہ گائے کا گھی ہر ایک
چار درم سکو پانی مین خمیر کرین اور چار گولیان بنائین اور مٹی کا پیالہ ہلکی آگ پر رکھین اور ایک گولی اوسپر ڈالدین جب گرم ہوجاے نرم کرکے آنکھ پر رکھین
یہانتک کہ ٹھنڈی ہوجاے پھر دوسری گولی جو گرم ہو چکی ہوگی آنکھ پر رکھین اسیطرح کرین چار دفعہ مین درد جاتا رہیگا تو عدیگر بیاض اوستاد مرحوم
سے ترکیب دو ماشہ گل بابونہ دو تولہ اطریفل کشنیزی مین ملاکے کھانا ایسی آنکھ کے درد کو کہ بیقرار کیے دیتا ہو اوسی وقت نفع دیگا ایضاً آنکھ کی سرخی اور درد
دفع کرنے مین مجرب ہی ترکیب سونٹھ صندل سرخ ترکچور بڑی ہڑ مساوی کوٹ کے گلاب مین بھگوین اور آنکھ کے اوپر طلا کرین و آنکھ کھولین تاکہ کسیقدر آنکھ کے
اندر جاے اور جلتا ہوا پانی نکلے پانچ چھ مرتبہ آنکھ کو کھولین اور بند کرین پھر سورہین دوائی ابتداے آشوب چشم مین ردع کیوجہ سے فی الحال
آرام ملتا ہی ترکیب پتھر مہرہ کوٹ چھان کے رسوت بیرانڈے کی سفیدی سب مساوی لیموے کاغذی کے عرق مین دو گھنٹہ تک لوہے کے برتن مین
رکھ کے کھرل کرین اور آنکھ کے گرد تین مرتبہ لیپ کرین بعد تین روز کے لونگ پیس کے پھٹکری ہر ایک ایکدرم رسوت کی تین درم افیون نصف درم گرم
پانی مین ملاکے لیپ کرین کہ نہایت مفید ہی دوائی رمد ابیض واضح کہ بعد ایک ہفتہ کے رمد حار مین اہل راے کے مجربات سے ہی ترکیب جشنخلم مدبر
مصری و انزروت مدبر کہ گدھی کے دودھ اور اسپغول کی بھوسی ہر ایک ایکدرم سنگ سماق کے کھرل مین حل کرین چھننے سے چھان کے کام مین لائین
اسکو ابیض کہتے ہین اگر ایک دانگ دم الاخوین ہر درم کے برابر زیادہ کردین اسکو دواے رمد احمر کہتے ہین دوائی کہ رمد کہنہ کے واسطے اوستاد
مرحوم کے معمول سے ہی ترکیب ایک ماشہ پھٹکری کو نو ماشہ گاے کے گھی مین بھونین اور افیون ایک ماشہ ڈال کے تھوڑا سا گھی اوسکے اوپر سے
اور ڈالین اور لوہے کے کرچھے مین لوہے کے دستہ سے خوب ملادین اور آنکھ مین لگائین دوائی براے رمد بلغمی و نزلی و سبل رطب ترکیب پھٹکری
رسوت گیرو لونگ آب کشنیز سبز مین پیس کے ضماد کرین اور دوسرے دن افیون زعفران زیادہ کرین اور حبس نزلہ کے واسطے پوست بلیلہ زرد

اسطوخودوس بر سیاوشان ہر ایک چھ ماشہ مویز منقی سات دانہ جوش اور صاف کرکے مصری ڈیڑھ تولہ داخل کرکے پی لیں دوائی کہ طرفہ کے دور
کرنے میں مجرب ہے ترکیب قطرۂ خون بال کبوتر یا بط قدرے گیرو میں ملا کے آنکھ میں ٹپکائیں اور انتہا میں محللات مثل کندر و مرداسنگ و زعفران ٹپکائیں
اور طبیخ صعتر و ناخونہ و زوفا خشک سے تکمید کریں اور قوی غذاؤں سے مثل گوشت مرغ و شراب و شیرینی سے پرہیز کریں اور اگر سبب قوی ہو پہلے
فصد سر رو کھلوائیں گدی کی حجامت بنوائیں اور مسہل بارد سے تنقیہ کریں اور وہ طرفہ جو درد کے ساتھ ہو تقطیر شیر اور مناسب لعابوں سے ہر ایک
نیم گرم اور جاننا چاہیے کہ اگر چوٹ سے آنکھ آگئی ہو درد میں تسکین دیتی ہے تنجیر کندر و زعفران و شیر زنان ٹپکائیں اسیطرح سعوط طباشیر روغن بنفشہ
و روغن گل سرکہ میں قطرہ قطرہ ٹپکانا مجرب ہے دوائی برائے طرفہ ترکیب الطاکی کہتا ہے اگر مثل چوٹ لگی آنکھ کے مانند ہو اور سر وقت معلوم ہو کہ ٹپکانے والی
کوئی چیز ہو فندق و زیرہ خائیدہ نہیں ہے یا خون کبوتر سفید یا بط اور اسکے علاوہ اگر کسی جہت سے ہو فصد قیفال کھلوائیں پھر آنکھ کے کوے کی رگ
کھولیں اگر امر متادی ہو جائے ورنہ اسہال نقوع صبر یا طبیخ خیارشنبر و املی کافی ہے اور لعاب حلبہ یا بہدانہ گلاب میں ٹپکائیں اور ایسی چیز جس سے خون
حل ہوتا ہو مثل آرد باقلا و قرطم یا خمیر اب صف صاف میں بھگو کے لیپ کریں اور شیاف مرارات طرفہ میں مجرب ہے اسیطرح زعفران شیر زنان
یا شیر خر میں اور جو اسے تحلیل کرے نگاہ کو تیزی دے اور مجرب یہ ہے کہ منبلوجن روغن بنفشہ میں سعوط کریں نیز قطور روغن گل سرکہ میں اور سندروس
شیر زنان میں پتھر پر گھس کے ٹپکائیں مجرب ہے اگر دار چینی الکیجر دگر کم نصف جزو اجوائن چھٹا حصہ پیسیں اور ہر روز دو درم کھائیں اُسی سے اکتحال
کریں عمدہ دوا ہے نیز وہ کہتا ہے کہ پہلے شیر زنان روغن گل میں ٹپکانا مجرب ہے نیز روزہ دار کے منہ کا لعاب مجرب سویدی سے ہے بعدہ زیرہ و نمک و
فندق منہ سے چبا کے پارچہ میں چھان لیں اور اوسکے پانی کو قطرہ قطرہ ٹپکائیں خصوصاً اگر پرانا ہو گیا ہو اور پرانے طرفہ میں گائے کے کنڈے کی دھونی اور کندر
ہموزن اور اوسکے دھوئیں پر آنکھ کو رکھنا نافع ہے اور سولی اور ناخونہ دونوں کو پکا کے ضماد کریں دوائی ظفرہ یعنے ناخنہ ناخنہ کے لیے اور یہ
زیادتی ہے طبقہ ملتحمہ پر کہ اکثر زموق اکبر ناک کی طرف ہے ابتدا کریں اور یہ اکثر امر میں جب تک آنکھ کی سیاہی تک نہ پہونچ جائے ذہن رسا علاج کا ڈھال
ہونا چاہیے اور مقصد یہ ہے کہ اُس جگہ سے حدقہ کو چھپا دے اور بصارت کو زائل کر دے ترکیب ادویہ حادہ مثل شیاف اسود اخضر و شیاف ہلالی و
و شیاف روشنائی اور مثل اوسکے جو ذکر ہو چکا ہے عمل میں لائیں اور بڑی احتیاط کے ساتھ استعمال کریں کہ آنکھ میں قرحہ نہ پڑ جائے کہ دوا استعمال
ہونے سے پیشتر گرم پانی کی بھاپ پر سر جھکا دیں اور اسکے بعد اکتحال ادویہ سے کام لیں کہ دوا کا اثر زیادہ ظاہر ہو اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو فصد
کھلوائیں اور مسہل سے تنقیہ نیز حب ایارج سے کام لیں اور بلغم پیدا کرنیوالی چیزوں سے پرہیز کریں اور اس صورت میں کہ ناخنہ گاڑھا ہو گیا ہو تنقیہ
کے بعد ہوشیار شخص اوسکو قطع کر دے قطع ہونے کے بعد زیرہ و نمک چبا کے اوسکا پانی آنکھ میں ٹپکائیں بعدہ تسکین سوزش کے واسطے انڈے کی زردی
و روغن گل آنکھ کی پشت پر رکھیں اور اگر ظفرہ خفیف ہے اور سا خوب مہین گھس کے یا کندمیں کے آنکھ میں ٹپکائیں ناخنہ دفع کرے۔ میں مجربات حکیم
علی سے ہے اور قسم عجیب ظفرہ میں یہ ہے کہ اوسکا ابطانہ طرف ملتحمہ سے اور ظہارہ صلبیہ سے پیدا ہوتا ہے اوسکا کاٹنا محدث گزاز ہے علاج دواؤں سے
کریں دوائی بیاض چشم یعنے سفیدی چشم کہ آنکھ کی پتلی پر پڑ جاتی ہے اگر رقیق ہوتی ہے اوسے تمام دائر کہتے ہیں ہندی میں جالا نام ہے اور جو غلیظ

ہوتی ہو اُسے بیاض مطلق وگل چشم کہتے ہین ہندی مین پھلّی نام ہو اسکا سبب تغلیظ مادہ ہو بواسطہ وقوع خلط علاج رمد مین یا مادہ شقیقہ کے سبب سے اور
بعد طلوع وحدوث قرحہ صبیان مین آسانی سے ترتیب دینے والی اور کہول مین کم ترتیب دینے والی ہو اور جو بیاض کہ بعد قرحہ کے پڑجاتا ہے پورا زائل نہین ہوتا ترکیب
سبب کے ازالہ کے بعد اس مرض کیواسطے بیاض سے ادویہ مخصوص موجب معلوم کرنا چاہیے جو اس مرض مین ذکر کیے گئے ہین اور اُنپر عمل کیا جاے اور ضعیف
دوائی سے قوی کیطرف توجہ کرنی چاہیئے اگر بیاض غلیظ مزمن ہو تنقیہ کے بعد قوی دوائین دینا چاہیئے بعد اسکے جو دوائین اس مرض کیواسطے مخصوص
ہین وہ استعمال کیجائین اور دوا استعمال کرنے سے پہلے گرم پانیکی بھاپ سے آنکھ کا انکباب کرنا چاہیے دوائی بیاض وگل چشم کے واسطے مفید ہے
حنظل کی سے ترکیب بیاض مین نیلہ سرمہ جالیہ کا کفایت کرتا ہو اور سواے اسکے اگر احتیاج رہے تو تنقیہ ہونا چاہیے اگر کسی خلط کی زیادتی معلوم ہوتو
صحت دماغ کے یقین کے ساتھ قوی سرمہ لگاے جائین اور اوسکے ضعف کیساتھ آرام دینا چاہیئے استحمام وانکباب گرم بھاپ سے کیا جائے اور بہترین
اکتحال اس جگہ باسلیقون کبیر ودوشنائی کبیر وبرود نقاشین وجوہری ہو اور جلاے بیاض کے واسطے مجربات سے ہے کہ شہد قطور ناہمراہ شکر سادی
پیس کے آنکھ مین لگائین نیز مغز بہدانہ ومغز چنبہ دانہ ہمراہ شکر سادی اور گھسے ہوے عقیق کی پانچ سلائیان صبح اور پانچ شام لگانا جید علاج ہو اسیطرح
سندروس بزری قصب سعدہ اور یہ سرمہ میری ترکیبون مین سے براے ازالہ بیاض مطلق حیوانون کی آنکھون کے واسطے مجرب ہو اسکا نسخہ محلول
کے نسخون مین آئیگا ایضاً رطوبت کیواسطے مجرب ہو جو کہ مکھی کے شہد مین ہو پیاز سفید کا عرق جسقدر چاہے نچوڑے اسیطرح مولی کا عرق مفید ہو
پہلے شہد کو ہلکی آگ پر چڑھا کے اسکا کف نکال ڈالے پھر پیاز کے عرق سے پھر مولی کے عرق سے پھر صعتر کے عرق سے ان مین سے ہر ایک کا وزن شہد
کے برابر ہونا چاہیے تین مرتبہ صاف کرنے کے بعد اُتارے اور شیشہ کے برتن مین رکھ چھوڑے کہ یہ سرمہ قلع بیاض کے واسطے مجرب ہو اگر محرور کی آنکھ
مین گلاب یا موز نوام کا دودھ یا گدھی کا دودھ ڈالین اگر مبرود ہو تو تنہا یا عرق قصب کے ساتھ قطرہ قطرہ ٹپکائین یہ ازالہ بیاض کا ظلمت بصر وقرحہ
وسبل وجرب ودمعہ بھی کرتا ہو اسکو پوشیدہ رکھنا چاہیے کہ اسرار سے ہو اگر کوئی شخص بچہ کا پیشاب مرغ کا خون اور ہدہد کا خون لیکے باہم ملاے
اسقدر جوش دے کہ گاڑھا ہوجاے اُسے سرمہ کے طور پر لگاے ازالہ بیاض کیواسطے مجرب ہو ذخائر سے ہے دوائی پھلی جالہ ناخنہ دھند
کھودیتی ہو تجربہ مین آچکی ہو ترکیب نبات سفید نیم لم مرچ سفید دانہ الائچی خورد سرمہ سیاہ سنگ بصری مغز تخم سرس پھٹکری شیشہ (جسے
آئینہ کہتے ہین) ایک ایکدام کوڑی زرد آٹھ عدد مثل سرمہ کے باریک کھرل کرکے آنکھ مین لگائین ایضاً براے بیاض کہ رمد کے بعد پڑجاتا ہے
ترکیب افیون پھٹکری بریان ہر ایک ایکماشہ لونگ ایک شیرہ برگ سرس دو تولہ پھول کے کٹورہ مین سپاری سے حل کرکے ایک سلائی آنکھ
مین پھیرین نوعدد مگر براے گل چشم حکیم جعفر صاحب ترکیب تھوڑا سا سہاگہ اور بارہ سنگھا سوختہ لیمو کے عرق مین حل کرکے آنکھ مین لگائین ایضاً
گل چشم آدم واسپ ورفع درد چولی ہو ترکیب سونٹھ پھٹکری نمک سنگ سب برابر کوٹ چھان کے ہر روز دو تین مرتبہ آنکھ مین لگائین دوائی
براے درد چشم جو بادسبل سے ہو معمول ہو ترکیب دم نیم کی پتی املی کی پتی سرس کی پتی زرد چوب پھٹکری بریان افیون ہر ایک نصف درم باریک پیس کے
پوٹلی بنالین اور پانی مین تر کرکے گھنٹہ گھنٹہ بھر کے بعد آنکھ پر پھیرین اور تھوڑی سی دوا آنکھ مین ٹپکادین دوائی سبل یہ رگون کے بھرجانے کے سبب سے

ہوتی ہی جو خون غلیظ آ کے جمع ہو جاتا ہی اور کثیف بخارات لہذا اگر آنکھ کی تری اور آنسوؤن کیساتھ ہو اوسکو سبل رطب کہتے ہین اور یہ قسم برابر چھنکون کو یون کہ بھڑکنے اور ڈھیلے کے درد کے ساتھ ہوتی ہی اگر کوئی رطوبت نہ ہو سبل یابس کہلائیگی اس قسم مین سواے بردد بل کے دوسری باتون مین تند ستون کی طرح آنکھ رہتی ہی ترکیب جو کچھ دوائی رمد دموی مین بیان کیا گیا ہی اوسپر عمل درآمد کرین اور بعد فصد و تنقیہ و دخول حمام خالی پیٹ کی حالت مین اور فصد رگ پیشانی و گوشہ چشم نافع ہی ادویہ مسخنہ مجففہ مع رعایت کمی اور قوت مرض کے استعمال کرین مثل سبل رقیق مین شیاف دینار جون آنکھ مین بھیرین اور سبل غلیظ مین شیاف احمر و اخضر و باسلیقون اور عروض حرارت کی صورت مین کہ سبل مین ہو ہڑ کی گٹھلی کا سرمہ لگائین اور سبل یابس مین اکتحال سے پہلے دو ابعد اسکے حمام جانا اور گرم پانی کی بھاپ پر سر جھکاے رہنا لازم ہی اور اگر سبل رمد گرم عارض ہو کوئی سرد دوا مثل شیاف ابیض کے آنکھ مین نہ لگائین اور استفراغ و جذب مادہ پر منحصر رکھین اور انڈے کی زردی آنکھ کی پشت پر رکھین اور ذرور اغبر استعمال نہ کرین اور جو چیز رمد دبل دونون کے واسطے مفید ہو مثل شیاف سماق کے کام مین لائین اور سبل کہ غلیظ پرانا اور مضبوط ہو گیا ہو صدقہ پر حاوی ہو گیا ہو بصارت جاتی رہے اوسکی تدبیر قطع کرانا ہی جیسے کحال جانتے ہین اور تمام اصناف سبل مین امتلا و کثرت کلام و روشنی چراغ و غبار و دھوان اور سر جھکائے رہنا بھاپ نکلتے ہوے کھانے مثل لہسن و پیاز و گندنا و ماش و باقلا اور ٹھنڈی غلیظ غذائین مثل مچھلی گاے کا گوشت وغیرہ لبنیات و حلویات کھانے سے اجتناب رکھین دوائی سبل و بیاض و ناخونہ کو دور کرتی ہی ترکیب دارفلفل نمک لاہوری پھٹکری آبگینہ تخم سرس پانچون دوائین برابر لیکے کانسہ کے برتن مین نیم کی لکڑی سے حل کرین جب غبار کیطرح ہو جائے ہر صبح کو ایکدن بیچ ایک سلائی آنکھ مین بھیرین اور کحل یاسمین بھی ازالہ بیاض چشم کیواسطے مجرب ہی دوائی انتفاخ بلغمی ریحی علامت اوسکی دفعتہ واقع ہوتا ہی ایضا سوزش و کھجلی سے خالی نہین ہوتا کوئی گرانی نہین ہوتی اور زیادہ تر گرمیون مین ہو جاتا ہے ترکیب شیاف ابیض بغیر افیون و ذرور ابیض استعمال کرین اور ایلوا ناخونہ و شیاف مامیثا کا آنکھ کے پپوٹے پر طلا کرین تیسرے دن ذرور اصفر صغیر شیاف احمر لین کے ساتھ مرکب کرکے آنکھ مین بھیرین ایلوا رسوت زعفران مکو کے پانی مین حل کرکے طلا کرین بعد اسکے ذرور اصفر کبیر عمل مین لائین اور اوس پانی سے جسمین بابونہ ناخونہ مرزنجوش برنجاسف جوش کیا ہوا ہو اوس سے آنکھ دھوئین اور مجففہ غذائین کھائین بادی چیزون سے پرہیز کرین رات کیوقت اطریفل کا کھانا بھی اس موقع پر فائدہ مند ہی دوائی انتفاخ بلغمی اسکی پہچان یہ ہی کہ رفتہ رفتہ ہوتا ہی اور ایسا درد کچھ نہین ہوتا ثقل کیساتھ ہوتا ہی اگر انگلی سے سہلائین تو دیر تک سرسراہٹ رہتی ہی لیکن اگر رطوبت مائی ہو تو غمز کا اوسمین اثر بہت جلد زائل ہوتا ہی اوسمین نہ درد ہوتا ہی نہ جلن نہ کھجلی ترکیب مادہ کا تنقیہ رمد بلغمی کیطرح کرین پھر وہ پانی جسمین سونف جوش کی ہوئی ہو اوس سے غرغرہ کرین اگر چاہین سکنجبین ملالین تنقیہ کے بعد پہلے شیاف احمر لین آنکھ مین بھیرین ایلوہ زعفران رسوت ناخونہ شیاف مامیثا کا لیپ کرین اور بابونہ ناخونہ صعتر مرزنجوش جوش کرکے اوسکا پانی آنکھ مین ٹپکائین بعد اسکے ذرور اصفر کبیر و شیاف احمر حاد مرکب کرکے عمل پیرا ہون جس جگہ رطوبت مائی ہو شیاف دینار جون کھینچنا بہت فائدہ مند ہی دوائی انتفاخ سوداوی اسکی پہچان صلابت و شدت و تمدد و کمودت رنگ ہی اکثر ایسا ہوتا ہی کہ انتفاخ بھوون اور گالون پر بھی ہوتا ہی یہ قسم بدترین اقسام سے اکثر بعد رمد مزمن و عقب جدری کے ہو جاتا ہی ترکیب بعد ترطیب و انضاج مادہ تنقیہ سودا کرین جیسا مالیخولیا مین ذکر کیا گیا ہی بعد شیاف

احمرلین و ذرور اصفر بھیرین اور لیپون طلاؤن مین سے جو اورام سوداوی و سرطان کیواسطے مخصوص ہون عمل مین لائین اس قسم مین تضمید و تطلیل و استحمام
تنقیہ سے پہلے بعد اسکے تلیین و تحلیل بارہ عظیم النفع ہی دوائی جسارۃ ملتحمہ یعنی سختی جو آنکھ کی سفیدی مین بغیر ورم و سوجن کے ہوجاتی ہی اور درد و سرخی و دشواری
حرکت اور بعض صلب کے اندک اجتماع سے ہوتی ہی سو اُٹھ کے آنکھ کا کھولنا دشوار ہوتا ہی بعضے اسے رمد یابس کہتے ہین ترکیب لعاب حلبہ و تخم کتان
شیر زنان مین نکال کے آنکھ کے اندر ٹپکائین اور انڈے کی زردی روغن گل مین ملاکے اوپر کے پپوٹے پر رکھین روغن بنفشہ و روغن بادام ناک مین ٹپکائین
اور کثرت حمام و انکباب و تکمید گرم پانی سے لازم سمجھین اور اطلیہ ملینہ و محللہ جو رمد سوداوی کی دوائی مین بیان کیے گئے بحسب حاجت استعمال کرین اور
ٹھنڈے کھانون سے پرہیز کرین کہتے ہین کہ تنقیہ اور حصول تلیین کے بعد آنسو لانے والی دواؤن کا استعمال مثل برود حصرم و باسلیقون و شیاف احمر
و کحل روشنائی اس مرض مین نافع ہوگا دوائی توتۂ ملتحمہ یہ ایک گوشت نرم و سرخ ہوتا ہی کہ ملتحمہ پر زیادتی سے آجاتا ہی اکثر قریب موق اکبر کے پڑتا ہی
ناخنہ کی شکل مین اسکا سبب اکثر اجتماع خون فاسد سے ہوتا ہی قروح یا قدح سے یا تفرق اتصال ملتحمہ بعد استحکام کے اجتماع سے ترکیب اول
فصد سر اور دلوائین بدفعات مسہل دین تنقیہ کے بعد مثل ناخنہ کے کٹوا دین پھر آب زیرہ اور چبایا ہوا نمک چند مرتبہ ٹپکائین انڈے کی زردی پپوٹے پر
رکھین بعدہ کحل باسلیقون احمر حاد لگائین علاج سے مادہ کو سوخت کردین ادویہ ظفرہ کام مین لائین یہانتک کہ فنا ہوجائے دوائی برائے حکۃ العین
یعنی آنکھ کی کھجلی کے واسطے اور ہو سکتا ہی کہ پلک بھی سرخ ہوجائے یا زخم پڑجائے اسکا سبب رطوبت شور یا بورہ بغل ہی ترکیب ترطیب و تدمیع
کے واسطے آنکھ منہ گرم پانی سے دھویا جائے اور جست قصب پر ملین اوسکی سیاہی آنکھ مین لگائین کاسنی کوٹ کے روغن گل مین آمیز کرکے لیپ لگائین
نرم کھانا کھائین شور و تیز چیزون سے پرہیز کرین اور جو سلاق و جرب مین آئے مفید جانین اور کثرت مادہ کی صورت مین فصد و مسہل کے ذریعہ سے تنقیہ
کرین اور حب ذہب یا حب ایارج کھلائین بعدہ غرغرہ و سکنجبین و ایارج فیقرا کرین شیاف احمر لین و ذرور اصفر صغیر و احمر حاد و ذرور اصفر کبیر استعمال کرین
اور آنسو لانے والی دوائین مثل کحل باسلیقون آنکھ مین لگائین دوائی جرب العین کے واسطے مخصوص ترکیب ایلوہ جلا ہوا ایک جزو نوشادر نصف
جزو کوٹ چھان کے شہد خالص مین آمیز کرکے استعمال کرین یا سرمہ سیاہ معہ رسوت و سماق کے کام مین لائین اگر مازو کوٹ چھان کے مثل غبار کے
پیسین اور اجفان پر چھڑکین اور تین گھنٹہ تک خبر نہ ہون یا کافور محلول پانی مین ملاکے ٹپکائین نافع ہی اگر فائدہ نہ ہو فصد قیفال و حجامت کرائین مسہل
بو حب ایارج سے تنقیہ کرین تنقیہ کے بعد حابسات مثل گلاب یا نمک یا سرکہ یا شکر یا شیاف احمر لین و شیاف اخضر استعمال کرین اگر ردائت مادہ زیادہ
ہوجائے اور خشونت مذکور بشکل دانہائے انجیر کے ہو اور ایک دوسرے کے بعد ملتصق ہوجائے متفرق ہونے کا خوف ہو ہیجان کے سبب سے درد ہوتا ہی
فصد کے بعد تنقیہ بدستور مالیخولیائے دموی کے جرب ہوجائے جرب کو نبات سفید یا لوہے سے آہستگی کے ساتھ چھیڑ دین اور شیاف ابیض و شیاف آباریسے
استعمال کرین پھر تسکین حرارت کے بعد ذرور اصفر صغیر استعمال کرین بعد اسکے شیاف احمر حاد و ذرور اصفر کبیر پھر شیاف اخضر و باسلیقون عمل مین لائین اگر
مادہ ردی تر ہو اور درشتی مذکور سیاہ و سخت اور قرحہ کرے اور اوسکے منہ پر سرخ ریشہ معلوم ہو مثل مالیخولیائے سوداوی کے تنقیہ کرین انجیر کے پتے سے
کھجلائین اور سمجھین کہ جرب مین سے ہی تاکہ دوا کارگر ہو اوسکی کھجلی کیطرف متوجہ نہ ہون اور بغیر بدن کے تنقیہ کے ہرگز اوسمین ہاتھ نہ لگائین اور شیاف

زنگار برائے جرب چشم و دمعہ و گل چشم بھی مجرب ہے دوائی نافع خارش و سرخی چشم کہ بوے بغل سے ہوتی ہے ترکیب سیاہ مرچ ڈھائی عدد نیم کی پتی دو
عدد چولھے کی مٹی جو سرخ ہو بانس کی لکڑی سے تینوں مساوی دواؤن کو جست کے کاسہ مین خوب حل کرین کہ سیاہ ہو جاوے اور تھوڑا آنکھ مین ڈالین
ایضاً برائے خارش چشم ترکیب صبر حضض مکی پوست ہلیلہ زرد و شیاف مامیثا کوٹ چھان کے سرمہ کیطرح لگائین دوائی نافع ودقہ یہ ایک قسم کا
چھالہ ہوتا ہے صلب سرخ یا سفید کہ آنکھ کی سفیدی مین پڑ جاتا ہے اور اکثر موق مین پڑتا ہے اکثر ایسا ہوتا ہے کہ حلقہ سیاہی چشم کے گرداگرد چھوٹے چھوٹے
دانے مثل موتیون کے ظاہر ہوتے ہین یہ مرض انتہائے آشوب چشم مین زیادہ تر ہوتا ہے ترکیب اگر سبب خفیف ہو روفادہ گلاب مین تر کرکے آنکھ پر رکھین
کافی ہے نہین تو تنقیہ کرین بشور سرخ مین فصد و مسہل بارد دین چنانچہ رمد دموی مین بیان کیا گیا اور بثرۂ سفید مین جو رمد بلغمی مین ذکر کیا گیا ہے تنقیہ کے بعد
اگر مادہ باقی رہ جاوے سرخ مین شیاف ابیض دلکا یا لگائین سفید مین شیاف احمر سے کام لین اور مدت دراز کے بعد تیز دوائین مثل کحل باسلیقون و شیاف
احمر حاد اور مثل اسکے آنکھ مین لگائین اگر مادہ جمع ہو اول شیاف ابیض بھرین جب منفجر ہو جاوے شیاف کندر و شیاف آبار عمل مین لائین دوائی دمعہ
یہ وہ مرض ہے کہ ہمیشہ آنکھ مین آنسو بھرے رہتے ہین بغیر اسکے کہ دوسرے مرض کے تابع ہو ترکیب اس مرض کے علاج کا قانون یہ ہے کہ معتدل القبض
دوائین استعمال کیجائین پیدایشی دمعہ کا علاج نہین ہو سکتا جو حرارت یا برودت چشم و دماغ سے ہو اوسکے سبب کا ازالہ کافی ہوتا ہے وہ دمعہ جو ضعف
ماسکہ و ہاضمہ چشم سے ہو اوسمین آثار امتلائی مادہ بشتر معلوم ہوجاتے ہین مثلاً اشک غلیظ السخن دموی دبارد و کثیر الرمص بلغمی و رقیق حار صفراوی ہوتا ہے
اوس جگہ حسب مادہ بعد تنقیہ فصد و مسہل و حب ایارج کے اطریفلات کھلائین اور دوائین جو اس مرض کے واسطے ہین استعمال کرین شیاف علائی
سفید ہے اور جو برائے دمعہ حادث ضعف عضائے چشم سے ہو مفید ہے کام مین لائین انکباب طبیخ شلجم کا اور جوز بوا کو منھ مین رکھنا حب الشفا رکھنا
فائدہ مند ہے مہندی دماز و باہم پیس کے تلوون اور سر پر رکھنا کل اقسام کے واسطے نافع ہے اور کبھی دمعہ بسبب نقصان گوشت موق ظفرہ کی قطع ہونے
سے یا حاد دواؤن کے استعمال سے ہو جاتا ہے اس صورت مین اگر کوے کا گوشت کسیقدر ناقص ہو گیا ہو تو ذرور اصفر و شیاف زعفران سے علاج کرین
اور اکتحال ایلوہ و کندر و مامیثا اور دوسرے منبتات لحم و مجففات رطوبت نافع ہے اور اگر موق کا گوشت بالکل زائل ہو گیا ہو علاج نہین ہو سکتا ایضاً
برائے دمعہ معمول ہے نکدر و حکہ قدیم اور دوسرے امراض چشم کو نفع عظیم دیتی ہے ترکیب سنگ بصری ایک تولہ مرچ سیاہ چھ عدد دونون کو پیس کے کپڑے
سے چھان کے لوہے کی تھالی مین ڈالین اور چند روز تک پھول کے کٹورے کی پشت سے خوب حل کرین تاکہ غبار کیطرح ہو جاوے پھر کام مین لائین علیحدہ نوع دیگر
دمعہ مین معمول ہے ترکیب استخوان ہلیلہ کابلی سوختہ تین درم نمک لاہوری ماز و ہر ایک نصف درم باریک پیس کے کپڑے مین چھان کے استعمال کرین
دوائی برائے دمعہ انطاکی سے ترکیب فصد سے ابتدا کرین اگر علامات غلبۂ دم کے ظاہر ہون اور نتھنے بند ہون بعد اسکے اسہال طبیعت
مناسب مسہل سے اور تنقیہ دماغ کی طرف توجہ ہونی چاہیے نیز اوسکی تقویت کیواسطے ایارج لوغاذیا پہلے بعد اوسکے اطریفل کبیر یا ایارج ارکیغانس یا
فیقرا اور حب اسطمخیقون اور بعد نزول کے تنقیہ و غذیات سے کام لین اس مدت مین آنکھ پر نگاہ رکھین اگر ورم پایا جاوے اُسے تحلیل کرنا شروع کرین اور بہترین
چیز جس سے ورم حار تحلیل کیا جا سکتا ہے آب کشنیز ہمراہ لعاب بہیدانہ و حلبہ و گلاب کے ہے اور جو کے آٹے کے ساتھ شیر زنان و خرو حلبہ پھر علاج دمعہ ذرور اصفر و

وشیاف زعفران سے شروع کرین اگر کوئی علت نہو لیکن اگر لمم موق ناقص ہوگیا ہو جن چیزون سے اوسکا اثبات ہوتا ہو مثل مازو و مامیثا و سماق کے طلا دین
اگر اوسمین انتشار ہو سنبل زیادہ کردین کیونکہ براے دمعہ اور اُس سے جو مرض ہوتا ہو اسمین آزمودہ ہو وہ یہ ہے کہ آب انار مین جوش کرین جب چوتھائی رہ جاے
صاف کرکے سنبل اوسکے گلاب و عرق بادیان زیادہ کرین اور اوسمین ایک رطل کے برابر اگر ہو تو ڈیڑھا وقیہ برگ آس کوٹ کے اور نصف اوقیہ
ہلیلہ اور ایکہ مثقال مجموع سے ایلوہ و زعفران و کندر و مامیثا و رسوت گھس کے ڈالدین اور جوش کرین تاکہ گاڑھا ہو جاے پھر شیشہ مین رکھکے
دھوپ مین رکھ دین یہانتک کہ خشک ہو جاے اور استعمال کرین اور جو کچھ کہ اکحال و شیاف دیر ددو و زرد کے بارہ مین بیان کیا جاچکا ہو کافی ہوگا
اور مجربات سے یہ ہو کہ مازو و آس و گلنار انڈے کا چھلکا و بلیلہ زرد مساوی ان سبکے دس گنے وزن سرکہ مین جوش کرین جب چوتھائی رہ جاے صاف
کرکے راسخت اثمد مرکی مساوی زعفران نمک سوختہ شیح محرق لبد ہر ایک چوتھائی مشک دسوان حصہ ان سب کو پیس کے سرکہ مذکور مین تسقیہ کرین
سات مرتبہ بعدہ خشک کرکے اور صاف کرکے کام مین لائین کہ رطوبت کو قطع کرنے بصارت پیدا کرنے اور کویون کے گوشت کو درست کرنے مین مجرب ہو
دوائی حرقت عین یعنے سوزش چشم اسکا سبب معدہ سے چپکدار ابخرہ کا اُٹھنا یا اخلاط حارہ صفراویہ کا دماغ سے طبقات چشم کیطرف انصباب ہوتا
ہو ترکیب سنگ بصری آب غورہ مین پرورش کیا ہوا پیس کے آنکھ مین سرمہ کیطرح لگائین اور کاسنی سبز کوٹ کے روغن گل مین لیپ کرین اور کافور
گھس کے آنکھ مین ڈالین اور اگر وجود مادہ حار کے آثار بھی پیدا ہون تو پہلے مسہل بارد سے تنقیہ کرین بعدہ دوسری دوائین استعمال کرین اگر خون کا غلبہ
معلوم ہو فصد سے ابتدا کرین اور اس مرض مین نفع بخشنے والا سرمہ سرمون کے بیان مین آئیگا اور اکتحال شیاف سماق و عصارۂ آملہ براے حرارت و
سوزش چشم معمول ہو اسیطرح لیپ کاسنی سبز و کشنیز سبز و کاہو سبز روغن گل یا کدو مین پیس کے دونون آنکھون پر لگائین دوائی قذی یعنے آنکھ
مین کسی چیز کے پڑجانے سے ایذا ہونا ترکیب جسوقت کوئی چیز آنکھ مین پڑجاتی ہو آنکھ کو ملنے سے منع کرنا چاہیے گرم پانی سے دھوکے شیر زنان
ٹپکائین پلک اُٹھا کر دیکھنا چاہیے اگر کوئی شے محسوس ہو کپڑے یا روئی کے پھاہے سے نکالنا چاہیے ورنہ نشاستہ باریک پیس کے آنکھ مین بھر دین تھوڑی
دیر رہنے دینے کے بعد روئی سے صاف کر ڈالین کبھی ایسا ہوتا ہو کہ بھنگا وغیرہ آنکھ مین پڑجاتا ہو اوس سے آنکھ مین درد اور سوزش پیدا ہو جاتی ہو اسکے لیے
سرخ ملتانی مٹی باریک پیس کے آنکھ مین بھرین ایک گھنٹہ تک آنکھ بند رکھین بعد اسکے کپڑے یا روئی سے صاف کردین اور جب کوئی سخت چیز مثل ریزہ
شیشہ اور مانند اسکے آنکھ مین پڑجاتی ہو موچنہ سے نکال ڈالین اور اگر لوہے کا ریزہ ہو اور کسی تدبیر سے نہ نکلتا ہو اوسکے سامنے مقناطیس رکھین ان چیزون
کے نکل جانے کے بعد انڈے کی سفیدی مع شیر زنان آنکھ مین ٹپکائین کبھی ایسا ہوتا ہو کہ باریک رطوبت مکڑی کے جالے کیطرح اوپر سے آتی ہو اور آنکھ مین
گھس جاتی ہو اور لوگون کو گمان پیدا ہوتا ہو کہ کوئی شے باہر سے آنکھ مین پڑ گئی ہو ایسی صورت مین کف دریا سنگ بصری توتیاے سبز توتیاے سفید
جاکسو مقشر مساوی سب کو پیس کے آنکھ مین لگائین کہ اس مرض مین جسکو ہندی مین ریوہ کہتے ہین سودمند ہو دوائی ضربہ چشم ترکیب جسوقت
دھمکا آنکھ کو پہونچے سرخی یا ورم ہو جاے پہلے فصد و مسہل بارد سے تنقیہ کرین گدی کی حجامت کرائین بعدہ انڈے کی زردی و سفیدی روغن گل مین
ملاکے روئی کو اوس سے تر کرین اور آنکھ پر رکھین اور حسب حاجت دوسرے لیپ اور طلا کا استعمال کرین اگر سرخی باقی رہ جاے جو طرفہ مین ذکر

ذکر کیا گیا ہے اوسپر کاربند ہوں درد و سرخی زائل ہونے کے بعد اگر نیلا پن آنکھ میں باقی رہے دھنیا پودینہ زرنیخ و سنگ پیل کہ سیاہ مرچ کے نخیلہ میں ملیا اکرتا
ہے ان سب کا طلا کریں اگر تیغ یا سنگ وغیرہ سے اتصال میں ملتحمہ پر تفرق واقع ہوگیا ہو اوسکی تدبیر بھی فصد و تلیین ہے اس مدت میں جب تک مادہ
جمع نہ ہو بس اگر خون آیا ہو اوسکو پونچھ ڈالیں اور شادنج مغسول تھوڑے سے کافور میں اوسپر چھڑک دیں اور مضبوط باندھ دیں اگر خون نہ آیا ہو
تو سینہ پرودہ بھر دیں اور انڈے کی زردی اوپر کے پپوٹے پر رکھیں اسکے بعد زخم کا علاج شروع کریں جیسا کہ قرحہ چشم کے بیان میں آتا ہے دوائی
برائے قرحہ چشم بیاض اوستاد مرحوم سے ترکیب پٹھانی لودھ سائیدہ گیہوں کا میدہ گھی ہر ایک دو ماشہ شکر سفید چار ماشہ پانی میں گوندہ کے گرم کریں
اور تکمید کریں بعدہ نیم گرم آنکھ پر باندھ دیں دوائی قرحہ چشم اسکا سبب مواد حارہ چپکدار گرم کا انصباب ہوتا ہے پہچان اسکی درد و کھٹک دھسک
کثرت سے آنسو بہنا ہے اگر قرحہ ملتحمہ میں ہو آنکھ کی سفیدی پر سرخ نقطہ ہو جاتا ہے یہ سرخی اسقدر تیز ہوتی ہے کہ کل اجزا کی سرخی سے زیادہ ہوتی
ہے اس سے قرحہ کا یقین ہو جاتا ہے اگر کسیقدر درد کیساتھ ہو اور اگر قرنیہ میں ہو تو پتلی پر سفید نقطہ ظاہر ہوتا ہے اور اگر طبقہ عنبیہ میں حادث ہو حدقہ کے
اندر سرخ رگوں پر سرخ نقطہ ظاہر ہوتا ہے یہ قرحہ کی بدترین قسم ہے اگر قرحہ دوسرے طبقوں میں ہو سوائے درد شدید کے قرحہ کی اور کسی علامت سے
اوسکا اندازہ نہیں ہو سکتا مگر جوشش مدہ شگاف دینے کے بعد ترکیب فصد سر رو کھلوائیں اور ہر ہفتہ یا اس سے کم مدت میں تھوڑا خون لیا کریں
اور مسہل و حب ایارج سے تنقیہ کریں اور فصد صافن و حجامت ساقین و تلیین مرات اور ماء الجبن سے بھی مفید ہے شیر زنان آنکھ میں ٹپکانا اور شیاف
ابیض انڈے کی سفیدی یا شیر زنان میں حل کر کے ڈالنا تسکین درد کے بعد لعاب حلبہ و لعاب تخم کتان مغسول تنہا اُس پانی کیساتھ جسمیں ناخونہ جوش
کیا ہو ملا کے آنکھ میں تقطیر کرنا اور رفادہ باندھ رکھنا مواد اور ریم پک کے ظاہر ہونے کے بعد اگر قرحہ بلند ہو اور مورسرج ہو جائے تو اوسکا علاج کریں و گرنہ
ماء العسل فقط یا لعاب حلبہ مغسول و شیر بز کا آنکھ میں ٹپکانا اور شیاف آبار و ذرور انزروت عمل میں لانا چاہیے پیپ سے قرحہ صاف ہو جانے کے بعد
شیاف کندر استعمال کریں اور سنگھ سوختہ و شادنج مغسول دونوں کو پیس کے ذرور کریں اندمال کے بعد اگر قرحہ کا اثر باقی رہ جائے استخوان بوسیدہ گلاب
میں گھس کے اُسپر رکھیں اور جو کچھ آثار قروح و جدری کے دفع کرنے کے بارہ میں آخر کتاب میں آئیگا اوسپر عمل کریں اس مرض کے مریض کیواسطے
بلند آواز و قے و چھینک اور قوی حرکت بیٹھ کے بھل رکھنا غلیظ غذائیں دینا اور جو گرم و میٹھی چیز ہو دینا منع ہے اور کروٹ سے سونا ملائم غذائیں کھلانا
انفجار قرحہ کے بعد مرغ کے چوزہ کا شوربہ دینا مناسب ہے دوائی قرحہ چشم کے لیے مجرب ہے ترکیب مرجان سوختہ تخم خرما سوختہ املیوا کتیرا مساوی
طباشیر ڈیڑھ جزو باریک پیس کے کام میں لائیں دوائی کمنہ یہ لفظ تین مرضوں پر اطلاق کرتا ہے ایک یہ کہ جب انسان سو کے اُٹھتا ہے پلکیں بھاری
معلوم ہوتی ہیں اور معلوم ہوتا ہے کہ آنکھ میں بال و یا خاک پڑ گئی ہے اسکا سبب غلیظ بخارات کا طبقات چشم میں محتبس ہو جاتا ہے اور جاگنے میں حرکت
کے بعد تحلیل ہو جاتے ہیں دوسرے یہ کہ پیپ قرنیہ کے نیچے جمع ہو جاتی ہے اور ظفرہ کی صورت میں نظر آتی ہے اسکا سبب قرنیہ میں قرحہ پڑ جانا جس سے
منفجر ہو جائے یا رمد شدید کا حدوث یا صداع قوی تیسرے یہ کہ ملتحمہ سرخ اور گندلی ہو اسکا سبب سوداوی بخارات کے تصاعد سے باصرہ ضعیف
ہو جاتا ہے اور کل چیزیں غبار آلود (دھندلی) اور دھویں کیطرح معلوم ہوتی ہیں اور مریض اپنی آنکھ کو اصلی حالت سے زیادہ بوجھل اور بڑی محسوس کرتا

آنکھ مین کھجلی ہوتی ہو اگر گرم پانی سے دھوئی جاتی ہی تو تخفیف معلوم ہوتی ہو ترکیب پہلے مین سوا منجرہ سے تنقیہ بدن کرین اور بدفعات مثل شیاف احمر
لین واحمر حاد وکحل باسلیقون آنکھ مین لگائین اور کحل الایوہ سے نشارہ آبنوس سے سفید ہو ہر صبح حمام جانا سود مند اور دوسرے مین بہتر تضیج
وتحلیل کثرت سے تکمید کے ہمراہ آب حلبہ اکلیل و استحمام و انکباب کرین اور لعاب حلبہ وکتان نقط یا ذرور اصفر مین یا شیر دختر مین حل کرکے آنکھ مین ٹپکائین
اور بعدہ برائے نشف وتحلیل مدہ مارقشیثا یا اقلیمیائے نقرہ باریک کرکے آنکھ مین بھردین اگر تحلیل نہ ہو اور مانع ابصار ہو اس صورت مین دستکار کی
طرف رجوع ہون اور تیسرے مرض مین معالجہ رمد سوداوی کرین اور غرغرہ کرین ذرور کمنہ آنکھ مین ڈالین اور طبیخ ملطفات مثل بابونہ زوفا خونہ وحلبہ سے
تکمید نافع ہو **دوائی** حسنا یعنے شبکوری (رتوندھی) اسکا سبب غلظ روح باصرہ یا رطوبات چشم سے کسی رطوبت کا غلظ ہو اگر اسکا سبب مثل بخارات
غلیظہ دماغ ومعدہ ہو کہ خلط غلیظ سے پیدا ہوتا ہو ان مین فرق یہ ہو کہ بخارات دماغی مین ایک حالت پر قائم رہتا ہو اور بخارات معدی مین بھوک کے وقت
کمی ہوتی ہو اور امتلاء معدہ مین مرض کی زیادتی ہوجاتی ہو **ترکیب** دوائین مخصوص اسکی ذکر ہوتین بطور سرمہ کے لگائین اور وہ پانی جسمین محللہ دوائین
مثل سونف وسوسیہ وبابونہ ونمام وسداب ومرزنجوش کے جوش کی ہوئی ہون اس سے انکباب کرین اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو مثل رمد بلغمی کے مادہ
کا تنقیہ کرین دماغ کے تنقیہ کرنیوالا غرغرہ عمل مین لائین شربت زوفا وزوفا پیس کے ہمراہ شہد پانی مین کھانا مفید ہو اطریفل کی بدستور مداومت اگر
خون کے غلبہ کے آثار ظاہر ہون قیفال کی فصد کھلوائین اور چاہیے کہ مریض کے کھانے مین ہینگ پودینہ اوائی زیرہ ڈالا کرین اور غلیظ بخار انگیز چیزون سے
اجتناب کرتے رہین **دوائی** شبکوری مجرب **ترکیب** گائے کا پتہ شیشی مین تھوڑا اسا لے کے دو دن تک دھوپ مین رکھین پھر آنکھ مین لگائین اگر
مرکی اور زعفران اوسمین داخل کرکے تین دن تک اور دھوپ مین رکھین پھر استعمال کرین تو نزول الماء کے واسطے بھی نافع ہو اور دارفلفل بکری کے
جگر مین لپیٹ کے بریان کرین اور اوسکا پانی نچوڑ کے آنکھ مین لگانا مجرب ہو اور کندش وصبر زرد وچند بیدستر سونگھائین **ایضاً** معمول احقر **ترکیب**
صابون ایک رتی مرچ سیاہ دو عدد باریک کرکے سوتے وقت آنکھ مین لگائین اور کبھی مرچ کے بدلے حقے کی کیٹ یا پانی مین گھس کے صابون استعمال
کرین **ایضاً** مجرب **ترکیب** نوشادر پھٹکری سوختہ برابر لے کے باریک پیس کے آنکھ مین لگائین **دوائی** جہر یعنی روزکوری (دنوندھی) اگر
خلقی ہو لاعلاج ہو اسکا سبب قلت ورقت روح باصرہ ہو کہ آفتاب کی روشنی مین تحلیل ہوجاتی ہو **ترکیب** لعاب بہدانہ لعاب اسبغول شیرہ تخم
خشخاش شربت نیلوفر شربت عناب پلائین اور شیر دختر یا بکری کا دودھ روغن بنفشہ روغن کدو مین ناک مین ٹپکائین اور سر پر مسکہ و روغن بادام
ملین **ایضاً** ترطیب وتقویت دماغ مرطوب غذا اور خون کو غلیظ کرنیوالی غذا جیسکہ ارشل ہریسہ وکلہ پاچہ کے کھلائین اور ٹھنڈے پانی مین غوطہ
لگاکے آنکھ کھولین شیاف وردی شیر زنان کے ہمراہ اور برود حصرم آنکھ مین لگائین اور شیاف ابیض جسمین کسیقدر کافور وافیون داخل ہو آنکھ
مین لگائین اور کبھی کبھی افیون کھانا مفید ہو اور تبرید وتقویت دماغ کے واسطے جو صداع حار و سرسام گرم کے بیان مین گذرا ہو سب مفید ہے
اور شربت خشخاش کے ساتھ نافع ہو اور نخلخہ گلاب و روغن گل و سرکہ سود مند ہو اور رسوت گلاب مین گھس کے آنکھ مین لگانا مجرب مؤلف ہذا
دوائی برائے روزکوری **ترکیب** سفید کاغذ جلاکے سرمہ کیطرح آنکھ مین لگانا مجرب ہو **ایضاً** برائے روزکوری معمول ہو **ترکیب** کشنیز خشک

پوست سماق آملہ منقی ہر ایک تین ماشہ سفوف کرکے چھ ماشہ شیرۂ کاہو اور دو تولہ شربت نیلوفر کے ساتھ دین لو عگیر نافع جہر ترکیب بسلوجن سنگ سرمہ سفید ہر ایک ایک ماشہ ببیس کے روغن گاؤ خشخاش وکدو ہر ایک تین ماشہ ملا کے آنکھ مین لگائین دوائی جحوظ العین (یعنے باہر نکل آنا اور آنکھ کا بغیر ورم کے بڑا ہوجانا) یہ امتلاے مادہ ریحی یا خلطی کے سبب سے ہوتا ہے مقلہ کے خارج کیطرف جھٹکہ سے خنق کے ذریعہ سے یاقی عنیف وصداع قوی کے واسطے سے یا لغرہ سخت وطلق شدید وتیز ترجو حصر نفس کا سبب ہو یا بسبب استرخاء عضلات کے ہوتا ہے علامت امتلا نتو مقلہ ہے اور حجم کی بڑائی اور خلط مین بھی ثقل محسوس ہوتا ہے اور نشان انضغاطی سبب کا وجود ہے اور سیلان اشک غلیظ جسمین کسیقدر چیک ہو او نمانار استرخا مین آنکھ کی بڑائی نہین ہوتی حدقہ مین اضطراب اور بے اختیاری طور پر حرکت ہوتی ہے (یعنے حدقہ پھڑکتے ہین) اور کل اقسام جحوظ ضعف بصر سے خالی نہین ہوتے ترکیب اگر سبب خفیف ہو اور جحوظ مین کمی ہو تو عصابہ قوی کا باندھنا پیٹھ کے بل سونا شیاف سماق کا استعمال اور غذا مین تلطیف کفایت کرتی ہے ورنہ جحوظ امتلائی مین حسب مادہ فصد سر و حجامت قفا تنقیہ دماغ مسہلات سے اور حبوب مناسبہ سے کرین اور ابتدا بارد سفوف سرکہ آب سفرجل یا گلاب یا اس پانی مین جسمین انار جوش کیا ہو تر کرکے آنکھ پر باندھین بعدہ بلبلیہ و ذرور فلفل و شیاف ماميثا ہمراہ عرق بادیان استعمال کرین اور دوسری چیزین جو انسوا لانے والی قابض ومسدد ہون مثل شیاف سماق وغیرہ کے آنکھ مین لگائین اور غذا مین تقلیل کا ضرور لحاظ رکھین اور جحوظ انضغاطی مین قطع سبب کرین اور خرلطیہ سرمہ یا قطعہ اسرب رفادہ مین رکھ کے آنکھ پر مضبوط باندھ دین اور پیٹھ کے بل سوئین اور منہ کو ٹھنڈے پانی سے جسمین گلنار وبرگ زیتون وپوست خشخاش اور مثل انکے اشیاء قابضہ جوش کی ہوئی ہون دھوئین اور اطلیہ قابضہ پوست انار واقاقیا وگلنار ورسوت وعصارۂ لحیۃ التیس کا آنکھ پر طلا کرین اور فصد وتلیین بھی اسی قسم مین مفید بتایا گیا ہے اور طلقی مین ادرار طمث مناسب ہوگا اور جحوظ امتلائی مین جسطرح پر کہ فصل استرخا وفالج مین گذرا تنقیہ مادہ اور غرغرون کا استعمال مشمومات وجوارشات حارہ دینا چاہیے بعد تنقیہ قوابضات مذکورہ استعمال کرین املی کا چیان جلاکے گل سرخ گلنار کندر وسنبل الطیب آنکھ پر رکھین دوائی نتو قرنیہ (یعنے پتلی کا سفیدی سے بلند ہوجانا کہ اوسکا اونچا ہونا ظاہر ہو) اور نتو کا خاصہ یہ ہے کہ سخت ہوتا ہے اور زیر میل منغمز نہین ہوتا دمعہ اور ضربان سے خالی ہوتا ہے بخلاف نتو قرنیہ کے بالجملہ اسکا سبب خلط ریحی ہے کہ اس طبقہ کے نیچے آجاتا ہے ترکیب پہلے تنقیہ خلط غلیظ کا کرین بدستور رمد بلغمی بعد اسکے ذرور اصفر وشیاف احمر آنکھ مین لگائین اور گرم پانیون سے منہ دھوئین اُسکی بھاپ پر سر جھکائین تلطیف غذا کرین اور اغذیہ یا شفہ خفیفہ مثل گوشت بٹیر چکور تیتر وکنجشک کے اقتصار کرین غذا کی زیادتی اور امتلا منع ہے دوائی خشونت قرنیہ (یعنی سختی جو پتلی مین آجاتی ہے) اور یہ قرنیہ کی یبوست اور انصباب خلط حار یا شور سے جو قرنیہ پر ہوتا ہے اور ادویہ اکالہ حادہ کے استعمال سے ہوتی ہے اوسکی علامت یہ ہے کہ آنکھ کھولنے اور آنکھ بند کرنے کے وقت معلوم ہوتا ہے کہ اوپر کی پلک پر کوئی سخت چیز گذر رہی ہے اور پلک کی حرکت کی ایذا کے سبب سے آنسو نکل آتا ہے اور تقدم تدابیر موجدہ اسباب مذکورہ اسپر گواہی دیتے ہین ترکیب پہلے مرطبات استعمال کرین اغذیہ رطبہ سے مثل مزورات معمول با شیا دچرب ولحوم خفیف مثل شوربا دبا بے بکری کے بٹیر مرغ کی چربی اور بکری کے دودھ مین بنایا ہوا فالودہ اگر بخار نہ ہو اور اسکے بعد مرطب دماغ مثل خمیرۂ بنفشہ وشربت نیلوفر اور سر مرطوب روغنون سے بھگونا اور استحمام وقطورات مرطب تیلون سے

شیر دختران ولعاب اسبغول سے اور اگر اسکا سبب خلط مالح یا حریف ہو مسہل صفرا دین اور ماء الجبن پلائین **دوائی شور قرنیہ** علامت اسکی درد و کھٹک
اور سفیدی پر سرخی اور کثرت اشک ہی بس اگر مادہ تھوڑا اور میٹھا ہو درد کم ہوگا اگر مادہ زیادہ تیلا اور تیز ہوگا تو شدت سے درد ہوگا اور نظر منتشر اور بثرہ کہ قشر
رابعہ قرنیہ کے قشر ظاہری مین ہو صاف سیاہ معلوم ہوتا ہی یہ مسلم ترین ہی اگر ثقبہ کے سامنے نہ ہو اور اگر قشر ثانی مین ہو سفید ہوتا ہی جو قشر ثالث مین ہوتا ہی سفیدی
وسیاہی مین متوسط ہوتا ہی اور یہ دونون ردی ہین اور جو کہ محاذی ثقبہ مین ہو خواہ کسی قشر مین ہو ردی ہی اندمال کے بعد بصارت نہین رہتی بخلاف اسکے
وہ کہ محاذی ثقبہ مین نہو اوسکا اثر بالغ بصارت نہین ہوتا ترکیب اسکی تدبیر حسب حاجت فصد واسہال وغیرہ ہی جو کہ فصل رمد و قروح چشم مین
بیان ہوا ابتدا مین رادعات سے کام لین اور انتہا مین شیاف ابیض کندری و شیاف احمر لین مفید ہی اگر مور سرج عارض ہوجاے اوسکا علاج کرین **دوائی**
مور سرج جاننا چاہیے کہ جسوقت قرنیہ چھالون قرحون یا زخمون کے سبب سے شق ہوجاتی ہی اور عنبیہ اُسکے نیچے باہر آجاتی ہی بقدر چیونٹی کے سر کے یا اُس سے
زیادہ تو اوسے مور سرج کہتے ہین اور کبھی مقدار کے فرق کی وجہ سے مختلف نام رکھے جاتے ہین مثلاً راس الذبابی و عنبی و تفاحی و مسماری ایسا بھی ہوتا ہی
کہ ظاہر قرنیہ کا قشر سلامت رہے اور کبھی باطنیہ کے قشور مین شگاف ہوجاتے ہین اور کسیقدر عنبیہ کا حصہ بثرہ کی صورت مین دکھائی دیتا ہی جو بثور سے شناخت
ہوتا ہی انکے درمیان مین فرق صرف اسیقدر نکالا جاسکتا ہی کہ مور سرج کے گرد ایک طراز سفید مثل طوق کے محسوس ہوتی ہی ترکیب فوراً اشیاء قابض
غیر ذی خشونت مثل شادنہ مغسول و اقلیمیاے نقرہ و شیح سوختہ و ودع سوختہ باریک کرکے اور مثل انکے دوسری دوائین مانند ذرور اکسیرین کہ نافع ترین
اشیاء ہی آنکھ مین ڈالین اور مدور رفادہ آنکھ کے برابر بناکے رکھین اُسکے اوپر صفحہ اسرب جسکا وزن پانچ درم ہو رکھ کے عصابہ سے مضبوط باندھ دین اور
اگر اسرب کے بدلے خریطہ سرمہ سحوق رکھین اولیٰ ہی اگر اس تدبیر سے اصلاح نہ ہو اور شگاف کے کنارے سخت اور موٹے ہوجائین علاج سے فائدہ
نہ ہوگا **دوائی حول** اور وہ یہ ہی کہ آنکھ کسی طرف مائل ہوجاتی ہی موضع طبیعی سے ہٹ جاتی ہی اگر یہ زوال اوپر یا نیچے کی طرف ہو تو مریض کو ہر شئی دون
معلوم ہوتی ہی اسکا سبب رگون کا تشنج عضلات محرکہ مقلہ سے یا اوسکے استرخا سے ہے یا زوال طبقات و رطوبات سے پس اگر تشنج یابس ہو یہ اکثر امراض
حادہ و قرانیطس کے بعد ہوجاتا ہی ترکیب تدبیر اسکی تقویت و ترطیب دماغ ہی نطولات و دہنون سے جیسا کہ تشنج یابس مین گذرا اور تقطیر شیر خر و شیر
دختر سود مند ہی اگر تشنج امتلائی ہو یہ قسم زیادہ تر صرع کے بعد ہوتی ہی اسکا تدارک ایارجات کے تنقیہ غرغرون اور تلطیف تدبیر سے کرین جیسا کہ تشنج امتلائی
مین بیان ہوا ہی اور مقوی دوائین آنکھ مین لگائین اور حول استرخائی کے واسطے علامت اور اوسکا علاج فصل استرخا مین تلاش کرین اور جبکہ زوال طبقات
و رطوبات سے ہوتا ہی آنکھ متحرک ہوتی ہی اختلاج کی حرکت اختلاجی کیساتھ اسکا علاج تنقیہ دماغ ہی رطوبات مولد ریاح سے گرم مسہل کا استعمال کرین حب ایارج دین
بعد اسکے تحلیل ریاح کے لیے اُس پانی سے جسمین کہ سونف میتھی بابونہ و ناخونہ اور مثل انکے دوائین جوش کی ہوئی ہون آنکھ کی تکمید کرین اور
مامیران یا زرد چوب کا سونف کے عرق مین پیس کے لیپ کرین اگر مادہ معدہ مین ہو معدہ کا تنقیہ کرین قے اور اسہال کے ذریعہ سے جوارشات
گرم بادشکن کھلائین اور تجویز ہاضم فرمائین اور جو حول دودھ پیتے بچے کو ہوا اور صرع کے بعد حادث ہوا ہو دودھ پینے کے سبب سے یا ایک طرف دیر تک
دیکھنے سے واقع ہوا ہو کہ بذریعہ آواز بلند و مہیب اور مثل اسکے کہ یکبارگی جنبش مین لاے اور مرض مذکور مین مبتلا ہوجاے اُسکا علاج یہ ہی کہ سُرخ

کپڑا آنکھ کے گوشہ پر جو بمخالف گوشہ ہو رکھائین یا اوسکے منھ پر برقع اسطرح ڈالین کہ مقابل حدقہ سوراخ ہو اور اوسکے سامنے یعنے سوراخ کے مقابل
لٹکائین تاکہ راہ اوسکی طرف دیکھتا رہے اور دایہ کو لطیف غذائین دین اگر صرع کے سبب سے حول ہوجاے دایہ سے بخارانگیز غذائین دور رکھین اور جماع سے منع کرین
اور بچہ کے پیدا ہونے میں حول کا علاج کچھ نہین ہے دوائی برائے حول چشم نافع ہے ترکیب دخان سندروس کسیقدر مشک و عنبر مین پیس کے ہرروز
آنکھ مین لگائین اور دھوان سندروس کے لینے کا یہ ہے کہ سندروس پانی مین پیس کے کپڑے پر مل کے اوسکا فتیلہ بناکے خشک کرین
پھر چراغ مین رکھ کے روغن کنجد ڈالین اور جلاکے اوسکے اوپر تانبہ کا برتن اُلٹا ڈھانکدین تاکہ دھوان جمع ہو چھری یا مرغ کے پر سے چھڑا کے
کام مین لائین دوائی اتساع (یعنے پتلیونکا چوڑا ہوجانا) خواہ ثقبہ عنبیہ کشادہ ہوجاے خواہ عصبۂ مجوفہ ان دونون کے درمیان فرق ہے کہ
اتساع عصبہ مین انتشار نور اجزاے چشم مین پیدا ہوجاتا ہے اور اتساع ثقبہ خاصکر اُسوقت جبکہ اُسکی کشادگی ناخون کے برابر ہوجاتی ہے کہ اس
صورت مین روشنی کی پراگندگی اصلا اجزاے چشم مین ظاہر نہین ہوتی اگر آنکھ سے دیکھین تو معلوم ہوتا ہے کہ تمام جسم سیاہ ہوگیا ہے اوسوقت بصارت
بالکل جاتی رہتی ہے علاج پذیر نہین رہتی چنانچہ اتساع عصبہ کہ لاعلاج ہے اور بصر کو باطل کردیتا ہے بالجملہ علامت کل اتساع ثقبۂ عنبیہ ابصر مین
فرق پڑجاتا ہے اور اوسکا ضعف بغیر کسی تکلیف کے ہوتا ہے ترکیب اتساع ثقبہ کہ اسکا سبب خارجی ہوتا ہے مثل سقطہ اور ضربہ کے کہ آنکھ پر ہو پہنچتا ہے
فصد سر رو اور حجامت ساقین کرائین تلبین طبع کرین عورت کا دودھ لڑکیوالا آنکھ مین ٹپکائین اور آرد باقلا و بنفشہ و خطمی کا انڈے کی زردی مین
لیپ کرین اور اخطاط مین بابونہ و قیروطی ضماد مین اضافہ کرین زوال ورم کے بعد کحل روشنائی و باسلیقون آنکھ مین لگائین اور قے و جماع و غلیظ
کھانون و بیٹھ کے بھل سونے اور روشنی کیطرف دیکھنے سے پرہیز کرین اگر سبب اتساع ثقبہ داخل بدن سے ہو بہ کثرت رطوبت بیضیہ سے ہوتی ہے
علامت اسکی یہ ہے کہ جسوقت مریض اپنا سر ہلاتا ہے اپنے منھ کے سامنے خیال کرتا ہے کہ پانی مین کھڑا ہے پیٹ بھرے ہونے اور سو کے اوٹھنے کے بعد
ضعف بصارت غالب ہوتا ہے اور دور کی چیزین بہ نسبت نزدیک کی چیزون کے اچھی طرح دکھائی دیتی ہین اور یہ قسم عورتون اور بچون کو زیادہ ہوتی
ہے اگر رطوبت عنبیہ کے سبب سے ہو اوسکی علامت یہ ہے کہ مریض مرئیات کو اصل سے بہت چھوٹی دیکھتا ہے اور ضعف بصر کی علامتین عارض ہوجاتی
ہین اور بطر کنے کی حالت بغیر تکلیف مع سرخی کے پیدا ہوجاتی ہے اس صورت مین پہلے فصد صافن کھلوائین حجامت نقرہ کرائین اور منضج حار سے نضج
کے بعد مسہل گرم و حب ایارج سے تنقیہ کرین بعدہ آبکامہ اور شہد جوش کرکے غرغرہ کرین اور دوسرے دماغ کے تنقیہ کرنے والے غرغرے کہ فالج
مین کرائے جاتے ہین استعمال کرین کحل باسلیقون آنکھ مین لگائین مخففات کا استعمال کرین اغذیہ واشربہ ملطفہ کام مین لائین اور مرطوب و غلیظ
غذاؤن سے مثل بھینس کے گوشت کے پرہیز کرین اور جاننا چاہیے کہ جب مرض مذکور بعد صداع شدید یا سرسام یا ماشرا کے حادث ہوتا ہے اوس کے
اصلاح کی طمع کو قطع کردینا چاہیئے لیکن اگر عصبہ سالم ہو اور اتساع ثقبہ ناخن کے برابر نہ ہو بعد ازالہ امراض سابقہ و تنقیہ مسہل گرم و حب ایارج
کے شیاف مرارات باقی بصارت کی حفاظت کے واسطے استعمال کرین ایضاً اتساع ثقبہ کہ طبقۂ عنبیہ کی یبوست سے ہو دوسری قسمون کی نسبت
یہ جلد اچھی ہوجاتی ہے خشکی اور لاغری چشم کے علامات دریافت کرکے ترطیب کیطرف متوجہ ہون باقی علامات اور اوسکا علاج ضعف بصر یالبس کے

اخذ کرین دوالی اضیق یعنے تنگ ثقبہ عنبیہ کا تنگ ہونا اس مرض کے پیدا ہونے کی علامت ضعف بصری اور اصل مقدار سے چیزونکا بڑا نظر آنا ہے
اگر اسکا سبب رطوبت عنبیہ ہی یا اجتماع خلط صلب غلیظ درمیان ثقبہ کے ہو یہ تدبیر ما تقدم اور آثار رطوبت سے معلوم ہوجاتا ہی ایضاً خلطی مین بلیغہ
محسوس نہین ہوتا ترکیب منضج گرم سے نضج مادہ کے بعد مسہل حار وحب ایارج دین اور خلط غلیظ مین استفراغ کے ساتھ جسمین ترطیب کی رعایت بھی
کی گئی ہو تنقیہ کرین اور ما فادیہ مناسبہ بکا کے سر پر تڑیڑا دین باسلیقون وشیاف زعفران آنکھ مین لگائین اور شیاف حاد شیر اس بارہ مین مجرب ہی دوالی
تعلیق کہ یبوست عنبیہ یا قلت بیضیہ سے ہوجاے اسکی علامت آنکھ کا چھوٹا ہونا نیند کم آنا اور دوسرے یبوست کے آثار مین تدبیر سابق اسپر شاہد ہی
ترکیب بدن کی ترطیب کھانے پینے سے کرین شیر زنان سر پر دوہین اور سعوطات مرطبہ مثل روغن بنفشہ و مغز ساق گاو و شیر زنان
ناک مین ٹپکائین اور لعاب اسپغول و آب خرفہ و آب بید و آب کاہو سر پر رکھین اور حمام کرین اور نیم گرم میٹھے پانی مین بیٹھنا اور اچھے صاف پانی مین
آنکھونکا کھولنا سودمند ہی دوالی خیالات یعنے رنگ برنگ کی شکلین دیکھنا جنکا خارج مین کوئی وجود نہ ہو یہ اسوقت ہوتا ہی کہ نزول الماء کا مقدمہ
شروع ہوجاے اوسکا علاج و علامات دوالی نزول الماء سے استنباط کرین اور اگر بسبب ذکاے حس بصر کہ اُس سے بصارت اور تمام حواس قوی
ہون خفیف غبار کہ ہوا مین موجود ہی اور بخار غذا کہ بدن اُس سے خالی نہین ہی محسوس ہو یہ درحقیقت مرض نہین ہی نہ علاج کا محتاج ہی مگر بنا بر ضرورت
غلیظ غذائین مثل ہریسہ وکلہ پاچہ وغیرہ کے کھلائین اور دوسری مغلظ چیزین جو ضعف قوت حسی مین ذکر ہوئین کام مین لائین دوالی خیالات یہ ارتفاع
بخارات دماغ سے ہوتا ہی مگر مریض خیال کرے کہ ستون دوڑتے ہین آنکھ کے سامنے بلند ہو کے الگ ہوجاتے ہین اس صورت مین تنقیہ خلط سوداوی
کرین بدستور مالیخولیاے سوداوی اور اطریفلات و خمیرجات اور دیگر مقویات دماغ کام لین اگر فائدہ نہ ہو تو قطع اور داغ شرائین صدغین کرین اگر علامات
غلبہ خون محسوس ہون اور مریض اسمین کبھی اپنے منھ کے سامنے شعلہ آتش کا خیال دل مین لاے پس اس حالت مین بہت جلد فصد کھلوائین اور بہت سا
خون لین بعدہ مسہل بارد دین اور مطفیات خون سے کام لین غذا مین تقلیل کرین گوشت اور شیرینی سے پرہیز کرین اگر دوسرا مادہ دماغ مین جمع ہو گیا ہو مریض
خیال کرتا ہی کہ کوئی چیز اوپر سے منھ کے سامنے آرہی ہی اور اچانک ڈرجاتا ہی ایسی حالت مین بحسب مادہ تنقیہ کرین فصد و اسہال و قے کے ذریعہ سے
جو مریض کے مناسب حال ہو اور چھینکین لوانے کی مداومت کرین دوالی خیالات جو معدہ کے بخارات کے بلند ہونے سے ہوتے ہین اوسکی علامت یہ ہے کہ
امتلاے معدہ مین کثرت اور خالی معدہ مین قلت ہوتی ہی اور دونون آنکھون مین خیال برابر رہتا ہی اگرچہ مدت دراز ہوجاے لیکن بصارت مین
ضعف یا کدورت نہین آنے پاتی ترکیب مسہل وحب ایارج سے تنقیہ کرین اسطرح جسطرح کہ رمد بلغمی مین گذرا ہی معدہ کی تقویت و اصلاح کرین
جیساکہ باب ضعف ہضم مین ذکر ہوا ہی اور استعمال حب نہب دایارج فیقرا تنہا اطریفل کشنیز کے ساتھ چند شب متواتر اس بارہ مین بہت سودمند
ہی اور غذا مرغ کا گوشت پکے ہوئے چنون اور گرم خوشبودار مصالحون سے مفید ہی دوالی خیالات کہ بعض اجزاے رطوبت بیضیہ کے تکدر سے
ہوتے ہین اس سبب سے آدمی خیال کرتا ہی کہ کوئی دوسرا شخص داہنے یا بائین طرف کھڑا ہی مگر حقیقت مین کوئی نہین ہوتا اور ایک حال پر رہتا ہے
جیساکہ ضعف بصر مین گذرا اوسکا سبب تکدر رطوبت بیضیہ ہوتا ہی اور جو کہ ابتداے نزول آب مین کام آتا ہی بحسب حال استعمال کرین اور خیالات جو

قرنیہ کے اندمال سے پیدا ہو اسباب ماتقدم سے اور وہ کہ مدت تک ایک حالت پر قائم ہو اور دوسری آفت سے ختم نہ ہو اور بحسب غلظ یا دنی اوسکی قبول
کرے پہچان کے اوسکی تدبیر جو کچھ کہ براے رفع آثار قرحہ چشم دوائی قرحہ چشم مین مذکور ہی اوسپر عمل کرین دوائی نزول الماء یہ نام ہی اُس رطوبت غریبہ کا
کہ رفتہ رفتہ یا دفعتہ سر سے نیچے آجاتی ہی اور ثقبہ عنبیہ مین ٹھہر جاتی ہی اور ابصار کے واسطے مانع ہوتی ہی اگر غلیظ ہوتی ہی تمام ثقبہ پر حاوی ہو جاتی ہی
بصارت کو بالکل باطل کر دیتی ہی اور بعض حصہ ثقبہ کا خالی ہوتا ہی اسیقدر دکھائی دیتا ہی اور جب رطوبت مذکور رقیق ہوتی ہی اگرچہ پورے ثقبہ کو ڈھانک
لیتی ہی لیکن اجسام ذی نور کے دیکھنے سے مانع نہین ہوتی مثل ضوء آفتاب وچراغ وغیرہ کے اور اس مرض کا سبب سقطہ وضربہ ہوتا ہی کہ سر پر واقع
ہوتا ہی یا رطوبت فضلیہ یا صداع شدید مزمن یا قی مفرط یا سخت سردی اور سردی مزاج سے ہوتا ہی اور کبھی ضعف روح باصرہ اس علت کا سبب ہوتا ہی
اور یہ بوڑھون نیز اُن لوگون کو ہوتا ہی جو طویل بیماریان اُٹھا چکتے ہین اور علامت ابتداء نزول الماء اگر رفتہ رفتہ ہو تو یہ ہی کہ مریض کے خیال مین مثل مچھر ومکھی
وبال ودھوان وشعاع اور مثل اسکے بحسب اختلاف اشکال رطوبت اکثر ایک آنکھ مین و دونون مین کمی اور زیادتی کیساتھ محسوس ہوتی ہی اور روشنی بتی سے شمع ہو
مثل چراغ اور ماہتاب کے زیادہ دکھائی دیتی ہی اور کدورت چشم وخلل باصرہ ہر روز بڑھتا جاتا ہی یہانتک کہ تین چار مہینے کے بعد بصارت مین بہت بڑا
تغیر ہو جاتا ہی اسکی نسبت بیان کیا گیا ہی کہ اگر خیالات چھ ماہ تک ایک ہی طریقہ پر رہے اور کدورت بصر وضعف کو نہ بڑھاے تو وہ آنکھ نزول سے محفوظ
رہتی ہی اور اس مرض کی پہچان بعد نزول تمام ہونے کے پتلیون کے تغیر اور بصارت کے بطلان کے سبب سے پوشیدہ نہین ہی ترکیب ابتدا مین کہ بصرہ بالکل
جاتی نہین رہتی ہی بہت جلد بعد نضج مادہ کے مسہل حار وحب ایارج سے تنقیہ کرین اور دوسری حبوب وایارجات شبیارہ کے طریقہ پر مع رعایت نضج مادہ
وحمایت مزاج بیمار کھلائین اگر قوت قوی ہو متواتر اسہال کرین اور نہین تو ہفتہ مین ایکبار ایارج فیقرا یا دوسری منقی دماغ گولیان حسب حاجت مطبوخ
فنطوریون کیساتھ دین اور اندیشہ حرارت کی صورت مین اطریفل ایارج فیقرا مین ملا کے دین اور بعد تنقیہ کے غرارے سعوطات منقیہ استعمال کرین
اور تخم کہ جسکی پتی کا خضاب بنتا ہی باریک پیس کے شہد صاف مین ملا کے آنکھ مین لگائین اور دخان کندر جو دخان سندروس کی طرح لیا جاتا ہی جسکا
ذکر دوائی حول مین آچکا ہی لے کے آنکھ مین لگائین اور دوسرے سرمے مثل باسلیقون وشیاف مرارات وغیرہ عمل مین لائین اور مداومت اطریفلون کی اور
خمیرون کے کھانے کی خصوصا اطریفل اسحق بن عمران نہایت مجرب ہی اور عصارہ آملہ آنکھ مین لگانا بھی نافع ہی ایضا ابتدا مین بغیر کسی توقف کے
کرائین صدغ پر پختہ داغ دین تاکہ رگ کو جلا دے اور داغنے کے بعد تین روز تک لا دسبر حرام مغز ملین بعدہ رینڈی کے تیل مین روئی تر کرکے رکھین
داغ سے جسقدر رطوبت گرے بہتر ہے لیکن اس درمیان مین پرہیز کا بہت لحاظ رکھا جاے اور تلیین طبع کرتے رہین اور اس مرض مین خشک کھانون
کی غذا پر اقتصار کرین مثل کباب گوشت طیور وقلیہ ہاے بریان معہ مصالحہ گرم ونان خشکہ وغیرہ واشیاء غلیظ وبخار انگیز ومچھلی ولبنیات ومرطوب
فواکہ ولحوم غلیظ وخمر وفصد وحجامت وکثرت جماع و دیگر مضعفات دماغ شوربہ و دیگر مرطبات و امتلاے طعام اور شراب پینے سے اجتناب
رکھین اگر بجاے پانی کے ماء العسل کی عادت ڈالین بہت مفید ہی جسوقت یہ مرض مستحکم ہوتا ہی اور بصارت جاتی رہتی ہی تو بغیر بنواے ہوے علاج کارگر
نہین ہوتا تنقیہ بدن ودماغ کے بعد ہوشیار کحال سے رجوع کرین بشرطیکہ پانی قدح کے قابل ہو یعنے سفید وصاف ورقیق ہو آنکھ ملنے اور چھینک

آنے سے منتشر و متفرق ہوجاتی ہی مریض اپنی آنکھ کے سامنے روشنی پاتا ہی اور اگر نہ ہو بیکے قابل آنکھ کو بنانا چاہین اوسکی یہ تدبیر ہی کہ لطیف غذا کرین
کم کھائین اور مذکورہ بالا غلیظ غذاؤن سے پرہیز کرین اور شیاف مرارات اور کحلہاے ملطفہ کہ ابتداے نزول ما مین کام آتے ہین آنکھ مین لگائین ایضاً براے
نزول الماء انطاکی سے ترکیب ابتدا مین ایارج فیقرا و غاریقون و دواء المسک و معجون ترمس واکتحال صبر و دماغ خروس پیر شیر زنان مین اور دماغ خطاف
شہد مین اور سرمہ کہ بیاض کے واسطے مجرب ہی مبادرت کرین سرمون کے بیان مین آئیگا اور مولی کا عرق اور پیاز کا عرق نافع ہی اور بارد مزاج کے
واسطے مثل زیت کہنہ و شہد و مشک و مرواریہ محلول اور کحل نولس سے بہتر چیز نہین ہی اور حار مزاج کے واسطے مروارید و سرمہ و قلمشیاے سوختہ کا سرمہ
بنا کے آنکھ مین لگائین کہ خاصیت عظیم پانی کے روکنے کی رکھتا ہی اور جو نازل ہوتا ہی اوسے تحلیل کرتا ہی اور اگر رقیق و صاف ہو ایضاً براے نزول الماء
و ضعف بصر مجرب حکیم محمد علیم و حکیم کلو صاحب ترکیب نیم کا پانی تر و شاخ جڑ اور بیج سونف کا پودھا چار تولہ شہد خالص صاف ایک تولہ زہرہ غلیوا ایک
عدد شیشی مین رکھ کے تین ہفتہ تک دھوپ مین رکھین اور تین سلائیان روزانہ لگاتے رہین ایضاً نزول الماء مین بعد تنقیہ دلزوم احتمال کیواسطے
عظیم النفع ہی ترکیب شہد مصفی دس درم کافور ایک ماشہ مشک ایک رتی سب کو لکڑی کے دستہ سے جسکے سرے پر جستہ چپکا ہوا ہو تانبے کے یا قلعی
برتن مین چار گھڑی حل کرکے ایک ہفتہ تک آنکھ مین لگائین عجیب الاثر ہی دوائی دافع نزول ابتداے مرض مین ترکیب مغز ہنگوٹ دو جزو افیون
ایک جزو کوٹ چھان کے شیاف بنائین اور آنکھ مین لگائین ایضاً آدمی کے کان کا میل ہینگ ساوی شہد مین گھس کے رکھ چھوڑین اور آنکھ مین
لگاتے رہین ایضاً نزول الماء کو زیادہ نہین ہونے دیتی ترکیب املی کی پتی کا عرق پانچ تولہ پیتل کے کٹورے مین نیم کی لکڑی سے جسپر روپیہ جڑا ہو
گھوٹین اتنا حل کرین کہ گاڑھا ہو جاے بعد اسکے عورت کا دودھ جسکے لڑکا ہو چالیس گھڑی کھرل کرین اور کام مین لائین اور اگر مغز گھونگچی سفید کاغذی
نیبو کے عرق مین کھرل کرکے صبح کے وقت آنکھ مین لگائین نزول الماء کے واسطے بھی نافع ہی اور ابابیل کا سر جلاکے شہد مین سرمہ کے طور پر لگانا
براے ابتداے نزول از مجربات بو علی سینا سے ہی دوائی سدہ عصبہ مجوفہ علامت اسکی باوجود سالم ہونے کے پتلیون کی بصارت بالکل جاتی
رہتی ہی اور درد و تکلیف و آثار نزول الماء کچھ نہین ہوتے ترکیب منضج حار سے تنضیج مادہ کے بعد مسہل گرم و حب ایارج سے تنقیہ کرین اور گوشہ چشم کی
رگ کی فصد کھلوائین کان کی لو و نہین جونکین لگائین قدم طین اور حجامت ناری پنڈلی پر رکھین دوائی زرقہ یعنی کبودی چشم ترکیب اگر پیدائشی ہو
علاج نہین ہو سکتا اور اگر عارضی ہو اور یہ بچون کو زیادہ ہوجاتا ہی چاہیے کہ مشک و زعفران باریک پیس کے موم کی سلائی سے آنکھ مین لگائین
اور اسکی مداومت معہ سرمہ سیاہ و گلاب کے جید ہی اور اگر سلائی حنظل سے تر کرین اور مکرر آنکھ مین پھیرین بہت مفید ہی اگر آثار کثرت رطوبت
معلوم ہوجائین مسہل گرم و حب ایارج سے بعد نضج مادہ تنقیہ کرین منقی دماغ غرغرے چھینکین لانے والی تیز دوائین دین گرم معجونین کھلائین اور گرم
تیل مثل روغن بادام تلخ و پیہ انجیر ناک مین ٹپکائین اگر مریض کا مزاج گرم ہو ٹھنڈی دوائین اور تیل ناک مین ٹپکائین اور سرمہ سیاہ و سنگ بصری
و شلوجن آنکھ مین لگائین اور ٹپکانا روغن گل کا ناک مین مزاج گرم و سرد دونون کے واسطے مفید ہی اگر زرقہ یبوست سے ہو جیسا کہ بسبب تحلیل
رطوبات اصلیہ چشم پیر سالان و بیماران جو خشکی کے عارضہ مین مبتلا ہوتے ہین ازرق ہوجاتی ہی لاغری چشم و بطلان بصیرت سے اندازہ کرکے

ترطیب کی کوشش کرین جیسا کہ صداع یبسی و رمد سوداوی و سبل یابس مین ذکر ہوا ہی اور ضعف بصر یبسی مین ذکر آئیگا دوائی نافع زرقہ ترکیب
آب پوست انار ترش آنکھ مین لگانا اور مدت تک اسکی مداومت کرنا سودمند ہی اور صمغ نافع زرقہ و کحل مفید زرقہ بھی سودمند ہی دوائی ضعف بصر برودت
یا برودت و رطوبت سے علامت برودت کی فقط حجم چشم مین نقصان کا ظہور ہی بہ نسبت حالت صحت کے اور پلک کی حرکت مین کمی اور برودت و
رطوبت کی پہچان یہ ہی کہ حجم چشم صحت کی حالت سے زیادہ ہوجاتا ہی اور دور کی چیزین قریب کی چیزون سے بہتر نظر آتی ہین اور بصارت مین کھانا کھانے
کے بعد اور سونے کے بعد ضعف ہوتا ہی اور تخمہ ہوتا ہی اور ہو سکتا ہی کہ بواسطہ غلظ و شفافیت رطوبت ہر چیز چھوٹی بڑی دکھائی دیتی ہو اگر رطوبت معدہ
مین ہوتی ہی اور بخارات غلیظ اوس سے بلند ہوتے ہین ضعف بصر کا سبب ہوتے ہین اس صورت مین پانی پینے اور مرطوب چیز کے کھانے کے بعد
مرض زیادہ ہوتا ہی اور بھوک مین کمی ہوجاتی ہی ترکیب برودت فقط مین تعدیل مزاج دماغ کے واسطے گرم دوائین مثل بادیان اصل السوس
پرسیاوشان اسطوخودوس دانہ الائچی پانی مین جوش اور صاف کرکے نبات سفید داخل کرکے دین اور بٹیر و مرغ کا گوشت گرم مصالحہ ڈال کے غذا
کرین اور روغن بان و چنبیلی ناک مین پچکائین اور گرم دواؤن کے طبیخ سے انکباب کرین اور شیاف اصفر و اخضر آنکھ مین لگائین اور مادہ رطوبی
کی صورت مین منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل گرم و حب ایارج و حب شبیار سے تنقیہ کرین اور نافع لقوہ غرغرہ کرائین مصطگی و دج چبائین اور
دوسری تدابیر مجففہ رطوبت عمل مین لائین مجففہ سرمہ مثل باسلیقون و روشنائی آنکھ مین لگائین اگر رطوبت معدہ اس مرض کا سبب ہو بدستور
سابق تنقیہ کرین اور ایارج فیقرا و اطریفل صغیر و گلقند کے ساتھ گرم پانی مین مفید سمجھین اور مقوی معدہ جوارشات کی مداومت کرین دوائی
ضعف بصر حرارت مادی یا غیر مادی سے علامت حرارت مادی کی یہ ہی کہ آنکھ منتفخ (پھولی ہوئی) و سرخ و گرم ہوتی ہی اور غیر مادی کی پہچان یہ ہی
کہ آنکھ لاغر اور گڑھے مین ہوجاتی ہی بھوک کی حالت مین اور اسہال کے بعد باصرہ مین ضعف غالب ہوجاتا ہی اور بعد کھانے اور سو رہنے کے
ضعف بصر مین کمی ہوجاتی ہی ترکیب مادی مین تبرید و فصد و مسہل بارد عمل مین لائین اور بخار انگیز چیزون سے مثل پیاز و گندنا کے پرہیز کرین اور آنسو بہانے
والی دوائین مثل برود حصرم و عصارۂ املہ آنکھ مین لگائین اور غیر مادی مین مبردات و مرطبات دین جیسا کہ رمد صفراوی و سبل یابس و دنو دھی وغیرہ کے
بیان مین ذکر کیا گیا ہی اور سرد و تر سیل مثل روغن بنفشہ و نیلوفر سر پر ملین اور ناک مین پچکائین روغن بادام شیرین آنکھ مین ڈالین اور شیر دختران آنکھ مین
دوہین دوائی یبوست سے ضعف بصر کی اسکی علامت یہ ہی کہ آنکھ کا حجم چھوٹا ہوجاتا ہی بھوک محنت تحلیل کرنے والی اور استفراغات کے وقت مرض کی
زیادتی ہوتی ہی پس اگر یبوست کا باعث جماع کی کثرت و اسہال و تھکن ہو اسکا تقدم اسکی گواہی دیتا ہی الضّا غشائی پردہ سیاہ آنکھ کے سامنے
معلوم ہوتا ہی اگر اسکا سبب ضغطۂ عصبیہ ہو ہر چیز اپنی ہیئت کے نسبت آنکھ مین چھوٹی معلوم ہوتی ہی اگر قلت و رقت روح باصرہ اسکا سبب ہو
نظر روشن چیزون کے دیکھنے پر قادر نہین ہوتی جو چیز صحت کے زمانہ مین دور سے دیکھی جا سکتی ہو اب اوسیقدر فاصلہ سے وہ چیز صاف نظر نہین آتی
اور یہ بہت جلد شکایت مٹ جاتی ہی ترکیب ترطیب بدن کی کوشش کرین اور جو کچھ صداع یبسی و تشنج یابس و سبل یابس و دنو دھی اور سوائے
اسکے مکرر بیان کیا گیا ہی عمل کرین اور مرطوب غذائین مثل گوشت حلوان و چوزہ مرغ انڈا نیمبرشت و پالک و کدو و شلجم و آشجو کھلائین اور میٹھے نیم گرم

پانی سے بدن کو دھوئیں اور سر پر تریڑا دین آنکھ میں شیر زنان ٹپکائیں اور گاہیگاہ مسکہ سر میں لگانیکی مداومت اور میٹھے پانی میں سر کو غرق کرنا اور اُس جگہ آنکھ کھولنا بہت سودمند ہے اور زعفران بشیر زنان میں حل کر کے آنکھ میں لگانا اس باب میں پورا اثر رکھتا ہے اور تمام قے لانے والی اور خشک چیزوں سے اجتناب لازم ہے اور جو بسبب جماع سے ہوتا ہے لاجورد مغسول طباشیر ہر ایک ایک ماشہ پیس کے انوشدارو سادہ یا لولوی سات ماشہ میں ملا کے سونے کا ورق چپکا کے ہمراہ شربت سیب و گلاب و کیوڑہ و عرق عنبر تخم فرنجمشک کا اضافہ کر کے اور شربت بڑھا کے پئیں اور معجون لبوب یا خمیرہ مروارید کھلائیں اور اکتحال مخ موشک بران روغن بادام میں ملا کے مجرب ہے اور غذائے مقوی دماغ کھلائیں دوائی ضعف بصر تکدر رطوبت بیضیہ و جلیدیہ سے کدورت بیضیہ کی علامت یہ ہے کہ مریض اپنی آنکھ کے سامنے کالا پردہ پڑا ہوا دیکھتا ہے اور اوسکی نگاہ زمین کیطرف دیکھنے کے بہ نسبت آسمان کیطرف دیکھنے میں صاف و روشن رہتی ہے اور علامت تکدر جلیدیہ یہ ہے کہ آنکھ سیاہ ہوجاتی ہے اس حیثیت سے کہ محسوسات کی صورتیں اوسمیں صاف نظر نہیں آتیں اور آثار نزول الماء یا انتشار کچھ نہیں ہوتا تنقیہ سودا کے بعد آنکھ کی سیاہی کم ہوجاتی ہے ترکیب اگر علامت غلبہ سودا کی ظاہر ہو استفراغ سودا منضج مسہل سودا حب لاجورد سے کریں تلطیف کی تدبیر اور سودا پیدا کرنے والی چیزوں سے پرہیز کریں اور جو کچھ ابتدائے نزول الماء میں مفید ہے حسب حاجت عمل میں لائیں اور جب رطوبت فضلی یا افراط جماع تکدر رطوبت بیضیہ کا باعث ہو اور علامت و علاج اوسکا دوائی سے قسم اول ضعف بصر کی اور جو کچھ کہ یبوست سے ہو استنباط کریں اور ضعف بصر جو ضعف حرارت غریزی سے واقع ہو یہ بوڑھوں کو ہوتا ہے اور علاج نہیں ہوتا لیکن مابقی کی حفاظت کیواسطے تنقیہ دماغ کریں اور جو کچھ قسم اول میں برائے اخراج مادہ رطوبی بیان ہوا بعد اسکے مقویات دماغ و مقوی بصر سرمہ مثل کحل الجواہر کام میں لائیں دوائی ضعف بصر انطاکی سے ترکیب ضعف بصر بارد میں بردھرم دالیوہ و کندر سے علاج کریں بعد اسکے مقوی و ممد بصر سرمے مثل بنفسجی و باسلیقون و روشنائی اسی طرح نطرون و دماغ کلنگ و آب انار و خون کبوتر سفید بچہ سوتے وقت مفید ہے بہتر ہو کہ اوسکے باز و پر سے لیں اور استعمال کریں اور اکتحال رطوبت خنافس سے جو جرب و ضعف بصر کو زائل کرتا ہے اور سرمہ جسمیں زرد چوب داخل ہے جسکا بیان کحلوں کے بیان میں آئیگا اکتحال کریں اور اوسکا پینا بھی مفید ہے اور رائی چقندر میں کھانا نافع ہے دوائی برائے ضعف بصر و اکثر امراض چشم سوائے رمد کے مجرب والد مرحوم ہے ترکیب برادہ اسرب دو جزو دار فلفل ایک جزو کھرل میں ڈال کے خوب کھرل کریں تاکہ مثل غبار ہوجائے پھر ایک ایک سلائی آنکھ میں پھیریں اگر دار فلفل اس سے کم ڈالیں زیادہ نافع اور بے اذیت ہوجاتا ہے جالا و شرناق و سلاق کے لیے بھی مفید ہے اور عصارہ آملہ برائے ضعف و سوزش چشم مجرب ہے دوائی نافع ضعف بصر ترکیب دار فلفل ایک ماشہ سرمہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد ہر ایک دو ماشہ گلاب یا پانی میں پیس کے سرمہ بنائیں اور آنکھ میں لگائیں مفید ہے ایضاً نیم کا پھول سایہ میں خشک کیا ہوا اور اوسکے برابر شورہ قلمی ملا کے سرمہ سا کریں سوتے وقت آنکھ میں لگائیں سبل و ظفرہ میں بھی نافع ہو ایضاً ضعف بصر کے واسطے مجرب ہے ترکیب بیخ کٹائی خورد نیبو کے عرق میں بھگو دیں اور آنکھ میں لگائیں اور رسونت دو درم کوٹ چھان کے قند سفید اوسکے برابر ملا کے رات کو سوتے وقت کھائیں غنچہ یاسمین نبات سفید اوسکے برابر ملا کے کھرل کریں اور آنکھ میں لگائیں نافع ضعف بصر

بھی ہی آب پیاز سفید شہد خالص مین ملا کے سوتے وقت آنکھ مین لگائین نیز برائے ضعف بصر رطوبی و نزول الماء مفید ہی اور اکتحال رسوت بھی
نفع کرتا ہی اور آنکھ کی حفظ قوت کرتا ہی مدت طویل تک اور حکاک ہلیلہ زرد گلاب کیساتھ نافع ہی جب ضعف بصر رطوبت رقیقہ مع حرارت وحکہ
سے ہو دوائی بصارت کا جاتا رہنا تاریک جگہ مین بیٹھنے سے اسکا سبب غلظ وکثافت روح باصرہ ہی ابخرۂ غلیظہ کے نہ تحلیل ہونے اور
رطوبات کے نہ تحلیل ہونے سے تاریکی مین یا اوسکے نور کا انتشار دفعۃً تاریکی سے روشنی مین آنیکی وجہ سے ترکیب کحل ہائے ملطفہ مثل کحل ملیسقون
و شیاف مرارات وغیرہ آنکھ مین لگانا دوا و غذاء ملطف کھانا پینا اور جب دفعۃً تاریکی روشنی مین آنے کے سبب سے ہو آفتاب کی روشنی کی
طرف نہ دیکھین اور نیلگون کپڑا سر پر ڈالین برادۂ اسرب کو دیکھتے رہین تجوید غذا اور صوم وجماع سے پرہیز کرین دوائی خفش (یعنی روشنی
مین ضعف) ترکیب اگر پیدائشی ہی علاج بیکار ہی مگر پلکون کی تسوید اور طبقات کی جو آنکھ کو روشنی سے بھرنے مین قوت دے دخان روغن
بنفشہ آنکھ مین لگائین اگر مرض مذکور پلک کی تری سے ہو تنقیہ وتخفیف رطوبت کی غرض سے جو رمد بلغمی وغیرہ مین ذکر ہو چکا ہے عمل مین لائین ایضاً بعد تنقیہ بلغم
توتیائے ہندی و سرمہ وخاکستر برگ مورد وخاکستر گلنار آنکھ مین لگائین اس سے تقویت وتخفیف رطوبات و باکی طبقات کرین دوائی غمور ودھندلا پن
جو نگاہ مین ہو جاتا ہی) ہمیشہ بہت سفید اور روشن مثل برف کے چیزون کے دیکھنے سے ہو جاتا ہی اسکا سبب تفرق باصرہ ہی (یعنی نگاہ پھیل جاتی ہی)
سفیدی و روشنی قوی سے جسطرح چراغ کی روشنی نور آفتاب کے مقابلہ مین ماند پڑ جاتی ہی اسکی علامت تقدم سبب ہی اور بطلان بصر مطلقاً یا دوری سے
اور تخیل بیاض تمام محسوسات مین ترکیب کالا کپڑا (نقاب) چہرہ پر ڈالین لباس اور فرش سیاہ بنائین آنکھ مین دودھ دوہین اور مغز بادام جو صمغ
جو کوٹا ہو کوٹ کے آنکھ پر لیپ کرین گرم پانی سے تکمید کرین اور اگر برف کے دیکھنے سے آشوب کی شکایت پیدا ہو جائے اوسکی تدبیر آخر دوائی رمد
مین لکھی گئی ہی اوس پر رجوع کرین دوائی ضمور حدقہ کہ سل العین کہتے ہین اور وہ لاغری چشم ہے کہ اکثر رطوبت کے نقصان سے بوڑھون کو ہو جاتی ہی
اور یہ لاعلاج ہی اور کبھی یبوست سے استفراغ کی کثرت سے بعید بھوک سے یا شبکیہ وشبکیہ کی رگون مین وقوع سدہ سے یا کثرت استعمال مخدرات سے جوانون کو
ہو جاتی ہی اور ایک آنکھ مین ہوتی ہی ضعف بصر اس مرض مین لازم ہی اور ہو سکتا ہی کہ باصرہ بالکل باطل ہو جائے ترکیب ترطیب بدن کی کوشش کرین علاج
و اغذیہ مرطبہ سے جیسا کہ دوائی ضعف بصر یابس مین بیان ہوا اور مجففات سے احتراز کرین اور جب سبب مرض وقوع سدہ سے ہو اور باوجود لاغری
چشم تکلیف محسوس ہو پہلے تنقیہ حسب حاجت فصد یا مسہل سے کرین اور شربت بزوری وغیرہ سدہ نکالنے کی تدبیر کرین بعد اسکے مرطبات آنکھ مین لگائین
اور پورے جسم کی ترطیب کی کوشش کرین دوائی صداع حدقہ وشقیقہ عین کی ایسا ہوتا ہی کہ دھمک اور درد مثل شقیقہ کے عمق چشم مین عارض ہوتا
ہی ترکیب تدبیر اسکی وہی ہی جو دوائی شقیقہ سر مین بیان کی گئی قطع شریان صدغ کی مبادرت کرین تاکہ نابینائی انجام نہ ہو دوائی استرخاء الجفن
سبب سستی پلک رطوبت کا انصباب ہی اوسکے اعصاب مین اور اوسکی علامت انطباق پلک ہی ترکیب تنقیہ بدن کرین جیسا فالج مین ذکر ہوا
و اطریفل صغیر ایارج فیقرا مین کھلائین المیوہ اقاقیا رسوت مکی زعفران عرق مورد مین پلک اور ماتھے پر لیپ کرین دوسرے قوابض کی تضمید مثل
مرمکی وحضض ورسوت وآس سفید ہی بعد سرمہ جو پھٹکری دماد و سماق اور دوسرے مدمعات سے بنا ہو استعمال کرین ناک کے اندر کی رگون کی

فصد کھولنا بھی مفید ہی استرخاء الجفن کہ قطع اور ترہل پلک سے ہوتا ہی لاعلاج ہی دوائی التصاق الجفن (یعنے پلکون کا چپکنا) یہ رمد مین یا قرحہ بعد
قطع ہونے سبل وناخنہ کے ہوتا ہی ترکیب رمد مین اگر پلکون کے چپک جانے کا اندیشہ ہو بعد تنقیہ وتعدیل شیاف ابیض وآبار ودرور ابیض استعمال کرین
اور بعد آنکھہ سے دوا صاف ہونے کے سلائی روغن گل مین لت کرکے آنکھہ مین لگائین اوسکے اوپر رفادہ مورب باندھین قرحہ مین یا اوسکے علاوہ دونون
پلکون کو سلائی یا دوسرے ازار سے آہستہ کھولین بعدہ زیرہ ونمک چبایا ہوا اوسکا پانی آنکھہ مین ٹپکائین روئی کو روغن گل مین ترکرکے دونون پلکون
کے بیچ مین رکھدین انڈے کی زردی روغن گل مین ملاکے پپوٹے پر لیپ کرین اور عصابہ سے ہلکا باندھدین دوسرے دن کھولین پھر بھی تدبیر کرین
تیسرے دن شیافات زخمون کو سوکھانے والے آنکھہ مین لگائین اور ملنے نہ دین اگر ہنوز استعمال شیاف مناسب نہ معلوم ہو شیاف کا وقت آنے تک
انڈے کی زردی اور روغن گل سے علاج کرین اگر بچے کی دونون پلکین چپک جائین چاہیے کہ ہر صبح گرم پیشاب سے اوسکی آنکھین دھو ڈالین ایضاً بر
التصاق پلک ترکیب بعد تنقیہ خلط غالب شیاف مامیثا ورسوت والیوہ ومرمکی کا لیپ لگائین اور روئی کے ٹکڑے مین دودھ لگاکے پلکون کے بیچ
مین رکھدین دوائی شترہ یعنی کوتاہی پلک یہانتک کہ اچھی طرح نہین ملتین اور آنکھین کھلی رہ جاتی ہین اسکا سبب تشنج غشاء تحف یا عضلہ
پلک ہوتا ہی تشنج امتلائی کی علامت یہ ہی کہ دفعتہ شترہ ہوتا ہی اور پلک بھاری اور ممتد ہو جاتی ہی دوسرے علامات امتلا پیدا ہوتے ہین اور نشان تشنج یبسی یہ ہی
کہ رفتہ رفتہ ہوتا ہی پلک لاغر اور رقیق ہو جاتی ہی تقدم اسباب یبوست گواہی دیتا ہی اور تشنج کہ ایذائے غشاء کے سبب سے ہو چوٹ لگنے دھمک پہونچنے سر پر
قرحہ ہونے یا جبہ پر ہوتا ہی علامات اوسکی وجود سبب ہی ترکیب تشنج مادی مین تنقیہ کرین اوسی طرح پر کہ جسطرح دوائی التشنج مطلق مین ذکر کیا جاچکا ہی
تحلیل کرنے والے تیل مین حلبہ کے لعاب سے نطول کرین اور تشنج یبسی مین مادہ کی تلیین کے لیے اغذیہ واشربہ وروغنون ونطولات مرطبہ سے ترطیب
کرین گل بنفشہ وخطمی کا شیر دختران مین لیپ کرین روغن بنفشہ وکدو سے سر کو چکنا رکھین اور تشنج ایذائی مین اسباب موجبہ کے تدارک سے کوشش
کرین اور شترہ جو بعد الشق ہوتا ہی اوسکا علاج نہین ہو سکتا اور جو غدہ کے وقوع یا لحم زائد کے سبب سے مثل عقدہ یا پلک کے چپکنے سے ہو ہر ایک کا
علاج اپنی جگہ پر بیان کیا گیا ہی اور جب پلک کاٹنے یا زخم کو ناقص طور پر سینے سے ہو موضع ملتحم کو پھر شگاف دین اور رہنے دین کہ آنکھ کو چھپالے
اور شق مرہمی کے درمیان مین جو گوشت نکل آتا ہی فتیلہ لت کرکے رکھدین تاکہ اوسکے دونون سرے آپسمین مل جائین اور اونکے درمیان مین گوشت پیدا
ہو جائے دوائی شرناق یہ ورم کی زیادتی کا نام ہی کہ اوپر کی پلک مین ہو جاتی ہی اور سلعہ کیطرح اپنی جگہ سے حرکت نہین کرتی بلکہ چپکی رہتی ہی اور
بوجہ وگرانی پلک کے سبب سے حرکت اور کھولنے مین دشواری ہوتی ہی آنکھہ ہمیشہ تر رہتی ہی اور روشنی کے دیکھنے سے آنسو جاری ہوتے ہین چھینکین آتی ہین
چونکہ یہ رطوبت غلیظ کے سبب سے بیماری ہوتی ہی اسلیے اکثر بچون اور اون لوگون کو جنکا مزاج مرطوب ہوتا ہی صاحب نزلہ وزکام کو ہو جاتا ہی ترکیب
پہلے بدستور ردیء بلغمی کا تنقیہ کرین اور شیاف مامیثا ورسوت وزعفران کا لیپ کرین اور غذا مین پرندون کے گوشت پر اقتصار کرین مغلظات سے
پرہیز رکھین استحمام وتکمید وطبیخ محللات کو مفید جانین تنقیہ کے بعد پہلے ذرور اصفر بعدہ ذرور اغبر پھر باسلیقون اکبر کا اکتحال کرین اگر تحلیل نہ ہو کحال سے
آنکھہ بنوائین ایضاً اسکا نام سرمۂ احسانی ہی شرناق اور جالے کے واسطے مجرب ہی ترکیب سرب آدھہ پاؤ پتیلی مین رکھین اور گندھک آملہ سار

دو تولہ پیس کے تھوڑی تھوڑی اوسپر چھڑکتے رہین لوہے کے دستہ سے چلا دیا کرین یہانتک کہ سرب کشتہ ہوجاے بعدہ نکال کے پیس ایک تولہ مین
تین دن تک حل کرین پھر سنگ بصری ایک تولہ اوسمین ڈال کے تین روز تک کھرل کرین اسکے بعد نکال کے رکھ چھوڑین اور ضرورت کے وقت
آنکھ مین سرمہ کیطرح لگائین دوائی عقدہ سخت کے بڑھ جانے کو کہتے ہین جو اوپر کی پلک مین ہوجاتا ہی اسکا سبب رطوبت غلیظ سوداوی ہی کہ اوسمین
سے جو لطیف ہوتی ہی وہ تحلیل ہوجاتی ہی باقی منجمد ہوجاتی ہی ترکیب گرم پانی کا تریڑا دین اوسپر موم روغن رکھین اور بعد نرمی کے تحلیل کرنے
کے واسطے مرہم داخلیون و لعاب حلبہ و تخم کتان استعمال کرین اور اگر سلعہ کے مانند اپنی جگہ سے متحرک ہو اور بہت نہ ہو لوہے سے شگاف دیدین
اور نکال لین اوسپر سے زیرہ اور نمک چبا کے اوسکا پانی ٹپکائین تاکہ پلک مل نہ جاے اور عقدہ جو گہرا اور جوڑا سطح مین ہو اور بیگن کا رنگ ہو لوہے سے
اوسے نہ چھیڑین بلکہ تھوڑی تھوڑی مدت کے بعد تنقیہ سودا کرتے رہین اور اشیاء مغلظہ سے اجتناب کرین اور اضمدہ و اطلیہ محلل مادہ سوداوی سے
کام لین دوائی شعر منقلب و شعر زائد شعر منقلب اون پلکون کے بالون سے مراد ہی کہ ٹیڑھے ہوکے آنکھ مین گرتے ہین اور شعر زائدہ وہ ہین کہ باطن
پلک مین علاوہ منبت مژہ کے زائد بال اوگ آئین تکلیف کی وجہ سے آنسو بہنے لگتے ہین اور آنکھ ضعیف ہوکے مواد آجانے پر مستعد ہوجاتی ہے
سبل و دمعہ و حکہ و حمرت آنکھ مین پیدا ہوجاتی ہی اور یہ مرض دیر مین جانے والا اور موروثی ہوتا ہی اکثر جفن اعلی مین ہوتا ہی باصرہ کو ضعیف کر دیتا ہے
اسکا سبب بخاردار رطوبت کا پلک مین جمع ہوجاتا ہی ترکیب پہلے اون بالون کو اوکھاڑ ڈالین شیر انجیر خون خوک یا کنہ شتر یا کنہ سگ کا اوس جگہ پر طلا کرین
اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو پہلے نضج کے بعد مسہل گرم و حب ایارج و حب شبیار سے بدستور رمد بلغمی کے تنقیہ کرین اور دماغ کا تنقیہ کرنے والے
غرارون سے کام لین مصطگی و لونگ چبائین جوز بوا منہ مین رکھین اگر مزاج گرم ہو حب بلیلہ سے تنقیہ کرین اور ہڑ کا مربہ اطریفل صغیر کے ساتھ
استعمال کرین اور پیوستہ بلیلہ زرد یا کابلی منہ مین رکھین اور تنقیہ کے بعد تیز و منقی پلک مثل کحل باسلیقون و روشنائی و شیاف اخضر و احمر حاد آنکھ مین
لگائین بعد اسکے پر بالون کو نکالڈالین اور اونکی جڑون پر نوشادر سے کھجلائین اور پلک کو اوٹھا کے ہر بال نکال کے سونیکی سوئی گرم کرکے اوس جگہ کو
داغ دین بعد اسکے انڈے کی سفیدی روغن گل مین ملا کے اوس جگہ رکھین یہ آخری علاج ہی دوائی انتشار الاہداب یعنے پلکون کا گر جانا اسکا
سبب اگر فساد غذا شعر ہے اخلاط صفرا و سودا سے علامت اوسکی غلبہ ہی ہر ایک کے آثار کا مع سوزش و کھجلی کے اور اگر اسکا سبب اہداب کے منافذ
کی کشادگی ہی رطوبت بلغمی کی کثرت کیوجہ سے تو پہچان اوسکی علامت بلغم کا وجود ہی اور اگر اسکا سبب ضعف جاذبہ پلک ہی اور بعد مسام گرم و حمیات
حارہ کے لاحق ہوتا ہی ترکیب مادی مین خلط غالب کا تنقیہ اور تبدیل مزاج کرین جیسا کہ اقسام رمد مین ذکر ہوچکا ہی اور منبت اہداب دوائین مثل اوس
دوا کے جسمین حجر لاجورد داخل ہی اور بجاے منبت اہداب کے لگائین اور بلغمی مین ریاضت و تقلیل غذا اور اکتحال اشیاء مدمعہ مثل شیاف احمر حاد و اخضر بھی
سودمند ہی اور جو جاذبہ پلک کے ضعف سے ہو اوسکی تدبیر ترطیب و تقویت بدن ہی مرطبات و اغذیہ جید الکیموس و استحمام و ترک استفراغات و اکتحال
سرمہ جات کحل روشنائی و باسلیقون اور دوسری وہ کل چیزین جنسے آنسو نہ نکلین اور بالونکی جڑونکو گرم رکھین اسکا استعمال مفید ہی اگر مرض مذکور
انسداد مسام قرحہ جدری کے اندمال وغیرہ سے یا آگ سے جل جانے کے سبب سے ہو تو اوسکا علاج نہین ہوسکتا اور جو جنس داء الثعلب سے ہو داء الثعلب کا

علاج کرین اور سبب کے زائل ہونے کے بعد منبت اہداب استعمال کرین **ایضاً** بلکون کے گرنے کو روکتی ہی اور مجرب ہی ترکیب چھوارے کی جلی ہوئی گٹھلی
بالچھڑ مجوہے کی مینگنی جلی ہوئی سیپی کالی مرچ ہر ایک ایک جزو قلعی سوختہ مغسول چھ جزو کا طلا کرین خواہ سرمہ بنائین **ایضاً** مذکورہ منافع کے لیے
ترکیب چھوارے کی جلی ہوئی گٹھلی تین درم سنبل رومی دو درم باریک پیس کے آنکھ مین لگائین **نوع دیگر** پلکین گرجانے مین معمول ہی ترکیب
لاجورد حجر ارمنی خستہ خرما سوختہ دخان کندر پوست صنوبر بالچھڑ مثل سرمہ کے بنا کے آنکھ مین لگائین **ایضاً** اکتحال حجر الیہود طویل چمگادڑ کے خون
مین پیس کے پلکین گرنے کے بعد نکلنے کے واسطے اور بھوون کے بالون کے لیے نہایت مفید و مجرب حکیم علیم صاحب کا ہی **دوائی ابیض الاہداب**
یعنی پلکون کا سفید ہوجانا اسکا سبب کثرت رطوبت بلغمی ہی ترکیب منضج حار سے نضج مادہ کے بعد مسہل بلغم سے تنقیہ کرین بعدہ برگ لالہ دشتی
روغن زیت یا بکری کی چربی یا ریچھ کی چربی مین پیس کے پلکون پر طلا کرین اگر حلزون سوختہ بجائے مذکور کے ہو وہ بھی مفید ہی اور کحل شیانی
پلکون پر ملنا بھی سودمند ہی **دوائی جرب الاجفان** یہ ایک خشونت باطنی پلک بالا مین ہوتی ہی کھجلی کے ساتھ سبب اسکا مادہ شور بلغمی یا
اخلاط حادہ یا احتراق خون فاسد یا سوداوی متعفن سے ہوتی ہی ترکیب مازو سبز مثل غبار کے پیس کے اجفان پر چھڑکین اور تین گھنٹہ تک اسی
حالت مین رہنے دین اسکا نور پانی مین حل کیا ہوا بھی مفید ہی اگر فائدہ نہ ہو فصد قیفال و حجامت اور مسہل و حب ایارج سے تنقیہ کرین بعد تنقیہ کے
حابسات مثل گلاب ہمراہ نمک شکر کے ساتھ سرکہ اور شیاف احمر لین و شیاف خضر استعمال کرین اگر ردائت مادہ کی زیادہ ہو اور خشونت مذکور انجیر کے
دانون کیطرح ہو اور ایک دوسرے سے ملتی ہو متفرع ہو جاے درد کے ہیجان کا سبب ہی بعد فصد و تنقیہ بدستور مالیخولیاے دموی جرب کو شکری
یا لوہے سے باہستگی کھجلائین اور شیاف ابیض و شیاف گلنار کا اکتحال کرین حرارت سے تسکین ہونے کے بعد ذرور اصفر صغیر استعمال کرین بعد اسکے شیاف
احمر حاد و ذرور اصفر کبیر پھر شیاف اخضر یا سلیقون استعمال کرین اگر مادہ ردی تر ہو اور درشتی مذکور سیاہ و سخت ہو جاے قرحے پڑ جائین اسکے منہ پر خشکی
ہو ریشہ نظر آتا ہو تنقیہ کرین مثل مالیخولیاے سوداوی کے اور انجیر کے پتے یا لوہے سے کھجلائین جاننا چاہیے کہ جرب مین اگر دوا سے کام نہ نکلتا ہو تو اسے
کھجلانے کی طرف متوجہ نہ ہون اور بدن کے تنقیہ ہوے بغیر ہرگز ادھر سے خبر نہون **دوائی بردہ** وہ ایک رطوبت غلیظ ہوتی ہی آنکھ کے پپوٹے کے
اندر ظاہر ہوتی اور متحجر ہو جاتی ہی اور اسکا رنگ سفید مثل برف کے ہوتا ہی کبھی درد ہوتا ہی کبھی کھجلاتی ہی ترکیب لعاب حلبہ و تخم کتان کا قطعہ بنائین
اور انزروت سرکہ مین حل کر کے طلا کرین اگر تحلیل نہ ہو چیر کے نکالڈالین پھر اوسکے اندمال کے واسطے ذرور اصفر استعمال کرین **دوائی صلابت اجفان**
اسکا سبب سختی و غلظت پلک بخارات غلیظہ ہی کہ ٹھنڈی ہوا لگ جانے سے یا سرد پانی پسینے مین لگ جانے کی جہت سے یا سو کے اٹھنے پر یا
ورم و جرب کے بعد پلک مین محتبس ہو جانے پر اور اسی سبب سے پلکون کا کھولنا بند کرنا دشوار ہو جاتا ہی ترکیب بابونہ ناخونہ بنفشہ خطمی جوش کر کے اسکے
دھوئین پر سر جھکائین اور انڈے کی زردی روغن گل کیساتھ آنکھ پر رکھین کثرت استحمام کرین اگر فائدہ نہ ہو تو رمد سوداوی سے کرین **دوائی**
جسار الاجفان انطاکی سے ترکیب مرطبات کھلائین اونسے تدہین کرین مثل شیر تازہ لعابون تیلون عورتون کا دودھ حلبہ اور چربیون خصوصاً
بطخ و مرغی کی چربی اور شیاف احمر بارد مین اور انڈے کی سفیدی آب شیر گرم مین عدس و تخم انار و مامیثا مطلقاً روغن گل مین داخل کر سنہ سبیطح شہد گرم

کہتے ہین ابتدا تنقیہ سے کرین لعابون اور چربیون کا طلا کرین اشق عورتون کے دودھ مین اگر پالیس ہو ورنہ زنگار و شہد اسی طرح استعمال کرین اور بہترین چربیان ایسے وقت پر مرغابی کی چربی و مغز ساق بقر ہے اور لعابون حلبہ و کتان و روغن بنفشہ کا استعمال عجیب خاصیت رکھتا ہی اور یبوست العین مین تکمید سے ترطیب و تنطیل ہمراہ طبیخ اشیاے مرطبہ اور تدہین سر مرطوب تیلون سے جیسا کہ لکھا جاچکا ہی کفایت کرتا ہی اور احتیاج تنقیہ کی نہین رہتی **دوائی سلاق** یہ سرخی اور پھیلاؤ پلک کے کنارون پر ہوجاتا ہی جب کچھ زمانہ گذر جاتا ہی پلکین جھڑ جاتی ہین اور تقرح ہوتی ہین علاج محال ہوتا ہی اگر مرض کے بعد ہوتی ہی ٹھنڈی چیز دن کے زیادہ استعمال سے اور لڑکون کو زیادہ رونے سے ہوجاتی ہی اسکا سبب مادہ تند بورقی ہی ترکیب جسمین سماق و زرد ٹر بھگوئی ہوئی ہو صاف کرکے آنکھ مین ٹپکائین اور اُسمین تر کرکے کپڑے کا پلک پر رکھنا مفید ہی اور ہر رات کو برگ خرفہ برگ کاسنی روغن گل مین ملا کے لیپ کرین یا انڈے کی سفیدی روغن گل مین ملا کے کپڑے کے ساتھ تر کرکے پلک پر رکھنا ہر صبح استحمام کرین کہ نافع ہی اور جو جرب اجفان مین گذرا مفید ہوتا ہی کیونکہ مرض پورانے کر دیے گئے ہین اگر مرض پرانہ ہوجائے اور فصد قیفال اور رگ پیشانی کھولدین یا سر اور گدی کے پیچھے پچھنے لگائے مسہل گرم و حب ایارج سے تنقیہ کرین بعدہ تکمید و انکباب گرم پانی سے عمل مین لائین شیاف احمر لین لگائین اور عدس مقشر شحم انار ہمراہ اسفنج کا لیپ کرین **ایضاً** برائے سلاق معمول ہی ترکیب چراغ کے جلے ہوتے گل چند عدد چینی کے برتن مین تھوڑے سے چراغ کے تیل مین ڈلی مین ملادین اور پیس کے آنکھ مین لگائین **ایضاً** برائے سلاق سود مند ہی ترکیب بھینس یا گائے کا چمڑا لین دباغت کرکے جلالین جب سیاہ ہوجائے باریک پیس کے تانبے کے برتن مین رکھین نمک لاہوری و مرچ سیاہ ہر ایک پانچوان جزو ملاکے املی کی پتی کے شیرہ مین نیم کی ڈنڈی سے گھسین اور دو مرتبہ شیرہ مذکور مین تسقیہ دین چنانچہ بخطے کامل تانبے سے قطع خیال کرکے ایک برتن مین رکھ چھوڑین اور ہر روز آنکھ مین لگائین بال نکل آئینگے سرخی و خارش چشم و آماس اور اوسکی سوزش دور ہوجائیگی اگر خدا نے چاہا [illegible] **دوائی نتف قمل فرگان** مین مجرب ہی سبب اسکا رطوبت عفنیہ بلغمیہ ہی ترکیب روغن خستہ زرد آلوے تلخ یا آڑو پلکون مین ملین بعد اسکے پانی نمک و سوبہ سے دھو چکے ہون اسیطرح صبر و مویزج کا طلا کرنا مفید ہی **ایضاً** سلائی کو پارہ مین ڈالدین تا کہ اسکی بو سلائی مین اثر کر جائے پھر آہستگی سے سلائی کو پلک پر پھیرین بہتر یہ ہے کہ پارہ کو عصارہ حنا یا برگ شریفہ یا افتیمون ہندی یا فنجنکشت مین حل کرین اور سلائی مین لپیٹ کے لگائین اگر اس تدبیر سے نہ جائے نضج مادہ کے بعد مسہل حار و حب ایارج و حب شبیار سے تنقیہ کرین اور ایارج فیقرا و عرق شہد کا غرغرہ کرین اسکے بعد قاتل قمل دوا کا استعمال کرین **دوائی شعیرہ** یہ ایک ورم ہی لانبا مثل جو کے جو پلک کے کنارے پر ہوتا ہی اگر اوسکا مادہ فضلہ غلیظہ دم محترق ہوتا ہی تو اوسکا رنگ مثل پلک کے ہوتا ہی اگر خون خالص ہو سرخ و نرم ہوتا ہی ترکیب ابتدا مین رسوت گیرد ایلوہ کاسنی کے عرق مین پیس کے لیپ کرین بعد ازان خون کبوتر کا طلا کرین مرہم داخلیون کا لیپ لگائین تقلیل غذا کرین رات کو کچھ نہ کھائین اگر مخصوص دوائین فائدہ نہ کرین فصد سرو کھلوائین اور مسہل و حب ایارج سے بدستور مد تنقیہ کرین اسکے بعد اگر دستکاری کی ضرورت پڑے شعیرہ کو قلینچی سے جڑ سے کتر دین اسکا خون بند نہ کرین بعدہ ذرور اصفر چھڑک دین **دوائی** برائے گہانجنی معمول ہی ترکیب رسوت گیرد آب کو کنار مین طلا کرین بعد اسکے اگر گہانجنی

معلوم ہو کچی پرانی دیوار کا کوئلہ پانی مین گھس کے طلا کرین اگر نضج جلد کرنا چاہین لونگ زردچوب پانی مین پیس کے طلا کرین بھڑ کا چھتہ طلا کرنا بھی
مفید ہے پگھلائے ہوے موم کا طلا بھی نافع ہے ایضاً موم گرم کرکے رکھین یا کشمش کو پھاڑ کے رکھین یا بڑی کوڑی پانی مین گھس کے لگائین ریوند چینی
ایک ماشہ بس الکندہ گھس جار بنی چھوارے کی گٹھلی ایک عدد پانی مین پیس کے طلا کرین مجرب ہے دوائی توثہ اجفان یہ گوشت کا ٹکڑا ہوتا ہے
سیاہی مائل سرخ پلک کے اندر اور باہر توت کی طرح لٹکا رہتا ہے کھجلی اور چیپک کے ساتھ کبھی اُس سے خون ٹپکتا ہے کہ اوسکا مادہ خون فاسد محترق ہوتا ہے
ترکیب فصد قیفال وحجامت ساقین کرائین مسہل سودا دین پھر توثہ کو نوچے یا توتیا یا مصری سے چھیڑ دین اور شیاف اخضر و شیاف احمر اُسپر رکھین
اگر چاہین تنقیہ کے بعد توثہ کو موچنہ سے پکڑ کے قینچی سے کاٹ ڈالین پھر نمک اور زیرہ چبا کے عرق اوسپر ٹپکائین اگر بخوبی دور نہ ہوجاے کاٹ ڈالنے کے
بعد پلک اوٹھا کے پلک مین خمیر بھر دین اور ادویہ حادہ مثل زنگار پھٹکری اشنجار و نوشادر یا شیاف اخضر وغیرہ بقیہ توثہ پر دو گھنٹہ تک لگی رہنے دین کہ وہ بلکل
کالی پڑجاے بعدہ دوا چھڑا کے تازہ دودھ سے دھو ڈالین دوائی نافع تحجر اجفان وہ فضلہ غلیظہ سوداوی ہے کہ پلک مین تحجر ہوجاتا ہے اور اوسکا مادہ
برودہ غلیظ تر سے ہوتا ہے ترکیب حب ایارج سے تنقیہ کرین مغز ساق گوسالہ موم روغن بنفشہ کا طلا کرین نرمی کے بعد مرہم داخلیون استعمال کرین
اگر تحلیل نہ ہو پلک چیر کے ناخن سے کھرچ ڈالین اخراج مادہ کرین پھر مرہم اشق وغیرہ رکھین دوائی نافع قروح اجفن سبب حدوث قرحہ کا پلک
مین یا خارجی اسباب سے ہوتا ہے یا ورم حار کے کھونے سے ترکیب پہلے مور پوست انار پوست بیرون پستہ سرکہ مین لیپ کرین بعدہ اندمال کے واسطے
انڈے کی زردی زعفران کے ہمراہ یا اشیاف کندر ملا کے استعمال کرین دوائی تہبج اجفان کے واسطے نافع ہے اسکا سبب کثرت بلغم وضعف حرارت غریزی
یا ضعف احشا و عجز قواے احشا ہضم طعام سے ہے ترکیب پہلے سبب مین تلطیف غذا و تنقیہ بلغم کرین دوسرے سبب مین اوسکی تقویت کرین چنانچہ بہر
سوء القنیہ و ضعف جگر تحریر ہو چکا اطریفل کبیر کھانا وج کو سرکہ مین ملا کے طلا کرنا اور سرکہ کو گرم پانی مین ملا کے پلک کو اُس سے دھونا اور خرقہ گرم پانی
مین تر کرکے پلک پر رکھنا دونون قسمون کے واسطے مفید ہے دوائی سعفہ پلک کے واسطے مفید ہے وہ سبوسہ ہوتا ہے جو پلک پر ہوجاتا ہے کبھی زخم
ڈال دیتا ہے ترکیب اسکا رنگ اگر عنبر کیطرح ہو منضج و مسہل سودا دین اگر سفید ہو منضج و مسہل بلغم کام مین لائین بعد اسکے حمام کی مداومت کرین اوس جگہ کو چقندر
و سبوس گندم کے طبیخ سے دھوئین پھر شیاف احمر لین لگائین اگر پرانا ہوگیا ہو مصری سے کھجائین یا خفیف نشتر دین تاکہ اُس مقام سے خون نکلے پھر
کحل روشنائی استعمال کرین دوائی غرب کے واسطے نافع ہے وہ ناصور گوشہ چشم مین ناک کی طرف ہوتا ہے ایک مدت کے بعد شگاف ہوجاتا ہے
اور اُس سے بقیہ پیپ نکلتی رہتی ہے کبھی ناک مین اُسکا منہ ہوتا ہے اور ناک ہی کی راہ سے مواد خارج ہوتا ہے ترکیب ابتدا مین فصد و مسہل حب ایارج سے تنقیہ کرین لطیف غذائین
دین اور شیاف مامیثا و زعفران و مر و صبر زرد اور جو کہ ان چیزون مین سے بہم پہونچے کاسنی کے عرق مین طلا کرین اگر اس تدبیر سے ورم تحلیل نہ ہو مادہ جمع
ہوجاے درد و تکلیف پہونچے کندر و زعفران و حلبہ اور تخم کتان کے پانی مین طلا کرین اور دوسری منفجرہ دوائین استعمال کرین انفجار کے بعد شیاف
مامیثا و مر و زعفران کاسنی کی پتی کے عرق مین حل کرکے بٹھائین اور برادہ مس و زاگ و نوشادر بھی بہت مفید ہے چاہیے کہ ٹپکانے کے وقت پہلے ناصور
کو پیپ و بدگوشت کو روئی یا لوہے یا مرہم زنگار سے صاف کرلین اور شراب انگوری سے دھوئین اگر کوئی تدبیر سودمند نہ ہو آلہ داغ کہ دو منہ ہو

ہین اور سر اگول ہوتا ہی آگ پر رکھ کے سرخ کرلین پر گوشت پر بدفعات پھیرین تاکہ سارا فاسد گوشت جل جاے اور رطوبت خشک ہو جاے اور
داغ طلا کیساتھ بھی مجرب ہی اور چاہیے کہ داغ کرنے کے وقت خمیر برف مین ٹھنڈا کر کے یا کپڑا ٹھنڈا کیا ہوا آنکھ مین رکھین تاکہ داغ کرنے کی
گرمی آنکھ مین نہ پہونچے داغ کے بعد مرہم سفیداب استعمال کرین دوائی غرب مین معمول ہی ترکیب پہلے ناصور کی آلائش روئی سے صاف کرین
اور سونگ کو پیس کے ناصور پر باندھین اور بلی کے سر کی ہڈی جو زمین مین چالیس روز تک دفن کی ہوئی ہو پیس کے ذرور کرین اور ترئی کی پتی کا
عرق خصوصًا جنگلی ترئی کی پتی کا عرق ناصور مین ڈالنا نہایت نافع ہی اور شیاف غرب بھی پگھلانا نافع ہی دوائی غرب کے واسطے انفجار سے پہلے
اور بعد مین نافع ہی ترکیب اظفار الطیب صبر مرکی مساوی پیس کے کام مین لائین ایضًا تخم رواسن سودہ فتیلہ مین لتھیڑ کے ناصور مین رکھین
اور چند روز تک استعمال کرین اور تنقیۂ دماغ کے واسطے تخم شاہ پسند پیس کے شہد مین ملائین گولیان بنا کے تین ماشہ رات کو کھائین مجرب حکیم
منصور علی ہی ایضًا تھوڑے زمانہ مین ناصور چشم اچھا ہو جاتا ہی ترکیب گیہون تخم مرو تخم حلبہ کوٹ کے پانی مین پکائین تھوڑا سا دودھ ڈال کے حل
کرین تاکہ مثل مرہم کے ہو جاے لیپ کرین اگر زیادہ قوی چاہتے ہون دوائون کو دودھ مین پکائین شہد خالص بھی بڑھاوین دوائی نافع غدہ ظفرہ
پلک و ثولول: شتری و دملہ و سلعہ کبودی و سبزی کہ زخم کے بعد پلک پر پیدا ہو جاتی ہی بالجملہ غدہ ناک کیطرف آنکھ کے کوے مین گوشت زیادہ ہونیکو
کہتے ہین ترکیب پہلے تنقیہ خلط غالب کرین بعدہ شیاف زنگار یا مرہم زنگار اسیر رکھین اگر فنا نہ ہو جاے ظفرہ کے طور پر قطع کر ڈالین لیکن بالکل
جڑ سے اُسے نہ اُڑا دین تاکہ دمعہ سے محفوظ رہین قطع کرنے کے بعد نمدہ اصفر چھڑک دین پھر تکلیف دور کرنیکی غرض سے انڈے کی زردی
مین روغن گل ملا کے طلا کرین اور مرہم سے اوسے مندمل کرین اور علاج ظفرہ پلک و ثولول و شتری و دملہ و سلعہ و کبودی و سبزی جو پلک مین ہو
جاتی ہی علاج ان سب کا وہی ہی جو آخر کتاب مین اورام کے واسطے لکھا گیا ہی ایضًا براے غدہ ترکیب زنگار نوشادر پانی مین پیس کے لگائین اور
مداومت کرین اگر اثر نہ ہو لوہے سے کاٹ ڈالین اور انڈے کی زردی لگا دین دوائی درد گوش حار ساذج و مادی علامت ساذج کی سبکی
سر ہے مع سرخی گوش و سوزش گوش اور درد کی شدت ہی اوسکو ٹھنڈی دوائون سے تسکین ہوتی ہی اور مادی کی پہچان سر کی گرانی مع علامات مذکورہ
ہی ترکیب وہ تبرید جو درد کے واسطے تحریر ہوتی ہی دینا چاہیئے بعدہ شیر دختر یا شیر بز مین حل کر کے کان مین ٹپکائین اور انڈے کی سفیدی و شیر زنان
نیمگرم گھنٹہ گھنٹہ بھر کے بعد تقطیر کرین فورًا درد مین سکون ہوتا ہی اور خاصکر اگر دودھ دودھ مین روغن کدو روغن بنفشہ روغن نیلوفر مین بھی مفید ہے
اور شیاف ابیض لڑکی والی کے دودھ مین یا بکری کے دودھ یا کشنیز کے عرق مین حل کر کے ٹپکانا بھی مفید ہی یا روغن گل تھوڑے سرکہ مین جوش
دے کے نیمگرم کان مین ٹپکائین اور بہار القرع و ماء الخیار کان مین ٹپکانا بھی مفید ہی اور لیپ صندلین و گلاب و کشنیز و کاہو کا کان کے چاروں
طرف کرنا انکباب معمول عمل مین لانا اور اگر کان مین بہت شدید درد ہو تھوڑی سی افیون روغن گل مین حل کر کے نیمگرم کان مین ٹپکائین اگر کان کے
درد حار مادی مین غلبہ خون کے علامات معلوم ہو جائین فصد سرر و کھلوائین اگر آثار صفرا پیدا ہون مادہ کا نضج منضج سے کر کے مسہل بارد سے
تنقیہ کرین بعد اسکے مذکورہ تدبیرین حسب حاجت عمل مین لائین اگر درد کان کے ورم کی وجہ سے ہو علامت اوسکی ہمہ کی شدت کشش

سر کی گرانی چہرہ کی سرخی تپ گرم سماعت مین فتور ہو تبرید مذکور دین اور ضماد معمولی کا طلا کرین طلاے سرد آب کشنیز سبز یا آب عنب الثعلب سبز
مین بھی مفید ہے اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو فصد سر رو کرائین جونکین لگائین اگر مسہل کی احتیاج ہو منضج بارد سے نضج مادہ کر کے مسہل بارد سے
تنقیہ کرین اگر ورم تحلیل نہ ہو قطور منضج ورم گوش عمل مین لائین انفجار ورم کے بعد کان کے اندر زخم کے واسطے مرہم سفیداب یا مرہم باسلیقون روغن گل
مین ملا کے کان مین ڈالین اگر سختی کان کے اندر محسوس ہو مرہم داخلیون بجاے مرہم باسلیقون کے داخل کرین بط کی چربی گھر ہو مرغ کی چربی
اضافہ کر کے عمل مین لائین **ایضاً** براے قروح فرسنہ کہ اگر استخوان برہنہ ہو گیا ہو کام مین لائین **ترکیب** قطران شہد خالص مین ملا کے اور زہرۂ
گاؤ استعمال کرین آب زہرۂ کلاغ دردہ و شہد مین ملا کے بھی نافع ہے بقول مجربی کچھوے کے پتے کا پانی شیر زنان کے ہمراہ عجیب الفعل ہے **دوائی**
کان کی پیپ دور کرنے کے لیے جبکہ دوسری دواؤن سے اوسکا اخراج کر چکے ہون **ترکیب** انڈے کا چھلکا خرمہرۂ زرد دونون جلا کے یا اُسکے
عوض مین چھوٹی سیپی سوختہ دونون مساوی لیکے باریک پیسین اور کان مین پھونکدین اور اگر پٹھانی لودھ اور پھٹکری جلا کے باریک پیس کے
کان مین ڈالین پہلی دوائی کے قریب اسکے بھی منافع ہین **ایضاً** براے قرحہ گوش انطاکی سے **ترکیب** مرہم سفیداب یا انزروت شہد یا برگ شہدانج مین
استعمال کرین اگر روغن گل مین ہموزن سرکہ ملا کے پکائین جب روغن رہجائے تو اتار کے کان مین ٹپکائین نہایت مفید ہے باقی سب علاج وہی ہے جو کان سے سیلان رطوبت کے
بیان مین آیگا **ایضاً** براے درد گوش حار **ترکیب** عنب الثعلب برگ کاسنی برگ خرفہ حوالی گوش مین ضماد کرین روغن گل نیم گرم کر کے
خواہ عورت کا دودہ گھنٹہ گھنٹہ بھر کے بعد کان مین ٹپکائین **ایضاً** براے درد گوش حار ساذج مین بعد تعدیل اور مادی مین بعد تنقیہ نافع ہے
ترکیب آب برگ خرفہ و شیر زنان و آب خیار و کدو و تھوڑا سا سرکہ ملا کے تقطیر کرین اور شدت حرارت مین قدرے کافور اور شدت درد مین
قدرے افیون مجوز و صندل و رسوت ہری مکو کے عرق ہرے دھنیا کے عرق مین کان کے گرد طلا کرین **ایضاً** براے درد گوش مفید ہے **ترکیب**
گل بنفشہ تخم کتان ہر ایک دو جزو گل خطمی تین جزو کوٹ چھان کے پکے ہوے نیم گرم پانی مین کان کے پیچھے جسمین درد ہو لیپ کرین اگر سیل کا نکالنا
مقصود ہو شہد و نمک و زنگار پیس کے پتے مین لتھڑ کے کان مین رکھین اور انطاکی کہتا ہے کہ اورام گوش مین استعمال مرخات اولی ہے
اور نہین تو قطورات اور اقسام درد گوش مین قطور رطوبت ماہی بریان عجیب ہے اور یہ قریب مقعد گنجشک کان مین رکھنا مجرب ہے **ایضاً** انطاکی
سے براے درد گوش جو ورم حار سے ہو **ترکیب** جو چیز کہ اورام کے علاج مین بہت مفید ہے وہ تلیین کی زیادتی ملینات مناسبہ سے ہے نافع
ترین دواؤن سے ہے قطور روغن گاؤ کہنہ مانند اشق و انزروت مطلقاً اور روغن گل ورم حار مین روغن بابونہ ورم بارد مین **دوائی** براے
درد گوش بارد و ریحی و طرز معمول ہے علامت بارد ساذج مین تدابیر مبردہ مین اور سوزش و سرخی کا نہ ہونے مین گرم چیزون سے نفع ہوتا ہے
اور بارد مادہ کی پہچان سر اور کان کی گرانی نیند زیادہ آنا ناک تر رہنا اور دوسری علامتین غلبۂ بلغم کی ہین **ترکیب** اسطوخودوس بادیان گل بنفشہ
ہر ایک چار ماشہ انیسون تین ماشہ جوش کر کے گلقند عسلی یا شہد دو تولہ حل کر کے دین اور روغن گرم مثل روغن بابونہ یا روغن سوسن یا روغن
بلسان نیم گرم کان مین ٹپکائین اگر تسخین و تحلیل زیادہ منظور ہو جند بیدستر و فرفیون اوران مین سے کسی ایک کا تیل ملا کے [illegible] مین لائین ہولی

اور کڑوے بادام کا تیل کان میں ٹپکائیں مجرب ہے اور مرزا نہ گھی اسی طرح دو تین قطرہ آب برگ زقوم کے دو تین قطرے ٹپکانا اوسکے دردکو
ساکن کرتا ہے سکھ درسن کے پتے کا پانی بھی مجرب ہے بیل کے گردہ کی قدرے چربی اور نمک پیس کے اوسپر چھڑکیں پھر بھونیں اوسکا پانی نچوڑ کے
کان میں ٹپکائیں اگر درد ورم کے سبب سے ہو اوسکی علامت گرانی وتمدد قلت درد وعدم ضربان وتپ گرم ہے نمونہ انکباب عمل میں لائیں نیز
اوسکی دوائوں کا لیپ کریں اور مذکورہ تیلوں کو کان میں ٹپکائیں نیم کی پتی کا طبیخ بھی کان کے درد کو سکون دیتا ہے کان کو گرم رکھنا مفید ہے
وجع ریحی میں تکمید ونطول بابونہ وخطمی کا نقوع کو کنارین نافع ہے تنقیہ کی ضرورت ہو منضج بلغم سے نضج مادہ کے بعد مسہل حار وحب ایارج وحب
شبیار سے تنقیہ کریں **دوائی عجیب** برائے تسکین درد گوش بارد ترکیب جندبیدستر افیون مساوی روغن مناسب میں حل کر کے نیمگرم کان
میں ٹپکائیں **ایضاً** برائے درد گوش بارد انطاکی سے ترکیب باردین یعنی بلغمی وسوداوی میں کان کو گرم پانی کی بھاپ دینا اور طبیخ صعتر و
بابونہ وناخونہ وسداب سے نطول کریں شونیز وجاورس وسبوس گندم مرکب ومفرد سے تکمید کریں اور روغن قسط وبابونہ وحب الغار کان
میں ٹپکائیں اور میرے مجربات سے برائے تحلیل ریاح ومادہ اور سددون کے کھولنے کے واسطے یہ ہے کہ لہسن ایک اوقیہ جندبیدستر مصطگی
ہر ایک ربع اوقیہ سداب ایکدرم سکو اون کے دس گونہ بیل کے پیشاب اور اوسکے نصف زیت خوشبو میں جوش کریں یہانتک کہ زیت
باقی رہ جائے صاف کر کے ٹپکائیں اور جدید مجرب ہے روغن بادام تلخ ہمراہ زباد ہے یہ سب مع تقویت دماغ وحبس الابخرہ کے لیے ہمراہ شربت
لیموں وا سطوخودوس وکشنیز وصعتر کے کام میں لائیں اور میرے مجربات سے ہر کسی وجہ سے حبس بخار اور تقویت دماغ ومعدہ کے لیے
ایک شربت ہے کہ شربتوں کے ذیل میں آئیگا اور یہ بعینہ علاج اورام سلیمہ یعنی ظاہر گوش ہے اور عالض گوش کے اورام کی طرح نہ کرنی چاہیئے **دوائی**
درد گوش جو برودت سے ہو تکملہ ہندی سے ترکیب آب ادرک یا شیرۂ برگ پان یا شیرہ برگ آگ کان میں ڈالیں سونٹھ افیون اور اندر جو
کی جڑ اوسکے گرد طلا کریں اگر ورم ہو لزوم تدابیر مذکورہ کیساتھ برگ نیم کو جوش کر کے اوسکی بھاپ سے انکباب کریں اور اوسکا ایک قطرہ کان
میں ٹپکائیں **دوائی** کان کے درد میں تسکین دینے کے لیے بے نظیر ہے جاہے جس قسم کا درد ہو بہت مجرب ہے حکیم علی نے اپنے تجربات سے لکھا ہے
ترکیب گدھے کی لید کا پانی پیاز کا عرق دونوں مساوی زعفران بقدر ربع واحد سب کو کھرل کریں تاکہ زعفران حل ہو جائے صاف کر کے
نیمگرم کان میں ٹپکائیں تھوڑی دیر تک ٹھہرا کے روئی سے صاف کر ڈالیں اور دوبارہ پھر چند قطرے ٹپکائیں اسیطرح تین چار مرتبہ عمل کریں
انشاءاللہ تعالے کان کے درد کھونے میں فرق نہ پڑیگا **دوائی** کان میں پانی چلے جانے سے درد پیدا ہو جانیکی ترکیب چاہیے کہ ہاتھ کی ہتھیلی کو
کان کے سوراخ پر رکھ کر ایک پاؤں پر کھڑے ہو کے کودنا شروع کریں اور تھوڑی سی روئی کی بھر بری بنا کے کان میں پھرائیں تاکہ پانی کو جذب کرلے
دوائی درد گوش جو ضربہ وسقطہ کے سبب سے ہو کندر سفید پیس کے دودھ میں حل کریں اور نیمگرم کان میں ٹپکائیں کہ فی الفور درد موقوف ہو جائیگا
دوائی درد گوش کان میں کیڑے پیدا ہو جانے سے یا کسی کیڑے کے داخل ہو جانے کے سبب سے ہو مثل مورچہ اور کھنکھجورے وغیرہ کے علامت
اوسکی یہ ہے کہ کان میں کھجلی اور دغدغہ ہوتا ہے نیز اوسکی حرکت محسوس ہوتی ہے ترکیب پہلے عصارہ افسنتین سرکہ اور شفتالو کی پتی کے

عرق مین بھگائین اور دوسری قاتل کرم دوائین جنکا صداع دودی مین ذکر آچکا ہی استعمال کرین اور کیڑہ مرجانے کے بعد کسی اوزار سے نکال لین یا کپڑے
کا فتیلہ بنا کے اوسپر سرشِش لگائین اور کان مین ڈالین کرم وغیرہ جو اوسمین لپٹ جائے کھینچ لین یا نکھکنی باریک پیس کے ناک مین پھونکین اور جب چھینک
آئے تو کان ناک بند کرلین اور سر کو اوس کان کی طرف ٹیڑھا کرکے چھینکین جسمین درد ہو تاکہ کیڑہ باہر نکل آئے بعد اسکے اگر قرحہ کیڑے پیدا ہونے
سے پڑ گیا ہو اوسکا علاج کرین جیسا کہ اوپر ذکر ہوا ہی دوائی طرش خلط غلیظ سے اور یہ اوسکے انصباب کے سبب سے عصب گوش مین جو آلہ سماعت ہے
واقع ہوتا ہی علامت اُسکی گرم چیزون سے نفع اور گرانی سر ہے خصوصًا سجدے کے وقت سوزش نہ ہونا کان مین سرخی کا نہ ہونا بلقدم تدابیر رفع
و تجزیہ و استفراغ ترکیب نضج مادہ منضج حار سے کرنے کے بعد مسہل گرم و حب ایارج سے تنقیہ کرین بعد ایارج فیقرا و آب گرم و سکنجبین بارانی و حاشا
و پودینہ کوٹ کر ماء العسل مین ملا کے غرغرہ کرین اور کندش و صبر و شونیز سے چھینکین لائین اور گرم تیلون کو کان مین ڈالین انجیر دوائی کو ٹین اوسکا
فتیلہ بنا کے ہمیشہ کان مین رکھین موسیائی روغن گل مین ملا کے ٹپکانا بھی کان کی گرانی کے واسطے نافع ہوتا ہی دوائی طرش سوء مزاج سادہ کے
سبب سے اسکی علامت :۔ دکا احساس ہی جو عمق گوش مین ہوتا ہی بغیر ثقل و تمدد کے لہذا اگر سوء مزاج بارد ہو تو سردی سے مضرت اور ٹھنڈ کے وقت
مرض کی زیادتی اسکی دلیل ہی اگر حار ہو گا تو اسکے بالعکس مشہور ہوتا ہی نیز التہاب و سوزش کان اور اوسکے حوالی مین پیدا ہو جاتا ہی اگر یابس ہو گا
تو تقدم تعب بھوک جاگنا اور دوسرے مجففہ اسباب اسپر گواہی دیتے ہین چہرہ پر اور آنکھ پر لاغری نظر آتی ہی مرطوب چیزون سے نفع معلوم ہوتا ہی
سوء مزاج سادج رطب کی علامت یہ ہی کہ ندرت مرض مذکور کے سبب سے ہوتی ہی اسکی علامتین یابس علامات کے خلاف ہوتی ہین اور درد نہ ہونے سے
پہچانا جاتا ہی ترکیب سبب کا اندازہ کرکے اُسکے مناسب شربتون غذاؤن دھارون اور مناسب قطورات سے تبدیل مزاج کرین مثلًا سوء مزاج حار
و بارد ہو تو جیسا درد گوش حار سادج و بارد مین گذرا ہی اسپر عمل کرین اور سوء مزاج یابس مین مرطوب غذاؤن مرطوب حمام نیم گرم پانی اور روغن گل
بہانا سر پر اور کان مین ملنا اور ڈالنا دودہ کا اور مرطوب تیلو نکا اور علاوہ اسکے جو کچھ صداع یابس و تشنج یابس وغیرہ مین مفصل ذکر ہوا ہی اوسی
طریقہ سے علاج کرین دوائی طرش صفرا سے یہ اُسکے تصاعد سے دماغ کیجانب بحران حادث ہونے کے ذریعہ سے حادث ہوتا ہی چنانچہ اکثر
امراض حادہ مین اور حمیات صفراویہ مین عارض ہوتا ہی اسکی علامت رنگ کی زردی منہ کا کڑوا پن بھوک کے وقت مرض کی زیادتی ہوتی ہی
اور اکثر اوقات طنین سے خالی نہین ہوتا ترکیب جو دوا صداع صفراوی مین بیان کی گئی اُسے استعمال کرین تنقیہ صفرا کے بعد آب افسنتین و سکنجبین
سے غرغرہ کرین دواء الرمان کان مین ڈالین کہتے ہین کہ اگر پیاز کا عرق گاے کا پتہ پوست انار مین گرم کرکے ٹپکائین بالخصوص فائدہ مند ہے
اور کبھی یہ بھی ہوتا ہی کہ حار تپون کے بعد بحرون کے جڑھ جانے سے مرض مذکور حادث ہو جاتا ہی اوسکی تدبیر یہ ہی کہ خمیرہ بنفشہ و ماء الشعیر وغیرہ کو دوائی
طرش حار مین بقول انطاکی کے آئین گی ہمیشہ پیتے رہین اسی طرح ہر رات کو احتکاک کرکے پاؤن مین روغن گل لگائین اور ملین نافع ہی دوائی سدہ
صماخ سے اور اسکا سبب میل کا زیادہ جمع ہونا یا سنگریزہ و دانہ وغیرہ داخل ہونا یا بد گوشت بعد اندمال قرحہ پیدا ہو جانا یا تقیہ گوشت مین ثولول پیدا
ہونا ہے ترکیب جب میل کی زیادتی مرض کا سبب ہو اوسکی تدبیر یہ ہی کہ رات کو روغن نیم گرم کی تقطیر اور صبح کو گرم پانی کی تبخیر ہے اور اُسکا

آلہ سے نکال لینا جسکے واسطے یہ تدبیر کیجاتی ہے اور اگر تخم سپندان وبورہ کوٹ کے سرکہ مین ملاکے فتیلہ بنائین اور کان مین رکھین تین دن تک پھر نکال لین تو بہت سا میل نکل آئیگا اور سنگریزہ وغیرہ نکالنے کے واسطے پہلے تیل کان مین ٹپکائین بعد اسکے چھینک لانیکی تدبیر کرین اور سرسش وغیرہ کا استعمال جسطرح کہ درد گوش بوجہ کرم پیدا ہوجانیکے ذکر مین بیان کیا گیا ہے اوسپر عمل کرین اور گوشت زائد و ثولول کو اگر ممکن ہو لوہے کے کسی اوزار سے کاٹ ڈالین اگر قطع کرنا ممکن نہ ہو تو مرہم اکالہ اور حادہ دوائین جو بواسیر الانف مین مذکور ہونگی اوسمین ڈالین تاکہ زیادتی کو فنا کردین اور ان تدبیرون کے بعد مراہم مدملہ جو قرحہ کے سبب سے کان کے درد مین گذرے استعمال کرین **دوائی** طرش حار مین نافع ہے انطاکی سے **ترکیب** پہلے فصد قیفال مخالف کھلوائین بعد تین روز کے محاذی بعدہ تبرید ہمراہ ماء الشعیر دا ملی اور صفراوی مین خیار و شیرہ بزر سے کرین یا طبیخ ہلیلہ زرد و شربت فواکہ دین پھر بھی اگر اوس جگہ درد ہو تو افیون بیل کے پیشاب یا بکری کے پتہ یا سفید پیاز کے عرق مین حل کرکے ٹپکائین اور مجربات سے طرش کو دور کرنے کے لیے جو امراض حادہ کے بعد عارض ہو خمیرۂ بنفشہ ماء الشعیر و شربت خشخاش کے ساتھ اور ہر رات کو حک پا اور ان پر روغن گل کی مالش ہے اور تنزیہت مین لکھتا ہے کہ کبھی صمم حمیات حادہ کے عقب مین پیدا ہوجاتا ہے اسکا سبب دماغ کیطرف کثرت سے ابخرہ چڑھ جانا ہے یہ کبھی خود بخود زائل ہوجاتا ہے اگر بخار کے پہلے ہوتے ہین اور نہین تو میرے مجربات سے ہے کہ اوسمین معجون بنفشہ و تریاق الذہب و طبیخ امرود و کشنیز و مرزنجوش دینا چاہیے بلکہ ان مین سے جو چیز بہم پہونچے **ایضاً** برائے طرش بارد انطاکی سے **ترکیب** طرش بلغمی مین ایارج سے مکرر تنقیہ کرین سوداوی مین طبیخ افتیمون سے بدستور اور جندبیدستر زیت مین جسمین کہ مولی مصطگی و حب الغار پکائی گئی ہو حل کرکے ٹپکائین اور مجربات سے ہے طرش و صمم کے کھولنے کی دوا یہ ہے کہ ہینگ کو روغن بادام تلخ و غالیہ مین حل کرکے صاف کرین اور اوسمین زباد جسقدر ممکن ہو حل کرین اور مکرر ٹپکائین اور خواص مین آیا ہے کہ اگر زہرۂ کبش تین درم تین اوقیہ روغن غار مین جوش کرین یہانتک کہ آدھا رہ جاوے پھر کان مین ٹپکائین گنگ پن جاتا رہیگا اگر سونے کی سلائی زباد مین لت کرکے ہر روز کان مین رکھین گنگ جاتا رہے اور یہ سب تدبیرین مادی مین بعد تنقیہ کے کرین **ایضاً** وہ لکھتا ہے کہ اس مرض کا مخصوص علاج گرم پتھر پر سرکہ چھڑک کے اوسکی بھاپ کا بپھارہ لینا ہے اور پیاز کے عرق کو ٹپکانا معہ شہد کے پکاکے اسیطرح روغن زرد کہنہ اور زیت کہ ان دونون مین ملیٹھی و خرنوب و حب الغار مقشر پکاکے استعمال کرین اور مجربات سے یہ ہے کہ زباد و ہینگ کو روغن بید انجیر مین حل کرکے نیم گرم ٹپکائین **ایضاً** عنصل و شحم انار ترش و پوست انار ترش و حنظل تر سرکہ مین پکا اور صاف کرکے روغن زیت یا دوسرے تیل مین ملاکے ٹپکائین **دوائی** حکیم علی ازالہ طرش کے واسطے اور بہرے پن کے لیے کہ مقاسات امراض گوش کے بعد واقع ہوتا ہے مجربات سے جانتا ہے اور اوس طرش کے لیے کہ اورام گوش کے انفجار کے بعد حادث ہو نہایت درجہ نفع بخش و عجیب الفعل ہے اور تجربہ کیا گیا ہے **ترکیب** ثوم خام کے دانونکا چھلکا دور کرکے روغن بادام تلخ مین جوش کرائین یہانتک کہ گاڑھا پن آجاے صاف کرکے دو ہفتہ تک ہر روز دو تین بوندین کان مین ٹپکائین **نوع دیگر** کان گنگ ہوجانے مین معمول ہے **ترکیب** مغز بادام تلخ مغز تخم کدوے تلخ ہر ایک ایکدرم نیچ آدھ پاؤ ادرک ایک پاؤ سب کو نیمکوب کرکے پانی مین جوش دین اور صاف کرکے روغن کنجد آدھ سیر داخل کرکے جوش دین تاکہ پانی جذب ہوجائے اور تیل رہ جاے چند بوندین گرم کرکے ٹپکادین **دوائی** برائے گرانی گوش کہ صفرا سے ہو مجرب ہے **ترکیب** مولی کا عرق ایکتولہ

کھٹے انار کا عرق چار ماشہ سرکہ روغن گل ہر ایک چھ ماشہ نیمگرم دو تین قطرے کان مین ڈالین **ایضاً** برائے گری گوش بارد **ترکیب** افسنتین رومی انکو ہر ایک چھ ماشہ رات کو پانی مین بھگو کے صبحکو جوش کرکے صاف کرین روغن گل داخل کرکے پکائین کہ صرف تیل رہ جاے ایک دو بوندین کان مین ڈالین اگر تسخین و تحلیل منظور ہو جند بید ستر و فرفیون اسی تیل مین ملا کے استعمال کرین **دوائی طنین و دوی** ایک آواز جو کان مین سنائی دیتی ہے اور خارج مین نہین ہوتی لہذا اگر وہ تیز اور باریک ہو اوسے طنین کہتے ہین اور اگر نرم اور بھاری ہو دوی کہتے ہین اگر دماغ اور کان کے متعلق ہو یا معدہ یا دوسرے اعضا کی شرکت سے ہو اُن کے درمیان مین فرق یہ ہے کہ طنین دماغی کے واسطے اکثر باتین لازم ہین بخلاف دوسری اقسام کے کہ کبھی کم اور کبھی زیادہ ہوتی ہے اور جو فضلہ دماغ سے ہو یہ عام ہے کہ ریح غلیظ فضول دماغی سے جدا ہو کے مرض کا سبب بن جاتا ہے خواہ وہ فضلہ خود کان کی طرف بہنے لگے اور مرض مذکور کا باعث ہو جاے ریحی کی علامت سر کی گرانی اور تمدد گوش ہے کبھی مرض کی زیادتی کبھی کمی ہوتی ہے اور خلطی کی ہیجان ثقل و تمدد گوش ہے اور مرض مذکور ہمیشہ ایک حالت مین رہتا ہے **ترکیب** دونون نوع اول مین تنقیہ دماغی کے واسطے مسہل گرم و حب ایارج اسی طریقہ سے کہ فصل استرخا و لقوہ مین بیان ہوا دین تنقیہ کے بعد ناخونہ و بابونہ و سویا و نرگس پانی مین جوش کرکے اوسکا بھپارہ لین اور دوسرے انکباب ادویہ ملطفہ عمل مین لائین اور روغنہاے گرم جیسا کہ درد گوش بارد مین گذرے انکی تقطیر کرین اور روغن قسط کان مین ٹپکائین مفید ہے اور اگر کوئی گرم تیل ان مین عرق پیاز مین گرم کرکے تین قطرے کان مین ٹپکا دین زیادہ نافع ہے اور سولی کا عرق روغن گل مین ملا کے ٹپکانا بھی مفید ہے اور جند بید ستر و شونیز و جاوشیر کا سعوط کرین اور کندش و ایارج سے چھینک لانا بہت مفید ہے **ایضاً** تنقیہ کے بعد تحلیل ریاح و فضول باقی کے واسطے حمام کی مداومت نافع ہے **دوائی طنین و دوی** قوت سامعہ کے ضعف کے سبب سے اور یہ ناقہین کو اکثر نقاہت پیدا ہو جاتی ہے اسکی علامت کدورت حواس و ضعف افعال نفسانی ہے **ترکیب** تقویت کے لیے اطریفلات و خمیرجات وغیرہ کہ صداع ضعف دماغی مین مفصل بیان کیے گئے مریض کے مناسب حال دین اور خوشبودار چیزین کہ تیز و تند نہ ہون سونگھائین اور قوت بخش خوشبودار غذائین کھلائین روغن گل یا روغن بادام سرکہ مین پکا کے کان مین چھوڑین **دوائی طنین و دوی** ذکائی سے حس سمع اسکی علامت قوت دماغ و جودت حواس و ہیجان مرض بھوک کیوقت ہے اور کمی و سیری سکر کے وقت ہوتی ہے **ترکیب** جسوقت زیادتی ہو اور تشویش کا سبب ہو جاے تو تھوڑی افیون روغن بادام و شیر زنان مین حل کرکے قطور کرین یا روغن گل و سرکہ ملا کے جوش کرین کہ تیل باقی رہ جاے پھر تھوڑی افیون حل کرکے کان مین ڈالین اگر مزاج بارد ہو حب الصنوبر جند بید ستر بھی کسیقدر ملالین اور ٹپکائین روغن ہینگ بھی اس جگہ سودمند ہے اور غذا کلہ پاچہ و ہریسہ مناسب ہے **دوائی طنین و دوی** خشکی کی زیادتی کے سبب سے اسکی علامت مرض کی زیادتی خالی پیٹ مین ہوتی ہے اور فاقون کا تقدم غذا نہ ملنا ہے **ترکیب** غذا مین توسیع کرین اور متفرق طور پر کھلاتے رہین اور روغن گل و دیگر روغنہاے بارد رطب کان مین چھوڑین اور کبھی کبھی تخدیر کی بنا پر روغن مغز بھی ٹپکائین **دوائی طنین و دوی** دوسرے اقسام کے واسطے **ترکیب** اگر تپ مین لاحق ہو تو تپ کی تدبیر مین کوشان ہون اور اگر بخار انگیز دواؤن کے کھانے سے مثل لہسن و گندنا و فلفل کے حادث ہو قطع سبب کرین اور تعدیل اخلاط کرین اگر

جوشش ریم قرحہ کے باعث سے ہو یا قرحہ کے کیڑون کی حرکت سے عارض ہو قرحہ کا علاج کرین اور قتل کرم کی تدبیر عمل مین لائین جسطرح پر کہ کان کے درد کے ذکر مین لکھا گیا ہی اور طنین کہ سستی کے بعد اور کھانا کھانے کے بعد یا سخت قے ہو جانے کے بعد یا ضربہ و سقطہ کے سر پر واقع ہونے سے لاحق ہو تو حسب سبب تدبیر صداع خماری و علاج ضعف ہضم و قے و صداع ضربی پر توجہ فرمائین **دوائی** برائے طنین و دوی بلغمی الطاکی سے **ترکیب** بعد تنقیہ کے جو کچھ علاج درد گوش بارد و طرش بارد مین مین نے ذکر کیا ہی اوسپر عمل پیرا ہون اور آب نسرین و قطران کو بطریق قطور اور رکھنے کو پینے مین خصوصیت حاصل ہی **دوائی** برائے طنین **ترکیب** خربق سفید جند بید ستر زعفران ہموزن لے کے سرکہ اور رسنا کے تیل مین پیس کے تقطیر کرین کہ نہایت مفید ہی اور دوسرے نسخہ مین کندر بجائے خربق لکھا ہی کہ شراب مین گھس کے عمل مین لائین اور بعد تنقیہ دماغ کے **دوائی** انفجار الاذن یعنے کان سے خون کا نکلنا) اسکا سبب کان کی رگ پھٹ جانا یا کھل جانا ہوتا ہی خواہ امتلاء خون سے یا ضربہ و صدمہ قوی کے واقع ہونے سے **ترکیب** فصد کھلوائین اور خون امتلاء بدن مین زیادہ لین بعدہ حابس خون اور رعاف دوائین کان مین ٹپکائین جب تک کہ خوف غشی نہ ہو ہرگز بند نہ کرین۔

دوائی سیلان رطوبت کان سے بچونکو رطوبت شیر اور اونکے علاوہ حرارت مادہ سبب ہوتا ہی اور کبھی ضربہ و سقطہ کے سبب سے انزعاج رطوبات سے عارض ہوتی ہی **ترکیب** پہلے کان کو رطوبت سے پاک کرین تیل ٹپکا کے اور شہد لگا کے فتیلے تھے یا انزروت لگا کے بعد اسکے ادویہ مخففہ مثل صبر و حضض و مرکی و حب الآس، کے استعمال کرین اور اگر مازو باریک پیس کے شراب کہنہ مین ملائین یا پرانے سرکہ مین جوش دین اور کان مین ٹپکائین تو جو رطوبت صرف کان سے نکلتی ہی موقوف ہو جائیگی اور بچونکو دوا کی ضرورت نہین ہی بعد بلوغ کے خودبخود زائل ہو جائیگی **ایضاً** برائے سیلان صدید کہ کیڑے پڑ جانے سے لاحق ہوتا ہی نافع ہی **ترکیب** کندر گلنار مازو سوختہ پھٹکری مرکی ہر ایک نیم دانگ توبال نحاس دو دانگ کوٹ چھان کے سرکہ اور روغن گل مین حل کر کے تقطیر کرین **دوائی** سیلان رطوبت کو جو محض کان سے ہو قطع کرتی ہی **ترکیب** مازو سبز باریک پیس کے شراب کہنہ مین ملا کے ٹپکائین اور جو برائے قرحہ گوش دوا ہی وہ اس جگہ نفع کریگی **ایضاً** برائے ریاح و رطوبت گوش و تنقیہ چرک کیواسطے نافع ہی **ترکیب** انزروت نمک سنگ شہد مین حل کر کے ٹپکائین یا فتیلہ پر لگا کے کان مین رکھین **دوائی** انکسار الاذن یہ مراد ہی غضروف گوش کے ٹوٹ جانے سے بسبب ضربہ قویہ کے **ترکیب** فصد لین تلیین طبع کرین صبر و مر و اقاقیا مغاث راتینج حنا پیس کے جسطرف کے کان مین شکایت ہو اوسیطرف لیپ کرین اور کسر مع فسخ کے ہو دونون طرف ضماد کرین اور اگر ٹوٹ جانے والی جگہ سے خون بھی آتا ہو تو اندمال کے واسطے مرہم بہروزہ استعمال کرین اور طلائے معمول کو بستگی گوش کے لیے جو ہے عمل مین لائین **دوائی** انقلاع الاذن یعنے کان کا جڑ سے اکھڑ آنا اسکا سبب زور سے کان کھینچنا یا ورم و ریح ضاغط سے **ترکیب** بعد فصد و مسہل کان کو اوسکی جگہ پر رکھ کے رفادہ اور عصابہ سے باندھ دین اور تین دن تک نہ کھولین تاکہ مضبوط ہو جائے اسکے بعد اگر درد باقی ہو موم در دغن دبیہ لگا لین اور چھوڑ دین اور رب آب برگ خطمی اور آب گشنیز سبز و آب برگ اسپغول و آب جرادہ کدو باہم ملا کے طلین اور درد سکے واسطے جو لیپ مفید ہو استعمال کرین **دوائی** نافع قلاع الاذن یعنے شقاق کہ کان کی جڑ مین ہوتا ہے اور اس سے پیپ اور زرد پانی ٹپکتا ہی اور یہ مرض اکثر بچون کو ہوتا ہی **ترکیب** دونون شانون کے بیچ مین حجامت کرین اور کان کی جڑ مین

جو کین لگائین زخم کو گاے کے دودھ سے دھو کے تھوڑا سا کمیلہ و مردہ سنگ و برگ حنا باریک پیس کے اوسپر چھڑک دین **دوائی** حکۃ الاذن
یعنے خارش گوش اسکا سبب انصباب رطوبت بورقی ہوتا ہی **ترکیب** معمول قطور عمل مین لائین اور اگر روغن مغز زردالو یا روغن بادام تلخ مذکورہ
سرکہ مین ملا دین بہتر عمل کریگا اسی طرح اگر سہاگہ بریان پیس کے کان مین ڈالین اوسکے اوپر سے دو قطرے عرق لیمو کے ٹپکا دین نافع ہے اسی طرح
بکری کا اور اونٹ کا پیشاب **دوائی** ضرب الاذن یعنے تنفر گوش بُری آواز سے اسکا سبب ضعف قوت نفسانی ہوتا ہے پورے طور پر یا ضعف
سامعہ سے فقط **ترکیب** دماغ کی تقویت خمیر جات اور اطریفلات سے کرین اور شمومات و مروخات مقویات دماغ سے کام لین جیسا صداع
ضعف دماغی مین مفصل بیان ہوا ہے **دوائی** رعاف یعنے ناک سے خون کا آنا یہ ناک کے اندر باریک رگ کے کھل جانے سے ہوتا ہے خون حدت
خون سے یا شرائین غشائی کے پھٹ جانے سے جو زیر دماغ ہوتی ہین امتلاے خون کی شدت کے سبب سے اور ضربہ و سقطہ کی جہت سے اور عسیر العلاج
ہے اور رعاف عرقی و شریانی مین فرق یہ ہے کہ شریانی مین زیادتی کے ساتھ خون دفق سے آتا ہے اور سُرخ و خالص و گرم ہوتا ہے اور علامت
حدت خون کی غلبہ کا جود ہونا ہے اور خروج خون رقیق تھوڑا تھوڑا اور امتلاے دم تقدم صداع شدید و سرخی چہرہ و چشم ہوتی ہے **ترکیب**
بند کے واسطے جو دوا لکھی گئی ہے پلائین اور گل ارمنی سرکہ کے ہمراہ یا آملہ خشک پانی مین پیس کے لیپ کرین اور تھوڑا سا کافور سرکہ مین جوش
کر کے ناک مین ڈالین اسی طرح پشم شتر جلا کے ناک مین پھونکنا ایسی حالت مین رعاف کو بند کرتا ہے اگر اس تدبیر سے بند نہ ہو فصد سر رو لین
اور محجمہ کاندھے اور پیٹ پر رکھین ایضاً حابس رعاف **ترکیب** مکڑی کا جالا سیاہی مین تر کرین اور چکی کی خاک مین لتھیڑ کے ناک مین رکھین
اور قطور آب سرگین خر کہ قطورات مین آئیگا حبس رعاف کیواسطے مجرب و آزمودہ ہے اور دلک قدمین اور اوسمین ہاتھونکا باندھنا اور تسکین حدت
خون اور اوسکے گاڑھا کرنے کے واسطے برف کے ٹھنڈے پانیکا سر پر بہانا اور پینا ناک مین ٹپکانا یا پیشانی پر برف باندھنا اور شربت کادی
و عناب و ریباس پینا اور عدس و برنج پختہ لیمو کے عرق مین کھانا نافع ہے اور کبھی رعاف گرمی و خشکی سے ہوتا ہے اوسکے واسطے یہ علاج مفید
نہ ہونگے پس روغن بادام و روغن کدو ٹھنڈا کر کے ناک مین ٹپکائین سر پر ملین اور مکرر یہ عمل کرین اور اگر ان تیلون مین قدرے کافور حل کر کے
ٹپکائین بہت مفید ہے اور جلد برطرف ہوجاتا ہے اور رعاف اگر بحران کے دن پڑے تو جب تک قوت کے سقوط کا خوف نہ ہو بند نہ کرین نوع دیگر
مجرب و معمول اوستاد مرحوم **ترکیب** سرشف کو پانی مین ملا کے آگ پر چڑھا دین اور دو لابنی دھجیان جنکی چوڑان دو انگل ہو انپر اوسے لگائین
پس اُن مین سے ایک ناک سے سر کے تالو تک چپکائین اور دوسری کو ایک کان کی لو سے دوسری لو تک چپکا دین جب خون بند ہوجاے
اور خشک ہوجاے تین قطرہ گھی کے جو خاص گاے کا ہو ناک مین ٹپکائین جب مرض کا اندیشہ رفع ہوجاے دھجیون کو گرم پانی سے تر کر کے
چھڑا دالین **دوائی** رعاف کو بند کرتی ہے **ترکیب** ہلیلہ گل عصفر انار خام برابر پیس کے اوسکے پانی کو ٹکین اور اگر گل ارمنی و دم الاخوین
و نشاستہ و کتیرا و صمغ وغیرہ ادویہ قابضہ ملا دین انفع ہے نوع دیگر رعاف کے لیے مجرب ہے **ترکیب** زاج محرق دم الاخوین گلنار سفیداب قلعی
قشار کندر جرم سوختہ گرد آسیا شاخ گوزن سوختہ اور اگر نہ ممکن ہو بکری کا سینگ جلا یا ہوا لین طین قیمولیا طین شاموس طین مغرہ نشارہ

آملوس اقاقیا بیخ انجبار صمغ عربی کہربا سے شمعی سریش بسد محرق نشاستہ کوٹ چھان کے قدرے انبوبہ مین کر کے ناک مین پھونکدین اور تھوڑ کیو
آب بارتنگ و آب خرفہ مین بھگو کے ماتھے پر طلا کرین اور فتیلہ نسیج عنکبوت کا بنا کے آب سرگین خر تازہ مین تر کر کے دوائین باہم ملا کے ناک مین
رکھین دوائی براے جریان خون ناک سے از حکیم کلو صاحب ترکیب سونیج کندش فرفیون تپتے کے پانی مین پیس کے ناک مین پہونچائین
دوائی خشم یعنی بطلان و نقصان شم اگر اوسکا سبب خلط غلیظ اور سوء مزاج بارد ہو اور خلط مذکور دماغ سے ناک کی راہ سے بہے اور اوس جگہ
منعقد ہو جاے تو علامت اوسکی گرانی مقدم ہی اور ناک مین تکلم اور عسر نفس یا وہ خلط مضعات کے سوراخ مین جمع ہو جاتی ہی اوسی جگہ چپک کے
رہ جاتی ہی اوسکی پہچان کلام مین تغیر اور نفس مین کسی فرق کا نہونا ہی کبھی ایسا ہوتا ہی کہ اوس سے ریح غلیظ پیدا ہو جاتے ہین اور نتھنون کو بند کر دیتے
ہین اسکی علامت یہ ہی کہ سانس بڑی دقت سے لیجاتی ہی اور ہمیشہ ایک نتھنا بند اور ایک کھلا رہتا ہی اور سوء مزاج اگر سادہ ہوتا ہی تو ناک سے تھوڑی
تھوڑی رطوبت کا بہنا اسکی دلیل ہی اگر مادہ کیساتھ ہوتی ہی ثقل دماغ اسکا شاہد ہوتا ہی ترکیب فلفل سیاہ شونیز کندش مشک پیس کے سعوط
کرین بعد اسکے کہ منھ کو پانی سے بھر لیا ہو تاکہ دوا حلق مین نہ چلی جاے اور سرکہ کو جوش کر کے شیشی مین رکھ کے سونگھائین اور شونیز خردل تخم حنظل
پودینہ پانی مین جوش کر کے اسکا بھپارہ ناک مین دین بعد اسکے صاف کر کے اُسی پانی سے سر کے اگلے حصے پر نطول کرین اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو منضج
حار سے نضج کے بعد مسہل و حب ایارج سے تنقیہ کرین بعد اسکے فلفل و فرنفل وجند سے نشوق کرین دوائی خشم سوء مزاج حار ساذج علامت
اسکی تقدم تدابیر حارہ و احساس حرارت دماغ کے اگلے حصہ مین چنانچہ اگر مادی ہو تو باوجود مذکورہ آثار کے پختہ رطوبات دماغ سے خارج ہوتے ہین
کبھی ایسا بھی ہوتا ہی کہ سوء مزاج رطب اس مرض کا سبب ہو جاتا ہی ترکیب اگر مادہ کے آثار معلوم ہون مادہ کا تنقیہ پہلے کرین ورنہ تعدیل مزاج کرین
اغذیہ و اشربہ و اطلیہ و شمومات و نطولات وغیرہ کے ذریعہ سے جو صداع و زکام اور سواے انکے مذکور ہوے اور اگر مرض مذکور بسبب سوء
مزاج یابس بعد امراض حادہ محففہ مثل سرسام گرم اور مانند اسکے واقع ہو علاج نہین ہو سکتا اسیطرح وہ خشم کہ اسکا سبب مجرای بیچی دراصل
خلقت ہو علاج نہین ہو سکتا مگر یہ ہی کہ دماغ کی محافظت کے لحاظ سے کہ اجتماع فضلات ردی کو روکے اور منع انصباب کرے ناک سے دماغ
کا تنقیہ کرین اور اطریفلات کی مداومت کرین جس جگہ ناک مین بدگوشت پیدا ہو جانے کے باعث سے یہ مرض پیدا ہو جاے اسکی تدبیر بواسیر الانف
کی دوا مین آئیگی ایضاً مفید خشم اوستاد مرحوم کے خط سے منقول ہی ترکیب روغن بادام تلخ ہمراہ حرمل اور تھوڑی سی سیاہ مرچ ملا کے ناک
مین ٹپکائین بعد تنقیہ دماغ کے قوی مفتح ہی ایضاً تکملہ ہندی سے ترکیب پہلے دماغ کو حب صبر سے کہ فصل فالج کی دوائی مین بیان ہو چکی
صاف کرین بعدہ براے تنقیہ نفس عضو آب بارکٹائی آب بندال یا آب کریلا یا تو نبڑی تلخ کا سعوط کرین پھر بول شتر یا گائیکی بھیا کا پیشاب
ہمراہ شراب تقطیر کرین اور اس سے مکرر ناک کو دھوئین اور تک چھکنی وہشک مرچ سیاہ وکائپھل اور مثل ان دواؤن کے ناس لین دوائی
فساد شم یہ عبارت ہی قوت شامہ کے تغیر و تشویش سے اور تین حال سے خالی نہین یا تو کل خوشبودار چیزونکی خوشبو ایک سی معلوم ہوتی ہی
اور اسکا سبب سوء مزاج اربعہ سے کسی ایک کے یا حصول خلط ردی سے ہی مقدم دماغ مین دوسرے یہ کہ ایک چیز مین مختلف بو لین

معلوم ہوتی ہین انکا سبب وصول مولد مختلف الکیفیت ہوتا ہی موضع مذکور مین تیسرے یہ کہ بعض چیزون کی خوشبو معلوم ہوتی ہی اور بعض کی
نہین یا بدبو معلوم ہوتی ہی اور خوشبو کا احساس نہین ہوتا یا اسکے بالعکس اس تیسری قسم کا سبب جبکہ بدبو کا ادراک ہوتا ہو اجتماع مادۂ
شیرین دموی یا بلغم طبیعی ہوتا ہی کہ حرارت محترقہ کسیقدر اُسمین اثر کر جاتی ہی اور خوشبو کے احساس کیحالت مین حصول خلط محترق سبب
ہوتا ہی باوجود قرحہ انصباب بینی کے بالجملہ علامات سوء مزاج اربعہ خشم مین ذکر ہو چکے اور خلط کی نوعیت پر استدلال خوشبو کے یا بدبو کے ادراک
سے کرنا چاہیئے مثلاً اگر مرچ سیاہ اور سنبل کی خوشبو معلوم ہوتی ہو خلط حار ہوگا اور اگر بو متعفن محسوس ہو خلط عفن ہوگا اور اگر بوے تری معلوم
ہوتی ہو خلط بارد ہوگا اگر کھٹی بو معلوم ہوتی ہو خلط سوداوی ہوگا ترکیب سوء مزاج ساذج مین تدبیر مزاج کرین جو خشم کی دوا مین ذکر
ہوئی اور مادہ کی صورت مین دماغ کا تنقیہ کرین حبوب و ایارجات و غراغر مناسبہ سے کہ ہر ایک امراض سر مین تفصیل کے ساتھ تحریر
ہو چکا ہی اور اگر کوئی شخص صرف بوے بد کا ادراک کرتا ہی خوشبو کا نہین تو جند بیدستر ہمیشہ اُسکی ناک مین ٹپکاتے رہین گدھے کا پیشاب بہت
نافع ہی و سعد و قرنفل و سنبل الطیب ذرور دبیس کے ناک مین پھونکدین اگر اس سے فائدہ نہ ہو مسہل گرم و حب ایارج سے تنقیہ دماغ کرین
جو شخص صرف خوشبو کا احساس کرتا ہو اور بدبو کا ادراک نہ ہوتا ہو مشک ہمیشہ سنگھائین اور اگر فائدہ نہ ہو تنقیہ خلط محترق کرین دوائی
بواسیر الانف ناک مین بدگوشت ہو جانے سے مراد ہی اسکا سبب خون سوداوی کا بند ہونا ہی ناک کے اندر کی رگون مین چنانچہ اگر سختی و صلابت
ہو اور رطوبت بہتی ہو تو سرطان کے جنس سے ہے تو علاج نہ کرین اگر نرم ہو اور اوس سے رطوبت بھی نکلتی ہو تو ترکیب پہلے فصد سر رو
کھلوائین جونکین چپکائین اور تبرید جو رعاف مین گذری دین اور منضج بارد سے نضج مادہ کے بعد مسہل بارد و حب بلیلہ سے تنقیہ کرین اور زاج
دو درم زنگار نیم درم پیس کے فتیلہ مین لگا کے ناک مین رکھین اور اگر زنگار دو جزء حب السلاطین چار جزء دونون کو خوب پیس کے مسہ پر چپکا دین
اور اوسکے اوپر مرہم زنگار رکھدین چند روز مین کاٹ دیگا اور رسی و چونہ پانی مین پیس کے لیپ کرنا بہت زیادہ فائدہ مند ہی اگر اس تدبیر
سے زائل نہ ہو قطع کرا دین تو بعد دیگر زنگار و نوشادر شنجرف ایکجا کر کے شہد مین ملائین اور فتیلہ کو اوسمین لتھیڑ کے سوراخ بینی مین رکھین
اور گوشت و شیر بینی سے پرہیز کرین دوائی براے بواسیر الانف انطاکی سے ترکیب قلقند و پھٹکری و زنگار و رسوداوی اور حلتیت و مثل
اسکے غبار کیطرح پیس کے تھوڑے سے سرکہ اور شہد مین بھگوئین اور فتیلے بنا کے نتھنون مین رکھین یا خشک ناک مین پھونکدین اور دوسرے
ادویہ حادہ و ادکالہ مثل فلافیون و دیگر بردیک بھی مفید ہی ایضاً براے قطع بواسیر الانف از حکیم کلو صاحب ترکیب مرمکی اشنان
نیم طیم دونون ہموزن لے کے خشک پیسین اور ایک فتیلہ بواسیر الانف کی گہرائیکے برابر پرانی روئی کا مخروطی شکل کا بنائین اور خالص
سرکہ مین فتیلہ کو تر کر کے مذکورہ دوا اوسپر چھڑک کے ناک مین رکھین اور دو تین دن استعمال کے بعد گوشت زائد جس سے مسہ مراد ہے
کٹ کے چھینک مین نکل آئیگا دوائی اورام و بثور بینی جب اس موضع مین ورم گرم یا بثرہ پیدا ہو ترکیب اوسکے علاج مین فصد اور جونکین
اور تبرید و تنقیہ کرین جیسا بواسیر الانف مین گذر چکا ہی اور تنقیہ کے بعد اس جگہ صندل و شاف مامیثا و بوش در بندی و حضض گلاب

آب جزفہ مین گھس کے ناک اور پیشانی پر لیپ کرین اگر بثرہ سخت عضلہ غلیظہ بلغمی وسوداوی ناک کے اندر ہوجاے بعد تنقیہ کے حسب مادہ
تلیین کے واسطے موم روغن اوسپر رکھین اور گرم پانی سے استنشاق کرین اگر تحلیل نہ ہو تو شرط لگائین اور مرہم زنگار رکھین تاکہ بالکل فنا ہوجاے
پھر اندمال کے واسطے مرہم سفید رکھین ایضاً براے بثور بینی مجرب ہے ترکیب مرداسنگ رسوت ایلوہ پانی مین پیس کے ناک کے اندر طلا کرین دوائی
قروح بینی اسکا سبب نزلہ حار حریف ہوتا ہے یا بخارات حارہ ردیہ یا اخلاط محترقہ ترکیب اگر قرحہ تر ہو فصد سر رود حجامت لیں اور تنقیہ بدستور
نزلہ و زکام حار مرہم سفیدہ استعمال کرین مردارسنگ روغن گل مین پیس کے ملین اور خردل و سکنجبین بزوری یا سنبل الطیب و سعد کوفی دفرنفل گلاب
مین جوش کر کے غرغرہ کرین اور سفیدہ قلعی و مرداسنگ دسیل نقرہ و سرب سوختہ برابر روغن گل مین پیس کے فتیلہ اوسمین آلودہ کر کے ناک مین رکھین
اس بارہ مین مجرب ہے اگر باصور ہو انار ترش ے کے پانی نکالڈالین ثفل کو پکائین تاکہ گاڑھی ہوجاے شیاف بنا کے مذکورہ انار کے پانی مین تر
کر کے ناک مین رکھین اگر قرحہ خشک ہو اُس سے خشک بھوسی نکلتی ہو تنقیہ سودا بدستور مالنخولیا کرین اور موم روغن روغن بنفشہ روغن کدو ملین
اور موم مصطگی ایکجزو روغن بنفشہ و روغن بادام گاے کے پائیکا گودہ ہر ایک ایکجزو موم کو تیلون مین ڈالدین تھوڑا سا لعاب بہدانہ اور تھوڑا سا کتیرا
ملا کے کھرل مین خوب ملائین اور اُس سے فتیلہ کو آلودہ کر کے ناک مین رکھین اور ناک کے اندرونی حصہ پر اوسکا طلا کرین اگر قرحہ زیادہ زمانہ گذرجانے
کے سبب سے رطوبت منتنہ کے باعث بو دینے لگے ہیلے خربق سفید و تخم ترا تیزک برابر لے کے مہین پیس ڈالین اور ناک مین پھونکدین بعدہ انگوری
سرکہ سے قرحہ کو دھوڈالین اور مرکی باریک کر کے نفوخ کرین تاکہ سیل صاف ہوجاے پھر مجففہ دوائین استعمال کرین دوائی براے قروح بینی
نطاکی سے ترکیب علاج قروح انف فصد سے بعد تنقیہ مواد کے اور فصد طبین کھلوائین نیز تنقیہ باقی سطلقاً تخور کے ذریعہ سے مثل کبریت و
زرنیخ و طلین اور روغنون کو ناک مین ڈالین یا پیس لین اور اُن چیزونکی ناس لین جو مجفف و مدمل ہون مثل زنگار کے کہ روغن بنفشہ و موم مین
قیروطی بنائی ہو دینا چاہیے ایضاً براے قروح بینی مخترع مؤلف و مجرب ترکیب چندرس مرکی اصل السوس رال ہر ایک تین ماشہ باریک پیس کے
روغن گل یا روغن بادام دو تولہ مین ملا کے رکھ چھوڑین اور صبح و شام دو تین قطرے ناک مین ٹپکائین ایضاً براے جوشش بینی نافع ہے ترکیب
مازو ہلیلۂ زرد گاے کے گھی یا روغن بنفشہ یا بادام مین پیس کے طلا کرین نوع دیگر براے جراحت خبیثہ بینی نافع ہے ترکیب صابون کے پانی سے
ہمیشہ دھوئین اور سعد زعفران مرکی مازو پھٹکری زرنیخ سرخ باریک پیس کے ناک مین پھونکین کہ قروح بینی ردیہ منتنہ کیواسطے مجربات بوعلی سینا سے
ہے ایضاً قروح الانف وتشقق لب و ضرس سوداوی کے واسطے مجرب لکھی ہے ترکیب ناجیل دریائی دو یا تین رتی تین تولہ پانی مین پیس کے
شربت انار یا شربت عناب سے میٹھا کر کے یا بغیر شربت کے چندروز پئین دوائی ناصور بینی کے واسطے مجرب ہے ترکیب مغز تخم تربوز مغز تخم
کدو ہر ایک دو جزو توتیاے کرمانی مغسول صبر زرد ہر ایک ایکجزو باریک پیس کے سکہ مین ملا کے استعمال کرین دوائی بخرالانف (یعنے ناک
سے بدبو آنے کے لیے) یہ مرض زیادہ تر رطوبت عفن کے جمع ہوجانے سے مقدم دماغ مین حادث ہوتا ہے اور اسکی علامت فساد دماغ ہوتی ہے
ترکیب تنقیہ دماغ حب ایارج سے کرین اور سکنجبین بزوری ورائی کی جھاگ سے غرغرہ کرین تنقیہ کے بعد بالچھڑ لونگ گلاب پھول پانی یا

شراب مین جوش کرکے غرغرہ کرین اور غرغرہ کے بعد مذکورہ دوائین دوسری خوشبودار دواؤن کے ہمراہ مثل قصب الذریرہ وگل نسرین وسعد و
عود پیس کے ناک مین پھونکین اور اونٹ کا پیشاب سڑکنا ناک کو اُس سے دھونا اس مرض کے واسطے مجرب ہی اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ یہ مرض خلط
متعفن کے بخارات بلند ہونے سے نواحی سینہ و شش یا معدہ مین عارض ہوتا ہی اس صورت مین حالات کو دیکھ کے عضو ماؤف دریافت
کرکے اوسکا تنقیہ کرین اُسی طریقہ سے کہ ہر ایک کے لیے جسطرح اپنے مقام پر ذکر ہوا ہی اگر تنقیہ کے بعد بھی مرض باقی رہے تو خوشبودار دوائین پھونکین
اور مجرالانف کو بواسیر متعفنہ کیوجہ سے یا قروح مزمنہ بینی کے سبب سے اگر ہو تو چونکہ ہر ایک کا علاج لکھا جا چکا ہی اوسپر توجہ کرین الضّا نتن بینی
کے واسطے مجرب ہی ترکیب سلیخہ حمامہ مرزنجوش ہر ایک ایکدرم وسدس مرمکی چاردرم دو ثلث درم شہد خالص مین ملائین اور ناک کے اندر اسکا
نفوخ کرین الضًا نتن بینی کو کھوتی ہی ترکیب فشار کندر ربع جزو فشور نحاس سوختہ پھٹکری زعفران ہر ایک ایک جزو باریک پیس کے
اُسمین سے تھوڑی سے انبوبہ مین رکھین مریض کو مستلقی کرکے ناک مین پھونکدین دوائی رض الانف یعنے ناک کا کوفتہ ہوجانا ترکیب
اصلاح ہیئت کے لیے انبوبہ کو ناک مین رکھین اور ہاتھ سے سیدھا رکھین پھر صبر ومغاث واقاقیا دم باریک کرکے بارتنگ کے عرق مین بھگو کے
کاغذ پر لیپ دین اور ناک پر اُس کاغذ کو رکھین اور اگر غضروف بینی شکستہ ہوگیا ہو اور ورم کا اندیشہ ہو بہت جلد فصد کھلوائین تلیین طبع کرین
اور حفاظت دماغ کے لیے ٹھنڈے لیپ سر پر لگائین بعد اسکے کپڑے کو انبوبہ پر لپیٹ کے اور اقاقیا ومغاث کا اُسپر لیپ کرکے ناک مین
رکھین اور اچھے ہونے تک رہنے دین اور جو طلا لکھا گیا ہی ظاہر بینی پر بھی استعمال کرین دوائی عطاس یعنے بہت چھینکین آنا ترکیب
روغن گل وروغن بید ناک کان مین چھوڑین سیب سنگھائین اور میٹھا پانی نیمگرم لے کے سر پر تڑیڑا دین اور حسو گرم گرم پلائین اور ہاتھ پاؤن ناک
کان کی مالش کرین تکیہ گرم کرکے گردن کے نیچے رکھین اور دھوین غبار علاوہ انکے چھینکین لانے والی چیزون سے بچین اور اگر دماغ کی گرمی کی
وجہ سے بہت چھینکین آتی ہون تو تبرید دماغ و تسعیط ٹھنڈے تیلون سے کرین مثل روغن کدو روغن بنفشہ کے ٹھنڈے طلاؤن کا لیپ
پیشانی اور سر پر کرین اور صندل و دھنیا سونگھنا مناسب ہی اور جو بچون کو برابر چھینکین آتی ہین اگر سر مین ٹھنڈک پہونچ جانے کے سبب سے ہو جاہیے
کہ بادروج کو۔ ٹ چھان کے ناک مین پھونکین اور بکری کے گردہ کو بھون کے جو رطوبت اُس سے ٹپکے وہ ناک مین ٹپکائین زعفران و قند کوٹ
چھان کے اُسکا بخور لین کہ عطاس مہلک کو یہ دوا دفع کرتی ہی اگر اسکا سبب نواحی دماغ مین ورم حار کے سبب سے ہو تو تب و حرارت ہوگی اسمین
سرسام کا علاج کرین ایضا برائے عطاس اطفال ترکیب بھنے ہوے بکری کے گردے کو ناک کے پاس لگائین کہ اُسکی بو دماغ مین پہونچے
اور دارشیشعان و زعفران سے کپڑے کو رنگ کے سر پر رکھین او بقول حکیم عابد سرہندی کثرت عطاس کے واسطے اصل السوس ریوند چینی
ہر ایک چار درم باریک پیس کے ایک رطل پانی مین کہ جسمین پوست خشخاش جوش کیا ہوا ہو جب وہ گاڑھا ہوجاے چنے کے برابر گولیان
بنائین خشک کرکے ایک سے چار گولیان تک کھلائین ایک روز مین زائل ہوجاے گا اور ایک ہفتہ کے استعمال مین صحت ہوجائیگی
اور خولنجان کا استعمال خاصکر اس مرض کے واسطے نافع ہی اور اگر اوسکی پانی مین گولیان بنالین بہتر ہے دوائی جفاف الانف یعنے خشکی

بینی) اسکا سبب حرارت مفرط ہوتی ہے چنانچہ حمیات محرقہ مین پڑیگی یا یبوست شدید چنانچہ آخر مرض تپ دق ہو جاتی ہے یا خلط لزج کہ خیشوم مین
چپک جاتی ہے اور خشک ہو جاتی ہے یہ اس جگہ خلط کے جمع ہونے سے معلوم کیا جاسکتا ہے ترکیب روغن بنفشہ و روغن کدو ناک مین چھوڑین موم روغن
ملین اگر حرارت قوی ہو تھوڑا سا کافور مذکورہ روغنون مین یا روغن نیلوفر مین حل کر کے سعوط کرین اور تبرید و اطلیہ و اضمدہ باردہ جو دوائی صداع
حار مین بیان ہوئی استعمال کرین اور صندل وگلاب و کافور سونگھائین اور خیار و تربوز کھلائین ایضا مبسی مین روغن بادام ناک مین چھوڑین اور دودھ
ماتھے پر دوہین اور دوسری مرطوب دوائین استعمال کرنا مفید ہین اور جو خلط لزج کے سبب سے ہو روغنہاے مرطب کی تقطیر کے بعد استفراغ مادہ و حبوب
و غراغر و سعوطات و نطولات مناسب ہونگے اطریفل کشنیزی کی مداومت مفید ہے دوائی حکۃ الانف یعنے خارش بینی اسکا سبب اجتماع مادہ حریف دماغ
مین یا دوسرے مقام پر ہے کہ اوس سے بخارات حادہ لذاعہ صعود کرتے ہین اور ناک مین محتبس ہو جاتے ہین اور اوسکی علامت یہ ہے کہ سونگھنے کے وقت
سانس ٹھنڈی معلوم ہوتی ہے ترکیب بعد تعدیل و تنقیہ دماغ و بدن صندل وگلاب و کافور روغن گل مین سونگھین اور اطریفل کشنیزی کھائین
اور اگر خارش بینی کہ نزلہ و زکام حار مین یا بثور بینی کے سبب سے ہوتی ہے یا ابتداے رعاف و جدری مین ہوتی ہے امراض مذکورہ کا علاج کرین اور مقدمۂ
رعاف مین چہرہ اور ناک و آنکھ مین سرخی ہوتی ہے مثل بجلی کے چمکنے کے وقت کے فصد سر رو کھلوائین دوائی بند ہونا کسی چیز کا ناک مین ترکیب
پہلے تیلون اور تھوڑے موم سے ناک کو اندر باہر سے چرب کرین اور چند قطرے اوسکے ناک مین ٹپکائین پھر چھینک لانے والی دوائین مثل کندش و
خربق سفید و فلفل و جند بیدستر و خردل پیس کے ناک مین پھونکین اور چھینک آنے کے وقت منھ اور نتھنون کو بند کر لین تاکہ اس تدبیر سے وہ چیز باہر
نکل آے یا کسی مناسب اوزار سے نکال لین دوائی جوشش دہن کہ سرخ ہو جاتا ہے معمول ہے ترکیب جو دوا رمد کیواسطے ذکر کی گئی ہے بنائین اور
ذرور معمول سے کام لین اور صندل سفید گلاب مین گھس کے زبان پر ملنا فائدہ مند ہے اور مضمضہ معمولی استعمال کرین اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو فصد
سر رو و چار رگ کھلوائین جونکی ضرورت ہو تو وہ بھی لگائین اگر مسہل کی ضرورت ہو منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین ایضا براے
جوشش دہن کہ مادہ بارد سے ہو علامت اوسکی یہ ہے کہ سفید اور درد کم لعاب بہت نکلتا ہے ترکیب معمولی مضمضہ عمل مین لائین اور گاؤزبان جلا
زبان پر چھڑکین اور ذرور معمولی سے کام لین نیز مضمضہ مغز فلوس و آب کشنیز سبز کا مفید ہوتا ہے اگر ضرورت پڑے بعد نضج کے مسہل گرم سے تنقیہ کرین
دوائی مجرب براے قلاع حار ترکیب گل سرخ سماق نشاستہ طباشیر تخم خرفہ عدس مقشر صندل سفید برگ حنا گلنار برابر کافور قدرے کوٹ چھان کے
ذرور بنائین اور ذکائی مین بجاے سماق کے کشنیز خشک ہے اور لکھا ہے کہ دوا منھ مین رکھین بعد اسکے گلاب اور سرکہ ممزوج سے دھوئین پھر
گلاب سے مضمضہ کرین ایضا براے قلاع حار بیاض اوستاد مرحوم سے ترکیب کشنیز خشک تنزیک گلنار عدس طباشیر پیس کے چھڑکین اور
دسوت گلاب مین پیس کے زبان پر ملین اور آملہ یا حصص منھ مین رکھین ایضا قلاع سیہ غالص کے واسطے نافع ہے ترکیب شب یمانی
ودبرابر مثل غبار کے پیس کے کام مین لائین اور اس سے زیادہ قوی قلقطار و زاج ہے نوع دیگر قلاع دہان کے واسطے نافع و مجرب ہے
اور جو شقہاے زبان کے واسطے جسکو ہندی مین چھالے کہتے ہین ترکیب زاج سفید سات ماشہ مرداسنگ کات سفیدی ہر ایک دو ماشہ طباشیر تین ماشہ تخم

پیس کے اوسپر چھڑکین سوزش مین تسکین دینے اور بدمزگی رفع کرنے کے واسطے چند مرتبہ استعمال کرنے سے بحکم خدا شفا ہو جاویگی دوائی برائے قلاع بلغمی صبیان مین مجرب ہے ترکیب مرکی مازو قشار کندر باریک پیس کے ملین دوائی قلاع کہ بچون کو ہوتا ہے دودھ کے فساد اور تخمہ سے ترکیب جاہیئے کہ اسکے رنگ سے جس خلط کا فساد معلوم ہو استدلال کر کے جس قسم کا قلاع ہو حسب سبب جو دوائین قلاع کی گذرین استعمال کرین اور گل بنفشہ وگل سرخ پیس کے ذرور بنائین اور بلغمی مین تھوڑا سا زعفران بھی بڑھا دین اور اصل السوس مقشر کیا ہوا اس مرض کے واسطے قوی الاثر ہے وگاؤزبان سوختہ جو برابر منھ مین چھڑکنا بھی مفید ہے اور ترنجبین گلاب مین پیس کے چھڑکنا بھی نفع دیتا ہے اگر ان تدبیرون سے فائدہ نہ ہو حجامت فقرہ یا زیر ذقن کرین اور جونکین لگائین دوائی قلاع سوداوی اسکی علامت زبان کی سیاہی وحدت وچیک ہے یہ بدترین قسم قلاع ہے اگر احتراق کی بہت شدت اور سیاہی زیادتی سے ہو قاتل ہے اسیطرح سبزی وزردی اسکی ترکیب جو کچھ دوائی قلاع دموی مین گذرا استعمال کرین لیکن اس جگہ ترطیب کی طرف زیادہ تر توجہ رکھین ماء الجبن وعرق شیر دین اور مغز ساق گاؤ ملین مہندی کی پتی چبانا فائدہ مند ہے شیخ الرئیس فرماتے ہین کہ طلاءس کے ساتھ کہ اوسمین مویز منقی وانیسون برابر ملی ہوئی ہو اس قسم کے واسطے نافع ہے اور احتیاج مسہل کی صورت مین نضج مادہ کے بعد مسہل سودا سے تنقیہ کرین ایضاً قلاع مزمن سوداوی کے واسطے مفید ہے ترکیب بھٹالی لودھ گل ارمنی فلفل سیاہ ہر ایک چار ماشہ پھٹکری تین ماشہ توتیا سبز دو ماشہ باریک پیس کے صبح وشام زبان پر ملین اور سر جھکالین تاکہ رطوبت بہ جاے دو مرتبہ کا استعمال انشاء اللہ کافی ہوگا اگر اسکے بعد حرارت محسوس ہو سات درم تخم کاسنی کا شیرہ نکال کے پی لین دوائی قلاع جو آتشک کے سبب سے ہوتا ہے ترکیب فصد سرو کھلوائین دوسرے دن خیارشنبر سات تولہ گلقند چار تولہ گلاب پاؤ بھر مین حل اور صاف کر کے روغن بادام سات ماشہ ملائین اور پی لین پانی کے بجائے مکو کا عرق پئین مکرر یہ کرر استعمال کرین کچنال کی چھال وغیرہ سے مضمضہ کرین ذرور معمول استعمال کرین حضض ہندی تین ماشہ کریلے کی پتی کے عرق مین حل کر کے زبان پر رکھین مجرب ہے دوائی آکلہ دہن یہ مثل جوشش دہن کے ہے لیکن اسکا فساد زیادہ اور انتشار بہت جلد ہوتا ہے منھ سے بدبو آتی ہے اسکا سبب اجتماع خلط عفن اکال ہے ترکیب بعد فصد کھلوانے جونکین لگانے حجامت ونضج وتنقیہ سودا اوسکے منضج ومسہل کرین اور سرکہ وآب غورہ وآب سماق کا مضمضہ کرین تاکہ منتشر نہ ہو اور جو تبرید رعد کے واسطے لکھی گئی ہے دین اگر پھیلنا اوسکا موقوف نہ ہوتا ہو فلافیون ملین یا قرص زرنیخ ملین اگر ادویہ حادہ کے استعمال سے سوزش زیادہ ہو لعاب بہدانہ یا اسبغول یا روغن گل یا شیر تازہ وشکر سے مضمضہ کرین اور بقول انطاکی براز انسان سوختہ یا مثل اوسکے گل سرخ آکلہ مین بہت عجیب خاصیت رکھتا ہے دوائی برائے کثرت سیلان لعاب دہن کہ خلو معدہ کے سبب سے ہوتا ہے نافع ہے ترکیب بعد فصد باسلیق شیرۂ ندشک یا سکنجبین وشربت انارین اور سماق وگل سرخ وگلنار جوش کر کے مضمضہ کرین برگ کاسنی سبز یا نمک کھائین اور رطوبت معدہ کے سبب سے ہو ضعف ہضم وغلظ لعاب وترشی دہن وزیادتی لعاب امتلاء کے وقت اسکی دلیل ہے مسہل گرم وحب ایارج سے تنقیہ کرین گلقند وجوارش مصطگی اور مثل انکے کھائین دوائی برائے کثرت لعاب دہن ترکیب ہفتہ مین دوبار مطبوخ شبت وتخم ترب و اصل السوس سے قے کرین بعد اسکے اطریفلات ومربہ ہڑ اور جوارشات گرم کھائین کندر ومصطگی وزیرہ چبانا بھی مفید ہے تنقیہ کے بعد سکنجبین

عنصلی رطوبت دماغی کے واسطے مفید ہو اگر یہ مرض کرم شکم کے سبب سے ہو سونے وقت سیلان لعاب زیادہ ہوتا ہو اسکا علاج کیڑون کو مارنا اور
نکالنا ہو جو فصل دیدان مین آئیگا دوائی بخر الفم مین مفید و مجرب ہو ترکیب اسرب دار فلفل قرنفل ہر ایک دو تولہ لین اول اسرب کو ہاون مین رکھ
کے دار فلفل چند چند ڈال کے دستہ سے کوٹین پھر تھوڑی تھوڑی لونگین ڈال کے کوٹین تاکہ اسرب خاکستر ہو جاے پھر سب کو چھان کے باریک
نکال رکھین اور ہر روز اُسے دانتون پر ملین اگر کثرت کے ساتھ منھ سے پانی نکلے اور اُبکائیان آئین آب نیمگرم و نمک و تخم ترب و شبت سے مکرر قے کرین گلقند
سکنجبین مین ملا کے پئین اطریفل کشنیزی جوارش عود کھائین اور مسہل گرم و حب ایارج سے تنقیہ کرین مصطگی و فاقلہ و کندر و قرنفل چبائین حب
بخر الفم منھ مین رکھین اگر دانتون کی جڑ کے فساد سے ہو فصد چہار رگ کھلوائین اور مسہل بارد سے تنقیہ کرین مازو و مورد و گلنار سرکہ مین جوش کر کے
مضمضہ کرین سنون مقوی لثہ عمل مین لائین اگر لثہ مین عفونت مستحکم ہو گئی ہو قرص زرنیخ ملین اور علاج اُکلہ دہن کیطرف رجوع کرین اگر حرارت
معدہ و غلبہ صفرا سے ہو ٹھنڈے کھانون سے تسکین ہوتی ہو خلو معدہ مین زیادتی ہو جاتی ہو آب تمرہندی و شیرۂ زرشک و شربت انارین مع
سکنجبین پئین جو کا آٹا برف کے پانی مین گوندھ کے کھائین اور آلو و شفتالو و تربوز کا کھانا بھی مفید ہو اور نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین حب بخر
منھ مین رکھین ایضاً برائے بخر الفم اطفال سے ترکیب تنقیہ دماغ صرف ایارجات سے کرین اگر آب دہن دو لاعت و لزوجت ہو پیاس
کم معلوم ہوتی ہو تو سقمونیا ملا دین اور اگر جفاف مع طعم حموضت و عفونت ہو مثل لاجورد و افتیمون کے ملائین جب تنقیہ ہو چکے تو مضمضہ کا
لزوم کرین جو سرکہ مین مورد و مازو و گل سرخ و صندل و صعتر و فوفل و بسباسہ و بالچھڑ خوب جوش کر کے بنایا گیا ہو مجرب ہو اگر دانت کالے ہو تے
ہون عنصل چبائین اگر عفونت کے ساتھ ہون انبخار ملائین اگر بخر متعلق صدر و معدہ کے ہو مطبوخات سے تنقیہ کرین جسمین ہر سوس و پرسیاوشان
و صندل و انیسون بزر متعلی ہو بعدہ سکنجبین مصنوع کرین جسمین مورد و مازو وغیرہ کہ قسم اول مین مضمضہ کے واسطے بیان ہوئین پئین کہ یہ مجربات
خزائن سے ہے اور وہ دواے حبوب جو حبوب کے بیان مین ہو اور معجون جسکا معجونون مین ذکر آئیگا نافع ہے کہتے ہین کہ نکیون کا کھانا بخر کو کھو دیتا ہے
اسی طرح طلاے خبدید کو منھ مین رکھنا قاطع ہو دوائی بخر الفم رطوبت عفن دماغ سے اسکی علامت یہ ہو کہ کوئی شے ردی الطعم دماغ سے حنک
کیطرف اُترتی معلوم ہوتی ہو ترکیب مسہل و حب ایارج سے تنقیہ کرین سکنجبین و خردل کا غرغرہ کرین بعدہ لونگ و سعد و بالچھڑ کو شراب مین
جوش کر کے غرغرہ کرین دوائی ورم دسوی و صفراوی زبان دسوی کی علامت سرخی اور تیرگی زبان ہو و قلت لعاب دہن و وجع تمددی اور صفراوی
کی علامت زردی زبان و شدت درد و سوزش ہو و تبثر زبان اکثر حالت مین ترکیب وہ تدبیر جو قلاع دموی کی دوائی مین تحریر ہے عمل
مین لائین مگر صفراوی مین فصد نہ کھلوائین ایضاً دونون اقسام کے واسطے مضمضہ و غرغرہ ابتدا مین آب کاہو و کاسنی و عنب الثعلب
و کشنیز و خرفہ یا طبیخ گل سرخ و عدس اور تین روز کے بعد آب کرنب و آب ملو و آب کا کنج اور قدرے لعاب تخم کتان اور الخطامین وہ
پانی کہ جسمین بابونہ نانخونہ گل بنفشہ سویا اور مرزنجوش جوش کیا ہوا ہو قدرے مغز خیار شنبر اسمین مل کے مفید ہو چنانچہ اگر ورم تحلیل نہ ہو
بلکہ ایک جگہ ہو گیا ہو چند دانہ انجیر خشک کے جوش کر کے ہمراہ روغن بنفشہ و لعاب تخم کتان لعاب تخم مرو مین ملا کے ساعت بساعت مضمضہ

اور ورم منفجر ہوجانے کے بعد ۔ دبی کو روغن گل مین لتھیڑ کے زخم پر رکھین پھر مرہم اسفیداج استعمال کرین دوائی ورم بلغمی و سوداوی زبان بلغمی
کی علامت زبان کی سفیدی اور سیلان لعاب کی زیادتی اور سوداوی کی علامت سیاہی وخشکی زبان وسختی ورم ہے اور اکثر بعد ورم دموی کے عارض
ہوتا ہے ترکیب بلغمی مین جو کچھ دوائی قلاع بلغمی مین گذرا اوسپر عمل پیرا ہون بعد تنقیہ کے ایارج فیقرا سے غرغرہ کرین اور شہد تنہا یا صعتر وایارج
فیقرا مین ملا کے زبان پر ملین اور اصل السوس تخم کرفس بیخ بادیان اذخر حلبہ مویز انجیر جوش کرکے اور صاف کر کے مضمضہ کرین ورم سوداوی
مین مسہل سودا سے تنقیہ کرین اور شیر خر و شیر بز و ماء العسل و طبیخ انجیر و حلبہ سے مضمضہ کرین فلوس خیارشنبر عرق بادیان مین حل کرکے مضمضہ کرین
فائدہ تام ہوگا اسیطرح انجیر و حلبہ و تخم کتان جوش کرکے روغن بنفشہ و شہد و مغز خیارشنبر ملا کے مضمضہ کرین مفید ہے کہتے ہین کہ عصارہ
کاہو و کشنیز تر و کاسنی اکثر منہ مین رکھین تاکہ استعمال ادویہ حارہ کیوجہ سے سرطان نہ ہوجائے اگر سرطان ہوجائے قطع کردین یا نکموا سطرف سے جدھر
سے نزف خون کا خوف ہو اور ورم کا کہ زہریلی دواؤن کے کھانے سے مثل افیون وکمات کے عارض ہو تو علاج سم کا کرین دوائی ورم اصلب
زبان کو تحلیل کرتی ہے ترکیب حلبہ تیس درم املی بیس درم انجیر خشک بیس عدد سب کو کوٹ کے ڈیڑھ سیر پانی مین پکائین جب آدھ سیر رہ جائے صاف کرکے
مضمضہ کرین دوائی بطلان ذوق جسوقت ذوق باطل ہوجائے اور کوئی مزہ محسوس نہ ہو اسکا سبب عصب زبان مین رطوبت کا آنا ہے
ترکیب مسہل گرم و حب ایارج وشیبار سے تنقیہ کرین اس طریقہ پر جو لقوہ مین مسطور ہوا بعدہ مطبوخ خردل و مویزج و عاقرقرحا و سرکہ سے
مضمضہ کرین اگر مزاج مین گرمی ہو طبیخ ریباس وگل سرخ و سماق و سکنجبین یا ترنجبین ملا کے مضمضہ کرین اور جو جبلی ہوتا ہے یا ضربہ و سقطہ سے عارض
ہوتا ہے اوسمین علاج کم کارگر ہوتا ہے **ایضاً** اس بارہ مین مجرب ہے ترکیب سونٹھ کالی مرچ پیپل زرد چوب ہر ایک ایک ماشہ نمک سنگ تین ماشہ
مٹی کے برتن مین بھونین اور پیس کے تین روز زبان پر ملین تاکہ لعاب بہت نکلے دوائی فساد ذوق یعنے تغیر ذائقہ اور یہ دو حال سے خالی
نہین ہوتا ایک یہ کہ یعنے بغیر چکھے ہوے کسی کھانے کی چیز کے طعوم تلخی و شوری وغیرہ کے ملی ہوئی معلوم ہوتی ہے دوسرے یہ کہ چیز کے کھانے
سے اوسکے ذائقہ کے خلاف مزہ معلوم ہوتا ہے بالجملہ سبب دونون قسمون کا ایک ہی ہوتا ہے لیکن پہلے مین قوی ہوتا ہے اور ثانی مین
ضعیف اور اسکا سبب اخلاط اربعہ سے کسی خلط کا غلبہ ہوتا ہے استدلال اسکی نوع کا حسب طعم کیا جاتا ہے مثلاً تلخی غلبۂ صفرا پر دلالت
کرتی ہے اور شیرینی خون بلغم حلو پر ترشی بلغم و سودا پر نمکینیت بلغم شور پر دلالت کرتی ہے ترکیب اگر مزہ کڑوا معلوم ہوتا ہو تنقیہ
صفرا مسہل بارد سے کرین جیسا کہ صداع حار مین بیان ہوا ہے اگر میٹھا معلوم ہو غلبۂ خون کی صورت مین فصد کھلوائین اور تنقیۂ صفرا کو بدستور
نہین تو مسہل بلغم دین صداع بلغمی کے طریقہ سے اگر ترشی محسوس ہو غلبۂ سودا کی صورت مین اوسکا تنقیہ بدستور مالیخولیا کرین اور نہین تو
ترشی و شوریت مین مسہل بلغم دین اور دونون حالتون مین دونون مضمضے و غرغرے کہ بطلان ذوق مین لکھے گئے حسب احتیاج اُن مین
سے مضمضہ کرین دوائی ثقل اللسان استرخا سے پس اگر استرخا زبان پر ہو فقط اسکی علامت سلامت حواس و حرکت اعضاء ہے
اگر مرکب دماغ کیساتھ ہو جیسا کہ فالج مین ہوتا ہے اوسکی علامت کدورت حواس و بلادت حرکات و سیلان لعاب ہوتی ہے اگر تشنج امتلائی ہو

اُسکی علامت تمدد زبان اورز ا ن کی حرکت مین دشواری ہوتی ہی پس اگر تمدد مبدا کی طرف ہوتا ہی تو زبان چھوٹی اور موٹی پڑجاتی ہی اگر خلاف مبدأ ہوتا ہی تو طول مین زیادہ ہوجاتی ہی اگر تشنج یابس سے ہو علامت اسکی لاغری وتشنج زبان ہی اور عروض ہو اسکا امراض حادہ مین اور کبھی ثقل زبان بسبب کوتاہی رباط کہ زیر زبان ہی حادث ہوتی ہی اور کبھی بعد اندمال جراحت زبان زبان مین گرہ پڑجاتی ہی اُسکے سبب سے زبان گرانی کرتی ہی ترکیب اگر استرخا کے سبب سے ہو مسہل وحب ایارج سے تنقیہ کرین اور اگر بسبب غلبۂ خون نیز سرخی وحرارت زبان محسوس ہوتی ہی فصد عروق زبان وحجامت زیر زنخدان ضروری ہی تنقیہ کے بعد معجون سیر و ملاسفہ کھائین اور ہمیشہ سکنجبین عنصلی سے مضمضہ وغرغرہ کرین اور مضمضہ معمولی کام مین لائین احتیاط رکھین کہ پانی حلق کے نیچے نہ اترنے پائے مضمضہ کے بعد زبان کو فلفل ونوشادر وخردل وعاقرقرحا وسہاگہ وسونٹھ وصعتر وبورۂ ارمنی جوان مین سے مل سکے شہد مین ملا کے ملین وج ترکی وجوزبوا زبان پر رکھین اور دوسری نافع استرخا دوائین استعمال کرین اگر باوجود ان تدبیرون کے تخفیف نہ ہو اور لعاب رقیق منھ سے جاری رہے تو جاننا چاہیے مرض کا مادہ رطوبتی ہی نہایت رقیق وسیال اس صورت مین محللات کو قوابضات مین ممزوج کر کے مثل دارشیشعان وگل سرخ مین اور فقاح اذخر طباشیر مین اور بہت زیادہ اچھا ہو کہ ایسی حالت مین استعمال حوامض وقوابض مفید ٹھہرے اور اگر تشنج امتلائی کے سبب سے ہو تنقیہ دماغ مسہل گرم وحب ایارج وغرغرہ ومضمضہ سے کرین بعد ازان تحلیل کے واسطے روغن شبت یا روغن بابونہ ولعاب حلبہ سے نیم گرم غرغرہ کرین اور منھ مین رکھین کہ مجرب ہی اور ادویہ محللہ وملینہ مثل بابونہ وناخونہ رطبہ ومرزنجوش وشبت پانی مین جوش کر کے نقار پر تریڑادین اور اُسی سے گردن کی جڑ کی تکمید کرین اور روغن خستہ زردآلو زبان پر ملین اور منھ مین رکھین اور جو قسم اول مین گذرا حسب حاجت عمل مین لائین اگر تشنج یابس کے سبب سے ہو تو یہ قسم متعذر البرا ہی لیکن بنا بر تخفیف یابس قلیل کی صورت مین جیسا کہ تشنج یابس مین گذرا ترطیب کی کوشش کرین پینے سے غرغرون سے اور گردن کے مہرون منھ اور کان پر ہمیشہ روغن بنفشہ یا روغن کدو یا روغن بادام ملتے رہین اور نیم گرم منھ مین رکھین گرم پانی سے نطول کرین ایضًا تیلون اور مرطوب کرنیوالی چیزون مثل لعاب بہدانہ ولعاب تخم مرو وتخم خطمی وچربی بط مرغی کی چربی سر پر ڈالین اور غرغرہ کرین اور زبان وگردن وگدی پر ملین اور ثقل زبان کہ بعد برسام ودبر سام کے بوجہ اندفاع مادہ دماغی اعصاب کیجانب بسبیل بحران واقع ہوتا ہی اور جب پرانا ہو جاتا ہی تو علاج کارگر نہین ہوتا لیکن ابتدا مین بدستور قسم اول استعمال محللات ونطولات محللہ وانکباب اوسپر اور زبان پر ایسی چیزونکا ملنا کہ لعاب آور ہون قاطع رطوبات ہون مثل نوشادر ونمک اندرانی وغیرہ فائدہ مند ہی اور ثقل زبان کہ عصب زبان کے کھنچنے سے بعد ضربہ اور سقطہ کے عارض ہو لا علاج ہی اور جو رباط کے چھوٹے ہونے سے زیر زبان ہو رباط کو کاٹ ڈالنا چاہیے اسطرح کہ زبان کے نیچے کی باریک رگین نہ کٹنے پائین پھر سرکہ اور گلاب کا مضمضہ کرین اور ذرور زاج عمل مین لائین اور جس جگہہ زبان مین گرہ پڑجانے کے سبب سے بعد زخم کے مندمل ہونے کے واقع ہو اُسکی تلیین کے واسطے لعابون چربیون تیلونکا استعمال زبان پر کرنا چاہیے دوائی استرخاء زبان کے واسطے فائدہ مند ہی اور جس شخص کو غایت استرخا کے سبب سے کلام ہی کی طاقت نہ رہے اس دوا سے فائدہ ہوگا ترکیب دارچینی حماما سنبل الطیب ہر ایک مین درم ساذج ہندی اجوائن زراوند مدحرج زراوند طویل تخم کرفس شبت مصطگی انیسون سیسالیوس دو دو ہر ایک ایکدرم مروارید کہربا ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے گولیان بنائین ایکدرم گرم پانی

باشراب کے ہمراہ دین ایضاً اسیواسطے مجرب ہی ترکیب درج عاقرقرحا مغز بادام تینون چیزین برابر کام مین لا ین نوع دیگر مجرب برا سترخاء
زبان بیاض او ستادم حوم سے ترکیب نوشادر عاقرقرحا رائی کچلون بیس کے زبان پر ملین دوائی ثقل زبان کے واسطے جو بلغم سے ہو مجرب ہی
ترکیب گھیکوار عاقرقرحا رائی سب کو کوٹ چھان کے زبان پر ملین دوائی ثقل زبان کے لیے جسکی جہت بلغم ہو ترکیب نوشادر کے ملنے سے
رطوبت بہت خارج ہوتی ہی اور مفید پڑتا ہی اگر یہ مرض شدید ہو کہ گفتگو نہ کیجا سکتی ہو اوسوقت فرفیون کندش کو ملین دوائی عظم اللسان
(یعنے زبان بڑہ جانا) اگر اسقدر بڑہ جاے کہ منھ مین گنجائش باقی نہ رہے اور منھ سے باہر نکل پڑے تو اوسے اولاع اللسان کہتے ہین یہ قسم
تہیج و ترہل ہی نہ ورم ہوتا ہی اسکا سبب رطوبات فضلہ دماغی کا انحدار ہوتا ہی کہ زبان اوسے پی جاتی ہی ترکیب اگر رطوبات دموی ہین اور غلبۂ
خون و حرارت کے علامات پیدا ہون تو فصد سرر و اور زبان کے نیچے کی رگ کی کھلوائین پھر لہسن و ترشی ترنج و انار ترش وغیرہ کہ قاطع رطوبات
و مسیل لعاب ہوتی ہین خوب زبان پر ملین اگر بلغمی ہو مسہل بلغم دین اور حب ایارج کھلائین بعد اسکے نمک و سرکہ یا نوشادر سونٹھ اور سرکہ سے
زبان کو ملین دوائی شقاق اللسان (یعنے زبان کا پھٹ جانا) ترکیب اگر اسکا سبب دماغ کی خشکی ہو نیند نہ آنے وغیرہ سے معلوم کر کے
مرطبات دماغ دین اسپغول و بہدانہ و کتیرا منھ مین رکھین اور پانی مین انکا لعاب نکال کے مضمضہ کرین اور کف خیار جو کاٹنے کے وقت ملنے
سے نکلتا ہی اور کدو کی پھانک و قیر وطی و روغن بنفشہ اور جو مرطب ہو زبان پر ملین روغن بادام و روغن کدو ناک مین ٹپکائین آشجو اور کلہ
پاچہ کھائین اور گرمی و تیز چیزون سے پرہیز کرین اگر شقاق کا سبب اجتماع اخلاط سوختہ درمیان معدہ اور اوسکے بخارات اٹھنے کی وجہ سے جم
جانا ہے و خالی و فساد معدہ اسکی علامت ہی اس صورت مین معدہ کا تنقیہ مقدم رکھین اور مذکورہ چیزون و سپستان کو منھ مین رکھین اور کبھی تیز
چیزون کے کھانے سے مثل آکہ وغیرہ کے زبان شق ہو جاتی ہی اوسکی تدبیر بھی بدستور مرطبہ اشیا مذکورہ و قیر و بادام و زنارپل وغیرہ ہے دوائی
جفاف اللسان یعنی خشکی زبان ترکیب اگر حرارت و یبوست سے ہو جیسا کہ حمیات محرقہ وغیرہ مین تبرید دین اور لعاب اسپغول سے مضمضہ
کرین اور لعاب بہدانہ عرق نیلوفر اور شکر مین ملا کے زبان پر ملین اور منھ مین رکھین اگر شیرہ مغز تخم کدو یا تخم خرفہ زیادہ کر دین بہتر ہے اور
عرق خرفہ و تربوز و خیار و بادرنگ سے مضمضہ کرنا بھی مفید ہوتا ہی روغن بادام کا ملنا نافع ہی اگر بخارات حریفہ کے سبب سے زبان خشک و متغیر
ہو جائے چنانچہ اگر کپڑے سے اوسے ملین تو سفید جھوسی مثل پیاز کے چھلکے کے اوس سے جدا ہو جاتی ہو اور اوس سے کسیطرح کی تکلیف نہ پہونچتی ہو تدبیر
اسکی فصد و مسہل بارد وغیرہ مثل علاج قلاع دموی کے کرین اور گل سرخ و گلنار و مورد سرکہ مین جوش کر کے مضمضہ کرین اور اگر معدہ مین خلط
صفرا ہو اوسکے تنقیہ کے بعد اور لعاب دار چیزون سے مضمضون کے بعد لعاب اسپغول چار ماشہ ہمراہ سکنجبین نعناعی و لیمون کا دینا عجیب الاثر
ہی اور اگر مرور ہوا منھ کیطرف سے ہو کتیرا مع شکر کے ہر وقت منھ مین رکھنا مجربات سے ہی اور جو شقاق اللسان مین گذرا اس جگہہ وہ بھی نافع
ہو گا اگر خلط لزج کے چپک جانے سے سطح زبان پر مرض کا سبب ہو تو چپک اور پھسلن سے آب دہن کے معلوم ہو جاے گا اس صورت
مین سکنجبین لعق کرین اور چوب بید سکنجبین مین یا آب خربزہ شکر مین تر کر کے مثل مسواک کے زبان پر ملین دوائی حرقت اللسان یعنی

سوزش زبان اسکا سبب حرارت فم معدہ یا دماغ ہی یا تیز وتند وشیرین اشیاء کے کھانے سے یا زبان پر مادہ حار کی ریزش سے یہ مرض ہوتا ہے
ترکیب جو سبز دو مرطب ہو مثل آب کشنیز تر وشیرۂ خرفہ ولعاب اسبغول وبہدانہ کے اُس سے مضمضہ کرین اور اگر حرارت فم معدہ سے ہو تو اوس کا
شربت بھی کرین اور مریض کو بیٹھ کے بھل سونے سے منع کرین اور مغز تخم خیارین وکدو وبادام اور مغز تخم خربزہ زبان پر ملین یا انھین چیزون سے معہ نشاستہ
وکتیرا وترنجبین کے گولیان بنا کے منھ مین رکھین کافور زبان پر ملین اور انصباب خلط حار کی صورت مین بدستور نزلہ حار مسہل بارد اور غرغرون
کے استعمال تنقیہ کرین اور جو شقاق اللسان مین گذرا اُسے یہان مفید سمجھین دوائی حکۃ اللسان یعنی خارش زبان اسکا سبب مادہ محترقہ لذاع
ہوتا ہی ترکیب اول مادہ کا تنقیہ کرین بعد ازان مضمضہ کرین گرم پانی سے پھر دودھ مین تھوڑی سی شکر ملا کے پھر سرکہ اور روغن گل سے
بلیلۂ زرد کا چبانا اور زبان پر ملنا استفراغ مادہ حار زبان کے واسطے بہت موثر ہی دوائی برائے ضفدع زبان ترکیب صعتر نیم درم زوفاء
خشک ایک درم بورہ صدف بحری دو درم سکو پیس کے اُن سبکے برابر شکر طبرزد ملا کے موضع ضفدع پر ملین تاکہ چھل جاوے اسکے بعد سرکہ کا
مضمضہ جسمین شاخ آس وگلنار وقشار کندر جوش کیے ہوے ہون کرین پھر ذرورات مدملہ کام مین لائین اگر سرخ اور سوزش کے ساتھ ہو تو ابتدا
مین تبریدین اور فصد سر رو کھلوائین جونکین لگائین مسہل باردہ سے تنقیہ کرین بہتر ہے اگر ضفدع سفید اور سخت ہو منضج سے نضج کے بعد مسہل
گرم سے تنقیہ کرین تنقیہ کے بعد نوشادر وماز وباریک پیس کے زبان پر مل کے کھپائین سرکہ ونمک منھ مین رکھین اگر فائدہ نہ ہو تو ادویہ
اکالہ مثل نوشادر وزاج سوختہ وزنگار سرکہ مرزی مین پیس کے زبان پر چھڑکین اور ادویہ حادہ کہ بواسیر الانف کیواسطے نافع ہین اس جگہ
بھی مفید ہونگی اگر اس تدبیر سے بھی فائدہ نہ ہو شق کردین اور اوسکا مادہ باہر نکالدین ایضاً مجرب برائے ضفدع لسان ترکیب زاج محرق
سورنجان دونون سفیدی بیضہ مرغ مین ملا کے زیر زبان رہنے دین ایضاً ضفدع زبان کے واسطے نافع ہی ترکیب بھنگری بیخ سوسن
آسمان گونی زعفران مرکی برابر کوٹ چھان کے زیر زبان ضفدع پر ملین دوائی ورم حنک یعنی تالو کے ورم کے واسطے ترکیب ورم دموی
مین کہ ٹھنڈا اور ورم کا رنگ سُرخ ہوتا ہی فصد کھلوائین اور جو قلاع دموی مین بیان ہوا ہو عمل مین لائین ایضاً ابتدا مین مورد وگلنار وگل سرخ
ومکو سرکہ مین جوش کر کے مضمضہ کرین اور طباشیر وگل سرخ وتخم خرفہ ونشاستہ وکتیرا ببول کا گوند مسور کا آٹا اور تھوڑا سا کافور لے کے ذرور بنائین
اور کام مین لائین یعنے تالو پر چھڑکین تین روز کے بعد بابونہ بنفشہ تخم مرو پانی مین جوش کر کے فلوس خیارشنبر ملا اور صاف کر کے مضمضہ کرین اور ورم
رطوبی مین کہ درد نہین ہوتا رنگ سفید ہوتا ہی جو قلاع بلغمی مین ذکر ہوا کام مین لائین تنقیہ کے بعد کزمازج وعاقرقرحا مزی مین جوش کر کے غرغرہ
کرین دوائی ورم لب اسکا سبب اخلاط اربعہ سے کسی خلط کے غلبہ سے ہی علامت اور علاج اسکا تعدیل وتنقیہ اقسام قلاع وورم زبان ولثہ
مین ڈھونڈھین خلط غالب کے تنقیہ کے بعد جو دوا محلل وقابض ہو مثل حضض وبابونہ وآرد جو گلاب وآب عنب الثعلب سبز مین لیپ کرین اور انتہا
مین قیروطی کہ روغن بادام وموم سے بنائی گئی ہو استعمال کرین اور گرم پانی سے مکرر دھوئین اور ورم بلغمی مین اشیاء محلل صرف مثل سویا وبابونہ
وناخونہ کا طلا کرین اس مرض مین تقلیل غذا وترک عشا لازم جانین دوائی بثور وقروح لب اسکا سبب خون کی زیادتی یا صفرا کی کثرت ہوتی ہے

ترکیب اسکا علاج مثل علاج قلاع دموی کے ہے اور مرہم سفیدہ کہ قروح بینی مین گذرا مفید ہوگا اور قیروطی کہ موم در روغن خستہ زرد آلو سے
بنائی گئی ہو اوسمین مردا سنگ و مازو دونون پیس کے ملائے گئے ہون استعمال کرنا بھی نافع ہے اگر قرحہ آکلہ ہو جائے تو اوسکی تدبیر مثل آکلہ فم کے کرین
دوائی تشقق وجفاف لب ترکیب اسکا علاج مثل شقاق زبان وجفاف زبان کے ہے تنقیہ وترطیب سے وسعوطات اور فصد چہار رگ زیر لب
جونکین لگوانا مجرب اور اوسکا مسح روئی پر بعد نضج کثیر نافع ہے وطلا ہمراہ قیروطی اور دوسرے تیلون وچربیون کا ہونٹھ پر بھی نافع ہے اور تدہین ناف
ومقعد روغن بنفشہ یا روغن نیلوفر سے شقاق وجفاف لب کے واسطے بہت مفید ہے دوائی بیاض الشفت (ہونٹونکا سفید ہونا) اسکا سبب فساد
خون ہوتا ہے رطوبت خام سے ملنے کیوجہ سے ترکیب بلغم کا تنقیہ مسہل گرم وحب ایارج سے کرین اور اغذیہ مغلظہ سے پرہیز کرین تحلیل وتلطیف
خلط بلغمی کرین اور روغن یاسمین وروغن ناردین وروغن خلوق ناک مین ٹپکائین شیطرج وبیخ انجیر دشتی سرکہ مین گھس کے جائے سفید کو کھجلا کے
ملدین اور دوسری مجربہ دوائین مثل خردل وعاقر قرحا وغیرہ کے طلا کرین دارچینی وتبرج لونگ جوز بوا مصطگی لب باسہ برابر روغن گاؤ مین ملا کے
بھی نافع ہے اگر بیاض نقشر کے ساتھ ہو موم روغن ملین دوائی بواسیر لب کے واسطے مفید ہے ترکیب بعد فصد سر رو وچہار رگ منضج ومسہل
سوداوین یا جونکین لگائین بعدہ حلو دوائی کہ بواسیر الانف مین گذری عمل مین لائین دوائی اختلاج الشفت یعنے ہونٹونکا پھڑپھڑانا ترکیب
اگر غلبۂ خون کی علامتین پیدا ہون فصد سر رو کھلوائین تقلیل غذا کرین اور تفتیح مسام عضو کی کوشش کرین اور جو اختلاج مطلق مین کہا گیا
ہے عمل مین لائین اگر معدہ کی شرکت سے ہوتا ہے تو غشیان وفواق کیساتھ ہوتا ہے یہ مقدمہ قے ہوتا ہے اسکی تدبیر قے کرانا ہے اگر شرکت دماغ سے
ہو لقوہ اور صرع کا مقدمہ ہوتا ہے اوسکا علاج تدبیر امراض مذکورہ ہوگی دوائی ثقل الشفت یعنے ہونٹونکا سکڑ جانا ترکیب اگر اسکا سبب تشنج
امتلائی ہو تنقیہ بلغم مسہل گرم وحب ایارج سے کرین اور گرم تیلون کو ملین اور اگر یبوستی ہو پچھین مین ہونٹھ کو پھیلا کے اور سیدھا کر کے باندھ
دین تاکہ اس تدبیر سے رو باصلاح ہو جائے اگر تشنج یابس ہو علاج نہین ہوسکتا دوائی معمولی برائے درد دندان حار کہ بہت شدت سے
ہوتا ہے اور ٹھنڈی چیزون کے لگنے سے تسکین ہوتی ہے ترکیب ٹھنڈائی جو درد کے واسطے ذکر کی گئی ہے پلائین فصد سر رو وچہار رگ کھلوائین جونکین
لگائین مسہل بارد دین مضمضہ معمولی عمل مین لائین اگر درد بہت شدت سے ہو کافور کو سرکہ اور گلاب مین ملا کے نیم گرم مضمضہ کرین تھوڑی
افیون کھلادین دانتون پر ملین سنون زرد بھی مجرب ہے ایضاً برائے درد دندان حار انطاکی سے ترکیب اگر مادہ دانتون کے درد کا مکمل ہو گیا ہے
فصد چہار رگ کھلوائین نہین تو فصد سر رو بعدہ آب انارین سے تنقیہ کرین جسمین ہلیلہ جوش کیا ہوا ہو اور کبھی اس مسحوق کا نقوع کافی ہوتا
ہے یا املی کے پانی اور ماء الشعیر سے کرین سکنجبین و آب بقلہ کی اس مرض مین عجیب خاصیت ہے گلاب کے شربت کے ہمراہ میرے مجربات سے ایک
مطبوخ ہے کہ برائے درد دندان حار مطبوخات مین آئیگا اور اسیطرح ضعیات سے یہ ہے کہ افیون ایکدرم برگ آس بذر البنج جو میسر آئے روغن بنفشہ
و سرکہ مین جوش کرکے چند بار رکھین اگر ضربان و ورم لثہ شدت کرے اوسپر جونکین لگائین اور مضمضہ کیوس و سرکہ مین اور افیون و بزر البنج و برگ
منفصات بہترین دوائین مین دوائی برائے درد دندان بارد کہ بہت زیادہ نہین ہوتا ہے اگر گرم چیزون کے مس ہونے سے تسکین ہوتی ہے

ترکیب اصل السوس المقشر نیکوفتہ پرسیاوشان گاؤزبان دانہ ہیل کوٹ کے نبات سفید پانی مین جوش کرکے اور صاف کرکے پی لین اور یہی دوائین
سوائے نبات سفید کے جوش کرکے مضمضہ کرین اور ہلیلگ وسیر بریان کرکے دانتون پر رکھین برشعثا کھائین اور دانتون پر ملین اگر تنقیہ کی ضرورت
ہو نضج کے بعد مسہل گرم سے تنقیہ کرین اگر اس تدبیر سے درد نہ رکے اور لثہ متورم نہ ہو زنبور سے قلع کرین یا روئی کو انجیر زرد توم کے دودھ مین تر کرکے
دانت پر رکھین یا دریائی مینڈک کی چربی اسپر رکھین تاکہ نکل جائے اگر ورم لثہ کے ساتھ ہو ورم لثہ کا علاج کرین اگر بسبب غلبہ ریح ہو زردمنتقل
ہوتا ہی تنقیہ کے بعد بھوسی و نمک و بابونہ وجاورس کی تکمید کرین اور بادیان و انیسون و زیرہ ہر ایک ایکدرم جوش کرکے مضمضہ کرین مفید ہوگا اور
بادی و لعابی چیزون سے پرہیز کرین اور محلل ریح چیزین کھائین ایضاً برائے درد دندان بارد انطاکی سے ترکیب ہر چیز گرم بالفعل یا بالقوہ مثل
زردی بیضہ مرغ گرم دہان گرم دانتون مین دبالین سیاہ مرچ و سونٹھ و لہسن کا اسمین فائدہ ظاہر ہی اور میرے مجربات سے وہ مطبوخ ہی جو مطبوخات
مین آئیگا اسیطرح شرب ماء العسل ہمراہ زعفران و ضعیات سے اس مرض کی دوا ہی مضمضون مین آئیگی کہتے ہین کہ فلونیا و برشعثا و تریاق اسمین
اچھا ہی اور ناجیہ کے وضعیات سے یہ ہی چند بیدستر حلتیت مرکی زراوند طویل سونٹھ میعہ بزرالبنج سیاہ مرچ شہد مین بھگو کے رکھین دوائی درد
دندان بارد ترکیب اذخر پانی مین جوش کرکے مضمضہ کرین اسطوخودوس اطریفل کشنیزی مین ملا کے کھلائین ایضاً برائے درد دندان بیاض والد
ماجد مغفور سے ترکیب سہاگہ فلفل سیاہ آب برگ دھتورہ مین پیس کے ملین ایضاً برائے درد دندان نزلی ترکیب فلفل سیاہ پیس کے شہد مین ملاکے
ملین اور پوست خشخاش کو گلاب مین جوش کرکے مضمضہ کرنا اور باہر سے طلا کرنا فوراً درد کو سکون دیتا ہی اور قسط و نمک و گل تنباکو ملنا بھی معمول ہی
ایضاً عاقرقرحا و پاہ دونون برابر پیس کے رات کو ملین اوپر سے پان کھالین یا تنباکو کی پتی تین ماشہ نمک سنگ ایک ماشہ کا منجن بنالین دوائی
درد رگی دندان کو سکون دیتی ہی ترکیب افیون چند بیدستر برابر روغن گل کے اسمین پگھلائین اور جس طرف کے دانت مین درد ہوا ودھر کے
کان مین ٹپکادین ایضاً برائے درد ضرس بیاض والد ماجد و تکملہ ترکیب فلفل سیاہ نیلہ تھوتھہ پان کتھ سفید نمک سیاہ برابر پیس کے ملین
اور دال ٹپکائین دوائی برائے درد دندان کہ کیڑون کی وجہ سے ہونے لگتا ہی ترکیب دانتون کو لہسن و تخم گندنا و تخم ترب و بکری کی چربی
کے بھپارے کے سامنے رکھین کہ کیڑے باہر نکل آئین اور بار ٹنگ مقشر کی سرخ کپڑے مین پوٹلی باندھ کے تھوڑے سے پانی مین جوش کرین اس پانی
سے مضمضہ کرکے پوٹلی دانتون کی جڑ پر رکھ کے سو رہین اور مکرر یہ عمل کرین دوائی قاتل کرم دندان ترکیب کٹیلے کو بھون کے بیگرم کیڑے لگے
ہوئے دانت پر رکھین اور ملین نافع ہی نوع دیگر کیڑا کھائے ہوئے دانت پر روغن بارزد کے چند قطرے ڈالدیے جائین تو اوسیوقت کیڑے
نکل جاتے ہین مجرب ہی ایضاً افیون ایلجز وکو سہ چند سہاگہ مین باریک پیس کے اوسمین سے تھوڑی دوا کی گولی بنائین اور دانت کے سوراخ
مین رکھین یا اوسکے نیچے رکھین ایضاً برائے کرم دندان انطاکی سے ترکیب شیح و قیصوم و محلب و پوست بیخ توت و حب الغار کا چبانا
اور تخم گندنا و پیاز و سوم زردو بیہ بزکا بخور تمع کیواسطے نافع ہی دوائی نافع تحرک اسنان ترکیب اگر مسوڑھون کی کمزوری سے تری یا رطوبت
کے سبب سے ہو جاتی ہی ملتے ہون و داستر خائی لثہ و کثرت لعاب دہن و احساس سردی دانتون کی جڑ مین ہونا علامت ہی مضمضہ معمولی عمل مین

لائین اور منجن جسمین بجر دنتی شامل ہو استعمال کرین دوسرے مقوی دندان منجن کام مین لائین اگر فائدہ نہو منضج حارے نضج کے بعد مسہل حار دین اگر ورم
حار لثہ کے سبب ہوا ہسمین درد اور کھٹک ہوتی ہو ورم لثہ کا علاج کرین مضمضہ درد دندان وسنون زرد استعمال کرین اگر فائدہ نہ ہو تنقیہ کے بعد
ابتدا مین ادویہ باردہ قابضہ کو مسوڑھون پر ملین اور مضمضہ ہاے بارد کہ دوائی قلاع دموی مین ذکر ہوے ہین کام مین لائین اور اخلاط مین
محلل چیزون سے مثل آب کشنیز و روغن گل مضمضہ کرین اگر ضربہ وسقطہ کے سبب ہوا وسکا بھی یہی علاج ہی اور منجن کہ جسمین ببول کی چھال ہو ملین
اگر تنقیہ اور سنونات قابض شد بارد سے فائدہ نہ ہو دانتونکی جڑ کو گرم لوہے سے داغ دین یا سونے چاندی کے تار سے باندھ دین بعدہ
قابض دوائین چھڑکین تاکہ مضبوط ہوجائین اگر مسوڑھون کے گوشت کی خرابی سے ہو یا اوسکے تاکل سے ہو فصد سر رو اور چہار رگ کے بعد
منضج بارد سے نضج مادہ کرکے مسہل بارد سے تنقیہ کرین اور منجن جسمین آرد کرسنہ سوختہ ملی ہو استعمال کرین اگر مسوڑھون سے بو آنے لگے جو اکلہ مین بیان
ہوا ہی کام مین لائین **دوائی** تحرک اسنان ضعف لثہ وقلت خون کے سبب یہ قسم ماتہین کی ہوتی ہی اور دوسری قسم کی علامتین اسمین نہین پائی
جاتین **ترکیب** اغذیہ مولد خون مثل گوشت حلوان وجوزہ مرغ فربہ و زردی بیضہ کھائین اور لثہ کیطرف جذب خون کے واسطے گرم چیزین مثل
سعد وسنبل وعود سوختہ ومصطگی وگل سرخ مسوڑھون پر ملین اگر مزاج مین خشکی کا غلبہ ہو اشیاے مرطبہ دین اور چکنی اور مرطوب چیزین ملین ترطیب
حاصل ہوجانے کے بعد دانتون کی جڑ مضبوط ہونے کے واسطے گل سرخ وطباشیر وعدس وسک وکزمازج اور مثل اسکے جو بارد وقابض ہون چھڑکین
دوائی مسوڑھونکو مضبوط کرتی ہی اور گوشت پیدا کرتی ہی **ترکیب** زراوند مدحرج کندر دم الاخوین کرسنہ بیخ سوسن مساوی سکنجبین عنصلی مین بھگوکے
ملین **دوائی** براے ضرس یعنی کندی دندان نافع ہی **ترکیب** اگر دانت کھٹی اور کسیلی چیزون کے کھانے سے کند ہوگئے ہون نمک وعسل اور مثل
انکے گرم دوائین جیسے کے دانتون پر ملین یا خرفہ ومغز بادام ومغز نارجیل کو کوٹ کے ملین تازہ دودھ کا مضمضہ بھی مفید ہی اگر بسبب غلبہ بلغم
ترش یا سوداکے ہو کہ معدہ مین جمع ہوجاتا ہی معدہ کا تنقیہ قے اور مسہل سے کرین بعدہ مذکورہ دوائین ملین **ایضاً** براے ضرس انطاکی سے
اوسکا علاج حلوہ سے سیکنا مضمضہ کرنا گلاب روغن آس کا کہ ان مین مازو اور سویہ پکا ہوا ہو اور جو چیزین اس بیماری مین فائدہ مند مین سب قابض
وخوشبو کی مثل مازو وسبز وگل سرخ واقاقیا وصندل کے اور نمک جرجرہ کا اسمین نفع عظیم ہی کہتے ہین کہ ہر ترشی ضرس کو ضعیف کرتی ہی مگر سرکہ
بسبب لطافت کے کہ فعل سے پہلے نافذ ہوجاتا ہی دھنیا کا چبانا روغن گل منھ مین رکھنا مفید ہی اگر طول کھنچ جاے ایارج سے تنقیہ اور اوسکی
مالش ضروری ہی **دوائی** دانتونکی آب اتر جانا اور یہ اسطرح ہوتا ہی کہ دانتون مین گرم وسرد وسخت چیزون کا تحمل نہین رہتا **ترکیب** تنقیہ
مسہل حلو ایارج سے کرین اور حب اغار و پھٹکری و زراوند طویل کوٹ چھان کے دانتون پر ملین اور انڈے کی نیمبرشت زردی بھی ہوئی
ملین یا حنظل بریان سے سرکہ مین کوٹ کے تکمید کرین اور ٹکورا ایارج فیقرا سے بہت فائدہ دیتا ہی اگر تکمید کے بعد تھوڑی مصطگی روغن گل مین
حل کرکے گرم کرکے منھ مین لین مسوڑھون اور دانتون کو قوت دیتی ہی اگر فائدہ نہ ہو بلغم کا تنقیہ کرین کبھی ایسا ہوتا ہی کہ حرارت شدیدہ سے مرض مذکور
لاحق ہوجاتا ہی دانتون کی گرمی مسوڑھون کی سرخی اسپر دلالت کرتی ہی اس صورت میں روغن گل جسمین کافور وصندل ملا ہو منھ مین رکھین

دانتون پر ملین اور حرفہ کی پتی وتخمل یا اوسکے بیج چبائین لعاب اسبغول وگلاب استعمال کرین اور جو دوائی تقلع حار مین گذرا اوسے عمل مین لاوین
دوائی تاکل وتفتت اسنان یعنے بوسیدہ ہونا اور ٹوٹ جانا دانتون کا اگر مادہ ردیہ متعفنہ سے ہو علامت اسکی دانتون کی عدم لاغری ہے اور زردی
یا سبزی یا سیاہی سے رنگ کا بدلنا ترکیب مسہل حار وحب ایارج سے تنقیہ کرین اور قابض چیزین نیز نافع تاکل مثل حضض ومازو وعاقرقرحا و
سعد کوفی کے ملین اور برگ مورد وپھٹکری وگلنار سرکہ مین پکا کے مضمضہ کرین دوسرے مضمضہ اور منجن مقوی دندان کہ دانتون کے درد اور ملنے
کے واسطے نافع ہون استعمال کرین اور بوسیدگی وسوراخ دندان کی جگہ پر مشک ومصطگی اور تھوڑا کافور پیس کے بھر دین اگر تاکل تھوڑا ہو
سوہن سے ریت دین اور باقی کو چند مرتبہ داغ دین بعدہ روغن زیت ومرزنجوش ملین اگر تاکل وتفتت خشکی کے سبب سے ہو اور یہ قسم اکثر مشائخ و
ناقہین ومرتاضین کو حادث ہوتی ہے اور لاغری دندان اور دوسری خشکی کی علامتین اسپر گواہی دیتی ہین ہر چند کہ یہ قسم عسرالبرء ہے لیکن مرض کی زیادتی
کے روکنے کے واسطے اغذیہ وادویہ مرطبہ دین جیسا کہ تشنج یابس وغیرہ مین گذرا لعاب اسبغول وسفیدی بیضہ مرغ وشیرخر وروغن بنفشہ باہم
ملا کے دانتون پر ملین اور اُس سے مضمضہ کرین دوائی تغیر رنگ دندان اگر سیاہ یا سبز ہو غلبہ سودا سے ہوگا اس صورت مین مسہل سودا وحب
افتیمون سے تنقیہ کرین بعدہ روغن گل ہمراہ بیخ کبر وافسنتین وافتیمون وداشنہ ومصطگی ملین اور منجن جو حفر کے واسطے آئیگا اس مرض مین
بھی مفید ہے اگر اسکا رنگ زرد ہو اس حالت مین مسہل بارد سے تنقیہ اور حب ہلیلہ سے کرین بعدہ ملنا آرد جو وعدس وخطمی کا سرکہ مین بعد ازان مکو کے
پانی اور سرکہ کا مضمضہ کرین تو مفید ہے دوائی حفر دندان یہ جسیم ہوتا ہے مانند خزف کے دانتون کی جڑ مین متحجر ہو جاتا ہے اور اوسکا رنگ زرد وسبز یا سیاہ
ہوتا ہے اور بخارات معدہ کے سبب سے ہوتا ہے ترکیب پہلے تنقیہ بدن ومعدہ کا خلط غالب کا کرین اور سنون جالی مثل زبد البحر وخاکستر صدف و
نمک وشاخ گوزن سوختہ پیس کے دانتون پر ملین اور ہمیشہ مسواک کرتے رہین اور اگر مضبوط ہو جاے لوہے کے ذریعہ سے دانت نکالڈالین بعدہ سنون
معمول عمل مین لائین ایضاً برائے حفر وقلع دندان انطاکی سے ترکیب تنقیہ خلط غالب جو اوسکے مناسب ہو واجب ہے اور مثل ایارج لغم
مین اور طبیخ افتیمون سودا مین طبیخ ہلیلہ تغیر صفراوی مین اور تمر ہندی بماء الشعیر حفر اصلی مین اور فصد چہار رگ وحجامت صدغ دموی مین کوئی
چیز نہین ہے اور خواص یونانیہ مین ہے کہ جو شفا کو حفر سے درست رکھتا ہے حجامت منتہاے طرف عالی گوش سے اوسکے کرے اور مین نے دیکھا ہے
کہ فصد اُس شریان کی جو ابہام وسبابہ کے مابین ہے باوجود اُسکے بہت نفع کے علل اعضاے باطن امراض اسنان خصوصاً حفر کے واسطے بہت
نافع ہے مخالف جہت کی شرط اور جانبین کی فصد اگر مرض عام ہو تو تنقیہ کے بعد اگر مادہ متراکم صلب ہو اوسکو لوہے سے نکالڈالین بعدہ سنون نافع
جالیہ کافی ہونگی دوائی خارش دندان ترکیب پہلے تنقیہ سودا کرین اور اشیاے تلخ وتیز وشور سے پرہیز کرین اور گلاب وسرکہ سکنجبین کا مضمضہ
کرین دوائی صریر الاسنان اکثر بچے مشائخ اور عورتین سوتے مین دانت کٹکٹاتی ہین اسکا سبب ضعف عضلات فکین ہوتا ہے رطوبت
دماغ سے ترکیب بعد نضج منضج گرم کے مسہل حار وحب ایارج سے تنقیہ کرین اور گردن کو روغن زنبق وقسط سے ملین اور سونف پیس کے
گلقند مین ملا کے کھائین اور مرض مذکور کہ بچون کو عارض ہوتا ہے اکثر بالغ ہونے کے بعد خود بخود جاتا رہتا ہے اور کبھی سکتہ وصرع وتشنج وفالج دیدان

وجع شدید مین عارض ہوتا ہی اور وہ مرض حاد وجدری کہ عادت نہین ہوتی ردی ہی دوائی تسہیل نبات اسنان ترکیب اگر دوسرے دانتونکے
نکلنے کا اثر معلوم ہو دماغ خرگوش و چربی ماکیان مسوڑھون پر ملین اور شہد و مسکہ کا ملنا اسیطرح نرم و چرب چیزین مثل چربی بط و موم در روغن
بادام و مغز ساق گاو و دھنا ہمراہ روغن زرد ملنا شیر شتر لگانا نفع کلی دیتا ہی شیر سگ مسوڑھون پر ملنا اس باب مین بالخاصیت نافع ہی اور مجرب ہے
جسوقت دانت شروع ہون سخت چیزون کے چبانے سے روکنا چاہیئے اور سر و گردن و بناگوش کو روغنون سے چرب رکھین اور نیمگرم کان
مین ٹپکائین اور کبھی کبھی نمک و شہد اوسکے منھ مین ملین تاکہ قلاع سے محفوظ رہے اگر آب عنب الثعلب و روغن گل ملاکے نیمگرم انگلی کے
سرے پر لگاکے دانت پر ملین درد کہ دانت نکلنے کے وقت ہوتا ہی موقوف ہوجاتا ہی دوائی کہ برائے ورم لثہ یعنے دانتونکی جڑ کے ورم کیواسطے
مفید ہی ترکیب اگر اسکا ورم حار ہو تو درد اور کھٹک کے ساتھ ہوگا اس صورت مین دوائین اور کل وہ تدبیرین جو قلاع حار مین مذکور ہوئین
کام مین لائین اگر ورم لثہ بسبب رطوبت بلغمی کے ہو اور سفیدی رنگ ہو ٹھنڈک مس کرنے سے معلوم ہوتی ہو اس حالت مین ادویہ تعدیل و تنقیہ
کہ دوائی قلاع بلغمی مین لکھی گئی عمل مین لائین دوائی برائے قروح و ناصور لثہ معمول ہی ترکیب جو کچھ دوائی قلاع حار مین ذکر ہوا کام مین لائین
اگر لثہ متعفن ہوجاے فلدفیون ملین پھر گلنار و مازو اور مثل انکے کہ نقصان گوشت لثہ کے واسطے نافع ہو استعمال کرین اور قرص زندبیج کو کہ قرا
مین لکھی ہی مٹی کے آبخورہ مین بھگوئین اور دانتون کی جڑ مین ملین اس بارہ مین بارہا آزمایا ہی اور یہ دوا ناصور لثہ کیواسطے بھی نافع ہے اگر
اچھا نہ ہو روغن کو جوش کرین اور صوف سلائی کے سرے پر باندھ کے اور روغن مین ڈبو کے گرم گرم ناصور پر رکھین دوائی برائے لثہ
دامیہ یعنے مسوڑھون سے خون نکلنا اسکا سبب ضعف قوت غاذیہ لثہ یا غلبۂ خون ہوتا ہی ترکیب منجن جو حبس خون لثہ مین معمول ہی
اور سنونات مین آئیگا دانتون کی جڑون پر ملین اور دوسرے منجنون اور مضمضون کا جو اپنی اپنی جگہ پر آئینگے حسب حاجت استعمال کرین
اور مازوے سبز و تخم خرفہ کو پانی مین پیس کے صاف کر کے مضمضہ کرنا بھی حابس خون بن دندان ہی اگر ان تدبیرون سے خون بند نہ ہو بصورت
وجود علامات غلبۂ خون فصد سر رو کھلوائین اور حسب غلبۂ خلط دیگر اسکا تنقیہ کرین دوائی ورم لہاۃ مین معمول ہی ترکیب اگر سرخی و سوزش
سے ہو جو قلاع دموی و خناق مین معمول ہی عمل مین لائین اور سرکہ و گلاب سے غرغرہ کرین اور گل سرخ و صندل و گلنار و کافور پیس کے چمچہ مین سلائی
رکھ کے ملازہ پر ملنا مفید ہی اور غرغرہ معمول کام مین لائین اور صفراوی مین غرغرہ آب عنب الثعلب و آب کاسنی کا کہ اوسمین مغز خیارشنبر ملا ہوا ہو
اور استعمال لعابات و عصارات باردہ کا مثل تخم خطمی و تخم مرو و عصارۂ کشنیز تر و بارتنگ نافع ہی اگر ورم بلغمی ہو استرخاے لہاۃ کے ساتھ
ورم مین سفیدی ہو درد تھوڑا ہو اوسکا علاج مثل علاج قلاع بلغمی کے کرین اور مری مین سکنجبین خردل ملاکے غرغرہ کرین اور مازو و نوشادر و نمک
پھٹکری ملازہ پر رکھین اور اوسمین نفع کرنے والا غرغرہ عمل مین لائین اگر ورم سوداوی ہو یا سیاہی و سختی ورم و تیرگی کام و زبان و ترشی دہن
ہو اس صورت مین مسہل سودا سے تنقیہ کرین اور رب السوس و صعتر و خیارشنبر و شیر تازہ سے ایضاً لعاب حلبہ و روغن بادام تھوڑا نمک لیکے
غرغرہ کرین اگر ورم مین سرطانیت کا اندیشہ ہو اشیاء باردہ مثل آب کشنیز سبز و آب کاہو ملاکے منھ مین رکھین اور اوس سے غرغرہ کرین اور

گرم چیزونسے اجتناب کرین دوائی کرنا مسلم ورم لہات وخناق کیواسطے مجرب ہے ترکیب ڈھاک نرلسبی کہ ہندی دوا ہے اور وہ بارہ مین ہوتی ہے اکثر جنگلون مین پلاس کے
پرانے درختون مین لپٹی ہوتی ہے اور نہایت تلخ ہوتی ہے خصوصاً اسکی جڑ ایک رتی چار عدد کالی مرچون کے ساتھ پیس کے دو تولہ پانی مین اگر جاڑا ہو نیمگرم اور اگر گرمی ہو
ٹھنڈے پانی مین پئین دوائی معمول استرخاء لہات مین یعنی کمزور اور ڈھیلا ہوجانا ملاذہ کا اسکو سقوط اللہات بھی کہتے ہین اگر رطوبت بلغمی سے ہوجاتا ہے علامت اسکی کثرت لعاب
دہن ہے عدم حرارت و سرخی کبھی بسبب خلط حار کے ہوتا ہے اسکی پہچان سرخی و سوزش و تشنگی ہے ترکیب چاہیے کہ گرے ہوے کوے کو جو لھے کی مٹی ایک عدد فلفل سیاہ پیس کے چمچہ مین کہ موم کا
بنایا ہوا ہو رکھ کے اٹھادین و گلنار و کوکنار و عنب الثعلب و کزمازج و کشنیز خشک سے غرغرہ کرین اور مازو و گل سرشو کو سرکہ مین پیکے تاکہ سر پر ضماد کرین پھٹکری و مصطگی شہد مین ملاکے لہات پر لگانا مفید ہے
اگر بسبب خلط حار ہو اور اسکی علامت سرخی و سوزش و تشنگی ہوگی اسکا علاج مثل علاج جوشش دہن کہ مادہ حار سے ہو کرنا چاہیے اور ورم لہات کا علاج بھی جوشش دہن کے علاج کے مانند ہے
ایضاً برائے سقوط لہات مجرب ہے ترکیب پوست انار شیرین گلنار طباشیر ہر ایک ایک جزو مازو سبز اقاقیا بادام ہر ایک نصف جزو کوٹ چھان کے
مغز قد مین رکھ کے اُس سے لہات کو اٹھادین یا دوا کو انگلی رکھ کے لہات پر رکھدین ایضاً برائے استرخاء لہاۃ ترکیب عنب الثعلب بابونہ خورد بزر البنج گلنار
عناب تخم خطمی ہر ایک پانچ ماشہ بدستور غرغرہ کرین ایضاً کہ رطوبت بلغمی سے ہو فالون سے ترکیب فلفل سفید ایک مثقال مرصاف ایک
مثقال پھٹکری دو مثقال مازو سبز دو مثقال کوٹ چھان کے لہاۃ مسترخی پر چھڑکین اگر مازو و نوشادر باریک پسا ہوا اوس ملاذہ مسترخی پر رکھین
اچھا ہے دوائی خناق حار مین معمول ہے ترکیب پہلے وہ دوا جو ورم کے لیے تبرید کی مذکور ہوئی ہے پلائین فصد سر رو کھلوائین بعد ازان سات سات
جونکین دونون کانون اور گردن کے درمیان چپکوائین دوسرے دن پھر یہی عمل کرین زیر زبان کی رگ کی فصد کھلوائین حجامت ساق و میان دو
شانہ بھی مفید ہے ترکیب جدوار ہرے دھنیے کی پتی مین گھس کے بھی مفید ہے یا آب عنب الثعلب اسیطرح طلاے تنزوے خطائی تنہا یا جدوار آب
کشنیز سبز مین پیس کے مفید پڑتی ہے اور غراغر عمل مین لائین اور خناق سخت مین غوک صحرائی کا پیٹ پھاڑ کے گرم گرم گلے پر باندھ دین اور پرانی روئی
آگ پر گرم کرکے مکرر باندھ دین اور سنگ پشت کو مخنوق کے منھ کے سامنے رکھین تاکہ ہواے دہن سنگ پشت موضع خناق پر پہونچے تھوڑی
دیر مین خناق کے ورم کو تحلیل کر دیتا ہے اور اگر حاجت پڑے اگر مسہل کی ضرورت ہو منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین اگر مسہل
کے بدلے حقنہ کرین بہتر ہوگا اگر مادہ مین مواد ہو اور اوسکا رنگ زرد ہو تو نوشادر و نمک پیس کے روغن کنجد مین ملاکے نیمگرم غرغرہ کرین اگر منفجر نہو
چاہیے کہ انگلی یا نشتر سے اوسے منفجر کردین جب منفجر ہوجاے روغن زرد و پانی یا ماء العسل سے غرغرہ کرین ایضاً برائے خناق بلغمی ترکیب پہلے
گرم منضج دے کے مسہل گرم سے تنقیہ کرین اور شہد و آبکامہ یا انجیر و تخم ترب جوش کرکے غرغرہ کرین ایضاً برائے خناق سوداوی معمول ہے ترکیب
بعد فصد و حجامت ساقین و نضج مادہ منضج سودا سے کرنے کے مسہل سوداوی سے تنقیہ کرین اور دودھ و انجیر و تخم مرو کا غرغرہ کرین اور خناق مین مریض
کی زبان ہمیشہ منھ سے باہر نکلی رہتی ہے علامت ردی ہے اسکو خناق کلبی کہتے ہین اگر مخنوق کے منھ سے کف جاری ہوجاے تو زندگانی کی امید نہین رہتی
ادویہ اشربہ و اضمدہ و غراغر مخنوق چاہیے کہ نیمگرم ہون اگر مادہ کثیر ہو تنقیہ کے بعد غرغرہ مناسب ہوتا ہے اور شاخون کا بلا شرط گردن کے آخری حصہ پر
رکھنا تنفس کے لیے معین اور بلع کے واسطے ہے دوائی نافع ذبحہ اور وہ ورم حاد ہوتا ہے کہ عضلات طرفین حلقوم مین عارض ہوتا ہے اور علامت اسکی

اسکی یہ ہو کہ خارج گلو میں ایک کان سے دوسرے کان تک سرخی ہوتی ہی لو دانہ بلع ہوا سے آواز پیدا ہوتی ہو اسکا علاج مثل علاج خناق گرم ہونا چاہیے بثور
حلق کیواسطے بھی یہی علاج ہو دوائی نافع برائے بثور حلق و مری و قصبہ ریہ ترکیب جو خناق دموی میں مذکور ہوا وہ عمل میں لائیں اور بعد فصد و
تنقیہ برائے تسکین لذع و حرقت شیرۂ جو و نشاستہ و روغن بنفشہ کا حریرہ بنا کے پئیں اور رات کے وقت لعاب اسبغول نیمگرم تجرع کریں (یعنے گھونٹ
گھونٹ کرکے پئیں) اور سونگھنے والی غذائیں استعمال کریں اور طعامہائے خشک و ترش و تیز سے احتراز کریں ٹھنڈا پانی بھی نہ پئیں اگر تحلیل نہ ہو انضاج
و انفجار و جلا کی کوشش کریں جیسا کہ خناق میں گذرا ہی اور بثور منفجرہ میں تسکین درد کیواسطے اور اندمال کے لیے موم روغن یا مرہم ابیض تنہا یا انڈے کی
زردی میں ملا کے گھونٹ گھونٹ پئیں اور جب کہ بنفشہ و کتیرا و رب السوس و مغز تخم خیار و نشاستہ سے لعاب اسبغول میں بنی ہو ہمیشہ منہ میں رکھیں
دوائی کہ اخراج زلو کرتی ہو ترکیب سرکہ و نمک یا سرکہ و بھنگ باہم ملا کے مکرر غرغرہ کریں اگر گل سیاہ خریطہ میں رکھ کے مریض کے منہ کو اوس سے
بھر دیں زلو جس جگہ ہوگی مٹی کیطرف دوڑیگی اور باہر نکل آئیگی اور منہ میں طحلب کا رکھنا بھی اسکے واسطے مفید ہی لہسن کھلانا دھوپ میں بٹھانا تا کہ گرمی
کی شدت ہو پھر برف کا ٹکڑا یا ٹھنڈے پانی کا آبخورہ مریض کے ہونٹھ کے قریب رکھنا کہ زلو سردی کی طرف مائل ہوتی ہی اور باہر نکل آتی ہی اگر نظر آئے
تو زنبور سے کھینچ لیں لیکن زیادہ دیر ٹھہر کے اگر زلو معدہ میں ہو فوراً قے کریں ورنہ مسہل دیں ایضاً برائے اخراج زلو انطاکی سے ترکیب دودھ جوش
کریں اور خردل و زراج و بورہ ارمنی و نوشادر اوسمیں ڈالدیں پھر اوس سے انکباب کریں فی الفور زلو منہ سے نکل پڑیگی بحکم خداوند تعالی اور سرکہ کا غرغرہ
جسمیں مذکورہ اجزا جوش کیئے ہوئے ہوں اسی قسم سے ہی اور تنباکو کے کھانے سے فوراً الگ ہو جاتی ہی اور تنباکو کا نمک زیادہ تر اوسکا قاتل ہوتا ہی
ایضاً مجربات حکیم علی سے اگر زلو حلق میں ہو ترکیب نانخواہ و فلفل کو نازک پیسیں اور حلق میں پھونکدیں کہ زلو اوس سے بھاگتی ہی اور اپنی جگہ چھوڑ
دیتی ہی بعد کو اگر معدہ میں جائے سرکہ و نمک کھلایا جائے کہ یہ دوا اوسکی قاتل ہی بعد اسکے تلیین دیں کہ وہ دفع ہو جائے اگر ناک میں ہو تو مذکورہ
دوا ناک میں پھونکدیں ایضاً خارج اور قتل کرنیکی زلو کے حلق کے متعلق مجربات طبرسی سے ہی ترکیب ابرسا سرکہ میں پیس کے روغن گل ملا کے غرغرہ
کریں دوائی برائے اخراج لقمہ و کانٹا اور مثل ان کے کہ حلق میں پھنس جاتا ہی ترکیب اگر محسوس ہوتا ہو زنبور سے کھینچ لیں اگر نہ دکھائی دیتا ہو
پانی پئیں اور بڑا لقمہ کھائے قے کریں اور اسفنج یا صوف کو تاگے میں باندھ کے بلع کریں جسوقت شی متعلق سے آگے بڑھ جائے اوسکے اوپر سے
پانی پی لیں پھر فوراً اوس تاگے کو کھینچ لیں دوائی بلع الابرہ ترکیب اگر کوئی شخص سوئی کھا گیا ہو تو قاش سنگ مقناطیس ایکدم پیس کے ایک ماشہ
شراب انگوری میں ملائیں اور ناشتا کرائیں بعد گھڑی دو گھڑی کے مسہل دیدیں دوائی مخنوق کمند کے لیے نافع ہی ترکیب پہلے کمند کو اوسکے گلے
سے جدا کریں بعد کو اگر اوسکے منہ سے کف آتا ہو اوسکی زندگی کی امید نہیں ہی اگر کف نہ آتا ہو فصد سرو کھلوائیں اور روغن بنفشہ اور آب
نیمگرم کا غرغرہ کریں دونوں پانوؤں کی مالش کریں یا شوربہ اور حقنہ کریں دوائی غرق ہونا پانی میں ترکیب کوئی شخص اگر پانی میں ڈوب جائے
جب وہ پانی سے نکالا جائے اور بیہوش ہو لیکن سانس اوسکی باقی ہو اس صورت میں الٹا لٹکا دیں اور پیٹ کو دبائیں تا کہ کل پانی باہر نکل جائے
بعدہ فلفل سیاہ و سونٹھ سرکہ میں جوش کرکے اور صاف کرکے اسکے حلق میں ٹپکائیں تا کہ ہوش میں آجائے افاقہ کے بعد چند روز تک چنے کے آٹے

اور دودھ کا حریرہ تیار بین اگر غرق ہونے والیکی سانس نہ چلتی ہو اوسکی موت کا حکم دیدین تعذیب کی کوشش نہ کرین دوائی نافع انطباق مری
علامت اوسکی یہ ہو کہ ہلکی اور پتلی چیز حلق سے نہ اترتی ہو اور ثقیل و بڑا لقمہ بخوبی کھالیا جاتا ہو یہ مرض عسر العلاج ہی بچون کے سوا بعد نضج بلغم کا تنقیہ
کرین اور مسہل وحب ایارج و غراغر ملطف رطوبات کہ استفراغ مین ذکر ہوئے عمل مین لائین اور مری کی تقویت کیواسطے انیسون مصطگی کندر بالچھڑ
بھمنین جوش کرکے گلقند عسلی مل اور صاف کرکے نیمگرم پلائین اور استعمال جوارش سفرجلی اس باب مین مجرب ہی دوائی جہت حکاک مری یعنی
خارش مری کے لیے نافع ہی اسکا سبب بخار معدہ ہوتا ہی جو مادہ محرق حریف سے پیدا ہو جاتا ہی ترکیب بنا بر تنقیہ معدہ سویا و تخم ترب و لوبیا جوش
کرکے اور صاف کرکے سکنجبین ملاکے پلا دین قے کرائین بعدہ برائے تقطیع مادہ سکنجبین عنصلی یا پرانے سرکہ کا غرغرہ کرین آخر مین تسکین
کے واسطے تازہ دودھ مین شکر ملاکے جرعہ جرعہ پئین دوائی عسر البلع حراری علامت اُسکی غلبۂ تشنگی ہی اور ٹھنڈا پانی پینے سے نفع ہوتا ہی ترکیب
لعاب اسبغول و شیرہ تخم خرفہ و شربت تمر ہندی یا شربت خشخاش و عناب و گلاب پئین اور آب برگ کاسنی و کشنیز تر و کاہو کا غرغرہ کرین اور صندل
کافور آب کشنیز سبز یا آب برگ خرفہ و کاہو مین پیس کے دونون کتف کے درمیان مین لیپ کرین اور قیروطی روغن بنفشہ و موم اس جگہ ملین غذا ماء الشعیر
ہمراہ روغن بادام دین دوائی عسر البلع برودتی علامت اسکی پیاس کا نہ ہونا اور گرم چیزون سے فائدہ معلوم ہونا ترکیب انیسون بادیان
مصطگی سنبل الطیب جوش کرکے شربت دینار یا شربت بادرنجبویہ کیساتھ دین اور دارچینی تخم سویا سونف پانی مین پکاکے غرغرہ کرین اور سنبل الطیب
و مصطگی و فستقین و جند بیدستر کا ضماد کرین اور روغنہائے گرم مثل روغن خیری و قسط و ترب کی مالش کرین غذا نخود آب دارچینی و عسل و چوزہ کبوتر
دین دوائی عسر البلع رطوبتی علامت اسکی منہ سے رطوبت کی کثرت اور اوسمین پانی کی زیادتی ہو ترکیب شربت بہ و سیب و شربت حب الآس
پئین و طبیخ بہمنین و گل سرخ و ہلیلہ و اجخان کا غرغرہ کرین اور روغن زنبق و ناردین ملین اگر مادہ بھی ہو پہلے رطوبت کا معدہ سے تنقیہ کرین پھر جلنجبین
ہمراہ مصطگی و انیسون کے کھائین اور ہلیلہ مربی و اطریفل کھلائین مصطگی و قرنفل سے مضمضہ کرین غذا سمک مالح یا لحم عصافیر کبوتر و کرویا کے ساتھ دوائی
عسر البلع یبوستی علامت اسکی خشکی دہن و قلت بزاق ہو ترکیب لعاب اسبغول و لعاب بہدانہ و شیرہ مغز تخم کدوے شیرین ہمراہ شربت بنفشہ یا شربت
نیلوفر دین تازہ دودھ سے غرغرہ کرائین اور مغز تخم کدو و مغز بادام شیرین و بنفشہ و برگ خطمی باریک کرکے لعاب تخم مرو اور مرغی کی چربی ملاکے دونون
شانون کے درمیان مین لیپ کرین روغن بنفشہ و روغن کدو ملین اور شربت شیر و روغن بادام یا ماء الشعیر لعاب بزر قطونا و روغن بادام و تحسی امراق
شحم دجاج و مسکہ سے اور تحسی انڈے کی نیمبرشت زردی سے اور حسوا آرد سمید و شیر و روغن بادام سے مناسب ہوگی دوائی ورم مری حاد اسکی علامت
بخار اور تشنگی کی شدت اور دونون شانون کے درمیان مین درد کا ہونا ہی ترکیب اسکا علاج مثل علاج فلغمونی کرین بعد فصد ہفت اندام یا باسلیق
کے ابتدا مین شیرہ تخم خرفہ اور آب انار شربت توت کیساتھ جرعہ جرعہ پئین اور صندل گلاب مین گھس کے لیپ کرین انتہا مین شربت بنفشہ و شربت
کاکنج تھوڑے سے مغز خیار شنبر یا ماء الشعیر مین ملاکے دینا یا آرد جو و بابونہ و خطمی و بنفشہ کا آب عنب الثعلب و روغن گل مین ضماد کرین نافع ہی دوائی ورم بارد
مری اسکی علامت دونون شانونکے درمیان ثقل ہونا ہی بغیر درد کے ترکیب منضج گرم سے نضج مادہ کے بعد مسہل و حب ایارج سے تنقیہ کرین اور ناخونہ

بابونہ تخم سویا السی پانی مین جوش کرکے اور صاف کرکے سکنجبین سے جرعہ جرعہ پئین ایضاً ادویہ مذکورہ پیس کے ضماد کرین اور روغنہاے گرم مثل
روغن بابونہ وزیت کی مالش کرین دوائی قروح مری کے واسطے نافع ہی سبب اسکا انفجار بثور یا اورام مری ہوتا ہی یا مادہ حار کا اُس موضع
پر مرور علامت اُسکی درد کی زیادتی اور سوزش ہی جسوقت شور و ترش چیز کھائی جاتی ہی جا ہے وہ چیز تھوڑی ہی کیون نہ ہو اور طعامہاے چرب
و نفہ کے استعمال سے زیادتی درد کی نہین ہوتی ترکیب پہلے براے تنقیہ مری ریم سے دو تین روز ماء العسل یا شیر و شکر تھوڑی پئین بعدہ
اسکے اندمال کیواسطے قیر وطی کہ موم سفید و روغن گل سے بنی ہو اور مرہم ابیض جو انڈے کی زردی اور سفیدہ ارزیز و روغن گل سے تیار کیا گیا ہو جرعہ
جرعہ پئین اور جو دوائی بثور حلق و مری مین گذرا حسب حاجت کام مین لائین دوائی کہ بحت الصوت مین کہ بسبب گرمی حنجرہ واقع ہوتا ہی نافع
ہے ترکیب شیرہ تخم خیارین شیرہ تخم خرفہ شیرہ مغز تخم کدو عرقیات مین نکال کے شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر داخل کرکے پئین اگر بسبب سردی
حنجرہ یا اسکی تری سے ہو مطبوخ جو مطبوخات مین آئیگا دین اگر یبوست حنجرہ کے سبب سے ہو اور یہ اکثر غبار و دھوین کے سبب سے ہوتا ہی لعاب بہدانہ
و لعاب اسبغول عرقیات مین نکال کے ہمراہ شربت نیلوفر و شربت بنفشہ پئین اگر قوی آواز دن کی کثرت سے ہو اسکا علاج بھی مثل سوء مزاج حار کے
کرین اور مسکہ و شکر کا غرغرہ مناسب ہوگا روغن بنفشہ سے غرغرہ کرنا بھی مفید ہی انڈے کی نیمبرشت زردی کھائین اگر سپندور کے کھانے سے ہو
گل چراغ پان کے ساتھ کھلائین کہ قے آتی ہی اور گلا صاف ہوجاتا ہی اگر نزلہ کے سبب سے ہو اوسکا علاج کرین اگر اقسام مذکورہ مین مسہل کی ضرورت ہو
تو تنقیہ کرین ایضاً براے بحت الصوت جو سردی سے ہوتا ہی مجرب ہی ادرک لے کے اُسکے اندر خالی کرین اور ایکدرم نمک سنگ پیس کے اوسمین
بھر دین اور ادرک کے ٹکڑون سے اوسے بند کرکے گیہون کے خمیر مین اُسے لپیٹ کے بھُل بھُل مین دبا دین تا کہ پک جاے ہر روز اُسمین سے تہائی
درم کھائین ایضاً کہ سردی سے ہو ترکیب فلفل سیاہ خردل زعفران خولنجان عاقرقرحا پیس کے شہد کے ساتھ چاٹین نوعدیگر براے
بحت الصوت یابس مجرب ہی ترکیب خشخاش کو پیس کے مسکہ اور شکر ملا کے مثل لعوق کے تھوڑا تھوڑا چاٹین تینون اجزا برابر ہونا چاہئے
دوائی براے ضیق النفس جاننا چاہیے کہ اس مرض کا مادہ کبھی ایسا ہوتا ہی کہ ریہ مین بسبب سردی مزاج ریہ کے پیدا ہوجاتا ہی کبھی دماغ سے ریہ مین ٹپکتا
ہے اور یہ علامات نزلہ سے ہوتا ہی اور دماغ و صدغ مین ثقل و تمدد ہوتا ہی اور ضیق دفعۃً عارض ہوجاتا ہی ترکیب مطبوخ کہ مطبوخات
مین آئیگا اور دونون اقسام ضیق النفس کے واسطے نافع ہی پلائین اور لعوق معتدل اور دیگر لعوقات کہ تسہیل اخراج بلغم غلیظ و تغلیظ مواد رقیق
کرتے ہون ہمراہ مطبوخ مذکور دین اگر مادہ نزلہ منصبہ حار ہو فصد ہفت اندام یا باسلیق کھلوائین اور بعد منضج یا رد سے نضج مادہ کے تنقیہ کرین
اس مرض مین لعوقات مشروبات سے بہتر ہوتے ہین روغن سوسن و روغن نرگس اور مثل اسکے کہ معین نفث مواد ہو سینہ اور پہلو پر ملین دیگر لعوقات
و سفوفات اُسکے نافع کھلائین اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو ضیق بلغمی مین بعد نضج کے تنقیہ مسہل گرم و حب ایارج سے کرین مسہل کے بعد
قے کرنا مفید ہوتا ہی دوائی ضیق النفس کہ بسبب بخارات حارہ قلب کے ہوتا ہی علامت اسکی عظم نبض و نفس اور اوسکا تواتر ہی اور تشنگی کی شدت و
خفقان و سوزش و ضعف دل ہی ترکیب فصد باسلیق بائین ہاتھ کی کھلوائین حرارت قلب کی تسکین کے واسطے شیرہ تخم خرفہ نوشاشہ عرق کاسنی

عرق گاؤزبان سات سات تولہ مین نکال کے شربت صندل و شربت نیلوفر ہر ایک چھ ماشہ داخل کر کے پئین اور طلاے صندل وآب کشنیز سینہ پر کرین
اور لعاب اسبغول شربت نیلوفر و شربت بنفشہ مین دین اور ماء الشعیر کھلائین اور بعد اوسکے لعاب گاؤزبان شربت انار کے ساتھ سفید بھیجین اور جو کچھ خفقان
حار مین بیان ہوا اوسپر عمل کرین اور اشیاء یابسہ و مجففہ سے احتراز کرین اور اطراف کی مالش و گرم پانی مین بٹھانا سود مند ہوتا ہے دوائی ضیق النفس کہ
بسبب ذباح و ابخرہ اعضاے تنفس ہو علامت اوسکی عدم گرانی سینہ ہے اور سرفہ بے بلغم و تضرر بادی چیزون سے اور تقدم اشیاء بادانگیز کے بکثرت
کھانے سے ترکیب بزر تخم کشوث و بزر بادیان و گلقند کھلائین اور تنقیہ مسہل گرم سے کرین اگر بسبب ورم ریہ یا ورم عضو مجاور اوسکے کے ہو اسکا
علاج اُس عضو کے ورم سے کرین دوائی ضیق النفس کہ استرخاے عضلات سینہ سے ہو علامت اسکی نفس بکلو ہے اور یہ نفس شل بچے کے ہوتا ہے
کہ رونے کے وقت اونکی یہ کیفیت ہوتی ہے اور انتصاب نفس و نرمی نبض ہوتی ہے ترکیب حلبہ دو عار چینی جوش کر کے شہد ملا کے پئین روغن نرگس
و روغن سوسن و روغن بان ملین اور شونیز باریک پیس کے ہمراہ شہد و روغن شبت ضماد کرین اور مطبوخ نافع انتصاب نفس پلائین دوائی انتصاب
نفس یہ جب عارضہ ہوتا ہے تو بغیر گردن کو سیدھا کیے اور اوپر کو اُٹھائے ہوے سانس نہین لیجاتی ترکیب اسکا علاج بھی ضیق النفس کے علاج
کیطرح ہے رب السوس ایک ماشہ فلفل سیاہ و مرکی ہر ایک دو ماشہ شہد مین چٹنی بناکے چاٹین اور اسکے اوپر سے مطبوخ پئین کہ مجربات سے ہے باقی علاج
مثل علاج فالج ہے دوائی براے ضیق بلغمی در بوالطاکی سے ترکیب قے کی مبادرت کرین جہانتک ممکن ہو غذا عمدہ کھائین جب تک قوت قوی ہے
زفر ترک کرین اگر تپ موجود ہو ورنہ حسب ضرورت اگر چارہ نہ ہو فراخ تو ابعض صرف دین ترش چیزون کو مطلق ترک کر دین اسیطرح ہندوانہ و خیار
چاہیے کہ سکنجبین عنصلی و شربت اصول یا زوفا دین ہر دارید محلول میرے مجربات سے ہے اسیطرح مطبوخ فواکہ ہمراہ انیسون دفار یقون ہر ایک
ایکدرم اور اگر برزکتان اور اوسکے نصف وزن عنصل کو پیسین اور شہد مین ملا کے ہمیشہ کھلائین مرض کو دور کر دیگا اسیطرح سندروس پینے مین اور دھونی
مین اگر نیمدرم ہینگ کھائین اور اوسکے اوپر سے ایک سکرجہ آب مطبوخ انجیر و کرویا و انیسون و زیرہ مدبر سرکہ پئین مجرب ہے سچ یہ ہے کہ اسکا مثل نہین
طبیخ بجنہ حدات و بورق و زیرہ کھانا سرطانون کو بریان کر کے اور اوسکا طبیخ شیر مین اور ایضاً ماء العسل کا زعفران مین پینا مجربات سے ہے دوائی کہ نہایت درجہ قوی
ہے ضیق بلغمی بارد و مزمن مین ترکیب شیر زقوم نیمدام لے کے گیہون کے آٹے مین ملائین اور ٹکیان بنا کے آگ پر بھونین جب دینا چاہین تو تین روز قبل سے
بیمار کو غذاے نرم دینا چاہیے اور چوتھے روز اس دوا کا نصف حصہ اگر مرد جوان و قوی ہو دین جب سات بار اجابت ہو وے خشکہ کے ساتھ کھلا دین
لیکن زیادہ نہ کھانا چاہیے اگر یہ غذا بھی نہ رُکے اور اسہال بند نہ ہو غذاے مذکور دوسری بار دین اور دوسرے دن باقی دوا دیدین تین روز تک کبوتر کا شوربہ
خشکہ کے ساتھ کھلائین اور پانچ چھ روز تک نرم غذائین دیتے رہین دوا کھانے کے درمیان مین اسکے بعد چند روز تک ہوا سے پرہیز ضروری ہے مکان
محفوظ مین کہ بہت تاریک ہو بٹھائین کہ بہت زیادہ نافع ہے دوائی ضیق النفس بلغمی کے دفع کرنے مین جسوقت سانس بند ہو جاتی ہو کام آتی ہے ترکیب
بورہ ارمنی چار درم تخم سپندان دو درم دونون کو کوٹین اور ایک اوقیہ ماء العسل مین دین کہ فوراً سانس کھل جائیگی تو عدبگر تنقیہ ریہ و تقطیع رطوبت کرتی
ہے اور ربو مین پورا نفع کرتی ہے ترکیب فنہ ایکدرم ایک اوقیہ پانی مین کہ جسمین انجیر سفید جوش کیے اور صاف کیے ہوے ہون حل کرین اور ایکدرم روغن

بادام شیرین حل کر کے تین روز پلائین ایضاً عجیب ہے اخراج کرنے مین مادہ کے صدر و ریہ سے ضیق و سرفہ مین ترکیب زوفاے خشک پودینہ اصل السوس
خردل قردمانا فلفل تخم انجرہ انیسون مساوی کوٹ چھان کے شہد مین ہاتھون سے ملا کے معجون بنائین اور ایک ملعقہ کھائین ایضاً کہ تین روز مین
ضیق و سرفہ بلغمی دور کرنے مین مجرب ہے ترکیب تنکار بریان نمک سیاہ اشخار ہر ایک ایک ماشہ باریک پیس کے سوتے وقت نیم گرم پانی کے ساتھ
کھلائین غذا دال مونگ خشکہ دوائی براے ضیق حدیث و مزمن اور براے اقسام سرفہ بلغمی تازہ و کہن مجرب و ممتحن ہے ترکیب برگ چرچرہ معہ بیخ و شاخ
و تخم و جڑ کے سب کو سکھا کے جلاوین کہ خاکستر ہو جائے اوس خاکستر کو آدھ سیر لے کے دس سیر پانی مین جوش کرین جب ایک سیر پانی باقی رہ جائے
جوش کی ہوئی نصف خاکستر کو آدھ سیر پانی مین ڈال کے ڈھائی پاؤ بیل کے ساتھ کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیان بنائین اور ایک گولی ہر صبح
کو کھائین اور آدھ سیر پانی جو معہ خاک کے باقی رہ گیا ہے اوسمین آدھ سیر اجوائن ڈال کے رکھ چھوڑین اور ایک مٹھی کھائین دوائی کہ اقسام سرفہ مین
معمول ہے ترکیب جو ضیق النفس کے بارہ مین ذکر ہوا ہے حب سبب اسیر عمل کرین اور گل لسیتہ و طبلیہ مساوی کی ادرک کے پانی مین مونگ کے برابر
گولیان بنا کے منہ مین رکھین کہ اکثر اقسام سرفہ کے واسطے مجرب ہے سرفہ بارد کے واسطے تریاق کبیر کا کھانا مفید ہے اور سعال نزلی مین نزلہ کا علاج
کرین اور تریاق النزلہ و شربت خشخاش کہ اوسمین زہر النبیج داخل ہو اور لعوق نافع سرفہ نزلی اس باب مین مجرب ہے اس قسم سرفہ مین علاج کی مبادرت
زیادہ کرنا چاہیے کہ اکثر یہ سل کی طرف منتقل ہو جاتا ہے اور ماء الشعیر غلیظ القوام کہ عناب و سپستان و خشخاش اوسمین پکائے گئے ہون شربت خشخاش ملا کے
پلائین اور حریرہ جو شیرہ خشخاش و نشاستہ و نبات سفید سے تیار ہو دین گر سرفہ نزلہ بارد و غلیظ سے ہو مطبوخ جو براے سرفہ نزلی بارد مطبوخات مین آئیگا
دین اور غرغرہ حابس نزلہ عمل مین لائین استعمال حب الشفا مفید ہے اور جو ضیق النفس بلغمی مین گذرا ہے استعمال کرین اگر غلظ مادہ اور اوسکی برودت
زیادہ ہو لعوق تخم کتان دین اور ہر رات کو روغن سوسن یا روغن نرگس سے سینہ کی مالش کرین اگر سرفہ کی شدت ہو اور بسبب غلظ مادہ اور اوسکے تحجر
کے نفث ظاہر نہ ہو بکری کے گردہ کی چربی روغن یاسمین دونون کو آگ پر چڑھا دین تا کہ جوش آجائے اور سینہ پر ملین تا کہ سینہ کو نرم کرے اور اخلاط کثیفہ
کو دفع کرنے پر مائل ہو دوائی سرفہ کہ رطوبت ریہ و سینہ سے ہوتا ہے یہ قسم مشائخ اور مرطوبین کو زیادہ عارض ہوتی ہے اور سرفہ مین بلغم بہت آتا ہے حلق مین
چپک جاتا ہے سینہ پر خرخراہٹ ہوتی ہے خصوصاً سوتے اور اوسکے بعد مین ترکیب نضج مادہ منضج حار سے کر کے مسہل حار سے تنقیہ کرین اور تخم ترب و
اصل السوس جوش کر کے شہد داخل کر کے قے کرین اور براے نشف رطوبت لعوقات گرم استعمال کرین اور اغذیہ ناشفہ مثل بریان قلیلین کے تناول
کرین دوائی سرفہ کشش کی برودت سے ہوتا ہے علامت اسکی پیاس مین کمی اور گرم ہوا سے نفع اور ہوائے حمام سے نیز گرم چیزون سے تسکین ہوتی ہے
ترکیب مطبوخ جو کہ اوپر کی قسم مین گذرا دینا چاہیے اور معجون لقطی مطبوخ اصل السوس و انجیر و مویز منقی مین ملا کے پینا نافع ہے اور لعوقات گرم چاہیے
اور نخود آب معہ دارچینی و زعفران کے غذا کرین دوائی سرفہ جو حرارت شش اور اوسکی حرارت و یبوست سے ہوتی ہے علامت اوسکی خشک
کھانسی اور ہمیشہ تشنگی کا معلوم ہونا حلق کا خشک رہنا اور جو حرارت و یبوست دونون سے ہوتی ہے اوسکی علامت سینہ کا خشک رہنا کھانسی کی زیادتی ہر حرکت کیوقت
اور تشنگی و گرسنگی و گرمی ہوا مع لاغری بدن اور سرعت نبض و ضیق النفس و عدم نفث اور مرطبات و ہواے سرد سے نفع و تسکین کا معلوم ہونا ہے

ترکیب شیرہ تخم خیارین و شیرۂ تخم خرفہ و شیرۂ مغز تخم کدوے شیرین عرقیات مین نکال کے شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر داخل کر کے پئین اور یبوست معہ حرارت کیصورت مین لعاب بہدانہ و لعاب اسبغول زیادہ کر دین اور مغز بادام و کتیرا ہمراہ شکر اور اسیطرح بھینس کا دودھ ہمراہ روغن بادام و شکر نیز شیرۂ بادام ہمراہ شکر یہ سب مجربات سے ہین و تراشہ کدو و آب کشنیز سبز و آب برگ خرفہ و گلاب کا سینہ پر طلا کرین اور قیروطی اخضر ملین لعوقات بارد چاٹین در غذا ماء الشعیر و کدو و اسفاناخ سے بنائین اور حریرہ سبوس و روغن بادام و خشخاش و گوشت جوزہ مرغ فربہ و بابچہ گوسفند بھی مناسب ہوتا ہی اور تازہ مسکہ مصری کے ساتھ کھانا مفید ہو دوائی سرفہ جو امتلاے خون صفراوی کے سبب سے ریہ مین ہوتا ہو علامت اسکی غلبۂ خون مثل عظم نبض و تنفس و سرخی رو و تشنگی و تسکین ہواے سرد و آب خنک سے ہونا اور اکثر سرفہ بے نفث اور کبھی با نفث زرد کسیقدر ہوتا ہی ترکیب فصد باسلیق یا ہفت اندام کھلوائین اور لعاب بہدانہ و شیرۂ عناب و شیرۂ مغز تخم کدو عرق شاہترہ مین نکال کے شربت نیلوفر حل کر کے دین اور جو قسم سابق مین گذرا ہے حسب حاجت عمل مین لائین اور مسہل بارد سے تنقیہ کرین اور قرص کافور و دہی و عرق لیمون کھائین دوائی سرفہ جو حدوث بثور سے ریہ مین ہوتی ہو علامت اسکی سرعت نبض و حرقت بول ہو اور غبار و دھوئین سے صدمہ پہونچتا ہو گرم ہوا اور گرم چیزون سے نقصان ہوتا ہی ترکیب فصد باسلیق و حجامت سینہ کرائین اور مسہل بارد دین اور جو قسم بالا مین مذکور ہوا اور جو فصل بثور حلق مین گذرا استعمال کرین دوائی سرفہ حصول مادۂ سودا سے ریہ مین یہ قسم نادر الوقوع ہے اور اس قسم مین کوئی چیز سیاہ اور نیلی کھانسی مین نکلتی ہو اور دوسری علامتین سودا کی پیدا ہوتی ہین ترکیب حریرۂ سبوس گندم دین اور منضج سودا سے نضج مادہ کے بعد مسہل سودا سے تنقیہ کرین غذا نخوداب گوشت مرغ یا گوشت گوسفند جوان اور اگر سرفہ بسبب ذات الجنب و ذات الریہ و ورم کبد و صدر و فم معدہ ہو اصل مرض کا علاج کرین دوائی سرفہ وبائی کہ بہت آدمیون مین ہوا کی تعفن سے ہو جاتی ہو اور بچون بوڑھون کی ہلاکت کا سبب ہو جاتی ہو ترکیب مفرحات و حموضات مثل لعاب گاوزبان و آب انارین و گلاب و کیوڑہ و نقوع آلوے بخارا و دیز شیان اور جدوار و شربت تنبول دین اور حب ہندی کہ حبوب سرفہ و حریرہ مین مذکور ہوئی مفید ہی اور حجامت بے شرط مہرۂ دوم گردن پر سرفہ کہنہ و شدید کے واسطے نافع ہے اور آب معصور انار میخوش مشوی سے بہت لوگون کی صحت ہوتی ہو دوائی برای سرفہ معمول حکیم محمد سلیم خان سے ہے ترکیب رب السوس و سہاگہ و حب الآس کاکڑا سینگی برابر مٹی کے کوزہ مین رکھ کے اوسکے منھ کو مضبوط بند کر کے رات کو تنور مین رکھین صبحکو نکال کے پیس کے تھوڑا سا پان کا عرق اوسمین ملا کے کھائین دوائی ہندی کہ برای سرفہ معمولی اور بہت مفید ہو ترکیب فلفل نانخواہ دارفلفل نمک لاہوری نمک سیاہ سہاگہ ہر ایک ایکدرم برگ آڑو تیرہ عدد سبوچہ گلی مین رکھ کے اوسکا منھ بند کر کے آگ پر چڑھا دین کہ جل جاے بعدہ دوائین نکال کے پیس کے رکھ چھوڑین اور ہر روز اوسمین سے چار رتی پان مین کھائین اور بعضون نے لکھا ہو کہ پیسنے کے بعد اوسکے برابر ببول کا گوند پیسکے ملا دین اور ایک ماشہ روز کھائین دوائی سرفہ اطفال مجرب ہی ترکیب کاکڑا سینگی سونٹھ اتیس دانہ الائچی سفید اصل السوس برابر کوٹ چھان کے شہد مین لعوق بنائین اور کپڑا عرق کوکنار مین تر کر کے خشک کرین اوسکی ٹوپی سر پر رکھین دوائی نفث الدم یعنے خون کا منھ سے آنا یا تو اجزاے دہن سے آتا ہو مثل لثہ یا اجزاے حلق مثل لہاۃ و حنک یا سر سے حلق کیجانب اترتا ہی یا قصبۂ ریہ سے یا سینہ سے پھیپھڑے سے

رگ کا منہ کھل جانے کے باعث یا اوسکے پھٹ جانے سے خواہ کسی ضربہ و سقطہ کے وقوع سے یا استعمال ادویہ سمیہ یا سرفہ شدید کے سبب یا آواز
زور کی یا لقے دشوار یا امتلاے خون یا ورم دموی ریہ یا نزلۂ حاد یا برودت و یبوست قوی سے کہ اعضاے صدر کو پہونچتی ہو چنانچہ اگر منہ سے آتا ہو تو بزق
و تفل سے آتا ہو اجزاے حلق و سر سے تو تنخخ سے باہر آتا ہو اگر قصبۂ ریہ سے آتا ہو تو تنحنح اور سرفہ مین آتا ہو اور اگر سینہ سے آتا ہو تو شدید کھانسی کیساتھ
آتا ہو اور سیاہ رنگ و جامد ہوتا ہو کسیقدر درد ملا ہوا اور اگر پھیپھڑے کے جوہر سے آتا ہو خون پتلا اور سرخ کفدار کھانسی کے ساتھ آتا ہو بغیر درد کے اور
دن بدن زیادتی کے ساتھ زخم بڑھتا جاتا ہو اور پیپ اور چھلکے کے ساتھ آتا ہو اور اوسکے ساتھ تپ بھی ہوتی ہو ترکیب لعاب بہدانہ شیرۂ عناب
شیرۂ مغز تخم تربوز شیرۂ پوست بیخ الجبار شیرۂ تخم خرفہ پانی مین نکال کے شربت نیلوفر داخل کرکے بارتنگ چھڑک کے پئین اگر خون بند نہ ہو
فصد باسلیق کھلوائین اور قرص کہربا و قرص گلنار کھلائین اگر اسکا سبب نزلہ ہو حبس نزلہ کرین اور غذا آش جو و مونگ کی کھچڑی دین دوائی نفث الدم
ہر قسم کے واسطے مجربات والد مرحوم سے ترکیب خاکستر برگ انگور دو تین ماشہ ہمراہ شیرۂ تخم خیارین یا شیرۂ تخم خرفہ یا شیرۂ برگ مجھی و شربت عناب
دین دوائی برائے اکثر اقسام نفث الدم از مجربات قرشی ترکیب شربت الجبار لعاب گاؤزبان مین ملا کے اور کہربا و گل ارمنی ہر ایک ایک ماشہ
پیس کے شربت خشخاش دو تولہ مین ملا کے چٹنی بنائین اور اوسکے اوپر سے شیرۂ تخم خرفہ چھ ماشہ پانی مین نکال کے شربت الجبار دو تولہ ملا کے پلائین دوائی
نفث الدم سے اور اوسکے اجزا سے مثل لثہ کے ترکیب قابض چیزون سے مثل مورد و گلنار و مازو و شب یمانی کے مضمضہ کرین اور ایضاً مضمضہ لین و
اصل السوس مقشر و کشنیز خشک پانی مین پیس کے مضمضہ کرین مفید ہو اور جو دوائی لثہ دامیہ یعنی سیلان خون لثہ مین مسطور ہوا کام مین لائین
دوائی نفث الدم اجزاء حلق سے مثل لہاۃ و حنک کے ترکیب ظہور آثار امتلائی غلبۂ خون کی صورت مین فصد سر رو کھلوائین اور فقرۂ گردن کی حجامت
کروائین اور نہین تو وہ تبرید جو نفث الدم کے واسطے ذکر کیگئی ہے دین دوائی نفث الدم کہ خون سر سے حلق کیطرف آتا ہو ترکیب عناب گل نیلوفر
بہدانہ عرق شاہترہ دس تولہ مین جوش کرکے صاف کرکے شیرۂ کاہو شربت نیلوفر داخل کرکے دین اور نفوخ خاکستر خرمہرہ زرد نتھنون مین دماغی
خون رکنے کے واسطے مجربات حکیم عابد سرہندی سے ہے اور قابض دواؤن سے غرغرہ کرین اور ٹھنڈے قابض لیپ جو دوائی رعاف مین مذکور
ہوے سرکہ کے ساتھ سر کی چندیا اور ماتھے پر طلا کرین اور اگر آثار غلبۂ خون و امتلاے بدن اوس سے معلوم ہو فصد سر رو کھلوائین اور صمغ عربی و کتیرا
طباشیر کہربا شمعی دم الاخوین ہر ایک ایک ماشہ پیس کے خمیرۂ خشخاش ڈیڑھ تولہ ملا کے ورق نقرہ ایک عدد مین لپیٹ کے کھائین اوسکے
اوپر سے شیرۂ تخم خرفہ شیرۂ خشخاش ہر ایک نو ماشہ شیرۂ پوست بیخ الجبار چار ماشہ لعاب بہدانہ تین ماشہ شربت نیلوفر تین تولہ تخم فرنجمشک تین ماشہ چھڑک کے پلائین
اور اطلیہ و غرغرۂ نزلہ کام مین لائین دوائی نفث الدم قصبۂ ریہ و سینہ و شش سے ترکیب ادویہ قابضہ سے غرغرہ کرین اور حب نفث الدم
منہ مین رکھین اور ممکن ہو کہ فصد کی ضرورت پڑے اور بعضے لکھتے ہین اگر خون حنجرہ و مری و حلق سے آتا ہو تو بعد فصد و حجامت ساقین و
اطراف کی بندش کے قرص کہربا یا قرص لبید یا قرص خشخاش یا قرص گل تین ماشہ گھس کے شربت خشخاش یا الجبار ملا کے چاٹین اوسکے اوپر
سے شیرۂ حب الآس و بارتنگ و خشخاش ہر ایک سات ماشہ لعاب بہدانہ و ریشہ خطمی ہر ایک تین ماشہ عرقیات بارتنگ و گاؤزبان ہر ایک

دس تولہ مین بگال کے شربت انجبار تین تولہ داخل کر کے صمغ عربی تخم ریحان ہر ایک چار ماشہ جھڑک کے پئین دوائی نفث الدم کہ خون جرم ریہ سے آتا ہے ترکیب اگر نزلہ سے ہو فصد سر رو لو ین اور تبرید جو نفث الدم مین ابتدائی حالت کیواسطے مذکور ہوئی ہے دین اگر طبیعت مین قبض ہو تین مناسب تلیین کرین اور تدبیر مناسب عمل مین لائین دوائی مرض سل مین نافع ہے سل قرحہ ہوتا ہے کہ ریہ مین حادث ہوجاتا ہے نزلہ حار کے سبب کیونکہ ریہ کے اوپر ٹپکتا ہے اور بعد ذات الجنب ذات الریہ وسعال مزمن ونفث الدم کہ ریہ سے ہوتی ہین عارض ہوا کرتا ہے اوسکی علامت تپ دق دسرفہ دجرد ریم ہوتی ہے ریم وبلغم مین فرق یہ ہے کہ ریم تھوڑی دیر کے بعد پانی مین بیٹھ جاتی ہے اگر پانی مین ڈال دیجاے اور بلغم پانی کے اوپر تیرا کرتا ہے اور اگر پیپ کو آگ پر رکھین تو بو آتی ہے اور جراحت ریہ کہ ابتداے سل ہوتی ہے علاج پذیر نہین ہوتی ترکیب ابتدا مین کہ جب تک خون پیپ کے ساتھ آتا ہو اور اوسکا سبب نزلہ حار ہو فصد سر روا ادویہ نزلہ حار مفید پڑتی ہین اور بعد ازان تخفیف عوارض کے لیے لعوقات کا کھانا نافع ہے اور سفوف سرطان وقرص طباشیر کافوری وقرص سرطان ہمراہ شیر زنان وشیر خر وشیر بز دین اور کیکڑے کے پانوٴن جدا کرکے پیٹ چاک کرکے آلائش صاف کر ڈالین پھر نمک پانی سے دھوکے بعدہ ایکبار میٹھے پانی سے دھوئین اور آش جو کے ساتھ پکائین پھر مل اور صاف کرکے پلا دین اور شیخ الرئیس نے اپنے تجربات سے لکھا ہے کہ مسلول کو گلقند تازہ بہت دین یہانتک کہ اوسکی غذا بنادین نفع عظیم کرتی ہے اور اگر اوس سے نفس کی تنگی ہو لعوقات باردہ سے تدارک کرین اگر گلقند حرارت زیادہ کرے بشل شیرہ تخم خرفہ وشربت انار اوسکی تسکین کرین اور اگر حرارت قوی ہو کافور ایک رتی زیادہ کردین یا قرص کافور یا قرص طباشیر کافوری زیادہ کرین اور مجربات قرشی سے یہ ہے کہ نمزی السمک یعنی سریش ماہی کو آب گرم مین حل کرکے اور مصری سے میٹھا کرکے چند بار پلائین اور پنیر تازہ کے نمک کھلانا بھی مناسب ہوتا ہے اور غذا شوربائے گوشت بزد جوزہ مرغ وبانچہ دین دوائی کہ سل مین معمول ہے ترکیب اصل السوس چار ماشہ بیخ انجبار تخم خطمی وتخم خبازی ہر ایک چھ ماشہ جوش دے کے صاف کرکے شیرہ تخم خرفہ شیرہ تخم کا ہو ہر ایک چھ ماشہ شربت دیا قوزہ ایک تولہ داخل کرکے دین اور رب اصل السوس بنفشہ ایک ماشہ طباشیر تخم خطمی زہر مہرہ خطائی ہر ایک چار رتی مغز تخم خیارین وتخم بستان افروز کثیرا صمغ عربی ہر ایک دو ماشہ کافور زعفران ہر ایک دو رتی کوٹ چھان کے کھلائین اوپر سے شیرہ تخم کا ہو شیرہ تخم خرفہ وشیرہ گاوزبان شیرہ اصل السوس شربت بنفشہ خاکسی جھڑک کے پلائین اور کبھی سفوف مذکور ہمراہ شیر بز یا عرق شیر براے مسلول معمول ہے ایضاً کہ سل اور نفث الدم مین معمول ہے ترکیب سرطان سوختہ کثیرا صمغ عربی مغز تخم کدو مغز بادام تخم خطمی تخم بستان افروز گیرو بیخ انجبار کافور ہر ایک چار رتی کوٹ چھان کے ٹکیان یا سفوف بنا کے ہمراہ شربت دیا قوزا انجگلو کے کھائین اوپر سے عرق کافور پی لین ایضاً براے سل کہ معہ تپ عفنی کے ہوتی ہے ترکیب کو کنار ایک ماشہ صمغ عربی نشاستہ کثیرا طباشیر کافوری یا گل ارمنی یا جز اسکا ملا کے دین اگر قبض کی زیادتی ہو یا استفراغ مادہ کی حاجت پڑے نقوع یا طبیخ عناب سپستان وگل بنفشہ ونیلوفر وخطمی وخبازی وگاوزبان اور مانند انکے معہ شیر خشت وترنجبین ومغز فلوس وروغن بادام پلائین اس مرض مین تلیین سے بہتر قبض ہوتا ہے کھانسی کی تسکین کیواسطے ہمیشہ حبوب سرفہ منھ مین رکھین دوائی سرفہ وسل ودق کے واسطے مفید ہے ترکیب بانسہ کہ اڑوسہ بھی کہتے ہین جلائین اور اوسکی راکھ سے کھار لیلین اس طریقہ سے کہ جسطرح معمول ہے پس کھار مذکور ایکدرم وکتیرا وصمغ عربی واصل السوس ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے رکھین اور بقدر ضرورت دین دوائی ذات الریہ

وہ ورم گرم ہے کہ پھیپھڑے مین ہوجاتا ہی علامت اوسکی تپ دائم و عطش و سعال و ضیق النفس شدید اور درد و ثقل مقدم سینہ مین اور امتناع خواب پہلو
کے بھل اور انتفاخ چشم و درد و نبض موجی ہوتی ہی پس ورم ریہ اگر بجانب راست ہوتا ہی بخار کی شدت کیوقت داہنا گال سرخ ہوجاتا ہی اور گرانی بائین
جانب لازم ہوتی ہی اور جب داہنے پہلو کے بھل سوتا ہی منھ سے رال بہت ٹپکتی ہی اگر ورم بائین طرف ہوتا ہی اسکے خلاف واقع ہوتا ہی اور فرق اس
ورم اور ذات الجنب مین انھین علامات مخصوصہ سے یعنے موجیت نبض و ثقل درجع و شدت ضیق اور سوا ے اسکے نکالا جاتا ہی ترکیب اسکا
طریق علاج وہی ہی کہ جو دوائی ذات الجنب مین آتا ہی اور یا بعد فصد باسلیق گل نیلوفر پانچ ماشہ عناب پانچ دانہ سپستان بیس دانہ جوش اور
صاف کرکے مصری داخل کرکے پئین براے تلین مطبوخ ملین دین دوائی ذات الریہ یعنے ورم ریہ کہ بچون کو عارض ہوتا ہی اسکا ہندی مین ڈبہ
نام ہے علامت اوسکی بخار و کھانسی اور تواتر و ضیق نفس و ہنگام گوے زیر اضلاع ہوتا ہی اور اکثر مادہ بلغم سے حادث ہوتا ہی تپ گرم سے خالی
نہین ہوتا کبھی مادہ گرم سے ہوجاتا ہی اور معہ تپ محرقہ کے ہوتا ہی ترکیب منضج بلغم دین اور خیارشنبر وغیرہ کے اضافہ سے تلین طبیعت کرین اصل السوس
مقشر بنفشہ گاؤزبان مویز منقی پرسیاوشان انجیر زرد گل بنفشہ تخم خبازی عنب الثعلب بقدر مناسب جوش دین اور صاف کرکے تھوڑی سی مصری
داخل کرکے پلاوین دوسرے دن اگر مرض قوی ہو ردعاے خشک بیخ سوسن کا اضافہ کرین اگر حرارت قوی ہو عوض مویز منقی انجیر و عناب بڑھاوین
اور مسہل کے دن سناے مکی اور مغز فلوس کا اضافہ کرین و حب نیلہ تھوتھہ و سہاگہ کہ حبوب مذکور مین ملا ہو دین اور اگر ایک رتی خون خرگوش عرق گاؤزبان
مین حل کرکے کھلائین اس باب مین مجرب ہی اسیطرح تھوڑا سا تالو اور ناخنون پر ملنا مفید ہی دوائی کہ براے ڈبہ و ریاح و نفخ شکم و قبض و اکثر امراض
صبیان کے لیے مجرب ہی ترکیب سنوت الکیتولہ پودینہ خشک بیخ خراسانی ہر ایک چار ماشہ کوٹ چھان کے رکھین اور حسب سن و سال دین
ایضا براے ڈبہ اطفال تکملہ سے ترکیب سونف اجوائن نرکچور باؤبڑنگ ہلدی بیخ خراسانی جوش اور صاف کرکے دین اور محض ہلدی پیس کے
دینا بھی مفید ہی دوائی کہ ذات الجنب و برسام و شوصہ و ذات الریہ و ذات الصدر و ذات العرض مین برابر معمول ہی ذات الجنب خالص کہ اوسکو
ذات الجنب صحیح بھی کہتے ہین ورم ہوتا ہی کہ عضلات داخلہ یا غشاء مستبطن اضلاع یا حجاب حاجز میان آلات غذا و آلات تنفس مین حادث ہوتا ہے
اور داہنے یا بائین جانب علامت اوسکی تپ دائم و وجع ناخس زیر اضلاع و سرفہ و تنگی نفس و نبض منشاری ہوتی ہی اور ذات الجنب و ورم جگر
مین فرق یہ ہی کہ ورم جگر مین نبض موجی ہوتی ہی اور درد و ثقل رنگ چہرہ تند و بد رنگ ہوتا ہی اور اکثر بول غلیظ و براز کبدی آتا ہی اور ذات الجنب غیر خالص
کہ اوسکو ذات الجنب غیر صحیح و ذات الجنب مغالطہ بھی کہتے ہین ورم ہوتا ہی کہ غشاء خارج محلل اضلاع مین یا عضلات خارجہ مین واقع ہوتا ہے جو
بین الاضلاع ہوتے ہین اور علامت اوسکی علامت ذات الجنب خالص کی ہوتی ہی معہ خفت اعراض اور ورم عضلی مین نسبت غشائی الناخس و منشاریت
سے نبض کمتر ہوتی ہی ممکن ہی کہ ورم عضلہ بزرگ ہو اور ظاہر مین نمایان ہوتا ہو اور بیمار کو اوسکے چھونے سے تکلیف ہوتی ہو اور خانقہ ایک قسم ہی ذات الجنب
خالص کی کہ اوسکا ورم عام ہوتا ہی معہ غشاے مستبطنہ کے اور علامت اوسکی یہ ہی کہ دونون پہلوؤن مین درد ہوتا ہی اور کسی طرح نیند نہین آتی اور
کھانسی کیوقت درد کی شدت سے غش کی نوبت آجاتی ہی اور استنشاق ہی متعذر ہوجاتا ہی اور شوصہ ایک گرم ورم ہوتا ہی اوس حجاب مین کہ جو باطن

اصلاح پر خلف ہی اسکا مریض حرکت تک نہین کر سکتا اور کسی صورت سے سو نہین سکتا اندر حجاب حاجز درد ہوتا ہی اور ذات الریہ ایک ورم ہوتا ہے
گرم کہ شش مین ہو جاتا ہی علامت اور اسکا علاج اوپر بیان کیا جائیگا اور ذات الصدر ورم گرم ہوتا ہی اُس حجاب کے اندر جو قاسم صدر ہی بنصفین کیساتھ
جانب قص علامت اوسکی تپ دائم ہی اور قلق اور مریض فم معدہ سے ترقوہ تک درد ناخس محسوس کرتا ہی نگاہ نیچی اونچی نہین کر سکتا پیٹھ اور پہلو کے
بھل سو نہین سکتا اور ذات العرض اسی حجاب مین ورم ہوتا ہی کہ جانب فقرات پشت حادث ہوتا ہی علامت اوسکی یہ ہی کہ مریض کو دونون شانون کے
درمیان مین درد معلوم ہوتا ہی پیٹھ کے بھل سو نہین سکتا داہنی بائین لیٹ نہین سکتا اور برسام ورم ہوتا ہی اُس حجاب مین کہ جو معدہ اور کبد کے درمیان حائل ہی علامت اوسکی زوال
عقل ہے اور سعال مفرط بغیر نفث و شدت تپ و کثرت حرارت و تشنگی اور درد ناخس جانب جگر ہوتا ہی جسوقت قذف و تہوع ہوتا ہی درد کی شدت سے
غشی طاری ہو جاتی ہی اور وسواس کبھی کم کبھی زیادہ اور اس مرض و سرسام مین فرق یہ ہی کہ اوسمین پہلے ہی ذہن مین فتور آجاتا ہی بعدہ دوسرے عوارض
مثل قلق و عطش وغیرہ کا ظہور ہوتا ہے و ایضاً ابتدا مین تنفس سلیم ہوتا ہی پھر متواتر ہوتا ہی اور بھی ابتدا سے آنکھ سرخ اور پھیل جاتی ہی آنکھ کی سیاہی اوپر کو
کھنچ جاتی ہی بخلاف اس مرض کی کہ ابتدا مین تپ غشی و سوء تنفس و درد پیدا ہوتا ہی اور احوال چشم ٹھیک رہتا ہی بعدہ اعراض دیگر کہ مخصوص برائے سرسام
ہین مثل ہذیان اور سوائے اسکے پیدا ہوتے ہین ترکیب تین روز تک فصد باسلیق جانب مخالف کی کھلوائین اور بعد تین روز کے دست موافق
مرض کی فصد کھلوائین اور بعد اسکے تین ماشہ عناب پانچ دانہ سپستان نو دانہ تخم خطمی سات ماشہ پانی مین جوش دے کے اور صاف کر کے شیرہ تخم کاہو
چھ ماشہ شربت بنفشہ دو تولہ داخل کر کے خاکسی چار ماشہ چھڑک کے پلادین اور حسب حاجت دوسری دوائین مثل گل بنفشہ و نیلوفر و عنب الثعلب و خبازی
وگاؤزبان بڑھائین اور کثرت حرارت کی صورت مین شیرۂ خیارین و خرفہ و مغز کدو بڑھاوین اور سرد پانی کے عوض عرق عنب الثعلب پئین اور غلبہ تشنگی
کے وقت اصل السوس مقشر جوش کر کے اور صاف کر کے شیرہ تخم خیارین و شربت بنفشہ ملا کے سرد کر کے دین موم سفید ڈیڑھ تولہ روغن گل دو تولہ آگ پر پگھلا کر
درد کی جگہ پر نیم گرم ملین یا کپڑا اُس سے تر کر کے رکھین اور پرانی روئی اوسپر باندھ دین بعد اسکے عنب الثعلب تخم خطمی تخم کتان ہر ایک چھ ماشہ مع موم
زرد و روغن گل ہر ایک ایک تولہ کا موم روغن بنا کے موضع درد پر ضماد کرین اگر تنقیہ کی حاجت ہو روز مسہل مسہل بارد سے تنقیہ کرین اور ان مرضون
مین مسہل سے بہتر فصد ہوتی ہی ٹھنڈی ہوا ٹھنڈے پانی اور گوشت سے پرہیز کرین غذا آش جو یا مونگ کی کھچڑی مناسب ہے اور اکثر مادہ ذات الجنب
چودہ روز مین تحلیل نہین ہوتا ہی جمع ہو کے پیپ ہو جاتا ہی اور انفجار کے بعد اگر چالیس روز کے اندر خارج نہ ہو جاوے اور اکثر اوسکا اندفاع نفث سے
ہوتا ہی سل کی طرف منجر ہو جاتا ہی اس صورت مین علاج سل کا کرین اور درد کی شدت کیوقت قیروطی معمول کہ قیروطیات مین آئیگی تسکین درد کیواسطے
مجرب ہی اور پینا مطبوخ سپستان و روغن زرد کا مطبوخات مین مسطور ہی تسکین درد کے واسطے آزمودہ ہی اور ذات الجنب غیر خالص مین ضمادات
وغیرہ سے ورم تحلیل نہین ہوتا اور ورم ظاہر مین بھی نمایان ہوتا ہی اور پیپ دیتا ہی نشتر دینا تاکہ پیپ نکل جاوے پھر مرہم سے علاج کرے یعنی قروح
اختقان المدہ یعنی پیپ کا بند ہو جانا فضائے سینہ مین اور سبب اسکا انفجار اورام نواحی صدر ہوتا ہی علامت اسکی ریم کا خارج نہ ہونا نفث لول و
سعال مین اور ثقل سینہ و تنگی نفس و تپ باریک ہی ترکیب برائے تلطیف مادہ ادویہ ملطفہ مانند اصل السوس نیم کوفتہ پرسیاوشان زوفا خشک

انجیر زرد مویز منقی جوش اور صاف کرکے دین اور لعوقہاے ملطف کھلائین اور معجون حکیم علی کہ براے ضیق النفس نافع ہے دین اور روغن بابونہ و مانند اوسکے
سینہ پر ملین اور ضماد کہ جسمین زوفاے رطب ہے جو ضمادات مین آئیگا اوسکا سینہ پر لیپ کرین اور مرکی و زراوند مدحرج و کندر و راتینج جلائین اور اوسکا
دہوان حلق مین کھینچین اور بعد حصول تلطیف حبوب منفث سینہ منہ مین رکھین اور مسہلات عمل مین لائین اور درصورت بیم پیشاب مین آنیکے
مسہلات اور براز مین پیپ آنیکی حالت مین ملینات دینا چاہیے **دوائی جمود الصدر**، کہ اوسکو برد الصدر بھی کہتے ہین اور یہ مرض ہے کہ عضلات صدر
و حجاب دریہ سرد و کثیف ہوجاتا ہے اسوجہ سے انبساط و انقباض سینہ متعسر ہوجاتا ہے اور ایک حالت شبیہ ساتھ انتصاب نفس کے عارض ہوجاتی ہے
اور ہوتا ہے کہ ایکبارگی مار ڈالے مہلت کی صورت مین علاج مین بعد نا ویہ برودت قلب کے بالجملہ کرین سبب اسکا سردی ہوتی ہے کہ سینہ مین پہونچ جاتی ہے
ہواے سرد کی مصادمت سے یا برف سے یا بہت زیادہ ٹھنڈا پانی پینے سے اور اوسمین غوطہ لگانے سے یا افیون کے عمل سے یا دخان اسرب سے کہ اسکے
پگھلانے کے وقت حلق سینہ مین پہونچ جاتا ہے اور انطفاء حرارت غریزی و جفاف رطوبات کرتا ہے اور ساتھ تکثیف آلات تنفس کے ضیق و صغر
نفس مین حادث کرتا ہے ترکیب ماء العسل مع الائچی و لونگ و بسباسہ کے دین اور روغن قسط یا روغن ناردین مین یا روغن سوسن جند بیدستر حل کرکے
سینہ پر نیم گرم مالش کرین اور گرم دواؤن سے مثل سداب و صعتر و پودینہ و حلتیت و جند بیدستر کا سینہ پر نیم گرم ضماد کرین اسیطرح طبیخ ادویہ گرم
سے سینہ کی تکمید کرین **دوائی خفقان حار** مین معمول ہے اور یہ نفط حرارت سے ہوتا ہے کہ دل پر عارض ہوجاتی ہے یا مادہ دموی و صفراوی سے کہ
رگین اوس سے بھر جاتی ہین اور علامت حرارت سرعت و تواتر نبض ہے اور غلبہ تشنگی کہ اوسکی تسکین ٹھنڈی ہوا اور بہت سرد پانی سے ہوتی ہے بدن کی
لاغری بغیر کسی دوسرے سبب کے ظاہر ہوتی ہے اور نشان امتلائی دموی کا تمدد و ارتفاع عروق و ثقل و سستی حرکات و کسل اعضا و امتلاء و عظم نبض و سرخی
غلظ بول ہے اور آثار غلبہ صفرا کے اندوہ و بیخوابی و شدت تشنگی و التہاب اور سواے اُنکے جو لوازم صفرا سے ہین خفقان صفراوی کثیر ہوتا ہے ترکیب آملہ مربی
دہو کے ورق نقرہ مین لپیٹ کے کھلائین اوسکے اوپر سے شیرۂ تخم خرفہ شیرۂ کشنیز خشک شیرۂ زرشک ہر ایک چھ ماشہ شیرۂ آلوے بخارا پانچ عدد گلاب
عرق کیوڑہ و عرق گاؤزبان و عرق صندل مین نکال کے شربت انار شیرین داخل کرکے تخم فرنجمشک پانچ ماشہ چھڑک کے پلائین یا خمیرۂ صندل مربہ
آملہ کے عوض کھلائین یا قرص کافور ہمراہ تبرید مذکور دین اگر تپ نہ ہو کھٹا دہی ہمراہ سفوف کشنیز خشک و طباشیر و گل ارمنی نافع ہے ہمراہ مفرح بارد النفع
ہے اور کپڑا صندل و گلاب و کافور سے رنگ کے پہنانا نیز جاے سرد قریب آب جاری پہ بیٹھنا یا گھر مین پانی چھڑکین اور پنکھا جھلین اور اغذیہ باردہ بغیر
گوشت کے اختیار کرین اور مربہاے تمر ہندی و اناناس کھلائین اور دوسری ادویہ مفردہ و مرکبہ مفید خفقان حار کام مین لائین اور خفقان حار دموی
مین پہلے فصد باسلیق بائین ہاتھ کی کھلوائین بعد اسکے فصد صافن لوائین اور صفراوی مین بھی اگر مناسب سمجھین فصد مخالف ہاتھ کی کھلوائین
پھر تدابیر مذکورہ پر عمل کرین و ایضاً قسم دموی مین عناب سات دانہ زرشک دو تولہ تمر ہندی چھ تولہ عرق گاؤزبان و نیلوفر پاؤ بھر مین بھگو دین
شربت انار دو تولہ ملاکے خواہ شیرہ نکال لین اور ایک تولہ گلاب دس تولہ عرق صندل پانچ تولہ مین پھر شربت نیلوفر دو تولہ ملاکے دینا مفید ہے
اور صفراوی مین کافور و ورق طباشیر دو ماشہ مروارید سودہ ایک ماشہ شربت انارین دو تولہ یا شربت ترنج یا لیمون ملاکے چاٹین اوپر سے شیرۂ تخم

خرفہ ایک تولہ عرق کیوڑہ عرق گاؤزبان ہر ایک دو تولہ شربت نیلوفر دو تولہ بہت انفع ہے اور صندل سفید آب گشنیز سبز مین پیسکے سینہ پر لیپ کرین اور
خفقان سوداوی مین کہ وحشت اور پریشان خوابون کے ساتھ ہو دواء المسک حار دین اور گل نرگس و یاسمین سونگھائین اور روغن سوسن و زنبق کا
سینہ پر طلا کرین اور اگر اس مرض مین اخلاط سے کسی خلط کے تنقیہ کی ضرورت ہو بطور مالیخولیا کے عمل کرین اور جو مالیخولیا مین مفید ہو گا اس
جگہ بھی نافع ہوگا تنقیہ کے بعد ماء الجبن و شیر بز و ماء الخیار و ماء القرع و عرق شیر دین اگر خفقان مشارکت معدہ سے ہو علامت اسکی تباہی حال معدہ
ہے اور وجود آفت و زردی اصلاح معدہ کی گلقند و سکنجبین سے کرین اور جوارشات حار و بارد حسب حاجت کھلائین اور تنقیہ معدہ بحسب غلبہ خلط
کرین اوسوقت جوارش عود و مصطگی و عنبر و مفرحات یاقوتیہ سے کہ قلب و معدہ کو تقویت ہو دین اور اگر خفقان دوسرے عضو کی شارکت سے ہو اسکا
علاج کرین اور پینا گلاب و عرق کیوڑہ و عرق صندل امراض قلب کیواسطے بہت فائدہ مند ہے اور سیب و بہی و انار کا کھانا اور امراض قلب مین زیادتی
شدید البرودہ دواؤنکی مناسب نہیان پڑتی اگر ضرورت ہو ادویہ حارہ مقوی قلب ملائین اور ادویہ مسہلہ کے ساتھ ادویہ قلبیہ بھی ملادین اور استعمال
گل منڈی خفقان مین اور تقویت دل و دماغ کے لیئے نافع ہے اور کبھی عرق منڈی کہ اوسکے نصف گاؤزبان ملادی جاے امراض مذکورہ مین دیتے ہین
اور اگر خفقان بسبب ضعف قلب و کثرت صوم و استفراغ و نزف الدم و ریاضت کے ہو اغذیہ جید الکیموس کھلائین اور ماء اللحم و یاقوتی مناسب مزاج
کھلائین اور اسائش و تنعم و استحمام کی طرف توجہ دلائین دوائی خفقان بارد اور یہ فقط برودت سے ہوتا ہے یا غلاف دل مین اجتماع مادہ بلغمی سے یا اشتعال
مادہ سوداوی سے عروق قلب مین علامت برودت صغر و بطوء و تفاوت نبض ہے اور گرم چیزون سے انتفاع اور نشان بلغم لین و تفاوت نبض و کسل و ثقل
اور رونق چہرہ کا اڑجانا اور بیمار کو معلوم ہوتا ہے کہ اوسکا دل پانی مین ہے اور علامت سودا وحشت و سود فکر و صلابت نبض ہوتی ہے اور برے برے خواب
دیکھتا ہے ترکیب بادرنجبویہ گاؤزبان جوش کرکے گلقند نسترن داخل کرکے دین اور دواء المسک چار ماشہ ہمراہ عرق شیر یا عرق زردک
یا عرق تنبول وغیرہ کھلائین اور سفوف برگ گاؤزبان و درونج عقربی ہر ایک دو ماشہ زرنباد ایک ماشہ شربت انار شیرین مین ملاکے ہمراہ گلاب و
عرق گاؤزبان و عرق کیوڑہ دینا خفقان بارد و ضعف قلب مین مجرب ہے اور سنبل الطیب و زعفران و گل سرخ آب ریحان یا بادرنجبویہ مین بھگو کے
سینہ پر ضماد کرین اور گوشت مرغ و عصافیر خوشبودار مصالحہ مین پکواکے کھلائین بادرد ماؤن اور ٹھنڈے پانی سے پرہیز کرین اور ریاضت و
غضب و سخن قلیل کرین اور مادہ اول کے غلبہ کی صورت مین اول اوسکا تنقیہ کرین بعد ازان تدبیر مذکور کرین اور دیگر مفرحات و معدلات مناسبہ
تعدیل و تقویت کے دین اور جو مالیخولیاے بلغمی و سوداوی مین مفید ہو حسب حاجت عمل مین لائین دوائی خفقان یابس اگر فقط یبوست سے
ہوتا ہے علامت اوسکی صلابت و صغر نبض و لاغری بدن ہے اور جسوقت مریض کو خوف و غضب و غم وغیرہ امور نفسانی سے لاحق ہوتا ہے دیر تک
اثر رہتا ہے بیخوابی اور خشک کھانسی ہوتی ہے اگر مادہ صفرا سے ہوتا ہے اوسکی علامتین دواے خفقان حار مین گذرین اگر مادہ سودا سے ہو اوسکے
آثار خفقان بارد مین گذر چکے لیکن اگر سودا احتراق خلط دیگر سے حاصل ہوا ہو اوسکے علامات بھی علامات سودا کے ساتھ ساتھ ہوتے ہین
ترکیب لعابات مثل بہدانہ و اسبغول و گاؤزبان وغیرہ و شربت نیلوفر و عرقیات و ادویات مرطب مانند ماء الشعیر و روغن بادام اور

اگر تپ نہ ہو تو نانہ دودھ پینا انفع ہے گدھی کا دودھ اتار کے عرق و روغن بادام کے ساتھ مناسب ہے سعوط شیر دختران و آب کشنیز کریں اور مالش تخم
خشخاش و تخم بنگ کی بکری کے دودھ میں پکا کے تلووں میں نیند لانے اور خشکی دفع کرنے میں مجرب ہے اسیطرح حنا یا برگ گلاب نافع ہے اور قیروطی اخضر
سینہ پر طلا اور مرطب دوائیں کھانا بعد ازاں حمام یا آبزن کرنا قلت حرکت و دعت و کثرت خوب کھانے کے اوپر اختیار کریں نیز ٹھنڈا پانی پینا مفید ہے
اگر یبوست کے ساتھ برودت بھی ہو مضر ہوگا مگر اشربہ و ادویہ معتدلہ کے ہمراہ اور جہاں کہیں یبوست کا سبب مادہ صفرا یا سودا ہوتا ہے یا احتراق خلط
دیگر سے پہلے تنقیہ خلط غالب ماء الجبن وغیرہ سے کریں اور تنقیہ کے بعد اگر مرض کا اثر باقی رہ جائے فصد اسیلم بائیں ہاتھ کی کھلوانا اور سکونائل کردیتا ہے
اور تعدیل کے واسطے ادویہ و اغذیہ مرطبہ سے کام لیں ماء الجبن و شیر بز و ماء الخیار دیں اور افشردہ انناس دفالتہ مجرب ہے دوائی خفقان رطب علامت
اسکی نرمی و بطوء بخلاف نبض ہوتی ہے اور سرعت انفعال امور نفسانی سے یا اوسکے زوال کی سرعت اور کثرت حدوث بہانے غشی ہے ترکیب
مفرحات گرم و دوا المسک تلخ ہمراہ عرق بادرنجبویہ و قرنفل دیں اور خمیرہ زرد تالیف حکیم شریف خان مرحوم بھی نافع ہے اور دوسری ادویہ قلبیہ کہ مجفف
ہوں مثل لونگ و زعفران و بادرنجبویہ نافع ہے اور سکنجبین عنصلی و شربت انار منعنع مفید ہے ریاضت معتدل کریں اور خشک حمام میں کھانے سے پہلے
بیٹھیں تلطیف و تقلیل غذا کریں اور نخوداب و گوشت بریان کھائیں اگر رطوبت کے ساتھ حرارت ہو حمام میں نہ بیٹھنا چاہیے اسکے عوض بیمار کو جماع
کا حکم دیں اور جہاں کہ رطوبت کا غلبہ زیادہ ہو اور معدہ سے پانی بہت آتا ہو پہلے بلغم کا تنقیہ کریں مسہل حار سے پھر خمیرہ مروارید و عرق تنبول و عرق گاؤزبان
عنبری و ماء اللحم دیں دوائی خفقان ذکاء حس قلب ہے علامت خاص اس قسم کی صحت و قوت افعال کی اور سلامتی بدن عظیم و قوت نبض ہے اور باوجود اسکے
ہر ذرا سی تکلیف کہ دلکو پہونچتی ہو مثل کیفیات حارہ و باردہ و امور نفسانی و تجرہ غذائی و بدنی کے دل متاذی و منفعل ہوتا ہے دھڑکتا ہے چنانچہ کبھی ٹھنڈے
پانی کے پینے سے جسطرح دھڑکن ہوتی ہے ترکیب مخدرات و مسکرات استعمال کریں مثل افیون اور بزر البنج وغیرہ کے اور اغذیہ غلیظہ مثل کلہ پاچہ و
ہریسہ کے تناول کریں اور تقویت قلب ادویہ مقوی قلب و قابض سے کریں دوائی برائے خفقان و تقویت دل مجرب ہے ترکیب گاجر کو بھونکے
اوسکا باریک چھلکا اور گٹھلی نکال کے رات کو اوس میں رکھدیں صبحکو قدرے گلاب و قند ملا کے پئیں دوائی خفقان حار و بارد میں نافع و معمول ہے
ترکیب عنبر اشہب مشک خالص زہر مہرہ سودہ عطر صندل ہر ایک ایک ماشہ مرجان صلایہ کردہ ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک ڈھائی ماشہ روغن
بادام نیلم پختہ شہد خالص ہشت دام پختہ سکو ایک جا کر کے ایک رات اور ایک دن رکھ دیں اور ایک ماشہ سے شروع کریں ہر روز ایک ماشہ بڑھاتے
رہیں سات دن میں سات ماشہ تک پہونچا دیں دوائی مقوی قلب ترکیب مروارید یاقوت سرخ ورق طلا و طباشیر دانہ الائچی سفید عود غرقی
ہر ایک ایک ماشہ گل گاؤزبان چھ رتی بالچھڑ ساذج ہندی مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک پانچ رتی مربہ ہی شربت انار ہر ایک دو تولہ
عرق کیوڑہ پانچ تولہ بدستور معمول تیار کر کے تین حصہ کریں اور ایک حصہ روزانہ کھائیں دوائی برائے خفقان و مراق استاد مرحوم و مغفور
سے منقول ہے ترکیب دوا المسک معتدل ورق نقرہ میں لپیٹ کے کھائیں اوپر سے عرق کاسنی عرق گاؤزبان عرق عنب الثعلب شربت انار
شیریں ملا کے پی لیں اور تنقل کے واسطے مربائے سیب و مربائے آملہ مربائے تمر ہندی غذا میں ترئی کی ترکاری کھائیں دوائی برائے خفقان

ذکائی سے ترکیب لاجورد مغسول دو سرخ ابریشم مقرض چار سرخ مروارید سودہ تین سرخ کہربا صلایہ کردہ دو سرخ ایک عدد مربہ آملہ پر چھڑک کے
ورق نقرہ مین لپیٹ کے کھائین اوپر سے عرق گاؤزبان عرق بناوفر عرق کیوڑہ عرق بیدمشک گلاب تخم فرنجمشک چھڑک کے شربت سیب شیرین
حل کر کے پی لین دوائی برائے خفقان بخارات معدہ و سوء ہضم و ضعف معدہ و سقوط اشتہا سے اُستاد مغفور سے ترکیب انوشدارو سے لولوی
کھائین عرق کاسنی و عرق گاؤزبان و عرق مکو شربت انار بہ پئین دوائی برائے خفقان بارد بیاض اوستاد مرحوم سے ترکیب مروارید یشب سبز
مصطگی ہر ایک ایک ماشہ دانہ ہیل تین ماشہ دارچینی گل گاؤزبان عود ہر ایک چار سرخ ہمراہ شیرہ گاؤ و عرق بہار کھائین ایضاً منافع مذکورہ کے
واسطے مجرب ہی ترکیب زرنباد ماشہ بقدر پیس کے گلقند آفتابی ایک تولہ مین ملا کے معہ شربت بزوری کے پئین ایضاً زرنباد سودہ ایک عدد
مربہ ہلیلہ مین ملا کے عرقیات بالنگو چھ ماشہ مصری تولہ بھر ملا کے پئین دوائی کہ خفقان و غشی بارد مین مفید ہی بیاض والد ماجد سے ترکیب زرنباد
ابو کھر سول لونگ دارچینی پیس کے شہد مین ملا کے دین اگر قدرے مشک و زعفران ملا دین انفع ہے دوائی برائے سیت و برسوت کہ ہاتھ پانون
ٹھنڈے ہو جاتے ہین ترکیب کندر زرنباد ایرسا ہر ایک پانچ ماشہ جدوار چار ماشہ مشک نصف ماشہ حجر الیہود ایک ماشہ پانی مین تر کر کے جوش
اور صاف کر کے کھائین اور معمولی مین لکھا ہی کہ دوائین پیس کے برابر شہد مین ملا کے معجون بنائین اور حسب مزاج دین ایضاً نافع برسوت و جھولہ
ترکیب تخم دھتورہ ایکدم سونٹھ کالی مرچ ہر ایک چھ ماشہ مشک چار سرخ کوٹ چھان کے پانی مین گولیان بنائین خوراک ایک رتی صبح و ایک
وقت شام ایضاً نافع برائے امراض مذکورہ ترکیب شنگرف فلفل سیاہ تخم سنبھالو دار فلفل ہر ایک ایک ماشہ سوائے شنگرف کے کوٹ چھان کے
شنگرف کو پانی مین کھرل کر کے دوائین ملا دین اور دو رتی کی گولیان بنا لین ضرورت کے وقت ایک گولی دین دوائی کہ غشی مین مستعمل ہی ترکیب غشی
کے وقت ہاتھ پانون کو جکڑ کے باندھ دین اور زور سے ملین عطر ونکو سونگھائین اور آب سرد و گلاب کے سینہ پر چھینٹین دین سر کے بال زور سے کھینچین
شاخین اور باشہیہ کام مین لائین اور دوا المسک بافوقی مناسب مزاج اور یا مار اللحم گلاب مین ملا کے یا عنبر و مشک گلاب یا کیوڑہ یا عرق بیدمشک
مین حل کر کے حلق مین ٹپکائین دوائی غشی سوء مزاج حار سے ترکیب جو دوائی غشی کے متعلق سابق مین بیان کیا گیا ہی عمل مین لائین اور سونگھانے
والی و ٹپکانے والی اور لیپ کی دواؤن مین حرارت کی رعایت کرین مثل خیار و صندل و کافور و گلاب سرد کیا ہوا عمل مین لائین خمیرہ صندل یا شربت
صندل یا دوا المسک بارد یا شربت انار گلاب مین یا عرق بیدمشک و عرق نیلوفر مین حل کر کے تھوڑا تھوڑا حلق مین ٹپکائین اور یا شیرہ تخم خیارین
و خرفہ عرقیات مین نکال کے شربت صندل واحل کر کے دین اور لخلخہ بارد کہ گل نیلوفر و صندل سفید سے بنایا گیا ہو سونگھائین اور صندل گلاب مین
گھس کے کپڑے کو اوس سے لت کر کے سینہ پر رکھین اور ٹھنڈا دہی پینا بہت مفید ہی اور جو دوائی خفقان حار مین بیان کی ہی نافع ہوگا دوائی
غشی سوء مزاج بارد سے ترکیب ادویہ حارہ خوشبو مثل عود و مشک و عنبر گلاب مین گھس کے حلق مین ٹپکائین اور سونگھائین اور دوا المسک حار
و شربت بادرنجبویہ و عرق دارچینی دین اور غذائین مصالحہ حار و خوشبو دار مین پکا کے کھلائین اور بلسان و عن مصطگی و ناردین کا فم معدہ پر مفید ہے
اور جو دوائی خفقان بارد مین مذکور ہوئی نافع ہو دوائی غشی امتلائی کہ اوسکا سبب مادہ ہوتا ہی ترکیب پر مرغ کو صبر زرد پانی مین گھس کے

آلودہ کر کے حلق مین ڈالین اور وغرغرہ کرین تاکہ قے آوے یا حقنہ سے تلین طبع کرین اگر غلبۂ خون محسوس ہو فصد لوائین اور ربط دست و پا اور انکی دلک و تسخین عمل مین لائین طعام و شراب سے منع کرین اور ماء العسل مطبوخ جسمین زوفا و حاشا و فودنج ہو سونگھائین اور سکنجبین دین بعد تنقیہ بدن کے فراریج زیرباج غذا کرائین دوائی غشی استفراغی کہ کثرت سے قے ہونے کے سبب سے لاحق ہوتی ہو ترکیب ماء اللحم خوشبو سونگھائین اور انڈے کی نیمبرشت زردی کھلائین آب شیرین پلائین اور تقویت کل بدن و قلب کی شربت سیب و با قوتی مناسب مزاج اور گلاب سے کرین اور اغذیہ سریع الانہضام کثیر الغذا کھلائین اور بقول شیخ اطراف گرم کرین اور دلک کرین اور گرم خوشبو دار تیلون سے تمریخ کرین اور بدبیر استفراغ کے حبس کی جیسا کہ اس کے باب مین مذکور ہوا اور تدبیر انتعاش قوت کرین اور غشی استفراغی کہ بعضے کے عقب مین ہو جاتی ہو تھوڑا سک المسک یا مشک شراب یا آب بہ یا سیب یا ماء اللحم مین حل کر کے وجور کرین جب ہوش آجائے اس ماء اللحم کو تھوڑا تھوڑا دین اور فادزہر معدنی سودہ کا کھلانا گلاب مین اور تھوڑا عود و دوا انیاو مشک و دوا ء المسک بھی مفید ہوا اور اگر بسبب نار حیل دریائی گلاب یا بید مشک مین پیس کے دین تو نہایت مفید ہو دوائی غشی کہ درد کے اسباب سے لاحق ہوئی ہو ترکیب اگر پسینہ کی زیادتی سے ہو گلاب و آب سرد اطراف مریض پر ملیں اور برگ مورد خشک یا مازو سبز اور مثل انکے قابضات کوٹ چھان کے بدن پر ملین اور آب بہ و ماء اللحم دین اشیاء سرد سونگھائین باقی تدبیر اسکی وہی ہو جو دوائی حبس کثرت عرق مین بیان کی جائے کرنا چاہیے اور جو درد کی وجہ سے ہو تخدیر اُس درد کی کرین اور یہ وجع قولنج یا وجع بعض اعضاے رئیسہ سے کہ بسبب ورم یا اوسکے علاوہ ہوتا ہو اُس مرض کا علاج کرین اور تکمید موضع وجع کرین اور گلاب سرد و آب سرد کے منہ پر چھینٹے دین اور ہاتھوں پاؤن کو عصابہ سے باندھ دین اور ندرے ملین اور غشی جوعی مین شراب ہرگز نہ دین اور ماء اللحم دین نیز آب سیب و انار مین گوندھے ہوئے آٹے کی روٹی دین اور کباب بریان شق کی ہوئی اور نان گرم و روایح طیبہ سونگھائین دفعۃً غذا نہ دین بلکہ تھوڑی تھوڑی اور جو تعب سے عارض ہو چاہیے کہ دعت و راحت اختیار کرین اور آب سرد کا ہاتھ پاؤن پر ترڑا دین اور ٹھنڈی جگہون پر بٹھلائین اور غشی حادث مین غلبۂ یبس سے مزاج مین کثرت سے محللات دیس کے قبل از وقت جسوقت نوبت ہو روٹی کا ٹکڑا آب انار شیرین یا شربت سیب مین دین اور غشی کہ فصد کے بعد عارض ہو جاے فصد سے پہلے تھوڑا تھوڑا شربہ رُبوب مقوی معدہ و قلب مسکن صفرا مثل شربت انارین و رب سیب و بہ و لیمون و سکنجبین و شربت صندل ترش و گلاب مین اور عرق بید سادہ مین پلائین خمیرہ مروارید و خمیرہ صندل ترش یا دواء المسک بارد یا معتدل کھلائین اور غشی جو عوارض نفسانی سے ہو مثل غم و غضب وغیرہ کے جو دوائی نوبت غشی مین مذکور ہوئی عمل مین لائین بدن کو گرم رکھین فم معدہ کو روغن گرم مثل روغن مصطگی و ناردین سے مالش کرین اور گلاب و ماء اللحم حلق مین ٹپکائین اور شربت فواکہ بارد مثل رب سیب و ریباس و حماض یا سکنجبین گلاب مین دین اور صندلین و گلاب و کافور کا سینہ پر ضماد کرین اور تغذیہ ماء اللحم و نان سمید سے کرائین اور جو فم معدہ سے عارض ہو پہلے یہ دیکھنا چاہیے کہ اسکا سبب اجتماع خلط فاسد ہے یا معدہ مین دھوئین کے حادث ہونے سے یا حرکت خلطی بدنی کہ قے مین نکلنا چاہتی ہو بعدہ علاج کیطرف توجہ کرین اور اضمدہ مقوی فم معدہ کا ضماد کرین اور دلک اطراف اور اونکا باندھنا مفید ہوتا ہے

دوسرے مقویات معدہ کہ دوائی ضعف معدہ مین مسطور ہوے استعمال کرین اور جو مشارکت حجاب دریہ وغیرہ سے ہو اسکا سبب مادہ ذات الجنب وذات الریہ
ہوتا ہی کہ دلکی طرف میل کرتا ہی علاج اوسکا امراض مذکورہ ہی اور جو مشارکت رحم سے ہوتی ہی عطریات ہرگز نہ سونگھائین بلکہ بدبودار چیزین سونگھائین اور خوشبودار
چیزین رحم پر ملنا اسکا علاج ہی چنانچہ دوائی اختناق الرحم مفصل بیان ہو چکی ہی اگر غشی کیحالت مین یا اس سے پہلے غثیان و فواق ہوتا ہو کھانیکی بو کو دور رکھین اور مرغ کا پر
حلق مین ڈال کے قے کرڈالین واضح ہو کہ قے لانیکا نفع اکثر انواع غشی مین تجربہ کیا گیا ہی لیکن وہ غشی جو پسینہ زیادہ آنے کے سبب سے ہو اسمین مضر ہے
اگر باوجود تدابیر مذکورہ حالت مین آواز بلند سے مثل طبل و مانند اسکے کہ منبہ طبیعت و محرک روح و حرارت ہوتی ہی بیدار کرین اور چھینک لانے والی دوائین
ناک مین پھونکین پھر بھی اگر بیدار نہ ہو اور چھینک نہ آئے امید اچھے ہونیکی نہ کرنا چاہیئے جاننا چاہیے کہ یہ تمہ تدبیرین ہونی کیوقت کیجاتی ہین لیکن بعد افاقہ
کے حسب سبب علاج خفقان کا کرین کیونکہ دونون کے سبب ایک دوسرے سے قریب ہین اوسکے سبب کی تشخیص کرکے ازالہ کرین اور غشی جو مشارکت
اعضا سے ہو اسباب شرکت ہر ایک کے دریافت کرکے اوسکا علاج کرین مثلاً جو دماغ کی شرکت سے ہو سبب اوسکا ضعف دماغ ہی پس علاج
ضعف دماغ پر توجہ کرین چنانچہ دوائی صداع ضعف دماغی مین بیان ہو چکا ہی اور اگر مشارکت جگر سے ہو دیکھین کہ سبب اسکا ضعف جگر یا تولد
خون سوداوی یا خون بلغمی یا خون گرم یا سرد جگر مین یا جگر ورم ہو جانے سے پس حسب سبب جو دوائی امراض جگر مین آئیگا اوسکا تدارک کرین اور اگر
اسہال مفرط سے ہو یا زیادہ خون آجانے کی جہت سے ہو اور سوائے اسکے کہ موجب برودت کا ہو گلاب و آب سرد و سینہ پر نہ چھڑکین کہ بہت مضر
ہے بلکہ اس جگہہ کباب مرغ بریان کردہ و سیب و بہ جو آگ مین ڈالدی ہو اور گرم روٹی سونگھائین اور فم معدہ کو روغنہائے گرم روغن نلردین و مصطگی
و مانند ان کے ملین اور ماء اللحم تھوڑیسی تیلی شراب مین حلق مین ٹپکائین اور جو مشارکت امعاء سے ہو سبب اُسکا کیڑون کا پیدا ہو جانا ہی اور یہ درد قولنج
اور تدبیر دونوںکی ادویہ امعاء مین بیان ہوگی اور غشی کہ ابتدائے حمیات مین عارض ہو اوسکی دوا حمی غشی مین ذکر ہوگی اور غشی کہ زہر کے کھانے یا کسی زہریلے جانور کے کاٹ کھانے
سے لاحق ہو تریاقات مخصوصہ اُن کے واسطے سموم کی دواؤن مین مسطور ہونگے اُنپر عمل کرین دوائی کہ ورم اذنی القلب کیواسطے نافع ہی اس سے عبارت
اُس آماس سرد کی کہ دو غضروفناک پارہ گوشت مین کہ قاعدہ قلب سے ملے ہوے ہین پیدا ہو جاتا ہی اور بعد امراض حارہ و حمیات مزمنہ کے عارض ہوتا ہی اور
ورم بارد کہ غلاف قلب مین ہو جاتا ہی تو اگر اوسکے گوشہ مین ہوتا ہی قلیل الشدت ہوتا ہی اور اوسکی غشی خفیف ہوتی ہی بالجملہ علامت ورم مذکور کی دو
ہی کہ سینہ مین مجلبی پر کہ قاعدہ دل ہی درد محسوس ہوتا ہی اور بیمار کی اکثر غشی کیحالت ہو جاتی ہی منہہ کا رنگ بالکل زرد پڑجاتا ہی اور نبض پر تشنج کی کیفیت
ہو جاتی ہی اور دل حرکت انبساط کے موقع پر جیسا چاہیے ویسا خوش نہین ہوتا لیکن ورم گرم کہ دل پر ہو جاتا ہی یا دل کے غلاف مین یا دل کے گوشت مین
وہ فی الفور ہلاک کرڈالتا ہی اور ورم گو ہر دل اگرچہ سرد ہوتا ہی لیکن وہ بھی مہلک ہی ترکیب دوا دل مین خفیف گل بنفشہ گاؤزبان بادرنجبویہ عنب الثعلب
بسفائج سپستان عناب مویز منقی خوبانی گلقند خیارشنبر ترنجبین روغن بادام وغیرہ کی دین اور پانی کی جگہ عرق بادرنجبویہ و گاؤزبان پر اکتفا کرین اور قیمہ
یا سلیق نخاع تک پہونچاتی ہی بابونہ و ناخونہ و پرسیاوشان سبوس گندم جوش کرکے سینہ اور فم معدہ پر نطول کرین اور ایضا اور یہ طلاء محلل مثل بابونہ
و ناخونہ و تخم السی و برگ خطمی و برگ کرنب و تمام زعفران کا اُس موضع پر ضماد کرین غذاؤن اور دواؤن سے دلکی تقویت کی کوشش کرین اور ترکیب

تو بلغت کرین دوائی علت دخانیہ کی اس سے یہ مراد ہی کہ بیمار کو معلوم ہوتا ہی گویا کہ دل سے دھوان اُٹھ کے اوپر کو آتا ہی اور جب یہ علامت زیادہ ہو جاتی ہی اور غشی لاتی ہی تو سوء فکر لاحق ہو جاتی ہی سبب اسکا احتراق اخلاط ہی ترکیب ترطیب و تنقیہ سودا کی کرین اور جو مالیخولیا مین بیان ہوا بکار برین اخلاط کی اصلاح اغذیہ محمودہ سے کرین اگر اسکے مریض کو سیاہ قے یا مختلف اللون اجابت ہو یا رعاف آئے یا بواسیر سے خون جاری ہو جائے صحت ہو گی دوائی ضغطۃ القلب یہ بیماری ہی کہ جسوقت عارض ہوتی ہی مریض سمجھتا ہی کہ کوئی دلکو نچوڑے ڈالتا ہی بعدہ خفیف غشی کی نوبت آ جاتی ہی اور منھ سے لعاب جاری ہو جاتا ہی سبب اسکا ترشح خلط سوداوی ہوتا ہی جگر سے قلب پر کہ قبض و عفوصت سے اپنی دلکی مذکورہ حالت کر دیتا ہے ترکیب تنقیہ سودا مسہل سودا سے کرین اور معجون نجاح وغیرہ کہ دوائے مالیخولیا مین تفصیل سے ذکر ہوئین اور تقویت قلب مفرحات حارہ و تریاق کبیر سے کرین اور تعدیل مزاج جگر کرتے رہین دوائی تقشر قلب یہ مرض ہوتا ہی کہ انسان کو محسوس ہوتا ہی کہ کوئی اسکے دلکو چھیلے ڈالتا ہے اور اسکے صدمہ سے غشی لاحق ہوتی ہی فی الفور افاقہ ہو جاتا ہی اور اسکے لاحق ہوتے وقت چہرہ پر شکنج پڑ جاتی ہی پسینہ بہت آتا ہی یہ مرض فی الحقیقت امراض معدہ سے ہی اکثر زمانہ کے طول سے اسہال صفراوی ہو جاتا ہی کہ صفرا خمل معدہ کو چھیلتا ہی اور مجاورت معدہ کے سبب سے دلکی طرف حالت مذکور قلب تک متوہم ہو جاتی ہی اور کبھی نزلہ حار حریف کہ دماغ سے معدہ کیطرف اترتا ہی اور مرض مذکور عارض ہو جاتا ہی ترکیب تنقیہ صفرا مسہل باردہ سے کرین بعد نضج مادہ کے اور مفرحات باردہ و اشربہ مقویہ خوشبو کہ دوائی خفقان و مالیخولیا مین بیان ہوئین کام مین لاوین اور اغذیہ جیدہ لطیف کھاوین اور جس جگہ نزلہ سے ہو اوسکا تنقیہ کرین جو کچھ کہ زکام و نزلہ حار مین ذکر ہوا بعدہ شربت خشخاش دین دوائی قذف القلب اور یہ مرض اس طرح کا ہی کہ مریض کو معلوم ہوتا ہی کہ قلب سینہ سے باہر نکلا آتا ہی اگر علت مذکور مادۂ دموی یا صفراوی سے ہوتی ہی پس اوسکے رنگ کا تغیر حسب مادہ زردی یا سرخی سے اوسیوقت معلوم ہو جاتا ہی اور دوسرے آثار کہ لوازم خون و صفرا سے ہین خلط کی نوعیت کے شاہد ہوتے ہین ترکیب فصد باسلیق داہنے ہاتھ کی کھلوانے کے بعد تنقیہ صفرا و استعمال مفرح کرین جو دوائی تقشر القلب مین گذری اور گلاب و عرق بید مشک و شربت صندل کی مداومت کرین اور غذا کی اصلاح کرین دوائی احتوائی رطوبت قلب پر یہ بیماری ہی کہ اسکے بیمار کو ایسا محسوس ہوتا ہی کہ اوسکا دل پانی مین تیر رہا ہی اور حرکت اختلاجی سے متحرک ہوتا ہی ظاہر بدن مین گرمی ہوتی ہی کہ پنکھے اور ٹھنڈا پانی پینے سے اصل مین سکون نہین ہوتا اور نبض ضعیف و لین اور متفاوت و ملاہٹ لیے ہوے یا غلظت ہوتی ہی سقوط اشتہا و ضعف بدن ہوتا ہی اور یہ مرض دورہ سے واقع ہوتا ہی چنانچہ شبانہ روز مین کئی مرتبہ دورہ پڑتا ہی اور نوبت کے وقت سقوط نبض و برد اطراف اور ٹھنڈا پسینہ آتا ہی حالت مثل غشی کے ہو جاتی ہی اور ضعف اسقدر ہوتا ہی کہ بات کرنا دشوار ہوتا ہی بالجملہ اس مرض کا سبب مادۂ رطوبت ہوتا ہی کہ غشا کے اندر جو دل پر منڈھی ہوتی ہی بند ہو جاتا ہی ترکیب بعد نضج کے مسہل حار سے تنقیہ کرین حب ایارج کھلاوین اور گل سرخ و سنبل الطیب و زعفران و بادرنجبویہ بھگو کے قلب پر ضماد کرین اور دوسرے اضمدۂ حارہ مقوی قلب کا ضماد کرین دواء المسک حار عرق عنبر کے ہمراہ کھلاوین مریض کو غضب و غصہ مین لاوین ریاضت کراوین کبھی ایسا ہوتا ہی کہ رطوبت مذکور حرارت نامعتدل سے خشک ہو کے دلمین چپک جاتی ہی اسکی پہچان یہ ہی کہ دلکو انبساط نہین ہوتا اور نفس مختلف ہو جاتا ہی

قوت جاتی رہتی ہی اوسکی تدبیر یہ ہو کہ اول استعمال ملینات وقیروطیات سے سینہ پر استعمال کرکے یبوست کا ازالہ کرین پھر جیسا ذکر ہوا ہی تنقیہ کرین
اور تقویت دل کی کوشش کرین دوائی جذب القلب جسوقت یہ عارضہ ہوتا ہی مریض کو محسوس ہوتا ہی کہ اسکا دل نیچے کیطرف کھنچا جاتا ہی اور سبب
اسکا ایک خلط ہی کہ معالیق جگر مین مجتمع ہو جاتی ہی اور اوسے متمدد و منجذب بنا دیتی ہی اسکے سبب سے دل مین بھی انجذاب پیدا ہو جاتا ہی اور بعض وقت احساس و
انجذاب سے دلکو خفیف الم ہو پہنچتا ہی اور غشی کی سی کیفیت پیدا ہو جاتی ہی ترکیب تنقیہ خلط موجب کا کرین اور استدلال خلط کا نوعیت تلون سے
مریض کے چہرے کے اوس وقت اور دیگر آثار مخصوص ہر خلط سے کیا جا سکتا ہی تنقیہ کے بعد قلب کی تقویت کی فکر کرین جو دوائی خفقان مین مفصل لکھا
گیا ہو دوائی قلت لبن یعنی کمی شیر ترکیب اگر اسکا سبب بدن مین خون کی قلت ہو بھوک اور اطالت مرض اور مداومت اغذیہ محففہ و کثرت
ضیع دم سے اغذیہ مولد خون مثل دودھ انڈے کی زردی حلوان کا گوشت مرغ کا جوزہ اور سوائے اسکے دوسری مولد شیر غذائین مثل دودھ والے
حیوانات کے گوشتون پرندون کے گوشتون اونکے مغزون اور لیٹا لوزن کہ دودھ دہنے سے پہلے ذبح کیے گئے ہون اور خصیہ ہا و ماہی و شیر برنج
و اشنہ یا شیر و فالودہ وغیرہ یعنی شیر بادام و حلوائے نخود خام و باقلا و شلغم و بورانی فندوک و بالک وغیرہ حسب تقاضائے حال دین اور جو مزید منی ہی
دودھ زیادہ پیدا کرتی ہی مانند تودری سفید و تخم خشخاش اور لستان کا ملنا دودھ زیادہ کرنے کے واسطے بہت موثر ہوتا ہی اگر دودھ کی کمی کا
سبب فساد خون ہو مادی مین خلط غالب کا تنقیہ کرین اور تبدیل مزاج کرین اور صفراوی مین ادویہ حامضہ مبردہ مناسبہ دین اور سوداوی مین
اغذیہ مرطبہ محمودہ مثل گوشت مرغ فربہ اور سوائے اسکے کھلائین اور گرم پانی سے پستان پر نطول کرین اور پستان کو بلکہ تمام جسم پر روغن
بنفشہ اور بادام سے مالش کرین اور سوء مزاج ساذج مین بصورت فرط حرارت تبرید دین اور مبرد اب سے پستان پر لیپ کرین اور غذائے سرد
مانند آشیعو و اسفاناخ کے کھلائین اور حالت برودت مزاج مین اور ضعف قوت جاذبہ بدن مین تدبیر مسخن و مجفف پر عمل کرین اور کرفس و نعناع
خصوص جلد بادر طب دین اور غذا اور دوائے لطیف مائل بحرارت کھلانا چاہیے تخم گندنا نافع ہوتا ہی اور تعلیق محاجم نامدی زیر پستان بھی سود مند
ہوتا ہی اگر خوف شدید یا حزن قوی یا کمی شفقت بچے پر باعث اس سبب کہ طبیعت کو اہتمام تولید شیر سے روکتا ہو اور کمی شیر کا سبب ہو اوسکی پہچان وجود
سبب سے اور عدم آثار قلت و فساد خون تدبیر اسکی منع سبب ہی اور توجہ طبیعت تولید شیر کیطرف کھانے سے مفرحات و مقویات کے اگر خون بدن مین
زیادتی کرے اور عجز ہاضمہ تندی کرے اسوجہ سے دودھ کم ہو جائے اور غلبہ خون کی علامت ظاہر ہو اس صورت مین فصد و حجامت دونون
شانون کے درمیان کافی ہی دوائی کہ دودھ زیادہ پیدا کرتی ہی مجرب ہی ترکیب رازیانہ تخم شلجم تخم رطبہ تخم تربز تخم گندنا تخم پیاز آرد نخود بریان تخم
جرجیر سب کو برابر کوٹ چھان کے صبح و شام گائے کے دودھ کے ساتھ کھائین اگر مزاج مین حرارت نہ ہو ایضاً تکملہ ہندی سے ترکیب زیرہ سفید
سونف سنا اور پیس کے دودم دودھ و شکر کے ساتھ دین تو عدیگر کہ دودھ بڑھاتی ہی ترکیب مغز بادام مقشر مغز پستہ مغز نارجیل ہر ایک تین اوقیہ
جوز جنیم دو اوقیہ کنجد سیاہ پانچ اوقیہ سحق کرکے دو رطل شکر ملا کے نگاہ رکھین پھر ان مین سے روزانہ ایک اوقیہ لے کے تازہ دودھ مین جوش کر کے
پی لین عجیب ہی ایضاً مجرب الغافی سے ترکیب خاک ارضہ کہ لکڑی سے نکلتی ہی کھلائین اسکے عقب مین سکنجبین پلائین ایضاً تخم ریحان

تخم مرو تخم بادروج تودری گلگون شقاقل تخم جزر تخم انجرہ مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم ہندبانہ مغز تخم خربزہ ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کے ہر روز
پانچ مثقال کھلائین اوپر سے دودھ پی لین ایضاً دودھ بڑھاتی ہے ترکیب تخم کرفس بوزیدان تخم شبت بادیان انیسون سب برابر کوٹ چھان کے
شہد مین ملا کے بقدر مناسب کھائین دوائی کثرت لبن و درور مفرط لبن جسوقت کسی کے دودھ بہت پیدا ہوتا ہے اور ادسین اوسکی کثرت
ہوجاتی ہے تو اندیشہ ہوتا ہے مثل ضعف وفساد شیر وآماس اور سواے اسکے اور باتونکا اسکا تدارک کرنا چاہیے اسکے اسباب تمت شیر بیضہ ہونے ہین
کبھی عورت کے احتباس حیض کیوجہ سے بدون آبستن دودھ زیادہ پستان مین آجاتا ہے ترکیب مجففات ومقلل منی مثل بذر البنج تخم فنجنکشت و
شاہترانج وسدس وناخواہ و بادرنجبویہ و شاہترہ پینے مین اور لیپ مین استعمال کرین لعہ بالکل تجفیف ونشف رطوبت کی کوشش کرین ادویہ مدر حیض
روزہ رکھنا فصد کھلوانا مفید ہوتا ہے اگر مردارسنگ روغنگل مین یا عدس سرکہ مین پکا کے یا زیرہ سرکہ مین طلا کرین وایضاً سداب کا کھانا فوم وسماق
ونعناع کا استعمال اس باب مین نافع ہے بالجملہ جو شے مقلل منی ہوتی ہے دودھ کو کم کرتی ہے لیکن ادویہ باردہ مثل تخم کاہو وعدس وطفشیل ہے اور اطلیہ
باردہ سے آب برگ سبز قطونا اور اوسکا لعاب وکاہو وماننداوسکے آرد باقلا روغن گل کے ساتھ اور سرکہ ہے اور لیکن ادویہ حارہ مثل سداب وتخم سداب
وفنجنکشت وتخم فنجنکشت ہے ایضاً براے قطع شیر مجرب لنطاکی ہے ترکیب سداب وفوم وسماق ونعناع کا کھانا اس بارہ مین نافع ہے اور گل
خراسانی وپھٹکری سرکہ مین پیس کے پستان پر طلا کرنا دودھ کو قطع کرتا ہے یہ طلا اس کام مین مجرب ہے اسکا نسخہ اطلیہ مین آئیگا دوائی اورام وتمدد
پستان جاننا چاہیے کہ ورم پستان مانند دوسرے اعضا کے اورام کے بسبب اخلاط اربعہ مین سے کسی خلط کے غلبہ سے اور ریح ومائیت سے ہوتا ہے
لیکن اکثر دموی ہوتا ہے اور کبھی پستان مین دودھ جم جانے سے ورم گرم یا سرد تمدد کے ساتھ بغیر ورم کے ہوتا ہے بالجملہ ورم حار کی علامت تمدد
وضربان وتپ وسرخی رنگ پستان ہوتی ہے نشان ورم بارد قلت درد وعدم سرخی وتپ ووجود سختی وانتفاخ پستان ہے ترکیب اگر ورم دموی
یا صفراوی یا بلغمی ہو علامت اور علاج اوسکا وہی ہے کہ دوائی ورم فلغمونی وحمرہ وورم رخو مین آئیگا حسب خلط کام مین لائین ایضاً ورم گرم مین بعد
فصد ومسہل کے آرد باقلا ڈیڑھ تولہ روغن گاؤ ایک تولہ سکنجبین دو تولہ مین ملا کے نیم گرم لیپ کرین اور روغنگل وسرکہ بھی ابتدا مین نافع ہے یا آرد
باقلا گل بنفشہ عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ ہمراہ روغن گل وسرکہ ضماد کرین اور یا حضض وزعفران وحیدار گھس کے لیپ کرین اگر فصد اور جونکون
کے بعد اسبغول کو سکنجبین اور پانی مین پکائین اور رکھین ورم دموی پستان کے واسطے مفید ہے اور نطول بنفشہ ونیلوفر تمین صلابت کیواسطے
نافع ہے نیز عدس وبرگ عنب الثعلب کوٹ کے ہمراہ روغن گل براے ردع مادہ باندھ دین نیز آرد جو آرد عدس وآرد باقلا مساوی پیس کے
آب کشنیز سبز وزردی بیضہ مرغ مین ملا کے لیپ کرین بعد دو تین روز کے پودینہ شراب اور سرکہ مین پکا کے یا عدس کھاری پانی مین جوش دیکے
یا برگ کرنب کوٹ کے باندھ دین اور اسی طرح ورم غلیان دم مین ضماد عدس کھاری پانی مین پکا ہوا اور بزرکتان سرکہ مین نافع ہے اور ورم کے
بڑھنے کے وقت ضماد ونطول حلبہ وناخونہ وبابونہ معہ روادع سابقہ مثل عدس وطلیات سابقہ کے مثل بنفشہ ونیلوفر کے مخلوط کرین اور
آب عنب الثعلب وروغن گل مین بدستور ضماد کرین اور انتہاے ورم کے وقت تحلیل کرنے کے لیے حلبہ ناخونہ بابونہ صرف کافی ہے

دوائی ورم پستان ابتدا مین کام آتی ہے ترکیب مونگ کی کھچڑی کو پانی مین پکاکے اوسکے پانی سے نطول کرین دوائی کہ ورم بارد پستان کیواسطے نافع
ہے ترکیب کرفس کوٹ کے پستان پر رکھین اور بابونہ کوٹ کے آب بادیان یا آب کرفس مین ملاکے ضماد کرنا بھی مفید ہے اور ضماد مغز تخم بیدانجیر تنہا یا کنجد
بھی مسکن اورام بارد پستان ہے اور نطولات محللہ کام مین لائین اگر ورم سختی پر مائل ہو آرد باقلا و ناخونہ کا روغن کنجد مین لیپ کرین یا مغز ساق گاؤ و موم کا
ضماد کرین و حلبہ و تخم کتان و انجیر و خطمی پکاکے روغن سوسن و موم مین قیروطی بناکے لیپ کرین اور مولدات سودا سے پرہیز کرین دوائی برائے ورم
گرم پستان کہ دودھ بند ہو جاے اور پستان مین پڑ جانے سے ہوتا ہے درد و تمدد و سرخی رنگ و تپ و التہاب کیساتھ ہوتا ہے ترکیب کپڑا گلاب و سرکہ
مین ترکرکے پستان پر رکھین اور ضمادات محللہ شیر منجمد کام مین لائین یا آرد مونگ آرد باقلا ہر ایک چھ ماشہ آب حب الثعلب تازہ دو تولہ مین لیپ
کرین اور کبھی آب کشنیز تازہ و زردی بیضہ مرغ و روغنگل زیادہ کردیتے ہین اور جب حرارت کم ہو جاتی ہے محللات مثل بابونہ گل بنفشہ ناخونہ پیس کے
روغنگل و موم ممزوج کرکے ضماد کرین اگر مائل بصلابت ہو آرد باقلا ناخونہ و روغن کنجد ہر ایک چھ ماشہ ملاکے لیپ کرین اور ریاحین حارہ کا نطول کرین
اگر مادہ جمع ہو گیا ہو دبیلہ پستان کی دوا سے کام لین دوائی دبیلہ پستان ترکیب تخم ریحان گاے کے دودھ مین پکاکے باندھ دین کہ تفتیح مادہ کرے
یا حلبہ چار ماشہ السی دو ماشہ آرد جو گل خطمی ہر ایک چار ماشہ انجیر دو عدد تخم مرو چھ ماشہ کا لیپ کرین جب پک جاے شگاف دیدین پھر مرہم سفیداب کا
لیپ کرین اگر مزاج بارد ہو قیروطی کہ موم و روغن خیری و روغن قسط سے بنی ہو کپڑے پر مل کے رکھین اور پودینہ خشک کرکے کوٹین اور پکائین پھر
موم روغن مین حل کرکے لیپ کرین اسی طرح پودینہ تر روغن بابونہ مین پکائین اور رکھین اسفنج سے تکمید کرین دوائی برائے تجبن شیر پستان مین ترکیب
نان میدہ آرد جو جرجیر حلبہ تخم خطمی تخم کتان ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے لیپ کرین دوائی تمدد پستان بسبب انجماد شیر بغیر ورم کے ترکیب بابونہ
بنفشہ گل خطمی حلبہ روغن زرد پانی مین جوش کرین اور نطول کرین حرام مغز خراب مین پکاکے لیپ کرین کہ شیر منجمد کو تحلیل کردیتا ہے اگر ورم تحلیل نہ ہو اور
بو دینے لگے ضمادات منضجہ کام مین لائین بعدہ اگر دوا سے منفجر ہو جاے فبہا ورنہ لوہے سے شگاف دیدین اور زخم کا مرہم مندملہ سے بعلاج کرین دوائی
تعقد وگرہ کہ پستان مین پڑ جاتی ہے اور یہ اکثر ہنگام بلوغ مین ہوتا ہے ترکیب اوسکے علاج قیروطیات و شحومات سے کرین اور روغن بنفشہ انڈیکی زردی
کا طلا کرین مفید ہے او سیر سرکہ رکھنا مفید ہے اکثر پہلے فصد ہی کافی ہو جاتی ہے اور خمیری روٹی کے کنارہ کو روغنگل مین چرب کرکے باندھ دینے سے جلد تحلیل
ہو جاتا ہے مصطگی انڈیکی زردی اور روغن گل مین بار بار لوید چینی فقط اور فصد صافن و مابض کا تجربہ کیا جاچکا ہے دوا ایضاً تعقد شدید مین کیواسطے کہ ضربہ
سے لڑکے کے سر کے ہو جاتی ہے ترسبی کو سرکہ مین پیس کے پستان پر طلا کرین تو وہ زائل ہو جاتی ہے دوائی پستان کی سختی کو نرم کرتی ہے ترکیب حلبہ کو کوٹ
کے سرکہ اور روغن گل مین ضماد کرین نیز برگ کرنب کوٹ کے زعفران قدرے قدرے اضافہ کرکے ضماد کرین دوائی اگر خون پستان مین جم جاے اور
دودھ مین خون آتا ہو نافع ہے ترکیب شیرہ تخم کاسنی و خیارین ہر ایک نو ماشہ شیرہ تخم کاہو سات ماشہ شربت نیلوفر سکنجبین سادہ داخل کرکے
پلائین اور اول فصد صافن کھلوائین پھر طبیخ حلبہ کے پانی مین اور جیسین کتان اور تھوڑا حاشا ملا ہو کماد کرین اور کنجد و مغز نان خشکار ہر ایک چھ ماشہ
ہمراہ آب طبیخ انجیر زرد ضماد کرین دوائی حکہ پستان اور اوسکا شقاق ترکیب خارش پستان مین انجیر کو تیز سرکہ مین بھگو کے طلا کرین بعدہ طبیخ کرفس کا

نطول کرین اور کاہل محجمہ پر ڈالین باقی تدبیر حسب حاجت جو حکہ مطلق مین بیان ہوگی اختیار کرین اگر پستان پر شقاق اور شکم پر بثین عود نون کے جڑ جاین
طلین قیمولیا اور کندر برابر لے کے کوٹین اور روغن گل مین ملا کے لیپ کرین اور جو شقاق مطلق مین تحریر ہوگا مناسب احتیاج عمل مین لائین دوائی
برائے درد معدہ ریحی و قراقر و نفخ معدہ و کثرت آروغ و تشاؤب و تطی مین معمول ہی ترکیب شیرہ تخم کشوث چار ماشہ شیرہ بادیان چھ ماشہ گلقند دو تولہ
نیم گرم فقط یا ہمراہ جوارش کمونی دین اور نمک و سبوس گندم سے تکمید کرین اور مصطگی پیس کے روغن بلسان مین ملا کے نیم گرم مالش کرین اور پودینہ و مصطگی و زیرہ
چبایا ہوا اور اوسکا پانی معدہ کی باد کو نکالنے مین مدد کار رون کے ذریعہ سے نافع ہی اگر باوجود ریح معدہ طبیعت مین قبض ہو روغن بید انجیر ایک تولہ کی مقدار
مین چھ تولہ عرق بادیان کیساتھ نیم گرم پئین اور روغن مذکور تھوڑا سا گرم کرکے معدہ پر ملین یا حب پنج کر حبوب مین مذکور ہوئی ہی دین مجرب ہی اگر ریح
غلیظ تر ہو ال بلغم و حب صبر دین اور کمونی کبیر معہ عرق تنبول یا عرق نانخواہ دین اور کھانے مین گرم مصالحہ داخل کرین اگر ریاح مراقی محدث درد ہون
علامت اوسکی عروض درد شب کو اور دوسرے حالات و علامات مرض مراق کا ظاہر ہونا ہی پس ماء الجبن و سفوف و حبوب مخرج سودا دین اور محجمہ ناری
مراق و ناف پر رکھنا بھی فائدہ مند ہوتا ہی اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ کثرت سودا رواں امراض طحال سے ریاح متولد ہوتے ہین اس سبب سے معدہ مین درد اور
نفخ ہو جاتا ہو علامت اوسکی جشار حامض و کثرت قراقر و سیاہی براز و قبض طبع ہو تدبیر اوسکی تکمید سرکہ سے کہ اوسین سداب و بابونہ و سویا و زیرہ و تخم
کرفس جوش کیا گیا ہو اور تنقیہ سودا سے مسہل سودا و فصد اسیلم و باسلیق بائین ہاتھ سے و تقویت معدہ کرین ایضاً مجرب برائے درد
معدہ ریحی ترکیب بزر البنج سوختہ برابر اوسکے سونٹھ اور دونون کے برابر دارچینی پیس کے شہد مین ملا کے بقدر ایک درم کھائین دوائی درد معدہ
برودت سے ترکیب جوارش کمونی اور دوسری گرم جوارشین مثل جوارش عود و مصطگی و دارچینی و مربائے گرم مثل مربائے زنجبیل کے کھائین اور
وضع محاجم ناری معدہ پر رکھنا اوجاع بارد معدہ کو منفعت بخشتا ہی اور تسخین اطراف بھی مفید ہی و ارشیشعان ایک مثقال سے دو مثقال تک
پانی مین جوش کرکے مصری کے ساتھ پئین تو درم کرنے مین درد معدۂ بارد کے بعد یاس کے مجرب ہی جدوار تنفیجی ایک یا دو ماشہ عرق گاؤزبان و عرق
بادیان یا عرق بید مشک و گلاب مین گھس کے نہار منہ پینا درد معدۂ بارد کے لیے حاضر النفع ہی اور اگر نارجیل دریائی بھی بڑھا دین تو اوسکا تجربہ
کیا جا چکا ہی دوائی درد معدہ بلغم حامض سے ترکیب تنقیہ معدہ بلغم سے بذریعہ قے و اسہال کرین اور تعدیل مزاج معدہ کرین اوسی طریقہ سے جو
دوائی وجع معدۂ بارد مین گذرا اور قے و اسہال کے ذریعہ سے تنقیہ کے بعد گلقند عسلی بمصطگی و انیسون یا اطریفل صغیر کی مداومت کرین اور غذا
قلیہ و مطنجن گرم مصالحون کیساتھ دین اور بقول انطاکی قے کے بعد غاریقون و مصطگی و ایارج کو ماء العسل کے ساتھ پی کے علاج کرین اور اسمین مجربات
سے جوارش عود و کمونی و فلافلی ہی اور معجون فلنفوش بھی مجرب ہی دوائی درد معدہ فساد غذا سے علامت اسکی تقدم تناول طعامہائے ردی الکیفیت
یا کثیر الکمیت ترکیب آب نیم گرم و نمک سے مکرر قے کرکے سکنجبین و گلقند ملا کے گلاب کیساتھ کھائین غذا مین یخنی دین اور جس جگہ کھانے کی زیادتی
سبب ہو چند روز غذا مین تقلیل کرین اور جب کیفیت غذا مرض کا سبب ہو اغذیہ صالح الکیفیت دین کہ مناسب حال معدہ ہو اگر اس مذکورہ تدبیر
سے فائدہ نہو سنا مکی پانچ ماشہ تربد موصوف تین ماشہ گلقند مین ملا کے ہمراہ عرق بادیان دین اور سبوس و نمک یا برگ شبت سے تکمید کرین

اگر نضج کے بعد تنقیہ کی ضرورت ہو مسہل حار سے تنقیہ کریں دوائی درد معدہ مادہ حار لذاع سے مثل صفرا و سوداء کے علامت، اجتماع سوداء
معدہ تلخی دہن و تشنگی و خمار و بدبو و غشیان و زردی بول و بیماری و نشان حصول سوداء معدہ میں ترشی دہن و کثرت اشتہا و ضعف ہضم و نفخ و رسوخ
معدہ و غلظ طحال ہوتا ہے ترکیب شیرۂ آلو بخارا شیرۂ زرشک عرقیات میں نکال کے سکنجبین و شربت انار ملا کے دیں اور بار زرشک و تمر ہندی عرق
عنب الثعلب میں بھگو کے گلقند گلاب بڑھا کے دیں اور شیرۂ خرفہ بھی اس قسم میں معمول ہے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کریں اور گرم گلاب
میں کپڑا تر کر کے تکمید کریں دایضاً سوداوی میں فصد اسلیم بائیں ہاتھ کی کھلوائیں تقویت فم معدہ کریں آب شاہترہ سبز مروق دس تولہ شربت
اسطوخودوس دو تولہ یا ہلیلہ سیاہ چھ ماشہ اسطوخودوس چار ماشہ شاہترہ گاؤزبان ہر ایک چھ ماشہ عرقیات و شربت بادرنجبویہ دیں اور مقویات
معدہ مثل زعفران و بالچھڑ و لونگ و مصطگی و زرنباد وغیرہ کا گلاب میں ضماد کریں اور بقول انطاکی وجع معدہ میں قے سے بہتر کوئی تدبیر نہیں ہے
بعد تعدیل خلط مضادات سے پس حار میں ماء الشعیر و تمر ہندی و آلو بخارا دیں اور غلبہ رطوبت میں سماق طباشیر و گل مختوم بڑھائیں اور مزورات حصرم
یا سرکہ یا لیموں دیں اور تضمید گل سرخ و صندل و کشنیز و خرفہ و عدس سے کریں اور وہ دوا جو جمیع امراض معدہ حار کیواسطے مجرب ہے دیں اور وہ معاجین
میں مسطور ہوگی دوائی درد معدہ سوداوی کہ کھانے کے بعد ہیجان کرتا ہے اور بغیر قے کیے ہوئے سکون نہیں ہوتا بعد استفراغ کے کام آتی ہے ترکیب
کندر مصطگی شونیز و نانخواہ پوست بیرون پستہ عود خام مساوی کوٹ چھان کے عسل مربہ آملہ میں ملا کے دو درم سے دو مثقال تک قبل غذا کھلائیں
دوائی کہ جمیع امراض گرم معدہ کے لیے مجرب ہے انطاکی سے ترکیب کشنیز خشک تخم کاسنی ہر ایک ایک اوقیہ گل سرخ ہلیلہ زرد مصطگی ہر ایک چار
درم فوفل صندل سفید گل بنفشہ رب السوس ہر ایک تین درم سبکو کوٹ چھان کے عرق نعناع و عرق لیموں میں تین مرتبہ تر کر کے خشک کرلیں اُس
وقت شکر طبرزد میں قوام کرلیں اور بقدر حاجت استعمال کریں دوائی درد معدہ ضعف معدہ سے علامت اسکی ہیجان درد بعد تناول غذا اور سکون
قے یا اسہال سے ترکیب برائے تقویت معدہ انوشدارو سادہ اور دوسری جوارشات مقوی معدہ دیں اور اوسپر مداومت کریں اور سوکھا
دھنیا کھانے میں زیادہ کریں کھانا متفرق طور پر دیا کریں اور کھانے کے بعد حرکت سے احتراز کریں اور قرص کوکب و قرص انیسون اس باب میں
سودمند ہے اور اگر ضعف کا سبب اجتماع اخلاط معدہ میں ہو تنقیہ خلط غالب کریں دوائی درد معدہ ذکاء حس معدہ سے علامت اسکی ظہور درد
ہے ذرا سے سبب سے مثل بخار طعام و انصباب سودا طحال سے معدہ میں اور پینا ٹھنڈے پانی کا اور مانند اوسکے اور باوجود اسکے ثقل معدہ میں
فتور نہیں ہوتا ترکیب تغلیظ روح و تخدیر عضو کریں اور پینا آب کوکنار قلیل المقدار کا اور تناول کلہ پاچہ اور سوائے اسکے مغلظات و مخدرات
اور جاننا چاہیے کہ درد معدہ جو ورم و قروح کے سبب سے ہوتا ہے اوسکا علاج علاج ورم و قرحہ ہے دوائی ضعف ہضم و سوء ہضم و تخمہ جاننا چاہیے
کہ ضعف ہضم تخمہ اوسکو نقصان ہضم بھی کہتے ہیں یہ ہے کہ معدہ میں غذا دیر کو ہضم ہوتی ہے اور سوء ہضم کہ اوسکو فساد ہضم بھی کہتے ہیں مراد ہے
کہ کھانا بخوبی ہضم نہ ہو بلکہ فاسد ہو جائے اور متغیر بکیفیات ردیہ ہو جائے اور تخمہ کہ بطلان ہضم ہوتا ہے اس سے عبارت ہے کہ معدہ غذا میں بالکل
تصرف نہیں کرتا اور نہ ہضم کرتا ہے علامت ضعف ہضم کی یہ ہے کہ بعد کھانے کے ثقل و تمدد ہوتا ہے اور بہت دیر تک ڈکار میں کھانے کی بو آتی ہے

اور نشان سوء ہضم ڈکار ہین بدبو براز مین بو وغشیان وحرقت معدہ ہوتی ہے اور علامت تخمہ کی عدم تصرف ہاضمہ غذا مین اسی طرح اوسکا تے ہین
بجنسہ آنا یا اسہال مین اور اسباب تینون مرضون کے ایک ہوتے ہین لیکن اسقدر جاننا چاہیے کہ نقصان وبطلان ہضم اکثر بسبب برودت ورطوبت
کے ہوتا ہے اور حرارت سے بہت کم دوائی ضعف ہضم وسوء ہضم حرارت معدہ سے خواہ حرارت سادہ فقط ہو یا مادۂ صفراء کے ساتھ یا رطوبت
سمیت یا ہمراہ یبوست علامت حرارت سادہ کی جشار دخانی وتشنگی وکراہت حادہ غذاؤن سے ہوتی ہے اور غذاے لطیف حار قلیل المقدار فاسد
ہوجاتی ہے اور طعام غلیظ بارد خوب ہضم ہوتا ہے اور تقدم اسباب حرارت مثل استعمال اشیاء حارہ اور سکون ہواے گرم سے اسپر گواہی دیتا ہے اور
علامت حرارت معہ مادۂ صفراء کے تلخی دہن وتشنگی وخشکی زبان وبدبوئی آروغ وغشیان وقی بول وبراز ہوتی ہے اور علامت حرارت رطوبت کیساتھ سیلان لعاب
دہن وقت گرسنگی وغشیان وتغیر طعام بعفونت وعفونت سے ہوتی ہے اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ رطوبت قے مین آجائے اور علامت حرارت کی یبوست سمیت تشنگی وخشکی
دہن ولاغری بدن ویبس براز ہے اور یہ قسم اکثر دق تک نوبت پہونچاتی ہے ورنہ دق الشیوخت سے پناہ نہین مل سکتی ترکیب اگر حرارت فقط ہو شیرۂ تخم خشک عرقیات مین نکال کے شربت
انار سکنجبین داخل کرکے پئین اور دوسرے اشربہ لطیفہ مثل شربت انار وسیب وغورہ ولیمون وسکنجبین سفرجلی ہمراہ آب سرد دین اور قرص طباشیر ملین وقرص کافور مذکورہ تبرید کیساتھ
پاکالیکے دہی مین دینا سخت سودمند ہے اور جوارش صندل وکافور ہمراہ شربت لیمون وسکنجبین سفرجلی معدہ کو نافع وسک وصندل وگل سرخ اور تھوڑے کافور گلاب مین
گھس کے معدہ پر ضماد کرین اور اغذیہ حامضہ غلیظہ کھائین اور کھانے مین ہرا دھنیا ڈالا ہو وکدو ڈالین اور آب شدید البرد کھانے پر پئین اگر مادہ صفراء کے ساتھ ہو اول
آب نیمگرم وسکنجبین سے مکرر قے کرین پس ادویہ مذکورہ عمل مین لائین اور نقوع تمرہندی وآلوے بخارا وزرشک ہمراہ شربت بنفشہ وشربت انار نہایت مفید
ہوتا ہے اور منضج سے نضج کے بعد مسہل باردہ سے تنقیہ کرین اور شربت ورد معہ سکنجبین وآب برف اسیطرح شربت افسنتین ومطبوخ افسنتین
ومطبوخات طبیعہ بھی براے تنقیہ مفید ہوتے ہین بعد تنقیہ کے اطریفل وسکنجبین سفرجلی چاٹے کے اوپر سے زرشک آلو شربت تمرہندی دینا بھی مفید
ہے اگر رطوبت کیساتھ ہو بعد قے کے آب نیمگرم ونمک وسکنجبین مربہ ہلیلہ وگلقند طباشیر ملا کے اطریفلات وجوارشات مجفف رطوبت
غیر مسخن کی مداومت کرین اور قرص ورد ومصطگی ہمراہ گلاب دین اگر خشکی کے ساتھ ہو شیر خر وشیر زنان وماء الشعیر حریرہ کہ آرد جو وروغن
بادام وشکر سے بنا ہو دین اور شیر گاؤ براے ترطیب سودمند ترین اشیاء سے ہے اور قیروطی کہ روغن بنفشہ روغن نیلوفر روغن کدو وموم
سفید وآب کاہو وآب خرفہ سے بنی ہو معدہ پر مین اور نیمگرم پانی سے نہائین اور ابزن مرطب استعمال کرین اور مرطب تیلون کی جسم پر مالش کرین
دوائی ضعف ہضم وسوء ہضم وتخمہ برودت معدہ سے پس اگر برودت فقط ہوتی ہے علامت اسکی کثرت اشتہا ہے باوجود ضعف ہضم وآروغ
ترش ونرمی براز اگر با رطوبت سادہ ہوتی ہے علامت اسکی سفیدی رنگ وترہل بدن وکسل حرکات مین رقت براز وکثرت آب دہن ہے اگر
رطوبت مادۂ بلغمی کے ساتھ ہو اسکی علامت قلت اشتہا ہے اور میل طبع اغذیہ حریفہ وغشیان وعدم تشنگی یا عطش کاذب ونفخ شکم وآروغ ترش
وخروج بلغم سے کبھی کبھی قے وبیاض وترہل بدن اگر معہ یبوست سادہ ہوتی ہے علامت اسکی خشکی زبان ولاغری بدن اور خشک چیزون سے تضرر
مرطوب چیزون سے انتفاع ہوتا ہے اگر معہ یبوست مادہ سوداوی ہوتا ہے نشان اوسکا کثرت اشتہا معہ ضعف ہضم وکثرت نفخ وسوزش معدہ

وقت گرسنگی وکندی دندان خروج سودا کیوقت جبکہ قے ہو اور تلی کا بڑھ جانا ہی ترکیب جبکہ رطوبت فقط بارطوبت سادہ سے ہو جوارشات حارہ مانند
جوارش مصطگی وکمونی وجوارش عود وجوارش اترج دین اور اگر فائدہ نہ ہو جوارش عنبر وفلافلی کھلائین اور مربائے زنجبیل ومعجون فنجنوش جمیع امراض بارد
معدہ کیواسطے مجربات سے ہی اور قرص ورد کوٹ کے معہ گلقند عسل کے کھانا اور پرسے عود مصطگی زنفل یا انیسون ومصطگی وتخم کرفس گلاب مین
جوش کرکے پئیں۔ اور بعد اسکے دواء المسک دینا اور مصطگی وگل سرخ وعود ومشک وصبر وافسنتین وزعفران مع عرق بید وشراب ریحانی کا معدہ پر
لیپ کرین عجیب الاثر ہی اور سوائے قے کے جو کچھ برائے رطوبت بلغمی آئیگا کام مین لائین اور گوشت مرغ وکبک وعصافیر معہ دارچینی وقرنفل
وزیرہ وکشنیز خشک غذا کرین اور معدہ پر روغن مصطگی وسوسن وقسط ونار دین کے ملین اور جب رطوبت بلغم ہو نیمگرم پانی ونمک یا طبیخ شبت
وتخم ترب وسکنجبین عسلی سے قے کرین اور بعد ازان مصطگی پوست ترنج ہر ایک ایک ماشہ پیس کے گلقند ملاکے کھائین اور مصطگی بالچھڑ عود پوست
ترنج سرکہ اور گلاب مین پیس کے معدہ پر ضماد کرین اور جوارشات گرم کہ اوپر مذکور ہوئین اور جوارش جالینوس ومربائے زنجبیل استعمال کرین
اگر مسہل کی ضرورت پڑے منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل گرم سے اور حب ایارج سے تنقیہ کرین اور بعد تنقیہ کے ادویہ مذکورہ قرص ورد دین
اور جس جگہ یبوست سادہ جو کہ حرارت ورطوبت معتدل مین ہو کام مین لائین مثلا ماء الشعیر تھوڑے سے شہد مین یا تھوڑے سے پھینٹے کے ملا دین اور
شربت گاوزبان وانار شیرین پئین اور قیروطی کہ موم وروغن مصطگی ونار دین سے بنی ہو معدہ پر طلا کرین اور شیرخر وشیر بز معہ شہد مصفی دین اور
مرغ خانگی وحریرہ گندم بھی کھائین اور یہ قسم بمشکل علاج پذیر ہوتی ہی اور جس جگہ کہ یبوست معہ مادہ سودا کے ہو تنقیہ سودا کرین بعد ازان مقویات
معدہ ومعدلات سودا مثل دواء المسک حلو ومفرح حار وشربت افسنتین ومربائے ہلیلہ اور مثل انکے استعمال کرین اور ماء الجبن ہمراہ سفوف سودا
نافع ہی دوائی ضعف ہضم وسوء ہضم وتخمہ فساد غذا سے سبب اسکا رداءت کیفیت طعام ہوتا ہی یا اوسکی کمیت کی کثرت سے یا سوء تدبیر
اکل وشرب یا حرکت عنیف بعد طعام یا بیداری مفرط وسوء انہضام یا خواب مفرط یا اغذیہ سریع التغیر کے بعد علامت اسکی تقدم سبب اسباب
مذکورہ سے ہی ترکیب فساد غذا مین معلوم ہونے پر فوراً آب نیمگرم ونمک سے قے کرین تاکہ معدہ طعام فاسد سے پاک ہو جائے اور اگر وہ غذا معدہ
سے منحدر ہو گئی ہو یا قے سے مانع ہو جوارش شہریاران وتمری وسفرجلی مسہل ومانند اونکے ادویہ ملینہ استعمال کرین سنا مکی پیس کے گلقند مین ملا
کے عرقیات وشربت دینار مین دین یا سنا مکی گل سرخ عنب الثعلب بادیان گل بنفشہ جوش کرکے ہمراہ گلقند دینا چاہیے اگر ہچکی کی شکایتین
ظاہر ہون ریشہ خطمی جو شاندہ مذکور مین زیادہ کر دین اور تنقیہ کے بعد معدہ کی تقویت کے واسطے گلقند وسکنجبین ہمراہ گلاب دین تاکہ اشتہا قوی ظاہر ہو
غذا نہ دین بعد اشتہاء صادق کے اغذیہ خفیفہ ولطیفہ تناول کرین اور آب نخنی بلکہ جو غذا جلد ہضم ہونے والی ہو مثل تیتر وبٹیر وغیرہ کے معہ دارچینی اور تھوڑے
زعفران کے کام مین لائین اور ریاضت واستحمام وتنطیل آب گرم سے معدہ پر بعد تنقیہ کے مفید ہوتی ہی اور اطراف سرد کے عرق مین رکھنا بھی مقوی
ہضم ہے اور جو دوائی درد معدہ کہ فساد غذا سے ہوتا ہی اسمین مذکور ہوا اور جو دوائی ہیضہ مین آئیگا سب اسمین مفید ہی دوائی ضعف ہضم وسوء ہضم
وتخمہ ضعف جرم معدہ سے علامت اسکی یہ ہی کہ بہت قے ہونے کے بعد اور آخر امراض مزمنہ مین ہوتا ہی اگر تھوڑا کھانا کھایا جائے تو ہضم ہو جائے گا

اور غذا کی زیادتی ثقل و گرانی کا سبب ہوتی ہے و ایضاً ضعف ہاضمہ و ضعف اشتہا و کاہش بدن و عدم ظہور علامات امراض دیگر بھی سکی دلیل ہے ترکیب
قابض اور خوشبودار چیزیں استعمال کریں اور جوارشات مقویہ کی مثل جوارش عود و آملہ و انوشدارو وغیرہ کی مداومت کریں اور اطریفل صغیر و کبیر بھی نفع
دیتا ہے سفوف و سطاطالیس اور شربت میلیہ و معجون خوزی نفع رکھتی ہے پوست سنگدانہ مرغ نیم مثقال اطریفل کیساتھ ملا کے انفع ہے و معجون سنگدانہ
ہو دستور و تعلیق سنگ یشب معدہ پر بالخاصیت مفید ہے اگر میدام اُس سے لے کے پیسیں معجون مقوی معدہ میں ملا کے دیں نافع تر ہے اور با لجملہ سعد کوفی
اذخر و مصطگی پانی میں پیس کے لت کرکے اور دوسرے اضمدہ مقویہ کا معدہ پر ضماد کریں اور روغن ناردین و روغن مصطگی معدہ پر ملیں اور غذا گوشت
مرغ بٹیر تیتر اور مانند اسکے دار چینی و زعفران وغیرہ سے خوشبودار کرکے اختیار کریں اور سماق یا آب انار یا آب لیموں سے فندق بنائیں ایضاً امراض مذکورہ
کے واسطے کہ سبب انکا صفرا ہو مستعمل ہے اور علامت اسکی تلخی دہن و خشکی و تشنگی و قے صفراوی ہوتی ہے ترکیب نیم گرم پانی اور سکنجبین سے قے کریں
اور سماق و ندشک پیس کے سکنجبین شربت انار میں ملا کے کھلائیں صندل و زرور و سماق سرکہ و گلاب میں پیس کے معدہ پر ضماد کریں نضج کے بعد
مسہل بارد دیں دوائی کہ ہاضم و مشہی و خوش ذائقہ ہے ترکیب دہی کا پانی ایک سیر عرق لیموں پاؤبھر آب ادرک ڈھائی تولہ پوست بیخ چیتہ
فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ سہاگہ بریان ایکدرم نمک لاہوری بقدر ذائقہ دوائیں پیس کے مذکورہ عرقوں میں ملا کے رکھ چھوڑیں خوراک دو تین
تولہ ایضاً برائے تقویت ہضم و اشتہا و تحلیل ریاح مجرب ہے آب ادرک آب گھیکوار ہر ایک چار تولہ نمک سیاہ دو تولہ باہم ملا کے شیشہ میں رکھ
چھوڑیں دھوپ میں دو تین روز تک رکھیں بعدہ ایک تولہ مناسب عرقوں میں شروع کریں اور تبدریج بڑھاتے رہیں دوسرے نسخہ میں آب
لیموں داخل ہے اور شہد عوض نمک اور کل دوائیں برابر اور لکھا ہے کہ دس روز تک دھوپ میں رکھیں بعدہ ایک فنجان کے برابر پئیں اگر تھوڑی لونگیں
و دار چینی و اجوائن و پیپل اُسمیں ملا دیں نافع تر ہو جاوے اور برائے دفع رطوبات معدہ و زردی اندام دو درم سبز مفید لکھا ہے دوائی ہاضمہ کی معین ہے
اور سوزش سینہ کہ کھانا ناگوار ہونے سے پیدا ہو جاتی ہے رفع کرتی ہے بیاض اوستاد مرحوم سے ترکیب کباب چینی ایک ٹانک تخم دانہ الائچی خورد
ہر ایک دو ٹانک دار فلفل چار ٹانک طباشیر آٹھ ٹانک صندل سفید نبات سفید ہر ایک سولہ ٹانک کوٹ چھان کے ہر صبح دو ٹانک کھائیں
ایضاً نسخہ برائے تقویت معدہ اور ریاح معدہ ترکیب ست گلو تو ماشہ مصطگی ڈیڑھ تولہ شہد پاؤبھر شربت ایکدرم دوائی کہ برائے سقوط
اشتہا و بدہضمی و دوسرے شکمی خللوں کے کہ جنکی وجہ سے تپ عارض ہو جاتی ہے مجرب حکیم کلو صاحب ترکیب اصل السوس مقشر دار فلفل شیطرج ہر ایک
تین ماشہ نمک لاہوری اجوائن سونٹھ سیاہ مرچ پودینہ ہر ایک چھ ماشہ گل سرخ ایک تولہ کوٹ چھان کے اُسمیں سے تین ماشہ ایک تولہ شہد میں
ملا کے ہر روز کھائیں بہت نافع ہے دوائی مقوی ہاضمہ و معدہ اور رنگت کھونے کے لیے معمول ہے ترکیب چار خطائی ایکدرم بادیان خطائی
نصف درم دانہ الائچی خورد دار چینی ہر ایک نصف مثقال مصری ایک تولہ گلاب یا بید مشک یا عرق کیوڑہ اگر ہو بہتر ورنہ آدھ سیر پانی میں جوش
دیں جب آدھ پاؤ رہ جاوے نیم گرم بطور قہوہ کے پئیں اور چار خطائی آخر جوش میں ڈالیں دوائی مہضمہ یہ عبارت ہے حرکت مادہ فاسدہ سے
اور اوسکا تمے دا سہال سے خروج جسوقت معدہ میں کھانا ہضم نہیں ہوتا فاسد و متغیر ہو جاتا ہے اور قوت دافع اوسکو دفع کرتی ہے اور

بسبب فساد اور اُسکی تحریک کے مواد فاسد مجتمعہ بدن اور رگون مین اور بضرورت خلا اخلاط صالح بدن کے واسطہ سے بھی حرکت مین آتی ہین
اور شدت :. دفع کرنیکی کوشش کرتی ہین پس جو لطیف وطافی ہوتی ہے قے سے دفع ہو جاتی ہے اور جو غلیظ و راسب ہوتی ہے اسہال سے نکلتی
ہے اور اگر قے نہ آوے جملہ مادہ اسہال مفرط سے نکل جاتا ہے لیکن غثیان سے خالی نہین ہوتا پس طعام فاسد شدت حرارت معدہ سے بار دارت
کیفیت خود کی جہت سے اور قبولیت اُسکی سرِ احتراق کو صفراویت کیطرف مستحیل کر دیتی ہے چنانچہ کبھی صفرا کراثی و زنگاری پیدا ہوتا ہے اور اوسکو ہیضۂ
صفراوی کہتے ہین اور کبھی بواسطہ غلبہ برودت بسوے بلغمیت لیجاتا ہے اسکو ہیضہ بلغمی کہتے ہین کبھی غلبۂ سودا کیوجہ سے سوداویت کیطرف
میل ہوتا ہے اسکو ہیضۂ سوداوی کہتے ہین اور جو تعفن ہوا سے ہوتا ہے وہ ہیضۂ وبائی کہلاتا ہے اور جو تدبیر جمیع اقسام کیواسطے مفید ہے وہ یہ ہے کہ اس
مرض مین پوری توجہ اخراج مادہ کی قے یا اسہال کے ذریعہ سے کرین اور جب تک تحمل کی قوت دیکھین حبس قے و اسہال سے کوئی تعرض نہ کرین
کیونکہ اگر ہیضہ محتبس ہو جاتا ہے اور مادہ اوسکا سمی ہوتا ہے اور اکثر اوسکی سمیت قلب و دماغ و سائر اعضا مین سرایت کرجاتی ہے اور ہلاکت کا باعث
ہوتی ہے لہذا اگر دیکھین کہ مادہ فراغت سے نہین نکلتا اور فوق کیطرف متوجہ ہے اور غلبۂ غثیان و قے دریافت کرکے سکنجبین کثیر المقدار نیمگرم پانی
مین اور تھوڑا سا نمک پیس کے ملا دین اور پلا کے قے کرائین تا ظہور نقاہت معدہ جسوقت کرب بیقراری معلوم ہو اُسیوقت قے کرائین بعدہ تسکین کے واسطے
گلاب و شربت انار ترش تھوڑا تھوڑا دین اگر مادہ کو اسفل کیطرف متوجہ دیکھین اور رجوع اسعاد و فرات سے اندازہ ہو جاوے جوارش سفرجلی وغیرہ ملینات کے زود دین بعدہ مسکنات کام مین لائین اور گلاب اس
مرض مین فائدہ عظیم رکھتا ہے بالجملہ بعد اخراج مادہ مابقی کے تحلیل کے لیے مثل فادزہر معدنی و حیوانی و یا نارجیل دریائی و جدوار خطائی یا پپیتا گلاب
مین پیس کے دین جسوقت صاحب ہیضہ کو تھوڑی قے آکے غش کی نوبت ہو اور دانت بیٹھنے لگین چاہیے کہ شاخین اور باشوبہ اور مشمومات مناسبہ
سے کام لین اور نارجیل دریائی و عود صلیب و جدوار نفسجی لقدر نیم نیم ماشہ گلاب مین پیس کے حلق مین ٹپکائین فائدہ بلیغ دکھائیگا اور اسی طرح تریاق
فاروق یا پپیتا ایک ماشہ گلاب مین پیس کے دین کہ براے ہیضہ و درد شکم مفید ہے اسی طرح نارجیل دریائی گلاب مین پیس کے حلق مین ٹپکائین
اور مرغ کا پر حلق مین ڈال کے غشی کیحالت مین قے کرائین تو غشی دور ہو جاتی ہے و ایضاً جوزبوا پیس کے روغن کنجد مین ملا کے نیمگرم بدن پر مالش کرین
اور اگر ہاتھ پانو مین تشنج واقع ہو اسی دوا کی مالش کرین اور بعد سکون ہیضہ جسوقت تک قوت بحال ہو غذا اکثر و لطیف تر دین اور انطاکی کہتا ہے
کہ حقیقت ہیضہ ضعف جمیع قواے معدہ و امعا سواے دافعہ کے ہے اور سبب اسکا زیادہ تر اجتماع اغذیہ کثیر مختلف الجوہر و فعل و کیفیت کا معدہ
مین اور تقدم کثیف کا لطیف پر کہ تسدید کرتا ہے اور لطیف کو منفذ نہین ملتا اور فاسد ہو جاتا ہے ہضم سے پہلے پانی کا پینا جب غذا کھانا مرخی معدہ
اور مبطل افعال معدہ و ضعف حرارت غریزی و سہر مفرط و استعمال فواکہ خصوص مثل توت و خربزہ بالاے طعام مثل لحم یا کسی ایسی چیز کو کھانا کہ مرطوب
حار بلاد مین رات کو رکھی رہی ہو اور اوسکی شان سمیت کیطرف مستحیل ہوگئی ہو مثل ادرک کے علامت اوسکی اسہال رقیق متواتر و مغص و ثقل و قراقر
و قے و غثیان و صداع و تپ ہے و شے طعم سے خارج و رنگ خود اُس خلط کیطرف کہ جسکے غلبہ سے فساد واجب ہوا ہو دلالت کرتا ہے اور اس
مرض مین اوسکے اختلاف اقسام کیطرف نظر کرنا چاہیے کہ مختلف ہوتی ہین اور اوسکی اقسام بسیط چار ہین حسب اخلاط اربعہ لیکن ہیضۂ دموی

کسی نے نہین کہا بلکہ ایک گروہ نے خونکا وجود ہیضہ مین منع کیا ہی اور حق یہ ہی کہ وہ جائز ہے اور اگرچہ خون تنہا ہوتا ہی اور طریق علاج ایسے وقت
فصد قیفال اسہال خون مین ہی اور باسلیق اوسکی قے مین اور غیر دموی مین استقصاے اخراج مواد قے اور اسہال سے کیونکہ اسکا حبس مریض
کا اتلاف ہوتا ہی بعد ازان تضمید شکم اُس ضماد سے کہ جو ضمادات مین آیگا اور دلک اطراف بعدہ وہ مطبوخ کہ مطبوخات مین لکھا جائیگا پلائین
اور وہ ضماد و مطبوخ دونون ترکیب مجربہ میرے سے ہین اور اس مرض کے شروع مین پھر اطراف کو پانی اور سرکہ سے دھوئین اور غالیہ محلول
گلاب و آب آس مین ملین اگر اسکے بعد غشی و خفقان ظاہر ہو گل مختوم گلاب و آب آس مین حل کر کے شربت لیمون و شربت سیب مین میٹھا کر کے
پلادین اور قے مین مادہ لطیف خفیف کہ اوسکی شان حرارت ہی اور اسہال ثقیل و کثیف مین کہ اوسکی شان برودت ہی نکل آتا ہی پس اگر صداع
و ہیجان ولذع و خشکی و تشنگی پائین شربت بنفشہ و آب عناب و آلو بخارا و گاوزبان دین اگر ثقل و مغص و قراقر دیکھین کمونی و جوارش فلفل و مصطگی
دین اور اگر دونون باتین پائی جائین ترکیب علاج کرین لیکن اہم کو مقدم کرین اگر اوسکے بعد سقوط قوت ہوجاے مفتحات قوت مثل
معجون مشک و عنبر و شربت ابریشم دین باقی مناسبات علاج تخمہ مین مسطور ہین دوائی ہیضہ صفراوی علامت اسکی کرب و غثیان و شدت
تشنگی و قے صفراوی و اسہال رقیق ہوتی ہی اور تشنج اعضاء و سقوط نبض و غشی و برد اطراف اور ناخن و دندان کا نیلا ہونا ترکیب بعد تنقیہ
مادہ فاسد آب نیمگرم و سکنجبین سے قے کرین اگر اچھی طرح قے نہ ہو مرغ کا پر حلق مین ڈالین اور اُسے حرکت دین اور تا وقتیکہ علامت وجود
مادہ مثل کرب و غثیان وغیرہ کے موجود ہونے بکرات و مرات عمل مین لائین تاکہ مادہ فاسد بالکل نکل جاے اور مریض قلق و اضطراب سے بچے
اور تشنگی کے وقت پانی کے عوض گلاب پر اختصار کرین یا تھوڑی سی سکنجبین بھی پلادین اور پینا افشرہ تمر ہندی کا خفیف مٹھاس کے ساتھ بھی
مفید ہی جسوقت مادہ سے نقا حاصل ہو اوسیوقت تسکین کی کوشش کرین اور شربت انار و سکنجبین یا شربت بہ یا رب بہی یا رب انار ترش
گلاب مین حل کر کے پلادین اگر مذکورہ شربت موجود نہ ہون اور گلاب سے پیاس نہ بجھے انار دانہ ترش کا گلاب مین شیرہ نکال کے اور طباشیر پیس کے
اوسپر چھڑکین جرعہ جرعہ پلائین زہر مہرہ خطائی و طباشیر ہر ایک ایک ماشہ و پوست بیرون پستہ دو ماشہ شربت لیمون و گلاب یا شربت انار
منعنع و شربت انارین و آب دین اور شربت حب الآس تسکین قے و اسہال کے واسطے سخت نافع ہی اور خرفہ گلاب سرد مین تر کر کے پیٹ
پر رکھین جسوقت قلق صدر و دوار فوق مین پیدا ہو فوراً قے کرائین اور قے کے بعد دواے مسکن دین مثلاً قے کے عقب مین طباشیر و زہر مہرہ
نارجیل دریائی ارنڈ خربوزہ زرشک زرد و مغز تخم لیمون کاغذی و انار دانہ ترش و دانہ ہیل ہر ایک حسب حاجت دین اور اگر دوا قے مین نکل
جاے طباشیر و زہر مہرہ گھس کے ہمراہ شربت انار ترش یا شربت لیمون بطور لعوق کے چٹائین اور زرشک و انار دانہ ترش و قدرے پودینہ
ہمراہ فلفل سیاہ و نمک بقدر حاجت پیس کے لعوق بنائین لیکن جس جگہہ تشنگی و حرارت شدید ہو استعمال نارجیل و رنڈ خربوزہ و پودینہ مین
کسیقدر تامل چاہیے اور زرشک و صندل و کافور گلاب مین گھس کے معدہ اور قلب پر رکھین اگر حرارت پورے درجہ پر ہو اور قے بند
ہوجاے قرص کافور شربت لیمون یا انار ترش مین ملا کے چٹائین اور جہان غشی طاری ہوجاے ٹھنڈا پانی اور ٹھنڈا گلاب اُسکے منھ پر

چھڑکیں اور دونوں بنڈلیوں اور بازوؤں کو مضبوط عصابوں سے باندھ دیں اور ہتیلی اور تلوؤں کو خوب ملیں افاقہ کے بعد اگر حرارت و لہیب پیٹ میں
اور پیاس کی زیادتی معلوم ہو خرفہ کو گلاب و سرکہ میں تر کرکے معدہ اور دونوں پہلوؤں پر رکھیں اور جسوقت ضعف اور سقوط قوت لاحق ہو یا قوت یا
مقوی حسب حاجت کام میں لائیں اور دواء المسک و شربت ابریشم تیار کرائیں دوائی ہیضہ بلغمی نشان اسکا ظہور بلغم ہونے و اسہال میں اور قے
ترش و سیلان لعاب دہن ترکیب آب نیم گرم و نمک سے قے مکرر کرین بعد ازان سکنجبین و گلقند ہمراہ گلاب پئیں اور دیگر جلابات قے مثل مصطگی
عود ہندی انیسون ہر ایک سات ماشہ بادیان پودینہ ہر ایک نو ماشہ لونگ تین ماشہ پاؤ بھر گلاب میں جوش کرکے پلا دیں اگر حبس قوی منظور ہو
جوارش سفرجلی ممسک و قرص عود دیں اور ملنا اطراف کا نیز انھیں باندھنا زعفران و مشک و عود باریک پیس کے بھی کے عرق میں ملا کے
معدہ پر ضماد کریں اگر اعراض دیگر مثل غشی و تشنج وغیرہ کے پیدا ہوں جو قسم بالا میں ذکر ہوا ہو و ہی عمل کریں اور حب پیارا انکا چار رتی ہمراہ چار عدد سیاہ
مرچ کے گلاب یا عرق بادیان میں پیس کے پلائیں و ایضاً فاوزہر معدنی رنڈ خربوزہ و نارجیل دریائی و فادزہر حیوانی استعمال کرنا فائدہ بخشتا ہے
اور دوسری ادویہ حارہ مثل دانہ ہیل و پوست ترنج و نعنع و جدوار وغیرہ بدستور استعمال کرائیں اور غذا میں صرف آب یخنی دیں دوائی ہیضہ سوداوی
علامت اسکی یہ ہو کہ ہیضہ ہونے سے چند روز پہلے تخمہ ہوتا ہو اور کثرت سے پیٹ میں ریاح جمع ہو جاتے ہیں اور اکثر اس ہیضہ کی ابتدا میں درد ناف م
پیچش ہوتی ہے اسہال مفرط ہوتا ہے اور قے کمتر یہ بھی ہوتا ہے کہ قے نہ ہو ترکیب ماء العسل گرم کرکے دیں تاکہ مادہ فاسد قے اور اسہال میں دفع
ہو جائے اگر مادہ بخوبی مستفرغ نہ ہوا اور قوت باقی ہو جوارش سفرجلی مسہل یا شہریاران دیں اگر تنقیہ کے بعد اسہال باقی رہے قرص عود و سفوف
انار دانہ دیں بعد انقضائے مرض کے برائے رفع یبس جفاف حمام کریں اور اگر درد و لذع معدہ عارض ہو جائے اسبغول و آب انار شکر ملا کے دیں
بعد رفع ہیضہ غذا میں طائروں کا گوشت رکھیں اور ارجاع تک غذا میں تھوڑی تھوڑی توسیع کریں دوائی ہیضہ مجربات اوستاد مرحوم سے
ترکیب خس پوست مارچیں ناگرموتھ ہر ایک نصف تولہ پوست بادام و پودینہ ہر ایک تین تولہ الائچی سفید نو ماشہ پانچ سیر پانی میں جوش دیں
جب نصف رہ جائے تھوڑا تھوڑا پلائیں اور نسخہ مجربی میں خس کا وزن تین تولہ ہے اور لکھا ہو کہ تین سیر پانی میں جوش کریں جب تہائی حصہ رہ جا
کام میں لائیں دوائی ہیضہ بلغمی و ہیضہ کہ بسبب اکل اغذیہ غلیظ بلغمی و ریحی ہو جاتا ہے مخترعات حکیم کلو صاحب سے کہتے ہیں کہ اس دوا سے ہزارہا
مریض نے شفا پائی ہے ترکیب سعد کوفی پانچ درم چھتیس تولہ پانی میں جوش کریں جب تہائی رہ جائے صاف و سرد کرکے پئیں اور حب سرخ و سیاہ
کہ تحریر ہو چکیں بھی ہیضہ میں معمول حکیم ممدوح ہے ایضاً برائے ہیضہ ترکیب سونٹھ لے ریشہ کوٹ چھان کے عرق انار شیریں میں ملا کے گولی
بنائیں اور جامن کی کو بلوں میں رکھ کے اوپر سے گل حکمت کر دیں آگ میں پکا کے جسوقت ادھ کچی ہو نکال لیں اور ضرورت کے وقت چار ماشہ
یا کم و بیش لے کے شہد خالص میں ملا کے مریض کو دیں بفضلہ تعالے شفا ہو گی ایضاً برائے رفع سمیت ہیضہ مجربات سے ہے ترکیب پوست
ریشہ درخت نیم بارہ مثقال گلقند عسلی پانچ مثقال فلفل سیاہ نو عدد تخم چکنبیر مثقال عرق بادیان یا عرق عنب الثعلب یا آب جاری میں جوش کریں
جب نصف رہ جائے صاف کرکے پلائیں ایضاً گل نیب تین مثقال ہمراہ ایک مثقال کالی مرچوں کے پیس کے تین چار مرتبہ مریض کو کھلائیں

دوائی برائے ہیضہ وبائی حکیم علوی خان کتاب عشرہ کاملہ مین مجرب لکھا ہی اور بعضے حذاق کے بقول اس بارہ مین کرر تجربہ کیا گیا ہی کہ اس سے بہتر دوا
نہین ہی ترکیب شیرۂ زنجبیل تین ماشہ زرنبے زرنباد ہر ایک ڈیڑھ ماشہ عرق کیوڑہ وعرق بہار نارنج ہر ایک سات تولہ مین نکال کے نمک لاہوری دو ماشہ
داخل کرکے پلائین ایضاً برائے ہیضۂ وبائی مجرب حکیم نجیب اللہ خان ترکیب الائچی سفید سونف ہر ایک چھ ماشہ پودینہ نو ماشہ نرکچور ساڑھے چار ماشہ
مرچ سیاہ ایک ماشہ زہر مہرہ خطائی تین ماشہ سب کا ایک پاؤ پانی مین شیرہ نکال کے گلاب دو تولہ ملا کے پلادین فوراً رفع تشنگی وقے واسہال کریگی ایضاً
برائے ہیضۂ امتلائی مجرب مولوی عبد الرزاق ترکیب سعد کوفی ایک تولہ نیم کوفتہ آدھ سیر پانی مین جوش کرین جب آدھا رہ جائے آدھ پاؤ گلاب ملا کے
پلادین ایضاً برائے ہیضہ ترکیب تخم دانہ الائچی سفید صندل سفید لونگ عود غرقی پوست ترنج ہر ایک ایک درم نبات سفید چھ درم کوٹ چھان کے دو
درم گلاب مین پلائین نوع دیگر کہ عطش شدید وقے زنجاری وکرانی والتہاب وقلق نہین ہوتا ترکیب نارجیل دریائی دو رتی سے چار رتی تک
رنڈ خربوزہ دو رتی سے چار رتی تک ہمراہ عرقیات مناسب وگلاب وگلقند وشربت انار معمول ہی آخر مین دین اس سے تقویت حرارت غریزی ودفع
مادہ سمی ہوتا ہی ایضاً برائے درد معدہ ہیضہ مین ترکیب رنڈ خربوزہ ایک رتی جدوار دو رتی عرق کیوڑہ مین گھس کے شربت انار شیرین دو تولہ حل کرکے
پئین دوائی بیارانگا کہ ہیضۂ رطوبی مین مجرب ہی ترکیب بیارانگا دو رتی قرنفل تین عدد فلفل سیاہ اکیس عدد نرم پیس کے رنڈ خربوزہ دو رتی پیسین
اور اوسمین ملا کے نیم گرم جرعہ جرعہ دین ایضاً برائے ہیضۂ صفراوی ترکیب شیر خشت بریان ہمراہ سکنجبین دو تولہ پینا مفید ہی ایضاً ہیضہ بلغمی کے واسطے
نافع ہی ترکیب انیسون زیرۂ سیاہ مصطگی عود غرقی ہر ایک تین ماشہ ڈھائی سیر پانی مین جوش کرین جب چوتھائی رہ جائے صاف کرکے پلائین بعد اسکے
مزاج درست ہو جائے جوارش سے تقویت کرین ایضاً برائے ہیضۂ وبائی کہ نفخ شکم کے ساتھ ہوتا ہی ترکیب زرشک تین ماشہ سہاگہ بریان دو ماشہ
دین ایضاً نافع ہیضۂ صفراوی بعد نقائے مادہ کے دینا چاہیئے ترکیب پوست بیرون پستہ طباشیر ہر ایک ایک ماشہ دانہ ہیل دو ماشہ شربت انار
شیرین تین مثقال ایضاً سبزی کنول گٹہ دانہ الائچی خورد زرشک سماق طباشیر کشنیز ہر ایک دو ماشہ شربت انار شیرین ایک تولہ دوائی نقصان و
بطلان اشتہا اگر سبب ضعیف ہوتا ہی اشتہا کم ہوتی ہی اگر قوی ہوتا ہی بالکل زائل ہو جاتی ہی اور بالکل کھانے کی طرف طبیعت رجوع نہین ہوتی اور جو
حرارت وبرودت معدہ سے ہوتی ہی عام ہی کہ حرارت سادہ ہی یا مادۂ صفرا کیساتھ اور برودت بے مادہ ہوتی ہی یا مادۂ بلغم کیساتھ ترکیب علاج
اسکا اُسی طریقہ پر ہی کہ اقسام ضعف ہضم اور جو دوائی قے ودستوع صفراوی وبلغمی مین بیان کیا جائیگا حرارت کی صورت مین اور برودت سادہ مین
تعدیل بے تنقیہ کے اور وجود مادہ کیحالت مین مع تنقیہ عمل مین لائین اسیطرح نقصان اشتہا مین کہ حرارت سے ہو استعمال شربت غورہ وسیب وانار ترش
وجوارش آملہ وجوارش عود ترش وتغذیہ کاہو وخرفہ کا آب انار وزرشک ترش مین بنائین نافع ہی اور نقصان اشتہا مین کہ برودت سے ہو جوارش مصطگی
وعود شیرین وجوارش عنبر وسفرجلی وفودنجی وانوشدارو وجوارش جالینوس مفید ہین دوائی نقصان اشتہا کہ بسبب امتلائے بدن سے اخلاط خام کے یا بسبب
عدم انصباب سودا فم معدہ پر ہو نشان امتلائے بدن یہ ہی کہ بدن ممتلی ہوتا ہی اور تقدم طول راحت اور عدم تاب مشقت اور تناول اطعمہ فواکہ غلیظ
ہوتی ہی علامت اسکی یہ ہی کہ بھوک نہ ہو لیکن جب حسب معتاد کھانا کھایا جائے منہضم ہو جائے اور ترش وقابض چیزون سے اشتہا ظاہر ہو اور تلی

بڑھ جاے **ترکیب** اگر امتلاے بدن سے ہو غذا مین تقلیل کرین حرکت و ریاضت کی زیادتی نہ کرین استحمام و دلک بدن نفع ہو بچاتا ہے
اور جو عدم انصباب سودا کے سبب سے ہو تفتیح مسالک طحال کیواسطے سکنجبین بزوری دین اور لہسن و انجیر سرکہ مین پروردہ کھلائین اگر مانع
نہ ہو تخم ترب و تخم جرجیر شبت و سکنجبین عسلی اور نمک ملا کے تے کرین اور جو دوائی سدہ طحال مین آئی ہے اوسپر رجوع کرین دوائی نقصان اشتہا
و بطلان حس فم معدہ کے علامت اسکی یہ ہے کہ معدہ کے تمام افعال مسلم ہون اور جسقدر ترشی کھلائین اشتہا پیدا نہ ہو ترکیب جو سبب اسکے پیدا ہو نکلا
آفت ہے لیکن عصب کو کہ دماغ سے فم معدہ کیطرف آتا ہے اور سبب آفت عصب یا سوء مزاج ساذج ہوتا ہے یا مادی پس ساذج مین تعدیل تقویت
دماغ کی کوشش کرین اشربہ و معاجین وادہان سے اور مادی مین پہلے تنقیہ دماغ کرین مسہل و حبوب مناسب سے اور استعمال مقویات معدہ
سے تعدیل کرین اور چاہیے کہ تنقیہ برفق و تفاریق کرین بہر حال تقویت دماغ ملحوظ رکھین دوائی نقصان اشتہا کہ کثافت مسام و درشتی جلد بدن سے
ہوتی ہے علامت اسکی صلابت جلد و قلت عرق و عدم خواہش غذا زمانہ طویل تک ہوتی ہے ترکیب برائے استرخاء جلد و تفتیح مسام و تحلیل فضول حمام
کرین اور قوی ریاضت کرین بدن کی مالش کرائین اور طبیخ خشخاش و نفخہ مرخیہ مین بٹھائین اور روغن حارہ مفتحہ سے تدہین کرائین اور جو محلل فضول ہو
کام مین لائین دوائی نقصان اشتہاء دوسرے اسباب سے ترکیب جو ضعف جگر اور سدۂ جگر سے ہو علامت اُسکی دُبلاپن ہے دن بدن اور مختلف الالوان
اسہال ہونا اس صورت مین ازالہ ضعف جگر اور جگر کے سدے نکالنے کی کوشش کرنی چاہیے جو دوائی امراض جگر مین آئی علاج استسقا کرین اور
جو قلت خون اور ضعف کے سبب سے ہو جیسا کمزور دنکو یا اُس شخص کو جسکو اسہال مفرط ہو چکا ہو مقویات سے ضعف کا ازالہ کرین اور مولد خون غذائین
کھلائین اور اگر عادتون کے ترک کرنے سے ہو مثلاً شراب چھوڑ دینے سے تو ترک عادت رفتہ رفتہ کرنی چاہیے اور جو اشتغال طبیعت سے ہو ایسی چیز
کیطرف جو کہ غذا سے اہم ہو مثل اندفاع مرض کے ازالہ اشتغال کرین کہ مانع ہوا اور اگر دیدان کے سبب سے ہو کہ قعر معدہ کیطرف تصاعد کرتے ہین اُن کو
مار ڈالنے اور نکالنے کی تدبیر کرین اُس طریقہ سے کہ اُنکے بارہ مین مذکور ہے و ایضاً تمام ہموم و غموم مسقط اشتہا ہین اور تدبیر اسکی اُنکا ازالہ ہے جس طرح
ممکن ہو دوائی اشتہا پیدا ہونے اور دفع بلغم کے واسطے معمول ہے ترکیب نوشادر لیکے آوندگلی مین اُسکی تصعید کرین بعد اوسکے برابر گندھک
آملہ سار لین اور مولی کی جڑ کے عرق مین اسے کھرل کرین جب خشک ہو جاے اسیطرح سرکہ مقطر مین پھر کھرل کرین اور پیس کے رکھ چھوڑین ایک ماشہ
کی خوراک مین کھائین دوائی فساد اشتہا یہ مٹی و انگشت و گچ اور مانند انکے چیزون کے کھانے سے ہوتا ہے چنانچہ عورتون کو ابتداے حمل مین ہو جاتا ہے
سبب اسکا اجتماع خلط فاسد ہے معدہ مین پس اگر وہ خلط حار ہو گی چیزین ردی بارد کھائین گی ورنہ بالعکس ترکیب جو براے شہوت کلبی بلغمی ذکر ہوا
کام مین لائین اور استخوان جوزہ مرغ بریان چبانا مفید ہے بالجملہ پہلے تے اور اسہال سے تنقیہ کرین اور تے کے واسطے سکنجبین جسمین مولی ترکی ہو
اور سوے اور مولی کا عرق ملا ہو عمل مین لائین ہر مہینہ مین دو ایک دفعہ اور اسہال کے واسطے مسہل گرم و حب ایارج و حب صبر اور مانند ان کے
حسب مزاج مریض کام مین لائین بعدہ تقویت معدہ جوارشات گرم جوارش عود و مصطگی و کمونی و فلافلی وغیرہ سے کرین اشتہا کی تسکین مرغ بریان
و پستہ شور بریان و کشمش و طباشیر و نشاستہ بریان و شاہ بلوط و مویز منقی اور کشمش سے کرین غذا گوشت کبک و دراج اور بچہ مرغ اور ان

پر نمودنکی ہڈیان چبائین اور حوامل کی طبیعت پر چھوڑ دین کہ تین ماہ کے بعد اکثر بے علاج زائل ہو جاتی ہے اور نہین تو گلقند عسلی و سکنجبین و جوارش عود ترش الدہ مانند انکے کھلائین اور جو مقوی معدہ ہو استعمال کرین اور دوسری دوائین کہ اس مرض کیواسطے مخصوص ہین کام مین لائین اجوائن زیرہ مصطگی وکندر اور انیسون چبائین اور اسکا عرق عمل جائین اور طعامہاے لطیف خوشگوار اور زود ہضم مثل گوشت دراج و مرغ و زیر غالہ بھون یا پکا کے اندازہ اعتدال سے کھائین اور مسہل و قے سے احتراز کرین مگر بعضے حوامل کہ بے تکلف قے کر سکتی ہین کبھی کبھی قے کر ڈالین اور معدہ کو جوارش عود وغیرہ سے تقویت دیتے رہین ایضاً براے اشتہاے فاسد کثیر النفع ہے ترکیب زیرہ سیاہ انیسون ہر ایک تین درم مویز منقی دس درم ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ پوست ہلیلہ کابلی آملہ ہر ایک نصف درم کوٹ کے سرکہ مین ایک شبانہ روز بھگوئین پھر صاف کر کے شکر یا جلنجبین شکری یا عسلی حسب مزاج داخل کرکے پئین ایضاً اشتہاے فاسد کے واسطے کثیر النفع ہے قانون سے ترکیب حفت بلوط آٹھ درم صبر سولہ درم غافث چھ درم بیخ اذخر چار درم مرکی دو درم سب کو نیمکوب کرکے دو رطل پانی مین پکائین جب نصف رہ جاے تو ہر روز تہائی حصہ اوسکا تین دن تک متواتر پئین دوائی براے شہوت کلبی کہ اوسکو جوع الکلب بھی کہتے ہین اور وہ مرض ہوتا ہے کہ اوسکا مریض کتے کیطرح کھانے کا حریص ہوتا ہے جتنا کھاے پیٹ نہین بھرتا اور اوسکی قسمین ہین کہ جدا بیان ہونگی اور جملہ اقسام مین احتراز حوامض و مالح و حریف سے ضروری ہے اور اختیار اغذیہ دسمہ مناسب دوائی جوع الکلب برودت فم معدہ و بلغم حامض سے علامت اسکی یہ ہے کہ فم معدہ کو کثیف کر دیتی ہے اور مرض مذکور پیدا ہو جاتا ہے کثرت نفخ و قلت عطش ہوتی ہے اور دوسرے آثار کہ لازم برودت معدہ ہونے ہین ظاہر ہوتے ہین اور نشان اجتماع بلغم حامض معدہ مین منھ کی ترشی اور جشاء ہوتا ہے ترکیب صورت برودت فقط مین جوارشات گرم مثل جوارش مصطگی و کمونی و جوارش عود و سفرجلی ممسک و جوارش خوزی و فنجنوش کھلائین اور مصطگی و انیسون و زیرہ و اجوائن چبائین اور بالچھڑ لونگ جوز بویہ اور گل سرخ کا فم معدہ پر ضماد کرین اور وجود بلغم کیحالت مین پہلے اوسکا تنقیہ کرین قے و مسہل گرم و حب ایارج سے بعد ازان تسخین فم معدہ کی کوشش کرین جیسا کہ اوپر بیان ہو چکا ہے اور اشیاء حریفہ و مالحہ و حامضہ سے احتراز کرین دوائی جوع الکلب کثرت انصباب سودا سے فم معدہ پر علامت اسکی خلو معدہ کیحالت مین معدہ مین لذع شدید ہوتی ہے کہ بغیر غذا کھائے ہوے سکون نہین ہوتا اور فم معدہ کی حرقت و آروغ ترش و کثرت براز غیر منہضم اور لاغری بدن ہوتی ہے ترکیب فصد باسلیق کھلوائین تنقیہ سودا کرین جسطور سے کہ دوائی مالیخولیا مین گذرا بعد ازان مقویات معدہ کھلائین اور شیرہ برگ جھاؤ دو تولہ ہمراہ شربت افتیمون دین و شاہترہ و گاؤزبان و پوست بیخ کبر برگ جھاؤ ہر ایک چھ ماشہ عرق گاؤزبان مین بھگو کے ہمراہ شربت بادرنجبویہ پلائین کہ مجربات حکیم علی شریف سے ہے اور اضمدہ مسخنہ و محاجم ناری سپرز پر رکھین اور اوسکی تکمید کرین اور چرب غذائین کھائین اگر کوئی دوا فائدہ نہ کرے طحال پر داغ دین دوائی جوع الکلب حرارت معدہ و کل اعضا سے جیسا کہ استفراغ کثیر مثل بواسیر سے خون آنے اور رعاف وغیرہ کے یا جوع طویل ہو اور وہ جو ناقہین کو حمیات طویل کے بعد عارض ہوتی ہے اسی قبیل سے ہے علامت اسکی سلامتی ہضم و قلت براز ہے بہ نسبت غذا کے تشنگی کا غلبہ اور ترقی ہزال روز بروز و قبض طبع ہوتا ہے اور تقدم اسباب حارہ اور تخلخل بھی اسپر گواہی دیتا ہے تخلخل کے اسباب بہت ہوتے ہین چنانچہ حرارت و بیداری مفرط و کثرت جماع و غضب و گرسنگی مفرط و استحمام مفرط و حرکات عنیفہ

ترکیب اشیاء حریف کھلائین اور اغذیہ غلیظہ مثل حریسہ و کلہ پاچہ و گوشت گاؤ اور بطون اوسکا اور پنیر بریان و بعنیہ و فالودہ دین ان مین تھوڑا
تھوڑا کرکے کئی مرتبہ تاکہ معدہ پر اوسکا ہضم کرنا دشوار نہ ہو اور ٹھنڈے پانی سر و مقامات پر ٹپکائین روغن آس و قیروطی آس اور روغن کی بدن پر مالش
کرین اور تبرید و شور و مفتح و مسخن و باعث تحلیل چیزون سے احتراز واجب سمجھین اور جس جگہ کہ تخلخل بدن مع حرارت کے ہو منہ کر دواء اور اشربہ قابضہ
مثل شربت سیب ترش و بہی ترش و غورہ و انار ترش شیرہ زرشک مین پلائین اور قلب خیار و کدو و تخم مرغ نیمبرشت کھلائین اور حرکت و ریاضت
سے روکین اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ بلغم دماغ سے معدہ کے سر پر ٹپکتا ہی اور یہان آکے ترش ہو جاتا ہی اور مرض مذکور پیدا کرتا ہی علامت اسکی تقدم نزلہ ہی اور حدوث
قے اکثر بعد تناول غذا اور پھر غذا کیطرف میلان تدبیر اسکی منع نزلہ ہی اور امالہ اسکا ناک کیطرف پس تنقیہ مادہ مسہل و حب ایارج سے مکرر اور نرمی طبیعت
کے وقت جوارش خوزی سود مند ہی اور جاننا چاہیے کہ سبب اس مرض کا اگر کرم معدہ ہون قتل و اخراج انکا کرین اور اوس دوائی سے کہ قاتل دیدان ہے
دوائی برائے شہوت بقری کہ جوع البقر بھی کہتے ہین معمول ہی اور وہ گرسنگی اعضا سے یا سیری معدہ سے اور یہ مرض زیادہ تر زمستان مین شدید ہوتا ہی
اور جس شخص کو کہ سرمائے سخت سردی مین سفر کی نوبت آتی ہی حادث ہوتا ہی اور علامت اوسکی لاغری بدن و عدم اشتہا ہوتی ہی اور احیانا غشی بھی ہوتی ہی
ترکیب اگر بسبب برودت فم معدہ زیادتی سے ہو غشی کیحالت مین غشی کا علاج کرین تاکہ افاقہ ہو اور نان گلاب مین یا پانی مین تر کرکے کھائین اور
غذا سریع الہضم تناول کرین اور وہ دوا جو برائے شہوت کلبی بارہ مین مذکور ہوئی کھائین اگر بسبب بلغم غلیظ کے چپک ہو ضعف معدہ یا حرارت جمیع بدن
حادث ہوتی ہی اور تشنگی و قبض طبیعت ہوتا ہی اور وقت گرسنگی کھانا اگر موجود نہ ہو غشی لاتا ہی اس صورت مین غشی سے افاقہ کے وقت شیرہ زرشک گلاب و
کیوڑہ مین نکال کے شربت انار و سکنجبین داخل کرکے کھائین اور جسوقت گرسنہ ہون فوراً غذا کھائین اور روٹی کہ جو آب انار و سیب مین بھگوئی ہو دین
ایضاً برائے مرض مذکور ترکیب انطاکی کہتا ہی کہ حالت غشی کے واسطے تدبیر افاقہ کے لیے ٹھنڈے پانی وغیرہ کو چھڑکین اور اکثر معطرات خوشبو مثل
قلفل مع نسرین سے نفع ہوتا ہی بعد افاقہ کے کشک شراب و ریحان و گلاب و آب ریباس و سیب و بہ و انار ممزوج معہ طاقات نعنع کے دین اور
کبھی اس شربت سے آب لیمون کو قوام کرتے ہین اور مجربات سے یہ ہی کہ سماق و لیمون و کشنیز و عود و پوست ترنج ممزوج کرتے ہین اور گوشتون وغیرہ کے
اوپر استعمال کرتے ہین اور یہ کہ تضمید معدہ صندل و عود و سداب و عنبر سے کرتے ہین اور کبھی اوسے اطراف مین باندھتے ہین اور چہرہ کو آب
خلاف و گلاب و آس سے دھوتے ہین دوائی نافع جوع الغشی ہی یہ مرض ہی کہ اسکا مریض بھوک کی برداشت نہین کر سکتا اگر غذا انہین ملتی ہے
بیہوش ہو جاتا ہی سبب اسکا ضعف فم معدہ ہوتا ہی مع حرارت قوی جمیع بدن اور علامت اسکی تشنگی و قبض طبیعت ہی ترکیب غشی کیحالت مین
جوع البقری کے لیے افاقہ کیواسطے بیان کیا گیا ہی کام مین لائین اور بعد افاقہ کے شیرہ زرشک گلاب و عرق کیوڑہ مین نکال کے شربت انار
و سکنجبین ملا کے پئین جسوقت بھوک لگے اسیوقت غذا کرین بغیر توقف کے غذا روٹی ہو جو آب انار و سیب مین بھگوئی ہوئی ہو اور دوسری دوائین
اور غذائین بارد بالفعل و بالقوہ و مقوی فم معدہ کام مین لائین اوسکے علاج مین توقف نہ کرین کہ انجام مین صرع ہو جاتی ہی دوائی عطش مفرط
یعنی غلبہ تشنگی اسکی دو قسمین ہین صادق و کاذب صادق وہ ہی کہ اطفاء حرارت اور عوض رطوبت طبع کے سبب سے طبیعت پانی کیطرف رجوع

ہوتی ہے اور کاذب وہ ہے کہ بلغم شور یا بلغم جصی یا سوداے احتراقی معدہ مین جمع ہوجاتا ہے پس طبیعت حادثہ کو دور ہونے کے لیے طالب آب ہوتی ہے چنانچہ
اقسام ہر ایک کے بیان ہونگے اور جاننا چاہیے کہ حرارت عطش و سینہ و دل کو استنشاق ہواے سرد و مشمومات باردہ سے بہت نفع ہوتا ہے اور
حرارت معدہ و جگر کے لیے پانی کا پینا اسرع ہوتا ہے اور اسی طرح فرق نکالتے ہین کہ حرارت اعضاء نفس مین ہے یا اعضاے غذا مین اور آب باقلا
و نخود و کثرت کلام و ریاضت و تعب و نوم غذاے حار پر مہیج عطش ہوتا ہے اور نوم کہ اغذیہ حارہ پر نہ ہو مسکن عطش ہے مگر اس عطش مین کہ منشا حرارت
ریہ و قلب ہو کہ اس جگہ ٹھنڈی ہوا اور بیداری عطش کو سکون دیتی ہے اور نیند بڑھاتی ہے اور امتصاص آب تھوڑا تھوڑا تسکین عطش کیواسطے
ابلغ ہے پینے کی کثرت سے ایک ہی مرتبہ مین اسی لیے کہا گیا ہے کہ پینے وقت دو ایکمرتبہ وقفہ کرکے پانی پینا چاہیے وایضاً شرب آب کثیر دفعۃً و آب
شدید البرد حرارت غریزی کو کہ پیاس سے ضعیف ہوجاتی ہے قوت دیتی ہے اور جب امراض حادہ مین شدید پیاس اور کثرت سے خشکی پیدا ہوتی ہے لذع فم
ہوتی ہے دوائی عطش جو اجتماع خلط سے معدہ مین ہوجاتی ہے علامت اسکی یہ ہے کہ جسقدر چاہے ٹھنڈا پانی پئین لیکن پیاس نہین بجھتی اور اگر صبر کرین
پانی نہ پئین یا گرم پانی پئین تو سکون ہوجاتا ہے اور منھ کا مزہ حسب مادہ ترش یا نمکین ہوتا ہے غثیان سے صدمہ ہوتا ہے عطش کاذب یہی ہے ترکیب
نیم گرم پانی اور نمک سے قے کرین آب گرم و سکنجبین و عسل سفید و ماء العسل و سونٹھ و مویز اور مانند انکے مقطعات و ملطفات بلغم تناول کرین اور نضج کے بعد مسہل
حار سے تنقیہ کرین اور نخود آب و گوشت مرغ بریان کی غذا کرین اور مولدات بلغم و مغلظات سے مثل حریسہ و کلہ پاچہ و فواکہ غلیظہ سے احتراز کرین اور نیم
یعنی لہسن شہد کے ہمراہ کھانا مجرب ہے لیکن بلغم شور مین کہ حرارت کا سبب ہو بغیر سونف کے عرق کے دوسری کوئی گرم چیز نہین دیجا سکتی دوائی عطش
حرارت و یبس معدہ سے چنانچہ حمیات مین ہوتا ہے اور استعمال کرنے سے گرم اور میٹھی چیزون کے اور زیرہ کے مثل لہسن و بصل و شراب و آب شور کے بھی
ہوجاتی ہے علامت اسکی یہ ہے کہ ٹھنڈے پانی سے بہ نسبت ٹھنڈی ہوا کے زیادہ تسکین حاصل ہوتی ہے ترکیب لعاب اسبغول شیرۂ تخم خرفہ شیرۂ تخم
کدوے شیرین اور سکنجبین دین اور نقوعات حامضہ و ماء الشعیر پئین وایضاً جو مطفی حرارت ہو مثل لعاب بہدانہ و آب تربوز و ماء القرع و ماء الخیار و
آب سیب و انار میخوش و آب آلو و رب غورہ کے دین اور شیرۂ خرفہ معمول ہے اگر یہ دوائین برف سے سرد کرکے دین انفع ہونگی اسی طرح برف کا پانی
[illegible] شکر سکنجبین و شربت انار ترش کے ساتھ پینا اس پیاس کیواسطے کہ بعد شراب پینے کے پیدا ہوتی ہے مفید تر ہے اور خرقہ کتان قیروطی مبرد مین
آلودہ کرکے معدہ پر رکھین اور جس جگہ یبوست کے آثار پائین ترطیب کی کوشش کرین روغن بادام انفع المرطبات سے ہے اور جب خون مین
حرارت شدید ہو اور تبرید سے تسکین نہ ہوتی ہو بشرط عدم موانع فصد لینا چاہیے **ایضاً** انطاکی کہتا ہے کہ عطش حرارت معدہ سے ہوتی ہے ہاتھ پاؤن
ٹھنڈے پانی سے دھوئین اور پیاس پر صبر کرین اگر سکون نہ ہو پانی کو سرکہ مین ملائین اور تازہ دودھ اور ماء القرع و ماء الشعیر و آب خرفہ و تخم مہندی
پئین دوائی عطش حرارت صدر و ریہ و قلب سے علامت اسکی یہ ہے کہ ٹھنڈی ہوا ٹھنڈے پانی سے زیادہ تسکین دیتی ہے اور دوسرے علامات حرارت
قلب و ریہ کہ ہر ایک کے بیان مین مذکور ہوے پیدا ہوتے ہین ترکیب خمیرہ صندل ہمراہ شیرۂ خرفہ عرقیات مین مثل گلاب و کیوڑہ و بید مشک وغیرہ کے
نکال کے شربت نیلوفر ملاکے پلائین اور خیار و کدو و صندل و نیلوفر سونگھائین اور صندل و کافور کو گلاب مین گھس کے سینہ و دل پر ضماد کرین

اور جات سرد و ہواے بارد مین قیام رکھین دوائی عطش غذائی غلیظ لزج سے چنانچہ تازہ مچھلی و ہریسہ و کلہ پاچہ اور مانند انکے چیزون کے کھانے
سے پیاس پیدا ہوتی ہی ترکیب نیمگرم پانی مین سکنجبین پئین اور دوسرے مقطعات و ملطفات بلغم جو عطش کا ذکر مین بیان ہوئے کام مین لائین
اور تدابیر الخدر اور غذا کی معدہ سے اختیار کرین دوائی عطش کثرت عمل مسہل سے ترکیب سویق شعیر و نان خشک آب انار یا آب غورہ مین تر
کرکے کھائین اور تدہین بدن روغن بنفشہ وغیرہ سے کرین جو ادویات مرطبہ ہون اور جو محلل و مخفف ہون انسے احتراز واجب سمجھین اور ہر استفراغ
کہ موجب عطش ہو مریض فوراً پانی نہ پی لے بلکہ کسیقدر صبر کرے دوائی عطش برف کھانے سے ترکیب سکنجبین دین اور گرم پانی جرعہ جرعہ
پلائین اور کاہو کا مربہ مربہ آملہ و شربت لیمون و نارنج سب اس پیاس کی مسکن چیزین ہین اور جو پیاس ورم و سوء مزاج یا سدۂ جگر و حرارت
کلیہ سے ہوتی ہو اوسکی تدبیر امراض جگر و ذیابیطس مین تلاش کرین ایضاً برائے عطش مفرط تکملہ ہندی سے ترکیب بلوچن ملیٹھی بیس کے
پانی سے دھوے ہوے ساٹھی چانول مین نافع ہی دوا ایضاً تجرع گلاب و لعاب اسبغول و شیرۂ خیارین مفید و نقوع تمر ہندی نافع دوائی
ورم حار معدہ دموی ہو یا صفراوی علامت اسکی تپ و تشنگی و سقوط اشتہا و قے والتہاب معدہ و درد معدہ خصوصاً جسوقت غذا کرین اور ورم
ظاہر ہو دوا ایضاً سرخی زبان و چہرہ اور ثقل و حمرت ورم دموی پر اور زردی چہرہ و زبان اور حرقت و عطش کی زیادتی ورم صفراوی پر دلالت کرتی ہی
ترکیب فصد باسلیق کھلوائین لیکن دموی مین خون زیادہ لین اور صفراوی مین کم اگر فصد کی ممانعت ہو ما بین کتفین محجمہ رکھین اور شیرہ
عنب الثعلب شیرۂ تخم کاسنی ہر ایک چھ ماشہ عرقیات مین نکال کے شربت بنفشہ خاکسی داخل کرکے دین اگر حرارت زیادہ ہو تبرید کا دینا نافع ہی شیرۂ مغز تخم
کدو شیرۂ مغز تخم تربز و شیرۂ کاہو و شیرۂ خرفہ و ایضاً شیرۂ زرشک دین اسکے ساتھ خیارین و عناب و آلوے بخارا شربت نیلوفر بھی مضائقہ
نہین رکھتا اور آب عنب الثعلب سبز و آب کاسنی تر و آب انار میخوش و شربت نیلوفر و شربت ورد و شربت دینار یہ سب چیزین مفید ہین تقلیل
غذا کرین اور اغذیہ باردہ مثل ماء الشعیر کے دین اگر مسہل کی ضرورت ہو منضج بارد سے نضج کے بعد آٹھوین روز مسہل بارد دین اور مسہل قوی وقی
سے حتی الامکان احتراز کرین اور اضمدہ معمول کہ ضمادات مین بیان ہونگے استعمال کرین تنقیہ کے بعد پانچوین دن آب کاسنی سبز مروق و آب
عنب الثعلب سبز مروق ہمراہ شربت بزوری یا شربت نیلوفر و خاکسی دین و قرص گل یا عرق کاسنی و بادرنگ و شربت بزوری و خاکسی بعد
تنقیہ کے دینا بھی مفید ہی اور بعد آٹھوین دن کے اگر تپ و حرارت کو سکون ہو جاے آب بادیان و آب کرفس معہ مذکورہ عرقوں کے کسیقدر
بڑھا دین اور ایک مثقال قرص گل صغیر دین اگر ہنوز حرارت و حمی باقی ہو بادیان و کرفس سے احتراز کرین اور آب کاسنی و عنب الثعلب
مذکور و ماء الشعیر و شربت بنفشہ اور پانچ ماشہ قرص زرد دین اور اگر ورم تحلیل نہ ہو اور معلوم ہو کہ جمع ہو رہا ہی اور تپ و درد کی زیادتی ہو
اسوقت السی اور تخم مرو و تخم خطمی ہر ایک ایکدرم پیس کے بکری کے دودھ مین دین تاکہ نضج ہو جاے اور علامت نضج کی یہ ہی کہ تپ و درد
مین سکون ہو جاتا ہی اوسوقت شیر تازہ اور نیمگرم پانی پئین اور پیٹے کو ہاتھون سے ملین تاکہ ورم منفجر ہو جاے اور علامت اسکی آنا مدہ و خون کا
ہی دست و قے مین اوسوقت ماء العسل یا ماء السکر یا آشجو پئین پس جسوقت پیٹ مدہ سے پاک ہو جاے سفوف مدمل قرحہ معدہ کھائین دوائی

ورم گرم معدہ تکملہ سے ترکیب تخم کاسنی نیلوفر گل خطمی جوش کرکے گلقند کے ساتھ دیں اور صندل وآب کاسنی وکشنیز تر وآمد جو وخطمی وحلبہ و بزرکتان
وسنبل الطیب وجراثتہ وبابونہ حسب اوقات لیپ کریں اور اجتماع مادہ ورم حار کیوقت تخم کاسنی حلبہ تخم مرو مساوی کوٹ چھان کے جس پانی میں
انجیر خشک جوش کیے ہوئے ہوں ملاکے باندھیں جب تک کہ انفجار ورم نہ ہوجائے جب ورم پھٹ جائے اور پیپ دینے لگے شیر خرما شیر بز مقدار ربع
رطل معہ شربت خشخاش یا شربت عناب وصمغ عربی وگل ارمنی ہر ایک ایکدرم دیں دوائی ورم بارد معدہ یہ بلغمی ہوتا ہے یا سوداوی علامت بلغمی
کی قلت اشتہا وکثرت آب دہن وعدم تشنگی ونرمی ورم وتپ باریک اور چہرہ کا تہبج سفیدی رنگ وزبان ہوتی ہے اور نشان ورم سوداوی صلابت
ورم ہے مع خبث نفس وانکار ردیہ وتغیر رنگ وخشکی جسم ہے اور یہ ورم اکثر انتقالی ہوتا ہے ترکیب بعد نضج کے مسہل حار سے تنقیہ کریں اسکے بعد تریاق
اربعہ واقراص ومعاجین نافعہ کھلائیں اور شیر خشت ہمراہ نبات وگلقند بہت مفید ہے اور آب کاسنی سبز مروق وآب عنب الثعلب سبز مروق وبا آب
بادیان سبز مروق ہمراہ گلقند نافع ہے اور روغن گل سرکہ میں مالش کرنا فائدہ کرتا ہے اسی طرح روغن یاسمین وروغن بید انجیر اور دیگر اضمدہ محللہ کہ
ضمادات میں آئینگے کام میں لائیں غذا میں آب یخنی اگر بھوک غلبہ کرے چند دانہ مویز منقی کے یا تھوڑی سی مونگ کی کھچڑی دیں اور پانی کے عوض
عرق بادیان یا ماء العسل پر اقتصار کریں اور اگر ورم صلب ہو ماء الاصول دیں اور اونٹنی کا دودھ ہمیشہ پئیں اور تناول اطریفل صغیر وافسنتین ومصطگی
وعود ہر ایک ایکجزو اور بادرنجبویہ وگاؤزبان مثل اوسکے اجزا کے ہوں اضافہ کرکے ہمراہ مویز منقی معجون بنائیں اور استعمال کریں اگر طبیعت نرم ہو
قرص طباشیر قابض کہ اوسمیں زعفران ملی ہو دیں اور نضج تام کے بعد مسہل سوداوی دیں اور اضمدہ محللہ طینیہ استعمال کریں تین مثقال روغن بید انجیر طبیخ
خیار شنبر وماء الاصول میں ملاکے تین روز تک پئیں برائے ورم صلب معدہ کہ بے حرارت ہو بہت مفید ہے اور قرص سنبل بھی ورم مزمن کیواسطے
نافع ہے اور یہ کل تدابیر اوسوقت کے لیے ہیں جبکہ سودا غیر احتراقی ہو اور احتراقی میں ماء الجبن ہمراہ سفوف لاجورد دینا چاہیے اور ورم عضلات معدہ کا
بھی یہی علاج ہے ایضا برائے ورم بارد بلغمی تکملہ سے ترکیب طبیخ بادیان پوست بیخ بادیان اجمود وجراثتہ گلقند کیساتھ پئیں اور روغن بیدانجیر
پینے میں اور لگانے میں دونوں طرح مفید ہے نیز اسکی بتی گرم کرکے معدہ پر باندھنا کل اقسام ورم کے واسطے مفید ہے دوائی قروح وبثور
معدہ ترکیب جب معدہ میں قرحہ وبثرہ حادث ہو جائے علامت اسکی شدت درد ہے ترش وتیز چیزوں کے کھاتے وقت مثل سرکہ وخردل
اور مثل انکے اور ظہور خون وریم قے واسہال میں اور بدبو دار ڈکار روکی کثرت غثیان وخشکی دہن پس اگر علت فم معدہ میں ہوتی ہے درد اونچا
کا تنگی نفس وخروج پوست قرحہ وبثرہ قے ہوتا ہے اور کبھی عروض غشی وبرد اطراف اوسپر گواہی دیتا ہے اگر قعر معدہ میں ہوتے ہیں ناف کے
اوپر درد اور درد کی شدت بعد استقرار غذا اسفل معدہ میں اور براز میں خشک ریشہ ہوتا ہے اگر فم معدہ میں بھی ہوں اور اوسکے قعر میں بھی
دونوں کی علامتیں پیدا ہوتی ہیں بالجملہ جس جگہ کہ بثرہ نے قرحہ کیصورت نہ اختیار کی ہو یا قرحہ تازہ ہو فصد کھلوائیں خصوصا اگر علامات
غلبہ خون ظاہر ہوں جہت منع انصباب مادہ جیسا کہ ورم معدہ میں گذرا کام میں لائیں اور دوغ ترش گاؤ وسیاہ ہمراہ قدرے طباشیر وگل سرخ
وتخم حماض کے پینا اس باب میں نہایت نافع ہے اور جس صورت میں شور پیپ دینے لگے اور قرحہ پورانہ ہو جائے اول پھر تنقیہ ریم ماء العسل

یا مار السکر دین تا کہ قرحہ مدہ سے صاف ہو جاے بعدہ ادویہ مدملہ مثل قرص کہربا وغیرہ کے کہ فصل نفث الدم مین مذکور ہوا ہمراہ ربوب قابضہ کے استعمال کرین اور اسی طرح حصول صحت تک کبھی منقی دین اور کبھی مدمل لیکن منقیات قویہ سے محترز رہین اگر تلیین کی ضرورت ہو فلوس خیار شنبر ہمراہ شیرہ کاسنی کام مین لائین اگر طبیعت نرم ہو قرص طباشیر قابض ورب میوہ ہاے قابض اور جو کا آٹا کھلائین اور جو قروح و بثور مری مین ذکر کیا گیا ہے یہان بھی مفید ہوگا دوائی نفخ ذرافر معدہ سبب اسکا برودت معدہ کیواسطے سے کثرت تولد ریاح یا کھانا زیادہ مقدار مین کھانا یا کثیر الرطوبت یا نفاخ غذا یا طعام بد بو یا اجتماع خلط بلغمی یا سودا یا صفرا معدہ مین ترکیب بادیان نو ماشہ انیسون چار ماشہ دانہ الایچی تین ماشہ گلقند چار تولہ باؤ بھر گلاب مین شیرہ نکال کے دین اور جوارش الجذان مفید ہوگی اگر تنقیہ کی ضرورت ہو حسب غلبہ خلط اوسکا تنقیہ کرین اور بعد تنقیہ جوارشات محلل ریاح عرق صعتر و سنبل مین دین بالجملہ جو دوائی درد معدہ ریحی اور جو فساد غذا مین ہو اور جو ضعف ہضم مین کہ برودت معدہ و اجتماع و فساد غذا سے ہو بیان کیا گیا ہے حسب سبب تعدیل و تنقیہ سے عمل مین لائین تقلیل غذا منفخات سے اجتناب کرین اور تکمید معدہ و مداومت جوارشات کاسر ریاح مفید ہونگی جوارش قند او بیقون و کمونی گرم پانی مین بہت سودمند ہے ایضاً براے نفخ و کثرت آروغ انطاکی سے ترکیب پہلے معدہ کو تئے کر کے صاف کرین بعدہ محللات مثل طبیخ حلبہ و قنطوریون و انیسون کے دین اور تعہد ایارج کرین اور بعد وصول تنقیہ تسخین معدہ ملطفات و مفتتات مثل عود و دواء المسک و زیرہ و خردل و کرویا و بقدونس و سیر و لیمون و پودینہ و سکنجبین بزوری سے کرین اور کہتے ہین کہ قراقر بلغمی مین حب منتن عظیم الاثر ہے اور سفوف نعناع و عود ہمراہ عرق بادیان دینا نخواہ نافع ہے دوائی کثرت جشار و تثاؤب و تمطی یعنی بہت ڈکارین انگڑائیان اور جماہیان آنا اسباب ان تینون کے لیے بخار کی کثرت و تولد ریح معدہ و بدن مین ہوتے ہین ترکیب جو درد معدہ ریحی و ضعف ہضم مین مذکور ہوا عمل مین لائین اور تنقیہ و تجوید ہضم کی کوشش کرین و جوارش فودنجی و کمونی و مانند انکے محلل ریاح نافع ہوتی ہین اور تمطی و تثاؤب مین مصطگی و دانہ ہیل گلقند مین کھانا اور جشار کثیر مین نمک سلیمانی نہایت موثر ہے دوائی براے کثرت تثاؤب و تمطی مجرب ہے انطاکی سے ترکیب اول تنقیہ قے سے واجب ہے جوارشات کھانا حمام کرنا گرم کپڑا آگ پر کر کے تکمید معدہ کرنا اور اس مطبوخ کا استعمال کرنا کر دیا انیسون شبت صعتر ہر ایک ایکجزو مصطگی نصف جزو خوب جوش دو صاف کر کے گرم پئین مجرب ہے اسیطرح قرنفل و کشنیز و انیسون و خردل و جوز بوا و صعتر اور نفع شہد کے ساتھ مفرد و مجموع اور اگر ڈکارین آدین یا سوء ہضم یا تخمہ سے ہو اوسکا علاج اون امراض کی طرح کرین اور اگر ڈکارین برابر آئے جائین جو چیز کہ طفو طعام کرے مثل مصطگی و خردل کے دین اور تمطی و تثاؤب مین روغنہاے گرم تمام عضلات یا عضلات فک پر طلا کرین اور تکثیر استحمام و تعنیز کرین ایضاً بہت ڈکار و نکو روکتی ہے بھوک پیدا کرتی ہے اور باؤ گولہ کو دفع کرتی ہے ترکیب نمک سنگ پیپل مرچ سونٹھ زیرہ کلونجی اجمود ہینگ بریان کل دوائین برابر پیس کے کھانے سے پہلے اور بعد کو کھائین دوائی قے و تہوع و غثیان صفرا سے علامت اوسکی تلخی دہن و تشنگی و خشکی زبان و قے مراری ہوتی ہے ترکیب نیمگرم پانی اور سکنجبین پی کے قے کرین اور مکرر تاکہ معدہ پورے طور پر صاف ہو جاے پھر زرشک و سماق پیس کے سکنجبین و شربت انار مین ملا کے کھائین اور صندل و ورد و طباشیر و سماق سرکہ و گلاب مین پیس کے معدہ پر لیپ کرین اگر ورد و سماق و طباشیر ہر ایک ایک ماشہ پیس کے شربت لیمون مین چاٹین اور اوپر سے شیرہ زرشک و خرفہ و خیارین گلاب ایک پاؤ مین

نکال کے شربت انارین چار تولہ یا شربت آلو یا افشردہ لیموں و تمرہندی و شربت رنگترہ وغیرہ داخل کرکے دین مفید ہو اور دوسرے مسکنات جو بیان کیے جا چکے ہین حسب ضرورت عمل مین لائین اور جس جگہ طبع قبض ہو آب تمرہندی نہایت مفید ہی اگر ضرورت ہو منضج بارد دے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین اور جب تنقیہ کے بعد کسیقدر مادہ باقی رہ گیا ہو اور اوسکا اخراج ممکن نہ ہو اوسکی تعدیل و تسکین کی کوشش کرین مناسب دواؤن اور غذاؤن سے اور شربت انار ترش و شربت انار منعنع تسکین قے کے لیے اثر تمام رکھتا ہی اور اغذیہ سماقیہ و رمانیہ و حصرمیہ مقوی عود و سیب و گلاب سے دوائی قے و تہوع و غثیان بلغم و سودا سے علامت اوسکی شوری یا ترشی دہن و قلت تشنگی و نفخ و قراقر معدہ و سبز ہوتی ہی ترکیب تخم ترب و عسل و نمک پانی مین جوش کرکے پئین اور مکرر قے کرین بعد ازان مصطگی رومی پوست ترنج ہر ایک ایک ماشہ پیس کے گلقند مین ملا کے تناول کرین اور مصطگی و بالچھڑ و عود و پوست ترنج سرکہ و گلاب مین پیس کے معدہ پر لیپ کرین اور دواء المسک کھائین یا پودینہ مصطگی عود پوست ترنج پوست بیرون پستہ دانہ ہیل ہر ایک ایک ماشہ پیس کے شربت سیب دو تولہ مین ملا کے چاٹین اور شیرہ بادیان و پودینہ خشک و زیرہ سفید و دانہ ہیل عرق دارچینی و بہارنارنج گلاب مین معہ شربت مناسب دین اور پازہر مہرہ خطائی لاجورد شستہ حجر ارمنی پوست لیموے کاغذی ہر ایک ایک ماشہ خمیرہ صندل ترش ایک تولہ مین چٹائین اوپر سے شربت صندل ترش چار تولہ گلاب نو تولہ و عرق بیدمشک دو تولہ و عرق نیلوفر تین تولہ فرنجمشک نو ماشہ چھڑک کے دین کہ براے قے سوداوی مفید ہو اگر قبض طبیعت ہو خیساندہ سے ملائم کرین اور دو تین دن کے بعد اگر ضرورت ہو ایارج فیقرا اطریفل صغیر مین ملا کے یا حب شبیار کے ذریعہ سے باقی مواد بطریق اسہال نکالدین اور حب صبر و مصطگی و حب افاویہ براے اخراج مادہ کہ قعر معدہ مین ہو موافق ہی بعد تنقیہ کے تقویت معدہ مین پھر مشغول ہون و مصطگی و عود ایک ماشہ پیس کے انوشدارو یا دواء المسک چار ماشہ مین ملا کے ہمراہ شیرہ زرشک و بادیان ہر ایک نو ماشہ انیسون سات ماشہ الائچی پانچ عدد شربت سیب و انار ترش دین اور شربت انار منعنع کہ قرنفل و عود و دیگر مطیب کلے ہو اور جوارش عود جوارش مصطگی و مربای ہلیلہ و مربای ادرک اور گلقند معہ رازیانہ کے کھائین اور مطبوخ عود و قرنفل و انیسون بلغمی قے مین سودمند و مجرب ہی دوائی قے و تہوع و غثیان بسبب انصباب مادہ جگر و طحال و مرارہ سے علامت اسکی یہ ہی کہ یہ عوارض ہمیشہ نہین ہوتے ہین بلکہ قے کے بعد دوسرے مادہ کے انصباب تک معدہ پر قائم ہوتا ہی اور وجود آفت کا اوس عضو پر اعضاے مذکورہ اسکی دلیل ہین اور استدلال نوعیت مادہ پر جو کچھ علامات سابقہ مین گذرا ہی کیا جاسکتا ہی ترکیب حسب مادہ تنقیہ اور اوس عضو ماؤف کی تقویت کرین جیسا کہ ہر ایک کی جگہ پر مذکور ہی اور تقویت معدہ بھی کرین میوونکا عرق ربوب معہ ادویہ مطیبہ قابضہ اور سوے انکے جیسا اوپر بیان ہو چکا ہی اور فصد باسلیق داہنے ہاتھ کی کبدی مین اور بائین ہاتھ کی طحال و مراری مین مفید ہی اور عضو ماؤف کے تنقیہ سے پہلے معدہ کی تقویت نہ کرنا چاہیے کہ اسمین عضو رئیس کیطرف انصراف مادہ کا اندیشہ ہی دوائی قے و تہوع و غثیان بسبب فساد غذا علامت ہی کہ فساد غذا کمیت سے ہوتا ہی یا کیفیت سے یا کھانیکی سوء ترتیب سے اور علامت اس سوء تدبیر کے تقدم کی چھپی ہوئی نہین ہی ترکیب آب و نمک و سکنجبین سے مکرر قے کرین تاکہ غذاے فاسد بالکل معدہ سے دفع ہو جاے بعد ازان گلقند سکنجبین مین ملا کے گلاب کے ہمراہ کھائین اور دوسری مقویات معدہ کہ اوپر بیان ہوے اور جو وجع معدہ مین گذرے اوسپر عمل کرین اور تدبیر فاسدہ مفسدہ سے باز رہین بھوک کی شدت کیوقت یخنی دین رفتہ رفتہ غذا

بڑھاتے رہین اور اگر چیز لین کے کھانے سے عارض ہو پہلے خوب قے کرائین پھر مصطگی تین ماشہ پیس کے شربت انار منعنع دو تولہ گلاب پانچ تولہ مین دین اور جو حریف چیزون کے کھانے سے ہو ٹھنڈا پانی شورہ مین جھلاہوا پیٹ بھر کے پئین اور معدہ پر نطول کرین اور بالائی مغز بادام و مصری کے ساتھ دین اور حسب عوارض تدارک کرین اور کشک مسحوق ٹھنڈے پانی مین ایک گھنٹہ بھگو کے دینا مجرب ہے اسی طرح سویق جو دیر بل مفید ہے

دوائی قے وتہوع وغثیان کہ دوسرے اسباب سے عارض ہو ترکیب اگر سبب امراض مذکورہ کا ضعف معدہ اور سوء مزاج معدہ ہو اوس کی تقویت وتعدیل کرین جو سوء ہضم و وجع معدہ مین ذکر ہوا اور حب تولد کرم ان امراض کا باعث ہو اونکو مارنے اور نکالنے کی فکر چاہیے جیسا اوسکے مقام پر ذکر ہوا اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ تمام بدن کے انصباب معدہ سے معدہ پر حالات مذکورہ پیدا ہوتے ہین چنانچہ اکثر حمیات مین عارض ہوتا ہے اور اوس سے منع پر تپ شدید آتی ہے اور اوسکے زوال سے زائل ہوجاتے ہین تدبیر اسکی تنقیہ تمام بدن ہے مع رعایت تپ کبھی عوارض مذکور بسبیل بحران ہوتے ہین کہ ایکبار مادۂ مرض کو طبیعت دفع کرتی ہے معدہ کیطرف چنانچہ اکثر امراض حادہ مین یہ ہوتا ہے اور بحران کے دن ظاہر ہوتا ہے اسکی تدبیر قے کے ذریعہ سے مادہ کو معدہ سے خارج کرنا ہے بعد اسکے تسکین کے واسطے بخار مین شربت نیلوفر و گلاب دینا اور سوائے اسکے شربت انار و لیمو ترنج کھانا اور بقول انطاکی اگر غثیان وقے نازل ہونے والے مادہ سے سر کو تعلق ہو آملہ و شربت خشخاش دین اور سونگھنا پیاز و اکثار کا مصطگی و سعد و کندر و نخود بریان و کشنیز و بن دفول و شم مشک و ناعیہ جیا کے نافع ہے اور چاہیے کہ محرکات غثیان مثل روغنون و کنجد و حب البان و ادمغہ و پیاز نرگس سے احتراز کرین دوائی نافع اطفال ترکیب تقلیل لین اور دینا لونگ شکر کے ساتھ قے بارو مین اور شربت صندل دعود گلاب مین قے صفراوی مین مفید ہے اگر بسبب سقوط لہات ہو اوسکی تدبیر کرین دوائی برائے حبس قے مفرط معمول ہے بیاض اوستاد مرحوم سے منقول ہے ترکیب چراغ کو کہ بہت چرب اور اوسمین تیل زیادہ ہو آگ مین ڈالین تاکہ اوسکی کیٹ بالکل جل جاے اور دہوان نکلجائے جسوقت سرخ ہوجاے اسے پانی مین بجھالین اور بجھے ہوے پانی کو پئین تو عدیم النظیر ہے بالغ افراط قے وتہوع ہے معمول ومجرب ترکیب گیروے گوالیاری سرخ ایکدام کو کلون کی آگ مین خوب لال کرین اور چھ تولہ سے پاؤ بھر تک گلاب مین اسی طرح لال کر کے تین مرتبہ بجھائین اگر گلاب نہ ملے تو پانی مین بھی بھگونا کافی ہے بعون اللہ تعالے دوائی برائے دفع کثرت قے ترکیب صینیا مین ماشہ آملہ چھ ماشہ پانی مین بھگو اور صاف کر کے شربت لیمون ایک تولہ ملا کے پئین زہر مہرہ خطائی عرق برگ و شاخ انگور مین پیس کے بھی مجرب ہے دوائی حبس قے صفراوی مین معمول ہے ترکیب زرشک انار دانہ ترش سماق منقے پوست بیرون پستہ ہر ایک ایکجز و طباشیر سفید گل سرخ غورہ خشک ہر ایک نصف جز و کوٹ چھان کے دو درم سے تین مثقال تک آب انار ترش یا شربت بہی مین ملا کے دین دوائی برائے قے وتہوع کہ کسی دوا سے نہ جاتی ہو ترکیب دانہ ہیل قرنفل مغز خستہ کنار مغز خستہ آملہ دار فلفل سعد صندل سفید تخم کشنیز طباشیر پوست درخت پیپل پھول بھرنگ ساٹھی چاول نار قیصر ہر ایک ایکدرم مشک دو درم انار دانہ چار درم کبھی حسب ضرورت زیادہ مقدار بھی کر دیتے ہین اور بعضے گرمی مزاج کی رعایت سے مشک نکال ڈالتے ہین کوٹ چھان کے خواہ ٹھنڈے پانی خواہ شربت انارین منعنع خواہ کسی دوسرے رب مین کہ مناسب حال ہو دیتے ہین خوراک دو ماشہ سے تین ماشہ تک ایضًا دافع قے خواہ کسی قسم کی ہو

ترکیب دانہ الائچی خورد لونگ ناگیسر مغز کنولگٹہ سونٹھ صندل سفید دارفلفل کھیل دھان سب برابر کوٹ چھان کے تھوڑا تھوڑا شہد مین ملا کے چاٹین
ایضاً نافع تہوع وقے ہر قسم ترکیب انار دانہ ترش مویز معہ بیج ہر ایک پانچدرم زیرہ کرمانی مربر الکیدرم دونون کو موٹا موٹا کوٹ کے تین مثقال
تک دین قے بند ہوجایگی دوائی برائے جملہ اقسام قے دغثیان بیاض اوستاد مرحوم سے منقول ہی ترکیب لونگ چھوٹی الائچی ناگیسر انار قیصر
بڑنگ کابلی سعد کوفی صندل سفید پیپل سب مساوی پیس کے شہد یا باسی پانی مین دین دوائی نافع قے بلغمی ترکیب دو تین زردبان آگ پر گرم
کرین پیس کے پانی وگلاب کے ساتھ صاف کرین تین کوڑیان آب نادیدہ آگ مین گرم کرکے اوسمین ڈالدین پھر صاف کرکے پلائین ایضاً قے بلغمی
اور جو سردی سے ہوتی ہو اسکو دفع کرتی ہو ترکیب عود ہندی ناگیسر دارچینی تالیسپتر الائچی سفید پوست بلیلہ سونٹھ مساوی کوٹ چھان کے
شہد مین کھائین ایضاً یہی عمل کرتی ہو ترکیب عود قرنفل مصطگی پودینہ خشک ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے اوسمین سے ایکدرم دس درم گلقند
مین دین ایضاً مزیل قے بلغمی ترکیب لونگ جوزبوا ہر ایک ایک تولہ الائچی خورد ڈھائی تولہ شہد مین ملا کے تین درم تک دین ایضاً برائے منافع
مذکور ترکیب لونگ دارچینی دانہ الائچی خورد پودینہ عود مصطگی گلقند مین ملا کے یا قند آمیز کرکے دو درم کھلائین دوائی برائے قے اطفال مجرب ہے
ترکیب کھیل دھان حب الآس بھوبھل ملیٹھی برابر کوٹ چھان کے شہد مین ملا کے تھوڑا سا مریض کے پستان پر طلا کرین اگر لڑکا بڑا ہو ایک ماشہ یا زیادہ
چٹائین دوائی قے الدم معدہ ومری سے سبب اسکا رگ کا منھ کھل جانا عروق اعضائے مذکورہ سے یا پھٹنا اور گسستہ ہونا انکا اور افواہ عروق
کے کھلنے کا سبب مواد حادہ ہوتا ہی کہ خون مین مل جاتا ہی یا رطوبت مرخیہ مضعف قوت ماسکہ افواہ عروق یا کثرت مادہ کہ رگون کو ممتلی و متمدد کردیتا
ہے چنانچہ بعض لوگون کو امتلا یا خون کی زیادتی کے وقت قی الدم ہوجاتی ہی اور رگ کے پھٹنے کا سبب ضربہ و سقطہ و تمدد آوازہائے قوی و کثرت مادہ
و شدت یبوست ہوتی ہی بالجملہ علامت جراحت معدہ ظہور درد ہی اوس موضع پر اور ریش مری کی علامت دونون شانون کے مابین درد ہوتا ہی ترکیب
فصد باسلیق کھلوائین اور خون حسب مشاہدہ نکالین مثلاً کسی شخص مین خون کی زیادتی معلوم ہوئی اوسکی تقلیل کے واسطے ایکبارگی بہت سا خون
نکلوا دین اور اگر خون بدن مین زیادہ نہ ہو اوسکے واسطے تھوڑا تھوڑا بدفعات لین اور فصد کی تبرید جو لغت الدم مین مسطور ہوئی اور قرص کہربا و قرص گلنار
دین اگر قرص کہل تین ماشہ ایک تولہ شربت الجبار مین ملا کے ہمراہ شیرہ خرفہ و خشخاش و بارتنگ و حب الآس ہر ایک نو ماشہ معہ شربت حب الآس
دو تولہ و تخم شربتی پانچ ماشہ چھڑک کے دین اگر رگ کھلنے کا سبب رطوبت مرخی یا رطوبت بڑھانے والی چیزون کے کھانے سے ہو ظلونیائے فارسی و سنجر نیا
دین اگر ضرورت ہو فصد بھی کھلوائین اور جہان رگون کی خشکی سبب ہوتی ہی ترطیب کو عمل بلانے اور لگانی دواؤن سے اور استفراغ نہ کرائین مگر جسوقت
یبوست مادی ہو اطراف کا باندھنا پنڈلیون پر بجہہ بے شرط یا باشرط رکھنا اسلئے کیواسطے قوی الاثر ہے اور ضربی و سقطی مین بعد فصد کے قرص پودینہ تین
ماشہ یا پانچ ماشہ شربت حب الآس مین دین اور ریوند و مغاث و زرد چوب و دار ہلد و حب الآس و عدس و گل ارمنی و اقاقیا کا ضماد کرین دوائی قی الدم
جگر و سپرز و سر سے اسکا سبب کسی آفت کا آنا ہی ان مین سے کسی عضو پر اور معدہ سے اس جگہہ انصباب خون اور خارج ہونا اوسکا قے مین علامت
اوسکی وجود آفت ہو اس عضو مین ان اعضا سے اور خون جو جگر سے آتا ہی بدبو ہوتی ہو اور جو سپرز سے آتا ہی سیاہ و غلیظ ہوتا ہی اور جو سر سے آتا ہی

تقدم رعاف اوسکی دلیل ہے ترکیب اگر بالغ نہ ہو ابتدا مین فصد کھلوائین اور تھوڑا تھوڑا خون چند مرتبہ مین نکالین اگر امتلا شدید ہو نہ یاد رہین ایکہی
دفعہ مین اور فصد کے بعد حسب مراعات مزاج اصلاح حال و تقویت عضو ماؤف کرین جیسا کہ ہر ایک کی جگہ پر ذکر ہو چکا ہے اور قرص ربوند یا قرص خشخاش
کھانا اور ادویہ مقوی جگر قابض مثل صندل و گل سرخ و سک و آرد جو کا آب کاسنی مین جگر و سپرز پر لیپ کرنا برائے قی الدم کبدی و طحالی کے واسطے بہت مفید
ہے اور قی الدم جو قروح معدہ سے آئے اوسکا علاج علاج قروح معدہ ہوگا اور قرص کہل و یاقوتی معتدل اور یاقوتی بارد حکیم علی اس بارہ مین نافع ہے اور جب
قی الدم مین خون معدہ مین جم جائے اور اعراض مثل غشی و برد اطراف و سقوط نبض ظاہر ہو اسکا علاج جداگانہ مسطور ہوگا **ایضاً** جہت قی الدم
مجرب ہے **ترکیب** بارزد سبز گلنار ہر ایک دو درم افیون ایک قیراط کوٹ چھان کے باریک پیس کے پانی مین ملا کے تھوڑا تھوڑا پئین روزانہ صبح کے
وقت **ایضاً مجرب حکیم علی ترکیب** دو مثقال بذر قطونا کو بھگا کے اور ٹھنڈا کر کے شیرہ تخم خیارین دو مثقال شربت انار دس مثقال مین ممزوج کر کے
دین اگر حرارت زیادہ ہو تھوڑا کافور بڑھا دین اور کبھی شیرہ بادام اور کبھی شیرہ تخم خربزہ بھی اضافہ کیا جاتا ہے غذا آب ہندوانہ قدرے مصری مین اگر کافی ہو
فالودہ شیرہ بادام کے ساتھ دین **دوائی جمود** شیر و دم معدہ مین یعنی خون اور دودھ کا معدہ مین بستہ ہو جانا جاننا چاہیے کہ کبھی خون عضو سے معدہ پر
ٹپکتا ہے اور بسبب سردی و ضعف حرارت منجمد ہو جاتا ہے اور کیفیت ردیہ سمیہ معدہ کو لاحق ہوتی ہے **ایضاً** کبھی ایسا ہوتا ہے کہ دودھ پیا گیا اور برد معدہ کیواسطے
سے یا جمانے والی چیزون کے کھانے سے مثل پنیر مایہ اور مانند اسکے جم جاتا ہے ان دونون کی علامت یہ ہے کہ کرب و اضطراب و غشی و عرق سرد و برد اطراف
و سقوط نبض و کزاز و وجع و عسر نفس و غثیان قوی و احتباس بول و براز حادث ہوتا ہے اور کبھی لرزہ قوی عارض ہوتا ہے اور یہ ردی ہے **ترکیب** تخم شبت و
پودینہ جوش اور صاف کر کے سکنجبین ملا کے پئین اور مکرر قے کرین اور اگر تلطیف خون منجمد کے واسطے ماء الاصول دین بعد ازان قے کرائین یہ بھی مفید ہے
پھر ازابت کے لیے پنیر مایہ حیوانات خصوصاً پنیر مایہ خرگوش بقدر نیم درم یا ایک مثقال گرم پانی مین پئین اگر میسر نہ ہو پنیر مایہ بزغالہ سرکہ مین ممزوج کر کے سود مند
ہوگا اور دماغ خرگوش نمک اندرانی کے ساتھ بھی مفید ہے یا سداب و صعتر پانی مین جوش کر کے دین اور دوسرے محللات مثل حلتیت قسط و بفلائج کے پئین
قرطم پودینہ کیساتھ سریع الاثر ہے **ایضاً** انجماد خون کے واسطے کفایت کرتی ہے **ترکیب** حب الرشاد دو درم یا تین درم گرم پانی مین کہ حاشا اوسمین پکا ہو
سفوف بنائین **ایضاً** برائے جمود دم و شیر معدہ مین انطاکی سے **ترکیب** سرگین خرگوش ہمراہ شہد و تخم قرطم کو اس بارہ مین منفعت عظیم ہے **دوائی**
جمود لبن بچون کے پیٹ مین کبھی یہ ہوتا ہے کہ دودھ پیتے بچے کے معدہ مین دودھ کی خرابی سے دودھ جم جاتا ہے **ترکیب** اسکی تدبیر بذریعہ شیر ادویہ
مخصوصہ سے کرنے کے بعد جو اوپر بیان کی جا چکی ہین یہ ہے کہ دیر تک دودھ نہ دین اور بعد کو دایہ کے دودھ کے بجائے گائے اونٹنی یا بکری کا دودھ جن مین
سداب و شبت و قیصوم و برگ حماض کھولائے ہون دین اگر بچہ دائی کے دودھ کو نہ چھوڑے دائی کو غذائے لطیف و مقطع دین اور مغلظات و شب خواری
و جماع سے پرہیز کرائین اور تھوڑا تھوڑا دودھ دین پیٹ بھر کے ہرگز نہ دین اور کبھی بچے کو رلاتے رہین اور اوسکا پیٹ بند رکھین اور کبھی بچہ ابتدائی کو
تریاق اربعہ دین **دوائی** فواق زیادہ اور غلیظ غذا کھانے سے علامت اسکی فواق کا ظہور ہے فوراً کھانا کھاتے ہی اور گرانی معدہ و ترک ریاضت معتاد **ترکیب**
نمک پانی سے خوب قے کرائین بعدہ گلقند و سکنجبین گلاب کے ہمراہ دین چند روز تک غذا مین تقلیل کرین حرکت و ریاضت اور ادویہ مسخنہ مثل

تخم کرفس رددو فو وزیرہ و سونٹھ و پودینہ و انیسون و اسارون و سنبل و زراوند مدحرج کا استعمال کرین کھلانے اور سونگھانے مین اور نیم درم جندبیدستر
سرکہ عنصل کے ساتھ دین اور روغن زیت حل کرکے معدہ پر ملنا فائدہ تمام رکھتا ہی اور دوسرے دوائین مطبوخات مخصوصہ سے جو اس قسم کے لیے
ہین دین اگر تسکین نہ ہو قرص کندر دین ذوائی فواق برودت معدہ سے باریاح غلیظہ کے سبب سے علامت برودت کی قلت عطش ہی اور میل
طبیعت اشیاء گرم سے اور منفعت ہضم اور یہ قسم بچون بوڑھون اور بیمارونکو زیادہ ہوتی ہی علامت ریحی کی فواق کا واقع ہونا ہی تخمہ کے بعد اور تناول
طعام باد انگیز نیز آروغ و نفخ و قراقر وغیرہ اوسکے گواہ ہین اور یہ قسم بچون کو اکثر عارض ہوتی ہی خاصکر زیادہ دودھ پینے کے بعد ترکیب شیرۂ بادیان
شیرۂ زیرہ سیاہ شیرۂ تخم کشوث عرقیات مین نکال کے گلقند مل اور صاف کرکے پلائین اور گرم جوارشین مثل جوارش مصطگی وکمونی کبیر کے کھلائین
اور شیرۂ بادیان نو ماشہ صعتر و انیسون ہر ایک سات ماشہ زیرۂ سفید تین ماشہ الائچی پانچ عدد گلاب پانچ تولہ عرق نانخواہ و سیل بواد پودینہ و گلقند
ہر ایک چار تولہ پلائین اور کندر و مصطگی و زیرۂ کرمانی و پودینہ و سونٹھ چبائین اور استعمال سداب یا تخم سداب یا بورۂ ارمنی شہد کے ساتھ نافع ہے
اگر ثلث درم جندبیدستر سرکہ مین حل کرکے دین عجیب الاثر ہی در اسن خشک و عصارۂ غافث و ساذج و درج و قیصوم اور دوسری دوائین کہ
قسم بالا مین گذرین مفرداً و مجموعاً بطریق لعوق کھلائین اور جو قسم اول و فواق رطوبی مین سوائے تنقیہ کے جو ہے اسمین بھی مفید سکنجبین اور ریحی مین اگر
باقی رہ جاے مارالاصول سے نضج کرکے مسہل دین پھر ادویہ کاسر ریاح کھلائین اور انجدان و شونیز و جندبیدستر سونگھائین اور دوا ان ضمادون مین سے
اور مسخنہ تیلون مین سے نرم معدہ پر رکھین اور تلطیف غذا کرین اور شوربا ے گوشت ماکیان و کبوتر بچہ و عصافیر حار مصالحون مین پکا کے روٹی کیساتھ
غذا کوین اور اشیاء مبرد و مغلظ و منفخ سے پرہیز کرین اس قسم اور فواق رطوبی مین چھینک لانا غصہ کرنا بھوک پیاس مین صبر کرنا کسی ہولناک خبر کو
مریض کے سامنے اچانک کہنا بہت مفید ہی و ایضاً حبس نفس و آواز قوی مثل تفنگ وغیرہ قریب گوش بخبری کیحالت مین بدستور نافع ہی اور اگر
سوء مزاج بارد ہو فرمین ہوی حاجم بلا شرط معدہ پر اور شانون کے درمیان رکھنا اضمدہ مجمدہ سے ضماد کرنا اور قرص محذر دینا ذوائی فواق کثرت تولد رطوبت
لزج سے معدہ مین اور اوسکے التصاق سے علامت اوسکی سیلان لعاب دہن و گرانی معدہ و فساد ہضم و آروغ ترش ہی ترکیب تخم ترب و
تخم شبت پانی مین جوش کرکے شہد اور تھوڑا نمک ملا کے پئین اور قے کرین پھر مصطگی و پوست ترنج ہر ایک ایک ماشہ پیس کے گلقند مین
ملا کے کھائین اور مصطگی و بالچھڑ و عود و پوست ترنج سرکہ و گلاب مین پیس کے معدہ پر ضماد کرین اور کمونی و دواء المسک کھلائین اسہال کیواسطے
ایارج فیقرا عصارہ افسنتین ہر ایک نصف مثقال نمک ہندی دو دانگ دین اسہال کے بعد مربا ے ہلیلہ استعمال کرائین مطبوخ مصطگی اسکے
دفع کرنے مین مجرب ہی اسیطرح پودینہ اجوائن سونف دارچینی چار خطائی بادیان خطائی شہد کے ساتھ دینا نیز جندبیدستر و شونیز کی شہد مین چٹنی
شربت سیب کھانا نافع ہی اور دوسری تدبیرین جو قسم سابق مین گذرین کام مین لائین ایضاً فواق بلغمی کیواسطے انطاکی نے نافع لکھا ہی ترکیب
اگر استلا ہو جلے تے واجب ہی بعدہ ہر محلل شربت مثل صعتر و زیرہ و انیسون و ایضاً بلغمی مین آب پودینہ سبز و نمام اسی طرح جندبیدستر پانی و
سرکہ مین اور شکر اور طبیخ شبت شہد مین اور تضمید معدہ حلبہ و شونیز و مصنغ عود و انیسون و سونٹھ کا مربا مفید ہوگا اگر فائدہ نہ ہو چھینک لائین

اگراس سے تحمل نہ ہو وہ میت ہی ڈوائی فواق لسبب خلط حادالکیفیت یا تیز وحریف اشیاء کے تناول سے علامت اسکی حرقت فم معدہ ہی اور تقدم
قے زرد وسبز وسیاہ و کھانا اغذیہ وادویہ حریفہ مثل شربت شراب ترکیب سکنجبین وگرم پانی سے قے کرائین بعدہ شیرۂ زرشک سکنجبین وشربت انار مین
ملاکے پلائین شیرۂ تخم خرفہ گلاب وشربت سیب مین بھی مفید ہی اور لعاب بہدانہ واسبغول یا گلاب وروغن بادام شیرین وروغن کدو ماء القرع وماء الشعیر
آب انار شیرین کے ہمراہ بدستور وماء الشعیر جسمین پوست خشخاش وزرد رد پکا ہوا ہو تھوڑی طباشیر وشربت درد مین بہت سودمند ہی اور کبھی
کافور کی ضرورت پڑتی ہی اور شیرہ اصل السوس مقشر سکنجبین سادہ کے ساتھ عجیب النفع ہی کہتے ہین کہ آب گرم وروغن بادام جرعہ جرعہ پلائین اور مسکہ
کھانے مین کھانا اس قسم کے واسطے سریع الاثر ہی اور صندل وگل سرخ گلاب مین گھس کے معدہ پر ضماد کرین اور روغن گل کی مالش کرین اور غذا
کے واسطے روغن بادام مین یا ماء الشعیر دین اگر برف مین سرد کر کے دین بہتر ہے اور دوسری اغذیہ مبردہ مسکن کھلائین اور جہان طبیعت نرم ہو جو کا آٹا شکر
کے ہمراہ تناول کرین اور صاحب خلاصہ کہتا ہی کہ فواق بعد قے کے حادث ہوتا ہی اور اگر بقیہ لاذع کی خلط تھوڑے غثیان کے ساتھ محسوس ہو ماءالرب
رب تمر ہندی دین بعدہ معطشات غطہ متواتر لائین ورنہ فم معدہ کا مرہم معتدلہ سے ضماد کرین اور خسو ونشاختہ وروغن بادام واسفیدباج جوزۂ
مرغ مطیب دھنیا کے ساتھ غذا کرین ڈوائی نواق بعد استفراغات کثیر اور حمیات حادہ لسبب یبس وجفاف شدید کہ فم معدہ مین لاحق ہوتی
ہے اسکا فواق یبسی نام ہی اور بدترین اقسام فواق سے ہے ترکیب ترطیب کی سعی کرین شیر تازہ وروغن بادام پئین والیضا لعابہا و تخم ہائے
سرد مثل لعاب بہدانہ واسبغول ہر ایک تین ماشہ شیرۂ مغز بادام پانچ عدد مغز تخم کدو وخیارین ہر ایک نوماشہ گلاب وعرق بید ومشک و
عرق نیلوفر مین نکال کے عرق شیر سادہ پانچ تولہ شربت نیلوفر چار تولہ داخل کر کے دین اور ماء القرع وماء الخیار گلاب وروغن بادام مین دین
بہت مفید ہی اور دوسرے مرطب روغن کھلائین اور اگر تین اوقیہ مسکہ تازہ اور اُسی کے برابر شکر طبرزد متواتر چاٹین فواق یابس مین مجرب ہے
اور خشخاش ہمراہ نبات ومغز تخم خربزہ وغیرہ کے چبانا فائدہ کرتا ہی اور خشخاش دواؤن اور غذاؤن مین زیادہ داخل کرتے ہین روغن بنفشہ وروغن
کدو ناک مین ٹپکائین اور مہرہ ہائے گردن اور مفاصل پر ملین دودھ سر پر دوہین اور آبزن مرطب کرین اور جو تشنج یابس مین گذرا کام
مین لائین اور غذا گوشت برہ وبزغالہ وزردی بیضہ مرغ نیمبرشت دخیار دودھ مین پکا کے اور ماء اللحم وماء الشعیر روغن بادام کے
ساتھ دین اور کہتے ہین کہ چونکہ یہ قسم فواق کی ردی ہی پس اگر حدیث العہد ہو اور مدت استفراغ تھوڑی ہو اسکے علاج کی کوشش کرین
اور اگر بعید العہد ہو اور استفراغ قوی واقع ہو مہلک ہی اسکا تدارک نہ کرنا چاہیے اور واضح ہو کہ فواق ورم معدہ یا ورم جگر کے سبب سے عارض
ہو علامت اور علاج ہر ایک کا اوسکے مقام پر بیان کیا گیا ہی اوسکی طرف رجوع کرین ڈوائی فواق کہ شیر خوار بچونکو ہوتا ہی اگر ریح
کے سبب سے حادث ہو ترکیب مغز نارجیل شکر سفید کے ساتھ دین اور چند بید ستر پانی مین گھس کے تھوڑا دینا سودمند ہی اسیطرح
اب پودینہ شکر کے ساتھ مجرب ہی اور تعلیق بندق نافع ہے پودینہ والاچی ومویز منقی وبادیان گلاب مین پیس کے گلقند ملاکے دینا
نافع ہی ضرورت پر شافہ دین اور کھیل کو دمین بہلائین اور جو تند وتیز چیزون کے کھانے سے ہو تو لعابات کے استعمال سے

جاتا رہتا ہی ایضاً برائے فواق ہر قسم معمول ہی ترکیب اصل السوس مقشر نو ماشہ کوٹ چھان کے نبات سفید چھ ماشہ ملا کے تین حصہ کرین ایک صبح ایک دوپہر اور ایک شام کو ٹھنڈے پانی کے ساتھ پھنکائین ایضاً اکثر انواع فواق کیواسطے نافع ہی ترکیب کلونجی تین ماشہ پیس کے ایکدام سکر مین ملا کے کھلائین بعد تھوڑی دیر کے کھانا کھلائین ایضاً مجربات حکیم علی سے ترکیب انیسون زیرہ نمکوفتہ نعناع ہر ایک ایک مثقال چھتیس تولہ پانی مین جوش کرین جب چوتھائی رہ جائے جرعہ جرعہ پلائین یا پوست بیرون پستہ بیخ اذخر جوش کرکے دین اسی طرح قیصوم و پودینہ کوہی و مصطگی برابر جوش کرکے پلائین شدید المنفعت ہی نوع دیگر برائے فواق ریحی ترکیب مصطگی دارچینی بقدر مناسب جوش اور صاف کرکے بطور قہوہ پلائین دوائی انقلاب معدہ یہ مرض ہوتا ہی کہ جو کچھ کھایا جاتا ہی بعد ہضم کے معدی قے کرتا ہی بسبب خراش معا اثنا عشری کہ معدہ سے متصل ہے بارودہ صائم کہ اثنا عشری سے اوسکا اتصال ہی اور اس مرض و مرض ایلاؤس مین کہ ایک قسم ہے قولنج کی فرق یہ ہی کہ ایلاؤس مین جو قے آتی ہے وہ متعفن ہوتی ہی مثل براز کے بخلاف انقلاب معدہ کی قے کے کہ وہ اس طرح کی نہین ہوتی اور باریک چھلکے قے مین آتے ہین اور ترش و تیز چیزون کے کھانے سے قریب ناف درد کی شدت ہوتی ہی ترکیب سفوف الطین روغن مادہ گاؤ مین چرب کرکے ہمراہ لعاب بہدانہ لعاب ریشہ خطمی عرقیات مین نکالے ہوئے شربت بنفشہ و چہار تخم داخل کرکے کھائین اور دوسری ادویہ مغریہ کہ فصل سحج ذرحیر مین آچکی کام مین لائین و جوارش تمر ہندی اس باب مین مجرب و آزمودہ ہی اگر اسکا سبب صفرا ہو و نیز صفراوی مین افشردہ انار و رب غورہ و سماق و زرشک بھگو کے دین اور لعاب بہدانہ و اسپغول معہ شربت زرشک و شیرہ حب الآس و بارزنگ با طباشیر و دم الاخوین بھی مناسب ہی اور سفوف مقلیاسا انفع اور اگر مادہ بلغمی ہے اوسکا تنقیہ کرکے بزور حارہ مثل تخم ریحان و کنوچہ و روغن بادام مین چرب کرکے دین اور ماء اللحم و زردی بیضہ نیمبرشت اس مرض مین غذا مناسب ہے صمغ عربی کتیرا بارزنگ حل کرکے مجرب ہی دوائی کرب و قلق معدہ جسوقت یہ عارضہ ہوتا ہی مریض غمگین و بیقرار ہوتا ہی ایک طرح صبر نہین رہ سکتا اور سے غثیان بھی ہوتی ہی اکثر اس مرض کا مادہ حار ہوتا ہی خواہ معدہ سے پیدا ہو خواہ جگر سے ٹپکے اور کبھی مادہ بارد ہوتا ہی لیکن وہ بھی کیفیت ردیہ کے ساتھ مثل ملوحت و حموضت و بورقیت و عفوصت سے خالی نہین ہوتا اور علامت ہر ایک کی جو قے صفراوی و بلغمی و سوداوی مین گذرین تلاش کرین ترکیب جب مادہ حار ہو سکنجبین و آب نیمگرم سے مکرر قے کرین اور قرص طباشیر ہمراہ شیرۂ زرشک و شربت انار و سکنجبین کھائین اور پوست کدو و صندل و گل سرخ و کافور گلاب مین پیس کے فم معدہ پر ضماد کرین نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین اگر مادہ اوسکا بارد ہو آب نیمگرم و نمک سے مکرر قے کرین اور منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین بعد ازان جوارشات حارہ سکنجبین عسلی کے ساتھ کھائین اور روغن مصطگی معدہ پر ملین دوائی برائے اختلاج معدہ جبکہ اختلاج فم معدہ مین یا اجزاء اعلائے معدہ مین ہو خفقان وحشی بھی ہوتی ہی اکثر مادۂ بارد کے سبب سے ہوتا ہے کہ معدہ مین جمع ہو جاتا ہی یا کسی دوسرے عضو سے معدہ پر ٹپکتا ہی یا خلط لذاع کے سبب سے ہوتا ہی ترکیب پہلے علامات سے دریافت کرین کہ خلط بارد سے ہے یا حار سے بعد اسکے دوائی جو کرب معدہ کیواسطے ذکر ہوئی ہی اسکے مطابق علاج کرین اور دوائی اقسام قے مین علامات ہر مادہ کے معہ اوسکے تعدیل تنقیہ کے تفصیل سے ذکر ہو چکے ہین اوسکی طرف رجوع کرین اگر کرم شکم کے سبب سے ہو حقنہ کرین بعدہ دوائی قاتل دیدان دین

دوائی وجع الفواد وہ فم معدہ مین ہوتا ہی جسوقت عارض ہوتا ہی شدت درد و غشی شدید و برد اطراف ہونے لگتا ہی اور بہت جلد ہلاک کرڈالتا ہے
کبھی مزمن ہو جاتا ہی سبب اسکا فم معدہ مین وقوع حرارت ہی یا انصباب خلط صفراوی اُس موضع پر جیسا کہ بھوک اور سخت درد ونکی حالت مین ہوتا ہی
اور اجتماع ریاح باردہ غلیظہ علامت حرارت پیاس خشکی دہن وحشت رخانی اور نشان صفراوی باوجود علامت مذکورہ زردی زبان و تلخی دہان ہوتی ہی
آثار ریحی ڈکار سے درد مین سکون اسفل سے اخراج ریاح اور کبھی شدت درد کبھی سکون اور علامات مذکورہ کی ضد ترکیب حار مین شیرہ زرشک گلاب
و عرق گاؤزبان مین نکال کے سکنجبین و شربت لیمون داخل کرکے پئین اور دہی برف مین ٹھنڈا کیا ہوا مفید ہوتا ہی صفراوی مین فصد باسلیق کھلوائین تریہ
مذکورین تمرہندی و انار دانہ و غورہ کھائین صندل سفید و گل سرخ و طباشیر سماق مساوی گلاب و لعاب اسبغول مین بقدر ضرورت پیس کے فم معدہ پر ضماد
کرین روغن گل ملنا بھی مفید ہی اگر موت مہلت دے سکنجبین اور نیم گرم پانی سے قے کرائین بعد ازان شربت سیب و شربت انار شیرین و ترش پئین اور مسہل بارد
سے تنقیہ کرین اور درد فواد بارد و ریحی مین جوارشہاے گرم کھلائین نضج کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین نمک سلیمانی دین اور ڈکار لانیوالی دوائین مثل
کندرو مصطگی و زیرہ و پودینہ چبائین اور نکمید برگ صبر کی جسپر سہاگہ و زردچوب چھڑک چکے ہون ایک طرف سے توے پر گرم کرکے مجرب ہی عطر گلاب فم معدہ
پر ملین باقی علاج مثل علاج درد معدہ کے ہے دوائی وجع الفواد بارد مین کام آتی ہی ترکیب بادیان انیسون تخم کرفس ہر ایک تین ماشہ الائچی خورد
اصل السوس مقشر ہر ایک چار ماشہ سویز منقی دس دانہ گلقند نسرین دو تولہ جوش کرکے اور چھان کے پلائین ایضاً لونگ اور شکر ہموزن لے کے سفوف بنائین
اور بکری کے دودھ مین صبح و شام کھائین دوائی اختلاج معدہ یہ حرکت ہی خفقان کے شبیہ کہ معدہ مین عارض ہوتی ہی بس جسوقت حرکت مذکور فم معدہ
اور اجزاے غذائی معدہ مین ہوتی ہی خفقان و غشی بھی ہوتی ہی اور ایسا بھی ہوتا ہی کہ غثیان و تہوع سے تکلیف ہو بالجملہ اسکا سبب اذیت ہی کہ معدہ کو پہونچتی
ہی اور وہ اکثر مادہ بارد سے ہوتی ہی کہ معدہ مین جمع ہو جاتا ہی یا دوسرے عضو سے پہونچتی ہے کبھی خلط لذاع سے بھی ہوتا ہی ترکیب اول آثار خلط حار و بارد
دریافت کرین بعد اسکے مانند کرب معدہ علاج کرین اور دوائی قے مین ہر مادہ کی علامات معہ اُسکے تبدیل و تنقیہ کے تفصیل سے بیان ہو چکے ہین اُس سے
رجوع کرین اور جب کرم شکم مرض مذکور کا سبب ہوتے ہین قبض طبیعت و انعصار و دغدغہ معدہ و تقلب نفس اسکی دلیل ہی تدبیر اسکی عمل ہی یا مسہل
اور اسکے بعد اخراج مادہ و قتل دیدان جو دوائی دیدان مین آئیگی دوائی حرقت معدہ معدہ کی سوزش کا سبب غذاے غلیظ خام کھا جانا ہوتا ہی مثل
گوشت گاؤ میش و عدس وغیرہ کے با احتباس رطوبت خام خمل معدہ مین علامت اسکی یہ ہی کہ طعام غلیظ ذی رطوبت کھانے کے بعد غذا ہضم ہونے کے
وقت سوزش ہوتی ہی اور ہنگام خلو معدہ تسکین ہوتی ہی منہ سے پانی بہت نکلنا اسکی دلیل ہی ترکیب تخم ترب و عسل و نمک پانی مین جوش کرکے پلائین
اور قے کرائین پھر حار مزاج مین شربت انارین گلاب مین اور بارد مین مربہ ادرک عرق بادیان و بیل و نعناع مین دین اور بادیان چبانا مجرب ہی غذا
سبک مثل گوشت طیور وغیرہ کے کھلائین اگر فائدہ نہ ہو مطبوخ منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین بعدہ جوارشات و معاجین مقوی معدہ
کھلائین اور سفوف بادیان و کپور کچری نمک کے ساتھ مفید ہی کبھی یہ مرض طحال سے فم معدہ پر سودا کے ٹپکنے سے ہوتا ہی اور یہ نہار و خلوے معدہ کیحالت
مین عارض ہوتا ہی غذا اور لقمہ چرب سے سکون ہو جاتا ہی اس صورت مین فصد باسلیق و اُسیلم بائین ہاتھ کی کھلوائین مربہ ہلیلہ و مربہ آملہ و دیگر مقویات

کھائیں سکنجبین بزوری پئیں اور مقوی معدہ دواؤں سے نم معدہ پر ضماد کریں اور خمیر آرد جو رکھیں جب کھٹا ہو جائے دہی مین ملا کے بعد ایک رات گذرنے
کے ایک اوقیہ سے ایک رطل تک اُسمیں سے پئیں کہ برائے التہاب معدہ مفرط و تشنگی و قے صفراوی و اسہال صفراوی مین بعد بل ہو اگر اچھا نہ ہو
ماء الجبین دہی اور آملہ دودھ مین بھگویا ہوا و اصل السوس مقشر مساوی مصری کے ساتھ مفید ہو ایضاً حرقت معدہ کیواسطے کہ حرارت مزاج سے ہو
نافع ہو ترکیب اسبغول و تخم مرد گلاب و شکر طبرزد کے ساتھ دین دوائی حکہ معدہ خارش و دغدغہ کہ معدہ مین محسوس ہوتا ہو سبب اسکا کوئی خلط حریف
لذاع ہوتا ہو کہ کسی عضو سے معدہ پر گرتا ہو جیسا کہ ریزش نزلہ سے معدہ پر پیدا ہوتا ہو یا چھوٹے چھالے کہ معدہ کے سطح داخلی مین پڑ جاتے ہین علامات
انصباب خلط نکلنا منہضم غذا کا معدہ سے ہے اور دوسرے آثار ظاہر ہونا اور چھالونکی پہچان سوزش کا ظہور ہو کھانے کے وقت اور خارج ہونا غذائے
غیر منہضم کا قے یا اسہال مین ترکیب خلط اول مین استفراغ مادہ کرین مسہل بارد سے اور طبیخ ہلیلہ و نقوع صبر و تبرید شربت بنفشہ و عناب کی
دین بعدہ مقویات معدہ استعمال کرین اور شوربی مین لعاب بہدانہ و روغن بادام و قرص طباشیر بے زعفران دین و سفوف حب الرمان سفوف
زلق الامعا مفید ہوگی باقی تدبیر فصل شور معدہ و اسہال معدی بشوری مین ڈھونڈھین دوائی برائے حکہ معدہ بشوری انطاکی سے ترکیب بینا
رطبان کا تھوڑی گندھک در روغن بادام و لعاب بہدانہ یا حب عشرت دوائی استرخا معدہ اور تہلہل نسیج معدہ یہ مرض ہو کہ جرم معدہ ضعیف ہو جاتا ہے
اس مصیبت سے سست پڑجاتا ہو اور استرخا معدہ کا سبب ابتلال معدہ کا تر ہونا ہو فضول رطوبی سے پس اگر استرخا نفس معدہ مین ہو علامت اوسکی فساد ہضم
ہے اور ارتفاع سینہ و انخفاض پشت ہو اور اگر رباطات معدہ مین ہو اوسکی پہچان انحناء بیمار ہو یا میل اوسکا داہنے یا بائین طرف اور تہلہل نسیج معدہ کا سبب
کثرت تداوی قے و اسہال مین یا مقاسات امراض و اوجاع شدید اور سوء تدبیر مفرط علامت اوسکی یہ ہو کہ کھانا کسی طرح پسند نہین آتا چاہیے غذا
سبک اور لطیف ہی کیون نکی گئی ہو اور بعض طبیعت اسقدر ہوتا ہو کہ اکثر بغیر دوا کھائے ہوئے دفع نہین ہوتا باوجود عدم آثار ورم و سوء مزاج ضعف
اشتہا و لاغری تکمہ اور کاہش بدن ہوتی ہو ترکیب جوارش عود و اطریفل صغیر و کبیر و حب الآس اور مانند انکے جو قابض اور خوشبودار ہون استعمال
کرین اور روغن مصطگی و ناردین معدہ پر ملین اور غذائے سبک و سریع الہضم مائل بقبض و جفاف مثل گوشت طیہو و تیتر کے اس مرض مین بہت مفید ہے
کھلائین لیکن استرخا کیصورت مین مسہل گرم سے تنقیہ بھی ضروری ہو ایضاً برائے استرخاء معدہ و تہلہل نسیج معدہ انطاکی کی تدبیرون سے اور
اس باب مین مجرب ہو ترکیب آرد جو ایک جزو مغز پستہ مغز چلغوزہ ہر ایک نصف جزو مغز بادام ربع جزو پیس کے گاہ سماق مین گاہ تمر ہندی مین گاہ بہ
سفرجل مین پکائین اور دین اور جوز السرو و ماز و مقل و زرنس کا لیپ کرین کہ نہایت درجہ نافع ہو دوائی تشنج معدہ ترکیب کبھی تشنج امتلائی و استفراغی
اجزائے عصبیہ معدہ مین بھی واقع ہوتا ہو پس اگر تشنج نفس معدہ مین ہو علامت اوسکی فساد ہضم ہو کہ بعض غذا منہضم اور بعض غیر منہضم نکلتی ہو اگر اسکے
رباطات مین ہو علامت اُسکی وہ ہو جو رباطات خلف مین ہوتی ہو غذا کھاتے ہی معدہ سے گذر جاتی ہو امعاء کیطرف اور مریض داہنے یا بائین طرف
جھکتا جاتا ہو اور جو رباطہ مین ترقوہ ہو مریض پیٹ کیطرف مائل ہوتا ہو اور پیٹھ سیدھی نہین کر سکتا بالجملہ جو کچھ دوائی تشنج امتلائی و استفراغی
امراض سر مین مذکور ہوا ہو حسب سبب عمل پیرا ہون دوائی جساوہ معدہ تو عضلات معدہ کبھی وہ اس طرح ہو جاتا ہو کہ خلط غلیظ سوداوی

آکے معدہ یا عضلات معدہ پر گرتا ہے اور اُسمین سختی وصلابت پیدا کردیتا ہے علامت اسکی احساس صلابت ہے حس لمس اور کثرت آب دہن اور رکوع کی
بیمار کو قدرت نہ ہونا اور تکلیف ہونا سجدہ کیوقت اور لقمہ اوٹھاتے ہوے اور ظہور تہیج ساق اور عینین و غشیان اور کبھی سوء ہضم و فرق صلابت معدہ مین
اور عضلات معدہ مین کہ صلابت معدہ مستدیر ہوتی ہے اور افعال معدہ پر آفت ہوتی ہے اور عضلات کی جسادت بڑھ جاتی ہے ایک جانب غلیظ اور دوسری
طرف رقیق مثل دم موش اور افعال معدہ اسمین سالم ہوتے ہین ترکیب جسادت معدہ مین اگر بیمار کا مزاج گرم اور قارورہ رنگین ہو فصد باسلیق یا اُسلیم
کھلوائین اور گوشت کھانے سے منع کرین اور موم سفید روغن گل روغن بنفشہ مین پگھلا کے معدہ پر رکھین اور دوسرے ضمادات محلل ملین کہ سبرداتِ مینا
ترکیب دیے ہوں اونکا لیپ کرین اگر مریض کا مزاج سرد اور قارورہ سفید ہو جو محلل اخلاط غلیظ ہو مع الترتیب استعمال کرین اور ضماد محلل وملین کام مین
لائین اور جسادت عضلات مین اگر گرمی مزاج کے آثار پاے جائین طبیخ شاہترہ وتمر ہندی وخیار شنبر و ترنجبین سے تنقیہ کرین اور بنفشہ وگل سرخ وبابونہ و
ناخونہ وخطمی وموم سفید وروغن گل کا لیپ کرین ممکن ہے کہ فصد باسلیق کی ضرورت پڑے اگر آثار سردی معلوم ہوں طبیخ افتیمون وغاریقون اور مانند اُنکے
کہ مخرج اخلاط غلیظ ہوں اُنسے تنقیہ کرین اور اشق ومقل وخاکستر بیخ کرنب وجند بیدستر و زعفران ہمراہ لعاب حلبہ و روغن زیت شحم کہنہ مین ملا کے لیپ کرین
اسیطرح تدہین وتنطیل وتغذیہ مین رعایت حرارت وبرودت مرعی رکھین اور جو ورم صلب معدہ کیواسطے مفید ہے وہی یہان بھی نافع ہے ؔدوائی
تصغر معدہ (یعنے معدہ کا چھوٹا ہوجانا) جسقدر بھی ہو پس اگر خلقی ہوتا ہے علامت اسکی یہ ہے کہ بچپن مین کثیر المقدار غذا کھانا اگرچہ وہ لطیف ہی کیون نہو
نقصان کرتی ہے اور تھوڑا کھانا کوئی نقصان نہین پہونچاتا اچھی طرح ہضم ہوتا ہے اور ہمیشہ یہ حالت بغیر کسی سبب کے اور ضعف جسم کے اسپر گواہی دیتی ہے تدبیر
یہ ہے کہ غذاے قلیل الکمیت وکثیر الغذائیت دین اگر تصغر عارض ہوتا ہے بسبب تشنج وتورم معدہ کے اور اعضاے مجاورہ معدہ سے اس صورت مین جب
سبب اُسکا ازالہ کرنا چاہیے ؔدوائی ضعف جگر کی یہ عبارت ہے خلل سے جو قواے جگر مین ہوتا ہے پس اگر سبب قوی ہوتا ہے تو اُسکے چارون قوی کو باطل کردیتا
ہے ورنہ بعض مین خلل آتا ہے اور غالب احوال مین جاذبہ وہاضمہ سردی وتری سے ضعیف ہوتے ہین اور ماسکہ تری سے اور دافعہ خشکی سے علامت
ضعف جگر کی جبکہ چارون قوی پر مشترک ہو فساد رنگ سبزی یا سفیدی یا زردی یا نیلاپن قلت اشتہا لاغری بدن خفیف درد موضع جگر مین خاصکر جگر
کیطرف نفوذ غذا کے وقت اور اسہال اسطرح کے ہوتے ہین جس طرح تازہ گوشت کا دھویا ہوا پانی اور علامت ضعف کثرت مقدار بلغم اُنکی نرمی م
سفیدی مع نحافت بدن اور ضعف جگر شارکی مین معدہ سے قصور ہضم اور مرارہ سے یرقان اصفر اور سپرز سے یرقان اسود ہوجانا ظاہری دلائل
ہین اونکے مناسب تدارک کرین اور علامت ضعف ماسکہ وہاضمہ سفیدی بول وغسالیت براز وتہیج روے ونرمی طبع وفساد رنگ ہے اور علامت
ضعف دافعہ قلت بول وبراز اور بول وبراز کی کم رنگی کمی اشتہا وترہل بدن وفساد رنگ وقبض شکم ہوتی ہے جسوقت اکثر قواے جگر مین ضعف ہوجاتا ہے
پس پیشاب ضرور سرخ آتا ہے لہذا قارورہ پر پورا اعتماد نہ کرنا چاہیے بلکہ مریض کے رنگ کا اعتبار کرنا چاہیئے ترکیب ضعف جگر حار مین کہ بکثرت ہوتا ہے
علامت اسکی شدت تشنگی والتہاب وسرعت وتواتر نبض ورنگینی بول وکمی اشتہا ہے پس اگر وہ مادہ دموی سے ہو باوجود علامت مذکورہ کے
گرانی اعضا وشیرینی وشوری دہن اور مانند اُنکے آثار امتلائی دم بھی گواہی دیتے ہین اگر حرارت مادہ صفراوی کیساتھ ہو تلخی دہن وزردی رنگ و

قے واسہال صفراوی مثل اور مانند ان علامات کے اسکے شاہد ہیں اس صورت میں آب کاسنی سبز و آب عنب الثعلب سبز سکنجبین ملا کے دیں یا ماء الشعیر
دیں اور بعد چار گھنٹے کے سکنجبین شکری یا سکنجبین رمانی دیں اگر اصلاح ہو جائے بہتر ہے ورنہ آب کاسنی و قرص کافور اس پانی میں جسمیں زرشک و تمر ہندی
بھگوئی ہو ہمراہ شربت نیلوفر دیں اور لعاب اسبغول با سکنجبین و شیرۂ تخم خیارین و آب انار و شربت صندل سب مفید خبر ہیں اور اضمدۂ باردہ جگر
پر رکھیں اور فواکہ سے بہی و سیب و امرود و انار میخوش و ترش کھائیں بشرطیکہ سدہ و کثیرہ نہ ہوں اور اگر طبیعت نرم ہو قرص طباشیر قابض معہ رب
بہی و سیب یا شربت حماض نافع ہوتی ہے اور دموی میں فصد باسلیق داہنے ہاتھ کی کھلوائیں و شیرۂ کاسنی و خیارین و خرفہ و سکنجبین میں دیں اگر قبض ہو
نقوع تمر ہندی و آلو بخارا و خیار شنبر و ترنجبین شکر میں ملا کے اور دوسرے ملینات مناسبہ سے تلیین کریں پس تقویت کے لیے قرص زرشک و شربت لیموں وغیرہ
دیں اور غذا تلیین طبع کی صورت میں نئے ماش بھنے ہوئے چاول زرشک و سماق میں پکے ہوئے اور حالت قبض میں مزورات کہ تمر ہندی و زرشک و
مانند اُنکے پکائے گئے ہوں اور جہانتک ممکن ہو گوشت و طعام قابض سے اجتناب کریں اور ضرورت کے وقت گوشت مرغ با حلوان اصلاح کیا ہوا دیں
دوائی ضعف جگر بارد علامت جگر پر برودت کی یہ ہے کہ زبان اور ہونٹوں کی سفیدی قلت تشنگی ترہل بدن و فساد رنگ و تہبیج وجہ و بیاض قارورہ ہوتا ہے اگر مادہ
بلغم کیساتھ ہو غلظ قارورہ اور صباحت رنگ و سوی ملمس اور بلغمی بھی اسمیں آتی ہے اس قسم میں اکثر طبیعت نرم ہوتی ہے ترکیب طبیخ بادیان و عنب الثعلب و بادیان و نیلوفر و پرسیاوشان و نو ... ہمراہ
شیرۂ کشوث و گلقند عسلی دینا اور دبید الورد یا دواء الکرکم کھانا نفع بین کرتا ہے اور افسنتین و اذخر و سعد و قسط و سلیخہ و گلسرخ و زعفران معہ روغن سوسن یا
روغن ناردین ملا کے جگر پر ضماد کریں اور باردہ مادی میں منضج گرم سے مادہ کا نضج کر کے مسہل حار و حب ایارج معہ اضافہ ریوند خطائی یا شربت
دینار تنقیہ کریں پھر دواء المسک ماء الاصول معہ سکنجبین بزوری یا شربت بزوری کے دیں اور مطبوخ زوفا ہمراہ ایک مثقال دواء الکرکم کے
دینا تسخین و تقویت جگر کے واسطے مخصوص ہے اور چاہیے کہ استفراغ مادہ میں مبالغہ نہ کریں تاکہ زبول بدانجام نہ ہو اور جہاں اسہال مفرط ہو
حرف و تخم ریحان و صمغ عربی ہر ایک ایک درم بریاں کر کے گلاب میں بھگو کے دیں اور غذا شوربائے جوزہ مرغ و گنجشک و گوشت تیتر و بٹیر
گرم مصالحوں میں پکا ہوا اور جو استسقاء میں مسطور ہوا عمل میں لائیں دوائی ضعف جگر یابس علامت یبوست جگر خشکی دہان و زبان و تشنگی
و رقت بول و صلابت نبض و لاغری بدن و قلت براز ہے پس اگر مادہ سودا کیساتھ ہو ترس و اندوہ و فکر فاسد بھی پیدا ہوتی ہے ترکیب شیرخشت
و خیار خرما ماء الشعیر ہمراہ روغن بادام و لعاب اسبغول و شربت نیلوفر و شربت خشخاش یا شربت نیلوفر و عرق گاؤزبان دیں اور دیگر مرطبات
کام میں لائیں اور گل بنفشہ و نیلوفر ہر ایک دو تولہ کا جگر پر ضماد کریں اور قیروطی کا بھی ضماد کریں اور یبوست مادی میں بعد ترطیب
کے تنقیہ سودا کے واسطے مسہل سودا و حب افتیمون دیں اور ماء الجبن شیر خشت دیں اور برائے غذا مغز سر
حلوان و ماء الشعیر و کاہو و اسفاناخ دیں و کدو بکری کے گوشت میں اور تازہ مچھلی مفید ہوگی اور روغن کے بجائے روغن بادام ڈالیں
اگر صبح کو گیہوں کی بھوسی مصری اور روغن بادام کا حریرہ پئیں بہتر ہے لیکن چاہیے کہ ترطیب میں زیادتی نہ کریں تاکہ سوء القنیہ یا استسقا
نہ ہو جائے دوائی ضعف جگر رطوبت سے علامت اوسکی عدم تشنگی و تہبیج رو و چشم و رطوبت زبان و نرمی طبع و بسیاری خواب

کبندی حواس وسپیدی قارورہ وسوء ہضم ہوتی ہے ترکیب بادیان انیسون مصطگی اصل السوس تخم کرفس ہمراہ سکنجبین بزوری ودواءالکرکم دین
واطریفل کبیر ودیگر جوارشہاے گرم حسب حاجت کام مین لائین اور ریاضت کرین ماءالعسل پئین تقلیل غذا کرین پرندون کے گوشت گرم مصالحون
مین پکا کے تناول کرین اور چاہیے کہ تجفیف کی زیادتی نہ کرین تاکہ ذبول نہ ہوجاے دوائی ضعف جگر کیواسطے مفید ہے ترکیب انار دانہ ہمراہ
مویز منقی دہنہ کوٹ کے اور دارچینی سے خوشبودار کر کے کھلائین ایضًا براے ضعف جگر ادویہ جیدہ سے ہے ترکیب لک مغسول ریوند چینی
ہر ایک تین درم عصارۂ غافث بادیان تخم سرمق ہر ایک پانچدرم افسنتین رومی چھ درم تخم کاسنی دس درم تخم کشوث آٹھ درم تخم کرفس
چار درم کوٹ چھان کے سفوف یا گولیان بنائین دوائی سدہ جگر وماساریقا چونکہ سدہ کا پیدا ہونا جرم وعروق جگر مین اکثر بسبب اخلاط
غلیظہ لزجہ کے ہوتا ہے یا حرکت کے سبب سے غلیظ ولزج وشیرین کھانے کے بعد اور کبھی استحمام اور غذا کے بعد شراب پینے سے یا ناقص عرقون
کے پینے اور فاسد اشیاء کے کھانے سے مثل گل وگچ وانگشت سخت وقابض چیزون سے مثل امرود وزعرور اور مانند انکے اور فرق سدہ اور ورم
مین یہ ہے کہ سدہ مین ثقل بہت ہوتا ہے اور درد ورم مین اُس سے زیادہ وایضًا تپ لوازم ورم سے ہے اگرچہ ابتدائی ہو بخلاف سدہ کے کہ جبتک
مزمن نہ ہوے اور اوسمین بونہ پیدا ہوجاے تپ کا احداث نہین ہوتا علامت سدۂ جگر کی ثقل موضع جگر ہے بغیر درد وتپ کے وایضًا ہزال وقلت
تولد خون بدن مین زردی رنگ وضعف ہضم وسفیدی بول بھی اکثر ہوتی ہے ایسا بھی ہوتا ہے کہ عسر نفس ہوجاتا ہے جب اگر سدہ مقعر جگر مین ہو یہ اکثر
ہوتا بھی ہے اس صورت مین باوجود علامت مذکورہ کے براز رطب اور کثیر ہوتا ہے اگر سدہ محدب جگر مین ہو پیشاب تھوڑا اور رقیق ہوتا ہے
اور سدہ ماساریقا کی علامت یہ ہے کہ معدہ اور شکم مین جس جانب کہ محل مقعر جگر ہے تمدد غازا اور ثقل محسوس ہوتا ہے اور براز کیلوسی ہوتا ہے اگر اُسکے
افواہ ممتد ہوجاتے ہین تو ورنہ اخضر آتا ہے اور اثار سدۂ جگر آماس وضعف معدہ کوئی شکایت نہین ہوتی ضعف وناتوانی روز ہوتی ہے ترکیب
منضج حارہ نضج کے بعد مسہل وعمل حار سے تنقیہ کرین اگر حرارت وتشنگی ہو آب کاسنی سبز مروق ہمراہ شربت انار وسکنجبین کھائین اور ملطفات سے
مثل افسنتین وریوند کے آب کاسنی مین لیپ کرین اگر سدہ کے ساتھ اسہال ہو احتباس قوابضات سے استعمال نہ کرین بلکہ آب کاسنی سبز
ہمراہ زرشک رب بہ یا شربت بہی کے مناسب ہوگا اور سدۂ ماساریقا کا علاج بھی یہی ہوگا اگر سدہ محدب جگر کی طرف ہو اُسمین مدرات
تخم کرفس وانیسون وبادیان وبیخ کاسنی کے ہمراہ سکنجبین پئین اور قرص زرشک آب کاسنی سبز مروق وسکنجبین بزوری وشربت بزوری
مین پئین اور قرص ورد بھی مفید ہے دوائی سدۂ جگر وماساریقا مجربات انطاکی سے ترکیب مزاج حار مین آب کاسنی وسکنجبین نبیز زرباوند وعنب الثعلب
وخربزہ دین بارد مین چقندر خردل وسرکہ مین اسی طرح آب نخود وعسل وآب بادیان شکر مین دین وعود ودیسفوریدوس وصعتر وفوہ سے تنقیہ و
تفتیح کھانے مین اور پینے مین اور لگانے مین کرین اور مولدات سدد سے احتراز کرین دوائی قرشی نے براے سدۂ مقعر جگر وماساریقا ادویہ
جیدہ سے شمار کیا ہے ترکیب شربت دینار وسکنجبین سادہ ہمراہ ریوند چینی دین دوائی مفتح ومدر اور سدۂ محدب جگر مین معمول ہے ترکیب
شربت اصول وسکنجبین سادہ یا بزوری ہمراہ آب بادیان وقدرے لک مغسول دین اسیطرح شربت دینار وسکنجبین ہمراہ شیرہ تخم خیارین بھی

نافع ہے اگر مزاج مائل بحرارت ہو اسی طرح قرص انبرباریس تفتیح سدہ و تقویت جگر مین بہت مفید ہے اور مزاج بارد مین اوسکا نسخہ کبیر اور مزاج حار غیر مفرط مین اوسکا نسخہ صغیر دین ایضاً جب سدہ کے ساتھ اسہال ہو کام مین آتی ہے ترکیب اناردانہ زرشک زرورد آب کاسنی سبز مین بھگو کے دین اگر سدہ قوی ہو زرورد موقوف کردین دوائی نافع وجع کبد جاننا چاہیے کہ درد جگر شدید نہین ہوتا ہے مگر ورم حار یا ریح سے اور فرق ان دونون مین وجود تپ کا ورمی مین اور عدم وجود تپ ریحی مین نکالا جاسکتا ہے پس اگر درد جگر حرارت جگر سے ہوتا ہے علامت اُسکی وہ ہے کہ پہلے درد اُس موضع پر ساتھ التہاب و تشنگی و خشکی زبان و زردی رنگ و رنگینی قارورہ پیدا ہوتی ہے بعد اسکے جگر ذوبان مین شروع ہوتا ہے اور صفرا بدبو غلیظ براز مین نکلتا ہے اسکے بعد تے مراری و بطلان اشتہا و عطش شدید و تپ سخت عارض ہوتی ہے ترکیب پانی کے بدلے ماء الشعیر کی مداومت کرین جہانتک ممکن ہو اور آب تربوز ہمراہ شکر و لعاب اسبغول ہمراہ قند سفید و طباشیر ہمراہ آب سرد و ماء القرع و ماء الخیار و آب کاسنی و خرفہ و سکنجبین استعمال کرین اور جسجگہ تلیین طبیعت مطلوب ہو آب آلو بخارا و تمر ہندی مصری کے ساتھ دین اور ناشتہ پر ٹھنڈا پانی پینا سود مند ہے اور جو کچھ ضعف جگر حار مین بیان کیا ہے عمل مین لائین دوائی درد جگر برودت جگر سے علامت اُسکی خفیف درد جگر مین پیدا ہونا اور تھوڑے دنون کے بعد اسہال ہوجانا اور تپ لازم ہوتی ہے ایضاً چہرہ کا تہیج و اجفان و ورم اطراف اور لبون کی سپیدی ترکیب براے تنقیہ رات کو سوتے وقت حب غاریقون بگرم پانی مین دین اور صبحکو مطبوخ پلائین بعد ازان ماء الاصول و روغن بادام شیرین و تلخ چند روز دے کے جگر کو قرص ریوند و قرص افسنتین و دواء الکرکم سے تقویت دین اور تمام دوسری تدبیرین ضعف جگر بارد سے استنباط کرین دوائی درد جگر ریح غلیظ سے اور یہ اسطرح ہوتا ہے کہ اجزاے جگر یا زیر غشاے جگر یا دونون بخارات غذائی مین مجتمع ہوجاتا ہے اور اپنی مقدار کی کثرت سے یا سدہ ہونے کے سبب سے جگر مین محتبس ہوجاتا ہے پھر مستحیل ہوکے ریاح نافخہ کی صورت اختیار کرلیتا ہے اور درد پیدا کردیتا ہے اسکو نفخہ کبد کہتے ہین اسکا سبب ضعف قوت ہاضمہ جگر ہوتی ہے یا غلظ ماکول علامت اسکی وجود درد ممددی زیر اضلاع راست لیکن ثقل بہت ہوتا ہے معہ عدم تپ و زیادتی نفخ کے بعد ہضم غذا اور اس صورت مین اُس جگہ پر ہاتھ رکھکے دبانے سے قراقر ہوتا ہے ترکیب شیرۂ انیسون شیرۂ تخم کشوث شیرۂ بادیان شیرۂ زیرہ سیاہ گلقند مین ملاکے دین جوارش کمونی و دواء الکرکم عرق اجوائن کے ساتھ کھائین اور دواء اللک و دواء المسک و شربت دینار بہت مفید ہے اور دوسرے مسخنات قویہ و مفتحہ اور تمام اشربہ و اضمدہ محللہ ملطفہ کہ نفخ معدہ وغیرہ کے واسطے مذکور ہوے کام مین لائین اور ٹھنڈا پانی کم پینا بہتر ہوگا بلکہ اُسکے عوض مین عرق بادیان و گلاب پئین اور غذائین قلیے پر مصالح و کباب وغیرہ وہ چیزین جو کہ مجفف رطوبت و محلل ریاح ہون نافع ترین اسطرح واجب ہے کہ جانب مشارکت کی رعایت رکھین مثلاً درد اگر امعاء کی طرف مائل ہو پہلے مسہل دین بعدہ محلل کام مین لائین اور اگر درد حجاب شراسیف کیطرف متوجہ ہو یا خلف تختین مرات کیطرف پھر محللات دین اور مراعات مزاج ہر حال مین لازم ہے دوائی درد جگر ٹھنڈا پانی پینے سے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ نہار منہ یا بعد ریاضت اور تھکن کے اور سوکے اوٹھنے پر یا حمام سے نکل کے فوراً بہت ٹھنڈا

پانی پی لیا جاتا ہے پس وہ پانی فوراً جگر کیطرف جاتا ہے اور قبل اسکے کہ حرارت معدہ سے گرم ہو درد پیدا کر دیتا ہے اسکو شرقہ کہتے ہین ترکیب تکمید
کافی ہے اوسیوقت کپڑے کو گرم پانی سے تر کرکے جگر پر رکھین اور سنبل الطیب و مصطگی کا لیپ کرین گرم پانی کا جگر پر تریڑا دین اور سفوف نافع
شرقہ مفید ہوگا یہ مرض سریع الزوال ہے اگر جلد تدارک کیا جاے اگر تدبیر مین غلطی ہوگی تو استسقاء یا ورم جگر ہوجاے گا اگر درد جگر بسبب ضعف
جگر یا سدہ جگر کے ہو یا ورم یا شق یا حصات یا ریاح متولد جگر مین ہو علاج ہر ایک کا جداگانہ مذکور ہے دوائی جمیع اورام جگر کے واسطے بطریق
قانون علاج کلی ہے ترکیب اکثر وہ ورم حار ہوتا ہے دموی ہو خواہ صفراوی اور ان دونون کا فرق آثار مخصوصہ کے غلبہ سے پوشیدہ نہین ہے ورم جگر
مخوف ہوتا ہے اور صلب اوسکا عسر العلاج ورم جگر مین بے توجہی نہ کرین کہ طبیعت منقبض ہوجاے اور افراط اسہال بھی مہلک ہے اور چاہیے کہ
ادویہ رادعہ کہ جگر پر استعمال کرین یا ادویہ ملطفہ مفتحہ شریک ہون تاکہ مادہ کو متحجر نہ ہونے دین اسیطرح ادویہ محللہ اگر استعمال کرین ادویہ قابضہ عطریہ
سے خالی نہون تاکہ عضو کی قوت نہ تحلیل ہوجاے چاہیے کہ تبرید جگر مین مبالغہ نہ کیا جاے کیونکہ منجر باستسقاء ہوجاتا ہے نہ تسخین جگر کرین کہ منجر بہ ذبول
ہوجاے اور یہ قوانین اضمدہ واشربہ مین ملحوظ رکھین اور ورم مقعری مین اسہال مناسب ہے لیکن مسہل قوی نہ دین اور ادرار سے ہاتھ روکین ورم محدبی
مین ادرار کی کوشش کرین مسہلون سے ہاتھ روکین لیکن قبض طبیعت بھی جائز نہ رکھین اور جس جگہ ورم محدب ومقعر دونون مین شامل ہو اور
دونون کی علامتین پیدا ہون مشکل پڑ جاتی ہے اور بطیخات وسقمونیا اورام جگر مین نہ استعمال کرنی چاہئین اور جالینوس کہتا ہے کہ جب تک ورم جگر
بڑھتا ہو اسہال وادرار دونون سے حذر کرنا چاہیے کسی طرح مادہ کو حرکت نہ دینا چاہیے جب مادہ مین نضج پیدا ہوجاے اور انتہا کا زمانہ قریب ہے
اسوقت تلین طبیعت ورم مقعر مین فلوس خیار شنبر وریوند چینی اور مثل ان کے چیزون سے کرین اور محدب مین ادرار کی ضرورت ہوتی ہے دونون قسمون
مین قبض طبیعت نہ رہنا چاہیے شیخ الرئیس فرماتے ہین کبھی مودی ہوتے ہین جمیع اصناف اورام کبھو استسقاء وکبھی بول کیطرف مستحیل ہوجاتے ہین
وایضاً کہا جاتا ہے کہ ورم کبد مین جب اسہال مقارن ہوجاتا ہے مہلک ہے اور طحال کیطرف ورم کبد کا منتقل ہونا بہتر ہے اسکے خلاف نہین دوائی
ورم حار جگر علامت اسکی تپ گرم وتشنگی وسوزش ودرد جگر وثقل اسکا اور سقوط اشتہا ہوتا ہے اور داہنی بائین پہلو پر سونے کی قدرت نہین ہوتی
پس اگر ورم مقعر جگر مین ہوتا ہے علامت اسکی علامات مذکورہ فواق وقے وقبض طبیعت وغشی وبرد اطراف ہوتی ہین اور اگر محدب جگر مین
ہوتا ہے علامت اوسکی سعال وضیق النفس ورقت واحتباس بول جانب راست زیر ضلع آخرین وقت لمس درد ورم ہلالی مستدیر معلوم ہوتا ہے
بخلاف ورم عضلات کے کہ وہ مثل دم موش کے ایک طرف سے غلیظ اور دوسری طرف سے دقیق ہوتا ہے اور اگر ورم عام مقعر ومحدب مین
ہون دونون کے آثار پاتے ہین اور مہلک ہوتا ہے اور بحران مقعری مین قے یا پسینہ یا اسہال آتا ہے اور بحران محدبی مین قے یا پسینہ یا رعاف
یا بول ہوتا ہے ترکیب بعد فصد باسلیق یا ہفت اندام داہنے ہاتھ کی کھلوائین جیسا کہ ورم حار معدہ مین مذکور ہوا عمل مین لائین اگر ورم
محدب جگر مین ہو اس صورت مین فصد کے بعد ادویہ مدرہ مانند شیرۂ تخم خرپزہ وبادیان وتخم خیارین وتخم کاسنی وتخم کشوث ہمراہ شربت بزوری
پٹین اور قرص زرشک وقرص ورد بھی مفید ہے اور آب انارین ہمراہ سکنجبین براے ورم جگر بہت سود مند ہوتا ہے اور ضماد جو کہ براے

ورم جگر ضمادات مین آئیگا کام مین لائین ذوائی ورم بارد جگر جسوقت مادۂ بلغمی جگر مین تجمع ہو اور ورم کا سبب ہوجائے علامت اوسکی چہرے کی سفیدی اور سفیدی زبان وترہل وجہ وقلت تشنگی وسپیدی براز وعدم شدت درد وتپ وانتشرت ثقل ہوتی ہے اور احساس ورم نرم موضع کبد ورم محدبی کی دلیل ہوتا ہے اور دوسرے علامات مخصوصہ ورم محدبی ومقعری ورم حار مین بیان ہوچکے ترکیب تخم کاسنی تخم خطمی پرسیاوشان ہر ایک سات ماشہ بادیان چار ماشہ تخم کرفس تین ماشہ مصطگی دو ماشہ جوش کرکے چھان کے گلقند کہنہ وسکنجبین عسلی ہر ایک دو تولہ مل کے دین اور دوسرے ملطفات ومنضجات ومحللات پینے اور لگانے کے عمل مین لائین مع ادویہ قابضہ عطریہ کے تاکہ حفظ قوت کرتی رہین لیکن ابتدا مین قوابض کو قوت دینا چاہیے اور اخلاط مین محللات کو اور اشربہ واضمدہ مین بالچھڑ فوہ لک اسارون زعفران اور مانند ان کے کہ مفتح ومقوی جگر ہون داخل کرین اور روغنہاے گرم مثل روغن یاسمین ودبیدانجیر کے مالش کرین اور ضمادات منضجہ عمل مین لائین بالجملہ ورم مقعری مین تنقیہ مادۂ اسہال سے کرین اور محدبی مین ادرار سے کام لین جیسا کہ دواے سدۂ جگر مین مذکور ہوا اور بعد اسہال کے یا ادرار کے براے تعدیل وتسخین جگر اقراص ومعاجین حارہ مثل قرص افسنتین وقرص ریوند وقرص لک ودبید الورد ودوا الکرکم وغیرہ ہمراہ سکنجبین وآب عنب الثعلب سبز مروق وآب بادیان سبز مروق وگلقند ومانند ان کے دین اور دوسری دوائین حسب حاجت جو کچھ کہ استسقا مین بیان کی گئی ہین کام مین لائین اور کبھی کبھی شربت عود وجوارش شکر دیتے رہین غذا مین نخود اور سیاہ ماش ہمراہ شیرہ بادام شیرین دین اور تنقیہ کے بعد شوربا ے جوزۂ مرغ وبٹیر وتیتر گرم مصالحون مین پکے ہوئے اختیار کرین اور تمام فواکہ اور دودھ ہون اور گولیون سے احتراز فرمائین مگر ہو تو شیرین وانجیر ولبستہ کل اس بارہ مین عجب منفعت ہے ذوائی ورم صلب جگر کے واسطے نافع ہے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مادہ ورم حار یا بارد تنضیج وتحلیل کو قبول نہین کرتا اور بسبب ردائت تدبیر متحجر وسخت ہوجاتا ہے اور کبھی ہوتا ہے کہ درمیان مجراے جگر وسپرز سدہ پڑ جاتا ہے اور سودا کبد سے طحال کیطرف منجذب نہین ہوتا اور جگر مین مجتمع ہوکے ورم صلب پیدا کردیتا ہے اگر حرارت مزاج علاوہ اسکے ہوتی ہے تو تحجر وصلابت مین زیادتی ہوجاتی ہے اور کبھی بسبب ضربہ وصدمہ کے کہ جگر کو پہونچتا ہے ورم پیدا ہوجاتا ہے اور سخت ہوجاتا ہے اور دوائی ضربہ جگر علیحدہ بیان ہوگی بالجملہ علامت ورم صلب جگر کی ظہور صلابت موضع جگر مین بدون درد کے اور تپ کے وایضاً قلت اشتہا ولاغری بدن وفساد رنگ وچہرہ ہوتی ہے ترکیب قرص زرشک مطبوخ گاوزبان وبادیان وغافث کے ہمراہ دین یا دوا الکرکم یا مطبوخ اکلیل استعمال کرین اور جہان حرارت نہو مطبوخ زوفا عجیب النفع ہے اور اضمدۂ ملینہ عمل مین لائین بعد اسکے کہ صلابت نرم ہوا اور مادہ مین تنضیج پیدا ہو مسہلات ومدرات سودا سے اخراج مادہ کرین اُس طریقہ سے کہ جسطرح دوائی مالیخولیاے بلغمی وسوداوی مین گذرا اگر مناسب ہو فصد کھلوائین کہ سریع النفع ہے اور کھولنا رگ اُسیلم دست راست کا نافع ہوتا ہے تنقیہ کے بعد قرص زرشک کبیر وقرص مقل ودوا الکرکم وتریاق اربعہ مفید ہوتے ہین اور آب کاسنی سبز مروق وآب عنب الثعلب سبز مروق وآب بادیان سبز مروق گلقند کے ساتھ نافع ہے لیکن رعایت حرارت وبرودت مزاج طبیب دانا پر واجب ہے خواہ دوا ہو خواہ غذا اور اُس جگہ کہ مزاج مین حرارت نہ ہو اوفتنی کا دودھ مصری یا گلقند ملا کے دینا فائدہ تمام رکھتا ہے اور جو ورم بارد صلب مین ذکر کیا گیا حسب حاجت عمل مین لائین علاج مین تمل دوا

نہ رکھین کہ اگر صلابت کو استحکام ہوجائیگا اور مزمن ہوجائیگا تو ناقابل علاج ہوگی دوائی ورم جگر ضربہ و صدمہ سے علامت اسکی تقدم سبب ہے اور ایسا بھی
ہوتا ہے کہ قے یا اسہال مین خون آنا شروع ہوجاے ترکیب فصد باسلیق کھلوائین اور گل ارمنی ایکدرم پیس کے ہمراہ لعاب اسبغول دین سفوف ریوند خطائی
و گل ارمنی و حب الآس ہر ایک نصف درم بھی اس باب مین مجرب ہے اور سفوف شب بدستور و نخود مقشر لک مغسول ہر ایک تین درم ریوند دو درم
مرکی ڈھائی درم گل ارمنی ایکدرم مومیائی اصیل زعفران ہر ایک نیم درم پیس کے روغن بنفشہ یا کسی دوسرے روغن مین مثل روغن گل روغن بابونہ کے
ملاکے لیپ کرین اور جب کچھ دن گذر جائین اور حرارت والتہاب زائل ہوجاے ریوند چینی دارچینی وفوہ ہر ایک ایکدرم تین روز تک شراب انگوری کے
ساتھ دین دوائی دبیلہ کبد جبکہ ورم جگر تحلیل نہین ہوتا ہے اور اوسکا مادہ جمع ہوجاتا ہے اور پیپ پڑنے لگتی ہے اوسکا دبیلہ نام ہے اور یہ اکثر بعد ورم
گرم کے ہوتا ہے چنانچہ صلابت جگر بیشتر بعد ورم بارد کے پیدا ہوتا ہے علامت اسکی یہ ہے کہ تپ و درد جمیع اعراض مین مانند تشنگی و سقوط اشتہا و سرخی
چہرہ و اضطراب و حرقت و نخس کبد شدید و افزون ہوجاتی ہے اور پیشاب قطرہ قطرہ آتا ہے اور سونا پیٹھ اور پہلو کے بھل دشوار ہوجاتا ہے ترکیب تدبیر
اسکی انضاج و تنفیجر ورم ہی بدستور یکہ ورم معدہ مین مذکور ہوا ایضاً ماء الشعیر شہد مین دین اور مطبوخ حلبہ و انجیر پلائین اور دوسرے مطبوخات و
ضمادات منضجہ کام مین لائین اور جب پختگی تمام ہوجاے اور پیپ دینے لگے اور ورم نرم ہوجاے اور کُل ان اعراض مین سکون ہوجاے اور اضمدہ منفجرہ
استعمال کرین اور بیمار کو پہلو پر سلائین اور ریاضت کرین اور ایک ساعت کے لیے حمام مین جائین جسوقت ورم کا منھ پیدا ہوا اور کبھی مریض کو سخت لرزہ
آتا ہے اور کبد مین سبکی پیدا ہوتی ہے اور پیپ بول و براز یا قے مین آتی ہے اور ممکن ہے کہ بول و براز مین بالکل پیپ نہ آئے اور فضاے شکم مین یا اُس جگہ جہان کہ
استسقی کا پانی جمع ہوتا ہے مجتمع ہوجاے پس جبکہ ورم نواحی ہو اور مثانہ کھلے اور ریم بول مین آنے لگے اگر حرارت و تپ نہ ہو طبیخ حاشا و پودینہ و زوفا
و بیخ کرفس و بادیان دو دو تولہ شہد کے ساتھ دین اگر تپ و حرارت ہو گرم چیزون سے ہاتھ اُٹھائین اور مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین و مغز تخم کدو ہر ایک
پانچدرم نشاستہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک تین درم رب السوس دو درم سبکو باریک کوٹکے تین درم اُسمین سے علی الصباح ہمراہ شربت بنفشہ و جلاب ہمراہ
شربت خشخاش اور مثل انکے رات کو دین اور مزورہ اسفاناخ و قطف و خبازی کیساتھ ہمراہ روغن بادام غذا کرین اور جسوقت میل مثانہ اور گردہ
کیطرف آنے لگے اور پیشاب مین آنا چاہے ماء العسل یا جلاب تھوڑے سے نشاستہ و روغن گل مین دینا چاہیے بعد ازان قرص خشخاش ہمراہ شربت عناب و
شربت نیلوفر دین اور بعد تنقیہ و صفائی مدہ مصطگی سہند یا گل مختوم کندر دم الاخوین گل سرخ طباشیر کوٹ چھان کے ماء العسل یا جلاب مین دینا بھی مفید ہے
غذا سبوس گندم و نشاستہ شہد کے ساتھ جس جگہ مادہ نواحی امعاء کیطرف میل کرے اور ریم براز کے ساتھ آئے تعدیل طبیعت پر نظر رکھتے ہوے تلیین و
تجفیف سے احتراز کرین اور قرص گل دو دام دین اسکے بعد عناب بیس دانہ انجیر سفید پانچدانہ پر سیاوشان ایکدرم گل بنفشہ گل نیلوفر خشخاش سفید
ہر ایک دو درم جوش اور صاف کرکے شکر ملاکے دین زردی بیضہ نیمبرشت و حسو نشاستہ و گندم اور دودھ جسکی مائیت دور کردی ہو بغیر شکر کے غذا کرین
اور جگر کو قوابض سے مانند صندل و بارتنگ و مصطگی و ریوند چینی و لک مغسول ملاکے ضماد کیا کرین تاکہ مریض اختلال قوت سے ہلاک نہ ہوجاے وایضاً براے
حفظ قوت اشیاء خوشبودار و قبض مثل عود و زعفران اور مانند انکے موافق شربتون طلاؤن اور تیلون کے استعمال کرین اور جبکہ معدہ درمیان صفاق و امعاء

جمع ہو اور بول وبراز مین نہ نکلتا ہو اُسکا تدارک دشوار ہوتا ہے اگر ممکن ہوں ران کے قریب شگاف دین اور اُس جگہہ سے ریم کو نکال لین اور علاج استسقا مین مشغول ہوں دوائی بثور جگر اگر سطح جگر پر بثرات حادث ہوں علامت اُسکی ہمیشہ سوزش جگر ہے معہ دیگر علامتوں کے جو ضعف جگر حار مین گذرین اور کبھی کبھی تشعریرہ ونافض بھی ہوجاتا ہے ترکیب جو ضعف جگر حار مادی مین فصد ومسہل وادرار اور تبرید وتضمید وغیرہ کے بابت مذکور ہوا حسب حاجت عمل مین لائین دوائی نافع نفخۂ جگر ترکیب جو کچھ نفخ معدہ مین ذکر ہوا ہے عمل مین لائین اور تمام ضمدہ واشربہ محللہ مفید ہوں گے اور شراب صرف نیم گرم نہار منہ پینا نافع ہے دوائی براے حصاۃ کبد نافع ہے علامت اسکی یہ ہے کہ مریض ہمیشہ قے کرتا ہے اور درد ونخس جگر مین معلوم ہوتا ہے بغیر ورم وصلابت جگر کے جسوقت فصد کھلوائی جاتی ہے خون کے نیچے ریگ محسوس ہوتی ہے ترکیب ادویہ مفتت حصاۃ کلیہ ومثانہ مدرات کے ہمراہ کھائین نیز فصد باسلیق یا ابطی کھلوائین اور مرغ کا شوربہ کھلاکے قے کرائین اور مطبوخ مفتت سنگ گردہ ومثانہ کہ مطبوخات مین آئیگا بھی مفید ہے دوائی خفقۂ کبد یعنے جگر کا تڑپنا اسکا سبب وقوع سدہ ہوتا ہے جگر کی بڑی رگ مین شعبہاے باب یا شعب اجوف سے اور یہ ہوتا ہے کہ مریض وجع تمددی کا موضع کبد مین احساس کرتا ہے ترکیب تفتیح سدہ کرین سکنجبین بزوری سے اور مثل اسکے اُن دواؤن سے جو دوائی سدہ کبد مین مفصل مذکور ہین اور فصد اسلیم داہنے ہاتھ کی بھی مفید ہے دوائی تصغر کبد جس شخص کا خلقی طور پر جگر چھوٹا ہو اُسکی پہچان یہ ہے کہ اکثر جگر مین سدہ والم وتمدد وثقل پیدا ہوتا ہے گو کہ غذا معتدل المقدار کھائی گئی ہو وایضاً خلقی مین مریض کی اونگلیان چھوٹی ہوتی ہین اور رگین باریک ترکیب اغذیہ قلیل الحجم وکثیر الغذا وسریع النفوذ مثل زردی بیضۂ نیمبرشت وگوشت جوزہ مرغ وحلوان وطیہو وتیتر اور مانند انکے دین تھوڑی تھوڑی کرکے کئی مرتبہ اور کبھی کبھی حفظ صحت کے لیے ادویہ ملطفہ ومحلل ومنقی جگر مثل شربت بزوری وماء الاصول وایارج فیقرا وغیرہ کہ ضعف جگر و سدہ جگر مین مفصل بیان ہوئین کام مین لائین دوائی نافع سوء القنیہ اور یہ مقدمہ استسقا ہوتا ہے سبب اسکا ضعف جگر وسوء مزاج جگر ہے اور فساد معدہ وضعف معدہ سے بھی ہوتا ہے علامت اسکی تہبیج وجہ وپلک واطراف ہوتی ہے اور فساد رنگ چہرہ بغیر زردی وسفیدی ونفخ وقراقر شکم واختلاف اجابت کے ہوتا ہے گاہے طبیعت مین قبض ہوتا ہے کبھی نہین اور کبھی غذا کے بعد ہی براز کا تقاضا ہوتا ہے کبھی دیر مین کبھی براز خشک ہوتا ہے کبھی تر ایسا بھی ہوتا ہے کہ لثہ پر چھالے پڑجائین اور ہونٹھ پھٹ جائین اور دوسرے آثار ضعف جگر پیدا ہوجاتے ہین ترکیب سبکتر دواؤن سے کہ استسقا مین آئینگی اُنسے علاج کرین اور اکل وشرب مین تقلیل کرین پانی کے عوض عرق عنب الثعلب پر قناعت کرین تقویت معدہ وجگر فرمائین مثلاً شربت افسنتین وشربت دینار وحب ریوند مفید ہے بدن کا تنقیہ ایارج فیقرا سے سودمند ہے اور مسہل مین ادویہ خوشبو مثل عود ومصطگی وبالچھڑ کے داخل کرین خصوصاً اُس جگہہ کہ معدہ مین بھی ضعف ہو اور تنقیہ کے بعد مفتحات ومدرات دین اور حکیم علی نے اپنے رسالۂ مجربات مین لکھا ہے کہ قرص زرشک وشربت زرشک تہبیج اطراف مین کہ ہمر ضعف سے ہوتا ہے بہت بڑا فائدہ دیتی ہے ہر روز ایک مثقال قرص زرشک تین مثقال شربت زرشک وعرق کاسنی پئین اسیطرح عرق چوب چینی کہ اوسکا نسخہ عرقیات مین آئیگا مفید ہے دوائی استسقا یہ ایک مرض ہوتا ہے مادی مخوف عسر البرء سبب اسکا مادۂ باردۂ غریبہ ہوتا ہے کہ اعضاے ظاہری یا باطنی کے خلل مین مستقر ہوجاتا ہے اور اسکی تین قسمین ہین لحمی وزقی وطبلی ہر ایک علیحدہ علیحدہ بیان کیجاتی ہے اب جاننا چاہیے کہ علامات مشترکہ جمیع اقسام استسقا فساد لون ہے اور تہبیج رجلین وعلتین وقلت اشتہا وکمی بول ورنگینی بول اکثر پائی جاتی ہے ترکیب علاج کلی استسقا کا وہ ہے کہ جب سوء حال کبد محسوس ہو اوسکا

فساد مزاج معلوم ہوجاتا ہے طعام و شراب کی زیادتی سے روکنا چاہیے اور اغذیہ غلیظہ لزجہ و اطعمۂ باردہ رطبہ و حرکت و ریاضت بعد غذا سے منع کرین
امتلاء سے اجتناب کرین اور جہانتک ممکن ہو بھوک پیاس کو روکین اور اطعمۂ مجففہ مسخنہ سریع الانہضام مثل شوربائے مرغ و تیتر و بٹیر و کنجشک و کبک ہمراہ
نخود و دارچینی و شبت و خولنجان و زیرہ مین پکوا کے بعد ریاضت یا حمام کے گھنٹہ بھر بعد تناول کرائین اگر ممکن ہو روٹی کھانا چھوڑ دین اور جنس حبوب بضرورت
برنج مجوز ہے اور جو کہ ضعیف القوت نہ ہو روٹی کھانے کی معتاد ہونی چاہیے اگر نان خشک فقط یا معہ کباب غذا کرین بہتر ہوگا اور پانی لوہے یا چاندی یا سونے
سے بجھا ہوا پلائین یا برادۂ چوب گز و خشت آہن آب باران مین ملا کے دین اور مقدار پانیکی دن بھر مین غذا سے تگنی سے زیادہ ہونا چاہیے اور غذا کی مقدار صحت سے
چھٹا حصہ اور اگر پانی کے بدلے صرف عرق بادیان و عنب الثعلب و عرق کاسنی و عرق گاؤزبان و عرق بادرنگ و عرق ساذج ہندی وغیرہ استعمال کرین
انسب ہوگا اور بعد ہضم غذا اور غلبۂ عطش کیوقت کوزہ تنگ سے معہ شورہ کے جرعہ جرعہ پئین و آب خالص و آب سرد و حموضات و اشیاے رطب سے بالکل
احتراز کرین کہ انکا دیکھنا بھی ایسے مریض کیواسطے نقصان کا سبب ہوتا ہے و ایضاً کل تر فواکہ سے اجتناب کرین مگر انار کہ بالخاصیت مفید ہے اور واجب
ہوتی ہے معدہ کی تقویت و اصلاح کبد و عضو مشارک و مبالغہ تخفیف جوع و عطش کیلیے و ریاضات محللہ اور سوار ہونا کشتی مین و دھوپ مین
بیٹھنا گرم ریت مین لوٹنا اور اپنے آپ کو سوائے گردن کے ریت مین دفن کر دینا اور پہاڑونکی طرف صاحب استسقاء کا سفر کرنا بہت نافع ہے و ایضاً کوب
برفق اور چلنا زمین نرم ریتیلی پر اور منتقل کرنا بیمار کو ایسے شہر مین کہ جہانکی ہوا بہ نسبت وطن کے گرم ہو مفید ہے اور حرکت و ریاضت اسقدر نہ ہونا چاہیے کہ باعث
ضعف قوت و تحلل حرارت غریزی ہو اور جہان استسقاء مع الحرارت ہوتا ہے ازالہ حرارت کرین شیرہ خیارین شیرۂ کاسنی شیرۂ خربزہ و شیرۂ زیرہ سے
اور جب استسقاء مین حرارت ہو اسیوقت دیدین و عصارۂ انبرباریس و راوند ہمراہ سکنجبین و آب انار حرارت کیصورت مین مفید ہے بعد رفع حرارت علاج
استسقاء مین مصروف ہون کہ اسہال و ادرار و اندفان رمل و تضمید مجففات مثل لبر باغر و زبل حمام و کبریت بھی ہے اور جو چیز بہت گرم ہو اُس سے احتراز لازم ہے
اگر حرارت نہ ہو شیر و بول شتر دینا بہترین چیز ہے اور شہد آب شبی و کبریتی اور دوسرے چشمہاے گرم کا ریاضت کے بعد مفید پڑتا ہے اور حمام رطب آب شیرین سے مضر
ہے اور حمام خشک نافع ہے اور استسقاء مین قبض شکم افراط اسہال سے بہتر ہوتا ہے اعتدال بین اللین و القبض مناسب خیال کرین آب کاسنی یا سکنجبین
لیمون ہے و شربت حب الآس ہمراہ لک و طباشیر قابض ہے اور فصد شدید الضرورت و مدرات غیر معطش جید ہوتے ہین اور سرکہ قاطع عطش ہے اگر اخراج
اخلاط کی ضرورت پڑے چاہیے کہ اُسکے واسطے مکرر استفراغ کرین نہ دفعۃً کہ ضعف معدہ و ضعف کبد کا سبب ہوجاے اور واجب ہے کہ مسہلات مین مفرح
جگر دوائین نہ ہون اگر اونکے استعمال کرنے مین اضطرار ہو اصلاح کر کے بدفعات عمل مین لائین کیونکہ انکا دفعۃً استعمال قاتل ہوتا ہے اور کم سے کم اونکا نقصان
ضعف کبد ہے اور صبر زرد تنہا جگر کے واسطے بہت مضر ہے بس چاہیے کہ اُسکو کبد سے دور رکھین اگر ضرورت پڑے تو اوسکے مصلح سمیت کام مین لائین اگر ممکن ہو
بعد مسہلات کے خصوصاً مثل فرفیون و مازریون و اشق کے ایک شبانہ روز فاقہ کرین و ایضاً دوائی مقوی جگر کہ کسیقدر قبض ہو مثل قرص انبرباریس کے دین
اور مصلحات مزاج مثل تریاق و دواء الکرکم و معجون فنجنوش و فستقی بارد مین اور آب کاسنی حار مین استعمال کرین اور سب سے بہتر یہ ہے کہ مسہلون کے درمیان
مین مفتحات سدد پئین اور جو دوا استسقاء مین دین چاہیے کہ اُسکے کھول کرنے مین مبالغہ سے کام لین تاکہ اُسکی قوت جگر تک جلد پہونچے اور ہر استسقاء

کی مشارکت سے ہوتا ہے جیسا کہ ضعف سپرز و سردی ریہ یا ماساریقا یا گردہ یا معدہ و یا رحم بسبب اختناق یا احتباس خون حیض یا کثرت خون بدن کہ خون بواسیر بھی جم جاتے یا زیادہ خون نکلنے یا تعفن و ہیجان باد و دہشت یا مشارکت حجاب یا بوجہ سوء مزاج حار جمیع بدن جس طرح کہ تپہائے تیز و دراز میں ہوتا ہے اس صورت میں طبیب کو واجب ہے کہ باوجود معالجہ استسقاء اوسکے ازالہ کی بھی کوشش کرے جیسا کہ ہر ایک کے مقام پر مذکور ہے اور جب استسقاء میں دوا فائدہ نہ کرے داغ دین پانچ مقامات پر ایک نم معدہ پر دوسرا جگر پر تیسرا سپرز پر چوتھا قعر معدہ پر پانچوان بالائے ناف اگر مریض قوی ہو یکبارگی دین ورنہ متفرق طور پر الشافی هو الله الشافی اور جب کہ سوء تنفس و اسہال استسقاء میں ہو ردی ہے اسیطرح بلا نزلہ اور زکام و قروح بدن مستسقی عسر البرء ہے حمرت بول خطرناک ہوتی ہے حمی بھی ردی ہوتا ہے اور استسقاء بعد مرض حاد کے برا ہوتا ہے اسی طرح معہ حرارت ؛ جبس اور لطا کی کہتا ہے کہ اس بات پر اجماع واقع ہوا ہے کہ زردی بدترین انواع استسقاء ہے اور اگرچہ نوع اسلم ہے جو کہ حرارت سے ہوتا ہے اور علامات اسکی لزوم و عطش و نبض موجی ؛ بدبوئی بول کف قارورہ و شربت آب بہت ہے دوائی ہر قسم استسقاء میں معمول ہے ترکیب معجون دبید الورد و یا دوا الکرکم ہمراہ شیرہ عنب الثعلب و شیرہ تخم کشوث شربت دینار یا گلقند یا شربت بزوری ملا کے دین اور شیر خشت مصری یا شربت بزوری یا شربت دینار میں بہت مفید پڑتا ہے اور کبھی مذکورہ معجون میں اونٹنی کے دودھ کیساتھ دی جاتی ہیں اور سفوف معمول شیر خشت میں دیتے ہیں اور سفوفات میں انکا تقلیل غذا اور ترک ہے واجب ہے غذا کے عوض آب نخودی یا تھوڑی سی مونگ کی کھچڑی پر اکتفا کرین اور پانی کی جگہ پر آب عنب الثعلب تھوڑا تھوڑا نوش کرین اور عنب الثعلب خشک و مغز فلوس و سنبل الطیب کا آب عنب الثعلب سبز میں لیپ کرین اور دوسرے ضمادات ؛ مریض کیلئے نافع کام میں لائین اگر حرارت کیساتھ ہو قرص زرشک کلکلانج بارد ہمراہ آب کاسنی سبز مروق آب عنب الثعلب سبز مروق و شربت بزوری یا سکنجبین بزوری بارد میں دین اگر استسقاء میں اسہال بھی ہو آب بارتنگ سبز مروق یا شیرہ تخم بارتنگ و شیرہ تخم مویز معہ آب بہ شیرین دین اگر ان کو مین تنقیہ کی ضرورت پڑے منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین بعد ازان تدبیر مذکور انجام دین اور استسقاء طبلی میں کہ حرارت کے ساتھ ہوتا ہے اور زقی میں کہ مادہ حار ہوتا ہے قلیل الحرارت دواؤن سے تنقیہ کرین بعد اسکے دوائی قرص زرشک وغیرہ کہ بیان ہوئین استعمال کرین تبرید جگر طبلی میں مفید ہوتی ہے اور جدوار و آب عنب الثعلب میں گھس کے طلا کرنا جمیع استسقاؤن میں نافع ہے اور ریاضت محللہ دھوپ میں بیٹھنا سوائے سر کے ریت میں اپنے آپ کو دفن کر دینا بہت مفید ہے استسقاء میں قبض شکم اسہال سے بہتر ہوتا ہے ایضاً تینون اقسام استسقاء کے واسطے نہایت نافع ہے ترکیب برگ درخت کسونڈی ڈیڑھ تولہ فلفل سیاہ اکیس دانہ عرق بادیان میں شیرہ نکال کے صاف کرکے پئین اکثر ایک ہفتہ کے استعمال میں اس دوا سے مستسقی کو صحت ہو جاتی ہے اور اشتہا جیسی چاہیے پیدا ہو جاتی ہے مگر مخدرات سے پرہیز ضروری ہے اور کبھی مذکورہ پتی کے بدلے گلگروندہ کی پتی دیجاتی ہے اور آب مروق گلگروندہ دوسری مناسب دواؤن کیساتھ بھی معمول ہے دوائی برائے صلابت جگر و استسقاء ترکیب معجون دبید الورد چھ ماشہ شیر خشت پانچ درم شہد خالص ایک تولہ ملا کے دین دوائی استسقاء و ورم بدن اس صورت میں کہ مریض قوی ہو اور مزاج میں حرارت نہ ہو معمول ہے ترکیب نسوت نو ماشہ خوب باریک پیس کے تھوڑے کا دودھ سہ دھارہ یا دو دھارہ خمیر کر کے تین گولیان بنائین اور ایک گولی کھائین غذا چاول بے نمک گھی کے ساتھ کھائین اسیطرح تین دن عمل کرین ایضاً برائے استسقاء نمکہ ہندی سے ترکیب تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی بادیان پوست بیخ بادیان اجمود بیخ اجمود جوش کرکے گلقند میں دین غذا میں نخود آب و کبوتر و گوشت بزغالہ و نخود پر قناعت کرین اور بجائے پانی کے عرق سونف و کاسنی و مکو پئین ایضاً منہ نافع استسقاء لحمی ترکیب کاسنی بادیان

ملکو بالچھڑ ہر ایک دو درم گلقند سات درم جوش کرکے دین دوائی استسقا مع الحرارت کیواسطے نافع ہے ترکیب ایکدن شربت سکنجبین مثل آب کاسنی سکنجبین
دین ایک روز ملطف مانند آب بادیان وآب کاسنی کو ملا کے دین دوسرے دن آب کرفس معہ عصارہ برگ ترب استعمال کرین اور بقول قرشی اگر استسقا حرارت
کے ساتھ ہو آب کاسنی ہمراہ سکنجبین بزوری وقرص زرشک دین ورنہ آب بادیان یا آب کرفس اسمین ملائمین اور شربت دینار یا شربت اصول سکنجبین بزوری و
قرص زرشک بارد وقرص غافث حسب حاجت دین دوائی براے سوء القنیہ واستسقا کہ کثرت سیلان خون بواسیر وحیض سے ہوتا ہے ترکیب ہر صبح
حب تیواج دو تین عدد یا سفوف تیواج یا قرص کہربا وحب مقل قابض ہمراہ شیرہ بزور بارده ومزلقات عرق افسنتین وگاؤزبان عنبری وتخم ریحان و
بارتنگ وقرنجشک کے دین اغذیہ غلیظہ وکثرت اکل سے اجتناب کرین اور اغذیہ سریع الہضم کہ کسیقدر ازلاق ہو بہتین دوائی معمول براے استسقاء
کثرت برودت ترکیب مصطگی ریوند چینی دار فلفل دارچینی فلفل سیاہ ہر ایک تین ماشہ سونٹھ بادرنگ ہر ایک چھ ماشہ نیکوب کرکے جوش اور صاف کرکے
گلقند دو تولہ مل کے پلا دین اور کبھی بادرنگ سونٹھ ہر ایک چھ ماشہ ریوند چینی دو ماشہ مرچ سیاہ ایک ماشہ سفوف کرکے ہمراہ جوشاندۂ مذکور سواے سونٹھ
بادرنگ وفلفل کے عمل مین لائین ایضاً کاسنی وبیخ کاسنی ہر ایک نو ماشہ سونف بیخ سونف کی جڑ ہر ایک چھ ماشہ مویز منقی سات دانہ بالچھڑ تخم کرفس بادرنگ
ہر ایک تین ماشہ جوش اور صاف کرکے شربت بزوری دو تولہ داخل کرکے پئین بعد اسکے ریوند چینی تین ماشہ مرچ سیاہ چار رتی باریک پیس کے پھانکین دوائی
نافع سوء القنیہ وصلابت جگر وطحال ومعدہ واوجاع جگر وطحال ومعدہ ترکیب زعفران بالچھڑ سلیخہ قسط اسارون تخم کرفس انیسون گل سرخ تخم کاسنی
ہر ایک دو جزو مرمکی ریوند چینی ہر ایک ایکجزو شہد سہ چند شربت ایکدرم سے ایک مثقال تک عرق بادیان مین ایضاً نافع استسقا وبرودت معدہ
ترکیب لک مغسول چار جزو سنبل الطیب زراوند ہر ایک تین جزو اسارون تخم کرفس ہر ایک دو جزو قسط تلخ مغز بادام تلخ فلفل زنجبیل زیرہ سیاہ ساذج
مصطگی ہر ایک ایک جزو سہ چند شہد خالص دوائی استسقاء زقی ترکیب جو دوائی لحمی مین ذکر ہوا کام مین لائین اور مطبوخ شبت کہ مطبوخات مین
آئیگا پلائین اور اگر معہ ورم حار جگر یا تپ کے ہو آب کاسنی وسکنجبین وقرص زراوند دین اور کبھی کبھی استفراغ مادۂ اصفر کرتے رہین کلکلانج یا دو نقوع ہلیلہ
زرد وقرص زرشک سے اور براے حفظ قوت شوربا ے چوزہ مرغ وآب زرشک در روغن بادام کی غذا کرین اور سرفہ کی صورت مین زرشک اور دوسرے حموضات
نہ دین اور مطبوخ کہ مطبوخات مین آئیگا استفراغ مادۂ اصفر کے لیے سودمند ہے اور عرق کاسنی وعنب الثعلب وشربت بزوری بارد اور مانند ان کے
چند روز سے تلطیف کرکے پھر پہلی تدبیر کیطرف رجوع ہوں اور ضمادات محللہ ومجففہ پیٹ پر رکھین اور مدرات بھی بحسب مزاج مانند بادیان وانیسون
وتخم کرفس وبلیون وتخم خیارین وتخم خربزہ وتخم کاکنج کے دین تاکہ مرض کے اعادہ سے محفوظ رہین اور جس جگہ استسقاء زقی معہ ورم صلب کبد یا طحال
کے ہو اسکا علاج دشوار ہے خاصکر ان لوگوں کے واسطے جنکی قوت زائل ہو چکی ہو انکی زندگی سے مایوس ہو جانا چاہیئے بالجملہ پوری توجہ استفراغ مائیت
وتخفیف مائیت کیطرف اور تفتیح سدد معہ حفظ قوت وانعاش قوت اغذیہ موافقہ واشربہ مناسبہ خوشبودار سے کرین اور استعمال قے تیسرے
چوتھے یا پانچوین دن کھانے سے قبل جسکی کہ قوت باقی ہو نہایت مفید ہے اور چھینکین لانے والی دواؤں سے چھینکین لینا بھی نافع ہوتا ہے
بقول شیخ ہمیشہ لین طبع اس مرض مین جب تک کہ قوت ساقط نہ ہو واجب ہے اور حب مازریون براے زقی بہت نافع ہے چنانچہ حب ریوند

لحمی کیواسطے اگر مریض مین مسہل کی دوائین استعمال کرنے کی طاقت نہو ضمادات مسہل سے کام لین دوائی استسقاء زقی انطاکی سے ترکیب علاج اوس کا
تناول اغذیہ یابسہ اور مشی گرمی مین اور لباس مثل صوف کے پہننا اور سونا بالو اور راکھ پر جبکہ گرم ہون اور شربت جو ادویہ امراض معدہ مین بیان ہوئی ہین
معجون مغنی کھانا تریاق الذہب فنجنوش مجرب ہے اسیطرح کلکلانج بزل مین خطر عظیم ہے اور جو نفع کرتا ہے اوسکو خاکستر سرگین گاؤ دارچینی و تخم
کرفس و حنظل واشق کے ساتھ سرکہ و سرگین کبوتر مین اور حب ماء اصفر کا کھانا مجربات سے ہے وہ حبوب مین لکھی جا چکی ایضاً برائے استسقاء زقی
مایوس العلاج ترکیب بیخ درخت کریل خشک کر کے سفوف کرین اور ساڑھے تین ماشہ روز ایک ہفتہ تک کھائین پرہیز مقلیات و مشوبات سے
واجب ہے اگر بیخ ترکوٹ کے تھوڑا پانی دیکے اوسکا شیرہ نکال لین اور دو دام سے تین دام تک استعمال کرین اور صعوبت مرض مین نصف رطل تک جائز
ہے انفع ہے لیپ بھی اس اصول سے ترپیٹ کے اور مثل مہندی کے لگائین نافع ہے اور ریاح کثیرہ کے اخراج مین وضع برحجم گھنٹہ تک ملکہ نایاب
مصابرت کرنی چاہیئے اگر مریض اضطراب کرے چاہیے کہ دو ایک آدمی اوس کو پکڑے رہین تاکہ تڑپ نہ سکے اور دوا کا فعل باطل نہو دوائی استسقاء طبلی
ترکیب جو تدبیرین استسقاء لحمی مین گذرین عمل مین لائین اور بدستور بعد نضج تنقیہ مادہ مولد ریاح ادویہ قلیل الحرارت سے کرین بعدہ قرص
زرشک و کلکلانج بارد ہمراہ آب کاسنی وغیرہ کہ استسقاء زقی مین مذکور ہوا ہے استعمال کرین اور تبرید جگر اس جگہ مفید ہوتی ہے تقویت معدہ اور
تحلیل ریاح کی کوشش کرین اور استفراغ مادہ رفق و ملائمت سے کرین معہ حفظ قوت کے اور استعمال مسہلات قویہ اس قسم مین جائز نہین ہے
بعد تنقیہ کے پیٹ کو کرخت کپڑے سے دلک کرین اور جاورس و نمک سیاہ و سبوس گندم سے تکمید کرین اور دہان محللہ کی مالش کرین اور کندر و
مصطگی اور مانند انکے چبائین تاکہ ڈکارین آئین اور معاجین و سفوف بادشکن مجرب ہین اور ضماد محللہ پیٹ اور اطراف پر رکھین اور حمولات و
شیافات مخرج ریاح کام مین لائین اگر استسقاء طبلی مزمن ہو جائے اور بسبب تحلیل رطوبات و ریاح رقیقہ و ابقاء مادہ عسر التحلیل و غلیظ و صلابت
کو بڑھا دے اور حال مریض و جگر اچھا ہو جائے ہضم کامل ہو قوت عود کر آئے اور سوائے سختی شکم کوئی دوسری پیدا نہ ہو اوسوقت اسکا نام طبل الحجین
و جبل ہوتا ہے لہذا اس صورت مین ملین چیزون کے لیپ کرین اور جب سختی کم ہونے لگے گرم پانی اور نطرونیہ سے آبزن کرین اور بابونہ و ناخونہ و تخم
و صعتر و تخم سداب و جندبیدستر و خاکستر طرفا و نطرون کوٹ چھان کے آب سداب و بول شتر ملا کے پیٹ پر لیپ کرین تاکہ تحلیل ہو جائے ایضاً
برائے استسقاء طبلی انطاکی سے ترکیب علاج اسکا تلطیف اسہال ہے اور مخرج ریح دواؤن کا کھانا خصوصاً حلتیت و جندبیدستر و اذخر و زیرہ و
خولنجان و دارچینی اور تضمید شکم جاورس و نطرون و بورق و کبریت و عسل سے اور جو مرکبات اقسام سابق مین گذرے اور استعمال خبث الحدید آب حدید
ہمراہ زیرہ و نانخواہ مجرب ہے دوائی دافع استسقاء طبلی ترکیب بقول حکیم عابد سرہندی کے آب خار خسک و شربت بنفشہ محلول کیا ہوا گلاب مین ریاح
مائع کے واسطے شدید التسکین ہے اور بعض کا علاج طبیخ پوست بیخ طرفا خمر کیساتھ مین نے کیا ہے اور تقطیر اصلاح حال طحال و کبد ہوتا ہے اور صحت ہو جاتی ہے
اور بعضے اونٹنی کے دودھ سے نہار منھ اور سفوف قابض آب عنب الثعلب سبز مروق مین آخری دن جبکہ انمین لینت شکم ہو جاتی ہے بہتر ہو گئے
بعض کا معالجہ آب کاسنی ایک وقت اور آب [illegible] دہان دوسرے وقت دونون وقتون مین قرص انبرباریس کیساتھ مین نے کیا ہے اور بعض کا آب برگ ترب و قرص راوند سے

کیا ہی اور اُنھون نے شفا پائی ہی دوائی یرقان اصفر اور اسمین یہ ہوتا ہی کہ تمام جسم اور آنکھ کا رنگ زرد ہو جاتا ہی سبب اسکا کثرت تولد صفرا ہی یا اوس کے
استفراغ کا امتناع اور کثرت صفرا کا سبب یا غذا سے ہوتا ہی یا بغیر غذا کے جو اغذیہ سے ہوتا ہی یا وہ غذا بذاتہ مولد صفرا ہوتی ہی مثل شہد و شراب و گوشت غلیظ و عدس
یا وہ غذا صفرا کیطرف جلد مستحیل ہوتی ہی مثل شیر و خربزہ شیرین اور جو بغیر اغذیہ کے ہوتا ہی یا حرارت جگر یا مرارہ یا تمام بدن سے ہوتی ہی یا ہوائے سخت گرم سے اور
زہرناک جانور کے کاٹنے سے مانند رتیلا و زنبور و افعی و مگس عسل اور سموم حادہ کے مثل آب زہرہ پلنگ و بیش وغیرہ اور باعث امتناع استفراغ یا سدہ ہوتا ہی جو کہ جگر و
مجری بین الکبد و مرارہ اور مجری فیما بین مرارہ و امعا مین ہو جاتا ہی یا ورم جگر و زہرہ و انسداد مسام ہوتا ہی بالجملہ علامت کثرت تولد صفرا اگر اغذیہ سے ہوتا ہی تو تقدم
تناول غذائین مولد صفرا یا سریع الاستحالہ ہوتا ہی اگر حرارت جگر سے ہو سیاہی یا زردی بول براز نہ صفراوی و کف شدہ بالا قارورہ اور دوسری علامتین جو دوائی ضعف جگر حار مین تحریر ہوئین مبتلا
ہو جاتی ہین اور کہتے ہین کہ یہ قسم اکثر معہ تپ سونوخس کے ہوتی ہی اسکے بعد غلیظ و سیاہ ہو جاتا ہی اور تہما سالم رہتی ہی اگر تمام بدن کی حرارت سے ہوتی ہی گرمی
ملمس و لاغری و یبس و خارش بدن معہ قبض طبع ہوتی ہی اور صفرا مع بول و براز مین آتا ہی اور یرقان تھوڑا تھوڑا کر کے ظاہر ہوتا ہی اگر شدت حرارت ہوا سے ہوتا ہے
قے مراری و ضعف اشتہا و تشنگی و درد معدہ ہوتا ہی اور یہ قسم بچون اور عورتون کو زیادہ ہوتی ہی اور زیادہ تر تپ سے خالی نہین ہوتا اگر زہریلے جانور کے کاٹنے
اور زہریلی دواؤن کے کھانے سے ہوتا ہی وجود سبب اُسکی دلیل ہوگی اور علامت امتناع استفراغ صفرا اگر سدہ جگر سے ہوتی ہی جبکہ سدہ محدب جگر مین ہو بول
رقیق اور تھوڑا آتا ہی اور جب مقعر کبد مین ہوتا ہی براز نرم و آبناک ہوتا ہی اگر سدہ مجری ہوتا ہی کہ مابین جگر و زہرہ برلے جذب صفرا جگر سے مرارہ کیطرف واقع ہے
رنگ براز روز بروز کم ہوتا ہی اور بتدریج سفید ہو جاتا ہی کہ قولنج کی صورت اختیار کرے اور جگر مین کسیقدر ثقل کا احساس و قے مراری و تلخی دہن بھی اسکی علامتون سے
بیان کی گئی ہین اور اگر سدہ مجری سے ہو جو مرارہ اور امعا کے بیچ مین ہی ہو کہ براز دفعۃً سفید ہو جاتا ہی اور طبع مین قبض ہو جاتا ہی اگر ورم جگر ہو علامت اُسکی تپ
گرم و دیگر آثار کہ اورام کبد مین گذرے دال ہوتے ہین اگر ورم زہرہ سے ہو لزوم تپ نرم و قے و تہوع و خشونت زبان ہوتی ہی اگر انسداد مسام بدن کے
سبب سے ہو تقدم سفر و سموم گرما مین یا سرمین بدن پر گرد و غبار کا پڑنا اور تپ سبات و عطش مفرط و قبض و نفخ شکم اُسکے شاہد ہوتے ہین اور مہلک ہی ترکیب
تفتیح سدہ کے لیے قرص زرشک ہمراہ آب کاسنی سبز مروق و آب عنب الثعلب سبز مروق و شربت بزوری و سکنجبین دین اور تنقیہ صفرا مسہل صفرا سے کرین اگرچہ
اس تدبیر کی تدبیرین جامع اور مانع تمام اقسام یرقان اصفر کی ہین لیکن بعض وہ تدبیرین کہ بعض اسباب سابقہ سے مخصوص ہین ملحوظ رکھین مثل جو حرارت جگر سے
ہو سوائے تدبیر مذکور کے فصد باسلیق و تبرید جگر اشربہ و اغذیہ و اضمدہ سے کہ ضعف جگر حار مین گذرے یہ بھی مفید ہوتے ہین و شیرہ تخم خرفہ ہمراہ سکنجبین یا دینا
یا شربت بنفشہ و آب تربوز یا شیرہ و شربت انار نافع ہی اور اگر تپ ہو تبرید بڑھائین اور ماء الشعیر کا تغذیہ کرائین جہان تپ نہ ہو ماء الجبن سے تنقیہ کرنا بہت ہی
سودمند ہوتا ہی اور جو حرارت مرارہ سے ہو سکنجبین معہ شیرہ کاسنی دینا اور شربت آلو و انار وغیرہ کہ حرارت جگر مین سودمند ہی اور جو حرارت جمیع بدن سے ہو سوائے
تبرید و تنقیہ صفرا کے اگر مناسب سمجھین فصد کھلوائین اور بعد تنقیہ تعدیل مزاج اشربہ مطفیہ و اغذیہ مبردہ سے کرین و ایضاً تدہین مرطوب تیلون سے
اور دخول آبزن مرطب مین نفع تمام رکھتا ہی اور جو شدت حرارت ہوا سے ہو تدبیر ہوائے مسکن اور آب انار و تربوز و ماء القرع و ماء الخیار پینا اور اغذیہ باردہ
حامضہ کھانا مفید ہی اور جو زہردار جانور کے کاٹنے سے یا ادویہ حادہ سمیہ سے ہو آب انار و لعاب اسبغول و آب کاسنی و قرص کافور و آش جو و روغن بادام

اندر جسمین برودت و تریاقیت زیادہ ہو نافع ہوتی ہی اور نے و نگبین مفید ہی اور جو سدہ جگر سے ہو اور سدہ محدب مین ہو اُسکی تفتیح شیرہ بادیان و تخم کرفس و تخم کشوث
و تخم کاسنی و تخم خیارین و سکنجبین سادہ یا بزوری یا ریوندی اور قدرے لک مغسول سے کرین اگر سدہ مقعر جگر مین ہو او دویہ مفتحہ مثل آب بادیان و آب کرفس و آب
کاسنی و ریوند چینی معہ سکنجبین کے دین اور باقی تدبیر جو دوائی سدہ جگر مین مفصل بیان ہوئی اُس سے اخذ کرین اور جو سدہ مجری سے ہو کہ مابین جگر و مرارہ ہی تفتیح سدہ
مفتحات مناسبہ سے کرین مثلاً حرارت مین وہی دوائی کہ جو ابتدا مین مذکور ہوئی دین اور عدم آبکیوقت بادیان و کرفس و آب کرنب و سکنجبین بزوری گرم اور
مثل اسکے اور جو کچھ سدہ جگر مین گذرا عمل کرین و ایضاً تنقیہ مادہ مسہل مناسب مزاج سے کرین بعد اسکے دواء اللک و قرص زریوند اور مانند انکے مدرات دین
اگر قوت قوی ہو اول فصد باسلیق کھلوائین اور جو وقوع سدہ سے مجری مین کہ مرارہ و امعاء کے درمیان مین ہوتا ہی تو تدبیر اسکی بھی تفتیح سدہ ہی حسب
مراعات حرارت و برودت مزاج جیسا کہ اوپر ذکر کیا گیا ہی لیکن اس قسم مین ادویہ قوی تر استعمال کرین اور کہتے ہین کہ حقنہ حادہ بھی اسجگہ نفع تام رکھتا ہے
اور جاننا چاہیے کہ جس جگہ علامات یرقان سددی پیدا ہون اور کوئی دوا فائدہ نہ کرے تو سمجھ لینا چاہیے کہ دونون مجری مذکور مین گوشت زائدہ یا ثولول پیدا
ہو گیا ہی اور یہ لاعلاج ہوتا ہی اور جو ورم جگر یا مرارہ سے ہو دونونکی تدبیر وہی ہی جو دوائی ورم جگر مین مذکور ہوئی اور فصد لینا چاہیے اور جو انسداد مسام سے
ہو فی الفور تلیین کرنا چاہیے اور تفتیح مسام حمام مین غسل اور آبزن مین بٹھا کے کرنا چاہیے آبزن مین بنفشہ و ناخونہ و بابونہ و گل خطمی جوش کیے ہون اور جسم کو اُس
پانی سے ملنا جسمین نخود و سبوس گندم جوش کر چکے ہون اور جو روائحِ سمیہ حریفہ کے سونگھنے سے ہو یکبارگی معہ غشیان و قے و تپ ہو جاتی ہی اور خفقان
کے ساتھ ہو ہی اُسکا علاج عطریات باردہ سونگھائین و شیرہ زرشک چار ماشہ و خیارین دہ ہندہ یا مغز تخم تربوز ہر ایک نو ماشہ کا ہو یا نجماشہ آلوے بخارا
پانچ عدد عرقیات مین نکال کے ہمراہ سکنجبین دین اور شام کو زہر مہرہ طباشیر گل سماق ہر ایک ایکماشہ شربت انار مین چٹائین اُسکے اوپر سے شربت صندل
و سکنجبین لیمونی دین اور آٹھوین دن شاہترہ تخم کاسنی مکو گلسرخ بنفشہ نیلوفر ہر ایک نو ماشہ افسنتین چار ماشہ تخم کشوث سات ماشہ آلو بخارا گیارہ عدد
سپستان تین عدد گلاب و عرق کاسنی مین جوش کر کے مل اور صاف کر کے گلقند ترنجبین مغز فلوس شربت دینار داخل کر کے دین اور صبحکو تبرید طباشیر
زرد دو ماشہ تین ماشہ خمیرۂ صندل ترش مین چٹائین اور شیرجات و لعابات پلائین اگر تین مسہلون کے بعد مادہ باقی رہی چوتھے مسہل مین ہلیلجات و سنا
و ریوند بڑھا کے دین کہ اخراج کلی حاصل ہو اور قرص زرشک و شربت کشوث دیا جانا چاہیے اور بعض ہوا ہین کہ محدث یرقان ہوتی ہی بعد فصد اور
تبریدات مفرح کے یہی علاج مفید ہوتا ہی اور جبکہ یرقان اصفر دفع طبیعت سے بذریعہ بحران تب صفراوی بحران کے دنون مین سے کسی دن واقع ہو
طبیعت کو دفع مادہ کے لیے مدد دینی چاہیے سکنجبین فقط یا شیرہ کاسنی پلا کے اور گرم پانی مین بٹھا کے جاننا چاہیے کہ جب زردی آنکھون مین آجائے
اور باقی جسم سلامت ہو یا بعد یرقان دفع ہونے کے آنکھونکی زردی باقی رہے حمام مین جائین اور چند مرتبہ سرکہ کہنہ ناک مین ٹپکائین اور جس پانی
مین افسنتین جوش کی ہوئی ہو سکنجبین ملا کے غرغرہ کرین اور سرکہ و گلاب معہ انار ترش یا آب ترنج آنکھ مین ڈالین اور جو یرقان بر سبیل بحران حمیات حادہ
مین ساتوین روز سے پہلے حادث ہو ردی و مہلک ہوتا ہی مگر وہ البتہ کہ جسمین طبیعت خود ہی نرم ہو جاے اوسکو یرقان قبل السابع کہتے ہین
اور ظہور یرقان کا تپ مین ساتوین یا نوین یا چوتھے دن بشرط عدم صلابت سراشیف دلیل ہوتی ہی دوائی نافع یرقان اصفر ترکیب

سنہدی کی ہتی کوٹ کے رات کو پانی مین بھگو دین صبح کو اوسکا صاف کیا ہوا پانی پئین ایک ہفتہ تک اور آب چقندر کا سعوط مزیل زردی چشم ہے ایضاً
سفید یرقان ترکیب سبوس نخود چار دام گرم پانی مین رات کو بھگو دین صبح کو اسکا آب زلال مین تھوڑی سی مصری ڈال کے پی لین ایضاً یرقان اصفر سدی
جسکی علامت سفیدی براز ہے مفید ہے ترکیب آب کاسنی سبز مروق یا شیرہ تخم کاسنی آب تمر ہندی ہمراہ سکنجبین سادہ یا گلقند کے دین خواہ شیرہ کاسنی و تخم
و خیارین گلاب مین نکال کے ہمراہ سکنجبین بزوری دین یا تخم کاسنی و عنب الثعلب و گل سرخ و آلو بخارا و پوست بیخ کاسنی مویز منقی تخم خیارین کوٹ کے عرقیات
مین بھگو دین آب تمر ہندی گلقند ملا کے دین اور اس قسم مین تے بھی مفید ہے بس انارین معہ شربت نیلوفر و سکنجبین بزوری و تعریق بھی مفید ہے چنانچہ زرشک
چھ ماشہ پانی مین جوش کر کے پئین دھوپ مین بیٹھین حرکت کرتے رہین بعد اسکے پر سیاوشان فوۃ الصبغ نعناع جوش کر کے پئین ایضاً برائے یرقان از حکیم
جعفر ترکیب آب برگ ترب بقدر ایک پیالہ شکر تری دو ... نہار منہ کھاین غذا تین چار دام تمر ہندی پانی مین مل اور صاف کر کے چار درم شکر ملا کم
خشکہ کیساتھ تناول کرین اور اسی طریقہ سے چند روز عمل کرین اور بیاض اوستاد مرحوم مین آب کاسنی مروق بھی اس نسخہ مین داخل ہے اور لکھا ہے کہ پوست
بیخ بسکھپرہ ساٹھی جانولون کیساتھ پیس کے ایک ہفتہ تک کھائین اور لکھا ہے کہ برائے رفع زردی چشم ایکدن مین نفع ہوتا ہے دار فلفل پوست بلیلہ زرد
دونون سرکہ مین پیس کے آنکھ مین لگائین اور زرد چوب و تخم خوبکلان بھی مجرب ہے ایضاً کدوے تلخ خشک کو توڑین اسکے سرے پر مکڑی کے جالے کی
طرح ایک پردہ ہوتا ہے نکال کے سوٹا موٹا پیس کے تھوڑا سا اسمین سے لیکے سعوط کرین یرقان اصفر کے واسطے جسمین آنکھین اور گال زرد پڑ جاتے ہین
نافع ہے کیونکہ ناک سے زرد رنگ کی رطوبت خارج ہوتی ہے اگر کڑوا کدو تر ملے اسکے دو حصے کر کے رات کو شبنم مین رکھدین اور صبح کو چند قطرہ شبنم کہ اسپر
جمع ہو گئے ہون گے ناک مین ڈالین کہ ازالہ زردی چشم مین عجیب الاثر ہے ایضاً سعوط تمر ہندی کوٹ چھان کے کپڑے مین باندھ کے بھی اثر رکھتا ہے اگر مغز
تخم کدوے تلخ بھی اسکے ساتھ پیس کے ذرا سی ناس دین انفع و معمول ہے ایضاً مجربات صاحب بقائی سے ترکیب کدوے تلخ لے کے اوسکے اوپر کا حصہ
الگ کرین اور پانی بھر کے دھوپ مین اور رات بھر اوس مین رکھین اور علی الصباح دو قطرہ آنکھ مین ڈالین اور دو گھڑی کے بعد پوست بلیلہ اور نبات کے
سٹھی بھر پھانک لین اور غذا مین اسدن دہی خشکہ کھائین ایضاً برائے یرقان اصفر و اسود معمول حکیم شاہ محمد ترکیب ملاگیر دار بلد ہر ایک پانچ ماشہ پانی
مین پیس کے شہد نیم دام ممزوج کر کے کھائین دوائی یرقان اسود یعنے تغیر رنگ بدن جانب سیاہی اگر بسبب سدہ کے ہو اُس مجری مین کہ مابین جگر
و سپرز ہے یا اُس مجرے مین کہ درمیان سپرز و معدہ کے ہے علامت دونو کی وہ ہے جو یرقان مین جاتا ہے اول مین سقوط اشتہا بتدریج و ثقل جگر اور دوسرے مین سقوط اشتہا یکبارگی و گرانی سپرز
لازم ہوتی ہے اگر احتراق خون سے ہو بواسطہ وقوع حرارت مفرط جگر کے علامت اسکی یہ ہے کہ خبث نفس و غم و وسواس بغیر سبب کے پیدا ہوتے ہین اور
وہ تمام اعراض جو سوداے مراقی کے لیے مخصوص ہین پیدا ہوتے ہین یہی فرق یرقان کبدی کا ہے اور جو ضعف طحال سے ہوتا ہے یہ ہے کہ کبدی مین سیاہی
خفیف ہوتی ہے مع سوء حال جگر اور طحال مین سیاہی غلیظ و شدید ہوتی ہے علامت اسکی تے و اسہال سودا و سقوط اشتہا و کدورت سفیدی چشم ہوتی ہے
لیکن سقوط اشتہا و ضعف جاذبہ سپرز و خروج سودا بول و براز مین اُسکے ضعف ماسکہ کی دلیل ہے اور اگر بسبب دفع طبیعت بطریق بحران ہوتا ہے
علامت اُسکی یہ ہے کہ امراض سوداوی کے بعد ہوا کرتا ہے اور مریض کو اُسمین سبکی حاصل ہوتی ہے ترکیب سدی مین بعد فصد اسلیم یا باسلیق دست چپ کے

آب کاسنی سبز مروق و آب عنب الثعلب سبز مروق معہ سکنجبین بزوری و شربت دینار دین اور قرص زرشک کبیر نو ماشہ بھی دیتے ہین اور تنقیہ سودا کرین
اور ماء الجبن استعمال کرین کہ صحت ہو اور جو دوائی سدہ جگر مین گذرا عمل مین لائین اور آب عنب الثعلب و آب ترب معہ سکنجبین بعد تنقیہ خلط کے بھی مفید ہے
اور ربع رطل آب پودینہ نہری دو اوقیہ سکنجبین کا ناشتا تین روز تک بے نہایت نافع ہی دو درم عدس مقشر باریک کوٹ کے تھوڑے سے عرق بادیان اور
بول طفل نابالغ کے ساتھ صبح کو پلائین عجیب الفعل ہی غذا نخوداب و شوربا مرغ معہ روٹی اندیرقان احتراقی مین فصد باسلیق کھلوائین تنقیہ مواد
محترقہ و تطفیہ حرارت جگر فرمائین جسطرح پر کہ دوائی مالیخولیا مین مذکور ہی اور ضعف طحال مین شیرۂ تخم کشوث شیرۂ انیسون ہر ایک تین ماشہ ہمراہ گلقند و شربت
بزوری کھائین اور قرص گل و قرص کبیر اور مانند انکے کہ مقوی طحال ہین اس دوا کے ساتھ استعمال کرین و گل سرخ و نوفل و افسنتین و مصطگی کوٹ کے
سرکہ و آب عنب الثعلب سبز مین سپرز پر ضماد کرین اندیرقان بحرانی مین امداد طبیعت شربت سکنجبین و استحمام میٹھے پانی سے اور ادہان ملطفہ سے مانند
روغن بابونہ و شبت و سوسن کے کرین جبکہ یرقان اسود بسبب ورم و صلابت طحال کے ہوتا ہی اسکا علاج اُس دوا مین تلاش کرین اگر سردی
مفرط جگر سے ہو اوسکا تدارک علاج ضعف جگر بارد سے کرین ایضاً حکیم علی شریف سے ترکیب اگر سددی ہو مفتحات مثل بادیان کاسنی
عنب الثعلب گلسرخ بادرنجبویہ مویز منقی اسطوخودوس راوند چینی افتیمون مغز املتاس گلقند دین اور ہلیلجات برای اخراج سودا بھی داخل کر دیے جائین
اور سودا احتراقی مین گل بنفشہ نیلوفر آلو بخارا تمر ہندی وغیرہ مستعمل ہو دوائی یرقان اسود سددی کیواسطے سود مند ہے ترکیب مویز منقی دس درم
گل سرخ پانچ درم کبابہ تین درم سب کو آب گرم مین ایک شبانہ روز بھگو کے رکھین اور ہر روز نصف رطل ناشتا پانچ روز یا سات روز تک کرین ایضاً
برای یرقان اسود انطاکی سے ترکیب تنقیہ طحال و تفتیح سدد طحال و فصد اسیلم یا باسلیق کھلوائین اور کشوث و خولنجان کھائین اور مرداسنگ
و مرجان سوختہ مجرب ہی اور قرص ریوند و معجون مغنی کی اس بارہ مین خاصیت عظیم ہے نوع دیگر اس مرض مین مثل سیف قاطع کے ہے ترکیب ریوند
کو کنڈے کی آگ مین جلادین اور مثل اوسکے زردچوب بھونین پھر دونون کو پیس کے تین درم ٹھنڈے پانی کے ساتھ پھانکین کہ اس مرض سودا کی
کو جسم مین رہنے نہین دیتی بعد سودہ کا اکتحال ازالہ رنگ سیاہ چشم جبلہ دین کرنے مین مجرب ہی دوائی وجع طحال حرارت سے علامت اسکی تشنگی و
التہاب جانب چپ ہوتا ہی اور قارورہ سرخی و سیاہی مائل ترکیب فصد اسیلم یا باسلیق بائین ہاتھ کی کھلوائین آب کاسنی و عنب الثعلب ہر ایک
سات تولہ سکنجبین بزوری چار تولہ دین اگر حرارت زیادہ ہو شیرۂ تخم خرفہ نو ماشہ بڑھا دین انتہین طبیعت مطبوخ ہلیلہ و مغز املتاس سے کرین
بعدہ قرص طباشیر ملین سکنجبین کے ساتھ کھائین اگر حرارت زیادہ ہو قرص کافور آب کاسنی و عنب الثعلب و شربت بزوری اور مانند انکے دواؤن مین
استعمال کرین اور آرد جو و برگ گز سرکہ مین ملا کے سپرز پر لیپ کرین اور خلو معدہ کے وقت سبوس گندم کو سرکہ مین ملاکے نمدہ کا ٹکڑا اُس سے
تر کر کے سپرز کی تکمید کرین اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو ماء الجبن ہمراہ سفوف سودا دین اگر حرارت سادہ ہو تبرید و تعدیل کفایت کرتی ہی اور تنقیہ
کی کم ضرورت پڑتی ہی ایضاً انطاکی سے ترکیب دموی مین فصد اسیلم چپ کھلوائین سوای اُسکے اسکا تنقیہ بعد اسکے دو جو مزمل ہون مثل
آب لبلاب و تنطوریون و زعفران و اسقولوقندریون اور جو وجع کبد مین گذرا وہ دین دوائی وجع طحال برودت سے علامت اُسکی سقوط اشتہا

عدم تشنگی والتہاب وظہور نفخ وقراقر موضع سپرز مین ترکیب ماءالاصول دین والیضاً سکنجبین بزوری اصولی ریوندی عرق بادرنجبویہ وشاہترہ مین
دین اور اقراص وحبوب جوہنیر زر واصول حار سے مرکب ہون کھلائین اور آب ترب وتریاق اربعہ وگلقند بھی مفید ومجرب ہے اور تخم حنظل وبورۂ ارمنی
وترمس وعسل کا لیپ لگائین اور خلو معدہ کیوقت طعام سے اُس سرکہ مین کہ جسمین سبوس گندم واُشنہ وسداب وپوست بیخ کبر جوش کی ہون سپرز کی تکمید
کرین اگر طبیعت خشک ہو اور سوء مزاج مادی ہو اور مسہل کی ضرورت پڑے بعد نضج منضج گرم سے مسہل حار سے تنقیہ کرین یا نضج مادہ اُس مطبوخ سے کرین کہ
معمولی و منقول ہے مع اضافہ سکنجبین بزوری اصولی دو تولہ کے سات آٹھ روز کے بعد مسہل دیدین اور تعدیل مزاج اُس قرص سے جو طب اکبر سے منقول ہے
کرین اور لیپ لگائین بہترین غذا گوشت مرغ ہے کہ اُسمین مصالحہ گرم پڑے ہون سرکہ سے فتق کرین اگر درد سپرز ریحی ہو علامت اور اوسکا علاج نفخہ
طحال مین آئیگا اور ادویہ کاسر ریاح اور تکمید مفید ہوگی اور جو قسم بالا مین بیان ہوا مفید سمجھین ذوائی ورم دموی طحال علامات اُسکی درد طحال وعطش والتہاب
وتپ گرم کہ چاروں دن شدت ہوتی ہے وسیاہی قارورہ ہے اور ایسا بھی ہوتا ہے کہ بیرون جلد محاذی سپرز سرخی ہو ترکیب فصد باسلیق یا اُسیلم بائین
ہاتھ کی کھلوائین بہتر تلین کے لیے آب عنب الثعلب وآب کاسنی ہمراہ فلوس خیار شنبر دین اور جہان حرارت مفرطہ ہو ایکدرم غاریقون ہمراہ سکنجبین دینا
سود مند ہے بعدہ تبرید قرص طباشیر ملین وقرص زرشک سکنجبین مین یا ہمراہ طبیخ بنفشہ وگل سرخ وپوست بیخ کبر دین شیرۂ تخم خرفہ وآب تمر ہندی بھی مفید
والیضاً بعد فصد عصارات وآبہا کہ اورام کبد مین مذکور ہوئے پلائین از انجملہ جس سے طحال خصوصیت رکھتا ہے آب برگ طرفا وآب برگ خلاف وآب
برگ خرفہ وآب برسیاوشان رطب ہے وآرد جو وخطمی سفید ومغاث ہر ایک ایکجزو وگل سرخ وصندل سفید ہر ایک نیم جزو باریک کوٹ کے آب عنب الثعلب
وآب برگ گز وسرکہ ملا کے سپرز پر ضماد کرین جب حرارت وتپ زائل ہو جائے قرص ریوند سکنجبین کے ساتھ دین اور محللات کے لیپ لگائین ذوائی
ورم دموی طحال انطاکی سے ترکیب ورم حار مین بعد فصد باسلیق دست چپ اگر ضرورت دیکھین فصد اسیلم چپ کھلوائین اور مجربات جالینوس سے
ہی قطع شریان درمیان سبابہ وابہام دست ہی بعدہ بزور کی زیادتی مع لبوب تخم خربزہ وخیارین کرین اور قرص کافور اسقولوقندریون کہ اسمین ہین
تخم مذکور مع تخم خرفہ ہر ایک ایکجزو ریوند واسقولو ہر ایک نصف جزو اور زعفران وکافور ہر ایک چوتھائی بید کے عرق مین ٹکیان بنالین قرص جید ہے
بکثرت تضمید اسقولو سے اور صندل سے کرین اور جو مین نے آزمایا ہے مداومت شربت اصول وبزوری وطبیخ ہلیلۂ زرد ہے جو میسر آئے اور ضماد حلزون
محلول آب لیمون مع انجیر کا مطبوخ اور عدس کھانا ایکدرم مرجان سودہ کا اور تھوڑا سا کثیرا ہر روز ایک ہفتہ مین صحت ہوتی ہے اور مجرب ہے اور یہ دوا
بارد مین ماءالعسل کے ساتھ دین اگر سقوط اشتہا عظیم واقع ہو سکنجبین بزوری بھی تفتیح کے لیے دین ذوائی ورم صفراوی طحال علامات اُسکی سوزش
مفرط سپرز مین اور ظاہر جلد سپرز مین اور غب مین اشتداد تپ وزردی چشم وزبان مائل بسیاہی خفیف ممکن ہے کہ یرقان سیاہ ہو جائے ترکیب منضج بارد
سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ صفرا کرین اور طبیخ ہلیلہ وشاہترہ وتخم کشوث سکنجبین مین ملا کے دینا بھی نافع ہے تخم خرفہ دو درم پیکے سرکہ یا سکنجبین
مین ملا کے دینا بالخاصیت اورام سپرز کیواسطے مفید ہے وآرد جو تخم خطمی وغیرہ ادویہ باردہ آب کاسنی وسرکہ مین ملا کے ضماد کرین اور سوائے فصد جو
دموی مین کام آئے اس جگہہ بھی مفید ہے غذا مین زرشکیہ نافع ہوتی ہے خصوصاً جبکہ شکر ترنجبین سے اوسکی خشکی دور کردی جاتی ہے ذوائی ورم

بلغمی طحال اسکو تہبیج الطحال کہتے ہین علامت اسکی زیادتی حجم سپرز خفیف درد کیساتھ اور تغیر رنگ سپیدی سے اور بیاض چشم و زبان و تہبیج پلک و سفیدی بول و براز کسیقدر سیاہی کیساتھ ترکیب چندروز ماء ... ل دین بعدہ مطبوخ ہلیلہ اور دوسری حبوب سے تنقیہ بلغم کرین بعدہ سہاگہ بریان ایک ماشہ جواکھار چار رتی ہمراہ شہد کیساتھ دین اور قرص دکبر و قرص فوہ ... فنجنکشت کی سکنجبین کیساتھ مداومت کرین ... سبوس گندم و شبت سرکہ مین پکا کے یا تخم حرمل یا خاکستر ... انگور و روغن گل ... ملاکے لیپ کرین اور دوسری ... ضماد حسب حاجت کام مین لائین بہترین اغذیہ نخود آب و کباب مرغ و تیتر ہے اور نقلیل آب و احتراز اشیاء بادانگیز و رطوبت افزا سے ضروری ہے دوائی ورم سودا ... طحال اسکو صلابت و جساوت طحال کہتے ہین علامت اسکی سختی و سیر ... ہے اس طرح کہ دکھائی دے و نفخ شکم ولاغری بدن و کمودت رنگ و سرعت نبض و شدت ضربان شریان کہ حلقوم کے دونون طرف ہین ترکیب فصد باسلیق یا اسلیم بائین ہاتھ کی کھولین ... نضج کے بعد تنقیہ سودا کرین مسہل سودا اور حب افتیمون سے کہ بحث مالیخولیا مین گذرا ہمراہ مطبوخ مسہل کے بعد اسکے آب ... برگ ... آب عنب الثعلب سبز مروق ہمراہ سکنجبین و شربت بزوری مفید ہوگا اور ماء الجبن بھی نافع ہے و قرص کبر و تریاق فاروق مع شیر شتر فائدہ عظیم رکھتا ہے و ایضاً تنقیہ کے بعد قرص کبر و قرص فنجنکشت و قرص ... ہمراہ سکنجبین مفید ہے اور انجیر سرکہ مین و عنصل سرکہ مین ... اکل سرکہ مین ورم طحال کو دور کرتا ہے کہتے ہین کہ تعلیق پیاز عنصل طحال پر اکتالیس روز مین اُسے زائل کر دیتا ہے اور پوست کدو و درم سکنجبین و شیرہ تخم خرفہ ہمراہ سرکہ بالی حبیت ورم طحال کو تحلیل کرتا ہے ظرف چوب بیخ گز مین کھانا پینا بہت فائدہ کرتا ہے روناس سکنجبین مین چندروز کھانا بھی بہت نافع ہے اور حمام مین پسینہ کا نکلنا بھی مفید ہوتا ہے اشق کو سرکہ مین پگھلا کے سداب پودینہ و بیخ سوسن کبود پیس کے اسمین حل کر دین اور سپرز پر ضماد کرین دوا دینے سے پہلے لیپ لگانے سے قبل اُس کماد سے تکمید کرنا جو دوائی مدح طحال حرارت سے ہو مین گذر چکا ہے فائدہ کرتا ہے تقلیل غذا حتے الامکان واجب ہے اور تمام اغذیہ مولد سودا سے احتراز کرین گوشت مرغ و تیتر بھنا ہوا اور مانند انکے سریع الہضم کھائین چاول مضر ہے مطحول کی غذا مین اگر سرکہ و کبر و کرویا و زعفران و دارچینی ڈالدین بہت نفع ہوتا ہے و شلجم و ترب و انجیر و سیر و جوز و پیاز کھانا مفید ہے اور بقول بقراط اگر مطحول اپنے باطن مین خود درد محسوس کرے پس وہ اسلم ہے اور کبھی بر سبیل ندرت ورم صلب طحال جمع ہو جاتا ہے اور منفجر ہو جاتا ہے اور پھٹ جاتا ہے اوسکا تفجیج الطحال نام ہے علامت اسکی یہ ہے کہ درد شدید دیکھ طحال مین ہوتا ہے اور ریم مثل تلچھٹ کے پیشاب مین آتی ہے اور بدبو ہوتی ہے اور یہ بھی ہوتا ہے کہ ریم معدہ کی طرف جمع ہو جائے قے اور اسہال مین بھی نکلتی ہے اس صورت مین ریم کو صاف کرنے کے واسطے شیرہ تخم کشوث و بادیان و تخم کاسنی و تخم خیارین و مانند انکے مدرات سے معہ شیر شتر یا شیر خر کے دین یا ماء العسل بتین حسب حرارت و برودت مزاج اور برائے تذویب صلابت باقی اشق و سبوس کو سرکہ مین جوش کر کے لیپ کرین اور دوسرے اضمدہ مفید ورم سوداوی کام مین لائین جملہ ... جمیع سے احتراز کرین دوائی برائے ورم سوداوی طحال انطاکی سے ترکیب طبیخ افتیمون دین اور یہ حب میرے مجربات سے ہے اسکا نسخہ حب مین مذکور ہو چکا ہے بیخ کبر قسط جوز شہد مین ملاکے یا تخم حنظل معہ بورق و ترمس و شہد کے ضماد کرین اسقولوقندریون اس مرض مین قائم تمام طلسمات ہے جاہے جس طریقہ سے استعمال کرین ضماد بھی اگرچہ سوداوی کے قریب سکنجبین عنصلی آب کاسنی و داغ کلنگ و جمیع اجزاے خاصیت و خصوص طحال اوسکی اسمین نافع ہے و ایضاً صلابت و اورام مین انجیر و اشق و ترمس و حنظل و جوز سرکہ یا شراب مین لیپ کرین اسیطرح اشنہ بزو حلبہ و شربت شیر خشت و فوہ ریوند و طبیخ ترمس فلفل کے ساتھ

سبب ذریں اوجاع و ورم صلابات ہین دوائی ورم ریحی طحال اسکو نفخہ طحال بھی کہتے ہین اور سبب یہ طحال سردی مزاج سپرز ہی اور اسمین کثرت سوداو ار
بوجہ ضعف ہاضمہ و دافعہ ہاضمہ علامت اُسکی تمدد بائین پہلو کے نیچے اور ورم نرم کا و انگلی سے دبانے پر دب جاتا ہی فرفر کرتا ہی اور ڈکارین آتی ہین
ترکیب گلقند ہمراہ شیرۂ تخم کشوث و انیسون دین اور ماء الاصول کہ اُسمین تخم فنجنکشت و سداب داخل کیا ہو دین سکنجبین بزوری حار و سکنجبین عنصلی
دین و سفوف حرف اس باب مین بھی نافع ہی جہان نفخہ حرارت کیساتھ ہوتا ہی قرص فنجنکشت دین اور سبوس گندم و سک و خاورس سے تکمید کرین مجمرہ
ناری رکھنا بھی مفید ہوتا ہی و بورہ و پودینہ و سداب سرکا اور شہد مین ضماد کرین اور جو ورم بلغمی کبد مین گذرا اور کماد معمول کام مین لائین دوسری ہر وہ دوا
کہ محلل و منفی ریاح و مقوی طحال ہو استعمال کرین پیاس پر صبر کرتے رہین ٹھنڈے پانی بادانگیز چیزون سے پرہیز کرین دوائی برائے تنقیہ مادۂ طحال بہت
نافع ہی اور ورم بلغمی و سوداوی مین مستعمل ہی ترکیب پوست بیخ کبر افتیمون مساوی کوٹ چھان کے شہد مین ملاکے دو درم کھلائین دوائی صلابت و نفخ
طحال مین مجرب ہی ترکیب نوشادر چار رتی رائی نیلا سی ایک ماشہ پیس کے کھلائین خواہ شہد مین ملالین ایضاً نافع صلابت طحال قانون سے ترکیب
حرف ایکجز و شونیز نصف جز و شہد مین ملاکے رکھین اور تین درم پانی سے ممزوج سرکہ مین کھائین دوائی صلابت طحال مجرب شاہ عبدالحلیم مرحوم
ترکیب برگ خشک کیلہ نو عدد بال یعنے ریشہائے درخت تاڑ خشک سات تولہ دونون کو جلا ڈالین اور ایک سیر پانی مین مقطر کرین چند مرتبہ صاف
کرنے کے بعد بوتل مین رکھ لین نہار منہ تین تولہ اسمین سے پی لیا کرین دوائی صلابت طحال معمول مصنف معمولی ترکیب اجوائن کہ سرکہ مین مقطر
کیا ہو غذا کیساتھ دونا نہ کھائین بشرطیکہ سرفہ نہو اور تدہین طحال روغن سرشف نیمگرم سے ہر روز اکثر فیہ مفید ہی ایضاً مجرب حکیم علی ترکیب حرف تین
درم کوٹ چھان کے ایکدرم شکر ملاکے ہر روز سرکہ مین پھانکین ایضاً جالینوس صلابت طحال کے واسطے معروف ہی ترکیب بوڑھے مرغ کو ذبح کرکے
آب و نمک مین بہت پکائین اُسمین دس درم بسفائج کوٹ کے ڈالدین جب گل جائے صاف کرکے پی لین کہ یہ اسہال نیک سودا کا شربادا خفقانا کرتا ہے
ایضاً برائے صلابت طحال ترکیب لیجون ایک تولہ کشمش دو تولہ سرکہ مین ڈالدین جب خشک ہوجائے پیسین اور چار رتی دین ایضاً مجربات
احقر سے ہے ترکیب پھٹکری تین چار رتی قند سیاہ مین گولیان بناکے کھائین اور غذا مین گھی زیادہ کھائین اور بتدریج ایک ماشہ تک پہنچائین اگر
گرمی کرتا ہو شیرۂ تخم خرزہ مصری کیساتھ کھائین مشہی و سہی بھی ہی ایضاً برائے سطحول ترکیب خردل دو ماشہ نمک دو رتی کھائین اوپر سے شیرہ خرزہ شیرۂ
خیارین مصری ملاکے پئین ایضاً سہاگہ ایک حصہ خردل تین حصہ کوٹ چھان کے ایک ماشہ کھائین ایضاً بہت مفید ہی ترکیب نوشادر نیمدرم آب
ترب کیساتھ پئین اور کنجد و ترب مساوی کوٹ اور گرم کرکے سپرز پر لیپ کرین دوائی برائے تحلیل صلابت طحال و زیادتی انتہا لغایت نافع ہی عرق
گوگرد بقدر ایک رتی نہایت چار رتی پانی مین ملاکے چندروز پئین نوعد دیگر مجرب راقم ترکیب لہسن کوٹ کے چار دام پانی نکال لین پھر روغن زرد
چار دام قند سیاہ تین دام تھوڑے سے گیہون کے آٹے مین حریرہ بنالین پہلے آب مذکور پی کے اوسکے اوپر سے حریرہ پی لین ایکدن مین صلابت طحال دور
ہوتی ہی اگر ضرورت پڑے تین دن تک دین لہسن کے پانی کی مقدار کا کم کرنا مزاج مریض اور راے طبیب پر منحصر ہے لیکن گرم مزاج والون اور نازک
طبعان کو نہ دینا چاہیے دوائی سدۂ طحال یہ اجتماع فضلات غلیظہ سے ہوتا ہی علامت اسکی گرانی مقام مرض اور عدم آثار ورم آتی ہی ترکیب بیخ کبر تخم

نخنجاشت تخم کرفس سداب ہر ایک چار ماشہ بیخ بادیان بیخ کاسنی حب النیل سفید کو ہر ایک نو ماشہ بیخ کرفس نو وپرسیاوشان ہر ایک سات ماشہ جوش کرکے گلقند چار تولہ سکنجبین عنصلی دو تولہ داخل کرکے دین غذا شوربا ے مرغ بعد سات آٹھ دن کے حب ریوند و شربت دینار سے تنقیہ کرین اور تعدیل کے واسطے قرص بزور شیخ الرئیس و سفوف حرف دین اور جو دوائی سدہ جگر مین گذری ہے استعمال کرین اور منفتحات قویہ و تخم سداب و نانخواہ ہر ایک تین درم جوش اور صاف کرکے ہمراہ شکر دین اور قرص کبیر ہمراہ سکنجبین بزوری نہایت مفید ہے اسیطرح جوشاندہ بادیان و نانخواہ و عنب الثعلب و انیسون و نبات سفید و دیگر ادویہ کہ یرقان اسود و سدی مین گذرا نافع ہے دوائی سدہ طحال انطاکی سے ترکیب علاج سد طحال و سدہ کبد ایک ہے اور کسر درم کشوث و صعتر و تنطوریون اسمین زیادہ داخل کیے جاتے ہین اسیطرح ترس و غاریقون و انیسون اور کہتے ہین کہ علاج خاص اسکا وضع محاجم و دلک و تحریک طحال شربت دار الاصول ہے دوائی براے حجارۃ الطحال نافع ہے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ طحال مین پتھری پڑجاتی ہے علامت اسکی درد و نخس طحال مین ہونا ریگ فصد مین پیشاب مین یا خون بواسیر باہر نکلنا اور کوئی خلل جگر و گردہ و مثانہ مین نہین ہوتا ترکیب مدرات کام مین لائین قیروطی استعمال کرین ادویہ سنگ گردہ و مثانہ استعمال کرین اور انجیر سرکہ مین کھانا مفید ہے اور عرق شیر کہ عرقیات مین آئیگا اس باب مین مجرب ہے غذا گوشت عصافیر د مولہ و بچہ مرغ دین دوائی براے اسہال وہ یا منفاولات سے ہوتا ہے یا اعضاے لیکن جو منفاولات سے ہوتا ہے یا بسبب غذا کے ہوتا ہے کہ بغیر اشتہا یا اشتہا سے زیادہ کھالیجاتی ہے یا بسبب غذاے لطیف سریع الاستحالہ کے ہوتا ہے کہ جلد فاسد ہوجاتی ہے مثل شیر و ماہی کے اور یا بسبب غذاے لزج مزلق مثل آلو بخارا اور یا بسبب غذاے کریہ الطعم کے ہوتا ہے یا بسبب غذاے نفاخ کے ہوتا ہے کہ بواسطہ تولید ریاح معدہ غذا مین نہین ٹھہرتا اور ہاضمہ فاسد ہوجاتا ہے اسیطرح اغذیہ لذاعہ مثل پیاز و ثومیہ مثل نطرو و غذاے غیر حقیقی مثل بقول و شدید الرقت و سوء ترتیب کہ موجب ازلاق ہوجاتی ہے مثل تقدیم غذاے لین خفیف الہضم مزلق کے اور تاخیر قابض عاصر یا تاخیر سریع الاستحالہ سے وایضاً کثرت حرکت غذا پر اور افراط اسکے پینے مین بھی اسی قبیل سے ہے بالجملہ علامات جیسقدر مین تقدم کے سبب کا اسباب مذکورہ سے ہوتا ہے اور ما سلف مین پینے جبکہ غذا اشتہا سے زیادہ کھائی گئی ہو ظہور خفت عقب اسہال اور ریحی مین جو تناول غذاے نفاخ سے ہو وجود کثرت قراقر اسہال کے ساتھ گواہی دیتا ہے ان کا علاج مثل علاج تخمہ و سوء ہضم کے کرین غذا القیل الہضم کھائین موافق مزاج اختیار کرین اور تقویت معدہ و امعاء جوارشات سے کرین وایضاً اور جو طعام مکروہ کے کھانے سے ہوتا ہے تے کرکے جوارش مصطگی کھانا اوپر سے شیرۂ بادیان انیسون زیرہ سیاہ الائچی پینا مفید ہے اور اگر کثرت اسہال سے امعاء مین خراش ہو اسکا علاج علاج سحج کرین لیکن جو اعضاء سے ہو یا کسی ایک عضو سے ہو یا جمیع اعضاء سے لیکن جو عضو واحد سے ہوتا ہے مثل دماغ و معدہ و جگر و امعاء ہر ایک جدا جدا مذکور ہین اور جو جمیع اعضا سے ہو وہ بھی انکے بیان کے بعد ذکر کیا جائیگا پھر بھی چند تدبیرین کہ مسہولین کیواسطے کیجاتی ہین رقم کیجاتی ہین جاننا چاہیے کہ اسہال کا علاج قابضات و مغلظات و مغربات سے کرنا چاہیے بہت ایسا ہوتا ہے کہ محتاج ہوتے ہین استعمال مخدرات کے لیے اور کبھی مدرات سے علاج کیا جاتا ہے اور معرقات و موسعات مسام و مقیات سے کیونکہ یہ تمام چیزین تحریک مادہ خلاف جہت اسہال کرتی ہین وایضاً علاج کلی اسہال مین تقلیل غذا ہے اور پانی پینا اسیطرح گوشت کی یخنی اسہال والون کیلیے ضرور ہے پس اگر چارہ نہ ہو تھوڑا تھوڑا آب آہن تاب یا عرق بارتنگ و عرق عنب الثعلب دین اور شوربا ے کبوتر یا تیتر مصالحہ قابضہ کے ساتھ کھلائین

افضل اغذیہ مسہولین کے لیے چاول ہی اور لحوم ردی ہی اور ظروف نحاسی کا استعمال منع کیا گیا ہی قرشی کہتا ہی کہ نیبر گمنہ کو مکرر پانی سے دھو کے بھونین باریک
کوٹ کے ایک مثقال شربہ مناسبہ قابضہ کے ہمراہ دین حابس اسہال کے واسطے بہت نافع ہی اور تنویم الفع اشیار سے ہے جس شخص کو اسہال ہو تملم و دلک و
نے دادار بھی حابسات سہال سے ہوتے ہین وایضاً شاخون کا چار گھنٹہ تک مریض کے پیٹ پر رکھنا برے حبس اسہال مجربات بوعلی سینا سے ہی اور طا سید
کہتے ہین کہ اسہال صفراوی و صدیدی و مختلف الالوان کو کہ وہ حرارت قوی و کثرت تشنگی و سرعت نبض متواتر ہوتی ہی اشیار قوی القبض سے بند نہ کرین اور حکیم
علی شارح قانون نے کہا ہے کہ اسہالات مین تامل کرنا چاہیے جلد قابض شدید بنا چاہیے کہ اکثر واسطہ دفعی سے ہوتا ہی کہ طبیعت خود کرتی ہی بتقریب کثرت و
ردادرت سواد اور اگر حبس ہو جاے غیر وقت مین تو مریض ہلاک ہو جاتا ہی پس علامات سے پہچانے کہ مادہ کہان سے دفع ہوتا ہی اور کس جنس کا مادہ ہی کثرت وقت
مادہ معلوم کرین حدت و عذوبت اخلاط کو خوب دریافت کرین کہ اسہالون کے علاج مین یہ ایک امر عظیم ہے کہ حدت اخلاط کو کم کرین اسکے لیے شیرۂ تخم خرفہ
شیرۂ تخم خیارین و خمیرۂ بنفشہ و بزور لعابیہ مثل اسبغول و تخم ریحان و کنوچہ و بارتنگ متحقق ہی اور اسہال حدی مین جو تشنج زنی و رسوی جن میں فلاض ضعف و سنطاریا
مفید ہی اور اسہال نہین اچھے ہونیکے علامات بحال خود ہو جانا کھانیکی طرف رغبت پیاس مین کمی ہو بو کا نہ ہونا مریض کی ہوشیاری اور ہوا سرد میں ہی علاج
اسہال کے لیے نیز وہ کہتے ہین کہ اوائل مین اسہال کے گمان ہوتا ہی کہ شرکت کبد ہی کہربا و صندل البتہ دینا چاہیے و صندلین و زرشک منقی و آب تاک
و آب عنب الثعلب و آب بہ و سیب اگر نہ ہوا و نکی پتیون کا عرق اچھا ہی دار دجوہ کا فور و طباشیر کا موضع کبد پر ضماد کرین اسہالونکی زیادتی اطرح ہوتی ہی کہ
معا اور معدہ مین صفرابت ہوتا ہی اور اچھی طرح نضیج نہ ہونے تک تھوڑا تھوڑا دفع ہوتا رہتا ہی اس بارہ مین نقیع پوست ہلیلہ زرد ہمراہ شربت ورد مکرر
نہایت نافع ہی بطریق عصر دفع مادہ مرض کرتا ہی اور نقیع پوست ہلیلہ ریوند چینی کے ساتھ بہتر ہے چاہیے کہ پوست ہلیلہ کو رات کیوقت پانی مین بھگو دین
صبحکو خفیف جوش دین نہ بہت ورنہ اسکی قوت کم ہو جایگی دوائی برائے جمیع اقسام اسہال کہ حرارت سے ہو ترکیب شیرۂ خرفہ سیاہ بریان و عرق کیوڑہ
و گلاب و عرق گاؤزبان مین نکال کے شربت سیب ترش و شربت صندل یا شربت انار ترش مین داخل کر کے بارتنگ چھڑک کے پی لین اگر خوف مغص ہو
اسبغول روغن بادام مین چرب کر کے بڑھادین اور زرورد و صندل ہمراہ قدرے بالچھڑ زعفران کے گلاب مین پیسین اور کپڑے کو اس سے لت کر کے
معدہ و جگر و امعا پر رکھین غذا ماء الشعیر بریان اور اگر حرارت کم ہو تو ابض تو یہ دین ایضاً تمام اقسام اسہال کیواسطے جو مادہ بارد سے ہو ترکیب قرص
ہو د کھلائین اور سماق و کزمازج و زیرہ و انیسون بریان اقاقیا سنبل الطیب حب الآس نذور دکندر بریان کوٹ چھان کے تین درم شربت سیب
کے ہمراہ کھائین اور خرما بریان کیا ہوا بھی حابس اسہال ہی خاصکر افیون کیساتھ اس قطع کرنے مین مجرب و آزمودہ ہی بنبر مایہ کہتے کو مکرر پانی سے دھوین
پھر خشک کر کے بریان کرین اور ایک مثقال مناسب شربتون مین کھلائین کہ حبس اسہال مین مجربات قرشی سے ہی دوائی اسہال دماغی یعنے نزلی سبب
اسکا انصباب نزلہ دماغ سے معدہ اور امعا پر ہوتا ہی کہ غذا کو فاسد کر دیتا ہی لہذا طبیعت اسکو اسہال سے دفع کرتی ہی علامت یہ ہی کہ دیر تک سونیکے
بعد اسہال بہم ہوتے ہین پھر دیر تک موقوف ہو جاتے ہین اسکے بعد پھر شروع ہوتے ہین ایضاً علامات نزلی کیساتھ اور فساد مزاج دماغ ہوتا ہے
اور دوسرے نزلات کے آثار حسب مادہ پیدا ہو جاتے ہین مثلاً اگر مادہ نزلہ صفرا ہوتا ہی لذع و حرقت دماغ و معدہ و تشنگی و تلخی دہن و دغدغہ حنک و

علق ومری وفم معدہ ظاہر ہوتے ہین اگر بلغم ہوتا ہی ملوحت وحلاوت کریہ وغلظ وتعفن آب دہن اُسکی گواہی دیتا ہی اگر سودا ہوتا ہی ترشی دہن گرانی سر اور
شل لوہے کے دماغ سے بو آتا اسکی شاہد ہوتی ہی اگر مادہ نزلہ خون ہوتا ہی سرخی چشم وگرانی حواس وتغیر یعنی طعم مائل بشوری اور بد بو اسپر دلالت کرتی
ہے ترکیب زنہار حبس اسہال نہ کرین پہلے جب غلبہ خلط تنقیہ دماغ کرین فصد وحجامت واسہال سے بعدہ تقویت دماغ کی کوشش کرین اور تبدیل
مزاج اور نزلات کے روکنے کی فکر کرین شمومات ونطوسات وضمادات وغیرہ سے جو دوائی زکام ونزلہ مین مفصل ذکر ہوا ہی غذا زردی بیضہ وکباب
اور بیٹھے کے بھل نہ سوئین اونچے تکیہ پر سر نہ رکھین سر اسطرح رکھین کہ جسم کی بہ نسبت نیچا رہے وایضا سر کے بال کتروا دین اور اوسکو سخت کپڑے
سے ملین رائی اور نمک کا اُسپر لیپ کرین قدمین اور ساقین روغن ونمک سے ملین اور طبیخ بابونہ وناخونہ کا پاشویہ کرین تنقیہ دماغ کرنے کے بعد رفع
انصباب نزلہ دوائین معدہ پر رکھین دوائی اسہال دماغی حار کیواسطے مجرب ہی ترکیب اقاقیا کثیرا برگ مورد سماق عصارہ لحیۃ التیس گلنار
زعفران ہر ایک چار دانگ کوٹ کے ایک رطل شربت خشخاش قبل اسکے کہ آگ سے اُتارین داخل کرین اور سوتے وقت مناسب مقدار مین کھائین
دوائی معمول ذرب وخلفہ یعنے اسہال معدی سبب اسکا ضعف قوای معدہ ہی اسباب کے ذریعے سے کہ ہر ایک بیان کیا جائیگا علامت اسکی یہ ہی کہ کبھی
اسہال زیادہ کبھی کم کبھی ہضم ہوتا ہی کبھی فاسد ہو جاتا ہی بحسب جودت ورداءت تدبیر وایضا اسہال مذکور اگر ضعف قوت ہاضمہ معدہ یا بطلان ہاضمہ معدہ
سے ہو گرانی وثقل اسہال سے پہلے محسوس ہوتی ہی اور براز قلیل الہضم یا عدیم الہضم خارج ہوتا ہی اگر تشویش وتغیر فعل ہاضمہ ہوتا ہی غذا فاسد ہو جاتی
ہے اس طریقہ سے اسہال نہین آتی ہی اگر ضعف قوت ماسکہ سے ہو غذا دیر تک معدہ مین نہین ٹھہرتی اور ہضم ہونے سے قبل دفع ہو جاتی ہی اور قلیل الہضم
خارج ہوتی ہی اسمین ثقل کی مدت کم ہوتی ہی اگر ضعف قوت دافعہ سے ہو براز اندک اندک متواتر مرتبہ دفع ہوتا ہی نہ ایک دفعہ مین اگر کثرت رطوبت
مزلقہ سے ہو کہ معدہ مین جمع ہو گئی ہو غذا ہضم ہونے سے پہلے خارج ہوتی ہی اور اُسمین رطوبت خام نکلتی ہی اور معہ جشار حامض کے ہوتی ہے
کبھی رطوبت مذکور لزج ہوتی ہی اور کبھی مالح ہوتی ہی تمے اور فرق ان دونون مین ذائقہ دہن تے مین نمکین او عکس اسکے یا سواے اسکے نکالا جاسکتا
ہے اور ضعف معدہ اکثر بسبب برودت ورطوبت معدہ کے ہوتا ہی ترکیب جوارشات مقوی معدہ مثل جوارش مصطگی وعود وآملہ وسنگدان اور
علاوہ انکے ہمراہ شیرہ بادیان بریان شیرہ زیرہ سیاہ بریان شیرہ تخم لوداتہ سبیل عرقیات مین نکال کے رب بہ شیرین داخل کرکے بارتنگ چھڑک کے دین
اور مصطگی وسنبل الطیب وعود وپوست ترنج سرکہ اور گلاب مین پیس کے پیٹ پر لیپ کرین روغن مصطگی معدہ پر ملنا بھی مفید ہی اگر اس تدبیر
سے فائدہ نہو غثیان اور کثرت لعاب دہن بھی ہو اور دوسرے بلغمی آثار پیدا ہون تے کرائین اور نضج کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین پھر ادویہ
مذکورہ اور سواے اسکے جو مقوی معدہ ومحلل بلغم وقابض ہون کام مین لائین سفوف مقلیا ساسخت موافق ہی جوارش خوزی وسفرجلی ممسک ومعجون
فنجنوش اس باب مین عظیم الاثر ہے اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ رطوبت لزجہ سے جو کہ بسبب ضعف معدہ پیدا ہو جاتی ہی ملاست سطح معدہ ہو جاتی ہے
اور طعام غیر منہضم سرعت سے خصوص حرکت کیوقت خارج ہوتا ہی اور فضلہ یکبارگی جسطرح اوپر سے پتھر نیچے گرتا ہی نکل پڑتا ہی ایسی حالت مین علاج
مذکورہ تدبیرون کے استعمال جوارش خرنوب وجوارش کندر وجوارش خوزی وجوارش سماق وسفوفات قابضہ وحب خبث الحدید تخفیف رطوبات کیواسطے

مناسب ہے۔ اور کبھی معدہ پر انصباب صفراء سے ہوتا ہے اور یہ عمیات صفراوی اور تناول اشیائے حارہ کے بعد ہوتا ہے اور اسہال صفراوی و التہاب و تشنگی ہو جاتی ہے زردی براز و سوزش مقعد بھی ہوتی ہے اس صورت میں شیرہ تخم خرفہ شیرہ بارتنگ لعاب بہدانہ و اسبغول دیں منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ صفرا کریں یا ہلیلجات شربت ورد مکرر میں دیں بعد اسکے قرص طباشیر قابض ہمراہ شربت سفرجل و انار و رب بہ دیں اور برے شیرۂ خرفہ و کشنیز و دانہ ہیل بریان عرق بارتنگ و مکو میں نکال کے بارتنگ چھڑک کے پلائیں اور طباشیر بریان ایکدرم معہ کافور ایک سفوف بھی مجرب ہے اور دوسری ادویہ نافع اسہال صفراوی کہ بیان کی گئی کام میں لائیں اور بقول صاحب خلاصہ اس نوع ذرب میں اگر تپ نہ ہو گائے کے دہی کا استعمال کہ سنگ ریزہ یا لوہے کے ٹکڑے سے داغ کیا ہو بقدر نیم رطل ہمراہ کعک مسحوق اور ہر روز مقدار ایک اوقیہ دہی کی بڑھاتے جائیں یہانتک کہ ایک رطل ہو جائے نہایت سودمند ہے لیکن چاہیے کہ اس دوغ کو بدفعات دیں ایک مرتبہ میں نہ دیں اور اگر التہاب سودا فم معدہ پر ہو علامت اوسکی کثرت گرسنگی و سوزش فم معدہ و ترشی دہن ہوتی ہے اور وجع طحال و قراقر شکم اس جگہہ فصد باسلیق کھلوائیں بائیں ہاتھ سے مسہل سودا دیں ادویہ حارہ قابضہ سے تکمید طحال کریں کپڑہ گرم کرکے مالش کریں انصباب سودا کے وقت سے پہلے حریرہ شکر و مغز بادام و روغن زرد کا بناکے پئیں کبھی بسبب بثرہ اور قرحہ کے ہوتا ہے کہ معدہ میں حادث ہو جاتا ہے جسوقت کھانا کھایا جاتا ہے معدہ کو لذع کرتا ہے اور طبیعت اُسکو ہضم سے پہلے دفع کر دیتی ہے اس قسم میں بوسطہ صعود ابخرہ ادویہ حلوق زبان و دہن میں چھالے پڑجاتے ہیں بوے دہن متغیر ہو جاتی ہے کھانے کے بعد معدہ میں درد اور جلن پیدا ہوتی ہے اور قے و براز سدیدی مع قشور کے ہوتی ہے اس صورت میں قرص طباشیر قابض کھلائیں اور چہار تخم بریان کرکے روغن بادام میں چرب کرکے کھلائیں اور سفوف حب الرمان و زلق الامعاء بزوری میں بقول حکیم عوض علی مرحوم ابتدا میں اسبغول معہ آب آس دانگ روغن گل ممزوج کرکے ٹھنڈے پانی میں دیں یا اسبغول و تخم ریحان و بارتنگ تھوڑے سے پانی میں جوش کریں تاکہ منہضم ہو جائے تھوڑا سا روغن گل ڈال کے دیں اگر زائل ہو جائے فبہا ورنہ قرص طباشیر قابض ہمراہ آب انار شیریں و ترش و آب بہ کھلائیں اور پیٹ پر آس و اقاقیا و افیون کا لیپ کریں یا تلمو دو درم اسبغول گھی میں چرب کرکے دیں اگر اس تدبیر سے تسکین نہ ہو گائے کا دہی پتھر یا لوہا تپاکر بجھایا ہوا ہمراہ نان کعک دینا چاہیے کہتے ہیں کہ اس بیماری کی ابتدا میں اگر مانع نہو تو سب سے اچھی تدبیر فصد باسلیق کھلوانا ہے ورنہ ساق پر حجامت کرنا خلفہ کی ایک قسم ہوتی ہے جسے اسہال دوری کہتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ فضول کسی ایک عضو میں مثل امعاء و بطون دماغ و قعر معدہ و کبد و طحال یا بہت سے اعضاء میں مثل عروق دقاق میں جمع ہو جاتے ہیں اور دورے معین میں دفع ہوتے ہیں پس دفع ہونے کے درمیان میں اگر ایکدن معین ہو تو اُسکا سبب صفرا ہوتا ہے اگر ہر روز دفع ہوتا ہو سبب اُسکا بلغم ہوتا ہے اور اگر چوتھے دن دفع ہو تو اُسکا سبب سودا ہوگا اگر دورہ ہی معین نہو اور ہمیشہ درد رہتا ہو احتباس کیوقت زیادہ ہوتا ہو اُسکا سبب خون ہوتا ہے اور رنگ براز بھی نوعیت خلط پر دلالت کرتا ہے و ایضاً جس عضو میں کہ پہلے درد دخلہ پیدا ہو بعد اسکے طبیعت منطلق ہو جائے اور انطلاق کے بعد درد میں کمی ہو جانا چاہیے کہ محل آفت وہی عضو ہے اس صورت میں حسب غلبۂ خلط تنقیہ کریں فصد و اسہال کے ذریعہ سے اور جس عضو میں کہ مادہ جمع ہو گیا ہو اوسکی تقویت کریں اور ہرگز قابض چیز کام میں نہ لائیں خاصکر استفراغ تام کے پہلے بعدازاں مقویات معدہ حسب مزاج جسطرح کہ اقسام سابق میں گذرا استعمال کریں اور ذرب دخلفہ کہ بسبب ضعف جگر یا سدۂ جگر و ماساریقا ہو یا بسبب ذہاب خمل معدہ ہو علاج ہر ایک کا بیان

کیا جا چکا ہے رجوع کرین بعض ادویۂ نافعہ جو یہان بیان کی جاتی ہین حسب حاجت عمل مین لائین اور جو ادویہ مسہلہ کے پینے سے ہو اوسکی تدبیر
ادویہ قابضہ کے ذریعہ سے حبس ہو اور ایضاً دوغ خشک کر کے دینا مجرب ہے اور جو بحران کے طریقہ پر ہو اُسکا حبس نہ کرین اگر غشی اور سقوط قوت
کی نوبت آجائے قرص طباشیر قابض شربت حب الآس رب بہی مین دین اور دانہ مویز قدرے طباشیر زگل قبرسی مین سود سند ہے آگاہ ہونا
کہ جب مالنخولیا و نزلہ و زکام سوداوی ضعف معدہ ولینت طبع ریاح سوداوی و احتراق مواد کے ساتھ جمع ہوتا ہے معالجہ مشترک ذرب و خلفہ
و اسہال معوی زلق الامعاء و اسہال دماغی نزلی رطوبی کہ حرارت کیساتھ ہو یا بے حرارت دماغ ہو عمل مین لائین اور اصلا ادویہ ملطفہ قویہ حارہ
جالیہ و شدید القبض باردہ کہ خطرناک ہین نہ دین بلکہ لحاظ تقویت طحال و کبد و قلب و تصفیہ خون طحال و کبد و قلب و فکر دفع بلغم خام و سوداوی
و منضج مغلظات سے کہ بہت بار در طب نہ ہون بلکہ مائل بخشکی ہون برائے معدہ و امعاء و اعضا سفلی و دماغ کرین دوائی برائے اسہال معدی
بارد رطوبی بلغمی کی سے ترکیب قوابض کھانا اور جو جلائے رطوبات کرین مثل فلنجمشک و حب الآس و حب قوقایا نافع ہے اور تریاق اربعہ و آب
آہن تاب بدستور ایضاً برائے اسہال معدی سوداوی انطاکی سے ترکیب پہلے تنقیہ سوداکرین پھر دہی و شکر اسیطرح جیسے داوطنی کا
آہن یا طلا یا نقرہ سے بجھایا ہوا دودھ دین اگر مرجان سوختہ ایکدرم و صمغ عربی نیمدرم و انیسون ڈیڑھ درم کا سفوف بنائین قطع ازلاق و فساد ہضم
سوء سے اور تقویت احشا کرنے مین مجرب ہے اور جو تجربہ کیا گیا ہے مروارید محلول ہے اسکے حل کرنیکا طریقہ یہ ہے کہ مروارید مسحوق کو ترنج کے عرق مین
ملا کے شیشی مین رکھ اوسکا منہ موم سے مضبوط کرکے سرکہ مین رکھین یہانتک کہ حل ہو جائے پھر ایکدرم اُسمین سے چاٹین کہ اسہال سوداوی
و علل امعاء کو زائل کرتا ہے اور خواص سے مجرب یہ ہے کہ چارسو درم گلاب مین سات درم نقرہ کو سات مرتبہ سرد کرین پھر پانچدرم سونے کو پانچ مرتبہ
پھر چالیس درم لوہے کو نو بار اور پندرہ درم مقدار مین وہ گلاب پئین تو تمامی امراض آلات غذا کو زائل کرتا ہے اسیطرح سوداوی کو فوائد مکتوبہ
سے ہے فندادرزردی بیضہ و دار چینی سے دین دوائی برائے ذرب مجرب اکثر اطبا سے ہے ترکیب پوست سنگدان مرغ لونگ ہر ایک ایک ایک تولہ
کوٹ چھان کے تین روز مین کھائین اس طریقہ سے نو دن تک استعمال کرین دوائی برائے اسہال مراری و خونی و بعض مجرب صاحب تحفہ ترکیب
صمغ عربی ہر روز تین مثقال بیس کے پئین تین دن تک یا اس سے کچھ زیادہ اگر اسہال کے ساتھ سدہ ہو پوست خشخاش مثل غبار کے پیس کے ایک
مثقال سے دو مثقال تک پینا مجربات سے ہے اور اگر گوند ممزوج کرین بدستور تو عد بگیر اسہال صفراوی وغیرہ کو فوراً روکدیتی ہے ترکیب
گولرکی کو پلین ایکدام مانند غبار کے پیس کے پانی مین ملا کے بوتل مین ہلائین اور چھان کے پی لین تین روز مین پورا اثر ظاہر ہو جائیگا ایضاً برائے
حبس اسہال جو جماد لگوٹہ کھانے سے ہو جاتا ہے ترکیب کتیرا پیس کے دہی مین ملائین اور کھالین دوائی برائے انواع اسہال کہ مادہ بارد سے
ہو ترکیب سماق کزمازج زیرہ انیسون بریان اقاقیا زرورد بالچھڑ حب الآس کندر بریان کوٹ چھان کے تین درم ہمراہ شربت سیب دین اور قرص
عود کھلائین دوائی ذرب و زلق الامعاء اور رخاوت معدہ کیواسطے مجرب حکیم علی سے ہے ترکیب تخم خردل سفید تخم ترہ تیزک تخم ریحان مسعول
تخم مرو بارتنگ تخم خشخاش سفید ہر ایک دو درم سکو بریان کرین مصطگی سعد کوفی قصب الذریرہ انیسون ہر ایک تین درم بادیان دو درم

ان اجزا کو کوٹ کے بغیر کوٹے ہوے بیجون کیساتھ ملائین اور ہر روز ایک مثقال سے دو مثقال تک کھائین دوائی ہندی کہ اسہال و زحیر مین عجیب الفعل ہے
ترکیب نسخہ سونٹھ بیلگری کشنیز خشک زنجبیل سریالا صندل سفید و کتول حسب مزاج تغیر و تبدل وزن مین کرین اور گرم مزاج مین سونٹھ کو موقوف کر دین
سب چیزین تین تین ماشہ لے کے کل مجموعہ کو آدھ سیر پانی مین بھگو دین صبح کو جوش کرین جب چار دام پانی رہ جاے صاف کر کے افشردہ پئین اور اسکے بعد
پاؤ بھر پانی مین جوش کر کے شام کو پئین اور حکیم شریف خان اکثر بچون کے ذرب مین استعمال فرماتے تھے اور فائدہ عظیم ہوتا تھا دوائی زلق معدہ و امعا
اگر اخلاط بارد سے ہو انطاکی سے ترکیب اکثر یہ علتین بلغم سے ہوتی ہین ان مین قے سے بہتر کوئی چیز نہین ہے پہلے شبت و بورق و ترب و عسل و ماہی
شور سے قے کرین کہ یہ بہترین چیزین ہین جو معدہ کا تنقیہ کرتی ہین بعد اسکے قے کی مداومت رمانی یا سکنجبین بزوری سے رکھین اگر ازلاق بھی ہو گلقند
عسلی تیس درم لے کے عناب تمر ہندی ہر ایک پندرہ عدد سداب انیسون تخم شبت ہر ایک سات ماشہ سب کو چار سو درم پانی مین پکائین جب پچاس درم
باقی رہے صاف کر کے پی لین اگر فائدہ نہ کرے مکرر استعمال کو دین کہ مجربات سے ہے بعد اسکے مربائے ادرک مربائے جوز و جوارش عود و عنبر و مصطگی استعمال کرین
اور اس شوف مین کوئی نقصان نہین ہے چنانچہ سدیدی نے شرح موجز مین اسکی طرف اشارہ کیا ہے اور باقی وہی ہے کہ علاج اسہال معوی رطوبی مین بیرعوض
کے قول مین تحریر ہو چکا ہے الفصادہ کہتا ہے کہ زلق معدہ و امعا اگر کسی خلط کے سبب سے ہوتا ہے پس اوسکا تنقیہ واجب ہے پہلے دموی مین فصد سے
اور صفراوی مین بسبب کمیت و کیفیت کے دموی مین اور رداءت کیفیت کے سبب سے صفراوی مین بعد ازان استعمال سکنجبین و زیادہ کرنا انواع
انار کا معہ اونکے پردون کے اور تمر ہندی مین ماء الشعیر پینا سیب منخوش زعرور و عناب کا نقل شربت ورد و اقراص ورد کا استعمال جاننا چاہیے
کہ اس بارہ مین جوارشات بہت مفید ہوتی ہین بلکہ سواے اونکے اور کسی شے سے ترکیب نہ دین اوس سے ماخوذ چارین جوارش صندل و سیب ہے اگر قبض
نہ ہو تو انکا استعمال مثل سبقی و شعیری کے باک نہ کرین یہ ترکیب میرے مجربات سے ہے انیسون کشنیز ہر ایک ایک جز و مصطگی نصف جز سب کو آب پودینہ
اور سرکہ مین بھگو دین تھوڑا سا بورق اوسمین حل کرین پھر شہد مربائے آملہ مین ڈال دین اور پسے ہوے صندل سے خوشبودار کر کے استعمال کرین یہ شربت
نفع کرتا ہے براے زلق و بطلان اشتہا و صعود ابخرہ و سوء ہضم و اختراع و صداع و اوجاع عارضہ بہنگام تناول اغذیہ و اسہال صفراوی مین اشربتون
کے ذیل مین نسخہ آئیگا نوع دیگر انطاکی سے ترکیب اگر زلق معدہ و امعا قروح سے ہو تقلیل حوامض و تکثیر صموغ و ذوات اللعاب و ادہان مثل بزر قطونا
و روغن بادام واجب ہے اور غذا وہ کہ جسمین قبض و تغذیہ ہو مثل خرفہ و چقندر و قطف و اطریہ ہمراہ بادام آب مدبر پئین اور الطف تدبیر اسکی یہ ہے کہ اوسمین چند
مرتبہ لوہیکو بجھائین بعدہ مصطگی ملا کے نئے برتن مین جوش دین اور ٹھنڈا کر کے کام مین لائین اور ایک گردہ اوسمین برگ آس و قطع الجبار چھوڑتا ہے یہ فعل اچھا ہے
اور تضمید معدہ مین آس و صندل و اقاقیا و عدس سرکہ مین بھگوئین اور تخضیب اطراف حنا و عصفر کو گلاب یا آب کدو مین ملا کے کرین باک نہین ہے دوائی
اسہال کبدی اسہال کہ جگر سے ہوتا ہے اوسکا نام قیام کبد ہے علامت اسکی یہ ہے کہ اسہال کبدی مین کیلوس ہضم بخوبی ہوتا ہے اور فعل معدہ مین نقصان نہین ہوتا ہے بخلاف معدی کے اور اکثر اسہال معدی دن کو
ہوتا ہے اور اکثر اسہال کبدی رات کیوقت و ایضاً بد بو ہوتی ہے اور اسی سے فرق سمجھا جا سکتا ہے اسہال کبدی و معدی کا پس اگر ضعف قوت ہاضمہ جگر کا
ہوتا ہے کیلوس کسیقدر ہضم ہو کے اسہال مین نکلتا ہے اگر بطلان ہاضمہ سے ہوتا ہے کیلوس غیر منہضم خارج ہوتا ہے اور اگر تغیر و تشویش محل ہاضمہ سے

ہوتا ہے کیلوس فاسد دفع ہوتا ہے اور بول بے نضج ہوتا ہے اگر ضعف قوت ماسکہ جگر سے ہوتا ہے اکثر اجزاے کیلوس ہضم ہو کے نکلتے ہین اور غذا مدت ہضم
تک کبد مین نہین رہتی اگر ضعف قوت دافعہ جگر سے ہو اسہال غسالی (یعنے ایسا پانی کیطرح دست آتا ہے جسطرح تازہ گوشت کا دھوون) ہوتا ہے
اگر ضعف قوت جاذبۂ جگر سے ہو کسی قدر کیلوس بحسب طاقت قوت مذکور جگر مین منجذب ہوجاتا ہے اکثر اوس سے اسہال مین دفع ہوتا ہے اور اسباب
ضعف قواے مذکورہ وقوع سوء مزاج ساذج یا مادی ہونے ہین جگر مین اور علامات مخصوصہ ہر واحد کہ اُنکی قسمین نسخہ اُنکے علاج کے دوائی ضعف جگر
مین مفصل بیان ہوچکی ہین لیکن اگر اسہال کبدی اجتماع مادۂ فاسد سے جگر مین ہو کہ جگر کی قوت اُسکے دفع کرنے مین کوشش کرتی ہو تو وہ اسہال
صفراوی یا صدیدی ہوتا ہے صدید زرداب کو کہتے ہین صفراوی کا سبب صفرا کی زیادتی ہوتی ہے جگر مین اور قوت قوۃ دافعہ جگر مین اور سبب صدیدی
کا احتراق خون ہے جگر مین اور اُسکے اتباع مین دوسرے اخلاط کا احتراق علامت دونون کی وہ ہے کہ جگر مین گرمی و سوزش ہوتی ہے اور دوسرے علامات
جو ضعف جگر جار مین مذکور ہوے پیدا ہوتے ہین اسہال متواتر نہین آتے جب معدہ خالی ہوتا ہے اسہال زیادہ ہوتے ہین اور شکم سیری مین قلت ہوتی ہے
وایضاً صفرا و صدید براز مین مختلط نہین ہوتے بلکہ علیحدہ اُس سے باہر آتا ہے کبھی سُودی ہوتا ہے خارج ہونے سے قطعہ لحمی کے جرم کبد سے کہ آگ مین
بھی نہین پگھلایا جاسکتا یہ موت سے نزدیکی کی دلیل ہے وجع و درد نہین ہوتا بشرطیکہ اسہال کبدی زیادہ دن گذرجانے سے امعا مین سحج نہ پیدا کردے
ترکیب اگر اسہال خونی ہو چند روز غذا نہ کرین اور جب تک مریض کے ضعیف ہونے کا اندیشہ نہ ہو بند نہ کرین اور فصد باسلیق باریک کھلوائین
تھوڑا تھوڑا خون لین اور ہاتھ پانون اور پستان باندھ دین اور جو دوا براے نفث الدم مذکور ہوئی ہے دین اور زرورد و صندل سفید گلاب مین حل کرکے
جگر پر لیپ کرین اگر اسہال صفراوی صدیدی آئے چاہیے کہ بند نہ کرین کہ کبھی استسقا وطحال پیدا کردیتا ہے اور کبھی دفعۃً ہلاک کردیتا ہے اور تسکین جگر
اُس دوا سے کہ جو بہت قابض نہو کرنا چاہیے اور مثل شیرۂ صندل و شیرۂ عناب و شیرۂ خشخاش ہمراہ سکنجبین یا شربت انارین اور ماء الشعیر کی غذا کرین
صندل و گلاب کا دل و جگر پر لیپ کرین اور فصد اُسلیم بائین ہاتھ کی کھلوانا صدیدی مین نافع ہے اور بعد تسکین و تنقیہ کے صفراوی مین قوابض مقوی جگر
مثل زرشک و لک و تراوند و انار دانہ و شربت صندل و حب الآس کے دین اور جبکہ اس بیماری کے آخر مین بسبب کثرت مرور صفرا بردہ خراش سحج
امعا کے اندر معلوم ہو اور علامات امراض سحج اس صورت سے پیدا ہوجائین کہ وہ اخلاط کبھی خون مین مل کے باہر آئین اور کبھی تنہا کبھی بیمار ان کے
خارج ہونے سے راحت پاے کبھی تکلیف ہو درد سے غشی کی نوبت آتی ہو اس صورت مین چاہیے کہ باوجود مراعات جگر کے اور تعدیل مزاج کے مغریات
مانند صمغ عربی و نشاستہ و کتیرا و اسبغول و بارتنگ و تودری گھی مین چرب کرکے اور مثل ان کے کہ فصل سحج مین آئیگا دین اور اسہال غسالی کہ بسبب ضعف
جگر ہوجاتا ہے اور ایک وہ جو اُسکے سدہ کے سبب سے ہوتا ہے اور قیحی کہ بسبب انفجار ورم جگر ہوتی ہے ان کا علاج مثل علاج ضعف جگر و سدۂ جگر
و دبیلۂ جگر کے ہوتا ہے جیساکہ ہر ایک کی دوائی مین متعلق امراض جگر گذرچکا ہو سوئز کا اسہال غسالی مین کھانا مجربات شیخ الرئیس سے ہے طباشیر و گل سرخ
و سنبل الطیب سُنجہ بھی نافع ہے اور استعمال قابضات صرف اسہال سدی و ورمی مین وایضاً جگر پر تضمید سے ادویہ شدید التبرید کے سدی مین اجتناب
واجب ہے ابتداے قیام کبدی مین روٹی کے کھانے سے احتراز اولی ہے اور اسہال دموی کبدی کہ اوسکو ذوسنطاریاے کبدی کہتے ہین دوائی

اسہال الدم مین اسکا ایضاً نافع اسہال کبدی و بدنی کہ حرارت سے یا خلط حار سے ہوجاتا ہی مجربات قرشی سے ہی ترکیب انار دانہ دس درم صندل سفید
زر درو زرشک حب الآس ہر ایک چار درم گرم پانی یا آب کاسنی یا آب بارتنگ مین بھگو دین اور صاف کر کے شیرہ تخم خرفہ بریان آب مذکورہ
نکال کے شربت سیب یا حب الآس داخل کر کے پیئین اور زیادتی حرارت کی صورت مین تھوڑی طباشیر بڑھا دین اور حالت شدت حرارت مین جو کے
برابر کافور کا اضافہ کرین یا قرص کافور شربت سیب مین ملا کے پہلے کھالین اوپر سے دوائی مذکور پئین اور تبرید کبد کے واسطے اضمدہ باردہ شکم پر لگائین
اور پانچ چھ روز تک یہی علاج کرین ان دونون مین غذا سویق ہمراہ شربت سیب مبخوش یا شربت صندل یا ماء الشعیر بریان ہمراہ شربت سیب ترش
یا مزورہ انار دانہ کوفتہ بنالین اگر قوت ضعیف ہو زیرباج برہ و بزغالہ یا شوربا جوزہ مرغ ہمراہ آب انگور یا حب الرمان مدقوق یا سماق یا جو مقشر
یا خشخاش دین جبکہ حرارت کم ہوجاے اور مزاج کسیقدر اعتدال پر آجاے اور کیفیت خلط مندفع اصلاح پذیر نظر آئے و نتن و لذع و احتراق و اختلاف
الوان زائل ہوجاے تو قابض قویہ مثل حب الآس و سفرجل کے استعمال کرین اگر چاہین بزور بریان و گل ارمنی اور مانند ان کے اضافہ کرین دوائی اسہال
معوی وہ اسہال جو رودہ سے ہوتا ہی علامت اسکی یہ ہی کہ جو خلط مندفع ہوتا ہی براز مین مل جاتا ہی اور اگر وہ سحج کے ساتھ ہوتا ہی علیحدہ بیان ہوگا اگر سحج
کے ساتھ نہ ہو اوسکو زلق الامعاء کہتے ہین پس اگر اوسکا سبب رطوبت امعاء ہوتی ہی کہ بواسطہ اُسکے ثقل امعاء مین مکث نہین کرتا علامت اوسکی خروج
رطوبت ہوتی ہی معہ ثفل قلیل الہضم کے اور معدہ آفت سے بچا رہتا ہی ترکیب تنقیہ مسہل حار و حب ایارج سے کرین بعد ازان سفوفات و اقراص
قابضہ سخنہ کھلائین اور مصطگی و طباشیر ہمراہ گلقند یا مربہ آملہ مفید پڑتا ہی سفوف مقلیا سا بھی نافع ہی اور تشنگی و گرسنگی مین استعمال مدرات بہت نفع کرتا ہی
سفوف یہودی کھا کے شیرہ بادیان نو ماشہ و انیسون و زیرہ سفید ہر ایک چار ماشہ الائچی تین ماشہ قرنفل دو ماشہ شربت خشخاش و گاؤزبان ہر ایک
ایک تولہ دین یا سفوف مقلیا سا نو ماشہ شیرہ بادیان نو ماشہ الائچی پانچ عدد و لعاب حلبہ و تخم کتان و کنوچہ ہر ایک تین ماشہ کندر بریان تین ماشہ چھڑک
کے پی لین و مصطگی و سعد و قرنفل گل سرخ بادیان شراب مین ملا کے لیپ لگائین غذا کباب گردہ و چینی مرکی افیون چند بید ستر برابر لے کے سیاہ مرچ کے برابر
گولیان بنائین چار پانچ روز کھائین مجرب ہی اور جو اسہال معدی رطوبی مین کہا گیا ہی سب مفید ہی اور جب تک ضعف کا سبب ہو ہضم کو جوارشات حارہ
سے تقویت دین اگر مرض طول کھینچ جاے اور ضعف و نقاہت پیدا ہو برشعشا تریاق کبیر و قرص زرشک و شربت حب الآس و شربت انجبار سے علاج
کرین اور جب تک قوت قوی ہو گوشت و روغن سے اجتناب کرین ضعف قوت کی صورت مین گوشت کنجشک مطنجن روغن بادام کیساتھ دین اور
جلوس نمک کی تھیلی پر اور چادرس و سبوس گندم و آجر گرم پر اور تضمید دہن المبارک کی جو فصل لقوہ مین گذرا سود مند ہی اگر بسبب بثرہ و قرحہ کے جو
کہ مواد حارہ صفراوی سے سطح داخلی معاء پیدا ہوجاے اور جب اُس تک غذا پہونچے بباعث احداث لذع جلد مندفع ہوجاتا ہی علامت اُسکی یہ
ہے کہ معہ ثفل غیر منہضم صدیدی رقیق و قشور کے ہوتا ہی اور جس وقت کھانا معدہ سے امعاء مین جاتا ہی درد محسوس ہوتا ہی اور ایک سوزش موضع
امعاء سے سر کیطرف اُٹھتی ہی ٹھنڈا پانی پینے سے تھوڑی دیر کے لیے سکون ہوجاتا ہی منھ کڑوا ہوتا ہی کبھی ایسا بھی ہوتا ہی کہ یہ بثور سطح بیرون امعاء عارض
ہوتے ہین اس قسم مین صدید و قشور نہین ہوتا زیر ناف اور بہو و نیز درد معلوم ہوتا ہی اور طعام غیر منہضم بغیر پیچ کے آتا ہی علاج اسکا فصد باسلیق کھلوائین

اگر ضرورت ہو طبلیہ زرد سے مسہل دین اور جار تخم کو روغن بادام مین چرب کرکے گلاب کیساتھ کھائین اور ادویہ مغزیہ مثل صمغ عربی و کتیرا و نشاستہ
بریان کرکے ہمراہ لعاب بہدانہ و لعاب ریشہ خطمی گلاب و عرقیات مین نکال کے جار تخم کو روغن بادام مین چرب کرکے دین اور سفوف زلق الامعاء شوری
وغیرہ اشربہ سرد مثل شربت خشخاش و شربت انار شیرین و شربت حب الآس اور سوائے انکے مفید ہین و قرص طباشیر قابض ہمراہ شربت خشخاش و
قرص گلنار ہمراہ رب آس و رب بہ نافع ہے یا طباشیر کتیرا کہربا گل ارمنی شربت سیب و انار و لاڈو مین ملا کے اسپغول نو ماشہ آدھ پاؤ گلاب مین
جوش کرکے روغن گل داخل کرکے ہمراہ شربت خشخاش دین یا طباشیر دو ماشہ و سبوس اسپغول چار ماشہ کھاکے لعاب بہدانہ و ریشہ خطمی عرقیات مین
نکال کے پی لین اور اضمدہ باردہ قابضہ مثل طحلب و آرد جو و گلنار و صندل ہمراہ آب حب الآس پیٹ پر رکھین اور غذا سویق شعیر و برنج یا عدس
و روغن بادام تناول کرین اور خالص ترشی سے پرہیز کرین تاکہ حرقت نہ بڑھ جاے اگر زلق الامعاء انصباب صفرا کی وجہ سے امعاء پر اخصاب ہو
کہ اُس لذع کیوجہ سے جو امعاء مین ہو دفع ہوتا ہو علامت اوسکی خروج صفرا ہے بالذع مقعد و ظہور دیگر آثار صفراء کے علاج اوسکا تنقیہ کرانا
ہے اور تنقیہ صفرا مسہل بارد سے یا حقنہ بارد سے اگر طاقت کافی ہو فصد باسلیق مین بھی مضائقہ نہیں تنقیہ کے بعد تقویت امعاء کے لیے قرص طباشیر
و شربت انار دین اور جو چیزین قابض و سرد امعاء و مقوی احشاء ہو استعمال کرین پینے اور لیپ دونون مین اور حسب ضرورت مقویات معدہ
عمل مین لائین و گل ارمنی و صندل سفید و زرد ورد و اقاقیا آب مورد مین لیپ کرین آہن تاب دہی کا پینا بھی مفید ہے جبکہ مادہ انصباب پر مائل ہو
علاج سحج کا تخمہاے باردہ لعابیہ برشتہ سے مع شربت بنفشہ وادویہ مغریہ جو زحیر مین آچکی کرنا چاہیے اور جس جگہ صفرا کے ساتھ بلغم بھی مرکب ہو
دونون کے آثار پاے جائین اور تقدم تناول نواکہ گواہی دے اس صورت مین دونون کا تنقیہ کرین اور وہ جو صفراوی رطوبی مین مذکور ہوا کام مین
لائین سفوف ہلیلہ کھائین اگر سحج انصباب بلغم سے ہو علامت اُسکی کثرت ریاح و قراقر اور خفیف درد ہوتا ہے بلغم خارج ہوتا ہے بلغم کا تنقیہ کرین
بعد ازان علاج سحج جار تخم و سفوف مقلیاسا سے کرین اگر سحج انصباب سوداے ہو علامت اوسکی خروج سودا مع خراطہ امعاء ہوتی ہے یہ قاتل
ہوتا ہے بہرحال تنقیہ سودا اور منع انصباب سودا و تقویت طحال کرین بعد اسکے سفوف طین ہمراہ ادویہ لعابیہ وغیرہ مانند لعاب بہدانہ و
لعاب ریشہ خطمی و شربت بنفشہ و جار تخم کے کھائین حموضات سے اجتناب کرین اگر سحج ثفل یابس سے ہو یا قبض طبیعت اور براز خشک آئے
علاج قولنج سددی کا کرین و اگر شربت مسہل قوی باعث زلق الامعاء ہو جار تخم بریان کرکے روغن گل مین چرب کرین اور دین یا بیہ و لعابیہ گاے کے
نہاری مین تھوڑی دیر ڈال کے دین اگر حب الرشاد مسحوق دہی مین جوش کرین اور دہی گاڑھا ہو جاے تو کھلائین جلد عمل کرتی ہے کبھی ایسا ہوتا ہے کہ جو
اعصاب رودہ مین آجاتے ہین بلغم ممتلی ہو جاتا ہے یا ضربہ و سقطہ اُسکے مبادی پر پہونچتا ہے اور ایک علت جنس فالج سے تمام امعاء پر عارض ہوتی ہے
اور امساک غذا سے بسبب اپنے استرخاء کے عاجز ہوتے ہین اس قسم زلق الامعاء کا علاج دوائی فالج مین ڈھونڈھیں ایضاً براے زلق الامعاء
رطوبی میر عوض علی سے ترکیب دواے قے کے بعد اور مطبوخ کے پینے کے بعد جو قول انطاکی مین گذرا ہے اور وہ سفوف جو ملا سدید نے مقرر کیا ہے
سفوفات مین آنیوالا ہے دین اور جب تک ضعف کا اندیشہ نہ ہو ہضم کو جوارشات حارہ سے تقویت دین اگر مرض طول پکڑ جاے اور ضعف و نقاہت

روناہو تو پرشعثا و شرودیطوس و تریاق کبیر و قرص زرشک و شربت حب الآس و شربت الجبار سے علاج کرین اور سفوف محلب شوع بھی مجرب ہی سفوفات مین وہ بھی آیگا۔ دوائی اسہال جمیع اعضاء سے اگر یہ ذوبان اعضاء سے ہوتا ہے علامت اسکی التہاب تپ دق و سقوط قوت و بدبوئی براز و اختلاف الوان براز و دسومت براز و دہنیت بول ہوتی ہی اور معدہ و جگر و امعاء مین کوئی نقصان نہین ہوتا یہ قسم مثل تپ دق کے علاج پذیر نہین ہوتی دق کا علاج کرین بعدہ قابضات جو دق مین لکھے گئے ہین دیتے رہین اگر اجتماع اخلاط فاسدہ عروق اعضاء مین ہونے سے لاحق ہو کہ بسبب حمیات ادویہ و سموم ضارہ فساد کیطرف تحلیل ہوتا ہی اور طبیعت از روے کراہت بذریعہ اسہال کے اسکو دفع کرتی ہی اگر بسبب امتلاء شدید فضلات سے ہو کہ بوجہ ترک ریاضت و استفراغ معتاد و برد خارجی مانع تحلیل و تراکم تخمہاے کثیر محدث ہیضہ بدن مین مجتمع ہوتا ہی اور طبیعت بسبیل انتقاص اسکو دفع کرتی ہی اگر بسبب سدہ و عروق ہو کہ غذا بواسطہ امتناع نفوذ اعضاء کے بطریق اسہال مندفع ہوتی ہی علامت اسکی یہ ہی کہ ان اقسام مین بھی اختلاف الوان براز ہوتا ہی لیکن مریض اسہال کے بعد خود بخود کمی و راحت محسوس کرتا ہی چاہیے کہ ایسے اسہالون کو بند نہ کرین اور سبب کے ازالہ کی کوشش کرین اور اسہال بحرانی یعنے جو بحران کے دن ہوتا ہی ان ہی قسمون مین سے ہے اسکو بند کرنا بھی برا ہی اور جو سقوط قوت ماسکہ کے سبب سے ہو جیسے کہ خوف سے اور آخر سل و دق مین عارض ہوتا ہی اس جگہ بھی ازالہ سبب کافی ہوتا ہی اور وہ اسہال کہ جو تعفن ہوا کے سبب سے ہو بہت ضعف و خفقان و کرب ہوا و تعفن ہو علاج اسکا تریاق الطین وغیرہ دینا اور برف مین سرد کیا ہوا پانی سر پر ڈالنا مفید ہوتا ہی اور کپڑا صندل رنگ کے پہننا اور دوسری مفرح تدبیرین کام مین لانا اور غذا مین دہی داغ کیا ہوا کھانا مفید ہی دوائی اسہال کہ بچون کو عارض ہوتا ہی اکثر دانت نکلنے کے وقت ہوجاتا ہے اور اوسکا حبس مناسب نہین ہی مگر اسوقت کہ اسکی زیادتی سے مضرت کلی ہوتی ہو دانت نکلنے کے واسطے دوائی تسہیل نبات اسنان مین جو بیان ہوا ہی کام مین لائین کہ اصل علاج یہی ہی اور زیادتی اسہال کیصورت مین زہر مہرہ اور طباشیر اور مانند ان کے کہ دوائی عطاش مین گذرا حبس کرنا چاہیے۔ بلگیری کوٹ کے ہموزن انتستین نبات کے ملا کے نیم گرم پانی کیساتھ دین سودمند ہوگی اگر پیاس زیادہ ہو ہمراہ شیرہ خرفہ اور جب تپ نہو ہمراہ ماست چکیدہ کے دین کہ قوی الاثر ہے اگر پوست خشخاش بلیلہ سیاہ گھی مین بھون کے اسکے ہموزن شکر ملا کے قدرے قلیل بچے کو دین براے حبس شکم اس سے بہتر دوا نہین ہی جو بچہ خود غذا کھاتا ہو پنیر مایہ خرگوش یا پنیر مایہ بزغالہ بقدر ایکدانگ ٹھنڈے پانی کیساتھ دین اسیوقت بند کر دیتا ہی مگر اسدن دودھ نہ دین بلکہ غذا سے بھی پرہیز رکھین فادزہر حیوانی گاے کے دہی مین پیس کے کھائین نہایت سودمند ہی لعاب تخم ریحان و بارتنگ و اسپغول بریان جبکہ معدہ ضعیف نہ ہوا ہو بہت فائدہ کرتا ہی اور جو اسہال تپ و سرفہ کیساتھ ہو شربت حب الآس صبح و شام چند انگلیان چٹائین سخت نافع ہی تضمید شکم زیرہ و حب الآس و عود ہندی باریک پیس کے گلاب و سرکہ مین ملاکے نافع ہی اور جو اسہال سدہ جگر و ماساریقا کے سبب سے ہوتا ہی غیر وقت مین نبات اسنان و فطام واقع ہوتا ہی علاج اسکا تفتیح سدہ و تقویہ جگر و معدہ ہی اور مربہ بلیلہ ہمراہ عرق بادیان اور کبھی کبھی نوشدارو دینا اس قسم کے واسطے سودمند ہی ایضاً براے پیچش و اسہال مجرب ہے ترکیب بادیان بریان زیرہ سفید بریان بلگیری مڑ دھلی گل سپیاری ہر ایک چھ ماشہ پودینہ زنجبیل بلیلہ سیاہ بریان ہر ایک چار ماشہ

کشنیز خشک بریان دانہ الائچی پوست خشخاش بریان ہر ایک تین ماشہ اسبغول چار تولہ شکر سفید پانچ تولہ سوائے اسبغول کے کل چیزون کو پیس کے باہم
ملا دین اور اکمیولہ کھائین دوائی اسہالات مزمنہ مین مثل اسہال بواسیری کے اور تقویت اعضاء کے واسطے معمول اساتذہ کرام ہے ترکیب
ریشہ خطمی تخم مرو ہر ایک چار ماشہ جوش کرکے ہمراہ سفوفات قابضہ مقویہ بابارتنگ دانہ بیل ہر ایک چار ماشہ پانی مین بکا کے سفوفات مذکورہ کیساتھ دین
دوائی اسہال کی جو ضعف ماسکہ دبرودت سے ہو ماہی مجربات شیخ الرئیس سے ترکیب عود خام زیرہ سرکہ مین بھگو کے بھونین نانخواہ کرویا سونٹھ بریان
قاقلہ تخم مورد مساوی الاجزاء کا سفوف بنائین خوراک تین درم نمک اگر ریاح کثیر ہون تخم شبت سفرم و سداب داخل کرین اگر بلغم و صفرا مرکب ہو
اور دونون مین سے ایک کے خروج اور دوسری علامات سے معلوم ہو اس صورت مین بلیلہ زرد ابکجز دحرف نصف جزء سنگ حب الآس سماق کزمازج
ہر ایک ابکجزء سفوف بناکے تین درم کھائین دوائی ہندی برائے اسہال طبعی ترکیب گلنار تین ماشہ الائچی مسلم سات عدد بادیان بریان چھ ماشہ
زیرہ سفید نیم برشت دو ماشہ پانی مین بھگو نکال کے شہد خالص ملاکے دین دوائی مجرب حکیم کلو صاحب برائے پیچش کہ بعد مسہل قوی ہو جاتی ہے ترکیب
خس کوفتہ ناسپال گلنار موتھ انار دانہ کشنیز خشک ہر ایک نو ماشہ صمغ عربی چار ماشہ لیکر نیم آثار پانی مین جوش کرین جب چوتھائی پانی رہ جائے
صاف اور سرد کرکے پئین ایضاً منہ مغز بیل نو ماشہ خس کو کنار موتھ گلنار کندر بادیان ہر ایک تین ماشہ سبکو کوٹ کے آدھ سیر پانی مین جوش
کرین جب چوتھائی رہے صاف اور سرد کرکے پلادین اور یہ گولی برائے اسہال و پیچش خون کیساتھ مجرب حکیم موصوف ہے گلنار ناسپال مائین سفید
گوند ببول حب الآس کندر اجوائن افیون ہر ایک چار ماشہ سرکہ خالص دو تولہ پہلے سب کو کوٹ چھان کے افیون سرکہ مین حل کرکے ادویہ مسحوقہ
اسمین ملادین آگ پر چڑھائین جب سرکہ خشک ہو جائے چنے کے برابر گولیان بنالین خوراک پانچ سے سات عدد تک ہر صبح و شام کھائین اور
لوہے سے بجھایا ہوا پانی کہ اسکا چوتھائی تحلیل ہو گیا ہو پیاس کیوقت پئین غذا بھی اسی پانی مین پکائین کھچڑی دال مونگ مقشر یا موہنم بریان
یا چاول کھائین اگر مریض کو تب بھی لاحق ہو یہ گولیان جوشاندہ مذکور کے ہمراہ دین دوائی برائے اسہال افیونی ترکیب سونٹھ نصف بریان
نصف خام بھنگ بریان سفوف کرکے بقدر نخود دہی خشکہ کے ایک نوالہ مین کھائین اور یہ پانچ سادے لقمہ کھالین اور یہ علاج تین دن
کرین اور گوشت روٹی سے پرہیز کرین تو عدیگر برائے اسہال افیونی وکوکناری معمول ہے ترکیب لودھ اندرجو تلخ موچرس بیلگری گل دھاوہ تربالا
عاقر قرحا کنول گٹہ اتیس جوز بوا افیون مساوی پیس کے بقدر قوت پانی سے کھائین ایضاً اس بارہ مین مجرب ہے ترکیب گل دھاوہ رال
ہر ایک چار ماشہ سفوف کرکے آہن تاب ہی کیساتھ دین دوائی برائے اسہال و پیچش کہنہ معمول ہے ترکیب بادیان زنجبیل ہلیلہ سیاہ پوست
خشخاش سب کو بریان کرکے کوٹ چھان کے دو ماشہ پانی کے ساتھ پھانکین دوائی اسہال کہنہ کو بند کرتی ہے ترکیب مغز بیل موچرس آم کی
گٹھلی ہر ایک ایکدام پختہ جوز بوا ایک عدد افیون بقدر نخود پیس کے حسب حاجت ایک مٹھی یا کم و بیش کھائین تو عدیگر برائے اسہال و پیچ و زحیر و ضعف
معدہ معمول ہے ترکیب بھنگ مدبر چار ٹانک مصطگی انار دانہ کوکنار نیم برشتہ ہر ایک نیم ٹانک سونٹھ نیم برشتہ الائچی کشنیز خشک بریان ہر ایک ایک
ٹانک صمغ عربی ربع ٹانک کوٹ چھان کے ہمراہ ٹھنڈے باسی پانی کے ساتھ بقدر قوت مریض استعمال کرین اور بھنگ کے مدبر کرنیکا طریقہ یہ ہے

که برگ قنب اول قسم کے جن کے اوصاف کرکے روغن بنفشہ یا روغن بادام یا روغن گاؤ سے چرب کرین پھر علف سبز جیسے ہندی مین دوب کہتے ہین اسکا شیرہ نکالین اور تھوڑا سا شیرۂ نانخواہ اُسمین ملادین اور یہ دونون شیرے تھوڑی سی بھنگ مین ڈالدین اور ہاتھون سے ملدین اور مٹی کے کورے برتن مین بھگوئین اور اُتار لین بعد سرد ہونے کے پھر شیرہاے مذکور ملائین اور بریان کرین اسی طریقہ سے بریان کرکے کام مین لائین دوائی براے اسہال صفراوی مجرب ہے ترکیب زہر مہرۂ خطائی مروارید ناسفتہ سودہ طباشیر صمغ عربی گل داغستانی ہر ایک ایک ماشہ پیس کے رب بہ مین ملاکے چاٹین اسکے بعد شیرۂ کشنیز مقشر بھون کے سات ماشہ شیرۂ تخم خرفہ برشتہ ایک تولہ دانہ ہیل برشتہ دو ماشہ عرقیات نکال کے رب شیرین دو تولہ داخل کرکے بارتنگ چھ ماشہ چھڑک کے پئین اور کبھی کہربا ایک ماشہ کافور نیم سرخ شیرۂ زرشک نو ماشہ اور کبھی شیرۂ حب الآس اور کبھی شیرۂ زیرۂ سیاہ بریان تین ماشہ ملاکے دین دوائی براے حبس اسہال اطفال مفید ہے ترکیب زہر مہرۂ خطائی کہرباے شمعی پسد سوختہ ہر ایک ایک ماشہ کوٹ چھان کے شربت خشخاش ایک تولہ ملاکے کھائین اور بر سے حب الآس بریان بیلگری بریان بیخ انجبار برگ کیکر ہر ایک تین ماشہ پانی مین شیرہ نکال کے شربت بھی ایک تولہ ملاکے پئین دوائی حابس اسہال اطفال مجرب و معمول ترکیب بیلگری موتھہ دھنیا مساوی لیکے کوٹین چھانین اور پانی سے دھوے ہوے سرخ چاول کے ساتھ دین ایضاً براے اسہال و حبش اطفال معمول ہے ترکیب گل دھاوہ بیلگری اندرجو جنس مساوی کوٹ چھان کے ایک ماشہ یا کم و زیادہ شہد مین ملاکے چاٹین اور بعضے بجاے آملہ کے دھاوہ دیتے ہین اس صورت مین تے سے بھی نفع ہوتا ہے اور دوسرے نسخہ مین پٹھانی لودھ بھی داخل ہے اگر چاہین دوا کو جوکوب کرکے جوش دے کے پلائین نوعہ دیگر براے اسہال شدید اطفال مجرب ہے ترکیب پٹھانی لودھ گل دھاوہ ناگرموتھہ بیلگری چارون مساوی باریک پیس کے رکھین چھ ماہ کے بچے کے واسطے چار رتی اور ایک سال کے بچے کے واسطے ایک ماشہ دو برس کے بچے کے واسطے دو ماشہ دودھ مین حل کرکے دین ایضاً بچون کے اسہال کیواسطے کہ دانت نکلنے وقت ہوجاتا ہے نافع ہے ترکیب تخم خشخاش سفید کندر حب الآس سعد کوفی ہر ایک نیم درم کوٹ چھان کے انڈے کی نیمبرشت زردی کیساتھ اور شربت حب الآس مین ملاکے تھوڑا تھوڑا دین دوائی اسہال الدم اسہال خون کہ جگر سے آتا ہے ذوسنطاریا کبدی کہتے ہین اور جو کہ امعا سے ہوتا ہے اوسکا ذوسنطاریا معوی نام ہے سبب کبدی کا انفتاح یا انشقاق یا قطع رگ جگر سے ہوتا ہے بواسطہ کثرت امتلاے بدن خون سے اور احتباس سیلان خون معتاد سے اور اجتماع خلط حاد اکال یا قطع عضو بزرگ یا تفرق اتصال جگر ضربہ اور سقطہ سے اور سبب معوی یا خراش امعا ہوتا ہے اوسکو سحج کہتے ہین اوسکا الگ بیان آئیگا یا امعا کی کسی رگ کا منہ کھل جانے سے بواسطہ امتلاے عروق امعا خون سے اور علامت ذوسنطاریاے کبدی تقدم اسباب مذکورہ ہے اور عدم آمیزش خون ہمراہ براز اور درد و پیچش کا نہ ہونا کثرت مقدار و خلوص تمر وجود خون و بدبوئی خون [illegible] جگر و لزوم تپ اسہال کا دودھ کے ساتھ ہونا جب تشنگی کی شدت اور التہاب ہوتا ہے ایک ہفتہ سے زیادہ مہلت نہین دیتا علامت ذوسنطاریاے معوی کی دہن رگ کھل جانیسے ہوتا ہے اور وہ یہ ہے کہ آثار سحج اوسپر یا اسہال معوی کبدی کچھ نہین اگر کثر بغیر درد کے ہوتا ہے بخلاف سحج کے کہ درد اور مروڑ اکثر اوسمین لازمی ہوتی ہے اور فرق انفتاح افواہ عروق امعا مین غلاظ و رقاق وہ ہے کہ یہ کھلنا اگر امعاء مین غلاظ ہو پھر قیام مین پہلے براز خون ملا ہوا آتا ہے بعد ازان بغیر خون کے اگر امعا

دق ہوتا ہے ہر بار بسبب انقطار آتا ہے بعدہ خون ملا ہوا ترکیب ذوسنطاریاے کبدی مین چندروز غذا نہ کھائین جب تک کہ مریض ضعیف نہ ہوجاے بند نہ کرین اور فصد باسلیق باریک کھلوائین تھوڑا تھوڑا خون لین ہاتھ پانوٗن پستان خصیتین باندھدین تاکہ مادہ کسی دوسری طرف رجوع نہو بعد ازان قرص کہربا وغیرہ ہمراہ شیرۂ خرفہ وبارتنگ اور مثل انکے کہ دوائی نفث الدم مین بیان ہوئین دین اور زرورد وصندل کو گلاب مین پیس کے جگر پر ضماد کرین اور جس جگہہ تفرق اتصال جگر سبب ہو اول ازالہ سبب اور اُسکی نکایت کرنی چاہیے بجز اقراص قابض اللحم وبنار قرص نفث الدم کہ اُسکے برابر ریوند زیادہ کردین قبض والتحام مین بہت مؤثر ہے اور ذوسنطاریاے معوی مین فصد باسلیق لین بعدہ قابضات مثل رب بہی وشربت حب الآس وشربت انجبار وقرص طباشیر قابض وقرص کہربا اور مثل انکے ہمراہ ادویہ مغریہ مثل چار تخم وصمغ عربی بہدانہ اور مانند ان کے دین گل ارمنی نیم درم اور کوئی ایک مذکورہ شربتون مین سے دینا بہت نافع ہے اور مثل پوست انار وکزمازج وگل ارمنی تینون برابر کوٹ چھان کے گولیان بنائین اُسمین سے دو درم لین اس بارہ مین مجرب ہے اور عصیر برگ خرفہ کا حقنہ بہت مفید ہے گئی کا پورے پیٹ پر لیپ ایک ساعت مین حبس کردیتا ہے اور جو ریح بواسیر سے ہو اُسکی تدبیر کرین ایک ماہ تک کہ پانچہ کھانا حقنہ کرنا مجرب ہے اگر خون منجمد ہوجاے جو امراض معدہ مین براے جمود دم ذکر ہوا ہے عمل مین لائین جبکہ اسہال الدم بعد اسہال مراری وزحیر مراری کے معہ درد عارض ہوا درد نہ خصوصاً جبکہ اول خراطہ باہر نکلے بعد اُسکے صرف خون آئے دوائی اسہال الدم الطاکی سے تسکین ترکیب فصد قیفال جانب راستے کبدی مین اور جانب چپ سے معوی مین لین اور خون حسب احتمال نکالین اور ضعف کی صورت مین اوسکا مجرد اخراج کافی ہے کیونکہ غرض امالہ ہے نہ کہ استفراغ بعد اسکے گل مختوم تھوڑا سا عنبر گلاب مین حل کرکے دین پھر نوع کبدی مین وہ مطبوخ کہ جسمین وزن اوقیہ ہے اور مطبوخات مین آئیگا دین بعد ازان وہ سفوف کہ اُسمین گل ارمنی وصمغ عربی وتخم خرفہ ہر ایک ایکجزو ہے اور سفوفات مین آئیگا استعمال کرین اگر حرارت دیکھین طباشیر گل ارمنی کے ہموزن اُسمین اضافہ کرین اور قرص کہربا ہمراہ شیرۂ تخم خرفہ وبارتنگ مناسب ہے اور وہ سفوف کہ جسمین طباشیر وریوند چینی ولک مغسول ہے بھی اس کام مین سودمند ہے اور سفوفات مین آئیگا اور پیٹ کے اوپر آب کشنیز سبز واقاقیا وگل سرخ وآس وصندل وعدس مقشر وروغن بنفشہ کا متواتر لیپ کرین اور نوع معوی مین گلقند دو اوقیہ تخم شبت مصطگی ہر ایک ایکدرم دو رطل پانی مین جوش دین جب چھٹا حصہ باقی رہ جاے صاف کرکے چندروز دین تاکہ عفونت منقطع ہوجاے اگر طبیعت مین قبض محسوس ہو سنا کی روغن بادام مین مل کے مطبوخ مذکور مین اضافہ کردین جب نقاے کلی پر اعتماد ہوجاے تریاق فاروق ومثرودیطوس وسفوف مقلیاثا وآملہ مربی دینا چاہیے اور اطریفل سیاہ روغن گاؤ مین بھون کے بادیان نصف اوسکا داخل کرکے کوٹین اور تنہ سفیدہ بیدا اوسکا نصف منجمد ملا کے دو درم ٹھنڈے پانی سے پھکائین بہت فائدہ ہوگا اور تیل ہندی جنجو اس قسم مین مجرب ہے اگر دشواری بڑھ جاے وہ معجون جسمین بسد سوختہ وسندروس ذکر بادی ہے اور معاجین مین آئیگی دین اور شادنج عدسی مغسول مرہم ابیض مین ملا کے رکھین اور اغذیہ مین مزورات وفندق بریان اگر اوسکا شیرہ نکال لیا جاے اقتصار کرین بعد نقاہ کے اور انحطاط قوت کے وقت ماکیان مطنجن وقلیاے سبز رو کباب بلدہ جینہ کندر کے ساتھ دین اور استنجا آب گرم سے اور طبیخ گل سرخ وآس وگلنار وبابونہ سے کرین پس اگر زحیر زیادہ ہوجاے نمک وزیرہ وشونیز وخشت مجموع بامعدہ گرم

کرکے رکھیں و ایضاً اسنے لکھاہی علاج قیام دموی کا تقلیل خون ہی اگر خون متعذر ہو محاجم اعلیٰ پر رکھیں اور مفرحات دین اور جو قطع خون کرتی ہین
مثل گل مختوم و قرص طباشیر جون بخلاف اسکا اختلاف ہی اور چاہیے کہ زعفران کا استعمال نہ کرین لادن و عصفر و مازو و موبز سرخ و تخم کشوث سب مقوی
جگر ہین ایضاً براے اسہال دموی مجربات حکیم علی سے ترکیب لعاب بہدانہ بریان دو مثقال صندل سفید سودہ تخم ریحان ہر ایک ایک مثقال
چھڑک کے پئین کہ حبس خون امعا کیواسطے بہت نافع ہی اگر چاہین تو شربت انجبار داخل کر سکتے ہین ایضاً براے اسہال الدم بیاض والد مرحوم سے
ترکیب سے گلو طباشیر پوست انار برابر پیس کے تین ماشہ ٹھنڈے پانی سے پھانکین ایضاً اسہال خون کو بند کرتی ہی ترکیب رال کتھ سفید
بیلگری تینون برابر کوٹ چھان کے بقدر حاجت دین دوائی سحج و قروح امعا سحج مراد ہے خراش سطح امعا ہے علامت اوسکی یہ ہی کہ جاش و مروڑ
وہ امعا ہوتا ہی اور خراطہ نکل پڑتا ہی جاننا چاہیے کہ اخلاط حادہ حریفہ جو امعا پر ٹپکتے ہین پہلے سحج پیدا کرتے ہین بعد اسکے ایک مدت مین کہ خلط
کیواسطے مقرر ہی قرحہ پیدا ہو جاتا ہی اور اسلم قرحہ و سحج یہ ہے کہ امعا غلاظ مین ہوتا ہی علامت اوسکی یہ ہی کہ زیر ناف درد ہوتا ہی اور خراطہ امعا غلیظ کا
نکلتا ہی درد و شدت سے نہین ہوتا اگر امعا مین دقاق ہوتا ہی حوالی ناف مین شدید درد ہوتا ہی اور خراطہ امعا رقیق آتا ہی اب سمجھنا چاہیے کہ تدبیر کلی
اقسام سحج کی یہ ہی کہ اسکی ابتدا مین حابسات نہ دین کیونکہ کبھی شدید القبض دواؤن کے استعمال سے ہلاکت واقع ہوتی ہی اور دینا نفس تبرید کا مثل
تربزہ و کاہو و خرفہ اسکی علاج مین کافی ہی اگر علت امعا علیا مین ہو شربات سے اگر امعا سفلی مین ہو حقنون سے اگر وسطی مین ہو دونون سے علاج
کرین ایضاً پہلے حال سحج و قروح کے فاعل کا سبب دریافت کرین پھر اگر مادہ انصباب کا موجود ہو اوسکے ازالہ اور قطع کی تدبیر کرین اگر اسکا اثر باقی ہو
استفراغ مادہ ردی مسہل غیر شدید الضرر سے مثل ہلیلہ و کتیرا و مانند ان کے کرین اگر ممکن ہو دو روز تک غذا نہ دین بعدہ دودھ داغ کیا ہوا یا جوش
کرکے دین کہ یہ غذا بسبیل دوا ہی اور ضرورت کیوقت صرف غذا و ظہور ضعف غذائی کہ قلیل الحجم و کثیر التقویت ہو مثل جگر مرغ فربہ اور تھوڑی نان سمید
مائل بفطیری و بیضۂ مرغ نیمبرشت سے کسیقدر کھرا کرکے دین اور کارع مطبوخ شیرۂ برنج بریان مین بھی بہتر ہے جب درد کی شدت ہو جسمے ارت
مغریات کی حاجت پڑتی ہی اور تمام ادویہ باردہ قابض ادویہ مغریہ مین ملاکے اس مرض کیواسطے نافع ہوتی ہین مگر تاکل کیصورت مین ادویہ جالیہ دکاویہ
سے مخلوط کرنا مجففات بغیر لذع کے ضرورت ہوتی ہی اور واجب ہے کہ مریض سحج کو جو کچھ بھی بزور وغیرہ کی قسم سے دین ٹھنڈے پانی مین دین گرم پانی
مین نہ دین بس جو کہ براے اسہال الدم مطلق مناسب ہوتا ہی وہ یہ ہی کہ ابتدا مین مغریات قابضہ اوسمین زیادہ کرین انتہا مین اگر تاکل کیساتھ موذی
ہو جاے منقیات دکادیات کا اضافہ کرین ورنہ حقنہ ہاے سلیمہ منفعت عظیم رکھتے ہین جاننا چاہیے کہ بکری کی چربی کل مغریات پر جو حقنہ مین داخل کیجاتی
ہین فضیلت رکھتی ہی کیونکہ تبرید و تسکین لذع کرتی ہی اور موضع علت پر جلد چپک جاتی ہے لیکن ابتداے مرض مین اس احتیاج کی بھی ضرورت پڑتی ہی کہ جبکہ سودہ
ادا کرے منقیات کی ضرورت پڑتی ہی بعد ازان اس چربی کا تنقیہ کہ اُسنے اتو می ہو اسوقت سومات کو ترک کر دیتے ہین اور کثرت حموضات سے احتراز خصوصاً قوی حموضت
مثل سماق کے اور لحوم سے صاحب سحج کو اجتناب لازم ہی اور تقویت معدہ کل تدابیر سے مستغنی کر دیتی ہی پھر بھی تدابیر سحج حسب انواع جدا جدا
ذکر کیجاتی ہین جاننا چاہیے کہ سحج اگر صفرا سے ہو جو کہ امعا پر ٹپکتا ہی اور صفرا سحج سات دن مین کرتا ہی اور قرحہ چودہ روز مین ڈالدیتا ہی علامت

اُسکی یہ ہی کہ صفرا مختلط ہوکے براز و خراطۂ امعاء و خون سے آتا ہی اور لذع مقعد کرتا ہی تو ترکیب تنقیہ صفرا مسہل بارد سے کرین لیکن جہان کہین کہ مادہ
اسحاج غلاظ مین ہوگیا ہو اُسکے تنقیہ کیواسطے حقنۂ بارد بہتر ہے اگر قوت قوی ہو پہلے فصد باسلیق کھلوانے مین مضائقہ نہین ہی پس اگر مادہ رقیق و سائل
ہو معلطات دین اور اس صورت مین کہ مادہ منصبہ شدید اللذع ہو مخدرات کا دینا بھی مفید ہی بعد تنقیہ کے تقویت امعاء قرص طباشیر قابض و شربت
انار سے کرین اور قرص مذکور تین ماشہ شیرۂ خرفہ نو ماشہ لعاب بہدانہ تین ماشہ ولعاب اسبغول سات ماشہ صمغ عربی چار ماشہ تخم ریحان تین ماشہ
چھڑک کے ٹھنڈے پانی مین دین مفید ہی اسی طرح قرص گل حماض یا صمغ عربی کتیرا اندرو دنشاستہ ہر ایک تین ماشہ بارتنگ سبوس اسبغول ہر ایک
چلماشہ ایک پیالہ گائے کے دہی کیساتھ کہ سنگ تاب ہو دین اور انار و سیب تناول کرین اور جوشی مغوی معدہ و امعا بھی ہو بحسب احتیاج
اُن مین سے استعمال کرین اور گل ارمنی صندل سفید رب ورد اقاقیا کا آب مورد مین لیپ کرین آہن تاب دہی کا کھانا بھی نافع ہی اور تعلیق وادار و
مجمہ بے شرط و ناری پیٹ پنڈلیون پر برائے امالہ مادہ مفید ہوتا ہی چنانچہ جب مادہ انصباب کرلے سحج کا علاج بزور بارد و لعابیہ برشتہ سے ہمراہ
شربت بنفشہ ادویہ مغریہ کہ زحیر مین بیان ہوئین کرنا چاہیے سفوف بزر بھی نافع ہی اگر انصباب بلغم مالح بورقی سے ہو اور بلغم ایک ماہ مین قرحہ
ڈالتا ہی علامت اسکی کثرت ریاح و قراقر اور کم درد ہوتا ہی اور خراطہ امعاء و خون کے ساتھ بلغم خارج ہوتا ہی اور یہ قسم اکثر بعد نزلہ امزد کام کے
ہوتی ہی علاج اُسکا استفراغ بلغم سے کرین اور منع انصباب بلغم کا بعد ازان علاج سحج جار تخم و سفوف مغلیا سا سے کرین اگر سحج انصباب سوداء
محترق لذاع سے ہو سوداء چالیس روز مین قرحہ ڈالدیتا ہی لیکن اس مدت مین بہت کم نجات ہوتی ہی علامت اُسکی خروج سوداء خراطہ امعاء و خون
کا براز مین وایضاً پیچش دائمی و کرب شدید و رنگ براز مثل دردی شراب کے بھی اسکی علامات مین کہتے ہین کہ جب یہ سوداء زمین پر گرتا ہی زمین
پھٹنے لگتی ہی بالجملہ یہ قسم سحج قاتل ہوتی ہی علاج اسکا اخراج سوداء و منع انصباب سوداء کرین بعد تقویت طحال کرین جو کہ بہ فان اسود ضعیف
طحال مین گذرا ہی بعد ازان سفوف لین ادویہ لعابیہ غروبہ مانند لعاب بہدانہ ولعاب ریشہ خطمی و شربت بنفشہ و جار تخم کھلائین حموضات سے اجتناب
کرین اگر ثفل یابس سحج کا باعث ہو طبع مین قبض ہو براز خشک آئے اُسکا علاج علاج قولنج سددی و زحیر کا ذب کا کرین اور مرطبات ملینہ مثل لعاب
بہدانہ و اسبغول و شربت بنفشہ و روغن بادام اور مانند ان کے دالعبہ حارہ و باردہ مثل خطمی خبازی بزر قطونا بالنگو سپستان ریشہ خطمی بہدانہ و اسبغول و
شربت بنفشہ و مویز منقی و گل سرخ وغیرہ ملاکے دین اور شیر مادہ گاو آدھ پاؤ دو تولہ ترنجبین روغن بادام ایک تولہ دینا بھی مفید ہی مسہل قوی نہ دین
تلیین کے لیے خیار شنبر دینا چاہیے ثفل سے نقاء امعاء کے پہلے زنہار کوئی قابض دوا نہ دین لیکن جب امعاء ثفل سے پاک ہوجاے اور سحج باقی ہو تو غیر
دالعبہ و اطلیات دین اگر سحج کا سبب سمیہ ادویہ کے کھانے سے ہو مثل زنگار و زرنیخ و گچ و نوشادر اور مانند انکے اس صورت مین قے کرائین اور تازہ
دودھ اور حسوات پلائین اگر ادویہ مسہلہ کی حدت کیفیت دوا یا مرور اخلاط حادہ سے امعاء مین سحج لاحق ہوجاے مغریات مبردہ دین اور سفوف الطین
کھلائین اور گلنار و دہی آہن تاب تنہا یا برنج کیساتھ اسرع النفع ہی روغن زرد تیس درم دم الاخوین ایک درم سے تین درم تک کا حقنہ کرنا اس باب مین
مجربات بو علی سینا سے ہی اور جو شراب پینے سے ہو جاے فصد صافن بھی جائز ہی کتیرا طباشیر و بسد ہمراہ خمیرۂ مروارید کھلائین اور بہ سے شربت سیب

شربت خشخاش ہر ایک دو تولہ عرقیات کیساتھ ہین باردی کھلائین تفریح ہر طریقہ ہو اسہال کیواسطے مفید ہو ایضاً برائے سحج ترجمہ معامجربات حکیم کلو صاحب ترکیب
تخم کاسنی کوفتہ گل نیلوفر عنب الثعلب کشنیز خشک کوٹ کے ہر ایک ایک تولہ سب کو نو دام آب آہن تاب مین بھگو دین صبحکو صاف کرکے تخم خرفہ بریان تخم کاسنی بریان ہر ایک مین سفید بلا
پوست خشخاش ہر ایک نو ماشہ سب کو کوٹ کے آب آہن تاب مین کہ چوتھائی حصہ اسکا گھٹ گیا ہو صبحکو بھگو دین شام کیوقت مل اور صاف کرکے پئین اور غذا اس تدبیر سے
کھلائین کہ پانچ چھ تولہ جو مقشر ڈیڑھ سیر پانی مین اور کابلی و اسبغول و بہدانہ ہر ایک چار ماشہ پوٹلی مین باندھ کے اسمین ڈال دین اور پکائین اسقدر کہ بچے ہوے پانیکو مریض
پی سکتا ہو پس پارچہ سے بیز کرکے دو تولہ قند یا مصری سے میٹھا کرکے چار تولہ گلاب ڈال کے پی لین اگر بخار درد تمام پیٹ مین اسہال خونی ورم و تہوع و خشکی و تشنگی و تلخی موجود ہو اسکے
واسطے بھی مجرب ہو دوائی برائے خروج مدہ امعاء سے نافع ہے ترکیب مدہ کہ امعاء سے بعد انفجار ورم آتا ہو ماء العسل و قند آب پئین اگر گرمی ہو شہد مناسب ہے
بعد اسکے ادویہ مرطبہ خونبفشہ لازم مین مذکور دوئین کھلائین لوہے سے بجھایا ہوا دودھ پلائین دوائی برائے سحج معمول ہو ترکیب سفوف طین روغن بادام مین چرب کیے کے چھ ماشہ
سفوف یہودی ایک ماشہ سفوف حب الرمان چرب کیا ہو چار ماشہ ہمراہ شیرہ کشنیز خشک بریان شیرہ خشخاش بریان ہر ایک چار ماشہ شیرہ بیخ انجبار
چھ ماشہ شیرہ خرفہ بریان ایک تولہ شیرہ حب الآس بریان چھ ماشہ لعاب ریشہ خطمی و بہدانہ ہر ایک چار ماشہ اسبغول چھ ماشہ بارتنگ بریان پانچ ماشہ پلائین
ایضاً بقول انطاکی برائے منع سحج و اسہال کہ اطباء اسکے علاج سے درماندہ ہوتے ہین اور کسی دوا سے نفع نہین ہوتا مجرب ہے ترکیب مروارید محلول
ترشی ترنج مین کہربا تخم حماض پوست انار پوست خشخاش مازو سبز صمغ عربی بریان مساوی پیس کے شہد مین ملا کے یا انڈے کی زردی نیمبرشت پر چھڑک کے
کھلائین دوائی زحیر (یعنی پیچش) وہ ایک حرکت غیر طبعی ہوتی ہو معاء مستقیم سے برائے دفع فضلہ اور دفع نہین ہوتا لیکن کسیقدر رطوبت مخاطیہ
سطح رودہ سے کبھی اسمین خون بھی ملا ہوتا ہو بسبب شدت ترف و تمدد کہ دہن عروق، وہ کھل جاتا ہو زحیر کی دو قسمین ہین صادق و کاذب صادق
وہ ہے کہ صفرا یا بلغم مالح یا ورم حار وغیرہ سے ہو اور کاذب وہ ہو کہ احتباس ثفل یابس سے ہو ان دونون مین فرق واجب ہے اور وہ یہ ہو کہ پہلے ابتول
اور مانند انکے تخمونکا استعمال کرین اگر وہ نکلین تو صادق ہو ورنہ کاذب پس اس صورت مین کہ زحیر کاذب ہو ہرگز قابض کوئی چیز نہ دین کہ مہلک ہے
بلکہ مزلقات و ملینات دین چنانچہ ذکر کیے جاتے ہین اور یہ بھی جاننا چاہیے کہ اکثر انواع زحیر مین تکمید و تسخین لطیف و نطول نیمگرم نافع ہو اور سردی اور سب
چیزین کہ مولد خلط غلیظ ہین مضر پڑتی ہین تقلیل غذا اسکی کل اقسام مین علاج کلی ہو کھٹائی کا نہار منہ کھانا مورث زحیر ہے اور شیاف بہ نسبت اشربہ کے
زحیر مین زیادہ نافع ہوتے ہین دوائی زحیر صادق یہ صفرا سے ہوتی ہو یا بلغم مالح سے کہ امعاء پر گرتا ہو علامت ہر ایک کی اسکا خروج ہونا ہو سوزش
مقعد کیساتھ ایضاً صفراوی مین غلبہ حرارت و شدت تشنگی ٹھنڈے پانی سے انتفاع ہوتا ہو اور بلغمی مین قلت تشنگی و نفخ و قراقر و سوائے انکے اسکے
آثار پائے جاتے ہین ترکیب لعاب بہدانہ و ریشہ خطمی عرقیات مین نکال کے شربت بنفشہ دو چار تخم داخل کرکے دین سفوف الطین گائے کے گھی یا روغن بادام
مین چرب کرکے بقدر نو ماشہ ہمراہ دوائے مذکور دین اگر روغن گل سے چرب کرکے دین کوئی مضائقہ نہین ہو تخم ریحان برشتہ سفوف بنا کے تین سے چھ ماشہ
تک صبح و شام ٹھنڈے پانی سے پھانکنا زحیر و سحج کیواسطے معمول و مجرب ہو مفید ہی تخم مرغ روغن بادام یا روغن گل مین ملا کے زیر ناف طلا کرنا مفید ہوتا ہے
اگر اس تدبیر سے فائدہ نہو علاج سحج صفراوی و بلغمی کا کرین بالجملہ صفراوی مین اغذیہ باردہ و بزور باردہ سے کام لین اور بلغمی مین سفوف یہودی شیرہ

بادیان پودینہ زیرہ انیسون لعاب حلبہ و کتان بانور مین گنجہ جرف ہر ایک تین ماشہ گلاب وغیرہ کیساتھ دینا مفید ہو اور اُس پانی سے جسمین پوست خشخاش
و تخم خطمی و زردرو دیکا پکا ہو آبزن و نطول کرین اور شدت درد کیوقت حمولات و شیافات زحیر پر عمل کرین مرہم مقل دفیر دطی آب کشنیز سبز کے ساتھ مقعد پر ملین
اگر بسبب ورم حار معا مستقیم ہو اسکی علامت ضربان و ثقل ہے اسفل مین بجاے مذکورہ روده کے اور ہوتا ہی کہ تپ و عسر بول بھی عارض ہو اس
صورت مین فصد باسلیق کھلوائین سطفیات خون دین اور کپڑا سرکہ و روغن گل مین تر کرکے موضع ورم پر رکھین دوسرے ضمادات کام مین لائین
دو تین دن تک غذا نہ کھائین بعدہ آشجو کھائین اگر مادہ انصباب سے پیدا ہو خطمی و حلبہ و بنفشہ و بابونہ و برگ کرنب کو جوش کرین اور اُسکے
طبیخ سے آبزن کرین اور بعد نضج کے تنقیہ مادہ مسہل بارد سے کرین اور حقنہ کرین اور جسکو آسانی سے قے آتی ہو اُسکو قے نفع ہوتا ہی باقی جو ورم معدہ مین گذرا ہے
کام مین لائین اگر زحیر سردی کے سبب سے ہو کہ مقعد تک پہونچے اور معا مستقیم کو متمدد بنادے اور تقدم اصابت برودت اسپر گواہی دے روغن گل
و زردی بیضہ مرغ و روغن بابونہ کو نیمگرم کرکے مقعد پر ملین گرم اینٹ پر بیٹھین آب گرم و پارچہ گرم و سبوس کی تکمید کرین اُسی پانی مین زیرہ و اذخر
و بابونہ و خطمی جوش کی ہو بیٹھائین اور اگر زحیر کا سبب کوئی ایذا ہو مقعد اور امعاء پر کسی مرکب پر سوار ہونے یا کہین بیٹھنے سے سخت چیز پر پھر روئی ملین زردی
بیضہ و روغن گل و مقل نیمگرم مقعد پر رکھین کبھی ایسا ہوتا ہی کہ کوئی شخص بوجہ معدہ امعا مین ترشی کھالیتا ہی اسوجہ سے زحیر ہو جاتی ہی اُسکی تدبیر شربت نبات
پینا اور نیمبرشت انڈا کھانا مع صمغ عربی گل ارمنی دیا روغن گل دو تولہ زردی نیمبرشت ۲ عدد صمغ عربی کتیرا گل ارمنی ہر ایک تین ماشہ کھائین اور غذا شیربرنج کھائین دوائی براے زحیر
صادق نفاکی سے ترکیب اگر زحیر کا سبب اخلاط حادہ ہون تو العبا و ضموغ کی زیادتی واجب ہی اسلیے قے سے بچاؤ ہو کیونکہ وہ اعظم خطر سے ہے اور جسکی خواہش قیام طول
کرے اور اسہال کے تحمل کی طاقت ہو اسہال کرین بعد وثوق تنقیہ تمام مرض اختلاط نہ کرے اور قوت کم ہوجاے تو اُسکا قطع اولیٰ ہوگا احتیاط کیساتھ
اسواسطے کہ خطا مین اس جگہ خطرہ ہی اور زیادہ تر قطع اس قیام کا موت کا سبب ہو جاتا ہی چنانچہ ذوسنطاریا مین بیان ہوا اور اسجگہ جو کہ قبل تنقیہ
و بعد تنقیہ صحت ہوجانیکا تجربہ ہوا ہی وہ ذکر کرتا ہون یاد رکھین اور مع ذلک حقنون اور فتیلون پر توجہ کرین اور یہ حقنہ زحیر کو کھولتا ہی بعد فصد باسلیق کے
ویسی مین اُسکا نسخہ حقنون مین لکھا جاچکا غذا شوربا ے پاچہ یا ماکیان اور یہ فتیلہ بھی وہی نفع رکھتا ہی تخم ملوخیا سنا اشک موش مساوی پیس کے شکر
اور گھی مین ملاے شیاف کرین اور روغن گل سے چرب کرکے رکھین نطول کی مداومت کرین سردی کی حفاظت کیساتھ طبیخ سبوس و سپستان و اکلیل
و بنفشہ سے یا طبیخ خطمی و خبازی سے پھر بعد تنقیہ کے قرص زرشک و سفوف مقلیا نا استعمال کرین اور یہ قرص میری مجرب ہی اقراص مین بیان ہوگی
اور یہ ضماد اُس سے نجات دیتا ہی کعک خشک و اقماع گل سرخ و برگ مورد و گلنار ہر ایک دس جزو پوست خشخاش سات جزو اسارون قرظ اقاقیا
ہر ایک تین جزو سرکہ مین ملاکے ناف اور اُسکے زیرین حصہ مین اگر سرما ہو گرم ضماد کرین **ایضاً** زحیر بلغمی مین حکیم موصوف سے **ترکیب** پہلے حقنہ کہ براے
زحیر بلغمی حقنون کی ذیل مین مسطور ہوا عمل مین لائین اور فتیلہ کہ فتیلونکی ذیل مین آئیگا کام مین لائین اور دہ درم حب الرشاد کوٹ کے شکر سرخ اور آب
گرم مین سفوف بنائین تنقیہ کے بعد قابض دوائین کہ عصب کو محکم کرتی ہین ریاح کھولتی ہین کام مین لائین از معجون مجرب حکیم مغز جو معجونون مین آئیگی
یہی عمل کرتی ہی سفوف یہودی اس باب مین مجرب ہی اور زحیر دری مین لکھا ہی کہ طبیخ شبت و بابونہ و حلبہ و سداب مین بٹھائین اگر ورم بارد ہو طلا

ودحمول کرنا روغن قسط وبابونہ وروغن خلوقی ومیعہ وکوہان شتر وروغن زرد وناردیل کا مجموع یا مفرد مفید ہو اگر ورم حارہو طبیخ انجیر زرد وخبازی وبنفشہ
کا آبزن کریں روغن بنفشہ وروغن گل وغالیہ کی مالش کریں اگر فتیلہ میں کہ برائے زحیر بلغمی فتیلوں میں آیگا روغن زرد و پیہ ماکیان وعنصلی بریان بڑھادیں تو
کام میں لائیں ورم بارد کیواسطے نافع ہے ورم حار میں حقنہ جو بیان ہوچکا مفید ہو **دوائی** زحیر کاذب کہ اوسکو زحیر سدی وثفلی بھی کہتے ہیں سبب
اُسکا فضلہ یابس ہوتا ہو کہ امعاء دقاق میں بند ہوجاتا ہو اور بیمار کو براز دفع ہونے کا محتاج کردیتا ہو اور خارج ہونا ثفل مذکور کا بسبب یبس وم بعد مکان
دشوار ہوتا ہو اور بباعث تزف ورطوبت لزجہ اور تھوڑا اخراطہ امعاء سے باہر آتا ہو اور باد غلیظ ثفل سے مستحیل ہوکے جرم امعاء کو متمدد کر دیتی ہو اور شدید
درد پیدا ہوجاتا ہو کبھی خراش امعاء سے خون آتا ہو چنانچہ بعض جاہل اسکو قسم اسہال سمجھ کے قوابض سے علاج کرتے ہیں اور بیمار کو ہلاک کو ڈالتے ہیں
اسیواسطے اطبائے محققین نے کہا ہو کہ زحیر میں بغیر سبب کو تحقیق کیے ہوئے جاہے وہ مزمن بھی کیوں نہ ہو حابسات نہ دینا چاہیے بالجملہ علامت اسکی
گرانی شکم ودرد پشت و پیچ دائم اور کبھی ثفل یابس کا خروج مثل چنے کے دانوں کے اور تقدم غذا بیر مجففہ بھی اسپر شاہد ہوتی ہیں **ترکیب** اول تین جار
دانہ تخم فلوس خیار شنبر روغن گاؤ میں چرب کرکے نگل جائیں اگر اسہال برقا ہو ہو تو ریشہ خطمی ایک تولہ کا پانی میں لعاب نکالیں یا جوش کر کے چھان لیں
مغز فلوس چھ تولہ گلقند چار تولہ مل کے پھر جلائیں روغن بادام چھ ماشہ ڈال کے پئیں اور کبھی چار تخم نو ماشہ گلاب وعرق عنب الثعلب میں جوش کر کے
شربت بنفشہ داخل کرکے تفتیح سدہ کے لیے دیتے ہیں اور اب گرم شربت بنفشہ کیساتھ پینا بھی تفتیح سدہ کرتا ہو سدہ دور ہونے کے بعد لعاب بہدانہ و
ریشہ خطمی وروغن بادام پر اقتصار کریں اور سفوف طین یا سفوف مقلیاثا دیں **دوائی** پیچش کہ خون کیساتھ ہو مجربات حکیم کلو صاحب **ترکیب**
طباشیر گلنار صمغ عربی بریان ہر ایک چار ماشہ کوٹ چھان کے پھانکیں اور پرسے شیرہ تخم خرفہ بریان ایک تولہ پانی میں نکال کے ایک تولہ مصری
ملائیں اور پئیں غذا دہان کی کھیل کوٹ کے حریرہ کے طور پر پکالیں تھوڑا قند ملا کے یا رچہ بزرکوں اور مسور کی دال بھون کے پیسیں گھی میں
پکاکے ساٹھی چانولوں کی پیچ کے ساتھ کھائیں **دوائی** زحیر بلغمی کے واسطے مجرب ہو **ترکیب** تخم ترب بریان چھ ماشہ پیس کے شکر میں ملا کے
سفوف بنائیں اور سفوف بادیان چھ ماشہ ہلیلہ سیاہ چار ماشہ دونو کو گھی سے چرب کرکے بھونیں پیس کے شکر سفید برابر ملائیں اور کبھی تخم ریحان دو ماشہ
پسی ہوئی زیادہ کیجاتی ہو چھ ماشہ دو تین گھونٹ نیمگرم پانی کیساتھ صبح وشام کھانا معمول ہو **ایضاً** برائے زحیر **ترکیب** بارتنگ چار ماشہ تخم ریحان
پانچ ماشہ دانہ ہیل تین ماشہ گلاب دس تولہ میں پکا کے لعاب ریشہ خطمی لعاب اسبغول ہر ایک چھ ماشہ لعاب بہدانہ تین ماشہ انہی شیرہ میں ملا کے پئیں
کبھی چار تخم چھ ماشہ روغن بادام میں چرب کرکے بڑھا دیے جاتے ہیں **ایضاً** پیچش بلغمی کیلیے مجرب ہے **ترکیب** ہلیلہ سیاہ زنجبیل بادیان مساوی گھی میں
تھوڑا بھونیں اور کچھ کچا رکھیں کوٹ چھان کے حسب حاجت دیں بعض دفعہ بجائے ہلیلہ کے کوکنار بریان کیے جاتے ہیں **نوع دیگر** پیچش خون وبلغم
ودرد ونفخ کے لیے کہ حرارت سے ہو بیعدیل ہو **ترکیب** ہلیلہ سیاہ گھی میں چرب کرکے آوند آہنی میں بھونیں ایک تولہ سونٹھ بے ریشہ گرم راکھ پر
بھلبھلا کے پانچ ماشہ سونف بریان پانچ ماشہ کشنیز خشک بریان تین ماشہ موچرس تین ماشہ نبات سفید دو تولہ کیلیے چھ ماشہ یا زیادہ ہمراہ لعاب ریشہ خطمی
یا شیرہ بارتنگ یا سوائے انکے مناسب حال دیں **دوائی** برائے پیچش وسنگرہنی مزمن مجرب ہو **ترکیب** اندر جو تلخ موچرس گل دھاوہ سونٹھ

ہر ایک چھ ماشہ برگ تنب بریان آٹھ ماشہ باریک کر کے ڈھائی ماشہ بلنگے ساتھ صبح کیوقت سات روز تک دین غذا ارہر کی دال خشکہ باد گیر
مناسب حال اور اسہال دموی و بلغمی و صفراوی کیواسطے بھی مفید ہی **ایضاً** برائے زحیر مجرب ہی **ترکیب** سونٹھ سونف بیلگری ہر ایک سات ماشہ
مصری دس ماشہ کوٹ چھان کے پہلے دن سات ماشہ دوسرے دن دس ماشہ تیسرے دن چودہ ماشہ پانی کے ساتھ دین **دوائی زحیر اطفال**
اکثر یہ برودت کے سبب سے ہوجاتی ہی کبھی صفراوے بھی مثل اسکے کہ اسہال مین ہوجاتی ہی اور جو برودت سے ہوتی ہی حرف زیرہ مساوی کوٹ چھانکے
گاے کے پرانے گھی مین ملاکے بقدر ضرورت کھلائین ٹھنڈے پانی کیساتھ یا وزن حرف ایکدانگ زیرہ کرمانی تین دانگ بدستور آب مذکور مین
ملاکے کل یا بقدر حاجت مان کے دودھ مین دین اور سنگ بلیتا کہ ایک پتھر نرم مائل بسرخی ہوتا ہی دو ماشہ گاے کے دہی مین دینا بحیش و اسہال
خون صبیان کے واسطے عجیب الاثر ہی اسی طرح پوست کا لاکڑا ایک دو ماشہ بیس کے دہی مین کھلانا اور حب کبر یا اس باب مین مجرب ہی لقب
یہ نسخہ حبوب کی ذیل مین ذکر کیا جاچکا و چادر میں خاکستر یا خاکستر بشکل گوسفند کی پوٹلی بناکے گرم کر کے نکمید مقعد کرنا یا بچہ کو اسپر بٹھانا اسی طرح
گرم اینٹ پر بٹھانا اسطرح کہ کپڑے مین لپیٹ دی ہو تاکہ اسقدر حدت نہ پہونچے جس سے اذیت ہو اور دانہ سیر کا حمول کرنا ایسے بچونکی زحیر
کے واسطے اسفل مین سردی پہونچ جانے سے عارض ہوئی ہو مفید ہی اور جو حرارت سے ہو بزور بارده دینا چاہیے اگر فراغت سے اجابت نہو
تلیین کرین حبس کی مبادرت بالکل نہ کرین جب تک کہ صدق و کذب زحیر معلوم نہ ہو اور بموافق لعابون کے ساتھ گلقند دائی اور بچہ کو کھلائین
برائے تقویت و تغریہ و ازلاق بہت مفید ہی اگر زردی بیضۂ مرغ روغن گل مین ملاکے پھینٹین اور نیم گرم کر کے بچہ کو اسپر بٹھائین اسطرح کہ مقعد
مین وہ سرایت کرے ازالہ ورم و درد و مقعد کیواسطے عجیب الاثر ہی بشرط تکرار عمل اور غذا جو اسہال مین مذکور ہوئی مناسب ہوگی اور قبض کے
ارادہ کے وقت بحسب مراعات مزاج قبض کی تدبیر کرین اگر تخم ریحان اسبغول ہر ایک چار ماشہ تھوڑے سے گھی مین چرب کر کے بریان کرین یہانتک
کہ سرخ ہوجاے دو حصہ کر کے تھوڑے سے شربت بناسہ یا مصری مین صبح و شام دین برائے پیچش کہنہ و اسہال خونی اطفال مجرب ہی اور باقی
علاج وہی ہے کہ اقسام سابق مین مسطور ہوا حسب سبب جو مناسب دیکھین وہ استعمال کرین **دوائی** برائے مغص یعنی درد امعا اور وہ
قولنج و زحیر سے خفیف ہوتا ہی ہندی مین مروڑہ کہتے ہین یہ قولنج و سحج و زحیر مین لازم ہی پس اگر امراض مذکورہ کیساتھ ہوا اسکا علاج امراض
مسطورہ کا ہوگا اگر بغیر اُن کے ہو اُسکا سبب ریح غلیظ ہوتی ہی علامت اسکی قراقر و نفخ ہوتی ہی اور خروج ریح سے درد کو تسکین ہوتی ہی ترکیب شیرۂ بادیان شیرۂ زیرہ سیاہ
شیرۂ تخم کشوث عرقیات مین نکال کے گلقند ملا بعد صاف کر کے بیٹین تخم کرفس و انیسون و نانخواہ و مصطگی گلقند کیساتھ مفید ہی کمونی و فلاسفہ کھلائین پیٹ کی
تکمید کرین روغن بابونہ نیم گرم کی پیٹ پر مالش کرین اور مولدات ریح و کثرت اکل و شرب آب کھانے پر اور کھانے کے بعد زیادہ حرکت کرنے سے
اجتناب کرین غذا شوربات مرغ گرم مصالحون کیساتھ اگر تنقیہ کی ضرورت ہو منضج حار سے نفخ کے بعد مسہل گرم سے تنقیہ کرین و ایضاً
حب ایارج و حب سکبینج و معجون شہریاران اور مانند انکے دین تا خلط خام کہ مادہ ریح ہوتا ہی نکلے پھر محللات سے کام لین اور جب
تولید ریاح ضعف معدہ سے ہوتی ہی معجون کمونی و معجون حب الغار کام مین لائین اور دوسری معجونین وادویہ کاسر ریاح دین ٹھنڈے

بانی بادانگیز چیزون سے پرہیز ضروری ہی اگر بسبب مادہ صفراوی یا بلغم مالح ہو علامت ہرایک کی اُسکے خروج سے ظاہر ہوگی سوزش مقعد وکثرت
تشنگی کے ساتھ صفراوی مین بہت گرانی بلغمی مین لازم ہوتی ہی اسکا علاج مانند زحیر صفراوی وبلغمی کے کرین واسبغول وتخم ریحان وبارتنگ وشکر سفید
ہرایک دو درم روغن گل مین چرب کرکے گلاب کیساتھ کھائین پس اگر صحت نہو وہ مطبوخ جو ہرایک کیواسطے ذکر کیا گیا ہی اُس سے تنقیہ کرین
اگر بسبب بلغم خام غلیظ ہو کثرت ثقل وبراق ولزدم ورد ایک جگہ پر کبھی بلغم لزج کا خروج اسپر گواہی دیتا ہی ایسی صورت مین مسہل حار سے تنقیہ کرنیکے
بعد جوارشہاے گرم مثل کمونی وفلافلی اور مانند انکے کہ ریح مین مفید ہون دین اور تنقیہ کیواسطے مقیئات بلغم سے قے کرنا بھی مفید ہی وحب نارمشک
مجرب ہے اور جبکہ مغص بعد دواء مسہلہ کے پینے کے قصور عمل مسہل سے پیدا ہوا ہو آب گرم وگلاب فاتر جرعہ جرعہ پئین اسی طرح مصطگی گلاب مین جوش کرکے
مفید جانین پس اگر اسہال نہو درد شدت کرے تو قے کرائین ورنہ فصد کھلوائین اگر باوجود اسہال آنے کے دوا کی حدت کے سبب سے درد باقی ہو لعاب
اسبغول وریشہ خطمی اور مانند ان کے دین روغن گل ملین اور مغص جو سدہ یا ورم کے سبب سے ہو علاج قولنج سدی وورمی کا کرین اگر کرم امعاء کی جہت سے ہو
علامت اور اوسکا علاج فصل دیدان مین مذکور ہوئی اُس سے رجوع کرین اور مغص جو قروح امعاء سے ہو اسہال سے زائل نہوگا بلکہ اوسکا علاج
علاج قرحہ ہے جاننا چاہیے کہ جب بچون کو مغص عارض ہوتا ہی ہاتھ پانون اینٹھتا ہی اور روتا ہی چاہیے کہ روغن زیت وآب گرم اور تھوڑا نمک
گاے کے مثانہ مین ڈال کے پیٹ پر تکمید کرین گاے کے تازہ نیم گرم دودھ کی تکمیہ بھی مفید ہوتی ہی پشک گوسفند پیس کے گرم کرین پوٹلی باندھکے
تکمید کرین اور اگر اعصاب پشت کی روغن گل یا مانند اسکے روغن سے مالش کیجاتی ہی تو پیٹ کے درد کو تسکین ہوتی ہی باقی جو بڑون کے علاج مین کہا گیا
اُس سے ہلکی دوائین استعمال کرین کہتے ہین کہ نانخواہ پیس کے انڈے کی سفیدی ملاکے پیٹ پر طلا کرنا بھی مفید ہی بادیان و درج ترکی پیس کے
دودھ مین دین انیسون ومصطگی کوٹ کے یہی اثر رکھتی ہی عنبر اشہب ہمراہ گلاب یا روغن گل یا روغن زیت حل کرکے پیٹ پر ملنا اور تھوڑا سا صرف عنبر کھلانا
فی الفور تسکین دیتا ہی کبھی ایسا ہوتا ہی کہ مغص کا سبب اطفال کی حرارت ہوتی ہی یا ریح کہ مادہ گرم سے پیدا ہوتی ہی اور ادویہ مذکورہ اُسمین فائدہ نہین
کرتین اس صورت مین خرقہ کو ٹھنڈے پانی مین بھگو کے پیٹ پر رکھین صندل سفید گلاب مین پیس کے طلا کرین اسبغول روغن گل مین ملکے ٹھنڈے
پانی سے کھلائین اور اگر طبیعت تلین کیساتھ ہو جو اسہال مین تدبیر بیان ہوئی اُسپر عمل کرین اگر مغص کے ساتھ کزاز وفواق وقے واختلاط عقل
عارض ہو فائق ہوتا ہی اگر گردسرہ ہوتا ہی مسہل سے زائل نہین ہوتا استسقاء سے منذر ہی ایضاً برائے مغص وقبض ترکیب بادیان تخم کرفس برگ سداب
ہرایک تین درم نانخواہ صعتر فارسی ہرایک چار درم شکر سرخ نصف مجموع کوٹ چھان کے تین درم پانی مین دین دوائی مغص صفراوی مین بہت
نافع ہی ترکیب لعاب بہدانہ لعاب ریشہ خطمی پانی مین نکال کے ایک مثقال روغن بادام مین دین ایضاً درد امعاء کیواسطے نافع ہی اگر اسکا
سبب ریح یا خلط بارد ہو ترکیب تخم کرفس انیسون بادیان نانخواہ مساوی کوٹ چھانکے ایک ٹانک کھلائین ایضاً ریاح کو تحلیل اور
مغص شدید کو نفع دیتی ہی ترکیب سداب خشک فلفل سیاہ ہرایک نصف مثقال کوٹ چھان کے آب گرم یا شہد مین کھائین دوائی قولنج
وہ ایک درد ہوتا ہی شدید کہ امعاء قولون مین اُٹھتا ہی اُسمین طبع قبض ہوتی ہی اس علت کے آغاز مین عادت طبیعی سے براز کم آتا ہی اور کھانیکی اشتہا

خاصکر شیرین وچرب کی کثرت ہوتی ہے وتہوع وغشیان وسوء الہضم ونفخ وپیچ شکم ودرد ساق وپشت عارض ہوتا ہے پس جبکہ طبیعت میں قبض ہو درد کی شدت پیٹ میں پائی جائے تے ومتلی ومراری متواتر ہو یہ بھی ہوتا ہے کہ درد کی شدت سے غشی طاری ہو عرق بارد وحبس بول ہو جو ہلاک کرتا ہے اور جسقدر درد کم اور ہلکا ہوتا ہے اچھے ہونے کی دلیل ہے اور بالعکس وعطش والتہاب وسرخی قارورہ اتمام انواع قولنج میں لازم ہے لہذا قارورہ کا اعتبار نہ کرنا چاہیئے اور متصل یا منتقل ہوتا ہے نوابت کیطرف عود کرتا ہے اس مرض اور درد گردہ میں یہ فرق ہے کہ درد گردہ گردہ کی جگہ پر ہوتا ہے کسیقدر قطن کیطرف اور درد قولنج بہت شدید ہوتا ہے ناف کیطرف میل ہوتا ہے پیٹ میں اٹھتا ہے اور نیچے کی طرف آتا ہے اور ٹھہرا رہتا ہے وایضاً درد قولنج کا خاصہ ہے کہ اکثر داہنے طرف کے اسفل سے اٹھتا ہے اور اسہال سے ساکن ہوجاتا ہے بخلاف درد گردہ کے کہ قے سے آرام ملتا ہے اور زعم انطاکی میں بائیں جانب اٹھتا ہے علاج ہر ایک کا اقسام قولنج کی جدا جدا بیان ہونگی دوائی قولنج بلغمی وریحی وثفلی علامت بلغمی تقدم تناول اغذیہ مولد بلغم وحدوث تخمہ وبرز بلغم قبل حدوث قولنج براز میں طبیعت کا میلان شور اشیاء کیطرف اور کھٹی چیزوں سے رغبت ہوتی ہے اور علامت ریحی تقدم تناول فواکہ واغذیہ نفاخ ہے وجود وجع مسلی وقراقر اکثر درد منتقل ہوتا ہے کبھی نرمی طبع کے ساتھ ہوتا ہے اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ محل احتقان باد مرتفع ہوتا ہے کہ مثل گولے کے نظر آتا ہے اور عوام اسکو باد گولہ کہتے ہیں علامت قولنج ثفلی خشکی براز قولنج سے پہلے وخروج بنادق ہے اور ثقل دائم اسقدر ہوتا ہے کہ معلوم ہوتا ہے کہ رودہ پھٹا جاتا ہے **ترکیب** روغن بید انجیر ایک تولہ گلاب یا عرق بادیان چھ تولہ میں ملاکے نیمگرم پئیں یا سنا رکی پانچ ماشہ تربد موصوف تین ماشہ گلقند میں ملاکے ہمراہ گلاب وعرق عنب الثعلب پئیں وایضاً نیز کے واسطے معاجین مسہلہ مثل جوارش کمونی مسہل وجوارش تمر ہندی وجوارش سفرجلی مسہل وشہریاران ومانند ان کے آب گرم یا گلاب یا مطبوخ سنا میں کھائیں اگر ان دواؤں سے تلیین طبع نہ ہو تو دوا الفرفیران دیں اور بعد رفع مرض ایک دو وقت غذا نہ دیں بلکہ یخنی پر اکتفا کریں ٹھنڈا پانی نہ پئیں اگر خروس سیاہ رنگ بوڑھے کو اسقدر دوڑائیں کہ تھک جائے پھر ذبح کرکے خوب گلاکے پکائیں اور اسمیں قرطم وبسفائج کی پوٹلی نیم کوفتہ ڈالدیں گرم مصالحوں کی خوشبو ڈالیں بہت مفید ہے۔ ادویہ کہ بالخاصیت قولنج کے واسطے فائدہ کرتی ہیں اس طریقہ سے شوربا رپیہ وگوشت پیہ خراطین خشک وبراز سفید گرگ ہمراہ ماء العسل خصوصاً وہ استخوان کہ اسکے براز میں پایا جائے حتی کہ اسکو ران میں باندھ دینا کہ جسمیں درد ہوتا ہو مجربات سے ہے اسی طرح جرم معائی گرگ کھانا اگر سبب قولنج ثفلی حرارت ویبوست امعاء ہو حقنہ لینہ عمل کا دلائیں اور شربت بنفشہ آب گرم ولعاب بہدانہ یا تخم کتان ہمراہ شربت دینار یا شربت دردا اور مانند ان کے استعمال کریں اور آب فواکہ رطب بارد مثل آلو خوبانی کے دیں **دوائی قولنج ورمی** اکثر بسبب ورم حار امعاء کے ہوتا ہے عطش وتپ گرم والتہاب وضربان وثقل وتمدد ایک ہی جگہ پر ہوتا ہے یہ قولنج آہستہ آہستہ اور تدریجاً لاحق ہوتا ہے **ترکیب** فصد باسلیق یا اکحل کھلوائیں اگر ورم کی شدت کے سبب پیشاب بند ہوجائے بعد فصد باسلیق کے رگ صافن کھلوائیں اور ہر روز ازالۂ ثفل کیواسطے ملینات دیں مثل خیارشنبر ترنجبین شیرخشت گلقند روغن بادام تمر ہندی وشربت بنفشہ وغیرہ بلکہ اس سے عمل بھی دیں اور رعایت جگر کالحاظ رکھیں اور منضج بارد سے تنقیہ کریں ابتدا میں دبیز پارچہ کو روغن گل وسرکہ میں تر کرکے

موضع ورم پر رکھین اور دوسرے اضمدہ رادع وسبز مثل عنب الثعلب وغیرہ کے کام مین لائین اور بعد زمانہ تزید ملینات محللہ پر عمل کرین
اور روغن بنفشہ و بابونہ نیمگرم ملین اور طبیخ ادویہ محللہ ملینہ سے تنطیل کرین اور جو ورم معدہ مین کہا گیا ہی وہ نفع رکھتا ہی غذا ماء الشعیر دین
اگر بر سبیل ندرت ورم بارد بلغمی یا سوداوی ہو خفت اعراض ونرمی تب ودرد امعا مین کثرت ثقل معلوم ہوتی ہو ماء الاصول و مطبوخ
افتیمون وضمادات محللہ اور حقنہ ہاے منقیہ و نطولات مناسبہ ملینہ کام مین لائین اور تمام دوائین جو اورام باردہ معدہ وجگر مین مذکور
ہوئین نافع ہین دوائی قولنج التوائی کہ بسبب پیچیدگی امعا اور ہیجان امعا ہین یا کیس انثیین مین اسکا ہونا اور عوام ردہ کے
ہٹ جانے کو ناف ٹل جانے سے تعبیر کرتے ہین بالجملہ علامات اس قسم کی وہ ہی کہ بعد حرکت شدید یا ضربہ وسقط اس موضع پر پہونچنے سے
عارض ہوتا ہی اور درد ایک جگہ پر قائم ہو جاتا ہی اور ایک حالت پر قائم ہوتا ہی اور جہان التوا کا سبب فتق ہو بلندی مراق اپنی جگہ سے
اور کیس انثیین کا بڑھ جانا اسپر گواہی دیتا ہی ترکیب مریض کو پیٹھ کے بھل لٹا کے اوسکا پیٹ آہستگی و نرمی سے ملین اور اوسکے
ہاتھ پانون اوٹھا کے ہلائین تا کہ ردہ اپنی جگہ پر آجاے بعد ازان شوربا ے چرب دین اور چند روز تک غذا اسی پر منحصر رکھین اور اگر
اسی قسم قولنج کا سبب فتق و قرو ہو ردہ کو مذکورہ ترکیب سے اپنی جگہ لانے کے بعد علاج کرین چنانچہ اسکی جگہ پر آئیگا اور جو قولنج
بسبب دیدان کے ہو بعد تلیین طبع اونکے مارنے اور نکالنے کی کوشش کرین ان دواون سے جو اونکے مارنے کے لیے مذکور ہو چکی ہین
اور جو بمشارکت ورم مثانہ و گردہ وجگر وسپرز و حجاب و رحم عارض ہو ہر ایک کا معالجہ کرین جیسا کہ ہر ایک کے محل پر مذکور ہی دوائی کہ فوراً
قولنج کو کھوتی ہی اور کرم شکم بھی مارتی ہی ترکیب مغز تخم کرنجوہ ایک عدد نمک سیاہ خواہ نمک سانبھر ساڑھے چار رتی پیسکے آب گرم خواہ عرق بادیان
مین دین اور ہمراہ مغز تخم بید انجیر شیرہ دسودہ نیمگرم سفید ہی یا پوست بیخ آک پانی مین پیس کے نافع ہی دوائی قولنج و حبس پیشاب کو دور
کرتی ہی ترکیب مغز فلوس خیار شنبر تین چار درم پانی یا عرق بادیان یا گلاب گرم مین بقدر حاجت ملین اور چھان کے روغن بید انجیر ایک
درم اوسمین بڑھا کے پی لین ایضاً براے دفع قولنج کہنہ نہایت مفید ہی ترکیب اجوائن زیرہ سیاہ انیسون بادیان ہر ایک ایک مثقال
سلکو کوٹ چھان کے صبحکو کھائین اوسکے اوپر سے ایک پاؤ اونٹنی کا دودھ جو فوراً دوہا گیا ہو گرم کر کے پی لین اور چند روز اسپر مداومت کرین
بشرطیکہ ہضم تمام اور تقدم تنقیہ خلط خام کا زود اثر ہوتا ہی ایضاً بقول حکیم علوی خان قولنج کو ایک پہر مین صحت دیتی ہی فی الواقع بہت کم اسکے
خلاف ہوتا ہی ترکیب شیرہ تخم قرطم ایک تولہ شیرہ تخم خربزہ نو ماشہ عرق بادیان مین نکال کے شہد خالص تین تولہ روغن بید انجیر تولہ بھر
ملا کے نیمگرم دین اوپر سے عرق بادیان سات تولہ گلاب پانچ تولہ نیمگرم پی لین دوائی ہندی قولنج دور کرتی ہی پیٹ ٹھیک کرتی ہے
ترکیب سونٹھ پوست بیخ انڈ ہر ایک ایکدام نیمکوب کر کے تین پاؤ پانی مین جوش کرین جب آدھ پاؤ پانی رہ جاے صاف کر کے ہینگ
نمک سنگ ہر ایک ایکماشہ پیس کے گولیان بنائین حلق مین ڈال کے اوپر سے جوشاندہ مذکور پی لین دوائی ایلاؤس یہ بھی قولنج کی قسمون
سے ہے اور بدترین اقسام سے ہے کہ اوسمین براز منہ سے قے مین نکلتا ہی اور اوس سے بہت کم خلاصی ہوتی ہی اور اسکے پیدا ہونے کی جگہ ردہ

دقاق ہے یعنے امعاء علیا لہذا اور ناف کے اوپر ہوتا ہے اور نیچے سے کوئی شی خارج نہین ہوتی تہوع وقے لازم ہوتی ہے یہ مرض کبھی ابتداء
مین پیدا ہوتا ہے اسباب قولنج کے سبب سے اور کبھی قولنج اسکی طرف منتقل ہوجاتا ہے بالجملہ اسکا علاج علاج قولنج سدی کرنا چاہیے اور شراب صرف
گرم کرین اور تھوڑی تھوڑی پئین اور حب ایلاؤس وقرص ایلاؤس دین اور کہتے ہین کہ ابتدا مین فصد بہت نفع کرتی ہے خاصکر اگر ورم کا
خوف ہو یا ورم موجود ہو ایسا بھی ہوتا ہے کہ اس مرض مین اودیہ گرم و طعام سرد و قابض زمی کے کھانے سے سمیت پیدا ہوجاتی ہے اس صورت
مین چاہیے کہ فوراً آب نیمگرم در روغن کنجد یا بادام ملا کے قے کرین بعدہ تلین طبیعت کرین دوائی حصر یعنی قبض ہوجانا پیٹ مین بغیر
درد کے یا درد کیساتھ پس یہ مرض قولنج سے عام ہوتا ہے قولنج مین درد کا ہونا شرط ہے اسکے اسباب بھی مثل قولنج کے اسباب کے ہوتے ہین
اور کبھی تابع علل حادہ ہوتا ہے اور دوسرے امراض مثل مراق جمود ریح البواسیر مین ہوتا ہے اور مانند اسکے ترکیب جو قولنج مین مذکور ہے کہ حسب
سبب اُس سے رفع قبض کرین مثلاً جبکہ سبب غلبہ ریح ہو ادویہ ملین بادشکن استعمال کرین اور جہان کہ حدوث یبوست امعاء
سبب حصر ہو بروز مرطب مزلق دوائین عمل مین لائین اور ماء الجبن مفید ہوگا اور جو کہ دوسری مرض کی تابع ہو اُس مرض کے دور
کرنے کی کوشش کرین شربت بنفشہ روغن بادام کے ساتھ نافع ہے حصر کو زائل کرتا ہے اور یہ دوا مفید ہے انجیر زرد پانچ عدد بنفشہ
سات ماشہ مویز منقی المکنولہ اصل السوس پانچ ماشہ جوش اور صاف کرکے مغز فلوس و گلقند یا ترنجبین ہر ایک دو تولہ سے چار
تولہ تک مل کے پھر چھان کے روغن بادام سات ماشہ ملا کے پی لین دو ہفتہ تک اگر کوئی مانع نہ ہو تربد موصوف پانچ ماشہ سقمونیا
سات ماشہ اضافہ کرین اور دوسری دوائین حسب رعایت مزاج استعمال کرین اور کبھی ہوتا ہے کہ بچونکو بسبب غلبہ رطوبت کے
ضعف قوی ہے یا بسبب عدم انصباب صفرا امعاء پر قبض حادث ہوجاتا ہے اگر بخار نہ ہو تو اُسکا علاج زہرہ گاؤ بخور مریم کا طلا ناف پر کرین
یا مسکہ و روغن زیت گرم پانی مین ملا کے پیٹ پر ملین اور ہاتھ ملنے مین معدہ سے ناف کیطرف لیجائین صابون کا شیاف دین
اگر تنقیہ کی ضرورت ہو بحسب حاجت و رعایت مزاج تنقیہ کرین دوائی دیدان یعنے کرم شکم (کیچوے) یہ رطوبت بلغمی سے جو امعاء
مین متعفن ہوجاتی ہے پیدا ہوجاتے ہین پس اگر امعاء دقاق مین پیدا ہون لانبے ہوتے ہین اسکو حیات کہتے ہین اسمین وجع فواد و غشیان و علامات
صرع لازم ہے اور جو امعاء غلاظ کا ٹن مین ہوتے ہین چوڑے ہوتے ہین عربی مین حب القرع اور فارسی مین کدو دانہ کہتے ہین یہ بعض
کرب کے ساتھ ہوتے ہین کبھی پیٹ مثل مستسقی کے ہوجاتا ہے بالجملہ دونون قسم کے کیڑے مین درد شکم ہوتا ہے اور اُنکو حرکت کا احساس بھوک
مین سیلان لعاب دہن سے اور دانتونکا کٹکٹانا سونے مین ہونٹونکی خشکی دن مین اور تری رات مین پیٹ کی نرمی اور کبھی کبھی کیچوے
کا براز مین خارج ہونا و ایضاً طعام چرب سے نفرت اور بعد غذا غشیان و بدخوئی و سرعت خشم و کثرت جوع و ضعف نبض و سردی
اطراف و قبض و نفخ شکم بھی اُسکی علامات سے ہے یہ بھی ہوتا ہے کہ غشی و خفقان و سعال و ایک حالت مثل صرع کے عارض ہوتی ہے
تیسری قسم کرم کی مثل سرکہ کے دودے کہ روده مستقیم مین پیدا ہوتے ہین اور خارش و دغدغہ مقعد پیدا کرتے ہین یہ بھی ہوتا ہے کہ

مقام مذکور پر زخم ڈالدین اور یہ بچونکو اکثر ہوتا ہی ترکیب دونون قسمون مین پہلے چند روز تک دودھ مصری میٹھا کرکے دین بعدازان ایک دن
سفوف قاتل کرم کہ سفوفات مین آئے گا دودھ کے ہمراہ دین اور دوا پینے کے وقت نتھنے بند کرلین اگر دوا پینے سے پہلے تھوڑا دودھ نقدا پئین
پھر دوا املاکے شرب کرین اولی تر ہوتا ہی اور ظہر کے وقت تک غذا نہ دین بعد اسکے نخود آب پئین اگر مریض کا مزاج گرم ہو ادویہ حار نہ دین بلکہ
سرد چیزین بیخ و پوست درخت انار و برگ شفتالو و کشنیز خشک و سماق و تخم خرفہ دین اور دوسری ادویہ قاتل کرم حسب حاجت کام مین لائین اور مولدات بلغم
مثل ہریسہ و پاچہ و نان فطیر و لوبیا و باقلا و کل لحم خام و پنیر و البان و شیرینی و چرب و بقول و فواکہ رطب و استحمام بعد طعام و جماع ع امتلاین الشے
پرہیز کرین اگر تنقیہ کی ضرورت دیکھین مسہل دین کہ اس باب مین مخصوص ہی اور مطبوخات مین آئیگا بعدازان سفوف کمون کی مداومت کرین تاکہ
انکے پھر پیدا ہونے سے مامون رہین کہتے ہین کہ اگر بعد تنقیہ اور انکے دفع ہونے کے ہر صبح تھوڑا آب کامہ پئین تو کیڑے نہین پیدا ہوتے اور ترب
کو کردیا و چہار مغز کھانا نافع ہی اور انطاکی کہتا ہی کہ واجب ہی بذات خاص ترک کرنے سے ہر غذا کہ مادہ دیدان اُس سے پیدا ہوتا ہی چنانچہ مذکور
ہوا بعد اسکے ایسی چیز کا استعمال کہ تفریق لزوجات و تقطیع بلغم کرے مثل سعد و صعتر و ایارج بعدہ ہر مزلق کے کھانیکا اقدام کرین مثلا تازہ دودھ
پینا اور جو مالوف کرم ہو مثل شیرینی و شوربائے لحم زہر روز کھانا ایک وقت کھایا کرین اور خوب بھوک کی برداشت کرین تاکہ کرم منہ کھول کے
معدہ مین جمع ہوجائین اُسیوقت ادویہ مقتل کرم کھائین کہ خطا نکرے چاہیے کہ دوا پینا بائین طرف میل کرے اسواسطے کہ کیچوے کی پیدایش
امعاء کی بائین جانب ہوتی ہی بالجملہ علاج انواع اربعہ کرم ایک ہی بکیف و ترکیب کم واجب ہی کہ دوائے حیات کم ہوتی ہی بسبب انکی نزدیکی کے
معدہ سے اور مستدیرین اور حب القرع مین بیشتر اور خلقی مین اکثر سے ان سبکی ادویہ قاتلہ تلخ مائل بحدت ہوتی ہین مثل حنظل و شیح و صبر و ترمس
و خشیزک اور اگر فعل انکا اس قبیل سے نہ ہو پس بالخاصیت ہوتا ہی مثل برنگ و قنبیل و برگ شفتالو و بیخ انار و کمبسون حبشی و سرخس و حب النیل
و افتیمون بعدہ تکثیر مسہلات کرنی چاہیئے تاکہ انکا اخراج تعفن سے پہلے ہوجائے بعد خارج ہونے کے ایسی چیزین کھلائین کہ انکا مادہ قطع کرین
مثل سرکہ عنصل و مری اور کبھی ادویہ مذکورہ کا ضماد ناف پر کرتے ہین جو اسقاط کرم کرتی ہین چنے سرکہ مین جوش کرکے بھوک کے وقت کھانا اور شحم
حنظل سے ملنا اور حناسے اور امتزاج ادویہ کا مغل دریوند و سقمونیا سے کرنا کہ تقویت فعل بہت ہوجاتی ہے اور اسمین مجربات سے شونیز و زعفران
اور روغن نفط و نارجیل و جوز شامی اور اس فائدہ کے واسطے نعنع و نسرین و تمام شیر بزرک مشمش صعصاف و شونیز پودینہ کے عرق مین اور قطران بھگو کے
ناف پر لیپ کرین اور مجرب صحیح سے کھانا چنے سرکہ مین اُسپر سے پینا طبیخ بیخ انار و پوست انار ترش و روغن گاو و سرکہ و روغن نارجیل کہنہ مین ممزوج
کرکے جوان مین سے ممکن ہو اور انھین کے مثل ہی شحم حنظل دو درم مر و شیح ہر ایک ایکدرم زعفران نصف درم آب پودینہ مین استفاف کرین اور
جاننا چاہیے کہ کیچوے نکا پیٹ ہی مین پیدا ہونا مختص نہین ہی بلکہ ہر جوف مین کہ جسمین رطوبت ہوتی ہی مثل بینی و گوش و دندان مین پیدا ہوتے ہین
علاج ہر ایک کا اپنے محل پر مذکور ہی کبھی کرم زخم مین پیدا ہوجاتے ہین اسکا علاج قروح مین آئیگا کہتے ہین کہ جو شخص ناشتا مین خرما کھاتا ہی کشنیز خشک
و سماق غذا مین تناول کرے کیچوون سے محفوظ رہے الدیدان کی تیسری قسم مین کہ زیادہ تر بچونکو ہوتی ہی رسوت ترکچور کمیلہ با برنگ کوٹ

بھان کے پانی سے پئین اور اگر انھین دواؤنکو پیس کے گائے کے پتے مین آلودہ کرکے کپڑے کو لت کرین اور مقعد مین رکھین کیڑون کو مار کے باہر
نکالدیتا ہی اور مجرب ہی یا رتیل شکر سے کھلانا خاصکر نفع دیتا ہی حنا و موم ملا کے شیاف کرین لحظہ بھر کے بعد بچہ کو اوندھا لٹا کے اُسکی مقعد کو اُنگلی سے یا
کسی دوسری چیز سے کھجلائین اور سامنے چراغ رکھین ہر کرم کہ ظاہر ہو نکال لین اگر موم گھی مین پگھلا کے بیرون و اندرون مقعد کو چرب کرین منع
خوردن کرم و خاریدن مقعد کرتا ہی اگر آب برگ شفتالو کا حقنہ کرین یا شونیز و ترمس و تخم حنظل و صبر سرکہ مین پیس کے فتیلہ اُسمین ترکر کے رکھین
تو چھوٹے کیڑے مرجائینگے اگر شیح ارمنی دودھ مین ملا کے بقدر حاجت دین اور ایکدرم درمنہ ترکی نیم درم صبر سقوطری کوٹ کے آب برگ شفتالو
مین ملا کے پیٹ پر ملین جب خشک ہوجاوے پھر ملین تو لانبے کیڑے جو بچہ کے پیٹ مین پیدا ہو گئے ہونگے مرجائینگے اگر درمنہ ترکی کو انار دانہ
مین خوب کوٹ کے ہر صبح بقدر جوز دین قتل کرم شکم اطفال کیواسطے مجرب ہی **دوائی** قاتل کرم شکم تارپین کہ روغن زرد رنگ کا ہوتا ہی اور کاشرائل
کہ روغن بید انجیر کو کہتے ہین تین تولہ باہم ملا کے پانی یا دودھ مین تین تولہ پلائین مجرب ہی **ایضاً** دیدان کو مارنے کے واسطے مجربات سے ہی **ترکیب**
زیرہ کرمانی مغز کرنجوہ پلاس پاپڑہ کمیلہ باؤبڑنگ ہر ایک ایکدام باریک پیس کے قند سیاہ مین ملائین اگر مرد بڑا اور کرم کا بہت غلبہ ہو اسکی
دو خوراک کرین اگر بچہ ہو اُسکے موافق چار پانچ گولیان بنالین بعد طعام سوتے وقت مصری کے شربت کیساتھ کھلائین اور سُلا دین اور
مفتاح مین مانند عوض زیرہ و کرنجوہ مرقوم ہی اور وزن کل دواؤنکا مع قند سیاہ مساوی حب بقدر نیم دام بنا کے شربت شکر کے ہمراہ کھائین **ایضاً**
انواع دیدان کو ایک روز مین بالکل دفع کردیتی ہی **ترکیب** رات کو سوتے وقت دو مٹھی تل تھوڑے سے قند مین ملا کے کھائین وقت صبح بقدر چار
درم قنبیل و ایکدرم صابون ایلجا کرکے باہم ملین تین گولی بنا کے گرم پانی سے نگل لین اُسکے بعد گرم پانی پئین جملہ کرم فوراً نکل جائینگے **نوع دیگر** برائے
قتل دیدان کہ مقعد طفل مین پیدا ہوتے ہین مجرب ہی **ترکیب** مغز تخم بکائن مغز تخم نیب بلیلہ سیاہ رسوت مقل مساوی پیس کے چنے کے برابر
گولیان بنائین اُسمین سے چار گولیان روز کھانیکی مداومت کرنا مزیل مرض ہی **ایضاً** قاتل و مخرج دیدان **ترکیب** بڑنگ کابلی مقشر ترمس
تربنیل ہر ایک پانچدرم ترمس قسط تلخ ہر ایک سات درم شیح دس درم نمک ہندی ایکدرم کوٹ چھان کے تین درم نہار منہ کھائین **ایضاً** برائے
دیدان طوال **ترکیب** بڑنگ کابلی مقشر پوست بلیلہ زرد آملہ ہر ایک پانچ مثقال تربد سفید تین مثقال فانیذ برابر دوا شربت چھ ماشہ گرم پانی سے
اور قادری مین وزن میتون دواؤنکا اول ساڑھے پانچدرم اور تربد کا تیرہ درم ہے **ایضاً** کرم معدہ کو مارتی ہی اور گرم مزاج والون کو دینا
چاہیئے **ترکیب** پوست درخت شہتوت پوست درخت انار ترش اور اُسکی جڑ کو جوش کرین یا دارد کے آب سے میل کرین **دوائی** بواسیر د
افزونی ہی کہ افواہ عروق مقعد پر خون سوداوی غلیظ سے حادث ہوجاتی ہی کبھی ہوتا ہی کہ اختلاط صفرا خون کے ساتھ ہو پس اگر خون زرد آب اُس
سے نکلے دامی کہتے ہین اگر کچھ ان مین سے نہ خارج ہو عمیا کہتے ہین اور ان مین سے ہر ایک داخل مقعد یا خارج مقعد مین ہوتی ہی بواسیر کی علامت
یہ ہی کہ مقعد مین درد ثقل و خارش ہو اگر خون آتا ہے تو براز مین ملا ہوا نہین ہوتا بلکہ قبل از براز یا بعد مین آتا ہی اور قطرہ قطرہ خارج ہوتا ہی کثرت ثقل
و قلت لذع دلیل خون غلیظ کی ہوتی ہی سوزش کثیر و درد و لذاع شدید نشان خون صفراوی ہی **ترکیب** جبکہ خون غلیظ و سیاہ دانے اور ضعف

ہو تو خون کو بند نہ کرین کیونکہ اُسکے نکل جانے سے اکثر امراض ردیہ مثل ذات الجنب و ذات الریہ و سل و طحال و جذام و خفقان و صرع و
جنون و سرطان و جرب وغیرہ سے امان رہتی ہے اور جب سیلان خون کی زیادتی ہو سرخ و صاف و رقیق نکلے ضعف قوی پیدا ہو اس صورت مین
خوف حدوث امراض صفراوی و استسقا کا ہے پس حابسات خون مثل شیرہ بیخ انجبار و خرفہ و کشنیز خشک و بارتنگ و قرص کہربا و شربت
صندل و انجبار اور مانند ان کے کہ دوائی نفث الدم مین مذکور ہوئین عمل مین لائین اور رسوت تین ماشہ پیس کے دہی کی بالائی مین لپیٹ کے
کھلا دین غذا چاول دہی کے ہمراہ خنصر و بنصر کے درمیان داغ دینا برائے قطع خون بواسیر بھی مجربات سے ہے اور حب سندروس برائے
بواسیر خونی مجرب ہے و انجبار کی خاصیت ہے کہ باوجود حبس خون کے قبض طبیعت نہین کرتا اگر بواسیر کے مسے اذیت دین ممتلی اور درد کے ساتھ
ہون بعد فصد باسلیق فصد صافن یا فصد مابض یا حجامت مابین ورکین کرین مسون پر جونکین لگانا بھی مفید ہے اور ادویہ منفتحہ خون مانند سرگین
کبوتر و تنہ و زہرہ گاؤ و پیاز کے عرق مین ملین بہتر یہ ہے کہ بعد فصد باسلیق برائے تسکین درد جونکین لگوائین اور رسوت و برگ نیب گلاب
مین پیس کے ضماد کرنا مسکن درد باسور ہے اسی طرح بھنگ کو پانی مین پیس کے باندھنا اور گاے کے دودھ مین جوش دے کے اُسکا
بھپارہ لینا گھی کا ملنا بھی رفع درد بواسیر کرتا ہے مرہم سفیداب کافوری بھی مفید ہے تسکین درد کے واسطے مخصوص ہے اسرب انڈے کی سفیدی
مین پیس کے یا مغز تخم آلو بخارا گھی مین پیس کے مسون پر طلا کرنا بھی مسو کی سوزش و درد کے رفع کرنے مین مجرب ہے اگر تنقیہ کی ضرورت ہو
تنقیہ سودا مسہل ماء الجبن سے کرین بعد ازان اطریفل صغیر و حب مقل کھائین طبیعت کو ملائم رکھین اصلاح طحال و کبد کرین اگر تدبیر مذکور
سے فائدہ نہ ہو بہتر ہے کہ کٹوا ڈالین اگر قطع کرانیکی برداشت نہ ہو دوائے حاد مانند دیگ بردیگ و دوائے سم الفار رکھین بعد ازان پیہ کوہان
شتر مغز ساق گاؤ خطمی کتیرا پیہ بط مرغابی زردی بیضہ مرغ حسب حاجت لیکے روغن بنفشہ مین مرہم بنالین اور استعمال کرین یا برگ کرنب
پانی مین جوش کرکے موم اور گھی مین ملائین استعمال کرین کہتے ہین کہ سب مسے ایکدفعہ مین نہ اُڑانا چاہیے اور اگر قطع کے بعد یا تیز دوا کے
بعد بواسیر متقرح ہوجاے مرطبات استعمال کرین تخمیر زرنیخ یا پوست مازو مقل اور اسیطرح کچلہ و تخم بکائن دانہ ہاے بواسیر کو قطع کرتا ہے جو بواسیر کہ
اندرون مقعد ہون چاہیے کہ محاجم سے باہر نکالین یا مویزج و نطرون پیس کے مرارہ نر گاؤ مین مخلوط کرکے لیپ کرین کہ مسے باہر نکل آئین
اُسوقت دوائے حاد اُسپر رکھدین دوائی بواسیر و ضعف معدہ کیواسطے نافع ہے بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب گل ارمنی بوداده دانہ مویز
برورده سرکہ بوداده ہر ایک پانچ مثقال سماق بھدانہ گل سرخ صمغ عربی ہر ایک تین مثقال طباشیر گل مختوم ہر ایک دو مثقال کوٹ چھانکے
مناسب ربوب مین کھلائین دوائی حابس خون بواسیر معمول والد مغفور ترکیب زیرۂ سفید رسوت ہر ایک چار ماشہ مجیٹھ دو ماشہ برگ
بنگ ایک ماشہ شیرہ نکال کے پئین **ایضاً مجرب حکیم علی ترکیب** کہربا گل مختوم تبس ہر ایک نصف مثقال باریک پیسین اور
سفوف بنائین کل ایک خوراک ہے تین روز برابر دین کبھی اتبس تنہا نصف مثقال تین روز تک برابر استعمال کرتے ہین اور بہت مفید
ہوتا ہے کبھی حضض مکی کیساتھ عمل مین لایا گیا ہے اور حبس دم بواسیر مین نظیر نہین رکھتا اور معجون خبث الحدید کہنہ بہت ہی نافع ہے اسیطرح

اطریفل مقل کھنہ اگر چاہین کہ مسہل دین نقیع ہلیلہ اچھی چیز ہے **دوائی** حابس خون بواسیر **ترکیب** کشتۂ مرجان تین رتی طباشیر ایک ماشہ
ایک عدد مربہ آملہ مین ملا کے ہمراہ شیرۂ انجبار پانچ ماشہ لعاب بارتنگ سات ماشہ شربت انار دو تولہ مین کھائین اگر صعود بخرۂ صفراوی و
ضعف معدہ عارض ہو قاقلہ کبار وگلنار فارسی ہر ایک دو درم جوارش طباشیر مین بجاے کافور کے داخل کرکے تین ماشہ سے نو ماشہ تک دین
مفید ہو **ایضاً** خون بواسیر کو بند کرتی ہے **ترکیب** طباشیر مازو پوست انار مائین خرد کلان مساوی کوٹ چھان کے پانی سے بھاکین نو عدد گر
حابس خون بواسیر **ترکیب** ہلیلہ بلیلہ مائین کلان تخم بکائن مساوی کوٹ چھان کے سب کے برابر شکر تری ملائین ایک مٹھی نہار کھائین نو عدد گر
چھال درخت ہارسنگھار مثل پوست کہ وجا توت تراشہ ہوا پانی مین شیرہ نکال کر مرچ سیاہ پانچ عدد پیس کے ملائین اور پین بواسیر کیواسطے نہایت مفید ہے **نو عدد گر** حبس خون بواسیر کے واسطے
بے نظیر ہے **ترکیب** پوست درخت کرو تین چار ماشہ جکہ دہی مین ملا کے کھائین اور یہ دوا اسہال بواسیری کیواسطے بھی نافع ہے دہی چاول
یا جو مناسب ہے **معجون ایضاً** براے حبس خون بواسیر مجرب ہے **ترکیب** رسوت پوست کرڑا اندر جو تلخ اتیس مساوی پیس کے شہد مین
معجون بنائین اور تھوڑی غبار ساٹھی کے ساتھ کھائین اگر سواے پوست کرڑا کے تینون دوائین بقدر ایک ایک تولہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ
اور مسکہ دو تولہ کیساتھ دین تو بھی بہت مفید ہے **دوائی** جسکا نام سفوف ہندی ہے بواسیر خونی و بادی کیواسطے مفید ہے **ترکیب** تخم بکائن خشک
رسوت نکر کو ٹیرہ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایکدام باریک پیس کے سفوف بنائین دو ماشہ سے چھ ماشہ تک پانی مین کھائین بعد اسکے قدرے
نخود ملا کے کھائین غذا نان مرغن بے نمک اور دال خشک کے ساتھ بعضے گولی بنا کے صبح و شام ایک کھائین **دوائی** مزیل بواسیر ہے
ترکیب برگ کنگھی برگ گیندہ برگ گکروندہ مرچ سیاہ بقدر حاجت لیکے پانی مین پیس کے چھان کے پئین اور تنخیہ برگ سرو برز البنج
سے لین اسی طرح دس بارہ روز عمل مین لائین **دوائی** دافع ایذاے مسہ بواسیر **ترکیب** اکاس بیل کوٹ کے توے پر گرم کرکے پہلے
باندھین بعدہ اسکا مرہم رکھین مردا سنگ چھ ماشہ موم ایک تولہ روغن زرد تین تولہ روغن گرم کرکے مردا سنگ چھوڑ دین تاکہ خوب
پک جاے پھر موم ڈالین اور ہری نیم کی لکڑی سے حل کرکے نگاہ رکھین اور اندر باہر لیپ کرین اور خونی مین سنبھالو کی ٹکیہ بنل مین پیس کے
بعد مرہم مذکور کے رکھین **ایضاً** براے بواسیر بارہا تجربہ ہوا ہے **ترکیب** رسوت پوست ہلیلہ زرد گوگل نرکچور سب کو برابر کوٹ کے مولی
کے پانی اور گکروندہ کے پانی مین کھرل کرکے بقدر نخود گولی بنا کے ایک گولی صبح اور ایک شام کھاتے رہین اور چاہیے کہ رسوت کو پانی
مین حل کرکے مسے پر طلا کرکے برگ بانسہ کو پانی سے دھو کے تھوڑا پانی اسمین ڈال کے برتن کا منھ بند کرکے پکائین جب مثل بھرتے کے ہو جاے
اور پانی اسمین جذب ہو جاے باسور پر باندھین اور قضاے حاجت کیوقت دور کرکے **پھر ضماد** رسوت و تخم برگ مذکور کا حسب سابق باندھین
اور حصول صحت کام مین لائین اور پرہیز کرین عجیب علاج ہے **دوائی** براے حبس خون بواسیر بارشاد حضرت مولانا فخر الدین قدس سرہٗ
ترکیب تخم بلبل تخم بارتنگ شکر تری مساوی لیکے ہر روز ایک ماشہ صبح اور ایک ماشہ شام تازہ یا باسی پانی سے اور اگر ایک دو روز خون
کی زیادتی ہو مضائقہ نہین ہے لیکن شرط یہ ہے کہ پہلے دن تازہ پانی سے کھائین اور سات روز تک تازہ ہی پانی مین استعمال کرین اور اگر باسی پانی سے استعمال کرین تو برابر

سات روز تک باسی پانی ہی مین کام لین مجرب ہے **ایضاً** برائے ہر قسم بواسیر مجرب بعض احباب سے ہے **ترکیب** اجوائن خراسانی بھنگ برادہ سم اسپ تینون کو ہموزن گائے کے بچھڑے کے پیشاب مین پکائین جب مثل مرہم ہو جائے سفید کپڑے پر رکھ کے مسون پر اُس کپڑے کو باندھدین بواسیر کے دانے دفع ہو جائین گے **دوائی** بواسیر کو خشک کرتی ہے اور تجربہ کیا گیا ہے **ترکیب** پوست انار کندر جفت بلوط جوز السرو چارون کوٹکے آب انگور مین جوش دین اور ہاون مین ملین صبح شام بواسیر پر طلا کرین اور مقل ازرق و کندر و زرانیخ و حرمل و بیخ کبر کی تبخیر کرین دوائی جسکا نام دیگ بر دیگ ہے بواسیر کے مسون کو کھو لی ہے **ترکیب** سیماب نوشادر ہر ایک ایک رطل زنگار آہک آب نارسیدہ ہر ایک نصف رطل اشخار ایک رطل کندر زرنیخ زرد ہر ایک ایک رطل و نصف کل دواؤن کو سرکہ مین بھگودین تاکہ سیماب کشتہ ہو جائے پھر خشک کرین اور دوسری مرتبہ پانی مین بھگوئین اور دیگ مین دوائین ڈال کے اُسکے اوپر دوسری دیگ اُلٹ کے ڈھانک دین دونون دیگون کے منھ کو گل حکمت کرکے چولھے پر چڑھائین اور ہلکی آنچ کر دین تاکہ دواؤنکا جوہر چڑھ جائے اوسے رکھ چھوڑین اور اُسمین سے تھوڑا سا مسونکی جڑ پر طلا کرین **دوائی** برائے اسقاط دانہ بواسیر مجربات حکیم علی گیلانی سے **ترکیب** بقدر ضرورت سم الفار کوٹ کے گدھی کے دودھ مین جوش دین اور تین روز تک اُسی دودھ مین رہنے دین بعد اسکے نکال لین نصف عدس مقدار مین بواسیر کے مسہ پر دن مین ایکمرتبہ اور ایک مرتبہ رات کو رکھین بواسیر کے مسون مین جذب ہو جاتا ہے اور خارج کرتا ہے اور باریک کرتا ہے اور ایک ماہ کی مداومت مین ساقط کر دیتا ہے اور اس اثنا مین تقویت مزاج کرنا چاہیے **دوائی** ریح البواسیر اور وہ ریح ہے غلیظ عسر التحلیل کہ خلط سوداوی سے امعاء اور گردہ مین پیدا ہو جاتا ہے اور بہتی گاہ اور حوالی ناف و گردہ مین ہو جاتا ہے اور کبھی زہار و خصیہ و حوالی مقعد کے نیچے آجاتا ہے اور کبھی جانب سینہ و پہلو و کتف و گردن و پشت پر آجاتا ہے اور مذکورہ اندام مین درد پیدا ہو جاتا ہے گاہے سدر و دوار و صداع و قولنج و زحیر پیدا کرتا ہے اور کبھی پیٹ مین قبض پیدا کرتا ہے و اعضا شکنی و درد آلود خفقان بھی اسکے سبب سے ہوتا ہے اور اکثر بسبب میلان ریح مذکور بجانب اندامہاے دیگر مثل مفصل دست و پا و زانو مین دقت نشست و برخاست آواز ایک پیدا ہوتی ہے کہ عربی مین قرعہ کہتے ہین اور سوء ہضم و ضعف باہ و تغیر رنگ زردی و سبزی و سیاہی و حکہ چہرہ و بدن عارض ہوتا ہے قراقر شکم لازم ہے یہ مرض مریض مراق سے مشابہ ہوتا ہے **ترکیب** اگر آثار کثرت مادہ معلوم ہون تنقیہ سودا مسہل سودا سے کرین اور افتیمون ماء الجبن و شیرخشت مین اس مرض اور مراق و بواسیر مین نافع ہے جوارش کمونی اور مانند اسکے ادویہ بادشکن ہمراہ مدرات برائے ایصال اثر ریح کھائین اور ادویہ مقویہ کاسر ریاح و ملینہ عمل مین لائین جیسے مقل و اطریفل صغیر بھی نفع کرتا ہے اور اگر پوست بیخ کبر ایک جزو صعتر فارسی نیم جزو کوٹ چھان کے دو درم اُسمین سے گرم پانی یا شوربا سے جرب مین دین سودمند ہے اور دلک و حمام و سواری اسپ و ریاضت مفید ہے کبھی فصد باسلیق سے کافی نفع ہو جاتا ہے اور جو بادانگیز چیزین ہین مثل دودھ یا جو چیزین دودھ سے بنائی جاتی ہین اور فواکہ تر بر مانند انکے ترک کرنی چاہیین **ایضاً** برائے اخراج ریح البواسیر مین مجرب ہے **ترکیب** برگ سرو خشک اجوائن سوختہ برگ سداب خشک تخم بلیون اصل الخداں سوختہ محروث و ذریون خردل سفید جوز بوا سوختہ کوٹ چھان کے ایکدرم کھانے کے بعد کھائین اگر تمام دواؤن کو جوکُٹے پانی مین جوش کرین جب چوتھائی رہ جائے صاف

کرکے اُسکے ہموزن روغن داخل کرکے جوش دین تاکہ پانی سوکھ جائے اور روغن رہ جاے پیٹ پر مالش کرین اثر اُسکا اخراج ریح مین
نصف مذکورہ دواؤن کے کھانے سے رہ جائیگا **ایضاً** براے ریح البواسیر معمول ہے **ترکیب** مصطگی سعل ہر ایک ایکماشہ میں کے اطریفل
کشنیزی ایک تولہ ملاکے تناول کرین اوپر سے مویز منقی دس دانہ گاؤزبان چار ماشہ جوش اور صاف کرکے نبات سفید ایکتولہ داخل کرین
نودری سفید چار ماشہ چھڑک کے پی لین اور برگ گکروندہ ومرچ سیاہ مساوی گولیان بناکے کھائین اور ترشی سے پرہیز کرین **ایضاً**
انطاکی کہتا ہے کہ باسور وناسور کے عقب مین ریح پیدا ہوتے ہین کہ ان دونون مین سے ایک کو مضاعف کر دیتے ہین اور کبھی دماغ
کیطرف جاتے ہین کبھی نیچے اُترتے ہین اور قلق وکرب ودرد پشت ومعدہ پیدا کرتے ہین باہ کو ساقط کر دیتے ہین علاج اُنکا جو بواسیر مین
مذکور ہوا مع زیادتی شرب محللات ریح مثل تخم کرنس وانیسون وقردمانا مطبوخ ہمراہ شہد وتمریخ ادہان حارہ ہے **دوالی** نواصیر وہ
قروح خبیثہ غائر ہوتے ہین کہ کنارہ مقعد پر ہوجاتے ہین اُسی مین مل کے صدید نکل آتی ہے اور شکل سے علاج کارگر ہوتا ہے ہندی مین
بھگندر کہتے ہین **ترکیب** پہلے اُسکو صاف کرین بعدہ شیاف غرب اور دوسری دوائین کہ نافع ناصور چشم ہین ٹپکائین اور استخوان پنجہ
شیر پیس کے طلا کرنا یا زردچوب مرداسنگ ہر ایک تین جزو روغنگل دو جزو موم زرد ایک جزو پانی مین پکائین جب پانی جل جاے مثل
مرہم کے استعمال کرین اور دوسرے مفید مراہم کام مین لائین پوست بیخ کبر تین ماشہ صعتر فارسی ڈیڑھ ماشہ سفوف بناکے پھنکائین
ایضاً انطاکی کہتا ہے کہ نواصیر قروح غائر کا نام ہے کہ ممتلی ہوتا ہے اور منفجر ہوجاتا ہے مثل غرب کے علاج اسکا تنقیہ مادہ ہے اولاً اور
استعمال دواے مجفف بعد ازالہ مواد فاسد بھر شیاف غرب بھرین اور منافذ قطع کرین اُسپر اکالہ دوائین رکھین کہ مستوی ہوجاے پھر
اندمال کرین اسمین خطرہ ہوتا ہے تضمید صبر وبادام تلخ وانزروت وریوند کی کثرت اسیطرح مورد وگلنار کی کرین **دوالی** ورم مقعد وہ اکثر
حار ہوتا ہے صرف خون سے یا دم صفراوی سے ابتدا مین کم ہوتا ہے بعد قطع بواسیر واستعمال ادویہ حادہ کے اسپر یا بعد حکہ یا شقاق یا
قروح بیشتر عارض ہوتا ہے علامات اُسکی تپ گرم درد سخت والتہاب وسوزش ہوتی ہے اور تقطیر البول **ترکیب** فصد باسلیق کھلوائین
اور فصد صافن وحجامت قطن بھی نافع ہے منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین مرہم سفیداب کا طلا کرین یا انڈے کی سفیدی مع
روغنگل قدرے افیون مین ملاکے ظرف ارزیز یا سرب مین خوب ملائین اور پیس کے اوسکو مقعد پر لیپ کرین دوسرے ضمادات نافع کام
مین لائین اگر کہنہ ہوجاے مرہم داخلیون رکھین اگر پیپ آنے کے آثار ظاہر ہون نضج سے پہلے نشگاف دین تاکہ ناسور نہ ہوجاے پھر سفیداب
کافوری کہ براے شقاق مقعد بھی فائدہ مند ہے رکھین چاہیے کہ طبیعت کو نرم رکھین اور آب سرد وترش واشیاے قابضہ سے احتراز کرین **ایضاً**
انطاکی سے **ترکیب** روغن زردی بیضہ ومغز شتر ولادن وزعفران کا ایسے موقع پر فائدہ عظیم ہے برگ بیخ سوسن وخشخاش تمام اجزا لیکے
اور گل سرخ کا ضماد مین مطبوخ حار مین نفع جلیل ہے اور ورم بارد مین خاکستر پوست حنظل کا زرد وصبر وعسل وبیہ ماکیان کا طلا پیاز د
اکندنا بڑیان ہمراہ روغن زرد بدستور حلبہ بابونہ کا نطول اور اسی طرح النواع خبازی خصوصاً خطمی نافع ہے اور اس کے مجربات سے ہے

کیہ بیخ و پوست خشخاش و حلبہ کو جوش کرین اُسکے پانی سے نطول اور جرم مین اُسکے تنہا جبکہ حار ہو اور بارد ہو تو شہد مین لیپ کرین دوائی جبکہ
ورم یا جراحت درون مقعد بسبب موجع پیدا ہو جاے اور اسہال خونی لاے نافع اور مجربات حکیم علی سے ہے ترکیب گل بنفشہ بابونہ ناخونہ
حلبہ تخم کتان برگ خطمی ہر ایک دو تولہ گل خطمی گل سرخ مکدا ایکتولہ کوٹ کے جوش کرین جبکہ خمیر ہو جاے ہر روز دو تین بار گرم کر کے باندھین دوائی
شقاق مقعد سبب اسکا حرارت و یبوست مقعد ہوتی ہے یا ورم مقعد یا براز خشک سے خراش یا خلط بواسیر یا امتلاے عروق مقعد خون سے یا کثرت
اسہال سے اور علامت ہر ایک کی تقدم وجود سبب چھپا نہین ہے امتلاے عروق مین کثرت سیلان خون شقاق کی گواہی دیتا ہے ترکیب ازالہ
سبب کرین مرہم سفیداب کافوری اور دوسرے اضمدہ و قیروطیان کی مالش کرین اور جو شقاق لبکے بارہ مین بیان کیا گیا ہے مفید ہوگا آب سرد
حموضات و اشیاے قابضہ سے احتراز کرین طبع کو نرم رکھین لعاب بہدانہ و شربت بنفشہ و روغن بادام چتے مین یا دس درم ترنجبین شربت
بنفشہ مین حل کر کے ہر صبح کو دین اور اغذیہ ملینات کھانی چاہیین اور جسجگہ خون شقاق سے بہتا ہو اگر ہو سکے فصد کھلوائین ایک مثقال قرص کہربا
یا قرص گلنار ہمراہ آب بہی کے دین اور طبیخ مین مازو و آس و گلنار و پوست انار و گل سرخ و جوز السرو و کزمازج کے بٹھائین اور شادنج دم الاخوین
و پھٹکری پیس کے اسجگہ چھڑکین مرہم شادنج اسمین مجربات سے ہے دوائی براے شقاق مقعد انطاکی سے منقول ہے ترکیب پہلے تنقیہ و تلیین
مزاج و ترطیب کرین اور مثل مرہم ابیض یابس مین اور اسود رطب مین استعمال کرین اور مرض کبھی بلاد باردہ مین ہلاک کر ڈالتا ہے مجرب صحیح یہ ہے کہ
پیہ خنزیر پگھلا کے فتیلہ لت کرین اور مقعد مین گرم گرم رکھدین سردی سے حفاظت کرتے رہین اگر اچھا نہ ہو مکرر استعمال کرین وایضاً جسکا تجربہ
مین نے کیا ہے وہ یہ ہے کہ کتے کے سر کو جلا ڈالین پھر اوسکے برابر صبر و پیس کے چھڑکین کہ عجیب ہے اسیطرح پیہ ماکیان و روغن بنفشہ و موم و افیون
و مرکی کا مرہم بنا کے اور کپوس خاکستر صعتر مع صبر یا انڈے کی زردی مین اور مہر روغن کہ اسمین رصاص حک کیا ہوا ہو دوائی براے استرخاے
مقعد اس سے مراد ہے خارج ہونا باد و براز کا بے ارادہ سبب اسکا اگر سردی عصب و استرخاے عصب تشرب رطوبات سے ہو علامت اُسکی یہ ہے کہ اُسکا
حدوث بتدریج ہوتا ہے اور تقدم اسباب مبردہ و مرطبہ داخلیہ و خارجیہ و تریل محل مقعد ہے استرخاے مقعد بسبب ناصور یا قطع یا سوزش عضلہ مسکہ
مقعد کے لیے عام آفت ہوتی ہے تو حادث ہو جاتا ہے کبھی بسبب سقطہ پشت یا ضربہ پشت مضر مبدا عصب کہ بسوے عضلہ مقعد نیچے اُترتا ہے
عارض ہو جاتا ہے کبھی استرخا حس کیساتھ ہوتا ہے یہ سالم ہوتا ہے کبھی بطلان حس کیساتھ ہوتا ہے یہ ردی ہے بس جو کہ ضربہ و سقطہ یا قطع یا سوزش سے
ہوتا ہے علاج نہین ہو سکتا خصوصاً اگر اُسکے پاؤن بھی مسترخی ہو جائین اور جو کہ سختی مقعد کیساتھ ہوتا ہے مع تمدد ہوتا ہے وجود ورم و وجع استرخاے ورمی کی دلیل
ہے ترکیب منضج حار سے نضج کے بعد تنقیہ مسہل حار سے کرین پھر گرم معجونین کھلائین اور مقعد و پشت کو گرم تیلون سے ملین سنبل الطیب و قسط
و مرکی و جوز السرو اور مانند انکے ادویہ قابضہ گرم سے پانی مین جوش کرین اور بیمار کو اُسمین بٹھائین اگر استرخاے مقعد ورم مقعد کے سبب ہو
اُسکی علامت و علاج گذر چکا دوائی براے استرخا و خروج مقعد بے نظیر ہے تالیف حکیم علی ترکیب اسفیداج سرمہ مکدا ایکتولہ مردا سنگ
چار مثقال مازو پانچ مثقال دقاق کندر اہل مکدا سات مثقال پھٹکری نصف مثقال خوب باریک پیس کپڑے مین چھان کے رکھ چھوڑین مقعد

کو روغن سے چرب کرکے اُسپر ذرور کرین اور کزمازج مالجھڑ فوفل گل سرخ مازو مکد دو اوقیہ اذخر ایک اوقیہ اہیل جاما وقیہ ساق مرکی مکہ نصف اوقیہ
کو کچھ کوٹ کے برتن میں جوش کرین اور اسکے پانی مین بیٹھین نیز اس سے استنجا کرین ایضاً بابونہ کو مذکورہ پانی مین ترکرکے مقعد پر رکھین خصوصاً ذرور
مذکور کے استعمال کرنے سے پہلے دوائی برائے خروج مقعد اور یہ بچون کو زیادہ تر شکایت ہوجاتی ہے سہا بعد زحیر سبب اسکا استرخاء عضلہ
ممسک مقعد ہوتا ہے بسبب ابتلائے رطوبت علامت اسکی یہ ہے کہ سہولت سے نکل آتی ہے اور اگر ہاتھ سے رد کرین تو جلد اندر ہوجاتی ہے ترکیب
پہلے ہاتھ سے یا آب نیم گرم اینٹ سے بٹھائین اگر نہ ہو تو موم روغن و شیر گاؤ سے چرب کرلین بعد اسکے پوست انار جفت بلوط گلنار مازو پانی
مین جوش کرکے صاف کرلین جب نیم گرم رہ جائے اُس سے استنجا کرین اُسمین بٹھائین اسکے ثفل کو باندھین ایضاً سفیدی بیضہ مرغ
کو ہاتھ سے مل کے مقعد پر ملین اور اُسکو آہستہ آہستہ ہاتھ کے اشارے سے اُسکی جگہ پہونچائین اسیطرح کرتے رہین کہ دو تین مرتبہ مین مضبوط
ہوجائیگی اگر محکم نہ ہو جائے تو بھنگ آدھ پاؤ پوست مغیلان پاؤ بھر آدھ سیر گائے کے دودھ مین اور پاؤ بھر پانی مین جوش کرین جب دو تین
اُبال آجائین آگ سے اُتار کے نیچی جگہ پر رکھین اُسکا بھپارہ لین اگر پسینہ آئے رومال سے مقعد کو صاف کرکے ہاتھ سے اُسکی جگہ پر پہونچائین
اور چند روز تک یہ تدبیر کرین ایضاً ہلدی پاپڑنگ اجوائن سبوس گندم ہر ایک ایک تولہ روغن کنجد پانچ ایک تولہ مین ملاکے رکھین اُسمین
سے چھ ماشہ کنڈے کی آگ پر چھڑک کے اپنے آپکو کپڑے سے لپیٹ کے اُسکا بخور مقعد مین لین پسینہ آنے پر رومال سے پونچھ ڈالین اور ہاتھ
کے اشارے سے اُسکی جگہ پر آہستہ آہستہ پہونچائین ایضاً مقعد کو انڈے کی زردی سے چرب کرکے پرانی جوتی کی کھال کی راکھ اُسپر چھڑکین اور مقعد
کو ہاتھ سے اندر کردین مجرب ہے دوائی خارش مقعد سبب حکۂ مقعد کا اخلاط مراری یا بورقی ہوتے ہین پہچان اُنکا خروج ہے براز مین مع
تیز حرکے ترکیب تنقیہ کرین فصد باسلیق وحجامت مابین ورکین کرین تمر کثیر النفع ہے سرکہ و روغن مقعد پر ملین ہلیلہ وبلیلہ و آملہ جوش کرکے
اُسکے پانی سے استنجا کرین اگر اسکا سبب تولد دیدان صغار ہو تدبیر قتل واخراج دیدان ہے جسطرح دوائی دیدان مین مذکور ہوا اگر مقدمۂ بواسیر
ہو علاج اوسکا مثل علاج بواسیر کرین فصد وتنقیہ سے اور اصلاح خون اغذیہ وادویہ بارده سے دوائی وجع کلیہ گردہ مین اگر بسبب
ریح کے ہو کہ نواحی گردہ مین اخلاط غلیظہ سے متولد ہوجاتے ہین اور انکو ریح الکلیہ کہتے ہین علامت اسکی تمدد بغیر ثقل حوالی کمر مین اور منتقل ہوتا ہے
بھوک مین کمی اور عدم آثار سنگ گردہ ہوتے ہین اور کبھی وجع کلیہ پانی مقابل گردہ سوف خدر ہوتا ہے ترکیب شیرۂ بادیان شیرۂ انیسون
شیرۂ تخم کشوث اور مانند ان کے مدرات سے کہ شدید الحرارت نہ ہون ہمراہ گلقند و شربت بزوری یا شربت دینار کھلائین روغن گل و روغن بابونہ
مین نمک و سبوس گندم وریگ گا ذران کی تکمید کرین اگر گل ٹیسو اور کسینہ و دیگر مدرات پانی مین جوش اور صاف کرکے نطول کرین نیز اُسکے
ثفل کو باندھین تو درد زائل ہوجاتا ہے آرد ماش سیاہ کو تھوڑے رسوت و تخم شبت کے ہمراہ پانی مین بھگو کے ایک طرف سے اُسکی روٹی پکاکے
جو سرخ کچا ہو روغن گل یا روغن بابونہ سے چرب کرکے نیم گرم مقعد پر باندھ دین درد رفع ہوجاتا ہے اگر انڈے کی زردی تانبے کے برتن مین زردچوب
پیس کے ملادین تھوڑا پانی ڈال کے آگ پر چڑھا دین اور ملاتے رہین جب گاڑھا ہوجائے جس جگہ درد ہو لیپ کرین پان اُسکے اوپر رکھ کے

سوٹے کپڑے سے باندھ دین مفید ہو اور جو ریح البواسیر مین گدا نافع ہو اور درد گردہ کہ بسبب ضعف یا ورم یا حصات یا قروح گردہ ہوتا ہی علامت
و علاج ہر ایک کا اُسکے محل پر مذکور ہو اور جملہ انواع درد گردہ مین آبزن بہت کارآمد ہوتا ہی انطاکی کہتا ہی کہ ریح الکلیہ احتقان ریح بسبب دکثرت
شرب یا غذاے بارد سے ہوتا ہی علامت اُسکی تمدد و نفخ معہ درد کی کمی ہے علاج اُسکا السن سونٹھ (ادرک) کھانا شونیز دجاورس زنان گرم
کے مانند چاردنکی تکمید ہو ایضاً وہ کہتا ہی کہ علاج وجع گردہ کا فساد خلط حار سے اول فصد ہو اور پینا ماء الشعیر کا بزورد لبوب نبفشہ و خرفہ
و گل ارمنی و کاسنی سے اور علاج وجع کلیہ کا مادہ بارد کے سبب سے ہو تو ریوند و قسط و دارچینی و مغز چلغوزہ اور مثل انکے مانند جوز و سعد و خولنجان
سے کرین دوائی براے درد گردہ و مثانہ کہ ورم حار سے ہو بسبب اُسکا خون غلیظ یا خون صفراوی ہوتا ہی علامت اسکی تپ گرم مفتر بلا نظام
مع قشعریرہ و تشنگی و التہاب و درد سر و بیخوابی و تے صفراوی و عسر بول و براز و درد شدید جانب کمرگاہ ہوتا ہی یہ تپ کبھی ساکن ہوتی ہی کبھی ہیجان
کرتی ہو اسکے واسطے کوئی نوبت معین نہین ہوتی پس اگر مادہ خون غلیظ کا ہو تو ثقل کی زیادتی وجع در پشت و گردہ و غلبہ تپ مطبقہ معہ پیاس و کمی
بول و سرخی موضع کلیہ ہو اور سواے انکے خون کے مخصوص آثار پیدا ہوتے ہین اگر صفراوی ہو شدت عطش و زردی بول اور مانند انکے کہ مخصوصہ صفرا کے
ظاہر ہوتے ہین ترکیب بعلاج فصد باسلیق لعاب اسبغول و لعاب بہدانہ و شیرہ عناب یا مانند انکے ہمراہ شربت نبفشہ و مانند مثل شیرہ خرفہ و خشخاش
معہ شربت نبفشہ کے پلین اور معمولی ضماد سے کام لین ضمادات کا فائدہ مشروبات سے زیادہ ہوتا ہی لہذا ضمادات و نطولات سے زیادہ کام لینا
چاہیے ابتدا مین مرخیات کا استعمال ضمادات کے ساتھ کم کرین بلکہ جب مادہ مستقر ہو جاے پھر مرخیات عمل مین لائین کہ وجع کم کرے جیسا کہ
ورم حار مثانہ مین آرد جو نبفشہ خطمی حسب حاجت لیکے پانی مین جوش دین جب تیسرا حصہ جل جاوے صاف کر کے اُسکے نیمگرم پانی مین بیٹھین
اُسکے ثفل کو پیس کے عانہ پر رکھین روغن گل و روغن نبفشہ موم کے ساتھ ملنا بھی مفید ہو اگر تنقیہ کی ضرورت ہو نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ
کرین آب کاسنی سبز مروق نافع ہو اگر مادہ ارادہ نضج کرتا ہو تخم کتان تخم خطمی حلبہ مصری کیساتھ پانی مین جوش کرین اور صاف کر کے پلین اور انھین
دواؤن کو پیس کے روغن کنجد آمیز کر کے لیپ لگائین نیز پانی مین جوش کر کے نطول کرین تاریخ سر کے بعد ازان سرگین کبوتر غبار آسیا آرد کرسنہ
لیپ مین بڑھائین اور انجیر ماء العسل مین پکا کے پیس کے لیپ کرین تو انضاج ورم گردہ ہوتا ہی بعد انفجار ورم و خروج مدہ پیشاب مین
شیرہ تخم خیارین و تخم خرپزہ و خار خسک معہ شربت بزوری دین اور تخم خشخاش گدھی کے دودھ مین دینے سے بھی گردہ کو مدہ سے صاف کرتا ہی
بعدہ تخم خشخاش تخم کتان کا کنج نشاستہ گل ارمنی کا سفوف بنا کے مدات مین کھائین اگر وجع کلیہ بسبب ضعف گردہ ہو اوسکی دوائی الگ
مسطور ہوئی ہو اور اگر درد بسبب قروح گردہ ہو علاج اسکا قروح کلیہ مین تلاش کرین ایضاً بقول انطاکی ورم حار گردہ مین مفید ہو
شرب ماء الشعیر و تمر ہندی و اسوقہ و شربت نبفشہ و شربت ورد و کثرت ضماد ہو اس لیے کہ منفجر ہو جاے اور سکون اعراض نیز خروج مواد سے
معلوم ہو پس اُس وقت مدملات سے علاج کرین نیز وہ کہتا ہی کہ شربت جلنجبین و بزرکتان و خیار شنبر ورم بارد گردہ مین اور کثرت ضمادات
نافع ہو ایضاً وہ کہتا ہے کہ پہلے قروح مین خلط کا تنقیہ کرین بعد ازان مدملات مثل نورہ و اظفار الطیب و خرزہ و لبوب و انواع خبز

مثل تخم خطمی و تخم خیار روغن بادام مین دین اور تنظیف گردہ کیواسطے مجربات سے شربت شیر میش روغن گل و بنفشہ و بزر کتان ہے
دوائی درد گردہ ورم بارد سے اگر مادہ بلغم سے ہو علامت اُسکی کثرت ثقل و تمدد قطن ہین اور عدم تپ و التہاب و خفت درد ہوتی ہے
اور دوسرے آثار غلبۂ بلغم مثل بطوء نبض و بیاض بول و براز پیدا ہوتے ہین اگر ورم بارد مادہ سوداوی سے ہو علامت اُسکی شدت ثقل
و قلت درد و رقت بول و کبودی رنگ بول ظہور خدر حقوین مین و رکبتین مین پنڈلیون مین ضعف اور مریض کی پشت کا نحیف ہونا ہے
ترکیب ورم بلغمی مین انیسون تخم کرفس خار خسک پرسیاوشان تخم بطیون جوش کرکے گلقند عسلی ملا کے صاف کر کے دین یا طبیخ خطمی شربت
اصول مین پئین اور بعد نضج کے مسہل گرم کہ فصل فالج مین بیان ہوا دین و بابونہ و شبت ہر ایک دو درم حلبہ تخم کتان ہر ایک پانچدرم
تخم خطمی خبازی ہر ایک ایکدرم سب کو کوٹ کے آب بادیان مین گھیسکے لیپ کرین اور طبیخ بابونہ و ناخونہ و شیح و شبت و سداب و اطراف
کرنب و تخم حلبہ و خسک و انجیر کا آبزن کرین روغن قسط و روغن خسکدانہ در روغن بابونہ گرم کر کے ملنا مفید ہے اور اس بیماری مین تخمے
بہت فائدہ کرتی ہے اور مغز فلوس اورام احشا کے تحلیل کرنے مین کثیر النفع ہے غذا نخود آب و گوشت طیور بریان اُسمین پودینہ و کرفس
و زیرہ پڑا ہو مناسب ہوتی ہے اور ورم صلب سوداوی مین مطبوخ خیار شنبر پئین اور سفوف مغز تخم خیارین و مغز تخم کدو و تخم کتان و خبازی
مساوی تین درم اُسمین سے لیکے شربت بنفشہ کے ہمراہ دین اور مقل و رانبیج کو پانی مین حل کرکے بیہ ماکیان و پیہ بط و مغز ساق گاو کا اضافہ
کرین اور بادون مین اُسکے دستہ سے خوب حل کرین تاکہ مرہم کیطرح ہو جاوے پس مثل مرہم استعمال کرین کہ تلیین و تحلیل مین عجیب فائدہ بخشتی ہے
مرہم داخلیون بھی اثر عظیم رکھتا ہے دوسرے ملینہ و محللہ ضمادات کام مین لائین روغن بابونہ و قرطم کی مالش کرین روغن قسط و شبت و گرم
پانی سے تکمید کرین اور طبیخ بابونہ و خسک و تخم کتان و بنفشہ و انجیر و حلبہ سے نطول و آبزن کرین اگر کوئی مانع نہ ہو فصد باسلیق کھلوائین
اور مطبوخ افتیمون و خیار شنبر سودمند ہے اگر قوت مین ضعف ہو ماء الجبن افتیمون کی سکنجبین میں ین اطریفل کبیر مفید ہے غذا اسفیدباج روغن
بادام کیساتھ دین اور حریرہ سبوس گندم روغن بادام کیساتھ اور نخود آب و قلیۂ اسفاناخ اور قلت حرارت کی حالت مین مسکہ و شہد
بغایت مفید ہے دوائی برائے درد کہ قروح کلیہ کے سبب سے شدت کرتا ہو فی الفور تسکین دیتی ہے ترکیب بزر البنج افیون مغز تخم خیارین
تخم کاہو خرفہ کوٹ چھان کے گولیان یا سفوف بنائین دوائی قروح کلیہ سبب قرحہ گردہ انفجار اورام گردہ یا خراش گردہ حصات سے یا کسی
خلط مراری اکالی سے کہ گردے پر ٹپکتی ہے علامت اسکی قطن مین درد ہوتا ہے مقروح خون و مدہ و نتن بول ہوتا ہے و سلس البول و قشور کا خارج
نکلنا بھی اُسکی علامتون سے ہے قرحہ اگر لحم گردہ مین ہوتا ہے درد کمتر اور سوزش تھوڑی ہوتی ہے اگر غشائے گردہ مین ہوتا ہے درد و سوزش
مین زیادتی ہوتی ہے اگر منفذی کے قریب ہوتا ہے کہ جگر و گردہ کے درمیان مین ہے درد کتفین تک آجاتا ہے تشنگی غالب ہوتی ہے اگر مجریٰ کی
طرف ہوتا ہے کہ کلیہ و مثانہ کے درمیان مین ہے تو درد زانو تک پہونچ جاتا ہے ترکیب اگر کوئی مانع نہ ہو فصد باسلیق کھلوائین قے
کرائین قرص کہربا و قرص گلنار اور قرص کاکنج اور مانند انکے ادویہ مدملہ معہ ادویہ مغریہ مثل نشاستہ و کتیرا و صمغ عربی کے ملا کے

ہمراہ لعاب اسبغول و لعاب بہدانہ و شیرہ تخم خیارین و شربت بزوری و دیگر مدات مناسبہ کیساتھ کھلائین و بنادق البزور و سفوف خشخاش بھی نافع ہے اور جسجگہ قرحہ مدہ سے پاک ہوا ہو پہلے تین اوقیہ گدہی کا دودھ قرص خشخاش کیساتھ دین ایضاً سفوف کاکنج و دیگر مدات سے کام لین و ساء العسل ہمراہ مدات باردہ و حارہ مفید ہین جسجگہ کہ ریم صاف ہوجانے سے پہلے میل جم گیا ہو درد زیادہ ہوتا ہے ایسی حالت مین طبیخ گوکھرو و بابونہ و پرسیاوشان و خبازی کا آبزن کرین و ایضاً آب گرم گردہ اور کمرگاہ پر دھارین سودمند ہے جمی ہوئی پیپ کو پگھلا دیتا ہے اور سفوف کندر بھی ایسے وقت پر مفید ہے اگر درد قوی ہو سفوف مذکور مین قدرے تخم بنج و بیخ لفاح و افیون زیادہ کردین اور آبزن مین پوست خشخاش کا اضافہ کرین روغن گل گردہ پر ملین جبکہ قرحہ صاف ہوجائے اسکے اندمال کی تدبیر کرین اقراص و ادویہ مدملہ مغریہ مع مدات کے کہ اوپر بیان ہو چکین اور قرص خشخاش و دم الاخوین و گل ارمنی و کاغذ سوختہ و کندر و صمغ عربی و کتیرا بھی اندمال قرحہ کرتا ہے یا تخم خیارین و تخم خربزہ و تخم کاسنی و بادیان وغیرہ ادویہ مدرہ دین اگر علت دراز ہوجائے قرص کاکنج یا منفخج و آب نخود سیاہ دینا چاہیے اس مرض مین غذا اشیائے لغیہ مثل طوخیا و اسفاناخ و کدو و ماش و برنج روغن بادام کیساتھ دین اور آشجو ہر روز ایکبار استعمال کرین گوشت کم کھلائین جب مریض کو اس بیماری سے افاقہ ہوجائے تھوڑا تھوڑا دودھ پینا فائدہ مند ہے دوائی مجرب کلیہ یہ عبارت ہے انفجار بثور گردہ سے کہ اخلاط حاری و بورقی سے اسمین حادث ہوجاتا ہے خارش ہوتی ہے اسکا سبب اشیائے سخن خون یا مولد صفرا و بلغم شور کے کھانے سے ہوتا ہے علامت اسکی حرقت البول خروج قشور سرخ باریک معدہ کے اور بول مین قلیل خون ہوتا ہے اور درد و خارش و دغدغہ و نخس موضع گردہ مین ہوتا ہے اطراف بھی سرد ہوجاتے ہین جبکہ بثور ظاہر گردہ مین ہوتے ہین وجع شدید دائم ہوتا ہے اگر باطن گردہ مین ہوتے ہین مجاری بول مین پیشاب کرتے وقت درد و سوزش کی زیادتی ہوتی ہے بعدہ سکون ہوجاتا ہے جاننا چاہیے کہ قلت و کثرت درد بثور کی زیادتی و کمی و اتساع قروح پر منحصر ہے جب یہ مرض کہنہ ہوجاتا ہے ایک غلیظ شے مثل بھیلی ہوئی چربی کے آتی ہے بعد ہ بیکار اگر رکھی رہے تو دہی کیطرح جم جاتی ہے ترکیب فصد باسلیق جانب مرض کھلوائین تے کرائین جس سے آسانی سے تے آتی ہو تیسرے دن ایکبار تے کرانا کثرت سے نافع ہے منضج باردہ سے نضج کے بعد مسہل باردہ سے تنقیہ و حجامت بشرط کمر اور ارسال علق مفید ہوتی ہے بعدہ تبرید و ترطیب مزاج کرین بنادق البزور جیسے کہ گل ارمنی مین ملا کے مدات کے ہمراہ کھلائین اور خطمی و بقلہ یمانی و اسفاناخ و کشنیز کھانا اور لوہے سے بجھایا ہوا پانی پینا سودمند ہے دوائی خون منجمد کو مثانہ سے خارج کرتی ہے ترکیب پوست بیخ کبر و حب بلسان و فردمانا و زراوند و حرج اہل و تخم کرفس و دوقو سب برابر خوراک ایک مثقال سے دو درم تک ماء الاصول کے ہمراہ دین اور اس دوا کو قدرے قضیب مین ٹپکائین دوائی ذیابیطس سبب اسکا وقہ حرارت مفرط ہے گردہ مین اس سبب سے جاذبہ گردہ اپنی فوق احتمال سے مائیت کو جگر سے جذب کرتا ہے اور ماسکہ بواسطہ ضعف و صغر مجاری و کشادگی مجاری کے حرارت سے اسمین عارض مجاری ہے نگاہ نہین رکھ سکتا پس دافعہ مثانہ کیطرف دفع کرتی ہے اور پھر گردہ مائیت کو جگر کی جذب کرتا ہے اور آواز ماساریقا و دوی معدہ سے اس لحاظ سے تشنگی بڑھ جاتی ہے اور باقی سکون نہین ہوتا علامت اسکی شدت تشنگی بغیر تب کے اور رقت بول بغیر حرقت کے ترکیب قرص گلنار و قرص طباشیر قابض و قرص کافور و قرص ذیابیطس ہر ایک کو ان مین سے حسب حاجت تیار کرین مع مدات قابضہ مثل

کاہو و خشخاش و زرد و دو کشنیز خشک و خرفہ کے ساتھ تناول کریں یا ماء القرع و ماء الخیار پئیں ٹھنڈے پانی سے تر کریں آب انار ترش و لعاب
بزر قطونا آب لونکارا و آب سیب و آب خرفہ سفید ہوتا ہے اسپغول کو روغن گل سے چرب کریں روغن گل نرگسی و گل یاسمنی مذکورہ عرقوں میں اور شربت سفرجل و
شربت انار و شربت غورہ و لیموں و حماض بھی فائدہ کرتا ہے و دوغ جغرات ترش کہ گاڑھا ہو خصوصاً جو بکری کے دودھ کا جمایا ہوا ہو برف میں سرد کر کے
کھانا انفع اشیاء سے ہے ماء الشعیر شربت خشخاش و آب انار شیریں و ترش اسی طرح دوغ مذکور ہمراہ قرص طباشیر قابض بغایت سودمند ہے صندل سفید
و گلنار و اقاقیا گل یاسمنی آرد جو گلاب و آب کاسنی سبز میں پیس کے گردہ پر ضماد کریں ٹھنڈے پانی میں غوطہ لگانا یہانتک کہ جسم سرد ہو جائے اس باب
میں مفید ہے اور ہوائے سرد میں ساکن ہونا ہے غذا گوشت برہ و بزغالہ ہمراہ انار و سماق و غورہ پختہ و بیضہ مرغ نیمبرشت و پنیر تازہ و ماہی تازہ بریان
و کدو و بالچہ بزرگ و سفند کھلائیں جاننا چاہیے کہ جب یہ مرض مزمن ہو جاتا ہے پیشاب پر مکھیاں بہت بیٹھتی ہیں جو چیونٹیاں دوڑتی ہیں اور مر جاتی ہیں اس
صورت میں گلوے خشک کو تھوڑا کوٹ کے شکر تری میں ملا کے دو کف دست روزانہ کھلائیں کہ اس باب میں بے عدیل ہے ایضاً برائے ذیابطیس
انطاکی سے ترکیب فصد باسلیق حسب احتمال قوت لیں بعد اسکے تبرید قرص بنفشہ و شربت انار و شیرۂ تخم خرفہ و کاہو و مغز جندو کدو کی دیں بعدہ
ماء الجبن و ماء الشعیر سکنجبین سادہ میں اور طباشیر و گل مختوم اس مقام پر مجربات سے ہے اور نحر و صدر پر سرکہ و آب کشنیز و گلاب و روغن بنفشہ کا
طلا کریں نزہت میں کتاب ہے کہ ذیابطیس یا بسبب سوء مزاج ہوتا ہے یا بسبب ہزال گردہ علاج اسکا سوء مزاج گردہ و ہزال گردہ میں ڈھونڈھیں
ایضاً مجربات استاد حکیم عابد ترکیب حب البلوط یعنے چنبہ دانہ نیکوفتہ پانی میں بھگو دیں ملیں اور چھانیں پھر شکر طبرزد اسمیں ملا کے صاف
دیگ میں ڈال کے نرم آگ پر جبرعا دیں ہر روز صبح کو پئیں اور تین گھنٹہ تک اسکے بعد صبر کریں دوائی معمولی ریگ و سنگ گردہ و مثانہ سبب
اسکا حرارت غریبہ ناریہ ہوتی ہے کہ خلط غلیظ لزج میں اثر کرتی ہے اور اسکی رطوبت کو خشک کر دیتی ہے اور جو باقی رہ جاتی ہے وہ زمانہ گذر جانیکے بعد متحجر ہو جاتی ہے
بس اگر غلیظ و لزوجت خلط زیادہ ہو تو پتھری پیدا ہوتی ہے اگر اسمیں غلظت نہ ہو ریگ پیدا ہوتی ہے علت مذکورہ اکثر موروثی ہوتی ہے علامت سنگ و ریگ
گردہ یہ ہے کہ کمرگاہ میں درد پیدا ہو جاتا ہے مثل دوال درز کے جھک جاتا ہے پیٹ میں قبض ہو تو درد کا غلبہ ہوتا ہے پہلے بول گندلا اور غلیظ آتا ہے بعدہ
صاف اگر پیشاب ساری رات کا چینی یا قلعی دار برتن میں جمع کریں اور صبح کو آہستگی سے اسکا پیشاب پھینک دیں تو نیچے سرخ و تند ریت موجود
ہوگی اور درد نوبت کیساتھ شدت کرتا ہے علامت سنگ و ریگ مثانہ یہ ہے کہ موضع مثانہ پر درد و ثقل و خارش بیخ قضیب میں ہوتی ہے اور
احیاناً غلبہ نعوظ ہوتا ہے اور ریگ سیاہ یا خاکستری یا سفید رنگ کی خارج ہوتی ہے اور مریض بار بار زہار پر ہاتھ ملتا ہے بول دشواری سے آتا ہے
تھوڑی سی دیر میں پیشاب معلوم ہوتا ہے بیاض بول و رقت بول و رسوب سفید و خاکستری رنگ درد و مقعد و گاہے خروج مقعد بھی اسکی دلیلیں
ہیں ترکیب حجر الیہود سودہ و سنگ سرماہی سائیدہ ہر ایک ایکماشہ صمغ آلو سائیدہ یا صمغ عربی سائیدہ بقدر نصف ماشہ ہمراہ شیرۂ تخم
خیارین شیرہ تخم خربزہ شیرۂ خارخسک ہر ایک سات ماشہ شربت آلو بالو یا شربت بزوری دو تولہ کے ساتھ کھائیں چوب انگور مٹی کے برتن میں
ڈال کے آگ پر اسے جلائیں اسکی راکھ سات ماشہ تنہا یا ہمراہ شیرۂ خارخسک چھ ماشہ دہ پاؤ پانی میں نکال کے پلائیں و کذا سنگ سرماہی ایکدرم

پیس کے ہمراہ آب حب القلت ساڑھے سات تولہ کو شب کے وقت آدھ سیر پانی مین بھگو دین صبح جوش کرین جو تہائی رہنے پر صاف کر کے
پلین نافع ہے اگر بعض بچہ ہونگے تو ایک تی نقوع سبوس نخود کا کہ لین جو چار تولہ پانی مین بھگوئی ہو دین اگر حبس بول کے ساتھ ہو نقوع یا طبیخ دو تولہ
نخود سیاہ آدھ پاؤ پانی مین پلین اور رنوی کرتا ہے اور قبض کی صورت مین شربت دینار یا ریوند چینی دو ماشہ پیس کے گلقند کیساتھ دین سفوف حجر الیہود
و معجون حجر الیہود سے کام لین مولے کا گوشت کھانا خاص کر حصات کیواسطے نافع ہے بھربھوٹی کہ مشہور نبات ہے اگر چھ ماشہ پانی مین بھگو کے مصری
کے ساتھ پئین نفع کرتی ہے ایک عدد جگنو کے پر نوچ کے خشک کر لین حلتیت کا دوازدہ مثقال پانی ملا کے پلین تین روز تک تو برائے اخراج
سنگ و احتباس بول مجرب ہے مار انجبن پنجابی برائے سنگ گردہ و مثانہ مفید ہے گل ٹیسو گل کسبنھ تخم خربزہ و تخم خیارین خار خسک کو
پانی مین جوش کر کے نطول کرین اسکے ثفل کو باندھ دین اگر ان تدبیرون سے فائدہ نہ ہو اور درد کا غلبہ ہو فصد کرین اور فصد و مسہل سے تنقیہ کرین
تنقیہ بدن و قطع مادۂ موجبہ کے ہونے کے بعد تنقیہ نفس عضو کی کوشش کرین استعمال ادویہ مدرہ و مفتتہ جنکا ذکر ہوا ہے یا ادویہ مفتتہ حصات دینا
چاہیے یعنے صمغ عربی یا صمغ آلو اور مانند ان کے شریک کرین اسی طرح ادویہ مقویہ عضو یعنی گردہ مانند سلیخہ و سنبل الطیب اور اگر درد شدید ہو تو ادویہ
کہ بالخاصیت مسکن درد ہون مانند تخم کرفس و تخم شبت و یا ادویہ کہ بسبب تخدیر تسکین دیتی ہون دینا چاہیے ہمیشہ آبزن کرنا چاہیے اور
تشرب مدرات جبکہ مریض آبزن مین ہو سریع الاثر ہے جب آبزن سے نکلے روغن خیری و بنفشہ یا روغن شبت پشت و کمرگاہ پر ملین اور بحسب
رعایت مزاج روغن عقرب کا ٹپکانا تریاق کبیر و مثرودیطوس کا کھانا سنگ مثانہ کیواسطے فائدہ مند ہے اور ملنا موضع مثانہ کا روغن ہائے محلل سے
اور تر یڑا دینا گرم پانی سے جسمین بابونہ و ناخونہ پرسیاوشان و خسک و حلبہ جوش کیا ہو نیم درم حجر الیہود کھانا نیم گرم پانی مین یا شیرۂ بزر ورد دو دانگ
خاکستر عقرب نخود سیاہ کے پانی مین بہت ہی مفید ہے و کذا زجاج محرق اسباب مین سود مند ہے اگر سنگ مثانہ اس تدبیر سے نہ نکلے چاہیے کہ نشتر
کرین اور نکال لین یہ عمل دس سال کی عمر مین کرنا چاہیے اور اسکے بعد خطرہ ہے دوائی جیکا ید اللہ نام ہے تفتت حصات مین مجرب ہے تالیف بقراط
ترکیب ابتداء پیدائش انگور مین بز کوہی چار سالہ کو ذبح کرین اسکا اول و آخر کا خون بہا دین اور درمیان والا کسی برتن مین رکھ چھوڑین جب منجمد
ہو جائے چاقو سے ٹکڑے ٹکڑے کر کے اسطرح کہ گرد نہ پڑ سکے دھوپ مین جلینی پر خشک کر لین اور ایسی جگہ جو نم ہو پھر اسمین سے چار مثقال
آب ترب یا آب کرفس مین کھائین تفتت حصاۃ مین عجیب ہے کثرت نفع کے باعث سے اسکا نام ید اللہ ہو گیا ہے ایضاً برائے سنگ گردہ
اطفال کی سے ترکیب تنقیہ بدن قے سے واجب ہے بعدہ ادویہ مفتت و مدر کا استعمال شروع کرین یہ ہر وقت امر غیر خطر ہوتا ہے لیکن اگر وجع حصر
مانند ہو اسی کے ازالہ کی ابتدا کرین آب گرم مین بٹھانا بہت ہی مناسب ہے اگر اسمین ناخونہ و حلبہ و خار خسک و بابونہ و پرسیاوشان جوش کیا ہو
اسمین سے پئین بھی اور روغن بابونہ و بنفشہ و شبت کی مالش کرین اور انگلی دبر مین اور آلہ مصنوع اسکے واسطے احلیل مین داخل کرین اسپر
تیلون کو ٹپکائین اور شیر زنان جسمین حلتیت و زباد حل کیا ہو مزرقہ سے احلیل مین پہونچائین کہ یہ مجرب ہے اسکے بعد استعمال بزور خصوصاً تخم شلجم
و گذر کرین اور مجرب ناچیہ اسکے لیے یہ ہے پوست بیضہ جو اسی دن مرغی نے دیا ہو نوآ بگینہ فنا نخواہ سکو جلا کے باریک پیسین نصف مجموع

اسکا صمغ آلو بخارا مین ملا کے ایک مثقال سکنجبین بزوری مین استعمال کرین کہتے ہین کہ مولی کو درمیان سے کاٹ کے خالی کرین اوسمین تخم شلجم
بھردین خمیر سے لپیٹکے آگ مین ڈالین جب پک جائے اُسکا آٹا چھڑا ڈالین وہ مولی اور تین درم تخم شلجم شہد مین ملا کے کھالین پتھری کو توڑدیگی
مجرب ہی اسی طرح زعفران دودھ مین پینا بعضون نے روغن گاؤ و شکر کو کہا ہی اور مجربات مشہورہ سے بھی دوا ہی جسکا نام یداللہ ہی بسبب اوسکی
بزرگی کے کیونکہ وہ استخراج لبقراط سے ہے اُسکی خوراک ایک مثقال آب کرفس یا ترب یا شربت اصول و خاکستر لسبد پتھری کو نکالدیتی ہی اگر اسعال
طحال ہی مین ہو اسیطرح خاکستر آبگینہ و عقرب و مغز خربزہ و نخود و حجر اسفنج و حجر الیہود خصوصاً مشطب گرم پانی کے ساتھ پینا اور نزہت والا لکھتا ہے
کہ تنقیہ مادہ فصد وغیرہ سے کرین اور مبالغہ لطولات مین کرین مثل طبیخ خارخسک و بابونہ و ندیبات سنگ مثل سنجر مینا و کاسکنج و معجون لبوب
و بزورات و حمام و انتفاع آبزن مین درزق اوبان والعبہ بکثرت اُنسے مالش اور احتقان طینات سے خصوصاً ہنگام سد کرین اور اجود انکا
بنفشہ ہی و روغن عقارب اور طلا کے طور پر و زرقا کے طور پر شیر طبیخ اجزاے خار و ترب و علیق روغن بادام شیرین مجرب ہی اسیطرح شونیز
سرگین موش و عسل و غاریقون مین اکلاً و آبگینہ سوختہ و خاکستر ناخواہ نیز زیادہ حلتیت کیساتھ کھانا اور چٹانا مجرب ہی اور یداللہ جمیع اطبا
کے مجربات سے ہی کہتے ہین کہ اگر کبوتر کا بچہ روغن کنجد مین تنہا بغیر کسی چیز کے مثل نمک و ابازیر کے پکائین اور اُسکے کھانے کا التزام رکھین
پتھری کو توڑ دیتا ہی **ایضاً** براے سنگ گردہ و مثانہ مجرب ہی **ترکیب** ہر روز شیرۂ برگ گل داؤدی پانچماشہ شیرۂ تخم خیارین شیرۂ تخم خربزہ
ہر ایک سات ماشہ شیرۂ حب القلت پانچماشہ شیرۂ زیرۂ سفید تین ماشہ پانی مین نکال کے ایک ماشہ حجر الیہود پسا ہوا دو تولہ شکر سرخ مین ملائین
پانچماشہ اسبغول چھڑک کے پئین **ایضاً** سنگ گردہ و مثانہ کے لیے معمول ہی **ترکیب** حجر الیہود و سنگ سرماہی تخم ترب حب القلت ہر ایک دو ماشہ
سب کو پیس کے شربت کشوث دو تولہ ملا کے پئین بعد ازان شیرۂ تخم خربزہ ایک تولہ شیرۂ تخم خیارین دو تولہ شیرۂ بادیان شیرۂ خارخسک شیرۂ
تخم کرفس ہر ایک چار ماشہ عرق بادیان دس تولہ ہمراہ شربت بزوری پئین کبھی شیرۂ مغز خستہ آلو بالو شیرۂ دو قو ہر ایک چھ ماشہ اور کبھی شیرۂ تخم شلجم
و شیرۂ تخم گزر ہر ایک چار ماشہ اور کبھی شیرۂ خسک دانہ ایک تولہ اضافہ کرتے ہین **ایضاً** براے سنگ مثانہ **ترکیب** کلتھی تین درم بادیان
دو درم نیکوب چار پیالہ پانی مین جوش دین جب ایک رہ جائے صاف کر کے ایکدرم نمک سنگ دو درم روغن گاؤ ملا کے پئین **ایضاً**
اگر کسی طرح یہ مرض زائل نہ ہوتا ہو **ترکیب** نخود سیاہ پانی مین جوش کرین ہمراہ روغن بادام تلخ اُسکا پانی بڑھا کے پئین **ایضاً** تخم کرفس
عسل مصفی مین ملا کے چند روز تک کھانی مداومت کرین اسی طرح اجوائن کوٹ چھان کے سہ چند شہد مصفی مین ملا کے ہر روز ایک مثقال
کھائین سفید ہر دوائی کہ عجیب الفعل ہی تفتیت حصات مین جبکہ بیمار کا مزاج سرد ہو **ترکیب** مغز تخم خربزہ ناخواہ تخم کرفس تخم ترب زیرہ
سیاہ مغز بادام تلخ مساوی کوٹ چھان کے خوراک دو درم آب مطبوخ پرسیاوشان چند روز برابر اسکا استعمال کرین غذا نخودآبہ وائی
ہزال کلیہ (یعنی گردہ کی لاغری) و قلت شحم گردہ سبب اسکا حرارت گردہ ہوتی ہی کہ اُسکی چربی کو پگھلا دیتی ہی اور جوہر کے زیادہ تحلیل ہونے
سے وہ لاغر ہو جاتا ہی یا برودت گردہ ہوتی ہی کہ جذب و نضج و اغتذا اسے ضعیف کر دیتی ہی یا کثرت جماع یا استفراغ مفرط مثلہ اسہال و ادرار

علامت اُسکی سفیدی بول وکثرت بول ودرد پشت وکمرگاہ ولاغری بدن وکمی شہوت باہ ہوتی ہے اور کبھی صداع وضعف بصر عارض ہوتا ہے
بقدم سبب بنوعیت سبب پر دلالت کرتا ہے **ترکیب** پہلے ترک سبب کرین پھر گردہ کی فربہی کے واسطے مسمنات استعمال کرین اور
نارجیل وفندق ومغز چلغوزہ ومغز بادام کی شہد مین معجون بنائین اور کھائین جبکہ حرارت ہو لبوب باردہ سے مثل خشخاش ومغز تخم کدو وپنبہ دانہ
تقویت کرین دواء الترنجبین بغایت نافع ہے فیرنی کھائین اسی طرح دوسری ادویہ بھی کہ ضعف باہ مین آئینگی مفید ہین اور لحوم سمینہ دلبسیہ
وکلہ پاچہ ہمراہ چربی بط ومرغ کھانا سودمند ہے اور بیضہ مرغ نیمبرشت بدستور **ایضاً** ہزال کلیہ مین انطاکی سے **ترکیب** علاج اسکا ہر چیز
سمین مغز ہو چرب مثل بادام وپستہ ونان شحوم خصوصاً پیہ مرغابی وماکیان مین ملاکے اسی طرح شکر وکنجد وخشخاش وہریسہ ونخود وقول وگردہ
میش وشیر ہے **دوائی** برائے ضعف گردہ نافع۔ نشان ضعف گردہ بول مانند غسالہ گوشت ودرد کمر وکمی شہوت باہ ہوتا ہے **ترکیب** اگر سبب
ہزال کلیہ ہو اُسکی دوا لکھی جاچکی اگر بسبب سوء مزاج ہو اُسے تبدیل کرین پس اگر مادی ہو حسب مادہ تنقیہ کرین اگر تعب سفر کے سبب سے ہو
تعب سے باز رکھین بعد ازان تقویت گردہ لبوب مذکورہ سے دواء ہزال کلیہ مین کرین قابض ادویہ کا گردہ پر لیپ کرین روغن گل سرکہ
مین ملاکے ملنا بھی مفید پڑتا ہے شیر گوسفند وشیر شتر تقویت گردہ کیواسطے بے عدیل ہے غذا شیر برنج کلہ پاچہ معہ گردہ کی چربی کے مناسب
ہوتی ہے اسی طرح ضعف گردہ کا علاج بھی ہے کہ کثرت جماع یا کثرت مدرات یا صدمہ سے پیدا ہو جاتا ہے بھی اور زعرور کا کھانا اس مرض مین
نافع ہے **دوائی** ضعف گردہ حرارت گردہ سے علامت اُسکی سرعت نبض ورنگینی قارورہ وحرقت وسرعت بول وکثرت تشنگی وباہ وگرمی
پشت وکمرگاہ ودسومت بول ہوتی ہے **ترکیب** بغیر لعاب اسبغول وبہدانہ وریشہ خطمی وشیرہ خشخاش وزرشک وشربت انار وشربت نیلوفر وشربت
خشخاش وشربت زرشک ومانند انکے ادویہ سرد ومرطب کہ ذی ادرار نہ ہون دین اور شیرہ تخم خرفہ ہمراہ اقراص طباشیر وشیرہ تخم کاہو ہمراہ شربت
صندل بہت نفع کرتی ہین **وایضاً** آب سرد وکافور تبرید گردہ مین منفعت عظیم دیتی ہے لیکن کافور کا کثرت سے استعمال نہ چاہیئے
کہ منقطع باہ ومولد حصات ہے ٹھنڈے پانی مین بیٹھنا بھی مفید ہے خیار وبادرنگ پروردہ سرکہ کھانا سوء مزاج حار گردہ مین بہت سودمند
ہے وسناخہائے نورستہ انگور اسی طریقہ سے ودوغ بدستور بالجملہ ضعف گردہ مین کہ حرارت کیساتھ ہو وہ دوا کہ جو ماسکہ کو قوت دے اور بول الدم
کو روکے مثل دم الاخوین وگلنار وعصارۂ لحیۃ التیس وصمغ عربی وگل ارمنی کے شیرۂ بارتنگ مین دین اور ادویہ باردہ مقویہ سے مثل اقاقیا
وعصارۂ لحیۃ التیس وگل سرخ ورامک وسک وصندل وگلنار ہمراہ آب سرخ نورستہ انگور یا آب برگ آس مین ملاکے گردہ پر ضماد کرین صندل
گلاب مین پیس کے طلا کرنا بھی سریع النفع ہے اور جو ضعف جگر حار مین گذرا حسب حاجت اُس سے کام لین بہتر ہے لہذا اسفاناخ ہے
اگر باوجود حرارت کے خون کی زیادتی بھی ہو اور ثقل ودرد گردہ ودیگر آثار غلبۂ خون پائے جائین فصد باسلیق تدابیر مذکورہ پر مقدم رکھین
اگر زیادتی صفرا محسوس ہو اور اُسکا نشان مع علامات حرارت پیدا ہون اس صورت مین پہلے تنقیہ صفرا کرین مسہل باردہ سے یا آب انار مین
شیرخشت وشربت بنفشہ کے ساتھ دین **دوائی** ضعف گردہ برودت گردہ سے یہ ٹھنڈے پانیکے بکثرت پینے اور اغذیہ وادویہ باردہ کے

کھانے نیز ہوائے سرد سے عارض ہوتا ہے علامت اُسکی ضد علامات حرارت گردہ ہوتی ہے اختلاف پشت مثل بوڑھون کے ٹھنڈے پانی سے نقصان
اور ہوائے سرد سے محسوس ہوتا ہے ترکیب گلقند عسلی و گلاب و عرق بادیان پئین اور معجون کمونی و فلاسفہ و معجون لسان العصافیر و لبوب صغیر و
کبیر کی مداومت کرین مغز فندق و پستہ و حبۃ الخضرا و بادام و نارجیل و تسم شکر سفید کیساتھ تنقل کرین مویز و نخود و انجیر کا کھانا بھی مفید ہے اور بان
حارہ مثل روغن قسط و روغن پستہ روغن قرطم و بادام تلخ فرفیون گھس کے ملا کے مالش کرین میوہای سرد و حموضات سے اجتناب واجب سمجھکر کرین
غذا گوشت تیہو و بریان گرم مصالحون کیساتھ کرین اور اگر ثقل موضع گردہ ہو دیگر آثار غلبہ بلغم پائے جائین پہلے تنقیہ اسکا نقوع و اسہال سے
کرین پھر مذکورہ تدبیرین عمل مین لائین دوائی ضعف گردہ اتساع مجاری گردہ سے و سستی جرم گوشت گردہ سے سبب اسکا افراط جماع
و کثرت استعمال مدرات یا صدمہ و ضربہ کہ گردے کو پہونچ جائے یا تعب سفر و سواریون سے اور رنجون سے کہ درماندہ کر دین اس
قسم ضعف گردہ کو ضعف حقیقی کہتے ہین علامت اُسکی رنگین بول مثل غسالہ گوشت تازہ بعد ہضم کے اور مائیت اُسکی ہضم ہونے سے
پہلے خفیف درد کے ساتھ پشت و کمرگاہ پر احیاناً و ضعف باہ و قلت بول ترکیب پہلے منع سبب ضعف کرین پھر تقویت گردہ کے لیے
لبوب و اغذیہ مغزیہ قابضہ کھلائین اور ادویہ قابضہ جو قسم اول مین گذرین انکا گردہ پر لیپ کرین روغن گل سرکہ مین ملا کے بھی مفید ہے غذا
تیتر برنج و کلہ پائچہ گردہ کی چربی مین مناسب ہے دوائی ورم حار مثانہ یا تو ابتداءً ہوتا ہے یا خراش سنگریزہ خشنہ یا ضربہ و سقطہ سے علامت
اسکی درد شدید و انتفاخ عانہ مین اور احتباس بول و براز و تپ گرم و ہذیان و برد اطراف و سیاہی زبان ہوتی ہے اور فرق درمیان ورم مثانہ
مین کہ دموی ہے یا صفراوی شدت عطش و وجع نیز اُن علامتون سے جو مخصوص صفرا کی ہوتی ہین اور زیادتی ثقل و انتفاخ مثانہ اور سوائے
ان کے جو مخصوص خون کی ہوتی ہین پوشیدہ نہین ہین ترکیب جو دوائے ورم گردہ مین مذکور ہوا عمل مین لائین ماء الشعیر شیرہ خشخاش کیساتھ
نافع ہے فصد کے پہلے اور بعد کو ابتداءً مین ہرگز مدرات قیفیہ دین اور کسی وقت ادویہ رادع ضماد مین نہ لگائین خاصکر دموی مین بلکہ صفراوی
مین بھی یہ احتیاط مرعی رکھین بلکہ ابتداءً مین رداع طلین استعمال کرین مثلاً آب عنب الثعلب سبز و آب کاسنی سبز و موم و روغن گل و روغن
بنفشہ کی قیروطی بنا کے لیپ لگائین آرد جو و بنفشہ و خطمی و خبازی پانی مین جوش کرین اور اُسمین سینکھین ثفل کو عانہ پر رکھین بعد تین دن کے
آرد جو بنفشہ خطمی قیروطی مذکور مین بڑھائین سفوف خیارین شربت بنفشہ کے ہمراہ ہر صبح کو کھانا بھی ایسی حالت مین سودمند ہوتا ہے و الضماد
زمانہ ابتدا کے بعد نان سپیدہ و کنجد مقشر کیے ہوئے تازہ دودھ و روغن بنفشہ یا روغن بابونہ مین ملا کے ضماد کرنا ورم مثانہ کے واسطے بے عدیل ہے
ایک ہفتہ کے بعد ادویہ محللہ ملینہ کہ قوی الحرارت نہ ہون استعمال کرین تخم کتان و بابونہ و آرد باقلا یا میفختج کا لیپ کرین ہر روز محللات بڑھاتے
رہین اونٹنی کا دودھ تحلیل ورم مثانہ کیواسطے پینا بے نظیر ہے اور جو ورم گردہ مین مذکور ہوا مفید ہوگا جس جگہ آماس پہونچنے کا سبب ضربہ
یا سقطہ موضع مثانہ پر ہو بعد فصد مثانہ کو روغن بنفشہ سے طلین گرم پانی کا اُسپر تریڑا دین اگر پیشاب بند ہو گیا ہو مثانہ کو ناحیہ قضیب کی
طرف جھٹکین تاکہ پیشاب کھلے شیرہ تخم خیارین مغز تخم کدو و لعاب اسبغول دین و سفوف خیارین و ضماد کنجد اور سوائے اسکے باقی تدبیر بالا پر عمل

کرین اگر بتدابیر مذکورہ سے ورم تحلیل نہ ہو تدبیر تفضیج وانفجار وتنقیہ مدہ واندمال جیسا کہ دوائی ورم حار گردہ مین ذکر ہو چکا ہی کام مین لائین اور بقول صاحب خلاصہ ایسے وقت آب گرم کہ بابونہ وناخونہ وحلبہ وکتان وپرسیاوشان اُسمین جوش کیا ہو ہمراہ روغن بنفشہ در دہن سیری نطول کرین سندہ کا ٹکڑا اُس پانی مین بھگو کے تکیہ کرین اور قیروطی نیمگرم کا لیپ کرین سفوف کتان تین روز تک استعمال کرین ان دنون مین تنطیل وتدہین وتضمید حسبطرح گذرے کرتے رہین اگر طبیعت محتبس ہو فلوس خیارشنبر طبیخ سپستان وخطمی وخبازی وتخم کتان در روغن بادام مین دینا چاہیے جب ورم پھٹ جاے اور ریم نکلے کتیرا وتخم کتان ہر ایک دو درم نشاستہ چار درم گل ارمنی ایکدرم کوٹ چھان کے ان مین سے ایکدرم ہمراہ شربت خشخاش یا شربت عناب دین جہان حرارت نہ ہو قرص کاکنج شربت خشخاش کیساتھ اور ظہور حرارت کی صورت مین قرص خشخاش شربت خشخاش مین بہت سودمند ہی دوائی ورم بلغمی مثانہ علامت اُسکی ثقل مثانہ ہی اور عسر بول وظہور ضعف ساقون مین ترکیب قے کرائین اور طبیخ محللات مین مثل مرزنجوش وبابونہ ونمام وبرگ غار ومانند انکے بٹھائین شربت بزوری حار ومدرات گرم ہمراہ ماءالعسل وخیارشنبر پئین اور پیشاب دشواری سے آتا ہو تخم کرفس ومغز تخم خربزہ ورب السوس وقند کا سفوف بنا کے ہر روز ایک مثقال کھائین اسکے بعد سکنجبین یا جلاب بنفشہ یا آب شیر گرم پئین اور ادویہ وروغنہاے محللہ مجری قضیب مین ٹپکائین مرغ بریان و کباب بزغالہ ونخود کی غذا کرین دوائی ورم صلب مثانہ اور یہ اکثر بعد ورم حار یا عقب وقوع ضربہ وسقطہ سے مثانہ پر پیدا ہوتا ہے علامت اُسکی لمس سے احساس ودشواری خروج بول وبراز وتقدم اسباب موجبہ ہوتی ہی ترکیب آب بزور مدہ مثل تخم خیارین وتخم ہلیون وانیسون وپرسیاوشان یا فلوس خیارشنبر وروغن بادام دین اور ارین مبالغہ نہ کرین آبزن محلل مین بٹھائین اُسکے پانی سے نطول کرین ادہان محللہ مثل روغن غار وزنبق ہمراہ پیہ ماکیان وپیہ بط ملین اضمدہ محللہ ملینہ کی تضمید کرین ورم مین نرمی پیدا ہونے پر فصد صافن یا باسلیق نافع ہوتی ہی اور جو ورم صلب گردہ مین گذرا کام مین لائین دوائی قروح مثانہ سبب اسکا مرور خلط مراری اکال ہوتا ہی کہ سحج کی نوبت پہونچتی ہے یا پتھر کے پیدا ہونے سے جگر مین خراش آجاتی ہی اور زخم پڑجاتا ہی یا ورم مثانہ کشادہ ہوجاتا ہی علامت اُسکی درد مثانہ وعسر بول وسوزش ونتن بول وخروج ریم وقشور مانند سبوس ہوتی ہی اور جو قشور قرحہ مثانہ سے جدا ہوتے ہین اُنکا رنگ سفید ہوتا ہے ترکیب جو دوائی قروح گردہ مین گذرا اوسپر عمل کرین براے تنقیہ چرک مثانہ اول ماءالعسل وماءالسکر دین جب پیپ صاف ہوجاے اور پیشاب صاف آئے اندمال کے لیے قرص کاکنج اور سواے اُسکے ہمراہ شربت خشخاش کھائین زردچوب وآملہ کوٹ مین اور گولیان بنا کے دین زروق مدملہ عمل مین لائین اگر درد کی شدت ہو شیاف ابیض شیر زنان مین حل کرکے مزرقہ کو استعمال کرائین اگر چرک بہت آتا ہو مزرقہ مین ماءالعسل یا ماءالسکر کا ٹپکانا عجیب فائدہ رکھتا ہی اسیطرح اُنکا پینا اور اغذیہ حریفہ مالحہ وجماع سے اجتناب کرین دوائی جرب مثانہ سبب اسکا فضلات حارہ ہوتے ہین کہ بثور مثانہ مین پیدا ہوجاتے ہین اور منقرح ہوجاتے ہین علامت اُسکی دید شدید خارش وسوزش کے ساتھ اور سوزش ونتن بول ہوتی ہی اور خروج رسوب نخالی ومدہ ولاغری بدن ہوتی ہے اور کبھی رطوبات

مجرائے بول سے پیوستہ جاری ہوتی ہین اور یہ بھی ہوتا ہو کہ خون آئے **ترکیب** لعاب بہدانہ ولعاب اسبغول وشربت بنفشہ وشربت خشخاش وعناب
ہمراہ کتیرا ونشاستہ وصمغ عربی دین اور سفوف بنادق البزور وشیرہ بزرہ تخم خرپزہ لعاب بہدانہ واسبغول وشیرۂ تخم بزرگو سفند روغن بادام کی پچکاری لینا
مفید ہوتا ہو اور ماء الشعیر وشیر ور روغن بادام وشوربا چربے نمک کی غذا کرین اور بانچہ وہریسہ گوشت مرغ وبیضہ نیمبرشت وبرنج باشیر وشکر
بھی نافع ہے اور جو کچھ مجرب کلیہ مین گذرا حسب حاجت کام مین لائین لیکن جب تک کام کی اصلاح وتعدیل نہ ہو تنقیہ نہ کرین مگر بقدر ضرورت
دوائی درد مثانہ حرارت سے یہ مدرات کی کثرت یا گرم چیزون سے ہوجاتا ہو علامت اسکی درد وحرقت مثانہ وتشنگی وزردی وسوزش بول ہوتی ہو
ترکیب مبردات مانند شیرہ خیارین وتخم خرفہ ومغز تخم کدو وتخم کاہو وتخم کاسنی ہمراہ شربت بنفشہ وشربت خشخاش دین اور بنادق البزور
باردہ سے تبرید کیساتھ اور آب کدو ہمراہ سکنجبین بھی مفید ہو اور صندل وفوفل وآرد جو وعنب الثعلب کا آب کاسنی مین لیپ لگائین روغن بنفشہ
وکدو ونیلوفر ملین اور احلیل مین ٹپکائین اور آبزن طبیخ بنفشہ ونیلوفر وتخم خیرو وعنب الثعلب کا نافع ہو غذا قلیہ اسفاناخ وزردی بیضہ مرغ وقلیہ
خیار وگوشت جوزۂ مرغ آب انار مین مناسب پڑتا ہو **دوائی** درد مثانہ برودت سے سبب اُسکا کھانے سے ٹھنڈی چیزون کے علامت اسکی
سفیدی بول وعروض اسکا بعد تدابیر سردہ کے ومہبوب ریاح باردہ ہوتی ہو **ترکیب** مدرات حارہ مثل طبیخ بادیان وکرفس وانیسون وتخم گذر
وسداب ہمراہ شربت دینار دین اور ادویہ گرم مثل سداب وبرنجاسف وشبت وپودینہ تھوڑی سی بھنگ وجندبیدستر ملاکے لیپ کرین
اور طبیخ بابونہ وقیصوم وبنفشہ واکلیل ومرزنجوش کا آبزن کرین اور گلقند عسلی واطریفل صغیر وتریاق کبیر وموبز وانجیر کھانا اور روغن سوسن ونرگس
وفرفیون مثانہ پر ملنا آب نیمگرم زیادہ پر ڈالنا سب نافع ہو اور ریاح شمالیہ وصول اہویہ باردہ سے پرہیز کرین کروچ کی زیادتی کا سبب ہوتی ہو
غذا نخود آب وگوشت بچہ کبوتر **دوائی** ریح مثانہ اور اسکو انتفاخ بھی کہتے ہین اور وہ ورم سے مشابہ ہوتا ہو حالانکہ ورم نہین ہوتا سبب
اسکا ضعف ہضم واستعمال ادویہ واغذیہ نافعہ ہو یا رطوبت مثانہ وضعف مثانہ علامت اسکی تمدد بغیر ثقل کے وانتقال درد ہوتا ہو لیکن جبکہ رطوبت
سبب ہوتی ہو تو ثقل کے ساتھ اور درد کسی طرف ہٹتا نہین ہو **ترکیب** چند روز ماء الاصول حار دین فقط یا کسیقدر روغن بیدانجیر کے ہمراہ بعد اسکے
دو مثقال روغن بیدانجیر ہمیشہ کھلاتے رہین اور گرم روغن خوشبودار مثل روغن بان وزنبق مثانہ پر ملین اور احلیل مین ٹپکائین روغن سعتر کا
کھانا اور ملنا بہت نافع ہے سبوس گندم ونمک سے تکمید کرین ادویہ گرم سے نطول کرین سداب وبابونہ وحرمل وشبت وجندبیدستر اور
مانند انکے جو بادشکن ہون لیپ لگائین بادی چیزون اور ضعف اعصاب سے احتراز کرین اگر پیشاب دشواری سے آئے پوست خرپزہ خشک
خفیف کوٹ کے شکر کے ہمراہ کھائین آبزن مین بٹھائین جبکہ رطوبت غالب ہو متواتر قے کرائین اور تریاق شرودیطوس وسکنجبین وانجیر
کھانا بہت نافع ہو **دوائی** جمود ورم مثانہ مین کبھی خون جگر یا گردہ سے مثانہ پر ٹپکتا ہو کبھی ضربہ وسقطہ کے سبب سے کسی رگ بزرگ مثانہ
پر ہونے سے منشق ہوجاتی ہو اور خون جم جاتا ہو علامت اُسکی کرب وغشی وسردی اطراف اور عرق سرد اور یہ بھی ہوتا ہو کہ بدن مین لرزہ پڑجاے
ترکیب سکنجبین عنصلی ہمراہ خاکستر چوب انجیر دین اور آب فاتر پست پلائین دنا خونہ وبابونہ اور مانند انکے پانی مین جوش کرکے اُس مین

بٹھائیں اُسکا لیپ لگائیں پنیر مایہ خرگوش احلیل میں ٹپکائیں اور علاج سنگ گردہ کریں اگر اس سے فائدہ نہو تو جو قوی الادرار محلل ہو مثل قردمانا و چوب
فاوانیا و حب بلسان و عود بلسان و فوۃ الصبغ و ابہل و زراوند و آب طبیخ نخود سیاہ یا سداب میں دینا چاہیے اور خاکستر چوب انجیر پانی میں ڈال کے وہ
پانی احلیل میں ٹپکائیں بہت موثر ہے جبکہ کوئی تدبیر سود مند نہ ہوتی ہو اور ہلاکت کا اندیشہ ہو مثانہ میں شگاف دیں اور منجمد خون کو نکال لیں
غذا اس مرض میں شوربائے مرغ کہ نخود سیاہ و دارچینی میں پکا ہو مناسب ہے۔ دوائی برائے خلع مثانہ یعنے بیجا ہو جانا مثانہ کا اپنی جگہ سے سبب
اسکا ضربہ و سقطہ ہوتا ہے پشت و مثانہ پر کہ بعض علائق مثانہ کو ہٹا دیتے ہیں اس جہت سے کسی جہت کیطرف مائل ہو جاتا ہے تشنج پیدا ہوتا ہے پس اگر عضلہ متمدد ہوتا ہے عسر بول لاحق
ہوتا ہے اگر عضلہ میں اتساع ہوتا ہے سلس البول لاحق ہو جاتا ہے ترکیب اگر ممکن ہو مثانہ کو اسکی جگہ پر واپس کریں اور ضمادہ قابضہ مسخنہ عطرہ مثل سعد و گل سرخ و بالچھڑ و قسط
روغن قار اور مانند ان کے کام میں لائیں اور استخوان حنجرہ خروس سوختہ بقدر نیم درم سے ایکدم تک گرم پانی میں دیں خشک کیے ہوئے
خرگوش کے خصیے شراب ریحانی میں ملا کے کھلائیں غالیہ کا طلا کریں مفید ہے اگر تمدد عضلہ ہوتا ہو فصد صافن نافع ہے جبکہ یہ مرض یا دوسرے
امراض مثانہ مثل ورم مثانہ یا انکے علاوہ ہوں پہلے اُسکا ازالہ کریں پھر خلع کی تدبیر کریں جبکہ غلبۂ رطوبت و ریاح سبب ہوں جو دوائی فالج میں
گذری ہے کام میں لائیں تریاق کبیر دیں گرم روغنوں کی مالش کریں وہ پانی جسمیں سعد و زیرہ سیاہ و سداب جوش کیا ہو ٹپکائیں روغن سداب
قسط و حلتیت و جند بیدستر مزرقہ مثانہ پر پہونچائیں اور ادویہ مسخنہ مثل دارچینی و مقل و بسباسہ و سنبل و سعد و بابونہ و شیح و عسل کا ضماد
کریں اور خلع مثانہ جو ضربہ و سقطہ سے ہو اصلاح اُسکی سخت دشوار ہوتی ہے دوائی نافع احتباس و عسر بول کہ بسبب چپک جانے کسی
خلط لزج کے مجاری بول میں ہوتا ہے علامت اُسکی تقدم آسائش اغذیہ غلیظہ کا کھانا اور ثقل عانہ ہوتی ہے ترکیب مدرات قویہ مثل بادیان
و انیسون و تخم کرفس و برسیاوشان و خار خسک و تخم خربزہ و پوست المناس ریوند چینی و تخم شلغم صحرائی پانی میں جوش اور صاف کر کے شربت
بزوری ملا کے پئیں انھیں دواؤں کو پانی میں جوش کر کے اُس میں بیٹھیں گرم تیلوں کو مثل روغن شبت کے عانہ پر ملیں اور احلیل میں ٹپکائیں دوائی
برائے احتباس و عسر بول خلط صفراوی سے کہ مثانہ میں ٹپکتا ہے علامت اُسکی سوزش و زردی بول و تقدم تدابیر حارہ و تناول چیزہائے گرم
اُسکی دلیل ہوتی ہے ترکیب لعاب اسبغول و لعاب بہدانہ عرقیات میں نکال کے شربت بنفشہ داخل کر کے ہمراہ بنادق البزور پئیں و شربت خشخاش
و شربت عناب و روغن بادام و روغن بنفشہ و کدو و ماء الشعیر و اسفاناخ و کدو سب مفید ہیں اشیائے گرم و مالحہ و حریفہ سے پرہیز کریں
برائے تعریہ مجرائے بول لعاب اسبغول و صمغ عربی و زراقہ دیں و زراقہ شیاف ابیض شیر زنان میں حل کر کے قدرے روغن بادام یا کدو ملا کے بہت
نفع کرتا ہے اگر مادہ صفرا بدن میں بہت ہو اُسکا تنقیہ مقدم ہے دوائی احتباس و عسر بول جس سے قصداً یا بسبب خواب طویل یا اشتغال
ضروری ترکیب ادویہ مدرہ استعمال کریں اور ادویہ مرخیہ مثل تخم کتان و حلبہ و قرطم و برگ کرنب و خطمی پانی میں جوش کر کے مریض کو اسمین
بٹھائیں نطول کریں اور مثانہ کو ہاتھ سے سہلائیں روغن بلسان و روغن گل و مانند انکے ملیں اگر بول نہ کھلے قاثاطیر عمل میں لائیں دوائی
احتباس و عسر بول شدت حرارت سے کہ بواسطہ تخفیف رطوبات تبخیر و جفاف مجاری بول میں پیدا ہو جاتا ہے چنانچہ محرقہ تپوں اور

امراض ذوبان مین پیدا ہوتی ہی علامت اُسکی وجود آثار حرارت وحدت بول والتہاب وانتفاع مرطبات سے وعدم خروج بول جسوقت تک مقدار مین کم ہوتا ہی چنانچہ اس قسم مین جب تک مثانہ کے اندر زیادہ پیشاب جمع نہین ہولیتا بسبب انضمام مجری قوت اُسکے دفع کرنے کی نہین ہوتی **ترکیب** لعاب اسبغول ولعاب بہدانہ ہمراہ شربت بنفشہ وروغن بادام دین اور ماء الشعیر واسفاناخ وکدو وبادام ودیگر مرطبات کھلائین ادویہ مرخیہ سے آبزن کرین اور نطیل کرین اور روغنہاے مرطبہ مثل روغن بنفشہ وروغن کدو وماننداُنکے مثانہ پر ملین

ایضاً براے عسر البول حرارت مثانہ سے منقول انطاکی سے **ترکیب** حار مین کدو وخربزہ کھائین آرد جو وزعفران کا لیپ کرین بارد مین توم ونعنع وسداب وگندنا وکرویا کھائین ضماد زیت کا فائدہ کرتا ہی **دوائی** احتباس وعسر بول ضعف حس مثانہ سے کہ لذع بول سے آگاہی نہین ہوتی کہ اسکو دفع کرے اور ضعف مثانہ کا سبب کسی آفت کے پہونچنے سے مثانہ یا عضلہ یا مبداء اعصاب مثانہ یا دماغ مین کہ تمام اعصاب کا مبدا ہی علامت اُسکی سفیدی بول و نقدان حس کہ لذع وحرقت بول نہین محسوس ہوتی **ترکیب** روغن زعفران و بلسان وروغن یاسمین وسوسن ونرگس جو ممکن ہو ہمراہ مشک وجند بیدستر حل کرکے احلیل مین ٹپکائین عانہ پر مالش کرین خوشبودار ومقوی چیزین مثل برگ شبت وپودینہ وسوسن اکلیل وشیح وشبت مین لیپ کرین سرطان سوختہ دو درم نیمگرم پانی مین دین یا تخم خربزہ مقشر وشکر طبرزد دونون باریک پیس کے مقدار دس درم سے بیس درم تک کھلائین روغن بید انجیر کیساتھ ماء الاصول کھانا وتریاق کبیر ومثرودیطوس ومعجون بلادری وسجرنیا ومعجون فلاسفہ بھی مفید ہی اگر امتلاے بدن ہوتے تو مقدم سمجھین **دوائی** احتباس البول استرخاے عضلہ سے کہ حاجز ہے تمام عنق مثانہ پر اور آلہ حرکت ودفع ہے علامت اُسکی یہ ہے کہ جسوقت مثانہ کو دبایا جاے آسانی سے پیشاب ہوجاے اور ارکیساتھ نہ کہ قطرہ قطرہ **ترکیب** علاج اسکا پینے مین تسخین اور طلا مین تسخین مثلاً معجونون سے مثل مثرودیطوس وسجرنیا وتریاق کبیر کے کھائین وروغن ناردین یا قسط یا سداب یا بید انجیر یا سوسن مثانہ پر ملین اور طبیخ دارچینی وسعد وسنبل الطیب وسلیخہ وقرنفل وبسباسہ پینا اور مثانہ پر ترنیرا دینا سودمند ہی **دوائی** احتباس بول انبات لحم زائد سے یعنے زیادہ گوشت پیدا ہوجانے سے مجاری بول مین علامت اُسکی اُسکا حادث ہونا بعد قروح گردہ ومثانہ ونقدان آثار دیگر امراض ہوتی ہی لیس سبب اس قسم کا اگر مثانہ سے بالاتر ہو بسبب اجتماع مائیت اندرون گردہ ہمیشہ پیٹھ اور کمر گاہ مین ثقل محسوس ہوتا ہی مثانہ بول سے خالی ہوتا ہی اگر مثانہ کے اندر یا مجراے قضیب مین ہو ثقل عانہ وشدت درد وافراط تمدد اسپر گواہی دیتا ہی **ترکیب** ہر چند کہ اس قسم کا علاج نہین ہوتا لیکن تخفیف کیواسطے ضمادات ملینہ مثل روغن گل وپیہ گوسالہ ومقل وموم اور مانند ان کے لیپ کرین اور بابونہ وبنفشہ وخطمی وخشک وبرگ کرنب وپرسیاوشان وتخم کتان ودیگر مرخیات کو جوش کرکے اُسکے آبزن مین بٹھائین مریض کو دیر تک اُسمین بٹھا رہنے دین باہر نکلنے کے بعد آرد حلبہ وخبازی وبنفشہ وبابونہ وناخونہ آب کرنب وروغن خسک مین ملاکے مثانہ سے جگر تک ضماد کرین اور جو مجراے قضیب مین ہو ورم نہ ہونیکی حالت مین قاثاطیر سے علاج کرین اگر حبس بول بسبب ورم مثانہ یا سنگ مثانہ یا ریح غلیظ مثانہ سے ہو امراض مذکورہ کا علاج کرین اگر بسبب

ورم گردہ یا جمود دم یا مدہ سبب مثانہ مین یا قلع مثانہ سے ہو ہر ایک کا علاج کرنا چاہیے اگر قرحہ مجرئے شرم کے ہو کہ مجاری بول مین ہوجاتا ہی جسکے سبب مرور بول اذیت دیتا ہی طبیعت دفع بول سے احتراز کرتی ہی نشان اُسکا وجود آثار قروح و بثور ہی علاج اُسکا مبحث قروح مین ڈھونڈھین وافیون و تخم بنج اور مانند انکے برائے تخدیر حلیل مین ٹپکائین لعاب اسبغول و صمغ عربی اور مانند انکے برائے تغریہ و تملیخ نفع کرتا ہی اگر ضربہ سے ہو کہ پشت و مثانہ پر واقع ہوا ہو دیکھنا چاہیے کہ علت حبس حدوث ورم سے ہے یا وقوع تشنج و تہلہل لیفہائے مثانہ مین اگر ورم مثانہ ہی اُسکی تدبیر کرین اگر تشنج و تہلہل ہو فصد باسلیق سود مند ہی وایضاً تہلہل الیاف مین آبزنات ملینہ و مسکنہ و قابضہ کا استعمال نفع کرتا ہی اور سب مین استفراغ بول ضروری ہے قاثاطیر سے ہو یا دوسری تدبیر سے اور جو کسی آفت کے سبب سے لیفہائے مثانہ سست ہون اُسکی صحت کی بہت کم توقع ہو سکتی ہی اگر تشنج مثانہ و مجاری بول مین ہو انصباب بلغم سے اعصاب و رباطات پر علامت اُسکی وجود آثار تشنج ہے اور کبھی پیشاب تھوڑا آتا ہی قطرہ قطرہ آتا ہی دھار بندھکے نہین آتا بخلاف اُسکے جو استرخائے مثانہ مین ہوتا ہی جیسا کہ ذکر کیا گیا تدبیر اُسکی ازالہ تشنج ہے جو دوائی تشنج مین گذر چکا اگر ارتفاع خصیہ ہو اُسکی تدبیر بیان کی جائیگی اُس سے متوجہ ہون اگر ورم عضو مجاور مثانہ مثل رودہ و رحم و مقعد و ناف و حالبین مین ہو یا آفت عضو مجاور ہے مثل انحراف رحم و خروج رحم ہو علامت و علاج اُسکا دوائی عضو ماؤف مین تلاش کرین اگر زوال فقرہا کہ محاذی مثانہ ہوتے ہین ہو بردتقار ڈھونڈھین دوائی برائے عسر البول انطاکی سے ترکیب زر وق زیادہ حلتیت و شیر زنان اور کھانا ہر مطبخ مدر کا مثل گندر و ترب و شلجم و کرنب و دہان مروخات و حلم بالخاصیت نافع ہی اور خواص مین آیا ہی کہ خاکستر و ریگ پر پیشاب کرنا حبس بول کرتا ہی اور پانی مین کرنے سے سلس البول ہوتا ہی وایضاً الحکیم ممدوح دستور العجائب مین تحریر فرماتے ہین کہ اگر دو زندہ مکھیان ایسے مریض کو کھلا دی جائین فوراً پیشاب ہوجاتا ہی دوائی احتباس بول کیواسطے نافع ہے تکملہ ترکیب شورہ قلمی جوا کھار ریوند چینی بادیان مساوی سنات سب کے برابر کوٹ چھان کے اکیس ماشہ کھائین ضعیف مریض کو ایکتولہ یا اس سے کم دین نیل بڑی و کافور لیکے فتیلہ کو اُس سے لت کر کے سوراخ قضیب مین رکھین وایضاً شورہ کا فورا حلیل مین رکھنا اور طلا کرنا اسکا زیر ناف فائدہ کرتا ہی نوع دیگر برائے حبس بول بہت مفید ہی ترکیب شورہ ایک مثقال سے دو مثقال تک ہموزن شکر ملا کے سفوف کھائین برگ نیل پانی مین پیس کے یا تخم قرطم و کسنب دہی مین پیس کے عانہ پر لیپ کرین شاخ زعفران کا رہنا اور پیش کا سوراخ مین رکھنا بالخاصیت مفید ہی ایضاً اگر کبوتر کے بچہ کو ذبح کرین اور اُسکا خون زہار پر ٹپکائین اور اوسکا پیٹ پھاڑ کے گرم گرم زہار پر باندھدین قوت مثانہ کو حرکت دیتا ہی و حرکت گاؤمیش ناف پر ملنا و شیاف نمک طبرزد و نیز فتیلہ نمک طبرزد بھی پیشاب جاری کرتا ہی ایضاً معمول بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب پیاز سفید اگر نہ ہو سرخ کوٹ کے گرم کرین اور ذکر و شکم پر لیپکے پن اوپر سے کپڑا لپیٹ دین ایک گھنٹہ تک نہ نہ دین ایضاً مرحوم کے معمول سے ترکیب مسکہ گاؤ شکر سفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ شورہ قلمی ایک ماشہ پیس کے ملائین اسکھائین آب ترب کی تاثیر قوی ہی تسہیل بول کے لیے ایضاً برائے حبس بول ترکیب روغن بید انجیر ایک تولہ چار دام شیر تازہ گاؤ کے ہمراہ دین کہ نفی الفور کھلا ہوا پیشاب کھل جاتا ہی دوائی تقطیر البول حدت بول سبب اسکا اخلاط حادہ ہوتے ہین علامت اُسکی زردی و سوزش بول و علامات غلبۂ صفرا ہوتی ہی بعد تناول اذویہ و اغذیہ گرم و تعب

وو باضت و کثرت جماع حادث ہوتا ہی اور یہ قسم زیادہ تر فصل تابستان اور گرم مزاج والون نیز جوانون کو حادث ہوتی ہی ترکیب لعاب اسبغول
تر تربیات مین نکال کے شربت بنفشہ داخل کر کے ہمراہ بنادق البزور یا قرص ماسک البول و شربت خشخاش نافع ہی اور ماء الشعیر و ملوخیہ و کاسنی و کاہو و
کدو کی غذا کرین اور باقی جو کچھ قسم حرقت البول مین کہ بوجہ رقت بول سے ہوتا ہی بیان کیا جائیگا استعمال کرین دوائی تقطیر البول ضعف سے قوت
ماسکہ کے اور سبب اسکا سردی مزاج مثانہ و استرخاے عضلہ مثانہ ہوتا ہی علامت اسکی سفیدی بول و عدم حرقت بول و تقدم تدابیر مبردہ ہوتی ہی یہ
قسم بوڑھون کو زیادہ ہوتی ہی ترکیب گرم معجونین کھائین اطریفل کبیر و جوارش کندر و ماسک البول معہ بعض قوابض مثل جفت بلوط و حب الآس
و مانند انکے کھائین مثانہ کو روغن سداب و ناردین سے ملین اور بجاے آب ماء الحدادین پینا بہت فائدہ مند ہی اور جو کچھ سلس البول مین کہ سردی
مثانہ سے ہوتا ہی بیان ہوگا کام مین لائین غذا نخود آب کہ اُسمین ادویہ گرم ہون مفید ہی بالجملہ تقطیر البول کہ اسباب احتباس بول سے ہوتا ہی علامت و علاج
ہر ایک کا اقسام احتباس بول مین گذرا اُس سے رجوع کرین اور جاننا چاہیے کہ کبھی بسبب اجتماع مواد غلیظہ مثانہ مین یہ مرض حادث ہوتا ہی
علامت اسکی اجتماع ثقل و کدورت اسکے سبب سے قارورہ مین اور راحت پانا مریض کا پیشاب غلیظ ہوجانے سے ہوتی ہی علاج اسکا روغن بید انجیر
یا ماء البزور دینا شراب صرف ہمراہ آب بادیان و لبوب حارہ و انجیر و مویز و خرما و مثل ان کے پینا مفید ہی ایضًا براے تقطیر البول کہ ضعف ماسکہ
مثانہ سے ہوتا ہے قانون سے ترکیب سعد کندر مساوی ہر صبح ایک مثقال کھائین اگر بلوط دو مرکی بڑھا دین تو قوی تر ہوجاتی ہی دوائی سلس البول
سردی مثانہ سے و استرخاے مثانہ و عضلہ مثانہ یہ اکثر ہوتا ہی علامت اسکی سفیدی قارورہ ہی بغیر حرقت کے اور عدم تشنگی و دیگر آثار برودت
گواہ ہوتے ہین اکثر اسکا عارض ہونا سرد و تر بیماریون کے آخر مین ہوتا ہی ترکیب کندر مصطگی ہر ایک ایک ماشہ پیس کے گلقند یا اطریفل صغیر مین ملا کے
تناول کرین اسی طرح دیگر ادویہ گرم و قابض کھانا مثل سعد و خولنجان و قسط و جوزبوا و مانند انکے فائدہ کرتا ہی و فلاسفہ و کلکلانج و اطریفل کبیر کھائین
اور مشک و جندبیدستر روغن بابونہ یا روغن نرگس مین ملا کے مثانہ پر لیپ کرین انجیر و مویز مسخن مثانہ ہے جوزبوا کی ادامت نام النفع ہے
دوائی سلس البول گرمی مثانہ سے یہ کم ہوتا ہی علامت اسکی گرمی مزاج و رنگینی قارورہ ہوتی ہی گرم چیزون سے ضرر محسوس ہوتا ہی ترکیب
ادویہ بارد و قابض مثل طباشیر و گلنار و گل ارمنی و بلوط و حب الآس و تخم خرفہ و کاہو و خشخاش و کشنیز خشک و سماق و زرورد استعمال کرین اور
جو دیابیطس حار مین گذرا کام مین لائین بالجملہ سلس البول کہ مدرات کے پینے سے مثل شراب و خربزہ و مانند انکے ہوتا ہے ترک سبب کرین اگر
زوال فقرات محاذی مثانہ سے ہو یہ بعد ضربہ و سقطہ کے عارض ہوتا ہی پس اگر اُسکا زوال داخل مین ہو جذب نفار کرین مص محاجم سے یا تضمید
زفت سے اگر خارج مین ہو اور رباطات پھیلے نہ ہون بلکہ بسبب تمدد رباطات عضلہ کو عاصرہ مثانہ ہوتی ہین متاذی ہوجائین اس صورت مین
رد ا کرین ہاتھ سے اور جو انقطاع اربطہ مثانہ تک پہونچ جاتا ہی علاج نہین ہوسکتا اور جس جگہ سلس البول بسبب ورم ضاغط اعضاے مجاورہ
سے مثل رحم و زہار کے ہو یا بسبب خلع مثانہ یا فقدان حس جیسا کہ سرسام مین ہوتا ہی تدبیر اسکی اُسکے مبحث مین ڈھونڈھین اور احتباس بول مین
بھی گذرا دوائی براے سلس البول انطاکی سے ترکیب جو زوال فقرات سے ہو فقرات کا باندھنا اور رد فقرات و تضمید مثل مرہمین و کرسنہ

وگل قبرسی نافع ہی اور جو استرخاے عضلہ مثانہ سے بوجہ افراط برودت ورطوبت کے ہو جوارشات گرم وفلافلی وکمونی دین اور جو افراط حرارت
سے ہو مثل طباشیر وکاہنی وحب الآس وگل مختوم وبلوط پینے مین اور لیپ مین استعمال کرین اسی طرح سعد وسداب بارد مین اوراطریفلات
مطلقًا اور بارد مین حلتیت ملین **ایضًا** برائے سلس البول مجرب ہی **ترکیب** کنجد کلیجن ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کے مصری چھ ماشہ
ملا کے سوتے وقت بعد غذا ایک پہر گذرنے کے بعد پانی سے نگل جائین یا کلونجی اجوائن ہر ایک سات ماشہ پانی سے پھانکین **ایضًا**
برائے سلس البول مجرب ہی **ترکیب** کنجد سیاہ سپند سوختنی نانخواہ مساوی پیس کے قند سیاہ مین ملائین اور گولیان بنا کے بقدر بندام
کھلائین **ایضًا** ماسک البول **ترکیب** مصطگی جفت بلوط کندر تخم خشخاش سفید گل ارمنی تخم خشخاش سیاہ خولنجان ہر ایک تین ماشہ کوٹ
چھان کے مصری برابر ملا کے تین ماشہ کھائین **دوائی** بول فی الفراش یعنی سوتے مین پیشاب کرنا سبب اسکا استرخاے عضلہ مثانہ ہی یہ مرض
زیادہ تر بچون کو بسبب رطوبت مزاج عارض ہوتا ہی اور استغراق نوم اسکی اعانت کرتا ہے **ترکیب** سعد کندر خولنجان جفت بلوط حب الآس گلنار
گل برابر کوٹ چھان کے سفوف بنائین دہن اور جند بید ستر در روغن سوسن ملا کے مثانہ پر لیپ کرین اور اشیاء مدر وسرد تر سے احتراز کرین اور
شہد انجیر بریان کر کے شہد مین ملا کے دین اور بہترین تدبیرون سے یہ تدبیر ہے کہ سوتے مین چند مرتبہ بیدار کرین اور پیشاب کرا دین رات کو
کھانا پینا نہ دین ہمیشہ جوز بوا کھائین اسیطرح گلقند عسلی مفید ہوتا ہی نیز معجون فلاسفہ نفع دیتا ہی نارجیل شکر کے ساتھ نافع ہی قلیہ خشک و
مطنجن کی غذا کرین **دوائی** بول فی الفراش کے لیے انطاکی سے **ترکیب** بیشتر اطفال وشیوخ کو بسبب اُن کے ضعف مزاج کے ہوتا ہی
اور جو شخص کہ گہری نیند سوتا ہو بسبب زیادتی رطوبت یہ مرض عارض ہوتا ہی علاج اُسکا وہی ہی جو سلس البول مین گذرا لیکن پشک گوسفند
نر ومنقار خروس وسنگدانہ طیور کا اس مرض مین بہت فائدہ مند ہی اگر جلا کے کھائین اسی طرح تضمید مورد ومازو وبخور حلتیت وپوست علس
وشرب عرق الدیک مجرب ہے **دوائی** برائے بول الدم جاننا چاہیے کہ جو خون پیشاب کے راستہ آتا ہے اُسکا سبب رگ گردہ کا شق ہونا یا منہ
کھلنا ہوتا ہی کسی ضربہ وسقطہ کے سبب سے یا بھاری بوجھ اُٹھانے سے یا جماع کی کثرت سے یا تیز کھانا کھانے سے یا بسبب ضعف قوت
ماسکہ گردہ کہ اپنے بوجھ کی نگہداشت نہین کر سکتا علامت اسکی خون صاف نکلنا بغیر درد وورم کے پس اگر تھوڑا تھوڑا آتا ہو انفتاح دہن رگ
سے ہوگا اگر بہت آتا ہی انشقاق رگ سے ہوگا **ترکیب** لعاب بہدانہ شیرۂ عناب شیرۂ مغز تخم تربوز شیرۂ پوست بیخ الجبار شیرۂ تخم خرفہ سیاہ پانی مین
نکال کے شربت نیلوفر ملائین بار تنگ چھڑک کے پئین اگر بند نہ ہو فصد باسلیق کھلوائین اور حجامت کعب تمام اقسام مین مفید ہی اور
بقول حکیم علی بول الدم ومدہ وسوزش کہ کہنہ ہو گئی ہو جونکین لگائین بالائے زہار وپایان ناف کہ بہت سا خون پی لین اور فصد صافن
بھی بہت مفید ہی قرص کہربا وگلنار وقرص بول الدم وشربت الجبار وشربت حب الآس وشربت خشخاش دین شاخ گوزن سوختہ وکتیرا
ہمراہ رب مورد سود مند ہی جس جگہ ضربہ انشقاق رگ کا سبب ہو موضع ضربہ پر گل ارمنی واقاقیا وصبر وحضض کا لیپ کرین اگر خون مین
حدت ہو سوائے مذکورہ تدبیرون کے جو زیابیطس حار مین گذرا استعمال کرین شربت عناب نقوع کشنیز خشک مین حابس وطفی ہے

جب بول الدم کے بعد چرک آنے لگے قرحہ کی دلیل ہی کہ گردہ یا مثانہ یا قضیب مین پڑ جاتا ہی اس حالت مین قرحہ کی جگہ کو درد سے معلوم کر کے علاج قرحہ
گردہ و مثانہ کہ مذکور ہوا اور تدبیر قرحہ قضیب آیگی متوجہ ہون تناول اطعمہ حریفہ و شیرین و ترش و لحوم و استحمام و حرکات عنیفہ و جماع و تعب و مداومت
قویہ و سواری اسپ وغیرہ و مشی سریع بول الدم مین بہت مضر ہوتی ہی بہترین غذا آشجو و کھچڑی مونگ کی ہی و فالودہ و نشاستہ و روغن بادام نافع ہی بالجملہ
بول الدم کہ بسبب ضعف گردہ یا جگر ہوتا ہی کہ مائیت کو خون سے جدا نہین کر سکتا علامت اُسکی بول غسالی ہوتا ہی اگر ضعف گردہ سے ہے مائل بسپیدی
و غلظت ہوتی ہی اگر ضعف جگر ہی مائل بسرخی و رقت ہوتی ہی علاج اسکا دوائی ضعف جگر و گردہ مین ڈھونڈھین اور بول الدم کہ بسبب آکل رگہاے
اعضاے بول ہو علامت اُسکی یہ ہی کہ ریم کے ساتھ آتا ہے اندک اندک متفرق طور پر علاج اُسکا تدبیر قرحہ ہے جیسا کہ قروح گردہ و مثانہ مین گذرا اور
بقول انطاکی اگر انفجار رگ سے ہو اور خون خالص آتا ہو علاج اسکا قواطع دم مثل شب و تخم چقندر و میعہ و سنبل دینے سے اور اطباق علق سے ہوتا ہے
دوائی براے بول الدم آزمودہ ہی ترکیب چاکسو اکیس علدہ باریک پیس کے کھائین اوپر سے برادۂ صندل سفید سات ماشہ رات کو پانی مین
بھگو دین صبحکو مل اور صاف کر کے نبات سفید یا شربت دو تولہ ملا کے پئین ایضاً تخم نرملی چار عدد پانی مین پیس کے دہی مین ملائین اور چینی کے
پیالہ پر کپڑا ڈھانک کے رات بھر رکھ چھوڑین اور صبحکو کھائین ایک ہفتہ تک یہی عمل کرین دوائی براے حرقت البول یعنے سوزش پیشاب اکثر
حدت و بورقیت بول سے ہوتی ہی گرمی جگر اور غلبہ صفرا کے سبب سے علامت اُسکی حرارت مزاج و رنگینی قارورہ و عدم خروج مدہ و قشور ہے
استعمال ادویہ و اغذیہ گرم اور سواے انکے بھی اُسکی گواہی دیتے ہین ترکیب بنادق البزور ہمراہ لعاب بزر قطونا کہ عرقیات مین نکالا ہو شربت
بنفشہ داخل کر کے پئین اور لعاب بہدانہ و شیرۂ خرفہ و کاہو و خیارین و شربت خشخاش بھی مفید ہوتا ہی آب تربوز و آب کیلہ و طبیخ سپستان مجرب ہے
شیاف ابیض و کافور و شیر بز یا شیر خر یا شیر دختر کی پچکاری لین اور ماء الشعیر و بیضہ نیمبرشت و روغن بادام و روغن کدو اور سواے انکے جس مین
طعم غالب نہ ہو تناول کرین اشیاے مالحہ و حامضہ و حریفہ و شدید الحرارت سے پرہیز کرین جماع بہت مضر ہے جبکہ مادہ بہت ہو اور تعدیل کافی نہ
ہو سکے تنقیہ فصد و قے و تلیین سے حسب حاجت کرین ماء الجبن بھی براے سوزش بول فائدہ کرتا ہی اور کبھی رطوبت کہ براے تعدیل بول و تفریح
مجراے بول کہ ملتصق ہوتی ہی مفقود ہو جاتی ہی شرب مدرات قویہ حارہ سے یا کثرت جماع سے اور اُسمین پلانا لعبہ و مغریات و زراقہ شیاف ابیض
ہمراہ شیر زنان مفید ہی اگر بسبب جرب گردہ یا مثانہ یا بسبب لذع مدہ کے قروح سے اُنکے آتا ہو وجاے علاج جرب و قرحہ گردہ و مثانہ کرین
دوائی حرقت البول کہ بسبب حدوث بثرہ مجراے قضیب مین ہوتا ہی علامت اُسکی درد موضع بثرہ مین ہوتا ہی ترکیب فصد باسلیق
کھلوائین لعاب اسبغول و شیرۂ خرفہ شربت نیلوفر کے ساتھ دین سفوف گل ارمنی ایکدرم و مغز تخم خربزہ سودہ و اسبغول مسلم ہر ایک ڈیڑھ درم
یا بنادق البزور ہمراہ تبرید دینا بھی سودمند ہی اور اسبغول روغنگل کیساتھ قضیب پر ضماد کرین شیاف ابیض شیر دختران مین احلیل کے اندر پچکائین
اگر تسکین وجع زیادہ مطلوب ہو تھوڑی افیون بھی شیاف مین داخل کر دین دوائی حرقت بول و افراط حرارت کو رفع کرتی ہی ترکیب صندل سرخ
صندل سفید ہر ایک دو سرخ تخم کاسنی کافور ہر ایک چار سرخ باریک پیس کے نبات سفید دو تولہ کو ٹھنڈے پانی مین حل کر کے

ادویہ مسہوقہ جھبر کے پی لین ایضاً حرقت بول کے لیے نافع ہے ترکیب شیاف ابیض بکافور بکری کے یا گدہی کے دودھ مین ملاکے پچکاری دین اور کشنیز خشک گل نیلوفر صندل
سفید آملہ منقی پانی مین رات کو بھگو دین صبح مل اور صاف کر کے شربت نیلوفر ملا دین اور پی لین کسیلہ کا پانی بھی پینا مفید ہے دوائی حرقت بول زنان کیواسطے مجرب ہے ترکیب
سنگجراحت ایکدام گل ارمنی دو ماشہ کوٹ چھان کے بقدر چھ ماشہ ہمراہ آب برنج سکھد اس کہ تمام رات وس مین رکھا گیا ہو آفتاب نکلنے سے پہلے پی لین دوائی جسکا نام اندری جھار
ہے یعنی تر ودح آلات بول مادہ حصات ریم سے دنافع سوزاک جدید و قدیم اور عورتون کو جو ایام حیض مین معتاد بدرد ہوتی ہین ترکیب شورہ قلمی ریوند خطائی ہر ایک سات ماشہ
جوا کھار چھ ماشہ زیرہ سفید ساڑھے تین ماشہ شکر سفید برابر خوراک سات ماشہ ایضاً اندری جھار یعنی مادہ کو نکالنے والی مجرائے بول یعنی و آلات تناسل سے ترکیب برگ ترب
نصف سیر اسکا عرق بقدر سات آٹھ تولہ لیکے شورہ قلمی ایک سے دو ماشہ تک ملاکے پی لین دوائی برائے قرحہ مجری قضیب یعنے سوزاک اسباب کے بعینہ اسباب قروح کلیہ و مثانہ کیطرح
ہوتے ہین جو بیان ہو چکے اور زن حائض سے مباشرت اور زنان فاحشہ سوزاک زدہ سے مباشرت کرنے سے جماع و احتلام ناقص الانزال و شدید الحلاوت چیز کے کھانے حاد و
تند و شرب ملات قویہ حار و شراب نہار منھ کثرت سے پینے اور گرمی کے موسم مین پانی مین جانے بیداری مفرط اور آہک نارسیدہ پر پیشاب کرنے سے بھی عارض ہوتا ہے علامت
اسکی حرقت بول ۔ زوج بول بدشواری و ظہور خون و ریم و فتور پیشاب مین ولزوم وجع اس جگہ پر بجائے قرحہ کے ترکیب بعد فصد باسلیق شیرہ تخم خیارین شیرہ خارخسک
شیرہ تخم خربزہ عرقیات مین نکال کے شربت بزوری ملاکے پی لین تھوڑے دنون کے بعد جبکہ قرحہ مدہ سے پاک ہو جائے دوائے مذکور کے ساتھ پانچ ماشہ ترمگٹا یا قرص کہربا
یا قرص خب یا قرص کاکنج اور مانند انکے کہ اندمال قرحہ کرتی ہین دینا چاہیے نقوع پوست بیخ فالسہ نقوع گیرو نال نخود کہ نقوعات مین آئینگی اس باب مین مجرب ہین سنوف
قلمی کشتہ تبرید کے ہمراہ بھی دینا مفید ہے سفوف آملہ ریوند چوب ازالہ قرحہ کہنہ کیواسطے مجرب ہے کتیرا صمغ عربی بقدر دو دو ماشہ رات کو بھگو دین صبحکو مل اور صاف کر کے
پئین حرقت مثانہ اور سوزاک کیواسطے مفید ہے برگ نورستہ کیکر دوست گلو سلاجیت بھی برائے قرحہ سوزاک نافع ہوتی ہے نسعقات نافع سوزاک بھی سود مند ہین جب سدہ
شدید ہو کوئی مفید چیز پچکاری مین ملا دین غذا ماء الشعیر و دال خشکہ جسمین نمک کم ہو مناسب ہوتی ہے اشیاء حریفہ مالحہ و حامضہ و حلاوی و لحوم و جماع سے احتراز کرین
دوائی مفید سوزاک ترکیب گیرو گوالیاری ریوند چینی ہر ایک ایکتولہ شورہ قلمی آدھا تولہ زیرہ سفید آملہ ہر ایک چوتھائی تولہ سب کو باریک پیسکے تین پڑیان بنائین اور
ایک پڑیہ روز کھائیکے دودھ کی لسی مین جو سیر بھر دودھ اور پاؤ بھر پانی ہو پئین اور تیسرے دن کے بعد تبرید پئین جیٹھی مدھ خس صندل سفید آملہ کشنیز ہر ایک ستر ہ ماشہ الائچی خورد
چھ ماشہ مغز کنول گٹہ ایکتولہ نبات مصری چھ تولہ کوٹ چھان کے تین حصے کرین ایک حصہ کا شربت بنا کے پئین بعد چار گھڑی کے بکری کے دودھ کی لسی پئین پھر یہ پچکاری
لین ہلیلہ بلیلہ آملہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ جوش اور صاف کر کے نیلا تھوتہ ایکماشہ پیس کے ملائین اور سات دن تک پچکاری لین دوائی سوزاک مجربات مولوی عظیم اللہ صاحب
ترکیب کباب چینی ریوند چینی ہلیلہ سیاہ دانہ ہیل کشنیز خشک زیرہ سفید شورہ قلمی کوٹ چھان کے نبات سفید بارہ تولہ ملاکے اسمین ایک تولہ کھائیکے دودھ کی لسی کے
ساتھ پئین ایضاً برائے سوزاک مجرب حکیم علی ترکیب زرشک تین تولہ رات کو پندرہ تولہ گلاب مین بھگو دین صبحکو صاف کر کے شیرہ تخم خیارین ایک تولہ نبات سفید چار تولہ پیس کے
ملائین اور پئین تین دن تک عمل کرین ایضاً بیاض حکیم اجمل خانصاحب سے ترکیب شیرہ بیج کیلہ شیرہ پوست بیخ فالسہ شیرین شیرہ تخم خیازی لعاب اصل السوس ہر ایک
ایک تولہ نہار پئین ایک ہفتہ مین بفضلہ تعالی اچھا ہو جاویگا ایضاً برائے سوزاک مجرب ہے بیاض استاد مرحوم سے ترکیب گل ٹیسو لاکھ درخت کنار کتھ ہر ایک
ہم وزن کوٹ چھان کے چار حصہ کرین ایک حصہ علیحدہ کرین باقی کو ملاکے کھائیکے دودھ کی لسی مین جسمین دو حصہ پانی اور ایک حصہ دودھ ہو پئین مجرب ہے اور نسخہ

قرابادین ممولی بن ست گلوست سلاجیت راوند چینی طباشیر ہر ایک چھ ماشہ دانہ الائچی جوا کھار شورہ قلمی ہر ایک چار ماشہ نبات سفید چار تولہ دونوں اجزا سابق پر اضافہ کرکے ہر روز
دو مثقال ٹھنڈے پانی کے ساتھ کھائیں دوائی نافع سوزاک و قرحہ اور جس شخص کی انثیں کی گرمی سے منی جل گئی ہو اسکے لیے آبجیات کے مانند ہے ترکیب بہدانہ تین ماشہ پانی
میں بھگو کے صبح کو اسکا لعاب نکال کے تین ماشہ روغن بادام ملا کے پئیں دوائی نقصان باہ استرخاے قضیب ہے اگر بسبب اسکا سردی اعصاب قضیب کے ہو یا بواسطہ انصباب فضلہ بلغمی
نفس قضیب میں یا بواسطہ آب سرد میں دیر تک کھڑے رہنے سے یا برف و یخ پر بیٹھنے اور مانند انکے علامت اسکی کثرت و رقت منی و سہولت خروج منی بغیر انتشار کے ہوتی
ہی پس اگر قضیب آب سرد میں متقلص نہیں ہوتا ہے لاغر ہوتا ہی علاج نہیں ہو سکتا اگر قضیب آب سرد میں چھوٹا بڑا ہوجاتا ہے اور لاغر و سست نہیں ہوتا اس صورت میں فالج کا
علاج کریں لبوب کبیر و معجون فلاسفہ اور مانند انکے کھلائیں اطلیہ مقوی باہ ملیں اشیاء خوشبودار سونگھیں اگر استرخاے قضیب بسبب ضعف بدن و ترک جماع مدت دراز
سے ہو جو قوت منی کے بارہ میں کہا گیا ہی کام میں لائیں اگر ضعف قضیب کا سبب جلوق ہو تو نیم گرم روغن حارہ اور اطلیہ کی مفید ہوگی دوائی نقصان باہ قلت
منی سے علامت اسکی قلت خروج منی ہوتی ہی پس جاننا چاہیے کہ قلت منی یا بسبب ضعف بدن و کمی غذا ہوتی ہے علامت اسکی نحافت بدن ہے و ضعف قوت و
زردی رنگ یا بسبب برودت آلات منی ہوتی ہی علامت اسکی انجماد منی و عسر خروج منی انتفاع اشیاء حارہ سے یا بسبب حرارت آلات منی ہوتا ہی علامت اسکی غلظت و
حرارت منی ہے او زردی منی سرعت انزال کیساتھ مبردات سے فائدہ ہوتا ہے خصیتین میں عظم قضیب کی رگیں پھول جاتی ہیں یا بسبب سوء الات منی ہوتا ہی علامت
اسکی غلظت و عسر اندفاق منی اشیاء مرطبہ سے انتفاع اور استحمام مرطب سے فائدہ ہوتا ہی یا بسبب برودت آلات منی ہوتا ہی علامت اسکی رقت منی و سستی قضیب
و سپیدی و غلظ قارورہ مجففات سے انتفاع ہوتا ہی یا دو کیفیتوں کے اجتماع سے یعنی برودت و یبوست یا برودت و رطوبت یا حرارت و یبوست سے ہوتا ہی ترکیب
اگر ضعف بدن سے ہو اس صورت میں غذاے جید مثل گوشت فربہ مرغ و نارجیل شکر و حلوہ کیساتھ و حلوا نشاستہ و بادام و پستہ اور مانند انکے زردی بیضہ نیم برشت
کھانا و شیر برنج اور جو شئ سمن ہو نافع ہی ترک جماع کریں اپنے آپکو عیش و عشرت میں مشغول رکھیں معجون لبوب نفع کرتی ہے اور اگر قلت منی بسبب برودت آلات
منی ہو معاجین گرم و لبوب کبیر کھائیں اور کلمرببہ و دوا المسک بھی مفید ہے جس نسخہ میں ہو مفید ہی جیسے اکلا و طلا و احلیت چار مغز زردی بیضہ نیم برشت دو میں عدد
میں نفع کرتی ہی بہترین غذا اقلیہ ہے جسمیں دار چینی خولنجان و کبابہ و قرنفل و نخود آب دوا گرم میں دحصافیر و کبوتر بچہ و مرغ و مانند ان کے اور جو ضعف باہ بسبب
حرارت آلات منی ہو مبردات و مسکنات حرارت آلات منی استعمال کریں مثل شیرۂ تخم خرفہ و مانند انکے خصوصیہ روغن بنفشہ و بادام میں جب بھی ہلکا غذیہ و ادویہ گرم سے
پرہیز کریں غذا قلیہ میں خیار و گوشت بزغالہ و اسفاناخ اور مانند انکے کریں جو یبوست ہو مرطبات کا کام میں لاویں اگر کھائیں ہر روز دو تولہ کھائیں اور استحمام روغن میں نیز جو حرارت
و رطوبت کو بڑھاے استعمال کریں اور اغذیہ مرطبہ مثل لعوبات اسفید باجات و مانند انکے تناول کریں اور جو بسبب رطوبت و برودت دونوں کے ہو یہ کثیر ہوتا ہی بہ نسبت برودت
و یبوست و حرارت و یبوست کے علاج اسکا مرکب مفردات سے کریں اور حرارت و رطوبت اس مرض کا سبب نہیں ہوتا دوائی نقصان باہ سکون منی و فقدان لذت منی سے
علامت اسکی کثرت منی و جمود و غلظ منی و عسر خروج ہوتا ہے اور ابتدا میں نعوظ ضعیف ہوتا ہے اور دخول کے بعد قوی ہوجاتا ہے چنانچہ یہ قسم ضعف باہ ان لوگونکو
بیشتر ہوتی ہی جو افیون و بنگ و پوست خشخاش اور مانند ان کے مخدرات کھانے میں ترکیب معجون زرعونی و معجون بزرور و دیگر معاجین حارہ و دوا المسک حار
و سنوف عنبر کھائیں اور روغن عاقرقرحہ استعمال کریں دوائی نقصان باہ ترک جماع سے علامت اسکی یہ ہی کہ مدت مدید سے ترک جماع کیا ہو احتلام بہت کم

کم ہوتا ہوا جماع سے خوشنود نہ ہو تا ترکیب اغذیہ مہیجہ مثل شیر و شکر ماہی تازہ و زردی بیضہ مرغ و کلہ و ہریسہ کھائیں دوائی نقصان باہ اسود و ہمیہ سے شل کا جماع سے حیا
یا مجامع کی قبیح صورت یا اعتقاد سحر کے سبب سے خیال ہو کہ کسی شخص نے باندھدیا ہے اور مانند انکے جو نفس میں آرا باطلہ پیدا ہو اور خیال فاسد آئے پس اس صورت میں باوجود صحت اعضا
و کثرت منی شہوت زائل ہو جاتی ہے کیونکہ اثر امور نفسیہ بدن میں سارے امور سے قوی تر ہوتا ہے ترکیب مناسب حیلوں سے وہم کا ازالہ کرین مغالطہ دین جس سے کہ اعتقاد درست ہو
تقویت دل و دماغ ہو تا کہ خیال فاسد و اندیشہ کاسد جلد اثر نہ کرے دوائی نقصان باہ ضعف اعضاء رئیس و شریف سے مثل قلب و دماغ و جگر و معدہ و گردہ کے علامت
ضعف قلب ضعف نبض و خفقان و دحشت ہے اور بعد جماع کے غشی کے قریب حالت ہو جاتی ہے اور شرم و اندیشہ اور ڈر بھی اسکے خاصہ سے ہے علامت ضعف دماغ
تشویش و فکر و نقصان لذت جماع ہے علامت ضعف معدہ و جگر کمی شہوت طعام و جماع و ضعف ہضم ہوتی ہے اور دوسرے آثار ضعف و سوء مزاج کہ ان
اعضاء سے گردہ کیلئے مخصوص ہے ہر ایک کے مقام پر ذکر کیا جائیگا ترکیب ضعف دل میں تقویت و تعدیل قلب کرین مفرحات یا قوتیہ و دواء المسک سے اور
ضعف دماغ میں معاجین مقویہ دماغ و شمومات و اطلیہ اور سوائے ان کے وفق حرارت و برودت سے استعمال کرین اگر مادہ ہو تنقیہ مادہ کا لبتہ مقدم کھین اور
ضعف معدہ و جگر و کلیہ میں انکے اصلاح مزاج کی کوشش کرین حسب سبب جیسا کہ ہر ایک کے محل پر مذکور ہے دوائی نقصان باہ قلت ریاح سے علامت اسکی
سلامت اعضا و قلت نفخ و کثرت منی ہوتی ہے پس جس جگہ عدم حرارت مانع تولد نفخ ہو گرسنگی کے وقت اور حرکات سخنہ و استعمال اغذیہ و ادویہ سخنہ انتشار
قوی ہوتا ہے اور جس جگہ نقصان رطوبت موجب عدم تولید نفخ ہو اشیاء رطبہ کے کھانے پینے کے بعد انتشار میں ترقی ہوتی ہے ترکیب ادویہ و اغذیہ باہیہ
نفاخہ کھائیں اور مانند پیاز و نخود و گزر و انگور و باقلا و پستہ و گوشت بره و مرغابی و کبوتر و انجیر و شیر کے اور جو عدم حرارت سے ہو تسخین کیواسطے معاجین گرم
داد ہان نیز سوائے انکے جو مناسب ہو استعمال کرین اور جو نقصان رطوبت سے ہو ترطیب کی غرض سے حمام و تمریخ اور مانند انکے کام میں لائیں دوائی تقویت
باہ کرتی ہے ترکیب زنجبیل شقاقل تخم بلیون تخم جرجیر تخم انجرہ خولنجان تخم گندنا سب کو برابر کوٹ چھان کے ہمراہ شہد و آب پیاز ہر ایک دواؤں سے دو چند قوام
کرکے ملائیں خوراک دو مثقال وقت عصر ایضاً برائے سطبری قضیب مجرب ہے ترکیب سر شف سفید قسط تلخ اسگند شہد میں طلا کرین اور اگر شیر
میش کو نیم گرم اور اسمیں کپڑا تر کرکے ذکر پر باندھیں جب خشک ہو جائے پھر باندھیں ذکر فربہ ہو جائیگا نوع دیگر مجرب ہے ترکیب ثعلب مصری طباشیر مصطگی
کتیرا و ناسیل مغاث بغدادی ہر ایک ایکماشہ کوٹ چھان کے ہمراہ گلقند دو تولہ ملا کے کھائیں اور اوپر سے گائے کا پاؤ بھر دودھ پئیں ایضاً برائے تقویت باہ منظر
و رنگ سرخ کرتی ہے بدن کو فربہ اور منی کو زیادہ کرتی ہے مجرب ہے ترکیب زردی و سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد روغن زرد ایک بیضہ بھر آب پیاز سرخ ایک بیضہ شہد خالص
ایک بیضہ پانچوں چیزوں کو ملا کے ہلکی آنچ پر نیم گرم کرکے چالیس روز تک کھائیں ترکیب استعمال بھی ہو مفرات و دوغ و سرکہ اور تمام ترش چیزوں سے پرہیز کرین غذا
مقویات سے ہو دوائی مقوی باہ و معمول ترکیب نکچھکنی دار ادرک ہر ایک دو ماشہ برگ سداب ہندی چار ماشہ باریک پیس کے تازہ گھی دودھ میں اکیس
روز تک استعمال کرین اگر گرمی نہ کرے ہر دوا کو ڈیڑھ گنا کرکے استعمال کرین اور گرمی کرے تو اولی یہ ہے کہ ابتداء میں وزن مذکور سے کمتر شروع کرین بعدہ تھوڑا تھوڑا
اضافہ کرکے مقدار مذکور تک پہنچائیں ایضاً مقوی باہ اطفال کی ہے ترکیب تخم جرجیر اسکے برابر زنجبیل اور نصف عاقرقرحا شہد میں ملائیں اور صبح و شام کھائیں
دوائی رافع سستی عصب ترکیب بھکر مول کہ اندر سے زرد اللون اور ثقیل الوزن ہو سیدہ چوب دونوں کو الگ الگ باریک پیس کے ہموزن لیکر

اور ادرک کے پانی مین آٹے کیطرح گوندھ کے گولیان بنائین اور شعنہ چھوڑ کے باندھ دین جب گرمی زیادہ معلوم ہو تو گرم دودھ یا نیم گرم پانی سے دھو ڈالین دوائی برائے
ہیجان باہ و دلخوط مجرب ہے ترکیب مغز سر گنجشک نر روغن چنبیلی مین مخلوط کرکے قضیب پر طلین ورکف پا پر طلین دوائی منزل نسا ہے ترکیب مرداسنگ ایک ماشہ مرغی
کے پتہ مین گھس کے ذکر پر طلین اور مجرب انطاکی والے النسخہ مین قرنفل عوض مرداسنگ ہے اور کالی مرغی کے پتہ کی قید ہے دوائی ملذذ طرفین ترکیب عروسک روغن گل
مین بریان کرین یہانتک کہ پگھل جائے اسکے بعد قضیب پر مل کے مجامعت کرین دونون ایکدوسرے کے مشتاق ہونگے ایضاً آب صمغ ذکر کے سرے پر طلین پھر
گل مولسری خشک پسی ہوئی چھڑک کے جماع کرین ایضاً بغایت باعث لذت طرفین ہے ترکیب پیاز نرگس زہرہ گاؤ موی منقی عاقرقرحا مساوی کا قضیب
پر طلا کرین اور خشک ہونیکے بعد مباشرت کرین دوائی سرعت انزال ضعف قوت ماسکہ سے کہ بواسطہ برودت و رطوبت ہو علامت اُسکی یہ ہے کہ منی کثیر و
سفید و رقیق نکلتی ہے اور اسمین حرارت کے آثار نہین ہوتے ترکیب تنقیہ بلغم قے و مسہل بلغم سے کرین اور قے اس جگہ بہت مفید ہوتی ہے برائے جذب مواد بسوے
مخالف دعانہ او خصیہ کو روغن قسط و روغن نرگس و روغن زعفران و مانند ان کے سے طلین و سفوف لک و بہمنین وغیرہ کھلائین و اطریفل کشمشی و جوارش فنجنوش
و معجون خبث الحدید بہت نفع کرتی ہے معجون فلاسفہ و انوشدارو کا استعمال بھی مفید ہے بہترین غذا قلیہ خشک ہے پان ہمراہ دارچینی و زیرہ اور مثل انکے گرم مصالحہ سے برودت و رطوبات سے پرہیز ضروری
ہے دوائی سرعت انزال کہ بسبب حرارت ہو علامت اُسکی حدت و لذع منی ہوتی ہے خروج کے وقت رنگ منی زرد قوام منی رقیق ہوتا ہے دوائی جو برد مع القبض ہو استعمال
کرین مثل شربت خشخاش کے ہمراہ شیرۂ تخم خرفہ و کاہو و تخم حماض اور مانند انکے اور ادویہ سرد و تر کا لیپ لگائین اور جو سیلان منی مین کہ بسبب حدت منی بیان ہوگا کام مین
لائین دوائی سرعت انزال کہ بسبب کسی عضو رئیس کے ضعف سے ہو اس قسم مین نقصان باہ بھی ہوتا ہے علامت اور علاج اسکا دوائی نقصان باہ مین تلاش کرین اگر کثرت منی
و غلبۂ خون سرعت انزال کا سبب ہو علاج اسکا فصل کثرت شہوت مین آئیگا اور سکنجبین و آب انارین و شربت نارنج اور مانند انکے پئین ایضاً بقول انطاکی سرعت انزال زیادہ تر
برودت و رطوبت سے ہوتا ہے کبھی افراط حرارت سے پس خلط غالب کا تنقیہ کرین بعد اسکے سرد کو معجون فلاسفہ و انوشدارو و جوارش فلفل یا در محرور کو شربت حب الآس و نعناع و معجون
طین رومی و کفلج استعمال کرائین پر فنجنوش و تریاق الذہب اس علت مین مطلقاً مجربات سے ہے تذکرہ مین تحریر ہے کہ جو بطوء انزال مین اعانت کرتا ہے یہ ہے کہ بلادر کو لیکے عسل
جدا کرین اور اسکے چھلکے کو بقدر دانہ کنجد قینچی سے کتر ڈالین اور اُسکے ہر اوقیہ مین پانچ درم کندر دو درم جاؤشیر اور ایکدرم سندروس و نیم درم سقمونیا اضافہ کرکے روغن حب الخضراء
مین نیم گرم آگ پر ایک ہفتہ تک پکائین بعدہ حب بناکے ضرورت کیوقت اُسمین سے نصف درم کھائین ایضاً انطاکی سے ترکیب بیخ لفاح شونیز جوز بوا پوست
خشخاش ہر ایک نیم جزو بیخ سعد قرنفل بسباسہ ہر ایک نیم جزو بالچھڑ زعفران ہر ایک چوتھائی جزو شہد مین ملا کے ضرورت سے دو گھنٹہ قبل کھائین تو عمدہ ہے اگر خولنجان جوز بوا
کشنیز خشک پوست خشخاش برگ جوز ماقاقیا عصارہ افسنتین و پوست بیرون پستہ جاؤشیر ہر ایک ایکجزو قسط ہندی مغز خشک سندروس صعتر تخم سداب ایک نیم جزو
پستہ کل دواؤن کے برابر شہد مین ملا کے حسب حاجت استعمال کرین و شراب فنجنوش اقسام سرعت انزال کی مانع ہے اور اس بارہ مین معجون خبث الحدید بھی مثل اسکے ہے
دوائی امساک کیواسطے مجرب اور عجیب الاثر ہے ترکیب جوزبوا بالنگنی زعفران افیون قرنفل بزر البنج اسپند قنب سوختہ مجموع مساوی الوزن قنب کو لوہے کے
آوند مین جلائین کہ خاکستر ہو جائے باقی دوائین کوٹ چھان کے باہم ملائین ایکدانگ سے دو دانگ تک شام کے وقت کھائین بعد اسکے سوائے شیر کسیقدر شکر کے ہمراہ اور
دوسرے کھانے پینے سے احتراز کرین اور دو ساعت کے بعد مشغول ہون دوائی کثرت شہوت کثرت خون و منی سے علامت اسکی قوت بدن و سرخی رنگ و غلبت

ضعف باوجود کثرت خروج منی اسکا تدارک بے ضرورت کے خود کرتا ہے لیکن اسوقت کہ کثرت جماع سے ضعف اعصاب پیدا ہونے کا اندیشہ ہو ترکیب فصد کھلوائین
مسہل دین تقلیل غذا کرین حموضات کھائین آب عنب الثعلب آب غورہ و انار ترش و سرکہ پینا اور سفوفات مقلل منی کھانا اور ضمادہ باردہ کا گردہ پر ضماد کرنا و قطعہ سرب کمر گاہ پر
باندھنا بالکی صحت سکن شہوت ہو اگر کثرت شہوت حدت منی سے ہو علامت علاج اسکا قسم سیلان منی سے کہ حدت منی سے ہو استنباط کرین کہنہ میٹھا پینا ٹھنڈے پانی مین
بیٹھنا ٹھنڈے لیپ گردہ پر لگانا اور پوست خشخاش و بنگ و مانند اسکے کہ مخدر و بارد ہون استعمال کرنا مفید ہے اگر کثرت شہوت بسبب کثرت مادہ منی مع قلت خون ہو
علامت اسکی رقت و سفیدی رنگ منی ہو و کثرت نفخ علاج اسکا مانند علاج سیلان منی کرین کہ استرخاء اوعیہ منی سے ہوتا ہے اگر سبب اسکا قوت اعضاء منی مع ضعف اعضاء
رئیس ہو علامت اسکی وجود ضعف ہوتی ہے اعضاء رئیسہ سے کسی عضو مین اس صورت مین تخدیر اعضاء منی و تقویت عضو ضعیف کرین اور تضمید نیلوفر آب کاہو
اور تطلیہ آب نیلوفر سے و ادویہ بارد مجفف منی سے کہ سرعت انزال مین ہو کہ بسبب حرارت ہوتا ہے اور سیلان منی مین کہ حدت منی سے ہوتا ہے مسطور ہے سود مند ہے
اگر اسکا سبب بثور و قروح و حکہ آلات بول و جرب کلیہ و مثانہ و حکہ رحم ہو علاج اسکا مذکورہ علاجون مین تلاش کرین شیرۂ خرفہ و کاہو و خشخاش و لعاب
اسبغول ہمراہ شربت بنفشہ پینا نافع ہوتا ہے اگر سبب اسکا کثرت تولد نفخ بدن مین ہو جیسا کہ مراقی لوگون کو ہوتا ہے علامت اسکی تقدم تناول اشیاء نفاخ
یا سوداویت مزاج اصلی ہوتی ہے پس سبب نفخ اگر حرارت ہو مبردات دین اگر کثرت رطوبت ہو مجففات و محللات او اگر غلبہ سودا ہو اسکا فصد و مسہل سے تنقیہ کرین دوائی
سیلان منی کثرت منی سے علامت اسکی کثرت خروج منی جماع کیحالت مین ہونا بغیر ضعف واقع ہونے کے اور تقدم تناول مولدات منی نیز ترک جماع بھی اسپر دلالت کرتا ہے
ترکیب جماع زیادہ کرین غذا مین کمی کرین ادویہ مقلل منی کھائین مثل آب غورہ کے قند سفید و شربت صندل و نیلوفر و عناب و کشنیز خشک و کافور کے اور مثل اسکے جو مقلل
منی ہین تقلیل منی بھی کرتے ہین فصد باسلیق بھی نافع ہے دوائی سیلان منی حدت منی سے علامت اسکی حدت منی و حرقت بول و زردی رنگ منی ہوتی ہے ترکیب اشیاء
بارد رطب مانند نیلوفر و بنفشہ و عناب کے دین اور دوائے بارد کہ مقلل منی ہو مثل گلنار و تخم کاہو و خرفہ و اسبغول و تخم کاسنی و بزرالبنج و کشنیز خشک و خیار کھائین
اور یہ سفوف دین اصل السوس دو درم تخم کاہو تین درم گلنار چار درم گل سرخ تخم سداب تخم فنجنکشت ہر ایک ایک درم کوٹ چھان کے تین درم کھائین دوائی سیلان منی
استرخاء اوعیہ منی سے و سردی مزاج منی سے و ضعف قوت ماسکہ سے علامت اسکی رقت منی و خروج منی بغیر انعوظ ہوتی ہے دوسری سردی کی علامتین پیدا ہوتی ہین
پس اگر ضعف ماسکہ افراط سے ہو اس طرح کہ منی اوعیہ مین آوے اور بغیر استادگی کے نکل جاوے لیکن اگر ضعف افراط سے نہو ادنی حرکت کہ محتاجی ہوتی ہے اور یہ بھی بحسب
درجات ضعف متفاوت الحال ہوتا ہے کبھی ہوتا ہے کہ بمجرد شروع انعوظ انزال ہو جاتا ہے اور کبھی اسکے اتمام کے بعد ترکیب ادویہ حار مقلل منی مانند تخم فنجنکشت و پودینہ
و سعد کوفی و گلنار و تخم سداب شہد انج و زیرہ و شونیز و معجون کمونی کے کھائین اور اغذیہ گرم تناول کرین دوائی سیلان منی ضعف گردہ سے اور اس قسم کو عوام
سیلان منی کہتے ہین ورنہ فی الحقیقت منی نہین ہے بلکہ شدت حرارت شہوت یا کثرت جماع سے گردہ کی چربی پگھل جاتی ہے اور منی کی صورت مین نکلتی ہے یہ قسم بدترین اقسام
سے ہے بہت جلد ناتوان کر دیتی ہے علامت اسکی وجود ضعف و نحافت بدن ہے اور جماع کے بعد پیشاب کیا جاوے تو کوئی غلیظ سفید چیز نکلتی ہے اور کل آثار ضعف کلیہ
و سوء مزاج گرم کلیہ پیدا ہو جاتے ہین ترکیب جو برائے ضعف گردہ و سوء مزاج گردہ مین کہا گیا ہے استعمال کرین اور معجون لبوب و زرعونی بہت نفع کرتی ہے
بالجملہ سیلان منی کہ سبب تشنج عضلہ اوعیہ منی ہو علامت اسکی خروج منی ہے ہمراہ انعوظ کے بسرعت و تواتر قضیب ہوتا ہے علاج اسکا علاج تشنج ہے روغنون کا مالش

اور خصیہ پر طلا اور سیلان منی کہ تصور جماع کیوقت یا حکایات لذیذہ سننے کیوقت ہو علاج اسکا انکا ترک کرنا ہی بس اگر کثرت منی یا حدت منی سے یا ضعف ماسکہ سے ہو اسکے مناسب تدارک کرین تقویت قوت ماسکہ معاجین و اطلیہ سے کرین کبھی ایسا ہوتا ہے کہ منی کے بجاے خون آتا ہے اسکو منی الدم کہتے ہین اسکا سبب ضعف ہاضمہ خصیہ و گردہ ہے کہ خون کو بالکل غیر نہ کر کے اوعیہ مین بھیجے علاج اوسکا تقویت گردہ و خصیہ ہے اگر باعث ضعف حرارت ہو خصیتین کو روغن مصطگی مین رکھین ایضاً انطاکی لکھتا ہے کہ جسوقت خروج منی و مذی و ودی بغیر ارادہ کثرت سے ہو بسبب افراط کسی کیفیت کے یا خلط کے اور بارد مین منی غلیظ اور رطب مین منی رقیق ہے اور صفرا مین زردی کیساتھ اور کدورت منی سودا مین ہو یا امتلاء و طول عہد جماع و توالی اغذیہ مولدہ منی سے ہو اور یہ بکثرت کمیت منی خارج معلوم ہو سکتی ہے یا بسبب فساد اوعیہ منی کے ہو علاج اسکا ابتدا مین تعدیل و اصلاح منی فاسد کرین اور تقلیل غذا کرین اگر امتلا ہو اور کثرت جماع کرین اگر اسکی عادت ہو اور حار کیواسطے تبرید مانند تخم کاہو و خرفہ و حی العالم و طباشیر و بابونہ سے دین اور تسخین بارد مثل سداب سعد یا جھڑو سوسن و قسط سے کرین دوائی نافع دوسری ترکیب مازو چہ ماشہ دم الاخوین ڈیڑھ ماشہ تخم نانخواہ چار رتی باریک پیسکے بقدر ایک درم کے شہد مین کھائین ترشی و بادی سے پرہیز کرین دوائی نافع کثرت احتلام ترکیب چونکہ اسباب اس مرض کے مثل اسباب جریان منی کے ہوتے ہین پس علاج بھی اس مرض کا مثل اسکے علاج کے ہوتا ہے اور پارچہ اسرب کو پھیلا کے کمر پر باندھین اور پیٹھ کے بل نہ سوئین اور برگ بید و نیلوفر اور مانند اسکے بستر پر فرش کر کے سونا نافع ہے دوائی نافع فریسموس یہ عبارت ہے شدت نعوظ سے بغیر آرزوے جماع کے اور سبب اسکا ریاح غلیظ ہوتے ہین کہ اعضاے جماع مین بہت جمع ہو جاتے ہین اور مجاری قضیب مین آ جاتے ہین اور کثرت غلظ سے تحلیل نہین ہوتے اور کبھی ہوتا ہے کہ بسبب ترک جماع منی اوعیہ مین کثرت سے ہو جاتی ہے اور شدت نعوظ کا باعث ہوتی ہے ترکیب اگر حرارت و غلبہ خون سے ہو فصد باسلیق کھلوائین اور ادویہ باردہ مقلل منی مثل تخم کاہو و تخم خرفہ و کشنیز و سماق و صندل سفید ہمراہ شربت نیلوفر و قدرے کافور استعمال کرین اور صفحہ اسرب یا رصاص پشت و زہار پر باندھین و تقلیل غذا کرین اور بعد تقلیل مادہ یعنی ملطفات سے بغیر تسخین مادہ باقی کو تحلیل کرین اور بابونہ و بنجنکشت پانی مین پکا کے نطول کرین اور سداب و تخم بنجنکشت استعمال کرین اور جماع سے احتراز لازم سمجھین اگر برودت و رطوبت کیساتھ ہو رنگ منی سفید و قوام رقیق ہو ایسی صورت مین قے کرائین مخرجات بلغم سے اشیاء بادشکن کام مین لائین کھلائین بھی طلا بھی کرین روغن سداب مانند اسکے پشت و عانہ پر ملین اور جو کچھ سیلان منی کے بارہ مین کہ رطوبت سے ہو بیان کیا گیا ہے کام مین لائین اسہال سے احتراز کرین بسبب خوف انصباب مادہ اسفل کیطرف اور جسجگہ بسبب ترک جماع ہو تدبیر اسکی پہلی مجامعت ہے بعد ازان ادویہ مقلل منی و تغذیہ عدس سے اور امثال اسکے اگر اس مرض کا جلد علاج نہ کیا جائیگا تو بسبب شدت درد ہلاک کر ڈالیگا دوائی نافع ندیوط یہ مرض ہے کہ جماع مین انزال کے بعد بے اختیار براز آتا ہے سبب اسکا استرخاء اعصاب و تحلیل روح ہوتا ہے علت مذکور زیادہ تر ان لوگون کو ہوتی ہے کہ بہت زیادہ جماع کا شغل رکھتے ہین اور اس سے لذت کثیر پاتے ہین منی انکی بہت رقت و حدت کیساتھ نکلتی ہے ترکیب خلو معدہ کیحالت مین جماع کرین اور جبتک براز نہ آئے جماع مین مشغول نہ ہون گل ارمنی و مصطگی رومی کندر و گلنار و مانند ان کے ادویہ قابضہ آب شیرین شربت انار شیرین مین ملا کے کھائین اور انھین دواؤن کا شیاف بنا کے رکھین تقویت دماغ و دل کرین ہر صباح قرص گلنار کھانا آخر روز مین بقدر ایک مثقال کے معجون یاقوتی ہمراہ گلاب عرق بید مشک استعمال کرنا مجرب ہے اس مرض مین غذا بھی قابض دین دوائی نافع علت ابنہ کہ علت المشائخ بھی کہتے ہین اس سبب سے کہ بوڑھون کو زیادہ واقع ہوتی ہے وہ ایک مشہور مرض ہے کہ اسکے مریض کو جماع کرانیکی آرزو ہوتی ہے سبب اسکا عادات ردیہ ہوتے ہین مصاحبت سے حیزان و ملعون کے یہ فعل ناشائستہ سیکھے پڑجاتا ہے یا غلبہ مزاج انوثیت علاج اسکا حسب انوثیت و لینت اعضاء خصیہ و قضیب سے یا حصول مادہ بورقیہ یا دیدان ترکیب اگر غلبہ انوثیت مزاج سے ہو

مستعد العلاج ہو ضرب بے استھانت سے اُس فعل کے باز رکھیں اور انواع ہموم و غموم میں مبتلا کر دیں یہانتک کہ اس کام سے باز آئے اور جو حصول لذہ بورقیہ سے ہو عروق مقعد میں
جا بہتے کہ تنقیہ مادہ موجبہ کریں اور وہ چیزیں کہ اُسکے حکہ کو مٹا دے مثل روغن بنفشہ و لعاب ہائے موافقہ اور سوا اسکے اُنسے حقنہ کریں اور یہی قسم مشائخ کو زیادہ ہوتی ہے بسبب غلبہ رطوبت
غریبہ در جلد علاج ہو جاتا ہے اور جو بسبب بیدان حکاک مقعد ہو اسکا علاج کریں دوائی ورم حار خصیہ و قضیب سبب اسکا غلبہ خون یا صفرا یا جس منی ہوتا ہے علامت اسکی شدت
درد ہے سرخی رنگ و گرمی ملمس پس اگر دموی ہو عظم حجم ورم و ثقل بھی ہوتا ہے اگر صفراوی ہو شدت حرارت ہوتی ہے التہاب اسکی گواہی دیتا ہے اور ورم پوست خصیہ میں ہوتا ہے فقط
ملمس کا احساس ہوتا ہے خفت اعراض ہوتی ہے اور جو پوست نفس خصیہ میں ہوتا ہے شدت اعراض و تپ و تشنگی اسکی دلیل ہے اور بسبب اُسکے اتصال کے دل سے ولہذا
کہتے ہیں کہ مشارکت قلب کی بنا پر ہلاک بھی کر دیتا ہے ترکیب فصد باسلیق جانب ورم سے کھلوائیں بعد ازاں فصد صافن یا حجامت قطن کرائیں جونکیں لگانا بہت
مفید ہے تبرید لعاب بہدانہ سے اور شیرہ عناب و شیرہ تخم کاہو مقشر و شربت نیلوفر کی دیں مدرات سے احتراز کریں تقلیل غذا کریں آشجو یا مونگ کی کھچڑی پر اقتصار کریں
اور ترک طعوم و لحوم کریں اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرائیں ضمود معمولی ورم حار خصیہ و قضیب جو ضمادات میں آئیگا لگائیں اگر ورم صلب
ہو جائے جر ببوں گوندوں کو شراب میں حل کر کے لیپ کریں اگر تنقیہ کی ضرورت ہو جبکہ خلط بعد نضج کے تنقیہ کریں دوائی ورم بارد خصیہ کہ کثرت بلغم یا ریح سے ہوتا
ہے علامت بلغمی کی قلت درد و نرمی ورم و سفیدی رنگ ہے اور علامت ریحی کی انتفاخ عضو ہے بدون ثقل کے اور دیگر مادہ کے آثار سے معرا ہوتا ہے ترکیب بلغمی میں
مثل بادیان و اصل السوس و پرسیاوشان اور مانند انکے اجزائے مطبوخ سے منضج بلغم دیں اور ظہور نضج کے بعد مسہل گرم سے تنقیہ کریں طبیخ تخم ترب و شبت و تخم خربزہ و اصل السوس
روغن کنجد و شہد و نمک میں ملا کے تنقیہ کرائیں بدفعات نہایت مناسب ہے ضماد محلل ورم بارد خصیہ لگائیں گل ٹیسو جوش کر کے خصیہ پر باندھیں یا نطول اسکے پانی سے بھی لیس
بارد میں مجرب ہے اور تضمید صبر کہ شراب میں پکایا ہو نافع ہے ضماد بیضہ سنگ پشت برائے ورم بارد خصیہ مجرب ہے مغز بید انجیر شیر گاؤ میں پکا کے لیپ کرنا بھی مجرب آزمودہ ہے غذائی
مناسب ہے ورم ریحی میں جوارش کمونی کھلائیں چاودس و سبوس گندم و نمک کی تکمید کریں اگر اسطرح بھی زائل نہ ہو جو ورم بلغمی میں گذرا کام میں لائیں دوائی برائے ورم بارد خصیہ
مجرب ہے ترکیب گیرو و سونٹھ مغز بنولہ کنجد سیاہ سب کو برابر کوٹ کے گائے کے بول میں پکا کے اور نیم گرم لیپ کریں تین روز میں ورم و صلابت تمام برطرف ہو جائیگی ایضاً برائے
ورم و کلانی خصیہ ترکیب مازو سبز ایک عدد دہی کے ورم پر لیپ کریں جب خشک ہو جائے پکھان بید ریوند چینی گوگل پھٹکری ہر ایک ایک ماشہ پیس کے پانی میں حل کر کے ضماد
کریں اور اسکے اوپر سے مہوہ کا پتہ گرم کر کے باندھ دیں تین چار روز میں ٹھیک ہو جائیگا دوائی ورم صلب خصیہ علامت اسکی صلابت ورم و تیرگی رنگ و درد کا نہ ہونا ہے
ترکیب ادویہ محللہ ملینہ مثل مقل و بابونہ و ناخونہ و برگ کرنب و گل بنفشہ ہمراہ مغز ساق گاؤ و مغز کوہان شتر و پیہ بط و مرغ و اشق و میعہ سائلہ و سکبینج کو ملا کے ضماد کریں دو حصہ
مفید ہے لیپ لگائیں مرہم حب السفرجل اسکے تحلیل کرنے میں مجرب ہے ورم میں تلیین کے بعد اگر تنقیہ کی ضرورت ہو بعد نضج کے تنقیہ سودا کریں دوائی برائے وجع خصیتین و قضیب
اگر ورم سے ہو علامت و علاج اسکا گذر چکا اگر حرارت سے ہو علامت اسکی گرمی و التہاب موضع ہوتی ہے اگر برودت سے ہو علامت اسکی قلت درد و وجع خدری ہے اگر ریاح سے
ہو علامت اسکی انتقال درد و تمدد بغیر ثقل کے ہوتا ہے اگر بسبب ضربہ یا سقطہ کے ہو علامت اسکی تقدم صدمہ ہے ترکیب جو حرارت سے ہو تبرید دیں اور آب کدوے سبز
و آب کشنیز سبز و آب عنب الثعلب سبز و آب کاسنی سبز و مانند انکے مبردات کا لیپ لگائیں اگر درد شدید ہو تھوڑی افیون کا اضافہ کر دیں اگر حرقت بہت ہو تھوڑا سا
کافور بھی داخل کر دیں ٹھنڈی غذائیں کھائیں جو برودت سے ہو اصل السوس مقشر شکوفتہ پرسیاوشان بادیان اور مانند انکے پانی میں جوش کر کے گلقند میں

مل اور صاف کر کے کھلائیں بیضہ بط و بیضہ مرغ و روغن بید انجیر و روغن بابونہ اور مانند انکے لیں جو ریاح سے ہو کمونی کھلائیں بابونہ ناخونہ پودینہ سداب اور مانند انکے
پانی میں جوش کر کے نطول کریں اور جند بید ستر کو روغن چنبیلی میں ملا کے لیپ لگائیں اور ریاح سوداوی میں تنقیہ سودا ماء الجبن سے مفید ہوتا ہے اور جو ریاح بواسیر سے ہو طریفل
مقل دیں اگر ضربہ و سقطہ سے ہو فصد کھلوائیں دوا ادع غیر قابض مانند نیلوفر و بنفشہ و کدو و برگ خطمی و مکو کا لیپ کریں دوائی کہ عظم خصیتین کیواسطے نافع ہے
کہ خصیہ بڑھ جاتا ہے نہ ورم و نفخ کے سبب سے بلکہ فربہ ہو جاتا ہے جسطرح پستان بڑھ جاتی ہے ترکیب ابتدا میں ادویہ سرد و مخدرہ مانند بیخ تفاح و پوست خشخاش و
حکاکہ سنگ مسن و حکاکہ اسرب و حکاکہ سنگ آسیا آب کشنیز سبز میں طلا کریں اور وہ دوائیں کہ جو برائے عظم پستان ہوتی ہیں انمیں مفید ہونگی جب مرض مستحکم ہو جائے
تو علاج نہیں ہو سکتا دوائی ارتفاع خصیہ و صغر خصیہ ارتفاع اُسے کہتے ہیں کہ خصیہ اپنے کیسہ سے بلند ہو جاتا ہے اور بر کیطرف اور عانہ کیطرف اور کبھی ہو جاتا ہے
کہ بہت اونچا ہو جانے سے مراق کیطرف میل کرتا ہے اور ظاہر میں بالکل غائب ہو جاتا ہے جب ایسا ہوتا ہے تو عسر بول و تقطیر و شدت وجع ہنگام خروج بول و قصور حرکات پیدا
ہوتے ہیں اور ان اعراض میں خفت بحسب قلت ارتفاع ہوتی ہے صغر خصیہ اُسے کہتے ہیں کہ بیضہ اپنے نفس مجتمعہ میں چھوٹا پڑ جاتا ہے اجزا اسکے کہ اوپر چڑھ جائے اور ان
دونوں کا سبب علامت استیلائے برودت خصیہ پر ہوتی ہے ترکیب ارخا و تسخین کیواسطے استحمام و دواء الحلتیت کی مداومت کریں اور طبیخ بابونہ و تخم کتان
و اکلیل و سوسن کا ابزن کریں زہرہ گاؤ کا لیپ لگائیں اگر بعد حمام و ابزن کے گرم محجمہ خصیہ پر رکھیں اور آہستگی سے اُسے کوٹیں نیچے اُترتا ہے اور اس مرض میں
ادویہ باہیہ کی غذا سود مند ہوتی ہے اور ارتفاع الخصیہ کہ آخر امراض میں ہو جاتا ہے نشان نزدیک موت ہے علاج قبول نہیں کرتا اور کبھی ہوتا ہے کہ بر سبیل ندرت قضیب
مرتفع ہو جاتا ہے اور ظاہر میں کوئی اثر نہیں ہوتا اسباب و علاج اسکا وہی ہے جو اوپر بیان ہو چکا دوائی دوالی صفن و صلابت صفن اُسے کہتے ہیں کہ کیسہ خصیتین کی رگیں
سطبر ہو جاتی ہیں اور مانند دوالی کے ظاہر ہوتی ہیں اور علامت اسکی یہ ہے کہ جلد خصیہ سخت و درشت ہو جاتی ہے فقط اور دوالی و صلابت اکثر انہیں خصیہ میں ہوتی ہے
اور کبھی ہوتا ہے کہ پوست خصیہ میں ریح غلیظ محتبس ہو جاتے ہیں اور اختلاج و تواتر اُس موضع پر پیدا کر دیتے ہیں اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ تواتر و اختلاج جرم خصیہ
میں پڑ جاتا ہے اور مشی متعذر ہو جاتی ہے ترکیب جو دوائیں دوالی ساقین میں بیان کیا گیا ہے کام میں لائیں اور صلابت کیواسطے جو ورم صلب خصیہ میں ذکر کیا گیا ہے اوسپر عمل
کریں اور تضمید ادویہ محللہ دونوں کے لیے مفید ہے دوائی نافع استرخاے صفن کبھی ہوتا ہے کہ کیسہ انثیین بسبب حرارت و رطوبت ہو مسترخی ہو جاتا ہے اور دراز ہو جاتا
اور اسقدر بڑھ جاتا ہے کہ کھڑے ہونے پر پانوں کے نیچے پہونچ جاتا ہے ترکیب ادویہ باردہ قابضہ مانند مازو و آس و گل سرخ و عدس و گلنار و جفت بلوط و کزمازج
پانی میں جوش کر کے نطول کریں اسکا ثفل پیچ باندھ دیں اور یہی دوائیں پوست انار میں پیس کے لیپ لگائیں دوائی بثر خصیتین وہ بثور جو خصیتین میں ہو جاتے
ہیں ترکیب اگر ورم گرم کے ساتھ ہوں فصد باسلیق کھلوائیں مسہل بارد سے استفراغ مادہ کرائیں اُسجگہ پر صبر و مردا سنگ و روغن گل کا طلا کریں جبکہ بثور کیساتھ
ورم نہ ہو ادویہ قوی التجفیف سے علاج کریں مثلاً کاغذ سوختہ حنظل سوختہ صبر اقاقیا سکو باریک پیس کے آب برگ مورد میں ملا کے لیپ کریں اگر شادنج عدسی گل قبرسی
و صبر سقوطری ہر ایک ایک جزو باریک کوٹ کے قروح و بثور پر چھڑکیں بعد اسکے اُس جگہ کو روغن گل سے چرب کر لیا ہو تجفیف کیواسطے عجیب الاثر ہے اور جسجگہ
بثور کے ساتھ خارش بھی ہو مرداسنگ و لند دوب و اقلیمیاے فضہ و مازو ہر ایک ایک درم بورہ ارمنی گوگرد شیاف مامیثا ہر ایک نیم درم باریک پیس کے آب مورد و
روغن گل و سرکہ خمر میں ملا کے طلا کریں اگر بثور میں قرحہ پڑ گیا ہو قرحہ کا علاج کریں دوائی قروح خصیہ و ذکر و حوالی ذکر قرحہ قضیب و خصیہ اگر آتشک سے

نہ ہو ترکیب مرہم سفیداب و مرہم کافوری اور مانند انکے مراہم مدملہ مفید ہین صبر و مرداسنگ و اقلیمیائے مغسول کا ضماد کرین اگر قرحہ کہنہ ہو مجففات قویہ مانند دقاق کندر
و کاغذ سوختہ و مرکی سودہ ذرور کرین اگر قرحہ قسم آکلہ سے ہو فلد فیون ملین بعد اسکے ادویہ مدملہ استعمال کرین ایضاً اریش خصیہ قضیب کے واسطے نافع ہی سوزش و درد کو کھو دیتی
ہی ترکیب ہلیلہ سیاہ حضض پیس کے طلا کرین دوائی ورم قضیب علامت و علاج اسکا ورم خصیتین کی فصل مین ڈھونڈھیں اور حسب سبب تدارک کرین لیکن جو نکہ
قضیب پر لگانا مناسب نہین ہوتا ملکہ قضیب کے حوالی مین لگائین تو مضائقہ نہین ہی اور جو مخصوص قضیب کے واسطے ہی ورم حار مین عدس گلنار ورق گل پوست انار
آب کشنیز تر یا ملکو یا آب خالص مین جوش کرکے کوٹین اور روغن گل مین ملاکے لیپ لگائین ورم بارد مین آرد جو خطمی خستہ خرما روغن بابونہ و سرکہ مین ملاکے ضماد کرین اور آخر ورم
بارد مین برگ کلم حلبہ پکا کے کوٹین آرد باقلا مویز منقی زیرہ کرمانی شراب مین پکا کے خاکستر دانہ خرما خطمی سفید ملاکے ضماد کرین دوائی عاقونہ اور وہ عبارت ہی اختلاج
قضیب و اس تمدد سے جو اومیہ قضیب مین ہوتا ہی بسبب انعاظ شدید کے یا ورم گرم سے یہ علت بحسب رت عورتون کو رحم مین بھی لاحق ہوتی ہی ترکیب
فصد باسلیق کھلوائین تطفیہ خون کیلیے لعاب بہدانہ و شیرہ عناب کے ق شاہترہ مین اور عرق مکو مین نکال کے شربت بنفشہ کیساتھ دین ادویہ باردہ ملینہ سے مانند
ترنجبین و شیر خشت و مغز فلوس خیارشنبر ملین طبیعت کرین تدریجاً ادویہ باردہ مانند صندلین آب کشنیز سبز داب کاہو و آب خرفہ و آب مکو مین اعضاء تناسل پر طلا کرین
وایضاً تضمید سو منع مرداسنگ و گل ارمنی و دخیون و قیمولیا ہمراہ سرکہ گلاب نافع ہوتا ہی اور سار الشعیر و خرفہ و خصی الرائی کی غذا بنائین اور پیٹھ کے بل سونے سے
منع کرین اگر علت دراز ہو جائے تو حوالی قضیب پر لگائین لیکن تنقیہ سے پہلے اور بے ضرورت حجامت و علق قضیب پر ممنوع ہی دوائی ختان (یعنی ختنہ)
مردون مین سنت ہی عورتون مین لذت ترکیب خاکستر کعب بز سے ذرور کرین اور بہر روز اسکی تجدید کرین اگر زخم خشک نہ ہو سندروس پیس کے کام مین لائین اور
یہ نفعی دوسری تدبیر سے ہو استعمال دوائی خشکند ہی اسکا نسخہ دوائی جراحات مطلق مین آئیگا دوائی حکہ قضیب و خصیہ یعنی خارش آلت و خصیہ ترکیب بعد فصد باسلیق
و حجامت کنج ران و سینہ سوداکسیہ قدر ماميثا پیس کے روغن گل و سرکہ و آب کشنیز سبز مین ملاکے ضماد کرین گرم پانی سے دھوئین انڈے کی سفیدی کا طلا کرین اگر باوجود خارش
کے اس جگہ سے رطوبات برابر خارج ہوتی رہین اقاقیا و شیاف ماميثا ہر ایک نیم درم نوشادر صبر ہر ایک ایک دانگ زعفران نیم درم اشنان بوزن مجموع سبکو کوٹ چھانکر روغن
یاسمین مین ملین ایضاً انطاکی سے ترکیب اگر حکہ زائد ہو فصد کی مبادرت کرین ورنہ تنقیہ پر اقتصار کرین اور طلیہ کا استعمال کرین ماميثا و آب کرفس اسکا مجموعہ
ہین باقی احکام اسکے بالاستیعاب حکہ و جرب مطلق مین مسطور ہین دوائی شقاق قضیب کبھی ہوتا ہی کہ یبوست و جفاف شقاق قضیب مین واقع ہوتا ہے
ترکیب علاج شقاق قضیب مثل علاج شقاق مقعد کرین اور اگر توتیا و حنا و کتیرا و گل قیمولیا معہ موم سفید روغن گل و زردی بیضہ مرغ مین مرہم بنا کے استعمال
کرین بہت سودمند ہی جب انڈے کی زردی روغن گل مین ملائین مرداسنگ کو کوٹ چھان کے اسمین ملادین اور طلا کرین تو بہت مفید ہی دوائی ثاليل
قضیب و بثور صلب کہ قضیب و نواحی قضیب مین ہو جاتا ہی ترکیب جو ثاليل مطلق کیواسطے مسطور ہوگا عمل مین لائین ذبورہ محرق و خاکستر چوب انگور مانند
انکے جو کہ محلل و منشف رطوبات لبتہ ہوتی ہین سودمند ہونگی اگر اس تدبیر سے دور نہ ہو کاٹ ڈالین اور خون بند کرنے کے واسطے زاج زنگار باریک
کرکے چھڑکدین دوائی سدہ مجرائے قضیب اسکی تین قسمین ہین ایک یہ ہی کہ بثرہ کے پیدا ہونے سے جواس موضع پر علامت سوزش بول و عسر خروج بول
اور اندرونی حصہ مین درد ہوتا ہی دوسرے یہ ہے کہ بسبب کسی خلط غلیظ کے احتباس کے یا میل و خون جم جانے سے ہوتا ہی علامت اسکی عسر خروج بول

بغیر حرقت زیادہ اور خلط غلیظ بشکل پیپ آتی ہیں تیسرے یہ کہ احلیل مین ثولول پیدا ہونے سے ہو علامت اسکی عسر خروج بول ہی بغیر حرقت کے اور بدون ظہور خلط پیشاب مین ترکیب
پہلے نصف باسلیق کھلوائین لعاب اسپغول و شیرۂ خرفہ ہمراہ شربت نیلوفر دین اور سفوف گل ارمنی پیسی کے ایکدرم و مغز تخم خربزہ پسا ہوا و اسپغول سلم ہر ایک ڈیڑھ درم یا بنادق البزور
ہمراہ شربت مذکورہ دینا سود مند ہے اور اسپغول روغن گل کیساتھ قضیب پر لیپ کرین شیاف ابیض معہ شیر دختران و روغن گل حل کرکے احلیل مین پچکائین اور اگر تسکین وجع مطلوب ہو تو تھوڑی افیون
بھی شیاف مین داخل کردین دوسری قسم مین مرارت حارہ مانند بادیان انیسون و تخم کشوث و تخم خربزہ با شربت بزوری کھلائین اور ادویہ ملطفہ مانند بابونہ صعتر ناخونہ و
مرزنجوش و پودینہ و برنجاسف پانی مین جوش کرکے نطول کرین اور روغن بابونہ و روغن سوسن احلیل مین پچکائین نطول با آب طبیخ مذکور مین و ایضاً جس پانی مین تخم کرفس ناخونہ
و پودینہ جوش کیا ہو قدرے عسل و روغن زنبق مزرقہ کے ذریعہ زرق کرین اور سفوف تخم کرفس و انیسون و بادیان تخم گندنا ہر ایک ایکجزو تخم خربزہ دوجزو کوٹ چھانکے ایک مثقال اسمین سے
ہمراہ آب نخود سیاہ و آب زیرہ سیاہ دینا بھی مفید ہے تیسری قسم مین اگر ثولول خارج ہونے کے قریب ہو صبر و سپیدہ ارزیز روغن گل مین حل کرکے پچکائین اگر درد قوی ہو صاف
افیون کھلائین۔ اگر رائج نہ ہو حجامت سود مند ہے اور حق یہ ہے کہ یہ قسم عسیر البرء ہے دوائی اتساع مجری قضیب کبھی سوراخ قضیب اپنی اصل حالت سے فراخ ہو جاتا ہے اور بوجہ
نقصان یا بوجہ سرعت انزال ہو جاتا ہے اسکو بند کشاد کہتے ہین سبب اسکا کثرت جماع و سوزاک وغیرہ ہے ترکیب ڈھاک کی چھال مولسری کی چھال گولر کی چھال سنبھل کا گوند
موصلی سنبھل مجیٹھ ببول کا گوند ڈھاک کا گوند گولر کا گوند بھنے ہوئے چنے کوٹ چھانکے سفوف بنائین بائچند مرہانی سے بھگائین بعضون نے کھرنی و گوندنی و سوڈہ کی چھال
بھی اس سفوف مین زیادہ کی ہے اگر گھنگچی کو پیس کے ڈھاک کے گوند مین فتیلہ کیطرح بنا کے سوراخ قضیب مین لحہ بھر رکھین بہت مفید ہے کچھ کچی مٹی سے پیشاب کے بعد استنجا
کرنا اس بارہ مین آزمودہ ہے دوائی بند کشاد مجربات حکیم کاظم علیخان محمد شاہی سے ترکیب شیر گاو آدھ پاو شیر انجیر پانی چار ماشہ دونون ملا کے صبحکو پئین اسیطرح
چالیس روز کرین ایضاً برائے بند کشاد بیاض قبلہ گاہی مرحوم سے ترکیب اسپغول بقدر نخود ہو تخم درخت برسخت و خورد ہو ببول کی پھلی نرم تینون برابر سایہ مین
خشک کرین اور کوٹ چھانکے ہر روز تین ماشہ شہد مین ملا کے بیس روز تک کھائین امساک بھی کرتی ہے اور حب و سفوف و معجون نافع اس مرض کیلیے کام مین لائین دوائی
اعوجاج قضیب یعنی قضیب کا کج ہونا سبب اسکا تشنج عصب ہوتا ہے یا ورم عضلہ ترکیب اسکا علاج مثل علاج تشنج کرین اور روغن سوسن نرگس چربی بط چربی مرغ و مسکا بہم مخلوط
کرکے ملین اور ہاتھ سے سیدھا کرین و جبائر سے باندھ دین تاکہ پھر کج نہ ہو جائے اس پانی سے جسمین ناخونہ بابونہ بنفشہ جوش کیا ہو و ہنوز سرد نہ ہوا ہو قضیب کو
چند مرتبہ اس سے دھونا مفید ہے دوائی فتق جاننا چاہیے کہ فتق اسے کہتے ہین کہ بسبب انشقاق صفاق یا اتساع مجرا جو کہ انثیین کے اوپر کنج ران مین ہین کوئی
جسم نفوذ کر جاتا ہے اور کیسہ انثیین مین اتر آتا ہے اسکو قیلہ کہتے ہین یہ قسم مردون کے لیے مخصوص ہے یہ بھی ہوتا ہے کہ وہ جسم عانہ اور گوشہ ران مین محتبس ہو جاتا ہے
تا کیسے خصیہ مین نہ پہونچے اسکو فتق الاربیہ کہتے ہین اگر وہ صفاق حوالی ناف کو پھاڑ دیتا ہے اور پوست شکم سالم ہو اور سرپے رودہ اسجگہ سے نکلے اسکو فتق
مراق البطن کہتے ہین اور یہ دونون اخیر قسمین عورتونکو بھی لاحق ہوتی ہین اور جسم نافذ کہ کیسہ انثیین کے نیچے اتر تا ہے اگر سرب ہو قیلۃ الثربی کہتے ہین اگر رودہ ہو
قیلۃ المعائی کہتے ہین اگر باد ہو قیلۃ الریح اگر پانی ہو قیلۃ الماء و ادرہ و دنام ہے اگر مادہ غلیظ ہو کہ انثیین سے اترے اور اسجگہ زیادہ غلیظ ہو جاوے اسکو قرۃ اللحمی
کہتے ہین بالجملہ علت مذکور عسر البرء ہے اور بچون کو بسبب رطوبت مقامات پر زیادہ ہوتا ہے اور بسبب انشقاق صفاق و بسبب اتساع مجرا مین رطوبات مرخیہ
ہوتے ہین یا بہت بوجھ اٹھانا یا آواز بلند یا ایک جگہ سے دوسری جگہ جست کرنا یا قے عنیف یا امساک نفس بعد کے کہ اپنی جگہ سے جلی ہو یا عدت کے ادب آنے سے

مجامعت کیوقت یا صبر یا دو برازیا جماع امتلا پر یا حرکت سخت یا حبس نفس یا ضرب و سقطہ علامت فتق کی زیادتی کا ظہور ہے اس مقام پر درمیان صفاق کے دخل مراق ہو اور یہ زیادتی حرکت
و حبس نفس کیوقت سخت ظاہر ہوتی ہے اور کبھی غائب ہو جاتی ہے اور جو فتق ناف کے اوپر ہو ابتدا مین رطوبت اسکی زیادتی کثرت سے ہوا ہے اور آخر مین اسکو عوارض بسبب انقطاع اسہال تو تاج سخت ہو جاتے ہین
اور سبب ہوتا ہے کہ امراض ایلاؤس حادث ہون اور جو اتساع مجری کے سبب سے ہو کیس انثیین مین تدریجا ہوتا ہے اور ایک سبب کا تقدم جو انشقاق کے معنی مین مثل صیحہ و حرکت عنیفہ کے لازم نہین ہوتا ہے
اور فرق یہ ہے کہ اس صنع سے بالاتر جو لاحقہ ہو سوا خرق عشا کی صورت نہین اجتماع کرتا اور علامات قیلۃ المائی یعنی نزول مادہ یہ ہے کہ اسکا بعض جب ٹھیک کیطرف چلتا ہے وہ اپنی جگہ پر جانے نہین آتی اور باستقرار ہوتا ہے اور جب غذا یہ رکھا جاوے گوئی نیم
چیز یعنی مائل محسوس ہوتی ہے اور جبکہ طعام باد انگیز و دیر ہضم کھایا جاتا ہے یا پیادہ چلنے کا اتفاق ہوتا ہے تو وہ خصیہ مین اترآتا ہے اور خصیہ سخت ہو جاتا ہے اسمین ہلاکت کا خوف ہوتا ہے
علامت قیلۃ الثربی یعنی نزول ثرب یہ ہے کہ حجم مین معوی سے کثیر ہوتا ہے اور کم کم حادث ہوتا ہے اور دبانے سے قرار نہین ہوتا اور اسکا دبانا بہ نسبت معوی کے مشکل ہوتا ہے خصیہ بہت سخت نہین
ہوتا قولنج نہین ہوتا علامت قیلۃ الریحی یعنی نزول ریح یہ ہے کہ جب اسپر ہاتھ رکھا جاے جلد اور آسانی سے چڑھ جاے قرار شدید کرے اور فی الحال کیطرف پھر رجوع کرے اس قسم
کے احوال ہر وقت یکسان رہتے ہین اور نفخ شکم و صفن مین محسوس ہوتا ہے علامت قیلۃ المائی یعنی نزول آب یہ ہے کہ کیس خصیہ سنگین و روشن و آبناک ہو جاتا ہے اگر خصیہ کو ہلایا جاے
تو اسکی حرکت سے پانی کی موجودگی سنی جا سکے اور کسی تدبیر سے اوپر نہین چڑھتا قرار نہین کرتا علامت قیلۃ اللحمی یعنی نزول مادہ غلیظ غلظ و صلابت و تمدد صفن ہے
اور ورم صلب خصیہ اور اسمین فرق یہ ہے کہ اسکا مادہ جوف کیس خصیہ مین ہوتا ہے بخلاف ورم صلب خصیہ کے کہ اسکا مادہ جرم عضو مین نفوذ کرتی ہین خواہ کیس مین ہون خواہ
نفس خصیہ مین ترکیب قیلۃ المعاء و قیلۃ الثربی مین جو نازل ہوتا ہے اسکو آہستگی و نرمی سے پھیر دین اگر نہ پھرتا ہو تو اسپر گرم پانی کا ترشح دین اور اسمین بٹھائین اور جب
باہر نکلین روغن بابونہ گرم کرکے ملین تاکہ خصیہ نرم ہو جاے پھر پلٹائین گے سکے اور پر ضماد قابض و مشدد کہ ضمادات مین آئیگا ضماد کرین اور بہترین علاج یہ ہے کہ پہلے ہاتھ سے
پلٹائین بعد اسکے آہنی کرہ باندھین اگر نافذ ریاح ہو اس صورت مین جوارش کمونی دین اور جو محلل ریاح ہو استعمال کرین روغن بابونہ و قسط و شبت ملین اور طعمہ نفاخ
باد انگیز مثل باقلا و لوبیا و عدس و امرود و سیب و خیار اور مانند انکے چیز دیجے پرہیز کرین اسیطرح اچھلنا و نعرہ لگانا اور مجامعت خاصکر امتلا کیوقت تیز گھوڑے پر سوار ہونے
اور دیگر حرکات و صدمات قویہ سے اور مرحبا سے حتے کہ حمام مین غسل سے اور جو محدث ضرفہ ہو اجتناب کرین اور جو محلل ریاح ہو تو جو استسقاء طبلی مین مذکور استعمال
کرین قیلۃ المائی مین پانی کم کرتے ہین اور معجون کندر و اطریفلات کی مداومت کرین اسیطرح معجون خبث الحدید و فنجنوش و فلاسفہ و ضمادات مواد و یہ منشف رطوبات جو
استسقاء زقی مین لکھا گیا ہے استعمال کرین اگر فائدہ نہ بخشے نشتر دین رطوبت کو نکال لین اور داغ دین مرہم ملحمہ لگائین جب عود کرے پھر نشتر دین پھر مرہم رکھین قیلۃ اللحمی
مین تنقیہ سودا کرین اور جو کچھ اورام صلب خصیہ مین اور سوا اسکے محللات و ملینات مذکورہ کام مین لائین در فتق مراق البطن و فتق الاربیہ اسجگہ کو کپڑے سے مضبوط باندھا
رکھین اور جو دوائین قیلۃ ثربی و ریحی مین بیان ہوئین استعمال کرین و بالجملہ ہر چند یہ مرض عسیر البرء ہے بلکہ متعذر البرء ہے لیکن اگر ابتدا مین اسکا علاج کیا جاے تو زیادتی نہین ہونے پاتی
اور دوسری آفتون سے بچا جاتا ہے دوائی فتق الطاکی سے ترکیب ابتدائی مطلق فتق کوئی چیز بھوک و قطع اسباب سابقہ پیٹ کا باندھنا تقلیل شرب و شوربا و
جماع و خواب اسکے بعد بہتر نہین ہے اور فتق ثربی و معائی مین نازع کی مبادرت بعد اسکے ہر شی محلل مخفف مثل فنجنوش و فلاسفہ و جوارش فلافلی تناول کرین اور حیلہ ہاے عجیب کے
کم کرنیوالون سے یہ ہے کہ ابتداء فتق مین مبادرت خرق صلب گوشت قرب خصیہ کرین اور اسمین تاگہ ڈالین اور ہر روز حرکت دین زخم ہے مندمل کرین اسمین چند بیدستر بھی جوش کیا ہو
عنبر کا پینا مجرب ہے اسیطرح اولا استفراغ طبیعی ہین جو مسہل ای صمغ و خبث الحدید دوسرے یہ کہ دوا موضع فتق پر منجذب ہوتی ہے اور شربت ہلیلہ معروف بہ ذناب الخیل

ستعاتر کام اسکا کرتا ہے اگر تمام قسموں میں سیرلیش اور مازو و جوز السرو و صبر و اقاقیا و سعد و انواع گل و مرو آس و باقلا مطبوخ بزر قطونا و مقوق و زفت غیر مجبوع یا جو مل سکیں بعد برد
شرب چپکا دیں اوپر سے باندھ دیں چند روز تک مریض چت سوے اور سختی سے حرکت نہ کرے دوائی ورم حار رحم یہ اکثر ہو جاتا ہے جبکہ ضربہ و سقطہ ہوتا ہے یا احتباس
حیض و نفاس یا سقوط جنین یا عسر ولادت یا کثرت جماع یا ابتداے مجامعت و ازالہ بکارت سے ہوتا ہے یا مادہ دموی یا صفراوی کہ بغیر ان حادثات کے خود بخود رحم پر گرتا ہے
علامت اسکی تپ حار و تواتر نبض و لرزہ اور ضربان درد میان ناف و عانہ اگر ماس مقدم رحم میں ہو اور بطن و پشت میں اگر ورم موخر رحم میں ہو خاصرتین میں اگر ورم دونوں جانب ہو عطش و عسر بول و براز اور
فساد معدہ و دماغ ترکیب اول فصد باسلیق بعدہ فصد صافن کھلوائیں اور تبرید لعاب بہدانہ تین ماشہ شیرہ تخم کاہو شیرہ مغز تخم تربز ہر ایک سات ماشہ عرقیات میں نکال کے
شربت نیلوفر دو تولہ داخل کر کے دیں شیرہ تخم خرفہ ہمراہ شربت بنفشہ بھی مفید ہے اور منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کریں ضمادات اسکے نافع اور مرہم معمولی کام
میں لائیں اور ماء الشعیر و اسفاناخ و خبازی غذا دیں تقلیل آب و طعام واجب سمجھیں اگر ورم تحلیل نہ ہوا اور جمع ہونے پر مائل ہوا اور تپ و درد و دیگر عوارض کی زیادتی ہو تو سمجھیں کہ پیپ پیدا
ہوا لعاب حلبہ و تخم کتان کا نیم گرم حقنہ دیں بابونہ و حلبہ و تخم کتان و خطمی و بنفشہ و آرد باقلا مطبوخ انجیر میں ملا کے ضماد کریں گرم پانی میں بٹھائیں تاکہ منفجر ہو جائے بعدہ ماء العسل سے
حقنہ کریں ملات خفیفہ دیں تاکہ رحم مدہ سے پاک ہو جائے پھر مراہم مدملہ سے کام لیں دوائی ورم بلغمی رحم علامات اسکی انتفاخ موضع و ثقل و خفت درد و تہبج اطراف ہوتی ہے
ترکیب اصل السوس بادیان بادرنجبویہ جوش اور صاف کر کے شکر سفید کے ہمراہ ہر صبح کو دیں اور کبھی کبھی قے کرنا نافع ہوتا ہے اور مرہم باسلیقون روغن میں حل کر کے کپڑا
اسمیں لت کریں اور رحم میں رکھیں اور پشت و عانہ کو روغن شبت و قیروطی مناسب سے طلی کریں اور جو ورم بارد مثانہ میں گذرا ہے استعمال کریں دوائی ورم صلب رحم اکثر ورم
بعد ورم گرم کے ہو جاتا ہے یہ بھی ہوتا ہے کہ ابتدا میں پیدا ہو جاے خون حیض سوختہ سے یا کسی دوسرے سبب سے بغیر تقدم ورم حار علامات اسکی سختی موضع و گرانی و عسر خروج
بول و براز و کسالت و لاغری بدن و ضعف ساقین ہوتی ہے کبھی ہوتا ہے کہ پیٹ مثل مستسقی کے پھٹے ہو جاتا ہے اور ہاتھ پانوں میں ورم ہو جاتا ہے اور جب تک سرطان
نہ ہو جاے درد صعب پیدا کرتا ہے ترکیب فصد باسلیق کھلوائیں اور بقدر قوت خون نکالیں بعدہ فصد صافن یا ابض کھلوائیں اور مطبوخ منضج سودا سے نضج کر کے مسہل
سودا سے تنقیہ کریں انجبن بھی فائدہ کرتا ہے اور تلئین و تحلیل ورم کے واسطے مرہم رسل مرہم خنازیر و روغن حنا و روغن شبت و روغن بابونہ میں حل کر کے پارچہ کو تر کر کے رحم میں رکھیں اور
پشت و عانہ کو روغن قسط و بید انجیر اور مانند انکے تیلوں سے طلی کریں جس پانی میں بابونہ ناخونہ حلبہ مرزنجوش و تخم کتان و برنجاسف و شبت جوش کیا ہو اسمیں دو تین مرتبہ
بٹھائیں اور بابونہ و تخم کتان و خطمی و خبازی و حلبہ کا نطول کریں برگ خطمی کو کوٹ کے پیہ مرغ آبی میں لیپ لگائیں ایضا براے ورم صلب رحم انطاکی سے ترکیب ادام
ام غالبا صلب ہوتے ہیں سبوس و سپستان کو اسمیں خاص دخل ہے اسیطرح کرنب مطلقا و پیہ ماکیان و روغن کنجد و زفت حمولا و ضمادا عظیم نفع فائدہ کرتا ہے اور کہتے ہیں کہ مغز تخم
بید انجیر بکرے کے دودھ میں پکا کے تھوڑی سونٹھ و نانخواہ ملا کے زیر ناف لیپ کرنا براے ورم صلب رحم مجرب ہے دوائی سرطان رحم کبھی ایسا ہوتا ہے کہ ورم حار رحم تحلیل و منفجر
نہیں ہوتا اور سرطان ہو جاتا ہے علامات اسکی صلابت و حرارت و ضربان ہے اور درد حجاب سینہ تک آ جانا اور یہ بھی ہوتا ہے کہ درد چشم و شقیقہ و ضعف و لاغری خاصکر
پنڈلیوں میں پیدا ہو جاتی ہے پانوں کی پشت متورم ہو جاتی ہے اور استسقا انجام ہوتا ہے جب منفجر ہو جاتا ہے بہت سخت درد خاصرتین و عانہ و پشت میں پیدا ہوتا ہے اور ایک
بدبودار مائل سیاہی و سرخی رطوبت رحم سے جاری ہوتی ہے ترکیب ہر چند کہ اس مرض کا علاج نہیں ہو سکتا لیکن اسواسطے کہ قوت نہ بگڑے اور اسکے نقصان سے دوسری
آفت نہ اٹھ کھڑی ہو لازم ہے کہ اصلاح اور اسکے درد کے تسکین کی کوشش کرتے رہیں مثلا ہنگام شدت حرارت و ضربان لعابات سرد و مراہم مسکن درد استعمال

کرین اور آب لسان الحمل و شیر زنان و روغن گل کا حقنہ کرین و ایضاً برائے تسکین وجع شیاف بعض افیون شیر زنان مین حل کرکے رحم مین حقنہ کرین اور ایسی شیاف مین دفع مضرت افیون کیواسطے تھوڑی زعفران بھی ملا دین اور سرب کو آب کشنیز مین یا آب کاسنی سبز مین پیس کے روغن گل ملا کے ملین اور حقنہ رحم مین کرین تاکہ ورم کے بڑھنے کو روکے اور دفعت سکون حرارت و قلت درد اشیاف الحمل و ضماد مثل داخلیون و مقل و روغن بابونہ و بیہ لیطے سے کام لین اور حسن بانی مین بابونہ و اکلیل و شبت و خبازی و برگ کرنب و حلبہ و تخم کتان جوش کیا ہو مریضہ کو بٹھائین اور کبھی کبھی برائے تقلیل سودا و تنقیہ بدن فصد باسلیق و صافن کھلوائین اور مسہل سودا ماء الجبن سے نضج کے بعد کرین اعانت ترطیب مزاج کی لازم رکھین تنقیہ کے بعد ضماد خطمی تازہ کشنیز تر خشخاش تازہ عنب الثعلب عصی الراعی سکوکوٹ کے روغن گل مین ملا کے استعمال کرین اور جبکہ سرطان متقرح ہو جائے برگ خطمی و کرنب و بنفشہ و تخم کتان جوش کرکے اُسکے طبیخ مین بٹھائین و سفیداب انڈیز توتیائے مغسول کو روغن گل مین ملا کے لتہ آلودہ کرکے رکھین مرہم رسل اس مرض مین عجیب خاصیت رکھتا ہے اگر خون بہت نکل جائے عصارہ لحیۃ التیس گل ارمنی و سپیدہ ارزیز و آب بارتنگ کا حقنہ رحم مین کرین باقی تدبیر اس مرض کی دوائی سرطان مین کہ اورام مین آئیگی تلاش کرین قروح و جروح و قروح رحم اسکا سبب یہ و سقطہ موضع رحم ہوتا ہے یا عسر ولادت یا جذب جنین میت کہ ہتک و فسخ رحم مین پیدا کرتا ہے اور اسمین خون سرخ نکلتا ہے یا ورم و بثور رحم کہ منفجر ہو جاتا ہے یا کوئی خلط حار کہ اُس موضع پر ٹپکتا ہے اور اسکے اجزا کو متاکل بنا دیتی ہے یا آکلہ کہ رحم مین ہوتا ہے اور اسمین خون سیاہ و منتن آتا ہے یہ سرطان سے مشابہ ہوتا ہے رداءت مادہ مین فرق یہ ہے کہ اسمین درد شدید و ذوبان و صلابت رحم نہین ہوتی جسطرح کہ سرطان مین بالجملہ علامت اُسکی لزوم درد ہے اور خروج خون فقط یا ریم تنہا یا دونون مل کے ترکیب اگر خون خالص آتا ہو فصد باسلیق کھلوائین اور منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین اور قرص کہربا اور مانند اسکے آب بارتنگ مین کھائین اور فرزجہ حابس خون و حقنہ قابض خون استعمال کرین اگر قرحہ سے ریم نکلے اول تنقیہ ریم روغن گل و روغن بنفشہ و ماء السکر یا ماء العسل سے حقنہ کرین بعد اندمال کی غرض سے مرہم باسلیقون کو روغن گل مین استعمال کرین اگر مادہ حاد اکال ہو تو آبجو و عسل سے حقنہ کرین اور اشیاء باردہ قابضہ مانند حب الآس و گلنار و کزمازج پیس کے ہمراہ روغن گل فرزجہ یا حقنہ رحم کرین اگر شہد کو شیر گاو مین پکائین کہ مثل مرہم کے ہو جائے اور آب برگ سیب زیادہ کرکے روئی اسمین لت کرکے رکھین اور مکرر عمل کرین تو قروح رحم کو ریم سے صاف کر دیتا ہے بعدہ مطلاۃ مثل مرہم باسلیقون کے استعمال کرین ایضاً بقول انطاکی قرحہ رحم کہ بسبب انفجار جراحت ہوتا ہے ماء السکر روغن گل یا روغن بنفشہ ممزوج کرکے حقنہ کرین اگر زرد آب نکلے اور تاکل ہو ماء الشعیر و عسل کا حقنہ رحم کرین جب مواد مین تخفیف ہو جائے مرہم لگائین اگرچہ حقنہ رحم مین ہوتا ہے خصوصاً باسلیقون اور قرحہ مین ذات الفسخ و انہتاک طبیخ عدس مین اور مازو و پوست انار و بارتنگ و آس مین بٹھانا اسکا نام آب قمقم ہے اور مجربات سے غایت اصلاح رحم احتقان رحم اُس پانی سے کہ جسمین بارتنگ و آس و روغن بنفشہ ہو بعد اسکے تقطیر مثل مشک و عنبر و زنجبیل اور بہ بلادن و صندل و قرص مرکی و زباد سے اور حقنہ رحم شیر تازہ سے اچھا ہوتا ہے اور حمول ندی بعینہ حنا کیساتھ نافع ہے دوائی شقاق الرحم اگر موسم کے سبب سے حادث ہوتا ہے اور کبھی بسبب کثرت جماع یا بعد وضع حمل بباعث شدت درد زہ بھی عارض ہوتا ہے علامات اسکی لزوم درد ہے اور اسکا ادراک حس لمس ہے اور اگر انگلی فرج اوسپر رکھی جائے تو خون آلودہ نکلے اور مجامعت کے وقت درد زیادہ ہو جاتا ہے اور حشفہ خون آلودہ ہو جاتا ہے ترکیب چربی مرغ و چربی بط و مغز ساق گاو و روغن بنفشہ و موم مرہم بنا کے استعمال کرین مرہم سفیداب کافوری بھی نافع ہے مرہم باسلیقون معہ قدرے بیہ لیط و ماکیان و روغن بنفشہ ملا کے کام مین لائین اور اگر مغز ساق گاو و زفت کو روغن بنفشہ و موم مین مرہم بنا کے اُسکا حمول کرین مفید ہوتا ہے جبکہ عسر ولادت یا ازالہ بکارت سے وہ حجاب جو دبر و قبل کے مابین واقع ہے پھٹتا ہے اور شق و

بس ایک ہو جاتا ہے اس صورت میں مغز ساق گاو دو بیہ گردہ بز و موم سفید سادی پگھلائیں اور صاف کریں قدرے سنگجراحت مرداسنگ مخلوط کر کے رفادہ پر رکھیں اور
باندھ دیں ایک ماہ تک مداومت کریں جماع و حرکت عنیف سے منع کریں دوائی احتباس حیض قلت خون سے علامت اسکی لاغری بدن و زردی رنگ و تقدم جوع مفرط و
تعب و امراض محللہ و کثرت استفراغات خاصتہ دموی مثل سیلان خون بواسیر و رعاف و سوائے انکے ترکیب اغذیہ مقوی و مولد خون مثل انڈا نیمبرشت و گوشت مرغ
فربہ و گوشت حلوان وغیرہ و شیرینی کھلائیں خواب و راحت کی کوشش کریں حمام مرطب کریں اپنے کو عیش و عشرت میں مشغول رکھیں دوائی احتباس حیض
غلظ خون سے یہ برودت کے باعث یا اخلاط غلیظ سے ہوتا ہے علامت اسکی غلظ خواہ سستی بدن و سفیدی رنگ و رگون کی سبزی تفاوت نبض خواب
گران ہوتا ہے ترکیب برسیاوشان شکطرا شیع پوست بھلی املتاس قند سیاہ کہنہ جوش اور صاف کر کے دیں اور ایضاً دوسری ادویہ مدرہ مسخنہ مرقق
خون مانند تخم کرفس و انیسون و بادیان و زلوبیہ عسل کیساتھ دیں قرص مر نہایت سودمند ہے اور آبزن و کمادات و بخورات ملطفہ ذی عطریت کام میں لائیں اگر
اس تدبیر سے فائدہ نہو دوسری گولیان اور دوائیں و معاجین استعمال کریں اور خون ترقیق حاصل ہونیکے بعد نوبت حیض سے دو تین روز قبل فصد صافن و مابض و حجامت
ساقین بہت نفع کرتی ہے دوائی احتباس بعض خلط غلیظ سے کہ رحم میں سدہ ڈالتا ہے علامت اسکی سیلان خون رقیق یا مغص و ظہور کلف و دانہائے سیاہ و
سرخ بران و چہرہ پر ترکیب تفتیح کیواسطے شربت اصول و معجون نجاح دیں بعد اسکے مدرات استعمال کریں اگر ماء الاصول کہ اختناق الرحم میں آئیگا یا حمر نار درخت
بادام تلخ دیں اسکے بعد بھی اگر ضرورت ہو حب منتن و ایارجات سے بدن کو صاف کریں نہایت سودمند ہے اور تمام سے بہتر ایارج لوغاذیا ہے کہ اسکی مقدار
چار درم جس پانی میں زیرہ سیاہ شکطرا شیع جوش کیا ہو حلکر کے دیں دوائی احتباس حیض حرارت یا یبوست سے کہ رحم کی رگون کے منھ بند کرتی ہے اور علامت حرارت
و یبوست التہاب و جفاف رحم و ہزال بدن و خلاء عروق وغیرہ ظاہر ہوتے ہیں ترکیب حرارت کو تسکین کے لیے شیرہ تخم خرفہ و شربت نیلوفر اور مانند انکے مبردات
کام میں لائیں و ازالہ یبوست کے واسطے مرطبات استعمال کریں اور شیر تازہ و شربت بنفشہ لیمن لعاب بہدانہ و شیر زنان کا فرزجہ بنائیں اور روغنہائے باردہ فرج و عانہ
میں ملیں بعد اصلاح مزاج استعمال مدرات مناسبہ مثل کاسنی و خیارین و سکنجبین و مانند انکے کریں اور شیر خشت و سماق و نبات و مغز تخم کدو و خیارین و بادیان کوفتہ
شہد و زردی بیضہ مرغ کا فرزجہ بنا کے حیض روانہ استعمال کریں ازالہ حرارت رحم کیواسطے مفید ہے دوائی احتباس حیض سمن یعنی فربہی مفرط سے کہ باعث انضغاط
و انسداد مسامات ہوتی ہے علامت اسکی درد پشت و ناف و ثقل بدن ایام حیض میں پیدا ہوتا ہے اور ظہور خون تھوڑا عسر کے ساتھ ترکیب فصد کھلوائیں
اور مہزلات جو سمن مفرط میں مذکور ہوے استعمال کریں اور محللات و مدرات مثل کرفس و کاسنی و حلبہ و نانخواہ و اسارون کام میں لائیں اور ظہور خون سے دو تین
روز پہلے فصد صافن و حجامت ساقین کرائیں اور زیر ناف رفادہ سے تکمید کریں مطبوخ الخبز اکثر اوقات اس مرض میں سودمند ہے کھانے سے پہنے اور نہار منھ حمام میں بیٹھنا
استعمال اطریفل صغیر و کمونی و گلقند یا انیسون بر سبیل دوام بہت نفع کرتا ہے اگر مزاج میں حرارت ہو اسکی رعایت کریں دوائی احتباس حیض کہ بسبب ورم رحم
یا سیلان رحم یا بسبب [illegible] کے ہو علاج ہر ایک کا الگ الگ مذکور ہے اس سے رجوع کریں کبھی اندمال قروح کے بعد رگون کے منھ بند ہونے سے حیض رک جاتا ہے اور
اسکا ازالہ ممکن نہیں ہے مگر مضرت احتباس سے بچنے کے لیے فصد کھلوائیں منقیات کی مداومت کریں ریاضت کو لازم رکھیں دوائی احتباس طمث کیواسطے
نافع ہے انطاکی سے ترکیب اگر سوء مزاج سے ہو حجامت ساقین و فصد صافن قریب ایام نوبت کرائیں جماع و مدرات پلائیں اور بہترین ان میں سے کرفس کر دیا

وشلجم وگزر و ترب و پیاز و نخود ہی کھانے پینے اور حمول ہین اور انکے طبیخ مین بیٹھنا اسیطرح فوہ و گنبد تھوڑے حلوہا کے ساتھ اور جو تسہیل حیض کرے تغیر و دانک روغن بیج
و شربت حلبہ و تخم کاسنی و حمول حلتیت ہی دوائی حیض فراغت سے لاتی ہی اور درد کمر و عانہ کو جو فراخت سے حیض نہ آنے کے سبب ہوتا ہی دور کرتی ہی ترکیب پوست پھلی املتاس
ایکدرم جوتری تین ماشہ قند سیاہ دو دام پوست مذکور کو باریک پیسکے تینون ڈیڑھ پاؤ پانی مین رات کو بھگو دین صبحکو جوش کرین جب نصف رہ جائے چھانکے پلائین اسیطرح
تین دن پلائین ؛ ردع حیض سے ایضاً در طمث ترکیب پوست درخت نیم کہنہ دو تولہ زنجبیل چار ماشہ جوکوب کرکے جوش دین قند سیاہ کہنہ دو تولہ ملکے صاف کرکے
پئین دوائی کثرت طمث غلبۂ خون سے علامت اسکی قوت بدن و صحت لون ہی باوجود سیلان دم کے وعدم ضعف و وجود آثار امتلاء ترکیب جبتک تغیر رنگ و
ضعف بدن ظاہر نہ ہو بند نہ کرین جب بہت افراط ہو جائے امالہ کیواسطے فصد باسلیق کھلوائین اور حسب حاجت خون لین ایکدفعہ مین یا بدفعات اور محجمۂ ناری زیر پستان
رکھین اور پستان کو مضبوط باندھ دین اور قرص کہربا ہمراہ شیرۂ پوست بیخ الجبار و شیرۂ خرفہ سیاہ و بارتنگ و شربت حب الآس دین اور دوسری ادویہ حابسہ و
فرزجہ ہائے ممسکہ و آبزنہائے قابضہ کام مین لائین جب خون بند ہو جائے اور قوت عود کر آئے تو اشتہائے طعام پیدا ہو سفوف کشنیز کہ سفوفات مین مسطور ہوا دین دوائی
کثرت طمث حدت و رقت خون سے علامت اسکی ضعف بدن زردی رنگ قارورہ و سرعت خروج خون زرد و رقیق باسوزش ؛ دیگر آثار صفرا پیدا ہوتے ہین ترکیب
منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے جسمین ہلیلۂ زرد و شاہترہ داخل کیا ہو تنقیۂ صفرا کرین اور تبرید لعاب بہدانہ شیرۂ عناب شیرۂ مغز تخم تربوز شیرۂ پوست
بیخ الجبار شیرۂ تخم خرفہ و بارتنگ و شربت نیلوفر دین اور قرص کہربا و دیگر اشربہ و ربوبات بارد و مغلظ خون مثل شربت عناب و شربت صندل و شربت زرشک و شربت
انار و شربت حماض و شربت انجبار و رب غورہ و رب بہ و رب سیب استعمال کرین اور فرزجہ و ضمادہ و آبزنات بارد و قابض کام مین لائین امالہ کیواسطے محاجم ناری زیر پستان
رکھین پستان کو مضبوط باندھنا مفید ہی اغذیہ حصرمیہ و زرشکیہ و رمانیہ یا برنج و عدسیہ سود مند ہوتی ہین دوائی کثرت طمث غلبۂ بلغم مائی سے و سوداوی جاننا چاہیے
علامت غلبۂ بلغم رقت و سپیدی خون ہی اور دوسرے بلغم کے آثار پیدا ہونا اور علامت غلبۂ سودا سیاہی خون ہی اور یہ ہوتا ہی مدہ سنبر نکلے ؛ دوسرے علامات سودا کے
ہون اگر اسیقدر رنیہ سفید اگ پر گرم کرکے سنگ زن مین لے رہنے دین صباح نکال کے سایہ مین خشک کرلین تو اسکا رنگ خلط غالب کا ہوگا ترکیب بلغمی مین تنقیہ
کیواسطے قے کرائین بدفعات اور بعد منضج گرم سے نضج کے مسہل گرم و حب ایارج سے تنقیہ کرین پھر اغذیہ و اشربہ و اطلیہ و آبزنات و شیافات منفعہ حابسہ کام مین
لائین اور سوداوی مین برائے تنقیہ بعد نضج مسہل سوداوی دین فصد باسلیق کی بھی ضرورت پڑجاتی ہی بعدم موانع کی شرط سے بعد حابسات کے استعمال کرین اور کثرت
طمث کہ بسبب بواسیر رحم یا قروح رحم یا انشقاق سے ہو علامت اور علاج اسکا ہر ایک کی جگہ پر مذکور ہی جسجگہ بعد ازالہ بکارت بسبب انخراق رگہائے رحم بہت
خون آئے اور غشی کا خوف ہو اس صورت مین شورآب قابض کے اندر بٹھائین اور طبیخ دمازو و شادنج بلوط و گلنار و گل سرخ سے آبدست کرین اور روغن گل سے ہر لحظہ چرب
کرتے رہین خاکستر درخت انگور ریزہ ریزہ بر رکھ کے فرج کے اوپر باندھ دین فاد زہر حیوانی دہی مین پیس کے پئین کہ بالخاصیت مفید ہی بعد انشقاق رحم کہ جو اسکی
فصل مین مذکور ہی انسداد کرین ایضاً برائے کثرت طمث مجرب ہی ترکیب آملہ مقشر بادیان ایک ایک تولہ رات کو پانی مین بھگو دین صبحکو چھان کے
شکر سفید ایک تولہ ملاکے پئین اور جو بواسیر خونی مین مسطور ہوا وہ مفید ہی دوائی برائے حبس طمث مجرب ہے ترکیب قرص کہربا گھسکے یا قوتی بارد یا خمیرہ
صندل مین ملاکے پہلے کھائین بعد اسکے شیرۂ تخم خرفہ شیرۂ کشنیز خشک شیرۂ صندل سفید شیرۂ بادیان خطائی شیرۂ بیخ الجبار ہر ایک ایک مثقال

گلاب و عرق صندل مین ہر ایک ۱۰ مثقال شیرہ نکال کے شربت سیب ۱۰ بھی ملا کے پئین تو علاج دیگر دفع علت استحاضہ کرتی ہے تکملہ سے ترکیب سنگجراحت دو درم بہیدانہ
ایک درم مائین خورد نیم درم نبات سفید دو درم کوٹ چھان کے سفوف بنائین خوراک ایک کفدست ہمراہ شیر گاؤ دو تین روز مین نفع ہوگا دوائی استحاضہ کے لیے
مجرب و معمول ہے ترکیب خرما سوخت مالمکھانہ سنگھاڑا لودھ چارون برابر کوٹ چھان کے ہر صبح چھ ماشہ ہمراہ چار ماشہ شکر کے چاول کی پیچ کیساتھ پھانکین ایضاً
مجرب حکیم علی ترکیب گل مختوم کہربا تمیس ہر ایک نیم مثقال سفوف کر کے ٹھنڈے پانی سے پھانکین اگر دونون دوائیان ول بقدر نو ماشہ باریک پیس کے
شیرہ تخم خرفہ کیساتھ دو دن صبح و شام چند روز متواتر تو مجرب ہے ایضاً فوفل طباشیر کات سفید پوست انار مساوی باریک پیس کے ایک مثقال سے ڈیڑھ مثقال تک
ٹھنڈے پانی مین ایضاً سنگجراحت ماز و سبز کتھ سفید مین ہر ایک دو ماشہ پیس کے کھائین اور جو بواسیر خونی کیواسطے دوائین مفید ہین وہ اسکے لیے بھی نفع
کرتی ہین اگر عورت کا مزاج ٹھنڈا ہو گندھک آملہ سار ایک ٹانک باریک پیس کے گائے کے دودھ مین ہر روز ایک ہفتہ تک کھلائین حیض مفرط کو روک دیگی و جنطیانا
و برگ حنا پانی مین پیس کے کفدست دبا پر لیپ کرین اور ایک گھنٹہ دھوپ مین بٹھائین دوائی سیلان رحم یہ مرض ہے کہ رطوبات رحم مین سے باہر آتا ہے اور مریض کی
اشتہا جاتی رہتی ہے رنگ بدل جاتا ہے چہرہ بجھا ہوا آنکھون مین حلقے پڑ جاتے ہین سبب اسکا ضعف قوت غاذیہ رحم ہے یا اجتماع فضلات بدن مین علامت ضعف
غاذیہ کی زردی رنگ و ضعف قوت و خروج رطوبات در دون کیساتھ ہوتا ہے علامت اجتماع فضول کسی خلط کا اخلاط اربعہ سے غلبہ مثلاً اگر غلبہ خون ہو سرخی
رنگ و حرارت و حمرت قارورہ و غلظ قارورہ ہوتی ہے اگر صفرا ہو تشنگی شدید ہوتی ہے جو خارج ہوتا ہے زرد رنگ و بدبودار ہوتا ہے اگر بلغم ہوتا ہے رطوبت سفید ہوتی ہے اور
دوسرے آثار اسکے پیدا ہوتے ہین اگر سودا ہو خشکی بدن و غلظ و سیاہی رطوبت ہوتی ہے اور بہتر ہین استدلال خلط غالب کی نوعیت کا یہ ہے کہ زن نئی روئی اپنی فرج
مین رکھے نکال کے خشک کرے اور دیکھے کہ اسکا رنگ خلط غالب کا رنگ ہوگا ترکیب قوت غاذیہ کی تقویت کیلیے اغذیہ لطیفہ سریع الہضم و اشربہ و معاجین مقوی
قلب و معدہ مثل شربت ترنج و شربت سیب و معجون مفرح مانند انکے دین اور اخراج فضول کیواسطے حسب غلبہ خلط تنقیہ کرین بعدہ فرزجہ و حقنہ اور دیگر ادویہ
قابض استعمال کرین مثلاً اگر خون غالب ہو فصد باسلیق کھلوائین اور تقلیل غذا کرین اور ربوب و اقراص و فرزجہ ہائے قابض وغیرہ استعمال کرین اگر صفرا ہو آب انار
شیرین کہ معہ اُسکے تخم کے لیا ہو چھ اوقیہ شکر سفید دس درم ترنجبین دس درم کیساتھ دین غذا مزورہ ماش ہمراہ مغز بادام بعد اسکے تنقیہ بدن مطبوخ فواکہ یا طبیخ ہلیلہ زرد
سے کرین اسکے بعد ربوب و اقراص قابضہ استعمال کرائین اور اگر بلغم ہو بدبو مفتحات قے کرائین یا ایارجات دین بعدہ مخففات مثل انیسون و سنبل و راوند و ماء العسل کے پینے
مین و شحم حنظل و کمونی و سعد و زعفران حمول مین اگر بودار ہو ہر صبح بادرنجبویہ تخم کاسنی ہر ایک تین درم ہمراہ شکر سفید دس درم جوش اور صاف کر کے دین بعد نضج کے
حب ایفیمون و معجون نجاح سے تنقیہ کرین پھر دس درم آب مغز حل چار درم صمغ عربی بو نادہ ہر صبح کو دین ایضاً برائے سیلان رحم انطاکی سے ترکیب استفراغ خلط غالب
بعد تنقیہ رحم حقنہ سے و فرزجہ جاذب کرین بہترین جاذب مرکی و شحم حنظل ہین پھر زیرہ و زیت پھر سعد و سنبل و زعفران اسطرح شربت انیسون و سنبل و ریوند و ماء العسل
دوائی سیلان منی رحم سے منی اور رطوبت مین یہ فرق ہے کہ منی سفید رنگ غلیظ القوام و بے عفونت ہوتی ہے بخلاف رطوبت کے اور اسباب و علامات و علاج اسکا وہی ہے
کہ سیلان منی مردان مین بیان کیا گیا اور سفوفات نافع اس مرض کے حرف سین مہملہ مین مسطور ہین کام مین لائین دوائی اختناق الرحم یہ مرض ہے غشی سے مشابہ اسکے
صرع کے مماثل سبب اسکا کثرت منی ہے اور احتباس منی اوعیہ منی مین اور وہ کیفیت سمیہ کیساتھ رحم کو متشنج کر دیتی ہے اس سے سمی بخار اٹھتے ہین اور دل و دماغ کو

پہونچنے ہیں یا احتباس خون حیض سے کہ مدت دراز کے بعد احتباس منی پیدا ہو جاتا ہے یہ مرض درد و نوبت کیساتھ ہوتا ہے علامت اسکی یہ ہے کہ نزدیکی کے وقت نوبت اختلال ذہن و عسر تنفس و درد سر و تاریکی چشم و زردی رنگ و ضعف و کسل اعضا و ساقین اور طوبت ہیں آنکھوں پر ضعف پیدا ہوتا ہے مریضہ یہ سمجھتی ہے کہ کوئی چیز اوسکے عانہ سے اُٹھ کے دل و دماغ کیطرف جاتی ہے اور منھ و ناک میں مضطربہ حرکات غیر ارادیہ پیدا ہوتے ہیں ان حالات کے ہوتے ہی اسکا حس جاتا رہتا ہے اور انقطع ہو جاتی ہے بیہوشی طاری ہوتی ہے اس مرض اور صرع میں فرق یہ ہے کہ اسمیں عقل بالکل زائل نہیں ہوتی لہذا جب مریضہ کو ہوش آتا ہے اکثر وہ حالات جو غشی کیحالت میں اسپر گذرتے ہیں بیان کر دیتی ہے و ایضاً کف منھ میں نہیں آتا بخلاف صرع کے زوال عقل و ظہور کف ہیں لازم ہے ترکیب بیہوشی کے وقت غشی کا علاج کریں بعد اسکے اور خوشبودار چیزیں اوپر رکھیں اور بدبودار چیزیں مثل جند بیدستر و پیاز و لہسن سونگھائیں عنبر و مشک و عطر چنبیلی کے تیل میں ملا کے فرج اور رحم میں منضج حارے نضج کے بعد مسہل حار و حب ایارج سے تنقیہ کریں اور فواکہ و اغذیہ بارد سے پرہیز کریں اگر اسکا سبب احتباس حیض ہو تو اسکے مدرات دیں اگر بسبب عدم مجامعت ہو جماع کریں اگر عورت باکرہ ہو بہتر ہیں علاج اسکا تزویج ہے ایضاً برائے اختناق رحم اطفالی سے ترکیب نو بجے وقت ہینگ سونگھائیں نافع چیزیں کھلائیں پانی میں بٹھائیں اسیطرح سداب و تخم خردل و حمول زباد و بخور موئے بز اُس سے نجات دینے کی خاص دوائیں ہیں کرسی پر بٹھانا سیڑھی سے اُترنا اور مثل انکے ایارج کبار و شرو دیطوس و دوالمسک کے اس مرض سے نجات حاصل کرنے کے واسطے لازم ہے کہ مداومت کرے ذوائی عسر ولادت جاننا چاہیے کہ جننے میں دشواری یا بسبب فربہی زن و صغر رحم و ضیق مسالک و ضعف دافعہ سے ہوتی ہے یا ہوائے سرد و برودت سے کہ تکاثف فم رحم کا باعث ہوتی ہے یا حرارت ہوا و مزاج یا سطبری مشیمہ باعث عسر ہوتی ہے علامت فربہی کی ظاہر ہے نشان صغر رحم صغر حجم جنین ہے و آثار ضیق مسلک عدم اتساع فم رحم چنانچہ چاہیے ضعف دافعہ کیواسطے عدم احساس زن اپنے آپ میں حرکت اخراج چنانچہ معلوم کیا جا سکتا ہے اور علامت اُسکی کہ ہوائے سرد و برودت موجب عسر ہوتی ہے وجود برد و تکاثف رحم پوشیدہ نہیں ہوتا حرارت ہوا و مزاج گرم ہونے اور دوسرے اسباب کے نہ ہونے سے معلوم ہوتی ہے اور سطبری مشیمہ بھی دوسرے آثار کے فقدان سے دریافت ہو سکتی ہے جاننا چاہیے کہ ولادت کے قبل درد عانہ و قطن کیطرف مائل ہوتا ہے علامت سہولت ولادت ہے اگر درد صلب و پشت کیطرف ہو دشواری کی علامت ہے ترکیب علاج ریح چند روز پیشتر شیرگاو لعوق بہیدانہ و شربت بنفشہ شروع کریں تقلیل غذا کریں چرب و نرم شوربے پر قناعت کریں استحمام نافع ہے آب سرد و ترشیوں سے پرہیز کریں جب وضع کے آثار نمایاں ہوں غلبہ درد سے پہلے اپنے آپ کو بول و براز سے فارغ کرے بعد اسکے چند پیرائیں کہتے ہیں کہ درد پر صبر کرے اور سانس کھینچے آواز نہ دے پاؤں پر زور کرے گرم پانی سے نطول کرے اسمیں بٹھلائے اگر حلبہ و تخم کتان و خبازی جوش کر کے اُس پانی میں آبزن کریں او ناف تک بھر دیں بہتر ہے شکم و پشت و اطراف فرج کو روغن بنفشہ و روغن چنبیلی سے طلیں اگر مرغ کی چربی اور بطکی چربی و مغز ساق گاو بھی ملا دیں بہتر ہے اور وہ مطبوخ جو عسر ولادت کیواسطے مفید ہے اور مطبوخات میں آئیگا دیں دارچینی کھانا درد و تسہیل ولادت کے واسطے سود مند ہے اسیطرح حلتیت جند بیدستر میں ملا کے بہت نافع ہے بشرط عدم حرارت کندش و شونیز و جند بیدستر سے چھینکیں لوائیں اور چھینک آنے کیوقت منھ اور ناک کو بند کریں اگر سنگ مقناطیس کا ٹکڑا سا بائیں ہاتھ میں لیں یا بسد داہنے ہاتھ میں باندھ دیں عورت آسانی سے جن دے پانی صیت عسر کے واسطے مفید ہے جبکہ مزاج حار ہو تدابیر مسخنہ سے باز رہیں روغن بنفشہ و سنبلیں و گلاب اور میٹھے ادرچہ پر طلیں آب انار میں ترنجبین ملائیں مکان معتدل

مین رکھین اور جبکہ سطبری مشیمہ باعث عسر ولادت ہو دایہ کو چاہیے کہ بائین ہاتھ سے کھینچے اور داہنے ہاتھ سے تیز چاقو سے اُسے کاٹ دے اس کام کیواسطے ہوشیار دایہ چاہیے تاکہ جنین کو اذیت نہ ہو اگر درد ولادت چار روز رہے اور بچہ کی حرکت محسوس نہو اطراف حاملہ سرد ہو جائین غالباً جنین مردہ ہو گا اس صورت مین اُخراج کی تدبیر کرنی چاہیے جو کہ فصل احتباس مشیمہ و جنین میت کے بابت ذکر کیا گیا ہے ایضاً برائے عسر ولادت لطائی سے ادویہ کہ تسہیل ولادت و اخراج مشیمہ کرتی ہین بعض ان مین سے بعض باستعداد قبل سے ہوتی ہین مثل شربت کب صعتر و حلبہ سہ درم تخم نمام پانچدرم پوست خیارشنبر دو درم زعفران جو کچھ میسر ہو اسطرح بخور بہوے زن و مقناطیس ہاتھ مین لینا تعلیق کف دریا بائین ران مین زن طاہر کے ہاتھ سے کپڑے مین جو لباس مکر مین بند ہا ہو دو درم زعفران ہمراہ کیا ہوا بعضے اُسوقت تغیر حال عمل مین لاتے ہین مثلاً ایک مثقال مقل کھلانا دو درم گل یاسمین و تعلیق سعد و سرزخمہ و پوست مار جو کچھ کہ مل سکتا ہے تو عمدہ دیگر برائے عسر ولادت حد یل نہین رکھتی اور کوئی دوا اسکے برابر نہین ہے ترکیب مر مکی جند بیدستر سعہ سائلہ ہر ایک ایک مثقال دارچینی اہل حلتیت فلفل ہر ایک نیم مثقال سب کو کوٹکے شہد مین ملائین و دو مثقال ماء العسل یا شراب کہنہ مین پلائین دوائی تسہیل ولادت کیلیے مجرب ہے ترکیب پوست خیارشنبر چار مثقال باریک پیسکے پانی میں جوش کرین اور چھان لین کوکی مد شربت ملا کے پئین اگر خار خسک و سست غرزہ اہل منکظر ا شبیع برسیاوشان ریشہ خطمی تخم بطیون سب یا بعض داخل کرین بہتر ہے ایضاً مجربات حکیم علی سے ترکیب اہل کو پیسین اور کپڑے سے چھان لین نیم مثقال پھانکین اور تین مثقال اُسکا نخالہ جوش کرین و چھان کے اسکے بعد وہ پانی پی لین کہ ولادت آسان ہو جائے اور حیض جاری ہو ایضاً اگر زن حاملہ نوین مہینے کے شروع سے تا وقت ولادت ہر صبح تین درم روغن بادام شیرین کھائے اور اغذیہ حریفہ و حامضہ غلیظہ سے احتراز کرے اور طعامہاے نرم و چرب کھاے کمال سہولت سے بچہ جنے مجرب ہے دوائی احتباس مشیمہ و جنین مردہ جاننا کہ مشیمہ وہ پردہ ہوتا ہے کہ رحم پر چھایا ہوتا ہے اور جنین اسمین لپٹا ہوتا ہے حفظ جنین کیواسطے اور ولادت کے وقت خرق ہو کے لڑکے کیساتھ باہر نکل آتا ہے پس جسوقت بچہ پیدا ہوتا ہے اور پردہ مذکور نہین نکلتا یا جنین پیٹ مین مرجاتا ہے اس صورت مین اُسکے نکالنے کی بہت جلد کوشش کرنی چاہیے تاکہ حاملہ کی ہلاکت کا سبب نہ ہو جائے اور جنین کے مرنے کی علامت یہ ہے کہ اُسکی حرکت محسوس نہین ہوتی اور حاملہ کے ہاتھ پاؤن ٹھنڈے ہو جاتے ہین اور چار دن تک ولادت کا درد رہتا ہے ترکیب مطبوخ جو اخراج جنین میت کیواسطے مفید ہے اور مطبوخات مین آئیگا پلائین کندش و شونیز و جند بیدستر سے چھینکین لوائین چھینک آتے وقت منہ ناک بند کر لین تاکہ قوت دفع اُس طرف پڑے اور مر و جاوشیر و خربق سفید مساوی کوٹ چھان کے گاے کے پتہ مین ملاکے اسکا فرزجہ استعمال کرین و سداب خشک تخم حنظل قسط ہر ایک تین درم مر مکی ایکدرم کوٹ کے گاے کے پتہ مین ملائین اور ناف و عانہ پر اسکا طلا کرین پوست مار زرد سر گین کبوتر کا دھوان دین اگر اس تدبیر سے نہ پیدا ہو چاہیے کہ قابلہ ہاتھ کو فرج مین ڈالے اور باہر نکالے اور یہ بھی ہوتا ہے کہ بچے کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے نکال لیتے ہین یہ عمل خطرناک ہوتا ہے دوائی احتباس نفاس خونی کہ بچہ پیدا ہونیکے بعد نکلتا ہے مدت اسکی تولد پسر مین پندرہ روز سے تیس دن تک ہے اور دختر مین بیس سے چالیس دن تک ہوتی ہے بالجملہ اگر اس مدت کے درمیان مین بند ہو جاے اور حالانکہ خون واجب الدفع ہوتا ہے اور عورت لاغر و ضعیف ہو اس صورت مین لازم ہے کہ اُسکے ادرار کی کوشش کرین ترکیب مطبوخ مدر نفاس جو مطبوخات مین آئیگا اور دوسرے ادرارات کھانا نافع ہے کبھی احتیاج فصد صافن و حجامت کی پڑتی ہے اور جو احتباس طمث مین بیان کیا گیا ہے حسب عادت مزاج عمل مین لائین دوائی سقط حمل ترکیب جو احتباس مشیمہ و جنین کے ذکر ہوا ہے کام مین لائین اور اگر

پہل کو قند سیاہ مین ملفوف کر کے کھلائین اور کھول کو پیس کے شیاف بنا کے کام مین لائین اسقاط کرنے مین مجرب ہے اور اگر لیتہ کو شیر زقوم مین تر کر کے رکھین اسقاط کیواسطے قوی الاثر ہے شونیز قلمی نیم درم ناشتا کرین اور شاخ نرم بید انجیر روغن انجیر مین آلودہ کر کے رحم مین شیاف کرنے سے بہت جلد اسقاط ہوتا ہے اسقاط کے بعد واجب ہے کہ مقل و زوفا و حرمل و صعتر و علک البطم و خردل جو کچھ موجود ہو جلائین اور دھوان اسکا دھوان رحم مین پہونچائین تاکہ خون سایل ہو اور غلیظ نہ ہو جائے دوائی برائے اسقاط حمل معمول ہجو وایمل سلطان اعظم شاہ ترکیب بیخ کٹائی و بار سبز کٹائی و بیخ بسکھپرہ و شاخ برگہائے بید انجیر و ایلوہ ہر ایک ایک تولہ نمک سنگ ایک ماشہ سب کو پانی مین پیس کے شیاف باندھین اور ہر روز ایک شیافہ یا دو شیافہ رکھین دوسرے دن اسقاط ہو جائیگا اور بچہ مردہ بھی گر پڑتا ہے ایضاً اسی سے کہ اس کام کیلیے مجرب ہے ترکیب تخم گزر تخم شلیت یعنی شبت کلونجی کبوتر سپندان مغز جوز قسط سوتھ اندرائن نسوت ایلوہ بوسیر یاہے پڑنگ اجوائن ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے تین حصے کرین ہر روز ایک حصہ کو دو سیر پانی مین جوش کرین اور چوتھائی سیر نکال لین بعدہ قند سیاہ و روغن کنجد ہر ایک پانچ درم داخل کر کے گرم گرم کھلائین دوائی مانع حمل ترکیب نعناع سداب قبل جماع کے حمول کرین اور سر قضیب روغن کنجد یا کسی دوسرے تیل یا آب پیاز سے آلودہ کر کے جماع کرنا مانع حمل ہے اور فرزجہ سرگین فیل یا شہد سے اور اگر سرگین فیل خشک کرین اور شہد ملا کے کھلائین یہی عمل کرتی ہے بلکہ تمام عمر حمل نہین ٹھہرتا ایضاً کہ عاقر قرحا گردانتے ہین ترکیب لقم الکجز و پوست تخم مرغ نیم جزو شب یمانی ربع جزو آب سداب مین ملا کے کسیقدر کھائین اور کسیقدر فرزجہ کرین ایضاً سداب خشک نطرون مساوی کوٹ چھان کے آب سداب تر مین ملائین اور قضیب پر مل کے جماع کرین ہرگز نہ ٹھہریگا اور اگر حمل ہو گا تو گر جائیگا دوائی مانع حمل انطاکی سے ترکیب ادویہ مانع حمل دو قسم پر ہے ایک قسم اسکی اختیاری ہے مثل حمول کے سداب و نعنع و قطران قبل جماع کے کہ یہ انعقاد منی کو اوسوقت خاصۃً مانع ہے اور مجربات سے ہے کہ مقناطیس ایک مثقال وزن مثل اسکے طلا یا نقرہ طالع جدی مین انگشتری ترکیب دیکے انگلی مین رکھین اور دوسری قسم وہ ہے کہ ہمیشہ منع کرتی ہے مثل ہرسہ زنخار الحدید و شرب شیر مایہ اسپ ڈیڑھ درم اور جو کہ وقت مخصوص تک مانع ہے مثل گلاب کے ہے بعد جماع و طہر شرب رطل یا ایک سال اسیطرح تمام کرنے ہے درم یا ایکسال بیان کیا گیا ہے و حمول سرگین فیل عسل خلف حیض سوا اسکے ہر ایک ان دونون مین سے چار سال تک منع حمل کرتی ہین اور کہتے ہین کہ مطلقاً میعہ سائلہ ایکدرم یا دو سال اور خواص مین آیا ہے کہ جب عورت یا مرد دہن غوک مین پیشاب کرے ہمیشہ کے واسطے حمل نہ ٹھہرے اور اگر بچے کا دانت جو زمین پر نہ گرا ہو نقرہ مین رکھ کے باندھ دین اسکی حامل حاملہ نہ ہو گی اور بسیار مکتوم مجرب ہے وسم شتر و جگر گوش حمولاً و بخوراً مانع ہے ایضاً مانع حمل بالکل اور بے تصدیع ترکیب کونپل کریل اسپند سوختنی مساوی کوٹ چھان کے سفوف بنائین اور ہر روز چھ ماشہ باسی پانی مین حیض کے بعد سات دن تک پھنکائین نوعدیگر مانع حمل ترکیب دار فلفل پڑنگ کابلی سہاگہ پیسکے دودھ مین آمیز کرین اور حیض سے فارغ ہونے کے بعد تین دوائی رجا یہ ایک بیماری ہے جو حمل سے مشابہت رکھتی ہے اور احتباس طمث کے مثل ہے تغیر رنگ سقوط اشتہاء طعام و جماع و انضمام فم رحم و انتفاخ پستان ہوتا ہے اور یہ بھی ہوتا ہے کہ مثل دروزہ کے درد ہو بعد اسکے گوشت کا ٹکڑا آئے یا رطوبات و فضلات یا ریح کثیر آئے اور صحت ہو جائے اور کچھ ظاہر نہ ہو اور کبھی مادہ رجا متعفن ہو کے ایک مزاج مستعد قبول نفس حیوانی پیدا کر دیتا ہے اسکے بعد مادہ مذکور اکتساب صورت حیوانی اختیار کرتا ہے اس علت اور حمل مین فرق اسطرح نکالنا چاہیے کہ رجا کا شکم سخت تر شکم حاملہ سے ہوتا ہے اور ہاتھ پانون مانند صاحب سوء القنیہ کے ٹپکتی ہے کثرت جشاء و سوء ہضم و فراقر ہوتا ہے اور جنین کی حرکت سے پہلے حرکت محسوس ہوتی ہے وقت حرکت اسپر بعد سہ ماہ و دختر بعد چہار ماہ کے ہوتا ہے جاننا چاہیے کہ اسکی حرکت مثل حرکت جنین کے نہین ہوتی بلکہ جسوقت پیٹ پر ہاتھ رکھا جاتا ہے

ایک جگہ سے دوسری جگہ کٹ جاتا ہے بخلاف سلے کہ بچہ خود بخود حرکت کرتا ہے یہ بھی ہوتا ہے کہ علت مذکور چار پانچ سال تک باقی رہے بلکہ آخر عمر تک زائل نہ ہو اور رجا و
استسقا مین فرق سختی سے نکالا جا سکتا ہے جو رجا کے واسطے مخصوص ہے اور استسقا کی مخصوص علامتون کے نہ ہونے سے اس مرض کا سبب کثرت انصباب ریاح وہی
رحم ہے مع حرارت شدید کہ حرارت لطیف اسکی تحلیل ہو جاتی ہے اور ما بقی غلیظ و کثیف ہو کے رہ جاتی ہے یا احتباس ریاح غلیظ یا ورم صلب رحم کہ احتباس حیض کا
موجب ہوتا ہے اور علامات انصباب مواد تقدم و فرط حرارت ہے رحم مین اور رحم کے گرد گری کا وجود اور نشان احتباس ریح نفخ و تمدد ہے اور ظہور استسقا طبلی
و علامات ورم و دوائی اورام رحم مین بیان کی گئی ہین ترکیب بعد نضج منضج گرم سے مسہل حار و حب ایارج سے تنقیہ کرین اور معاجین گرم کا سر ایاج کھلائین تریاق
بھی مفید ہوتا ہے اور دیگر ادویہ مدرات حیض و مخرج جنین پینے مین ہر چہ اولا کام مین لائین روغن یاسمین و روغن خیری و سداب کی مالش کرین اور جو تحلیل ریاح کے
واسطے ضمادات و کمادات محلل ہین اور جبکہ استسقا طبلی نفخ و قولنج ریحی مین گذرے اور نفخہ رحم مین مسطور ہین عمل مین لائین سختی رحم کی صورت مین ادویہ ملینہ بعد محللہ کے
کرو ورم صلب رحم مین گذرین علاج فرمائین دوائی رجا و عسر ولادت کیواسطے نافع اور مشیمہ کو ساقط کرتی ہے ترکیب مرفتہ جاوشیر ساذج کوٹ چھان کے
آب کرفس یا آب مازیانہ معصور مین دو درم دین دوائی حکہ رحم اور وہ یہ ہے کہ جسقدر بھی عورت کیساتھ مجامعت کیجائے وہ سیر نہین ہوتی سبب اسکا خلط
صفراوی ہے یا مالح بورقی یا اکال سوداوی کبھی منی حدت قبول کرتی ہے اور حکہ لاتی ہے علامات ہر خلط کے آثار مخصوصہ سے ہر ایک کے پوشیدہ نہین ہین دوا ایضاً استدلال
نوعیت خلط کا رنگ طمث سے بوضع پنبہ اندرون فرج جیساکہ سیلان طمث مین بیان ہوا کرنا چاہیے اور حدت منی پر عدم استفراغ منی طویل زمانہ تک دلیل
قوی ہے ترکیب بعد فصد و تنقیہ خلط غالب ادویہ باردہ سے مثل صندل و مامیثا اور مانند انکے ہمراہ عصارہ لحیۃ التیس و کشنیز سبز و خرفہ و کاہو کا طلا کرین اور روغنہائے
سرد مثل روغن بنفشہ و روغن گل کے ملین اور اگر برگ نعناع پوست انار عدس مقشر و میس کے برادہ آہنی مین ملائین اور سفوف بنا کر رکھ چھوڑین بہت مفید ہے اور جسجگہ
حدت منی سبب ہو ادویہ باردہ رطب جنمین کسیقدر تخدیر ہو اور دوائی کثرت شہوت و سرعت انزال و سیلان منی مین تفصیل کیساتھ ذکر ہوا ہے رکھین ایضاً برائے
حکہ قبل و دبر ترکیب حلبہ تخم کتان شہد مین جوش کرکے کپڑا اسمین لت کرکے رکھین ایضاً برائے خارش و سوزش فرج و حرقت بول اور ایام حمل مین بھی استعمال
کرین ترکیب کافور ریاحی گلاب مین گھس کے فرج پر ملین دوائی بواسیر رحم کبھی ہوتا ہے کہ خلط سوداوی سے مثل بواسیر مقعد کے عنق رحم مین بھی مسے پیدا ہو جاتے
ہین اور علامت اسکی یہ ہے کہ جب فم رحم کو کھولین کوئی شی بلند مثل مسہ ہائے مقعد معلوم ہوتی ہے اور اس سے رطوبت منتن خون کے رنگ کے یا مانند نکلتی ہے اور ہیجان و امتلا و حصبا
ہونیکے وقت مسہ ہائے مثل و سرخ اور درد کیساتھ ہوتے ہین ترکیب فصد و اسہال سودا اور سوائے اسکے جو بواسیر مقعد مین گذرا ہے اسپر عمل کرین اقلیمیائے
نقرہ زرد چوب مردا سنگ برابر موم و روغن کتان کے ہمراہ مرہم بنا کے لیپ کرین اور روغن نرگس و روغن سوسن طلا بھی فائدہ مند ہے اور جب دوا فائدہ نہ کرے
لوہے یا ریشم سے کاٹ ڈالین بشرطیکہ مسے بڑے اور چھوٹے نہ ہون ورنہ قطع نہ کرین اور ادویہ مجففہ کہ ذی حدت نہ ہون اختیار کرین دوائی رتق اور وہ یہ ہے
کہ کوئی زائد شی عضلہ کی قسم سے یا غشاء صلب فم فرج یا فم رحم یا دونون کے درمیان مین پیدا ہو پس جو فم فرج مین ہوتا ہے مانع دخول قضیب ہوتا ہے
جو فم رحم مین ہوتا ہے مانع حمل و خروج طمث ہوتا ہے اور جو دونون کے درمیان مین ہوتا ہے تو دخول تام قضیب کو روکتا ہے اور علت مذکور خلقی ہوتی ہے کہ اصل
خلقت مین منفذ پیدا نہین ہوتا یا غیر خلقی کیونکہ بعد اندمال قرحہ اسجگہ گوشت زائد پیدا ہو جاتا ہے اور باعث انسداد مجری ہوتا ہے کہ بعض اوقات مین

وہ زیادتی جو فرج کے دونون طرف ہوتی ہی بڑھ جاتا ہی اور سخت ہو جاتا ہی جماع سے مانع ہوتا ہی بالجملہ مرض مذکور مانع حمل و خروج طمث ہو جاتا ہی اور مریضہ کو ایام حیض مین اوجاع شدیدہ و بلاے عظیم مین مبتلا کر دیتا ہی ترکیب اگر ممکن ہو دستکاری کرین اسطرح کہ اگر باعث اسکا التحام ہی اور اگر اسکے ہونے سے گوشت پیدا ہو اس گوشت کو منقارہ سے کھینچ لین اور مبضع سے اُتار دین بالجملہ قطع ہونے کے بعد قالب مجوف مین دو ثقب صوف مین لپیٹ کے اور مرہم مانع الالتحام لگا کے اوسمین رکھدین تاکہ بتدریج جراحت اچھی ہو جاے بعد زخم اچھا ہونے کے قالب موقوف کر دین دوائی نتور رحم یعنے خروج رحم اسکا سبب مشیمہ کا کھینچنا یا جنین میت کا ہوتا ہی یا عورت بلند مقام سے گر پڑے کسی سخت جگہ پر یا بوجہ کھینچنا اور اُٹھانا یا اُچکنا عورت کا یا فزع شدید یا ضعف مرخی اعضا یا رطوبت بلغمی مرخی و مزلق رحم اور علامت اسکی یہ ہی کہ درد عظیم عانہ و مقعد و قطن و پشت مین پیدا ہوجاتا ہی اور کزاز و رعشہ و خوف بلا سبب عارض ہوتا ہی اور فرج مین ایک نرم جسم محسوس ہوتا ہی اور جسجگہ کہ رطوبت بلغمی سبب ہوتا ہی سیلان رطوبت رحم بھی اسپر گواہی دیتا ہی ترکیب خریطہ بنا کے ثفل روغن دیودار سے بھرین اور مطابق طالب بزور اندر کرین روغن مذکور اور بعدہ روغن گل کو کاہ اور عانہ پر ملین اور تقویت دل یاقوتیون اور دواء المسک و شربت گاؤزبان و قرص عنبر اور مانند انکے ایسے وقت مین لازم ہین اور روغن زنبق جسمین عطریات گھلائے ہون اُس سے حقنہ رحم کرین اور فرزجہ کہ طبیخ تالیفات فنجنوش مین ہوتا ہی استعمال کرین قابضات کا عانہ پر بھی ضماد کرین اور پیٹھ کے بل ہاتھ پھیلاکے سلائین دوائی سیلان رحم اور وہ یہ ہی کہ رحم کسی جانب میل کرتا ہی سبب اسکا ورم صلب یا ایک جانب کی رگونکا امتلا یا تکاثف و تقبض شق واحد یا تمدد رباطات والیاف یک شق ہوتا ہی خلط غلیظ کے بننے سے اور بار گران کو اُٹھانے اور کھینچنے سے اور اُچھلنے دوڑنے سے علامت اسکی یہ ہی کہ ہنگام مجامعت رحم مین درد ہوتا ہی اور قابلہ کو اُنگلیون سے معلوم ہو جاتا ہی کہ کس طرف مائل ہی کبھی زحیر عارض ہوتی ہی بول و براز بند ہو جاتا ہی دوسرے اسباب سبب پوشیدہ نہین ہین ترکیب اگر ورم کے سبب سے ہو ورم کا ازالہ کرین اگر رگونکا امتلا خون سے ہو فصد صافن شق مائل کیطرف کھلوائین اگر تکاثف سبب ہو بغیر مادہ کے آبزن مرطب مین بٹھائین و طبیخ انجیر و حلبہ و لب قرطم و تخم کتان و روغن کنجد ملا کے حقنہ رحم کرین اور روغن بابونہ و پیہ بط و ماکیان ملین اور جسجگہ انصباب رطوبات رحم پر ہونے سے ہو تنقیہ کیلیے مسہل گرم و حب ایارج دین بعد ازالہ سبب کے قابلہ اپنی انگلی کو قیروطی یا چربیون سے آلودہ کر کے رحم کو سیدھا کر دے دوائی اجتماع آب رحم مین علامت اسکی احتباس حیض ہی حرکت کیفیت قراقر شکم اور استسقاء زقی کے مشابہ حالت کا ظہور کبھی رطوبت رحم سے لپٹی ہوتی ہی ترکیب تنقیہ بدن و رحم کرین مدرات حیض دین و ضمہ استسقاء زقی اور جو دوائی استسقاء و سیلان رحم مین گذری کام مین لائین اور بھوک یا صحت تے بہت نفع کرتی ہی دوائی عقر و عسر الحبل جو عورت پانی نہین چھوڑتی اسی عقر کہتے ہین اور جو دشواری سے چھوڑتی ہی اسکو عسر حبل کہتے ہین اور یہ مرض اکثر بسبب برودت و رطوبت رحم ہوتا ہی اور کبھی بسبب حرارت و یبوست اور تولد ریح غلیظ و فربہی و لاغری زن وغیرہ علامت برودت رقت خون حیض ہی اور حیض کا دیر تک آنا سپیدی رنگ و سردی لمس وغیرہ علامت رطوبت سیلان رطوبت ہی رحم سے اگر حمل ہو تو تین ماہ کے بعد ساقط ہوجاتا ہی اور علامت حرارت گرمی و غلظ و سیاہی خون حیض ہی علامت یبوست قلت حیض و نحافت بدن و خشکی فرج ہوتی ہی اور علامت تولد ریح انتفاخ عانہ ہی خروج باد فرج سے جماع کے وقت با آواز اور بادی چیزون لینے نقصان پہونچنا ترکیب منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل حار و حب ایارج سے تنقیہ کرین و تریاق فاروق و معاجین و جوارشات گرم کھلائین اور

فرزجہ معین حمل عمل مین لائین شیاف معمولی سے کام لین اگر بسبب زیادتی فربہی زن ہو فصد و استفراغ کرائین گرسنہ رکھین یا حقنت کرائین اور اطریفل صغیر و لک مغسول
جوارش کمونی مین ملاکے کھلائین اگر حرارت و یبوست کے سبب سے تولد ریح غلیظ و لاغری بدن زن ہو یا بسبب احتباس حیض یا ورم رحم یا بواسیر رحم یا قرحہ رحم یا صلابت
یا رتق یا میلان رحم ہو علامت اور علاج ہر ایک کا فصول مین علیحدہ مسطور ہے اُس سے رجوع کرین ایضاً معین حمل بول بوقت جماع یا جماع سے پہلے عورت
کو کھانے دینا ہے تخم انجدان بھی اس بارہ مین مجرب ہے اور رکھنا جمیع پنیر مایہ کا خصوصاً پنیر مایہ خرگوش بعد طہر کے معین حمل ہے اسیطرح فرزجہ شکر و سنبل و حضض
و روغن بلسان و روغن بان و روغن سوسن بھی نافع ہے حمول برادہ دندان فیل گھس کے بعد طہر اسی طرح اسکا کھانا ایک نصف مثقال شکر کے ساتھ بعد طہر کے مجبل ہے نو عدد یہ
قسطین انگبزد و عفص گلنار کہ با ہر ایک نیم جزو قرد ملانعہ بصل طین ارمنی ہر ایک چوتھائی جزو کوٹ کے آب کاسنی مین ملا کے فرزجہ کرین دوائی کثرت
اسقاط یعنی بہت حمل کا اسقاط ہونا اور اسباب سکے اکثر وہ ہوتے ہین جو عقر مین بیان کیے گئے چنانچہ رطوبت رحم مزلق جنین و سوء مزاج حار محرق و بارد
مجمد و تولد ریاح و لاغری زن احتباس طمث و ضربہ و سقطہ و حرکات عنیفہ و غضب مفرط وغیرہ اکثر اس مرض کا سبب رطوبت رحم ہوتی ہے یا ریاح
غلیظ اور علامت ریاح قراقر و نفخ و انتفاخ عانہ ہوتا ہے اور کبھی فساد حال جنین مثل ضعف و موت جنین بھی باعث اسقاط ہو جاتا ہے علامت اسکی
کثرت اسقام حاملہ ہے بہت استفراغات و جریان حیض و درد اسیر اول حمل مین و ایضاً جنین متحرک نہین ہوتا یا حرکت ضعیف کرتا ہے ترکیب منع سبب
کرین اور اکثر اسباب کی مع علاج کے تفصیل دوائی عقر مین بیان ہوئی اور باقی جو اسجگہ لکھی جاے حسب سبب عمل مین لائین مثلاً اگر رطوبت سے ہو تو قے
کی عادت کرین منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل گرم و حب ایارج سے تنقیہ کرین دواء المسک حار و معاجین گرم کھلائین اور گلقند ہمراہ مصطگی و
عود مفید ہے روغنہاے حارہ سے حقنہ کرین اگر حاملہ کی لاغری سے ہو غذا کے بعد حمام کرائین ہریسہ و روغن و شکر و شورباے جوزہ مرغ فربہ
کھلائین اگر بسبب ریاح غلیظ ہو جوارش کمونی اور مانند اسکے کھلائین فرج و عانہ و قطن کو روغن سوسن و زنبق سے چرب کرین حقنہ کرین شکر و بارجیل
کھلائین منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین اگر اسقاط ہو جاے جو مطبوخات مین مطبوخ آسکا دینا چاہیے دوائی مانع اسقاط حمل ترکیب
اصل السوس چھانی لودھ آملہ مساوی کوٹ چھان کے بقدر نیم دام دو تین درم بکری کے دودھ اور نیم دام شہد خالص مین ملا کے پلائین ایضاً براے
جنین کہ مائی حرکت کی زیادتی سے متحرک ہوتا ہے ترکیب کندر دو درم باریک پیس کے ساٹھی چانول کی پیچ مین پئین اگر غم کے سبب سے
یہ علت ہو مفرحات قابضہ عمل مین لائین دوائی اُس عورت کے لیے جو بچہ جننے کے بعد سنبات ہو جاتی ہے اور دونون جبڑے بیٹھ جاتے ہین کہ منھ
کھل نہین سکتا ترکیب اسطوخودوس بلے بڑنگ گل بابونہ ہر ایک ایک تولہ مویز منقی دس دانہ جوش اور چھان کے جسطرح ممکن ہو پلادین
و بادیان و بیج ہر ایک دو تولہ جوش کر کے بعد فاقہ کے غرغرہ کرائین جوزبوا پیس کے روغن کنجد مین ملائین نیم گرم دونون کلون پر ضماد کرین سونٹھ
پیپلا مول کا پھل خشک گھس کے مین دوائی نافع درد شکم کہ بعد جننے کے عورتون کو ہوتا ہے اور اسکو ہندی مین گجبیلن کہتے ہین ترکیب
پوست خربزہ خشک کوٹ چھان کے بقدر دو درم ہمراہ عرق بادیان کھلائین اسی طرح نارجیل کہنہ کھلانا مفید ہے اسیطرح طبیخ صعتر و بیزرک جبہ
برشتا آب حلبہ مین مفید ہے ایضاً براے درد کہ بعد ولادت ہوتا ہے ترکیب عود صلیب نمک لاہوری بسفائج فستقی فلفل سیاہ ہر ایک ایک ماشہ

پیس کے سفوف بنائین اور کھلائین دوائی نافع حدبہ در یاح افرسہ حدبہ مراد ہی زوال فقرات پشت سے قدام کیطرف یا خلف یا یمین یا یسار پس
زوال فقرات اگر قدام کیطرف ہو اسکو حدبۃ المتقدم کہتے ہین اللہ تقصیع کہتے ہین اسمین سوء تنفس لازم ہوتا ہی اگر خلف کیجانب ہو حدبۃ المؤخر کہتے ہین
اور حدبہ حقیقی یہی ہی اگر یمین و یسار کیطرف زوال ہو اسکو التوا کہتے ہین ریاح افرسہ حدبہ کی ایک قسم ہے چنانچہ بیان ہوگی بالجملہ اگر حدبہ کا سبب ورم
حار ہوتا ہی کہ عضلات متصل فقار مین حادث ہوتا ہی اور مہرہ ونکو منضغط کرتا ہی اور اُسکی جگہ سے باہر کر دیتا ہی علامات اسکی وجع شدید و ثقل پشت و
تب حار و عظم نبض ہوتا ہی اگر ریاح غلیظ ہون کہ زیر فقرات مین محتبس ہو جاتے ہین اور سخت تمدد کے سبب سے مہرہ ونکو ہلا دیتے ہین انکو ریاح الافرسہ
کہتے ہین علامت اسکی یہ ہی کہ درد پشت کے بعد حادث ہوتے ہین تب نہین ہوتی کبھی درد زیادہ ہوتا ہی آخر مین نقصان پہونچتا ہی اگر رطوبت رقیقہ مزلقہ
فالجی ہو کہ جرم رباط فقار مین نافذ ہو جائین اور خاصرین اور مہرہ ونکو انکی جگہ سے جنبش دیدین علامات اسکی سپیدی رنگ و سردی ملمس و تقدم تدابیر مرطبہ
ہوتی ہی اور اگر اُسجگہ تیل کی مالش کرین جلد جذب نہین ہوتا اگر تشنج رباطات فقار ہوتا ہی علامات اسکی فصل تشنج مین ڈھونڈھین اسی طرح اسکا علاج
بھی اگر ضربہ و سقطہ ہو علاج اسکا تقدم و قوع ہی ترکیب اگر اُسکا سبب ورم حار ہو پہلے فصد باسلیق کھلوائین اور اضمدہ ملینہ مثل لعاب حلبہ و تخم
کتان و سپیدہ مرغ و پیہ بط و مغز ساق گاؤ و گل بنفشہ و تخم خطمی کا ضماد کرین و روغن گل و مانند انکے نیم گرم کرکے ملین اور نطول کرین اور منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ
کرین اور بعد تنقیہ مسہل دین بنا رکھی و سورنجان بھی اضافہ کرین ماء الشعیر غذا دین بعد تسکین درد و زوال ورم ضمادات قوی التحلیل سے کام لین اور ریاح الافرسہ
مین منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین اسکے بعد حب سورنجان دین اور فقرات کو روغن قسط و بید انجیر سے ملین اور بقیہ مرض رفع کرنیکے
لیے نطولات محللہ سے علاج کرین محاجم ناری رکھین اور جسجگہ منقصع ہو داخل کیطرف اور رطوبی مین فالج کا علاج کرین اور جو ریاح الافرسہ کے بارہ مین اوپر
گذرا استعمال کرین اور اگر بسبب ضربہ و سقطہ ہو فصد کھلوائین اور رد فقرہ اُسکی جگہ پر کرین بعد ازان ادویہ قابضہ مانند قسط و سنبل الطیب و مر و سلیخہ
پیس کے سرکہ مین لیپ لگائین ایضاً انطاکی کہتا ہی کہ حدبہ خلقی کا کوئی علاج نہین ہی اسکے علاوہ اقسام کا علاج تنقیہ و ادہان و اطلیہ سے کرین
اور حقنے و فتیلے اوجاع پشت مین مشروبات سے بہتر ہوتے ہین اور ریاح سے بعضے وہ ہین کہ اسقدر غلبہ کرتے ہین کہ ہڈی توڑ دیتے ہین اور بعض ایسے ہین جو
ایک عضو سے دوسرے عضو مین منتقل ہو جاتے ہین سب کا علاج مغشش و محلل مشروبات وغیرہ سے ہے اور اُس سے جو ہر مادہ کیواسطے دوا معلوم
ہوتی ہی پس اسکے بیان سے طول دینا نہین چاہتا لیکن وہ جو اس مرض کیواسطے مخصص ہی از انجملہ مثل غاریقون و ریوند و زنجبیل و تربد اگر ان سب کو
مساوی جمع کر کے کوٹین اور اُسمین سے ایکدرم میرے مجربات سے ہی اسی طرح دار فلفل و سعد و انیسون کے مانند کھائین اور عصارہ کرفس با طبیخ حی العالم
و بیخ توت اور مجربات سے طلا و روغن عاقر قرحا و بید انجیر و سداب و خردل و جوز و بادام ہی مجموعاً اور منفرداً اور یہ اُسوقت کیلیے ہے کہ جب مادہ بارد ہو
لیکن مادہ حار مین لابد ہی کہ فصد و شربت ورد ہمراہ آرد جو کے ینبوع لیشک بزر و سرکہ مین طلا کے طلا کرین اسیطرح آب کشنیز روغن بنفشہ و بادام مین اور
مجربات سے انجیر و قرطم و صنوبر کا مطبوخ اولیٰ ہی اور اخراج اخلاط لزجہ کیواسطے پشت و سرین کیواسطے مجرب ہی روغن نفط و زقوم ہی پینے مین اور
لگانے مین اور مثل اسکے ہی علاج درد پہلو و خاصرہ کا ایضاً مغری الیہ نے تذکرہ مین لکھا ہی کہ اسباب حدبہ جماع کیحالت ضعف دماغ و امتلا مین ہوتے ہین

اور نفخ یہ کے بعد سخت حرکت مثل سرلیسہ کے اور بعد استفراغ کے اور علامت اسکی درد اعصاب و ماکاد فرطیس مع امتلاء و کثرت اغذیہ مولدہ اخلاط
غلیظ و بخار غلیظ ہے اور علاج اسکا یہ ہے کہ کوئی شے قے سے زیادہ مفید جو مولی و شبت و عسل و بورق سے کیجائے نہیں ہے بعد اسکے فصد باسلیق و وضع محاجم
جہت منجذبہ پر اور اگرچہ باری ہو اولا استفراغ ایارجات کبار و تناول شرودیطوس و تریاق اربعہ و معجون ہرمس بعدہ استفراغ پھر کیا جائے اور معاجین حسن
مع لیپون کے اور نطول برائے محلل و مقطع مثل اشق و حرف و زنجبیل و میعہ و مرزنجوش ہمراہ لعابات متبوع ادہان حارہ کیساتھ مثل روغن قسط
بابونہ و غار و ناردین و نرگس اور یہ ضماد میری ترکیبات سے ہے ترمس حلبہ باقلا جو مساوی کوٹ چھان کے نصف اسکے برابر حنظل کوفتہ اور چوتھائی اسکا
انجیر خشک و چوتھائی کے برابر ان میں سے ہر ایک تخم کرفس و اشق و میعہ و زعفران و بیخ کبر شہد میں ملا کے کام میں لائیں اور یہ معجون تین روز تک
برابر استعمال کریں پھر تین روز تک ترک کردیں مجرب ہے اور جس روز کہ میں نے یہ مرکب بنایا ہے تمام امراض عصب میں استعمال کیا تو خطا نہیں کی
اور اسکا نسخہ معاجین کے ذیل میں آئیگا اور اسکا جید علاج رصاص کا ایکبار باندھنا ہے پھر گرم روٹی پھر جاورس پھر گرم کرکے نمک پھر رصاص اور
جس ترکیب سے ذکر کیا گیا ہے ایضاً سر سہدی کہتا ہے کہ جو دوائی غاریقون وغیرہ میں قول انطاکی میں گذرا مجرب صحیح ہے اور چونکہ خلط لزج پھیل کر پریشان
کردیتا ہے اور پشت و سرین سے خارج نہیں ہوتا پس روغن نفط اور قوم استعمال کرتے ہیں اور حب ہندی جس سے بہت لوگ اچھے ہوئے ہیں جو بموجب کے
ذیل میں تحریر ہو چکی اور اسکا بارہا میں نے تجربہ کیا ہے ایسی دوا کی مداومت کا بھی تجربہ کیا جاچکا ہے گل سرخ اسارون ناردین مصطگی دارچینی ہر ایک
پانچ درم مرکی دس درم زرنباد درونج ہر ایک تین درم تخم کرفس حرمل ہر ایک چار درم وہیں کے شہد میں ملائیں خوراک ایکدرم تہائی رطل نیم گرم پانی
میں دوائی درد پشت اور درد خاصرہ یعنی تہیگاہ سبب درد پشت کا اکثر سردی مزاج کے سبب سے ہوتا ہے یا تولد بلغم خام کے سبب سے عضلات و فقرات پشت میں یا
انصباب خلط بلغمی ہے بدن میں عضلات و رباطات و اوتار پشت میں یا دخول ریح سے اعضائے مذکور میں یا امتلائے رگ بزرگ سے جو طول پشت پر واقع ہے
خون سے اور درد تہیگاہ کے اسباب مثل اسباب درد پشت کے ہوتے ہیں اور زیادہ تر بلغمی ریحی ہوتے ہیں اوسکا علاج درد پشت کے علاج کے مانند کریں
بالجملہ سردی کی علامت احساس برودت اور درد بلا ثقل ہوتا ہے اور بتدریج حادث ہوتا ہے اور گرم چیز و نیز حرکت دستی و دلک سے تسکین ہوتی ہے اور
علامت تولد بلغم درد مع ثقل و تقدم تناول چیز ہائے بلغم افزا سے درد و ثقل روز بروز بڑھتا جاتا ہے اور علامت انصباب بلغم و دخول ریح حدوث وجع ہے
بعد غضب و تعب و جماع شدت کے اور سوائے انکے تحریک مادہ کرتا ہے پس اگر مادہ متحرک ہوکے خود آئے درد پشت کے واسطے وجع ثقیل لازم ہے اور ہر بات
پیدا ہوتی ہے اور اگر فقط ریح اس مادہ سے جدا ہوکر پشت میں آجائے وجع تمددی ہوتا ہے درد منتقل ہوتا رہتا ہے ثقل کمتر ہوتا ہے اور علامت امتلائے
رگ پشت اسکے خون سے ہوتا ہے کہ باوجود علامات غلبۂ خون کے درد و ضربان تمام پشت میں ابتدائے فقرات پشت سے تا آخر فقرات
قطن ہوتا ہے اور حرکت کیوقت درد میں شدت ہوتی ہے ترکیب برائے رفع سردی مزاج تریاق اربعہ و مثرودیطوس اور مانند ان کے
معاجین حارہ ہمراہ طبیخ اصول و بزور حارہ و ماء العسل دیں اور اطریفلات و فلاسفہ و مربائے فج و انجیر و ترمس و حب صنوبر نافع ہے
اور روغنہائے حارہ مثل روغن قسط و بابونہ و سداب و بید انجیر و جندبیدستر ملا کے ملیں اضمدہ حارہ کا ضماد کریں غذا نخود آب گوشت

طبور گرم مصالحون سے تیار کرین اور تولد بلغم کی صورت مین سوائے ان تدبیرون کے مسہل حار سے کہ جسمین ہلیلجات ہر ایک چھ ماشہ سورنجان پانچماشہ بوزیدان
تین ماشہ بھی بڑھالین اور تنقیہ کرین بعد ازان حب سورنجان بطریق حب ایارج کھلائین اور پیٹھ پر روغن قسط و روغن بید انجیر ملین اور جبکہ مادہ نہ ہو صرف گرم تیلونکی مالش
کافی ہوتی ہے تے بھی نافع ہے تقلیل غذا انفع ہوتی ہے انصباب بلغم کی حالت مین اور ریح منفصلہ کیصورت مین مادہ تحلیل کرنے کے لیئے اور تلیین و ترطیب اعضا
کی غرض سے اہتمام کرین روغن بنفشہ وغیرہ ایکجا کرکے طلین نطولات مرخیہ محللہ فائدہ کرتے ہین اور اگر ان تدبیرونسے فائدہ نہ ہو بدستور تنقیہ کرین جبکہ امتلاء رگ
سبب ہو فصد باسلیق کھلوائین اور نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین اور درد پشت جو بسبب تعب و بار گران اٹھانے اور حرکت عنیف و کثرت جماع
و پشت خم کرکے بیٹھنے کے سبب سے واقع ہونے سے اعیاء و ماندگی کے عضلات و رباطات پشت مین حادث ہو بدون تداخل مادہ بلغم یا ریح اس حالت مین
گرم تیلونکی مالش اور ترک سبب کافی ہوتا ہے اور جو گردہ کی مشارکت سے ہو اسکا علاج کرین ایسے کے لیے ضعف باہ لازم ہے اور جو مشارکت رحم سے ہوتا ہے جیسا
کہ بعض عورتونکو ایام حیض مین بوجہ فراغت سے نہ ہونے کے اسکی تدابیر ادرار حیض ہے جیسا کہ دوائی احتباس طمث مین ذکر ہوا ہے روغن گل سے پیٹھ کی
مالش اور جو احتباس ثفل سے ہو مین بواسطہ مزاحمت عارض ہو تو زوال سبب سے زائل ہو جاتا ہے دوائی اوجاع مفاصل مادہ دموی سے علامات اسکی
سرخی موضع و عظم ورم و شدت ضربان و تمدد ہوتی ہے ترکیب اول فصد باسلیق جسطرف درد ہو کھلوائین اگر دونون طرف درد ہو دونون طرف
کھلوائین لیکن اگر درد اعالی بدن مین ہو رگ اکحل دست مخالف سے کھلوائین یا فصد قیفال لین اور خواہ کوئی فصد لیجائے خون زیادہ نکلوائین یکبارگی
یا بدفعات نکلوائین اور جبکہ فصد کی ممانعت ہو موضع درد سے نیچے حجامت کرائین فصد کے بعد تبریدین نضج کے بعد مسہل بارد کہ جسمین ہلیلجات و سورنجان
داخل کی ہو تنقیہ کرائین طلاء سرو کا طلا کرین اور صندلین و گل سرخ و سپیاری چھالیہ و مامیثا و اقاقیا اور مانند ان کے ادویہ رادعہ قابضہ سے یا عرق
آب کشنیز سبز ملاکے لیپ کرین اور اگر درد شدید ہو افیون و زعفران و بیخ تفاح اور مثل انکے ادویہ مخدرہ سے ملائین اور انتہا کے قریب کسیقدر ادویہ
قلیل التحلیل مانند خطمی و بنفشہ کے داخل کرین جبکہ انتہا کو پہونچ جائے اور مادہ بالکل حرکت نہ کرے قوی التحلیل چیزین مثل اکلیل الملک بابونہ کے بڑھائین
اور ضماد تنقیہ کے بعد مناسب ہوگا اگر مادہ قلیل ہو تنقیہ سے پہلے بھی مضائقہ نہین ہے **ایضاً** برائے اوجاع مفاصل انطاکی سے **ترکیب** مفاصل حار
مین اول فصد پھر تنقیہ بحسب مادہ کرین بعد اسکے طلا پہلے رادع سے مثل آب کشنیز و حی العالم و العنب کے کرین بعدہ محللات سے مثل آرد جو
باقلا و بعد انحطاط مثل بابونہ و اکلیل الملک بنا بر قوت تحلیل کرین اگر ضربان نیند نہ آنے دے اسکی تسکین کی سعی کرنی چاہیے مثل طلاء استخوان سوختہ و
عدس و تفاح و افیون و زعفران و بنج کے اور رادعات سے ہو کہ دوائی اس بیماری مین سورنجان سے خالی نہ ہو کیونکہ اسکے اختصاص سے بدن اور ادویہ
تضییق سے مجاری کو اور اسکا نہ ملانا مادہ نازل کو دوبارہ جمع کرنیکا سبب ہوتا ہے اور جو حار مین بالطبع نافع ہے سرد قطونا سرکہ در روغن گل و خطمی بارد جو گل سرخ
و مورد و کدو و کاہو و خشخاش ہے مطلقاً دوائی اوجاع مفاصل مادہ خون صفراوی یا صرف صفرا سے علامات اسکی شدت درد و التہاب و سرعت نبض
و نارییت بول و زردی رنگ مع قلیل سرخی کے ہوتی ہے ترکیب جو تدبیر دموی مین گذری کام مین لائین لیکن ایسی حالت مین زیادہ خون نکالنے کی ضرورت
نہین ہے اس قسم مین تدبیر و تسکین زیادہ کرنی چاہیے اور سکنجبین جو بہت ترش ہو انفع اشیاء سے ہے قے کرنا بدستور و بعد اسہال مدرات بارد نافع ہین اور

ادویہ بارد جنمین قبض کا احتمال نہو مانند کدو و کاہو و کافور سرکہ و آب گشنیز سبز مین ملا کے لیپ کرین اور ادویہ محللہ کی بھی اسمین احتیاج نہین ہوتی ایضاً دوائی مدر
کہ اوجاع مفاصل صفراوی کیواسطے مفید ہی ترکیب شیرۂ تخم خرپزہ شیرۂ تخم خیارین جس پانی مین کہ برسیاوشان اور زوفا الصبغ جوش کیے ہون نکال کے
سکنجبین ملا کے پلادین دوائی اوجاع مفاصل مادہ مرکب سے بلغم و صفراء سے یا سودا و صفراء سے علامت ترکیب بلغم قلت التہاب درد اور خارش ورم
ہوتی ہی اور نشان ترکیب سودا قلت درد و تمدد و خشکی و سیاہی و خلع و صلابت ورم ہوتی ہی ترکیب سورنجان مصطگی رومی بوزیدان ہر ایک ایک ماشہ سب کے
گلقند مین ملائین ہمراہ شیرۂ بادیان شیرۂ تخم خیارین شیرۂ خارخسک شیرۂ تخم خرپزہ عرقیات مین نکال کے شربت بزوری ملا کے کھائین اور معجون سورنجان ہمراہ
تبرید کو بہت فائدہ کرتی ہی معجون عشبہ بھی اس بارہ مین مجرب ہی اور ادویہ محللہ ملینہ ناخونہ بابونہ و شبت و خطمی و صبر و لعاب حلبہ و تخم کتان کا لیپ کرین
روغن بید انجیر و روغن حنا کی مالش کرین خصوصاً کہ سورنجان تلخ و بیخ نے و جدوار خطائی اسمین ڈالی گئی ہو اور صابون و حنا کو پانی مین مسح کر کے نیم گرم لیپ کرین
اگر مادہ کثیر ہو جاہیے کہ بعد منضج مرکب سے نضج کے بحسب غلبۂ خلط مسہل مرکب سے تنقیہ کرین دوائی اوجاع مفاصل مادہ بلغم سے علامت اسکی سفیدی رنگ
و قلت درد و لزوم درد اور عدم حرارت و التہاب و تقدم استعمال مولدات بلغم ہوتی ہین ترکیب طبیخ شبت و اصل السوس مین شہد ملا کے چند روز قے کرین
اگر اس تدبیر سے فائدہ نہو نضج کے بعد مسہل و حب سورنجان دین اسطور سے کہ دوائی حدبہ و دیاح الافرسہ مین بیان ہوا ہی مسہل متفرق طور پر دین
اور مسہلون کے درمیان مین منضجات کے استعمال پر قناعت کرین تاکہ بخوبی مادہ کا نضج ہو جاے اور بغیر ضعف کے تمام مادہ استفراغ مین نکل جانے بعد اسکے اخراج
مادہ کیواسطے کہ تھوڑا سا رہ گیا ہوگا مدرات حارہ سے کام لین ایضاً تحلیل کیواسطے اضمدۂ محلل و طلین اور گرم تیلون کا استعمال کرین اور محللات صرف اور
رادعات صرف کا زنہار لیپ نہ کرین کہ اسمین تحجر کا خوف ہوتا ہی ایضاً انطاکی سے ترکیب مفاصل باردین تنقیہ کے بعد زعفران و فرفیون و جند بیدستر
و عاقرقرحا کا لیپ کرین اور جو چیزین اس قسم کیواسطے مفید ہین وہ یہ ہین گلقند عسلی رماد العسل ہمراہ طبیخ قرطم دماہو دانہ و دارچینی و شبت و حلبہ کھانے لگانے
و چھانے مین اور صبر لعقا اور بکتیر یعنے المتاس اور جو اس علت مین نقرس وغیرہ کا تجربہ ہوا ہی میری ترکیبون سے ایک معجون ہی کہ اسمین مغز بادام و خردل و سنا
بھی داخل ہی اور معاجین مین ایگی اسکو معجون سورنجان و حب سورنجان و معجون ہرمس و نجاح و شربت نجاح خاص کر طبیب کی نظر مین آتا ہی عاریقون و زعفران
و حنظل و مر و مقل اور اسی طرح اس سے مالش و روغن قثاء الحمار و آرد جو ہمراہ اسقمونیا و طبیخ صعتر کاہ گندم سے دوائی اوجاع مفاصل مادہ سوداوی خالص
علامت اسکی وہی ہی جو مادہ مرکب سودا و صفرا مین بیان ہوئی و کل علامات سودا و کثرت اشتہاء طعام و قلت انتفاع علاج سے گرم چیزون سے فائدہ بھی
اسکی علامت ہی ترکیب فصد کھلوائین رگ چوڑی لین اگر خون غلیظ اور سیاہ نکلے تو زیادہ لین اگر سرخ و صاف نکلے فوراً بند کر دین نضج و تلطیف
مادہ کے لیے کوشش کرین بعدہ فصد کھلوائین بعد نضج تام کے مسہل سودا دین باقی تنقیہ کیواسطے معجون افتیمون و عشبہ کام مین لائین اور ملینہ
و محللہ لیپ لگائین مثل بابونہ و آرد حلبہ و تخم کتان و مقل و جاوشیر و راتینج و مغز کے بکری کی چربی مین پگھلا کے زیت و روغن گاو ملا کے لیپ کرین
و قیروطی و روغن قسط و بید انجیر و بابونہ و موم و مکر کیے گردے کی چربی مرغی کی چربی بط کی چربی ملا کے بنائین مفید ہین روغنہاے گرم و تر لین آبزن و نطولات
مناسبہ سے کام لین اور پورے طور پر حال کا علاج کرین ترطیب بدن سے غافل نہون و تحلیل کرنے مین زیادتی نہ کرین اہتمام معتدل اور ریاضت

معتدل غذا ہے پہلے سود مند ہو دوائی اوجاع مفاصل مادہ ریحی سے علامت اسکی انتقال درد و شدت تمدد ہے ترکیب گلقند عرق بادیان مین مل اور جھاؤ
شربت بزوری ملا کے پی لین روغن گل اور مانند اسکے ملین تنقیہ بلغم و تجویدہضم کرائین کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مادہ ریح بہت حدت و حرارت کیساتھ ہوتا ہے اور ہڈیون تک
پہونچتا ہے انکو فاسد کردیتا ہے اور مار ڈالتا ہے اسکا نام ریح شوکہ ہے تدبیر اسکی اخراج خون و تنقیہ صفرا ہے دوائی برائے تحجر مفاصل و مفاصل صلب ہوجاتا ہے
یہانتک کہ حرکت نہین کیجا سکتی ترکیب تنقیہ کے بعد مقام تحجر کو روغن کنجد و پیہ مرغ و بط و لعاب حلبہ و بزرکتان سے ملین اور آبزن روباہ و کفتار
جو زندہ تیل مین تلی کے اور آب کے جوش کیا ہو کرین ایضاً برائے وجع مفاصل جس شخص کا مزاج حار یابس ہو مرض بواسیر بادی کا ہو قبض رہتا ہو گرم غذا
اور دوا کے استعمال کی برداشت نہ ہو چاہیے کہ پہلے چند روز سورنجان شیرین دانہ ہیل کشنیز خشک ایک ایک ماشہ نبات سفید تین ماشہ پیس کے پھانکے اور
شیرہ تخم قرطم شیرہ تخم خربزہ شیرہ خار خسک ہر ایک نو ماشہ مکو کے عرق مین نکال کے صاف کرکے شکر سفید دو تولہ ملا کے پئین اگر صحت ہوجاے بہتر ہے ورنہ
دو چار روز تخم قرطم بادیان اصل السوس ہر ایک چھ ماشہ مویز منقی دس دانہ عنب الثعلب پانچ ماشہ پانی مین جوش کرکے گلقند دو تولہ ملا کے پئین بعدہ وقت
شب حب سورنجان رازی جو حبوب مین تحریر ہے اسمین گل سرخ بڑھا کے چارون اجزا مساوی لیکے گولیان بنائین اور بقدر ایک تولہ گرم پانی مین نگل
جائین صبحکو عرق بادیان و تین مرتبہ پئین کہ اس سے مواد خارج ہوتا ہے اور تبرید لعاب بہدانہ و گاؤزبان و نبات و تخم ریحان چھڑک کر پئین اگر گولیان کھانے سے پانچ
چھ مرتبہ اجابت ہو ایکدن فاصلہ دیکے تبرید مذکور پئین اگر دو تین بار اجابت ہو فاصلہ دینے کی ضرورت نہین ہے جسدن حرارت محسوس ہو تبرید مین غذا
مین مونگ کی دال قلیہ پھلکا اگر کبھی مروڑ پیٹ مین معلوم ہو تخم مرو گلاب مین جوش دیکے اور چھان کے تبرید کے نسخہ مین ملا دین دوائی نقرس یہ ایک
درد ہوتا ہے کہ مفصل کعب یعنے ٹخنا لنگ انگلیون کی پورون مین خاصکر پاؤن کے انگوٹھے مین ہوتا ہے یہ مرض اکثر مادی ہوتا ہے سوء مزاج ساذج مین شاذ
ہوتا ہے مادہ منصبہ اسمین بہت ہوتا ہے مفاصل اسکا تنگ تر ہوتا ہے اور خصیان و صبیان کو نقرس نہین ہوتا اسکا مادہ صفرا حار سے خالی نہین ہوتا و ایضاً اگر
یہ مرض کثرت جماع سے امتلا کیحالت مین پیدا ہوجاتا ہے اور عورتون کو سوائے احتباس حیض کے وقت کے نہین ہوتا ہے ترکیب حسب مادہ تعدیل و تنقیہ مثل
علاج مفاصل کے کرین اس مرض مین پینے کی ٹھنڈائیان اور طلا زیادہ استعمال کرین اگر مریض صفراوی مزاج ہو کیونکہ اسکے لیے مادہ کے اعادہ کا خوف ہے مفاصل سے
اعضاے رئیس کیطرف یہ ہلاکت کا سبب ہوجاتا ہے اگر اس قسم کی خطا ہوجاے اور اعضاے رئیسہ مین تغیر محسوس ہو غشی و خفقان وغیرہ پیدا ہو
آب نیمگرم یا طبیخ حشائش مرخیہ و جاذبہ مثل بنفشہ و بابونہ و مانند انکے مفصل پاؤن پر نطیل کرین مفرحات کھلائین ایضاً برائے نقرس حار الطاکی سے
ترکیب علامت و علاج نقرس کا مثل وجع مفاصل کے ہے لیکن یہ ضرور ہے کہ نقرس حار کو نفع کرتا ہے طلاے حی العالم و کشنیز و حنا و سرکہ و آرد جو اور
خواص مین آیا ہے کہ موے کودک کی تعلیق اسکو تسکین دیتی ہے اسی طرح مسور کے چالیس دانہ نگل جانا چالیس روز تک انڈے کی زردی اور افیون کا طلا بھی مسکن
درد ہے دوائی وجع الورک یہ ایک درد ہے کہ مفصل ورک یعنے سرین مین ہوتا ہے اکثر ضعف ورک سے دیر تک سخت چیز پر بیٹھے رہنے یا چوٹ یا کثرت
سواری سے ہوتا ہے اسکا مادہ زیادہ تر بلغم خام ہوتا ہے اور کبھی وجع الورک مواد حارہ و مختلفہ و امتلاے عروق و رگ خون کی وجہ سے بھی ہوتا ہے
زیادہ تر یہ ہوتا ہے کہ انتقال سے اوجاع رحم مزمنہ کے کہ قریب دس ماہ کے گذر جائین پیدا ہوجاتا ہے اور وجع الورک عرق النسا کا مقدمہ ہوتا ہے

اور کبھی مفصل ورک بواسطہ اجتماع رطوبت مخاطی کے اوس سے خارج ہو جاتا ہے رباطاس کیلئے قبول کرتا ہے ترکیب علاج اسکا مثل علاج وجع مفاصل کے کرین اگر اُس سے فائدہ نہ ہو عسل بلادر کا طلا کرین اسی طرح شیر زقوم دھند بدستر یا شیر انجیر کا لیپ لگائین تاکہ آبلہ اُبھرے اور اُس سے مواد جاری ہو جائے چاہیے کہ مندمل نہ ہونے دین اگر اسطرح بھی اچھا نہ ہو داغ دین **ایضاً** برائے وجع الورک **ترکیب** غاریقون باریک چھلنی میں چھانکے اور ایک مثقال اطریفل صغیر دو مثقال مین گولا بنا کے کھائین غذا نخود آب **دوائی** جسکا نام چار دانہ ہے اور دوائی حالم جسکا نام ہے برائے وجع الورک و وجع الرکبہ مجرب ہے **ترکیب** میتھی اجوائن ہالون کلونجی چارون برابر لیکے کوٹین ہر صبحکو جسقدر تین انگلیون مین آئے گرم پانی سے پھانکین گھٹانے بڑھانے کا وزن کے حسب مزاج اختیار ہے بعضے میتھی کے عوض بالنگنی لیتے ہین اور تخم سنواڑ بڑھا دیتے ہین اور صاحب تکملہ کہتا ہے کہ یہ صحیح ہے اُن چارون سے زیادہ انفع ہین **دوائی** برائے وجع الرکبہ انطاکی سے منقول ہے یہ درد ہے جو زانو کے جوڑ پر ہوتا ہے ترکیب اوجاع رکبہ مثل وجع الورک کے ہوتا ہے انحصار مادہ اور تمام احکام کے متعلق لیکن مجرب ہے اسمین پینا انگزہ وانزروت ہمراہ روغن جوز کا طلیہ سے روغن ترب ہے اور برگ دفلی ہمراہ آرد ترمس و عسل اور اسیطرح صابون حنا موزن کا لیپ **دوائی** عرق النسا یہ درد ہے کہ مفصل ورک سے شروع ہوتا ہے اور جانب وحشی فخذ سے پانون کیطرف بڑھتا ہے یہانتک کے پانون کی انگلیون تک پہونچ جاتا ہے اکثر یہ مرض دم بلغمی یا بلغم صفراوی سے ہوتا ہے کبھی انضغاط مجاری غذا و ربائی سے جانب علت لاغر ہوتا ہے در کوع و استوائے قامت دشوار ہو جاتا ہے اکثر عرق النسا کا مفصل مین پیدا ہوتا ہے پھر منتقل ہوتا ہے عضلہ عریض کی طرف اور کبھی پہلے عضلہ مین ہوتا ہے اور اسکا درد انصباب مادہ سے خون بدن کی طرف رجوع ہوتا ہے **ترکیب** علاج اسکا حسب سبب مثل علاج وجع مفاصل کے کرین اور ابتدا مین مثل دو بکر اورام کے رادع استعمال کرین بلکہ واجب ہے کہ ابتدا مین درد کی تسکین کیواسطے مرخیات ملینہ کہ شدید الحرارت نہ ہون استعمال کرین اگر رادع کا غلطی سے استعمال کرلیا جائے اور اسیوجہ سے درد کی شدت بڑھ جائے اور خلع مفاصل کا اندیشہ پیدا ہو جائے اُسکے تدارک کیلیے بیگرم حمام مین لیجائین اور طبیخ حشائش مرخی حار بیگرم سے دھارین اور تازہ بیگرم دودھ مین بٹھائین عرق النسا دموی مین بعد فصد باسلیق کے عرق النسا بھی کھلوائین اور بقول جالینوس رگ صافن کھلوانا زیادہ سود مند ہے بہ نسبت عرق النسا کے اور باسلیق اس سے بھی نافع ہے بالجملہ اگر درد نیچی سے نیچے اترنے پر زیادہ ہوتا ہے اس صورت مین فصد صافن بہت زیادہ مفید ہے بعضون نے خنصر و بنصر پا کے درمیان مین فصد کھلوانیکو مفید لکھا ہے فصد اس حالت مین خالی پیٹ بہ نسبت غذا کے زیادہ اچھی ہے اور سریع الہضم غذائین مثل گوشت طیور دراج و چوزہ مرغ اسفاناخ و خبازی کیساتھ کھلائین اور جس پانی مین معتدل گرمی ہو جس مقام پر درد ہو دھارین اور روغن کنجد جو پانون مین کوٹ کے نکالا گیا ہو ملین اور جب سورنجان دین اسکے بعد مطبوخ تاکہ مقوی سورنجان کے ساتھ دین وہ ضماد جسمین کبریت مدقوق و سماق وزردی بیضہ اور قدرے زعفران ملا کے بنائین جب لیپ لگائین تو اس جگہ کو گرم پانی سے دھو ڈالین اور جس پانی مین بابونہ و خوخ پوست کرنس و حماما و قنطوریون و صعتر و شبت جوش کیا ہو اس سے نطول کرین اگر ان اجزا کو کوٹ کر مین پکا کے لیپ کرین بہت فائدہ مند ہے جبکہ اس علت کا سبب بلغم ہو پہلے قے کرائین بعد ازان حبوب مسہلہ سے کام لین اگر اس تدبیر کے باوجود درد کم نہ ہو مریض بے طاقت ہو جائے اور رگ عرق النسا یا وہ رگ جو زانو کے اندر ہے یا وہ رگ جو پشت قدم کے اندر ہے کھلوائین سفوف سنا استعمال کرین بھفی ور صابون کا لیپ لگائین **دوائی** دوال و داء الفیل دوال ایک مرض ہے کہ عروق ساق و قدم مین فراخ ہو جاتی ہے اور داء الفیل وہ ہے کہ ساق و قدم مانند ہاتھی کے پیر کے موٹا ہو جاتا ہے یہ امراض نامہ بردون منزدون اور پیادہ چلنے والون اور جو شخص بادہ کھڑا رہتا ہے اسکو

دوالی اکثر خون سوداوی کے انصباب سے ہوتا ہے کبھی خون بلغمی اور محض خون سے ہو جاتا ہے اور فرق مواد کا انہی سے ہر ایک کی مخصوصہ علامات ورنگ عضو اور تدبیر متقدم سے پوشیدہ نہیں رہ سکتا بالجملہ خواہ کوئی ہو علاج میں مہلت نہ دیں کیونکہ دوالی و داء الفیل دونوں امراض خبیثہ میں انسے بہت کم صحت کامل ہوتی ہے ترکیب دونوں مرضوں میں پہلے فصد باسلیق وقی واسہال طبیعت گولیوں سے اور تحلیل مادہ تیلوں سے مناسب ہے اگر مستحکم ہو جائے خون نفس پا سے لینا چاہیے دوائی دوالی وداء الفیل خون غلیظ سوداوی سے دوالی میں ظاہر ہوتا ہے رگوں کا بھاری اور سبز ہو گرد اگرد ساق کے اور قدم کے وثقل حرکت زیادہ چلنے میں دشواری ہونا اور جلد زرد ہو جانا اور علامات داء الفیل کی اگر ایسے مادہ سے ہو بالون کا رنگ سیاہ ہونا اور حرارت ملمس ہے وشقاق خفیف یہ بھی ہوتا ہے کہ انشقاق میں زخم پیدا ہو جاتے ہیں انسے مادہ خارج ہوتا ہے ترکیب فصد باسلیق کھلوائیں مسہل سودا اور ماء الجبن دیں اور تنقیہ بدفعات کریں اور گرم اور قوی الاسہال دواؤں میں زنہار استعمال نہ کریں اور دوالی میں فصد باسلیق کے بعد عروق ممتلیہ کہ پنڈلی اور قدم پر ظاہر ہوتی ہیں انکی بھی فصد کھلوائیں خون نکلتے وقت پنڈلی کو ہاتھ سے ملیں اور نچوڑیں (سوتیں) تاکہ خون غلیظ پورے طور پر نکل جائے اور داء الفیل میں تنقیہ کے بعد فصد مابض وحجامت ساق اور جونکیں لگوانا بہت مفید ہوتا ہے بعد اسکے ساق پر زانو تک مضبوط عصابہ باندھ دیں عصابہ کھولنے کے بعد ضماد ادویہ محللہ مقویہ قابضہ کا لگا کے پھر باندھ دیں اور مثل پہلے کے باندھا رہنے دیں رفع مرض کے بعد ادویہ باردہ قابضہ جیسے عود مادہ ہوتا ہو مثل مورد و مامیثا و جوز السرو اقاقیا و عصارہ لحیۃ التیس برنامک کا لیپ لگائیں اور اغذیہ مولد سوداء و دیا صفت بہت زیادہ کھڑا ہونے پاؤں لٹکائے رہنے سے سواری کی حالت میں اور مثل اسکے پیدل چلنا وغیرہ جس سے انصباب مادہ پاؤں پر ہو سکا احتمال ہو اجتناب کریں دوائی داء الفیل خلط غلیظ بلغمی سے کہ اس مقام پر ٹپکتا ہے اور علامات اسکی غلظ ساق ہے بے حرارت وکمودت ترکیب منضج حار سے نضج کے بعد مسہل گرم وحب سورنجان سے تنقیہ کریں اس طریقہ سے جو دوائی حدبہ میں بیان ہوا ہے اور ہفتہ میں ایکبار دقیات بلغم سے قے کریں تقلیل غذا مناسب ہے اغذیہ غلیظہ وبقول و نخود کہ بارد و آب سرد سے احتراز لازم ہے بعد تنقیہ کے ہر روز کندر ایک ماشہ زنجبیل سفید بے ریشہ چار رتی پیس کے اطریفل صغیر میں ملا کے کھائیں اور صبر مر اقاقیا و پوست انار سرکہ میں بھگو کے لیپ کریں عصابہ سے محکم بندش کریں سفوف کندر استعمال کریں اور غذا ہو خواہ دوا جو مجفف ہو کام میں لائیں پاؤں کو حرکت سے منع کریں دوائی وجع العقب و وجع کف الرجل ترکیب برائے درد پاشنہ کہ بسبب ضربہ و سقطہ یا موزہ کی تنگی سے ہوتا ہے مامیثا وگل ارمنی ہمراہ آب یا گلاب حل کر کے لیپ کریں اور ٹھنڈا پانی دھارنا سودمند ہے اگر سبب اسکا انصباب مواد ہو دموی میں فصد کھلوائیں روغن گل کی مالش کریں تند کی مٹی انڈے کی سفیدی میں ملا کے طلا کریں مادہ باردہ میں مسہل و قے سے علاج کریں روغن بابونہ و زنبق و قسط میں اگر گرم سے ہو مرہم کا استعمال کریں اور وجع کف الرجل میں یعنی درد کف پا میں کہ اسمیں پاؤں رکھنا دشوار ہوتا ہے عدس سرکہ میں پکا کے لیپ کریں اگر خون غالب ہو فصد مقدم رکھیں دوائی تپ دموی اگر جوش خون سے حادث ہوا سے سونوخس کہتے ہیں اگر تعفن خون سے ہوتی ہے مطبقہ کہتے ہیں علامت سونوخس کی سرخی رو و چشم رگوں کا پھولنا گرانی اعضا شکنی و عظم نبض و سرخی و غلظ قارورہ ہوتی ہے تپ لازم ہے پسینہ نہیں آتا گرمی اسمیں حرارت غب سے کمتر اور حمی یوم سے سخت تر ہوتی ہے حلق و گلو میں ورم بھی ہو جاتا ہے علامت مطبقہ کی یہ ہے کہ یہ عوارض شدت کیساتھ ہوتے ہیں قلق و اضطراب کی زیادتی کیساتھ تنگی نفس ہوتی ہے پیشاب گندلا اور بدبودار ہوتا ہے ترکیب فصد ہفت اندام یا باسلیق کھلوائیں بہت سا خون لیں کہا جاتا ہے کہ اسقدر خون لیا جائے کہ مریض کو غش آجائے

جبکہ مریض ضعیف ہو یا تیسرا دن گذر چکا ہو اور بیمار نے کوئی چیز نہ کھائی ہو زیادہ خون نکالنا چاہیے بلکہ دو تین مرتبہ مین لینا چاہیے بہر حال خون نکلوانے مین دیر نہ چاہیے لیکن جبکہ تپ تخمہ کیساتھ ہو زوال تخمہ تک فصد نہ چاہیے اسی طرح بحران کے دن اگر فصد کیواسطے کوئی مانع ہو دونون شانون کے درمیان یا کام مین پر حجامت کرین بعد فصد کے لعاب بہدانہ تین ماشہ شیرہ عناب پانچ عدد عرق شاہترہ و عرق عنب الثعلب مین نکال کے شربت بنفشہ دو تولہ ملا کے پانچ ماشہ خاکسی چھڑک کین اور پلادین تپ صفراوی کا علاج کرین حسب حاجت تطفیہ و تنقیہ کی کوشش کرین تلیین طبیعت کرین کاسنی و کاہو و کشنیز و شربت عناب و شربت صندل بنفشہ و نیلوفر و انار و آلو اور مانند ان کے جو سرد ہوں انسے تطفیہ خون کرین اقراص طباشیر و کافور برائے اطفائے حرارت شدید مخصوص ہے آب تمر ہندی یا آب تربوز ہمراہ شیر خشت برائے تطفیہ خون و تلیین طبیعت بہت نافع ہے لعاب اسبغول و آب آلو ہر ایک مصفی خون ہے شاہترہ و عناب تپ دموی مین کام آتا ہے چاہیے کہ مطبقہ مین فصد کے وقت خون کو دیکھین اگر خون غلیظ نکلتا ہو سکنجبین و آب آلو و ندشک و تمر ہندی و آب شاہترہ و بادیان اور مانند انکے ملطفات و مطفیات سے دین اگر خون رقیق نکلتا ہو شربت عناب و شربت انار و آب کاسنی علاوہ انکے مبردات مطفیات کا استعمال کرین آب سرد تسکین حرارت کے لیے اور دفع عفونت و تغلیظ خون کیواسطے بہت کام آتا ہے تپ دموی مین بحران ساتوین دن ہوتا ہے جبکہ بحران کے بعد تپ کا مادہ رگون مین باقی رہ جاتا ہے آب کاسنی سبز مروق سکنجبین کیساتھ پلائین تین روز یا پانچ فصد دین کہ باقی مادہ بالکل صاف ہو جائے اس تپ مین پسینہ لانا بھی مفید ہے گرم پانی پیٹھ کے نیچے رکھنے سے پسینہ آتا ہے یا خوب سے بھی جب پسینہ لانا منظور ہو جسم کو کپڑے سے ڈھانک لین اور خوب کپڑا پہن لین ایضاً بعد فصد باسلیق عناب سات دانہ تمر ہندی تین تولہ عرق شاہترہ مین ملکے صاف کر کے خاکسی چھ ماشہ چھڑک کے دین یا شاہترہ چھ ماشہ تمر ہندی دو تولہ اگر مزاج مین گرمی ہو جیسا مذہ مذہ جو شاندہ مصری ملا اور خاکسی چھڑک کے دین غذا آش جو و ساگ پالک دوائی برائے تپ دموی انطاکی سے ترکیب علاج تپ دموی فصد باسلیق و اخراج خون استفراغ ہے اگرچہ بدفعات ہو بحسب قوت بعد اسکے استعمال مبردات مثل ماء الشعیر و ریباس و فواکہ و خصوصاً عناب آلو بخارا و تدہین مثل روغن بنفشہ و سرکہ و صندل و تغذیہ مثل مونگ ماش و عدس و ندشک اور جو مخصوص مطبقہ کیواسطے ہے شربت عناب و مطبوخ فواکہ و ماء القرع و ماء الشعیر ہے یہ سب بعد فصد کے استعمال کرین تذکرہ مین تحریر ہے کہ علاج سونوخس کا کہ خون سے داخل عروق بغیر تعفن کے فصد ہے یہانتک کہ غشی کی نوبت پہونچے اگرچہ بدفعات ہو بعدہ تبرید بربوب فواکہ و اشربہ فواکہ و سکنجبین و تمر ہندی سے اور کبھی ماء الشعیر کی ضرورت پڑتی ہے سبب ایسا ہوتا ہے کہ فصد کے بعد ہی تلیع ہوتا ہے کبھی ماء القرع و ماء الشعیر کر ٹنکی روغنون سے جو غب مین مسطور ہوئے ضرورت ہوتی ہے اور علاج مطبقہ کا کہ تعفن خون سے ہے یہ ہے کہ اگر اکثر خون یا بعض حصہ خون متعفن ہے تو فصد کی مبادرت ضرور ہے بجانا اگر کل متعفن ہو جائے جالینوس اور اوسکے تابعین فصد سے پہلے منع کرتے ہیں اور اوسکے واسطے دلیل نہین ہے بہر حال خون کی اصلاح واجب ہے تاکہ صاف ہو جائے اور اوسکے مولدات کے استعمال سے مثل شربت عناب و خشخاش و ریباس و اصول اور تغذیہ اس چیز کا جو اسکی مولد ہو سوائے لحوم کے نتھے ماش کے مثل کوئی چیز نہین ہے اور عدس ہمراہ سرکہ مانع النفخ ہے اور مزورات آلو و انار یا لیس دین دوائی برائے تپ دموی بیاض استاد مرحوم سے ترکیب شیرہ عناب پانچ عدد لعاب بہدانہ تین ماشہ عرق شاہترہ عرق گاؤزبان ہر ایک پانچ تولہ مین نکال کے شربت نیلوفر دو تولہ ملا کے پئین ایضاً برائے تپ بعد سوزش کف دست و پا ترکیب عناب پانچ دانہ شاہترہ چھ ماشہ عرق شاہترہ دس تولہ مین بھگو کے جوش کر کے شیرہ خیارین نسان ماشہ

شربت نیلوفر دو تولہ خاکسی پانچ ماشہ چھڑک کے پلائین دوائی برائے تپ صفراوی دیگر نسخہ معمول ہے ترکیب شیرۂ تخم کاہو مغز شیرۂ تخم کدوے شیرین کو عرقیات
مین نکال کے مثل عرق شاہترہ و عرق عنب الثعلب و عرق بید تازہ ہر ایک چار یا پانچ تولہ شربت نیلوفر ملا کے خاکسی چھڑک لین اور پلائین اگر حرارت شدید ہو
شیرۂ مغز تخم تربوز بڑھادین اگر قوت ضعیف ہو یا تپ کے ہمراہ خفقان ہو عرق کیوڑہ عرق بید مشک گلاب عرق گاؤزبان مین تین تین تولہ بھی اضافہ کرین صندل
سفید کو گلاب مین گھس کے کپڑا اوس سے تر کرین اور جگر و دل پر رکھین برائے قلق و اضطراب و خفقان بہت مفید ہے اگر صداع و سہر بسبب تصاعد ابخرہ ہو تو بیر
صداع و سہر کی کرین اگر سعال ہو لعاب بہدانہ بڑھادین اگر گلے مین درد ہو شیرۂ عناب داخل کردین اور غرغرہ کرین اور پانچوین روز شیرۂ تخم خیارین کا اضافہ
کرین مگر جبکہ پانچوین دن باری پڑے تو ایسی حالت مین کسی طرح تحریک اچھی نہین ہوتی اگر ضرورت ہو تو شام کے وقت تبرید لعاب بہدانہ عرقیات مین
نکال کے شربت نیلوفر یا شربت انار و خاکسی ملا کے کرنی چاہیے اور قرشی شام کیوقت خیارین کا حکم بھی دیتا ہے حکیم شریف خان مرحوم بکمال شدت تپ
مین استعمال فرماتے تھے اور خشکی زبان کیواسطے لعاب اسبغول کا مضمضہ مفید ہے نیز اسبغول کو کپڑے مین باندھ کے پانی مین ڈالدین اور دونون [illegible]
لین برائے خشکی لب مفید ہے بشرطیکہ کھانسی اور نزلہ کے واسطے کوئی مانع نہ ہو تو شیرۂ آلو بخارا و شیرۂ نشک و سکنجبین مناسب ہے اور قے کی نوبت کے
دن سکنجبین اور اُسکے مثال اور جو پسینہ آئے تو کپڑے سے پونچھ ڈالین تاکہ پسینہ کے ذریعہ سے مادہ نکل جائے اور تپ صفراوی مین تمام شربت غیر خاصہ احتمال استحالہ صفرا
رکھتے ہین مگر شربت نیلوفر بالخاصیت مستحیل بصفرا نہین ہوتا جبکہ تپ شدید ہو منضج کی ضرورت نہین ہے آٹھوین روز دسوین روز مسہل بارد سے تنقیہ
کرین پانچ دن کے بعد قرص طباشیر ملین و قرص زرشک ہمراہ آب کاسنی سبز مروق و شربت بزوری و خاکسی کھائین اور چکنیدہ کاسنی یعنی نقوع تخم کاسنی
و شربت بزوری بھی نافع ہے دینا چاہیے پھر تپ مرکب کا علاج کرنا چاہیے ایضاً مطب حکیم علی شریف سے ترکیب تپ صفراوی مین اول عرق کو دس تولہ شربت
بنفشہ و شربت نیلوفر ہر ایک دو تولہ و خاکسی چار ماشہ دین بجائے شربت کے سکنجبین بھی عمدہ چیز ہے اگر کھانسی نہ ہو اور نزلہ مین تخم کدوے شیرین دہ
تولہ نسخہ اول پر بڑھادین شدت حرارت مین العبہ باردہ حسب موقع بدل بدل کے و شیرۂ کاہو کا اضافہ کرین تبرید دو وقت کردین چوتھے دن خیارین
پانچوین دن بہدانہ چھٹے روز تخم کاسنی بدل بدل کے بڑھائین ساتوین دن کاہو آٹھوین دن مسہل ترنجبین و شیرخشت و خیار شنبر گلقند و تمر ہندی آلو
بخارا گل سرخ تبرید کی دواؤن مین بڑھادین اگر کھانسی ہو جائے خطمی خبازی بڑھادین مسہل کے دوسرے دن لعاب بہدانہ و اسبغول شربت نیلوفر حسب
حاجت شیرۂ تخم کدو بڑھائین لعاب ریشہ خطمی بحیثیت سے محفوظ رکھتی ہے استاد نسخہ مذکورہ مین مسہل کے بعد تخم کاسنی بھی دیتے تھے اگر امراض صدر سے
مثل ضیق وغیرہ کے اندیشہ ہو سپستان اصل السوس گل بنفشہ گاؤزبان مویز منقی مسہل مین داخل کردین ہلیلہ جات سولہ دن سے پہلے دینا ممنوع
ہے اور غب خالصہ چودھوین دن سے زیادہ نہین رہتا اگر باقی رہے تو غیر خالصہ ہے مادہ اسکا ترکیب بلغم سے ہوگا پندرھوین دن کے بعد شیرۂ اصل السوس
و عنب الثعلب بڑھائین اور پندرہ دن کے بعد مسہل مین ہلیلجات و سنا کا اضافہ بھی کیا جاسکتا ہے نوع دیگر برائے تپ صفراوی بیاض استاد مرحوم
سے ترکیب لعاب اسبغول و مغز تخم کدو ہر ایک چھ ماشہ عرق کاسنی و عرق عنب الثعلب و عرق شاہترہ ہر ایک پانچ تولہ مین نکال کے شربت نیلوفر
دو تولہ داخل کر کے خاکسی چار ماشہ چھڑک لین اور پی لین ایضاً جہت تپ صفراوی ترکیب آب تمر ہندی تین تولہ شیرۂ تخم کاسنی شیرۂ مغز تخم کدو ہر ایک

چھ ماشہ لعاب بہدانہ تین ماشہ گلاب چار تولہ گلقند دو تولہ **ایضاً** از حکیم عبد القادر شاگرد حکیم شریف خان صاحب برائے تپ صفراوی ترکیب اول
مسکنات مثل شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر ہمراہ عرق نیلوفر و عرق کاسنی خاکسی چھڑک کے دیں پھر شیرہ کاہو یا شیرہ خرفہ یا شیرہ مغز تخم کدو جبکہ بہت
تشنگی ہو اور گرمی زیادہ بڑھ جائے شربت انار داخل کر کے دیں پھر نضج صفرا آلوے بخارا و زرشک و تخم کاسنی گاؤزبان عناب رات کو گرم پانی میں بھگو کے
صبح کو مل اور صاف کر کے شربت بنفشہ ملا کے خاکسی چھڑک کے دیں پھر مسہل دیں و نیز تپ غب میں شیرہ تخم خرفہ شیرہ تخم کاسنی ہر ایک چھ ماشہ سکنجبین دو تولہ ملا کے
دیں اور حمی محرقہ میں تبرید زیادہ کریں شیرہ خیارین و شیرہ کاہو و لعاب اسبغول زیادہ بڑھائیں بلکہ قرص طباشیر کافوری تین چار ماشہ دیں اگر اسہال
ہو قرص طباشیر ملین و شربت ورد اکبر و زا و شربت دینار حسب تقاضائے وقت و مزاج دیں غرض ساتویں دن تک کہ بحران کا روز ہوتا ہے مزاج کی
تسکین کرتے دیں اگر اس مدت میں خود بخود اسہال ہو جائے قرص طباشیر افیونی و کافور و کشنیز خشک و تخم کاسنی بریان و حب الآس شربت بہی یا شربت سیب کے ہمراہ دیں کھانسی کی وجہ سے
ترشی موقوف کریں بہدانہ و اصل السوس نسخوں میں بڑھا دیں بالجملہ ساتویں دن کے بعد کہ تپ کم ہو مسہل دیں مغز فلوس و تمر ہندی سے ہمراہ لعاب اسبغول اگر قوی جانیں
ترنجبین و شیر خشت ہر ایک چار تولہ بڑھا دیں اگر شدت گرمی و تشنگی میں اور زیادتی حرارت میں آب کدو میں شیرہ تخم خیارین نکال کے ایک تولہ مغز فلوس و
تمر ہندی مل کے دیں نقاء مادہ کے بعد اگر ضرورت ہو برائے تسکین حرارت ماء القرع ہمراہ شربت نیلوفر یا سکنجبین یا قرص کافور دیں کہ ہیجان و تسکین
صفرا کیواسطے نافع ہے اور مزیل حرارت و مسکن تشنگی ہے اگر غب دائم و لازم کم گرمی کیساتھ ہو تیسرے دن کے بعد تسکین حرارت و عطش کے واسطے منضج مطبوخ
مطبوخ کے بھی جائز ہے بنفشہ و نیلوفر و کاسنی ہر ایک نو ماشہ بھگو کے یا جوش کر کے نبات سفید ڈیڑھ تولہ ملا کے خاکسی چار ماشہ چھڑک کے دیں اگر تسکین اور
نضج مادہ دونوں منظور ہوں شیرہ مناسب مثل شیرہ کاہو یا شیرہ مغز تخم تربز یا شیرہ خیارین بھی دیں اور پانچویں دن سے صرف منضج دیں ساتویں دن کے
بعد بدستور مسہل دیں مسہلوں کے درمیان میں تبرید یا منضج دینا چاہیے اگر تپ صفرا و بلغم سے مرکب ہو پہلی دواؤں میں بادیان و گلقند بڑھا دیں تاکہ بلغم کا
بھی نضج ہو جائے اگر پیاس ہو شیرہ خیارین بھی زیادہ کریں اور غذا کھچڑی و آشجو کردیں دوائی غب میں معمول ہے ترکیب بنفشہ تخم کاسنی عنب الثعلب
ہر ایک پانچ ماشہ گرم پانی میں بھگو کے چھان کے سکنجبین ڈیڑھ تولہ ملائیں گلقند ڈیڑھ تولہ کھا کے پی لیں **ایضاً** بادیان کاسنی ہر ایک چار ماشہ
عرق گلو پانچ تولہ سکنجبین گلقند ہر ایک ایک تولہ یا دو بالا بدستور بھگو کے پئیں **ایضاً** تپ صفراوی میں جو بیس روز سے زیادہ ہو چکے ہوں کام آتا ہے ترکیب
قرص طباشیر ملین بیس کے ایک مثقال سات درم سکنجبین میں ملا کے ہمیشہ کھلائیں بعد ازاں شیرہ زرشک شیرہ تخم کاسنی شیرہ تخم خیارین ہر ایک
دو درم عرقیات مناسب میں نکال کے شربت نیلوفر سات درم ملا کے پئیں بشرطیکہ کھانسی نہ ہو اگر بلغمیت شریک ہو تو ادویہ کے ہمراہ عوض قرص مذکور
کے قرص گل دیں **ایضاً** دوائے ہندی برائے تپ صفراوی نکمایہ ترکیب گلو کشنیز خشک صندل سرخ مغز تخم کنول گٹہ پوست اندرون درخت نیب
ہر ایک پانچ ماشہ جو کوب کر کے جوش کریں جب آدھ پاؤ پانی رہ جائے صاف کر کے دیں تپ گرم کہنہ دور ہو جاتی ہے اور جو مرض کہ شراب پینے سے پیدا ہوتا ہے
اسکے لیے مفید ہوتا ہے پانچ یا سات دن تک استعمال کریں **ایضاً** کتاب مذکور سے ترکیب گلو کشنیز تربت باڑہ گل نیلوفر خس صندل سفید صندل
سرخ برگ ہر ماشہ بدستور جوش کر کے دیں اگر تلیین کی احتیاج ہو ہلیلہ زرد بڑھا دیں یا مغز فلوس بڑھائیں اگر مریض دوا کھانے سے معذور ہو مذکورہ دوا کا

عرق کھینچ کے دین **ایضاً** براے تپ گرم اطباے ہند مین مستعمل ہی **ترکیب** آملہ بھنگ بادیان ہر ایک نو ماشہ کو بھیگوین اور بکری کے دودھ مین ...
ہاتھون اور پانون کی ہتھیلیون و تلوون مین خوب مالش کرین بخار دور ہوجائیگا **دوائی تپ لرزہ صفراوی ترکیب** تمر ہندی دو درم گرم پانی مین ملین چھان کر شکر
سرخ دو درم حل کردین اسکے بعد دو دام اسبغول تھوڑے سے پانی مین ڈال کے پئین بعد ایک گھڑی کے شربت مذکور پئین اور تین دن تک یہی عمل جاری رکھین اور غذا شربت تمر ہندی
ہمراہ خشکہ کا ہے ہمراہ نان و کھچڑی یا دال خشکہ دین **دوائی تپ بلغمی** مین معمول ہی **ترکیب** چاہیے کہ چوتھے دن تک خفیف تبرید مثل شربت بنفشہ دو تولہ عرق مکو و بادیان
و عرق عنب الثعلب ہر ایک چھ تولہ خاکسی چار ماشہ چھڑک کے پلائین اگر شربت و عرق نہ ہو شیرہ بنفشہ شیرہ بادیان ہر ایک چھ ماشہ پانی مین نکال کے گلقند یا شکر سفید
دو تولہ ملا کے پئین اور پانچوین دن ادویہ قلیل الحرارت منضج گرم سے لیکے شب کو پانی مین بھگو دین صبحکو مل چھان کے شربت بنفشہ ملا خاکسی چھڑک کے دین یا بادیان انیسون
اصل السوس جوش اور صاف کرکے گلقند آفتابی مل کے دین اور گاہے زرشک بڑھائین تاکہ ادویہ کی گرمی اعتدال پر آجاے یا شربت بزوری و سکنجبین ملا دین اور ایک
ہفتہ گذرے و نضج مواد ظاہر ہونے کے بعد برابر مسہل گرم سے جسمین ادویہ شدید الحرارت نکال ڈالی ہون تنقیہ کرین اور مسہل دوم و سوم مین غاریقون و تربد و سنا مکی
داخل کی جاسکتی ہو یا یہ مسہل دین بادیان سات ماشہ انیسون چار ماشہ پرسیاوشان پانچ ماشہ تربد سفید چھ ماشہ مویز منقی دو تولہ انجیر زرد چار عدد برگ
سنا ایکتولہ جوش اور صاف کرکے مغز خیارشنبر پانچتولہ گلقند چار تولہ مل کے اور بعد چھان کے روغن بادام چار ماشہ یا شیرہ مغز بادام پانچعدد ملا کے دین اگر اخراج
غلیظ منظور ہو مسہل قوی کی ضرورت ہو چار گھڑی رات رہے سے حب ایارج سات ماشہ گرم پانی سے کھاکے سورہین اور صبحکو مسہل مذکور پئین اور جاننا چاہیے کہ مسہل قوی
ایکدن پہلے نیم مسہل دین بادیان بنفشہ ہر ایک چھ ماشہ سنا مکی ایکتولہ گل سرخ پانچ ماشہ مویز منقی دو تولہ تخم کاسنی پانچماشہ سپستان نودانہ گلقند دو تولہ یا شربت ورد دو تولہ
دین اور اگر سدے نکلین دوسرے دن مسہل قوی دین ورنہ سدے نکل کے قبض ہوجاتا ہی اسیطرح جب تک حب ایارج سے صبحکو دو ایک دست نہ آئین مسہل
صبحکو نہ دین تاکہ پیٹ پھول کے خراب حالت نہ ہوجائے اگر اسکے بعد بھی بخار نہ اترے اور دو ہفتہ گذر جائین قرص گل صعتر ہمراہ عرق بادیان شربت بزوری
دین **ایضاً** براے تپ مواظبہ یعنے تپ دائرہ بلغمی علامات اسکی لرزہ و سردی بدن اور بدیر بخار مین گرم ہونا پیاس نہ ہونا صغر نبض و اختلاف نبض و قلت اشتہا
و ترہل بدن و تہیج و صبر زردی رنگ و قے و اسہال بلغمی و رطوبت دہن و پیشاب کبھی گاڑھا کبھی پتلا ہونا علاج جمیع اقسام حمیات بلغمی کا مشترک ہی تین چیزون پر
ایک تو وجوب تلیین معتدل کا اور قے دوسرے استعمال ملطفات و مقطعات و مدرات کا استعمال ضروری ہی تیسرے جسقدر کہ طول تپ بیشتر محسوس ہو تلطیف
تدبیر مین کمی کیجاے بالجملہ واجب ہے جوکہ چوتھیا مین واجب ہی اور چاہیے کہ جلدی نہ کیجاے اسکی غذا کے متعلق مثل چوزہ مرغ بلکہ روٹی مزورات کے ہمراہ لیکن اگر
ضعف کا اندیشہ ہو یا اخلاط تپ لاحق ہو سکنجبین بہت زیادہ نافع ہی ابتدا مین اگر استعمال کرین گلقند ہی ساتوین دن تک اور اگر گلقند کو آب بادیان
یا آب کاسنی یا آب کرفس مین بحسب حاجت استعمال کرین کوئی حرج نہین ہی اور اسیطرح اگر مطبوخ ادویہ مناسبہ کا استعمال کرائین اسمین بھی کوئی
خوف نہین ہی کبھی بقوع استعمال کیا جاتا ہی حرارت ہوا کے وقت یا مریض جوان حار مزاج ہو یا تپ شدید الحرارت ہو اسکے اقسام سے اور ایسی
حالت مین قے کرنا بہت ہی مفید ہوتا ہی بلکہ قے اس بیماری کو دفع کردیتی ہی حالانکہ وہ ضعف معدہ ہی اور واجب ہے کہ انتظار اوسکا سات یا تین
دن تک کرین کیونکہ ابتدا مین اس سے قے ہو سکیگی وجہ سے سختی کیساتھ معدہ مین ورم ہوجاتا ہی اور اگر قے مریض سے نہ ہو سکتی ہو سختی سے اور سکتے کرانا

جائز نہین ہے اور اگر اسکو تپ خاصکر بخار آنے کے پہلے ہی دن آجاے روکنا نہ چاہیے لیکن جبکہ ضعف بڑھتا ہو پس ایسے وقت رب بہی و شربت سیب سے اُسے روکین
اور مرطوبات محللہ کا ترنج دینا چاہیے اور طبعیہ نطولات سے تطول کرین اور جبکہ مرض ابتدائی ہو اور بدن مین خلط جوال ہو کہ وہ مرحنی باحشا رہے ہی حرارت و رطوبت کیفیت
خود ٹھنڈے پانی سے بچین اور جسقدر کہ قارورہ زیادہ غلیظ اور زیادہ سرخ دیکھین فصد کھلوانے مین نقصان نہین ہے ایسے وقت سکنجبینونکی کثرت
واجب ہوتی ہے اور چاہیے کہ بلغم کی تلطیف ماء الشعیر مرکب بملطفات سے مثل بیخ کرفس و بیخ بادیان و سکنجبین بزوری بقدر غلظ بلغم و برودت بلغم کرین اور ابتدا
نوبت مین مقطعات بلغم سے مثل طبیخ شبت و بودینہ و تخم ترب ہمراہ سکنجبین و قدرے نمک سے قے کرائین نیز ایضاً بعد نضج اور تحلیل الحرارت مثل طبیخ پوست بیخ کرفس و
بادیان و اصل السوس و انیسون و گل غافث و سونیز منقی و پرسیاوشان ہمراہ گلقند تیز مسہل کے دن سنا مکی و تربد و غاریقون و شیر خشت و ترنجبین و روغن بادام ترکیب کے
مسہل دین اور کبھی ریوند خطائی اور بعض دوائین جو مخصص مین اخراج بلغم کیواسطے بڑھاکے اور کبھی سونٹھ تقویت عمل تربد کیواسطے بڑھائین اور اُسکے مسہلون مین
مثل تمر ہندی و آلو بخارا و عناب وغیرہ کے ادویہ صفراوی سے داخل کرین مگر وقت مس حاجت اور مسہلات سے ایک ہفتہ کے بعد اگر تپ منقطع ہو اور ضعف غالب ہو شربت
وقت خواب آثمل کی قوت ہو ورنہ دو ایکدن کے بعد دواء التربد دین بقدر ایک مثقال کے و معجون کبریت و کمونی اور استعمال محللات نافع ہوتا ہے خصوصاً جبکہ بلغم
سوداء سے مل جاتا ہے جبکہ حرارت غالب ہو تسکین کیلیے آب شاہترہ مروق آب عنب الثعلب سبز مروق و شربت انار و نیلوفر و سکنجبین سادہ و خاکسی بمناسب مقدار
مین دین اگر تسکین نہ ہو شیرۂ مغز تخم کدو یا تخم خیار استعمال کرین اور بعد دو یا تین دن کے جب تپ مین سکون ہو جوشاندہ مناسب پلوائین اور تقویت معدہ گلقند و
مصطگی سے کرین اور مناسب لیمون مین معدہ پر لیپ کرین اگر یہ معلوم ہو کہ مادہ بہت بارد ہے تھوڑی سی مرچ کے استعمال مین باک نہین ہے قرص درد کبیر
ہمراہ آب بادیان و حب صبر استعمال کرین یا غاریقون ایکدم تنہا یا شہد مین ملاکے کھائین نافع ہے جب علت اختلاط پذیر ہو جلاب کھانے سے پہلے حمام مین داخل
ہونا مضائقہ کی بات نہین ہے اور سرخ و تہیج اطراف و چہرہ مثل امروسیا و دواء المسک کے عمل مین لائین اور اجوائن شہد مین ملاکے بہت نافع ہے اور غذا چار گھنٹے کے بعد
نوبت ختم کے بعد دین اور کل چیزین جو رطوبت بڑھاتی ہین مثل بقول اور رودہ و گوشت ماہی و جملہ قسم کے دودھ سے پرہیز کرین آب سرد بہت مضر ہے اُس سے احتراز کرین
ایضاً ابتداے تپ بلغمی سوا طبیعہ انطاکی سے ترکیب اسمین پہلے شربت اصول و سکنجبین عنصلی یا عسلی بعدہ امتلاے شکم مچھلی سے اور اُس شربت بیخ طبیخ شبت
و ترب معہ بورۂ ارمنی و عسل اور قے کرنیکے بہتر نہین ہے کہ اسکو جلد دفع کرنیکا تجربہ کیا جاچکا ہے اور صحیح پایا گیا شرح اسباب مین ہے کہ دواء التربد عجیب ہے لیکن اسکی خوراک
کا ذکر نہین آیا ہے چار مثقال دینا چاہیے عشاء کے وقت گلقند عسلی و شربت لیمون دینے مین مضائقہ نہین ہے اور تقطیع کیواسطے اور زیادتی حرارت کے احساس کے وقت کسی
چیز کا پینا کہ جس سے تشنگی دور ہوتی ہو مثل شربت نیلوفر و بنفشہ کے جائز ہے جبکہ تپ کے زمانہ کو زیادہ دن گذر جائین قرص گل یا زرشک معین کرین اور حب تراس
تپ مین مجرب ہے اسکا نسخہ حب بین مجرب ہو چکا دو آملہ برابر ہمراہ مصطگی و بادیان کے قرص دکشوث کے پئین اور مالش بدن خصوصاً فم معدہ ہمراہ روغن بہی یا زیت کے
کرنا سنبل و ریوند و بورق و لادن و مصطگی جوش کی ہو کرنا چاہیے غذا آب نخود اور حرارت کی زیادتی مین ماء الشعیر دین سقوط قوت کے وقت بچہ مرغ مناسب
ہے اور رازیانہ زیرہ داخل کرین اگر پیاس نکبھتی ہو مجرب بات سے نخود افسنتین ہے تین مثقال بطور لٹکانا ایک قطعہ بکری کی کھال مین اور بچھو استخوان سنگ پشت کا
تعلیق دندان مردہ و شیر مایہ خرگوش پینا اور دہونی لینا گھوڑے کا گوشت کھانا مطلق تپ بارد مین نزہت مین لکھا ہے کہ تپ بلغمی مین قے سے ابتدا کرنی چاہیے

پھر دستونکی دوا دیجاے بعد اسکے اکتفا کرین اور سکنجبین بزوری و عسل و آب نخود ہمراہ شبت و بورق و تدہین مین جاہئے روغن بابونہ و مرزنجوش جسمین بورق حل کیا ہوا ہو
علاج مختص تپ بلغمی کا مطلقاً قے کرنا ماء العسل و سکنجبین بزوری و طبیخ شبت و ترب و بورق سے ہے بعدہ حب ایارج غاریقون و ریوند کا اور اسمین تربد و شحم حنظل بھی پڑے
ایضاً برائے حمیات بلغمی ترکیب پہلے گلقند دو دو تولہ کھائین بعدہ شیرہ تخم کاسنی شیرہ تخم خیارین ہر ایک چار ماشہ عرق عنب الثعلب عرق شاہترہ ہر ایک پانچ تولہ
مین نکال کے شربت بزوری بارد یا شربت نیلوفر ملا کے خاکسی چھڑک کین اور پی لین دوائی حمی لثفہ مطابق دستور بعض متاخرین ترکیب چاہئیے کہ سات دن تک
ذیل کی دوا سے نضج مادہ کرین گل بنفشہ اصل السوس بادیان ہر ایک چار ماشہ عناب سات دانہ جوش کر کے کبھی گلقند کبھی شربت بنفشہ اسمین حل کرین خاکسی چھڑک کے
پیین آٹھوین روز اس مطبوخ کا مسہل دین گل بنفشہ ملو ہلیلہ یعنی ہر ایک نو ماشہ برسیاوشان چھ ماشہ عناب بیس دانہ بادیان نو ماشہ جوش اور چھان کے
مغز املتاس ترنجبین ہر ایک چھ تولہ گلقند چار تولہ مل اور صاف کر کے روغن بادام چھ ماشہ ڈال کے دین نوین دن جوشاندہ مذکور دسوین دن مسہل مسطور
گیارھوین دن دوائی نوین اور دسوین دن مسہل مذکور تیرھوین چودھوین اور پندرھوین دن ملو تخم کاسنی ہر ایک چار ماشہ گلاب پندرہ تولہ اور جوشاندہ مذکور
بھی ملا لین سولھوین دن یہ مسہل دین عناب بیس دانہ گل بنفشہ گاؤزبان بادیان ملو اصل السوس ہر ایک نو ماشہ پوست بیخ کاسنی نو ماشہ سنا مکی ایک تولہ
جوش کر کے فلوس خیار شنبر ترنجبین ہر ایک چھ تولہ گلقند چار تولہ حل کر کے روغن بادام ڈال کے دین سترھوین روز بھی مربہ ہلیلہ گلاب مین دھو کے
کھلائین بعدہ چودھوین روز والی دوا دین غذا شوربائے قلیہ و خشکہ روز مسہل میانہ روز نخود آب و شکر شوربا و خشکہ اٹھارھوین دن قرص
گل صغیر ہمراہ سکنجبین بزوری معتدل ملا کے کھلائین بعدہ شکاعی پوست بیخ کاسنی ملو ہر ایک چار ماشہ جوش کر کے گلقند حل کر کے دین بعد ازان یہی دوا
استعمال کرین دوائی تپ سوداوی یعنی چوتھیا مین معمول ہے ترکیب بحسب غلبۂ خلط محترق مانند مالیخولیا منضج و مسہل سے علاج کرین اس تپ مین
بست پرہیز نہ کرین اور چوتھیا بخار مین بہر حال فصد باسلیق یا صافن واجب ہوتی ہے اور تپ سوداوی مین چالیس روز کے بعد کہ مادہ کا نضج
ہوجاے تنقیہ کرین اس تپ مین اکثر طحال ہوجانیکا ضرر اور حال مین تغیر ہوجاتا ہے یہ تپ یکسال تک طول کھینچ جاتی ہے اگر تدبیر جید اور مناسب
نہین ہوتی تو بارہ برس تک طول پکڑتی ہے جسدن اس تپ کی نوبت ہو غذا نہ دین اور جسدن نوبت نہ ہو مانند ضعیف لوگون کے غذا دین لیکن مائل
بترطیب ہو اور تپ ربع مانند مالیخولیا کے دو قسم کی ہوتی ہے ایک یہ کہ سبب اسکا سودائے طبعی ہوتا ہے دوسرے یہ کہ سبب اسکا احتراق خلطی اخلاط سے ہوتا ہے دوسری
قسم کا علاج مشترک ہوتا ہے علاج سودا کیساتھ اور اُس خلط کا جس سے سودا حاصل ہوتا ہے جیسا کہ مالیخولیا مین معمول ہے ایضاً برائے تپ
ربع (چوتھیا بخار) ترکیب برائے نضج سودا بادیان بادرنجبویہ گاؤزبان جوش کر کے گلقند آفتابی ملا کے چھان کے پئین اگر چاہین شربت
افتیمون یا افتیمون صرہ بستہ ملائین اور مسہل مین فلوس خیار شنبر و ترنجبین یا شیرخشت و افتیمون صرہ بستہ و بسفائج و اسطوخودوس داخل کرین
اور بدستور مسہل دین لیکن نضج کامل کے بعد اور دوسری دوائین خون و صفرا و بلغم مذکورہ کی داخل کرین ایضاً برائے تپ ربع دائمہ
مطب حکیم علی شریف سے ترکیب اصل السوس گاؤزبان اسطوخودوس تخم کاسنی عنب الثعلب مویز منقی بادیان بیخ بادیان و بیخ کاسنی
تخم خیارین گلقند بھگو کے دین مسہل کے دن افتیمون و بسفائج و سنا کا داخل کرنا ضروری ہے اسیطرح ہلیلجات کا اگر ربع صفراوی ہو

پوست بلیلہ زرد نوماشہ باقی چار چار ماشہ اگر سوداوی ہو بلیلہ سیاہ نوماشہ وکابلی نوماشہ وثالث چار ماشہ صفراوی مین تینون برابر جائز ہین بلغمی مین بلیلہ زرد ترک
ہو غاریقون وتربد وزنجبیل بھی بڑھادین ایضاً تب ربع دائرہ دموی مین انطاکی سے ترکیب اگر خون محترق سے ہو پہلے داہنے ہاتھ کی فصد باسلیق کھلوائین
اگر طحال صحیح ہو ورنہ دست چپ سے اور اس تفصیل سے جو بات ایسی حالت مین خلاف ہوگی رفع ہوجائیگی اور خون نکلنے مین جب تک کہ رنگ متغیر
نہ ہو استقصا کرنا چاہیے اگرچہ بدنغات ہو اگر اکثر نہ بہ فصد لینے کے بعد قوت مین کمی پائی جائے جسوقت فصد لیجائے سرخ خون نکلے قطعاً ضرر کرتا ہی اوسکا
لینا منع ہے لیکن جب تک کہ سودا کا غلبہ رہے اگر کوئی شخص اس حالت مین فصد باسلیق کے علاوہ کوئی کھلوائے تو وہ خطا کی یہ زلہ فاضل ہی بعد فصد کے
یہ نقوع واجب ہے انجیر زرد مویز منقی ہر ایک دو دو اوقیہ عناب سپستان آلو بخارا تمر ہندی ہر ایک ایک اوقیہ انواع بلیلجات ہر ایک نیم اوقیہ بدستور مرتب کرکے
پئین اور ہر تیسرے دن بدلتے رہین بعضے یہ طبیخ کرتے ہین لیکن اگر اسکے بعد بھی تپ طول پکڑے جو تدبیر جوبھیا کے واسطے آئی ہی واجب ہے ایضاً برائے تپ ربع
دائرہ صفراوی مغربی الیہ سے ترکیب علاج اسکا سکنجبین سادہ وماء الشعیر وترنجبین وخیارشنبر وافتیمون کا ہمراہ شیرہ ہے اور ہر قسم جوبھیہ کی قسمون سے جو طول کرے
اوسکا علاج علاج سوداوی ہوتا ہی بسبب متعفن سودا استحکام احتراق کے ساتھ لہذا وہی علاج کرنا چاہیے ایضاً برائے تپ ربع دائرہ سوداوی سے
موی الیہ سے ترکیب جو نفس سودا سے ہو واجب ہے کہ اولاً یہ مطبوخ پلائین عجیب النفع وکثیر الفائدہ ہی مین نے تالیف کیا ہی اور تجربہ سے صحیح پایا ہی اوسکا
نسخہ مطبوخات مین آئیگا ایام راحت مین چھ روز تک مسلسل پئین اگر قلع نہ ہو اور تمام نضج ظاہر ہو سفوف سودا ماء الجبن مین چند روز دین ورنہ شیر شتر افتیمون
مین دین تاکہ تمام نضج ہوجائے پھر سفوف مذکور دین اگر زائل ہو یارج لوغاذیا دین تریاق کبیر کا دینا خطا ہی بسبب قبض کے اُس سے حذر کرین روز راحت
کو حمام واجب ہی اور اسمین زیادہ دیر تک بیٹھنا آبزن مرطب مین سرد تیلون سے تدہین کرین جبکہ یبوست زیادہ ہو اور احتقان کلہ پاچہ کا جائز ہو اکثر وہ زائل
ہوجاتا ہی کھانا غاریقون ایکدرم وحجرارمنی ومروارید ہر ایک نصف مثقال یہ مجرب ہی چندبار نوبت کے دوسرے دن استعمال کرین بدل حجرارمنی کا لاجورد کرین
لیکن غذا القبول مثل اسفاناخ وکدو وماکیان وبرہ فربہ دین نوبت کے دن استیعاب کرین غذا نہ دین لیکن جائز ہی اگر ہاضمہ درست ہو اور مجربات سے
مثل طیہوج کھانا اور پینا اور اسیطرح کرفس او تخم دافسنتین وتعلیق یاقوت وخلد وموش داکل طحال خارپشت وبخور زہرہ خارپشت نزہت مین تحریر ہی کہ پینا
افتیمون وبسفایج ولاجورد کا مخصوص جوبھیا کیواسطے ہی اور مجربات سے مروارید محلول ترشی ترنج مین ہی وبخور تخم ترنج اور پینا کرفس کا شکر کے ہمراہ
خواص مین آیا ہی کہ پارچہ نفاس قبل غسل نفاس اگر پہنے ربع زائل ہوجاتا ہی اسیطرح لحم قنفذ کا کھانا اور تعلیق عظم ثعلب بازوے حر دس و دہد مین ایضاً
برائے حمیٰ ربع دائمہ ممدوح الیہ سے ترکیب علاج ربع دائمہ واقسام ربع مثل ربع دائرہ کے مع تغیر زیادتی کے مگر دائمہ کہ حادث خون ہو
کہ اسمین فصد صافن آخر مین کھلواتے ہین اوسمین زیادہ انضاج اور تبرید کرانا چاہیے تاکہ اُس سے تحلیل ہو مین نے اُسکے علامات تحلیل دیکھے ہین تسوید ہوے
بسبب شدت طبخ اس مواد کے اور اسکا رطوبت غریبہ مین عمل لیس سیاہ ہوجاتا ہی چنانچہ شان حرارت غریبہ اسمین ہوتی ہی جب شدت ہوتی ہی بال سفید
ہوجاتے ہین بسبب فرط احتراق کے بہت ایسا ہوتا ہی کہ اس تپ مین بسفایج مطبوخ مویز وشکر کے ہمراہ جھنکارہ دلادیتا ہی ایضاً برائے تپ
ربع ترکیب برگ تنبول مغز بادام ہر ایک تین عدد برگ قنب ڈیڑھ ماشہ نبات سفید چھ ماشہ پانی مین شیرہ نکال کے بخار آنے سے چھ گھڑی پہلے پلائین

دوائی انواع تپ ربع کیواسطے مجرب ہی ترکیب آہک تین چار ماشہ کی مقدار مین یا کم و بیش پانی مین حل کرے اور ایک کیموے کاغذی اسمین نچوڑ دین جب آہک کے
اجزاے غلیظہ بیٹھ جائین اسکا اوپر کا پانی پی لین اور دُرد چھوڑ دین یہ دوا باری کے شروع مین یعنی جبکہ کسل و گرانی ہو کھالین اور دوا کئی بار دین الیضاً تپ ربع
مین مجرب ہی برگ صبر ترکیب قطع پوست بالاے آن تراشیدہ اُسکا مغز آگ پر رکھین جسطرح کہ رواج ہی تھوڑی زرد چوب و نمک سیاہ چھڑک کے آگ کے اوپر سے اتارین
اور پارچہ مین رکھ کے نچوڑین جو پانی اُس سے نکلے ایک فنجان کے مقدار مین پئین انشاء اللہ تعالے تین دن مین دور ہوجائیگی الیضاً دواے ہندی جو اطباے ہند
کے نزدیک جرانکس کہلاتی ہی دافع تپ ربع بلغمی و صفراوی نائبہ مجرب و معمول مولف ہی ترکیب توتیاے سبز پانچ ٹانک تال ورقی دس ٹانک سیپ کا
چونہ پندرہ ٹانک باریک پیس کے آب گھیکوار مین چار پہر کھرل کرین ایک گولی بناکے مٹی کے دو سکوروں مین گل حکمت کرین ایک گز مربع چقر مین جنگلی
دشتی نیچے اوپر رکھ کے آگ دیدین جب آگ ٹھنڈی ہوجاے اتارلین اور رکھ چھوڑین ایک رتی بتاشہ مین رکھ کے کھلائین غذا شیر برنج تین دن مین
تپ زائل ہوجاتی ہی ترشی بادی اور روغن سے پرہیز کرین اگر کسی شخصکو اس سے قے ہوجاے بہت جلد نفع ہوگا دوائی جسکو جرانکس ناتورہ کہتے ہین براے
دفع تپ لرزہ نافع ہی ترکیب تخم دھتورہ مٹی کے لوٹے مین رکھ کے اسکا منھ بند کر دین اور گل حکمت کرکے گرم تنور مین رکھوا دین کہ اندر سے خاکستر ہوجاے
ایک رتی خوراک ہی بعد اسکے پانی دین بعضے خوراک اسکی چار رتی تک کہتے ہین براے قوی مزاج شہد مین بھی ملاکے دیتے ہین اور یہی راقم کا بھی معمول ہے
نوعد بلیر نافع تپ لرزہ ترکیب ہرتال طبقی مینسل کیہری دونون کو گھیکوار کے عرق مین چار گھڑی کھرل کرین بعدہ مٹی کے دو سکوروں مین گل حکمت
کرین خشک کرکے دس سیر بنواکنڈوں مین پھونک دین جب تیار ہوجاے کشتہ کو رکھ چھوڑین پہلے دن دو چاول برابر پان مین یا بتاشہ مین یا دہی مین دین دوسرے دن
اور تیسرے دن ایک رتی کھلائین غذا مونگ کی کھچڑی دوائی براے تپ مرکب یعنی غب غیر خالصہ و شطر الغب مین معمول ہی ترکیب علاج اُسکا
مرکب دواؤن سے تپ بلغمی و صفراوی کے کرین جو خلط غالب ہو اُسکی رعایت زیادہ کرین پھر منضج دین بادیان پرسیاوشان مویز منقی بہدانہ ڈیڑھ
پاؤ پانی مین جوش کرکے جب نصف رہ جاے شربت گاؤزبان ملاکے دین یا النضج کے واسطے برنجاسف تخم کاسنی بادیان عناب بنفشہ عرق شاہترہ یا عرق
عنب الثعلب آدھ سیر مین جوش کرین تیسرا حصہ باقی رہ جاے تو شربت زوفا یا شربت خشخاش داخل کرکے دین اگر مواد زیادہ ہو اور خارج ہونیکی ضرورت
سمجھین ادویہ منضجہ مین ماء الاصول ملادین بادیان بیخ بادیان کاسنی عناب سپستان مویز منقی جوش اور چھان کے نبات سفید یا گلقند ملکے دین اور
تلیین شکم کیواسطے جو دو دن گذرنے کے بعد ایک عدد ہلیلہ مربہ وقت شب جائز ہے جب مادہ کا نضج ہوجاے ادویہ مسہلہ مثل خیارشنبر وغیرہ کے داخل کرین
اور ہلیلہ زرد براے اخراج مادہ صفرا و ہلیلہ کابلی براے اخراج مادہ بلغم و ہلیلہ سیاہ براے اخراج مادہ سودا مسہل مین داخل کرین اگر قبض کی عادت ہو
ہلیلجات اچھے نہین ہین یا گل خطمی و تخم خطمی و ریشہ خطمی و بنفشہ وغیرہ براے اصلاح ہلیلجات داخل کرین اور یہی طریق علاج حمیات مختلفہ ہی کیونکہ اسکے دورہ
کی نوبت معین نہین ہوتی ہی الیضاً براے شطر الغب نطاکی سے ترکیب اگر قوت ساقطہ نہوئی ہو میرے نزدیک قے واجب ہی طبیخ شبت و عسل سے
ایک روز اور دوسرے دن آب گرم و سکنجبین سے یہانتک کہ نقاے اعالی بدن ظاہر ہو بعد اسکے ماء الاصول ہمراہ غاریقون ایکدن کھائین اور
شربت اصول یا سکنجبین بزوری دوسرے دن اور یہ حب صحیح مجرب اس تپ مین میرے مرکبات سے ہے اوسکا نسخہ حبوبات مین مسطور ہو چکا

باری سے پہلے غذا اچھا ہے اگر قوت ساقط ہو گئی ہو تفراغ سے باز رہین اور غذا ٹرہائین دوائی براے تپ لرزہ بلغمی و ربع نافع ہے ترکیب جائفل جو عنابِ سفید
صاف کیا ہوا نصف عدد سے ایک عدد تک قند سیاہ مین لپیٹ کے بے اطلاع صاحب تپ کھلادین چاہیے کہ باری سے پہلے تین دن تک متواتر کھلائین چونکہ
شدت سے گرم ہے تپ صفراوی مین زنہار نہ دین ایضاً پھٹکری ایک ماشہ پیس کے نوبت سے پہلے پانی کے ساتھ دین ایضاً کرنجوہ کی کوپل دو تین ماشہ سے چھ ماشہ
تک سات عدد کالیمرچ کے ہمراہ پیس اور چھان کے چند روز پئین یا گولیان بنا کے کھائین ایضاً تپ لرزہ مین معمول ہے ترکیب سمندر پھل ایکعدد پیس کے
باری سے دو گھڑی پہلے کھلادین اوپر سے آب لیموے کاغذی نصف عدد نچوڑ کے پئین اسیطرح تین دن تک باری کے وقت استعمال کرین دوائی لرزہ و تپ
کم کرتی ہے مجربات حکیم علی سے ترکیب وقت شروع لرزہ مریض کے دونون پانون گرم پانی مین رکھین اور روغن بابونہ گرم کر کے مہرہاے پشت اور
ہاتھ پانون پر اسکی مالش کرین اور قدرے افیون و ورق الخیال ہمراہ یاقوتی معتدل یا جوارش ممزوج کر کے کھلائین قبل لرزہ کے اور بعد لرزہ کے گلاب گرم کر کے دین دوائی
حمی مرکبہ بلغم و صفرا مین معمول ہے خصوص بعد تنقیہ ترکیب سکنجبین گلقند ہر ایک چار درم باہم ملا کے کھائین اسکے بعد شیرۂ بادیان شیرہ تخم کاسنی شیرہ تخم
خیارین ہر ایک پندرہ درم ٹرہائین دوائی مسہل دافع تپ مرکب ہے اور غب غیر خالص مین بروز افاقہ دیتے ہین مجربات حکیم معصوم علی سے ترکیب آب
برگ عشقہ آٹھ تولہ ہمراہ شکر سرخ دو تولہ نیمگرم پئین ایضاً ثمر گوماں ایکعدد آدھ پاؤ پانی مین گھس کے اور چھان کے دو تولہ شکر سرخ ملا کے پئین لرزہ کا ازالہ
کرتی ہے ایضاً اگر سرفہ کے ساتھ ہو انجیر زرد پانچعدد اصل السوس مقشر چھ ماشہ گاؤزبان سات ماشہ مویز منقی دس دانہ سپستان پندرہ دانہ رات کو
عرق گاؤزبان و بادیان و عنب الثعلب و شاہترہ و گلو مین بھگو کے صبح مل اور چھان کے شربت خشخاش ملا کے نیمگرم پئین غذا دال مونگ مقشر ہمراہ
روغن بادام چھ ماشہ پکا کے گیہون کی بھوسی دار روٹی کے ہمراہ کھائین ایضاً حمی مزمنہ مین نان جو پختہ کو گرم گرم پارہ پارہ کی ہوئی ظرف گلی مین رکھ کے
پانی سے تر کر کے ایک ہفتہ تک زمین کے اندر دفن کرین پھر نکال اور صاف کر کے اسکا زلال شیشی مین رکھ چھوڑین خوراک دو تولہ سے پانچ تولہ تک نیز یہی زلال
عرق گاؤزبان مین ملا کے پئین اگر تشنہ کرے تھوڑا نمک ڈالدین دوائی براے تپ بلغمی و مرکب بہت مفید ہے ترکیب خاکسی ایکتولہ عرقیات مناسب مین
روز اول ایک جوش روز دوم دو جوش اسیطرح سات دن تک ایک ایک جوش کا اضافہ کرتے جائین ہمراہ شربت بزوری یا شربت بنفشہ دو تولہ دین اسیطرح
دوسرے ہفتہ مین ایک ایک جوش کم کرین ایضاً حمیات مرکبہ مزمنہ مین کثیر النفع ہے ترکیب گلو یعنی سبز ایکدام سے دو دام تک جاقو سے اُسے
ٹکڑے کر ڈالین مٹی کے برتن مین رکھ کے آب خالص ڈالین اور اوس مین رکھدین صبح کو کسیقدر نچوڑ کے اسکا آب زلال مناسب شربت کے ہمراہ کام مین لائین اور
کبھی ہمراہ قرص زرشک و قرص طباشیر بھی استعمال کراتے ہین کبھی اسکا ست نکال کے گولیان بنا کے دی جاتی ہین اگر گلو سبز بھگو یا جوش دیکے قرص طباشیر کے
ساتھ دین بہت نفع کرتی ہے اگر ست گلو اور اُسکے ہموزن طباشیر سفید پیس کے ایک ماشہ تپ مین کہ سرفہ اور لرزہ کے ساتھ ہو دین تو تپ رفع ہوجاتی ہے دوائی
براے تپ مرکب صفرا و بلغم کیواسطے مجرب ہے ترکیب تخم کاسنی کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ اجمود نو ماشہ پیپل چھ ماشہ سب کے تین حصے کیے جائین
اور ایک حصہ گرم پانی پانچ تولہ مین رات کو بھگو دین دن کو صاف پانی پئین اور چار تولہ دوسرے مین پانی ملا کے رکھ چھوڑین اور شام کو پئین اسیطرح تین دن تک
دونون تک عمل کرین دوائی براے حمی غشی نافع ہے ترکیب وقت غشی علاج غشی کرین بعد ازان علاج تپ بلغمی شربت مسہل اس تپ کے واسطے

مخصوص اور مفید ہے دوائی برائے تپ غشی صفراوی الطاکی سے ترکیب یہ تپ صفرا سے ہوتی ہے اگر قوت ساقط ہو جو مین نے آزمایا ہے یہ ہے کہ ایک قیراط
کافور ہمراہ مع دو قیراط زباد اور بیس درم گلاب بروز صبح کو دین ایک قیراط عنبر مع بیس درم سکنجبین پچاس درم ماء الشعیر وقت دوپہر قلب و اطراف مین اس لخلخہ
کا طلا کرین اور دوسرے لخلخون کے ذیل مین آئیگا پس جسوقت قوت عود کرے یا موجود ہو اس حقنہ کو کام مین لائین وہ بھی حقنون کے ذیل مین اگر قوت کا احتمال ہے
مع ملازمت شرب ماء الشعیر ہمراہ سکنجبین اور بعد سکون اخلاط مداومت آب انار کرین قبل اسکے خطا ہے کیونکہ جانب جنس خلط تحلیل ہوتا ہے جبکہ غشی تو اثر کرے کعک
شراب مین تر کرکے پلائین کہ غذا اکا نفع دیتی ہے اور انعاش قوت جلد کرتی ہے اور لخلخہ سابق سے طلا کرین ایضاً برائے تپ غشی بلغمی الطاکی سے ترکیب انطاکی
کہتا ہے کہ جالینوس حلیۃ البرء مین لکھتا ہے کہ علاج اسکا لینے فتیلون اور قلیل الحدت حقنون اور قلیل الجذب برائے تنقیہ مادہ امعاء کرنا چاہیے پس اگر بلغم ہے
ہو اس فتیلہ کو کام مین لائین جو فتیلون کے ذیل مین آئیگا یا اس حقنہ سے کام لین جو حقنون مین بیان ہو چکا اور بملازمت تغیر حبوبات اربعہ بدبکی کرین ابتدا مین
پر شرط کی ضرورت نہین ہے جیسا کہ جب اعراض ساکن ہو ماء العسل پلائین اگر حرارت کی شکایت کرے ماء الشعیر سے اسے ممزوج کرین اور کوشش کرین اسکے
استعمال کا پانی کھانے اور پینے مین تخم کرفس و مصطگی سے مدبر ہو اور غذا آب کعک زیادتی شکر کے ساتھ کو ہین اگر قوت ساقط ہو جائے بچے مرغ فرز
مین پکائین مادہ جو اس سے شیرہ نکلے پلادین دوائی تپ وبائی مین معمول ہے ترکیب مثل علاج تپ دموی کرین خوشبودار چیزین سونگھائین دواء المسک
بارد و مفرح بارد کھلائین ایضاً برائے تپ وبائی الطاکی سے ترکیب فصد واجب ہے بعد تنقیہ و ملازمت اشربہ باردہ مثل شربت بنفشہ و ریباس
و لیمون وگوگل حامض دے تا آنکہ معدہ پاک ہو جائے پھر استعمال مسہلات مذکورہ حمیات حارہ مین بعد اسکے عنبر و فادزہر ہمراہ گلاب بعدہ شربت
گل ارمنی یا مختوم و طلا ہمراہ آب سورد کہ اسمین کافور و صندل حل کیا ہو اور چھڑکنا سرکہ کا پودینہ کا اوس کا اور بخور عنبر یا لادن یا طرفا اور اس تپ مین مجربات سے
ہے کہ تین درم گل سرخ خشک بیس درم گلقند شکری دونون کے ہموزن گلاب خالص اور ان سبکو چار سو درم پانی مین پکائین جبکہ چوتھائی باقی رہ جائے صاف
کرکے دس درم روغن گل ملا کے نیمگرم استعمال کرین سریع الحل ہے اگر اعراض مین اشتداد ہو اسکے ہمراہ بیس درم خمیرہ بنفشہ کا خمیرہ تازہ یا خشک ملا دین
دوائی کہ تپ وبائی مین معمول ہے ترکیب قرص کافور چار ماشہ شربت انارین ایک تولہ مین ملا کے کھلائین اوپر سے آب کاسنی تازہ آب عنب الثعلب تازہ ہر ایک
سات تولہ سکنجبین سادہ تین تولہ حل کرکے پئین غذا وقت ضعف گوشت چوزہ مرغ و طیور خفیفۃ الغذا تیہو و کبک مع اصلاح مخرجات مثل شکر و سماق و غورہ خاصۃً وقت ضعف
مزاج لحم اما ہے اگر گرمی حمیٰ زیادہ ہو زردی بیضہ مرغ دین اور ایک وقت جو مناسب ہو اور حرارت زائد کی صورت مین ایک وقت آشجو ہمراہ نبات سفید دین اور پرہیز گوشت غلیظ
الیمن و فواکہ سے رکھین ایضاً برائے حمیٰ وبائی حالت لینت طبع مین ترکیب شیرہ زرشک پانچ ماشہ شیرہ عناب پانچ دانہ شیرہ خرفہ چھ ماشہ شیرہ تخم حماض چار ماشہ عرق صندل دو تولہ
مین اور عرق کاسنی چار تولہ کیوڑہ دو تولہ عرق بادرنگ چار تولہ گلاب آب جبعینہ آب لیمون ترش ہر ایک ایک تولہ بھر نکال کے شربت انارین شربت بہی شربت نیم شربت غورہ ہر ایک
ایکتولہ بادرنگ چار ماشہ چھڑک کے دین اگر حرارت زائد ہو قرص کافور قابض تین ماشہ یا اکبر قرص کافور چار ماشہ ہمراہ تبرید مذکور دین اور برائے تقویت قلب ہمراہ شربت سیب
ملا کے دین کبھی شیرہ دانہ ہیل تین ماشہ اگر گرمی کم ہو تخم ریحان بریان چار ماشہ چھڑک کے دین دوائی تپ دق مین نافع ہے ترکیب قرص طباشیر
لین کے ساتھ قرص کافور تبرید کے ہمراہ یا ماء الخیار یا ماء القرع دین جبکہ حمی عفنی تپ دق سے مرکب ہو اور مریض کا معدہ ضعیف نہ ہو قرص

مذکورہ شیر بز کے ہمراہ اور شیر خر اور شیر دختر بہت مناسب ہے اگر سرفہ بھی ہو خمیرۂ خشخاش اور مانند اُسکے کہ سرفہ کیواسطے نافع ہو اقراص مذکورہ ملا کے دینا چاہیے اگر
تپ دق کے ساتھ حمی عفنی ہو اسہال بروغن کرین اور علاج تپ دق مین ہر نوع تبرید و ترطیب کرین اور بعض ادویہ مبردہ مثل کافور باعث تخفیف ہوتا ہے اسیطرح
بعض ادویہ مرطبہ مثل شراب کے موجب تسکین ہے لہذا چاہیے کہ شراب پانی مین ممزوج کرکے وقت ہضم غذا دین اسیطرح کافور ادویہ مرطبہ مین مخلوط کرکے کھلائین
اس تپ مین مرخیات معدہ سے احتراز کرین اور ادویہ مرطبہ پانی مین جوش کرین اور اُسمین بٹھائین جب باہر نکلین روغن کدو سے تمام جسم کی مالش کرین اور روغن
نیلوفر ناک کان مین چھوڑین شوربا ے گوشت بز و ماہچہ دین اور اُنکے کھانے مین نمک کم ڈالین اور ہندی بیضۂ نیمبرشت انسیونکے واسطے مناسب ہے اشیاء یابسہ و مالحہ و
حریفہ و حارہ و گرسنگی و تشنگی و غم سے احتراز کرین ٹھنڈے مکانات اطراف شمال اور دریاؤن کے کنارے رہنا اختیار کرین ایضاً برائے تپ دق حکیم علی نے ایک ترکیب
ترکیب کافور یا طباشیر یا مروارید ایک ایکماشہ یا قرص طباشیر کافوری چار ماشہ یا زرد چار رتی گھس کے ہمراہ خمیرۂ مروارید یا گاؤزبان یا شربت نیلوفر ملا کے
کھلائین اور اوپر سے شیرۂ خرفہ دو تولہ یا لعاب بہدانہ تین ماشہ و شیرۂ مغز تخم کدو ایکتولہ شربت نیلوفر و شربت تمر ہندی وغیرہ دین بالجملہ تقویت و تبرید اس تپ
مین منظور ہوتی ہے اگر اسہال ہو قابضات مثل طباشیر ایک ماشہ کافور قیصوری چار رتی ہمراہ شیرۂ بارتنگ سات ماشہ کے دین اگر تپ عفنی اس تپ مین مرکب
ہوتی ہے گل بنفشہ نیلوفر عناب سپستان عنب الثعلب گاؤزبان خطمی خبازی رات کو عرقیات مین بھگو کے مغز فلوس تمر ہندی ترنجبین مل کے گلقند حل کرکے دین
شیرخشت بھی برائے اصلاح صفرا اضافہ کرین ایضاً برائے تپ دق انطاکی سے ترکیب بہتر ترکیب دق مین تبرید و توفیر رطوبات ہے تاکہ حرارت مشتعلہ اسے تحلیل
ہونے لگے اور لطف اُنکی اغذیہ مولد خون ہونا چاہیے کہ اسکا التصاق تشبیث جلد ہو مثل شیرۂ بادام کے شکر مین اور شوربائے بچۂ ماکیان و کدو و خرفہ کے اور مجرب یہ ہے
کہ مرغی کو ٹکڑے ٹکڑے کرکے کوٹین اور مغز بادام کے ہمراہ بوتل مین رکھین منہ اسکا بند کرکے پانی مین ڈالدین اور پکائین یہانتک کہ گل جاے پھر استعمال کرین زیادہ تر
گل ارمنی و گلاب شکر کے ہمراہ مرطوب روغنون کی مالش مثل بنفشہ و کدو و کاہو و فاغنیہ و مورد و فرش پھولونکا و تبرید بیمار کے گرد اگرد آبزن مین بٹھانا بغیر
نمک ملی کے و تعدیل ہوا و تبرید اسکی حتی الامکان جماع سے امساک لباس خفیف مثل نسیم و دور قرب آتش و آفتاب رکھین یہ تجربہ ہے کہ لعابات و روغنیات
و راحت و لباس مصقول و کتان و شربت شیر تازہ ہمراہ شکر بسیار نافع ہے جو مینے تجربہ کیا ہے وہ یہ ہے کہ آب کاہو و گلاب و آب علیق ہر ایک ایکجز و آب لیمو نصف
جز اُسمین صندل و آرد جو و سفیدآب مخلوط کرکے بدن پر طلا کرین مع اُن چیزونکے جنکا ذکر ہو چکا ہے کبھی ضرورت پڑتی ہے جبکہ امراض کی شدت کا وقت قریب
ہوتا ہے قطع آخر کی ا ر ایسے وقت مین اس سے بہتر کوئی شی نہین ہے لیکن غذا ماء الشعیر مبرز ہمراہ عناب بارہ یہ دانہ و دو سیب ہونا چاہیے اسیطرح آب خرفہ شکر کے
ساتھ اسہال مفرط سے اجتناب کرین تاکہ خون جلد تحلیل نہ ہونے پاوے پاؤن کو کھجلانے اور دھونے کی زیادتی نیمگرم پانی و روغنون سے کرنی چاہیے
اور ہر تپ دق کہ مرطوب کو ہوتی ہے سہل تر ہوتی ہے اور بالعکس اسی طرح اگر مرکب ہو بنسبت امضاء کے اور عدم امضاء کے وایضاً نزہت مین تحریر ہے کہ
جو کچھ سل و سرفہ مین بیان ہوا ہے سب قرص گل و کافور ریوند و شربت عناب و مطبوخ افتیمون و فواکہ و شیر تازہ ہمراہ روغن بادام و گل ارمنی و شوربا ے
جوجۂ مرغ انواع بقول کیساتھ استعمال کرین دوائے دق الشیخوخت کہ اسکو دق الہرم بھی کہتے ہین یہ ایسا مرض ہے کہ جوانون کا حال بوڑھونکا سا
ہوجاتا ہے اور بوڑھونکا ابتر حال ہوجاتا ہے مزاج پر استیلائے یبوست سے بغیر تپ کے اور حرارت کے زیادہ تر بوڑھونکو ہوتی ہے جوانونکو کم اور بچونکو

بہت ہی کم سبب اسکا غلبہ برودت ہوتا ہی کہ حرارت غریزی کو منطفی کر دیتا ہی اور غذا کو اسکے مسالک مین نفوذ سے مانع ہوتا ہی چنانچہ نباتات کا حال سرماے سخت
مین ہو جاتا ہی۔ آب سرد کا ریاضت قوی کے بعد عقیب جماع و استحمام کہ محدث مرض مذکور ہوتا ہی اسی قبیل سے ہی یا ضعف بدن کہ قوت غاذیہ کو اپنے فعل سے باز رکھتا ہی
جبکہ آخر عمر مین عارض ہوتا ہی یا افراط حرارت سے کہ تحلیل و تذویب رطوبات کر دیتا ہی اور حرارت غریزی مین بسبب فناے رطوبات یا اجماد پیدا ہو جاتا ہی اور آخر مین دق و
خشکی بدن مین حادث ہوتی ہی یا افراط استفراغات یا مبالغہ تبرید جسمیات مین علامت اسکی ذبول و خشکی و لاغری بدن بمانند مشائخ کے بے التہاب حرارت اور
کبھی ملمس مین سردی محسوس ہوتی ہی نبض صغیر بطی و متفاوت ہوتی ہی ہنگام اشتداد ضعف کہ نبض متواتر ہوتی ہی اور قارورہ رقیق و مائی ہوتا ہی علاج اسکا
تعدیل مزاج ہی ان چیزون کے استعمال سے جو گرم تر ہون استحمام و آبزن بعد ہضم غذا و خواب و سکون بعد طعام اغتذا بیضہ مرغ نیمبرشت و شوربا ے گوشت بره
قدرے روٹی کے ساتھ اور ملنا قیروطی کا روغن نرگس و موم کے ساتھ تھوڑا تھوڑا شہد چاٹنا اکثر اوقات نافع ہی ورق طلا دینا خاصکر شہد کے ہمراہ یا جلاب
سفید و ماء اللحم بدستور اور اگر فی الجملہ بدن مین قوت آجاے مسخنات سے مثل دواء المسک اور مثل اسکے سے دست بردار رہین اور جو مخلل ہون جماع نہ کرین
دوائی فلغمونی یعنی ورم دموی کہ بمدد ضربان و تپ سرخی رنگ سے ہوتی ہی ترکیب بعد فصد اور جونکین لگانے کے تبرید لعاب بہدانہ و شیرہ عناب
عرقیات مین نکال کے شربت نیلوفر خاکسی طلا او چھڑک کے پٹین تقلیل غذا کرین منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین غذا آشجو اور مانند اسکے
اشیاء باردہ سے کرین اور تین دن پہلے رادعات مانند صندلین و فوفل و گل ارمنی و گل سرخ و عنب الثعلب آب کشنیز سبز آب عنب الثعلب سے تر مین پیس کے لیپ
کرین اس مرہم مین رسوت موم سفید ہر ایک دو درم روغن گل روغن بنفشہ ہر ایک چار درم پگھلا کے رسوت ایکدرم پیس کے ملا دین اور مرہم بنا کے ضماد کرین
اگر مادہ دفع اعضاے رئیسہ سے ہو مغابن یعنی پس گوش یا زیر بغل یا کنج ران مین جمع ہو جاے اور رادعات مناسب ہون بلکہ مرخیات محللہ مانند موم و روغن گل
ہمراہ محللات مرخیہ مثل بنفشہ خطمی و تخم مرد کا ضماد کرین فصد کھلوائین جونکین لگوائین اسیطرح اگر درد شدید ہو استعمال رادعات روا نہین ہی بعد
تین روز کے تین دن تک دویہ محللہ صرف مانند برگ کتان بابونہ اکلیل الملک آرد جو خطمی رادعات مین ملا دین اور زمانہ انتہا مین محللات مساوی ہمراہ رادعات
دین زمانہ انحطاط مین محللات صرف پر اختصار کرین جبکہ مادہ تحلیل نہو اور جمع ہو جاے اور درد و تپ مین شدت ہو منضجات مانند برگ کتان و حلبہ
و شیر انجیر کا ضماد کرین اور جب مادہ پختہ ہو جاے اور درد و تپ مین سکون ہو ورم نرم پڑ جاے اسوقت ادویہ مفجرہ یا لوہے سے شگاف دیدین بعد
انفجار و استفراغ مادہ مرہم زرد یا مرہم جل استعمال کرین دوائی نافع اورام مغابن یعنے خیارک اسکے علاج کا طریقہ دواے فلغمونی مین مذکور ہو چکا
اور یہ دوائی نافع ہی ترکیب پوست ہلیلہ دس مثقال مسلم روغن بید انجیر مین خوب بریان کر کے سحق بلیغ کرین اور تیز سرکہ مین خمیر کر کے لیپ
لگائین و علاج فلغمونی حمرہ و حمرہ فلغمونی مرکب ہے علاج ورم دموی و صفراوی سے دوائی حمرہ یعنے سرخ بادہ کہ بچونکو ہو جاتا ہی اول
تنقیہ مرضعہ و تعدیل غلط کرین ادویہ مصفی خون مثل شاہترہ و چرائتہ و ہلیلہ سیاہ وغیرہ کہ آتشک مین دیتے ہین دینا چاہیے اور وہ گولی جسمین [illegible]
برگ بکائن ہی اور حبوب سرخ بادہ مین تحریر کیجا چکی ہین اگر ضرورت ہو حجامت و ارسال علق کام مین لائین اگر بثور متقرح ہو جائین تو مرہم سفیدآب و روغن
سرخبادہ سفید و بثور سیاہ و قرحہ قتال ہوتا ہی ایضا براے سرخبادہ نسخہ عفہ جس شخص کا بچہ علت سرخبادہ مین مبتلا ہو گیا ہو چاہیے کہ مادر و پدر طفل حمل

چند روز پہلے اس دوا کی مداومت کرین طفلان عین حمل مین تناول کرے **ترکیب** عناب سات دانہ صندل سرخ صندل سفید ہر ایک تین ماشہ شاہترہ سات ماشہ
برگ حنا گل سرخ ہر ایک تین ماشہ پوست درخت کچنال چار ماشہ برہمڈنڈی نیل کنٹھی ہر ایک تین ماشہ منڈی چار ماشہ سرپھوکہ پانچ ماشہ شکر سفید دو تولہ بطریق جوشاندہ
یا خیساندہ استعمال کرین **دوائی** ورم رخو جمع ورم سفید ہوتا ہی اسمین حرارت والم ہوتا ہے جب اسپر انگلی رکھتے ہین نیچے ہوجاتا ہی پھر اپنی جگہہ پر آجاتا ہی
ترکیب بعد منضج گرم سے نضج کے مسہل حار و حب ایارج سے تنقیہ کرین اور نطرون ہمراہ سرکہ دار آب میں لیپ کرین اور ناٹ خاکستر کرنب و سرگین کاو دشتی
صبر سرکہ مین پیس کے لیپ کرنا مفید ہوتا ہی **دوائی** سلعہ وہ ورم غلیظ ہوتا ہی کہ مقدار نخود سے خربزہ کے برابر تک ہوجاتا ہی اور اسکے اوپر کیسہ ہوتا ہی گوشت سے
جدا چنانکہ حرکت دینے سے کسی جانب متحرک ہوتا ہی اور اپنے موضع پر اسکو ہندی مین رسولی کہتے ہین **ترکیب** مانند علاج ورم رخو کرین و سرگین گاو و مرہم ابیلون
و مانند اسکے ادویہ محللہ کا ضماد کرنا مفید ہو اور اگر مزمن ہو ادویہ حادہ مانند فلدفیون رکھین یا اسکو پھاڑ کے بالکل باہر نکال لین پھر مرہم ہاے مدملہ کام مین لائین
ایضاً سلعہ کو تحلیل کرتا ہی **ترکیب** زردچوب دار ہلدی سہاگہ سرمہ سا پیس کے گھیکوار کے ٹکڑے پر رکھین چند روز مین دفع ہوجائیگا **ایضاً مجرب** سلعہ **ترکیب** حلبہ سفید
نمک طبرزد آب لیموں مین پیس کے سلعہ پر شب لگا کے طلا کرین چند روز مین تحلیل ہوجائیگا موثر منقی ومقل و آملہ و صابون سے تضمید اس باب مین ادویہ قویہ سے ہے
دوائی سرطان یہ ایک ورم سخت ہوتا ہی سیاہی مائل اور غدود کی شکل کہ اسکے چارون طرف سرخ و سبز رگین ابھر آتی ہین اور مجموعہ شکل سرطان کیج نمایان ہوتا ہی اسکا مادہ سوداے
احتراقی ہوتا ہی ابتدا مین باقلا کے برابر یا اس سے کسیقدر بڑا ظاہر ہوتا ہی اسکے بعد عضو کو کھاتا ہی اور وہ خربزہ کے برابر ہوجاتا ہی اور شل شعلہ آتش کے اندر کا حصہ ملتہب ہوتا ہی
مردونکو اکثر رو وہ و قضیب مین عورتونکے رحم و پستان مین عارض ہوتا ہی جب پشت پر ہوتا ہی تو اکثر قاتل ہوتا ہی اور سرطان کہ متقرح ہوتا ہی اسکا قرحہ سخت ہولناک ہوتا ہی کہ اسکے کنارے غلیظ ہوتے ہین
اور لب باہر کیطرف مڑ جاتے ہین جنکی رنگت سرخ یا سبز ہوتی ہی جب زخم ہوجاتا ہی تو اول سے بدتر حالت ہوجاتی ہی بالجملہ ایک نہایت صعب مرض ہی اور خطرناک
کہ اسکی اصلاح کی امید نہ رکھنا چاہیے خصوصاً جبکہ متقرح ہوجاے **ترکیب** بعد فصد اور جو کون کے منضج سودا دین بعدہ مسہل سودا اور ماء الجبن سے
تنقیہ کرین اور حکاکہ سنگ آسیا وحکاکہ سنگ آہن تیز کن وحکاکہ اسرب درود غن گل و آب عنب الثعلب سبز و آب کشنیز سبز باہم ملا کے طلا کرین تاکہ ورم بڑھنے
نہ پاے بعد ازان سفیدہ ارزیز گل ارمنی آب کا ہو سبز روغن زیت مین ملا کے طلا کرین تاکہ تقرح کی محافظت کرے اگر متقرح ہوجاے سفیدہ و
ارزیز توتیاے مغسول روغن گل مین طلا کرین تاکہ اندمال ہو و گیاہ کندہ دیوٹی جو میوات کیطرف ہوتی ہی اگر گاے کے پیشاب مین جسکے بچھڑا نہ ہوا ہو
پیس کے لگائین سرطان کو کھودیتی ہی سرطان ہنری مین شگاف دیکے اسمین رکھتے ہین یا سرطان کو جلادیتے ہین اور روغن سے طلا کردیتے ہین
دوائی خنازیر وہ ایک ورم ہوتا ہی سخت کہ اکثر گردن و بن ران مین ہوتا ہی زیادہ تر کئی ہوتے ہین گوشت سے چپکے رہتے ہین برخلاف سلعہ سبب
اسکا اجتماع مادہ غلیظ بے تخمہ اور سوء ہضم سے اسکے ٹپکنے سے اعضا رخو نرم مین **ترکیب** اول تنقیہ بلغم و سودا کرین تلطیف و تقلیل
غذا کی زیادہ تر کوشش کرین طعام شب و فواکہ و حموضات کے کھانے سے منع کرین اور کثرت کلام و غضب و آواز بلند کے سننے سے اجتناب
کرین جہانتک ممکن ہو پیاس پر صبر کرین نیند و تسکم کیحالت مین ریاضت کرائین سرہانہ بلند ہونا چاہیے اسمین بہترین چیز حب خیزران و حب
واصلی داطریفل غددی ہی بعد اسکے بیخ سوسن پیس کے مرہم داخلیون مین ملا کے ضماد کرین اگر تحلیل نہ ہو آرد جو ترمس بچون کے پیشاب مین

ملا کے لیپ لگائیں تاکہ نضج ہو کے منفجر ہو جائے پھر مرہم زنگار رکھدیں اگر اس تدبیر سے فائدہ نہ ہو شگاف دیدیں اور باہر نکال کے ادویہ مدملہ کام میں لائیں ایضاً برائے خنازیر انطاکی سے ترکیب علاج اسکا حتی الامکان تلطیف غذا اور بانسبت حالت گرسنگی و تنقیہ اخلاط قے و اسہال میں ہے بعد اسکے اضمدہ جو علاج سلعہ میں گذرے مثل داخیلیون ہمراہ خاکستر ابرسا یا انجیر کو پکائیں جب گل جائے اسمیں خاکستر اشنان ملا کے لیپ کریں خنازیر کو تحلیل کردیتا ہے اسیطرح خرنوب و خولان و سفید آب کبھی کشتہ ڈالتے ہیں اور صاف کردیتے ہیں اور اسجگہ کو داغ دیتے ہیں اسمیں خوف نہیں ہے مگر یہ کہ شریان پر اثر نہ پہونچے ایضاً بعد تنقیہ بدن اسہال سے . او اصل و حب خنازیر و حب افتیمون و اطریفل غددی نافع ہے اگر نصف درم غدد کا خشک کرلیا جاوے اور نیمدرم واندک شکر ہر روز دیں نافع ہے ایضاً نافع خنازیر ترکیب تخم سرس کو پانی میں پیس کے بیر کے برابر گولیاں بنائیں ہر روز ایک گولی کا ناشتہ کریں پشک بز جلا کے سرکہ و شہد میں ملا کے ضماد کریں ریٹھہ ہندی و سرکہ پیس کے ملنا بھی نافع ہے ایضاً قنہ دو درم حلتیت اشق ہر ایک پانچ درم جاوشیر فرفیون ہر ایک سات درم مقل ازرق چار درم سکبینج تین درم سکو سرکہ میں حل کریں اور آب کشنیز میں ضماد کریں ہر تیسرے دن تازہ بنالیا کریں دوائی برائے خنازیر اور مانند اسکے ترکیب گیہوں گاؤ خشک بابونہ اشق خطمی سب کو باریک پیس کے لیپ لگائیں اسیطرح مر صاف و انجرہ و حضض کی دو جز آب کشنیز میں پیس کے ضماد کریں برائے خنازیر حار و نافع ہے دوائی ورم صلب یعنے اماس سخت اسکو یونانی میں سقیروس کہتے ہیں اور وہ اکثر بعد ورم حار کے ہوتا ہے کہ کثرت سے اضمدہ باردہ قابضہ استعمال ہونے سے وہ سخت ہو جاتا ہے یا مادہ سوداوی سے کہ اس عضو پر ٹپکتا ہے یا اسجگہ پیدا ہو جاتا ہے یا بلغم غلیظ سے کہ اسکا رقیق تحلیل ہو جاتا ہے اور اسکا کثیف متحجر ہو جاتا ہے اور سودا سے کہ بلغم کے ساتھ مرکب ہو جاتا ہے عارض ہوتا ہے اکثر اوقات یہ ورم درد تکلیف سے خالی ہوتا ہے اور اسکا رنگ مثل رنگ بدن کے ہوتا ہے مگر نوع سوداوی برنگ سیاہ ہوتا ہے اور اسکے اندر تمدد محسوس ہوتا ہے اور بلغمی کی نسبت صلب تر ہوتا ہے ترکیب نضج کے بعد مسہل سودا و بلغم سے تنقیہ کریں اور محللات ملینہ مانند مرہم داخلیون کے استعمال کریں پیہ بط و پیہ خروس و پیہ روباہ و مغز ساق گاؤ و اشق و مقل و لعاب اسبغول و روغن بابونہ ملین ہیں تخم کتان تخم مرو تخم خطمی ہر ایک دس درم علبہ پانچ درم انجیر سفید بیس دانہ سب کو پانی میں کوٹ کے لیپ کریں دوائی غدد وہ ایک ورم ہوتا ہے سخت بندق کے مقدار میں یا جوز کے برابر زیادہ تر پشت دست و پیشانی پر ہوتا ہے فرق غدد و سلعہ میں یہ ہے کہ غدد سخت ہوتے ہیں اور بڑھتے نہیں ہیں اگر اسکے ابتدا میں ہاتھ سے ملدیں تو جاتا رہتا ہے اور پھر عود کرتا ہے کبھی بالکل زائل ہو جاتا ہے ترکیب مانند علاج ورم صلب کریں پارہ اسرب غدد پر باندھنا مفید ہوتا ہے اسکو کسی چیز سے اٹھتے ہیں تاکہ متفرق ہو جائے پھر حضض و اقاقیا و گلنار و صبر و سریشم کا اسپر طلا کرتے ہیں اسکے اوپر اسرب کا ٹکڑا ثقیل رکھ کے سختی سے باندھ دیتے ہیں تو بعون اللہ تعالے زائل ہو جاتی ہے بقول انطاکی بھی علاج غدد و عقد پارہ اسرب و مالش ادہان حارہ ہے و صبر و حضض و صمغ زیتون مجرب ہے اسیطرح روغن آجر و طلائے بارود بہ ورق و سندروس خواص میں آیا ہے کہ اگر بچہ خلیواز لیکے اور پکا کے تنہا کھلائیں ام اسکے ہر قسم کو دور کردیتا ہے ایک تجربہ کار نے بیان کیا ہے خاکستر حلزون و کرم پیہ شحم و زیت طلا کرنا اسیطرح پر نافع ہے ایضاً دوائے ہندی برائے غدد و عقد کہ ہاتھ یا نون یا کسی دوسرے مقام پر درد کے ساتھ ہو ترکیب برگ نیب اکاس بیل برگ سنبھالو پانی میں جوش کر کے اوسکا بھپارہ لیں اور اسکے ثفل کو پیس کے لیپ کریں بعد چند روز کے جب نرم پڑ جائے برگ بیل برگ کٹائی کوٹ کے نیم گرم باندھ دیں کہ منفجر ہو کے زائل ہو جائے

دوائی نفخہ یعنی ورم ریحی علامت اسکی یہ ہے کہ مثل مشک کے ہوا سے بھرا ہوتا ہے اور انگلی سے دبجاتا ہے پھر ذرا دیر مین اپنی حالت پر آجاتا ہے ترکیب نضج کے بعد
مسہل گرم سے تنقیہ کرین گلقند و گلاب عرق بادیان شربت بزوری نہار استعمال کرین شیرہ تخم کشوث انیسون بادیان گلقند مجرب ہے حاجم بے شرطہ موضع ورم پر بکمین
روغن بابونہ و روغن نرگس ملین چادر س گرم کر کے تکمید کرین دوائی دبیلہ وہ ایک ورم بزرگ ہوتا ہے دبیل سے اکثر مستدیر الشکل ہوتا ہے رنگ اسکا جلد کی
طرح ہوتا ہے اسمین اور درد نہین ہوتا مگر نضج مادہ کے وقت دبیلہ جلد کے نیچے ہوتا ہے اور اسمین مواد خبیثہ جمع ہو جاتا ہے کسی غریب چیز کے سر کرنے سے مثل بیضہ و
ناخن و شعر و زرنیخ و گچ و گل سیاہ اس سے باہر آتا ہے اور جو دبیلہ کہ بہت بڑا ہوتا ہے اور اسکا مادہ حار ہوتا ہے اسکا خراج نام ہے دبیلہ منکوسہ ردی ہے اور منفجر سوے
باطن قاتل ہوتا ہے اسی لیے اگر علاج کیا جاے تو خارج کیطرف تفجیر کیساتھ لیکن عضو غیر مجوف مین اور دبیلہ کہ بعد ذات الجنب ہوتا ہے باطن کیطرف منفجر ہو جاتا ہے
اعراض ساکن ہوتے ہین چوتھے دن بیمار مر جاتا ہے ترکیب اول علاج تنقیہ بلغم کرین بعدہ ادویہ ملینہ محللہ مانند مرہم داخلیون کے استعمال کرین و لعاب خطمی و
تخم کتان و پیہ گوزن و پیہ بز گاو روغن گل مین مرہم بنا کے لگائین تاکہ نضج ہو جاے پھر شگاف دین اور مواد ریہ کو نکالدین پھر ادویہ مدملہ کام مین لائین ایضاً
صاحب غنی منی کہتا ہے کہ یہ دوائی از دباغ دبیلہ و انفجار دبیلہ کرتی ہے خاصکر جبکہ بہت بڑا ہو ترکیب تخم مرو تخم خطمی خبازی ہر ایک ایکجز و بیخ کے روغن
بادام مین چرب کر کے ہر روز تین دم کھائین گیلانی کہتا ہے کہ یہ دوا امن دیتی ہے شگاف و نشتر سے دوائی دمل وہ ایک ورم ہوتا ہے بزرگ صنوبر کیصورت کا
سرخ رنگ درد و سوزش سے خالی نہین ہوتا ہے زود انتہاے خراج ہوتا ہے مادہ اسکا خون ہوتا ہے کہ اس سے رطوبت فاسدہ مل جاتی ہے اور مخالط جلد ہو جاتا ہے کہ حرکات و
کثرت جماع و حمام سے پھر کے پیدا ہو جاتا ہے ترکیب فلغمونی کیطرح اسکا علاج کرین برگ نیب آگ پختہ یا بھرتہ برگ نیب کا بنا کے باندھ دین کہ
براے انضاج مادہ و تحلیل نافع ہوتا ہے و تخور برگ نیب یا برگ سنبھالو بھی محلل اورام ہے اسیطرح برگ بھوٹن و برگ عباسی نیمگرم کر کے باندھنا مفید
ہے اگر آرد جو کو دہی مین پکائین تھوڑی سی ریوند چینی پیس کے ملادین اور لیپ کرین اورام کے پکانے مین بہت سود مند ہے تخم مرو و تخم ریحان پیس کے
دودھ و شہد مین پکا کے لیپ کرنا بھی مادہ کو پکاتا ہے اگر خود منفجر نہ ہو برگ نیب نمک دونون پیس کے اوپر رکھیں یا لوہے سے چھیڑ دین انفجار ہے
دمل نطاکی سے ترکیب فصد کھلوائین اگر مادہ ہیج ہو ورنہ رادع مانند پیاز بریان و کشنیز و خسل و علیق و عنب الثعلب کا ضماد کرین جب پڑ جانے
کے وقت اسبغول و زرور و زعفران و زردی بیضہ و خطمی و خمیر ترش کا لیپ کرین جب منفجر ہو جاے روغن گاو و صبر و سفیدہ آب و مراہم ابیض
و داخلیون کا طلا کرین اور جو جلد کھول دیتا ہے یہ ہے کنجد بریان و ترمس کوٹ کے اور لغنغ ہمراہ آرد جو و عسل اور خواص مین آیا ہے کہ طبیخ برگ شفتالو
سے غسل کرین تو دمل نہین ہوتے تذکرہ مین کہتا ہے کہ فصد موی مین ڈالا کرین اور صفراوی مین بعد کو تلطیف و تلیین عضو مقابل کے بعدہ استعمال
ماء الشعیر و تمر ہندی و خیار شنبر و ردع ادویہ وضعیہ سے مثل خطمی و آرد شلیم و بزر قطونا سرکہ و پیاز بریان روغن گاو و خمیر گندم زیت مین جو دحش مین آیکلا
بارد مین اسہال غاریقون و بیخ سوسن و تربد و ماء العسل سے کرین اسپر ادام ہمراہ صمغ البطم و صنوبر و عسل و صابون سے رکھین جب لینے لگے
اسکے نچوڑنے مین مبالغہ کیا جاے کہ وہ سبب تحلل مواد ہوتا ہے بلکہ جسقدر ممکن ہوا سے خارج کرین باقی کو وضعیات سے جذب کرین مثل صبر و
مرداسنگ روغن گاو مین کہ مجرب ہے اسیطرح سفیدہ آب ئینہ بس اگر خشک ہے لینہ اسمین پیدا ہو جاے شکر دانہ کے زعفران کا لرم

کرین جب صاف ہو جاے مرہم جندبادستر یا توتیا اُسپر رکھین بعضون نے کہا ہی کہ دوا سے بہتر اُسکا لوہے سے کھولدینا ہی لیکن مین اُسکے نضج سے چارہ نہین دیکھتا پہلے انجیر و خمیر
اسبغول سے اسپر اعتماد کرتے ہین اگر کسی کو اسطرح صحت نہو استعمال صبر و مصطگی کی کثرت کرے اگرچہ ہفتہ مین ایکبار ہو خواص مین آیا ہی کہ ایک ٹکڑا کچے گوشت کا نگل
جاے تو اُسکے دمل نکلین اگر نضج بلغم منظور ہو آرد جو و حب الصنوبر ہمراہ شحم مرغابی یا بط کے ہے و سائر صموغ اور کہا جاتا ہی کہ زعفران و ریباس کا پینا اس سے نجات
دلاتا ہی اسیطرح ابتلاع ہفت جو نہار منہ پیدا ہونے کے وقت کہ چھوٹا ہو **ایضاً** رادع و منضج و مفجر وہ بل زمل ہے اور بعید یہ ہی کہ گوگل دمین بھیل دونون پانی
مین پیس کے کپڑے سے چھان لین اور رکھین **ایضاً** منضج دمامیل **ترکیب** انجیر و خردل روغن سوسن یا شہد مین ملاکے لیپ کرین دوائی نافع طاعون وہ
ایک زہریلا ورم ہوتا ہی کہ ہنگام وبا موضع پس گوش و زیر بغل و کش ران مین دفعتًا پیدا ہوجاتا ہی التہاب و حرقت شدید کیساتھ ہوتا ہی عضو کو فاسد کردیتا ہے
اُسکا رنگ بدل جاتا ہی کبھی اُس سے خون و زرد آب رستا ہی تے و غثیان و غشی و خفقان لازم ہوتا ہی جسوقت یہ اعراض اشتداد پذیر ہوجاتے ہین ہلاک کردیتے
ہین جسکا رنگ سرخ یا زرد ہو اچھا ہوتا ہی جسکا سبز یا سیاہ ہو جلد مارڈالتا ہی مہلت نہین دیتا اُسکا مادہ دم محترق سمی ہوتا ہی **ترکیب** علامات جلکے ظاہر
ہونے کی ابتدا مین فصد و تنقیہ بدن کے ذریعہ سے رطوبات پاک کرین اور مغلظات خون مانند باقلا و عدس و گل ارمنی سرکہ مین استعمال کرین اور ہوا کو بخور
مرو لادن و عنبر صندل و امثال اسکے سے معتدل کرین جیسا کہ دوائی حمی وبائی مین بیان ہوا اور دواے صبر و زعفران و گل بنفشہ و گل مختوم و سنبل الطیب
و درونج مرتب کرکے مداومت کرین اور یاقوت و زمرد کھلانے اور لیپ مین سودمند ہی جب یہ علت پیدا ہو بالکل فصد و تنقیہ سے ہاتھ کھینچے رہین اور
ہمگی توجہ تبرید و تقویت و انعاش حرارت غریزی کیطرف مصروف رہین اور خنک و خوشبودار شربت پلائین مثل شربت سیب انار ترش و ترنج و لیموں خوب بیہ
آلے یا گلاب و عرق بید مشک و عرق گاؤزبان ہر ایک مں درم فادزہر زمرد گھسکے دین اور جو خفقان حار حمی وبائی مین بیان ہوا عمل مین لائین جاگاہ کو سرکہ و برگ مورد
گل مختوم و کافور سے سرد رکھین گل و کافور و صندل سونگھائین بدن کو جامہاے سفت سے پوشیدہ رکھین ہواے سرد سے بچائین دلکی حمایت ہواے
گرم سے کرین ہر لخلخہ صندل و کافور و نیلوفر گلاب مین گھسکے سینہ پر طلا کرین حوالی مکان مریض کو بیخ و برگ بید و کدو و گل بنفشہ اور مانند ان کے
چیزون سے خالی نہ رکھین رہنا بادیہ لادعہ طاعون مین نہ دین بلکہ اُنکا محل چھوڑکے اُسکے گرداگرد سرد چیزونسے طلا کرین نفس ورم پر نشتر دین اگر ممکن ہو
نشتر عمیق سے اُسکا خون نکالڈالین جگہ کو گرم پانی سے دھوئین تاکہ خون بہت نکلے اگر ضرورت ہو محجمہ اُسپر رکھین اور رفق و ملائمت سے کوٹین
جسوقت اس مرض مین خفقان و غشی کا غلبہ ہوتا ہی علامت ہی کہ مادہ کی توجہ دلکی طرف ہی اس صورت مین چاہیے کہ آب گرم جسمین بابونہ و شبت جوش کیا ہو
ورم پر بہائین یہانتک کہ مادہ دلکی طرف سے موضع مرض کیطرف واپس ہوجاے اور تحلیل ہو کبھی صداع و ہذیان کی زیادتی ہوتی ہی یہ علامت ہی دماغ کیطرف
مادہ کے رجوع کرنے کی اس حالت مین پاشویہ کرین اور محاجم کلان بے شرط پنڈلیون پر رکھین اور خوب اچھی طرح دبائین اور دیر تک محجمہ کو رہنے دین
تاکہ بخار دماغ سے اسفل مین منجذب ہوجائین غذا اس مرض مین سرد و مغلظ خون مثل عدس و مرغ و تیہو کہ پانی مین پکا ہوا اور سرکہ مین ڈالا ہو یا آش جو اور
بقول بارد و مثل لحوم مناسب ہے **ایضاً** برائے طاعون انطاکی سے **ترکیب** اگر معلوم ہو جاے کہ خیال وبائی ہی پیشتر سے فصد و حجامت کے ذریعہ سے تنقیہ اخلاط
حادہ کا تہیہ کرنا چاہیے جب ہوا مین تغیر شروع ہو جاے گوشت اور شیرینی جو مولد خون و حرکت خون کا باعث ہو ترک کرنا چاہیے مورد و نیلوفر و

طرفا کا فرش کرنا چاہیئے آب عدس و سرکہ و گل ارمنی چھڑکوائیں تعلیق نارنج و پیاز نعنع و سیب کرائیں ان چیزوں کو کھائیں و مضمضن اجوان سنگ و عنبر و لادن و قطران سے کریں اور
بنفشہ یا جس چیز سے بنائیں مطلقاً استعمال کریں اور جس چیز کی غذا قلیل ہو اور سنج جوش خون کرتی ہو تبر میکریں مثل نولکہ و بقول و باقلا و عدس و خرفہ کے کھائیں روغن بنفشہ و صندل
و سرکہ و کافور طلیں مجربات محل سے یاقوت و مرجان ہے اور کہتے ہیں زمرد تعلیق میں درد سنج مشہور ہے ادویہ معجون ماخوذ ہے جو معاجین میں آئیگی نزہت میں تحریر ہے کہ مرکب صبر و
زعفران و گل مختوم و بنفشہ و سنبل الطیب دو دو درم کھائیں کہ مجرب ہے اسیطرح یاقوت و زمرد کھانے او جملہ میں جبکہ طاعون عارض ہو اسیوقت فصد جائز نہیں ہے بلکہ حفظ
قلب واجب ہے فاد زہر وغیرہ سے اور جو چیزیں دفع سموم کرتی ہوں مثل زمرد و تبرید حوالی محل مثل سرکہ و گل ارمنی و صندل و کافور وغیرہ کے دوائی شرا دہ چھالے ہوتے ہیں جو
مختلف اللون مع مائل بسرخی اور دفعۃً خارش ہوئے پیدا ہوجاتے ہیں کہ ظاہر ہوتا ہے کہ اسکو ہندی میں پتی کہتے ہیں سبب اسکا فوران بخار ہوتا ہے خون مراری یا بلغم
بورقی سے دفعۃً ظاہر بدن کیطرف اگر بخارات دموی سے ہوتے ہیں سرخ نرم و گرم تر ہوتے ہیں اور دن میں شدت ہوتی ہے جو بلغم بورقی سے ہوتے ہیں سفید رنگ ہوتا ہے
شب کو شدت ہوتی ہے سردی اور قے کے بعد اکثر یہ مرض ہوتا ہے ترکیب دموی میں فصد کھلوائیں اور تبرید لعاب بہدانہ و شیرۂ عناب و شیرۂ صندل عرقیات میں نکال کے
شربت نیلوفر ڈال کے دیں اور نضج کے بعد مسہل باردے تنقیہ صفرا کریں جسمیں ملینات بھی ہوں قرص کافور تبرید کو دیں بہت فائدہ کرتی ہے گیرو و پھٹکری دونوں پیس کے
بدن پر ملیں عشر سرکہ میں کیا نافع ہے گرم پانی سے دھاریں اسیطرح سبوس گندم و تخم خربزہ پیس کے بدن پر ملیں روغن گل و سرکہ و گلاب کا ملنا بہت زیادہ نافع ہے اگر شرا بلغمی ہو
ہمراہ سکنجبین ہمراہ عرق عنب الثعلب و گلاب پئیں آب جو و تخم کرفس پیس کے سرکہ میں ملا کے ملیں نمک و میدہ گندم ملیں اور شکر و اجوائن کا بھپارہ دیں ایضاً برائے شرا دموی ترکیب عناب
سات دانہ صندل سرخ صندل سفید برگ حنا بھونڈی نیل کنٹھی گل منڈی تین ماشہ شاہترہ سات ماشہ سرپھوکہ پانچ ماشہ پوست درخت کچنال ایک تولہ رات کو گرم پانی میں بھگو دیں صبح
مل چھان کے شکر سفید ملا کے پلائیں ایضاً نافع شرا ترکیب طین مغرہ ہمراہ سکنجبین سادہ کھائیں سبوس اجوائن گیرو اجوائن سرکہ میں پیس کے بدن پر ملیں اسیطرح حب السمنہ و گیرو کا ملنا
کباب چینی ایک درم پیس کے شکر سفید تین درم ملا کے چند مرتبہ میں کھائیں مفید ہے ایضاً طلا کی ترکیب دموی میں بعد فصد شیر خشت تمر ہندی شربت انار و شربت صندل و شربت بنفشہ
میں پئیں اور طلاء الطبیان کا لگائیں اور جو علاج نار فارسی میں ہوتا ہے کریں خواص میں آیا ہے کہ صاحب شرا جو خرخ احمر سے تو صحت ہوجائے اسیطرح لباس حائض اور جس
شخص نے اس پانی سے غسل کیا ہو جسے آفتاب نے دیکھا ہو شفا پائے سماق کو جوش کریں شہد میں ملا کے شرا پر طلا کریں دور ہوجاتی ہے شرا بلغمی میں گلقند عسلی و سکنجبین عسلی
و تربد و غاریقون ہے و طلاء آب کرفس و بورق و کتیرا و طبیخ سبوس و بابونہ و کاہ گندم و کشنیز و کرنب کھانے اور طلاء میں مجرب ہے شرا بلغمی میں زیت و عسل اسیطرح
گندنا و حی العالم و آب قصب کا طلاء کریں دوائی برائے بنات اللیل ترکیب کشنیز خشک تخم کاسنی برگ جالبہ ہموزن کبابہ نیم وزن ایک جزو کوٹ چھان کے سفوف
بنائیں خوراک پانچ ماشہ بابردہ وغیرہ خرفہ کریں دوائی نملہ چھالہ ہوتا ہے صفراوی کہ حدت و التہاب کیساتھ ہوتا ہے اور بہت زیادہ بڑھ جاتا ہے اپنے حوالی سے بلند ہو جاتے
ہیں ان میں سے بعض ایک دوسرے کے ساتھ مل جاتے ہیں یہانتک کہ جسم کا بیشتر حصہ گھر جاتا جو درد مثل چیونٹی کے کاٹنے کے اسکے اندر محسوس ہوتا ہے لہذا اسے
نملہ کہتے ہیں پس اگر اسمیں مادہ ہوتا ہے تاکل کے ساتھ ہوتا ہے اسکو نملہ متاکلہ کہتے ہیں اگر ان میں مادہ غلیظ ہوتا ہے قلیل الالتہاب بطی الانحلال ہو جسمیں اسکو نملہ
جاورسیہ کہتے ہیں ترکیب تنقیہ صفرا کریں مامیثا و صندل و اقاقیا و رسوت آب کاسنی سبز و آب عنب الثعلب میں طلا کریں اگر زیادہ شدید الحدت ہو
ٹھنڈے طلاء کا استعمال کریں گل ارمنی و رسوت و کافور و سفیدی بیضۂ مرغ کا طلاء بھی مفید ہے دوائی داخس یہ ایک ورم گرم ہوتا ہے کہ پانچوں ناخنوں میں

ہوجاتا ہے درد شدید ضربان و تمدد قوی ہوتا ہے اکثر اُسکے سبب ناخن گر جاتے ہیں تب بھی آجاتی ہے سبب اُسکا انصباب ورم غلیظ ہوتا ہے ترکیب بعد فصد باسلیق و
جونکیں لگانے اور منضج بارد سے نضج مادہ کے مسہل بارد سے تنقیہ کریں مازو سبز کا آب اسمیں طلا کریں اگر اسطرح فائدہ نہ ہو روغن کو بہت گرم کریں اور اسمیں انگلیاں رکھیں
اگر اس سے بھی تحلیل نہو ادویہ منضجہ مانند تخم مرو و تخم کتان کا ضماد کریں پھر شگاف دیں مواد کو نکال ڈالیں اور ادویہ مدملہ کام میں لائیں ایضاً نافع داحس ترکیب [illegible] بوئی [illegible]
پیس کے تین مرتبہ باندھیں فوراً درد کو سکون ہو جائیگا اور کہتے ہیں کہ مچھلی کو اسپر باندھیں اُسکے سایہ سے درد بھاگتا ہے دوائی ماشرا کیواسطے معمول ہے سیاہ یک ورم
دموی چہرہ اور پیشانی پر ہوتا ہے سرخی اور شدید خارش ہوتی ہے ترکیب جو دوائی ماشرا کیواسطے امراض دماغی میں مذکور ہوئی دیں طلیہ بارده سے طلا کریں اگر
فائدہ نہ ہو منضج بارد سے نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کریں دوائی ماشرا جس سے سارا چہرہ ورم آکر جاتا ہے ترکیب بابچی آدھ پاؤ گائے کی بچھیا کے
پیشاب میں جسکا رنگ سرخ ہو کیس و تنک بھگوئیں پھر خشک کر کے ہمراہ پوست نیم کہنہ و پوست انجیر دشتی ہر ایک آدھ پاؤ پیس کے سفوف بنائیں عرق چھاچھ
تولہ میں پانچ ماشہ روزانہ کھائیں عرق کو شربت یا نبات سادہ دو تولہ سے میٹھا کریں اگر قبض ہو برگ سنا شربت میں ملا لیں ایضاً برگ شاہترہ سات ماشہ
تخم کاسنی سات ماشہ پانی میں بھگو مل اور صاف کر کے شربت انار شیریں دو تولہ ملا کے اسبغول سات ماشہ چھڑک کیں اور پی لیں ایضاً ماشرا میں بوقت
سوء حال و تواتر غشی حکیم عابد نے تجربہ کیا ہے ترکیب نقوع مشمش دیں غذا اسفاناخ معہ شیرۂ مغز تخم کدو و مغز تخم خیارین دیں اور یہ ہندی لیپ
لگائیں خربق سیاہ فلفل گرد صندل سرخ اصل السوس حنا تخم قرطم گلنار زیرہ سفید گل نیلوفر کالی زیری نیل لنٹھی بری دھماسہ سرکھو کہ پانی میں لگائیں
کہ گل جانے جو پانی کہ باقی رہ جائے اُسی میں پیس کے لیپ کریں کہتے ہیں کہ اس ضماد کے بعض اجزا کی گرمی سے اندیشہ نہ کریں کہ اُنکی دوسرے اجزا
بارده سے تعدیل ہو جاتی ہے دوائی جمرہ و چھپیا ہیں متفرق مجتمع کہ آغاز میں بہت سرخ ہوتے ہیں پھر خشک ریشہ ہو جاتے ہیں اور اُنکی درد مثل درد عضو کے
ہوتا ہے جسپر آگ کا اثر پہونچ گیا ہو مادہ اسکا صفرا ہوتا ہے جو خون حاد سے مختلط ہو جاتا ہے ترکیب فصد کھلوائیں مسہل صفرا دیں و دردی سرکہ زیت باکہ
جیسے طین بحر کہتے ہیں قے ہیں تاکہ بہہ کنے لگے تھوڑا سا کافور ملا کے طلا کریں اور اگر گل ارمنی یا گیرو سرشو بیر ملا دیں بہتر ہوگا دوائی کہ آبلہ فرنگ یعنی آتشک بزرگتر ہیں ابتدا
حدوث اس مرض کا جماع ہے خاصۃً ایسی عورتوں کیساتھ کہ جنکے اندر اس علت کا اثر ہوتا ہے اور کبھی باہم کھانا کھانے سے اور بیٹھنے سے اور بول و براز کرنے سے
ایک ہی جگہ پر متعدی ہو جاتا ہے اور اسکا مادہ احتراق اخلاط اربعہ سے باہر نہیں ہے علامت دموی کی دانوں کا بڑا ہونا و اشتداد و سرخی درد و
خون و رطوبت معہ خارش و التہاب ہے و نشان صفراوی علامات مذکورہ کے باوجود قلت رطوبت و زردی رنگ و مزید حدت ہے و نشان بلغمی انبساط بثور و عدم
خارش و کثرت رطوبت و سفیدی بثور و علامت سوداوی خشکی و صلابت جوشش و تیرگی رنگ ہے اور اگر مادہ محترقہ اس مرض کا مرکب ہوتا ہے
دو یا زیادہ خلطوں سے علامت اُسکی ترکیب علامات مذکورہ ہے اور علامت عامہ اس علت کی جوشش اعضا خصوص عضو تناسل و درد پیوند عضو
مخصوص ہے بالجملہ علت خبیثہ ہے متعلق باعماق بدن اس جہت سے اُسکا علاج کیا جاتا ہے ادویہ سمیہ بطاقہ ہندیہ ادویہ یونانیہ بطی النفع ہے لیکن غائلہ سے
سلیم ہے ترکیب چرائتہ ہلیلہ سیاہ ہرد و نیمکوفتہ شاہترہ صندل سرخ نیمکوفتہ سرپھوکہ ہر ایک چار ماشہ عناب پانچدانہ شب کو پانی میں بھگو دیں
صبحکو اسکا آب زلال لیکر شہد خالص دو تولہ ملا کے پئیں اور بعد چند روز کے فصد ہفت اندام یا باسلیق کھلوائیں بعد نضج کے تنقیہ صفرا و سوداوی

کرین یا وا لجبین استعمال کرین آب شاہترہ و سبز مردق بھی بہت مفید ہو چوب چینی و عشبہ اس مرض مین فائدہ بلیغ کرتی ہین ان کو معجونین اور سفوفات و حبوب بندیہ
اور ایک مطبوخ جسمین بیخ حنظل داخل ہی اور اشربہ و مصفیات خون عرقیات سب نافع ہین ایضاً برائے نار فارسی الطاکی سے ترکیب پہلے فصد واجب
ہوتی ہی و تنقیہ صفرا ماء الشعیر و بنفشہ و شربت بنفشہ و شربت ورد کی کثرت اور طلاء کل آب خرفہ و برگ مورد و زعفران و سفیداب اسیطرح ترمس
ہر کہ عسل مین پکا کے اور آہک کو سات مرتبہ پانی سے دھو کے روغن گل مین ملا کے و کشنیز سبز شہد مین و ایضاً سرگین کبوتر شہد مین مع برگ کتان ایضاً برائے
آتشک مجرب ہی شنگرف بریان کرکے زنگار ہر ایک دو ماشہ خرمہرہ زرد سوختہ چار عدد سپاری چھالیہ سوختہ ایکعدد مرداسنگ نیلہ تھوتھہ ہر ایک بریان ل
ہر ایک دو ماشہ اول شنگرف و مرداسنگ نیلہ تھوتھہ و خرمہرہ سپاری چھالیہ پیسین بعدہ زنگار و ال ملائین خوراک آدہ رتی سے ڈھائی رتی تک جسوقت
کھانیکا ارادہ کرین پہلے چار دام وزن کی نان گندم پکائین اور گھی سے خوب چرب کرلین تھوڑیسی توڑ کے اسمین دوا رکھدین اور گولی بنا کے کھا جائین اسکے بعد پوری
روٹی کھا جائین دوائی دیگر کہ مکرر عمل مین آئی ہی ترکیب بادیان دو درم شاہترہ تین درم تخم کاسنی تین درم گلقند دو تولہ تین روز یہ منضج پئین بعدہ حب النیل
نو ماشہ سے ایک تولہ تک کوفتہ شکر برابر ملا کے بقدر چھ ماشہ کے آب نیمگرم یا گلاب کے ساتھ کھائین غذا کھچڑی ملائم تبرید اسبغول و شربت کی دین ایکدن میان
مین دے کے بدستور تین مسہل دین اگر مریض مین قوت ہو و مسہل دین جب تین دن اسکے بعد گذر جائین افیون ایکدرم شنگرف نصف نیم دام دونون کو پانی مین پیس کے
دس گولیان بنالین ایک گولی پھینکدین اور باقی نو گولیان ایک ٹکیہ چھلکوٹی کے حقہ مین جسمین کہ پانی بھی ہو بیری کی لکڑی کی آگ مین بھر کے تینا کو کیطرح پئین
اور اسیطرح ایک گولی دوپہر کو پئین اور ایک شام کے وقت چنانچہ تین دن تک یہی عمل کرین حقہ کا پانی نہ بدلین غذا نخود بریان یا نان نخود بے نمک و بے روغن تین
دن تک چوتھے دن ملائم کھچڑی دین اگر منہ آجائے کچنال کی چھال سے غرغرہ کرین کبھی مسہل مذکور کے عوض سفوف حب النیل جو سفوفات مین آئیگا دیا جاتا ہے
اور کلی نفع ہوتا ہی نوع دیگر آتشک و نوازل متقرحہ یعنے پینس و قرحہ حلق خنازیر کیواسطے اسرار مجربہ سے ہے ترکیب پوست بیخ عشبہ [illegible] درم دارچینی مرداسنگ
ہر ایک ایکدرم شنگرف دو درم باریک پیسکے چودہ ٹکیان بنائی جائین اور ایک ٹکیہ کا دھوان پانی سے خالی حقہ مین عصر کے وقت کھینچے اسطرح کہ ہوا نہ پہنچے
پھر گھی سے غرغرہ کرین غذا روٹی مع چوتھائی رطل روغن زرد کے دوائی برائے آتشک و ضیق النفس کہنہ ترکیب ثمر درخت گاجا ورق ورق تراش کے
سایہ مین خشک کرکے پیسین اور ایک تولہ پانی سے کھائین چالیس دن تک پرہیز ترشی و تلخی و بادی و جماع سے لازم ہے گابھا کاکوری مین کاظم علیخان
کے دروازے پر اور لکھنؤ مین دوارکا داس کے باغ مین جو بریلی کی سڑک پر واقع ہی موجود ہی دوائی نافع نفاطات ہی وہ ایک آبلہ ہوتا ہی کہ اسکے اندر خون یا آب
تنک ہوتا ہی سبب اسکا غلیان خون ہوتا ہی ترکیب فصد کھلوائین شیرہ عناب لعاب بہدانہ عرق شاہترہ و عنب الثعلب مین نکالین شربت نیلوفر ملا کے پینا
بعد اسکے مرہم سفیداب رکھین دوائی کہ نفاطات متقرحہ کیواسطے نافع ہی انزروت صبر زرد کندر اسفیداج زنگار ہر ایک ایک جزو گل ارمنی پانچ جزو کوٹ
چھان کے بنادق بنائین سرکہ اور پانی مین حل کرکے طلا کرین یہانتک کہ خشک ریشہ زائل ہو جائین ایضاً تخفیف و تبرید قرحہ کرتی ہی ترکیب سفیدہ
ارزیز مرداسنگ مہر گلاب آب مورد مین طلا کرین اور دوسرے اطلیہ جو نار فارسی مین آئے ہین نفع کرتے ہین دوائی مفید نفاخات یہ آبلہ ہوتے ہین جنمین
سوائے ریم کے اور کچھ نہین ہوتا انکا مادہ ریم ہوتا ہے کہ جلد مین محتبس ہو جاتا ہی ترکیب مرہم داخلیون رکھین سبوس گندم و نمک کی تکمید کرین محلل

ریاح خیزین کھائین نفتیح و مولدات ریاح سے پرہیز کرین جبکہ کسی خلط کے غلبہ کے آثار معلوم ہون اسکا تنقیہ کرنا چاہیے **دوائی عرق مدنی** ہندی مین کہتے ہین سبب اسکا فساد اخلاط ہوتا ہی اسمین بدبوئی ہے کیفیت بدلتی رہتی ہی کھٹمل اور جوئین اُس سے پڑجاتی ہین بافضول ردی ہوتے ہین کہ خون سوداوی یا بلغم سوختہ سے رگون مین پیدا ہوجاتے ہین اور حرارت مفرط کے سبب سے خشک ہوکے عروق مین منعقد ہوجاتے ہین اور رگ کی صورت مین نکلتے ہین **ترکیب** فصد باسلیق و صافن جانب مخالف سے کھلوائین تنقیہ سودا کرین ماء الجبن دین ظہور آبلہ کی ابتدا مین صبر نیم درم کھائین دوسرے دن ایکدرم تیسرے دن ڈیڑھ درم اور موضع آبلہ پر بھی صبر کا طلا کرین اور رشتہ قطع ہونے سے پرہیز کرین آب گرم سے نطول کرین روغن نرگس و بنفشہ مین رشتہ کے ظہور کے بعد خاکستر تین درم مرداسنگ پانچدرم پیس کے موم ایکتولہ روغن دو تولہ مین پگھلائین اور ملا کے رکھین سلخ الحیہ قدرے لیکے گرم مین گولیان بنائین اور کھلائین اگر نقش پر طاؤس حقہ مین پین یا قند سیاہ مین ملا کے کھائین ازالہ رشتہ کرتے ہین افیون پیاز صابون روغن کنجد پہلے صابون و پیاز کو ریزہ ریزہ کرڈالین اور روغن مین جوش دین کہ مثل مرہم کے ہوجائے دہن یا دین اسکے و ذحوالی پر ضماد کرین دوائی کی تیاری کے وقت اُسکی بھاپ بھی جائے مرض پر دین بعد لیپ لگائین بعضے صابون دو ٹانک آب پیاز و روغن کنجد ہر ایک ایک ٹانک لیکے تینونکو لوہے کے برتن مین پکاتے ہین جب سخت ہوجاتا ہی پھیلا کے شکونارو پر باندھ دیتے ہین چند روز مین دفع ہوجاتا ہی **ایضاً** خاکستہ تھوہڑ یعنے زقوم موضع رشتہ پر باندھین بالکل فائدہ ہوجائیگا **ایضاً** لیمون کے دو ٹکڑے کرکے اُسمین سہاگہ خام چار ماشہ پیس کے بھر دین اور آگ پر رکھین جب پکنے لگے نارو پر باندھ دین تین دن تک یہی عمل کرین بعضے سہاگہ کے عوض سفیدہ بھرتے ہین **ایضاً** کافور نیم کچور ہر ایک دو تولہ پیس کے قند سیاہ کہنہ تین تولہ ملا کے پھاہا پر جو مدور تراشا ہو اُسمین سوراخ کردیا جائے رکھ کے نارو پر چپکا دین تا کہ عرق مدنی اُس سوراخ سے نکل جائے اور دو تین دن مین شفا ہوجائے **دوائی عرق مدنی ترکیب** مرداسنگ ایک ماشہ پیس کے چار پانچ تولہ روغن زرد مین ملا کے کھچڑی کیساتھ کھائین ابتدائے مرض مذکور مین کہ تپ و شرار آبلہ کا ظہور ہو برد دین کہ اُسیدن فائدہ ہوجائے **ایضاً** مغز جمالگوٹہ پانی مین پیس کے قدرے کپڑے پر مل کے نارو پر رکھین اگرچہ یہ دوا تیز ہے اور بہت جلن ڈالتی ہے لیکن ایکبار مین رشتہ کو اچھا کردیتی ہی **ایضاً** کلونجی کوٹ کے دہی مین پکا کے لیپ لگائین تین دن مین رشتہ تمام باہر ہوجائیگا اگرچہ رشتہ گسستہ ہو وہ بھی نکل آئیگا **ایضاً** برائے نارو مجرب ہی **ترکیب** ابرک سیاہ ایکتولہ باریک پیس کے شیر آک ایکتولہ مین ٹکیہ بنا کے زخم کو شراب سے دھوئین اور باندھ دین اوپر سے پان رکھدین اور صبح سے شام تک بندھا رہنے دین تا کہ تمام باہر نکلجائے **دوائی مصفی خون** کہ جرب و حکہ و آتشک وغیرہ مین بثور بدن جو فساد خون سے ہوتے ہین معمول ہی **ترکیب** جرائتہ شگوفتہ شاہترہ سرپھوکہ ہلیلہ سیاہ شگوفتہ برادہ صندل سرخ ہر ایک چار ماشہ عناب پانچدانہ رات کو گرم پانی مین بھگو دین صبحکو اُسکا آب زلال لیکر شہد خالص دو تولہ ملائین اور بعض مین کبھی برگ حنا و گل منڈی اور کبھی برادہ چوب شیشم و آبنوس اور کبھی برگ سنا کا اضافہ کیا جاتا ہی اور مزاج بارد مین جوش کرکے کام مین لانے مین ہر خلط کی رعایت کرین ضمدہ و اطلیہ مخصوص عمل مین لائین جماع اس مرض مین مضر ہے اور حمام نافع اشیاء دت ہے صبر کا کھانا مادہ جرب کو کھوتا ہی اگر ابتدا مین نفخ ہفت اندام کھلوائین بعد نفخ مسہل سودا دین یا ماء الجبن استعمال کرین بہتر ہے حکہ بوڑھونکو ہوجاتا ہی بلغم شور اسکا سبب ہوتا ہے غسل

سرکہ مین ملاکے ملنا، روغن کنجد آب لیمون مین ملنا نافع ہے و سفوف چوب گز و عرق مصفی خون حربہ طب یابس مین ہموارہ معمولی ہے ایضاً برائے جرب انطاکی سے
ترکیب اولاً کثرت ماء الشعیر کے پینے کی اور آب شاہترہ سکنجبین کے ساتھ جرب موی و صفراوی مین کرین بعدہ فصد باسلیق دموی مین پھر شرب مطبوخ ہلیلہ و
منقوع فواکہ کرین اگر متمادی ہو جائے فصد اسیلم کھلوائین کبھی صفراوی مین ردائت کیفیت کیوجہ سے فصد کی حاجت پڑتی ہے مثلاً جذام مین اور سفر امین جو مختص ہے و
مطبوخ ہلیلہ و نقوع صبر ہے و علاج جرب کہ بلغم سے ہو مطبوخ افسنتین ہے یا ایارج کھانا جسمین مثل صبر و غاریقون کے شامل ہو علاج جرب جو سودا سے
ہو سفوف ہمراہ ماء الجبن و طبیخ افسنتین کا پینا یہ قول صحیح ہے نہ وہ کہ اطبا نے اسکا اجمال اسجگہ کیا ہے اور اگر مرکب ہو مصول سے اُسے رد کرنا چاہیے اور کل وہ چیزین
کہ شیرین و نمکین و ترش و تیز جو غذا مین سے ہون اجتناب کرین مگر دموی مین ترک شیرین کا مبالغہ واجب ہے اور صفراوی مین نمکین کا سوداوی مین ترش و
تیز کا اور بہترین اغذیہ اس مرض مین وہ ہے کہ بیدہ ہو مثل کدو و سبند دانہ و اسفاناخ و قطف و کاسنی و کاہو اور مجربات کندی سے ہے کہ ایک مثقال
سرگین سفید کلب ہمراہ ربع مثقال کبریت روغن کنجد مین بھگو کے کھائین جرب و حکہ عارض دور ہو جائے اگرچہ پورا کیون ہنو اسکی تکرار کی ضرورت نہین
ہوتی اور قریب اسکے ہی پینا ایک مثقال صبر کا یا نصف اسکے مصطگی کا اکثر اسکی تکرار سات مرتبہ ہوتی ہے جسوقت نقاء ہوتا ہے اور بدن پاک ہو جاتا ہے ادویہ
وضعیہ استعمال کرین اُن چیزون مین سے کہ قبل اسکے جائز نہین ہے افضل ان مین سے سیماب کشتہ کبریت مین و نمک سوختہ و زنگار و مرداسنگ و سرکہ و قطران
و صمغ صنوبر و خاکستر سعف نخل و اشق و برگ زیتون و تاک نیون و گلاب و آب کشنیز و کرفس ہے مجموع یا مفرد مالش آرد مغز خربزہ و برگ مورد حمام مین اور ریگ
گرم پانی مین بیٹھنا اور روغن بنفشہ اور جو چیز بدن کو بہت پاک کرتی ہے وہ ہے کہ برگ خربزہ کو پکائین تاکہ گل جائے بعد اسکے اسکا پانی زیت و سیعہ مین پکائین
کہ یہ روغن عجب ہے اسیطرح شب یمانی و نطرون و خاکستر شک بز ایضاً نزہت مین لکھا ہے کہ علاج جرب و حکہ فصد ہے مطلقاً پھر تبرید جارین ہمراہ
آب طین و شعیر و عناب و تمر ہندی بعدہ شرب صبر و طبیخ افتیمون یابس مین و ہلیلہ و حمام و شرب اصول باردین ہمراہ ایارج و اصلاح اغذیہ و ترک جماع اور جو شے
خلط غالب پیدا کرے و مالش و تنظیف بدن بعد اسکے طلا برائے حار ہمراہ آب کشنیز و حی العالم و عنب الثعلب و صبر و خولان و طین و سفیدآب سرکہ مین اور روغن
بادام و آب لیمون مجموع یا مفرد ایضاً مجرب ترکیب چرائتہ تلخ ہلیلہ ہر ایک ایک تولہ کوٹ کے رات کو گرم پانی مین بھگو ئین صبح کو ادویہ مذکورہ کو پیس کے
اُسی پانی کو چھان کے شہد دو تولہ داخل کرین اور نیم گرم پئین انتہائے مرتبہ ایک ہفتہ تک دوائی کہ حربہ طب و یابس مین معمول حکیم منصور علی تھا
ترکیب صبر ایک مثقال آب کاسنی و آب شاہترہ ہر ایک چھ تولہ مین بھگو کے اور چھان کے آب تمر ہندی چار تولہ مین اگر حرارت زیادہ ہو تو نو روز تک
متواتر استعمال کرین اگر ضعف ہو جائے تین دن توقف کرکے پئین ایضاً برائے خارش خشک ترکیب گلاب روغن چنبیلی سیماب باہم ملاکے بدن پر
مالش کرائین دوائی برائے حکہ انطاکی سے حارین فصد باسلیق مطلق کھلوائین علاوہ اسکے اگر ردائت متحقق ہو جائے بعد اسکے تنقیہ خلط غالب کرین اور
جو کچھ حرب مین بیان کیا گیا ہے اسجگہ عمل مین لائین مجربات سے دموی مین شربت بنفشہ ہمراہ ماء الشعیر و آلو بخارا و عناب اور بلغمی مین لزوم غاریقون و صبر زرد و
مصطگی صفراوی مین صبر و ہلیلہ کابلی و زرد و سقمونیا مساوی ایک مثقال اسمین سے ہمراہ آب تمر ہندی کھائین سوداوی مین بھی دوائین لیکن اضافہ لاجورد
یا حجر ارمنی بعد اسکے طلاء مویزج شامی و کثرت استحمام و مالش آب نوشادر و آب لیمون و مغز خربزہ و بورق و سرگین کبوتر و حنا کی مجربات مکتوبہ سے

سرگین سفید سگ یکجزو کبریت نصف جزو چوتھائی مصطگی آٹھوان حصہ صمغ دسوان جزو صبر ہے گولیان بنائین دو مثقال تک خوراک دوائی برائے ازالہ
حکہ معمول ہی ترکیب تخم خشخاش آب لیمون یا سرکہ مین پیسکے مالش کرین دوائی جرب یابس و رطب مین معمول ہی ترکیب کافور کبریت آملہ سار ہر ایک
تین ماشہ نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ باریک پیسکے روغن گاو تین تولہ اکیس مرتبہ پانی سے دھویا ہوا ملا کے بدن پر ملین اور چار گھڑی تک دھوپ مین بیٹھین
بعدہ آرد نخود و خطمی کے غسل کرین اور تین دن تک متواتر یہ عمل کرین کبھی وزن نیلہ تھوتھہ کا بھی تین ماشہ کر دیا جاتا ہی الیضا مجربات حکیم علی سے
ترکیب کبریت اصفر صاف دس درم باریک پیسکے اکیس و درم پیہ گوسفند مخلوط کرین اور دو درم صبہ سائلہ برائے دفع بوئے کبریت اضافہ کردین اور بدن
ملین کہ جرب متقیح کیواسطے کوئی چیز مثل اسکے نہین ہی اور جرب کہنہ کو ایک ہفتہ مین زائل کر دیتی ہی اگر زرنیخ روغن کنجد مین پکا کے اس روغن کیساتھ
ملین یہی عمل کرتا ہی جرب خشک کے واسطے بھی نافع ہی الیضا مجربات وستاد مرحوم سے ترکیب حنا کمیلہ کتھہ سفید مردا سنگ ہر ایک چار ماشہ
سیماب تین ماشہ نیلہ تھوتھہ بریان دو ماشہ الائچی سفید ایک ماشہ اول کمیلہ و حنا و کتھہ سیماب کے ساتھ کھرل کرین پھر دوسری دوائین ملا کے خوب
پیسین اور روغن زرد جو اکیس ایک مرتبہ پانی سے دھویا ہو ملا کے ملین تین روز تک دوسرے نسخہ مین مرچ سیاہ عوض حنا و الائچی ہی اور وزن
ہر ایک کا چار ماشہ و سیماب آٹھ ماشہ روغن تلخ مین ملا کے مالش کرین نوع دیگر برائے جرب رطب و کہنہ مجربات سید علیشاہ مرحوم سے کہ ایک بار
مین مرض مذکور کا ازالہ کرتی ہی ترکیب سم الفار ساڑھے تین ماشہ کبریت نیلہ تھوتھہ بریان ہر ایک سات ماشہ روغن گاو پانچ چھ تولہ دوائین پیسکے
روغن مین ملائین اور ظرف آہنی مین نیب کی لکڑی کے دستہ سے چار پانچ گھنٹہ تک حل کرین بعدہ سوائے سر و گردن کے تمام جسم پر ملین اور
اسطرح دھوپ مین بیٹھین کہ سر و گردن سایہ مین رہے بعد ایک پہر کے گل و کھلی بدن پر مل کے غسل کرین اغلب ہے کہ دوسرے دن دوا کی ضرورت
نہ پڑیگی مؤلف بعضے اوقات سم الفار دو ماشہ پیسکے روغن روسہ مین ملا کے صاحبان جرب مزمن کو جنھین کسی دوا سے فائدہ نہین ہوتا ملنا
بتا چکا ہی اور جرب ایک روز مین زائل ہو گیا دوائی خارش بیاض اوستاد مغفور و مرحوم سے ترکیب ہڑ بہیڑا آملہ گندھک آملہ سار انبہ ہلدی بابچی
چوک سب چیزین ایک پیسہ کی خرید کرے جو کوب کرکے تین حصہ کرے پاؤ بھر پانی مین راتکو بھگو دے صبحکو آب خالص پی جائے بعدہ ترپھلہ کو نکال ڈالے
اور باقی دوائین پیسکے کڑوے تیل مین ملا کے بدن پر مالش کرے بعد دو گھڑی کے آرد نخود بدن پر مل کے غسل کرے تین دن تک یہی عمل کرے بعض
نسخون مین شاہترہ ایکدام عوض ترپھلہ و چوک ہی اور وزن باقی ادویہ کا ہر ایک نیمدرم لکھا ہی اور تین حصے کرکے بدستور کام مین لائی جاتی ہین دوائی برائے جرب
و قوبا حکیم علویخان سے ترکیب توتیائے کرمانی تخم پنواڑ ہر ایک ایکتولہ مغز تخم خیارین کالی زیری ہر ایک دو تولہ سرکہ و روغن گل ہر ایک چار دام
مین کھرل کرین تاکہ مثل مرہم کے ہو جائے پھر ملین اور بعد تین چار گھڑی کے غسل کرین الیضا برائے خارش کہنہ مجرب و برائے قوبا و باد فرنگ بھی مفید
ہے ترکیب سیماب و گندھک آملہ سار ہر ایک تین ماشہ نیلہ تھوتھہ سوختہ چھ ماشہ نوشادر ایکتولہ روغن بادام گاؤ چار تولہ اول سیماب و گندھک کو
ایک گھڑی تک باہم کھرل کرین دوسری دوائین کوٹ پیس کے روغن مذکور مین کہ اکیس ایکبار یا پچیس مرتبہ پانی سے دھویا ہو ملا دین اور کھرل
کرین ایک پہر بلکہ زیادہ دیر تک اور تھوڑا سا بدن پر ملین اور دو گھڑی ٹھہر کے ٹھنڈے پانی سے نہا ڈالین نوع دیگر برائے خارش ترکیب

سفیدہ کاشغری چھ ماشہ شاہترہ سات ماشہ مردار سنگ بلیلہ سیاہ ہر ایک چار ماشہ چوک دو ماشہ کافور ایک ماشہ کل دوائیں پیس کے روغن چنبیلی میں حل
کریں اور مالش کریں اور عرق شاہترہ اور معجون شاہترہ کھلایا جاے غذا کم نمک کی ہو **ایضاً** برائے جرب معمولی سے **ترکیب** گوگرد دو درم توتیاے سبز
بریان سیماب سہاگہ کافور ہر ایک نیم درم روغن گاؤ میں کہ اکیس بار دھویا ہو طلا کے بدن پر ملیں اور بعد دو گھڑی کے غسل کریں **دوائی حصف** جسے
ہندی میں انھوری (گرمی دانے) کہتے ہیں وہ دانے چھوٹے مثل گاورس کے ہوتے ہیں اور ظاہر جلد مفروش پر ہوتے ہیں انمیں خارش ہوتی ہے
اور انکی خلش مثل کانٹے کی کھٹک کے ہوتی ہے لہذا شور شوکی بھی کہلاتے ہیں یہ بلاد گرم میں اور فصل گرما کی شدت میں ابدان اور ان اعضا پر کہ جہاں
پسینہ بہت نکلتا ہے اور کمتر دھوے جاتے ہیں اور بدن کا میل اچھی طرح صاف نہیں ہوتا اکثر پیدا ہو جاتے ہیں خصوصًا جبکہ ہواے سرد و آب سرد اس
سے مس ہو جاتا ہے اُنسے جلد کثیف اور مسام بند ہو جاتے ہیں سبب انکا رطوبات رقیق حاد صفراوی ہوتا ہے کہ خون سے آمیز ہو جاتا ہے **ترکیب**
آب سرد سے غسل کریں صندل سفید گلاب میں گھس کے یا گل سرشو لعاب تخم خطمی میں ملا کے یا گل سفید کہ ہندی میں بنڈول نام ہے یا حنا کاسنی
میں بھگو کے بنیر لیپ کریں اور رفع حرک و تفتیح مسام کے واسطے آب گرم سے جسمیں سبوس گندم و بابونہ و ناخونہ جوش کیا ہو غسل کریں بعد اسکے
سرکہ و گلاب ملیں اگر زائل نہو تنقیہ فصد و مسہل باردے کریں اور بعد تقلیل اخلاط حادہ کے ادویہ اطلیہ اغتسال عمل میں لائیں مسکن بارد دین سراحت
کریں بدن کو خشک رکھیں پسینہ روکنے دواؤں کے استعمال وغیرہ سے روغن گل و مورد کا طلا کریں یا تازہ مسکہ کتیرہ میں ملا کے بہت زیادہ
نافع ہے کبھی مرض بہت قوی ہو جاتا ہے پس طلا میں سرکہ و روغن داخل کر کے بنانا چاہیے انطاکی نے کہا ہے کہ حصف تاوقتیکہ بڑھ نہ جائیں آرد جو
و سفید آب و آب لیموں و سرکہ و گل ارمنی و روغن گل کا طلا کریں حمام کریں لیکن اگر بڑے ہو جائیں باوجود تدبیر مذکور کے فصد و مسہل بھی عمل میں
لائیں اور کلام اس مثل میں ہے بغیر فرق دوائی کے ثالیل (یعنی مسے) میں نافع ہے **ترکیب** شونیز پیس کے سرکہ و نمک کے ساتھ ملنے سے ساقط ہو جاتے
ہیں روغن گل و چربی بط و چربی مرغ کا ملنا مفید ہے بعد نضج کے تنقیہ بلغم و سودا کریں بعد اسکے حب افتیموں کھلائیں اگر فائدہ نہ ہو لوہے کے
اوزار سے کاٹ ڈالیں یا حاد دوائی رکھدیں بعد قطع مرہم سفید آب رکھیں و نوشادر و انزروت و زنگار و صابون کے پانی میں طلا کرنے سے
بھی ساقط ہو جاتے ہیں؛ **ایضًا** برائے ثالیل مجربات انطاکی سے **ترکیب** تنظیف بدن سے ابتدا کریں اگر فصد بھی کیوں نہ ہو بعد اسکے
تقطیع کرائیں اور چوب انجیر زرد اور بیخ باقلا سے داغدیں کہ یہ مجرب ہے اسیطرح پیاز و نمک و سرکہ و کبوتر کی بیٹ و گنجشک و عروق و آب میں ورزہ
و بجا کستر گرم و صدف صاف و لبنک گوسفند و تترسب جو توبا میں مذکور ہوئیں **دوائی توبا** فارسی میں گربون اور ہندی میں داد کہتے ہیں
وہ ایک خشونت ہوتی ہے خارش کیساتھ کہ کھال پر ظاہر ہوتی ہے کبھی ساعی ہوتی ہے گاہے واقف کبھی جلد دور ہو جاتی ہے کبھی مزمن ہو جاتی ہے
اور کبھی ایسا ہوتا ہے کہ مزمن سے چھلکے مثل فلوس ماہی کے جدا ہوتے ہیں کبھی اُس سے زرد آب نکلتا ہے اور ان اعراض کا ظہور حسب تفت و
خباثت و لطافت و کثافت مادہ ہے مادہ اسکا مائیت رقیقہ حادہ و خلط سوداوی غلیظ ہوتا ہے **ترکیب** جو دوائی جرب میں مسطور ہوا کام
میں لائیں روغن گندم و چرک دندان روزہ دار کا ابتدا میں ملنا مفید ہے طلاء سعفہ دوسری ادویہ اطلیہ مخصوصہ کام میں لائیں اور بہتر

یہ ہے کہ طلاء سے پہلے جونکین لگوالیین ایضاً براے قوبا الطاکی ہے ترکیب فصد واسہال سے تنقیہ بعدہ اطلیہ مناسب مثل شبرا بخیر نطرون دیست
شب دریوند وعصفر وزنگ وشونیز وشحم حنظل سرکہ مین براے حار وعسل براے بارد کام مین لائین اور میرے مجربات سے ہی جمیع انواع قوبا کے لیے مرکی شکر
کف دریا گوگرد شب یمانی مساوی ہمراہ قطران ملا کے بعد کھجانے کے طلا کرین اور نہلائین دوائی قوبا مجرب کئی مرتبہ کی ہی ترکیب سہاگہ گندھک
رسکپور ہر ایک چار ماشہ نبات سفید ایکتولہ آدھ پاؤ گلاب مین حل کرکے طلا کرین دوائی قوبا کہنہ کے لیے مجرب ہی ترکیب قند سیاہ کہنہ ہاتھ سے
نرم کرکے داد پر چپکا دے اور اُٹھاے پھر چپکاے پھر اُٹھاے اور ایک پہر تک یہی حرکت کرے اُسکے سب ریشہ نکلآئین گے بعدہ اگر چاہین انجیر
کا دودھ طلا کرین ایکدن مین جاتا رہیگا **ایضاً** ضماد خاکستر شیر سوختہ باعسل براے قوباے اطفال نہایت مجرب ہی دوائی نافع چھاجن
وہ ایک خشونت ہوتی ہی سرخ یا سیاہ رنگ کہ ہاتھ پانون مین ہوجاتی ہی اور جلد تہ بتہ مثل قوبا کے متقشر ہوجاتی ہی کبھی تمام بدن پر ہوجاتا ہی
اکثر بعد زوال مرض آتشک یا کشتہ جات کے کھانے کے ہوجاتا ہی سبب اسکا مادہ محترقہ ہی ترکیب جو تعدیل وتنقیہ آتشک کے واسطے تحریر ہوا ہے حسب
حاجت کام مین لائین صابون عراقی کو گلاب مین گھس کے طلا کرین بعد ایک دو ساعت کے گرم پانی سے دھوڈالین اور بکرر عمل کرین یا تخم خشخاش
سفید شیر میش یا پانی مین پیس کے صبح وشام کو ملین یا دودھ کی بالائی حنا مین گھس کے ملائین اور کفدست ملین یا نوشادر روغن تلخ مین ملائین
اور ہاتھ پاؤن پر ملین یا شیر درخت آک ایک قطرہ ایک قطرہ روغن کنجد مین حل کرکے ہاتھ پر ملین ایک ہفتہ مین صحت ہوجائیگی ایضاً براے چھاجن بستہ
شیر تازہ دیا گاؤ نصف سیر جوشدین اور سرکہ انگوری آدھ پاؤ اُسمین ملائین جسوقت دودھ پھٹ جاے کپڑے سے چھان لین اُسکا صاف پانی
شیشہ مین رکھ چھوڑین اور وہی پانی بدفعات ملین ایضاً براے ابرس کہ دست وپا مین ہوجاتا ہی ترکیب رسکپور رسوت صندل سفید
صندل سرخ ہر ایک ایک تولہ مردا سنگ ایک ماشہ روغن مادہ گاؤ چند بار دھویا ہوا دس تولہ دوائین پیس کے اُسمین ملائین اور لیپ
کرین دوائی سعفہ وہ جوشش وبثرات ہوتے ہین کہ متقرح ہوجاتے ہین اور زخم پڑجاتے ہین کبھی سر پر کبھی بچون کے منھ پر زیادہ تر ہوجاتا ہی
اور بعد بلوغ کے جاتا رہتا ہی ہندی مین اسکا گنج نام ہے سبب اسکا رطوبت ردیہ حادہ اکالہ ہوتی ہی کہ خون سے مل جاتی ہی اور اخلاط غلیظہ ردیہ
بھی ترکیب اگر بچہ دودھ پیتا ہو تنقیہ مرضعہ فصد سر روسے اور اسہال سے کرین اور بچے کا بھی خون لین حجامت وارسال علق سے اور
حنا وکمیلہ وچونہ بری خشک ہر ایک ایکدام نیلہ تھوتھہ نصف دام کتھہ چھ دام کوٹ چھان کے روغن سرشف ملا کے ملین ایک گھنٹہ تک دھوپ
مین بٹھائین براے قروح سر مجرب ہی اور طلاے سعفہ کا بھی تجربہ کیا گیا ہی اگر بیسن ایک مٹھی تھوڑا سا نیلہ تھوتھہ سوختہ باریک کرکے کھٹے
دہی مین ملاوین اور کف مال کرین تاکہ خمیر کے مانند ہوجاے اور بعد ایک پہر کے دھوئین نافع ہی پہلے سر کے بال ترشوادین پھر مذکورہ دوا ملین
نوع دیگر براے سعفہ الطفال کی ہے ترکیب بعد تنقیہ حجامت سر کرین سعفہ رطب مین اور ترطیب اسکی سعفہ یابس مین لعبہ وشموم سے اور
سعفہ رطب کیلیے مجربات سے یہ ہی مرومقل وصبر حب البان درزدچوب سرکہ وبول انسان مین ترکر کے مکرر سر پر طلا کرین پھر طبیخ ترمس
سے دھوئین یابس مین آرد جو سوختہ وسرکہ وموم کیساتھ طلا کرین دکافور وحنا بعد اُسکے چھڑا ڈالنے کے ہاتھ سے طلاء یا پیہ بز وزیخ

بعد اسکے روغن بطم سے چرب کرین دوائی سعفہ اطفال کیواسطے مجرب ہی ترکیب نیلہ تھوتھہ ایکماشہ دودہ خانہ کہ نخود بریان کیے گئے ہون دو دام
روغن مین بریان کرین پھر دستہ آہنی سے خوب پیسین اور سر پر طلا کرین پہلے کسیقدر لذع کرتا ہی بعد دو گھڑی کے ساکن ہوجاتا ہی دوائی جدری و حصبہ جسکو
چیچک کلان سے و حصبہ چیچک خورد سے مشہور ہی ان دونون مین فرق یہ ہی کہ مادہ اول خون ہوتا ہی اور دانے اُسکے مسور کے برابر یا اُس سے بڑے ہوتے
ہین آخر مین پک جاتے ہین اور پیپ دیتے ہین تپ بھی لازم نہین ہوتی مادہ دوم صفرا ہوتا ہی اور اسکے دانہ بمقدار گاورس نکلتے ہین اور ظہور کے قریب پہلے
خطوط مستدیر سرخ رنگ پیدا ہوتے ہین اسکے بعد اُن مقامات پر دانے پڑ جاتے ہین جمع نہین ہوتے نہ پیپ دیتے ہین صحت کیوقت خشک یا ریگ ریشہ اُن سے
جدا ہوتے ہین اور تپ گرم اُنکے بروز سے قبل لازم ہوتی ہی علامت تپ حصبہ و جدری درد پشت و خارش بینی و سیلان اشک و سرخی چشم و درد سر و گرانی
سر و بدن سوتے مین ڈرنا خلش و سوزش جلد مین ہوتی ہی کبھی سرفہ و درد گلو و تنگی نفس و بحت الصوت بھی عارض ہوتا ہی تپ حصبہ گرم تر و تیز تر تپ جدری
سے ہوتی ہی اسمین درد پشت کمتر تعب و اضطراب بیشتر ہوتا ہی اور اکثر دفعہ بروز کرتے ہین اور جدری کمتر تین دن سے تمام نہین ہوتی رداءت
مادہ حصبہ جدری سے زیادہ ہوتی ہی خاصکر کہ سیاہ و صلب و کبود و بنفشی ہوجاتا ہی اور دیر مین نکلتے ہین غشی و اندوہ مفرط لاتے ہین ہلاکت کے
نشان ہوتے ہین یا اسی قبیل سے آبلہ پہلودار ہوتے ہین مضاعف و کثیر المقدار و بہم پیوستہ و سیاہ و بنفشی اور سینہ و شکم پر بہت ہوئے ہین بطی البروز
و بطی النضج ہوتے ہین خطرہ سے خالی نہین ہوتے اگر جدری سے ترشح ہو یا بروز آبلہ حمی پر تقدم کرے بہت برے ہوتے ہین اور جو جدری و حصبہ دفعتہً
غائب ہوجاتے ہین پھر غشی طاری ہوتی ہی ہلاک کر ڈالتے ہین و ایضاً اگر بعد اسکے کہ تمام باہر نکل آئین اور ہنوز تپ بحال خود باقی رہے اچھے نہین ہوتے
سالمترین جدری وہ ہی کہ آبلہ بعد نضج کے سفید و براق و بلند ہو مانند دانہ مروارید کے اور سینہ و شکم پر کمی ہو اسیطرح علامت سلامتی کی آبلہ جدری و حصبہ
مین یہ ہی کہ نفس مریض اپنی جگہ پر ہو شعور بحال و میل غذا و آب برقرار ہو ترکیب چاہیے کہ بنا بر تقدم حفظ ربیع مین کہ چیچک نکلنے کا موسم ہوتا ہے
اور وہ اکثر ہندوستان مین چیت کا مہینہ ہوتا ہی جونکین پس سر اطفال لگوائین یا حجامت کرائین غذا البقولات سرد و حموضات کی دین اگر گوشت
بھی کھایا جائے تو بقولات مین پکا کے کھلائین و دوائی سرد مقوی دل مانند عناب عرق کیوڑہ گلاب سکنجبین شربت انار مقرر کرین دھوپ مین دوڑنے
اور مانند اسکے باتونسے احتراز کرین اسیطرح دودھ پیتے بچہ کی مانکو مصلحات خون مثل عرق شاہترہ و عرق سرپھوکہ و خاکسی و شربت عناب و
سکنجبین بشیرہ کاہو و لعاب اسبغول کاہے گاہے اُسکے موسم مین دینا سودمند ہوتا ہی پرہیز گرم و شیرین چیزون سے اور گوشت سے ان دنون
مین لازم ہی اگر بچہ کو تپ ہو بہت چھوٹے موتی بقدر دس بارہ دانہ کے گلوا دین پانی کے ساتھ اور موتی پیس کے آب برگ سفید لالہ ہر ایک بقدر
نیم نیم ماشہ تا یکماشہ کھلائین سرمہ آنکھون مین لگاتے رہین اور ناک کان اور حلق مین ڈالین اور سینہ پر ملین جب چیچک نکلنا شروع ہو آب
عناب عرق عنب الثعلب نبات خاکسی بقدر مناسب بچہ کو دین اور تا صحت یہی دوا دیتے رہین ہنگام ضعف عرق کیوڑہ بھی دین اگر جدری کے نکلنے
مین دیر ہو اور چوتھے دن تک پورے طور پر نہ نکلے اسی دوا مین انجیر زیادہ کر دین کبھی عدس مسلم و سبوس گندم و شکر سرخ بھی اضافہ کر دیتے ہین اگر فقط
انجیر کو جوش کرین اور قدرے زعفران ملا کے پئین تو بھی مفید ہی اور وہ مطبوخ جو مطبوخات مین آئیگا مخرج جدری ہی نیم گرم پانی قریب رکھین

چادر لپیٹ کے اُسکا دھوان ہونچائین خاکسی مریض کے بدنپر چھڑکین جبکہ بثور جدری بروز کرنے کے بعد غائب ہونے لگین اسکی تدبیر بھی یہی ہو غذا برنج شکر مین پکا کے
نخود شیرین و نان شیرین و کھچڑی و دال مونگ و عدس ہمراہ نان دین نزدیک اسہال عدس مقشر مناسب ہے تیل کوئی مریض کے قریب بھی نہ لیجائین یہانتک کہ چراغ
بھی روشن نہ کرین بلکہ شمع جلائین یا چربی اسہال آخر مین مضر پڑتا ہو اس صورت مین اُسکا حبس زہر مہرہ مروارید و کہربا و بارتنگ سے کرنا چاہیے شربت الجبار و
حب الآس بھی مفید ہو اگر خارش ہو یہ علامت بد ہو چاہیے کہ چوب گز و بھوج پتر سے تبخیر کرین دھوان بدن کو ہونچائین اور عروض کے نزدیک کمال بیہوشی
تدبیر تقویت دل کی کرین شاخونکا کھینچنا مضائقہ نہین رکھتا موسم گرما مین آب تازہ پینے کو دین موسم سرما مین عرق عنب الثعلب و عرق گاؤزبان بجائے آب دین
اگر آبلہ جدری بہ سبب نکل آئین اور جراحت و قرحہ کی نوبت آجائے متعفن ہون قدرے کافور روغن دیودار مین حل کر کے استعمال کرین نافع ہو بچہ کو ریگ پر سلانا یا خاکستر
یا چکنی مٹی پر آبلون کے خشک کرنے مین سریع الاثر ہے اور روغن کنجد کی نیم گرم مالش خشکی ریشونکا ازالہ کرتی ہو اگر خشکی ریشہ کے نیچے رطوبت ہو مانند مردارسنگ
و سفیدہ و انزروت و چوب سندروس پیس کے چھڑکین **ایضا** برائے جدری اطفال کی سے **ترکیب** جدری نکلنے لگین سے حذر کرین مسہل کا ذکر ہی نہین ہے
بسبب اسکے جذب کے مادہ باطن کیطرف بعد اسکی تو یہ کے سوے جلد کر پھر دفعتہ ہلاکت کا باعث ہوجاتا ہی بلکہ اگر خروج اسکا سریع و فصل گرم و بدن
تازہ ہو خورہ پیز عدس اور عناب کا کھانا مزورہ رجلہ و کدو و اسفاناخ و اطریہ ساتوین دن تک کمی کے ساتھ دین اور اگر شروط ثلاثہ مذکورہ یا اُن مین سے کوئی
معدوم ہو اس چیز کی مساعدت واجب ہے جو جلد اسکا خروج کرے مثل بادیان و شکر و آب کرفس و انجیر اور بہتر شے آب طبیخ انجیر و لک مغسول و عدس و کتیرا
ہے پس جبکہ ساتوان دن گذر جائے اور مشکین مائل بسیاہی ہو کزمازج و چوب تازہ کزمازج و برگ کزمازج کا بخور کرین اگر میٹھی چیزین سوائے عسل و
خرما کے کھانیکی حاجت ہوتی ہو اگر فصل ٹھنڈی ہو یا خون جوش مین آئے اور خون فاسد دفع ہو اور ہمارے شہر مین بہتر طعام ایسے ہین جنمین دیسی انگور بالیہ
ہوتا ہو وہی کھلاتے ہین بسبب کثافت ابدان پھر حادث تفتیح کی جاتی ہی او سمین جو مص مطلقاً ترک کیے جاتے ہین لعد ششم ترک حلوا **ایضا** کہتے ہین کہ دانہ
لاکھ و عدس سلم و بھوج تبر ہر ایک دو ماشہ نبات سفید نو ماشہ جوش دیکے پلائین اگر لڑکے کے چیچک نہ نکلی ہو گھوڑی کا تازہ دودھ جسدن بچہ پیدا ہوا ہو
پلائین یا کپڑا ایسے دودھ سے ترکیا ہوا رکھا ہوا یکدم پانی مین دھو کے پلادین مجرب ہی اسیطرح کباب گوشت واق کھلانا مجرب ہی **دوائی** دافع آثار
جدری اطفال کی سے **ترکیب** طلائے زنگ آہن (یعنی صدائے حدید) سرکہ مین اسیطرح دو مع مطفی آب لیمون مین نیز بورق آب باقلا مین **دوائی**
چیچک کے آبلون کو جلد خشک کرتی ہو **ترکیب** خاکستر چوب گز و اسفیداج کی کپڑے مین پوٹلی باندھ کے انگلی سے اُسے دانونپر جھاڑین **ایضا** مجفف دانہ جلدی
ہی **ترکیب** اگر گرمی کا موسم ہو صندل گل سرخ برگ مورد جلائین اگر جاڑا ہو برگ طرفا جلائین نو عدبگر جبکہ نکلنے مین دانون کے دیر ہو اور رداءت کی علامت
نہ پائی جائے یہ دوا کام مین لائین **ترکیب** اکلیل الملک بابونہ بنفشہ خطمی سبوس گندم مجموع یا ایک چیز پانی مین جوش کرین اور دو برتنون مین رکھ کے
پیٹھ اور پیٹ کیطرف بھبارہ لین اسکے بعد خشک کرنیوالی دوائین استعمال کرین **دوائی** اُس دانے کے واسطے جو برسات مین ناک اور سر پر ہو جاتے ہین
ترکیب آم کی گٹھلی پرانی صندل سفید پانی مین پیس کے طلا کرین **دوائی** بثور لبنی یعنی مہاسہ **ترکیب** مجلیات استعمال کرین وہ پانی جسمین
بابونہ بنفشہ سو یا ناخونہ جوش کیا ہو اُس سے منہ دھوئین خاکستر چوب زرد خاکستر دوغ ہر ایک تین درم ایرسا سات درم تخم کرنب

گلنار ہر ایک دس درم لوٹے چھان کے پرانے سرکہ مین ملائین اور چہرہ پر ملین اگر ضرورت ہو حسب حاجت تنقیہ کرین دوائی بثور لبنیہ الطاکی سے ترکیب بسبب
اسکا زیادہ تر مادہ غلیظ لزج نفسیہ ہوتا ہی علاج اسکا اولا فصد رگ مین ہی اور مجربات سے ہے مطلق بثور مین خصوصاً لبنیہ مین شونیز و بورق و نوشادر سرکہ مین ملاکے اطلا
سندروس و حب البان ایضاً برائے مہاسہ ترکیب پوست درخت سرس کنجد سیاہ مساوی سرکہ ملاکے طلا کرین ایضاً دافع مہاسہ ترکیب مجیٹھ
صندل سرخ عدس چھانی لودھ بڑکی کوپل پیس کے وقت شب مہاسہ پر طلا کرین اور صبحکو دھو ڈالین دوائی بثور غریبہ یعنی نادر الوقوع اور اسکی چند قسمین ہین
ایک یہ ہو کہ چھوٹے سفید اور جڑ انکی سخت ہوتی ہے قلیل الالم و عسر النضج ہوتے ہین اور دانے کے منھ سے تھوڑی پیپ نکلتی ہی اوسکو ذات الاصل
کہتے ہین کبھی ذات الاصل بڑے ہوتے ہین مثل دمل کے دوسرے وہ کہ سخت ہوتے ہین اور خسارو نہر نکلتے ہین انکے گرد ورم کے برابر سرخی ہوتی ہی انکو ثیلیم
کہتے ہین تیسرے وہ کہ بڑے چھوٹے دمل کی صورت کے ہوتے ہین اور سیاگوش پر نکلتے ہین انکو بثور الاصداغ کہتے ہین انکا خاصہ ہے کہ پکتے نہین ہین
لیکن سرخی و باریک و سرخ ہوتے ہین جب شگاف دیا جاتا ہی تو سوائے گاڑھے خون کے کچھ نہین نکلتا اور اکثر مودی بناصور ہوتے ہین چوتھے وہ کہ شبیہ
بثور اصداغ گدی و گردن پر ہوتے ہین انکو بثور القفا کہتے ہین یہ کثیر العدد ہوتے ہین اور سخت درد ہوتا ہی نجات کم دیتے ہین انکا سبب خفقان تیرہ ہوتا ہے
کہ مجاری نخاع مین در آتا ہی پانچوین یہ کہ خرد و سخت و سرخ و بے درد ہوتے ہین اور ایک مقام پر ظاہر ہوتے ہین پھر وہان سے غائب ہو کے دوسری
جگہ ظاہر ہوتے ہین اور زمانہ طویل تک رہتے ہین ترکیب انکا علاج تنقیہ و فصد و مسہل سے کرنیکے بعد حسب مادہ ہر ایک کی تدبیر مخصوصہ کام مین
لائین مثلاً ذات الاصل مین ادویہ منضجہ مثل اطراف کاسنی بریان و چقندر بریان و تخم مرو و اسبغول روغن بنفشہ مین ضماد کرین اور بعد النضج نشتر
سے یا تضمید اشق زردی بیضہ مین ملاکے شگاف دین قسم دوم مین شگاف دین پھر مرہم اسفیداج رکھین بثور الاصداغ مین تحلیل کرنے کے
واسطے آرد ترمس و باقلا و جو و کرسنہ تخم مرو ہمراہ سرکہ و آب دیان ضماد کرین لتسکین لذع و تلیین صلابت کیواسطے موم روغن طلا نافع ہی بثور القفا
مین برگ اسبغول و بارتنگ کوٹ کے لعاب اسبغول مین لیپ کرین و روغن بنفشہ و شیر زنان ناک مین ٹپکائین اور سر پر ملین پانچوین قسم مین جو
شرائے دموی مین مذکور ہوا اسپر عمل کرین دوائی بطم وہ سیاہ دانہ ہوتا ہی کہ پنڈلی مین نکل آتا ہی اور متقرح ہو جاتا ہی زرد پانی اوس سے نکلتا ہی
چونکہ یہ دانہ حب البطم کے برابر ہو جاتا ہی اسلیے اسکا یہ نام ہے یہ مرض مزمن ہو کے دیر مین زائل ہوتا ہی کیونکہ اسکا مادہ سودائے سوختہ ہوتا ہی اور
تمام بدن سے پنڈلی پر گرتا ہے ترکیب فصد باسلیق کھلوائین بدفعات قے کرائین پھر تنقیہ کی غرض سے نفس عضو پر جونکین لگائین حجامت کرائین
تا کہ خون وافر نکلے پھر خبا سوختہ و مامیران کوفتہ چھان کے سرکہ و روغن زیت مین ملاکے کام مین لائین اور جو قروح خبیثہ مین بیان ہوا اوسے
کام لین دوائی جذام جذام کے لغوی معنے ہین بنا سبب سے قطع ہونا کیونکہ یہ مرض عمر کو قطع کرتا ہی یا نسل یا اعضا کو اور اصطلاح مین عبارت ہی
فساد اعضائے غذائیہ سے اسطرح سے کہ کسی چیز کو سوائے سوداکے کسی طرف مستحیل نہ کر سکتی ہو اگرچہ ماء اللحم دبعضہ ہنر شت ہو اسی جہت سے
اوسکا مستحکم علاج نہین ہوتا مرض مذکور کو داء الاسد بھی کہتے ہین کیونکہ اس مریض کا چہرہ شیر کے چہرے سے مشابہ ہو جاتا ہی بالجملہ یہ مرض
بدتر ہوتا ہے اور خدر پیدا کرتا ہی اور مزاج و شکل اعضا کو متغیر کر دیتا ہی متقرح بھی ہو جاتا ہی جب مستحکم ہو جاتا ہی تو اعضا کو کمزور کر دیتا ہی اور علاج پذیر نہین ہوتا

بالاتفاق جملہ امراض متعدیہ و متوارثہ سے ہے سبب اسکا انتشار سوداے غیر طبعی تمام بدن مین ہوتا ہی غذا کی زیادتی سے جو مولد سودا ہوتی ہین مثل گوشت گاو و قدید و عدس و بادنجان و غلبہ حرارت و یبوست مزاج تمامی بدن سے یا خاص کبد کہ سوداے احتراقی اُس سے حاصل ہوتا ہی یا استیلاے برودت سے مزاج پر کہ سوداے جمودی اُس سے پیدا ہوتا ہی اور انسداد مسام و فساد مزاج طحال و کثرت تخمہ یا بھی معین مرض جذام ہی مجذومین سے مباشرت و تعفن و فساد ہوا نیز دیگر من اسباب بعض مذکور ہین اسی لیے حدیث شریف مین مجذوم سے دوری کا حکم اور ہمیشہ اُنکی طرف دیکھنے کی ممانعت وارد ہی کہتے ہین کہ جو شخص ایام حیض مین اپنی منکوحہ سے مباشرت کرے اسکا بیٹا ان خطروں سے ایمن نہ رہیگا علامات اسکی سرخی رنگ بدن مائل بسیاہی و کدورت و سپیدی چشم مائل بسرخی اور باریک ہونا اور گرنا بالونکا و بحت الصوت و ظہور غدد ناک کا بیٹھنا ہتیلی تلوے کا کج ہونا ابتدا مین قارورہ سرخ ہونا بعد کو سیاہی مائل ہوجانا نبض ضعیف و صلب ہونا ترکیب بعد فصد باسلیق و صافن و اسلیم خون وافر نکالنے کے ادویہ مصفی خون مثل شاہترہ و چرائتہ و مانند انکے کہ دوائی آتشک مین مذکور ہوئین پلائین بعد چند روز کے بعد نضج مادہ منضج سوداء مسہل سودا اور ماء الجبن سے تنقیہ کرین شیر زجوان سرخ رنگ کا پینا بھی نافع ہے خریف و ربیع مین مسہل قوی نہ دین اور جمیع محللات حرارت غریزی سے پرہیز کرین روغن کدو و شیر دختر ناک مین ٹپکائین بعد تنقیہ حمام و مالش روغن بنفشہ یا بادام یا روغن کی پس حمام مفید ہی روغن زرد گرم کرکے اسمین بیٹھین ہفتہ مین ایکمرتبہ ایسا کرین اگر بھوسی بدن سے جدا ہونے لگے صحت کی علامت ہی استعمال چوب چینی و خوردن لحم افعی اُس طریقہ پر کہ اکسیر اعظم مین مفصل مسطور ہی سودمند ہی حبوب سم الفار و کشتہ زرنیخ بشرطیکہ مزاج مین مریض کے حرارت زیادہ نہو مفید ہی ایضاً براے جذام الطاکی سے اگر بعد تنقیہ مداومت کیجاے فائدہ کلی بخشتی ہی ترکیب شاہترہ برہمڈنڈی نگند بابری پوست ہلیلہ زرد مساوی ہر روز بقدر دو تولے کے پانی مین رات کو بھگو دین صبحکو مل اور چھان کے پئین دوائی ہندی ابتداے جذام مین مجرب ہے اکثر جمیع انواع فساد خون و خارش مین نافع ہی ترکیب پوست ہلیلہ پوست بلیلہ مجیٹھہ دار ہلد گھر بیج پوست درخت نیب کٹکی گلوب مساوی جو کوب کرکے ہر روز بوزن دو دام پانی مین بھگوئین صبحکو جوشدین اور چھان کے چالیس روز تک پئین نمک سے پرہیز کرین نکما ہندی مین مسطور ہی انھین دوائونکو اکیس ماشہ جوش کرکے ہر روز پئین اور اگر پت پاپڑہ و چرائتہ و سرپھوکہ و دھنیا و دہماہا و پوست کچنال اضافہ کرین بہت ہی سریع النفع ہوجاتی ہی دوائی وقت استحکام جذام کام مین آتی ہی ترکیب ہلیلہ سیاہ ہلیلہ زرد افتیمون ہر ایک پانچ جز و کوٹ چھان کے ہمراہ مویز منقی دہ جز و پیس کے ملائین ہر روز ایک تولہ کھائین اور اسی قرص کا طلا کرین شیطرج ہندی زاج سرخ ہر ایک نیم درم سرمہ ماز و سبز رو ناس خربق سیاہ استخوان ماہی سوختہ اطریلال ہر ایک دو درم عنصل تین درم کوٹ چھان کے سرکہ انگوری مین گولیان بنائین اور ہر روز سرکہ مین گھسکے طلا کرین دوائی جذام از مجربات حضرت شاہ احسان علی پاک پٹنی مرحوم سے ترکیب ہرتال ایکتولہ مرچ سیاہ دو تولہ دونون کو تین روز تک کھرل کرین اور بوتل مین لگا چھوڑین جسقدر پرانی ہوتی جائیگی زیادہ نافع ہوتی جائیگی بقدر ایک رتی تلسی کی پتی مین کھلائین غذا نان نخود بے نمک بہت سے گھی مین کھلائین چند روز مین صحت ہوجائیگی جب اس مدت مین بدن کے اندر خود قوت معلوم ہو فصد ہفت اندام کھلوائین دوسرے نسخہ مین بجاے تلسی کے لکھا ہی کہ روغن بادام کو زمین تہ ربالا کر کے کھائین ایضاً مفید جذام ترکیب برادہ دندان فیل دس قیراط اسکو تین اوقیہ شراب مین ملائین اور روغن زرد مین کھائین

دوائی برص یہ داغ سفید ہوتا ہے کہ بدن پر پڑجاتا ہے بسبب غلبہ بلغمیت کے اُس خون پر کہ غذاے عضو ہوتی ہے یا تغیر مزاج عضو در رطوبت و برودت سے
اگرچہ وہ خون اسکی غذا ہوا اچھا ہوتا ہے اور بلغمیت سے خالی ہو کبھی ہوتا ہے کہ محل حجامت بسبب ضعف عضو جراحت کیساتھ یہ علت پیدا ہوجاتی ہے اگر سوئی
کو داغ مین چبھوئین اور بجاے خون کے سفید رطوبت نکلے اور وہ جگہ ملنے سے سرخ نہ ہوتی ہو اور اسجگہ کے بال سفید ہوگئے ہون علاج پذیر نہین ہوتا متقدمین
کا قول ہے کہ جسوقت سوئی امتحان کیواسطے چبھوئی جاۓ چاہیے کہ اُسجگہ کی کھال سبابہ و انگشت سے اوپر کو کھینچ لین تاکہ گوشت سے الگ ہوجاے
پھر اُس کھال مین سوئی چبھوئین کہ گوشت مین نہ چبھونے پاے اور جلد کی حقیقت معلوم ہوجاے کہ آیا خون ہے یا نہین اور برص منتشر کہ عام ہوتا ہے اور تمام
جسم پر ہوجاتا ہے متعسر العلاج ہے خاصۃً وہ کہ مزمن ہوگیا ہو ترکیب منضج گرم سے نضج کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین اور حبوب نافع برص جو مسطور ہوئی
بطریق حب ایارج کھلائین تنقیہ کے بعد معاجین حارہ کھانا مفید ہے اور ادویہ گرم کا ملنا مثل خردل و مویزج و کندش و بورہ و ندنج سرخ و شیطرج
و عاقرقرحا و شونیز و خربق اسیطرح اشیاء مقرح مانند عسل بلادر و بنجال کبوتر و فربیون نافع ہے روغن بادنجان یعنی بادنجان کو پانی مین جوش کرین
پھر وہ پانی روغن زیت مین ملائین تاکہ پانی جل کے روغن رہ جاے اور برص پر ملین بالخاصیت مفید ہے جو برص حجامت کیوجہ سے ہوجاتا ہے ادویہ
طلاء شیطرج و دوہ و ذنبت الحدید آب لیطم مین مفید ہے ایضاً براے برص اطاکی سے منقول ہے ترکیب تحلیل مادہ کی پہلے مبادرت لازم ہے اگر فصل در شلیل
نفس ہر ہو منضجات مقطعہ محللہ بعدہ انکا اخراج مسہلات سے جاذب کی زیادتی کی سعی بعد اسکے مسخنات محللہ جو منضج ابتداء مرض مین استعمال
ہوتی ہے بیان ہو گی اگر دیر مین علاج قبول کرتا ہو تو مروارید کو آب ترنج مین حل کرین اسطرح کہ تریاق الذہب مین بیان ہوا ہے اور قوام مین زیت کے
ساتھ کھائین اور موضع برص پر ملین پانی پینے سے احتراز کرین یہ میرے مجربات صحیحہ سے ہے خربا و طلاء پستہ و جوز و چلغوزہ کا تنقل کرین کل ترشیان
ترک کردین مثل سرکہ و رطب بارد مثل خیارہ و بادرنگ و ترنبوز اور کل سبزیات لیکن چقندر و کرنب و لحوم گوسفند و بچہ شتر زربت لکھتا ہے کہ اولاً استفراغ
مادہ قے سے کرین بعدہ اسہال سے اور بعد تنقیہ بالغہ کے تبدیل مزاج ادویہ و اغذیہ حارہ سے واجب ہے سب سے بڑی دوا تنقیہ کے بعد یہ دوا ہے اطریلال
دو درم عاقرقرحا ترید موصوف زنجبیل سلیخ الحیہ ہر ایک ایکدرم شہد مین ملا کے زمانہ بہار انگور مین استعمال کرین برہنہ دھوپ مین بیٹھین پس اُس
جاے سفید سے ایک آبلہ اُبھریگا اور اُسدن پھوٹ جاویگا پھر قروح کیطرح علاج کرین **ایضاً** طبری لکھتا ہے کہ ایک عورت نے بصرہ مین
برص کا علاج کیا اور وہ علاج بہت نافع تھا مینے وہ نسخہ اُس سے لے لیا اور وہ یہ ہے **ترکیب** پہلے اس دوا سے تنقیہ کرین زنجبیل فلفل سفید خربق
سیاہ ایارج فیقرا کل برابر کوٹ چھان کے شراب مین ملا کے تین درم کھلائین بعدہ یہ طلا کرین شیطرج سرمہ استخوان ماہی سوختہ زاج سرخ
باریک پیس کے سرکہ مین ملا کے طلا کرین **ایضاً** تخم املی تین دن تک متواتر تر رکھین چھلکا اُتار کے اُسکے برابر بابچی ملا کے پانی مین خوب
باریک پیسین اور رکھ چھوڑین اُسمین سے تھوڑا لے کے برص کے داغون پر لیپ کرین ایک ہفتہ تک اگر خارش بہت ہو ترک کردین دو تین
دن کے بعد پھر استعمال کرین جسوقت بدن پر سرخی ظاہر ہو اور اُس سے پانی نکلے ترک کردین کہ بعون اللہ تعالے زوال مرض ہوجاویگا اگر اس
دوا کے استعمال سے نہ خارش ہو نہ سرخی آئے چاہیے کہ ایکماشہ بابچی کو ایک چھٹانک پانی مین رات کو بھگو دین صبحکو اسکا آب زلال دینا

اور ہر روز تھوڑی بابچی بڑھاتے رہیں یہانتک کہ ایکتولہ مقدار ہوجاوے اور چالیس روز تک پئیں بعدہ ضماد کریں اگر تخم املی و بابچی پیسکے ایک ہفتہ یا پندرہ روز تک ہر روز سات بار لیپ کریں پھر ترک کردیں بعد بیس روز کے رنگ جلد کا اصلی پیدا ہوجائیگا **دوائی** برائے برص مجرب ہے **ترکیب** گندھک آملہ سار گیر و گلنار بابچی مساوی خوراک ایک مثقال شبانہ روز پانی میں بھگوکے اُسکا آب زلال پئیں اور ثفل ادویہ پیسکے برص کو کنٹے سے رگڑکے ضماد کریں چالیس روز تک یہ عمل کریں اس اثنا میں غذا نان نخود بے نمک گھی سے کھائیں اگر نہ ہوسکے گیہون کی بے نمک روٹی کھائیں **دوائی** برائے بہق ابیض یہ ہلکی سی سفیدی رنگ بدن کے قریب قریب ہوتی ہے جو ظاہر جلد پر پیدا ہوجاتی ہے اور زیادہ تر چہرہ اور سینہ پر ہوتی ہے اُسے ہندی میں چھیپ کہتے ہیں **ترکیب** جو برص میں بیان ہوا اُسے سکتر عمل میں لائیں و گلنار و بابچی برابر کوٹ چھان کے پانی ملاکے ملیں **ایضاً** برائے بہق ابیض انطاکی سے **ترکیب** ابتدا میں آب ترب مع نمک و بورق سے قے کریں اور قبل اسکے ماہی شور کھلادی گئی ہو اور مطبوخات میں جو منضج ہے استعمال کریں بعدہ دو ہفتہ برائے تنقیہ ایارج کبار دیں بوقت صبح اور اطریفل کبیر وقت شام **ایضاً** برائے چھیپ مجرب ہے **ترکیب** صندل سفید چار ماشہ ہرتال ایک ماشہ لیموں کے عرق میں پیس کے ملیں اور دھوپ میں بیٹھیں بعدہ آب گرم سے دھوئیں **ایضاً** معمول استاد مرحوم **ترکیب** صندل سرخ چھ ماشہ رس سنگیا دو رتی پانی میں پیسیں تین حصے کرکے ایک حصہ ہر روز ملیں تھوڑی دیر کے بعد پانی سے دھوکے چنبیلی کا تیل مل لیں لیکن جاڑہ میں استعمال کریں **ایضاً** بہق کے واسطے مجرب ہے **ترکیب** صندل سفید و سرخ نشاستہ ہر ایک ایکتولہ سم الفار ڈھائی رتی باریک پیس کے تھوڑے سے گلاب میں تر کرکے طلا کریں **دوائی** برائے بہق اسود برص اسود بہق نشانہائے سیاہ ہوتے ہیں کہ جلد پر پڑجاتے ہیں اُنھیں ملیے تو بھوسی سی نکلتی ہے کبھی بہت ہوتی ہے ایسے برص اسود بھی ہوجاتا ہے اُس سے فلوس مثل مچھلی کے سفنون کے چھوٹتے ہیں یہ مقدمہ جذام ہوتا ہے سبب اسکا مادہ سوداوی ہوتا ہے **ترکیب** اسکا علاج مانند جذام کے ہونا چاہیے تنقیہ بدن و ترطیب مزاج و استعمال اغذیہ مولد خون رطب و مالش خربق سیاہ سرکہ میں و فنہ بیخ و زاج و کبریت مولی کے عرق میں مفید ہے **ایضاً** برائے بہق اسود تکملہ ہندی سے **ترکیب** صندل سفید ایک ماشہ سم الفار ایک رتی پانی میں پیس کے طلا کریں اور بعد چار گھڑی کے دھوڈالیں تو بعد بگیرہ تخم ترب و خردل مطبوخ انجیر کے ہمراہ سرکہ میں تر کرکے طلا کریں **دوائی** برائے کلف و نمش و برش و خال کلف ایک نشان ہوتا ہے کہ منھ پر پڑجاتا ہے اور مائل بسیاہی ہوتا ہے اسکو ہندی میں جھائیں کہتے ہیں اور نمش قطعہائے سیاہ مسند برُے ہندی میں لہسن کہتے ہیں ترش و برش نقطہائے سیاہ یا سرخ یا مائل تیرگی ہوتے ہیں اور زیادہ تر منھ پر ہوتے ہیں انکو کنجدک کہتے ہیں و خال نقطہ خرد و سیاہ یا کمد ہوتا ہے کہ سطح جلد سے بلند ہوتا ہے بخلاف برش کے اسکو تل کہتے ہیں اور مادہ اسکا دم سوداوی ہوتا ہے سوائے سرخ کے کہ دم غیر پانی ہوتا ہے اُس سے متعرض نہو بخوف نزف شریان اور مولودی لاعلاج ہوتا ہے **ترکیب** ادویہ جالی و محلل مانند بورق و فلفل و تخم خربزہ و ترمس و تخم ترب و دارچینی و قسط و بادام تلخ و خاک سیماب و خردل و ایرسا سرکہ میں طلا کریں اگر دواؤن سے تقرح کا خوف ہو کتیرا اضافہ کریں بعد ظہور حرقت ضماد جلد چھڑا لیں اور چاہیے کہ ابتدا میں ادویہ قابضہ مانند آب برگ مورد و گلاب و آرد عدس ادویہ

مذکورہ کیساتھ آمیز کرین اور خال مین پہلے نشتر دین تاکہ خون نکلے پھر سرکہ سے دھوئین بعدہ ادویہ مذکورہ کا طلا کرین اور اگر مذکورہ ادویہ سے فائدہ نہو مسہل سودا
منقیہ سودا کرین **ایضاً** برائے کلف و بہق اسود ترکیب تخم ترب تخم نیواڑ بابچی مساوی کوٹ چھان کے پانی مین حل کر کے طلا کرین **ایضاً** مجرب ترکیب
قسط تلخ بیخ سوسن خرما کنجشک برابر سرکہ مین پیس کے ضماد کرین **دوائی** دم میت و وشم و آثار قروح جاننا چاہیے کہ دم میت مراد ہے اجتماع خون سے زیر جلد
کہ کسی رگ کا منھ کھلجانے سے پھٹی ہوئی رگ سے بسبب امتلای دموی یا ضربہ و سقطہ کہ اس عضو کو پہونچ جائے حادث ہوتا ہے اگر یہ کشادگی شریان کے
اندر ہوتی ہے اور اوس سے خون باہر نکل کے زیر جلد متوقف ہو جاتا ہے اور بنفسجی رنگ کا کرتا ہے اسلیے اسے دام الدم کہتے ہین علامت اسکی یہ ہے کہ اگر
اسپر ہاتھ رکھا جاے تو شریان کی حرکت محسوس ہوتی ہے اور اسکا رنگ بادنجان یا بنفسجی ہوتا ہے اور وشم عبارت ہے اس سے کہ جلد کو سوئی سے چھیدتے ہین
اور سرمہ یا نیل اسمین بھر دیتے ہین تاکہ نیلے یا ہرے داغ پیدا ہو جائین جیسا دیہاتی عورتون مین مروج ہے (گودنا) اور آثار قروح وہ ہین کہ بعد اندمال
قرحہ کھلید یا ایکے بعد ہوتا ہے ترکیب برائے ازالہ سنہری و سیاہی کہ زیر جلد خون مردار ہونے سے پڑجاتا ہے برگ کرنب ترب یا زنجبیل واشق کا گرم لیپ کرین اور دوسری
دوائین کہ مذوب و تحلیل خون منجمد کرتی ہین کام مین لائین اور جلد پر فصد کے بعد جو سبزی آجاتی ہے گرم خشکہ و نان گندم گرم کے باندھنے سے زائل ہو جاتی ہے
دوائی آثار کبود دور کرتی ہے ترکیب کندر نطرون صبر زرد پانی مین پیس کے طلا کرین **دوائی** اگر کسی عضو مین خون مردہ ہو گیا ہو بسبب ضربہ یا سقطہ کے
تحلیل کرتی ہے ترکیب زرنیخ زرد حجر فلفل ہر ایک ایکجز کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور ضرورت کیوقت آب کشنیز سبز مین حل کر کے طلا کرین اور دوسری
دوائی سفید اسکے واسطے ضمادات مین بیان ہو گی **دوائی** باد شنام وہ ایک سرخی قبیح ہوتی ہے کہ اگر مجذوم کی سرخی کے مانند عارض ہوتی ہے اور زیادہ تر
زمستان مین اور ہوائے سرد سے اور زہریلی دواؤن کے پینے کے بعد کہ بار دھون ہو جاتی ہے اور اکثر حدوث اسکا رخسارہ و اطراف پر ہوتا ہے سبب اسکا احتقان الخرہ
دمویہ ہوتا ہے ترکیب فصد کھلوائین اور اس مقام پر جونکین لگوائین اور جب پانی مین سبوس گندم و نمک جوش کیا ہوا ہو ملین اور نضج مادہ کے بعد مسہل بادے
جسمین ہلیلجات و تربد داخل کی ہو تنقیہ کرین اور چہرہ و اطراف کو آب گرم و سبوس سے برابر دھوئین صابون کا طلا کرین جب خشک ہو جائے آب
گرم و سبوس سے دھوئین اور دن مین چند مرتبہ یہی عمل کرین اور استعمال آب سرد و جلوس مکان نمناک و مہب ہوائے سرد سے احتراز کرین **دوائی**
فساد لون یہ یا تو دھوپ مین زیادہ رہنے سے یا جاڑے مین یا رنگ کو بدلنے والی چیزون کے استعمال سے مثلاً زیادہ تر زیرہ و اجوائن و گل کے کھانے
سے یا کدو و سرکہ پینے سے یا بسبب اندفاع طبیعت خلط فاسد ظاہر جلد مین بسبب غلبہ خلطی کے اخلاط سے ترکیب دھوپ کی وجہ سے رنگ کے
متغیر ہونے مین اور سردی کے سبب سے پہلے اہتمام کرین آب گرم سے انکباب کرین اور بعد حاصل ہونے تلین جلد کے اطلیہ جالیہ کام مین لائین و طلائے سفیدہ
بیضہ و نشاستہ و کتیرا و صمغ و العبہ حفظ لون شمس سے کر ٹھنڈک پہونچاتے ہین اگر چیزون کے کھانے سے رنگ مین فساد آگیا ہو تبدیل غذا کرین اور جو سبب
تغیر ہوا سے ترک کرین مصلح کام مین لائین اگر دفع طبیعت سے ہو اور خلط فاسد ظاہر جلد پر ہو ادویہ جالیہ کا طلا کرین خشک ہونے کے بعد آب نیمگرم سے
دھوئین اور یہ عمل مکرر کرین تاکہ اصلی رنگ پر آجائے اور غلبہ اخلاط کی صورت مین بحسب تنقیہ مادہ فصد و مسہل دین بعدہ ادویہ جالیہ استعمال کرین **ایضاً**
فساد لون مین بقول قرشی ترکیب جو شے کہ مرقق خون و محرک ارواح ہوتی ہے خارج کیجانب رونق و صفائی و نضارت لون کرتی ہے خواہ وہ شے مولد خون

رقیق محرک بخارج ہو مثل زردی بیضہ نیمبرشت و شراب ریحانی و نخود و انجیر و بسر دیا منقی خون ہو فضول غلیظ سے مثل اطریفل و طبلیہ مربہ والونشدارد
و یا نشر خون محرک خارج کیطرف مانند پیاز و ثوم و فلفل و زعفران و ترب و گندنا اسیطوخ قرنفل و سعد و زوفا و افسنتین و صعتر و انار شیرین و سیب و حب الآس
و عذبہ و ورج و حلتیت اسیطوخ سرور و نظر اشیاے محبوبہ کیطرف مردم ظریف کی موجودی و مصارعت و بازی و سماع اغانی ہر ایک محرک خون در وح
ظاہر بشرہ ہی پھر اگر انکی اعانت بحلیات و مرققات جلد مثل غمرہ و غسول کے کرین بہتر ہے دوائی کہ رنگ کو سرخ کرتی ہے ترکیب زوفا خشک دس درم
زعفران تین درم باریک پیس کے شکر سفید برابر دونون کے ملا کے دو درم ہر روز کھائین اور منھ کو طبیخ بادام تلخ سے دھوئین ایضاً براے رفع زردی
بشرہ و یرقان مجرب صاحب تحفہ ترکیب پرسیاوشان شیح ارمنی مرزنجوش خواہ بابونہ اقحوان شبت و ترنج مساوی جوش کر کے اُسکے پانی سے
منھ کو مکرر دھوئین دوائی تشقق اطراف و تقشر جلد یعنے ہاتھ پاؤنکا پھٹ جانا اور کھال جدا ہونا سبب اسکا حرارت یا برودت یا یبس خلط ہوتا ہے
ترکیب چکیدار چیزین مثل لعاب اسبغول و کتیرا و صمغ عربی و سفیدی بیضہ مرغ ملین یا موم روغن کا طلا کرین اگر خلط ردی کے سبب سے ہو پہلے تنقیہ کرین
بعد اُسکے ترطیب دودھون اور روغنون کی مالش سے مرطبات و قیروطیات سے کرنی چاہیئے بیہ برنگھیا کے مازو و کتیرا پیس کے ملا دین اور پھٹے ہوے
اعضا پر چھڑکین مغز ساق گاؤ و چربی و روغن بنفشہ مین تھوڑا اسا مردا سنگ ملا کے بھی فائدہ کرتا ہے ہمراہ احرام مغز ران و مصطگی و موم پھٹے ہوے مقامات
پر بھر دین اور جس شخص کے ہاتھ پانون پھٹنے کی جاڑے مین عادت ہو چاہیے کہ اول خریف مین فصد کھلوائین پھر اسکے بعد قیروطیات استعمال کرین
دوائی براے تشقق اطراف مجرب بو علی سینا ترکیب کتیرا غبار کے مانند پیس کے سفائج اس سے آدھی کہربا کندر میں ہر ایک ثلث وزن علک البطم ہموزن کتیرا سب کو
روغن سپید انجیر مین ملا کے طلا کرین دوائی نافع تشقق شد قین یعنے کنج دہن ترکیب فصد کھلوائین مسہل دین مازو کوٹ کے سرکہ مین جوش کر کے مضمضہ کرین
سرمہ آب انار ترش مین یا سماق مین پیس کے طلا کرین دوائی نافع سحوج یعنے خراشیدگی جلد ترکیب اگر کسی سخت چیز کے سبب سے یا گھوڑے
کی سواری سے جو ننگی پیٹھ پر کی گئی ہو یا تنگی موزہ کے سبب سے خراش آ گئی ہو اگر بہت ہو کپڑہ گلاب مین تر کر کے اوسپر رکھین بعد ازان
مرداسنگ گل ارمنی پیس کے گلاب و روغن گل مین ملا کے طلا کرین یا روغن گل ملین اور گلسرخ و برگ مورد دونون پیس کے چھڑکین اور
مرہم سفیداب کافوری رکھین یا چرم کہنہ کہ زیر موزہ ہو تا ہی جلا کے روغن گل مین ملا کے طلا کرین سحج کہ موزہ کے سبب سے ہو نافع ہے اسیطرح
کدوے سوختہ کا ملنا بھی عجیب ہی شر تقشر پا کیواسطے کہ کسی سخت چیز کے سبب سے ہوا ہو تو ابضات سے مانند حنا بلوط گلنار پوست انار
جوز السرو پیس کے یا سرکہ مین جوش دیکے ضماد کرین اگر آبلہ بات کو برف مین ٹھنڈا کر کے روغن بنفشہ و قدرے کافور ملا کے طلا کرین
سحج کے لیے کہ رسی کھینچنے سے ہوا ہو مفید ہی اگر بسبب عرق پوست کنج ران و اطراف و عانہ مین خراش آ گئی ہو چاہیے کہ کمیلہ خاکستر سرگین
خار و روغن حنا ملا کے لیپ کرین یا حکاکہ سرب و سپیدہ ارزیز و مرداسنگ کا ضماد حنا مین طلا کرین دوائی خراز یعنی سبوسہ سر اسہندی مین لقب کہتے
ہین ترکیب اگر گرم ہو سر کو آب چقندر دار و نخود و خطمی و سبوس گندم ہمراہ سرکہ دھوئین روغن بنفشہ و کدو ملین اگر رطوبت ہو اول مسہل بلغم و
سودا دین اُسکے بعد ادویہ جالیہ سر پر ملین ایضاً براے خراز حکیم علویخان سے ترکیب آرد نخود چالیس درم حلبہ بورق سبوس گندم

آبگینہ سفید مسحوق ہر ایک آٹھ درم گل خطمی چھ درم کوٹ کے خل خمر مین کہ پانی سے ممزوج ہو خمیر کرکے سر پر ملین اور روغن گل سرکہ مین ممزوج کرکے تدہین
کرین براے رفع خراز ترکیب آرد نخود آرد باقلا آرد ترمس خطمی ہر ایک ایکجز و کف صابون لعاب حلبہ مین ترکرکے طلا کرین دوائی داء الثعلب و داء الحیہ کیواسطے
معمول ہے اگر بسبب احتراق بلغم ہوتا ہے سفیدی موضع و فربہی بدن ہوتی ہے اس صورت مین بعد النضج کے تنقیہ بلغم قے و اسہال و حب ایارج سے کرین بعد اسکے
پیاز عنصل اسکو کوٹین اور خردل و سیر پیس کے لیپ کرین الیضاً پرسیاوشان حب الآس تخم کرفس ہر ایک مساوی کسیقدر جلالین کہ سیاہی
مائل ہوجاے پھر سیہ خرس و روغن ترب مین ملا کے طلا کرین دوائی انتشار شعر و صلع انتشار شعر بالونکا بغیر کسی فساد جلد کے ظہور کے گرنا اور صلع
اسے کہتے ہین کہ موے وسط سر زائل ہوجاتے ہین جو صلع بڑھاپے مین ہوتا ہے علاج پذیر نہین ہوتا ترکیب اگر قلت غذا کے سبب سے ہو جیسا کہ
ناقہین کو ہوتا ہے غذاے جید کھلائین سوئین حمام کرین نطول کرین ادہان قابضہ ملین روغن آملہ بھی فائدہ کرتا ہے اگر یبوست سے ہو ترطیب مزاج
و تدہین روغن بابونہ وغیرہ سے کرین اور ہمیشہ حمام کرین الیضاً براے انتشار شعر انطاکی سے ترکیب تساقط شعر مین اصلاح غذا و تقویت
منافذ و تکثیف مخلخل ہر مبرد سے بالعکس کرین بعدہ اطلیہ منبتہ و مقوی عمل مین لائین مثل روغن آملہ و آس و لادن و خاکستر پرسیاوشان
و جوز سرو و برگ کنجد پیس کے و طبیخ رطبہ ترب بطلقاً و سداب طلا کے طور پر و آب چقندر و خولان و عذبہ شہد مین مجموع یا مفرد و غلاف سر آس براے
تقویت و تدہین بدن براے سبوطت و اطویل و نطول ان دواؤن کے طبیخ سے براے تلطیف و تحلیل یہ دوا مجربات سے ہے حنا ایک جز و
پرسیاوشان نیم جز و برگ کنجد و خولان و آب مورد ہر ایک ربع جز و معلی کے عرق مین بھگو دین اور شب کو طلا کرین اور صبح کو آب مطبوخ خطمی
سے دھولین یہ دوا تطویل و تحسین و تقویت و منع تساقط شعر کرتی ہے دوائی تشقق شعر یعنی بالونکا پھٹ جانا سبب اسکا غلبہ یبوست
ہوتا ہے ترکیب روغن بنفشہ و روغن بادام شیرین و لعاب تخم خطمی و بزر کتان و لعاب برگ کنجد ملین اگر تشقق بہت ہو اور یبوست ذی مادہ
ہو اول فصد کھلوائین اور مسہل سودا دین بعدہ ادویہ مذکورہ استعمال کرین اور داخل و خارج دونون کے واسطے ترطیب مین مبالغہ کرین
الیضاً براے درازی و سیاہی مو عجیب و غریب ہے ترکیب مغز تخم شریفہ برگ کنار دونون مساوی پیس کے بقدر دو درم بالونکی جڑ و پر ملین
اور ایک پہر کے بعد نیم گرم پانی سے دھو ڈالین اور احتیاط کرین کہ اسکا پانی بالون مین نہ پہونچے تو عدیگر حجر البقر کو شراب کیساتھ موضع
موے برص و داء الثعلب و بجاے موے سفید ملین کالے بال نکلتے ہین مجرب ہے دوائی انبات شعر کرتی ہے یعنی بال اُگاتی ہے ترکیب
جمیع ادویہ مذکورہ داء الثعلب انبات شعر کرتی ہین اور روغن بیضہ بھی بال اگاتا ہے الیضاً براے رویانیدن مو مجرب ہے ترکیب بورہ
ارمنی و نوشادر کو جلا کے سرکہ کہنہ مین طلا کرین اور تین روز تک بشرط تکرار تین گھنٹہ تک ایکبار لگائین بال اگ آئین گے دوائی بال
اگانے مین نافع ہے ترکیب پہلے بال اُکھاڑ ڈالین یا نورہ سے گرا دین بعد اسکے مخدرات مانند بزر البنج و افیون و شوکران کا لیپ
کرین یا مسددات مسام سفیدہ و شب یا خون سنگ پشت یا بیضہ مورچہ یا خون زاغ کلان کا ضماد کرین الیضاً براے منع انبات
شعر سفید ہے ترکیب کندر یا افیون بزر البنج سرکہ مین پیس کے بال مونڈنے کے بعد طلا کرین دوائی علق شعر یعنی بال اُڑانے کی دوا

ترکیب آہک آب نارسیدہ دو جزو زرنیخ ایک جزو دونون برابر پیس کے پانی مین بھگو کے طلا کرین بعد ایک پہر کے دھو ڈالین **ایضاً** مانع انبات شعر
مجرب گیلانی **ترکیب** افیون سرکہ تند مین حل کر کے بال مونڈنے کے بعد طلا کرین **ایضاً** برائے منع شعر الطاکی سے منقول ہے **ترکیب** کبھی بال نہ اگنے کی
ضرورت پڑتی ہے اور یہ ہر دوائی مکثف سے ہوجاتا ہے مثل خون غوک و رغن غوک و روغن شبرہ و بیضہ مورچہ و زنج زرنیخ سرخ و اقلیمیا و سفید آب و تخم خشخاش
سرکہ مین وذیت ورزنبہ و بزر نوشادر کے ہمراہ اور ہر طلا بال مونڈنیکے بعد لگانا چاہیے خواص مین آیا ہے سر غیر کو کتیا کے دودھ مین بھگو لین جب غلیظ ہوجائے
موضع نتف شعر پر طلا کرین پہلے ہی مرتبہ روکدیگی **دوائی** معجد سوی **ترکیب** مرداسنگ دس درم مازو سبز آملہ برگ سرو کزمازج حلبہ ہر ایک پانچ درم مس کے
آب مورد مین طلا کرین **دوائی قمل و صیصان** جاننا چاہیے کہ قمل بفتح اول سپش کو کہتے ہین اور صیصان بضئبہ سپش کو سبب اسکا اجتماع فضول
ردی ہوتا ہے عمق جلد مین اور اسکی تعفن جسجگہ کہ قمل مستحیل ہوتا ہے مسام سے آتی ہے **ترکیب** نفتح کے بعد مسہل حار سے تنقیہ کرین آب نمک سے غسل کرین
ورگسد فلی و مویزج و قسط و مغز بادام تلخ سرکہ مین ملا کے طلا کرین **ایضاً** قمل کو مارتی ہے **ترکیب** نوشادر سرکہ مین حل کر کے طلا کرین اور ملین
بعد ایک ساعت کے نہا ڈالین **ایضاً** مجرب **ترکیب** زیبق ایکتولہ مرداسنگ چھ ماشہ پیس کے روغن یاسمین مین ملا کے بدن پر ملین اور گرم
پانی سے غسل کرین **دوائی** طلقیہ یہ وہ مرض ہے کہ ناخن مانند ابرک کے سفید و براق ہوجاتا ہے اور جلد ٹوٹ جاتا ہے نفتح کے بعد تنقیہ سودا کرین ما الجبن
دین روغن بادام شیرین یا بکری کی چربی ملین ہر نوع مرطبات کام مین لائین اگر ناخن پر سفید داغ مثل برص کے ظاہر ہو اسکو برص اظفار کہتے ہین
غری السمک اسمین عجیبہ چیز ہے اور بقول الطاکی علاج اسکا مثل برص ہوتا ہے اور اسکے واسطے مخصوص ضماد زرنیخ سرخ و زرفت حنا کے ساتھ ہے **دوائی** صفرت
اظفار یعنی ناخنونکی زردی سبب اسکا قلت خون و غلبہ صفرا ہوتا ہے **ترکیب** جرجیر و سرکہ کا ضماد کرین اور مسہل بارد سے تنقیہ صفرا کرین **دوائی** وجع اظفار
یعنی ناخنونکا درد **ترکیب** برگ مورد و برگ سرو کوٹ کے طلا کرین انار خام شراب مین پکا کے لیپ کرین **دوائی** تشقق اظفار یعنے ناخنونکا چٹکنا
سبب اسکا غلبہ یبوست و برودت ہوتا ہے اور اجتماع خلط سودا بدن مین **ترکیب** ادہان و شحوم و قیروطیات ملین و نخاع بز سعہ روغن کنجد تازہ
عجیب ہے اسیطرح سندروس مسحوق مقوم روغن بادام مین آگ پر بھی مجربات سے ہے اور باقی علاج اسکا علاج یہی ہے کہ جذام اظفار مین آئیگا پورے
طور پر ترطیب بدن کی کوشش کرین اغذیہ مولد خون صالح کھائین چربی مرغ و بط و کتان و حلبہ کا لیپ کرنا مفید ہے سرکہ ایک حصہ روغن کنجد دو
حصہ جوش کرین اور اسمین قدرے سریش ڈالدین کہ گھل جائے جب مثل مرہم کے ہوجائے طلا کرین مطبوخ علوبخان بھی اس بارہ مین نافع ہے **دوائی**
تقلخ و خارش اظفار **ترکیب** آب شور یا آب عنب الثعلب جو سرکہ مین جوش کیا ہو اس سے دھوئین اور زرفت و انجیر جدا جدا لیپ کرین **دوائی** جذام
اظفار و غلظ و اجتماع ناخن ہوتا ہے **ترکیب** تیلون اور مغز ساق گاؤ و قیروطی و مرہم داخلیون و شحم دجاج و بط و بز کے ملین اگر فائدہ نہو تو تنقیہ
سودا ماء الجبن النفع ہوتا ہے اور تشقق ناخن کیواسطے بھی یہی علاج ہے **دوائی** برائے درشتی و ناہمواری ناخن کیواسطے مفید ہے **ترکیب** زرنیخ و مویز
دونون کو باریک پیس کے طلا کرین **ایضاً** مبتلیس ناخن پر لیپ کرین پھر جب خشک آک جلائین اور ناخن کو اسکی دھونی دین **دوائی** قلع اظفار
یعنی ناخنونکا گرنا **ترکیب** اگر بسبب کثرت مرخیہ ہو فالج کا علاج کرین اگر بسبب حدت خون ہو اس قسم مین درد بہت ہوتا ہے پس داحس کا

علاج کریں ایضاً برائے قلع و تقصیع اظفار الطاکی سے ترکیب علاج اسکا فصد وغیرہ سے تنقیہ کرنا ہے اور وضعیات مصلح اطراف سے مثل موم زرفت و صمغ بلاذر
کے دوائی انجماد خون زیر ناخن ترکیب ہر روز چند مرتبہ اس ناخن کو بھس کریں اور آرد باقلا و سرطان نہری و زرنیخ سے طلا کریں اگر ناخن کچل گیا ہو برگ آس برگ انار
آرد گندم روغن گل میں ضماد کریں اگر کبڑہ نیل سے رنگ کے ناخن پر لپیٹیں اور چند مرتبہ اسپر پیشاب کریں بہت نافع ہے دوائی کثرت عرق اگر بسبیل دفع طبیعت ہو بحران کے
دن میں آتا ہے اگر بسبب امتلاء بدن الطعام سے ہو کثرت اکل و عرق آتا ہے بردہ معدہ میں اسکی دلیل ہے اگر اخلاط کے سبب سے امتلاء بدن ہو باوجود خلو معدہ و قلت اکل
عرق بہت آتا ہے اگر بسبب استلاء ضعف ماسکہ ہو اور انفتاح مسام ہو اسکی علامت فتور قوت و ضعف بدن ہے روز بروز اور اگر بہت حرکت و ریاضت و
حرارت کے سبب سے ہو علامت اسکی وجود سبب ہوگا ترکیب اگر باوجود پسینہ کے قوت قوی ہو حبس نہ کریں اور تنقیہ بدن کریں اگر ضعف عارض ہو
سفیدہ کاشغری روغن گل میں ملیں و گل ارمنی و رمان و گلنار و گلسرخ و مرداسنگ روغن و لعاب اسغول میں ملا کے بدن پر طلا مفید ہے احتباس عرق الطاکی
سے ترکیب قلت عرق تعفین و حمی و امتلاء و عسر حمیات واجب ہوتا ہے اور وہ یا بسبب غلظ خلط و غذا ہوتا ہے اور علامت اسکی امتلاء و ثقل ہوتی ہے یا بسبب
تکرج جلد مانند ٹھنڈ کے ہوتی ہے علامت اسکی اسکا حصول ہے علاج اسکا تنقیہ و استعمال مفتحات و حمام و تنقیہ حرکت ہوتا ہے بعد اسکے مرخی و مفتح چیز سے مثل
روغن بادام ماء الخیار و قصب الزریرہ و شیرز نان و اعتدال عرق مطلقاً ملطف و تخفیف ہوتی ہے شیرہ کو صاف کرتا ہے تعدیل اخلاط کریں پھر تعدیل عرق و صحیح
مقتضی کے طور پر واجب ہے اور جاننا چاہیے کہ مرد فضلات مثل حیض و بول کے ہوتے ہیں اور ادرار عرق کرنے میں وہ بیان کیے جا چکے دوائی عرق الدم یعنی بجائے
پسینہ کے صرف خون آتا ہے اور عرق دموی وہ ہے کہ پسینہ کیساتھ خون ملا ہوتا ہے سبب اسکا حدت و رقت خون ہوتی ہے صفرا مع ضعف قوت ماسکہ کے
ملنے سے ترکیب ہفت اندام کی فصد کے بعد شیرہ عناب با نخدانہ لعاب بہدانہ تین ماشہ شربت نیلوفر دو تولہ ملا کے پئیں اور ادویہ قابضہ جو زیادتی پسینہ کے
واسطے ذکر ہوئیں جسم پر ملیں اور آب لقم یعنی تنگ مٹی پر طلا مفید ہے اگر تنقیہ کیحاجت ہو مسہل بارد سے کریں دوائی تغیر رائحہ بغل و اربہ و بدبوئی عرق ترکیب
تفتیح کے بعد خلط متعفن کا تنقیہ کریں تسکین اخلاط تبرید و سکنجبین سے کریں ریاضت و تعب سے احتراز کریں بغل کو نیم گرم پانی سے دھوئیں شب یمانی گل
سوسن بالچھڑ صندل سفید مرداسنگ کوٹ چھان کے ملیں با مرداسنگ گلسرخ کافور گلاب میں پیس کے طلا کریں کہ تقرح موضع کیواسطے بھی نافع ہے
کہتے ہیں کہ ازالہ صنان کیواسطے نارجیل دریائی کا پینا مجرب ہے ایضاً پسینہ کی بدبو کو خوشبودار کرتی ہے قانون سے ترکیب صندل سفید جراء تہ
پوست ترنج مرزنجوش شاہ سفرم اشنہ برگ سوسن ہر ایک یا مجموعہ پیس کے حمام میں بدن پر ملیں اور زیر بغل چھڑکیں بعض نے لکھا ہے کہ پانی میں گولیان
بنائیں اور ایک یا اس سے کم پانی سے نگل جائیں ایضاً برائے بدبوئی بغل تجاقون سے ترکیب توتیا نمک کے پانی سے دھو کے خشک کر ڈالیں اور
گلاب و کافور میں رکھ کے کام میں لائیں دوسرے مقام پر لکھا ہے کہ توتیائے بصری گلاب یا گل میں رکھ کے تھوڑے کافور ملا کے خشک کریں اور کام
میں لائیں دوائی برائے انتفاخ و انگشتوں کی کھجلی میں معمول ہے ترکیب آب سرد سے دھوئیں سبوس گندم و برگ چقندر برگ کرنب و انجیر و عدس مغز و شلغم پانی میں
جوش کرکے اسمیں انگلیاں دھوئیں اور انجیر شراب میں پکا کے لیپ کریں دوائی مسمن ترکیب مغز بادام نشاستہ کتیرا شکر سفید مساوی
کوٹ چھان کے بقدر ایک تولہ کے کھائیں بعدہ شیر مادہ گاؤ کہ اسمیں ثعلب و نارجیل جوش کیا ہو پئیں ایضاً تسمین کیواسطے عجیب ہے

ترکیب کہربا بہمن سفید مغاث ندنباد وجوز گندم تخم خشخاش ہر ایک سات درم کوٹ چھان کے روغن گاؤ مین بریان کرین پست گندم بریان تینسو درم
پیس کے ملادین در روغن بادام وشکر سفید جس سے کہ مٹھاس آجاے اضافہ کرکے موافق مزاج استعمال کرین ایضاً مسمن بباحض اوستاد مرحوم ترکیب
مغز بادام مقشر مغز چلغوزہ خشخاش سفید حب السمنہ حبۃ الخضر اسساوی روغن گاو وشکر بقدر حاجت لبوب کو پیس کے گھی مین ملائین اور شکر کے قوام مین
ملادین اور قدرے صبح وشام کھاتے رہین کتاب موجزہ تحفہ مین مغز فندق مغز پستہ شہد انج بجاے خشخاش وحب السمنہ و روغن گاو مسطور ہے و بجاے
شکر عسل دوائی المسمن بن ترکیب اول ازالہ کرین بعدہ ادویہ و اغذیہ مسمنہ دین اور یہ دوا عجیب ہے تودری سفید وسرخ تخم خشخاش سفید مغز بادام
مغز چلغوزہ مغز حب السمنہ جملہ برابر باریک پیس کے قدرے روغن گاو ملاکے شکر سفید کا قوام بنائین اور آمیز کردین صبح وشام بقدر قوت کھائین اور
جو مرطب و مغلظ وجید الکیموس چیزین ہون غذا کرین ایضاً مسمن بدن تکملہ ہندی سے اسگند کنجد سیاہ مقشر ہر ایک برابر کوٹ کے شکر سرخ پیکے
برابر ملائین تھوڑی ادرک بھی ملائین اور دس درم تک روزانہ کھائین بدن بہت فربہ ہوجائیگا اور بعضے بجاے کنجد موصلی ملاتے ہین اور بدستور شکر کے
سفوف کرکے نو درم گاے کے دودھ مین کھاتے ہین دوائی مہزل ترکیب چاہیے کہ اسہال و ادرار و تقلیل غذا کرین اور روغن شبت و قسط ملین
اور اطریفلات دبون کموئی کھلائین بیاسا رکھین زمین پر سلائین لک مغسول ایکدرم سرکہ مین ناشتہ کرائین ایک ہفتہ تک بلکہ اس سے بھی زائد
بدن کو لاغر کرتا ہے ایضاً مہزل ترکیب نانخواہ بادیان زیرہ کرمانی سداب ہر ایک چار درم لک مغسول آٹھ درم مرزنجوش بورہ ارمنی ہر ایک
ایکدرم کوٹ چھان کے ہر روز ایک مثقال عرق زیرہ کرمانی مین پئین جسوقت بھی پیاس معلوم ہو ایضاً مہزل بدن ترکیب نانخواہ تخم سداب
زیرہ سیاہ مساوی اور یا مرزنجوش خشک بورہ ارمنی ہر ایک ربع جز لک مغسول نکجز و ہر روز بقدر ایک مثقال کے کھلائین و جوارش فلافلی و کمونی
و دواء الکرکم و سنجر نیا و امروسیا و اطریفل صغیر بھی مہزل ہے دوائی معمولی براے عضو کہ آگ تیز یا آب گرم و روغن گرم و گرمی آفتاب و بجلی کے اثر
سے جل جاے ترکیب سفیدہ تخم مرغ و سیاہی دوات ملین وگل ارمنی و سفیدہ کاشغری و مرداسنگ و خشا سرکہ اور پانی مین طلا کرین اگر بہت
جلا ہوا ور آبلے ہون بعد فصد و شگاف آبلہ سوئی سے مرہم سفیداب کافوری یا مرہم آہک یا مرہم رال یا مرہم خل رکھین ایضاً حرق نار و رفع سوزش
حرق مجرب ہے ترکیب چونہ کاسہ چینی مین رکھکے اسقدر پانی بھرین کہ چار چھ انگل اوپر آجاے اور دونونکو ملادین جب چونہ تہ نشین ہوجاے
پانیکو آہستگی سے ڈالین اور دوسرا پانی اوسی مقدار مین ملائین اور ایک یا دو گھنٹہ کے بعد بدستور پانی سے دھارین اسی طرح سات مرتبہ پانی
بدلین بعدہ کپڑہ مین اس چونہ کو لت کرین اور چپکادین لحظہ بلحظہ جراحت تازہ و کہنہ آگ سے جلا ہوا یا گرم پانی وغیرہ سے اور متعفن ہوگیا ہو
عجیب نافع ہے ایضاً حرق نار الفا کی سے ترکیب قاعدہ اس مرض مین تبرید محل و تخفیف زخم ہے خاصکر جبکہ جلنے کے بعد آبلے پڑ گئے ہون یعنی
پانی بھر گیا ہو اسکو عروق مین جذب کرتی ہے نہ یہ کہ پس اسیوقت شرط و امتصاص مادہ محاجم کے سوا چارہ نہین ہے اور اطبا کی مراد فصد سے
یہی ہے نہ کہ فصد اصلی جاننا چاہیے کہ اسمین بہت اطبا غلطی کرتے ہین بعدہ اگر علامات حرارت غالب ہون تبرید داخل مین واجب ہے
ورنہ ادویہ وضعیہ کافی ہوتی ہین اور جو حرق نار کے واسطے مخصوص ہے اُن مین سے مرہم محلول ہانیکے ساتھ ہے کہ قریب خاکستر جو ہر انڈے کی زردی مین

اور یہ حارث بن خلدہ کیطرف منسوب ہے اس سے زیادہ قوی آرد برنج سفیداب مین اور خاکستر ہاے ماکیان ہے پھر آملہ یہ قوی التجفیف ہے بلکہ استخوان قوی
ترین مجففات سے ہے اور یہ اُس سے قوی ترین ہے اور عام تمام قسم کے جلنے مین انواع طینونکی خصوصًا طین قیمولیا و مرہم سفیداب یا مرہم خل و مرہم توز کتیرا
و نشاستہ و لعاب اسبغول و کنوچہ و گلاب و آب کشنیز ہے اور مین اُس جگہ مطلق تبرید مناسب نہین سمجھتا بسبب اس احتمال کے کہ تکثیف سے محتبس ہوجاتا
ہے اور پھر فاسد ہوجاتا ہے لیکن پہلے تسکین سوزش کرتا ہون بعدہ جو منضج و مرخی مثل روغنونکے ہون استعمال کرتا ہون اگر دوائی کا اتفاق پڑتا ہے
اُسمین نضج و اخراج حرارت مع تسکین الم ہوتی ہے وہ نہایت نافع ہوتی ہے اسطرحکی دوائی مجھے میسر نہ ہوئی لیکن یہ دوائی جسے مین نے خود تالیف کیا ہے
عجیب مجرب پانی آب حی العالم تین اوقیہ روغن بنفشہ ایک اوقیہ و نیم و موم خام نیم اوقیہ روغن اور پانی کو پکا مین جب پانی جل جاے موم
ڈالین کہ ممزوج ہوجاے ٹھنڈا کرکے اُسپر اکلیدرم کافور محلول اور سفیدہ بیضہ ڈالین اور مخلوط کرکے رکھین دوائی جراحات دینے زخمونکی دوا
ترکیب اس محافظت کے بعد کہ کوئی چیز اُس تک نہ پہونچے اسطرح باندھین کہ اُسکے سرے ایک دوسرے سے ملے ہون اگر متصل نہ ہون ٹانکے
سی دین اگر جراحت غائر ہو کندر صبر انزروت زراوند دم الاخوین پیس کے چھڑکین اور اگر اُسمین میل ہو دوائے مذکورہ کو شہد مین ملا کے استعمال کرین
اور بخیہ کہنہ اُسمین رکھین و روغن لسان الکلب و مرہم روغن لسان الکلب و دیگر مراہم مدملہ سے کام لین اگر جراحت کیساتھ ورم و قطع عصب
و حرق و کسر عظم و الم و فساد گوشت و نزف الدم ہو پہلے ان مرضونکا علاج کرین پھر زخم کا علاج کرین اگر ورم ہو اور ورم مین دوا تحریر ہے اگر قطع
عصب ہو ہواے سرد و آب گرم سے بچائین اور دو تین دن تک اس عضو کو روغن زیتون گرم مین غرق رکھین تاکہ ورم ہونے سے محفوظ رہے
بعد اسکے روغن گل و روغن سورنجان تھوڑی فرفیون مین ملین اگر روغن زیت ہو دونون سے بہتر ہے اگر تشنج ہو عصب کو قطع کرادین اور
روغن سے داغ دین اگر رگ کٹ گئی ہو سرکہ و گلاب مین کپڑا بھگو کے زخم پر رکھین تاکہ خون بند ہوجاے گرد اگرد زخم کے مبردات قویہ ہمراہ
برگ حنا پیس کے اور کافور ملا کے لیپ کرین ایضًا براے جراحت مجربات حکیم علی سے منقول ہے ترکیب ٹنکار پیسوالین اور جراحت پر
چھڑکائین اور باہم کرکے باندھدین کہ سینے کی ضرورت نہ پڑے اور متصل ہوجاے خصوص کہ زخم تازہ ہو اگر اُسے بہت زمانہ گذر[illegible] ہو اور [illegible]
آتا ہو تو بھی استعمال کرین ورنہ زخم کو کھجلا کے کام مین لائین ایضًا برگ کیکر کو زیرہ سفید مین پیس کے جراحت کہ[illegible] باندھ[illegible] [illegible] اچھا
ہوجائیگا دوائی نافع براے جراحات بثور و ریشہا و حرق نار و زخمہاے آتشک بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب پوست انار سوختہ روغن
گاؤ مین کہ ایک سو ایک مرتبہ دھویا ہو ملا کر قدرے کافور پیس کے ڈالین اور خوب حل کرین اور زخم پر [illegible] ایضًا جراحت فرسنہ و ناسور
کے واسطے سودمند ہے اور جراحت تازہ کو خود بہت جلد ٹھیک کردیتی ہے اگر ورم پر لگیار ہے [illegible] تحلیل کرتی ہے یا پکا دیتی ہے ترکیب
صدف سوختہ خاکستر کرین سہاگہ بریان دونونکو گھی مین ملادین اور کام مین لائین آبجات کا حکم رکھتی ہے اور اندمال جراحت کیواسطے
اگر پوست درخت ببیل [illegible] آگ کے عوض کرین اور دونون دوائین ہر ایک ایکجزو لین و قصب نصف جزو اُسمین بڑھائین روغن
سرشف مین براے حیوانات اور روغن تنجدین براے انسان عمل مین لائین براے قروح و ناصیر و سعفہ مجرب ہے دوائی منسوب کو

وپیکان یعنی کانٹا وغیرہ گڑجانے کے واسطے ترکیب چاہیے کہ سوئی سے نکالڈالین ومرد کندر پیس کے اُسمین بھر دین اگر خار یا شیشہ اعضا مین پہونچ
گیا ہو آلہ سے نکالا نہ جا سکتا ہو چاہیے کہ اشق پیاز نرگس بیخ نے زرنت علک البطم و زرنیخ زرد و بعسل مین ملا کے طلا کرین اور کبھی برای اخراج پیکان
وبرای داغ دینے کے یا شق کرنے کے واسطے ضرورت پڑتی ہے اور بھی دوائی غشی و دوائی مخدر مانند شراب وافیون دوائی قروح مین معمول ہے ترکیب
اگر پھوڑا ہو سرکہ و شراب وماء العسل سے دھو مین پرانی روئی رنگ نگل مین بھگو کے اُسمین رکھین اگر بہت ہو ادویہ حالبہ و مراہم مدملہ سے علاج کرین اگر
قرحہ کا منہ تنگ ہو فتیلہ کے ذریعہ سے اُسمین مرہم پہونچائین ایضاً برای قروح عفنیہ وخبیثہ اعضا ردالحکیم علویخان سے ترکیب ہلیلجات ثمر دوبت
بلیلہ آملہ جعدہ برگ حنا ہر ایک ایکمثقال شراب مین بھگو دین ایک قہوہ خوری مین اُسے مع پر مرغ کے بھگوئین اور سنون احمر آلودہ کر کے زخم پر ملین اور لحہ بھر
ٹھہر جائین دوائی قرحہ عسر الاندمال یعنے جو دیر مین پکتا ہو اور بہت فساد کیے ہو پس اگر قلت خون سے ہو گا علامت اسکی لاغری و زردی بدن ہوتی ہے
وعدم دم و قلت حمرت قرحہ اور علاج اُسکا قرحہ کے گرد آہستہ آہستہ ہاتھ سے ملین بگرم پانی سے کپڑا تر کر کے تکمید کرین اغذیہ مولد خون کھلائین مرہم اسود
استعمال کرین اگر فساد خون سے ہو اُسکی علامت فساد لون ہے جیسا کہ تغیر مزاج جگر مین رنگ جسم کا سپید یا زرد ہو جاتا ہے بسبب برودت و حرارت جگر یا و تغیر
مزاج طحال مین مائل بسیاہی ہوتا ہے علاج اسکا فصد کھلوائین اصلاح مزاج سپرز و جگر کرین اگر بسبب سوء مزاج بدن و عضو متقرح ہو علامت اُسکی
حرارت سرخی و سوزش قرحہ ہے و شدت درد علامت برودت کدورت رنگ و عدم آثار حرارت و علامت رطوبت نرمی گوشت و حشفہ و کثرت زرداب
و رطوبت قرحہ علامت یبوست خشکی بدن و قرحہ وعدم ریم و چرک علاج اُسکا سوء مزاج حار مین فصد و استعمال بردات و مرہم سفیدآب کافوری رکھین
بارد مین تسخین مزاج کے لیے ماء اللحم حار دین مویز و انجیر کھلائین عصفور کی آب گرم سے تکمید کرین مرہم باسلیقون و مرہم اسود کام مین لائین رطب مین مسہل
گرم سے تنقیہ گوشتہای بریان مع مصالح حار کھلائین مرہم قوی التجفیف استعمال کرین یابس مین آب نیم گرم و روغن بنفشہ سے گرد قرحہ تکمید کرین اور اغذیہ
مرطبہ مثل حریرون و شوربون چرب و بیضہ نیمبرشت کے کھلائین ادویہ قلیل التجفیف مثل آرد حلبہ وآرد کرسنہ چربی مرغ و بط وغیرہ کی قرحہ پر رکھین اگر
اسکے سبب سے گوشت سخت ہو کر قرحہ کے کنارے یا اسکے اندر پایا جائے جو منہ پر قرحہ کے یا قریب ہوتا ہے دیکھنے سے اور جو گہرائی مین ہوتا ہے چھونے سے معلوم
ہوتا ہے علاج اُس گوشت کو چھیڑ دین اگر زیادہ غلیظ ہو آلہ سے قطع کر ڈالین اور اگر غور قرحہ مین ہو اور قطع کرنا دشوار ہو ادویہ حادہ مثل فلدفیون و دیگ بر دیگ
رکھین بعد اسکے فنا کرنیکو مراہم ملحمہ رکھین اگر اسکا سبب فساد استخوان ہو تو قرحہ بظاہر اچھا ہو جاتا ہے لیکن کچھ دنون کے بعد پھر عود کرتا ہے ریم نکلتی ہے صدید رقیق
و بدبو جاری ہوتا ہے اگر سبب اسکا بڑی رگ کی نزدیکی ہو کہ ہمیشہ قرحہ کو تر رکھتی ہو اور مندمل نہ ہونے دیتی ہو علاج اسکا فصد کھلوائین و مطبوخ افتیمون دین تعدیل
غذا کرین اور بعد فصد و اسہال رگ بزرگ کہ قرحہ پر ہو اسے بھی چھیڑین اگر سبب اسکا مراہم مستعملہ سے عدم موافقت قروح ہو مزاج قرحہ سے مثلاً زیادتی کی
گئی ہو گرمی مین اور علامت اُسکی یہ ہے کہ ادویہ کے استعمال سے حمرت والتہاب ورم کا زیادہ ہو جائے اس صورت مین جو دوائین دی جاتی ہون دین اور سرد
مراہم کام مین لائین یا سردی کی زیادتی ہو اور نشان اسکا قرحہ کا میلان ہے کبودی و سیاہی و سختی پس چاہیے کہ مراہم اسود استعمال کرین یا کوئی قرحہ ہو گیا ہو علاج مین
جلدی کی ہو جیسا کہ چاہیے علامت اُسکی یہ ہے کہ قرحہ پر سیل ہوتا ہے گوشت نرم و مترہل اسکیلیے ادویہ قویہ مثل مرہم اخضر کہ زنگار و عسل و بلسندان کے جز و سے تیار کیے

لگتے ہون لگائین یا جیسی تخفیف ہوتی چاہیے نہ ہوئی ہو نشان اسکا یہ ہے کہ قرحہ رطب مترہل و کثیر الصدید ہوتا ہے اسجگہ مراہم مدملہ قوی القبض کہ گلنار و مازو سے
بنے ہون کام مین لائین یا کوئی ایسی چیز استعمال کیگئی ہو کہ لذع و حدت جلد گوشت کو گھلا کے فانی کردے اور بندھنے نہ پاے اور نشان ذوبان گوشت وہ ہے
کہ وجع و ورم و جراحت بیشتر ہوتا ہے اور قرحہ روزانہ وسیع ہوتا جاتا ہے اور کوئی شی رقیق و سرخ اُس سے جاری ہوتی ہے پس ایسے وقت مین چاہیے کہ مراہم نرم
جنمین ذرا حدت و لذع نہ ہو استعمال کرین اگر سبب اسکا امتلاء بدن ہو مادہ سے کہ وہ قرحہ پر ٹپکتا ہو اور مندمل نہ ہونے دیتا ہو آثار اُسکے غلبہ خلط و کثرت رطوبت
قرحہ مین و سیلان قرحہ سے معلوم ہو سکتے ہین تنقیہ بدن کرین و تلطیف غذا کرین بعدہ ادویہ قوی التجفیف سے قرحہ کا معالجہ کرین دوائی قرحہ ساعیہ وہ
قرحہ ہوتا ہے غیر مجتمع کہ رطوبت زرد و آب ریم اُس سے رستی ہے اور یہ رطوبت جبکہ جلد و گوشت صحیح پر پڑتی ہے اسکو بھی فاسد کر دیتی ہے تپ لازم ہوتی ہے اور
خفقان بھی ہو جاتا ہے ترکیب فصد کھلوائین و تبرید لعاب بہدانہ شیرہ عناب شربت نیلوفر کی دین اور نضج کے بعد مسہل بارد سے تنقیہ کرین پھر زرور احمر
چند بار طلا کرین تاکہ اسکی حدت مین سکون ہو اور حوالی مین اسکا فساد سرایت نہ کرے بعد اسکے توتیا و مرداسنگ و کاغذ سوختہ و اقلیمیا نقرہ و تراب نحاس [illegible]
نرم کرکے سرکہ و شراب مین ملا کے طلا کرین غذا آشجو وغیرہ و سماق و زرشک و اسفاناخ معہ گوشت مرغ و بزغالہ کے بنائین دوائی قرحہ آکلہ کہ فارسی مین خورہ کہتے
ہین یہ عبارت ہے فساد و تعفن سے کہ اعضا مین ہو جاتا ہے اس سبب سے کہ روح حیوانی کو فاسد کر دیتی ہے یا اُسکے پہونچنے سے عضو کو مانع ہوتی ہے اور بعض اورام
خبیثہ و قروح ردیہ ساعیہ خبیث المادہ اس قبیل سے ہین کہ بسبب سمیت مادہ جوہر روح کے اندر فساد و احتراق پیدا کر دیتے ہین اور جگہ کو متعفن کر دیتے
ہین اور بہت ہوتا ہے کہ یہ امراض فلغمونی کبیر الحجم سے دو قرحہ و بثرہ کہ رنگ اسکا سیاہ یا سبز ہوتا ہے حادث ہوتا ہے اور اپنی سمیت سے اطراف کو فاسد کر دیتا ہے
بالجملہ آکلہ کا خاصہ ہے کہ سرعت سے بڑھتا ہے اور اپنے گرد کے گوشت کو کھا جاتا ہے چنانچہ کہتے ہین کہ اگر صبح کو کسی عضو مین پیدا ہو شام تک پیسہ کے
برابر بڑھ جاتا ہے اور اس عضو کے گوشت کو کھا جاتا ہے ترکیب ابتدا مین کہ عضو کی رونق اڑنے لگے اور اسطرح رنگ متغیر ہو جاے کسی ایسی چیز
مین کہ عضو کو تعفن و فساد سے روکین مثل گل ارمنی اور گل سرخ و اقاقیا و گل مختوم و فوفل و صندل کا لیپ لگائین اگر فائدہ نہو فصد کھلوائین
جونکین لگوائین نشتر دین و آرد کرسنہ سکنجبین مین ملا کے لیپ کرین اور تنقیہ سوداے محترقہ کرین اور جبکہ لہیب ہو آس و کافور مسحوق سرکہ مین
یا مسکہ آب کشنیز مین رکھین لیکن تنقیہ کے بعد اور زیادتی نہ کرین کہ اس سے احتباس مادہ خبیثہ کا خوف ہوتا ہے و طلاء مرداسنگ و صبر روغن گاو
مین بھی آکلہ کے واسطے مجرب ہے اسیطرح ذرور سنجالہ اور طلاے لاجورد بعد غسل قرحہ سرکہ مین مجرب ہے اسیطرح پوست پیاز و شعر دونون جلا کے
کافور مین اسیطرح پوست کدو سوختہ مجرب ہے و عظم انسان کہنہ آکلہ کو روک دیتا ہے اور مجرب ہے جبکہ عفونت پیدا ہو جاے بغیر اُس عضو کے
قطع کیے ہوے چارہ نہین ہوتا اور ہوتا ہے کہ قطع ہونے سے پہلے ادویہ حادہ روغن کنجد گرم کرکے یا لوہے سے تقبہ کرکے نفس علت کو داغ دیتے
ہین اور قرحہ و فساد سے باز رہتا ہے قطع عضو کی ضرورت نہین پڑتی دوائی ناصور قرحہ کہنہ کہ مندمل نہین ہوتا ہے اور ہمیشہ اس سے رطوبت
نکلتی رہتی ہے اور کبھی خشک ہو جاتا ہے اور منہ اسکا بند ہو جاتا ہے پھر وہ پیدا ہو جاتا ہے اور رطوبت اُس سے نکلنے لگتی ہے جاننا چاہیے کہ جو ناصور
استخوان تک سرایت کر جاتا ہے علامت اسکی یہ ہے کہ جب اسکے اندر سلائی ڈالی جاتی ہے سختی معلوم ہوتی ہے اور جو رطوبت خارج ہوتی رہتی ہے

رقیق و مائل بزردی ہوتی ہے اور جو عصب تک پہونچتا ہے اسکا نشان یہ ہے کہ جب سلائی ڈالتے ہین شدید درد ہوتا ہے اور نکلنے والی رطوبت سفید ہوتی ہے اور جو رگ تک
پہونچتا ہے علامت اسکی یہ ہے کہ خون گرم رقیق اشقر بہتا ہے اور جو گوشت مین ہوتا ہے اسکی علامت یہ ہے کہ رطوبت لزج گدلی سرخ رنگ بہتی ہے اور فرق ان مین
کہ ایک ناصور ہوتا ہے اور بھائی اسکے متعدد ہوتی ہین اور جو ہر ناصور علیحدہ ہوتا ہے یہ ہے کہ اگر رطوبت افواہ سے متعدد متفق اللون نکلے جاننا چاہیے
کہ ناصور واحد ہوتا ہے اور کئی جگہون پر منہ کرتا ہے اگر رطوبت مختلف اللون ہو مثلاً ایک جگہ زرد دوسری جگہ سفید نکلے تو جاننا چاہیے کہ ہر ناصور
جدا ہے اور ہر ایک کی اصل علیحدہ ہے ترکیب پنبہ کہنہ شراب مین تر کرین اور شیاف غریب مین ملائین اور اسمین گلاب خاکستر چوب انگور سے دھوئین
یا دریا کے پانی اور صابون کے پانی سے اور زرنیخ و نوشادر سے دھوئین دوائی غرب عمل مین لائین بیخ سوسن پانی مین گھس کے ناصور پر رکھین
اُسے مندمل کرتی ہے اگر مفید نہ ہو شگاف دیکر فاسد گوشت نکالڈالین لوہے یا ادویہ اکالہ سے نافع دین دوائی اکوتہ ذکائی سے ترکیب کچلہ
سوختہ زردچوب سوختہ باجی سوختہ ہر ایک ایکدرم رال حنا کتھہ پاڑیہ سہاگہ بریان ایلوہ پھٹکری بریان ہر ایک نصف درم دال مسور سوختہ تین درم
فلفل گرد سوختہ ربع درم یعنے ساڑھے تین ماشہ جملہ باریک کرکے روغن سرشف مین ملائین پھر ڈھاک کا پتہ لائین اور گرم کرکے پشت کی طرف سے
اکوتہ پر باندھ دین صبح کے وقت اور آٹھ گھڑی کے بعد کھولڈالین پھر ڈھاک کا پتہ باندھین اور تین دن کے بعد روغن مذکو استعمال کرین دوائی ضربہ و
سقطہ ترکیب اگر اسمین تفرق اتصال و نزف الدم وغیرہ نہ ہو فصد جانب مخالف کی کھلوائین حجامت کرین اور مخاث وگل ارمنی اقاقیا ورگ
سرو وصبر و بنو ماش مقشر کوٹ چھان کے آب مورد مین ضماد کرین اور اگر درد کے سبب سے ورم و تپ گرم آنے لگے فصد کے بعد ایک ماشہ سے نیم درم تک
مومیائی گرم پانی مین کھائین اور ریوند چینی و فوۃ الصبغ وگل مختوم و لک مغسول ہمراہ آب نخود کھائین اور گاؤزبان شربت سیب کے ساتھ اور قند آب
عرق گاؤزبان نافع ہوتا ہے و برگ گلسرخ وعدس مقشر گل ارمنی مامیثا صندل فوفل کوٹ چھان کے روغن گل مین ملا کے ضماد کرین و بنو ماش و آرد نخود و
عدس وزردی بیضہ نیمبرشت کی غذا دین اور گوشت و شراب سے پرہیز کرین لیکن جبکہ ضعف ہو اسوقت شوربائے جوزہ مرغ بنو ماش سے مناسب
ہوتا ہے اگر ضربہ و سقطہ سر کو پہونچ جائے بعد فصد کے تنقیہ صفرا کرین سرکہ و گلاب و روغن گل سر پر طلین و برگ مورد و گلنار و پوست انار سرکہ
و گلاب مین جوش کرین اور قدرے مشک و عود کا طلا کرین اور اگر بسبب ضربہ نفث الدم حادث ہو علاج نفث الدم کا کرین و روغن بیدا
تالیف حکیم علی برائے ضربہ و سقطہ و اندمال جراحت بے نظیر ہے آیضاً حکیم ممدوح نے شرح قانون مین لکھا ہے کہ علاج ضربہ و سقطہ مین
چار باتین واجب ہوتی ہین اول تو یہ کہ امالہ مادہ اُسکے دوسری طرف کرین یا باستفراغ یا فصد و حجامت باشرط اور تلیین طبیعت حقنہ
لینے سے یا مسہل کی دوا پینے سے یا بغیر استفراغ مثل محاجم بغیر شرط اور دوسرے استعمال ایسی چیز کا کہ تسکین سوء مزاج کرتی ہو تیسرے
یہ کہ تخفیف غذا کرین گوشت سے پرہیز کرین مگر خوف ضعف کی ضرورت مین نیز میٹھی شراب سے پرہیز کرین تاکہ ورم نہ پیدا ہو جائے چوتھے
یہ کہ مادہ مستقیمہ عضو مین خارج کرین جونکین لگا کے یا محللات کے استعمال سے اگر قبض طبع ہو تلیین ماء الفواکہ و خیار شنبر سے کرین
اگر اسجگہ حرارت والتہاب ہو ہر روز چار اوقیہ ماء البقول سے مثل کاسنی و عنب الثعلب و کاکنج یا پنجدرم خیار شنبر کے ہمراہ اور صبر و زعفران

دو دانگ سے اور اگر حرارت شدید ہو آب عنب الثعلب و خیار شنبر پر اقتصار کرین غذا آشجو و مزورہ ماش و برنج دیکھو و عدس و اسفاناخ و چقندر و کدو و روغن بادام مین
کرین ایضاً براے ضربہ مجرب ہے حکیم علی کا ترکیب حناے سحوق کو مع روغن کے آگ پر گرم کر کے ملین کہ مثل مرہم کے ہوجاے اور گرم گرم چوٹ پر باندھ دین کہ ورم
ہر طرف ہوجاے ایضاً براے ضربہ و خون کا جم جانا ترکیب پھٹکری ایک ماشہ کوٹ کے روغن زرد بقدر چار فلوس ڈال اور بریان کرے کہ پھٹکری روغن کی تہ مین
منجمد ہوجاے روغن پر کا نکال کے سیدہ و شکر ملا کے حلوہ بنائین اور کھائین منجملہ حلواے مذکور ایک گولی باندھ کے اسمین مذکورہ پھٹکری رکھ کے کھائین اور سطح
تین روز عمل کرین کہ مومیائی سے بہتر ہے ایضاً براے ضربہ و سقطہ رحیمی مجربات والد مرحوم سے ہے ترکیب کھلیہ کو پتھر پر پانی مین پیسین اور کٹورہ کے کنارہ کو
گھسائین اور اسکے برابر ایلوہ پیس کے ملا کے آگ پر چڑھائین جب مثل حریرہ کے ہوجاے تھوڑا سرکہ ملا کے نیم گرم طلا کرین ایضاً مجربات حکیم علی سے ترکیب
ریوند چینی حنا خطمی زرد چوب نرم پیسین کہ مثل غبار کے ہوجاے جب عضو پر صدمہ پہونچا ہو باندھ دین بہت نافع ہے اگر جراحت رطبہ پر باندھین جلد خشک
کرین دوائی کہ مضروب تازیانہ کیواسطے نافع ہے ترکیب چاہیے کہ اعضا کو آہستگی سے ملین اور پارچہ کتان کو گلاب و آب سرد مین تر کر کے رکھین اور مرہم
سفیداب ملین اور بہتر یہ ہے کہ پوست گوسفند جسوقت نکالی گئی ہو گرم کر کے موضع ضربہ پر رکھین دوائی کسر یعنے استخوان ٹوٹ جانا ترکیب اول اس عضو
کو ملائمت سے کھینچین اور استخوان کو برابر کرین اور موضع کسر کو عصابہ اوپر رکھ کے باندھ دین اور دوسرے عصابہ سے موضع کسر کو اوسکے آخر تک باندھین
اسکے اوپر جبائر باندھین (تختیان) بعد اسکے فصد و اسہال کرین اور شوربائے مرغ دین ایک مثقال گل ارمنی و نیم مثقال مومیائی جلاب شکر کے ہمراہ دین
اور عصابہ کو تین روز تک نہ کھولین لیکن اگر اسکے باندھنے سے درد شدید اور خارش پیدا ہوجاے کھولدین اور گرم پانی کا اوسپر تریڑا مارین بعد ایک ساعت
کے پھر عصابہ کو گلاب و سرکہ و روغن گل مین تر کر کے باندھ دین اور عدس و مغاث و گل ارمنی و اقاقیا آب مورد مین ضماد کرین اور غذاے لزج مانند حریسہ و
پاچہ و انڈا کھائین اور اگر ورم بھی ہو صندل و آب کشنیز سبز و آب کاسنی سبز و طلاے زرد کا طلا کرین اگر خون جاری ہو دم الاخوین و کندر پیسکے اوسپر چھڑکین
اور صبر و کندر و اقاقیا و دم الاخوین چھڑکین اگر کسر کے ساتھ درد بھی ہوجاے تو تسکین درد کیواسطے جو جراحت مذکور کے واسطے ہو کرین اور تعقد و صلابت کہ بعد
انجبار استخوان ہو اگر تازہ ہو قطعہ سرب اسپر رکھ کے مضبوط عصابہ باندھین اگر کہنہ ہو امخاخ و شحوم و اوہان قیروطیات سے ملائم کرین ایضاً براے کسر عظم
انطاکی سے ترکیب اگر کوئی جراحت نہو عضو پر زفت و موم و صمغ عربی و اقاقیا و کرسنہ کا لصوق کرین بعد اسکے مزاج پر نظر کرین اور ازالہ اخلاط حادہ
مانع جبر سے فصد کھلوا اور مسہل دیکے کرین لیکن فصد شرط محاذات پر جانب صحیح مین کرین اگر اس عظم جراحت سے بسبب خروج خون بکثرت رہ گیا ہو اور اگر خون
جبر طول کرے حتے کہ خون متغیر ہوجاے مکرر فصد جائز ہوگی تا کہ خون کو جلا ہو اور صحیح ہوجائے اور بعضے حذاق اس فن کے جاننے والے مثل زفت و کرسنہ و مغاث
کا لصوق اور مولد خون چیزون کا کھانا اور قوت بڑھانا یا قبل دس روز کے منع کرتے ہین اور کہتے ہین کہ یہ بعد اسکے عمل مین لائین کہ وہ وقت انعقاد ہے اور
یہ سب کسر رسادن سے ہے اور ظالم خواست ہمراہ ہواے اسکے جو باقی رہتا ہی پس اگر ورم یا جراحت ہو انکا جیسا بیان ہوا ہے علاج کرین دوائی خلع یعنی
اوترن ترکیب خلع مفصل مین ملائمت کیساتھ اسکی جگہ پر لائین بعد تسکین درد کے ورم کا ازالہ کرین اور تمام عضو کو آہستگی سے ملین اور برگ مورد و مغاث
و خطمی کوٹ کرین اور زردی بیضہ مرغ سے طلا کرین اور اگر اسکے ساتھ ورم ہو فصد کھلوائین اور جو ضماد کہ ضربہ مین گذرا اسکا طلا کرین ایضاً مرغ کی اصلاح

کرتی ہو ترکیب گرم پانی خوب سا عضو ماؤف پر دھارین اور گل ارمنی سپیدی بیضۂ مرغ مین ملا کے لیپ کرین اور آگ سے عضو کو گرم کرین جب دوا میل خشکی کیطرف
کرے اور مفتاح مین دونون دوا مین گیرو اور راتڈ امر قوم ہے اور ضماد سند و چوب جو گھسکر انڈے مین ملا کے نیمگرم کرین اور اُسکے اوپر پان گرم کرکے باندھنا بھی معمول ہے
ایضاً درد ضربہ کہنہ مین نہایت سودمند ہو ترکیب مغز تخم بید انجیر مالکنگنی آمبہ ہلدی کنجد سیاہ جزنی گردہ بز کوٹ کے پوٹلی بنا کے گرم کرین اور جابجا ٹکنے تک
تکمید کرین پھر کل اجزا کو نیمگرم باندھ دین اور تین روز کے بعد کھولین اور تجدید کرین ایام تابستان مین ہر روز بدلنا چاہیے دوائی اعیاء یعنے ماندگی کہ تھکن
ریاضت یا پیدل چلنے سے عارض ہوتی ہے اور اعضا اکڑ جاتے ہین کہ حرکت دشواری کے ساتھ کیجا سکتی ہے ترکیب ازالۂ سبب کرین اور چاہیے کہ
اپنے بدن کو مشت و مال کرین اور عضلات پر کو روغن گل یا روغن بابونہ یا روغن شبت سے ملین اگر تابستان ہو ٹھنڈے پانی مین اگر زمستان ہو گرم پانی
مین بیٹھین اور روغن حنا ملین کہ بڑا الوقت ہے اور جبکہ بسبب غلبۂ مادۂ خون یا بلغم اعیاء واقع ہو سبب اسکا سیلان رطوبت ہے بسوے مفاصل اور اوسکا
انصباب عضلات پر اور فرق اس نوع اور مرض مفاصل مین ضربان و خلش کا نہ ہونے سے نکالا جا سکتا ہے پس اگر تپ کے ساتھ ہو دموی ہے ورنہ بلغمی اور دموی کا
علاج تنقیہ فصد و مسہل سے کرین جسطرح وجع مفاصل دموی مین گذرا اور تدہین روغن بنفشہ و روغن گل و روغن نیلوفر سے اہتمام آب سرد سے یا حمین بارد سونگھنا
اور غذا عدس و کاہو وغیرہ کرین اور بلغمی مین تخم شبت و تخم ترب و عسل و بورۂ ارمنی و آب گرم سے قے کرین اور بدستور وجع مفاصل بلغمی کا تنقیہ کرین اور انتہا قلالہ
اغذیہ و بیدتو بل حارہ سے کرین اور استعمال ادہان مسخنہ مانند روغن قسط و روغن بابونہ کے کرین اور استعمال روغن زرد سے دونون اقسام مین احتراز کرین اور اعیاء استفرغی
تقویت سے کرین دوائی دافع جمیع سموم مشروبہ ترکیب اگر وہ مشہور زہر نہ ہو یا مریض اُسکا اظہار نہ کرے اس صورت مین تدبیر کلی اسکی یہ ہے کہ ذرا سے
احساس کیوقت فی الفور آب نیمگرم و روغن کنجد سے مکرر قے کرائین بعد اسکے شیر گاؤ و روغن پلائین اور اگر روغن و شیر سے قے ہو جاے تو بھی نسبتے اور کئی دن تک
منع کرین پس اگر سم گرم ہوگا گرمی شکم و خشکی دہن سے معلوم ہو جائیگا اس صورت مین لعاب اسبغول و شیر مادہ و دوغ گاؤ و روغن بادام و صندل و گلاب و آب
سند وانا و دانہ جسقدر کہ ہو سکے پلادین اسیطرح قرص کافور و مفرح بارد شیحو پلائین اور جوالی جگر پر لخلخہ بارد کا ضماد کرین اور گلاب و صندل سے کپڑا تر کرکے سینہ پر
لگائین اگر سم بارد ہو تو یہ بھی حس اعضا و سردی بدن و عرق سرد و ثقل اعضا سے معلوم ہو جائیگا اس صورت مین بھی بمجرد ان عوارض کے قے کرائین اور شراب
کہنہ و مثرودیطوس و تریاق اربعہ و تریاق فاروق و دوا المسک حار و مفرح حار و پیاز و سیر و جدوار و جنطیانا و مینگ اور مانند اسکے دینا چاہیے
جس عضو پر زہر کا اثر زیادہ ہو اُس عضو کی اصلاح زیادہ کرین مثلاً اگر ضرر کا اثر جگر پر محسوس ہو ادویہ مدرہ سے کام لین اگر معدہ مین ہو مسہل گرم
دین وعلی ہذا القیاس شوربا مرغ کھلائین و روغن یاسمین و روغن نرگس و روغن گل وغیرہ کا دل و جگر پر لیپ لگائین ایضاً اطلاکی سے
ترکیب جس زہر سے لذع و حرقت پیدا ہو جاوے اسکے علاج مین دہنیات و شیرین ولزج کی زیادتی کرین اور اگر حرارت و ظلمت و سدر و حکہ
وطیش و اختلاط پیدا کرے حار ہو اُسمین مثل البیہ گل ارمنی و کافور زیادہ کردین اور اگر سبات و ثقل حادث کرے بارد ہو اُسمین دوائی حار مثل بو اور حلتیت
کہ اُسمین حلتیت کل ادویہ کے برابر ملی ہو اور مانند شراب و سیر کے موثر ہے بالجملہ ہر سم کے علاج مین واجب ہو کہ اولاً ابتدا قے سے کرین مطبوخ شبت
و ترب و بورق و روغن کنجد و روغن گاؤ و شیر و عسل کل مجموعہ سے یا جو ممکن ہون یہانتک کہ تنقیہ ہو جاے بعد اسکے مقویات قلبیہ وغیرہ دا ہباے

یا انکی چیونٹے ہون اور ربوب و روغنیات دین اور زراوند مع تخم ترنج مجرب ہے بعدہ اگر تحمل کی قوت ہو فصد کھلوائین جارین ورنہ تمیین پر اقتصار کرین اگر کچھ شدت
سے ہو جو اسے خارج کرے مثل قثاء الحمار کے دین غرضکہ قے نافع ترین علاج ہے بعدہ اگر سموم دودھ یا روغن مین دیے گئے ہون اسکے لیے یہ دوا مخصوص کی گئی ہے
سونٹھ زہرہ آہو زہر ہر ایک دو درم زہرہ خروس ڈیڑھ درم شراب کہنہ شیر دختران ہر ایک دو اوقیہ باہم ملا کے تین درم کھائین اگر مٹھاس مین ملایا گیا ہو زیادتی
قے کی اور فادزہر و تریاق الطین کثرت سے چاہیے اگر ترشی مین دیا ہو حفظ عصب کی کوشش کرین جس شخص کو ترشی مین زہر دیدیا جاتا ہے وہ نسل اور باہ سے
معطل ہو جاتا ہے اگر سموم خارجی طور پر دیے جائین تو اطلیہ پر توجہ کرنی چاہیے جو اسکے لیے مخصوص ہین اگر زہر استنجا کے ذریعہ سے مستعمل ہوا ہو حمول گل علیق
و بازنگ مساوی معہ نصف اُس کے اور چھٹوان حصہ کندر و نبیذ و روغن گل زیادہ کرین دبرائے سم شموم استنشاق روغن گل و بنفشہ و ماء بنات خشخاش
کا کرین اگر بطریق کحل استعمال ہوا ہو اکتحال مر و کندر معہ چوتھوان حصہ ان دونون کا کافور اور آٹھوان حصہ مشک کا اسیطرح میعہ سائلہ آب لبلاب یا آب
برگ زیتون مین دوائی دافع جمیع سموم ملدوغہ ترکیب چاہیے کہ اسیوقت قدرے جائے گزیدہ سے اوپر سخت بندش کرین کہ نفوذ سمیت
کو مانع ہو اور اگر ممکن ہو قطع عضو کرین یا داغ دین یا حجامت یا شرط کرین یا جونکین لگوائین چاہیے کہ محل زخم کو دبائین بعد اسکے کہ ادویہ تریاقیہ
مضغ کیے گئے ہون یا سرکہ و روغن گل سے مضمضہ کیا گیا ہو یا محجمہ سے دبائین اور یہی بہتر ہے مریض کو ناشتا نہ کرائین زخم مندمل نہ ہونے دین مرغ
بریان الیا گرم پھاڑین کہ موضع زخم پر باندھ دین جذب سم کرتا ہے اور یہ جذابہ سم مثل بیخال کبوتر چوب انجیر و سرگین بز و ثوم و پیاز و گوگرد ہمراہ سرکہ
و عسل ملا کے لیپ لگائین مہرہ مار اس بارہ مین قوی ہوتا ہے کہ موضع گزیدہ مار پر رکھتے ہین تو چپک جاتا ہے جسوقت جدا ہوتا ہے دودھ مین
ڈالدیتے ہین تاکہ دودھ کو جاذب اور تکرار عمل کرتے ہین جبکہ تمام سم جذب کرلیا جاتا ہے دوسری بار چپک جاتا ہے اور زہر کو جذب کرتے وقت اسکا رنگ مبدل ہوجاتا ہے
جب دودھ مین ڈالدیتے ہین تو بحال ہوجاتا ہے اور جو جمیع اقسام سم مین بالخاصیت نافع ہے فادزہر و نارجیل دریائی و جدوار و تریاق فاروق و تریاق طین
مختوم و شرودیطوس ہے اور علامت جودت تریاق دہ ہے کہ نصف درم مرغ کے کھانے کو دیتے ہین اور سانپ یا کوئی دوسرا گزندہ اسپر مسلط کرتے ہین
اگر مرغ نہ مرے تو تریاق اچھا اور قوی ہے اسیطرح تریاق فاروق و شرودیطوس کے اجزا کا بہم پہنچنا دشوار ہے مگر جو لوگ اطراف سے لاتے ہین وہ بھی فائدہ
کرتا ہے سانپ اور کتے کے کاٹنے مین تریاق فاروق کی خوراک ایک مثقال ہے بچھو کے کاٹنے مین نصف درم زنبور مین ڈیڑھ دانگ سرکہ کے ساتھ اور قدر شربت
شرودیطوس تریاق فاروق سے کسیقدر زیادہ ہے اور فصد کھلوانا جب تک کہ زہر بدن مین منتشر نہ ہوگیا ہو جائز نہین ہے اگر غشی طاری ہو غشی کا علاج کرین
اور مفرحات یاقوتی سے اعضاے رئیسہ کی تقویت کرین دوائی مدفع سم افیون و ناتورہ و دیگر ادویہ مخدرہ ترکیب آب شبت و ترب و عسل و نمک سے
قے کرین پھر شیر و روغن پلائین اور جس پانی مین تانبے کے پیسے جوش کیے ہوئے ہون کھیان ڈالدین تو قے آسانی سے ہوگی اور اگر اکلیل الملک و بیخ بید انجیر کی پانی
مین جوش کر کے پئین افیون کے زہر کے ضرر کو دور کرتی ہے اور قے بھی لاتی ہے اسیطرح فادزہر کا فائدہ عظیم ہے پھر شراب کہنہ جسمین جند بیدستر و دارچینی پڑی ہو مفید
ہوتی ہے اگر اسے تھوڑا تھوڑا افیون کھانے والے کے حلق مین ٹپکائین اگر بیہوش ہوگا تو ہوش آجائیگا ایضاً دافع زہر افیون انطاکی سے ترکیب دارچینی
سداب و مر و عسل و روغن گل و شراب کہنہ روغن کا ذہن مین قے کرنے سے شبت ہی کے مخصوص ہے جند بیدستر مین سے ایک قہوہ خوری پئین کہ استفراغ

ہوجاے روغن گاؤ ومسکہ وشیر تازہ مصلحات مضار افیون ہو ایضاً مجرب ترکیب مغز پنبہ دانہ دو تولہ پوست درخت بید انجیر دو تولہ ڈیڑھ پاؤ پانی مین جوش کرکے اور چھان کے انگوزہ جند بیدستر ہر ایک دو رتی پیس کے ملائین اور پلادین ایضاً جس مقدار مین افیون کھائی گئی ہو اسی مقدار مین جند بیدستر سونگھنا براے رفع سمیت افیون مجرب ہو اور الکید الگ غیر محل معلوم مین ہو ہری دوب کا شیرہ نکال کے پینا مجربات حکیم علی سے ہو دوائی نافع سمیت دھتورہ ترکیب اگر بیخ دھتورہ یا برگ دھتورہ یا گل دھتورہ یا تخم دھتورہ کھایا گیا ہو مطابق اسکے بیخ پنبہ بجاے بیخ و برگ بجاے برگ و تخم بجاے تخم و گل بجاے گل پانی مین بھگو کے ایک کاسہ کی مقدار مین دینا چاہیئے کہ درخت پنبہ فادزہر درخت دھتورہ ہو دوائی دافع سمیت اسغول کوفتہ ترکیب آب نیمگرم مطبوخ شبت وشہد ونمک وبورہ ارمنی سے قے کرائین پھر زیرہ شت انڈا نمک سیاہ مرچ سے کھائین اور شراب صرف پیین اور سہینگ وشراب المنتین بھی مفید ہو غذا شوربا ے چرب کھلائین دوائی دافع زہر سم الفار وشنگرف وزیبق مصعد ترکیب اول طبیخ شبت وشراب وعسل وبورہ ارمنی سے قے کرائین اور جو دوائی سموم مشروبہ حار مین مسطور ہوا اسپر عمل کرین اگر سحج عارض ہو سفوف طین روغن گل وشیر گاؤ مین داخ کرکے کھلائین غذا شیر و برنج یا فیرنی یا شوربا ے مرغالہ روٹی کیساتھ دین ہمیشہ پٹھا کھانا سمیت زیبق مصعد کیواسطے نافع ہو ایضاً براے دفع سم الفار فوراً فائدہ کرتی ہو ترکیب کتھ دو تین تولہ پانی مین شیرہ نکال کے پلائین بعد چار گھڑی کے پھر پلائین اوپر سے دودھ اور گھی ملاکے پلائین اسیطرح بعد سفوف کے پوست درخت گولر کھلانا اور ست بیخ کیلہ کا نور پلانا نافع ہو دوائی دافع زہر زنگار نورہ وزرنیخ وصابون ترکیب زرکتان و بر جیر و خبازی و شہد سے پہلے قے کرائین پھر آب ترنج و آش جو و شیر و روغن ولعاب پلائین اور چرب شوربے پلائین دوائی براے دفع زہر بیش وفرفیون ترکیب جو دوائین کل سموم حارہ کیواسطے مسطور ہوئین کام مین لائین آب خیار ولعاب بہدانہ وآب انار وشیرہ خرفہ وتریاق فادزہر حیوانی بھی مجرب ہو اور دفع زہر فرفیون کے واسطے سواے تدبیر مذکورہ کے حریرہ سبوس گندم برف مین سرد کرکے کھانا ٹھنڈے پانی مین بیٹھنا گلاب وانار جرعہ جرعہ پینا اور سیب کھانا نافع ہو دوائی مفید زہر بلادر ترکیب رینڈیکے تیل اور نیمگرم پانی سے قے کرائین پھر سرد وتر چیزین مانند شیرہ دوغ و آشجو کے دین روغن بنفشہ و روغن بادام کام مین لائین کنجد و نارجیل دریائی بھی مفید ہو اور کہتے ہین کہ اوسکا فادزہر مغز جوز ہے شیر زنان سر پر ملنا اور لعاب اسغول و بہدانہ مصری سے شیرین کرکے پلانا نافع ہو اور اگر کوئی عضو غسل بلادر سے متقرح ہو گیا ہو یا بلادر کے دھوئین سے مسموم ہو گیا ہو پوست تازہ درخت تمر ہندی جھرات مین پیس کے ضماد کرنا مجرب راقم ہو ایضاً براے احتراق جلد بلادر سے مجرب الغطا کی ترکیب علاج حرق بلادر مخصوص ہو مہندی وآب مورد وکشنیز تر برآوردہ پانی جسمین خاکستر ڈال کے چند مرتبہ صاف کیا ہو یا پیاز سفید ہو و برگ و بیخ ہمراہ آب کنجد و عدس دوائی نافع زہر حب السلاطین ترکیب دودھ اور گھی سے قے کرائین بعد اسکے دہی اور اشیاے باردہ قابضہ کھلائین اگر اسہال زیادہ ہون کتیرا پیس کے دہی مین ملائین اور کھلادین غذا خشکہ دہی دوائی مفید زہر کمات سیاہ یعنی کھمبی ترکیب آب ترب و پودینہ و سکنجبین سے قے کرائین پھر صرف شراب پلائین و معاجین حارہ مانند کمونی کے کھلانا مفید ہو تریاق اربعہ بھی نافع ہو دوائی براے رفع سمیت سواد معوسہ یعنی کباب وگوشت بختہ کہ گرمی کے سخت وقت پر انکو ڈھانک دیتے ہین اور بخارات انکے دفع نہین ہوتے کہ ٹھنڈے ہوجاتے ہین ترکیب آب نیمگرم ونمک سے قے کرائین بعد اسکے سکنجبین سفرجلی ومقویات معدہ و دواء المسک کھلائین اور گل مختوم بھی مفید ہو دوائی دفع سمیت شیر فاسد کرتی ہو ترکیب

آب نیمگرم و شہد و روغن کنجد و نمک سے قے کرائین پھر جوارش مصطگی صرف شراب مین دین دوائی سقمونیا مقدار مین زیادہ کھانے سے اسہال مفرط و عطش
و ضعف جگر ہو جاتا ہی ترکیب دوغ و رب بہی و ریواج و شربت فواکہ نافع زہر و لیست ہو سیب دین دوائی خرزہرہ و تافسیا انکے کھانے سے شورش
حلق و معدہ و احتباس بول و براز و ورم زبان و نفخ شکم و تنگی نفس و غشی طاری ہوتی ہی ترکیب قے کے بعد تازہ دودھ کا غرغرہ کرین اور کشک جو روغن گل
مین ملائین و چند بید ستر سرکہ مین اور غسل بالخاصیت فائدہ مند ہی تخم سداب بھی بغایت مفید ہی و شیر و مسکہ نافع ہی دوائی کثرت شرب خمر نہار منہ شراب
پینے سے درد سر و اندرو و خناق و اختلاط عقل ہوتا ہی اور کبھی تشنج ہوتا ہی ترکیب قے و تلیین طبیعت کرین و شربت لیمون و شربت انار ترش گلاب و
عرق بید مشک و عرق صندل مین حل کرکے برف مین سرد کر کے دین اور گلاب ٹھنڈا کر کے منہ پر چھڑکین کہ افاقہ ہو دوائی نشہ بھنگ کی زیادتی کو
دور کرتی ہی ترکیب ادرک اور چند دانہ سپند کے ملا کے کوٹین اور سرکہ مین ملا کے کھلائین یا ادرک و نمک سنگ و آب لیمون کھلائین اور بادنجان خام
کھانا بھی نافع ہے اور بہتر یہ ہی نہ قے کرنا اس پانی سے کہ جسمین روغن گاؤ و نمک پڑا ہو دوائی نافع غشی و نشیان کہ گانجہ نزد علما نے ریتیا کو کھانا اس لینے اونینا کو پینے
سے عارض ہوتی ہی ترکیب دودھ پلائین روغن کدو کا سعوط کرین کبھی سپاری کھانے سے غش آجاتا ہی اس صورت مین معطسات سے چھینکین لانا
اور ٹھنڈے پانی سے ہاتھ پانون دھونا مفید ہی دوائی دافع زہر مار ترکیب جو علاج کلی سموم ملذوعہ مین مسطور ہوا عمل مین لائین مرغ کو چاک کر کے
باندھنا اور بیہ جذابہ کا لیپ لگانا تریاق فاروق وغیرہ کھلانا شراب کیساتھ بھنگ کھلانا اور طلا کرنا اسیطرح دودھ و شراب بکثرت پلانا اور بید ستر
گندنا و پیاز و شراب روغن زرد کہنہ مین مینا مار مہرہ موضع گزیدہ پر چپکانا پنیر مایہ خرگوش وغیرہ کہ تازہ ہو سرکہ مین ملا کے کھلانا آب نیل ایک طرح پلانا
اور جرم کو باندھنا مجربات سے ہی شوربائے ضفدع کھانا ضفدع کا پیٹ چاک کر کے باندھنا بھی نافع ہی ایضا سمیت مار گزیدہ کو دفع کرتی
ہے ترکیب اگر مار گزیدہ نو ماشہ تخم ترنج پیس کے پیے صحت پاے دیگر بیخ چرچٹہ کہ ہندی مین اونگا بھی کہتے ہین ایکتولہ چھ تولہ پانی مین
پیس کے پئین مجرب ہی زہر مار کے واسطے خواہ کسی قسم کا ہو دیگر ضماد حب الملوک بھی مجرب ہی ایضا فاد زہر سم مار ترکیب آب برگ
بید انجیر سوا پاؤ ایکتولہ پھٹکری مین ملا کے پلائین دوائی مار گزیدہ ترکیب جمالگوٹہ کو اوپر کے سخت چھلکے سے جدا کرین اور نازک چھلکا
جو مغز کے اوپر ہوتا ہی جدا کرین اور مغز جسکے دو ٹکڑے ہوتے ہین علحدہ کرین اور پردہ جو ان دونون ٹکڑون کے بیچ مین ہوتا ہی دور کرین اور
ہر قسم کو الگ کھرل کرین اور آنکھ مین لگائین آنکھ سے بہت پانی جاری ہوگا لیکن ہلاکت سے بچ جائیگا پانچ تخم جمالگوٹہ کھلانا بھی مجرب
ہے اور صاحب مفتاح کہتا ہی کہ لونگ کے برابر بخالف آنکھ مین ملذوعہ آنکھ سے لگائین اسکے بعد تھوڑا سا گھی لگائین اور دوا ایک کھلائین
بھی اگر مار سیاہ ہو سات دانہ سے کم نہ دین ایضا دافع سم مار ترکیب پوست بیخ کسوندی ایکدرم فلفل نیمدرم پیس کے پلائین اور
پھٹکری دو دام سفوف کرکے پانی سے پھنکائین ایضا برائے جذب سم مار ترکیب جس شخص کو سانپ کاٹے جلدی سے ایک مرغ لے کے اسکے
پرونکو مقعد کے قریب ہوتے ہین چارون طرف سے اکھاڑ ڈالے اور موضع ملسوع پر چند پچھنے لگائے کہ خون چھلک آئے پس اس
مرغ کی مقعد اس موضع پر چپکا دے مرغ مر جائیگا اور ملذوع شفا پائیگا اور قدسے پنجال مرغ قند سیاہ مین لپیٹ کے مار گزیدہ کو

لعل ناجی مجربات عجیبہ سے ہے اسیطرح تمباکو بے نوشیدنی کا لعاب جو گڑ سے بنائی گئی ہو دو تولہ تک اس باب مین بے نظیر ہے ایضاً برائے رفع سم مار ترکیب روغن
سرشف جسقدر پی سکے پلائین اور جلد اسکی ایک سیر تک ہی اگر قے ہوجائے پھر پلائین مار گزیدہ نمرگا ایضاً برائے رفع سم مار ترکیب موم سفید و رتیلیہ تھوتھہ کھلی
گھی اول کھلیہ کو جلائین اور توتیا بریان کرکے سب کو پیس کے روغن و موم مین حل کرین جب سرد ہوجائے زخم مار پر ضماد کرین و سہاگہ تیلیہ ایکدام بریان سکو باریک
پیس کے روغن و موم مین خوب حل کرکے ملادین دوائی دافع سم عقرب ترکیب جو تدبیر کردہ اہی سموم ملذوعہ مین سم مار کے لیے مسطور ہوئی عمل مین
لائین شیر و شراب پئین لہسن کا لیپ لگائین عقرب کوٹ کلے تنہا یا پیاز کے پانی مین بھگو دین اور موضع گزیدہ پر رکھین یا حلتیت و سیر و کبریت و نمک
پیس کے طلا کرین اگر منیڈ ھکا یا جو ہا چاک کرکے باندھین اور تریاق اربعہ ہمراہ گلاب و عرق گاؤزبان و شربت انار پئین اور تریاق مذکور کا لیپ بھی کرین
اور طلائے نارجیل دریائی پانی مین گھس کے الم کو رفع کرتا ہے اور بندق مریض کے منھ پر ضماد کرین نافع ہے تبخیر موم و عضو کو گرم رکھنا بہت ہی مفید ہے ایضاً دافع
زہر عقرب ترکیب چونہ خشک نوشادر مساوی باریک کوٹین اور دونون کو ہاتھو نسے خوب ملین اور سونگھین اور گھسیٹ کے سانس لین تاکہ اسکی بو اچھی طرح
دماغ مین پہونچے اور اسکا اثر بچھو کے اثر کو دور کردے صاحب خلاصہ کا قول ہے کہ تین مرتبہ اس دوا کو سونگھنے سے درد زائل ہوجاتا ہے ایضاً نافع برائے گزیدن
عقرب ترکیب تخم سن شکر زقوم مین پیس کے ضماد کرین ایضاً دند کو پیس کے موضع گزیدہ پر لیپ لگائین دیگر آب برگ و بیخ یا تخم حرب پیس کے لیپ
لگائین دیگر تمباکو کو گرم پانی مین ضماد کرین بعد گھنٹہ بھر کے گرم پانی سے دھو ڈالین دیگر بیخ و برگ روئی جسکا جھمنا بھی نام ہے پیس کے لیپ کرنا اور
دھوپ یا آگ سے سینکنا ازالہ درد کے واسطے مجرب ہے دیگر بیخ چرچٹہ پیس کے لیپ کرین اور قدرے اسمین کالی مرچ ملاکے پانی مین پیس کے پلائین تو
بھی مجرب ہے اگر سجی کو مولی کے پانی مین پیس کے لیپ کرین اور اسکی لیدی شہد مین ملاکے بدستور ضماد کرین اسیطرح اگر باریک پیس کے شہد مین لیپ
کرین فوراً تسکین دیتا ہے ایضاً اجوائن جوش کرین اور اسکا طبیخ موضع گزیدہ کزدم پر دھارین اور اس عضو کو اسمین رکھین درد کو سکون ہوجائیگا اور طلائے
عصارہ سیر و نمک بھی یہی عمل کرتا ہے دوائی نافع زہر زنبور و مگس عسل و مگس و مور پردار و پشہ ترکیب آب خطمی و حب الثعلب و گل ارمنی و کافور مین سرکہ کے
ساتھ لیپ کرین یا گل یا سرگین مادہ گاؤ ملین اور برگ کنجد کا طلا کرین اور تبرید بہین ضماد کرین نافع ہے اگر زنبور کلان ہو یا بدن ممتلی ہو فصد کھلوانا چاہیئے
و گل خانہ زنبور سرکہ مین ملاکے طلا کرنا نافع ہے اگر مگس کا سر کاٹ کے باقی موضع گزیدہ پر ملین درد فوراً موقوف ہوجاتا ہے ایضاً برائے دفع زہر زنبور
ترکیب گشنیز خشک چھ ماشہ کوٹ چھان کے ٹھنڈے پانی سے پھانکین مجرب ہے ایضاً نارجیل دریائی پانی مین گھس کے پینا اور زخم پر لیپ کرنا مکرر تجربہ مین آچکا ہے و ضماد شاہترہ تازہ بھی نافع ہے
اور ضماد ابہو تمباکو وسفوف کیساتھ بھی نافع ہے اور لیمون کا فوراً برف و تیغ پینا شہد و نمک ہندی ملنا اور زخم پر گل آب گشنیز سبز سے خوب سرد رہنا مجرب لنطاکی ہے دوائی
گزیدن عنکبوت ترکیب تریاق فاروق کھلائین اور شونیز صرف شراب کیساتھ پلائین سوت و رومنگل کا طلا کرین ایضاً نافع زہر عنکبوت ترکیب ابہو یا سنڈوہ بادر لہ یا حب السمنہ
پانی مین پیس کے طلا کرین اسیطرح صندل سرخ سرکہ مین پیس کے ایضاً اگر کمڑی ملجانے سے دانے پڑجائین انبہ ترش مرداسنگ پوست درخت نیب گلاب مین پیس کے طلا کرین
ایضاً دافع زہر عنکبوت ترکیب زیرہ سفید سونٹھ پیس کے لیپ کرین دوائی گزیدن ہزار پایہ ترکیب سرکہ در منگل کا طلا کرین
اگر اسکو کاٹنے کی جگہ پر ملین مفید ہوگا اور ہزار پایہ وغیرہ جانور عضو مین چپک جاتے ہین اور انکے پانون اور ڈنک گوشت مین اتر جاتے ہین

جس سے بہت سوزش ہوتی ہو بیٹیا (ارنڈخربزہ) پیس کے لیپ لگائیں زراوند طویل و پوست بیخ کبر و آرد ترمس و خطمیا نامار العسل کے ہمراہ کھائیں
سفید ہو اور کہتے ہیں کہ تریاق اربعہ و سنجر نیاد و دوالمسک سود مند ہے اور نمک و سرکہ کا طلا کرنا مفید ہوتا ہے ایضاً دافع زخم ہزار پایہ ترکیب روغن چراغ
کر جلنے کے بعد باقی رہ جاتا ہے جس مقام پر خراش آئی ہو طلا کریں کبھی سرکہ و نمک کا ملنا کافی ہوتا ہے گل مولسری کا ملنا بھی مفید ہے دوائی زخم زلو کہ لگ
جاتا ہے ترکیب تخم خشخاش پیس کے لیپ کریں دوائی جراحت چنگال شیر و پلنگ و لوبہ ترکیب زراوند کا طلا کریں بعد اسکے سرکہ سے
دھوئیں پھر زنگار و چرک نقرہ و توبال مس و روغن گل ملیں اور زخم کو مطبوخ جاد خطائی سے دھونا اور برگ بکل کا لیپ لگانا بھی مجرب ہے دوائی
آدمی کا کاٹنا اور دوسرے چوپایوں کا ترکیب آرد باقلا و سرکہ ہمراہ بیخ بادیان و شہد و پیاز اور شہد ہمراہ خاکستر چوب انگور و سرکہ طلا کریں اگر سموم ہو مردار سنگ
و روغن گل و سپید سوم کا مرہم بنائیں اور ضماد کریں اور بقول حکیم ارزانی مرحوم اگر ورم ظاہر ہو تخم شبت سوختہ باریک پیس کے یا خاکستر کرنب و سرکہ و ناخنک
روغن زیت یا روغن کنجد کا طلا نافع ہے دوائی گزیدن گربہ ترکیب پودینہ یا شونیز و کنجد کا ضماد کریں اگر پودینہ خشک آب پودینہ سبز میں
پیس کے موضع زخم پر رکھیں جلد اچھا ہو جائیگا دوائی گزیدن راسو ترکیب لہسن و پیاز کھائیں انکا لیپ لگائیں یا کرسنہ و انجیر خام کا
لیپ لگائیں شراب پئیں پوست راسو نکال کے موضع زخم پر رکھیں درد جاتا رہتا ہے سیر و زیرہ جوش کر کے دھاریں آب نمک سے دھوئیں اور مرہم
نحل وغیرہ سے علاج کریں دوائی گزیدن موش ترکیب تخم سرس برگ نیب مغز کرنجوہ گاے کے پیشاب میں پیس کے لیپ کریں دوائی
گزیدن سام ابرص یعنے چھپکلی و تسما ترکیب اسبغول کو جس پانی میں ببول کا گوند حل کیا ہو لت کر کے ضماد کریں اور چھوڑ دیں بعدہ انگلی
سے قلع کریں تاکہ اُسکے دانت نکل جائیں اگر سرش کا اسبغول کے ساتھ اضافہ کریں اور کپڑا کا ٹکڑا اُس سے آلودہ کر کے رکھیں ایک پورے
دن رہنے دیں پھر قلع کریں بہتر ہوگا اور اسکے دانت نکل آنے کے بعد پھیپھوند اسکا جسم سے علاج کریں اگر بہت درد ہو بچھو کاٹنے کا علاج کریں دوائی گزیدن گرگ و سگ
غیر دیوانہ ترکیب اُس مقام پر سرکہ میں بورہ ارمنی کا طلا کریں یا پیاز و نمک و باقلا و مغز بادام تلخ ہمراہ شہد طلا کریں کہتے ہیں کہ جو دوا آدمی کے
کاٹنے کی ہے وہی غیر دیوانہ سگ کے کاٹنے میں کام آتی ہے اور جو شیر و پلنگ کیواسطے بیان ہوئی گرگ و میمون کیواسطے نافع ہے دوائی گزیدن سگ
دیوانہ و گرگ دیوانہ و شغال دیوانہ و پلنگ دیوانہ و راسوے دیوانہ و روباہ دیوانہ ترکیب جو دوائیں نافع سموم ملذوعہ میں مسطور ہوئی کام میں
لائیں اور بہتر علاج یہ ہے کہ زخم کو چالیس روز تک مندمل نہ ہونے دیں زخم پر مرغ باندھیں ادویہ جاذبہ کا لیپ لگائیں و نمک و تراتیزک و آب
چقندر و بول انسان و خاکستر چوب انگور سرکہ میں بھگو کے طلا کریں کہ جذب قوی کرتا ہے پھر مراہم امالہ مثل مرہم زنگار کے رکھیں ایک ہفتہ گذرنے
کے بعد اگر امتلاے خون ہو فصد لوائیں اور منضج سوداے لفنج کے بعد مکرر تنقیہ کریں ماء الجبن دیں مقویات اعضاے رئیسہ کھلائیں تفریح
و ترطیب مثل مریض مالیخولیا کے کریں غذاے چرب و گوشت مرغ و بزغالہ فربہ کھلائیں شیر و شراب کہنہ پلیں آب میں تاب نہانا بہتر ہے جماع سے ترش
چیزوں کے کھانے سے اور ہواے سرد سے پرہیز کریں کبھی کبھی کھانے میں لہسن و پیاز دینا چاہئے اگر پانی سے ڈرے حیلہ کریں کہ وہی پانی پی لے ورنہ بیم
ہلاکت ہے ظرف آب پوست کفتار سے بنائیں اور اُسمیں پانی پینے سے اجتناب نہ کریں اسیطرح سگ دیوانہ کی کھال سے ظرف بنایا جائے

تو بہ پرہیز کرین نیل کا پانی پینا بہ مجرب ہاتھ سے ہو شراب گرم پانی ملا کے بہت نافع ہی نیم گرم پانی مین پینا اُسی مین پیشاب کرنا مفید ہی نیز بار بار خرگوش دریائی بھی نافع ہے
اگر بانات سرخ ناخن کے برابر گڑ مین گولی بنا کے نگل جائین فائدہ کرتی ہی دسی کہ بنات مشہور ہی ایکتولہ پانی مین پیس کے پینا مجرب ہی ساوان سوکھی دو تولہ قدرے
فلفل ملا کے پینا مفید سگ دیوانہ وغیر دیوانہ دگرگ و راسو ہے ادخبطیا نا و شونیز عجیب ہے اور سردبھی کی روغن بنفشہ و کدو سے مالش مفید ہوتی ہی **دوائی**
گزیدن سگ دیوانہ الطاکی سے **ترکیب** اُسکے جرم کو کھولنے کی سعی کرین در جود وائین سنعتی خلط سوداوی ہون کام مین لائین جگر سگ بریان کھانے پینے
اور لٹکانے مین اور ایکدن کے بلے کا جگر آر دجو مین گھس کے استعمال کرنا مجرب ہی اور خولان کی چار ٹکیاں چالیس روز تک کھانا انفع ہی اسیطرح
شونیز دو درم ذراریح غیر مسموم ایک قیراط ہموزن اُسکے نوشادر اور شل اسکے سونف حل کر کے کھلائین پھر خون کا ٹکڑا پیشاب سے مختلف آئیگا
اور صحت ہو جائیگی **ایضاً** ایک معتبر شخص کا مجرب **ترکیب** آہک آبنا دیدہ ایکدام نوشادر دو دام بار یک پیس کے ڈیڑھ پاؤ پانی مین چھوڑین
اور اُسکا ایک حصہ دن بھر مین پی جائین اور باقی دو حصہ دوسرے اور تیسرے دن **ایضاً** مجربات حکیم کاشفا سے **ترکیب** پیس کے
پیاز کا پانی نکال کے تین شبانہ روز مین پی جائین اور کہتا ہی کہ علاج سگ دیوانہ مین اس سے بہتر مجھکو کوئی نہین ملی اگر جگر سگ دیوانہ موضع گزیدگی
پر رکھین یا بھون کے کھائین مفید ہی **ایضاً** کچلہ مقشر دو رتی ہر روز کھائین اور بعد حجامت اور سائل کرنے خون کے اور افراز موضع گزیدگی کے خردل
کوٹ کے لیپ کرین اسیطرح شیر آگ یا سیر پیس کے یا بصل کوٹ کے شہد مین بھگو کے لیپ کرین تا کہ زخم مندمل ہو بالجملہ چالیس دن تک زخم
مندمل نہ ہونے دین کہ اس سے بہتر کوئی تدبیر نہین ہی **دوائی** سگ گزیدہ گوشت خرپا موے گوشت خرپا جگر گوشت خر تھوڑے سے گڑ مین ملا کے کھلانا اور
جگر گوشت خر کو پانی مین پیس کے زخم پر ملنا مفید ہی اور کشتی نارجیل دریائی مین پانی پینا یا چوب بیج جھاؤ کے پیالہ مین سم کو زائل کرتا ہی دیگر علی کو جک
یعنی تیلیہ کیڑا ایکعدد مع جوا کس اور قدرے سونف بانات ایکتولہ گڑ مین ملا کے دو گولیاں بنائین اور عورت کو پندرہ روز پہلے مرد کو آٹھ روز پہلے
صبحکو کھلائین کہ ادرار بول بہت زیادہ ہوگا جسدن پیشاب بند ہو دوپہر کے بعد تکلیف حبس بول و کیڑو نکل آنا۔ رفع ہوجاتا ہی ڈیڑھ پاؤ دہی کو
پانی مین حل کر کے پلائین شام کو خشکہ اور دہی کھلائین اگر پیشاب آنے مین تکلیف ہوتی ہو مضطرب نہ ہونا چاہیے اگر پیاس بہت ہو سکہ روغن
گاؤ دین **ایضاً** نہایت مفید و مجرب ہے لیکن پانی سے خوف زدہ ہونے کے پہلے استعمال کرین **ترکیب** سرطان نہری سوختہ جنطیانا ہر ایک پانچ درم
کندر ڈیڑھ درم پودینہ تین درم گل مختوم دو درم کوٹ چھان کے تین درم کھلائین یا تین درم صبحکو نیم گرم پانی مین اور اسیقدر عشا کے وقت **دوائی** دیوانہ
کتے کے کاٹنے مین مجرب ہی **ترکیب** تخم ستیاناسی جسے اونٹ کٹیلہ بھی کہتے ہین بوزن فلوس پانی مین پیس اور چھان کے ایکدفعہ مین پلا دین تے بھی
آئیگی اور ادرار بول مع ایک بچہ سگ کے ہوگا خیار و باذرنگ کھلائین اور اگر کھلائین پھر یہ دوا ایکدن ہین اور دو ماہ تک بکوان نہ کھائین **ایضاً**
بیاض اوستاد مرحوم سے **ترکیب** قسط تلخ تین درم ہمکوفتہ قدح آب مین جوش کرین جب چوتھائی رہ جاے صاف کر کے پئین **ایضاً** ایکماشہ روز
مشک کھانا اسیطرح شیر آگ زخم پر طلا کرنا خیار انجبر شکا نا حصص بقدر چار قیراط روزانہ چالیس روز تک کھانا و شونیز کھانا ضماد کرنا نیم درم حلتیت ٹھنڈے
پانی سے روزانہ کھانا نیز نارجیل دریائی یہ سب چیزین گزیدگی سگ دیوانہ مین نافع ہین۔ + + +

فصل دوم۔ دبید الورد و دواء المسک وغیرہ کے بیان مین

دواء الرمان طرش مین کہ صفرا سے ہو بعد تنقیہ بتبرید عضو و تسکین حدت صفرا و منع انصباب مادہ دیگر کے لیے کام آتی ہے ترکیب انار ترش دانہ و شحم انار نکالین پھیر دانونکو نچوڑ کے پانی خالی پوست مین بھرین و قدرے سرکہ و روغن گل مین اور تھوڑا کندر اسمین آمیز کرین بعدہ انار کو انگارون پر رکھدین جب درد غلیظ ہو جاے اتار لین چند بوند گرم گرم قطرے کان مین ٹپکائین دبید الورد۔ تالیف حکیم علویخان مرحوم برا صداع سوداوی و دوی دریخین و دفع ریاح بواسیری ترکیب کشنیز خشک مقشر طباشیر سفید پوست ترنج پوست بیرون پستہ زیرہ کرمانی مرزنجوش سفید دارچینی ہر ایک ایک مثقال زرشک منقی پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ دونون ایک مثقال غنچہ گلسرخ سترہ مثقال سہ چند شہد مین بھگودین خوراک ایک مثقال سے چار مثقال تک اور دوسرا نسخہ دبید الورد کا معاجین مین آئیگا دواء الحلتیت بحت الصوت بارد مین کام آتی ہے ترکیب برگ سداب مرمکی قسط نونخ فلفل سیاہ عاقرقرحا سب برابر حلتیت مجموعہ کا چوتھائی ہمراہ عسل بقدر ضرورت بھگودین اور بندقہ باجوز کے برابر کھائین دواء المسک بارد سادہ ہمیشہ معمول اور فوائد عجیبہ پر مشمول ہے براے خفقان حار و ضعف قلب ترکیب مشک خالص عنبر اشہب گل گاؤزبان ہر ایک ایکدرم ابریشم مقرض ورق نقرہ ہر ایک دو درم طباشیر گلسرخ کشنیز مقشر صندل سفید ہر ایک چار درم شربت سیب ولایتی نصف سیر نبات سفید و گلاب ہر ایک ایک سیر معجون بنائین و سفیدی بیضہ چھ عدد حل کرکے وقت تھوڑی تھوڑی ڈال کے سفید کرین ایضاً نسخہ سادہ کہ سہل تر ہے اور نافع خفقان حار و مقوی قلب ترکیب زہر مہرہ سودہ گلسرخ کشنیز خشک مغز تخم خرفہ مقشر صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا ہر ایک دو درم گاؤزبان طباشیر ہر ایک ایکدرم مشک خالص نیمدرم قند سفید دو چند شہد خالص کفیدہ بدستور مرتب کرین ایضاً بے جواہر نسخہ حکیم علویخان ترکیب طباشیر گلسرخ کشنیز خشک صندل سفید تخم خرفہ مقشر ہر ایک چار درم کہربا شمعی بسد ابریشم مقرض ہر ایک دو درم مشک تبتی دو دانگ نبات سفید سہ چند ادویہ سے حسب دستور مرتب کرین دواء المسک بارد لولوی سفید خفقان حار و مقوی قلب و معمول ترکیب مروارید ناسفتہ کشنیز مقشر گل گاؤزبان ہر ایک ایکدرم کہربا طباشیر صندل سفید گلسرخ ابریشم مقرض ہر ایک چار درم مشک ایکدرم شربت بہ شربت زرشک شربت انار شیرین ہر ایک پندرہ درم قند سفید تیس درم نوعدیگر معمول ہے ترکیب مشک عنبر ہر ایک نصف مثقال مروارید ناسفتہ کہربا مرجان گل سرخ گاؤزبان طباشیر صندل سفید گلاب مین گھسے کشنیز مقشر ہر ایک تین مثقال آب سیب شیرین عرق بید مشک ہر ایک تیس مثقال قند سفید اسی مثقال نوعدیگر معمول ہے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربا شمعی ہر ایک نو ماشہ تخم خرفہ مقشر مغز تخم کدوے شیرین ہر ایک دو تولہ صندل سفید ابریشم مقرض گل سرخ گاؤزبان ہر ایک ایک تولہ مشک تبتی تین ماشہ عنبر اشہب چار ماشہ ورق طلا تین ماشہ ورق نقرہ نو ماشہ نبات سفید آدھ سیر شربت انار بقدر ضرورت بدستور بنائین نوعدیگر مروارید ناسفتہ ڈیڑھ درم کہربا شمعی طباشیر گل سرخ کشنیز مقشر گل گاؤزبان ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے سہ چند شربت انار مین آمیز کرین پھر مشک خالص نیمدرم حل کرین خوراک ایک مثقال دواء المسک بارد دیگر نافع خفقان حار و مقوی قلب نسخہ معمولی

ترکیب مروارید مرجان کہربا بسد مہرہ ہر ایک ڈیڑھ درم دو تین روز تک گلاب مین سحق کرین گلسرخ صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا گل گاؤزبان
طباشیر کشنیز مقشر ہر ایک ایکدرم ورق نقرہ مشک ہر ایک نصف درم شکر سفید ادویہ سہ چند بدستور گلاب مین قوام کرین پھر دوسری دوائین ملا دین
دواء المسک بارد کا فوری نافع خفقان حار ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی طباشیر گلسرخ کشنیز خشک مقشر ہر ایک تین مثقال ابریشم
مقرض گل گاؤزبان تخم خرفہ ہر ایک دو مثقال مشک دو دانگ آب سیب شیرین دو وزن ادویہ قند سفید بقدر حاجت بدستور مقرر معجون بنائین اگر
کافوری بنانا چاہین ایک مثقال کافور قیصوری بڑھا دین خوراک ایک مثقال سے دو درم تک دواء المسک حامض نسخہ قلانسی برائے تقویت اعضائے
رئیسہ کو قوت دیتا ہے اور خفقان مین کہ خمار خمر سے ہو نافع ہوتا ہے کیواسطے سودمند ہے ترکیب مروارید ناسفتہ نیم درم گل گاؤزبان گل سرخ طباشیر
کشنیز خشک مقشر کہربا بسد محرق ہر ایک ایکدرم مشک تبتی دو دانگ نبات سفید رب سیب ترش ہر ایک بقدر ضرورت معجون بنائین دواء المسک لؤلؤی
خفقان گرم و غشی جو حرارت سے ہو مدقوق و مسلول کے لیے نافع ہے ترکیب کہربا مروارید ناسفتہ مرجان گلسرخ زعفران ہر ایک ایکدرم خرفہ مقشر
بریان کشنیز مقشر گاؤزبان آملہ ہر ایک تین درم ابریشم مقرض صندلین ہر ایک دو درم مشک ایکدانگ قند سہ چند بدستور معمول بنائین خوراک
دو درم ایضاً دل کو قوت دیتی ہے امراض سوداوی و غشی وغیرہ جو گرمی سے ہو سودمند اور مجرب ہے ترکیب یاقوت رمانی مروارید بسد کہربا
ہر ایک چار ماشہ زرشک بیدانہ بہمن سفید طباشیر گل سرخ کشنیز صندل سفید تخم کاہو گل گاؤزبان خرفہ مقشر ہر ایک دو ماشہ عنبر مشک ورق نقرہ
ورق طلا ایک ماشہ گلاب آب سیب بید مشک ہر ایک پچاس ماشہ قند ایک سو پچاس ماشہ بطریق معمول مرتب کرین دواء المسک بارد عنبری
تالیف حکیم محمد ہادی والد حکیم علوی خان ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک ایکمثقال ابریشم مقرض طباشیر صندل سفید غنچہ گلسرخ کشنیز مقشر
مغز تخم کدوے شیرین گل گاؤزبان ہر ایک دو مثقال تخم خرفہ مقشر چار مثقال مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک نصف مثقال آب سیب شیرین پچیس مثقال قند
سفید پچاس مثقال بدستور مقرر معجون بنائین خوراک ایک مثقال دواء المسک عنبری حامض برائے خفقان و ضعف دل و تقویت معدہ و جگر و دفع توحش
و اشتہا پیدا ہونے مین مجرب ہے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی مرجان گل سرخ صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا طباشیر ابریشم مقرض کشنیز مقشر
گل گاؤزبان تخم خرفہ مقشر ہر ایک تین مثقال مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک دو دانگ شربت ریباس قند سفید ہر ایک دو چند ادویہ مین قوام کرین
اگر زیادہ حرارت محسوس ہوتی ہو دو دانگ کافور قیصوری بڑھا دین نوع دیگر معمول حکیم شریف خان ترکیب کہربا بسد طباشیر ورق نقرہ ہر ایک
تین ماشہ گاؤزبان گلسرخ کشنیز خشک تخم خرفہ ہر ایک چھ ماشہ ابریشم خام دو ماشہ زعفران دارچینی دو ماشہ ورق طلا مشک خالص ایک ایکماشہ مروارید
پانچ ماشہ شربت سیب شربت بہی شربت انار ہر ایک ایک تولہ عنبر اشہب چار رتی گلاب بید مشک ہر ایک چار درم عسل و نبات سہ چند ادویہ ایضاً معمول
والد حکیم موصوف ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک نو ماشہ تخم خرفہ مقشر مغز تخم کدوے شیرین ہر ایک دو تولہ صندل سفید ابریشم مقرض
گل سرخ گاؤزبان ہر ایک ایکتولہ مشک تبتی تین ماشہ عنبر اشہب چار ماشہ ورق طلا تین ماشہ ورق نقرہ نو ماشہ نبات سفید نصف سیر شربت فواکہ بادعم
بدستور مقرر بنائین نوع دیگر نسخہ حکیم عماد الدین محمود ترکیب تخم کاہو مقشر طباشیر گل سرخ صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا تخم خرفہ مقشر کشنیز مقشر

ہر ایک چار مثقال مروارید ناسفتہ بسد محرق مغسول ہر ایک دو مثقال کوٹ چھان کے مشک تبتی عنبر اشہب ہر ایک دو دو دانگ آب سیب شیرین و ترش
بقدر ضرورت قند سفید سہ وزن ادویہ بدستور بنائیں خوراک ایک مثقال **دواء المسک بارد** تالیف مرزا محمد حکیم منقول مجربات حکیم احمد سے ترکیب
گل سرخ طباشیر سفید کشنیز خشک کہربائے شمعی ہر ایک چھ مثقال مروارید ناسفتہ تین مثقال مشک تبتی ایک مثقال شربت نواکہ سہ چند ادویہ بدستور مقرر
تیار کریں خوراک ایک مثقال سے دو درم تک **دواء المسک بارد** یاقوتی والد سید الاطبا مرزا محمد رحیم سے ترکیب گل گاؤزبان ابریشم مقرض طباشیر سفید
گل سرخ کشنیز خشک مقشر مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک چھ مثقال صندل سفید تخم کاہو مقشر زرشک بیدانہ تخم خرفہ مقشر ہر ایک تین مثقال
یشب سبز یاقوت رمانی مشک ختائی عنبر اشہب ورق نقرہ مرجان قرمزی ہر ایک دو مثقال ورق طلا ایک مثقال قند سفید ایک سو پچاس مثقال شربت سیب شیرین
بقدر حاجت تیار کریں خوراک ایک مثقال اور دوسرے نسخہ میں کہ مستعمل نواب حکیم مرزا سلیمان ہے مقدار مشک ایک مثقال و نصف ہے یعنے ڈیڑھ مثقال
باقی بدستور **دواء المسک بارد** حکیم محمد باقر سے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربا بسد ابریشم مقرض گل سرخ ہر ایک پانچ مثقال تخم کاہو کشنیز خشک صندل
سفید زرشک بیدانہ گل گاؤزبان ہر ایک دو مثقال ورق نقرہ عنبر اشہب ایک مثقال مشک خالص نیم مثقال آب سیب ترش ایک سو مثقال
قند سفید ایک سو مثقال میں قوام کریں **دواء المسک بارد** برائے تپ دق جو اسہال کے ساتھ ہو مفید ہے معمولی سے ترکیب مشک کافور ہر ایک ایک دانگ
صندل سفید محلول گلاب مروارید ناسفتہ کہربا مرجان زہر مہرہ آملہ طباشیر گل سرخ پوست بیرون پستہ زرشک کشنیز مقشر بریان گل گاؤزبان نشاستہ
بریان ہر ایک ڈیڑھ درم مغز تخم کدو مغز تخم خیارین گل نیلوفر تخم خرفہ مقشر بریان ورق نقرہ ہر ایک ایک درم قند سفید دو چند شربت حب الآس ایک چند
بدستور مرتب کریں **دواء المسک معتدل** تالیف حکیم علویخان صاحب نافع خفقان سوداوی و مالیخولیا مراقی و تقویت قلب و دماغ و کبد و معدہ
و مزیل خبث نفس و وسواس سوداوی و محلل ابخرہ سوداوی و مانع صعود ابخرہ جانب دماغ مکرر تجربہ میں آچکی ہے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی
گل سرخ ابریشم مقرض دارچینی بہمن سرخ و سفید درونج عقربی زعفران ہر ایک دو درم مصطگی اشنہ بہیل بوا ہر ایک ایک درم صندل سفید طباشیر
صندل سرخ کشنیز خشک مقشر گل گاؤزبان آملہ منقی بسد تخم خرفہ مقشر ورق نقرہ ہر ایک تین درم زرشک منقی پانچ درم عود ہندی بادرنجبویہ ہر ایک
ڈیڑھ درم عنبر اشہب مشک تبتی ہر ایک چار دانگ رب سیب شیرین قند سفید ہر ایک سہ چند وزن مجموعہ سے بدستور مقرر معجون بنائیں اور
چالیس دن کے بعد استعمال کریں خوراک ایک مثقال تو عدد دیگر تالیف حکیم محتشم الیہ نافع خفقان وغیرہ امراض کیواسطے جو نسخہ بالا میں مسطور ہوئے
ہیں ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد الک مغسول ورق نقرہ ہر ایک ڈیڑھ مثقال گل گاؤزبان گل سرخ ابریشم مقرض بہمن سرخ بہمن سفید
دارچینی صندل سفید درونج عقربی ہر ایک ڈھائی مثقال مغز تخم خیارین آملہ منقی بادرنجبویہ ہر ایک پانچ مثقال ریوند چینی مشک تبتی زعفران ہر ایک
نصف مثقال اسارون ایک مثقال عنبر اشہب ورق طلا ہر ایک چار دانگ رب سیب شیرین رب انار شیرین رب سیب ترش رب انار ترش شربت
ریباس ہر ایک بیس مثقال گلاب عرق شاہترہ عرق صندل عرق گاؤزبان عرق بید مشک عرق بادرنجبویہ ہر ایک پچیس مثقال عسل مصفی قند سفید
دو چند وزن مجموعہ ادویہ سے جواہر کو گلاب میں کھرل کریں باقی دوائیں کوٹ چھان کے ربوب و شربت و عسل و نبات و عرقیات میں قوام

کرکے دوائین قسمیں ملادین خوراک ایک مثقال تو عدیگر نسخہ معمول حکیم بقاخان ترکیب دارچینی چار رتی ورق نقرہ ایکماشہ مروارید ناسفتہ ریزہ یاقوت
بسد کہربا عنبر مشک ورق طلا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ زعفران الائچی خرد ہر ایک دو ماشہ ابریشم محرق تین ماشہ صندل سفید سودہ گلاب گلسرخ گاؤزبان گل گاؤزبان
بسباسہ ہر ایک چار ماشہ کشنیز خشک مقشر طباشیر ہر ایک چھ ماشہ عقیق یشب ہر ایک سوا چھ ماشہ تخم خرفہ نو ماشہ رب سیب شیرین رب انار شیرین رب
ہر ایک چار درم عالمگیری گلاب عرق بید مشک ہر ایک آدھ پاؤ شہد ہموزن جملہ ادویہ نبات سفید دو چند معجون تیار کرین دوا المسک حار نافع خفقان
بارد ترکیب مروارید مرجان کہربا ہر ایک ڈیڑھ درم عرق کیوڑہ مین کھرل کرکے زرنباد سنبل الطیب بسباسہ قرنفل ساذج ہندی بہمنین گاؤزبان دانہ
ہیل ہرد اجد ایکدرم اشنہ سونٹھ دارفلفل مشک خالص ہر ایک نیم درم کوٹ پیس کے عسل خام مین ملا کے کام مین لائین دوا المسک حار رسادہ نافع خفقان
بارد ترکیب ساذج ہندی دانہ الائچی سرخ ہر ایک دو درم زرنباد سنبل الطیب اشنہ زنجبیل دارفلفل ہر ایک ایکدرم قرنفل مشک خالص ہر ایک نصف درم شہد سہ چند ادویہ دوا المسک حار
مالیخولیا و خفقان طبعی و سوداوی مین معمول ہے نافع فالج و لقوہ و صرع و خبث نفس و استرخا و درکزاز امتلائی و مقوی قلب ہے منقی معدہ و منشف رطوبت معدہ
و معین ہاضمہ ترکیب درونج عقربی و زرنباد مروارید ناسفتہ کہربا بسد ہر ایک دو درم ابریشم مقرض چھ درم بہمن سرخ بہمن سفید بالچھڑ ساذج ہندی
قاقلہ قرنفل ہر ایک پانچدرم اشنہ دارفلفل زنجبیل ہر ایک چار درم مشک تین ماشہ عسل سفید ایکسیر ابریشم کو قینچی سے کتر ڈالین کہ غبار کیطرح ہو جائے
اور جواہر خوب کھرل کرکے باقی دوائین کوٹ چھان کے شہد مین ملادین خوراک نصف مثقال بعد دو ماہ کے اگر جدوار اُسکے چوتھیائی حصہ کے برابر ملادین
جمیع افعال خصوصًا دفع سموم وغیرہ کے لیے اقوی ہو جائیگی دوا المسک حلو جواہر دار تالیف والد حکیم علویخان امراض بارد قلب مین مستعمل ہے
ترکیب زرنباد درونج عقربی ہر ایک پانچماشہ کہربا مروارید ناسفتہ بسد فیروزہ نیشاپوری ہر ایک تین ماشہ بالچھڑ ڈھائی ماشہ ساذج ہندی
ابریشم مقرض ہر ایک ساڑھے سات ماشہ دارفلفل زنجبیل ہر ایک دو ماشہ جند بیدستر ڈیڑھ ماشہ مشک ساڑھے تین ماشہ شربت سیب وہی دونون دوائون کے
برابر قند سفید ایکچند قوام کرکے ملادین ورق نقرہ ساٹھ عدد ورق طلا چالیس عدد دونون محلول کرکے داخل کرین خوراک دو مثقال دوا المسک
تلخ دارا شکوہی سے برائے منافع مذکور ترکیب زرنباد درونج عقربی مروارید ناسفتہ کہربا بسد ہر ایک ایکدرم ابریشم مقرض بہمن سفید ساذج
ہندی بالچھڑ قاقلہ کبار قرنفل کبابہ افسنتین جند بیدستر ہر ایک ڈیڑھ درم فلفل گرد سونٹھ دارفلفل ہر ایک دو دانگ مشک ایکدرم خوراک
دو درم دوا المسک جدواری مراق وغیرہ مین دی جاتی ہے ترکیب درونج عقربی زرنباد دوالہ ہر ایک پانچماشہ بالچھڑ بہمن سفید کپور کچری
الائچی کلان جدوار خطائی ہر ایک دس ماشہ مشک دو درم نبات و شربت سیب بھی برابر ادویہ عرق کیوڑہ و بید مشک مین قوام کرکے ملادین
خوراک دو مثقال دوا المسک مجرب برائے دق الشیوخت ترکیب مروارید خرفہ مقشر گاؤزبان بادرنجبویہ طباشیر صندل سرخ صندل سفید
دانہ الائچی سفید تخم فرنجمشک تخم کاہو گل گاؤزبان گلسرخ زعفران قرنفل مشک خالص ہر ایک ایکدرم کوٹ پیس کے شہد خالص نبات سفید مین
قوام کرکے ملادین پھر ورق نقرہ ایکدرم ایک ایک کرکے حل کرین خوراک دو درم سے تین درم تک دوسرے نسخہ مین وزن مشک و ورق نقرہ کا
ہر ایک نیم درم ہے اور قرنفل و زعفران مطروح اور وزن شہد بیس درم و نبات نیم رطل دوا الزرنیخ یعنے کشتہ ہرتال جمیع امراض باردہ و

زیادتی اشتہا کیواسطے مجرب ہے ترکیب پوست تر درخت پیپل دو سیر لے کے اُسے سوکھا ڈالین اور جلائین جب خاکستر سفید ہوجاے سوچہ لے کے
اُسکی نصف بقدر لے کے اوسکے اوپر کے حصہ کو توڑ ڈالین اور وہ خاک اُسمین بچھائین اُسپر ہرتال طبقی ایک گرہ بقدر دو تولہ کے رکھین اوپر سے باقی خاکستر
مذکور سے ڈھانک دین اُس ظرفکو چولھے پر رکھ کے اُسکے نیچے ایک پہر تک ہلکی آنچ کردین پھر آگ سے اتار کے جب سرد ہوجاے تو آہستگی سے اوپر کی
خاک دور کرین اور ہرتال کی گرہ جو خاکستر ہوچکی ہوگی لے کے پیسین ایک دو رتی پان مین ڈال اور چبا کے کھائین **دواء الشنجرف** یعنے کشتہ شنگرف براے
ربو و جمیع امراض بلغمی منقول شاہ احسان علیصاحب سے ترکیب شنگرف ایکتولہ دار فلفل دو تولہ دونونکو تین دن تک خوب کھرل کرین اور گاے کے
دودھ مین خمیر کرکے گولیان بنالین اور روغن مادہ گاو آدہ پاؤ مین سقدر بھونین کہ اُس سے حباب اُٹھنا موقوف ہوجائین اور ٹکیان سیاہ ہوجائین پھر اُن
ٹکیون کو اُلٹ کے پکائین تاکہ دوسری جانب بھی سیاہ ہوجاے بعدہ ٹکیان گھی سے نکال کے کپڑہ مین نشف کرکے پیس کے برتن مین رکھ چھوڑین خوراک
ایک رتی بنگلہ پان مین ترشی و اشیاء مولد بلغم سے پرہیز کرین **دواء الطلق** یعنے کشتہ ابرک براے امراض مزمنہ مثل سل و دق و نزلہ و سوء القنیہ و استسقا
و سقوط اشتہا و ہزال بدن بقدر ایک رتی بنگلہ پان مین کھانا نافع ہے مجربات حکیم علیم اللہ مرحوم سے ترکیب ابرک سیاہ کوفتہ ایکپاؤ آب گگروندہ مین
چار سیر حل کرین اور ٹکیان بنائین اور مثل آب مذکور کو آدھا آدھا نیچے اوپر ڈھانک کے مٹی کے برتن مین رکھدین اوپر سے دوسرا مٹی کا برتن ڈھانک دین
گل حکمت کرکے پانچ سیر اپلے دشتی مین آگ دین آگ سرد ہونے کے بعد ٹکیان نکال کے بدستور آب مذکور مین حل کرکے ٹکیان بنائین اور بطور مسطور آگ دین
اسیطرح چالیس مرتبہ کھرل کرکے آگ دین کہ گلابی رنگت ہوجاے پھر کام مین لائین **دواء الکبریت** مخترع حکیم مبارک الدین تریاق المعدہ ہے
تقویت معدہ و جگر و احشا کرتی ہے فالج و لقوہ و تشنج و رعشہ و نسیان و ضیق النفس و غلبہ ریاح و ضعف بدن کو دفع کرتی ہے اور باہ کو قوت دیتی ہے
ترکیب کبریت مصفے ایکتولہ بالچھڑ قسط شیرین سلیخہ مصطگی سونٹھ لونگ بسباسہ ہر ایک چھ ماشہ فلفل سیاہ تخم کرفس انیسون نانخواہ زیرہ سیاہ
پودینہ خشک دشتی ہر ایک نو ماشہ شہد خالص چار چند جملہ ادویہ کل بدستور معجون بنائین **دواء الفاوانیا** نافع ضعف قوت جو بعضہ شدید کے
بعد ہوجاے فاوانیا تین رتی جدوار عود ہندی زہر مہرہ ابریشم ہر ایک دو رتی مشک زعفران ہر ایک ایک رتی عنبر نصف رتی طباشیر چار رتی اجزا
کو گلاب مین باریک پیس کے لعوق کرین اوپر سے گلاب عرق بید مشک شربت انار پئین اگر مزاج مین گرمی ہو مشک و عنبر نہ ملائین اور شیرہ تخم خرفہ
و کشنیز خشک دین **دواء اللک** مجربات بوعلی سینا سے منقی و مقوی جگر و مفتح سدد ہے ترکیب لک مغسول ریوند چینی ہر ایک تین درم عصارہ
غافث بادیان تخم سرق ہر ایک پانچ درم افسنتین چھ درم تخم کاسنی دس درم تخم کشوث آٹھ درم تخم کرفس چار درم سبکو کوٹ چھان کے بطریق اقراص یا سفوف
استعمال کرین اور دوسرے نسخہ مین تخم سرق کے عوض تخم شلغم ہے خوراک دو درم **دواء اللک صغیر** استسقا و صلابت جگر مین معمول ہے ترکیب
لک مغسول قسط تلخ فقاح اذخر ترمس حب الغار طلبہ فلفل ہر ایک دس درم ریوند چینی پندرہ درم کوٹ چھان کے شہد سہ چند وزن ادویہ مین
ملائین خوراک ایکدرم طبیخ افسنتین یا گرم پانی سے **دواء اللک کبیر** براے صلابت جگر و سپرز و معدہ و استسقا و ضعف جگر و برودت نافع ہے
سدہ کھولتی ہے پیشاب لاتی ہے سنگ گردہ و مثانہ کو توڑتی ہے اور بدن کو لاغر کرتی ہے ترکیب لک مغسول دو تو تخم کرفس جبلی زیرہ کرمانی زنجبیل

ہر ایک آٹھ درم کمافیطوس زوفائے خشک ہر ایک چار درم دو چار دانگ جنطیانا زراوند ہر ایک ایکدرم صبر سقوطری بالچھڑ ہر ایک بارہ درم فوہ بندی
درم حب بلسان سلیخہ مصطگی مقل قصب الزریرہ اسارون ہر ایک چھ درم کندر چار درم دار فلفل زراوند طویل ہر ایک تین درم و نیم ریوند جعدہ اذخر
ہر ایک دو درم فلفل قسط ہر ایک دس درم رب السوس اٹھائیس درم سیسالیوس تین درم کوٹ چھان کے شہد میں معجون بنائیں خوراک ایک مثقال
دواء الکرکم صغیر استسقا میں مستعمل و مجرب ہے ترکیب زعفران سلیخہ بالچھڑ ہر ایک دو درم مرمکی فقاح اذخر قسط دارچینی ہر ایک ایکدرم کوٹ
چھان کے مرمکی کو سرکہ میں تر کر کے سب کو شہد کف گرفتہ سہ وزن ادویہ میں معجون بنائیں خوراک ایک مثقال سے دو درم تک کبھی کل ادویہ برابر
ہوتی ہیں کبھی ریوند دو درم زیادہ کردیتے ہیں اور نافع تر پاتے ہیں دواء الکرکم صغیر بارد تالیف والد حکیم علویخان جسوقت بیمار کے مزاج میں گرمی
ہو دیں ترکیب کل اجزا دواء الکرکم صغیر کے سوائے دارچینی کے ہر ایک دو درم دارچینی ایکدرم گل سرخ و طباشیر و زرشک منقی ہر ایک دو درم پوست
بیخ کاسنی چار درم پھر مر کو ایک شبانہ روز سرکہ میں بھگوئیں اور بدستور مرتب کریں دواء الکرکم کبیر جالینوس کی ترکیبوں سے ہے امراض
جگر و سپرز کیواسطے کہ سردی سے ہو مثل ضعف جگر و طحال و معدہ و صلابت جگر و طحال و معدہ کیواسطے نافع ہے سدہ خارج کرتی ہے غلیظ بادون کو
دفع کرتی ہے گردہ اور مثانہ کو قوت دیتی ہے پیشاب لاتی ہے اور جو استسقا ورم جگر و سپرز سے ہوتا ہے نیز جمیع امراض مزمنہ کے لیے سودمند ہے ترکیب
زعفران بارہ مثقال اسارون دو توا انیسون فطراسالیون ریوند چینی ہر ایک چار درم بالچھڑ چھ درم قسط سلیخہ فقاح اذخر حب بلسان ہر ایک ایکدرم
فوہ دو درم رب السوس جعدہ مصطگی غافث ہر ایک تین درم روغن بلسان پانچ درم مر صاف چار درم کوٹ چھان کے کل ادویہ سے چند
شہد میں ملادیں خوراک ایکدرم سے دو درم تک ہمراہ شربت عسل یا ماء العسل دواء الفرفیران یعنے عصارہ ریوند مخرج اخلاط فاسدہ شکم و سائر
اعضاء ہے آسانی کے ساتھ اور استسقا و ہیضہ محتبسہ دیرقان کیواسطے بہت مفید ہے قولنج و اکثر امراض باردہ رطبہ دماغیہ و صدریہ و
مفاصل وغیرہ کے واسطے نافع ہے ترکیب عصارہ ریوند تربد موصوف ہر ایک ایکدرم گل سرخ چار درم سونٹھ مصطگی ہر ایک نیمدرم شیرخشت
ترنجبین ہر ایک چھ درم خشک دوائیں کوٹ چھان کے شیرخشت و ترنجبین ملادیں خوراک ایکدرم سے تین درم تک مناسب رقم
کے ہمراہ یہ دوا بچوں اور ضعیفوں کے واسطے مناسب نہیں ہے دواء الطحال برائے صلابت سپرز معمول حکیم وارث علیخان ترکیب لوہ چون
ایک ماشہ کھا کے اوپر سے مربائے آملہ پانی سے دھو کے ایک عدد کھالیں و بہدانہ دو ماشہ گاؤزبان تین ماشہ سپستان چار عدد پانی میں
لعاب لے کے شیرہ خشخاش سفید و کشنیز خشک ہر ایک ڈھائی ماشہ مغز بادام دو عدد مغز تخم کدو و تخم کاہو ہر ایک دو ماشہ دانہ الائچی سفید
سات عدد مویز منقی سات دانہ پانی میں شیرہ نکال کے برگ فرنجمشک چار رتی چھڑک کے پئیں دواء الحدید برائے استسقا عمل حکمائے
ہند سے ترکیب خبث الحدید کہنہ بارہ دام پختہ آگ میں سرخ کریں اور تین مرتبہ گائے کے بچھڑے کے پیشاب میں بجھائیں تین مرتبہ دہی کے
توڑ میں اور تین مرتبہ روغن تلخ میں سرخ کر کے بجھائیں اور پیس ڈالیں پھر لوہے کی کڑاہی میں گائے کا پیشاب جسنے جوڑا نہ کھایا ہو دس سیر
ڈال کے چولہے پر چڑھادیں اور اسکے نیچے آگ جلادیں تاکہ تمام پیشاب جل جائے اور کھار کی طرح سفوف رہ جائے نصف درم سے کھلانا

شروع کرین اور بتدریج حسب مزاج بڑھائین دوا القونیا ذرب و خلفہ کیواسطے بے نظیر ہے بلکہ اکسیر کے مثل ہے اسکا ہندوستان والون نے بھی رس مالتی بسنت نام رکھا ہے ترکیب سنگ بصری دو رتی آٹھ تولہ ورق طلا دو تولہ شنگرف ایکتولہ فلفل گرد فلفل مروارید ناسفتہ ہر ایک چار تولہ مسکہ گاؤ ڈیڑھ دام پہلے سنگ بصری کو آتش زغال پر لال کرین اور مادہ گاؤ نا زائیدہ کے پیشاب مین گرم کرکے ایکسو مرتبہ بجھائین بعدہ فلفل گرد کو شب کے وقت پانی مین بھگو دین صبحکو سخت کپڑے سے ملین کہ اُسکا سیاہ چھلکا چھوٹ جاے پھر کل دواؤنکے ساتھ پیس کے مسکہ ملا دین بعدہ آب لیموی کاغذی ایکسو عدد مین کھرل کرکے خشک کرلین اور ٹکیان بناکے رکھ چھوڑین خوراک ایکماشہ کلان کیواسطے اور خرد کیلیے حسب سن چار رتی سے دو رتی تک کھلائین دوا القونیا اصغر نافع اسہال معدی ترکیب فلفل گرد تین درم سنگ بصری چھ درم مسکہ ڈیڑھ درم بدستور سنگ بصری کو بچہ گاؤ کے پیشاب مین گرم کرکے سرد کرین اور فلفل مثل نسخہ سابق کے مقشر کرین اور لیموی کاغذی ایکسو ایک عدد کے عرق مین کھرل کرین خشک ہونے پر ٹکیان بنائین خوراک حسب نسخہ سابق دوا الکمون برائے دفع اسہال خاصکر بچون کے لیے کہ دانت نکلنے وقت ہوجاتا ہے اوائل مین حبس کرنا چاہیے اور اواخر مین خصوص جبکہ اسہال کی شدت ہو یہ دوا مفید و مجرب ہے ترکیب زیرہ سفید دو مین رتی غنچہ انار شگفتہ ایک عدد برگ ببول تازہ دو رتی پانی مین باریک پیسین اور سات دن تک بسبب احتیاج اور کبر السن کو بحسب سن اوزان زیادہ بڑھادین دوا الابقر پتھری توڑنے مین مجرب ہے گردہ اور مثانہ کے بغیر اختلاف کے اُسکے اجزاے سفوفات کے ذیل مین آتے ہین کہتے ہین کہ ایکشخص بیس برس سے اس مرض مین مبتلا تھا یہ دوا تین تولہ مولی کے پتے کے عرق اور ترنجبین پانچ تولہ صبح اور شیرہ گل داؤدی تین تولہ آدھ پاؤ گلاب و عرق کیوڑہ و بید مشک ہر ایک پانچتولہ نبات سفید تین تولہ وقت شام دیگئی غذا لحم فاختہ و مرغ حق گور و غن گاؤ مین پکاکے میان حکامہ مقرر کیا تھا اور آب شورہ مین پرورده بہت پلایا گیا بیسوین دن بہت سے سنگریزے باہر نکلے اور صحت ہوگئی دوا الترنجبین مقوی باہ حار مزاج مین ہے ترکیب ترنجبین بہیل خار و خاشاک سے پاک کرکے چالیس درم ایک رطل شیر تازہ گاؤ مین جوشدین جب تار بندھنے پھر دس درم تعلب مصری پیس کے ملادین اور دو تین تولہ کھائین دوا البیض قوت باہ کیواسطے اسکا استعمال فصل سرما مین بلغمی مزاج کیواسطے مناسب ہے ترکیب بیضہ مرغ کلنگ مین مسور کے برابر سوراخ کرکے ایک تولہ پارہ بھر دین اور اسکا منہ ماش کے آٹے سے بند کردین اور بھوبھل مین رکھدین جب پک جاے ہٹالین انڈا توڑکے پارہ نکالین اور اُسکی سفیدی و زردی کھائین سات دن تک اسیطریقہ سے بعدہ نیا پارہ لائین اور اسکا بطریق مذکور استعمال کرین اس دوا کھانے کے زمانہ مین ترشی و بادی سے پرہیز کرین اور چالیس دن تک چلہ کے چار دن مین کھائین نوع دیگر برائے تقویت باہ معمول ہے ترکیب زردی بیضہ چار عدد مغز نارجیل مقشر ایکتولہ تخم ترب ایکتولہ بزر البنج ڈیڑھ ماشہ شہد خالص دو تولہ تخم ترب نصف کو بریان کرین اور نصف کچی رہنے دین پھر تینون دوائین پیس کے انڈے کی زردی کوئلے کی آگ پر لوہے یا قلعیدار تانبے کے برتن مین رکھین گاڑھا کرکے پھر دوائین ملادین اور شہد ڈالین تاکہ گولیان بندھ سکین صبح و شام دو مرتبہ کھائین جماع سے چار گھڑی پہلے کھانا باہ کو تقویت دیتا ہے نیز امساک کرتی ہے دوالی مخدر وجع مفاصل کی شدت کے وقت استعمال کیجاتی ہے ترکیب تخم کاہو بزر البنج سفید ہر ایک دس درم شیطرج افیون ہر ایک دو درم باہم ملا کے چلغوزہ کیطرح گولیان بنائین اگر سفوف ہی استعمال کرین روا ہے دوا التربد حمیات بلغمی مین مستعمل ہے ترکیب سونٹھ مصطگی رومی ہر ایک

دس درم تربد مجوف بیس درم شکر طبرزد چالیس درم خوراک ایکمثقال دواء الذہب اطباء ہند اسکو چندر دوا کہتے ہین کہ پرانے بخارون حالت ضعف مین
آب ادرک یا شہد مین دیتے ہین انتعاش حرارت غریزی مین اسقدر موثر ہو کہ قواے مسلوبہ بھی ایکبار عود کر آتے ہین ترکیب سیماب دو تولہ اکتالیس مرتبہ کربیلے
بھانین ورق طلا تین تولہ بدفعات اسمین ڈالین اور کھرل کرین اسطرح حل ہو کہ عین باقی نہ رہے اسوقت مروارید ناسفتہ و شنگرف چھ ماشہ ملا کے آب لیموے کاغذی
مین آٹھ دن تک کھرل کرین اور چند گولیان بنا کے مٹی کے پیالے مین رکھکر دوسرے پیالے سے ڈھانک دین اور آٹے وکپڑے سے گل حکمت کر کے ایک حفرہ مین
دو من یا چک دشتی کی آگ دین اور نکال لین یا یکسال تک استعمال نہ کرین اسکے بعد جسقدر کہنہ ہوتا جائیگا زیادہ فائدہ مند ہوگا دواء الاسود اسکو
دوائی سیاہ و سفوف سیاہ و مسہل سیاہ بھی کہتے ہین اخراج سودا و بلغم کرتی ہے مادہ آتشک کا استیصال کرتی ہے لیکن حار مزاج و ضعف القوی کو کم استعمال
کراتے ہین ترکیب سیماب و گندھک مساوی دو تین روز تک خوب کھرل کرین بعدہ دونون کے برابر مغز حب السلاطین داخل کر کے دو پہر تک
سحق کرین بعد ازان سنگ بصری مساوی ہر ایک کے سیماب و گندھک کے ملا کے چار گھڑی تک اور کھرل کرین پھر مٹی کے برتن مین رکھین اور کھرل کو
دھو کے اسکا پانی بھی برتن مین ڈالدین تاکہ پانی دوا سے دو انگل اونچا ہو اس برتن کو تیز آنچ پر چڑھا دین تاکہ پانی خشک ہو جاے لیکن کسیقدر رطوبت
باقی ہو کہ آگ سے اتار لین اور شیشے یا چینی کے برتن مین رکھین اسمین سے تین چار رتی منہ مین ڈال کے دودھ سے حلق کے نیچے اتار لین مسہل کے دن
سواے دودھ چاول کے کوئی اور غذا نہ کھائین مفتاح مین وزن سیماب و کبریت آملہ سار ہر ایک ایکجز مغز حب السلاطین تین جزو اور سنگ بصری کے
عوض طین مغرا یعنے گیرو نیم جزو مرقوم ہے **ایضاً** مسہل بلغم و صفرا کو خارج کرتا ہے ترکیب سیماب گندھک آملہ سار ہر ایک ایکدرم سہاگہ شیطرج
مرچ سیاہ زنجبیل ہر ایک ایکدرم مغز حب السلاطین سبزی دور کر کے گیارہ درم باسی پانی مین ایک پہر تک کھرل کرین خوراک ایک رتی سے دو رتی تک
ہمراہ شربت نبات **دواء الزرنیخ** براے آتشک و جذام بہتا ہوا ترکیب ہرتال ایکدرم شیر میش سات دام مین کھرل کرین دودھ جذب ہو جا
تو ٹکیان بنا کے ایک سکورے مین پھٹکری نصف درم پیس کے نیچے اوپر چھڑکین اور ٹکیان رکھ کے اوپر سے دوسرا سکورہ ڈھانک کے گل حکمت کرینا
پانچ سیر بنوا کنڈے کی آنچ دین ٹھنڈا ہونے پر نکال لین خوراک ایک چاول سے دو چاول تک پانی کے ہمراہ غذا چنے کی بے نمک روٹی اور پہلے
یہ جلاب دین سنا مکی ایکدرم قند سیاہ سات درم ایک سیر پانی مین جوش کرین چوتھائی حصہ باقی رہے تو صاف کر کے پئین غذا دلیہ بے نمک
نوعدیگر براے جذام جاری شدہ بیاض والد مرحوم سے ترکیب زرنیخ طبقی زاج سفید کف دریا ہر ایک ایکماشہ کوٹ چھان کے سکورہ مین
رکھ کے گل حکمت کرین خشک ہونے پر پانچ سیر بنوا کنڈے نیچے اوپر رکھ کے آگ دین سرد ہو تو اتار لین ایک دو رتی قدر خوراک

تیسری فصل دیاقوزون کے بیان مین

دیاقوزا مجرب و معمول براے امراض صدر و ریح و سعال مانع انصباب نزلہ راس سے اعضا کی طرف ترکیب خشخاش سفید مع پوست
غیر مشروط تیس عدد گل بنفشہ گل نیلوفر گاوزبان ہر ایک تین مثقال اصل السوس مقشر پانچ مثقال عناب سپستان ہر ایک دس دانہ نیم کوب
کر کے جوش دین اور چھان کے نبات سفید سہ چند خواہ پچیس درم داخل کر کے قوام بنا لین خوراک پانچ مثقال کبھی نیلوفر کے بدلے پر سیاوشان

ملاتے ہین تو عدہ گیر کو کنار آدہ بابونہ مغز اصل السوس ہر ایک ڈیڑھ تولہ تخم خطمی پرسیاوشان ہر ایک چار درم عناب پندرہ عدد صمغ عربی کتیرا ہر ایک ڈیڑھ تولہ زوفائے خشک تین درم مغز تخم خیارین پانچدرم ہبدانہ چھ درم خبازی دو درم سویز منقی تیس دانہ پانی بارش کے دو سیر پانی مین دوائون کو شبانہ روز بھگوئین بعد اسکے جوش کرکے چھان لین آدھ سیر سفید شکر مین قوام بنالین قوام درست ہونے پر ترنجبین آٹھ تولہ خشخاش سفید چار تولہ مغز تخم کدو ایکتولہ شیرہ نکال کے تھوڑا تھوڑا ملا کے قوام کرین قوام کو جلاتے رہین یہانتک کہ تار بندھنے لگے بعد اسکے رب السوس صمغ عربی کتیرا نشاستہ باریک پیسکے آخر مین قوام مین ملادین اور آگ سے اتار کے رکھ چھوڑین خوراک ایکدرم سے دو درم تک دیا قوزا تالیف حکیم علویخان برائے سرفہ بلغمی و ضیق النفس باردنزلی ترکیب سویز منقی اصل السوس مقشر ہر ایک پانچتولہ تخم خطمی چار درم بہیدانہ بان ایکتولہ پرسیاوشان زوفائے خشک اسطوخودوس نو ماشہ ہر ایک برز البنج عود صلیب ہر ایک چھ ماشہ پوست خشخاش مع تخم دس تولہ بارش کے پانی مین ایک شبانہ روز بھگو کے جوش کرین چھان کے دوائون کے سہ چند نبات سفید مین قوام کرین بعدہ مصطگی زعفران دارچینی ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کے اسمین ملادین

باب الذال المعجمہ

ایک فصل مین بیان ذرورات ۔ **ذرور ابیض** رمد کیواسطے مجرب ہی **ترکیب** انزروت مربا کبجزو نشاستہ ربع جزو پیس کے کام مین لائین انزروت کی تدبیر کا طریقہ یہ ہے کہ انزروت کو پیس کے شیر خر یا شیر دختران مین بھگو کے چوب گز پر چپکادین اور جو تنور کہ سرد ہونے کے قریب ہو ایک روز تک رکھین جلنے سے بچائین پھر لکڑی سے چھڑا کے کام مین لائین **ذرور اصفر صغیر** رمد مین مستعمل ہی **ترکیب** انزروت چھ درم شیاف مامیثا مین درم صبر زرد دو دانگ ذرور ابیض چھ درم سب کو کوٹ چھان کے استعمال کرین **ذرور ملکایا** درد و ابتدائے رمد مین نافع ہی **ترکیب** انزروت مربا نشاستہ صمغ عربی نبات مساوی کوٹ کے کپڑے سے چھانین اور استعمال کرین **ذرور چشخام** جمیع اقسام رمد مین نافع ہی **ترکیب** چاکسو مقشر کر کے گدھے کی لید مین پکائین بالغبار اسکے اور اسکے دو چند نبات مصری و مامیران چینی ایک ایک حصہ مثل غبار کے پیس لین چند روز آشوب چشم کے بعد آنکھ مین بھیرین اگر انزروت مربا بدل مامیران کرین تو بھی بہتر ہے **ذرور** برائے درد چشم و دفع ثقل و صلابت اجفان معمول ہی **ترکیب** انزروت سرخ مربا یا سادہ ایکجزو سنگ بصری دو جزو چاکسو مقشر چار جزو ذرور بنالین اور ٹکیہ بنا کے آنکھ مین بھر دین اسکے اوپر گیہون کی روٹی و روغن زرد و شکر کا مالیدہ بنا کے کپڑے سے باندھ دین اگر گرمی غالب ہو اور تسکین زیادہ مطلوب ہو انار کی نرم شاخین اور پتیان پیسکے بجائے مالیدہ کے باندھ دین **ذرور** نافع برائے درد چشم کہنہ و سرخی و آجانے پر **ترکیب** صدف سوختہ مغسول مروارید ناسفتہ ہر ایک دو درم نشاستہ ایکدرم کافور ایکدانگ کوٹ چھان کے کام مین لائین **ذرور** برائے درد چشم اطفال نافع ہی **ترکیب** انزروت مربا چشخام (چاکسو) مقشر ہر ایک پانچدرم دم الاخوین مامیران ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے استعمال کرین **ذرور ہندی** برائے دفع سبل و بیاض بکرر عمل مین آئی ہی **ترکیب** مغز ختہ کھرنی ایک عدد تخم سرس نمک لاہوری انبہ ہلدی مقشر دو ماشہ لونگ دو عدد شورہ قلمی ایک ماشہ پیس کے صبح ذرور کرین اگر

بعد فصد قیفال استعمال کرین بہتر ہوگا ذرور سبل مجربات حکیم بقا خان سے ترکیب مغز تخم بید انجیر اکیدرم نبات مصری ایک مثقال انزروت
تین مثقال سبکو خوب باریک پیس کے ذرور کرین یا سلائی سے لگائین اس ذرور کے استعمال کرنے کے وقت یہ گولی کھائین افیون تانہ لبلاسہ ہر ایک ایک
مثقال رب السوس کتیرا ہر ایک تین مثقال کوٹ چھان کے پانی مین بندق کے برابر گولیان بنالین اور ہر روز ایک یا اس سے کم کھالین ذرور برائے دمعہ
نافع ہی ترکیب توتیا آٹھ درم ہلیلہ زرد پانچدرم حضض دو درم سونٹھ ایکدرم پیس کے استعمال کرین دلوست ہلیلہ زرد وانزروت دونون برابر باریک پیس کے
بھی نافع ہی ذرور مامیرا دی جرب وسبل ودمعہ کیواسطے نافع ہی ترکیب مامیران چینی ایکدرم توتیاے کرمانی پروردہ شیح سوختہ پروردہ توبال مس مغسول سرمہ
اصفہانی پروردہ ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے استعمال کرین ذرور برائے جرب وسبل واکلہ جفن نافع ہی ترکیب اقلیمیاے نقرہ صمغ عربی ہر ایک
تین درم زعفران فلفل شنگرف ہر ایک دو درم افیون ڈیڑھ درم کھرل کرکے استعمال کرین ذرور مامیران برائے اختلاج دائم چشم وامراض بارد چشم
وتقویت بصر کیواسطے مجرب ہی ترکیب سونٹھ مامیران فلفل دارفلفل توتیاے کرمانی مغسول صمغ عربی جملہ برابر کوٹ چھان کے استعمال کرین ذرور اصفر
برائے ملتحمۃ المدہ و درد چشم جسکا سبب رطوبت ہو نافع ہی ترکیب انزروت مربی پانچدرم شیاف مامیثا دو درم صبر زرد زعفران تخم گل ہر ایک نیمدرم
افیون چار دانگ کوٹ چھان کے کام مین لائین تو عدیکر کہنہ مین کام آتا ہی ترکیب انزروت مربی دس درم صبر زعفران رسوت ہر ایک دو درم مکی
ایکدرم کوٹ کے کپڑے سے چھان کے دودھ یا اسکے علاوہ طلا کے استعمال کرین ذرور کہنہ قسم سوم کہنہ مین کام آتا ہی ترکیب دارفلفل مامیران ہر ایک
دو دانگ صبر سقوطری ڈیڑھ دانگ ہلیلہ زرد کندر یا مرکی رسوت ہر ایک ایکدرم کوٹ کے کپڑے سے چھانین اور استعمال کرین اور کبھی آب
بادریان مین گولیان بنا کے عند الحاجت کام مین لاتے ہین ذرور برائے مورسرج وقرحہ وبثور بغایت مجرب ہی ترکیب سفیداب قلعی اقلیمیاے
فضی مقناطیس محرق مغسول صمغ عربی ہر ایک چھبیس درم نشاستہ افیون مس سوختہ زعفران ہر ایک نیمدرم کافور نیم دانگ ذرور نافع قرحہ ومورسرج
ترکیب سرمہ سیاہ شادنج عدسی مغسول کھرل کرکے ذرور کرین ذرور انزروت قرحہ کو صاف کرتا ہے ترکیب نشاستہ تین درم انزروت مربی سفیداب
آب نلعی ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے کام مین لائین ذرور اکسیر نزدیک خوف نتو وحفظ مورسرج استعمال کیا جاتا ہی ترکیب صبر ایکدرم
توتیا تین درم کحل وشادنج عدسی ہر ایک دس درم بدستور معمول سحق کرکے آنکھ مین ذرور کرین اور کپڑا باندھ کے گردن کے بھل سوئین حرکت نہ کرین
ذرور قرحہ تازہ گوشت کو دور کرتا ہی اور خشک کر دیتا ہی ترکیب دم الاخوین کف دریا مرکی انزروت بورہ ارمنی شیاف مامیثا کوٹ چھان کے
فتیلہ شہد مین لت کرکے دوا مین اسپر چھڑک دین اور کان مین رکھین ایضاً برائے تنقیہ قروح وتجفیف رطوبات وانبات لحم ومنع زنہ
جراحت ہر موضع ترکیب انزروت بیس درم گلنار کندر ہر ایک دس درم زراوند پانچدرم باریک پیس کے ذرور کرین ذرور قلاع سرخ مین
معمول ہی ترکیب طباشیر گل سرخ کتھ سفید مغز کنولگٹہ زرد ورد کافور کوٹ چھان کے زبان پر چھڑکین ذرور برائے قلاع سرخ مجرب ہی ترکیب
حضض مکی ایکدرم گلسرخ طباشیر سماق عدس مقشر ہر ایک تین درم تخم خرفہ چار درم پیس کے منہ مین چھڑکین اور ایک ساعت توقف کرین تاکہ
برائے ہر قسم قلاع مجرب ہی ترکیب گلسرخ گلنار طباشیر دانہ الائچی خرد کتھا سفید کباب چینی ملٹھی مقشر کوٹ چھان کے چھڑکین اگر زیادہ سرد کرنا

جاہین تھوڑا سا کافور بڑھا دین ایضاً عجیب النفع ہے براے قلاع ومجرب سید جرجانی ومفتاح سے ترکیب مامیران گل سرخ برابر کوٹ چھان کے منہ
مین ذرور کرین ذرور معمول براے اقسام قلاع حار ترکیب زہر مہرہ سودہ طباشیر زرد ورد گل نیلوفر تخم خرفہ صندل سرخ وسفید گل ارمنی شیاف ابیض حضض
کی عدس مقشر گلنار زعفران کنولگٹہ کتھا سفید کوٹ چھان کے کام مین لائین ہنگام شدت حرارت کافور زیادہ کردین اگر تحلیل منظور ہو کبابہ عنب الثعلب خشک
بھیس کے ملادین ایضاً مکرر مجرب کیا گیا ہے منھ آنیکے واسطے خاصکر کہنہ کو کھو دیتا ہے ترکیب کتھا سفید طباشیر دانہ الایچی زیرہ گلاب زیرہ گل سیوتی
سعد کباب چینی چھوٹی ہڑ بار بکائن سوختہ ہر ایک ایکماشہ سیاہی تابہ (توے کی سیاہی) مغز املتاس خشک ہر ایک دو ماشہ سبکو کوٹ چھان کے زبان پر
چھڑکین جسقدر دوا زیادہ باریک پسے گی اُسیقدر زیادہ مفید ہو جائیگی ذرور براے جوشش دہن اطفال وغیرہ ترکیب کافور ایک تی گگن دھول
سرمہ سفید کشنیز خشک دانہ الایچی خرد کاکڑا سینگی زیرہ گل گلاب گلنار تخم کاہو اصل السوس ہر ایک ایک ماشہ کتھا سفید تین ماشہ کوٹ چھان کے
ذرور کرین ایضاً براے قلاع ہر قسم اطفال مجرب ہے ترکیب گٹھ پیچ اسبغول چھلکا رسوت ملٹھی دھانکی کھیل کوٹ چھان کے چھڑکین اگر ٹھنڈا کرین تو
کافور کتیرا بڑھا دین ذرور معمول براے قلاع ابیض ترکیب گاؤزبان سوختہ الایچی خرد پھٹکری سوختہ توے کی سیاہی سبکو پیس کے زبان پر چھڑکین
ایضاً مداسنگ تو تلسی کی پتی کے عرق مین ترکر کے خشک کرلین اور پیس کے قدرے منھ مین چھڑکین تلسی کی پتی کا چبانا بھی فائدہ مند ہے کبابہ خندان
نہار منھ چبانا نافع ہے ذرور براے قلاع سرخ اطفال ترکیب تخم کشنیز گلسرخ سماق ہر ایک ایکجزو زعفران نیم جزو کوٹ چھان کے خشک
چھڑکین یا موم روغن مین ملاکے طلا کرین ذرور براے قلاع کہ زبان پر کانٹے سے پڑجاتے ہین اہل دکن اسکا نام چھالا وجہر لیتے ہین مجرب ہے خصوصاً
منھ آنے کے بعد چھل جانے پر برگ بید انجیر یا برگ تری کے ہمراہ ملنا نفع عجیب بخشتا ہے ترکیب اسبغول کتھا سفید کباب چینی سنگجراحت دانہ الایچی
کلان توتیا شورہ قلمی برابر پیس کے کام مین لائین ذرور تخفیف بثور لثہ وقلاع بلغمی مین قوی ہے ترکیب ادچو بعست انار گلنار سماق ہر ایک چھ ماشہ
مازو چار ماشہ پھٹکری دو ماشہ کوٹ چھان کے ماء العسل سے کلی کرکے ذرور کرین ذرور براے قلاع کہ آتشک سے عارض ہوتا ہے مجرب ہے ترکیب زہر مہرہ
گل نیلوفر زرد و طباشیر تخم خرفہ صندل سفید گل ارمنی گلنار غبار گل ہشیہ بہار ہر ایک سات ماشہ کافور ڈیڑھ ماشہ کوٹ چھان کے ذرور کرین
ذرور قلاع سوداوی مزمن کے لیے نافع ہے ترکیب زرنیخ سرخ عاقرقرحا مرشب یمانی ابرسا نوشادر مساوی پیس کے قطران مین لت کرکے لوٹی
مین باندھ دین اور گل حکمت کرکے آگ دین پھر پیس کے چھڑکین نوعدیگر براے قلاع اسود اطفال بہت نافع ہے ترکیب بلیلہ زرد سوختہ
مرمہندی سوختہ تخم کشنیز سوختہ طباشیر گلنار برابر کوٹ چھان کے چھڑکین ذرور براے آکلہ دہان وکام ولثہ اور خواہ کسی مقام پر مواد فاسد علیہ الاعتماد
سے ترکیب گل سپوتی گلنار کتھا سفید مکیلہ ہر ایک ایک مثقال سنگ بصری چھ مثقال سنگ بصری کو تین مرتبہ آگ مین تپا کے ٹھنڈے پانی سے بجھائین کہ اسکی
زردی جاتی رہے بعدہ سب کو کوٹ چھان کے سنگ سماق یا سنگ خارا یا ہاون نقرہ مین دو روز تک سرکہ وگلاب مین کھرل کرین اور چینی کے
برتن مین پھیلا کے باریک کپڑہ اُسکے اوپر باندھ کے سایہ مین خشک کرین عمل کیوقت انگلی مین بالو لگو لپیٹ کے زخم کو سہلائین اور
سرکہ وگلاب سے دھوئین اور دوام سبز چھڑکین اور غذاے ترش وگوشت کہ سرکہ وگلاب سے ترش کرکے کھلائین اور روغن زعفرانی دماغ

ہو گوشت سادہ سے پرہیز کرین ذرور شبّی لِثہ دامیہ مین اکثر اطبا استعمال کرتے ہین ترکیب پھٹکری ٹھیکرے مین کھیل کرین اور کھیل کرتے وقت
اسپر سرکہ چھڑکین تاکہ اُس سے بھاپ نکلے پھر ایک جزو یا دو جزو نمک ڈیڑھ جزو زاج سرخ باریک پیس کے لثہ پر چھڑکین اور سو جزو مین زر رند برابر مجموع
بجاے زاج سرخ مرقوم ہے اور خلاصہ مین بجاے نمک کے بھی ذرور براے خون کہ تونکی خرابی سے تعفن اور فساد سے جڑ ڈبکی اور جوشش خون کے لیے بہت مفید اور
یقانی سے مجرب ہے ترکیب نوشادر ایکدرم قلی و آہک و زرنیخ زرد و زرنیخ سرخ ہر ایک پانچ مثقال پیس کے آرد جو تیس مثقال سے سرکہ مین تر کرکے ٹکیان
بنا مین اور جلائین خوب جل کے سیاہ ہو جاے پیس کے لثہ پر چھڑکین جب اس سے اچھی طرح پانی نکلجاے گلاب سے دھوئین ذرور براے شقاق اللسان
مجرب ہے ترکیب کاکڑا سینگی دانہ ہیل لودھ گجراتی سنگجراحت طباشیر کات سفید پیس کے منھ مین چھڑکین غذا شیر و برنج و نمک سے پرہیز کرین ذرور
بواسیر کے مسونکو بالخاصیت خشک اور دور کرتا ہے ترکیب سر ماہی شور آگ کے قریب خشک کرین اور کوٹین اسکے برابر پنیر خشک کہنہ کوٹ چھان کے
ایک درہم ملا کے چھڑکین اسیطرح خاکستر دم ماہی شور و کلونجی عجیب النفع ہے ذرور براے خروج مقعد و فتو رحم نافع ہے ترکیب سفیدہ ارزیر گلنار پھٹکری
مازو سر مہ پوست انار مساوی کوٹ چھان کے عضو ماؤف کو روغن گل سے چرب کرین اور دوا چھڑکے رفادہ رکھکر عصابہ سے مضبوط باندھ دین الضا اورام
مقعد و بواسیر و استرخاء مقعد کیواسطے بھی نافع ہے ترکیب کرمازج عفص اقاقیا سفیدآب ارزیر کل مساوی اول مقعد کو شراب قابض سے دھوئین بعد ازان
اجزاء مذکورہ کا ذرور کرین ذرور اعظم براے جراحت قضیب و اکلہ و قروح ساعیہ دہان و گلو و سائر اعضا اور قطع خون جراحت و نبات لحم و منع ورم و
قروح و انصباب مواد کے لیے مجرب ہے ترکیب سفیدآب قلعی توتیاے کرمانی شستہ کندر ہر ایک ایکجزو موے سر آدمی سوختہ گلنار شاخ گاو کوہی سوختہ
اگر نہ ہو استخوان سوختہ برگ عناب گل ارمنی ہر ایک دو جزو کوٹ کے کپڑے سے چھان کے استعمال کرین اگر سواے کمود دہان کے استعمال کرین تو پھر ایک جزو
مرداسنگ مکرر آگ پر سرخ کیا ہوا سرکہ مین ڈالا ہوا اور مغسول دو جزو اضافہ کرین اگر فتیلہ بناکے سوراخ مین استعمال کرین نظیر نہین رکھتا ذرور نافع سرطان
متقرح ترکیب نشاستہ کندر سفیداب قلعی ہر ایک ایکدرم گل ارمنی گل مختوم صبر زرد ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے زخم صاف کرنے کے بعد ذرور کرین ذرور
بودار معمول جراحت آتشک مین ترکیب بودار سوختہ چھ ماشہ خرمہرہ زرد سوختہ پانچعدد فوفل سوختہ ایکعدد نیلہ تھوتھہ سوختہ ایک ماشہ مرداسنگ کتھ سفید
سنگجراحت ہر ایک دو ماشہ کوٹ چھانکے ذرور بنائین اختر نے اکثر زرد چوب سوختہ دم الاخوین اصل السوس مقشر بجاے بودار نیلہ تھوتھہ داخل کیا ہے اور وزن
سب کا مساوی عمل مین لایا ہے ذرور جراحت آبلہ چیچک پر چھڑکنا مفید ہے ترکیب گلسرخ کندر صبر زرد انزروت دم الاخوین پیس کے زخم پر چھڑکین
تو بعد بگر خشک ریشہ چیچک اُدھڑنے کیوقت اگر اُن کے اندر رطوبت ہو کام آتا ہے ترکیب صبر زرد مرکی زرد چوب مرداسنگ اقلیمیاے نقرہ سفید آب
قلعی اسرنج پیس کے چھڑکین ذرور براے قروح حار ملتہبہ نہایت موثر ہے ترکیب صندل سرخ صبر زرد مساوی کا ذرور کرین ذرور صبر مر دانزروت
براے قروح فاسدہ مجرب ہے ذرور براے تغیر رائحہ زیر پستان و میان انگشتان باد پوست سبز ترکیب توتیا مرداسنگ گلسرخ گل ارمنی پوست انار باریک
پیس کے سرکہ مین بھگوئین اور خشک کرکے کام مین لائین اگر بوڑھون اور بچون کے سر مین عارض ہو پوست درخت مازو و جوز السرو کوٹ کے ادویہ مذکورہ
مین ملادین ذرور بدن کو خوشبودار کرتا ہے معمول حکیم علویخان ترکیب سعد سادج فقاح اذخر میعہ سائلہ شمامہ ہر ایک دس درم گلسرخ برگ مورد

ہر ایک پیس دم اول سعد و تفاح اذخر و ساذج کو گلاب مین تر کرین اور خشک کرکے کھرل کرین پھر برگ مورد و گلسرخ پیس کے اسمین ڈالین اور زعفران کو
مین حل کیا ہوا کل دوائون مین ملادین اور سایہ مین خشک کرین پھر پیس کے بعد غسل حمام مین بدن پر ملین تاکہ پسینہ جذب ہو جاے آخر مین ذرور کرین ذرور
آگ سے جلنے اور تیل وغیرہ سے جلنے کے لیے ترکیب مردا سنگ آب مغسول حنا کو کو مین اور جلے ہوے مقام پر چھڑکین ذرور قطع نزف الدم کیلیے زخم
سے ترکیب صبر کندر دم الاخوین اقاقیا کوٹ ڈالین اور چھڑکین ذرور اگر زخم پر باندھا جاے اچھا ہو جاتا ہی ترکیب زرد چوب دیودار دار بلہ اصل السوس
تربد مساوی کوٹ کے چھڑکین ذرور موسوم بخشکند زخم کو خصوصاً ختنہ کو بہت جلد اچھا کرتا ہی چاہیے کہ ختنہ کے بعد تامل کرین تاکہ سب خون نکل جاے بعد اسکے
دوا کو چھڑک کے باندھ دین ترکیب کات ہندی مردا سنگ طبلہ طبلہ مرصاف صبر برگ مورد مساوی کوٹ چھان کے زخم پر چھڑکین یا پرانے قرحہ پر رکھین یا محل
ختنہ پر لپیٹ دین اور تین دن کے بعد کھولین زخم اچھا ہو چکا ہوگا ذرور انزروت گوشت پیدا کرنے اور تخفیف رطوبات کیواسطے بہت مجرب ہے ترکیب
کندر مرصاف دم الاخوین ہر ایک دو درم مس سوختہ پانچ درم انزروت پوست انار مازو پھٹکری نیلہ کاغذ سوختہ ہر ایک دس درم کا ذرور بنائین ذرور
اسقولون جراحت مزمنہ مین ایک یا دو دفعہ مین ملتحم کر دیتا ہی اگر سلع اور غدد ما لقی پر اسیطرح خشک ملا نہین جلد بزائل کر دیتا ہی مجربات سے ہی ترکیب گل ارمنی گلسرخ
ہر ایک ثلث مثقال جفت بلوط ایک مثقال مرصاف ڈیڑھ درم کندر دو درم گلنار تین مثقال کوٹ پیس کے کپڑے سے چھانین اور ذرور کرین ذرور ملحم اسکے
چھڑکنے سے زخمون دملون اور زخم تلوار وغیرہ پر کہ جو فاسد ہو گیا ہو اور التیام نہ پاتا ہو مفید ہی تھوڑے ہی دنون مین اصلاح کر دیتا ہی ترکیب شنگرف انزروت
سفید آب قلعی مردا سنگ دم الاخوین باریک پیس کے پہلے زخم کا میل صاف کرین اور اسپر مرہم اسفیداج کپڑے پر لگا کے چپکائین بعد اسکے یہ ذرور جب مرہم چھڑائین چھڑک دین
اور کبھی روغن دیودار سے بناتے ہین اور مرہم کے بجاے کام مین لاتے ہین بہت جلد التیام کرتا ہی ایضاً اسرار سے اور اندمال جراحت مین سریع الاثر
عظیم الفعل ہی ترکیب گلنار صبر زرد کندر مجموع مساوی کوٹ چھان کے زخم پر چھڑکین کبھی نہ سدد مرکی زیادہ کر دیتے ہین ذرور اربعہ عجیب ہی گوشت
پیدا کرتا ہے جراحت تازہ کا التصاق کرتا ہی اور خون بند کر دیتا ہی ترکیب کندر صبر انزروت دم الاخوین مساوی سحق کرکے ذرور بنائین اور جراحت
پر باندھ دین کبھی زراوند بھی ملادیتے ہین اور گہرے زخم مین استعمال کرتے ہین اگر اسمین میل ہوا ن دوائون کو شہد مین ملاکے استعمال کرین ذرور شحم
دفع آکلہ و تخفیف قروح مین مجرب ہی ترکیب کافور ربع جزو تخم ریحان خوشبودار نیم جزو پوست پیاز سوختہ ایکجزو موے آدمی سوختہ دو جزو
باریک پیس کے کام مین لائین ایضاً برائے آکلہ و قروح ساعیہ و بواسیر انف و ناصور مجرب ہے ترکیب استخوان بوسیدہ سوختہ و صبر زرد مساوی
کا ذرور کرین اسیطرح ذرور برگ عناب خشک بے نظیر ہے

باب الراء المہملہ روغنونکے بیانمین

روغن لبوب سبعہ بارد صداع حار ویبسی و سرسام سوداوی و سہر و مالیخولیا کے واسطے مروخاً و سعوطاً مجرب ہی ترکیب مغز تخم خیارین
مغز تخم کدوے شیرین تخم کاہو مغز تخم بادرنگ مغز بادام مقشر تخم خشخاش سفید کنجد مقشر مساوی مثل روغن بادام کے روغن کھینچین روغن گلچکان

نافع صداع خصوصیت سے اور تجربہ کیا جا چکا ہے ترکیب گلچکان و بودار بڑ نگ کابلی صندل خولنجان روناس ہر ایک ایکدام گل مکہ گل نیلوفر اصل السوس
ہر ایک دو دام برگ بھنگرہ تین دام آملہ چار دام اجزا نیکوفتہ روغن کنجد آدھا پاؤ شیرہ گاؤ ایک سیر و قدرے آب مین ایک شبانہ روز بھگوئین صبح جوش کرین جب
تیل رہ جائے چھان کے رکھ چھوڑین اور سر پر ملین روغن گل کہ مرکب قوی ہے اور اسکا سر کہ مین طلا و لخلخہ نافع صداع و رادع بخارات دماغی ہے اسکے بنانیکی
ترکیب وہی ہے جو روغن بابونہ مین بیان ہوگی روغن کا ہو برائے صداع و سہر و صرع و مالیخولیائے یبسی نافع و مرطب دماغ و منوم ہے ترکیب
شیرۂ تخم کاہو دو حصہ روغن کنجد یا بادام ایک حصہ باہم جوش کرین کہ تیل رہ جائے روغن کدو یہی اثر رکھتا ہے اور دوسرے درجہ مین سرد و تر ہے
سُٹر کنے سے صداع حار کا ازالہ کرتا ہے ترکیب پوست کدو چھیل کے مع شحم و لحم و تخم کوٹین اسکا پانی لیکے روغن کنجد چوتھائی حصہ ملا کے مثل روغن کاہو کے
تیار کرین یا مغز تخم کدوے شیرین کا مثل روغن بادام کے تیل نکلوالین اور یہ لطیف ہے روغن بزر البنج تریاق سرسام مالیخولیا و وسواس و تندیٔ نفس
ہے پینے لگانے اور سٹر کنے و مالش کرنے مین ترکیب بزر البنج چھ ماشہ و تخم کاہو تین ماشہ تخم خشخاش تین ماشہ ان سب کو کوٹ کے بدستور روغن
نکال لین روغن ہندی برائے درد سر کہنہ مجرب احقر سے ہے ترکیب چراک صندل سفید مہیل بنیلوفر ملیٹھی ہر ایک تین ماشہ شیرۂ آملہ تازہ سولہ
درم روغن کنجد آٹھ درم دوائین کوٹ کے شیرہ اور روغن مذکور مین جوش دین کہ تیل رہ جائے دو قطرہ ناک مین ٹپکائین روغن برائے سہر و صداع
مجرب ہے ترکیب اجزائے کاہو و خشخاش و بنجگل یا برگ یا پوست یا بیخ یا تخم جو چاہین مساوی گل حنا و آس و باقلا ہر ایک نیم جزو صبر و زعفران
قدرے سب کو جوش کرین کہ مرجھا جائے چھان کے اسکا پانی کسی روغن مین پکائین کہ تیل رہ جائے یا سرار عجیبہ و مجربہ سے ہے دفع صداع و نیند
لانے مین ہر نوع کیواسطے اگر استعمال کرین اگر اسمین عنبر ملا دین بہت نافع ہے اور تضمید ادویہ مطبوخہ مذکورہ کا بھی یہی فعل ہے اسیطرح انکے پانی سے
نطول اور جس شخص کو اس سے نیند نہ آئے اسکی زندگی کی امید نہ رکھنا چاہیئے سرہندی کہتا ہے کہ روغن مذکورہ روغن مناسب کے ہمراہ مثل
روغن بنفشہ کے بدستور بنائین بعد مالش کے نیند لائیگا مکرر تجربہ کیا گیا ہے تسعیط اس سے بھی افضل ہے اسکے درد کا مقدم سر مین لیپ لگائین کبھی
آب کشنیز ملا کے لخلخہ تقویت دماغ خوب کرتا ہے اور خواب آور ہے روغن لقوہ لقوہ و فالج و رعشہ مین آزمودہ ہے ترکیب ایرسا و سیر مقشر ہر ایک
تین درم باہم کوٹ کے ٹکیان بنائین اور سولہ درم تیل مین جلا ڈالین ٹکیان نکال کے تیل استعمال کرین روغن مرض سکتہ و سہار امراض بارده
مجربات انطاکی سے اور روغن المبارک کے نام سے موسوم ہے ترکیب توم شامی ایک اوقیہ حلبہ شونیز ہر ایک نیم اوقیہ جند بیدستر سعیلہ سیاہ
فلفل سیاہ و سفید ہر ایک تین درم سب کو اُن کے سہ چند روغن زیت مین بیس کے تقطیر کرین اور جس قسم مین چاہین استعمال کرین عجیب الاثر ہے
روغن اگر روز رات کو سر پر ملین سبات کو نفع دیتا ہے ترکیب نوشادر نمک نفطی تخم سپند تخم جرجیر فلفل سیاہ سونٹھ کا کنج کل برابر کوٹ کے
پانی مین جوش دین تاکہ گل جائے صاف کر کے اُسکے برابر روغن بید انجیر ملا کے پھر جوش دین یہانتک کہ پانی جل جائے اور تیل باقی رہ جائے
روغن بید انجیر امراض بارده دماغی و قولنج وغیرہ مین پینے اور لگانے مین استعمال کیا جاتا ہے ترکیب بید انجیر چھیل کے کسیقدر بھون
ڈالین اور کوٹ کے پانی مین جوش کرین اور جھاگ نکال نکال کے دوسرے برتن مین رکھتے جائین تاکہ سب جھین جمع ہو جائے اور زرد پانی

اُسمین پانی رہ جائے پھر اُس بھین کو جوش کرین تاکہ تمام روغن صاف ہو کے نکل آئے روغن دھتورہ لقوہ و فالج و رعشہ و وجع مفاصل مین معمول ہے ترکیب
تخم دھتورہ سیماب زہر میٹھا ہر ایک ایکدرم روغن کنجد بیس درم روغن کو گرم کرین کہ سرخ ہو جائے بعد اسکے آگ سے اتار کے دوائین ڈالدین اور لوہے کے دستہ
سے خوب حل کر کے کام مین لائین جمیع امراض باردہ مزمنہ کیواسطے مفید ہے نوعدیگر اطباے ہند سے عجیب الاثر ہے ترکیب روغن کنجد ارتالیس تولہ چار ماشہ
آب برگ دھتورہ چار درم بچھناک پانچدرم جوزبوا سونٹھ ہر ایک دس درم دوائین پیس کے دھتورہ کے پانی مین ملادین اور روغن کے ہمراہ جوش کرین
پانی جل جانے پر آگ سے اتار کے روغن رکھ چھوڑین اور حسب ضرورت کام مین لائین ایضاً اعضاے خشک شدہ کیواسطے بھی نافع ہے ترکیب شیر گوسفند
سیاہ لہسن ایک پوتھیہ ہر ایک آدھ سیر روغن کنجد ایک سیر پیپلا مول زرنجور اسگندھ افیون ہر ایک چار درم سب کو کڑھائی مین رکھ کے اسقدر جوش دین کہ
تیل رہ جائے صاف کر کے رکھ چھوڑین جاڑون مین مالش کرین سات دن تک باجرے کی روٹی کھائین ٹھنڈی ہوا سے بچتے رہین اگر بدن بے حس و حرکت
ہو گیا ہو گا تو بحال ہو جائے گا مجرب ہے روغن سنبل تالیف حکیم علویخان براے سکتہ و فالج وغیرہ ترکیب بہار غصل چار اوقیہ لکڑی کی چھری سے تراش کے
روغن کنجد ایک من مین بگائین گل جائے تو ہاتھ سے مل کے چھان لین اور عاقرقرحا جند بیدستر خردل قسط تلخ فرفیون ہر ایک ایک مثقال مشک نصف
مثقال پیس کے ملادین اور کام مین لائین روغن بیش براے فالج و لقوہ و رعشہ و خدر و اوجاع بلغمی دریچی معمول ہے ترکیب بیش سیاہ اذاراقی عاقرقرحا
تخم دھتورہ زہر النبج بیخ کنیر سفید افیون گھونگچی سفید ہر ایک دو دام مالکنگنی کلونجی ہر ایک نصفدام سبکو کوٹ کے اسقدر دودھ مین تین دن تک
بھگوئین کہ اوپر تک رہے جب دودھ خشک ہو جائے روغن کنجد ایکسیر پاؤ بالا دشیر گاؤ ڈیڑھ سیر ملا کے ظرف آہنی مین ہلکی آگ پر جوش دین کہ تیل
رہ جائے صاف کر کے نیمگرم ملین اور تقویت باہ کیلیے بھی اسکی مالش مفید ہے نوعدیگر فالج اور جمیع بادی امراض کیواسطے نافع و مجرب ہے ترکیب
قرنفل دارچینی جوتری جائفل زعفران اگر تگر نگھہ تج تیزبج تخم لائچی خورد و کلان بالچھڑ زیرہ سیاہ زیرہ سفید سلاجیت کپور کچری بلیجن موتھہ زرنجور صندل سرخ
و سفید دیودار داربلد کلونجی سونٹھ کائپھل اسگندھ خس موصلی سیاہ مغز گھونگچی مغز تخم عصفر مغز بارجیل مغز اخروٹ بیخ دھتورہ بیخ اینڈ بیخ کٹائی بیخ سنبھالو
ہر ایک ایک تولہ گاؤزبان بیربہوٹی دارفلفل خردل ہر ایک چھ ماشہ زہر میٹھا تیلیہ ڈیڑھ تولہ مالکنگنی مغز بادام ہر ایک دو تولہ مشک خالص دس ماشہ
روغن کنجد تین پاؤ گائے کا دودھ چار سیر پہلے دواؤنکو جوکوب کرین بعدہ روغن کنجد و شیر کو علیحدہ علیحدہ کسیقدر جوش دیکے سرد کرین پھر دونون کو کڑاہی
مین ڈال کے نیچے ہلکی آنچ کرین جوش آنے پر کٹی ہوئی دوائین چھوڑدین اور مشک و گاؤزبان و زیرہ سب دواؤن کے بعد ڈالین دودھ جل جائے تو
روغن چھان کے رکھ چھوڑین اور کام مین لائین روغن ادران مفید فالج و لقوہ و رعشہ و مفاصل بالجملہ بعد تنقیہ جمیع امراض باردہ کیواسطے مجرب ہے
ترکیب برگ آک برگ بکائن برگ ارنڈ برگ سنبھالو برگ سہجنہ برگ دھتورہ سیاہ برگ تھوہڑ برگ سینڈھ برگ بھنگرہ سب برابر کوٹ کے
شیرہ نکالین اور برابر کے روغن کنجد مین جوش دین کہ تیل رہ جائے آخر مین قسط و مرکی بڑھادین بعضے شیرہ برگ بھنگ و شیرہ برگ سیب بھی بڑھاتے ہین
روغن موم مجرب براے فالج و خدر و درد اعصاب بتحلیل مواد ہر قسم باد ترکیب موم ایک سیر نمک شور تین سیر گاہے نمک سانبھر نیکوفتہ بجز
عوض نمک شور ملاتے ہین دونون کو دیگ مین چھوڑین اور گلاب کے طور پر کھینچین عرق کیطرح نکلے گا رکھ چھوڑین جسم کو برہنہ کر کے مالش کرین بعد مالش

دو گھڑی تک کوئی کپڑا نہ بھگوئین تاکہ ہوا لگے اور دوسرے نسخہ مین نمک سانبھر و دہر بجائے نمک شور ہے اور سم الفار و سیماب ہر ایک دو تولہ لوبان ایک پاؤ زیادہ کر کے لکھا ہے
موم کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے لوبان و سم الفار کوٹ کے ٹکڑے مین رکھین اور بطریق معروف روغن کشید کر لین برائے تمدد و ناصور نافع و مجرب ہے اور روہن الجبال
اسکا نام رکھا ہے روغن دیگر اقوی اول سے ترکیب موم سفید آدھ سیر نمک سانبھر ٹکہ بھر نوشادر شورہ قلمی ہر ایک ایک چھٹانک شنگرف ایک تولہ لونگ
جوز بوا کل ارچینی افیون ہر ایک نو ماشہ باہم کوٹ کے نمک و موم مین مخلوط کرین اور ذخیرہ وصل کر کے گلاب کیطرح عرق کشید کرین یا قرع انبیق مین کھینچین
تھوڑا سے کے ملین اوپر سے روئی پرانی باندھین امراض باردہ ریحی کیواسطے مجرب ہے روغن استرخا و فالج مین عجیب الفعل ہے اور حکیم عابد سرہندی کا مجرب
ترکیب قسط تلخ فلفل سیاہ عاقرقرحا فرفیون جند بیدستر ہر ایک سات درم باریک پیس کے نیم رطل روغن نرگس مین ملائین روغن نرگس کے بجائے روغن
مالکنگنی بھی داخل کیا جا سکتا ہے روغن قاوندی مرکب علونجان فالج و مفاصل وغیرہ مین معمول ہے ترکیب لونگ عود بسباسہ سلیخہ سورنجان تلخ راسن عود بلسان
ہر ایک پانچ درم بالچھڑ کپور کچری بیخ سوسن فرفیون قسط تلخ ہر ایک دس درم نکوفتہ دس رطل میٹھے پانی مین ایک شبانہ روز بھگوئین اور روغن زیت دو رطل
ملا کے جوش دین کہ پانی جل کے تیل رہ جائے مل اور چھان کے شمع قاوند سولہ درم مومیائی چار درم پگھلا کے ملائین مر مکی تین درم جند بیدستر دو درم پیس کے
چھڑک دین روغن قسط مرکب شاہ ارزانی برائے امراض عصبی ترکیب قسط تلخ دس درم عاقرقرحا چار درم فلفل گرد تین درم نکوفتہ شراب کہنہ مین
رات بھر بھگو دین صبحکو جوش کرین کہ نصف رہ جائے روغن زیت پچاس درم یا روغن بید انجیر ملا کے پھر جوش دین کہ شراب جل جائے اور روغن رہ جائے
مل اور صاف کر کے فرفیون تین درم جند بیدستر ڈھائی درم پیس کے اور ملا کے کام مین لائین روغن دیگر فالج و لقوہ و رعشہ و تشنج و استرخا و اختلاج کے واسطے
نہایت مفید ہے ترکیب قسط تلخ کندش عاقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ دار فلفل بالچھڑ بیخ سوسن فرفیون اشنہ دار ہلد لونگ اجوائن تخم کرفس اسارون سونٹھ کپور کچری
کندر مصطگی ہر ایک تین ماشہ گل بابونہ ایک تولہ مغز بادام تلخ دو تولہ مغز تخم بید انجیر تین تولہ سب کو جوکوب کر کے ایک رطل پانی مین آٹھ پہر بھگو کے جوش دین
نصف رہ جائے تو چھان کے روغن کنجد سیاہ روغن سرشف ہر ایک تین چھٹانک ملا کے جوش دین پانی جل جائے اتار کے استعمال کرین روغن خلوق یعنی
روغن زعفران کہ ملین عصب ہے تشنج کو زائل کرتا ہے زخم و اوجاع رحم و صلابت رحم و اوجاع معدہ کو نافع ہے بیخوابی دور کرتا ہے تنقیہ رحم مین مفید ہے زنگ صاف
کرتا ہے نسخہ شیخ الرئیس ہے ترکیب زعفران چھ درم قصب الذریرہ پانچ درم مر مکی صاف نصف درم دوسرے نسخہ مین ایکدرم ہے فرد ما چھ درم اجزا کو
جدا جدا نیمکوب کر کے سوائے فرد ما کے سرکہ انگوری مین بھگو دین دوسرے دن روغن کنجد یا دوسرے مناسب روغن پانچ استار مین داخل کرین منہاج
مین بجائے روغن کنجد و زیت صافی ہے نرم آگ پر جوش دین کہ سرکہ جل جائے اور تیل رہ جائے اتار کے شیشے کے برتن مین رکھ چھوڑین کہتے ہین کہ زعفران
کے تیل کا فعل فرقوصی جیسا ہے روغن ناردین برائے استرخا و فالج و اعصاب فالج و لقوہ و امراض باردہ کیواسطے نافع ہے اور محلل ریاح ہے ترکیب قصب الذریرہ
برگ غار سعد کوفی عود بلسان لک سادج ہندی برگ مورد ناردین سنبل رومی اذخر مکی ابہل راس فرد ما مرزنجوش سب کو شراب و باسی پانی مین شبانہ روز
بھگوئین پھر چھان کے روغن کنجد مین جوش دین تیل رہ جائے تو کام مین لائین روغن لبوب سبعہ برائے تشنج یبسی و مالیخولیا و برائے سہر و شرب و سعوطاً و مروخاً
ترکیب مغز فندق مغز پستہ مغز بادام شیرین کنجد مقشر مغز چلغوزہ مغز تخم کدوئے شیرین مغز جوز مساوی لیکے اور گرم کر کے بدستور معمول نچوڑ لین تاکہ روغن

جدا ہو جائے روغن مجرب برائے خلا ورعشہ واسترخاء مفاصل باردہ وعرق النسا مرزا سلیمان طبیب سے ترکیب قصب الذریرہ قسط تلخ ہر ایک تین
مثقال اذخر سورنجان کباب چینی ناردین اسارون ہر ایک دو مثقال زرنباد دارشیشعان عاقرقرحا مغاث بغدادی بوزیدان ہر ایک ایک مثقال سب کو
نیم کوب کرکے تین پیالے پانی میں جوش دیں پھر اُن کا شیرہ نکال کے روغن گل روغن یاسمین روغن بابونہ روغن زنبق ہر ایک دس مثقال ملا کے
جوش دیں تیل رہ جائے تو جدوار خطائی آزمودہ جند بیدستر فرفیون ہر ایک تین مثقال جوزبوا سونٹھ ہر ایک دو مثقال مقل ازرق ایک مثقال کوٹ
اور کپڑ چھان کے ہاون میں ڈالیں اور تھوڑا تھوڑا تیل اُسمیں ٹپکائیں اور دستہ سے ملتے رہیں کہ روغن دواؤں میں مخلوط ہو جائے بعد اسکے مومیائی
معدنی اُسمیں حل کر دیں اور بوتل میں رکھ چھوڑیں روغن تالیف حکیم علویخان ترکیب حرمل فاوانیا سورنجان جوزبوا قسط تلخ خردل برگ سداب
ایرسا بابچھڑ کلونجی عاقرقرحا حب الغار گل حنا شحم حنظل پوست ترنج بوزیدان گل کادی ہر ایک دس مثقال سب کو دس رطل پانی میں جوش کریں
جب تین رطل باقی رہے صاف کرکے تین رطل زیت کہنہ ملا کے پکائیں پانی جل کے روغن رہ جائے تو مومیائی وعنبر ہر ایک دو مثقال روغن بیہ
خرس یا ماکیان ہر ایک دس مثقال روغن جوز وپستہ ہر ایک پندرہ مثقال ملا کے رکھیں پھر فرفیون جند بیدستر ہر ایک تین مثقال مشک ایک مثقال
داخل کرکے حل کریں تاکہ اچھی طرح مخلوط ہو جائے روغن فرفیون برائے اختلاج وتشنج واسترخاء وغیرہ مجرب ہے ترکیب سورنجان مصری سونٹھ
جوزبوا فلفلموبہ مالکنگنی خردل فرفیون ہر ایک ایک تولہ روغن کنجد ساٹھ تولہ اجزا مثل غبار کے پیسیں بعدہ کھرل کرکے تھوڑا تھوڑا تیل ڈالکے
کھرل کریں دو پہر تک اور رکھ چھوڑیں دھوپ یا گرم جگہ پر منبت اعصاب پر ایک پہر تک خوب ملیں روغن برائے سلاق یعنے پلکیں
گر جانے میں بیاض حضرت پیر مرشد قدس سرہ سے ترکیب خشت کہنہ باریک پیس کے گھی میں بھگوئیں اور پوٹلی میں باندھ کے پھول کی
تھالی کو جو آگ پر گرم کرنے کو رکھی ہو پوٹلی پھیریں اور گھی جو تھالی میں جمع ہوتا جائے نکال کے پپوٹوں پر چند روز تک ملیں روغن خل برائے درد
گوش حار عجیب الاثر ہے ترکیب روغن گل ایکجز وسرکہ تین جزو آگ پر اسقدر جوش دیں کہ تیل باقی رہ جائے اور سرکہ جل جائے پھر تقطیر
کریں روغن ترب برائے درد گوش بارد وثقل سمع وغیرہ امراض باردہ گوش مجرب ہے ترکیب روغن کنجد ایکجز وآب ترب تین جزو جوش
کریں تاکہ پانی جل کے تیل باقی رہ جائے نیمگرم کان میں ٹپکائیں روغن برائے درد گوش بارد مجرب ہے ترکیب جند بیدستر حب الغار ہر ایک
ایکدانگ مرکی ڈیڑھ دانگ تخم ترب افسنتین ہر ایک دو مثقال روغن بادام تلخ تین مثقال تخم ترب نیمکوفتہ وافسنتین دونوں کو
پانی میں جوش کریں چھان کے تیل ملائیں پھر ہلکی آنچ پر پکالیں تاکہ پانی جذب ہو جائے پھر دوسری دوائیں ملا کے رکھ چھوڑیں روغن
بابونہ درد بارد گوش کے لیے معمول ہے ترکیب قدرے گل بابونہ روغن کنجد میں ڈالدیں اور بوتل میں رکھ کے دھوپ میں رکھ دیں
جب بابونہ مرجھا جائے باہر نکال لیں اسیطرح مکرر عمل کریں یہی ترکیب روغن گل وروغن سوسن وروغن بنفشہ وروغن نرگس وروغن
یاسمین کے بنانے کی بھی ہے روغن درد ریحی وبلغمی گوش کے واسطے سودمند ہے ترکیب آب مرزنجوش آب ترب روغن زیت باہم ملا کے
ہلکی آنچ پر جوش دیں کہ پانی جل کے تیل رہ جائے اور چند قطرہ نیمگرم کان میں ٹپکائیں روغن مرکب مخترع ومعمول راقم کہ بعد

تنقیہ عام بدن مسہل جاسے وخاص دماغ سے اور جب ایارج سے تقل گوش کیواسطے مجرب ہی افسنتین گل بابونہ تخم ترب ہر ایک چھ ماشہ قسط و ج
خراسانی ہر ایک تین ماشہ سب کو کوٹ کے رات کو تین چھٹانک پانی مین بھگو دین صبح جوش کرین کہ آدھا پانی رہ جاوے مل کے چھانین اور اسمین روغن
بادام تلخ یا روغن سرشف آدھی چھٹانک داخل کرکے پھر جوش دین تاکہ روغن باقی رہ جاوے اتار کے سرد کرین اور جندبیدستر دم کلی ہر ایک چار رتی پیس کے
ملادین رات کو سوتے وقت دو ایک قطرہ نیمگرم کان مین ٹپکائین روغن افسنتین براے گرانی گوش ترکیب افسنتین رومی آب تازہ جوش کرین
جب نصف رہ جاوے چھان کے روغن گل روغن بادام تلخ ہر ایک چھ ماشہ ملاکے پھر جوش دین کہ تیل رہ جاوے پھر مومیائی معدنی ایک رتی حل کرکے رکھ چھوڑین
اور ضرورت کیوقت نیمگرم کان مین ڈالین روغن براے گرمی گوش مجرب ہی ترکیب قسط تلخ سونٹھ حرمل ہر ایک ایکدرم پانی مین پیس کے دس درم
روغن کنجد مین جوش کرین دوائین جل کے تیل باقی رہے رکھ چھوڑین اور نیمگرم کان مین ٹپکائین روغن براے دفع سیلان ریم گوش و درد گوش منقول حکیم کلو صاحب
ترکیب آب زہرہ گاو آب باران یا آب تالاب عسل مصفی روغن کنجد مقشر مساوی الوزن ہلکی آنچ پر پکائین تاکہ دونون عرق جل کے روغن شہد باقی رہے جلنے نہ پائے
اتار کے رکھ چھوڑین جب کان سے پیپ بہے اور درد ہو تھوڑا تھوڑا ٹپکائین روغن براے ناصور گوش ترکیب روغن تلخ ایکپاؤ آملہ حنا ایک ایک تولہ
برگ نیب دس عدد کمیلہ فلفل گرد ہر ایک تین ماشہ نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ پہلے تیل کو گرم کرکے برگ نیب آملہ و حنا و فلفل و نیلہ تھوتھہ ڈالین اور جلائین
بعدہ نیچے اتار کے ٹھنڈا کرین اور کمیلہ پیس کے ملادین اور کان مین تقطیر کرین روغن مجرب جبکہ ورم اجزاے حلق مین عام طور پر ہو ترکیب روغن کنجد
آب کشنیز سبز لعاب حلبہ ہر ایک ایکجزو سرکہ نصف جزو رسوت چوتھائی جزو پکائین کہ روغن باقی رہے پھر ورم حار مین ہمرہ طلا کرین اور خناق بارد
مین نیمگرم روغن محلل اگر معدہ پر مدہین کیجاے تو نفخ کو تحلیل کرتا ہے اور قولنج و ریاح غلیظ مین نفع کرتا ہے مجرب ہے ترکیب سنبل الطیب دارشیشعان
بابونہ برگ سداب تخم شبت شونیز مصطکی ہر ایک ایکتولہ زیرہ کرمانی دو تولہ کوٹ کے ایک سیر پانی مین جوش دین جب چوتھائی حصہ باقی رہ جاوے اسکے
برابر آب شبت سبز و روغن بیدانجیر چار تولہ و روغن بابونہ چار تولہ داخل کرکے جوش دین جب پانی سوکھ جاوے اور روغن باقی رہے چھان کے عنبر اشہب حل کرکے
رکھ چھوڑین وقت حاجت نیمگرم لیکے استعمال کرین اگر ریح غلیظ و درد شدید ہوا ہو استعمال کرنے کے وقت تھوڑے جندبیدستر حل کرلین ایضاً للصبیان
بچون اور بوڑھون کیواسطے اخراج ریح کے لیے بہت سودمند ہی ترکیب خردل سفید جوزبوا برگ سداب تخم بلیون اصل الخدان برگ ٹا زیتون کل یا جو ممکن
ہون مساوی لیکے پانی مین جوش کرین چوتھائی رہ جانے پر اسکے برابر روغن کنجد ملاکے پھر جوش کرین تاکہ پانی جل جاوے اور روغن باقی رہے اسمین سے
تھوڑا سا لیکے شکم اور مقعد پر ملین کہ بہت ریاح دفع کرتا ہے روغن مصطگی مفید کرب و نفخ معدہ و صلابت عضلات ہی ترکیب مصطگی ایک رطل
تین رطل روغن کنجد و چھ رطل پانی مین جوش دین تاکہ پانی جل کے تیل رہ جاوے اور بہتر یہ ہے کہ مصطگی کوٹ کے روغن مین جوش کرین تاکہ پگھل جاوے
روغن براے سقوط مسہ ہاے بواسیر اور بغیر کسی تکلیف کے ہے ترکیب گوگرد زرنیخ دونون برابر پیسکے ہلکی آنچ پر تسقیہ روغن کنجد کے ساتھ کرین
تاکہ خوب جذب کرے یا قرعہ و انبیق مین تقطیر کرین روغن مسکن درد بواسیر ترکیب روغن بیدانجیر پانچ چھ مثقال ظرف مسی بے قلعی مین
آگ پر چڑھادین اوپر سے ڈھانکدین کہ گرم ہوجاوے ڈھکنا کھول کے جلدی سے دو حصہ کافور اسمین ڈالدین اور بند کردین اور آگ سے اتار کے

حرکت دین کہ ممزوج ہوجاوے اوراسیطرح بند رکھین یہانتک کہ برتن ٹھنڈا ہوجاوے تھوڑا سا گرم کرکے موضع بواسیر پر ملین درد اور ورم کو تسکین ہوگی روغن عقرب مفتت سنگ مثانہ ہے ترکیب ریوند سعد کوفی جنطیانا پوست بیخ کبر ہر ایک ایک وقیہ روغن بادام تلخ ایک رطل کوٹ چھان کے بوتل مین ڈالین اور اسمین تیل چھوڑین ایک ہفتہ تک دھوپ مین رہنے دین پھر چھان کے دس عدد عقرب زندہ کہ فی الحال پکڑے گئے ہون ڈالدین اور ایک ہفتہ تک پھر دھوپ مین رکھین بعد صاف کرکے دو قطرہ اسمین سے احلیل مین ٹپکائین اور قدرے مثانہ پر ملین روغن مقوی باہ و دافع استرخاء اعصاب ترکیب زہر جلیبہ مغز گھونگچی سفید مغز حب الگوٹہ کچلہ برادہ کردہ ہر ایک دو دام ہرتال ایک دام سب کو بکری کے دودھ مین تھوڑا تھوڑا ڈال کے بھگودین تاکہ دیر دودھ جذب ہوجاوے پھر گولیان بناکے دھوپ مین سکھالین اور شیشی مین ڈال کے روغن کشید کرین مجرب ہے روغن براے انبعاث شہوت باہ نظیر نہین رکھتا صحت کا تجربہ کیا گیا ہے ازالہ عنین مین تاثیر اکبر رکھتا ہے بیاض استاد مرحوم سے ترکیب سیماب بیربہوٹی سم الفار سفید ہر ایک دو تولہ تینونکو بارہ انڈونکی زردی مین چھ دن تک کھرل کرین بعدہ بقدر نخود گولیان بنائین اور آتشی شیشی مین بطریق ڈول جنتر کے روغن ٹپکائین جھاڑ کی سینک تر کرکے پانی پر خط کھینچدین اور حشفہ و درخت کو چھوڑ کے آلت پر باندھ دین روغن مخترع حکیم امان علی مقوی باہ و رافع سستی اعصاب مجرب ہے ترکیب گھونگچی سفید پوست بیخ کنیر سفید اسگندناگوری تج دارچینی عاقرقرحا تالمکھانہ تخم اونٹکن اندرجو جرمل شونیز تخم پیاز مغز چنبہ دانہ مالکنگنی تراشہ سم اسپ ہر ایک چھ ماشہ مغز حب دنجی مغز چلغوزہ بیخ اونٹ کٹارہ دیودار عود غرقی موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ جوز بوا لونگ رسکپور تخم دھتورہ ہر ایک تین ماشہ افیون دو ماشہ سبکو نیمکوب کرکے روغن میش یا گاؤ ڈیڑھ چھٹانک مین ملاکے زردی بیضہ مرغ دو عدد ملاکے شیشی مین چار پہر تک رکھین پھر روغن کھینچ کے طلا کرین ایضا براے مجلوق و عنین تجربہ کیا گیا ہے ترکیب جونکین گدھے کے خصیہ مین لگائی جائین اور جب خون اچھی طرح کھینچ لین جلاکے سایہ مین سوکھائی جائین بعد اسکے سانڈہ کی چربی بیربہوٹی بیخ کنیر سفید ہر ایک ایکدام سب کو جوکوب کرکے چربی مذکور مین مل کر آتشی شیشے مین رکھ کے تیل ٹپکائین جبکہ روغن سرخ آرہا ہے لیتے رہین اور جب سیاہ آنے لگے علیحدہ کردین اور چاول کے برابر ہمیشہ ملین روغن دفلی درد پشت بارد کہنہ و اوجاع مفاصل و عرق النساء و وجع الورک کو زائل کرتا ہے اور جرب کو ایک ہفتہ مین رفع کرتا ہے ترکیب روغن زیتون یا روغن بید انجیر ایک رطل برگ دفلی جسکو فارسی مین خرزہرہ کہتے ہین ایک اوقیہ دونون کو بغیر پانی کے یا پانی ملاکے پکائین اور چھان کے رکھ چھوڑین رات کو پیٹھ پر ملین صبح کو استحمام کرین غذا شوربا اور اگر برگ مذکور کوٹ کے تھوڑا پانی ملاکے اوسکا پانی لے لین اور روغن کے ساتھ پکائین یہانتک کہ پانی جل جاوے بہتر ہے روغن نعوظ کو قوی کرتا ہے شہوت بڑھاتا ہے پشت کو محکم کرتا ہے اور کمر کے درد کو زائل کرتا ہے مجرب الغطا کی ترکیب فرفیون قسط عاقرقرحا ہر ایک ایکجزو فلفل سیاہ حب الغار بیخ نرگس ہر ایک نیم جزو سبکو دہ چند زیت مین پکائین نصف رہ جاوے تو چھان کے پشت و مذاکیر پر مالش کرین روغن جنطیانا اقسام درد پشت کیواسطے نافع ہے محلل ریاح و نفخ اور براے قیلہ و فتق و ورم بلغمی و براے رگی کہ خصیون اور زہار و پشت و گردہ وغیرہ اعضا مین ہوتا ہے دافع ہے مخترع حکیم علویخان ترکیب جنطیانا رومی دس درم زراوند گرد سعد کوفی سلیخہ سیاہ بیخ کبر ہر ایک پانچ درم نیمکوب کرکے ایک رطل روغن بادام تلخ مین ملاکے خوب پھینٹین اور بوتل مین رکھ کے دس دن تک

دھوپ دین پھر چھان کے کام مین لائین روغن حنا اوجاع مفاصل مین معمول ہے ترکیب برگ حنا یا گل حنا آدھ سیر دو سیر پانی مین جوش کرین آدھا باقی
رہے تو چھان لین اور آدھ سیر روغن کنجد مین جوش دین تاکہ پانی جل جاے اور روغن باقی رہ جاے اور یا برگ حنا یا گل حنا تازہ کوٹ کے تھوڑا پانی چھڑکین
چھان کے اوسکا پانی لے لین اور آب مذکور کے نصف روغن کنجد ملا کے جوش دین کہ تیل باقی رہ جاے تو بہتر ہوگا روغن تنباکو مفاصل بلغمی مین بہت نفع
کے مستعمل ہے ترکیب تنباکو مقرص بتیس درم گل بابونہ ڈیڑھ تولہ سونٹھ نیمکوفتہ ایکتولہ رات کو ایک رطل پانی مین بھگو دین صبح کو نصف رطل روغن کنجد
مین ملا کے جوش دین تاکہ پانی جل جاے اور تیل باقی رہے دوسرے نسخہ مین وزن تنباکو کا سات تولہ اور بابونہ ایک تولہ ہے برگ کنہ سفید جسین علم زیادہ
تحریر ہین روغن سرخ مفاصل و عرق النساء و نقرس و درد ورک مین معمول ہے اور اکثر اوجاع ریحی مین مستعمل ہے ترکیب مجیٹھ ایکپاؤ کا پھل چھریلہ سعد
ساذج قرنفل کچور کچلہ ہر ایک آٹھ تولہ کل دوائین نیمکوب کر کے ایکسیر پانی مین جوش دین آدھ سیر باقی رہے تو مل کے صاف کرین اور روغن کنجد روغن سرشف
ہر ایک دس استار ملا کے پکائین تاکہ روغن باقی رہے آگ سے اتار لین روغن شبت براے اوجاع باردہ بہت مفید ہے نجم الدین خان سے ترکیب
آب شبت سبز روغن کنجد سیاہ ہر ایک ایکسیر قسط و گل بابونہ و زنجبیل و اسپند ہر ایک ایک تولہ جوکوب کر کے اور ملا کے جوش کو دین پانی جل جاے اور تیل باقی
رہے چھان کے مالش کرین روغن مفاصل معمول ہے ترکیب افیون آٹھ درم روغن کنجد ایکسیر شیر گاؤ ایکسیر کچلہ بیس عدد افیون کو دودھ مین
حل کر کے روغن و کچلہ ریزہ کر کے ملائین اور لوہے کے برتن مین جوش دین دودھ جل جاے کچلہ سوختہ ہوجاے اور تیل باقی رہے صاف کر کے استعمال
کرین روغن اوراق براے درد مفاصل بارد مجرب و معمول ہے ترکیب برگ حنا برگ نازبو برگ تاتورہ برگ آک برگ سہجنہ برگ رنڈ برگ سنبھالو
برگ نکو برابر کوٹ کے عرق نکالین اور برابر انکے روغن کنجد ملا کے جوش دین پتیون کا عرق اور تیل ہر ایک اگر پاؤ بھر ہو سپند و تخم شبت ایک ایکتولہ
اجوائن چھ ماشہ اسمین ملا دین کہ یہ بھی جل جائین جب تیل رہ جاے اور پانی جذب ہوجاے صاف کر کے دو ماشہ افیون ایکتولہ سورنجان تلخ پیس کے ملا دین
اور نیمگرم مالش کرین روغن سرخ بادہ معمول و مجرب بے نظیر ہے ترکیب جاکسو صندل سرخ کسیلہ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ سپاری چھالیہ سنگجراحت کات
سفید لوہ چون ورج خراسانی ہلیلہ زنگی پھٹکری مہندی ہر ایک پونے دو ماشہ برگ منیا ملدام دہماہا ایکدرم برگ بکائن دو دام نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ
فلفل سیاہ سات ماشہ روغن سرشف ایک چھٹانک اور ایک پاؤ پہلے پتیان پیسین اور نصف لوہ چون پتیون کے ساتھ پیس ڈالین اور دو گولیان
بنائین روغن کو آگ پر چڑھا کے گولیان ڈال کے جلا ڈالین بعدہ کل ادویہ کوٹ چھان کے تیل مین ڈالدین اور ایک پہر تک نیم کی لکڑی کے ڈنڈے
سے حل کرین اور ضرورت کے وقت مالش کرین روغن سام ابرص نافع خنازیر اگر سینہ تک پہونچ گیا ہو تو بھی دفع کردیتا ہے ترکیب سام ابرص
جسکو عربی مین وزغہ فارسی مین چلپاسہ اور ہندی مین چھپکلی کہتے ہین تین عدد ایکسیر روغن زیت مین ڈال کے جوش کرین یہانتک کہ مضمحل
ہوجائین پھر خاکستر شاخ گاؤ مادہ نو مثقال اسمین ڈال کے پھینٹین اور چند جوش دیکے اتار لین اور وقت حاجت طلا کرین اور صرف منڈی کا عرق
کھینچ کے پئین روغن دفع ورم سوداوی و سرطان خصوص ورمی کہ شہور اور نگ نہی ہو بے نظیر ہے ترکیب پھٹکری ساڑھے تین تولہ
نیلہ تھوتھہ سات ماشہ سنکھیا زرد یا سفید ایکتولہ دو ماشہ روغن کنجد بارہ تولہ روغن کو کڑھائی مین ڈال کے گرم کرین دوائین جدا جدا باریک

اکر کے پہلے چودہ ماشہ پھٹکری تھوڑی تھوڑی کر کے تیل مین ڈالین اور نیب کی لکڑی سے جلاتے رہین بعدہ باقی پھٹکری ایک جنگلی سنکھیا ڈالدین یہانتک کہ سب پڑجاے اور بدستور اسی اثنا مین نیب کی لکڑی جلاتے رہین پھر آگ سے اتار کے دو گھڑی تک حل کرتے رہین بعدہ شیشی مین رکھ چھوڑین اور ضرورت کیوقت مرغ کے پر سے طلا کرین اسکا دستور ہے کہ پہلے دن سوزش و جوشش کرتا ہی ورنہ دوسرے تیسرے دن خواہ جوشش کرے یا نہ کرے ہر روز ملتے رہین بلکہ جوشش کی صورت مین تین دن کی مہلت دینا چاہئے پھر استعمال کرین غرضکہ جب تک جوشش نہین کرتا اگر نفع ظاہر نہین ہوتا اور جوشش کے بعد اس روغن کے ملنے کی ضرورت نہین پڑتی ورم کہنہ کو دفع کر دیتا ہی اگر تیل شیشی کا ختم ہوجاے اور دوا اسمین باقی رہے دوسرا روغن کنجد ڈالدین وہی نفع کرتا ہی یہ روغن بہت خوبیان رکھتا ہی اکثر دیکھا گیا ہی کہ ناک پر ورم ہوا اور سختی ہی رنگ نہین بدلتا اور کسی شی سے فائدہ نہین ہوتا مگر اس روغن کے استعمال سے اچھا ہوگیا ہی روغن تالو مین آتشک کیوجہ سے سوراخ ہوجانے مین نافع ہی ترکیب نکھ مشہور دوا ہی سات عدد اریٹھہ پاؤ بھر نکھ کو جوکوب کرین اور اریٹھہ مسلم دونون کو رات کے وقت تھوڑے پانی مین بھگو دین تاکہ نرم ہوجائین صبحکو شیشی مین معمول الحکمت کرین اسطرح کہ دو حصہ شیشہ خالی رہے اور بتال خنجر کے طریقہ سے ٹپکالین قدرے سوراخ کام پر ہاتھ سے ملین دن مین دو بار ایک ہفتہ مین صحت کلی ہوجائیگی روغن جل نیب خارش خشک وسعفہ کیواسطے نافع ہی ترکیب جل نیب تازہ کوٹ کے اسکا پانی نکال لین اور اس پانی کے ہموزن روغن کنجد سفید ملا کے پکائین کہ پانی خشک ہوجاے روغن زرنیخ براے خارش وسعفہ وقوبا اور ہر قسم کے بثرات بدن خاصکر وہ جنسے پانی بہتا ہو بارہا اوستاد مرحوم نے تجربہ کیا ہی اور بے غائلہ ہی ترکیب روغن سرشف بقدر نو فلوس خوب جوش دین ہرتال ڈھائی ماشہ باریک کر کے ڈالین تاکہ اچھی طرح جل جاے پھر لہسن پانچ جوے اُسی قدر جسقدر ہرتال کوٹا گیا ہو کوٹ کے ڈالدین یہانتک کہ سیاہ ہوجاے بعد اسکے برگ کنیر اکیس عدد ڈال کے اچھی طرح جلائین آخر آگ سے اتار کے حل کرین اور کام مین لائین روغن نارجیل کا ہے قوبا مجرب حقیر ہی ترکیب پوست نارجیل ایک رطل توتیا سبز نوشادر آک آب نادیدہ سنگار ہر ایک ڈھائی درم سب کو نیمکوب کر کے روغن کنجد بیس درم ممزوج کرین اور بطریق بتال خنجر روغن کشید کرین روغن براے چھاجن ترکیب باپچی دو تولہ سیندور چار تولہ بھنگرے علی آٹھ تولہ روغن کنجد آدہ سیر روغن کو جوشدین جب پھین بیٹھ جاے سیندور ڈالدین بعد ایک ساعت کے باپچی پھر ایک ساعت کے بعد بھنگرا ڈال کے اتار لین اور سونے کے وقت کہ ہاتھ پانی سے بھیگ جانے کا احتمال نہ رہے ہاتھ پاؤن مین جہان جی چاہے مالش کرین اور آگ سے ہاتھ پاؤنکو سینکین اور دو گھڑی تک چرب کر کے آگ کو دکھا دکھا کے مالش کرتے رہین نوع دیگر براے اکوتہ وچھاجن ترکیب روغن کتان پانچ تولہ کڑھان مین ڈال کے خوب جوش کرین بعدہ فلفل سیاہ ڈیڑھ تولہ پشک تشتر مین ڈال کے جلائین اچھی طرح جل جانے پر دستہ سے حل کر کے رکھ چھوڑین اور وقت حاجت موضع علیل پر مالش کرین روغن ہاتھ پاؤن پھٹ جانے مین یعنے چھاجن کیلیے مفید ہی ترکیب باپچی سیندور مغز تخم بید انجیر حرمل کہنہ سوختہ ہر ایک ایکتولہ پانی مین پیس کے اور روغن کنجد مین ملا کے پکائین پانی جل جاے توحل کر کے چیٹن پر طلا کرین اور خفیف آگ پر تمکید کرین روغن اوراق سعفہ کیواسطے آزمودہ ہی ترکیب برگ یاسمین برگ نیب برگ فراش برگ کبھیرہ برگ منڈ برگ بکائن ہر ایک ایکتولہ پیس کے ٹکیان بنائین اور پاؤ بھر روغن کنجد مین جلائین کہ سیاہ و خاکستر ہوجاے صاف کر کے کمیلہ مردار سنگ کوکنار سوختہ سہاگہ بریان زرد چوب سوختہ کات سفید باپچی سوختہ آملہ سوختہ فلفل گرد سوختہ ہر ایک دو درم

نیل تھوتھہ نیم درم پیس کے تیل میں آمیز کریں اور نیم کی لکڑی سے حل کریں وبعد حلق راس سر پر فقط ملیں روغن چوب چینی فساد خون سے جو امراض ہوں انمیں
مستعمل اور مجرب ہے ترکیب چوب چینی آدھ سیر چوب انجبار دشتی پانچ سیر بلیلہ سیاہ ایک پاؤ جوتری پانچ تولہ ہر ایک جدا جدا جوکوب کر کے جوتری اور چوب چینی
کی ایک پوٹلی باندھیں چوب انجبار و بلیلہ کی دوسری پوٹلی بنائیں دونوں پوٹلیاں پانچ سیر گھی اور آب خالص بائیس سیر میں ملا کے بڑی دیگ میں رکھیں
اور اسکا منھ سرپوش سے بند کر کے چولھے پر رکھیں اور ڈھانک کی ہلکی آنچ چار پہر تک اول بعدہ سینک کریں جبکہ پانی نصف رہجاے چولھے سے
اتاریں اور دونوں پوٹلیاں ملکے نچوڑیں اور نکال ڈالیں اور دیگ کو ٹھنڈی جگہ پر رات بھر رکھیں صبحکو جو روغن اوپر آجاے کفگیر سے نکال نکال کے علحدہ برتن میں
رکھیں اور غذاے لطیف کیساتھ بقدر دو تین تولہ یا اس سے زیادہ حسب تحمل کھایا کریں روغن برص سفید بیاض اوستاد مرحوم سے ترکیب پوست
بیخ جبنہ سہاگہ گھونگچی سفید مساوی کوٹ چھان کے ایکجا کریں بعدہ دو تولہ روغن کنجد میں کھرل کر کے شیشہ میں ڈال کے مثل حوہ کھینچیں اور طلا کریں
اگر آبلہ پڑجاے خشکی کیواسطے فوفل سوختہ کتھہ سفید چھڑکیں روغن خضاب منقول خط مولوی عبدالقادر مرحوم سے مجرب وآزمودہ ہے ترکیب
کیری انبہ ایکپاؤ مازو برادہ فولاد ہر ایک تین دام انار ترش ایکپاؤ روغن کنجد سیاہ تین پاؤ دوائیں کوٹ کے ہمراہ روغن مٹی کے پرانے برتن میں رکھیں
اور سرگین میں چالیس روز تک دفن کریں بعدہ نکال کے اس روغن کو ملیں روغن بقول سرہندی یہ روغن براے تسوید شعر وحفظ و براے تطویل و
سرعت انبات واستحکام وتجوید اور بالجملہ اسکی تدہین جمیع اقسام زینت کیواسطے مجرب ہے ترکیب برگ مورد آملہ ہر ایک دس اوقیہ ہلیلہ بلیلہ ہر ایک
پانچ اوقیہ مصطگی پرسیاوشان لادن ہر ایک ایک اوقیہ ورد طباشیر نیم اوقیہ فوفل ڈھائی اوقیہ سبکو کوٹ کے تین رطل پانی میں پکائیں یہانتک کہ ادویہ
کی قوت پانی میں آجاے پھر باریک کپڑے سے چھان کے اسی پانی میں روغن گل دو رطل ڈال کے ہلکی آنچ پر جوش دیں کہ پانی فنا ہوجاے پھر ثفل
ادویہ مذکورہ کپڑہ میں باندھ کے اس تیل میں ڈالدیں اور نرم آنچ پر دوبارہ جوش دیں تاکہ ان ادویہ کا پانی بھی جذب ہوجاے سبکو بڑے برتن میں رکھ کے
استعمال کریں اور اسکا فعل عورتیں مشاہدہ کریں روغن گرے ہوے بالونکو اگاتا ہے اور داء الثعلب کے واسطے نافع ہے ترکیب قیصوم پرسیاوشان بابونہ
ہر ایک ایک اوقیہ پانی میں پکائیں کہ گل جاے چھان کے اوسکے ہموزن روغن ڈال کے ہلکی آنچ پر پکائیں تاکہ پانی جلکے روغن رہجاے رکھچھوڑیں اور کام
میں لائیں ایضاً بال گرنے کو روکتا ہے جو مرض آتشک کیوجہ سے گرتے ہوں اور داء الثعلب میں نہایت مفید ہے اگر داء الثعلب کے سبب سے سفید بال نکلنے لگیں تو
اس روغن کے استعمال سے سیاہ نکلیں گے ترکیب وسمہ تین مثقال برگ مورد پندرہ مثقال چار سو مثقال پانی میں جوش کریں آدھا رہجاے
تو چھان کے ایکسو بیس مثقال روغن کنجد میں جوش دیں یہانتک کہ روغن باقی رہجاے پھر چھ مثقال لادن اسمیں حل کریں روغن مجرب تطویل
شعر و تقویت انبات شعر کے لیے ترکیب آملہ برگ آزاد درخت برگ مورد ہر ایک پانچ استار خطمی تین استار کوٹ چھان کے روغن کنجد ایک
رطل میں ملا کے دھوپ یا آگ کے قریب ایک ہفتہ تک رکھیں اور اس سے بالوں کی جڑیں ایک رات چرب کریں اور ایک ہفتہ تک پانی
سے نہ دھوئیں اور یہ روغن تین ہفتہ یا زیادہ دنوں تک استعمال کریں ایضاً مقوی شعر اگر مداومت کیجاے اور باوجود اسکے بالونکو سیاہ کرتا ہے
ترکیب برگ گل شقائق برگ مورد پرسیاوشان سنبل الطیب سعد تخم حقند تخم کرفس آملہ ہر ایک مٹھی بھر سب کو تین رطل پانی میں جوش دیں

کہ ایک رطل رہ جاے پھر چھان کے روغن خیری ایک رطل اُسمین ملا کے پھر جوش دین تاکہ پانی جل جاے بعدہ اقاقیا خاکستر پوست صنوبر ہر ایک ایک اوقیہ ڈال کے رکھ چھوڑین اور ہر دن بالون کو اُس سے چرب کرتے رہین روغن بالونکو سفید ہونے سے بچاتا ہی اور عجائب مجربات سرہندی سے ہے ترکیب سعد سلیخہ سنبل الطیب شونیز شحم حنظل قرنفل قسط قصب الذریرہ تفاح اذخر عود ہر ایک سات درم کوٹ چھان کے چار رطل آب عصارۂ حنظل مین جوش کرین آدھا رہ جاے تو اُسمین روغن حبہ دانہ روغن آملہ ہر ایک ایک رطل ڈال کے دوبارہ جوش دین کہ پانی فنا ہوجاے اور روغن باقی رہے اُسے چھان کے بالونکی جڑون پر طلا کرین روغن حلق شعر کرتا ہی ترکیب اشخار ایک جزو نورہ غیر مطفی ڈھائی جزو زرنیخ زرد دس جزو پانی مین بھگو دین کہ پانی دواؤن کے اوپر تک آنے پاے اور تین دن تک رہنے دین چوتھے دن چھان کے تین جزو وہ پانی اور ایکجزو روغن کنجد ملا کے ہلکی آگ پر پکائین کہ تیل رہ جاے اور پانی جل جاے پھر استعمال کرین اور گھنٹہ بھر کے بعد دھو ڈالین **ایضاً** بال نکلنے کو روکتا ہی مستعمل حکیم علوی خان ترکیب آہک شستہ پانچدرم زرنیخ سائیدہ پانچدرم روغن کنجد دس درم سبکو ممزوج کرکے تین دن تک دھوپ مین رکھین اور ہلاتے رہین اسکے بعد تانبے کے برتن مین نکال کے کام مین لائین روغن بیضہ بال اگاتا ہی ترکیب انڈے کو پانی مین جوش کرکے اُسکی زردی نکالین اور آوندھا مین یا مس مین رکھ کے آگ پر چڑھا دین کہ جل جاے اور کسی چیز سے نچوڑ لین برادۂ عاج و بنجال گس روغن مذکور مین پیس کے اگر ملا دین تو بال اگانے مین قوی ہو جاتا ہی روغن براے حبس عرق کام آتا ہی ترکیب برگ مورد خشک گلنار گلسرخ گل معصفر تازہ صاف کرکے پانی مین پکائین اور پانی کی چوتھائی مقدار مین روغن داخل کرین اور اُسے جوش دین کہ روغن رہ جاے اگر کسیقدر مازو کوٹ کے اضافہ کر دیا جاے تو قابض تر ہو جاتا ہی روغن صنعان التحام زخمہاے تازہ کیواسطے حکیم مومن خان نے تجربہ کیا ہی ترکیب اصل السوس مقشر پوست مغیلان زرد چوب دیودار بالسویہ چارسو مثقال کوٹ کے روغن چراغ کہ حبہ دانہ یا تخم کتان سے لیا ہو چھ سو مثقال اور تین من تبریزی پانی مین ہلکی آگ پر جوش دین یہانتک کہ جھین اُٹھنا موقوف ہو جاے اور پانی جل جاے صاف کرکے استعمال کرین روغن نافع زخم حتی کہ زخم دواب مین بھی فائدہ کرتا ہی ترکیب روغن شیرین نیم رطل برگ نورستہ نیم برگ نورستہ انڈ ہر ایک دو درم پتیان پیس کے ٹکیان بنائین اور تیل مین جلا ڈالین کہ خاکستر ہو جائین صاف کرکے بقدر دو دام رال و تین ماشہ قنبیل باریک پیس کے مخلوط کرین اور نگاہ رکھین بوقت حاجت زخم پر ٹپکائین اگر گوشت مردہ ہو گیا ہو اسمین دو ماشہ نیلہ تھوتھہ بھی داخل کر دینا روغن براے اندمال زخم بے نظیر ہے ترکیب بلادر چھ عدد ڈیکامالی دو دام کتھہ سیندور توتیاے سبز رال موم ایک ایک ماشہ روغن شیرین آدھ پاؤ پہلے بلادر کو روغن و موم مین اسقدر جلائین کہ دھوان اُٹھنا موقوف ہو جاے بعدہ ڈیکامالی ڈال کے جلائین اور حل کرین بعدہ دوسری دوائین ڈال کے حل کرین پھر کپڑے سے چھان کے رکھ چھوڑین نوع دیگر براے اندمال زخم نظیر نہین رکھتا اور دافع زخمہاے آتشک و مجرب النفع ہے ترکیب بلادر تخم کونچ ہر ایک ایکدام اجوائن خراسانی مرداسنگ ہر ایک تین ماشہ توتیاے سبز دو ماشہ روغن کنجد آدھ پاؤ پہلے روغن آگ پر گرم کرکے بلادر ڈالدین جل جانے پر اجوائن پھر تخم کونچ اُسمین جلائین بعدہ توتیاے سبز و مرداسنگ ڈال کے آگ سے اتار لین اور خوب حل کر دین اگر نازک جگہ ہو روغن صاف بغیر درد کے ڈالین ورنہ معہ درد کے ٹپکائین اگر روغن خشک ہو جاے دوسرا روغن ڈال لین یہانتک کہ ناصور کو

فائدہ کرتا ہے روغن لسان الکلب برائے اندمال زخم بے نظیر ہے ترکیب زبان سگ دیوانہ جلا ڈالیں اور تھوڑے سے روغن کنجد میں لوہے کے کرچھے میں ڈال کے نیب کی لکڑی یا لوہے سے حل کر کے شیشہ میں رکھ چھوڑیں روغن تمام قروح خبیثہ مثل اکوتہ وغیرہ کے سودمند ہے ترکیب روغن کنجد ایک سیر لودھ سفید پھٹکری ہر ایک دو درم نیلہ تھوتھہ نصف دام برگ نیم ایکپاؤ جملہ ادویہ کو پیس کے تیل میں جلا ڈالیں اور صاف کر کے رکھ چھوڑیں بوقت ضرورت پرانی روئی کو تر کر کے زخم پر رکھیں روغن ناصور ناصور کو فائدہ کرتا ہے اور خنازیر مزمن متقرحہ کو بھی بہت مفید ہے ترکیب خاکستر سم بادہ گاؤ خاکستر حریم کہنہ کفش کہنہ ہو دونوں مساوی جسقدر بھی ہوں اور ایک عدد کلس (چھپکلی) ان تینوں چیزوں کو روغن سرشف میں جلائیں چھپکلی بخوبی جل جائے پس بخوبی سکو پیس ڈالیں کہ آمیز ہو جائیں چند قطرہ ناصور میں ٹپکائیں اگر حیض کا لتہ خشک کر اور جلا کے ملا دیں تو قوی ہو جاتا ہے اور سریع العمل ہے ایضاً برائے ناصور ترکیب حربا ایکعدد دو تین تولہ روغن کنجد میں پکا کے جلا لیں بعد اسکے چھان کے ایک مثقال شنگرف صلایہ کر کے داخل کریں ممزوج ہو جائے تو تھوڑا اسا زخم میں ٹپکائیں روغن دیودار برائے ضربہ و سقطہ و اندمال جراحت بے عدیل ہے ترکیب چوب دیودار زردچوب اصل السوس دار بلد دودہ سقف نخود بریان کنندہ ہر ایک ڈھائی تولہ پانی میں خوب پیسیں پھر دیگچہ میں رکھ کے اکیس تین تولہ چار ماشہ پانی میں ہلکی آنچ پر جوش دیں تہائی پانی رہ جائے تو ثفل کو نکال ڈالیں اور دیگچہ کو آگ پر بدستور رہنے دیں ثفل کو کپڑے میں رکھ کے دیگچہ کے اندر نچوڑ ڈالیں بعد اسکے روغن کنجد چھیاسٹھ تولہ آٹھ ماشہ داخل کر کے ہلکی آنچ پر جوش دیں کہ پانی جل کے تیل رہ جائے

باب الزاء المعجمہ

ایک فصل زروقات کے بیان میں۔ زروق جدید برائے التیام قرحہ مثانہ و مجاری بول مجربات علویخان ترکیب گل مختوم گل قیمولیا شاخ گوزن سوختہ ہر ایک ایکجزو شادنج مغسول پھٹکری ہر ایک تہائی جزو افیون نصف سدس جزو سفیداب قلعی تین جزو انزروت سفید ربع جزو مرصاف کنندہ ہر ایک دو ثمن یکجزو دواؤں کو باریک پیس کے جمع کریں اور شیر خر یا لعاب اسغول میں حل کر کے مزرقہ میں پچکاری کے ذریعہ ڈال کے کام میں لائیں کبھی زراوند مدحرج ایکجزو زیادہ کر دیتے ہیں اور بندہ نے اکثر اس نسخہ میں مومیائی معدنی اصیل ایک ماشہ ملا کے استعمال کیا ہے اور عجائبات غریبہ اصلاح قروح خبیثہ مثانہ کا مشاہدہ کیا ہے اور ایک خلقت اس سے شکرگزار ہوئی ہے نوع دیگر برائے قرحہ مثانہ و سوزش بول مجرب ہے ترکیب صمغ عربی کتیرا نشاستہ اقلیمیائے نقرہ ہر ایک ایکماشہ سفیداب مغز تخم خیارین ہر ایک دو ماشہ شیر خشت چھ ماشہ خوب باریک پیس کے شیاف بنا کے رکھ چھوڑیں اور ضرورت کیوقت شیر دختر میں پیس کے ٹپکائیں زروق جلیل القدر برائے حبس بول حصاتی کہ مزاحمت حصاۃ کیوجہ ہوتا ہے فوراً النفع کرتی ہے ترکیب سیماب دو ماشہ یا کم پچکاری میں ڈال کے نائزہ میں ڈالیں فوراً سنگ یکسو ہو کے پیشاب جاری ہوتا ہے مجرب ہے زروق معمول سوزاک جدید و قدیم ترکیب پھٹکری ایک تولہ نیلہ تھوتھہ چھ ماشہ دونوں کو کھیل کر کے باریک پیسیں ایکسیر پانی میں ملا کے بوتل میں رکھ چھوڑیں اور ہر روز پانچ چھ مرتبہ استعمال کریں اگر دونوں دواؤں کو پانی میں جوش

کرکے استعمال کیا جاوے تو بھی مفید ہے اگر خون نکلے خوف نہ کرے اگر درد زیادہ ہو شیر زنان سے ممزوج کرے اور ایسی دوا کو کام مین لائے نوع دیگر معمول و مجرب ہے
ترکیب گل ارمنی دم الاخوین انزروت سفیدہ کاشغری سنگجراحت رسوت زرد کتھ سفید کافور ہر ایک تین ماشہ مرداسنگ نیلہ تھوتھہ بریان ہر ایک ایک ماشہ
سرمہ کیطرح باریک پیس کے تھوڑا سا سفوف اُسمین سے لے کے لعاب اسبغول مین حل کرے اور دن مین تین چار مرتبہ پچکاری لے زرذوق سوزش بول کے
واسطے بہت مفید ہے ترکیب لعاب بہدانہ و اسبغول و صمغ عربی اسفیداج سفیدی بیضہ شیر دختران باہم ممزوج کرکے پچکاری لے درزوق مغز
تخم کدو مغز تخم تربوز شیر دختر مین پیس کے بھی نافع سوزش بول ہے زرذوق برائے سوزاک مجرب و جلیل الاثر ہے اور نافع کبھی خطا نہین کی ترکیب ہلیلہ بلیلہ
آملہ تینون ایک ایک تولہ لے کے تین پاؤ پانی مین شبانہ روز بھگو دین بعدہ صاف کرکے بوتل مین رکھین گل ارمنی دم الاخوین انزروت سفیدہ کاشغری
کتیرا نشاستہ مرداسنگ کاغذ سوختہ نیل ولائتی کافور ہر ایک تین ماشہ سب کو باریک سرمہ کیطرح پیس کے بقدر ایکتولہ اُسمین سے لیکے بوتل مذکور مین ڈالین
اور اچھی طرح حرکت دیکے پچکاری لین استعمال کرتے وقت بھی اچھی طرح ہلا لین نوع دیگر بارہا تجربہ مین آئی ہے اور اس سے بہتر دوا کم دیکھی گئی ہے ترکیب شورہ ایکماشہ کتھ سفید چھ ماشہ زہر
ایکماشہ ایک سیر پانی مین رہ پھر کپڑے مین چھان کرکے کافور رسکپور پھٹکری بریان نیلہ تھوتھہ کھیل کیا ہوا ہر ایک ایکماشہ سب کو باریک پیس کے اُسمین ملا دین اور
ہر روز تین چار مرتبہ اسکی پچکاری لین زرذوق سوزاک قدیم و جدید و جریان رحم کے واسطے مجرب ہے ترکیب کاٹ مہندی تین جزو توتیائے ہندی ایک جزو
دونون کو اچھی طرح کھرل کرین آب حنا یا محض پانی مین لعاب اسبغول سے مخلوط کرین ایک گھنٹہ تک جنبش دیتے رہین کہ اسکا اثر پانی مین سرایت کر جائے
پھر پچکاری لین اگر دو تین مرتبہ یہی عمل کیا جاوے تو اغلب ہے کہ تیسرے دن ضرورت نہ پڑے نوع دیگر برائے سوزاک قدیم و قرحہ معمول ہے ترکیب شیاف ابیض
سادہ یا افیونی روغن دیودار مین حل کر پچکاری لین ایضاً برائے سوزاک مجرب ہے ترکیب کتیرا تین ماشہ سنگجراحت چار ماشہ افیون ایک ماشہ گیرو چار ماشہ
پھٹکری تین ماشہ رسوت نگر کوئی چھ ماشہ اسبغول ایکتولہ کتیرا کو پانی مین حل کرکے کپڑے سے چھانین اسبغول ڈال کے دوائین کوٹ چھان کے مخلوط کرین
اور پچکاری لین اور چاہیے کہ رسوت کو پانی مین حل اور کپڑے سے چھان کے ملا دین تاکہ سوزش نہ کرے نوع دیگر مجرب برائے سوزاک قدیم و جدید مفتاح سے
ترکیب سہاگہ بریان پھٹکری بریان تین چار ماشہ نیلہ تھوتھہ بریان دو ماشہ گیرو ڈیڑھ ماشہ کوٹ چھان کے دو پڑیان بنا لین ایک پڑیہ ایک سیر
پانی مین ڈال کے بوتل مین رکھ کے خوب ہلائین اوس مین رکھدین اور صبحکو کام مین لائین دوسرے دن دوسری پڑیہ آدھ سیر پانی مین ملا کے کام مین لائین دو دن مین
شفائے کلی ہو جائیگی زرذوق معمول ہے برائے سوزاک ترکیب سفیدہ کاشغری پھٹکری ہر ایک چھ ماشہ باریک پیس کے رکھ چھوڑین اور وقت ضرورت دو ماشہ اس دوا سے لیکے گلاب
آٹھ تولہ روغن گل چار تولہ مین ملا کے پچکاری لین اسکے استعمال کے بعد ذکر کا سوراخ قدرے بند رکھین اگر ایک مرتبہ کافی نہو دو تین مرتبہ استعمال کرین لیکن پہلے دوائی اندری چھان
لین اگر اسکا اتفاق نہ ہو فصد باسلیق کھلوائین اور اول پچکاری ایکتولہ عسل سفید آٹھ درم پانی مین ممزوج کرکے پچکاری لین بعد اسکے نسخہ مرقومہ عمل مین
لائین ایضاً برائے سوزاک مجرب و معمول ہے ترکیب برگ نیب برگ بکائن برگ حنا برگ مکو مع شاخ پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ ہر ایک
دہ پاؤ آدھ سیر پانی مین جوش دین آدھا رہ جاوے تو اتار کے ملا دین اور کپڑے سے چھان سکے بعد گل ارمنی طباشیر ہر ایک چھ ماشہ سنگجراحت دو تولہ
نیلہ تھوتھہ چار ماشہ پیس کے پارچہ مین ڈال کر کے آب مذکور مین ڈالدین اور بوتل مین رکھ چھوڑین وقت حاجت دو تین ماشہ کے رسوت حل کرکے پچکاری لین

باب السین المہملہ چار فصلون پر شامل ہی

فصل اوّل- سعوطات کے بیان مین- سعوط معمول برائے صداع کثیر الحرارت وشدید الالم ترکیب کافور افیون دونون برابر یعنی
دو تین رتی پیس کے روغنگل ایک ماشہ مین ملا کے مکرر عمل مین لائین اگر شیر دختران کا اضافہ کرین اولی ہی اور اکثر اوقات شقیقہ وعصابہ مین کافور روغن گل
فقط استعمال ہوتا ہی اور مفید پڑتا ہی ایضاً معمول ترکیب افیون زعفران ہر ایک چار رتی طباشیر دو ماشہ شکر طبرزد ایکماشہ تخم زنان در روغن گل
و روغن بنفشہ مین حل کر کے سعوط کرین ایضاً برائے صداع وشقیقہ گرم و درد گوش حار ترکیب افیون کافور تخم البنج مساوی کوٹ چھان کے مانند
عدس گولیان بنائین ایک یا دو گولیان روغن بنفشہ مین حل کر کے ناک مین اور کان مین درد ہو تو کان مین ٹپکائین سعوط برائے درد سر بارد نافع
ہی ترکیب چونہ کو ہتھیلی پر رکھ کے تھوڑا نوشادر ملا کے ملین کہ پانی ہو جائے ناک کے قریب لیجا کے چند مرتبہ زور سے سانس لین مجرب ہے سعوط مجرب
برائے صداع دودی وقاتل کرم دماغ وجراحات ترکیب حلتیت وکافور قدرے روغنگل مین حل کر کے سعوط کرین ایضاً سعوط معمول برائے
شقیقہ وعصابہ ترکیب کافور روغنگل مین پیسین آفتاب طلوع ہوتے سے پہلے بجانب موافق درد مریض نتھنے مین مریض کے چند قطرہ تین تک
ٹپکائین ایضاً معمول شاہ عبد العلیم صاحب مرحوم ترکیب مغز تخم کھرنی ایک عدد پانی مین پیس کے چند قطرے مخالف درد نتھنے مین قبل طلوع
آفتاب ٹپکائین تین روز مین صحت ہوگی ایضاً مجربات حکیم نبی بخش سے ترکیب جانب موافق مرض سمندر پھل پانی مین پیس کے چند قطرے قبل طلوع
نتھنے مین ٹپکائین اور بعضے مخالف نتھنے مین ٹپکاتے ہین سعوط برائے شقیقہ ودوار وسدر بہت مجرب ہے ترکیب موسیائی بقدر مسعود روغن بان یا روغن گل مین گھلا کے مشک تبتی
کافور جند بید ستر ہر ایک ایک رتی خوب سحق کر کے مخلوط کر کے پانی سے سعوط کرین ایضاً برائے دوار وسدر بار دمجرب ہے
ترکیب روغن قسط روغن ناردین ہر ایک دو دانگ اور ایک حبہ جند بید ستر اور ایک حبہ مشک اسمین حل کر کے کام مین لائین ایضاً سدر و
دوار بارد مین بعد تنقیہ کے کام مین لائین ترکیب فلفل سیاہ صبر زرد زعفران جند بید ستر آب مرزنجوش و روغن بنفشہ مین ملا کے ناک مین ٹپکائین
سعوط معمول لنیز غش وسبات بخاری مین کہ بعد سعفیہ و بائی کے ہو جاتا ہی ترکیب سنبل الطیب شونیز کندش تربد سفید دار شیشعان جند بید ستر
ہر ایک تین ماشہ پیس کے سعوط کرین سعوط مقوی حافظہ ومزیل نسیان بلغمی ومستعمل بعد تنقیہ ترکیب مغز ایک رتی جند بید ستر نصف رتی دونون کو
روغن یاسمین مین حل کر کے تسعیط کرین سعوط ہندی برائے صرع متمادی مجرب ہی ترکیب بارکٹائی خورد خشک کر کے کا پھل پھکنی ہر ایک
چھ ماشہ کوٹ چھان کے ناس تمباکو لوزن چار پہلولی ملا کے دو بار بقدر دو ماشہ ناس لین ایضاً تکملہ ہندی مین مذکور ہی ترکیب تلخہ اشخال
تین چند عدد فلفل ڈال کے باورچیخانہ مین لٹکا دین خشک ہو جائے تو صاحب صرع کو نوبت کیوقت اُن سیاہ مرچونکے دو دانے پیس کے ناک کے
دونون نتھنون میں دو تین قطرے ٹپکائین صرع بالکل دور ہو جائیگی اسیطرح مروارید محلول ناک مین ٹپکانے سے صرع ایک دفعہ مین زائل ہو جاتی ہی
ایضاً مجرب حکیم شریف خان برائے صرع ترکیب مغز تخم مہوہ زعفران نبات سفید برابر سب کو پانی مین پیس کے جسوقت صرع کا دورہ ہو

درنون نتھنوں مین چار قطرے ٹپکادے **ایضًا** نافع صرع صبیان **ترکیب** جندبیدستر حلتیت خوب حل کرین چار چاولوں کے برابر شیر مرضعہ مین
سعوط کرائین سعوط برائے سکتہ **ترکیب** عود صلیب پیس کے روغن بابونہ روغن نرگس مین ملائین اور ناک مین ٹپکائین آب سیب آب فتاب مرزنجوش تنہا
یا مرکب ٹپکانا و نیز سعوط زہرہ کلنگ و دیگر طیور تنہا یا آب سداب مین یا آب مرزنجوش مین قوی تر ہے جندبیدستر ماء العسل مین بدستور نافع لقوہ ہے **ایضًا**
نافع سکتہ بلغمی **ترکیب** فلفل سیاہ فلفل سفید خربق سیاہ برابر پیس کے مکرر سہ کرر سعوط کرائین تاکہ ہوش آجاے یا کندش شونیز فلفل جندبیدستر
خربق مشک خالص باریک پیس کے ناک مین پھونکدین اور یا شحم حنظل وقثاء الحمار نوشادر کندر فلفل سیاہ اسطوخودوس کوٹ چھان کے پھونکین تاکہ
چھینک آئے سعوط جنون احتراقی مین مفید ہے **ترکیب** آب عنب الثعلب سبز جوش کرین صاف کرکے ہمراہ روغن نیلوفر یا انڈے کی سفیدی یا شیر دختر
مین ملاکے ناک مین ٹپکائین سعوط لقوہ اور فالج کو فائدہ کرتا ہے **ترکیب** صبر زرد شونیز بورہ ارمنی جملہ برابر کوٹ چھان کے آب چقندر کے ہمراہ ناک مین
ٹپکائین پانچ روز مین لقوہ زائل ہوجائیگا سعوط علویخان کہ امالہ نزلہ جانب بینی اور فالج ولقوہ ورعشہ وجمیع امراض باردہ دماغیہ مین مجرب ہے
ترکیب برگ فلی (کنیر) باورچیخانہ کے دھوئین مین لٹکادین کہ خشک ہوجاے پھر ساٹھ درم وہ اور صعتر زراوند طویل زعفران ہر ایک پانچ درم
کندش چار درم عاقرقرحا بیس درم گاے کے مسکہ مین ملاکے سعوط کرین حسب دلخواہ ریزش ہوگی سعوط بادبیل سدہ بینی کے واسطے مفید ہے
ترکیب مر صبر زعفران کندش مویزج مساوی لے کے باریک پیسین اور آب مرزنجوش مین سیاہ مرچون کے برابر گولیان بنالین بچون کو برابر ایک
رتی اور بڑے سن والونکو نصف دانگ روغن بنفشہ مین تسعیط کرائین سعوط نافع نزول الماء از دماغ ہے **ترکیب** مشک خالص ایکماشہ
زعفران دوماشہ سنبل الطیب ایک ماشہ کائپھل چار ماشہ کوٹ چھان کے قدرے قلیل استعمال کرین سعوط برائے فساد شم **ترکیب** جندبیدستر
کندش قسط قرنفل ہر ایک ایکدرم آب کرفس روغن زرد ہر ایک اوقیہ روغن بنفشہ نصف اوقیہ جوش کرکے سعوط کرین سعوط نافع رعاف
ترکیب کندر افیون کافور ہر ایک ایک رتی پانی مین پیس کے ناک مین ٹپکائین **ایضًا** حابس رعاف **ترکیب** مسکہ بے نمک آب خرفہ
مین مکرر دھوکے اور قدرے کافور اسمین ملاکے سعوط کرین اور برگ کنار و برگ بید و برگ بالنہ جوان مین سے مل جاے باریک پیسکے پیشانی
پر طلا کرین سعوط بعد تنقیہ کے اتساع مین کہ رطوبت عنبیہ سے ہو کام آتا ہے **ترکیب** آب عذاب زہرہ خروس کیساتھ روغن بلسم مین ناک
مین ٹپکائین سعوط برائے سدہ انف کہ موجب غنہ صوت مین ہوتا ہے **ترکیب** جندبیدستر مر ہر ایک ایکدرم مشک زعفران وافیون ہر ایک
ایکدانگ عدس بیس درم خوب پیس کے گولیان بنائین اور آب مرزنجوش مین حل کرکے سعوط کرین **ایضًا** نافع خناق یعنے غنہ کہ اُس سے کلام
انسان صاف نہین ہوتا **ترکیب** تنکار کو موم روغن مین حل کرکے ہمیشہ سعوط کرین تاکہ مرض پورے طور پر زائل ہوجاے سعوط نافع خشم
ترکیب خربق سیاہ بورق شونیز پیس کے زہرہ گاؤ مین ملاکے ناک مین ٹپکائین سعوط برائے بخر الانف مجرب ہے **ترکیب** عنبر زعفران آب نعناع
مین سعوط کرین **ایضًا** مجرب **ترکیب** انار شیرین و مر و سنبل الطیب تانبے کے برتن مین جوش کرین اور روغن نرگس و بنفشہ کے ساتھ
ٹپکائین سعوط مانع کثرت عطسہ **ترکیب** آب گل خطمی روغن گل مین ممزوج کرکے مکرر سعوط کرین۔

دوسری فصل سنونات کے بیان مین۔ سنون برائے اقسام قلاع مجرب ہی ترکیب مازو پھٹکری دونون برابر پیس کے
ملین سنون معمول جبکہ مرض آتشک مین زہریلی دوائین استعمال کرنے سے منہ آجاتا ہی ترکیب نرداوند حرج برگ مورد گلنار کند رسعد ایسا
دم الاخوین مازو تخم خرفہ تخم کدو مساوی پیس کے منجن بنائین سنون احمر برائے قلاع اسود اطفال بہت نافع ہی ترکیب بلیلہ زرد سوختہ حستہ
خرما سوختہ تخم کشنیز سوختہ طباشیر گلنار مساوی کوٹ پیس کے منجن بنائین سنون احمر تمام قسم کے منہ آنے و قروح دہان و زبان و حلق و حنجرہ و
مری و برائے آکلہ و جوشش آتشک حلق و قلاع و فم و دہان خواہ کسی قسم کا ہو خصوص قلاع خبیثہ و برائے فساد اسنان و تاکل اسنان مجرب ہے
ترکیب گل مغرہ نو جزو توتیائے ہندی ایکجزو لیکن اگر جوشش و قروح تازہ ہون توتیا کھیل کر لین ورنہ بغیر کھیل کیا ہوا دونون کو باریک پیس
اور چھان کے رکھ چھوڑین اور قروح خبیثہ و فساد دندان و کرم دندان مین بدل گل مغرہ فتیل کرتے ہین اس منجن کے استعمال کا طریقہ جوشش ہائے
تازہ و کہنہ فم و قروح و بثور آتشک کہ منہ مین ہون اور آکلہ و قروح خبیثہ و قلاع خبیثہ مین اور فساد و تاکل اسنان مین اور جوشش و قروح حنجرہ و حلق تازہ
مین اور قروح و بثور آتشک مین کہ حلق و مری و حنجرہ مین اور قروح و بثور کہنہ و خبیثہ دوسرے اعضا مین سوائے دہان و زبان و حنجرہ و حلق و مری کے ہر ایک
فصل آئندہ مین بیان ہوگا سنون زرد برائے درد دندان حار اور جو ورم لثہ و ضربہ و سقطہ سے ہو اور استحکام دندان کے واسطے معمول و مجرب ہی ترکیب پوست
انار گلنار زرد چوب و سماق و پھٹکری بریان مازو ہر ایک ایکماشہ کوٹ چھان کے استعمال کرین ایضاً برائے درد دندان منقول مولانا جلال الدین صاحب علیہ الرحمہ
سے ترکیب خرمہرہ زرد سوختہ نیلہ تھوتھہ سوختہ مازو سبز ہر ایک سیس نمک لاہوری پھٹکری بریان نمک سیاہ پیپل مساوی پیس کے منجن تیار کرین ایضاً
برائے درد ضرس تکملہ سے ترکیب فلفل سیاہ توتیا بریان کتھ سفید نمک سیاہ برابر پیس کے ملین اور رال ٹپکائین سنون برائے درد دندان و
استحکام مجرب ہی ترکیب سونٹھ سون مکھی بائبڑنگ ہر ایک سیس کتھ سفید توتیا بریان مساوی سبکو باریک پیس کے منجن بنالین ایضاً برائے درد
دندان و جریان خون و استحکام جملہ و اکثر امراض اسنان ہمیشہ معمول ہی ترکیب توتیا سوختہ پھٹکری سوختہ نمک لاہوری کتھ پاپڑیہ مازو سوختہ
دانہ الائچی کلان مساوی کوٹ پیس کے استعمال کرین اگر دانت ہلتے ہون ہر ایک سیس ڈیڑھ جزو بڑھا دین تو عدیم النظیر برائے درد دندان و استحکام دندان
مجرب و بے نظیر ہے ترکیب مصطگی رومی مازو گرد سماق بالچھڑ سعد اشنہ سونٹھ خولنجان فوفل سوختہ الائچی خورد مع پوست نمک لاہوری خرمہرہ زرد سوختہ
عاقرقرحا کات بزر کتان سوختہ ہر ایک دو تولہ کبابہ ہیر ایک سیس از زروت زرد ہر ایک ایکتولہ توتیائے سبز بریان چھ ماشہ کوٹ پیس کے منجن بنائین اور فلفل گرد
اور باہ دونون مساوی پیس کے ملنا اور پسے گلوری پان کی کھانا بھی درد دندان بارد مین معمول ہی سنون تسکین آلام و دفع جریان خون اور دانتون کی
جڑ و نکا گوشت پیدا کرنے اور مواد نکلنے کو روکنے مین تجربہ کیا گیا ہی اور اکثر مزاجون کے موافق پڑتا ہی ترکیب سعد طباشیر گلسرخ تخم مورد گلنار کات
ہندی فوفل کزمازج آقاقیا ہر ایک ایکجزو سماق تین جزو منجن بنائین سنون ازالہ درد دندان و نشف رطوبت نزلہ و ورم لثہ کیواسطے مجرب ہی ترکیب
سونٹھ نمک سنگ مرچ سیاہ گیرو تمباکو سے خشک (یعنی بنارسی ناس) پانچون دوائین پیس کے رکھ چھوڑین اور جسوقت چاہین ملین اور منہ کھول کے
سرنگون بیٹھین کہ رال بعد ایک گھڑی کے پانکی گلوری تنبول کھالین اور اسکی پیک سے دانت دھولین بعدہ دوسری گلوری کھائین دو گھڑی کے بعد پانی

پنے مین مضائقہ نہین ہے ایضاً معمول برائے درد دندان و استحکام ترکیب دانہ الائچی مازو بریان ہر ایک ایکتولہ پھٹکری بریان کات سفید موچرس
ریزہ سفید ہر ایک چھ ماشہ ہلیلہ زنگی بریان پوست بلیلہ بریان آملہ سنگجراحت سعد ہر ایک چار ماشہ مصطگی بادکسیس ہر ایک چھ ماشہ سپیاری چھالیہ
دو عدد توتیائے ہندی بریان دو ماشہ منجن بنائین تسنون درفع درد و جنبش دندان مین تاثیر عظیم رکھتا ہی بغیر تاخیر کے بارہا تجربہ کیا گیا ہی ترکیب
کچلہ سوختہ مثل راکھ تخم المناس ہر ایک ایکتولہ فلفل سیاہ نمک لاہوری ہر ایک چھ ماشہ منجن بنائین اور استعمال کے بعد پانکی گلوری کھائین تسنون از
حضرت شیخ فریدالدین گنج شکر قدس سرہٗ العزیز برائے استحکام دندان بے نظیر ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ آملہ منقی زنجبیل دارفلفل توتیا
بقم مازو نمک سنگ برابر وزن لیکے جدا جدا کوٹین بعدہ سب کا وزن کر کے باہم ملا کے منجن بنالین ایضاً حکیم اکمل خانصاحب نے برائے نواب مجدالدولہ
تجویز فرمایا تھا برائے تقویت لثہ بے نظیر ہے ترکیب مصطگی زرورد گلنار گلسرخ بسد سفید سائیدہ الائچی خورد گل سیوتی زیرہ سفید بریان ہر ایک
دو ماشہ پھٹکری بریان ایک ماشہ منجن بنائین سنون تقویت و تشدید اسنان کرتا ہی ترکیب نوفل کزمازج گلنار گلسرخ سماق حنیت بلوط حب الآس
عفص مساوی سنون بنائین اور حکیم شریف خانصاحب نے بغیر سماق کے مکرر استعمال ہی نافع پایا ہی ایضاً مشد دندان و مطیب دہان و رافع درد اسنان فی نوع
مجربات حکیم کلو صاحب ہے ترکیب مصطگی کسیس تخم مین پھل سونٹھ بریان سنگجراحت بریان سہاگہ بریان سنگ جرسہ نمک سفید ہر ایک ایکدام فلفل
کشنیز بریان کتھہ سفید زیرہ بریان ہر ایک دو دام ناگرموتھہ چار دام کوٹ چھان کے داتون مین ملین اور پانی مین غرارہ کرین اور پان کھالین اور اگر
ورم لثہ باقلاع کے سبب سے ملنا دشوار ہو قدرے اُسمین سے پانی مین جوش کر کے نیم گرم مضمضہ کرین اور زیر زبان منھ مین رکھین سنون ابیض تمرین
مجنون سے ہے برائے استحکام لثہ و دندان و منع انصباب نزلہ جانب دندان وحفظ لثہ تاکل و تعفن سے و قطع خروج خون دندان و دفع بوئے بد
دہان ترکیب عاقرقرحا وج ترکی کزمازج سعد کوفی ہر ایک چھ ماشہ پوست انار مازو قشار کندر گلنار فارسی گلسرخ مرداسنگ بسد سفالی چینی سفید کل تین ماشہ
کف دریا نمک طبرزد پھٹکری صدف سوختہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ فلفل سفید مصطگی عود بلسان ہر ایک ایک ماشہ فیل گوش سوختہ اگر نہ مہیا ہو سکے
دندان فیل پانچ ماشہ بیخ سوسن کبود شاخ گوزن سوختہ اشنہ بلیلہ ہر ایک چار ماشہ طباشیر تخم خرفہ نشاستہ کتیرا خشک بریان آرد عدس ہر ایک سات ماشہ
باریک کوٹ پیس کے کافور قیصوری چھ رتی پیس کے ملا دین اور داتون و مسوڑھون پر ملین بعض اوقات سرکہ مین ملا کے مضمضہ کیا جاتا ہے
تسنون برائے تحرک اسنان کہ رطوبت سے ہو معمول ہے ترکیب قرنفل مصطگی سعد گلسرخ گلنار بالچھڑ جوز السرو مساوی کوٹ چھان کے رات کو
سوتے وقت استعمال کرین تسنون معمول مقوی اسنان و مانع خروج خون ترکیب سہاگہ تیلیہ بریان پھٹکری بریان ہر ایک ایک تولہ قرنفل
نو ماشہ تخم مین پھل مازو ہر ایک دو عدد فلفل سیاہ پاپڑیہ کتھہ نمک لاہوری ہیرا کسیس سپستان ہر ایک چھ ماشہ زرورد گل سرخ صندل سفید گلنار
سماق فلفل دراز زنجبیل مصطگی رومی کھندریا قسط کبابہ عذبہ سعد کشنیز خشک دانہ الائچی ہر ایک چار ماشہ سپیاری چھالیہ سوختہ ایکعدد کوٹ چھان کے
منجن بنائین تسنون بے نظیر برائے تحرک دندان و تسکین وجع دندان و رنگ بغایت خوش رنگ لاتا ہی معمول استاد مرحوم سے ترکیب مازو سبز
بے سوراخ پانچ درم پختہ توتیائے سبز سوختہ دو درم پختہ سون مکھی ہیرا کسیس کتھہ سفید ہر ایک ایکتولہ مائین گجراتی مصطگی رومی گلنار ہلیلہ زنگی

آملہ ہر ایک نو ماشہ سنگجراحت برادۂ فولاد ہر ایک ایکدرم پختہ خوب باریک پیس کے دانتون مین ملین **ایضاً** جامع النفع مجرب و معمول ہی **ترکیب** پھٹکری
بریان کتھ سفید برادۂ آہن پوست درخت مولسری ہر ایک تین درم کسیس ایکدرم پوست انار نصف درم پوست بلیلہ تین درم چوبچینی ایکدرم منیلہ تھوتھہ
بریان دو درم مسی کی طرح ملین اسکے بعد روغن گل نیمگرم کا مضمضہ کرین بعدہ آب نیمگرم سے مضمضہ کرین برائے استحکام دندان و تقویت لثہ عدیل نہین رکھتا
نوع دیگر معمول برائے استحکام دندان و درد اسنان **ترکیب** فوہ توتیائے سبز بریان کات سفید کشنیز بریان زیرۂ سفید مصطگی سعد پوست بیخ شیطرج
نمک لاہوری ہر ایک ایکدرم فلفل گرد کسیس ہر ایک نیمدرم کوٹ چھان کے منجن بنائین سنون جہت جنبش دندان کہ بسبب ضربہ یا سقطہ وغیرہ
کے ہو روک دیتا ہی اور دانتونکی جڑونکو مضبوط کر دیتا ہی بیاض والد ماجد مرحوم سے **ترکیب** پھٹکری بریان سپیاری سوختہ کتھ سرخ مرچ سیاہ
آملہ نمک مساوی کوٹ پیس کے کام مین لائین اور آملہ کا نصف حصہ بریان کر لینا چاہیے **سنون** دانتونکو جلا دیتا ہی اور زردی و سیاہی کو دور کرتا ہی
منہ کو خوشبودار کرتا ہے مقوی دندان ہی **ترکیب** گزمازج کعذربا دارفلفل قاقلہ صغار ہر ایک دو درم نمک بریان دس درم جو سوختہ سات درم
کبھی عود سوختہ پانچدرم مشک تیندرم کا اضافہ کر دیتے ہین کوٹ چھان کے منجن بنائین **ایضاً** دانتونکو جلا دیتا ہی مضبوط کرتا ہی مسوڑھے بڑھاتا ہی
منہ کو خوشبودار رکھتا ہی **ترکیب** سفال چینی کف دریا اشخار نمک اندرانی ہر ایک تین درم جو سوختہ عود سوختہ عاقرقرحا ہر ایک دو درم قرنفل
کباب چینی ہر ایک نصف درم کوٹ چھان کے منجن بنائین **سنون** نافع برائے تغیر رنگ دندان کہ ان پر زردی جم گئی ہو اور قوی الاثر ہے
ترکیب کف دریا خزف چینی خاکستر صدف شعر محرق رماد بیخ نے نمک اندرانی زراوند مدحرج برابر پیس کے کام مین لائین **نوع دیگر** دانتونکو
جلا دیتا ہی تغیر رنگ دندان و حفر کو زائل کرتا ہی مسوڑھے مضبوط کرتا ہی اور اگاتا ہی مسوڑھون سے خون نکلنے کو روکتا ہی **ترکیب** صدف مروارید
ایکجزو عقیق سرخ برگ مورد گل سرخ ہر ایک نصف جزو نمک لاہوری پھٹکری نوشادر و سفیج ہر ایک چوتھائی جزو سبکو لیمون کی ترشی مین اتنکو
بھگو دین صبح کو جو کا آٹا کل دواؤنکے برابر ملا دین اور شہد مین بھگو کے کورے آبخورے مین گل حکمت کر کے پھونکین پھر باریک پیس کے استعمال کرین
مجرب انطاکی ہی **سنون** برائے ورم لثہ و سیلان خون و درد دندان منقول علویخان سے **ترکیب** سعد کوفی پوست بلیلہ زرد گزمازج دارفلفل
عاقرقرحا فلفل گرد کشنیز خشک ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے موضع معمول پر ملین تاکہ منہ سے لعاب جاری ہو **سنون** برائے آکلہ لثہ **ترکیب**
مرجان سوختہ صدف سوختہ ہر ایک دو ماشہ زرد چوب مازوئے سبز جوز السرو توتیائے سبز بریان پھٹکری بریان دم الاخوین گل ارمنی ہر ایک
تین ماشہ کوٹ چھان کے منجن بنائین **سنون** قروح و جروح لثہ و خروج خون لثہ و اکثر امراض اسنان مین عجیب الاثر ہی **ترکیب** مازو گلنار
اقاقیا نمک لاہوری موئے سر انسان سوختہ سب کو پیس کے ہموزن آرد جو شہد مین بھگو کے جلائین پھر پیس کے ذرور و سنونتا استعمال کرین اور
حکیم عابد نے اپنی شرح اسباب مین یہ نسخہ کتاب نزہت سے نقل کیا ہی اور لکھا ہی کہ اگر یہ ذرور استعمال کیا جائے تمام اوجاع دہن و دندان کے
واسطے مجرب ہی اور اس بارہ مین اسکا مثل نہین ہی **سنون بارد** برائے امراض حارہ مسوڑھونکو پیدا کرنے اور مسوڑونکی بو دور کرنے اور دانت ہلنے
مین حکیم شریف خان نے تجربہ کیا ہی اور حکیم ذکاء اللہ خان نے آزمایا ہی اور تذکرۂ انطاکی سے منقول ہی **ترکیب** طباشیر گل سرخ ہر ایک

تین درم مروارید گل ارمنی دم الاخوین ہر ایک سہ درم مرجان سوختہ صندل سرخ ربِ عناب حب کا کنج کزمازج جابران ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے منجن بنائیں سنون
حبس خون لثہ میں معمول ہے ترکیب سپیاری چھالیہ سوختہ گلنار شاخ گوزن سوختہ کاغذ خطائی سوختہ سماق سوختہ بیخ نے طباشیر سفید غنچہ گلسرخ کزمازج ہر ایک خستہ
ہلیلہ سیاہ سک برگ مورد دم الاخوین سعد کوفی عدس مقشر ہر ایک سعد ماشہ پھٹکری بریان پانچ ماشہ کوٹ چھان کے سنون بنائیں تو علاج گیر دم الاخوین
ماشہ الائچی بریان طباشیر سفید فوفل سوختہ ہر ایک پانچ ماشہ کتھہ سفید چار ماشہ کہربا تین ماشہ سب کو پیس کے منجن بنائیں سنون جامع القطع ہے بیاض استاد
مرحوم سے ترکیب دم الاخوین غنچہ انار کات سفید کبابہ چینی مصطگی پوست مغیلان مساوی کوٹ چھان کے منجن بنائیں اور انگو عمل میں لائیں اور
ایک گلوری اسکے اوپر سے کھالیں الضامنہ دانتوں کی جڑوں سے خون نکلنے کو روکتا ہے ترکیب گلنار مازو عدس افاقیا پھٹکری کندر رب السوس سب
مساوی باریک پیس کے منجن بنائیں سنون دانتوں سے خون نکلنے کو روکتا ہے دانتوں کی جلا کرتا ہے اور مضبوط کرتا ہے جمیع منافع میں بے عدیل و بے نظیر ہے
ترکیب فوفل بریان پوست بادام سوختہ ہر ایک ایک تولہ سماق چھ ماشہ گلسرخ مازو ہر ایک ایکدرم پوست انار سعد کوفی مصطگی کات سفید ہر ایک
تین ماشہ سنگجراحت دو درم دم الاخوین دانہ الائچی کلاں ہر ایک دو ماشہ توتیائے سبز بریان ڈیڑھ ماشہ بستور کوٹ پیس کے منجن بنائیں اور ملیں۔

تیسری فصل سفوفات کے بیان میں۔ سفوف کشنیز صداع صفراوی و خماری کیواسطے مفید ہے ترکیب مغز تخم خیارین مغز تخم
کدو مقشر تخم خرفہ کشنیز مساوی نبات سفید ہم چند ملا کے ایک چنگی کھائیں صبح کو یا سوتے وقت سفوف بنفشہ نافع صداع حارہ درد گوش حار اور اگر
بقیہ درد سر صفراوی بعد مسہل کے ہو سوتے وقت عمل میں لائیں ترکیب بنفشہ خشک تیس درم گلسرخ پندرہ درم کشنیز مقشر سات درم شکر سفید برابر کوٹ
چھان کے ہر صباح جب مزاج ایک تولہ تک کھائیں سفوف آملہ مجرب ہے صداع خماری و بخاری و وسواس سوداوی و خفقان معدی ترکیب
خشک آملہ منقی ایک تولہ گاؤزبان گل سرخ صندل سفید ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے نبات سفید آٹھ تولہ ملا کے سفوف بنائیں اور بعض اوقات
یہ دوائیں زیادہ کم کر دیتے ہیں اور بہت مفید ہوتی ہیں طباشیر گل گاؤزبان زرشک سماق ہر ایک تین ماشہ خرفہ پانچ ماشہ تخم کاسنی چھ ماشہ زہر مہرہ ڈیڑھ
ماشہ مروارید کافور ہر ایک ایک ماشہ مناسب عرقوں کے ہمراہ استعمال کریں خوراک چھ ماشہ سے ایک تولہ تک سفوف طباشیر رافع خمار شراب و رافع صداع
خماری و مسکن حرارت جگر و حابس اسہال صفراوی و ساکن کرنے والا غلبہ خون کا و مفید سونوخس تپ حصبہ و جدری ترکیب کافور ایکدرم
صندل سفید ڈھائی درم سماق تخم حماض عدس مقشر زرشک منقی تخم خرفہ تخم کاہو تخم خشخاش سفید ہر ایک پانچ درم گلسرخ دس درم طباشیر بیس درم
کوٹ چھان کے سفوف بنائیں خوراک تین درم ہمراہ شربت حماض یا رب غورہ یا شربت انار سفوف مانع بخار رد و افع صداع بخاری ترکیب اسبغول
بریان سہ درم کشنیز خشک دو درم طباشیر ایکدرم سوائے اسبغول کے کل کوٹ کے اسبغول مسلم ملا کے ایکدرم کھانے پر کھائیں سفوف سرسام حار میں ماء الشعیر کے
ہمراہ دینا بہت مفید ہے ترکیب مغز تخم کدو مغز تخم خیارین تخم خرفہ طباشیر ہر ایک ایک جزو کوٹ چھان کے سفوف تیار کریں سفوف برائے یبوست
و سہر و تقویت دماغ و منع نزلات میں بے نظیر ہے ترکیب کشنیز خشک بو دادہ تخم خشخاش سفید بریان تخم کاہو مغز بادام مقشر مغز تخم کدو
ہر ایک ڈھائی مثقال نبات سفید بلہ مثقال خوراک دو مثقال سفوف مقوی معدہ و دماغ ہے مانع صعود بخارات جب نئے ماء اگر استعمال کیا جائے تو نفع

معدہ کے بعد نافع ہے سبات کے واسطے کہ بسبب صعود بخارات بلغمیہ معدہ سے دماغ کیطرف ہوتا ہی ترکیب درج ترکی سونٹھ کندر کلونجی
ہر ایک ایکجز دکشنیز خشک چار جز و نبات سفید آٹھ جز دکوٹ چھانکے خوراک دو درم سے چھ درم تک ہمراہ رب بہ شیرین یا سفرجل غذا قلیہ گرم مصالح نہ
مین پکا ہوا نوعدیگر برائے نسیان نافع ہی ترکیب کندر درج زنجبیل ہر ایک پندرہ درم سعد کوفی ساذج دارچینی لونگ ہر ایک سات درم نبات سفید
برابر خوراک تین درم معمول ہے سفوف لاجورد کہ مالیخولیا وغیرہ امراض سوداوی مین ہمراہ ماء الجبن مستعمل ہی ترکیب سناء مکی افتیمون ہر ایک
پانچدرم تربد موصوف پانچدرم غاریقون نرم سفید لاجورد مغسول ہلیلہ سیاہ بادرنجبویہ ہر ایک تین درم گلسرخ چار درم پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد
بسفائج ریوند چینی ہر ایک پانچدرم اسطوخودوس دو درم کوٹ چھان کے سفوف بنائین خوراک نوماشہ سے ایک تولہ تک نوعدیگر بمنافع مذکور
ترکیب لاجورد مغسول غاریقون سفید ہر ایک دو جز و پوست ہلیلہ زرد سناء مکی گلسرخ ہر ایک ایکجز و خوراک حسب مزاج الیضاً ماء الجبن کیساتھ
دیا جاتا ہی ذکائی سے ترکیب نمک نفطی لاجورد مغسول ہر ایک ایکدرم غاریقون تین درم بسفائج فستقی گاؤزبان گل گاؤزبان اسطوخودوس افتیمون
ہر ایک چار درم پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ ہر ایک پانچدرم کوٹ چھان کے دو مثقال کھلائین اور خلاصۃ العلاج مین وزن نمک سیاہ و لاجورد مغسول
ہر ایک ڈیڑھ درم اور گل گاؤزبان سطر وح ہی مفتاح مین تربد مجوف تین درم بھی داخل ہی اور وزن لاجورد و نمک ہر ایک کا دو درم ہی نوعدیگر مسہل
سودا بیاض حکیم محمد علیم مرحوم سے ترکیب سناء مکی تربد موصوف غاریقون گل سرخ لاجورد مغسول پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ بسفائج
فستقی ریوند خطائی تخم بادرنجبویہ اسطوخودوس افتیمون کل مساوی الوزن کا سفوف بنائین سفوف سبعہ منقی بدن سودا سے اور نافع مالیخولیا ترکیب
پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ افتیمون ہر ایک دو درم بسفائج حب النیل سناء مکی ہر ایک تین درم تربد مربنصف مجموع کوٹ چھان کے سفوف بنائین
خوراک چار درم سے چار مثقال تک سفوف مسہل اختراع علویخان مسہل سودا و بلغم غلیظ ہی اور مجرب ہی اور کسی قسم کا نقصان نہین رکھتا تربد سفید
مجوف خراشیدہ روغن بادام مین چرب کرین پوست ہلیلہ زرد سناء مکی ہر ایک ایکدرم سونٹھ ایکدانگ غاریقون ملائم سفید ریوند چینی بسفائج اسطوخودوس
افتیمون غنچہ گل سرخ کتیرا ہر ایک دو دانگ نبات سفید دو درم کوٹ پیس کے روغن بادام مین چرب کرین خوراک دو درم سے دو مثقال تک
بعد اسکے نیمگرم پانی پئین سفوف مبارک نافع مالیخولیا وجمیع امراض سوداوی مثل بہق اسود وجذام داء الرام سوداوی و جرب و حکہ و قوباء وغیرہ برائے
دفع مواد سوداوی ہمراہ ماء الجبن بھی مستعمل ہو ترکیب لاجورد مغسول دو درم حجر ارمنی مغسول ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد ہر ایک
چار درم افتیمون روغن بادام سے لت کرکے بسفائج ہر ایک سات درم سناء مکی گل بنفشہ ہر ایک پانچدرم تخم شاہترہ چھ درم تخم بالنگو تین درم
دوائین کوٹ کے پکائین سوائے ہلیلجات و بالنگو کے انکو فقط کپڑے سے چھان لین اور شکر ہم چند سفوف ملادین چار درم سے سات درم تک
پھانکین عرق گاؤزبان و شکر نیمگرم یا ماء الجبن کے ساتھ سفوف لولوی تصرف حکیم معتمد الملک سے نفع اسکا مثل سفوف لولوی جالینوس کے
نافع امراض دماغیہ و قلبیہ و سواس و خفقان وغیرہ مین ہی اور منع اسقاط جنین کرتا ہی ترکیب مروارید ناسفتہ کہربا شمعی حجر یشب سودہ زہر مہرہ
خطائی سودہ ہر ایک دو مثقال لعل بدخشی عنبر اشہب مشک تبتی ورق طلا ہر ایک نصف مثقال ورق نقرہ ڈھائی مثقال صندل سفید

ابریشم مقرض طباشیر سفید پوست بیرون پستہ گل گاؤزبان کشنیز خشک تخم خرفہ مقشر بہمن سفید ہر ایک تین مثقال پوست ہلیلہ کابلی آملہ منقی ہر ایک پانچ مثقال نبات سفید بیس مثقال کوٹ پیس کے خوراک ایک مثقال ہمراہ گلاب و عرق ۔۔ شک تخم بالنگو و شربت سیب شیرین پئین سفوف ترنج تالیف حکیم موصوف کہ فالج مین بعد تنقیہ کے معمول ہی ترکیب پوست ترنج بادرنجبویہ نفاح اذخر آملہ پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک پانچ مثقال اسارون بہمنین دارچینی سلیخہ قرنفل عود صلیب ہر ایک تین مثقال جدوار خطائی مشک عنبر اشہب جند بیدستر ہر ایک نیم مثقال ورق طلا گاؤزبان دونون چار دانگ جوزبوا زرنباد طویل بسفائج رازیانہ بادیان خطائی زنجبیل تخم سداب کہربا سندروس عود قماری سنبل الطیب قسط تخم سیالوس اسطوخودوس ہر ایک ایک مثقال صعتر فارسی دو مثقال خارکجری بندر دو مثقال کوٹ پیس کے خوراک ایک مثقال ہمراہ عرق بادرنجبویہ سفوف صرع مین بعد تنقیہ نافع ترکیب بادیان تین تولہ قاقلہ کبار دو تولہ عود صلیب ڈیڑھ تولہ کوٹ پیس کے نبات سفید مساوی پیس کے سفوف بنائین خوراک ایک تولہ سفوف برائے خدر ترکیب پوست ہلیلۂ زرد پوست ہلیلہ آملہ بابچی پوست بید انجیر دشتی کل مساوی کوٹ پیس کے ہر روز کھائین سفوف برائے اختلاج مجرب شیخ داؤد انطاکی ترکیب کباب چینی کشنیز خشک شکر طبرزد مساوی سفوف بنائین خوراک ایک تولہ سفوف برائے رفع زکام و نزلہ و سرفہ و ربو و ضیق النفس مجرب حکیم کلو صاحب مرحوم ترکیب اصل السوس مقشر دو جزو بادیان ایک جزو شکر سفید یا قند سفید تین جزو کوٹ پیس کے رکھ چھوڑین اور جس دن تحویل آفتاب برج حمل مین ہو شروع کرین یعنے شروع ماہ بیساکھ سے تاکہ تحویل شمس برج سرطان مین ہو یعنے ساون تک مداومت کرین تاکہ پورے سال امراض مذکورہ سے امین ہو جائین اور تذکرہ انطاکی و تحفہ مین وزن شکر دس جزو ہی اور تحفہ مین لکھا ہی کہ نزلہ تنہائے کہنہ و شقیقہ و صداع و عسر النفس ہی سفوف نافع نزلہ و دافع یبوست دماغ ہی ترکیب کشنیز مقشر تخم کاہو تخم خشخاش ہر ایک دو مثقال اصل السوس بادیان دارچینی ہر ایک یک مثقال سب کو کوٹ چھان کے سفوف بنائین خوراک دو مثقال بعد تنقیہ سفوف نافع ربو سوداوی ترکیب خشخاش دو ماشہ مغز بادام دو دانہ مغز پنبہ دانہ سات ماشہ نشاستہ چار ماشہ دانہ ہیل دو ماشہ کشنیز خشک چار ماشہ نبات سفید مساوی سب کا بدستور سفوف بنائین خوراک نو ماشہ سے ایک تولہ تک سفوف برائے ضیق النفس نزلی بتجربات حکیم وارث علیخان سے ترکیب تخم خشخاش تخم کاہو مقشر ہر ایک چار ماشہ تخم خشخاش سیاہ رب السوس ہر ایک دو ماشہ کتیرا چھ ماشہ صمغ عربی گل ارمنی سندروس ہر ایک چار رتی کشمش پانچ رتی عناب سات دانہ کشنیز خشک تین ماشہ باریک پیس کے شربت بنفشہ چھ تولہ مین ملا کے تین حصے کرین اور ایک حصہ روز کھائین سفوف سیاہ برائے ربو مجربات غلام نبی خان ولد مولوی غلام جیلانی خان بہادر رامپوری ترکیب نمک چرچٹہ اجوائن دیسی نمک سانبھر ماہی شور ہر ایک آدھ پاؤ گل کیلہ برابر اور یہ سب کو کوٹ کے کسی برتن مین گل حکمت کرین اور پندرہ سیر اپلوں کے کنڈے مین رات کو آگ دین صبحکو نکال کے پیس کے رکھ چھوڑین اس مین سے ایک ماشہ کھائین سفوف ہندی برائے ضیق النفس و سرفہ بلغمی مجرب اطبائے ہند ہی ترکیب پھٹکری پھول بھارنگی فلفل فلفل تخم کشوثی کاکڑا سینگی نمک سیاہ نمک سنگ سبھی لونٹ مساوی کوٹ چھان کے رکھ چھوڑین ایک ماشہ صبح اور ایک ماشہ شام کھائین اور کھانے مین گھی زیادہ استعمال کرین سفوف سرخ برائے نفث مادہ سعال مجرب ہی ترکیب تخم خطمی صمغ عربی گل ارمنی کتیرا طباشیر ہر ایک دو ماشہ

رب السوس بہدانہ تخم خبازی نشاستہ مغز بادام ہر ایک تین ماشہ تخم خشخاش آرد باقلا ہر ایک چار ماشہ کوٹ چھان کے سفوف بنائیں اور قدرے شہد میں رکھیں **سفوف خشخاش** سرفہ وضیق النفس وذات الجنب کیواسطے نافع ہے بیاض قبلہ گاہی مرحوم سے **ترکیب** خشخاش سفید وسیاہ ہر ایک پانچدرم رب السوس خبازی صمغ عربی مغز بہدانہ شکر تیغال ہر ایک دو درم حلبہ تین درم کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک دو درم ہمراہ شربت بنفشہ **سفوف بلبلہ** سرفہ وضیق النفس بلغمی میں معمول ہے **ترکیب** پوست انار ولائچی دارفلفل کاکڑا سینگی ہر ایک چھ ماشہ نمک لاہوری نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ پوست بلیلہ دو تولہ کوٹ چھان کے سفوف بنائیں اور دن میں بدفعات تھوڑا تھوڑا کھائیں **فوائد دیگر** نافع سرفہ بلغمی وربو وقطع بلغم میں بمنزلہ سیف قاطع ہے **ترکیب** کائپھل زنجبیل پھکرمول کاکڑا سینگی بھارنگی دارفلفل مساوی پیس کے سفوف بنائیں ہر روز ایکدرم شہد میں ملاکے کھائیں **سفوف حب الرشاد** سرفہ میں جو مادہ باردہ غلیظہ سے ہو کام آتا ہے **ترکیب** حب الرشاد دس درم شونیز چار درم انیسون بادیان ہر ایک دو درم زوفا مدحرج ایک مثقال پودینہ نہری صعتر فارسی ہر ایک تین درم کوٹ پیس کے ہر صبح ایکدرم ہمراہ سکنجبین ایک اوقیہ ممزوج کرکے گرم پانی سے پلائیں **سفوف سمندر پھل** نافع ربو وسرفہ بلغمی **ترکیب** مغز سمندر پھل فلفل دارفلفل پوست خشخاش صمغ عربی کاکڑا سینگی ملیٹھی مساوی پیس کے سفوف بنائیں ہر روز نصف درم دیں **سفوف** برائے نفث الدم تالیف حکیم شریف خان صاحب **ترکیب** سنگجراحت نیمدرم مروارید سائیدہ پوست خشخاش دم الاخوین ہر ایک ایکدرم کہربا ریشۂ الجبار ہر ایک دو درم نشاستہ خرفہ مقشر ہر ایک دو مثقال کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک ایکدرم سے دو درم تک **ایضاً** تالیف والد حکیم ممدوح **ترکیب** ریشہ الجبار دم الاخوین صمغ عربی کہربا اقاقیا مغسول مروارید ناسفتہ صندلین بسد سرطان سوختہ تخم کاہو مقشر نشاستہ ہر ایک ایکدرم تخم خرفہ دو مثقال خشخاش دو درم کتیرا رب السوس گل ارمنی ہر ایک دو مثقال گل داغستانی نیم مثقال گل نیلوفر تین درم زہرمہرہ تین ماشہ کافور قیصوری نیمدرم خوراک دو درم **سفوف نفث الدم** مجرب سرہندی ہے **ترکیب** گلسرخ طباشیر گل ارمنی گل مختوم تخم خرفہ شادنہ عدسی مغسول ہر ایک پانچماشہ کہربا صمغ عربی گلنار خشخاش سفید رب السوس اقاقیا عصارۂ لحیۃ التیس ہر ایک تین ماشہ اسبغول بیس ماشہ افیون دو ماشہ سوائے اسبغول کے سب کو کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک چھ ماشہ ہمراہ آب برگ بانسہ مروق وشربت الجبار دو تولہ اگر مروارید وبسد ہر ایک تین ماشہ بڑھا دیں بہتر ہوگا اور اگر حرارت قوی نہ ہو تین ماشہ کندر بھی بڑھا دیں **فوائد دیگر** تالیف والد حکیم علویخان برائے نفث الدم کائن نزلہ حار سے **ترکیب** کافور قیصوری نیم دانگ طباشیر دم الاخوین ریشہ بیخ الجبار مروارید ناسفتہ کہربا کتیرا تخم خرفہ مقشر تخم کاہو فادانیا رب السوس خشخاش سفید نشاستہ ہر ایک ایکدانگ افیون شیرۂ زعفران طیبواج مغز بادام مقشر تین دانگ کوٹ پیس کے سفوف بنائیں نصف وقت صبح آب بارتنگ وآب خرفہ میں پھانکیں اور نصف شام کو آب بیدادر و دوسرا نسخہ کہ حکیم ممدوح کا ہے نافع سل ہے یاسمین کافور کا وزن نصف مثقال مغز تخم کدوئے شیریں وغری السمک وانیسون سرطان سوختہ صمغ عربی بریان معہ ادویہ دیگر ہر ایک ایکدرم پوست خشخاش ایک مثقال ووزن زعفران ڈیڑھ دانگ خوص خرفہ دکا ہو وخشخاش وافیون وبادام ہے خوراک دو درم **سفوف** برائے نفث الدم وقی الدم شدید مجرب حکیم علیم اللہ صاحب **ترکیب** گلسرخ سماق گلنار صندل سفید

کندر ہر ایک چار درم تخم حماض تین درم بالچھڑ ایکدرم پھٹکری اقاقیا کہربا عصارۂ لحیۃ التیس قرظ ہر ایک دو درم کوٹ پیس کے سفوف بنائین

سفوف سرطان سل وسعال وتپ دق خلطی واسہالی کے واسطے نافع ہو تالیف حکیم مومن خان صاحب **ترکیب** تخم خطمی گلنار اقاقیا ہر ایک دو درم مغز بادام تین درم کتیرا نشاستہ صمغ عربی مغز تخم کدو مغز تخم تربوز مغز بہدانہ رب السوس طباشیر مغز تخم خیارگل ارمنی عصارۂ لحیۃ التیس ہر ایک چار درم باقلاے مقشر سات درم خشخاش سفید سرطان سوختہ ہر ایک دس درم کوٹ چھان کے خوراک دو مثقال سے تین مثقال تک **تو عد بکیر** برائے سل بہت ہی خوب ہو **ترکیب** سرطان سوختہ دس درم صمغ عربی گل قرسی خشخاش سفید وسیاہ ہر ایک پانچدرم کتیرا تین درم باریک پیسین اور عرق گاؤزبان مین دبنات برائے تقویت وتفریح قلب وتسکین سعال کام مین لائین اور بالشیرۂ اوشربت خشخاش برائے تسکین حمی وسعال اور کبھی ہمراہ شیر خر برائے تقویت بدن وترطیب بدن اور برائے قرحہ استعمال کرتے ہین خوراک اسکی دو درم تک ہو **سفوف** نافع سل ومجرب ہی **ترکیب** تخم خشخاش سفید گلسرخ ششش بزمحرق ہر ایک دو درم کتیرا تین درم بیخ سوک پانچدرم مغز بہدانہ ایکدرم شکر تیغال دس درم کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک ایکدرم ہمراہ شربت انار ولائتی **سفوف خشخاش** نافع نزلہ حار وسل وسعال وخشونت صدر مین معمول ہو **ترکیب** خشخاش سفید پانچدرم تخم خرفہ مقشر تین درم صمغ عربی نشاستہ بریان تخم خطمی مقشر تخم خبازی کتیرا ہر ایک ڈھائی درم طباشیر سفید ایک مثقال بہدانہ مقشر رب السوس ہر ایک دو مثقال کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک دو مثقال ہمراہ شیر زنان یا شیر خر یا شیر بز تازہ اور بعض نسخہ مین شکر تیغال عوض تخم خطمی یہ خرفہ لکھا ہی اور پانچدرم تخم خشخاش سیاہ زیادہ کردیا ہی اور مؤلف نے دو درم مروارید سودہ تقویت قلب کیواسطے بڑہاکے استعمال کیا ہو اگر سرفہ مین خون آئے کہربا لسید محرق کا اضافہ کرین **سفوف** سل کے واسطے مجرب حکیم منصور علی مرحوم سے ہی **ترکیب** طباشیر ست گلو ہر ایک ایک ماشہ رب السوس چار رتی کتیرا نشاستہ ہر ایک دو ماشہ نبات ہموزن جملہ پیس کے پھانکین اور برے بکری کا تازہ دودھ کپڑہ مین دوہ کے پیئین اور چند روز اسکی مداومت کرین **سفوف** تالیف حکیم شریف خان برائے سل ونفث الدم **ترکیب** غری السمک طباشیر ہر ایک ایکدرم افیون ہیکدرم زعفران چار رتی مصطگی دو ماشہ کافور قیصوری ایکماشہ گل داغستانی گل ارمنی صمغ عربی اقاقیا ہر ایک ایکدرم سرطان محرق ایک مثقال تخم کاہو دو درم نبات ایکدرم کوٹ پیس کے سفوف تیار کرین **سفوف ست گلو** برائے سل ودق وسرفہ واسہال معمول ہو **ترکیب** طباشیر تخم گاؤزبان تخم ہر ایک دو ماشہ صمغ عربی سرطان نہری محرق ہر ایک دو ماشہ کوکنار دو رتی دانہ ہیل چار رتی کوٹ پیس کے سفوف بنائین ہمراہ شیر زنان یا شیر خر وشیر بز چند روز متصل عمل مین لائین **سفوف غری السمک** مسلول ومدقوق کیواسطے بدیہیا ہی **ترکیب** پوست بیخ انجبار دم الاخوین مروارید کہربا شمعی غری السمک عود صلیب رب السوس انیسون سرطان محرق نشاستہ بریان صمغ عربی کتیرا مغز بادام مقشر ہر ایک نصف نصف مثقال افیون زعفران ہر ایک تین قیراط کافور قیصوری ربع مثقال کوٹ پیس کے سات حصے کرین ہر روز ایک حصہ ہمراہ شیر خر یا شیر بز وقت صبح اور حصہ دوم ہمراہ عرق بادرنگ بوقت شام اگر چاہین قدرے لعاب بہدانہ وشیرۂ

بیخ انجبار بھی سہ پہر کیوقت استعمال کر سکتے ہیں اور دوسرے نسخہ میں طباشیر مغز تخم کدو شادنج مغسول گل ارمنی ہر ایک نصف مثقال زیادہ ہے اور پوست
خشخاش نصف مثقال عوض افیون داخل ہے خوراک دو درم وقت صبح اسیطرح وقت شام آب برگ بارتنگ و آب برگ بید ہر ایک دس درم کے ساتھ
سفوف جالینوس مسلولوں کے واسطے عجیب اثر رکھتا ہے اور تلطیف و تخفیف و قبض و انضاج و تملیس پر شامل ہے ترکیب حماما دارچینی ہر ایک
چار درم کتیرا پانچدرم رب السوس پانچدرم مرکی چھ درم زعفران ایک اوقیہ کندر سفید پانچدرم سفوف بنائیں اور دوسرے نسخہ میں عوض حماما پودینہ زیادہ ہے
خشک مرقوم ہے سفوف برائے خفقان حار ترکیب آملہ خشک گل گاؤزبان صندل سرخ گاؤزبان گل نیلوفر ہر ایک چھ ماشہ نبات سفید دو تولہ کوٹ پیس کے سفوف
بنائیں سفوف برائے رفع خفقان و تقویت دل تالیف حکیم شریف خان ترکیب گل گاؤزبان گل نیلوفر گل بید مشک گلسرخ ہر ایک دو درم مروارید
ناسفتہ زہر مہرہ خطائی حجر ارمنی کہربا یشب سبز یاقوت ہر ایک نیمدرم گل داغستانی طباشیر ہر ایک ایکدرم کشنیز خشک مقشر صندلین ہر ایک دو درم کوٹ
پیس کے سفوف بنائیں ایکدرم سے دو درم تک گلاب کے ہمراہ پھانکیں سفوف طباشیر حرارت قلب کو دور کرتا ہے ترکیب گلسرخ طباشیر سفید
صندل سفید ہر ایک تین درم کشنیز خشک دو درم کہربا مروارید ہر ایک نیمدرم کافور چوتھائی درم خوراک بقدر مناسب دوسرے نسخہ میں جو کہ خفقان شدید حار کے
لئے نافع ہے زیادہ کشنیز چھ درم ہے اور زعفران تین دانگ عوض کہربا و مروارید باقی بدستور ہے سفوف لولوی برائے خفقان حار و تطفیہ حرارت قلب
قوی تر ہے ترکیب تخم کاسنی تخم کاہو مقشر طباشیر گل سرخ صندل سفید تخم خرفہ گاؤزبان کشنیز خشک مقشر لسبد کہربا شمعی مروارید ناسفتہ مساوی
کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک دو درم سفوف مروارید تالیف علویخان برائے خفقان و وسواس عارض بسبب سودائے محترق ترکیب مروارید
کہربا ہر ایک چھ ماشہ طباشیر بہمن سفید پوست ہلیلہ کابلی ابریشم مقرض برادہ صندل سفید تخم فرنجمشک ہر ایک ایکتولہ ورق طلا بیس عدد ورق نقرہ ایکسو
بدستور سفوف بناکے کام میں لائیں سفوف زہر مہرہ برائے دفع خفقان و تقویت قلب قائم مقام سفوف مروارید ہے ترکیب زہر مہرہ سودہ
بگلاب طباشیر ہر ایک ایکدرم دانہ ہیل کشنیز مقشر بہمنین ہر ایک تین درم پروردہ شیر خشک گلسرخ گاؤزبان ساذج ہندی صندل سودہ گلاب خشک
پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک دو درم ورق نقرہ نیمدرم سبکو کوٹ پیس کے سفوف بنائیں اور ہلیلہ کابلی علیحدہ پیس کے روغن بادام میں چرب کر کے ملائیں اور بقدر
مناسب شربت سیب میں ملاکے کھائیں سفوف لولوی تالیف والد حکیم علویخان مقوی معدہ و کبد و قلب ہے اور برائے خفقان و ضعف قلب معدہ
کی شرکت سے اور فضول خلط بلغمی و سوداوی مخلوط بصفرا سے معدہ میں اور اصحاب مالیخولیائے مراقی و وسواس کے لیے نافع ہے کھانا ہضم کرتا ہے
اور اخلاط صالح پیدا کرتا ہے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربا شمعی کشنیز مقشر آملہ منقی سماق منقی انار دانہ بادرنجبویہ دارچینی مصطگی دانہ ہیل طباشیر سعد کوفی خولنجان
زیرہ سیاہ مربہ و سرکہ پوست ترنج ساذج ہندی زرشک منقی بادیان درونج عقربی ہر ایک ایک مثقال مشک تبتی عنبر اشہب ورق طلا ہر ایک چھ قیراط
نبات سفید بیس مثقال کوٹ پیس کے ہر روز صبح و شام نیم مثقال کھائیں مجرب ہے سفوف عنبر معمول و مجرب اکثر امراض باردہ دل و غشی و خفقان بارد
لیے بدل اور فی الفور عجب تقویت بخشتا ہے ترکیب عنبر اشہب مشک خالص عطر گلاب ہر ایک ایکماشہ خرنہ ساذج ہندی عود غرقی دانہ الائچی خرد مصطگی
اسارون قرنفل پوست ہلیلہ کابلی فرنجمشک نارمشک زیرہ کرمانی دارچینی اشنہ فلفل دارفلفل زنجبیل انار دانہ جوزبوا قاقلہ کبابہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ

سنبل الطیب آملہ کرویا دارچینی قسط شیرین کبابہ فرنفل ہر ایک چار ماشہ لک مغسول ایک ماشہ شکر سفید دو چند خوراک ایکتولہ سفوف پچلونہ برائے تقویت
ہاضمہ معمول ہے ترکیب زرشک سماق انار دانہ طباشیر تخم حماض ہر ایک چھ ماشہ زرورد چار ماشہ گلسرخ نو ماشہ زیرہ سیاہ پانچ ماشہ
زیرہ سفید چار ماشہ بادیان چھ ماشہ پوست ترنج چار ماشہ الائچی خورد و کلان ہر ایک چھ ماشہ مصطگی نو ماشہ انیسون دارفلفل پودینہ خشک
فلفل سیاہ ہر ایک چار ماشہ پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ ہلیلہ سیاہ آملہ ہر ایک چھ ماشہ شیطرج ہندی چار ماشہ نمک
لاہوری ایکتولہ نمک طعام نمک سیاہ کچلون ہر ایک ایکتولہ سہاگہ شورہ قلمی ہر ایک تین ماشہ نوشادر دو ماشہ چوک ترش ایکتولہ کوٹ پیس کے سفوف
بنالیں خواہ گولیاں بنالیں خوراک ایک ماشہ بعد طعام نوع دیگر تالیف اطبائے ہند سے مقوی معدہ و ہاضم و مشتہی ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد فلفل
سیلہ ہر ایک چھ ماشہ ہلیلہ سیاہ سونٹھ دارفلفل نمک تلخ ہر ایک ایکتولہ نمک لاہوری نمک ہندی نمک طعام ہر ایک دو دو تولہ قاقلہ صغار زیرہ سبز آملہ منقی بادیان
نمک سیاہ کشنیز مقشر ہر ایک ایک چھٹانک انار دانہ نانخواہ ہر ایک ایکپاؤ کوٹ پیس کے ایک سیر پاؤ بالا آب لیموں میں بھگو کے سایہ میں خشک کر لیں اور پیس کے
بوتل میں رکھ چھوڑیں بعد طعام ایکدرم کھائیں سفوف ہاضم دلمین ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ زیرہ سفید بادیان نمک سیاہ سناء مکی ہر ایک ایکتولہ سونٹھ چھ ماشہ
سفوف بنائیں خوراک چھ ماشہ وقت خواب نوع دیگر نوشادر آدھ سیر فلفل سیاہ ایکپاؤ دانہ الائچی کلاں تین درم کوٹ پیس کے آب لیموں کاغذی میں کھرل کریں بعد خشک ہونے کے عرق لیموں نمک سیاہ
ایکپاؤ پیس کے ملائیں سفوف آبحیات ہاضم دلمین ترکیب پوست ہلیلہ کلاں بادیان سنا مکی نمک سیاہ زیرہ سفید پوست ہلیلہ ہر ایک چار چار درم دارفلفل انجرہ کوٹ چھ لے ایکتولہ تک استعمال کریں
سفوف ہاضم خوش مزہ معمول قائم مقام نمک سلیمانی ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ بادیان نانخواہ زیرہ سفید نمک ہندی نمک سونچل نمک لاہوری ایک ایک تولہ سہاگہ بریان نوشادر فلفل گرد دانہ الائچی خورد
زنجبیل دارفلفل ہر ایک ایکتولہ سفوف بنائیں سفوف ہاضم نسخہ حکیم علویخان ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ نمک سنگ نمک سانبھر نمک سفید
نمک کجلہ سونٹھ اجوائن بادیان زیرہ سیاہ و سفید شیطرج سہاگہ خام ہر ایک ایکتولہ ہینگ نصف بریان نصف خام دو ماشہ سفوف بنائیں اور
چاہیے کہ ہینگ کو آٹے میں لپیٹ کے بریان کریں سفوف طباشیر حشیائے دخانی و اسہال معدی کے لیے مجرب ہے ترکیب گلسرخ طباشیر ہر ایک
دس درم سماق تین درم کشنیز بریان پانچدرم کوٹ پیس کے تین درم آب انار ترش میں کھائیں سفوف ضعف ہضم کے لیے مجربات قرشی سے ہے
ترکیب کشنیز مقشر زرورد ہر ایک ایکدرم بالچھڑ مصطگی کندر انیسون ہر ایک پانچدرم طباشیر ہر ایک چھ ڈھائی درم غذبہ ایک مثقال مشک ایک قیراط
کوٹ پیس کے بقدر حاجت گلقند کیساتھ استعمال کریں سفوف قرنفل برائے ضعف معدہ بارد مجرب ہے ترکیب لونگ سونف ہر ایک تین درم
انیسون مصطگی ہر ایک دو درم سونٹھ ایکدرم نبات مساوی کوٹ پیس کے غذا سے پہلے دو درم کھائیں سفوف عود معدہ سرد تر کیواسطے سود مند
ہے ترکیب لونگ کبابہ ہر ایک پانچدرم بالچھڑ مصطگی ہر ایک تین درم عود خام بیس درم شکر طبرزد لوزن ادویہ خوراک ایک مثقال ہمراہ دس درم گلقند
سفوف انار دانہ شکم درست رکھتا ہے اسیطرح معدہ کو قوت دیتا ہے ترکیب انار دانہ سنا مکی ہر ایک چھ درم سونٹھ نمک ہندی تربد سفید بادیان
ہر ایک دو دو درم کوٹ پیس کے وقت خواب دو مثقال گرم پانی سے اور صبحکو ڈھائی مثقال کھائیں نوع دیگر مجربات حکیم علیم اللہ صاحب سے ترکیب
پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ پودینہ خشک زیرہ سفید ہر ایک دو دو درم نمک لاہوری نمک سیاہ ہر ایک ڈھائی درم سنا مکی ساڑھے چار درم انار دانہ

نبات سفید سات درم عالمگیری سب کو جدا جدا کوٹ پیس کے ایکجا کرین اور عطر مل کے رکھ چھوڑین بضرورت کیوقت دو تین ماشہ کھلائین سفوف
براے غشی وتوحش کہ اسمین تپ نہین ہوتی ترویح الارواح سے ترکیب مروارید کہربا طباشیر گلسرخ ہرایک تین درم ابریشم چار درم بادرنجبویہ
پانچدرم تخم خشک برگ گاؤزبان ہرایک چھ درم کشنیز بریان دو درم قرنفل ایکدرم خوراک ایک مثقال رب بہی مین ممزوج کرکے کھلائین اگر ابریشم مقرض چھ درم
بڑھادین اور شربت سیب وعسل وشکر مین ملا لیا جاے عنبر اشہب یک مثقال ورق طلا ورق نقرہ ہرایک یک مثقال اضافہ کردین تو قوی تر ہوجاے
سفوف: دودھ زیادہ پیدا کرتا ہی اور منی کو بڑھاتا ہی ترکیب تخم شلغم تخم رطبہ تخم ترب تخم گندنا تخم پیاز آرد جو بادیان تخم جرجیر برابر اور بعض نسخون مین بجاے
آرد جو کے آرد نخود ہی کوٹ چھان کے صبح وشام دودھ کے ساتھ پھانکین بعد اسکے: دودھ مین بھیگے ہوے چنے کھا کے دودھ پی لین سفوف درد شیر
دمنی کو بند کرتا ہی ترکیب ابل سداب خشک ہرایک پانچدرم تخم بادروج حب الفقد ہرایک دس درم کوٹ چھان کے سفوف بنائین خوراک تین درم سفوف
نانخواہ براے درد ریحی معدہ وسپرز وتقویت ہضم مجربات حکیم مومن خانصاحب ترکیب نانخواہ تخم کرفس مساوی قند ہمچند خوراک دو درم سفوف انار دانہ
سفید در دشکم ملین ترکیب بادیان زنجبیل ہلیلہ زرد نمک سیاہ ہرایک چھ ماشہ سنا مکی انار دانہ ہرایک ایکتولہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک
نو ماشہ سفوف ملین دافع قبض ومخرج سودا ہی ترکیب پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ زرد گلسرخ سنا مکی ہرایک چھ ماشہ نمک سنگ تین ماشہ
کوٹ پیس کے سفوف بنائین سفوف منقی معدہ وامعاء ومخرج بلغم واخلاط لزجہ ہی ترکیب سونٹھ مصطگی ہرایک ایکدرم تربد موصوف پانچدرم
مغز بادام پانچ عدد نبات سفید ہمچند سفوف سنا لائق ثنا براے اخراج اخلاط ثلثہ معمول ہی اور درد شکم وقولنج کیلیے مفید وقاتل کرم ہی ترکیب سنا مکی سونٹھ
پوست ہلیلہ زرد نمک سیاہ ہموزن کوٹ پیس کے سفوف بنائین گرم پانیکے ساتھ سات ماشہ سے ایکتولہ تک دین اطفال کو انکے سن کے لحاظ سے استعمال کرائین اور
نسخہ مجربی مین کہ براے اسہال خلط بلغمی وغیرہ مجرب ہی ہلیلہ آملہ بادیان اسمین زیادہ ہی سفوف مولوی خدابخش براے درد معدہ ریحی مجرب ہی ترکیب نمک لاہوری
غاریقون نمک سیاہ تخم کشوث ریوند چینی اسطوخودوس ہرایک چار ماشہ کلونجی زیرہ سفید ہلیلہ سیاہ ہرایک دو ماشہ برگ سنا دو تولہ جلاپا زرنباد ہلیلہ کابلی انیسون
ہرایک چھ ماشہ کوٹ پیس کے ایک مثقال گرم پانی سے پھنکا دین نوع دیگر براے تقویت معدہ ودفع درد معدہ مجرب استاد مرحوم ترکیب سنا مکی
پانچتولہ مغز بادام ایکتولہ مصطگی ڈیڑھ تولہ دانہ الائچی سفید نو ماشہ نبات آٹھ تولہ پیسین خوراک ایکتولہ گرم پانی سے سوتے وقت اگر حرارت ہو دو تولہ بادیان بھی
بڑھا دین عوض الائچی وشیرخشت بجاے شکر سفید ایضا براے بدہضمی معمول ومجرب مؤلف ہی ترکیب فلفل سیاہ نانخواہ نمک سنگ جوا کھار نمک سیاہ زیرہ سفید بلوہان
کشنیز آملہ منقی مساوی کوٹ پیس کے رکھ چھوڑین تین چار ماشہ وقت پر کھلائین ایضا منقی معدہ وامعاء ودافع گرانی وخوش ذائقہ مخرج بلغم ترکیب آملہ مقشر پوست ہلیلہ زرد
پوست بلیلہ دانہ الائچی کلان فلفل سیاہ زنجبیل برگ سنا نمک سنگ کل ہموزن جدا جدا کوٹ پیس کے وزن کرین اور آب لیموے کاغذی مین جو دو دن کے اوپر آجاے
تر کرکے بعد دو تین روز کے سوتے وقت شب کو ایک تولہ کھائین سفوف حاکمی غذا سے پہلے اور بعد مین استعمال کیا جاسکتا ہی مسخن ہی نہ مبرد نہ قابض نہ مسہل اور محلل
ریاح ومقوی اعضاے باطنی خصوصا معدہ وکبد کیلیے مفتح سدد ومشہی وہاضم ومحسن لون ومبطی شیب ومقوی باہ ہی ترکیب زردرود دس ماشہ انیسون نو ماشہ
کشنیز مقشر آٹھ ماشہ سک المسک سات ماشہ طباشیر صندل سفید ہرایک چھ ماشہ پوست ہلیلہ کابلی وہلیلہ سیاہ ہرایک پانچماشہ مصطگی اسارون

ڈھائی درم بدستور سفوف بنائیں ایضاً معمول حکیم ممدوح ترکیب آملہ بادیان ہر ایک ایکتولہ پوست ترنج پوست بیرون پستہ تخم کرنس کلونجی سونٹھ
ہر ایک نو ماشہ دھنیا ڈیڑھ تولہ سبکو کوٹ پیس کے آب لیموے کاغذی میں بھگو دیں اور خشک کر لیں نمک لاہوری نمک طعام نمک سیندہ ہر ایک ایکتولہ پیس کے
سفوف بنائیں بعد طعام ایکتولہ کھائیں سفوف نمک معمولات احقر سے برائے ہضم طعام واشتہا و رفع درد و نفخ معدہ وبجائے نمک سلیمانی استعمال
ہوتا ہے ترکیب نمک لاہوری نوشادر مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ دارفلفل چھ ماشہ نمک سیاہ سہاگہ بریان ہر ایک چار ماشہ انگوزہ بریان دو ماشہ
کوٹ پیس کے سفوف بنالیں خوراک ایک یا دو ماشہ سفوف نمک سلیمانی معمول برائے ہضم طعام و اشتہائے غذا و درد معدہ یہی ترکیب نمک
سانبھر ایک رطل نمک سیاہ نمک اندرانی نوشادر کانی ہر ایک پندرہ مثقال تخم کرفس پانچ مثقال فلفل سیاہ پونے چار مثقال فلفل سفید تین مثقال
نفاح اذخر پونے دو مثقال افتیمون سنبل الطیب حلتیت طیب زیرہ کرمانی ہر ایک ڈیڑھ مثقال دارچینی تخم الخدان یعنے زیرہ کوہی مغز تخم معصفر
زنجبیل انیسون اصل السوس ہر ایک ایکدرم پہلے نمک سانبھر صاف کیا جائے اگر تینوں نمک صاف کر لیے جائیں اچھا ہے پھر کل اجزا کو جدا جدا کوٹ
پیس کے وزن کریں ایک ماہ نمک جو میں دفن کر دیں پھر نکال کے ایک ماشہ سے دو ماشہ تک استعمال کریں جسقدر پرانا ہوگا بہتر ہوگا نمک صاف کرنیکا
طریقہ یہ ہے کہ پانی میں خوب جوش کریں پھر مٹی کے برتن میں رکھ کے تنور کے اندر رکھ دیں کہ جم جائے تو عدہ بگر مسہل اور ہضم غذا کیواسطے بے نظیر ہے
اگر انڈے کی زردی کے ساتھ کھایا جائے تو تقویت باہ کرتا ہے ترکیب نمک سنگ نمک سانبھر نوشادر ہر ایک سات تولہ تخم کرفس نانخواہ فلفل سیاہ سونٹھ
لونگ زیرہ سیاہ جوز بوا لبابسہ ہر ایک ایکتولہ نکوب کر کے آدھ سیر سرکہ خالص میں ڈال کے جوش کریں کہ سب ایکذات اور خشک ہو جائیں پھر
سفوف بنالیں سفوف خستہ کنار بیضہ میں برائے حبس اسہال و قے دیتے ہیں ترکیب دانہ ہیل مغز خستہ کنار مغز خستہ آملہ صندل سفید کشنیز
مقشر طباشیر پوست درخت بڑھل ساٹھی چانول ہر ایک ایکدرم انار دانہ چار درم سفوف بنا کے شربت سیب منعنع میں دیں سفوف بیضہ کو روکتا ہے
اسہال و قے صفراوی و بلغمی بند کرتا ہے ترکیب انار دانہ دس درم زرشک بیدانہ گلسرخ ہر ایک چار درم سعد کوفی تین درم مصطگی بالچھڑ طباشیر
انیسون نعناع خشک پوست بیرون پستہ ہر ایک دو درم سنگ عود ہندی ہر ایک ایکدرم کوٹ پیس کے دو درم ہمراہ شربت سیب دیں سفوف
بھوک پیدا کرتا ہے پیاس بجھاتا ہے اور ضعف اشتہا میں کہ تپوں کے بعد کمزوری کے زمانہ میں ہو جاتا ہے نافع ہے ترکیب گلسرخ پانچدرم سماق دو درم
قاقلہ کبار ایکدرم کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک دو درم سفوف قاقلہ ہاضم طعام و مقوی معدہ ترکیب کشنیز مقشر بریان دانہ ہیل
زیرہ کرمانی بادیان ہر ایک چھ ماشہ طباشیر چار ماشہ آملہ پوست سماق ہر ایک ایکتولہ کوٹ پیس کے سفوف بنائیں اور بقدر پانچ ماشہ بعد طعام کھایا کریں
سفوف برائے سقوط اشتہا و بدہضمی و دیگر خللہائے شکم کہ جسمیں تپ بھی عارض ہوتی ہے مجرب حکیم کلو صاحب ترکیب اصل السوس مقشر فلفل دراز شیطرج
ہر ایک تین ماشہ نمک لاہوری اجوائن سونٹھ مرچ سیاہ پودینہ خشک ہر ایک چھ ماشہ ورق گل نو ماشہ ان سبکو کوٹ چھان کے تین ماشہ شہد خالص
ایکتولہ میں ملا کے ہر روز کھائیں بہت فائدہ ہوگا سفوف مشتہی بیان اوستاد مرحوم سے ترکیب فلفل سیاہ زیرہ سفید بادیان گلسرخ آملہ منقی
ہر ایک دو ماشہ کشنیز سونٹھ لونگ کمہدار ہر ایک تین ماشہ پوست ترنج نمک سندھی ہر ایک چار ماشہ نمک سیاہ چھ ماشہ نمک لاہوری نو ماشہ

چوک ترش دو تولہ کوٹ پیس کے آب لیموے کاغذی چار عدد مین تر کرکے خشک کر ڈالین اور پھر کوٹ لین بعد طعام تین ماشہ کھایا کرین سفوف نمک سیاہ
مشہی و ہاضم ترکیب فلفل نانخواہ شیطرج ہر ایک سات درم دار فلفل دو درم پوست ہلیلہ زرد دس درم سونٹھ بارہ درم نمک سیاہ پچاس درم کوٹ
پیس کے آب لیموں مین سحق کرکے خشک کرلین اسیطرح تین مرتبہ خوراک ایکدرم سے دو درم تک سفوف نمتر یک قوائے اربعہ معدہ کو قوت
دیتا ہے مشہی بھی ہے ہاضم بھی ہے اگر شکم نرم ہو قبض کرتا ہے اگر قبض ہو دفع کرتا ہے ہر نوع جو قوت کہ ضعیف ہو جاتی ہے اسکو قوی کرتا ہے معمول والد مرحوم کے
تھا ترکیب انار دانہ ترش کہ پرانہ نہ ہو سولہ درم سونٹھ زیرہ سفید ہر ایک دو درم تربد سفید مدبر زیرہ سیاہ نمتر یک (سماق ہندی) پوست ہلیلہ زرد
بلیلہ ہر ایک ایکدرم نمک سنگ ڈھائی درم کوٹ کے رکھ چھوڑین کھانے سے پہلے اور بعد مین دو درم سے تین درم تک کھائین اگر دونون وقت
کھائین تو بھی روا ہے لیکن اگر قبض مطلوب ہو دوائین بارچہ سفت مین چھان لین اگر تلیین مقصود ہو غیر سفت پارچہ مین بلکہ چلنی سے چھان لین تاکہ
ادویہ در دری رہین سفوف نمک اشتہا لاتا ہے موافق مزاج محرورین ہے اور تقویت قوائے اربعہ معدہ و منع اسہال از مس صفرادی کرتا ہے اور معمول ہے
ترکیب نمک اندرانی چھوٹا چھوٹا مثل چنے کے توڑین اور لوہے یا مٹی کے طباق پر رکھکے سرکہ تیز اسپر چھڑکین اور نمک کو ہلادین جب خشک ہو جاے
پھر سرکہ ڈالین اسیطرح سرکہ بکرر ڈالتے ہین پھر اسی نمک سے سات درم یا تیس درم اور بھی معمول ہے اور کشنیز مدبر لسبر کہ و بریان و عصارۂ زرشک و انار دانہ
بریان و سماق منقی ہر ایک دس درم کوٹ پیس کے بقدر حاجت کھائین اور اگر یہ چیز لیموں مین تسقیہ کرین بہتر ہوگا جیساکہ نسخۂ عادی خان مین ہے
ایضاً مقوی معدہ و مشہی تالیف صاحب اقتباس العلاج ترکیب زرور دسماق بریان مع تخم انار دانہ بریان طباشیر کشنیز مدبر لسبر کہ بریان
ہر ایک ایکتولہ نمک لاہوری نو ماشہ آب لیموے کاغذی مین تر کرکے سایہ مین خشک کرین تین مرتبہ خوراک پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک
سفوف حکیم اکمل خان براے اشتہا و تقویت معدہ بے نظیر ہے ترکیب بلیلہ زرد ہلیلہ کابلی آملہ مقشر دانہ ہیل دھنیا سونٹھ ہر ایک چھ
ماشہ ہلیلہ سیاہ سماق گل سرخ بادیان مصطگی پودینہ اجوائن شیطرج طباشیر ہر ایک چار ماشہ جواکھار دارچینی لونگ پوست ترنج بالچھڑ زیرہ سفید
تیرج دار فلفل پیج ہر ایک تین ماشہ انار دانہ سات ماشہ نمک لاہوری نمک سیاہ ہر ایک ایکتولہ تربد سفید چھ ماشہ آب لیموں دکھار تخم دین
دوائین تر کرکے خشک کرین اور سفوف بنالین سفوف بنیائی تقویت معدہ کرکے بھوک بڑھاتا ہے دتخفیف رطوبات و نزلہ کو بھی نافع
ہے ترکیب عود غرقی لونگ ہر ایک دو ماشہ پودینہ بادیان ہر ایک ایکدام شاہجہانی کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک دو ماشہ
سفوف ہندی براے اشتہا و ہضم طعام و درد و ریاح معدہ مین معمول ہے ترکیب مرچ سیاہ ہلیلہ اجوائن لونگ ہر ایک ایکدرم دونون نمک
دو درم سونف اجمود ہر ایک ایکدرم کوٹ پیس کے طعام سے پہلے اور بعد غذا استعمال کرین سفوف کہ فساد اشتہاے حوامل و ریاح
رحم کو دفع کرتا ہے ترکیب زیرہ کرمانی زیرہ بنطی تخم کرفس انیسون ہر ایک پانچ درم سعد نعناع خشک تین درم زرنباد دو درم قرنفل ایکدرم کنجد
سیاہ سات درم کوٹ پیس کے دو درم ٹھنڈے پانی سے پھانکین ایضاً شہوت طین و شہوت ردیہ زنان کے واسطے نافع و مجرب ہے
ترکیب انیسون تخم کرفس زیرہ سیاہ اجوائن ہر ایک دس درم فلفل سفید ڈھائی درم لونگ پانچدرم کوٹ کے ایک مثقال ہر صبح اور اسیقدر

شام کو کھائیں سفوف جنانی شہوت ردیہ زنان حاملہ کیواسطے نافع ہے ترکیب قاقلہ خیر لوا کبابہ مساوی کوٹ پیس کے شکر سب کے برابر ملا کے
ہر روز دس درم آب گرم سے کھائیں اور دوسرے نسخہ میں بسباسہ عوض کبابہ ہے ایضاً کہ یہی عمل کرتا ہے ترکیب مصطگی زیرہ سیاہ نانخواہ قاقلتین
مساوی نبات برابر سب دواؤں کے کوٹ پیس کے دیں سفوف شہوت کلبی کو کہ بالنسبت طبعی ہوتی ہے مفید ہے ترکیب خرنوب شامی خرنوب نبطی
ہر ایک نیم درم برگ پودینہ خشک برگ سداب برگ بادرنجبویہ ہر ایک دو درم بلوط بریان خشک حب الآس ہر ایک پانچدرم زیرہ کرمانی مربریان
دس درم اگر مزاج میں گرمی ہو تو زر قطونا بریان اضافہ کریں اور بقدر حاجت عمل میں لائیں سفوف بزوری دافع نفخ و محلل ریاح و مقوی معدہ مجرب
صاحب تحفہ ترکیب کرویا انیسون زیرہ کرمانی قاقلہ کبابہ قرفہ نانخواہ تخم کرفس ہر ایک دو درم قاقلہ صغار قرنفل ہر ایک نیم درم سونٹھ دار فلفل
ہر ایک دو دانگ قند بیس مثقال کوٹ پیس کے خوراک دو درم نوع دیگر اس باب میں مجرب صاحب کامل و خلاصہ ہے ترکیب نانخواہ
تخم کرفس انیسون بادیان ہر ایک پانچدرم تخم سداب قرنفل دار فلفل زنجبیل دار چینی کندر زرد ورج ترکی ہر ایک دو درم سعد شونیز پودینہ کوہی
تمام ہر ایک چار درم حبہ بیدستر نیم درم سب کو باریک کوٹ پیس کے ایکدرم شراب کہنہ میں دیں سفوف نعناع مقوی معدہ و دافع ریاح و نفخ شکم
ترکیب نعناع خشک دس درم سماق پانچدرم فلفل دو درم نمک نصف درم کوٹ پیس کے ایکدرم سے دو مثقال تک قبل و بعد غذا کھلائیں
سفوف ہندی نفخ معدہ و کبد و طحال و قراقر و درد معدہ و جگر و سپرز و امعاء کہ ریح سے ہو نافع و مقوی معدہ و دافع فساد ہضم و درد گردہ و
قولنج ریحی و ریح البواسیر و ہاضم و مشہی ہے ترکیب زیرہ سیاہ و سفید مربرشتہ ہر ایک پانچدرم نانخواہ بادیان ہر ایک چھ درم آملہ
ہلیلہ سیاہ سعد کوفی قرنفل سعد پھول دانہ الائچی کلاں کندر پوست بلیلہ ہر ایک دو درم سہاگہ بریان اجمود پودینہ دار فلفل تخم گندنا شونیز
گندھک ہر ایک تین درم کیسو رکچری پانچدرم بالچھڑ ایکدرم اشخار دو درم نوشادر مصعد تین تولہ تربد سفید چار تولہ زنجبیل ریشہ انار دانہ ترش
ہر ایک نو درم کوٹ پیس کے نمک ازرق حلتیت ہر ایک تین درم آب گندنا میں حل کر کے ملا دیں اور پوست درخت عشر کہ پورانہ ہو دو صلی
سہجنہ ہر ایک سات تولہ دونوں جھڑ بیرا مانند مصالح کے پیسیں نمک طعام نمک لاہوری ہر ایک پانچدرم گندنا سبز نو تولہ ملا کے ادویہ سحوقہ تھوڑی
تھوڑی ہاتھ سے خمیر کے مانند ملائیں اور دھوپ میں رکھ دیں کہ خشک ہو جائے خوراک ایک ماشہ سے تین ماشہ تک سفوف برائے التحام
قروح معدہ بعد اسکے کہ مسہل کا تنقیہ ہو چکا ہو کام میں لائیں ترکیب گلسرخ گلنار کہربا ہر ایک ایکدرم گل ارمنی تین درم کندر دم الاخوین
ہر ایک پانچدرم ترتیب دو درم سے تین درم تک رب سیب یا رب بہ میں سفوف مسکن قے صفراوی و معمول ترکیب زرور د طباشیر
ہر ایک دو ماشہ کشنیز مقشر سماق منقی ہر ایک چار ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائیں جملہ ایک خوراک ہے سفوف حابس قے و معمول ہے
ترکیب لونگ ایک رتی آردکنار دار فلفل مغز اشنہ تر ہندی سعد کوفی کشنیز خشک نیلوفر کہو لگٹہ انار دانہ زہر مہرہ ہر ایک چار رتی پیس کے
گلاب میں دیں سفوف حب الآس تالیف حکیم عابد حسین قے میں مجرب ہے ترکیب حب الآس دس درم طباشیر دو درم سماق گلنار
انار دانہ پودینہ بستانی گلسرخ عود خام صندل سفید ہر ایک ایکدرم باریک پیس کے میٹھے پانی سے پھانکیں انشاء اللہ پہلی خوراک میں

فائدہ ہوگا ایضاً حابس قے بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب پودینہ خشک الائچی خورد صندل سفید کشنیز خشک عنبر یک زرور وقند مین سفوف بنائین اور دو درم کھلائین سفوف برائے قے بلغمی وصفراوی مجرب ہے ترکیب سماق زیرہ کرمانی برابر کوٹ چھیکے ٹھنڈے پانی یا دو سرے پانیون اور ربوب مناسبہ کے ساتھ کھلائین اگر آب طراف انگور مین پھنکائین بے عدیل ہے سفوف قے بلغمی وسوداوی کے واسطے نافع ہے ترکیب پوست بیرون پستہ ایک جزو مصطگی عود خام ہر ایک نصف جزو باریک کوٹ کے شراب سیبیہ مین دین سفوف حبس نفث الدم مین مجربات سے ہے ترکیب اقاقیا زرور گل ارمنی گلنار افیون بزر البنج صمغ عربی مساوی خوراک نصف مثقال تک آب سیب وبہ و آب بارتنگ مین اور اگر دم الاخوین وکندر بجائے افیون کے دین مناسب ہے سفوف دم الاخوین برائے حبس نفث الدم واسہال خون مجربات حکیم الٰہی بخش سے ہے ترکیب تخم خرفہ بریان گلنار تخم حماض طباشیر گل ارمنی ہر ایک چار ماشہ گلسرخ ساذج حب الآس نشاستہ دم الاخوین ہر ایک دو ماشہ کندر افیون ہر ایک ایکماشہ سب کو باریک پیس کے سفوف بنائین خوراک جوان کیواسطے ایک ماشہ ہمراہ آب بچہ کیواسطے چار رتی سفوف برائے فواق امتلائی وریحی مجرب ہے ترکیب زیرہ مصطگی ہر ایک چار درم کلونجی ایکدرم کوٹ پیس کے بقدر حاجت پھنکائین ایضاً برائے فواق بلغمی مجرب ہے ترکیب تخم کرفس فطراسالیون سعد کوفی ہر ایک ڈھائی درم دوقو پوست بیرون پستہ انیسون پودینہ خشک اسارون قسط زیرہ کرمانی ہر ایک تین درم وج ترکی نیمدرم کوٹ پیس کے خوراک دو درم ایضاً قانون سے ترکیب قسط صبر اذخر تمام خشک پودینہ بہری نعناع سداب تخم کرفس کندر اسارون ہر ایک ایکدرم افیون گلسرخ ہر ایک نصف درم کوٹ پیس کے بقدر حاجت پھنکائین سفوف وجع الفؤاد مین بعد قے کے ہمراہ سکنجبین وآب نیمگرم اور اسہال نقوع حامض مین ہے گلقند و گلاب وشربت دینار مجرب ہے ترکیب انیسون دو مثقال دانہ ہیل دار چینی سونٹھ تخم کاسنی گلسرخ ہر ایک ایک مثقال ریوند چینی نو درم شکر سفید ہموزن سفوف برائے درد جگر کہ نہار منہ ٹھنڈا پانی پینے سے ہوتا ہے یا بعد ریاضت کے مجرب ہے ترکیب زرنب زرنباد بادیان مصطگی دار چینی مساوی شکر سفید سب کے برابر خوراک نو ماشہ سفوف کبدی کہ جگر کیواسطے مخصوص ہے اور اسکی تقویت کے لیے کامل تر ہے ترکیب گلسرخ تین درم زرشک منقی لک مغسول ہر ایک ایک نیمدرم فوہ طباشیر صندل سفید نشاستہ صمغ عربی ہر ایک ایکدرم ریوند چینی نیم مثقال تخم حماض ایک مثقال زعفران دو دانگ کوٹ پیس کے سفوف بنائین سفوف بزوری دو درم محدب جگر مین مستعمل اور مدر بول ہے ترکیب مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچدرم تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک تین درم تخم کرفس بادیان انیسون ہر ایک دو درم عصارہ زرشک چار درم ریوند چینی ایک مثقال طباشیر تین درم گلسرخ چار درم کوٹ پیس کے وقت شام دو درم ہمراہ سکنجبین سکری دس دن کے بعد فصد باسلیق اور صبحکو ایک مثقال قرص زرشک یا ڈیڑھ اوقیہ سکنجبین وآب کاسنی وآب کشوث دمکو دینا چاہیے اور کبھی تخم کرفس بادیان انیسون حرارت مزاج کی رعایت سے موقوف کردیتے ہین کبھی رب السوس دو درم زعفران بالچھڑ مصطگی افسنتین ہر ایک ایکدرم لک مغسول چار دانگ کافور دو دانگ عوض طباشیر وگل سرخ اضافہ کرتے ہین سفوف مجربات حکیم علویخان سے برائے کوفت جگر وسپرز ومعدہ کہ بسبب ضربہ وصدمہ کے ہو ترکیب قسط زعفران ہر ایک دو درم گل مختوم گل ارمنی لک مغسول

ریوند قصب الذریرہ ہر ایک تین درم ناخونہ چار درم کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک دو درم ہمراہ عرق مکو کہ مغز خیارشنبر اسمین ملا ہو اور روغن بادام شیرین ملا ہو سفوف خبث الحدید مجرب برائے سوء القنیہ ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ سونٹھ کالی مرچ پیپل ہر ایک ایک تولہ خبث الحدید دو تولہ کوٹ پیس کے چھ ماشہ سے ایک تولہ تک دہی کے ہمراہ اگر کھانسی نہ ہو ورنہ شہد میں دین سفوف برائے استسقا مجرب ہے ترکیب ہینگ تین درم دار فلفل سونٹھ اجوائن ہر ایک چھ درم پوست ہلیلہ زرد شیطرج قسط بہمن سفید سنا مکی ہر ایک نو درم کوٹ پیس کے سفوف بنائیں کبھی نمک لاہوری کل دوا کا چھٹا حصہ ملایا جاتا ہے ایضاً برائے ورم بدن و تہبیج اطراف بیاض استاد مرحوم سے ترکیب ہڑ بہیڑا آملہ جیتہ بدھارا سونٹھ اجوائن تج خراسانی اجمود پیپل مرچ سیاہ نمک سیاہ سب مساوی کوٹ پیس کے خوراک ایکدرم سفوف نافع استسقائے زقی ترکیب مغز تخم خیارین تخم خرفہ ریوند چینی ہر ایک دو درم عصارہ غافث عصارہ افسنتین زعفران ہر ایک ایکدرم سنبل الطیب نیمدرم مصطگی بادیان ہر ایک ڈیڑھ درم مازریون مدبر اصل السوس ہر ایک تین درم گلسرخ چھ ماشہ کوٹ پیس کے چار ماشہ مولی کے عرق سات تولہ اور سکنجبین دو تولہ کے ساتھ دیں سفوف انواع استسقا میں اونٹ کے دودھ کے ہمراہ استعمال ہے ترکیب عصارہ غافث غاریقون ترید موصوف گلسرخ ہر ایک ایکماشہ ریوند چینی سنا مکی ہلیلہ کابلی ہر ایک دو ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائیں جملہ ایک خوراک ہے تو عدیگر جمیع انواع استسقاء میں اخراج مائیت کیواسطے مجرب ہے ترکیب ریوند خطائی ترید سفید ہر ایک چھ ماشہ پوست ہلیلہ زرد تین ماشہ غاریقون سفید دو ماشہ سونٹھ دو ماشہ شکر سفید برابر ملا کے سفوف بنائیں اور سات ماشہ اونٹنی کے دودھ کے ساتھ پھنکائیں سفوف کرفس دافع ریاح دافع نفخ معدہ و استسقائے طبلی ہے ترکیب تخم کرفس بادیان انیسون اسارون قسط ریوند چینی ہر ایک دو درم زیرہ کرمانی تین درم بالچھڑ سعد ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ پیس کے خوراک ایک مثقال کبھی نیمدرم صبر بڑھا کے فائدہ مند پایا گیا ہے کبھی قبض کی صورت میں کل دوا کا تیسرا حصہ سنا مکی ممزوج کر کے بغایت مفید ثابت ہوا ہے سفوف جند بیدستر استسقاء طبلی میں بہت سودمند ہے ترکیب انیسون بادیان تخم کرفس نانخواہ دوقو تخم شبت ہر ایک تین درم اسارون قسط تلخ بالچھڑ مصطگی فلفل سفید ہر ایک ایکدرم قردمانا دو درم ریوند چینی ایک مثقال سکبینج نیم مثقال جند بیدستر نیمدرم سبکو باریک کوٹ کے سفوف بنائیں سفوف بیدانہ نافع حرارت جگر و یرقان اصفر و مفتح سدہ جگر و مفید نفث الدم ہے ترکیب مصطگی دو دانگ طباشیر نیمدرم گل ارمنی گلسرخ لک مغسول بالچھڑ الیشمی ہر ایک ایکدرم بیدانہ مقشر نشاستہ مغز تخم خیارہ ہر ایک چار درم خوراک ایکدرم ٹھنڈے پانی سے سفوف کبریت یرقان سدی میں بغایت مفید ہے ترکیب کبریت زرد نیم مثقال افتیمون تخم کرفس جبلی نخود سیاہ کندر سفید ہر ایک دو درم مغز چلغوزہ تین درم مویز منقی پانچدرم کوٹ پیس کے ڈیڑھ درم آب رازیانہ کے ساتھ چند روز پھانکیں سفوف نمک نافع برائے یرقان و درد جگر و تپ صفراوی ترکیب لک مغسول ایکدرم گلسرخ ایک مثقال طباشیر دو درم زعفران ایکدرم ریوند چینی ڈیڑھ دانگ کافور ایکدانگ خوراک دو درم ہمراہ شربت تمر ہندی یا شربت الو یا شربت فواکہ سفوف یرقان اصفر میں برائے تنقیہ ہمراہ ماء الجبن بغایت سودمند ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد گل بنفشہ ہر ایک پانچدرم تخم کاسنی شاہترہ گلسرخ عصارہ غافث زرشک افسنتین

ہر ایک دو درم تخم سرمق دو درم سقمونیا بے مشوی ایکدرم سب کو کوٹ پیس کے ماء الجبن یا شکر یا نمک سیاہ کیساتھ استعمال کرین سفوف یرقان اسود مین بعد مسہل کے ماء الجبن کیساتھ جو سکنجبین افتیمونی سے بنایا گیا ہو کام مین لائین ترکیب نمک ہندی ایکدانگ ایارج فیقرا ایکدرم افتیمون ایکدرم ہلیلہ کابلی دو درم ہلیلہ زرد تین درم جملہ ایک خوراک ہی کمی اور زیادتی طبیب کی راے پر منحصر ہے سفوف براے وجع طحال از بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب سونف اجوائن زیرہ سفید پودینہ بڑ بوٹیر آملہ سونٹھ بے ریشہ فلفل گرد برگ سیاہ نمک طعام وج خراسانی مساوی کوٹ چھانکے آب لیمون مین تر کر کے سفوف بنائین اگر چنے کی پتی کی ترشی مین کھرل کرین بہتر ہوگا سفوف نفخۂ طحال مین حرارت نہ ہونے پر مفید ہے ترکیب تخم گندنا زیرہ سیاہ مدبر بسرکہ تخم کتان مصطگی ہلیلۂ زرد ہر ایک تین درم ریوند چینی دو درم کوٹ پیس کے دو درم سے ایک مثقال تک سکنجبین کے ساتھ دین سفوف مسہل سودا صلابت طحال مین تنقیہ کیواسطے ماء الجبن مین دیتے ہین ترکیب پوست ہلیلۂ زرد پوست ہلیلۂ سیاہ و پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک تین درم تربد گلسرخ ہر ایک ایک درم کاسنی چار درم تخم کشوث افسنتین انیسون ہر ایک ایک مثقال افتیمون دو درم ریوند دو مثقال حجر ارمنی ایکدرم سب کو کوٹ پیس کے دو درم ہمراہ شربت بزوری یا جلاب قند مین ملا کے کھلائین اوپر سے ایک پیالہ ماء الجبن کا پئین سفوف ہندی دافع صلابت طحال ترکیب کیا یہ بھکر مول جوا کھار ہلیلۂ زرد ہینگ نمک سنگ نمک سونچر برنگ کابلی شیطرج کف دریا تربد سفید نانخواہ مساوی کوٹ پیس کے خوراک ایکتولہ صبح اور اسیقدر شام کو سفوف ارسطاطالیس مقوی معدہ و قلب و ہاضم طعام و معمول ذرب مین ترکیب لونگ کبور کچری بالچھڑ عود اسارون مصطگی قرفہ ہلیلہ کابلی فرنجمشک نارمشک زیرہ کرمانی دارچینی اشنہ فلفل دارفلفل سونٹھ اناردانہ جوزبوا کافور قاقلہ ہر ایک دو درم مشک عنبر اشہب ہر ایک ایکدرم نبات سفید چھ چند ادویہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک ایکدرم سے تین درم تک سفوف شاہجہانی ضعف معدہ و امعاء مین نفع کرتا ہے اور اطبا نے شاہجہان بادشاہ کیواسطے تالیف کیا تھا ترکیب لونگ عنبر مصطگی الائچی خرد عود غرقی سنبل الطیب ورع سوختہ گلنار فارسی مشک بسد مرجان کہربا گلسرخ ہر ایک ایکماشہ پوست بیرون پستہ مغز بیل طباشیر ہر ایک دو ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک ایکدرم سے ایک مثقال تک سفوف حب الرمان مقوی معدہ و امعاء اور اسہال مراری مین معمول ہے ترکیب اناردانہ بریان دس درم بلوط سماق زیرہ سیاہ مدبر حب الآس کشنیز خشک بریان سنجد خرنوب آرد کنار ہر ایک پانچدرم عود خام نیم درم آملہ منقی ڈیڑھ مثقال کوٹ پیس کے ہمراہ رب بہ استعمال کرین خوراک تین درم تک علاوہ بریں ذرب بثوری مین اور سوا اسکے مستعمل ہے اسہال کو روکتا ہے اور گئی ہوئی بھوک کو پھیرتا ہے ترکیب اناردانہ ترش بریان بیس درم کرویا کشنیز ہر ایک دس درم سرکہ مین تر کر کے خشک اور بریان کرین ہر ایک چار درم کزمازج خرنوب نبطی ہر ایک ڈیڑھ درم گلنار سماق ہر ایک تین درم سفوف بنائین خوراک تین درم سفوف حب العنب حابس اسہال قوی ہے ترکیب تخم انگور صمغ عربی ہر ایک چار درم حب الآس سماق ہر ایک دو درم مصطگی گلنار ہر ایک ایکدرم کوٹ پیس کے سفوف بنائین تو علاوہ بریں براے حبس اسہال بلغم (دیمئے آؤن) ترکیب طباشیر دانہ ہیل مائین خرد تخم انگور پودینہ خشک زیرہ سفید ہر ایک چھماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک پانچماشہ سفوف بلوط ایک گھنٹہ مین پیٹ باندھ دیتا ہے اور مجرب ہے ذرب صفراوی مین بھی قوی الاثر ہے ترکیب شاہ بلوط تین درم مازو پوست انار ہر ایک چار درم گرد سماق چھ درم حب الآس سات درم کوٹ پیس کے ایک مثقال سے

دو درم تک ٹھنڈے پانی میں ہیں اور قادری میں خشخاش چھ درم بھی اس نسخہ میں داخل ہے **سفوف سماق** مسکن تشنگی و مفید اسہال صفراوی ذربی
مزمن و استرخائے معدہ و مغص **ترکیب** صمغ عربی گلنار ہر ایک دو درم حب الآس انار دانہ بریان ہر ایک پانچدرم سماق دس درم خرنوب پندرہ درم
کوٹ پیس کے خوراک ایک مثقال **سفوف سنگدانہ** مقوی معدہ نافع ذرب **ترکیب** عود مصطگی طباشیر حب الآس صمغ عربی بریان دانہ
ہیل بریان نشاستہ بریان زیرہ سیاہ پوست بیرون پستہ بلیگری بریان گلنار ہر ایک دو درم پوست سنگدانہ مرغ خشک کردہ پانچدرم
خوراک دو درم **سفوف شیریں** مقوی معدہ و مشہی و معمول ذرب و حمیات بلغمی و مرکبہ میں **ترکیب** لونگ دانہ الائچی خرد ناگیسر مرچ کنکول
دارچینی سونٹھ دار فلفل تتر بالاخس بالچھڑ صندل سفید اگر تگر طباشیر مغز کنول گٹہ زیرہ سفید زیرہ سیاہ تج تیزج ہر ایک پانچماشہ کافور
بھیمسینی ایک ماشہ نبات سفید ہموزن ادویہ سفوف بنائیں خوراک پانچماشہ پانی کے ساتھ **سفوف ہندی** برائے سنگرہنی مجرب ہے
ترکیب ہلیلہ زنگی بریان تج بلیگری بریان بادیان بریان کوکنار رال مروڑ پھلی اسغول مسلم بریان جوز بوا سعد ختہ انبہ کہنہ ادویہ برابر کوٹ
پیس کے دو ماشہ صبح اور دو ماشہ شام کو پھانکیں **ایضاً** مجرب ہے **ترکیب** موچرس مائیں خرد گل دھاوہ ہر ایک ایکدرم مصطگی نیمدرم
بلیگری کوکنار رال ہر ایک دو درم کوٹ پیس کے سفوف بنائیں ایکدرم صبح ایکدرم شام کے وقت کھائیں غذا دال خشکہ **سفوف** برائے
اسہال مجری کہ در معدہ کیساتھ ہو اور ہضم میں فتور ہو **ترکیب** مصطگی زرنباد نانخواہ حب الآس پوست بیرون پستہ سعد احمود بلیلہ پودینہ
خشک سونٹھ بریان زیرہ سیاہ مدبر بادیان بریان گلنار بلیگری بریان صمغ عربی مساوی الوزن کوٹ پیس کے خوراک دو درم **سفوف قابض**
قابض اسہال سنگرہنی و ہاضم و مشہی و مجرب النفع **ترکیب** کبریت آملہ سار سیماب فلفل دار فلفل زنجبیل زیرہ سفید و سیاہ ہر ایک ڈھائی
ٹانک ہینگ نمک سنگ نمک طعام نمک سیاہ ہر ایک ایک ٹانک و چوتھائی قنب بریان سات ٹانک و نصف کوٹ پیس کے
سفوف بنالیں اور پارہ کو گندھک کے ساتھ آٹھ پہر کھرل کریں خوراک ایک ماشہ اسکے لیے جو بھنگ کے نشہ کا عادی نہ ہو دیگر حسب مزاج
سفوف مقلیاثا برائے زلق معدہ و امعائی میں مجرب ہے **ترکیب** ہلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ تینوں روغن زیت میں بھون کے ہر ایک پانچدرم
زیرہ کرمانی مدبر حب الرشاد بریان تخم گندنا ہر ایک سات درم تخم کرفس انیسون دونوں سرکہ میں بھگو کے خشک کر کے بھونیں ہر ایک چار درم
مصطگی قرنفل قاقلہ عود ہندی بالچھڑ ہر ایک دو درم سعیہ تین درم سب کو باریک کوٹ کے صبح و شام دو درم کھائیں **سفوف گل** برائے اسہال
معدی **ترکیب** کندر کندیا تخم کرفس انیسون زیرہ سیاہ مدبر کشنیز مقشر بریان ہر ایک پانچ جزو مصطگی تین جزو زرنباد عود ہندی دانہ ہیل جوز بوا دارچینی
پوست بیرون پستہ زیرہ سبز مدبر دانہ مویز بریان ہر ایک چھ جزو تخم گل بریان دس جزو نعناع خشک بیس جزو نبات سفید سب کے برابر کوٹ پیس
کے سفوف بنائیں خوراک تین مثقال ہمراہ گلاب **سفوف** اسہال بلغمی مراری کے واسطے نافع ہے اور ضعف معدہ و رخاوت معدہ کو دفع کرتا
ہے **ترکیب** زیرہ سفید بریان بادیان سونٹھ بلیگری ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے سفوف بنائیں خوراک چھ ماشہ صبح و شام **سفوف** فی دیگر
بلغمی میں مجرب ہے **ترکیب** نانخواہ کندر گلنار ہر ایک پنجدرم دانہ مویز دو جزو ہمراہ انیسہ ممسک ایکدرم اقاقیا نیمدرم مصطگی باریک

کوٹ کے شربت قابض کیساتھ دین بہت فائدہ کرتا ہی سفوف برائے اسہال مراری مزمن معدی وکبدی نسخہ مطب علویخان ترکیب ریوند خستہ کنار شتی مغز خستہ جامن
مغز خستہ انبہ کہنہ بریان زیرہ سیاہ بیلگری پوست ترنج سماق پوست بیرون پستہ تخم خرفہ بریان چھ ماشہ شیرۂ بہدانہ بریان دو ماشہ عرق بارتنگ دس تولہ مین
شیرہ نکال کے شربت انار مین حل کرکے دین سفوف برائے اسہال کبدی معمول ومجرب ہی ترکیب زعفران ایکدانگ ریوند چینی ڈیڑھ دانگ تخم حماض
بورادہ صمغ عربی بریان نشاستہ صندل سفید طباشیر فوہ ہر ایک نیم درم لک مغسول گل سرخ زرشک سنقی ہر ایک نیم مثقال کوٹ پیس کے سفوف بنائین
خوراک دو درم ہمراہ شیرۂ تخم کاسنی ورب بہ نوع دیگر برائے اسہال کبدی تالیف حکیم علیم اللہ مرحوم ترکیب دم الاخوین طباشیر بریان طراثیث شربین
صمغ عربی حب الآس کہربا زرشک بیدانہ سماق مغز بہدانہ کتیرا بیخ انجبار اقاقیا ہر ایک ایکماشہ پوست خشخاش چار رتی افیون زعفران ہر ایک ایک
رتی کافور قیصوری ایکجو کوٹ پیس کے بارتنگ مسلم چرب کرکے بریان کرین نو ماشہ خوراک دو ماشہ ہمراہ لعاب ریشہ خطمی یا بہدانہ وغیرہ کے پئین ایضاً برائے
اسہال کبدی مجربات حکیم کمال الدین سے ترکیب گلسرخ تخم حماض صمغ عربی نشاستہ زرشک گل تف دادہ لک فوہ الصباغین صندل سفید ہر ایک
تین درم زعفران ایکدرم کوٹ پیس کے دو درم ہمراہ شیرۂ تخم کاسنی بریان کہ گلاب وبید مشک سے لائے ہون دین غذا ندشکیہ سفوف کافور برائے اسہال
کبدی ومعدی ومقوی کبد بے حرارت مزاج ہو ترکیب تخم ریحان تخم بارتنگ صمغ عربی ہر ایک روغن زرد مین بریان تخم حماض ہر ایک ایکدرم کافور
ایک ماشہ سفوف کرکے حسب مزاج شربت حب الآس مین کھلائین سفوف نشاستہ حبس اسہال مراری مین مجرب ومعمول ہو ترکیب نشاستہ صمغ
عربی تخم کنوچہ بریان تخم خرفہ ہر ایک پانچماشہ گل ارمنی سات ماشہ اسبغول مسلم بریان الکتولہ تخم ریحان بریان تخم حماض بریان ہر ایک پندرہ ماشہ
سوائے اسبغول وکنوچہ سبکو کوٹ پیس کے سفوف بنائین اور روغن بادام سے چرب کرکے استعمال کرین سفوف گل برائے اسہال مراری
مزمن وبواسیری ونواصیری حارہ بغایت نافع ہو ترکیب مصطگی عود قماری ہر ایک ایک مثقال طباشیر گل مختوم گل داغستانی ہر ایک دو مثقال
گلسرخ صمغ عربی بریان سماق بیدانہ ہر ایک تین مثقال گل ارمنی انار دانہ بریان دانہ انگور پروردہ کسبرہ بریان ہر ایک پانچ مثقال سفوف بنائین
خوراک دو مثقال ربوب مناسبہ کیساتھ سفوف تیواج برائے اسہال بواسیری مجرب ہی ترکیب تیواج خطائی نیم مثقال نیلوفر ایک مثقال
ہمراہ عرق بارتنگ سبز یا ماست کے کھائین سفوف بلیلہ برائے حبس اسہال مجرب ومعمول ہی ترکیب بلیلہ سیاہ بریان روغن گاؤ مین ایک ماشہ
لوکنار بریان ڈیڑھ ماشہ کوٹ پیس کے شکر تین ماشہ آب سرد سے پھانکین جملہ ایک خوراک ہو اور کبھی وزن بلیلہ تین ماشہ کرکے صمغ عربی بریان ڈیڑھ ماشہ
بجائے شکر کے اضافہ کرکے دو وقت صبح وشام استعمال کرانا مفید پڑتا ہی سفوف قابض تالیف حکیم علی اسہالات عظیم مین نافع ہے اور مجرب ہے برائے
اسہال معدی ومعوی ترکیب تخم خرفہ بریان طباشیر گل قبرسی گلنار تخم حماض ہر ایک چار درم گلسرخ نشاستہ طراثیث دم الاخوین حب الآس
شادنج مغسول ہر ایک دو درم کندر ایکدرم افیون نیم درم کوٹ پیس کے خوراک چار رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ سفوف الطین پانچ ماشہ استعمال کرین بعضون نے
اس سفوف کی خوراک چار ماشہ تک لکھی ہی اور کہتے ہین اگر ڈیڑھ ماشہ یہ سفوف اور ڈیڑھ ماشہ دم الاخوین و چھ رتی کہربا پیسکے دین قوی تر
ہو جاتی ہی اور کبھی پنیر مایہ خرگوش واجزائے سفوف شادنج مع رسوت وچار تخم مقلو سم اس سفوف مین اضافہ کرکے اور عصارۂ بارتنگ وشربت انجبار

دمعجون زہیر و عسل کی معجون بنا کے دین نافع اتم ہوجاتی ہی ایضاً نجتیشوع نے ترکیب دی ہی برائے تقویت ہضم و نعاش قوی و اصلاح غذا و تحلیل ریاح غلیظ
مین مجرب لطافی و طاسدیدہے ترکیب پوست ترنج ڈیڑھ جزو کر وبا ایک حصہ سرکہ مین تر کرکے زیر سایہ خشک کرین ایکجزو انیسون و عود ہندی ہر ایک نیم جزو
شکر بوزن مجموع اگر جی چاہے زنجبیل سعد ہر ایک ربع جزو بالچھڑ صندل سفید آٹھوان حصہ اضافہ کرین سفوف ہندی برائے اسہال معوی رطوبی مرسندی
کہتا ہی کہ خلق کثیر نے یاس کے بعد اس دواسے فائدہ اُٹھایا ہی ترکیب پوست ترنج سرخ کہ اوپر کے سخت چھلکے کے اندر ہوتا ہی تیلا ستار گل دھاوہ
دو درم تخم ریحان دو ماشہ افیون چار رتی کوٹ پیس کے حسب پانی مین برنج سرخ ترکیے ہوئی کھائین اور یہ یاد رکھین کہ اسکا مولف نفع کا ضامن ہے
مین نے بھی اسکی عجیب تاثیر دیکھی ہی سفوف جاذ تخم زلق الامعاد شوری و برنج و ذحیر مین معمول ہی اور مفتح سدہ و مسکن درد ہی ترکیب اسبغول تخم ریحان تخم
یارتنگ مساوی بقدر ایک تولہ لیکے بریان کرین تھوڑا سا پانی اسپر ڈالین کہ چپک آجاے اور گُلتھی بن جاے چند قطرے روغن گل کے ٹپکا کے تھوڑا سا
پانی اور ملا کے پئین سفوف حب الآس نافع ہی اسہال کیواسطے جسکے ہمراہ کھانسی بھی ہو ترکیب حب الآس شاہ بلوط خرنوب خشخاش
ہر ایک دو درم صمغ عربی ایکدرم کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک تین درم سفوف قشر الرمان افراط اسہال و افراط عمل مسہل کیوقت
دیا جاتا ہی فورًا روکدیتا ہی ترکیب پوست انار مازو ہر ایک ایکدرم کہگ دو درم کندر نیمدرم بزر البنج چوتھائی درم افیون ایکدانگ یہ ایک
خوراک ہی قوی مزاج کے لیے اور تحمیہ کے ساتھ دین سفوف طباشیر برائے اسہال جو رخاوت معدہ و امعاء سے ہو مع حرارت مزاج نہایت
نافع ہے خصوص بحران کے پیسا اگر دو رتی یہ سفوف اور دو چنے برابر یاقوتی معتدل ممزوج کرکے دین مجرب ہی ترکیب گل مختوم تین مثقال کافور طباشیر
ہر ایک ایک مثقال سفوف مجرب برائے حبس اسہال اطفال ترکیب صمغ عربی بریان کہور کچری بریان مازو سبز ہر ایک تین ماشہ سب کو کوٹ
پیس کے نبات سفید نو ماشہ ملا کے ایک ماشہ صبح و شام چٹائین سفوف سعد برائے اسہال صبیان کہ دانت نکلنے وقت ہو جاتا ہی فی الفور نفع
کرتا ہی ترکیب سعد کندر حب الآس تخم خشخاش مساوی کوٹ پیس کے شیر مرضعہ مین پلائین سفوف نافع برائے اسہال خون ترکیب
صمغ عربی کتیرا طباشیر سنگجراحت ہر ایک یکماشہ ہمراہ رب بہ یا رب سیب کھلائین سفوف خطمی اسہال دموی وغیرہ مین مستعمل ہے ترکیب
تخم خطمی جسکے پھول سفید ہون مغز تخم خبازی نشاستہ صمغ عربی گل ارمنی طباشیر مساوی کوٹ پیس کے سفوف بنائین سفوف طراثیث
نافع برائے ضعف کبد و معدہ و اسہال دموی مکرر تجربہ کیا گیا ہی ترکیب طباشیر سفید حب الآس گلنار فارسی کتیرا صمغ عربی
تخم خرفہ سماق منقی پوست بیرون پستہ گل ارمنی پوست بیخ انجبار صندل سفید سودہ بگلاب کہربائے شمعی ہر ایک نیم مثقال طراثیث
شیر بن دو درم کوٹ کے شربت حب الآس یا شربت انجبار یا شربت بہ یا شربت فواکہ مین لت کرکے کھائین سفوف برائے اسہال
دموی و صفراوی مجرب حکیم الٰہی بخش ترکیب تخم حماض حب الآس گل سرخ صمغ عربی مصطگی نشاستہ طباشیر انار دانہ بریان ہر ایک
تین ماشہ سفوف بنائین خوراک ہمراہ شربت انار ایکتولہ بچہ کو دو ماشہ جوان کو چھ ماشہ دین سفوف شادنج برائے اسہال مراری
دموی و جریان خون بواسیر و طمث مشکور و ہمیشہ معمول ترکیب ریوند خطائی ایکدرم کہربا لبد و دع سوختہ ہر ایک دو درم

شادنج عدسی مغسول عصارہ لحیۃ التیس صمغ عربی بریان ہر ایک تین درم سب کو باریک پیس کر اور تخم ریحان بریان پانچ درم ملا کے سفوف بنائیں قدر خوراک
ایک درم سے دو درم تک سفوف اسہال الدم کبدی میں کام آتا ہے ترکیب گل ارمنی صمغ عربی تخم خرفہ بریان ہر ایک ایک جزو کہربا سندروس ہر ایک نصف
جزو کندر راتینج دارصینی ہر ایک ربع جزو قند سفید مساوی مجموع کوٹ پیس کے تین درم استعمال کریں اگر حرارت معلوم ہو طباشیر وزن گل ارمنی کے برابر اضافہ
کردیں سفوف اسہال الدم کبدی میں انطاکی سے منقول ہے ترکیب طباشیر ریوند چینی لک مغسول سنبل اساروں صندل سفید فوہ لحیۃ التیس
ہر ایک ایک جزو زرشک صمغ عربی شاہ بلوط ہر ایک دو جزو کوٹ پیس کے رب بہ شیریں میں ملا کے دو درم کھلائیں سفوف برائے اقسام اسہال خونی
وغیرہ مجرب ہے ترکیب نشاستہ بریان گل ارمنی تخم گل صمغ عربی بریان نوفل شاخ گوزن سوختہ پوست بیضۂ مرغ سوختہ گلنار دم الاخوین تخم ریحان
بریان بارتنگ زیرہ بریان حفت بلوط گل سرخ بسباسہ ہر ایک چار رتی پوست بیرون پستہ عود غرقی طباشیر حب الآس کشنیز خشک مغز بیل بیخ کبابہ
ہر ایک ایک ماشہ انار دانہ بریان کہربا مروارید سوختہ شادنج مغسول ہر ایک دو ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک دو درم سفوف کہربا سحج
میں کام آتا ہے ترکیب اسبغول تخم مرو تخم ریحان ہر ایک چار درم گل ارمنی گل قبرسی نشاستہ صمغ عربی ہر ایک تین درم طباشیر گل سرخ کہربا ہر ایک
دو درم بزرورد کو بریان کریں اور دوسری دوائیں باریک پیس ڈالیں ملا کے ہمراہ شربت حب الآس یا رب بہ تین درم کھلائیں سفوف الطین زحیر
صادق میں معمول ہے ترکیب اسبغول تخم ریحان تخم مرو نشاستہ تخم حماض بری بریان صمغ عربی گل ارمنی طباشیر مساوی کوٹ پیس کے بغیر تینوں تخموں کے
پیس کے باہم ملا دیں اور نو ماشہ روغن مادہ گاؤ یا روغن بادام یا روغن گل میں چرب کر کے ہمراہ لعاب بہدانہ و ریشہ خطمی و شربت بنفشہ دیں سفوف
سہ تخم برائے زحیر و سحج و اسہال مراری مجرب و معمول ہے ترکیب ببول کا گوند تخم کنوچہ اسبغول بارتنگ کل مساوی بریان کریں گوند پیس کے تخموں میں ملا کے
ہر روز تین درم روغن بادام میں چرب کر کے ٹھنڈے پانی سے پھانکیں سفوف ابن ماسویہ برائے زحیر و سحج امعاء و سحج نافع ہے ترکیب تخم خطمی تخم خبازی
مقشر ہر ایک پانچ درم نشاستہ بریان تین درم صمغ عربی گل ارمنی ہر ایک دو درم کوٹ پیس کے خوراک تین درم صباح و تین درم شام اس پانی سے
جس میں طباشیر و گل ارمنی و صمغ عربی منقوع ہو پھانکیں سفوف یہودی برائے زحیر بلغمی مجرب ہے اور اسہال کو بند کرتا ہے ترکیب تخم ترہ تیزک بریان
تخم قطونائے بریان اہبل بریان ہر ایک دو درم زیرہ کرمانی تخم گندنا تخم شبت خشخاش انیسون تخم کرفس بزرالبنج ہر ایک ڈھائی درم افیون تین درم دونگی
سوائے اسبغول و حرف کوٹ کے سفوف بنائیں خوراک چار رتی اور افیون کو ایک ماشہ سے ڈیڑھ ماشہ تک دیا جا سکتا ہے سازش طبیعت معلوم ہونے پر
مقدار کی زیادتی طبیب کی رائے پر منحصر ہے اور خلاصہ میں برگ قنب عوض بزرالبنج ہے اور حکیم منصور علی سوائے تخم شبت و تخم کرفس و بزرالبنج و افیون کے
باقی دواؤں کا وزن مساوی کہتے ہیں و حالوں و اسبغول مسلم ملا کے بقدر ایک مثقال ہمراہ لعاب ریشہ خطمی چھ ماشہ و نبات سفید ایک تولہ دیتے ہیں سفوف
زحیر صادق میں معمول ہے ترکیب مرور پھلی سات ماشہ مائیں خرد مازو حرمانے بریان سونٹھ سونف ببول کا گوند ہر ایک چھ ماشہ افیون چار ماشہ سفوف بنائیں
اور حسب مزاج کام میں لائیں ہمراہ شیرۂ تخم کاسنی بریان یا شیرۂ زیرہ سفید بریان یا شیرۂ بادیان بریان ایضاً برائے اسہال ہیضہ جو کسی دوا سے نہ
جاتی ہو نافع ہے ترکیب ہلیلہ سیاہ نانخواہ زیرہ سفید ہر ایک آٹھ ماشہ الگ الگ بریان کر کے کوٹیں پیسیں اور نو ماشہ

ہمراہ ماست چکیدہ پھانکیں **ایضاً** اگر فلفل سیاہ بقدر عدد عمر مریض لیکے پیسیں اور روغن زرد کے ہمراہ کھائیں فی الحال ساکن مغص و قولنج ہو **سفوف**
برائے مغص کہ قبض کیساتھ ہو **ترکیب** بادیان تخم کرفس برگ سداب ہر ایک تین درم نانخواہ صعتر فارسی ہر ایک چار درم شکر سرخ نصف مجموع کوٹ
پیس کے شکر ملا کے تین درم گرم پانی سے پھانکیں **ایضاً** محلل ریاح کہ مغص ریحی میں بعد تنقیہ معمول ہو **ترکیب** زیرہ سیاہ حب الغار سداب
اجوائن ہر ایک ہفت درم فانیذ سنجری پانچ درم حلبہ ایک خوراک ہے **سفوف** بادیان معمول حکیم بقا خان تفتیح قولنج و طرد ریاح بوجہ دفع اخلاط لزجہ
کرتا ہے اور مستسقی کے واسطے برائے ادرار کام آتا ہے **ترکیب** ریوند خطائی پانچ درم شگوفتہ بادیان ایک سیر پانچ سیر پانی میں بھگوئیں بعد چار
روز کے ہلکی آنچ پر جوش دیں ایک سیر رہ جائے تو مل کے چھان لیں اور اُسمیں آب سنا مکی پاک کردہ ایکپاؤ سے تر کریں کہ پانی جذب ہو جائے تو سکھا کے
ایکدام لونگ ملا کے کوٹیں کپڑے سے چھان کے کام میں لائیں سوتے وقت چھ ماشہ ہمراہ چھ ماشہ شکر تری گرم پانی سے پھانکیں اگر ادرار زیادہ مطلوب
ہو ریوند کا وزن بڑھا دیں **سفوف** ہندی نافع باوگولہ شکم **ترکیب** مغز سمندر پھل کف دریا نمک سنگ اشخار سفید تربد جوا کھار سہاگہ پوست هلیلہ زرد
دار فلفل سونٹھ ہینگ برنگ کابلی ہر ایک ڈھائی ٹانک املبید دس ٹانک کوٹ پیس کے خوراک دو ٹانک **سفوف خاصہ** مسہل اخلاط ثلثہ
بے اذیت اور صحیح مزاج والوں کیواسطے کہ ہر سال مسہل کے خوگر ہوتے ہیں **ترکیب** سنا مکی تربد موصوف حب النیل ہر ایک چار درم پوست هلیلہ
زرد دو درم نمک ہندی سونٹھ کتیرا ہر ایک ہفدرم کوٹ پیس کے روغن بادام یا گائے کے گھی میں چرب کر کے خوراک ایک تولہ تک شربت نبات نیمگرم
سے پھانکائیں **سفوف** کیچوے مارنے اور نکالدینے کے لیے معمول ہے **ترکیب** چاہیے کہ پاؤ بھر دودھ میں دو تولہ مصری ڈال کے چند روز پلائیں بعدہ
برنگ کابلی درمنہ ترکی تربد موصوف ہر ایک دس ماشہ سرخس قنبیل ترمس حب النیل قسط تلخ ہر ایک پانچماشہ نمک ہندی ڈیڑھ ماشہ کوٹ پیس کے
سات ماشہ سے ایک تولہ تک کھلائیں **سفوف** برائے دیدان ہر قسم مجرب حکیم منصور علی **ترکیب** برنگ کابلی مقشر خرما دانہ نکال کے مغز
گردگان ہر ایک دس درم کوٹ پیس کے باہم ملائیں اور وقت خواب ایک تولہ کھلائیں اسہال کیحالت میں سفوف کشنیز خشک کھانا مجرب ہے
اور برائے حب القرع بعضے وزن باؤبڑنگ دو مثقال اور خرما پانچ مثقال و مغز جوز دس درم تربد سفید تین درم فانیذ دو چند ادویہ خوراک
دو درم سے چھ درم تک گرم پانی سے کہتے ہیں اور ذکائی میں هلیلہ کابلی بجائے هلیلہ زرد کے ہے **سفوف** کمونی بعد تنقیہ کے صاحب دیدان کو
دیتے ہیں **ترکیب** زیرہ سفید زیرہ سیاہ کرویا دارچینی مصطگی گلسرخ پودینہ بادیان گل گاؤزبان ہر ایک ایکجزو کوٹ پیس کے ایک مثقال سے
دو مثقال تک بعد غذا کے کھائیں اور آملہ مربی گلاب میں دھویا ہوا مصطگی بڑھا کے انداز سے کھائیں **سفوف** برائے بواسیر و سعال مجربات
حکیم وارث علیخان سے **ترکیب** طباشیر رسوت بندہ گل گاؤزبان گل ارمنی گل منڈی ہر ایک چھ ماشہ سبوس اسبغول تین ماشہ کتیرا صمغ عربی
سندروس شاخ گوزن سوختہ زہر مہرہ خطائی دم الاخوین گلنار اقاقیا رب السوس ہر ایک پانچماشہ پھٹکری بریاں ڈھائی ماشہ مغز خستہ نیب
نو ماشہ بسد مرجان ہر ایک تین ماشہ بارتنگ چار ماشہ شقائق النعمان دو ماشہ کوٹ چھان کے سفوف بنائیں خوراک پانچ ماشہ ہمراہ عرق
نیلوفر یا عرق گذ بعض اوقات هلیلہ زرد بڑھا کے آب ککروندہ میں استعمال کراتے ہیں **سفوف** برائے حبس خون بواسیری و اسہال دموی

ترکیب رسوت کہربا کرڈا اسپاری چھالیہ گل ارمنی مساوی الوزن کوٹ پیس کے تخم ریحان بریان تخم بارتنگ مسلم بریان ملا کے سفوف بنائیں خوراک دو مثقال
مع بدرقہ مناسب مثل شیرہ پوست بیخ الجبار و لعاب ریشہ خطمی **سفوف حابس خون بواسیر** و معمول **ترکیب** گل گوپی جند کرڈا اچھال ناگکیسر مساوی
رسوت کل دواؤں کے برابر خوراک دو ماشہ **ایضاً** مجربات حکیم علویخان **ترکیب** تیواج خطائی کہربائے شمعی گل مختوم رسوت ہر ایک دو دانگ
کوٹ پیس کے دہی سے کھائیں اگر تیواج خطائی نہ ملے تو پوست کرڈا کہ تیواج ہندی ہے لیں **سفوف لولوی** مغزی الیہ نے اپنے واسطے اسہال
دموی و بواسیری و حرارت کبد و حمی و مہیج باہ و خفقان و نسخہ مراق کیلئے بنایا تھا اور بہت فائدہ دیکھا **ترکیب** مروارید ناسفتہ یشب سبز زہر مہرہ خطائی
ہر ایک ایک مثقال ورق طلا عنبر اشہب ہر ایک ڈیڑھ دانگ ورق نقرہ ایک مثقال و ایکدانگ و نیم صندل سفید ابریشم مقرض طباشیر سفید پوست
بیرون پستہ دانہ ہیل بریان کشنیز خشک بریان بادیان بریان آملہ منقی ہلیلہ سیاہ روغن گاؤ میں بریان ہر ایک ایک مثقال و نیم زرشک منقی سماق منقی
دارچینی ہر ایک ایک مثقال مصطگی رومی ایکمثقال کوٹ پیس کے سفوف بنائیں **سفوف** خون بواسیر کو بند کرتا ہے **ترکیب** گلی دمی کیتر شاخ گوزن سوختہ ہر ایک
ایک ماشہ قند تین ماشہ کوٹ پیس کے کھائیں اوپر سے پانی پئیں ایک خوراک ہے **سفوف** برائے بواسیر خونی مجرب ہے **ترکیب** رسوت ننگر گوٹی ایکدرم
انگشت دیودار گلی کہنہ نیم درم دونوں کو روغن بادام میں چرب کر کے دو ماشہ نہار منہ پانی سے پھانکیں اور قدرے پوست نیل سوختہ رکھ چھوڑیں
بعد فراغت کے غائط سے مقعد پر ملیں اور ہاتھی کی کھال کی دھونی لیں **سفوف پچلونہ** بواسیر و درد معدہ و ضعف معدہ میں معمول ہے **ترکیب** تربد سوختہ
قرنفل کلہدار دارچینی دانہ ہیل پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ سنا مکہ بریان ہر ایک ایکتولہ قصب الذریرہ شیطرج
ہندی دارفلفل فلفل گرد ہر ایک دو تولہ برگ سنا رکی زیرہ سفید نمک نفطی نمک کرکتی نمک سیاہ نمک سانبھر نمک لاہوری ہر ایک تین تولہ اجوائن سونٹھ سوکھا
دھنیا ہر ایک پانچ تولہ انار دانہ پندرہ تولہ کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک چار ماشہ **سفوف ہیل** برائے بواسیر بادی و ریاح بلغمی مفید ہے
ترکیب دانہ ہیل چودہ جزو سلیخہ بارہ جزو ساذج دس جزو نارمشک آٹھ جزو دار فلفل چھ جزو فلفل چار جزو سونٹھ دو جزو نبات سفید بیالیس جزو
کوٹ پیس کے خوراک دو درم **سفوف فلفلمویہ** برائے خروج مقعد **ترکیب** فلفلمویہ بارہ درم فلفل سیاہ چار درم کشنیز نمک سیاہ ہر ایک دو درم
زنجبیل آملہ ہر ایک ایکدرم کوٹ پیس کے شربت بہی کے ساتھ دو درم دیں **سفوف** خروج ریح بے ارادہ کیواسطے نافع ہے **ترکیب** زیرہ نانخواہ
کاشم کرویا ہر ایک ایکجزو انیسون دو جزو شکر مساوی سفوف بنائیں خوراک پانچدرم اور اس مرض کے واسطے جوارش کمونی و فلافلی و معجون بلادری
دوج مربی بھی نافع ہے **ایضاً** خروج غایط بے ارادہ کیواسطے مفید ہے اور بعد تنقیہ کے حقنہ سے کام میں لاتے ہیں **ترکیب** کزمازج افسنتین
ایرسا سعد ہر ایک ایکدرم نانخواہ زیرہ کرمانی گلسرخ تودری نارمشک بوزیدان ہر ایک دو درم مصطگی طالیسفر صعتر فارسی زوفائے خشک ہر ایک
تین درم کوٹیں اور رکھائیں سب کے برابر ہلیلہ کابلی منخول ملادیں اور اسکے برابر شکر طبرزد ملا کے ایکدرم صبح اور اسیقدر وقت شام کھائیں اور استحمام
و گرم پانی مقعد و امعاء پر ڈالنے سے بچائیں اگر اس مرض کا سبب خلط سوداوی ہو افتیمون ایکدرم بڑھادیں اور ڈیڑھ درم حرف استعمال کرائیں
سفوف کندر تنقیہ ریم قرحہ گردہ کرتا ہے **ترکیب** تخم کرفس انیسون بادیان زوفائے خشک ہر ایک دو درم کندر چار درم خوراک دو درم

ماء العسل کیساتھ سفوف کاکنج قروح کلیہ ومثانہ مین تنقیہ مدہ کے کام آتا ہی ترکیب مغز خیار مغز تخم بادرنگ مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو ہر ایک چار درم
خشخاش سفید وسیاہ ہر ایک تین درم نشاستہ صمغ عربی ہر ایک دو درم کاکنج دو عدد کوٹ پیس کے تین درم گدھی کے دودھ مین استعمال کرائین سفوف
بزرور برائے حرقت وعسر بول وقرحہ کلیہ ومثانہ بہت مفید ہی ترکیب بزر البنج سفید دو درم کتیرا رب السوس نشاستہ ہر ایک تین درم مغز تخم خیار
مغز تخم کدو تخم خرفہ تخم خشخاش ہر ایک دس درم مغز تخم خربزہ بیس درم کوٹ پیس کے شکر سفید کے برابر ملا کے تین درم صبح وشام ہمراہ شربت خشخاش
یا جلاب کھلائین سفوف صندل نافع اقسام قروح کلیہ ومثانہ ومجاری بول ومقوی معدہ وکبد ودافع قبض ومدر بول ومفید ذیابطیس
ترکیب صندل سفید صندل زرد یعنی ملاگیر صندل سرخ نبات سفید غنچہ گلسرخ ہر ایک ساڑھے چار درم ریوند خطائی نشاستہ رب السوس
ہر ایک ڈھائی درم شاخ گوزن سوختہ صمغ عربی ہر ایک ڈھائی درم مغز خیار دراز بادرنگ مغز تخم چہار مغز ہر ایک ایک مثقال وثلث کتیرا مغز تخم کدوے
شیرین ہر ایک ڈیڑھ درم کافور قیصوری وکہربا ہر ایک چوتھائی درم کوٹ پیس کے ہر روز دو درم سے چار درم تک کھائین سفوف لک
یا ربوند علاج قروح کلیہ ومثانہ مین قوی ہی ترکیب مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار بادرنگ مغز تخم کدوے شیرین خشخاش سفید وسیاہ صمغ بادام کتیرا
نشاستہ تخم خرفہ مقشر تخم خبازی تخم خطمی لک مغسول ریوند چینی ہر ایک پانچ درم گل ارمنی دس درم حب الصنوبر مقشر بزر کتان تخم کاکنج جبلی ہر ایک
تین درم رب السوس اسبغول ہر ایک بیس درم کوٹ پیس کے بزر قطونا مسلم داخل کرین اور پانچ درم ہمراہ ماء السکر یا جلاب شکری یا ماء الشعیر شیرین
دین یا گدھی کے دودھ یا گھوڑی کے دودھ مین استعمال کرائین سفوف خشخاش قروح گردہ ومثانہ وقضیب کے لیے نافع ہی ترکیب تخم خیارین
تخم کتان ہر ایک تین درم نشاستہ گل ارمنی ہر ایک دو درم تخم خشخاش سفید چار درم کوٹ پیس کے تین درم ہمراہ شربت خشخاش دین سفوف
مامیران برائے قروح کلیہ ومثانہ وجرب کلیہ ومثانہ کہ درد اور خروج اجزائے لحمیہ کیساتھ ہو کلو یہ وغیرہ وبول الدم وسوزش درسوب
بول ہو نافع ومجرب ہے ترکیب مامیران چینی ریوند چینی ہر ایک ایک مثقال گلنار صمغ عربی افیون ہر ایک دو مثقال تخم خرفہ پانچ مثقال
کنجد سفید چھ مثقال زرشک منقی سات مثقال طباشیر سفید کہربائے زرد مغز تخم خیارین ہر ایک دو مثقال شکر طبرزد بیس مثقال کوٹ پیس کے
صبحکو پانچ درم سکنجبین (مثلث) سے ممزوج کرکے بقدر ڈھائی درم آب سرد کیساتھ اور وقت شام دو درم کھلائین احیاناً اگر اس دوا کے بعد
حرارت مزاج پیدا ہو جاے شیر تازہ وآب ہندوانہ سے اصلاح کرین بغایت نافع ہی سفوف خروج کلیہ ومثانہ ومسکن وجع فی الحال
ہے شیخ الرئیس سے ترکیب بزر البنج ایک دانگ انیسون ایک قیراط مغز تخم خیار دو درم تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک ایکدرم کوٹ پیس کے
سفوف استعمال کرین سفوف دافع ذیابطیس ترکیب پوست اندرون درخت گولر دو جزو گل ارمنی گلنار دانہ انار شیرین مغز تخم امبہ
آملہ کشنیز خشک ہر ایک ایکجزو شکر بموزن سفوف بنا کے بقدر مناسب ٹھنڈے پانی سے پھنکائین ایضاً برائے دفع ذیابطیس وحرارت
گردہ وذوبان شحم کلیہ عجیب الاثر ہی اور مجرب ہی ترکیب صمغ عربی کتیرا نشاستہ تخم کاسنی مغز تخم کدو مغز تخم تربوز مغز تخم خربزہ تخم کاہو گل نیلوفر
تخم خطمی گلسرخ گاوزبان تخم حماض صندل سفید کشنیز خشک حجر الیہود گل ارمنی گل فوفل ہر ایک چھ ماشہ ثعلب مصری دو تولہ سب کو کوٹ

پیس کے اور مغزیات کو کھرل کر کے ملائین نبات سفید نصف وزن ادویہ سفوف بنائین تازہ پانی مین پانچ ماشہ پھانکین ورنہ نبات سفید کل دواؤن کے دوچند قوام کر کے معجون بنالین اور عرق کیوڑہ سے سات ماشہ کھائین سفوف برائے ذیابطیس جامع معمول حکیم علیم مبسر ہندی ہے ترکیب صندل سفید ایکدرم نشاستہ کتیرا تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک تین درم صمغ عربی گل ارمنی گلنار سماق منقی بلوط گلسرخ ہر ایک پانچدرم کوٹ پیس کے خوراک تین درم بعض اشیاء کے ساتھ جو جامع قبض و حموضت ہو مثل آب انار ترش و شربت صندل و شربت حماض کے دین وایضاً حکیم ممدوح لکھتے ہین کہ میرے اوستاد نے مفرد دوا کے استعمال سے فتح پائی اور مرض کا استیصال ہوگیا مجرب ہے یعنے بنولہ کوٹ کے پانی مین بھگودین اور پلچ چھان لین و پھر شکر طبرزد اس پانی مین ملا کے صاف دیگ مین ہلکی آگ پر پکائین اور ہر روز نہار منہ پئین اور اسکے بعد تین گھنٹہ تک کچھ نہ کھائین پئین مین نے جس شخص کو یہ دوا پلائی صحت ہوگئی سفوف ہندی برائے ذیابطیس نہایت مفید ہے ترکیب گلوے خشک برگ جامن قلعی کشتہ خاکستر مرجان صدف دریائی سودہ اصل السوس مقشر صمغ عربی کتیرا نیلوفر گاؤزبان مروارید ناسفتہ گلسرخ کشنیز خشک تخم خرفہ صندل سفید کافور گلنار فارسی گل ارمنی تخم خشخاش سفید مغز چلغوزہ موصلی سیاہ تخم سردائی کل اجزا مساوی کوٹ پیس کے سفوف بنائین اور ہمراہ آب کدوے شیرین یا ماءالرائب کے چھ ماشہ کھلائین اور گیاہ شانہ دست گلو و قلعی کشتہ بھی مفید ہے ایضاً برائے ذیابطیس بہت مفید ہے ترکیب موصلی دکھنی اکمنولہ ستاور آملہ منقی مصطگی خارخسک ست گلو ست سلاجیت منسلوچن پکھان بید گل سنڈی ہر ایک چھ ماشہ خشت چلو کہنہ مدبر تین تولہ نبات سفید ہمچند ادویہ سفوف بنائین خوراک ایک مثقال مع مدبر قہ مناسب خشت چاہ کے مدبر کرنیکا طریقہ یہ ہے کہ خشت سے اجزاے ارضی جو اسپر جم گئے ہون صاف کیے جائین اسکے بعد کوٹ کے پانی مین ڈالدین تہ نشین ہو جاے تو پانی پھینک کے دوسرے پانی مین ڈالدین اور یہ عمل پانچ مرتبہ کرین اگر سات مرتبہ ہو تو اور بھی اچھا ہے پھر کام مین لائین سفوف مقوی گردہ و مثانہ و نافع ذیابطیس زمین جب کہ انسان پیشاب کرتا ہے مکھیان اور چونٹیان جمع ہو جاتی ہین اس مرض کو ہندی مین شہد یہ پرمیو کہتے ہین ترکیب گوند کتیرا طباشیر گل ارمنی گل تبریسی گل مختوم صندل سفید سودہ گلنار اقاقیا بسد رب السوس شادنج عدسی مغسول خرفہ مقشر خارخسک ست گلو ست سلاجیت قلعی کشتہ مروارید سودہ ہر ایک دو ماشہ تخم خشخاش مغز تخم خیارین ہر ایک چار ماشہ مغز تخم کدو مغز بادام شیرین مغز فندق مغز چلغوزہ موچرس ہر ایک تین ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک ایک تولہ اس پانی کے ساتھ جسمین گلو تر کی گئی ہو سفوف گلو برائے ذیابطیس مجرب و ممتحن ہے ترکیب گلوے خشک باریک پیس کے شکر تری مساوی مین ملائین نہار منہ دو کف دست ہر روز کھائین سفوف قلعی ذیابطیس مین مجربات حکیم وارث علیخان سے ہے ترکیب قلعی سیماب دانہ ہیل پاہ سوختہ کہربا مروارید گلاب سودہ ہر ایک ایک تولہ پہلے قلعی و سیماب کو گرہ دیکے سحق کرین اور دوسری دواؤن کے ساتھ پیس کے سفوف بنائین صبحکو ایک ماشہ آدھ پاؤ پانی سے پھانکین ترشی و بادی سے پرہیز کرین سفوف حجرالیہود مخترع حکیم علویخان برائے تفتیت حصاۃ مثانہ و کلیہ و اخراج مواد غلیظ پیشاب کے ذریعہ سے و تنقیہ کلیہ و مثانہ ترکیب حجرالیہود صمغ آلو خارخسک حب کاکنج تخم بلیسون بادیان مغز استہ آلو بالو ہر ایک چار ماشہ مغز تخم خربزہ آدھ مثقال تخم ترب

حب القلت ہر ایک آٹھ ماشہ رماد عقرب آبگینہ سوختہ ہر ایک آٹھ قیراط صمغ عربی چھہ ماشہ نبات سفید مساوی مجموع کوٹ پیس کے سفوف بنائین
کل آٹھ خوراکین ہین خوراک کامل کفدست بعد اسکے عرق بادیان عرق خارخسک آب برگ ترب ہر ایک دس درم پلائین ایضاً سنگ حصاۃ
تکملہ سے ترکیب دانہ الائچی سنکار پھلان سید گوکھرو کلتھی سونٹھ اجمود برابر پیس کے شہد مین دین سفوف زجاج تفتیت حصاۃ مین نہایت
قوی الاثر ہی ترکیب زجاج محرق سرگین کبوتر کندش مساوی کوٹ پیس کے ایکدرم مولی کے پانی سے دین سفوف جسکا نام دواء القیر ہے
مجرب برائے تفتیت واخراج حصاۃ ترکیب شورہ قلمی تین تولہ کفچہ آہنی مین رکھ آگ پر چڑھادین اور کبریت زرد ایکتولہ پیس کے تھوڑی
تھوڑی اسپر چھڑکین جب شورہ پگھل جائے قلعیدار تانبے کے برتن مین رکھین اور حرکت دیکے جوڑا کرلین خوراک تین ماشہ ہمراہ آب
برگ ترب آدھ پاؤ اور سوزاک کے لیے بکری کے دودھ مین سفوف برائے سنگ گردہ ومثانہ بوعلی سینا سے ترکیب خاکستر زیح کرنب
نبطی وخاکستر بیضہ جس سے بچہ نکلا ہو حجر الیہود نرومادہ وحب القلت سب مساوی نبات سفید برابر مجموع ملاکے ایک مثقال عرق دہ بابن مین
دین دہ بابن ایک گھانس ہوتی ہی کہ برسات کے موسم مین نالابون کے کنارے پیدا ہوجاتی ہی پانچ سیر پودینہ خشک نوہ تخم قلت ہر ایک
تین پاؤ ملاکے پانچ بوتلین عرق کھینچین خوراک نو تولہ سے بیس تولہ تک اور کبھی تخم قرطم وگوکھرو خرد ہر ایک ایکسیر پودینہ کے بدلے ڈالتے ہین اور تخم
قلت بھی ایکسیر لیتے ہین پانچ سیر مصری ملاکے بدستور عرق کھینچا جاتا ہی اور آدھ پاؤ سے ایک پاؤ تک سنگ گردہ مین استعمال کراتے ہین مجرب
مصنف اقتباس العلاج ہے سفوف سنگ گردہ ومثانہ کو توڑتا ہی قرحہ کو مندمل کرتا ہی اور بغیر اختلاف کے مجرب ہے علوی خان سے ترکیب
ریوند چینی سودہ چار دانگ تخم کاسنی ایکدرم بادیان تخم قلت سنگ سرماہی حجر الیہود ہر ایک ڈیڑھ درم کتیرا نشاستہ صمغ عربی صمغ انگور رب السوس
ہر ایک دو درم تخم خرفہ تخم خشخاش طباشیر ہر ایک تین درم مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ گوکھرو تخم گندنا تخم کدو صاف کیا ہوا ہر ایک پانچدرم
خوراک تین درم ہمراہ شربت خشخاش دس درم و شربت بنفشہ دس درم اور بیس درم مع آب شیرہ خیارین سفوف برائے تقطیر بول جو
حدت بول سے ہو ترکیب تخم خربزہ مغز تخم خیار مغز تخم بادرنگ مغز تخم کدو مغز بادام مقشر کتیرا رب السوس نشاستہ گل ارمنی خشخاش سفید تخم
خرفہ مساوی کوٹ پیس کے سفوف بنائین دو درم شربت بنفشہ کیساتھ استعمال کرین ایضاً برائے تقطیر بول کہ بے حدت بول ہو ترکیب
کندر بلوط ہر ایک پچیس درم حب المحلب سعد کہربا راسن خولنجان قرفہ وج ہر ایک ڈھائی درم کوٹ پیس کے تین درم کھائین سفوف ماسک بول
برائے کثرت وسلس البول بلا حرقت وبول فراش مین نافع ہی ترکیب گلنار کزمازج ہر ایک پانچدرم دھنیا بریان گوند گل ارمنی ہر ایک
دس درم کندر شش درم بلوط پچاس درم کوٹ پیس کے خوراک تین درم آب خالص سے ایضاً برائے کثرت بول بیاض والد مرحوم سے ترکیب
بادشک کنجد سیاہ دارچینی جوزبوا مساوی پیس کے ایک مٹھی مناسب عرق کیساتھ استعمال کرین سفوف برائے سلس البول کہ گرمی مثانہ
سے ہو ترکیب دھنیا کشنیز خشک ہر ایک پانچدرم طباشیر تخم کاہو تخم خرفہ ہر ایک پندرہ درم گل ارمنی پانچدرم گلنار ایکدرم کافور نصف درم
صمغ عربی دودرم آب انار ترش مین ملاکے خشک کرین اور پیس کے سفوف بنائین سفوف مستعمل بول فی الفراش مین ترکیب سعد کندر

خولنجان جفت بلوط حب الآس گلنار حمجہ برابر کوٹ پیس کے سفوف بنائین اور دہن و مشک و جند بید ستر روغن سوسن مین ملا کے ضماد کرین
اور شہدانہ بریان شہد مین ملا کے دین اور اشیاء مضرہ و مسردہ سے احتراز کرین **سفوف شادنج** برائے بول الدم مجرب ہے **ترکیب** شادنج مغسول
دم الاخوین لبد کہربا گلنار پھٹکری تخم خرفہ گل ارمنی گل قبرسی مساوی کوٹ پیس کے خوراک دو درم حصہ پانی مین سماق بھگویا ہوا اسکے ساتھ
سفوف بول الدم کیواسطے مجرب ہی اور استحاضہ کے واسطے بھی نافع ہی **ترکیب** لبد کہربا طباشیر حب الآس کشنیز خشک بزر البنج صمغ عربی
کتیرا ہر ایک تین ماشہ خشخاش سفید پانچ ماشہ نبات سفید تین تولہ سفوف کرکے ہر روز سات ماشہ ہمراہ عرق کاہو یا شیر ز کھائین ترشی سے
پرہیز کرین **سفوف مدر بول** دافع حرقت بول و سوزش مثانہ **ترکیب** مغز تخم خیارین مغز تخم کدو تخم خرفہ تخم خشخاش نشاستہ کتیرا رب السوس
ہر ایک تین درم بزر البنج سفید دو درم قند سفید برابر ادویہ خوراک تین درم آب خشخاش مین **سفوف ثعلب** برائے حرقت البول
و جریان منی و تقویت مثانہ حکیم محمد علیم صاحب سے مجرب ہی **ترکیب** مروارید ناسفتہ ڈیڑھ تولہ طباشیر حجر الیہود دو گل ارمنی ہر ایک دو تولہ کتیرا
ایک تولہ صمغ عربی گوکھرو تخم کاسنی گل نوفل مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین گل خطمی گل نیلوفر ہر ایک تین تولہ ثعلب مصری سب کے برابر سفوف بنا کے
نبات سفید نصف وزن ادویہ چھ ماشہ تازہ پانی سے پھانکین **سفوف نافع سوزاک** - **ترکیب** الائچی خرد مع پوست مغز تخم بزرویہ
جواکھار ریوند چینی ہر ایک نیم درم ہمراہ دوغ سات دن تک کھائین بعدہ یہ سفوف برائے تقویت اور پیپ بند کرنے کے لیے عمل مین لائین
ثعلب مصری شقاقل سرنش ماہی سورنجان شیرین ہر ایک نیم دام پانچ خوراک بنائین اور گائے کے دودھ سے پھانکین غذا گوشت کھائین
ایضاً پیپ روکنے اور دفع سوزاک مین اپنا نظیر نہین رکھتا **ترکیب** کندر سنگجراحت سال مصری ہر ایک دو تولہ کوٹ پیس کے چودہ خوراک
بنائین اور دودھ کی لسی مین کھائین **ایضاً** مدمل قرحہ سوزاک نسخہ حکیم علویخان **ترکیب** پھٹکری بریان گل ارمنی کاکنج کات سفید کرنج
گلنار رال مازو سبز ہر ایک تین ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین اور برابر مصری کے چھ ماشہ ہمراہ آب نقوع نخود چار درم پھانکین **سفوف**
نافع سوزاک و قرحہ مثانہ و گردہ و سنگ مثانہ و گردہ **ترکیب** حجر الیہود و تخم قلت گل ارمنی کتیرا نشاستہ تخم خرفہ مغز تخم خیارین مغز بادام
دانہ الائچی زیرہ سفید ست سلاجیت صمغ عربی ستاور ہر ایک ایکتولہ طباشیر مغز تخم تربوز مغز تخم بزرویہ ہر ایک سات ماشہ بادیان دم الاخوین
مغز تخم خیار مغز تخم کدو ہر ایک چار ماشہ ثعلب مصری ڈیڑھ تولہ پھٹکری بریان تین ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک حسب مزاج
ایضاً برائے سوزاک معمول ہی **ترکیب** سنگجراحت بہیدانہ تالمکھانہ گوکھرو خرد تخم خرفہ کتیرا گوند ببول برابر کوٹ پیس کے دودھ کی لسی مین
ایکتولہ پھانکین کبھی دانہ الائچی گل ارمنی ست گلو زیادہ کردیتے ہین تو عدیگر برائے سوزاک جدید و قدیم معمول ہی **ترکیب** ست سلاجیت
ست گلوئے تازہ دانہ الائچی کلان کتھ سفید سلیستان طباشیر خس سب برابر کوٹ پیس کے چار ماشہ کھائین اگر سوزش زیادہ ہو ہمراہ آب
کسیلہ پھانکین **ایضاً** برائے سوزاک مزمن **ترکیب** خار خسک تازہ ایک پاؤ دھوپ مین سکھا ڈالین اور ہاون مین سرمہ کیطرح پیسین
سروالی سنگجراحت ہر ایک آدھ پاؤ شکر تری ایک پاؤ ملا کے سفوف بنائین ہر روز ایکدام کھائین اگر بجائے سروالی کے تخم خرفہ ہو تو مضائقہ نہین

ایضاً برائے سوزاک مزمن کہتے ہین کہ اس سے بہتر کوئی دوا نہین ہے ترکیب ریوند چینی سردالی ہلیلۂ زنگی مساوی سفوف بنائین پانچ ماشہ نہار گائے کے تازہ دودھ مین اور دوپہر شام کو دودھ کی لسی مین کھائین سفوف ست بہروزہ سوزاک کہنہ مین معمول ہے ترکیب بہروزہ ایکپاو گلوے خشک سات تولہ اصل السوس چار تولہ ان دونو کو پیس کے بہروزہ مین ملا دین اور پوٹلی باندھ کے بطریق مشہور ٹپکالین خشک کرکے پیسین نبات سفید نصف وزن ملا کے سفوف بنائین خوراک نصف درم سے ایکدرم تک سفوف برائے سوزاک معمول حکیم محمود خان ترکیب الائچی کلان ست سلاجیت سنگھاڑا ہولی اصل السوس گوکھرو خرد ست گلو تخم تلخ خرفس تالمکھانہ مغز تخم خیارین کھان بید ہر ایک ایکدرم جوا کھار طباشیر ہر ایک ڈیڑھ ماشہ کوٹ پیس کے سات ماشہ ٹھنڈے پانی سے پھانکین ایضاً برائے سوزاک مع خون وریم ترکیب اصل السوس مقشر درم ٹانک ست سلاجیت شورۂ قلمی جوا کھار الائچی کلان گل ٹیسو ہلدی برگ حنا زیرہ سفید ہر ایک دو ٹانک نبات سفید ستائیس ٹانک سفوف بنائین ایکدرم بجنسہ سرد پانی سے پھانکین سفوف سال پرنیل نافع سوزاک ہے ترکیب سال پرنیل گل ارمنی پھٹکری بریان نبات سفید ہر ایک برابر کوٹ پیس لے سفوف بنائین ایک تولہ دودھ کی لسی مین پھانکین فائدہ شورہ بنانے کا طریقہ جسے انگریزی زبان مین سال پرنیل کہتے ہین بطریق اہل فرنگ یہ ہے کہ شورہ قلمی بارہ تولہ گندھک آملہ سار ایکدرم مٹی کے کورہ برتن مین رکھ کے انگارون پر چڑھا دین کہ دونون پگھل جائین جب تک دھوان اٹھتا رہے آگ پر رہنے دین اور جب شعلہ منطفی ہوگا تو دونون جز مثل پانی کے نظر آئین گے آگ سے اتار کے قلعی دار تانبے کے برتن یا کانسے کی تھالی مین رکھین جب ہوا کھا کے جم جاوے تو رکھ چھوڑین اور سفوف ادویہ سوزاک مین کام مین لائین سفوف برائے سوزاک زن حاملہ کہ اوس حالت مین مدرات کا استعمال منع ہے ترکیب ست گلو صمغ عربی اصل السوس مقشر تخم کاہو ہر ایک چھ ماشہ کات سفید نسلوچن کتیرا اقاقیا ہر ایک تین ماشہ مغز بادام تخم خشخاش ہر ایک ایکتولہ سفوف بنائین اور روزانہ دو مثقال کھائین سفوف مامیران برائے اندمال قرحۂ سوزاک مؤلف و معمول حکیم علی ترکیب طباشیر کبریت زرد ہر ایک دو درم مغز تخم خیارین چار درم تخم خرفہ نیم مثقال کتیرا صمغ عربی مامیران چینی ہر ایک ایکدانگ گلنار ڈیڑھ دام زرشک بیدانہ افیون زراوند مدحرج ہر ایک دو دانگ کنجد مقشر تین مثقال شکر سفید ہموزن ادویہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک ایک مثقال تازہ پانی سے یا ادویہ مناسبہ کے ہمراہ ایضاً رفع سوزاک کہنہ و جدید کے لیے مخترع و مجرب حکیم ممدوح سے ہے ترکیب ست سلاجیت لوبان سفید بیروزہ مصطگی ہر ایک ایکتولہ موصلی سیاہ موصلی سفید آملہ ہر ایک چھ ماشہ کشتہ قلعی تین ماشہ نبات سفید دوچند مجموع سفوف بنائین اور ایکتولہ تھوڑے سے پانی کے ساتھ کھائین سفوف قلعی سوزاک کے لیے مستعمل ہے ترکیب قلعی کشتہ طباشیر کباب چینی دانہ الائچی سفید ہر ایک دو ماشہ سفوف بنا کے پہلے دن ایک ماشہ دوسرے دن دو ماشہ تیسرے دن دو ماشہ ہمراہ شیرہ جات مدرہ دین نوعدیگر برائے قرحۂ قضیب مجرب و معمول ہے ترکیب طباشیر سفید چار ماشہ دانہ الائچی خرد ست گلو کباب چینی ہر ایک دو ماشہ قلعی کشتہ چار رتی ست سلاجیت آفتابی تین ماشہ سفوف بنائین اور ہمراہ شیرہ تخم خیارین پھانکین کل ایک خوراک ہے اسیطرح آٹھ دن تک استعمال کرین سفوف تالیف حکیم مومن خان برائے قرحۂ مزمن کہ پیپ آتی ہو اور اسکے ساتھ ہی تقطیر البول اور سلس البول بھی ہو اور برائے

دردمنی مفید اور حکیم موصوف نے لکھا ہے کہ امراض مذکورہ مین کئی مرتبہ تجربہ کیا گیا اور بہت موثر پایا ترکیب گل ارمنی کتیرا خشک صمغ عربی تخم خماض
بو دادہ کندر ذکر ہر ایک دو درم طوط بو دادہ گیارہ درم خوراک دو مثقال ٹھنڈے پانی کے ساتھ اور اس سفوف کے استعمال کے زمانہ مین پانی سے
اجتناب کرین ایضاً برائے قوت باہ پوست بیخ سنگھاہولی پوست بیخ اونٹ کٹارہ آرد ماش مقشر سفوف کرکے سات ماشہ دودھ سے پھانکین
سفوف عنبر مقوی باہ ترکیب عنبر ایکتولہ مصطگی موصلی سفید ثعلب مصری طباشیر ہر ایک ڈیڑھ تولہ نبات ہموزن ادویہ سفوف بنائین خوراک چھ ماشہ
سے ایک تولہ تک سفوف تقویت باہ و امساک و فرحت و نشاط تقویت اعضاے رئیسہ کے لیے مجرب نواب محمد سعید خان ترکیب
بسباسہ زعفران دانہ ہیل قرنفل دارچینی بہمن سرخ بہمن سفید شقاقل خولنجان ہر ایک ایک مثقال مشک خالص عنبر اشہب ورق طلا ہر ایک
یکدانگ موچرس تین مثقال نبات سفید پانچ مثقال سفوف بنائین ڈیڑھ دانگ کھائین اور دوسرے نسخہ مین چرس علی موچرس کے
عوض تحریر ہے سفوف مکھانا برائے قوت باہ ترکیب تالمکھانہ موصلی سیاہ موصلی سفید بہمنیدہ ہر ایک ایکدرم عاقرقرحا دو درم شکر ہموزن جملہ
ادویہ خوراک آٹھ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ سفوف کیمیاے عشرت نہایت مقوی باہ و ممسک ہے ترکیب کنگھی تین رتی
کباب چینی چھ رتی لونگ چار رتی زعفران ایک رتی شنگرف چار رتی دارچینی ایکماشہ مازو پھل چار رتی افیون چھ چاول ورق طلا چار سرخ ورق نقرہ
سات رتی مشک ایکماشہ ریگ ماہی ایک ماشہ سفوف کرکے ایک قدح شیر گاؤ سے پھانک جائین بعد دو گھنٹہ کے جماع مین مصروف ہون اگر جماع
کے وقت سینہ مین سوزش محسوس ہو دودھ کا بڑا پیالہ پی جائین تمام رات مین اسطرح چودہ سیر دودھ پی کے ہضم کیا جاسکتا ہے اور بیدار ایسے
ساتھ جماع مین مشغول رہ سکتا ہے سفوف مفرح و منشط و مبہی و ممسک مغز بادام مقشر مغز پستہ بریان مغز فندق بریان مغز چلغوزہ بریان خصیۃ الثعلب
دارچینی خولنجان بسباسہ بہمنین شقاقل مصری ابریشم مقرض ہر ایک ایک مثقال دانہ ہیل نیم مثقال زعفران ڈیڑھ دانگ مشک خالص عنبر اشہب
ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک ایکدانگ چرس علی دو مثقال نبات سفید پانچ مثقال سفوف بنائین خوراک نیم دانگ سے ایکدرم تک ہے ایضاً
برائے افزائش منی و باہ ترکیب منڈی خشک گوکھرو موصلی سنبھل گل سنبھل کنگھی ہر ایک چار درم سفوف بنائین اور تین چار ماشہ تازہ
دودھ مین پھانکین سفوف دافع سرعت انزال ترکیب لک مغسول سرپالی بیخ لودھ پٹھانی مازو بے سوراخ ہر ایک چار درم شکر سفید برابر
ادویہ خوراک چھ ماشہ سے نو ماشہ تک بھینس کے دودھ مین سفوف اسکی مداومت سرعت انزال کو نافع ہے ترکیب ثعلب مصری شقاقل سنگھاڑہ
خشک ہر ایک پانچماشہ تالمکھانہ مازو سبز تودری ہر ایک چار ماشہ دانہ الائچی کلان مصطگی رومی ہر ایک تین ماشہ نبات سفید ہموزن ادویہ سفوف بنائین سفوف معمول
حکیم وحدت علیخان برائے دفع ہیجان دبابطیس و اسہال بعد اسیر سوزاک وغیرہ ترکیب طباشیر مصطگی کتیرا صمغ عربی گل ارمنی سندروس کاہنار اقاقیا کرمازج رال سفید کتھ
سفید انار دانہ ترش دانہ الائچی خرد و کلان موچرس عود مرتی زرشک بیدانہ جواہر مہرہ ہر ایک چھ ماشہ بارتنگ مازو سبز بریان ہلیلہ زرد بریان
مرداسنگ سفتہ ہر ایک نو ماشہ سماق حب الآس زیرہ سفید بریان درونج عقربی بیلگری بریان پوست ہلیلہ بریان ہر ایک سات ماشہ زہر مہرہ خطائی
عنبر اشہب ہر ایک پانچماشہ شقائق النعمان پانچماشہ لونگ ایکماشہ ندر دسنگ یشب ہر ایک چار ماشہ بسد سودہ مرجان سودہ تخم مو بیز بھٹکری ہر ایک

ساڑھے تین ماشہ سفوف بنائیں خوراک تین ماشہ سے نو ماشہ تک دیرے ریشہ خطمی کوفتہ ایک پاؤ پانی اور چار تولہ گلاب میں جوش دیں نصف رہ جانے پر شیرہ مغز
بادام اضافہ کر کے پئیں سفوف ماسک المنی سیلان منی کیواسطے معمول ہے ترکیب بہیجبند گجراتی ستاور تالمکھانہ شقاقل ثعلب مصری موچرس تخم سرسوالی گل
منڈی سنگھاڑہ کمرکس گوند ببول گوند سینبھل گل ببول گل دھاوہ تج میدہ لکڑی ہر ایک چھ ماشہ خستہ تمر ہندی دال ماش مقشر ہر ایک چار درم شکر سفید
برابر اجزاء سفوف بنائیں ایکدام گائیکے دودھ کیساتھ صبح اور نو ماشہ شام کیوقت آب سرد سے بھانکیں سفوف برائے اصلاح و تغلیظ منی مجرب احقر
ترکیب شقاقل ثعلب مصری مصطگی رومی دارچینی طباشیر تج میدہ چوب تالمکھانہ چھوٹا گوکھرو سوکھا سنگھاڑہ لسوڑھے ہر ایک ایکدرم نبات سفید
تین درم سفوف بنا کے چودہ پڑیاں برابر کی بنائیں اور ہر روز ایک پڑیہ تازہ دودھ سے بھانکیں ترشی اور جماع سے پرہیز کریں ایضاً برائے رقت منی مجرب ہے ترکیب
تالمکھانہ بہیجبند سیاہ خرم اوٹنگن سرسوالی چھوٹا گوکھرو کف دریا موصلی سفید صمغ سینبھل ست گلو موچرس گوند درخت بڑ گوند بر مساوی شکر برابر مجموع خوراک چار ماشہ
ہمراہ شیر گاؤ سفوف دافع جریان منی و مغلظ منی و ممسک ترکیب تالمکھانہ بہیجبند سیاہ شقاقل مصری موچرس بھوپھلی ہر ایک ایکتولہ گوکھرو خرد ثعلب
مصری مغز تخم خیارین ہر ایک دو تولہ موصلی سینبھل تخم کوانچ صمغ عربی مائیں خرد و کلاں ہر ایک نو ماشہ سفوف بنا کے نو ماشہ سولہ تولہ دودھ کیساتھ بھانکیں
ایضاً دافع سیلان منی مجرب ہے ترکیب طباشیر ثعلب مصری ست گلو صمغ پلاس الائچی سفید ہر ایک ایکتولہ مصری نصف وزن مجموع سفوف کر کے
صبح و شام نو ماشہ گائیکے دودھ کیساتھ اکیس دن تک پھانکیں دودھ پاؤ بھر میں آدھ پاؤ پانی ملالیا کریں جماع و ترشی سے پرہیز کریں سفوف
مغلظ منی رقیق و معمول ترکیب پوست شاخ و بیخ گولر کہ زمین میں ہوتی ہے خشک کر کے چھوٹا گوکھرو تالمکھانہ مغز کنولگٹہ ہر ایک پانچ تولہ بھوپھلی
تالمکھانہ بہیجبند تخم سرسوالی چنیا گوند ہر ایک تین تولہ سفوف بنائیں خوراک ایکتولہ گائیکے دودھ میں ایضاً جریان منی میں اگر دس سالہ ہو تو بھی مفید ہوتا ہے
ترکیب بہیجبند موصلی سیاہ و سفید تالمکھانہ سمندر سوکھ سرپالہ چھال سینبھل چھال مولسری گوند سینبھل تخم اوٹنگن لسوڑہ برٹنڈی بھوپھلی تج [illegible] لکڑی
ہر ایک ایکدام پھلی ببول گوکھرو ہر ایک پانچ درم شکر تری مناسب ہر صبح ایک مٹھی دودھ سے کھائیں مٹھاس کھٹاس سے پرہیز کریں نوعدیگر برائے رقت
منی مجرب و از مسودہ بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب ستاور موصلی سمندر سوکھ بہیجبند سیاہ سرپالی تخم تمر ہندی مقشر موصلی سینبھل تج تالمکھانہ خشخاش سفید
دانہ الائچی سوکھا سنگھاڑہ شکر سفید روزانہ ایک کفدست ہمراہ شیر گاؤ کھائیں سفوف برائے جریان منی مجرب ہے بہیجبند تالمکھانہ سمندر سوکھ تج چنیا گوند
نبات سفید ہموزن سفوف بنائیں سات ماشہ سے ایکتولہ تک کھائیں دوسرے نسخہ میں گوکھرو تخم سرپالی زیادہ ہے اور لکھا ہے گائیکے دودھ کی لسی کے
ساتھ کھائیں نوعدیگر ثعلب مصری تین تولہ الائچی سفید طباشیر موچرس بکرکس ہر ایک ڈیڑھ تولہ مصطگی ست گلو ہر ایک ایکتولہ سیپاری چکنی تین تولہ
نبات سفید بار دو تولہ شیر درخت بڑ میں تر کر کے خشک کر لیں سفوف بنا کے چھ ماشہ شہد میں ملا کے کھائیں سفوف مغلظ منی رقیق معمول ہے ترکیب
کونپل درخت برگد پوست بیخ کھرنی مغز تخم کوانچ لسوڑہ موچرس پھلی ببول خام برابر پیس کے سفوف بنائیں خوراک ایکتولہ تک ہمراہ شیر گاؤ سفوف
برائے کثرت احتلام کہ بسبب رقت منی ہو ماخوذ مجربات حکیم منصور علی سے ترکیب سپستان ست گلو ہر ایک تین تولہ ست ہردرہ دو تولہ نبات آٹھ تولہ
سفوف بنا کے ایکتولہ ہمراہ شیر گاؤ ڈیڑھ پاؤ جسمیں آدھ پاؤ پانی ملا ہوا ور پانچ چھوارے جوش کیے ہوں جب چوتھائی رہے بہ مناسب شیریں کر کے کھائیں ایضاً

ممسک و مولد منی ترکیب سنگھاڑہ خشک چھ ماشہ مازو تین ماشہ تالمکھانہ چار ماشہ چلبا گوند چھ ماشہ ثعلب مصری چار ماشہ مصطگی تین ماشہ نشاستہ
چار ماشہ نبات ہموزن ادویہ سفوف بنائین خوراک پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک سفوف بیجبند برائے جریان منی مجرب ہے ترکیب بیجبند سیاہ تخم ہلیلہ ہر ایک
تین درم گوکھرو تالمکھانہ اندر جو مقشر ہر ایک چھ درم لسوڑہ چوبیس درم ہمچند شکر سفوف بنائین خوراک ایک تولہ ٹھنڈے پانی سے سفوف دیگر برائے
دفع جریان منی ترکیب مغز تخم کنوچ تخم اوٹنگن ست سلاجیت ہر ایک دو درم صمغ عربی دس درم اندر جو مقشر طباشیر ہر ایک ایکدرم بہمن سفید
موصلی سفید تو دری سرخ گل سنبھل ہر ایک دو درم شکر سفید برابر کل کے خوراک ایک تولہ ہمراہ شیر گاؤ سفوف قلعی جریان منی و سوزاک قدیم و جدید کے لیے
نافع ہے ترکیب ست گلو ست سلاجیت الائچی خرد دکھان بید ملیٹھی تالمکھانہ قلعی کشتہ مسلوچن ہر ایک ایکدرم سفوف بنائین خوراک نو ماشہ سے
ایک تولہ تک سفوف برائے بند کشادہ بیاض استاد مرحوم سے ترکیب بیجبند فلفل دراز کمرکس سمندر سوکھ تخم اوٹنگن برہنڈی تالمکھانہ گوکھرو
ستاور سونٹھ موصلی سفید و سیاہ تخم کونچ برابر شکر سفید سب سے دوچند ہر روز ایک کفدست ہمراہ شیر گاؤ کھائین سفوف نافع علت ابنہ ترکیب
گل نیلوفر دو درم کشنیز خشک ڈھائی درم تخم کاسنی تخم خرفہ ہر ایک تین درم گلسرخ پانچدرم اسبغول دس درم سوائے اسبغول کے کوٹ پیس کے اسبغول
مسلم ملا کے سفوف بنائین خوراک دو درم سے تین درم تک ہمراہ سرکہ نیم اوقیہ پانی ملا ہوا سفوف مقلل منی و دافع کثرت شہوت باہ ترکیب تخم کاہو
شاہدانج کشنیز خشک آرد لبوط گل نیلوفر تخم خرفہ صندل سفید صندل سرخ سماق گلنار طباشیر عدس گلسرخ ہر ایک ایکجزو بزرالبنج کافور ہر ایک چوتھائی
حصہ سفوف بنائین ایضاً قطع شہوت عورت و مرد سے کرتا ہے ترکیب شہدانج تخم خرفہ تخم کاہو تخم فنجنکشت ہر ایک ایکجزو نیلوفر دو جزو خوراک
تین درہم ہمراہ شیرہ تخم کاہو سفوف برائے قروح رحم مغز تخم خربزہ و خیارین و کدو و تخم خشخاش ہر ایک چار درم صمغ عربی نشاستہ کتیرا رب السوس ہر ایک
ایکدرم ہموزن کوٹ پیس کے تین درم شربت خشخاش کیساتھ دین سفوف مدر حیض ترکیب تخم کرفس بادیان انیسون فطراسالیون قردمانا ہر ایک ایکجزو
سفوف بنائین خوراک دو درم ہمراہ شربت مدر حیض سفوف کشنیز حبس نزف الدم طمث وغیرہ سے منع رعشہ مین اور خفقان و مطلق اسہال کیواسطے
عجیب الفعل ہے ترکیب کشنیز بریان ایکجزو گل ارمنی طباشیر سوختہ کہربا ہر ایک نصف جزو اقاقیا ربع جزو دارچینی عود خام گل مختوم زعفران ہر ایک آٹھوان حصہ
ہر صبح کو دو درم ہمراہ شربت سیب یا شربت لیمون دین ایضاً برائے حبس حیض مجرب بوعلی سینا ترکیب تخم خرفہ کہربا صمغ عربی اودست بیضہ مرغ سوختہ
کاغذ سوختہ ہر ایک دو درم استخوان سوختہ کتیرا ہر ایک تین درم کوٹ پیس کے شربت کیساتھ دین ایضاً برائے استحاضہ معمولات حکیم شرافت علیخان سے
ترکیب گل گاؤزبان مصطگی کتیرا گوند ببول دم الاخوین گلنار اقاقیا گل ارمنی بیخ الجبار زہر مہرہ سیدہ لکڑی گل لسبتہ گل نوفل طباشیر کزمازج
دانہ الائچی سفید صندل دس ہر ایک چھ ماشہ کندر ال کتھ سفید ہر ایک پانچ ماشہ مازو سبز کاٹھل ہر ایک سات ماشہ شقائق النعمان چار ماشہ انزروت
ساڑھے تین ماشہ پھٹکری بریان ڈھائی ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین خوراک چار ماشہ سے چھ ماشہ تک ہمراہ شیرہ تخم قرطم و شیرہ تخم خرفہ
ہر ایک پانچ ماشہ و شیرہ خارخسک و شیرہ تخم خرفہ ہر ایک چار ماشہ و شیرہ کشنیز خشک ساڑھے تین ماشہ و شربت حب الآس المکتوبہ و شربت بزوری
ڈیڑھ تولہ حل کر کے دین ایضاً برائے حاملہ کہ خون حیض حالت حمل مین آئے ترکیب نیلوفر اصل السوس ہودہ آملہ صندل سودہ کات

تالمکھانہ بریان ہر ایک دو جزو طباشیر الکجر و ہمزو آب برنج ساٹھی الکیتولہ تک خوراک ہے سفوف ہندی خون حیض و بواسیر و شکم کو روکتا و تری دہانی نکلنے
مین فرج سے باز رکھتا ہے اور دوسری بیماریان کہ مزاج مین ہون برطرف کرتا ہے اور ممسک ہے ترکیب پوست درخت انبہ پوست درخت جامن
پوست درخت ․ ڈھاک رسوت موچرس سمستان مجیٹھ اتیس موتھ ببلگری لودھ گیرو کا پھل صندل سرخ گزمازج مازو سے بزر دھماوہ گل دھاوہ پوست
گرطاکل ہموزن لو برابر انکے شکر سفید ملا دین خوراک دو درم ہمراہ آب شستہ برنج سفوف دافع سیلان رطوبت رحم عدیل نہین رکھتا اور عورتون کی
منی کے روان ہونے کو بند کرتا ہے ترکیب خستہ تمر ہندی کو پانی مین بھگو دین تاکہ اُسکی پوری قوت پانی مین آجاے اُسوقت خستہ مذکور کو مقشر کر کے
پھر پانی مین ڈالین کہ سب پانی جذب ہوجاے اور خشک ہوجاے بعد اسکے باریک پیس کے اسکے چوتھائی وزن مغز تخم بکائن و صندل سفید آٹھوان
حصہ ملاکے سبکے برابر مصری ڈال کے سفوف بنائین اور ایک وقیہ پانی سے کھائین سفوف مجرب براے نزف رطوبات رحم کہ رحم سے جاری ہوتی ہون
نافع ہے اور براے کثرت سیلان منی و مذی و ودی و براے جریان رطوبت ہر قسم فرج مجرب ہے ترکیب گل انبہ گل فوفل گل لسیہ اگر ممکن ہو ورنہ بجاے
اسکے پوست بیرون لسیہ صمغ ڈھاک ہر ایک تین ماشہ شکر سفید ایک تولہ کوٹ پیس کے سفوف بنائین اور ہر روز ۹ ٹکیے دودھ یا ٹھنڈے پانی سے
پھانکین ایضاً بے عدیل ہے ترکیب تیج مجیٹھ گل لسیہ گوکھرو خرد گوند ڈھاک مساوی شکر سفید برابر سفوف بنائین اور ایک کفدست کھائین
کبھی بشاعت دوا کے رفع کرنیکو مونگ کا آٹا بریان کر کے بڑھا دیا جاتا ہے سفوف براے سیلان منی نساء ترکیب تالمکھانہ جھیند سیاہ ثعلب
مصری مصطگی رومی مازو سبز گلنار فارسی کہربائے شمعی کشتہ قلعی سنگھاڑہ خشک موصلی سفید بھوپھلی گاؤزبان طباشیر اندرجو شیرین شکر تری ملاکے کفدست ہمراہ
شیر مادہ گاؤ کھائین سفوف براے ماندن حمل مفید ہے ترکیب موصلی سیاہ و سفید گوکھرو تخم اوٹنگن پوست بیخ سنبھل ہر ایک ڈیڑھ تولہ کوٹ پیس کے
بعد فراغ حیض مرد و زن پانچ روز تک بقدر چھ ماشہ کے گائکے دودھ مین کھائین ایضاً ناگیسر جوز بوا پوست گوندی سرخ ہر ایک دو دام پوست
اسکو سایہ مین خشک کر کے اور کوٹ پیس کے بعد فراغ حیض سے مرد و زن پانچ روز تک چھ ماشہ گائکے دودھ مین کھائین اور مباشرت کرین سفوف
براے کثرت اسقاط کہ رطوبت سے ہوتا ہے نافع ہے ترکیب جند بیدستر نیم درم تخم کرفس بادیان انیسون اجوائن صعتر الجدان خولنجان ہر ایک تین درم
کوٹ پیس کے استعمال کرین سفوف مجرب براے اسقاط و ادرار حیض و نفاس ترکیب سداب قردمانا ابہل ہر ایک دس درم مکی پانچ درم خوراک
تین درم سفوف اسقاط حمل کرتا ہے ترکیب اسارون طویل خطبیانا حب الغار مرمکی قسط بحری فوہ عصارہ افسنتین ابہل قردمانا مشکطرامشیع مساوی کوٹ پیس کے دو
مثقال شہد مین ملاکے دین سفوف محلل ریاح رحم و مفید حوامل مقوی معدہ و جگر ہے ترکیب پودینہ بادیان ہر ایک نیم درم مرزنجوش عاقرقرحا ہر ایک دو درم زرنباد
درونج تخم کرفس ورج ترکی جوز بوا دارفلفل دارچینی خیر بوا ہر ایک تین درم سونٹھ مصطگی ہر ایک پانچ درم شکر ہمچند خوراک دو درم سے تین درم تک سفوف
نافع رحم ترکیب تخم کرفس دس درم زیرہ مدبر سبز کرلو دو درم اجوائن سونٹھ انیسون ہر ایک چار درم کوٹ پیس کے ہمچند شکر ملائین اور دو درم سے تین درم تک کھائین سفوف سورنجان
مثقال نقرس و عرق النساء مین معمول ہے اور دندان خلط کا مستعمل بعد نضج مادہ اور استعمال مطبوخ پانچ روز تک ترکیب سورنجان مصری بیس درم سنا مکی سات درم پوست ہلیلہ زرد
چار درم مغز بادام مقشر تین درم زعفران نیم درم سقمونیا مشوی ایک درم گل سرخ چھ درم قند سفید تین درم اگر مادہ بلغمی ہو تربد سفید پانچ مثقال اضافہ کرین اور سقمونیا کا وزن

نیم درم کردین خوراک یکمثقال ٹھنڈے پانی سے کبھی برگ حنا دو درم عوض سقمونیا و گلسرخ دیتے ہین اور قند نصف وزن لیتے ہین اور پانچ روز تک کھلاتے
ہین نوع دیگر اختراع حکیم علویخان سے مجرب ہی جمیع اقسام مفاصل و نقرس و وجع الظہر و عرق النسا مین اور سفید تشنج کہ مواد غلیظ سے ہوتا ہی ترکیب سورنجان
سات مثقال غنچۂ گلسرخ سنا مکی ہر ایک پانچ مثقال پوست ہلیلۂ زرد تربد مجوف خراشیدہ روغن بادام مین چرب کرکے مغز بادام شیرین ہر ایک چار مثقال
سقمونیائے مشوی لاجورد مغسول حجر ارمنی مغسول ہر ایک ایک مثقال بوزیدان بسفائج فستقی مصطگی رومی رب السوس ہر ایک چار مثقال زعفران
دو دانگ قند سفید دس مثقال ترکیب اسکے تیار کرنیکی یہ ہے کہ ان سب دواؤن کو اچھی طرح سے گرد و غبار سے صاف کرکے اور باحتیاط
کوٹ پیس کے بوتل مین رکھ چھوڑین خوراک دو درم ٹھنڈے پانی سے نوع دیگر برائے درد مفاصل اکثر عمل مین آیا ہی ترکیب سورنجان سات درم
گلسرخ سنا مکی ہر ایک پانچدرم پوست ہلیلۂ زرد تربد موصوف مغز بادام شیرین مصطگی رومی رب السوس ہر ایک دو درم زعفران ڈیڑھ دانگ قند سفید دس
درم خوراک دو درم سے چار درم تک سفوف سورنجان بارد نافع وجع المفاصل حار بعد فصد و تنقیہ عمل مین آتا ہی ترکیب سورنجان مصری بوزیدان پوست
ہلیلۂ زرد مغز تخم ہندوانہ مغز بادام مغز تخم بادرنگ مغز تخم خیار دراز کشنیز مقشر تخم خشخاش مساوی کوٹ پیس کے شکر سفید مثل کل کے ملاکے سفوف بنائین خوراک
چھ ماشہ عرق خار خسک دس تولہ کیساتھ نوع دیگر برائے عرق النسا ترکیب سورنجان ایکدرم دارچینی طباشیر کشنیز خشک دانہ ہیل عود صلیب ہر ایک نیم درم
کوٹ پیس کے سفوف بنائین جملہ ایک خوراک ہی اوپر سے شیرۂ تخم کاسنی و تخم خربزہ و بادیان و شربت فواکہ و گلاب پی لین سفوف مجرب برائے نقرس
و درد مفاصل بارد ترکیب نانخواہ اہل برگ سداب خشک تخم کرفس رازیانہ نوہ تو ہر ایک ایکجز و خوۃ الصبغ مغز بادام تلخ بالچھڑ قسط شیرین زراوند
مدحرج ہر ایک نیم جز و کوٹ پیس کے ہر روز ایکدرم استعمال کرین اور زمستان سے شروع کرکے وسط موسم بہار مین ختم کردین اس سفوف کے کھانے کے بعد
چار گھنٹہ تک ماکول و مشروب سے کوئی چیز نہ کھائین اور بعد تنقیہ بدن استعمال کرین سفوف چوب چینی برائے مفاصل و نقرس و آتشک و دیگر امراض
سوداوی مجرب ہی ترکیب چوب چینی تراشیدہ چار درم عشبہ مغربی دو درم سورنجان افتیمون ہر ایک ایکدرم بسفائج سات ماشہ سنا مکی ڈھائی درم گلسرخ
صندل سفید ہر ایک ایکدرم سفوف بنائین چھ ماشہ پانی سے پھانکین سفوف سنا عرق النسا کیواسطے نہایت مجرب ہی ترکیب زعفران نیمدرم
شیطرج تین درم سورنجان پانچدرم سنا مکی دس درم خوراک تین درم ہمراہ شکر تین درم و آب نیمگرم سفوف نقرس کیواسطے مفید اعظم ہی ترکیب
زعفران نیمدرم بادیان مغز بادام مقشر ہر ایک تین درم سورنجان پانچدرم سنا دس درم نبات ہمچند خوراک ایک مثقال سفوف کندر برائے داء الفیل
بلغمی مفید ہی ترکیب فلفل سیاہ زنجبیل کندر ہر ایک تین درم قرد مانا کرویا ہر ایک چار درم کوٹ پیس کے دو درم نیمگرم پانی سے پھانکین سفوف
طباشیر سونو خس و تبہائے حصبہ و جدری مین کام آتا ہی حرارت کبد کو گھٹاتا ہی اسہال صفراوی کو دور کرتا ہی ترکیب گل سرخ کافور ایکدرم صندل
سفید ڈھائی درم تخم حماض عدس زرشک یا عصارۂ زرشک تخم خرفہ تخم کاہو خشخاش سفید ہر ایک پانچدرم گلسرخ دس درم طباشیر بیس درم
سفوف بنائین ہر روز ہمراہ سکنجبین یا شربت نخود یا شربت لیمون یا شربت انار یا شربت ریباس کھائین سفوف ہندی حمیات لبسیط
و مرکب مین مستعمل ہی ترکیب ست گلو طباشیر دانہ ہیل ہر ایک چھ ماشہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ خوراک چار ماشہ سے چھ ماشہ تک معمول ہے

نوع دیگر تہبائے خفی و سعال مزمن: نا تہین کیواسطے نافع ہے قوت معدہ دیتا ہے اور اشتہائے طعام پیدا کرتا ہے ترکیب نبات سفید بتیس جزو طباشیر سولہ
جزو دار چینی آٹھ جزو دار فلفل چار جزو سب کو کوٹ پیس کے ایکدرم سے دو درم تک دین اور بعضے نانخواہ صعتر دکبابہ ہر ایک دو جزو اضافہ کرتے ہین نوع دیگر مفید
تپ محرقہ و حابس اسہال صفراوی ترکیب ست گلو طباشیر زہر مہرہ سودہ صندل سفید سودہ کات سفید مروارید سودہ ہر ایک یکمثقال کافور زعفران ہر ایک
نیم مثقال سفوف بنائے بقدر مناسب شربت بنفشہ مین ملا کے دین سفوف دفع حمیات دائرہ مین بخوبی معمول مولف ہے اور وہ دوائی سمندر پھل ہے کہ ذیل مین ادوائے
حمیات مین لکھی گئی سفوف تپ لرزہ مین عجیب الاثر ہے ترکیب برگ خیار کو کنار ساری کوٹ پیس کے نوبت سے پہلے دو گھڑی جسقدر چٹکی مین آئے
لیکے کھائین اور اسدن غذا نہ دین ایضاً حمیات سادہ کے لیے مجرب ہے ترکیب برگ تنباکو جزو تخم اسفاناخ دو جزو شکر ساری خوراک دو درم صبح و شام
ہمراہ آب نوع دیگر تپ لرزہ مین معمول ہے ترکیب مرچ پیپل کلونجی چرائتہ گیرو ہر ایک نیم جزو برگ تنباکو جزو خوراک ایک ماشہ ٹھنڈے پانی سے جبکہ جوڑی
آنے مین ایک ساعت باقی ہو بچہ کو کمتر دین لرزہ موقوف ہو جائیگا سفوف ہلیلہ ربع سوداوی و بلغمی مین کام آتا ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ
ہر ایک سات درم بسفائج افتیمون ہر ایک تین درم شکر سفید بوزن مجموع خوراک تین درم گرم پانی سے نوبت کے دوسرے دن استعمال کرین سفوف دق
و مسلول و قروح سینہ و نفث الدم کیواسطے نافع ہے بیاض والد مرحوم ہے ترکیب صمغ عربی نشاستہ کتیرا مغز بہدانہ تخم خشخاش تخم کاہو تخم خطمی ہر ایک سات درم
صندل سفید دو درم نبات سفید دس درم طباشیر تین درم گلسرخ مغز تخم خیارین تخم خرفہ ہر ایک پانچ درم مغز تخم کدو عصارہ بارتنگ گل ارمنی گل قبرسی
ہر ایک چار درم زعفران ایکدرم کوٹ چھن کے سفوف بنائین خوراک دو مثقال ہمراہ کافور نیم دانگ دخاکستر سرطان ہندی دو دانگ و شربت خشخاش و
شیرہ تخم خرفہ سفوف دق و سل و اسہال و سرفہ خشک مین کہ حرارت مزاج سے ہو مجرب ہے ترکیب کتیرا سفید ساڑھے چار درم صمغ عربی ڈھائی درم
نشاستہ ایکدرم اصل السوس ساڑھے سات ماشہ مغز تخم خیار مغز تخم تربوز مغز تخم سردہ ہر ایک تین درم و نصف کافور پانچ رتی صندل سفید نو درم پختہ
قند سفید چھ درم پختہ سفوف بنائین سفوف برائے سر خیادہ اطفال معمول و مجرب بلا اختلاف ترکیب زرکچور ایکماشہ زیرہ سیاہ دو ماشہ برگ حنا تین ماشہ
برگ نیم چار ماشہ بتیس پانچماشہ نیل کنٹھی چھ ماشہ دریجتی سات ماشہ بلادر جڑ ہی آٹھ ماشہ سہسی ہیلیو ماشہ مجیٹھ دس ماشہ پوست انار بندرہ ماشہ دھمایہ
ایکتولہ کمین تیرہ ماشہ صندل سرخ چودہ ماشہ صندل سفید پندرہ ماشہ سعد راتینج سولہ ماشہ دھنیا سترہ ماشہ سب کوٹ پیس کے رکھ چھوڑین وقت حاجت
بچہ کو ایک ماشہ سے نو ماشہ تک رات کو پانی مین بھگو کے صبحکو چھانکے عجب قوت دس دین اور نو ماشہ خوراک طفل کلان و قوی المزاج ہے کہ سن بلوغ
کو پہونچ چکا ہو اگر بچہ بہت چھوٹا ہو دایہ کو اور بچہ کو تھوڑا سا دینا چاہیے اور اگر اس عارضہ مین بچہ کا بدن ورم کر جائے اور کسی جگہ قرحہ پڑ جائے اس دوا کا
ثفل برگ حنا ہمین پیسکے لیپ کرین سفوف غددی برائے خنازیر ترکیب غدد گردن میش کہ زخم کیجانب ہوتا ہے بیس عدد فلفل ایکتولہ جوز بوا
چار عدد بسباسہ پانچماشہ سونٹھ ایک سیر سفوف بنائین خوراک ایکتولہ وقت صبح موسم سرما مین استعمال کرین شیرینی و بادی سے پرہیز کرین اگر مزاج حار
نہ ہو دو تولہ تک کھلائین اور تیرہ دن بیچ مین چھوڑتے جائین اسیطرح چالیس دن تک عمل کرین سفوف برائے شراد موی مجرب ہے ترکیب پودینہ طباشیر
سفید گلسرخ ہر ایک تین ماشہ کافور قیصوری چار سرخ کوٹ پیس کے تین روز تک ہمراہ آب تازہ پئین یہ سب تین خوراکین ہین سفوف برائے

بنات اللبن ترکیب کشنیز خشک تخم کاسنی بزر جلبہ سب ہموزن کوٹ پیس کے سفوف کریں خوراک پانچ ماشہ معہ بدرقہ آب خربزہ سفوف حب النیل برائے تنقیہ
کرِ آتشک میں معمول ہے ترکیب حب النیل اسی دانہ روغن بادام میں چرب کریں زنجبیل یکدانگ ریوند چینی دو دانگ گلسرخ نیم دانگ کوٹ پیس کے آب گرم
یا گلاب کے ساتھ دیں سفوف عشبہ مجربات الحکیم احسن اللہ خان سے ومجرب حکیم ممدوح بنا بر فارسی اور دیگر امراض سوداویہ جلد بعد تنقیہ کے بہت سودمند ہے
استیصال مادہ فاسد کرتا ہے ترکیب عشبہ مغربی دس مثقال ریوند خطائی ڈھائی مثقال جلاپائے انگریزی ایک مثقال بادآورد برگ سنا پانچ مثقال پوست ہلیلہ زرد
پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ ہلیلہ سیاہ گلسرخ ہر ایک ایک مثقال بادآورد برگ شاہترہ ایک مثقال کوٹ پیس کے نبات سفید بنصف وزن ادویہ ملا کے
سفوف کریں خوراک ایک تولہ ہمراہ عرق شاہترہ اگر شکایت وجع مفاصل کی ہو سورنجان شیریں لوزبیدان بقدر دو مثقال بڑھا دیں اگر مزاج علیل میں رطوبت
غالب ہو اسطوخودوس بھی دو مثقال زیادہ کر دیں نوع دیگر برائے آتشک نافع ہے ترکیب عشبہ مغربی چار تولہ پوست ہلیلہ زرد سنا مکی صندل سرخ
ہر ایک ایک تولہ کوٹ پیس کے شکر سفید برابر ملا کے ہر روز سات ماشہ کھائیں سفوف چوب گز برائے جرب وسعفہ وسوزاک وآتشک ہر قسم الیہ
خصوصاً بعد تنقیہ معمول ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد چار ماشہ پوست ہلیلہ کابلی بیس ماشہ پوست بلیلہ چوب گز ہر ایک گیارہ ماشہ آملہ ہلیلہ سیاہ
ہر ایک دس ماشہ شاہترہ تین ماشہ گلسرخ چھ ماشہ ریوند چینی پانچ ماشہ برگ سنا بیس ماشہ کوٹ چھان کے ہموزن ادویہ شکر سفید ملا کے سفوف بنائیں خوراک
ایک دانگ سفوف مصلح ومصفی خون مخترع ومعمول حکیم احسن اللہ خاں ترکیب گل گاؤزبان گل نیلوفر گل سرخ گل سیوتی تخم کاسنی تخم خرفہ تخم پالک
کشنیز خشک آملہ سماق بادرنجبویہ برگ فرنجمشک برادہ صندل سفید وسرخ ہر ایک ایک مثقال مغز تخم خیارین دکدو وتربوز تخم خشخاش سفید
عدس مسلم ہر ایک سات ماشہ کوٹ پیس کے سفوف بنائیں خوراک چھ ماشہ نوع دیگر برائے جدری اس زمانہ کے واسطے جبکہ آخر میں اسہال ہو جاتا ہے
ترکیب گلسرخ طباشیر تخم حماض سماق زرشک گل مختوم ہر ایک ایک جزو پوست خشخاش صمغ عربی گلنار ہر ایک نیم جزو خوراک دو درم ہمراہ رب بہ سفوف
برائے جذام ترکیب بیخ انجیر دشتی دو درم مرچ سیاہ چھ ماشہ دونوں کو کوٹ پیس کے سفوف بنائیں اور جس زمانہ میں اسکو استعمال کریں بیخ جھربیری جس پانی میں
جوش کی ہو ہر روز اس میں غسل کیا کریں اور غذائے سفید سے پرہیز کریں سفوف برائے جذام جبکہ ناک بیٹھ گئی ہو کام آتا ہے اور دوسرے مرضوں
میں جو آمیزش صفرا سے ہوں سودمند ہے چاہیے کہ یہ سفوف کاڑہ مجیٹھ تین چلو کیساتھ کھائیں اور گوشت ونمک وگرم وترش اشیاء
سے پرہیز کریں چنے کی روٹی کھائیں اور ضرورتاً قدرے نان گندم ونمک کھا سکتے ہیں ترکیب درخت نیب کہنہ کہ ایک سو برس کا ہو اسکے گل وبار و
برگ وپوست تنہ وبیخ ہر ایک آدھ سیر پوست ہلیلہ پوست بلیلہ آملہ باکچی گاؤ ہر ایک ایکپاؤ سفوف بنائیں خوراک دو دانگ سے چار دانگ تک کاڑہ مجیٹھ
کیساتھ اور اگر ان دوائوں کا شہد کے ہمراہ معجون بنالیں تو کوئی مضائقہ نہیں ہے سفوف برائے جذام مستحکم مجرب ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست
بلیلہ آملہ ہر ایک دو درم گلسرخ ست گلو ریوند چینی اصل السوس مقشر دانہ الائچی خورد وکلاں کشنیز خشک ہر ایک یکدام کیر وپوست تواج خطائی اگر نہ ہو
اسکے عوض پوست کرابہ بیخ ساٹھی پوست بیخ انجیر دشتی قسط تخم نبوار بابچی سرپھوکہ زرد چوب ہر ایک یکدرم برگ نیم بار نیم گل نیم پوست بیخ نیم
پوست تنہ نیم ہر ایک یکدام گندھک صاف کردہ نیم دام سب کو باریک پیس کے پارچہ بیز کرکے ہر روز ٹھنڈے پانی سے پھانکیں غذا برنج

ساٹھی و دال مونگ کم روغن کم نمک چالیس روز تک سفوف دافع فساد لون و مصفی رنگ بدن ترکیب انیسون پانچ درم زعفران
تین درم زوفائے خشک دس درم شکر سفید مناسب ملا کے سفوف بنائین خوراک دو درم رنگ سرخ ہو جائیگا جالینوس کہتا ہے
کہ وج خراسانی مشرق لون ہے اگلا سکی گرمی سے اندیشہ ہو سویق جو شکر کے ساتھ استعمال کرین سفوف کیمبری برص مین مجرب
حکیم منصور علی ہے ترکیب بابچی آدھ پاؤ بول مادہ گاؤ نازائیدہ سرخ رنگ مین اکیس دن تک بھگوئین خشک کر کے چھلکا ادھیڑ
ڈالین اس کے برابر سفوف چھال کیمبری یعنی پوست درخت انجیر دشتی و سفوف درخت نیب کہ بہت پرانا ہو ہموزن بابچی
لے کے باہم ملا دین اور ایک درم ہمراہ آب چھاؤ چھ تولہ روزانہ کھائین اور شیر و برنج وحجرات وحموضات و
اشیائے بادی و بلغم افزا سے پرہیز کرین سفوف برائے برص مجربات شاہ عبدالعلیم مرحوم سے ترکیب
کالا بھجوایہ ایک درخت کا پھل ہوتا ہے اور ملک مالوہ مین کثرت سے ملتا ہے ایک سیر بابچی تین پاؤ دونون کو جدا جدا کوٹ کے ملا دین اور چھ ماشہ وقت صبح
آب باران یا تالاب سقدر مین کہ دوا صرف اس سے لت ہو جائے حلق مین ڈال کے نگل جائین اسیطرح چالیس روز متواتر کرین اگر اسہال نہ ہو تین ماشہ
اور بڑھا دین اگر ایک تولہ سے بھی دست نہ آئین تو تین ماشہ اور بڑھا دین جب دست آنے لگین اسیقدر پر اکتفا کرین ستر دن تک استعمال کرین جب دوا کی
مدت چالیس روز کو پہونچے گی برص وچہرہ وغیرہ سیاہ ہو جائیگا اس سے اندیشہ نہ کرین غذا نان گندم و دال مونگ شستہ اگر لہسن و پیاز داغ کرین مضائقہ
نہین ہے لیکن سیاہ و سرخ مرچ سے پرہیز کرین اگر دال سے نفرت ہو گوشت حلوان روٹی کیساتھ کھائین اور مصالح و نمک و پیاز و زرد چوب ہو سوائے
ان دو غذاؤن کے جملہ اغذیہ سے پرہیز کرین اور کوئی میوہ سبزی و پان اور شیرینی وغیرہ نہ کھائین بعد چار پانچ روز کے شروع دوا سے تیسرے یا چوتھے روز
تا اتمام میعاد دوا وقت عصر تبرید کا استعمال کرتے رہین اور دوا ختم ہونے کے بعد ہر روز دونون وقت تبرید پئین تاکہ تسکین کلی ہو تبرید کا نسخہ یہ ہے جو کا ہو
کاسنی خیارین خرفہ کشنیز نبات سفید حسب دستور کام مین لائین اور دوا کی تاریخ شروع لکھ لین تاکہ دونون مین بھول نہ پڑے سفوف برائے برص
ترکیب اجمود ایک پاؤ گیرو گوالیاری آدھ پاؤ کوٹ پیس کے ہر روز چار ماشہ پانی سے پھانکین غذا سوائے نان بے نمک دکھی دوسری نہ دین دوسرے
نسخہ مین بابچی و چیتہ بھی ہموزن اجمود داخل ہے سر پھوکہ مرچ سیاہ چالیس روز تک متواتر پینا بھی مجرب لکھا ہے سفوف مجرب برائے کلف ترکیب
پوست ہلیلہ زرد و بلیلہ سیاہ ہر ایک دو درم سونٹھ ایک درم شکر سفید ہموزن مجموع کوٹ پیس کے ہمیشہ نہار منہ تنقیہ سودا کے بعد کھاتے ہین اور
اطلیہ کلف استعمال کرین سفوف مہزل ترکیب نانخواہ و تخم کرفس بالچھڑ لک مغسول ہر ایک نیم درم گلسرخ مرزنجوش ہر ایک ایک مثقال کوٹ
پیس کے دو درم صبح ہمراہ عرق زیرہ سیاہ پھانکین دوسرے نسخہ مین سندروس بجائے اجوائن و تخم کرفس بالچھڑ و گل سرخ داخل ہے سفوف مسمن
دافع لاغری کہ مٹی کھانے سے ہو جاتی ہے اور رفع کرتا ہے ترکیب بہمن سرخ زرنباد کتیرا خشخاش مغاث ہر ایک پانچ درم سفوف بنائین اور شیر گاؤ مین
شکر ملا کے حریرہ بنائین اسکے پینے کے بعد حمام کرین اور معتدل پانی سے غسل کرین ایضاً مسمن باہ جناب استاد مرحوم و مغفور سے ترکیب اسگند
موصلی سیاہ و سفید سفوف بنائین شکر سفید برابر ملا کے سات درم گائے کے دودھ مین پھانکین سفوف پسینہ کی بدبو کیواسطے ترکیب

گل انبہ ناشگفتہ یعنی مول کوٹ بیس کے دو حصے اور ایکحصہ بباسہ میں کے رکھ چھوڑین اور ایک کف یا کم و زیادہ کھائین عرق و اعضاو دہان سے
عمدہ خوشبو آئیگی دو ہفتہ تک استعمال کرین اگرچہ خوشبو پہلے ہی آنے لگیگی مگر جسقدر زیادہ کھائین گے بہتر ہوگا سفوف دافع درد مقعد و سقطہ
ترکیب نمک چھ ماشہ شکر سفید چھ ماشہ سفوف کرکے کھائین سفوف بلدغ عقارب کے واسطے نافع ہے ترکیب ریوند چینی زراوند طویل بیخ
عاقرقرحا مساوی سفوف بنائین خوراک ایک مثقال سے دو درم تک سفوف بورائے کتے کے کاٹے کو مفید ہے ترکیب سرطان نہری جنطیانا ہر ایک
پانچدرم کندر پودینہ ہر ایک تین درم گل مختوم دس درم کوٹ پیس کے دو درم دین۔

فصل چہارم نسخ سکنجبین کے بیان مین۔ سکنجبین افتیموني مالیخولیا و امراض سوداوی مین ماء الجبن کیساتھ دی جاتی ہے افتیمون
دسرہ بستہ گاؤزبان فرنجمشک ہر ایک دس درم شب کو پچاس درم سرکہ مین بھگو دین صبحکو جوش کرکے اور چھان کے آدھ سیر قند سفید مین قوام کرین اور ماء الجبن کے
ساتھ استعمال کرین نوع دیگر مسہل و مجرب النفع ہے ترکیب اسطوخودوس بادیان تخم شاہترہ افتیمون بسفائج سنا مکی پوست بلیلہ کابلی ہر ایک دس درم
کوٹنے والی چیزین کوٹ کے پچاس درم سرکہ مین بھگو دین پھر جوش اور صاف کرکے آدھ من قند مین قوام کرلین نوع دیگر تالیف حکیم علویخان نافع برائے
جمیع امراض سوداوی خصوص جبکہ ماء الجبن کیساتھ پی جائے ترکیب گاؤزبان شاہترہ بسفائج فستقی گل بنفشہ گل نیلوفر گاؤزبان عنب الثعلب
پرسیاوشان بادرنجبویہ تخم کاسنی تخم خیارین تخم خربزہ تخم کشوث پوست بیخ کاسنی پوست بیخ بادیان اصل السوس اسطوخودوس قنطوریون دقیق کمافیطوس ہر ایک
پانچدرم غنچہ گلسرخ نو درم سنا مکی چیدہ افتیمون ہر ایک دس درم انجیر زرد عناب ہر ایک بیس دانہ مویز منقی سپستان ہر ایک چالیس دانہ کوٹنے والی چیزونکو
کوٹ کے سوائے افتیمون کے ایک رطل سرکہ انگوری اور تین رطل آب شیرین مین شبانہ روز بھگو دین پھر جوش کرین افتیمون کو علحدہ پوٹلی مین باندھ کے رکھین
پھر دوائین جوش کرین جب پانی اور سرکہ تہائی باقی رہے صرہ افتیمون ڈال کے ایک دو جوش اور دیکے اتار لین اور کیسہ افتیمون کو ہستہ ہاتھ سے ملین تاکہ اسکی
تمام قوت پانی مین آجائے پھر نچوڑ کے پھینکدین اور دوائین چھان کے شیر خشت خراسانی ترنجبین خراسانی ہر ایک پچھتر درم شکر سلیمانی ایکسو پچیس درم گلقند
آفتابی پچیس درم اسمین حل کرکے جوش دین اور اسکا کف نکالتے جائین پھر صاف کرین دوسری مرتبہ ہلکی آنچ پر جوش دین تاکہ قوام ہو جائے اتار کے
بوتلون مین رکھ چھوڑین خوراک دس مثقال سے پندرہ مثقال تک ہمراہ ماء الجبن اسکی قوت ایکسال تک باقی رہیگی سکنجبین افتیموني برائے تنقیہ
معدہ و طحال سوداو فضول خام معدہ سے مراقیان کیواسطے مفید ہے ترکیب افتیمون گل گاؤزبان تخم فرنجمشک بادرنجبویہ اسطوخودوس ہر ایک
دس درم سرکہ مقطر تین پاؤ مین بھگو دین جوش اور صاف کرکے قند سفید آدھ سیر ملاکے شربت بنائین سکنجبین عنصلی مخترع حکیم مومن برائے
سرفہ کہنہ و ضیق و مواد بلغمی و سوداوی و سدد احشا و تقویت معدہ و دماغ کیواسطے مجرب ہے ترکیب پیاز عنصل دس درم زوفائے خشک
اصل السوس مقشر گل گاؤزبان پرسیاوشان اسطوخودوس غاریقون سفید ہر ایک پانچدرم نعناع بادیان بیخ سوسن کیوقرما ہر ایک تین درم
سب کو ایک سو پچاس درم سرکہ مین اور چار سو پچاس درم پانی مین شبانہ روز بھگو مین پھر جوش دین جب نصف رہ جائے چھان کے تین سو
درم قند سفید مین قوام کرین ہر روز پانچدرم ہمراہ طبیخ پرسیاوشان اور مانند اسکے پئین سکنجبین صندلی دافع خفقان ترکیب برادہ صندل سفید

تیس مثقال تین روز تک پچیس مثقال سرکہ و گلاب و عرق نیلوفر مین تر کرکے جوش دین تہائی رہ جاے تو مل کر چھان کے دو سو مثقال قند سفید مین قوام کرین
نصف مثقال زعفران در صرہ بستہ جوش ہوتے وقت ڈالدین اور قوام ہوجانے پر صندل گلاب مین حل کیا ہوا طباشیر ہر ایک دس مثقال کافور نیم دام
اضافہ کرین سکنجبین سادہ دافع بلغم و صفرا ہے اور اکثر امراض معدہ وغیرہ مین مستعمل ہے ترکیب قند سفید ایک سیر دیگچہ مین رکھین پاؤ بھر سرکہ اسمین
ڈالدین اوپر سے ایک اوقیہ گلاب ڈالین اور قوام کرکے اتار لین اگر بجاے قند کے عسل ڈالین سکنجبین عسلی ہو جاے اگر بجاے سرکہ کے عرق لیمو چھوڑین
شربت لیمون ہوجاے اور شربت حماض و نارنج کے بنانے کا بھی یہی طریقہ ہے سکنجبین گلقندی دافع رطوبت معدہ و ہاضم ترکیب اجوائن
دو مثقال ساذج ہندی برگ پودینہ ہر ایک تین مثقال مویز منقی پانچ تولہ سب کو سرکہ انگوری یا قندی مقطر آدھ پاؤ مین بھگو دین صبحکو ایک پاؤ گلقند
اور ایک سیر گلاب مین جوش کرین نصف رہ جانے پر مل کے چھان ڈالین اور ایک رطل شہد مین قوام بنالین سکنجبین تفاحی براے اشتہا و ہضم
و تفتیح سدہ جگر و تقویت معدہ و دل و رفع قے و غثیان کے لیے نافع ہے ترکیب آب سیب شیرین سو درم سرکہ چالیس درم آب انار ترش
آب لیموے کاغذی گلاب عرق بید مشک ہر ایک بیس درم قند سفید ڈیڑھ من پودینہ سبز ایک مٹھی کو اثناے طبخ مین مسلم چھوڑ دین جب خوب
جوش آجاے نکالڈالین پھر قوام کرلین سکنجبین نانخواہ بھوک پیدا کرتی ہے کھانا ہضم کرتی ہے اور معدہ کو قوت دیتی ہے ترکیب اجوائن زیرہ
سیاہ زوفاے خشک جعدہ ہر ایک ایک اوقیہ عسل خالص نیم قسط سرکہ خالص ڈیڑھ قسط دوائین شبانہ روز سرکہ مین بھگو کے جوش دین تہائی
رہ جانے پر چھان کے شہد مین قوام کرین تھوڑا پانی ملا کے استعمال کرین سکنجبین سفرجلی مقوی معدہ و جگر مفید ضعف ہضم کہ پیاس کیساتھ ہو
دافع آروغ بدبو مشہی و ہاضم طعام و مزیل حرارت معدہ و حرقت معدہ و مفتح سدہ جگر و ناقہین کے لیے کہ ہضم مین اختلاف ہوجاتا ہے پورا نفع
بخشتی ہے جالینوس نے بیان کیا ہے کہ سکنجبین سفرجلی مین تھوڑی ادرک پیسکے ملادین تو جمیع امراض معدہ کے واسطے کہ بہت گرم نہ ہون سودمند ہے
سونٹھ کی مقدار ایک من سکنجبین مین ایک اوقیہ چاہیے ترکیب آب بہ ترش قند سفید ہر ایک ایک رطل سرکہ قسم اول چوتھائی رطل جوش
کرین یہانتک کہ قوام ہوجاے اور اگر بجاے سرکہ کے آب لیمون ڈالین خوب ہے مریض کے مزاج مین اگر حرارت کثیر ہو سکنجبین سفرجلی افاویہ سے
مرکب کہ تقویت معدہ اور جملہ امور مذکور کے واسطے نافع ہے بنائین اسکے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ مصطگی بالچھڑ لونگ ہر ایک ایک درم تھیلی
مین رکھ کے سکنجبین پکتے وقت ڈالدین سکنجبین بہ لیمونی منافع مذکور کیساتھ متصف ہے ترکیب آب بہ پچاس مثقال سرکہ و گلاب و آب لیمون ہر ایک
تیس مثقال قند سفید ایک من قوام کرین اگر چاہین مرکب بنائین افاویہ مذکورہ پکتے وقت سکنجبین مین ڈالدین سکنجبین تمر ہندی تالیف
حکیم علوی خان نافع براے قے صفراوی و شدت حرارت و حمیات حادہ جبکہ قبض طبیعت کیساتھ ہو اور مقوی معدہ و کبد حار ہے ترکیب
تمر ہندی چھلکا گٹھلی نکال کے نیم رطل دو رطل آب خالص و دو اوقیہ گلاب مین رات بھر بھگوئین صبحکو اسکا چھنا ہوا پانی بغیر ملے ہوے دو رطل شکر سفید
ملاکے جوش دین اسکا جھاگ نکالڈالین دوسری مرتبہ دیگ مین گاڑھا کرکے نیم رطل سرکہ انگوری ڈال کے جوش دین یہانتک کہ قوام ہوجاے
سکنجبین ریوندی بارد مفتح سدہ کبد و مسکن حرارت قلب و مفید التہاب و کرب معدی و حمیات صفراوی ہے بھوک پیدا کرتی ہے پیشاب

کھل کے آتا ہے معمول حکیم علوی خانصاحب ترکیب تخم خیارین چوبیس درم تخم خربزہ بارہ درم تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی ہر ایک پندرہ درم بادیان پوست
بیخ بادیان انیسون ہر ایک تین درم ریوند خطائی بیس مثقال قند سفید ایک من سرکہ انگوری گلاب ہر ایک ایک رطل بدستور مرتب کرین سکنجبین نیم ورمی معتدل
مفتح سدد جگر و سپرز دافع حمیات مرکبہ و مدر بول ہی ترکیب تخم کاسنی بادیان تخم کرفس ہر ایک سات درم بالچھڑ بیس درم کل نیم کوفتہ تین رطل پانی اور بیس درم
سرکہ مین بھگو ئین پھر ایک سیر شکر سفید مین حسب دستور قوام کرین سکنجبین بزوری بارد مفتح سدۂ جگر و مدر بول و نافع استسقا حرارت سے ہو دفعیہ
حمیات حادہ و تسکین تشنگی ہے ترکیب پوست بیخ کاسنی تخم خربزہ تخم خیارین ہر ایک پانچدرم پوست بیخ بادیان تین درم تخم کاسنی دس درم نیم کوفتہ تین رطل
پانی اور تیس مثقال سرکہ مین شبانہ روز بھگو کے ایک من قند مین حسب قاعدہ قوام کرلین سکنجبین بزوری معتدل ریوندی معمول و مجرب حکیم بقا خان با وجود
اسکے استعمال کے کہ فوائد مذکور ہین تفتیح سدۂ کبد و طحال و افادہ طحال با ستسقا و سوء القنیہ و استیصال مادہ تپ دائرہ و یرقان کرتی ہی ترکیب
بیخ بادیان تخم کشوث ریوند چینی ہر ایک دو مثقال پوست بیخ کاسنی تخم خیارین ہر ایک پانچ مثقال سرکہ قند انگوری بقدر حاجت بطریق معمول قوام
کر کے بنالین دیگر بیخ بادیان تخم کشوث ریوند چینی ہر ایک دو مثقال پوست بیخ کاسنی تخم خیارین ہر ایک پانچ مثقال تخم خربزہ تخم کاسنی ہر ایک دس
مثقال قند سفید و سرکہ بقدر کفایت سکنجبین بنائین اور ہر روز نو مثقال یا کم ہمراہ شیرۂ تخم کاسنی و شیرۂ تخم خیارین ہر ایک پانچ مثقال یا اس سے کم
حسب حاجت صاحب تپ کو دین سکنجبین بزوری خفقۂ کبد کیواسطے نافع ہے ترکیب تخم کاسنی تخم خربزہ تخم کشوث تخم خیارین ہر ایک
پانچدرم پوست بیخ کاسنی پوست بیخ بادیان اذخر تخم کرفس ہر ایک چار درم تخم بطیخ ہندی افسنتین ہر ایک تین درم گلسرخ زرشک بیدانہ تخم قرطم کو کھرو
خبر ہر ایک دس درم مامیران چینی پانچدرم نیم کوب مرزق کاسنی و بادیان و مکو ڈیڑھ پاؤ گلاب ایکسیر مین شبانہ روز بھگو ئین جوش کر کے تیسرا حصہ باقی رہیگا
گلقند آدھ سیر آب مطبوخ مین شیرہ نکال کے و قند سفید و ترنجبین ہر ایک ڈیڑھ پاؤ سرکہ و یا معقطر آدھ پاؤ اضافہ کر کے قوام بنائین خوراک دو تولہ سے
چار تولہ تک سکنجبین بزوری اصولی وہی نفع رکھتی ہی ترکیب پوست بیخ کاسنی پوست بیخ بادیان ہر ایک پانچدرم بیخ کرفس تخم کاسنی تخم کشوث
تخم بطیخ ہندی تخم خیارین ہر ایک تین درم بیخ اذخر چار درم مامیران چینی ساڑھے چار درم حب کاکنج پانچدرم و نصف درم افسنتین گلسرخ ہر ایک
سات درم تخم خربزہ تخم قرطم ہر ایک دس درم زرشک پانچدرم آب مروق کاسنی و مکو ہر ایک ڈیڑھ پاؤ گلاب ایکسیر مین بھگو کے صبحکو جوش کرین تیسرا
حصہ باقی رہ جاے تو مل کے چھانین سرکہ آدھ سیر قند سفید تین پاؤ ملا کے قوام کرین سکنجبین ریوندی یرقان و درد جگر کے لیے کہ گرمی سے ہو سود مند ہے
ترکیب تخم کاسنی نیم کوفتہ بیس درم گلسرخ شاہترہ و تخم کشوث ہر ایک دس درم ریوند پانچدرم ریوند کو کوٹ کر تھیلی باندھین اور معہ دوسری دواؤن کے
دو من پانی مین جوش دین ٹھہر ٹھہر کے ریوند کی پوٹلی کو ہاتھ سے ملتے رہین تا کہ کل شیرہ نکل آئے پھر صاف کر کے ایک سیر قند سفید چالیس مثقال
سرکہ مین پکا کے قوام کرین خوراک پندرہ درم سکنجبین تینی دافع صلابت طحال و معمول ترکیب انجیر زرد دس دانہ پرسیاوشان اصل السوس
ہر ایک دو مثقال پوست بیخ کبر پوست بیخ بادیان تخم فنجنکشت کزمازج فوہ تخم کشوث زوفاے خشک اسارون اگر ترکی ہر ایک تین درم قند سفید
سہ چند سرکہ معقطر سوم حصہ قند کوٹنے والی دوائین کوٹ کے رات کو سرکہ اور پانی مین بھگو دین صبحکو جوش دین تیسرا حصہ رہ جاے تو صاف کر کے

قند مین قوام کرین خوراک دو تولہ سے چار تولہ تک سکنجبین ریوندی صلابت سپرز کیواسطے نافع ہے ترکیب ریوند غاریقون نوہ پوست بیخ کبر پوست درخت بیکر پانچ افتیمون غافت تخم کشوث تخم کاسنی ہر ایک دس درم قند سفید ایک من کرکے چار رطل پانی اور ایک رطل سرکہ مین بھگو کر پانی مین جوش کرین صاف کرکے قند سفید مین ملاکے قوام کرلین سکنجبین بشنی نافع جبو دم مثانہ و عسر بول کہ اسکے سبب ہوتا ہے ترکیب بھٹکری دو درم چوتھائی رطل سرکہ مین شبانہ روز بھگو کر صبحکو صاف کرکے ایک رطل قند مین قوام کرلین سکنجبین عنابی فساد خون کے واسطے مفید ہے ترکیب عدس مقشر شاہترہ پوست بیخ کاسنی گل سرخ ہر ایک دو تولہ کشنیز مقشر بکوفتہ پانچ تولہ عناب پچیس تولہ قند سفید تین پاؤ سرکہ انگوری ڈیڑھ سیر طبی۔

باب الشین المعجمۃ اسکے ضمن مین تین فصلین ہین

فصل اول۔ شمومات کے بیان مین۔ شموم امراض گرم دماغی کیواسطے نافع ہے ترکیب صندل سفید پیس کے سرکہ وآب کشنیز تر و گلاب باہم ملاکے سونگھین اگر بیخوابی ہو سرکہ نہ ملانا چاہیے اگر گرمی بہت ہو کافور زیادہ کردین اور کھیرے کے ٹکڑے کرکے سونگھنا اور دوسرے میوے وپھول ٹھنڈے پورا اثر رکھتا ہے جیسے دھنیا کی خوشبو ناپسند ہو بجاے اسکے آب ترنج یا آب کدوے پختہ سونگھا لین شموم امراض بارد کے واسطے نافع ہے ترکیب مشک عنبر دارچینی جندبیدستر قرنفل زعفران شونیز حسب حاجت ان مین سے جو چاہین کام مین لائین شموم صداع بارد کے واسطے نافع ہے ترکیب جوز بوا شیح ارمنی قرنفل مرزنجوش ہر ایک ایک جز و لسباسہ چار جز دپیس کے سوسن کے عرق مین ملاکے سونگھین تو صداع بلغمی جبکہ مادہ متمکن دفر مین ہوگیا ہو نفع کلی رکھتا ہے ترکیب جندبیدستر مشک کلونجی بریان سب کو باریک کپڑے مین لپیٹ کے سونگھین شموم مفتح سدۂ زکام گرم ہے ترکیب صندل سرخ سرکہ مین پیس کے سونگھین اسیطرح سبوس سرکہ مین و نیز گل نرگس کا سونگھنا بھی تفتیح سدہ کرتا ہے ایضاً براے اخراج مادۂ زکام مجرب ہے ترکیب کلونجی بریان نوسادر ہر ایک دو مثقال زنجبیل تین مثقال کوٹ پیس کے تھوڑا سرکہ ملاکے پوٹلی باندھین اور سونگھین شموم براے فواق شدید اگرچہ تب مین ہو ترکیب مرزنجوش چھکنی پیس کے سونگھائین۔

فصل دوم شربتون کے بیان مین۔ شربت نجیبی تالیف نجیب الدین سمرقندی براے صداع وسعال صفراوی عجیب الفعل ہے ترکیب گل سرخ پانچ درم زرشک بیدانہ سماق منقی ہر ایک بیس درم آلو سیاہ بڑے موٹے بیدانہ عناب چالیس دانہ رات کو بھگو دین صبحکو بدستور مقرر جوش کرین صاف کرکے چوتھائی رطل گلاب اور ایک رطل قند سفید ملاکے قوام شربت کرلین اور شیرہ کیساتھ بعضے تخم حسب حاجت پئین شربت خمار براے رفع خمار و صداع خماری بے نظیر ہے ترکیب آب انار ترش آب انار شیرین آب سیب شیرین آب لیمون ہر ایک نیم رطل آلو سیاہ تمر ہندی ہر ایک ایک رطل عناب پچاس عدد چھ رطل پانی مین جوش دین دو رطل رہ جاے تو آبہاے مذکور باہم آمیز کرین اور قند سفید ایک من بڑھاکے قوام بنالین ایضاً مجربات الطاکی سے ہے سر مین حبس بخار سے اور تقویت دماغ و معدہ اسطرح پر کہ جمیع حواس کو

صاف کرتا ہے ترکیب بہی امرود ہر ایک ایک جز پودینہ حب الآس صعتر مرزنجوش اسطوخودوس کشنیز خشک ہر ایک نیم جز صندل سفید انیسون ہر ایک
چوتھائی جز سب کو دس گنے پانی مین جوش کرین جو تھائی رہ جانے پر خوب صاف کرین اسیقدر شکر اور چوتھائی عرق لیمو اضافہ کرکے قوام بنائین
یہ عجائب تجارب سے برائے اصلاح سائر امراض حواس سے ہے شربت اسطوخودوس تالیف صاحب اقتباس منضج مواد بلغمی دماغی
ہے ترکیب اسطوخودوس پندرہ درم عود صلیب بادیان بسفائج پرسیاوشان اصل السوس بیخ کرفس گل بابونہ انیسون تخم کشوث افتیمون
در صرہ بستہ مرزنجوش برگ گاؤزبان تخم قرطم ہر ایک پانچدرم گل بنفشہ ایرسا ملکو ہر ایک سات درم کشمش منقی ہر ایک پانچ تولہ انجیر زرد پچاس عدد
عناب کلان دو سو عدد سپستان چار سو عدد کوٹنے والی چیزین کوٹ کے تالاکے پانی مین رات کو بھگو دین صبحکو جوش اور صاف کرکے سہ چند قند سفید
شہد مین قوام کرین خوراک چار تولہ سے آٹھ تولہ تک شربت اصول علویخان وہی نفع رکھتا ہے ترکیب پوست بیخ بادیان پوست بیخ کاسنی بیخ اذخر
بیخ کرفس اصل السوس مقشر ہر ایک پانچدرم عود صلیب انیسون ملکو ہر ایک دو مثقال شہد سہ چند ادویہ بدستور معمول بنالین ایک اوقیہ سے دو اوقیہ تک دین
شربت افتیمون نافع مالیخولیا و خفقان و مستعمل ہمراہ ماء الجبن نیز موافق امزجہ حارہ ترکیب افتیمون تین تولہ گلسرخ بنفشہ گل گاؤزبان گل نیلوفر تخم بادرنجبویہ تخم فرنجمشک
تخم کاسنی تخم خیارین ہر ایک ایکتولہ آلوے بخارا پچیس عدد قند سہ چند اگر آلو بخارا نہ ہو اُسکے بدلے چار تولہ تمر ہندی ڈالدین ایضاً منافع مذکورہ کے لیے ترکیب
گاؤزبان گل گاؤزبان ہر ایک دو درم بادرنجبویہ تخم معصفر بسفائج گل نسرین ہر ایک تین درم درونج تخم فرنجمشک ہر ایک دو درم افتیمون در صرہ بستہ دو تولہ
گلقند سہ چند ادویہ عرق شاہترہ مین بھگو کے بدستور شربت بنائین شربت نافع مالیخولیا مسہل بے زحمت بتدریج اگر صاحب مالیخولیا کو بیخوابی بہت ہو سکنجبین
افتیموتی کے بجائے یہی شربت ماء الجبن کے ہمراہ استعمال کرائین ترکیب مغز خسک دانہ گل بنفشہ گاؤزبان گل گاؤزبان گل سرخ گل نسرین بادرنجبویہ افتیمون
سنا مکی مویز منقی ہر ایک چار درم اصل السوس ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی تربد موصوف ہر ایک تین درم فرنجمشک دو درم شیر خشت دس درم قند سہ چند اور اگر
صفراویت و حرارت زیادہ ہو گل نیلوفر چار درم تخم کاسنی تین درم بڑھا دین اگر مالیخولیا کا سبب احتراق خون ہو شاہترہ چار درم عناب بیس دانہ بڑھا دین
اگر بلغمیت زیادہ ہو انجیر زرد سات عدد بادیان دو درم نسخہ شربت مین بڑھائین شربت بنانے کے بعد غاریقون سفید باریک پیس کے شربت
مین ملادین اور اس شربت کو بعد استعمال ماء الجبن ہمراہ عرق ہلیلہ دینا بہت ہی مفید ہوتا ہے شربت نافع امراض سوداوی و علل دماغی و معدی اہل
پاکیزہ طبعان و خوش مزاجان معمولی سے ترکیب گل بنفشہ سات مثقال گاؤزبان بادرنجبویہ اسطوخودوس تخم بادروج بادیان گل گاؤزبان
تخم کشوث ہر ایک تین مثقال گلسرخ سنا مکی ہر ایک دو مثقال کشمش چار تولہ سپستان عناب ہر ایک تین مثقال افتیمون صرہ بستہ چار مثقال
غاریقون تربد سفید موصوف شیرہ مغز تخم قرطم ہر ایک پانچ مثقال مصطگی بالچھڑ ہر ایک ایک مثقال آلو بخارا بیس عدد قند سفید سو مثقال ترنجبین شیر خشت
ہر ایک پچاس مثقال دوائین حسب دستور رات کو پانی مین بھگو کے صبحکو جوش دین جو تھائی رہجائے تو شکر و ترنجبین و شیر خشت ملاکے قوام کرلین خوراک پانچ
مثقال سے دس مثقال تک شربت سودا تالیف حکیم علی برائے اخراج سوداء سوداوی و سوداء صفراوی و سوداء دموی اور مطبوخ افتیمون سے بہتر و بے اذیت ہے
ترکیب تمر ہندی آلوے بخارا ہر ایک پانچ مثقال افتیمون سنا مکی ہر ایک چار مثقال بنفشہ شاہترہ ہر ایک تین مثقال شیر خشت و خمیرہ بنفشہ

ہر ایک پندرہ مثقال بادل سنا و بنفشہ و شاہترہ کو جوش دیں دوسری دوائیں ڈالدیں اور صاف کر کے پئیں اگر بعد نضج مادہ سوداہیں بہتر ہوگا اگر
تیز خشت نہ ہو اسکا بدل نالوس خیار شنبر دس مثقال داخل کر دیں شربت مسہل جو شخص مسہل نہ پی سکتا ہو اخراج مواد سوداوی و بلغمی کرتا ہے اور خفقان
مع درد و مالیخولیا و صرع وغیرہ میں اور سامراض دماغی کیواسطے مجرب ہے ترکیب بادیان پرسیاوشان گاؤزبان بادرنجبویہ انیسون ہر ایک اکتیس گلسرخ
ہلیلہ کابلی ہر ایک چھ ماشہ بنفشہ عنب الثعلب تربد سفید ہر ایک دو تولہ عود صلیب غاریقون نرم سفید ہر ایک چھ ماشہ سنا مکی تین تولہ مویز منقی
تیس درم کشمش چار تولہ اسطوخودوس بسفایج فستقی پوست ہلیلہ کابلی تخم کرفس تخم کشوث ہلیلہ سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ کوٹنے والی دوائیں کوٹ کے
راتکو اسقدر پانی میں بھگوئیں کہ پانی چار انگل دواؤنکے اوپر ہو صبح جوش اور صاف کر کے ترنجبین و نبات و گلقند ہر ایک ایکپاؤ میں قوام کر لیں خوراک
چار دام سے آدھ پاؤ تک بعد نضج مواد کے استعمال کریں اگر پیتے وقت رقیق کرنیکی ضرورت ہو عرق مناسب ممزوج کر کے پی لیں شربت گاؤزبان
نافع مالیخولیا و وسواس و مرہ سوداو خفقان ترکیب گاؤزبان تیس درم گل گاؤزبان گلسرخ گل نیلوفر نسرین ہر ایک پندرہ درم افتیمون بادرنجبویہ
اسطوخودوس ہر ایک دس درم تخم فرنجمشک ساذج ہندی ہر ایک دو درم قند سہ چند گلاب میں قوام کریں شربت افسنتین صغیر نافع مالیخولیائے
مراقی و برائے ضعف معدہ بارد و سوء القنیہ بھی مجرب ہے ترکیب بالچھڑ دو درم تربد سفید غاریقون ہر ایک چار درم افسنتین دس درم گلسرخ بیس درم
سب کو چار رطل پانی میں بھگو دیں صبحکو جوش کریں تہائی رہ جائے تو صاف کر کے اسکو بیس دام قند میں قوام کریں شربت اسطوخودوس منضج
مواد دماغی بلغمی و مفتح سدہ بلغمی دماغی و نافع صرع ترکیب اسطوخودوس دس درم بسفایج گاؤزبان پرسیاوشان بادرنجبویہ عود صلیب اصل السوس
ہر ایک پانچدرم زوفائے خشک ابرسا بالچھڑ انیسون بادیان ہر ایک تین درم مویز منقی آٹھ درم انجیر زرد سات عدد عسل و قند بالمناصفہ سہ چند
ہو بعد خوراک سات مثقال تک شربت اسقیل تالیف علویخان امراض بارد و رطب دماغ میں کام آتا ہے ترکیب حب بلسان حرمل ابرسا
جنطیانا پوست بیخ بادآورد بالچھڑ قنطوریون دقیق حب عتر شونیز دج ترکی عود صلیب فوہ الصباغین ہر ایک دو مثقال بنکوفتہ اکسیر سرکہ عنصل اور
ڈھائی سیر آب شیریں میں بھگو دیں صبحکو جوش کریں آدھا رہ جائے تو صاف کر کے مویز منقی بیس مثقال داخل کر کے پھر جوش دیں تاکہ گل جاویں
مل کے اور صاف کر کے عسل و نبیذ زبیب جلنیت سکبینج جاوشیر لبان ذکر مصطگی حل کر کے اور صاف کر کے شہد ایک من اضافہ کر کے قوام شربت
کریں خوراک ایک اوقیہ ہمراہ عرق بادرنجبویہ شربت عسل امراض بارد و عصبہ دماغی میں بعد صحت برائے تعدیل مزاج و تقویت مستعمل ہے ترکیب
عسل مصفی ایک رطل چھ رطل آب باران میں پکائیں کف اسکا نکالتے جائیں اور لونگ خولنجان عود مصطگی دارچینی دانہ الائچی خرد و کلاں کبابہ جوزبوا
ساذج ہر ایک دو درم فلفل سیاہ ایکدرم نیکوفتہ در صرہ بستہ جوش ہوتے وقت ڈالدیں پوٹلی کو بار بار ملتے رہیں قوام ہوجائے تو اتار کے رکھ چھوڑیں
شربت اسطوخودوس مجرب برائے کری و صمم و مفتح سدد دماغ ترکیب بسفایج بالنگو گاؤزبان ہر ایک پانچدرم اسطوخودوس دس درم سب کو بارہ
رطل پانی میں جوش دیں نصف رہ جائے تو صاف کر کے ایک رطل شکر طبرزد اضافہ کر کے شربت بنائیں شربت بنفشہ زکام نزلہ حار وغیرہ امراض
حارہ میں معمول ہے ترکیب گل بنفشہ خشک ساڑھے سات مثقال پانی میں بھگو دیں اور ایک سیر شکر میں جوش کر کے قوام کر لیں اگر گل بنفشہ

تازہ ہو پاؤ بھر لین یہی طریقہ شربت نیلوفر کے بنانیکا بھی ہے **شربت خشخاش** نافع نزلہ حار کہ با حرارت و قبض ہو و مفید سرفہ گرم و معمول ہے
ترکیب کوکنار مع تخم سو عدد و صمغ عربی بہدانہ مغز تخم کدو و مغز تخم خیارین تخم خطمی ہر ایک پانچ مثقال شیر خشت تیس مثقال کوکنار کو ادھ کچرا
کر کے مع تخم خطمی و صمغ پانی مین بھگو دین بعدہ ہلکی آنچ پر جوش دین جب نصف رہ جاے صاف کر کے تینتیس ۳۳ درم قند مین قوام کر لین اور وقت
قوام شیر خشت محلول و مغز تخم کدو و خیارین کا شیرہ نکال کے چھان کے ملا دین یہانتک کہ شربت کا قوام ہو جاے **شربت نزلہ** براے نزلہ حار و
دفع قبض مین بے عدیل ہے **ترکیب** انجیر زرد تیس دانہ عناب بیس دانہ سپستان پچاس دانہ پرسیاوشان تیس درم حب الآس کتیرا ہر ایک
پانچدرم تخم خطمی سات درم اصل السوس تخم خشخاش سفید ہر ایک دس درم جو مقشر پندرہ درم بنفشہ مربی بیس درم ترنجبین ڈیڑھ پاؤ شربت
بنائین **شربت گولر** دافع نزلہ حار و سرفہ و ضیق النفس جو نزلہ حار سے ہو **ترکیب** گولر خام اکسیر پاؤ بالا چار ٹکڑے کر کے سپستان تخم بالنگو
بنفشہ اصل السوس مقشر شگوفہ ہر ایک ایک چھٹانک عناب ولایتی ایک پاؤ رات بھر کل دوائین بھگو کے صبح کو جوش دین مل اور صاف کر کے
شکر سفید ڈال کے قوام کرین خوراک دو تولہ پانی مین حل کر کے پرہیز ترشی و بادی و روغن تلخ و حجرات و شیرہ سے واجب ہے **شربت توت**
نافع درد گلو و خناق **ترکیب** آب توت سیاہ دو رطل جوش کرین نصف رہ جاے تو تین رطل شکر سفید مین قوام کرین **شربت زوفا مجرب**
براے ضیق النفس و سرفہ و دیگر امراض صدر بلغمی و ملطف مادہ غلیظ **ترکیب** بادیان تخم کرفس ہر ایک پانچدرم زوفاے خشک سات درم
انجیر عناب سپستان ہر ایک بیس عدد مویز منقی تیس درم حلبہ چار درم تخم خطمی اصل السوس ایرسا فراسیون ہر ایک تین درم پرسیاوشان سات
درم قند سفید دو رطل گلقند ایک رطل بدستور متعارف شربت بنائین خوراک دس درم سے پندرہ درم تک اور حرارت مزاج کی حالت مین کم کرنا چاہیے
یہی شربت بعض ادویہ سے قوی الحرارت کیا جا سکتا ہے مثل گل نیلوفر و تخم خشخاش و بدل گلقند ترنجبین یا خمیرہ بنفشہ کر لین **شربت فراسیون**
ضیق و سعال مین معمول ہے جسکا سبب بلغم غلیظ ہوتا ہے **ترکیب** فراسیون چالیس درم اصل السوس زوفاے خشک پودینہ نہری پرسیاوشان ہر ایک
دس درم مغز بادام مغز چلغوزہ حلبہ بادیان انیسون ہر ایک پانچدرم مصطگی دارچینی زنجبیل ہر ایک دس درم مویز منقی تیس درم عناب سپستان ہر ایک
سو دانہ انجیر سفید بیس عدد حلبہ بیس رطل پانی مین بھگو دین پھر ہلکی آگ پر پکائین جب نصف باقی رہے صاف کر کے پانچ رطل قند سفید مین قوام
کرین خوراک ایک اوقیہ سے دو اوقیہ تک **شربت عنصل** براے ضیق النفس مجربات میر علی بخش سے کہ مکرر سہ کرر دی جا چکی ہے اور خطا نہین
کی **ترکیب** گرہ عنصل کلان کی جسکا وزن ایک پاؤ یا زیادہ ہو انیسون دو تولہ مویز منقی چالیس دانہ انجیر ولایتی سات تولہ شہد خالص آدھ سیر
پوست بالاے عنصل دور کر کے مانند پیاز کے تراشین باقی دواؤن کو کوٹ کے باہم ملائین تمام رات پانی مین بھگوئین صبح کو چولھے پر چڑھا دین
جب اچھی طرح جوش آجاے نیچے اتار کے کفچہ یا ہاتھ سے خوب مل کے کپڑے سے چھان لین شہد ملا کر پھر آگ پر قوام شربت بنائین اور ناشتا
ایکتولہ مع نفیع معمول کے پی لین قے سے نہ ڈرین **شربت تنباکو** براے ضیق النفس **ترکیب** شیرہ برگ تنباکو سبز قند سفید مساوی شربت
بنائین اور صاف کر کے رکھ چھوڑین ایکدام سے دو دام تک اور کم قوت کو کمدین قے و اسہال لاتی ہے اور ضیق کو پانچ روز مین فائدہ

کلی دیتی ہے شربت سعال مولف کے عمل مین ہے اور بغایت مفید ہے ترکیب گل بنفشہ گل نیلوفر اصل السوس تخم خشخاش ہر ایک تین تولہ عناب گیارہ عدد تخم خبازی گاؤزبان ہر ایک دو تولہ کنار بارہ عدد تخم کتان تخم ریحان تخم حلبہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ سپستان بہدانہ اسبغول ہر ایک ایک تولہ عسل و نبات برابر سہ چند ادویہ شربت بنائین خوراک تین تولہ ہمراہ عرق بادیان کے پلائین شربت چار تخم مفید سرفہ و ربو و منقی سینہ بلغم ہے ترکیب تخم بادیان تخم حلبہ تخم کتان تخم حرف اصل السوس ہر ایک چار تولہ سپستان تیس عدد زوفا تین درم انجیر زرد دس عدد مویز منقی تیس عدد قند سہ چند بدستور شربت بنائین شربت فریادرس برائے نزلہ حار و سل و سرفہ رطب و یابس و وبائی و حمیات کہنہ مجرب ہے ترکیب گاؤزبان صندل سفید پرسیاوشان عود صلیب ہر ایک دو تولہ اصل السوس مقشر کوفتہ بادیان تخم خطمی گلسرخ ہر ایک ایک تولہ مویز منقی پچیس عدد تخم خشخاش پوست خشخاش پچیس عدد قند سفید ایک سیر سب کو ایک سیر پانی مین بھگو دین صبحکو جوش دیکے اور صاف کرکے بدستور شربت بنائین اور مفتاح مین عود صلیب و بادیان مطروح ہے دوسرے نسخہ مین اُسکے عوض گل سیوتی ہے شربت اعجاز برائے اقسام سرفہ خشک و تر نافع اور برائے تپ حار و دق مفید ہے ترکیب عناب ولائتی بیس دانہ سپستان کلان ساٹھ دانہ اصل السوس مقشر تخم خطمی تخم خبازی گل نیلوفر گل بنفشہ ہر ایک سات درم بہدانہ پانچ درم کتیرا صمغ عربی ہر ایک تین درم برگ اروسہ ایک رطل قند سفید دو رطل سوائے صمغ و کتیرا کے سب کو جوش دین اور بطریق معمول قند مین قوام کرین اور بعدہ کتیرا و صمغ کوفتہ بیختہ داخل کرین شربت خشخاش معمول و مجرب ہے برائے سعال خشک و سل و منع نوازل و سرفہ کہ راتکو نیند نہین آنے دیتی ترکیب تخم کاہو بزر البنج ہر ایک تیس درم خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک سو درم اصل السوس بارہ درم پانچ سو درم پانی مین جوش دین چھان کے لعاب اسبغول پچاس درم ترنجبین و نبات سفید سو درم ملا کے پکالین کہ گاڑھا ہو جائے نوعدیگر برائے سرفہ نزلی معمول حکیم عطا اشرف ترکیب پوست خشخاش مع تخم پندرہ عدد اصل السوس مقشر دو تولہ کوٹ کے شب کو بھگو دین صبح جوش اور صاف کرکے شکر سفید آدھ پاؤ ڈال کے قوام کرین پھر آگ سے اُتار کے کتیرا سات ماشہ صمغ عربی نو ماشہ نشاستہ ایک تولہ پیس کے ملا دین دن مین پانچ چھہ مرتبہ بقدر دو دو ماشہ کے چاٹین نوعدیگر نافع سعال گرم مع اسہال و نفث الدم ہوتا ہے ترکیب پوست خشخاش و تخم خشخاش بریان ہر ایک دس درم حب الآس نیم کوفتہ بیس درم اصل السوس مقشر سات درم برادہ صندل بیس درم حسب دستور بھگو اور صاف کرکے دو چند قند مین قوام کرین بعدہ صمغ عربی بریان چار درم پیس کے ملائین اور تخم خشخاش بریان کرکے اسکا خیرہ پکتے وقت ڈالدین شربت عناب سرفہ و درد سینہ کیواسطے اور ماشرا و غلبۂ خون کو مفید ہے ترکیب عناب ولائتی ایک رطل جوش دین اور دو رطل یا تین رطل قند مین قوام کرین شربت فواکہ ملین طبع مفید سرفہ ترکیب عناب مویز بیدانہ کشمش انجیر سپستان اصل السوس برابر قند سہ چند بدستور شربت بنائین شربت زوفا دافع سرفہ و زکام و منضج بلغم ترکیب عناب دس دانہ انجیر سات عدد سپستان پچیس عدد پوست خشخاش مع تخم گیارہ عدد بیخ بادیان پرسیاوشان بنفشہ گاؤزبان ہر ایک تین درم اصل السوس چار درم زوفا اسطوخودوس ابرسا ہر ایک دو درم قند سہ چند بدستور شربت بنائین نوعدیگر خط حکیم اقا خان سے منقول ہے برائے دفع سرفہ و ضیق النفس نو و کہنہ اور بسہولت بلغم سینہ سے نکالتی ہے مجرب ہے ترکیب انجیر زرد [illegible] دانہ

عناب سپستان ہر ایک پچاس دانہ بنفشہ تخم خطمی تخم خبازی فراسیون ہر ایک پانچ مثقال پرسیاوشان سات مثقال مویز منقی زوفا بیخ مہک ہر ایک
دس مثقال جڑون اور بیجون کو نیکوب کرکے راتکو پانی مین بھگو دین اور صبحکو جوش اور صاف کرکے بزرکتان بہدانہ تخم مرو ہر ایک تین مثقال علیحدہ
جوش کرکے لعاب ممزوج کرین شکر تری ایک سیر عالمگیری ملا کے قوام کرین خوراک تین مثقال سے پانچ مثقال تک ہمراہ عرقہاے مناسبہ بالعلماء
مزلقہ حسب حاجت کام مین لائین شربت نفث الدم حرارت کیساتھ ہوتی ہو اسکے لیے عدیم المثل ہو ترکیب ماء الفرع آب ہندوانہ گلاب
ہر ایک ایک رطل حب الآس نیم رطل ہلکی آنچ پر جوش کرین جب نصف باقی رہے صاف کرکے ایک رطل قند مین قوام کرین اور کہربا طباشیر
شادنج عدسی مغسول صمغ عربی دم الاخوین کات سفید مغسول ہر ایک پانچ درم اضافہ کرین خوراک دس درم ہمراہ شیرہ خرفہ شربت انجبار براے
تفرق اتصال سینہ و شش وحبس خون جمیع اعضاء سے ترکیب صندل سرخ و سفید سوہان کردہ حب الآس ہر ایک دو مثقال خرنوب شامی
پنجمثقال ریشہ انجبار سات مثقال پانی مین بھگو کے جوش کرین اور صاف کرکے ایک رطل شکر سفید مین قوام کرین اور دوسرے نسخہ مین اقاقیا دو مثقال
عوض حب الآس و خرنوب ہو اور وزن صندلین ہر ایک پانچ مثقال باقی بدستور شربت دافع خفقان اور سرفہ اور نفث الدم مین بہت فائدہ کرتا ہے
ترکیب گاؤزبان گل گاؤزبان برادہ صندل بیخ انجبار اصل السوس مقشر کشنیز خشک ہر ایک ایکتولہ حب الآس گلنار ہر ایک دو درم پوست
خشخاش مع تخم گیارہ عدد قند ڈیڑھ پاؤ بدستور شربت بنائین خوراک دو تولہ صمغ عربی بریان و کتیرا اقاقیا و دم الاخوین ہر ایک نیم درم ممزوج کرین
شربت شفا نافع براے ذات الجنب ترکیب عناب سپستان گل نیلوفر مساوی دہ چند پانی مین جوش کرین جسوقت تہائی رہ جاے مل اور صاف
کرکے ترنجبین و شکر سفید موافق ضرورت ڈال کے کف گرفتہ دوسری مرتبہ پھر جوش کرین تاکہ شربت کا قوام بن جاے خوراک مقدار دس درم شربت
بنفشہ مرکب نافع براے سعال و شوصہ کتاب حکیم علویخان صاحب سے ترکیب بنفشہ تازہ ایک رطل بہدانہ دس درم تخم خیار نیکوفتہ کتیرا تخم خطمی
ہر ایک دس درم پانچ رطل پانی مین راتکو بھگا دین صبحکو جوش دین جب تہائی رہ جاے مل اور چھان کے دو سو درم قند سفید ڈال کے جوش کرین یہانتک
کہ قوام شربت بن جاے خوراک ایک اوقیہ اور بعضے نسخون مین عوض تخم خیار تخم خشخاش سفید ہے اور قادری مین دونون کو ترک کردیا ہے اور بجاے
کتیرہ کے صمغ عربی ہے شربت حلبہ درد مزمن سینہ و نفث المدۃ و قرحہ صدر کیواسطے نافع ہے ترکیب مویز منقی تمر ہندی ہر ایک دس درم حلبہ
بیس درم انجیر پندرہ دانہ شہد دو چند بطریق معمول شربت بنائین شربت سیب مقوی قلب و معدہ و مفرح و حابس قے و اسہال ہو ترکیب سیب کے
ٹکڑے کرکے بیج نکال ڈالین اور پتھر کے ہاون مین کوٹین اُس سے دو سیر عرق نکالین جوش دین ایک سیر رہ جاے پر قند سفید ایک سیر ملا کے قوام کرلین
اور یہی ترکیب شربت انار وبہی کے بنانے کی بھی ہے شربت سیب لیموی تالیف علویخان نافع خفقان حار ترکیب آب سیب شیرین آدھ سیر آب لیمون
کاغذی ایکپاؤ عرق بید مشک آدھ پاؤ قند سفید ایک سیر قوام بنا کے کافور تین ماشہ گھس کے ملائین شربت فالسہ معمول دافع خفقان حار مقوی معدہ
و جگر دافع قے و انصباب صفرا بمعدہ و نافع خمار مسکن حرارت مزاج و حمی صفراوی و فساد خون قائم مقام شربت انار ترش و خوش ذائقہ ہوتا ہی کھانے
کے ساتھ بھی کھایا جاسکتا ہی ترکیب فالسہ شیرین سیاہ رنگ کو گلاب اور پانی مین مل اور چھان کے دو چند قند مین قوام کرین شربت زنگترہ

مقوی قلب و مصفی خون مزیل خمار و بسیار خوش ذائقہ و معمول ہی ترکیب رنگترہ شیرین چھلکا اور پھانکون سے بیج نکال کے ملین چھان کے جب
عرق لے لیں اور اسکے برابر قند ملا کے قوام کرین آخر مین گلاب ملا دین شربت صندل مقوی دل و نافع خفقان گرم و معدہ و جگر حار و مسکن تشنگی
و دافع بض شکم ہے ترکیب برادہ صندل سفید یا جوکوب بیس مثقال ایک رطل گلاب مین بھگودین دو روز تک پھر گلاب کو نکال کے صندل مذکور پانی
مین جوش کرین تاکہ صندل کی قوت اسمین آ جاے اور مناسب پانی باقی رہے پھر اس باقی کو چھان کے گلاب مصفی مین ملائین اور قند سفید دو رطل
یا کم مین بحسب موافقت ذائقہ داخل کر کے قوام کر دین اور کتاب تحفہ مین وزن گلاب تین رطل شکر ایک رطل ہی نوع دیگر بمنافع مذکور بہت فوائد رکھتا ہی
دفع اسہال کرتا ہی اور معمول حکیم بقا خان ہے ترکیب طباشیر المکتولہ برادہ صندل سفید پانچتولہ آب سیب سولہ دام گلاب آدھ سیر مصری ایک سیر
قوام شربت یا خمیرہ بنائین شربت صندل ترش ضعف قلب و خفقان حار مین کام آتا ہے ترکیب کشنیز خشک کوفتہ پانچدرم صندل سفید
کوفتہ تیس درم آب غورہ ایکسو درم و سرکہ خالص پندرہ درم آب خالص ایک سیر مین شبانہ روز بھگودین جوش کر کے تہائی رہ جانے پر مل اور چھان کے
قند سفید ایک سیر داخل کرین و زعفران نیم درم پوٹلی باندھ کے ڈالدین اور پکائین کف نکالتے جائین اور قوام بنائین زعفران کی پوٹلی کو چند مرتبہ مل مل کے
نکال کے ملا ڈالین پھر کافور نیم مثقال و طباشیر و صندل سفید سودہ بگلاب ہر ایک دو درم جبکہ نیم گرم ہو ملا دین خوراک پانچدرم ہمراہ شربت سیب
یا شیرہ خرفہ شربت عناب نسخہ حکیم علویخان نافع برای جمیع امراض دموی خصوصاً خفقان و امراض قلبی دموی و صداع بمشارکت امراض قلب
ترکیب عناب دانہ برآوردہ تیس عدد گل بنفشہ گل نیلوفر گل گاوزبان گل سرخ ہر ایک دو مثقال گلاب و بید مشک ہر ایک چھ رطل مین جوش
دین نصف رہ جاے تو اتار لین اور ادویہ مذکورہ کو عرق مذکور مین ملا کے دوبارہ جوش دین جب تین رطل رہ جاے اتار لین اور قند سفید و
ترنجبین مصفی و شیرخشت ہر ایک ایک رطل ملا کے جوش دے کے سرد کر لین پھر دیگ مین ڈال کے قوام بنائین خوراک دو اوقیہ تک شربت
نافع خفقان حار و مقوی قلب ترکیب گاؤزبان گلسرخ برادہ صندل گل نیلوفر ہر ایک ڈیڑھ تولہ قند ایک پاؤ مین قوام بنائین اور آخر
قوام مین ایکدرم طباشیر پیس کے بڑھا دین خوراک دو تولہ کبھی گل گاوزبان گل نسرین کشنیز خشک ابریشم مقرض بہمنین عناب زیادہ کر دیتے
ہین شربت نافع خفقان معمولی سے ترکیب گاوزبان گل گاوزبان گل نسرین ابریشم مقرض برادہ صندل کشنیز خشک ہر ایک تین درم
گلسرخ سازج بہمنین ہر ایک دو درم قند سہ چند شربت انناس مقوی و مفرح قلب ہی ترکیب آب انناس ایکجزو قند سفید نیم جزو
گلاب بید مشک ہر ایک آٹھواں جزو مشک قدرے بدستور تیار کرین اگر کھانسی نہ ہو آب لیمون کہ اس سے ترشی آتی ہے ملا دین شربت
گاؤزبان مقوی دل و دماغ مزیل غشی و خفقان قوی و مجرب بمرات ہے ترکیب گاؤزبان بیس مثقال گل گاوزبان دس مثقال بادرنجبویہ پانچ مثقال
برادہ صندل سفید گلسرخ سنبل الطیب اشنہ بالنگو ہر ایک تین مثقال سب کو دو رطل پانی یا گلاب مین بھگودین بعدہ جوش دین ایک رطل یا
نصف رطل رہ جاے تو مل کے چھان لین اور ایک رطل قند سفید مین قوام کرین آخر قوام مین ایکدرم زعفران نصف درم مشک و
دو دانگ کافور پیس کے ملا دین خوراک پانچدرم ہمراہ گلاب و عرق بید مشک اگر بید مشک نہ ہو اسکا بدل عرق کیوڑہ کرین شربت گاؤزبان عنبری

برائے تقویت اعضائے رئیسہ مجرب ہے ترکیب برگ گاؤزبان پانچتولہ گل گاؤزبان ڈھائی تولہ بادرنجبویہ ایک تولہ پاؤ بالاصندل سفید سودہ گلاب تخم خرفہ خشک
ہر ایک نو ماشہ کشنیز خشک ایکتولہ تخم بادرنجبویہ نو ماشہ زرشک ایکتولہ رات کو گلاب و عرق بید مشک ہر ایک ایکپاؤ میں بھگو دیں صبحکو جوش دیں نصف رہ جائے تو چھان کر قند سفید
آدھ سیر ملا کے قوام بنائیں بعدہ ورق نقرہ چھ ماشہ ورق طلا عنبر اشہب ہر ایک تین ماشہ مشک ایکماشہ داخل کریں شربت ابریشم برائے خفقان و توحش سوداوی میں منفعت عظیم
رکھتا ہے اور تقویت قلب و دماغ کیلئے بے نظیر ہے ترکیب ابریشم زرد خام دس تولہ ایک شبانہ روز میں دس بار لوہے سے بجھائے ہوئے پانی میں بھگو دیں پھر جوش کریں ایک سیر رہجائے
تو چھان کر گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک ایک مثقال تھوڑے سے پانی میں جوش کریں اور صاف کرکے اسمیں آمیز کردیں نبات سفید تیس مثقال عسل خالص تیس مثقال داخل کرکے قوام بنائیں
اور جوٹ لگائیں کہ سفید ہو جائے گلاب چوتھائی بوتل خورد ابریشم مقرض تین مثقال گل گاؤزبان دو مثقال تخم خرفہ خشک مروارید ہر ایک ایک مثقال کہربا شب صندل سفید
بسد عود مصطگی مشک عنبر اشہب ہر ایک نیم مثقال داخل کریں کبھی اسکا خمیرہ بنالیتے ہیں شربت انفراح جسکا نام شراب الصالحین ہے معمول ہے برائے دفع خفقان حار و
بارد و رفع مادہ ابخرہ معدہ و مراق و رحم و ازالۂ توحش و جنون کرتا ہے رنگ چہرہ کا گلگون کرتا ہے اور مقوی و مشہی ہے ترکیب گل گڑھل ایکسو
بسری دور کرکے آب لیموئے کاغذی ایک پاؤ میں ملا کے چینی کے پیالہ میں تمام شب اوس میں رکھیں اور صبحکو شربت کہ ایک سیر مصری کو دو سیر آب باران
میں بنایا ہو ملادیں اور ایک شیشہ ضخیم کہ نصف یا تہائی حصہ اسکا خالی رہے رکھ کے اسکا منہ مضبوط باندھ دیں اور پانی سے بھرے ہوئے برتن میں رکھ کے
کسی محفوظ مقام پر رکھ دیں بعد تین چار دن کے ابلیگا اور گھٹ جائیگا چھان کے رکھ چھوڑیں اور دو دام سے چھ دام تک کام میں لائیں اگر آب لیمون ایک سیر سے
زیادہ ملا دیں تو مشوش ہو جائیگا اور خمار شکنی کریگا اور اگر تخدیر و سکر منظور ہو بیخ تفاح تین چار ماشہ پھولوں اور شربت کیساتھ شیشہ میں بڑھا دیں
اور امزجہ حارہ کے لیے اگر تقویت جگر منظور ہو بجائے آب باران کے آب انار ڈالیں اور برائے تقویت قلب ہمراہ آب باران گلاب و بید مشک بڑھا دیں
شربت یاقوت علوی خان تقویت قلب میں معمول ہے ترکیب آب انار شیرین آب بہ آب امرود آب سیب شیرین ہر ایک دو اوقیہ قند سفید
ڈیڑھ من طبی گلاب میں قوام کرکے اتار لیں مروارید ناسفتہ کہربا لعل ہر ایک تین ماشہ یاقوت رمانی نو ماشہ صلایہ کیا ہوا ورق طلا دو ماشہ عنبر تین ماشہ
کافور ایک ماشہ حل کریں شربت زہر القطن خفقان بلغمی کے واسطے نافع ہے ترکیب گل پنبہ تازہ آدھ سیر آب باران دہ سیر میں شبانہ روز بھگو دیں
پھر ہلکی آگ پر جوش کریں تہائی باقی رہے تو مل کے چھان لیں ایک سیر قند میں قوام کرکے اتار لیں اور زعفران نیم مثقال کھرل کرکے اضافہ کریں
اور بیس درم ہمراہ گلاب و عرق گاؤزبان پئیں شربت افسنتین معدہ کو اخلاط فاسدہ سے پاک کرتا ہے ترکیب افسنتین رومی پانچدرم گلسرخ
بیس درم تربد سفید مجوف دو درم دو سیر پانی میں جوش کریں تہائی رہ جائے تو اتار لیں قند ایکسیر ملا کے قوام بنائیں اور دوسرے نسخہ میں ہمراہ سفوف
لولوی مستعمل ہوتا ہے وزن گلسرخ پندرہ درم ہے سنبل الطیب دس درم زیادہ ہے شربت عود مقوی معدہ و مطیب بوئے دہان و مقوی ہاضمہ ہے
ترکیب عود ہندی آملہ مقشر ہر ایک دس درم بالچھڑ لونگ مصطگی جوز بوا ہر ایک دو درم سبکو تھیلی میں باندھ کے تین چھٹانک گلاب میں جوش دیں
پوٹلی کو خوب ملیں اور ایک سیر قند میں قوام بنائیں اور وہ گلاب اوپر سے چھوڑ دیں پھر جوش دیں تاکہ قوام ہو جائے آگ سے اتار کے نیم درم مشک
خالص حل کرکے ملا دیں شربت زرشک مقوی معدہ و جگر ہے ترکیب تخم کاسنی گل سرخ ہر ایک دو درم عود مصطگی بالچھڑ دارچینی ہیل بوا

نیلوفر صندل سفید سودہ بگلاب ہر ایک ایکدرم زرشک چار درم گلاب مین بھگو کے جوش دین صاف کر کے قند و شربت انار شیرین بالمناصفہ ہر جنبہ
ادویہ مین شربت بنائین خوراک دو تولہ ہمراہ گلاب و عرق کاسنی و عرق کادی شربت انار ترش منعنع مجرب ہی تسکین قے و اسہال صفراوی مین و
غثیان مین و مشہی طعام و مفتح سدہ ہے ترکیب آب انار ترش ایک رطل قند سفید ڈیڑھ رطل آب نعناع معصور نیم رطل باہم ملا کے بدستور شربت تیار کرین
شربت سفرجل رمانی نافع ہیضہ و غثیان و قے صفراوی و مقوی قلب و مسکن عطش و گرمی جگر و اسہال ہی ترکیب آب بہ شیرین آب انار ترش و شیرین
ہر ایک ایک رطل پوست بیرون پستہ پوست ترنج حب الآس زرشک بہدانہ مصطگی گلسرخ عود غرقی دانہ قاقلہ تین ہر ایک ایک مثقال بالجملہ نیم مثقال
کوٹ پیس کے پوٹلی باندھ کے جوش کرین پوٹلی کو ملتے رہین اور ایک رطل قند سفید مین قوام بنائین شربت انار منعنع برائے قے و تہوع و غثیان
و تقطیع اخلاط لزجہ و تسکین حرارت کبد و رفع تشنگی و تقویت معدہ و اعادہ ہضم و اشتہا معمول ہی ترکیب آب انار ین آب لیمون ہر ایک
پندرہ مثقال قند سفید ایک رطل گلاب نیم رطل باہم مخلوط کر کے قوام بنائین اور آخر قوام مین آب برگ نعناع سبز بقدر دس مثقال داخل کرین
اگر مزہ چاہین عرق نعناع اضافہ کرین آب و عرق نعناع نہ ملائین تو شربت انارین ہو جاتا ہی اگر شربت انار ترش چاہین آب انار شیرین یا ضم نہ کرین
اگر شیرین چاہین ترش نہ ملائین شربت نعناع اشتہا پیدا کرتا ہے منع تقلب معدہ کرتا ہے ترکیب انار ترش معہ پوست کوٹ ڈالین اور نچوڑلین
ایکجز و عرق پودینہ سبز نیم جزو باہم ملا دین اور دونون کا ڈیوڑھا وزن شکر سفید ڈال کے قوام کرین خوراک ایک چمچہ شربت انیسون مسکن فواق خصوصا
جبکہ اسکا سبب طعام غلیظ و برد معدہ و باد غلیظ ہو ترکیب زیرہ سیاہ انیسون پودینہ کندر ہر ایک دس درم ایکسیر پانی مین جوش کرین نصف
رہ جائے تو ہمراہ قند و عسل ہر ایک نصف رطل قوام بنائین اور دو تین تولہ پئین اگر سبب فواق برد معدہ ہو تو راسن و انیسون و تخم کرفس کا
اسی طریقہ سے شربت بنا کے استعمال کرین شربت ابنر باربیس تالیف علویخان سوء مزاج حار کیلئے معدہ و قلب کیواسطے نافع ہی کھانیکی بھوک لاتا ہی
اور اعادۂ شہوت طعام زائلہ جو حرارت کبد سے ہو یا انہین کو امراض حارہ سے ہو کرتا ہی کہ بقیہ حرارت سازجہ سے اُن کے مزاج مین ہوتی ہی نہایت
سودمند ہے ترکیب زرشک منقی پندرہ مثقال آملہ منقی بیس مثقال رات بھر چھتیس مثقال پانی اور چھبیس مثقال گلاب مین بھگو کر صبح کو جوش کرین جب
نصف رہ جائے صاف کر کے آب ترنج بیس مثقال آب بہ شیرین آب سیب شیرین آب انار ترش آب سیب ترش آب انگور از ہر یک پندرہ مثقال
مروارید محلول آب ترنج دو مثقال قند سفید چھتیس مثقال داخل کر کے قوام کرین خوراک دو اوقیہ شربت افسنتین برائے ضعف جگر و معدہ کہ باقبض
طبیعت و حرارت مزاج سے ہو بہت نافع ہے ترکیب افسنتین دو مثقال گلسرخ چار مثقال تمر ہندی دس مثقال ترنجبین تیس مثقال
دوائین جوش دیکر چھان کے ترنجبین اُن مین حل کر کے صاف کرین اور کسیقدر پکا کے پئین مجھے ایک خوراک ہی شربت ہندبا برائے ضعف جگر
مجرب حکیم منصور علی ہی ترکیب پوست بیخ کاسنی پوست بیخ بادیان ہر ایک نو تولہ تخم کاسنی تمر طرفا (یعنے مائین) گاؤزبان اصل السوس مقشر
تخم کشوث تخم خیارین تخم خطمی ہر ایک تین تولہ سنائی بادآورد ہر ایک ڈیڑھ تولہ لک چار درم زرشک دو تولہ صندل سفید غافث افسنتین
ہر ایک ڈھائی مثقال اسارون ایک مثقال کوٹنے والی دوائین کوٹ کے بہت گرم پانی مین ایک شبانہ روز بھگوئین بعدہ صاف کر کے

سرکہ خالص و گلقند ہر ایک ایک پاؤ آب لیموں چودہ مثقال اُسمیں ڈال کے نبات سفید ڈھائی سیر میں قوام کریں اور آگ سے نیچے اُتار کے ریوند چینی دو مثقال پیس کے اُسمیں ملادیں اور دو تولہ لیکے ہمراہ آب کاسنی مروق و آب برگ عنب الثعلب مروق ہر ایک پانچ تولہ و عرق کیوڑہ دو تولہ دیں اگر غلبہ صفراء ہو آب لیموں مطروح کریں اور بواسیر میں سرکہ بھی شربت کشوث مفتح سدد و ملین طبع و مقوی جگر و معدہ و مفید سوء القنیہ و حمیات مرکبہ ترکیب بیخ بادیان گلسرخ انیسون ہر ایک دو مثقال تخم کشوث تخم خیارین تخم خربزہ پوست بیخ کاسنی بادیان تخم کاسنی گل کشوث ہر ایک تین مثقال قند سفید یا شیر خشت نوے مثقال بطریق معمول شربت بنائیں اور دس درم تک ہمراہ شیرہ تخم کاسنی و تخم خربزہ و آب کاسنی وغیرہ میں پئیں شربت نافع سوء القنیہ ترکیب بیخ بادیان بیخ کاسنی ہر ایک چار درم بادیان تخم کاسنی تخم خیارین تخم خربزہ عنب الثعلب گل سرخ اصل السوس ہر ایک دو درم تخم کشوث ایکدرم لک مغسول تین درم زراوند چار درم مویز منقیٰ پانچدرم قند سفید نیم رطل بدستور معمول شربت بنائیں خوراک دو تولہ سے تین تولہ تک شربت اصول برائے سوء القنیہ و استسقا نہایت نافع و منضج اخلاط غلیظہ و مفتح سدہ و کاسر ریاح و مدر فضلات ہے ترکیب مویز منقیٰ چالیس درم پوست بیخ بادیان تخم کاسنی ہر ایک بیس درم پوست بیخ کبر پندرہ درم شکوفہ اذخر بالچھڑ اسارون سلیخہ ہر ایک دس درم سب کو رات کے وقت بھگو کے صبح کو ہلکے جوش دیکے چھانیں اور ایک سیر قند میں قوام کرلیں خوراک پندرہ درم سے بیس درم تک شربت بنیار ملین طبع ہے رافع حمیات و عفونت و مفتح سدد و نافع سوء القنیہ و استسقا و ذات الجنب و مسکن درد شکم و جگر و رحم و مثانہ و مدر بول ترکیب تخم کاسنی غنچہ گلسرخ ہر ایک بیس درم پوست بیخ کاسنی چالیس درم گل نیلوفر گاؤزبان ہر ایک دس درم تخم کشوث در صرہ بستہ تیس درم سب کو پانی میں اسقدر جوش کریں کہ گل جائے چھان کے ایک سیر قند سفید میں قوام بنالیں بعدہ آگ سے اتار کے ریوند چینی دس مثقال پیس کے خوب ملادیں تو بیحد نافع سوء القنیہ و استسقا میں مفید ہے برائے حار مزاج ترکیب راوند پانچدرم تخم کاسنی پندرہ درم بیخ کاسنی دس درم تخم خیارین عنب الثعلب گلسرخ لک مغسول ہر ایک دو درم قند نیم رطل بدستور شربت بنائیں شربت بزوری بارد برائے استسقا و سوء القنیہ حار میں معمول ہے و مسکن تشنگی و مفتح سدہ و مدر بول ہے ترکیب تخم کاسنی تخم خربزہ تخم خیارین ہر ایک پانچدرم پوست بیخ کاسنی دس درم سب کو نیمکوب کرکے چار سو مثقال پانی میں جوش دیں نصف رہنے پر صاف کرکے آٹھ سو مثقال قند سفید میں قوام کریں اسی میں ڈیڑھ پاؤ سرکہ ملادیں سکنجبین بزوری بارد ہوجائے شربت بزوری حار استسقا میں مستعمل ہے ترکیب پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس ہر ایک دو مثقال بادیان تخم کرفس انیسون ہر ایک پانچ مثقال ایک سیر پانی میں جوش دیں نصف رہ جائے تو ستر مثقال قند میں قوام کرلیں اگر اسی نسخہ میں سرکہ خالص بقدر مناسب ملادیں تو سکنجبین بزوری حار ہوجائے شربت بزوری معتدل امراض کبد و حمیات مرکبہ میں مستعمل ہے ترکیب بادیان تخم کاسنی تخم خیارین تخم خربزہ ہر ایک دو درم بیخ بادیان بیخ کاسنی ہر ایک چار درم قند سفید نیم رطل میں حسب دستور قوام کریں اگر اسی نسخہ میں تخم کشوث تخم کرفس انیسون بیخ کرفس ہر ایک ایکدرم بڑھادیں شربت بزوری حار ہوجاتی ہے شربت انبر باریس اختراع مرزا محمد باقر برائے امزجہ اطفال بخصوص برائے حمیات و ضعف جگر و سدہ جگر و استسقا و سوء القنیہ نافع ہے اور حکیم علویخان صاحب فرماتے ہیں کہ تجربہ کیا گیا ہے کہ اگر بچہ کا آخری وقت ہو بخار میں مبتلا ہو

بیٹ متورم ہو تہیج اطراف ہوگیا ہو تو بھی یہ شربت پلایا جاے تو اچھا ہو جاے **ترکیب** اسارون شامی رازیانہ انیسون بسفائج تخم کشوث گلسرخ
ہر ایک دو مثقال ریوند چینی لک مغسول عود قماری خرفۃ الطیب زعفران صندل سفید ہر ایک ایک مثقال دارچینی دانہ ہیل مصطگی ہر ایک
دو مثقال بالچھڑ ڈیڑھ مثقال خرفہ مقشر تین مثقال زرشک ایک اوقیہ قند سفید بقدر دوائین کوٹ اور جوش کرکے آب زرشک و قند سفید
مین صاف کرکے قوام کرین آخر مین مصطگی پیس کے ملادین خوراک ایک اوقیہ طبی **شربت استسقا** معمول سوء القنیۃ استسقا کہ کھانسی اور
قبض کے ساتھ ہو **ترکیب** اصل السوس جھنیا دیان ہنجکاسنی گل سرخ لک مغسول بسفائج شکر تیغال ہر ایک چار درم بادیان پرسیاوشان
گاؤزبان بنفشہ ریوند خطائی بیخ سوسن ساذج ہندی ہر ایک دو درم تخم کرفس انیسون سنبل الطیب اسارون فوہ تخم کشوث مصطگی رومی حد کونی
اجوائن افسنتین ہر ایک ایک درم انجیر آٹھ عدد مویز منقی دو تولہ قند ڈیڑھ پاؤ خوراک دو تولہ سے چار تولہ تک عرق عنب الثعلب کے ہمراہ **شربت**
استسقا و ورم جگر مین مستعمل ہی **ترکیب** بیخ کرفس بیخ بادیان تخم کاسنی گاؤزبان گل نیلوفر تخم کرفس شکاعی ریوند چینی مکو گلسرخ گوکھرو
ہر ایک دو درم ہنجکاسنی تخم خربزہ عصارہ زرشک انیسون ہر ایک تین درم تخم خیارین چار درم تخم کشوث مویز منقی ہر ایک پانچدرم بیخ سوسن
ایک مثقال دواؤن کو عرق کاسنی و عرق بادیان و مکو و شاہترہ و گاؤزبان ہر ایک پاؤ بھر مین رات کو بھگو دین صبح جوش اور صاف کرکے ایکسیر
ترنجبین مین قوام کرین **شربت استسقا** زقی مین کہ ورم صلب جگر سے ہوتا ہے حکیم عابد نے بارہا آزمایا ہے **ترکیب** مویز منقی تیس درم انجیر
خشک پندرہ عدد سپستان پچیس عدد پوست بیخ کرفس تیس درم انیسون بادیان ہر ایک دو درم حلبہ خارخسک ہر ایک پانچدرم شکر سفید
پچاس مثقال بدستور معمول شربت بنائین اور سات درم آب خالص مع روغن کے استعمال کرین نضج ہونے پر اس ہنگام مین مطبوخ افتیمون
یا سکنجبین یا ذریون سے تنقیہ کرین کہ استفراغ مستقصے ہو حکیم شریف خان کہتے ہین کہ سپستان اس شربت سے نکال ڈالے جائین یا اصلاح
و بدل کیا جاے کیونکہ وہ مضر کبد ہی مؤلف کہتا ہے کہ مصلح سپستان ہر دو دین مین گلسرخ ہے اور سواے ان کے عناب اور بدل خطمی ہے **شربت** برای
یرقان و حرارت کبد کو نافع ہے مفتح سدد و مدر بول و ملین طبع ہے **ترکیب** تخم کشوث جھنیا دیان پوست ہنجکاسنی بیخ کرفس ہر ایک پانچدرم
تخم خیارین تخم خربزہ بادیان تخم کاسنی ہر ایک پندرہ درم حسب دستور ایک من قند سفید مین قوام کرین اور قوام مین ریوند خطائی کوٹ پیس کے
حل کردین **شربت ورد مکرر** مسہل صفرا اور امراض حارہ مین مستعمل ہی **ترکیب** برگ گل سرخ ڈھائی رطل بارہ رطل پانی مین جوش دین دو
رطل پانی جب جل جاے اتار لین اور گل تازہ دو رطل اسمین جوش کرین کہ ڈیڑھ رطل پانی جل جاے پھر اتار کے گل تازہ ڈیڑھ رطل جوش
دین کہ ڈیڑھ رطل جل جاے پھر اتار کے ایک رطل گل تازہ ملا کے پکائین کہ پھر ڈیڑھ رطل پانی جل جاے اور نیم رطل گل تازہ پکائین یہانتک کہ نیم رطل
پانی جذب ہو جاے اور چار رطل پانی رہ جاے پھر قند سفید چھ رطل ڈال کے قوام کرین خوراک چار اوقیہ سے تیس درم تک برف کے ٹھنڈے
پانی کیساتھ **شربت ورد اہلیلجی** ایضاً مسہل صفرا کثیر النفع صفراوی بیماریون حمی غب مین بعد دو ہفتہ کے شروع تپ سے دینا چاہیے
برائے درد مفاصل حار بہت نافع ہے اور خارش وغیرہ مین اختراع علو خان سے ہے لکھا ہے کہ اسکے مثل دوسرا شربت نہین ہے

جو شخص اسکے نفع سے واقف ہوتا ہے دوسروں سے چھپاتا ہے کہ اکسیر کا فائدہ کرتا ہے پوست بلیلۂ زرد پانچدرم ایک رطل گلاب دو آتشہ مین بھگو دین اور
تین دن تک مُنھ ڈھانک کے دھوپ مین رکھین چھان کے دوسری مرتبہ پھر اس گلاب مصفّٰی مین پانچدرم بلیلۂ زرد تین دن تک حسب سابق دھوپ مین
رکھین چنانچہ پانچ مرتبہ یہی عمل کیا جائے آخر کپڑے سے چھان کے سوا رطل شربت ورد مکرر ملاکے قوام کرین خوراک دس مثقال سے پندرہ مثقال
تک برف سے سرد کیے ہوئے پانی مین شربت حب الآس نافع اسہال صفراوی کبدی وغیرہ ترکیب حب الآس ایک اوقیہ صندل سفید سودہ
تین درم بیخ انجبار گلنار خرنوب آملہ مُنقّٰی تخم حماض گل سرخ ہر ایک دو درم دوائین نیمکوفتہ پانی مین جوش کرین صاف کرکے رب بہ و رب انار ترش
ہر ایک بیس درم آب زرشک دس درم گلاب ایک پیالہ مین قوام کرین شربت مروڑ پھلی برائے زحیر صادق ترکیب مروڑ پھلی پوست خشخاش
برابر شب کو بھگو دین صبحکو جوش دے کے اور چھان کے دو چند قند مین قوام کرلین شربت مبارک اقسام قولنج و امراض باردہ مین بغایت مجرب و مقوی
احشا ہے ترکیب بسفائج پستہ پچاس درم تربد موصوف دس درم عود کوفتہ دو درم ابریشم مقرض سات درم سب کو خوب جوش دین اور گلاب و عرق گاؤزبان
یا درنجبویہ ہر ایک ایک سکرجہ قند سفید تین سو درم اضافہ کرکے قوام کرین اور مشک خالص زعفران ہر ایک چوتھائی درم بڑھا دین خوراک تیس درم تک
ساٹھ درم آب گرم کے ہمراہ شربت ملین طبیعت بتدریج مناسب کرتا ہے ترکیب گل گاؤزبان گل بنفشہ شاہترہ ہر ایک دس مثقال تمر ہندی زرشک
ہر ایک چار مثقال آلو بخارا و دسیاہ ہر ایک دس دانہ پانی مین جوش کرین نصف رہ جائے تو شیر خشت بیل دس مثقال اور ترنجبین پندرہ مثقال مین قوام
کرین ایضًا برائے رفع قبض کہ بسبب یبوست امعاء ہو اور کھانسی بخار کے واسطے بھی مفید ہے ترکیب گاؤزبان پانچدرم گل بنفشہ گل سرخ ہر ایک سات درم
عناب ولایتی بیس دانہ سپستان لحیم ساٹھ دانہ جوش دیکے چھانین بعدہ لعاب بہدانہ دو درم و اسبغول نو درم پانی سے نکال کے آمیز کرین اور ایک
رطل قند سفید یا ترنجبین مین قوام کرین ہر روز روغن بادام ملاکے حسب حاجت التزام سے پلاوین شربت الٰہی تالیف علویخان امراض حارہ مین اسہال
کے واسطے دیتے ہین ترکیب ریوند خطائی تربد سفید برگ سنا ہر ایک پندرہ درم تخم کاسنی تین پاؤ بیخ کاسنی تیس درم حب کاکنج بیس عدد نیمکوفتہ
آب کدوے شیرین دو سیر آب کاسنی مروّق تین پاؤ مکو مروّق پچیس تولہ مروّق شاہترہ بارہ تولہ گلاب آدھ سیر مین بھگو دین صبحکو جوش کرکے
چوتھائی پانی رہ جائے تو مل اور چھان کے آب پودینہ سبز آدھ پاؤ آب کدو تین پاؤ قند سفید سہ چند ادویہ ملاکے قوام کرین پھر ریوند خطائی تربد
موصوف ہر ایک سولہ درم کوٹ پیس کے ملا دین شربت ورد سنائی حکیم علویخان نے برائے نواب بخت افروز بانو بیگم بنت شاہزادہ بیدار بخت
ترتیب دیا تھا یہ شربت تنقیۂ مرۂ صفرا و مرۂ سودا و بلغم مخلوط الصفراء رقیق کرتا ہے اور اسکے اسہال مین کوئی تکلیف و نقصان نہین ہے
ترکیب سنا مکی تیس درم ڈیڑھ رطل پانی مین جوش دین تہائی رہ جائے تو ڈیڑھ رطل شربت ورد مکرر مین قوام کرلین اسکے ساتھ دو اوقیہ پانی
پئین ہر مرتبہ پانی پینے کے بعد ایک اجابت ہوگی شربت آلوے مسہل تالیف حکیم ممدوح مسہل صفرا ہے ترکیب آلوے سیاہ ایک سو عناب
کلان تیس عدد تربد سفید بیس درم نیمکوفتہ پوٹلی مین باندھ کے گلسرخ تخم کاسنی ہر ایک دس درم گل بنفشہ پانچدرم رات کو ڈیڑھ سیر گلاب مین
بھگو دین صبحکو جوش دین تیسرا حصہ باقی رہے تو مل کے چھان لین مغز تمر ہندی تیس درم مل کے ہمراہ ترنجبین و قند سفید بالمناصفہ قوام کرکے

سقمونیا ے مشوی آب سیب مین دو مثقال بہیں کے زعفران نیم مثقال گلاب مین حل کر کے ملادین خوراک نیم اوقیہ سے ڈیڑھ اوقیہ تک شربت ابریشیم
خونی بواسیر کی جب کثرت ہو اور غشی کی نوبت پہونچے نافع قوی ہو ترکیب ابریشیم خام دیگ نقرہ یا قلعی دار مین ڈال کے پانی مین پکائیں منہ اسکا مضبوط
بند کر دین کہ بھاپ نہ نکلے ابتدا مین یا پکنے کے آخر مین مقوی قلب چیزون سے مثل گاؤزبان زعفران بہمنین عنبر وغیرہ کے ملا دیتے ہین اور بعد پک جانیکے
صاف کرین شربت سیب یا شکر سفید یا شربت بہ وغیرہ ملا کے پھر ہلکی آنچ پر ہلکا جوش دیتے ہین آگ سے اتار کے مروارید سائیدہ بسد سودہ گلاب
بید مشک وکل مقویات و قوابض مناسب حال اضافہ کر کے شربت بنالین شربت ابتداے ورم حار گردہ مین مفید ہے ترکیب عناب پچاس عدد خشخاش
سفید تیس درم کشنیز خشک دس درم عدس مقشر سو درم جوش کر کے سو درم قند مین قوام کرین خوراک دس درم ہمراہ آب یا شیرہ خرفہ و خیارین
شربت آلو بالو اخراج ریگ وسنگ گردہ ومثانہ کرتا ہے اور ادرار بول ترکیب آلو بالو نیم رطل دو رطل پانی مین بھگو دین صبح جوش کرین
نصف پانی رہ جاے تو دو رطل نبات سفید مین قوام کرین خوراک دو تولہ اور زیادہ بھی دیا جا سکتا ہے شربت برگ انگور نافع حصاۃ منقی ریگ
مثانہ وکلیہ ترکیب قلت بیخ بادیان درم گوکھرو دس درم پرسیاوشان سات درم تخم خربزہ نیم کوفتہ پانچدرم بادیان نیم کوفتہ تین درم برگ انگور
چالیس درم شبانہ روز پانی مین بھگو کے جوش دین اور سہ چند شکر مین قوام کرین شربت کاکنج براے قرحہ مثانہ و سوزاک ترکیب انیسون تخم
کرفس ہر ایک دو درم پرسیاوشان بنفشہ گاؤزبان ہر ایک پانچدرم گوکھرو سات درم کاکنج دس درم تخم خیار تیس درم قند نیم سیر بطریق معمول قوام کرین
شربت کشوث براے ادرار طمث ایام طہر مین دیتے ہین اور جو امراض کہ احتباس طمث کے سبب سے ہوتے ہین مثل خفقان و غشی و سوداء کے نافع و مجرب ہے
ترکیب تخم خیار بادرنگ تخم خربزہ گل کشوث ریشہ کشوث مغز انجلک ہر ایک دس مثقال گلسرخ گاؤزبان دو قو تخم کاسنی اسطوخودوس تخم شاہترہ ہر ایک
پانچ مثقال مکو لوبیاے سرخ ہر ایک سات مثقال گل گاؤزبان سنبل اشیع پرسیاوشان زوفاے خشک ہر ایک چار مثقال پوست بیخ کاسنی بیس مثقال
تخم کاکنج تین مثقال سرکہ انگوری کہنہ ایک شیشہ شیر خشت و قند سفید ہر ایک چالیس مثقال ترنجبین پچاس مثقال بدستور مرتب کرین شربت جعدہ اختراع
حکیم مومن خان ہے براے ادرار حیض و بول و عفونت اخلاط و ریاح و تفتیح سدد مجرب ہے ترکیب سنبل اشیع جعدہ حب بلسان قسط تلخ ریوند چینی تخم کشوث
تخم خربزہ تخم خیار ہر ایک تین مثقال اہل تخم کرفس بادیان روناس انیسون تخم کاسنی فنطوریون دقیق ہر ایک دو مثقال انجیر زرد مویز منقی ہر ایک دس
مثقال ایک من طبریزی پانی مین جوش دین چوتھائی رہے تو ایک سو پچاس مثقال شکر مین قوام کرین اور دس مثقال مدات حیض و بول کے ساتھ پئین
اور جسکو قبض طبیع ہو ہمراہ گلسرخ محمودہ مشوی و غاریقون پئین شربت اصول ریاح اور سدہ کے واسطے بنہایت مفید ہے ترکیب اصل السوس بیخ بادیان
بیخ کرفس بیخ کبر بیخ غافث ہر ایک بیس درم بادیان تخم کرفس انیسون تخم شبت ہر ایک پانچدرم سب کو چار رطل پانی مین جوش دین دو رطل پانی رہ جاے
تو مل کے چھان لین اور پچاس مثقال شہد ملا کے پھر جوش دین تا کہ قوام شربت ہو جاے خوراک دس درم گرم پانی مین حل کر کے شربت آلو براے حمیات
دموی غلیانی و غشی و صفراوی نافع ہے ترکیب آلو شیرین کلان تیس عدد تمر ہندی نیم رطل دونون کو تین رطل پانی مین جوش کرین ایک رطل باقی
رہے تو صاف کر کے آب انار میخوش و آب ترنج ہر ایک نیم رطل اضافہ کر کے ہلکی آنچ پر پکائین نصف رہے تو قند سفید ایک رطل گلاب ربع رطل

ملا کے پکائیں اور قوام بنائیں خوراک پندرہ درم سے بیس درم تک ہمراہ دو درم خرفہ باریک پسا ہوا پئیں شربت مسہل صفرا و بلغم رقیق کیواسطے نافع ہے اور
حمیات گرم و امراض صفراوی و بلغمی کے لیے ترکیب آلو بخارا دس دانہ عناب بہدانہ تمر ہندی تیس درم بنفشہ خشک ترید موصوف ہر ایک بیس درم سکو
پانی میں جوش دیکے چھان لیں اور ترنجبین و شکر ہر ایک ایک رطل میں قوام کریں بعدہ سقمونیا ے مشوی ایک مثقال زعفران نصف مثقال
اضافہ کریں شربت برائے تپ موی و صفراوی ترکیب عناب چالیس دانہ سپستان تیس دانہ آلو بخارا پندرہ دانہ بیجکاسنی دو تولہ تخم کاسنی تخم
خیارین بنفشہ ملٹھی گاؤزبان بہدانہ شاہترہ گل نیلوفر تخم خطمی خبازی ہر ایک ایکتولہ گلسرخ تازہ چار تولہ یا خشک ایکتولہ قند ڈیڑھ رطل بدستور
قوام کریں خوراک تین تولہ شربت تپ گرم میں مستعمل ہے ترکیب برادہ صندل تخم خیارین نیمکوفتہ بیجکاسنی گل نیلوفر مویز منقی ہر ایک ایکتولہ گلو
نیمکوفتہ دو تولہ شاہترہ دو مثقال گاؤزبان گلسرخ تخم خطمی خبازی بہدانہ اصل السوس بنفشہ ہر ایک دو درم سپستان پچیس عدد عناب پندرہ
دانہ شکر سفید ایک رطل شربت بزوری بارد حمیات حارہ مرکبہ میں بعد تنقیہ کے معمول ہے ترکیب بیجکاسنی تخم خیارین تخم خربزہ تخم کاسنی
خیار خشک ہر ایک ایک تولہ شکر سفید آدھ سیر میں حسب دستور قوام کریں نوع دیگر برائے حمیات حارہ و امراض حارہ کبد و کلیہ و مثانہ ترکیب بیجکاسنی
سات درم تخم خربزہ تخم خیار بادرنگ تخم خیارزہ ہر ایک پانچ درم مغز تخم تربوز ڈھائی درم قند سفید ایک من بطریق متعارف تیار کریں اگر شربت
بزوری بارد سفوف چلی بنانا چاہیں بجائے قند کے آب بہ شیرین بوزن قند ملادیں شربت ممسک الارواح مجربات انطاکی سے اور عدیم الخطا ہے
تواتر حمیات صفراوی سے سقوط قوی کے وقت کام آتا ہے اور احتراق و فتور و خفقان اور جو دماغ میں تحلیل تپ سے داصل ہوتا ہے اور لاغری و ادبار
شامہ کو زائل کرتا ہے ترکیب گلاب عرق بید و عرق نعنع ہر ایک ایکجزو کہ مجموع پچاس درم ہوا سمین مصطگی و ریوند و بادیان ہر ایک ایکدرم جوش
کریں نصف رہ جاے تو صاف کرکے ہر رطل میں شربت سیب و شربت بنفشہ و شربت ورد خوشبو ہر ایک تین اوقیہ داخل کرکے قوام کریں شربت
بزوری معتدل برائے حمیات و امراض جگر معمول حکیم شریف خانصاحب ترکیب تخم کاسنی تخم خیارین تخم خربزہ ہر ایک ایک مثقال و ربع
اسکا بیجکاسنی بیخ بادیان ڈھائی مثقال دسوا مثقال قند سفید بارہ مثقال بطریق متعارف تیار کریں شربت تالیف حکیم بقیر علی والد حکیم
احسان علی حمیات مرکبہ مزمنہ کیواسطے مفید ہے ترکیب تخم خبازی تخم خرفہ گل نیلوفر ہر ایک ایکتولہ برگ گاؤزبان گلوے تازہ ہر ایک دو تولہ
جوش اور صاف کرکے آب پیٹھہ آب کدوے دراز ہر ایک نیم رطل قند سفید ایک رطل ملا کے قوام کریں شربت تالیف حکیم مردان علی برادر
کلاں حکیم احسان علی ترکیب گل نیلوفر برگ گاؤزبان ہر ایک دو تولہ برگ بنفشہ برادہ صندل سفید گلوے تازہ ہر ایک ایک تولہ آب خیار دراز
آب کدوے دراز ہر ایک آدھ پاؤ آب انار ترش ایک چھٹانک قند سفید ایک رطل میں قوام کریں شربت بزور معمول برائے تپ مرکب
و برائے حمیات کہنہ و ادرار بول و حیض و اخراج سنگ گردہ و مثانہ و دفع یرقان و تفتیح سدد جگر و سپرز کے لیے نافع ہے ترکیب تخم کاسنی بادیان
تخم خربزہ تخم خیارین مغز تخم کدو حب القرطم ہر ایک پانچ مثقال پوست بیجکاسنی گل غافث تخم خطمی ملٹھی بالچھڑ بنفشہ انیسون گاؤزبان ہر ایک
تین مثقال کوٹنے والی دوائیں کوٹ کے سب کو پانچ رطل پانی میں شبانہ روز بھگودیں اور مویز منقی بیس درم ملادیں جوش کریں دو رطل رہے

تو صاف کرکے قند سفید ایک من ملاکے قوام کرین خوراک ایک اوقیہ اگر غافث نہ ہوا سکے عوض شاہترہ یا افتیمون ملا دین اگر بلغم سے مجرائے مرارہ و
امعاء مین سدہ پڑ گیا ہو اور اُس سے یرقان ہو جاوے یہ شربت جاوجخطائی کیساتھ پینا مفید ہوگا شربت اسکا نام شراب الحیات ہے اور بیس روز کے
بعد جمیع حمیات مین اصلاح مزاج کے واسطے اختیار کی اور دفع و تحلیل بقایاے مواد کے بجائے سکنجبین بزوری نافع ہے ترکیب زر خلک بیس
تیس مثقال کشوث پانچ مثقال تخم کاسنی چار مثقال گل کشوث ریشہ کشوث ہر ایک تین مثقال گلسرخ بادیان کزمازج ہر ایک ڈھائی مثقال
سب کو جوش دے کے صاف کرکے ہمراہ قند و شکر جو کوئی بھی ہو پچاس درم مین قوام کرین اور ہر روز پانچ مثقال سے سات مثقال تک حمی
صفراوی یا دموی مین ہمراہ شیرۂ تخم خیارین و کاسنی اور اگر حرارت غالب ہو ہمراہ قرص کافور اور حمی بلغمی و سوداوی و حمیات مرکبہ مین ہمراہ قرص
زرشک صغیر یا قرص ورد صغیر جو مناسب جانین یا شیرۂ تخم کاسنی و بادیان اور ریلبمدون اقراص کے پئین حمیات مرکبہ مین بھی مفید ہو شربت برائے
تپ مرکب کہ دق کے قریب ہو نافع ہے ترکیب تخم کاسنی بادیان بیخ کاسنی تخم خطمی اصل السوس گاؤزبان ہر ایک تین مثقال مویز منقی پچیس مثقال
سنبل الطیب گل بنفشہ بادآورد شکاعی ہر ایک ڈھائی مثقال قند سفید آدھ سیر ترنجبین پاؤ بھر مین قوام کرین شربت برائے تپ کہ ہیجان اطراف کے
ساتھ ہو اطفال و غیر اطفال کیواسطے مجرب ہی ترکیب بیخبادیان بیخ کاسنی ہر ایک چار درم مویز منقی دو تولہ بادیان تخم خیارین تخم خربزہ بنفشہ شاہترہ
ملٹھی سپستان تخم کشوث برادہ صندل گلسرخ مکو گاؤزبان ریوند خطائی الک مغسول ہر ایک دو درم قند ڈیڑھ رطل مین شربت بنائین شربت مسہل
اسہال کامل کرتا ہو اور نافع تپ غشی و تپ مرکب ہی ترکیب آلو بخارا پندرہ عدد سنا مکی شاہترہ گلسرخ مویز منقی بیخبادیان بیخ کاسنی تربد مجوف
ہر ایک ایکتولہ گاؤزبان بسفائج بنفشہ گل غافث ہر ایک دو درم تخم کشوث ایکدرم قند سفید ڈیڑھ پاؤ اگر آلو نہ ملین دو تولہ تمر ہندی نقوع کرکے
اسکا پانی ڈالدین خوراک تین تولہ تک شربت شقائق برائے حمیات وبائی و جدری و حصبہ نافع اوائل جدری مین برائے تلطیف و تصفیہ
مادہ و تفتیح مسام و بروز آبلہ ظاہر جلد کیواسطے نافع ہی ترکیب گل شقائق (لالۂ ہزارا) بیس مثقال آدھ سیر پانی مین جوش دین نصف رہ جاوے
تو مل اور صاف کرکے چالیس مثقال قند سفید مین قوام کرین بچہ کو نیم مثقال دو مرضعہ کو دو مثقال پلائین شربت خشخاش دق مین معمول ہی حکیم
منصور علی مرحوم سے ترکیب پوست خشخاش پانچتولہ تین پاؤ پانی مین جوش دین تہائی رہ جاوے تو صاف کرکے ایکپاؤ نبات مین قوام کرین اور
تھوڑا تھوڑا چاٹین اور شیر گوسفند یا شیر بز ایمن تاب مین ایک تولہ شربت ملا کے پئین اور لعوق مغز تخم میٹھہ بھی کھلائین و مائین پانچماشہ اصل السوس
مقشر پوست خشخاش ہر ایک چار ماشہ ایک سیر پانی مین جوش کرکے روز و شب مین چند ار غرغرہ کرائین اور حب شیر خر بھی مجرب ہی شربت عناب مرکب
مجرب حکیم خیر اللہ برائے امراض سوداوی و خارش و بثور بدن و ابتداے جذام ترکیب عناب پچاس دانہ صندل سرخ و سفید خار شتر برادہ چوب
آبنوس ابریشم مقرض برگ شاہترہ ہر ایک ایکتولہ حسب دستور نبات سفید آدھ سیر مین قوام شربت بنائین شربت چوب چینی امراض مسطورہ مین
مفید ہے ترکیب چوب چینی پچاس مثقال برادہ چوب شیشم تگند بابری منڈی ہر ایک بیس مثقال برگ شاہترہ دھما یا چرائتہ برادہ صندل سرخ
ہر ایک پانچ مثقال سات سفید دو رطل مین بطریق متعارف قوام شربت بنائین خوراک تین تولہ شربت عشبہ قاطع مواد سوداوی و دافع مواد

محرقہ اور نار فارسی مین نافع ہے ترکیب عشبۂ مغربی تین تولہ چوب چینی دو تولہ برگ شاہترہ بادرنجبویہ برادہ چوب شیشم منڈی برگ گاؤزبان تخم شاہترہ افتیمون درمرہ بستہ تخم کاسنی برادہ صندل سرخ ہر ایک نو ماشہ رات کو دو سیر پانی مین بھگو دین اور صبح کو جوش کرین نصف رہ جاے تو صاف کر کے قند سفید ڈیڑھ رطل مین شربت بنالین خوراک تین تولہ اور دوسرے نسخہ مین عناب بندرہ دانہ برادہ صندل سفید جالنسہ چرائتہ ہر ایک دو درم برادہ چوب آبنوس برادہ چوب بچاسارہ ہر ایک ڈھائی درم عوض شاہترہ و تخم شاہترہ و بادرنجبویہ و شیشم و منڈی و گاؤزبان و افتیمون و کاسنی ہے اور وزن صندل سرخ دو درم چوب چینی تین درم و نبات سوا رطل ہے نوع دیگر براے تصفیۂ خون و دفع مواد آتشک و بثور و قروح و اصلاح مواد حارہ و آکلہ حلق مجرب و معمول ہے ترکیب عشبۂ مغربی آٹھ درم آلو بخارا عناب ہر ایک بارہ دانہ شاہترہ و بنفشہ شعیر مقشر ہر ایک بارہ درم برادہ چوب شیشم چار درم سب کو چار رطل پانی مین جوش دین تہائی رہ جاے تو صاف کر کے ایک رطل شربت بنفشہ مین قوام کرین اور ساڑھے تین تولہ ہمراہ عرق شاہترہ و بید مشک و گلاب نیم گرم صبح و شام پئین بید مشک کبھی وزن عشبہ بیس درم تک کر دیا جاتا ہے اور ذکائی مین وزن عشبہ چار درم ہے و چوب چینی چار درم عوض برادہ شیشم داخل کر کے مغز تخم کدو مغز تخم خربزہ ہر ایک دس درم زیادہ کر کے وزن شاہترہ و بنفشہ ہر ایک تین درم و شعیر مقشر بیس درم کر کے اور بجاے شربت بنفشہ نبات سفید لکھا ہے غذا آشجو اور بجاے آب عرق چوب گز یا دیگر عرق مناسب تحریر ہے شربت پاؤ سات مجرب دا آتشک وغیرہ امراض سوداوی وغیرہ مین دیا جاتا ہے اور اقوی و انفع نسخہ متعارف سے ہے ترکیب برادہ چوب شیشم ایک پاؤ برادہ چوب چینی آدھ پاؤ گرم پانی مین شبانہ روز بھگوئین بعدہ جوش دیکے اور صاف کر کے عناب پچیس عدد صندل سفید و سرخ ہر ایک تین تولہ شاہترہ پوست ہلیلہ زرد افتیمون بسفائج فستقی گل نیلوفر ہر ایک دو تولہ گلسرخ گل بنفشہ ہر ایک تین تولہ صاف پانی مین مذکورہ لکڑیان بھگو دین پھر صاف کر کے نبات سفید ڈیڑھ سیر مین قوام شربت بنالین اس سے نصف الگ نکال لین باقی نصف مین سناے مکی دس تولہ سورنجان شیرین ڈھائی تولہ باریک پیس کے ملا دین شربت شاہترہ مین طبع و مخرج مادۂ بلغمی و سوداوی محترقہ و نافع جرب و حکہ و جذام و مسکن اخلاط مرار ہے ترکیب تخم کشوث تین درم گلسرخ زرشک بیدانہ ہر ایک پانچ درم گل بنفشہ سات درم پرسیاوشان اصل السوس بسفائج سنا مکی گل گاؤزبان ہلیلہ ہندی پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک بیس درم پوست ہلیلہ زرد تمر ہندی ہر ایک تیس درم آلو بخارا گل نیلوفر تازہ ہر ایک تیس درم عناب سپستان ہر ایک پچاس عدد کوٹنے والی چیزین کوٹ کے چار سیر آب شاہترہ مین ایک شبانہ روز بھگو دین پھر جوش کرین تہائی رہ جاے تو صاف کر کے نبات سفید ایک سیر مین قوام شربت بنائین خوراک سات درم سے بیس درم تک ہمراہ ماء الجبن اور کبھی عسل خیار شنبر و سقمونیا کا اضافہ کیا جاتا ہے شربت کدر براے حصبہ و جدری و جمیع علل دموی مفید ہے ترکیب چوب کدر یعنی کادی عناب کلان تمر ہندی ہر ایک ایک رطل و بیخ بادیان دس درم صندل سرخ و سفید ہر ایک دس مثقال گلسرخ سنبل الطیب ہر ایک دو مثقال نیم کوب جو گئے پانی مین جوش کرین چوتھائی رہ جاے تو اتار کے آب انار شیرین و ترش و سرکہ انگوری ہر ایک ایک رطل دیگ سنگین مین داخل کر کے جوش کرین قوام کے قریب ہو تو شکر سفید ایک رطل ملا کے جوش دین کف لیتے رہین یہانتک کہ قوام ہو جاے آگ سے اتار کے زعفران تین درم

حل کرکے اور کافور قیصوری تین درم گھس کے ملادیں اور بوتل میں رکھ چھوڑیں۔

فصل سوم۔ شیافات کے بیان میں

شیاف ابیض رمد وغیرہ امراض حادہ چشم میں معمول ہے **ترکیب** نشاستہ ایکدرم سفیدہ ارزیز صمغ عربی کتیرا ہر ایک تین درم لعاب اسبغول یا سفیدی بیضہ میں ملا کے شیاف بنائیں اور شیر دختر یا شیر زن میں حل کرکے آنکھ میں لگائیں **شیاف ابیض قیصری** رمد گرم کے واسطے نافع اور سخت درد کو روکتا ہے **ترکیب** سفیدہ ارزیز آٹھ درم صمغ عربی پانچدرم افیون کتیرا ہر ایک ایکدرم سفیدی بیضہ میں ملا کے شیاف بنائیں **شیاف ابیض انزروتی** نافع ابتداء رمد **ترکیب** سفیدہ ارزیز آٹھ درم انزروت مربی بشیر خر کتیرا ہر ایک چار درم انڈے کی سفیدی میں شیاف بنائیں **شیاف برہلوما** ایکدن میں آنکھ اچھی کرتا ہے رمد کو دور کرتا ہے تنک کو روکتا ہے اور ردع مادہ کرتا ہے **ترکیب** **شیاف ماميثا** انزروت مربی ہر ایک آٹھ درم کتیرا ایکدرم زعفران دو درم افیون نیمدرم پیس کے آب بادیان یا آب باران میں بھگو کے شیاف بنائیں ضرورت کے وقت انڈے کی سفیدی میں حل کرکے لگائیں **شیاف وردی** آنکھ کے درد کی تکلیف کو فوراً دور کردیتا ہے **ترکیب** گلسرخ پنجماشہ زعفران آٹھ ماشہ افیون سوختہ یا بجھا دو ماشہ صمغ عربی ایک ماشہ آب باران میں شیاف بنائیں **شیاف سماق** برائے رفع حرارت چشم والتہاب وحکہ ودمعہ وجرب وسبل وضعف قوت وسلاق والتصاق پلک میں مجرب ہے **ترکیب** جلہت سماق دو جزو سفیدہ آب ایک جزو کتیرا نصف جزو کافور ربع جزو بدستور متعارف شیاف بنائیں **شیاف مارنج** برائے منع نزول حمرت وجرب وحکہ ودمعہ درد وحفظ صحت چشم وامراض پلک مجرب ہے **ترکیب** توتیا بروردہ آب نارنج دس درم کتیرا نشاستہ انزروت گلسرخ صبر زرد رسوت ہر ایک ایکدرم سفیدہ آب قلعی ہلیلہ زرد مع خستہ ہر ایک دو درم افیون ربع درم شیاف بنائیں **شیاف حنا** برائے رفع سرخی چشم نافع ہے **ترکیب** آب برگ حنا آدھ پاؤ پھٹکری نو ماشہ افیون تین ماشہ تینوں کو لوہے کی کڑاہی میں رکھ کے آگ پر پکائیں اور نیب کی لکڑی سے حل کریں گاڑھی ہوجائے تو شیاف بنائیں **شیاف احمر لین** رمد وغیرہ امراض چشم میں کام آتا ہے **ترکیب** شادنج چھ ماشہ نحاس سوختہ چار ماشہ لسبد اولائے کہربا مسرنج ہر ایک دو ماشہ صمغ عربی کتیرا ہر ایک پانچماشہ دم الاخوین زعفران ہر ایک چار رتی کوٹ پیس کے پانی میں شیاف بنائیں تو عارضہ نافع ہے جبکہ ابتدا سے وقت گذر چکا ہو **ترکیب** سفیدہ آب مغسول پانچدرم انزروت مربی تین درم کتیرا نشاستہ ہر ایک دو درم افیون نصف درم ہمراہ شیر زنان یا انڈے کی سفیدی شیاف بنائیں **شیاف علوئیان** بعد تنقیہ کے کام آتا ہے برائے رمد وقروح چشم وگوشہ وبجرائے اجلیل شیر دختر میں پیس کے استعمال کریں نافع ہے **ترکیب** انزروت سفید پیس کے شیر خر میں خمیر کرکے ہلکی آگ پر بریان کریں دو مثقال اسکا انزروت مدبلین اور صمغ عربی کتیرا ہر ایک تین مثقال حنض ہلکی نشاستہ سفیدہ کاشغری ہر ایک ایک مثقال کوٹ پیس کے لعاب اسبغول میں جو کے برابر شیاف بنائیں اور وقت حاجت شیر دختر یا خر میں گھس کے لگائیں **شیاف کافور** برائے رمد گرم مجرب ہے **ترکیب** سفیدہ ارزیز تین درم کتیرا صمغ عربی ہر ایک چار درم کافور نیمدرم کوٹ پیس کے شیاف بنائیں **شیاف اسود** کہ اکتحال چشم وطلاء حوالی چشم دونوں میں کام آتا ہے اکتحال کرتے ہیں تو ظفرہ وبیاض وبقیہ مادہ رمد کہنہ کو قطع کرتا ہے اور طلاء کرتے ہیں تو سیلان دمع وانصباب مواد کے واسطے نافع ہے اور بہت مجرب ہے **ترکیب** پھٹکری ایکدام رسوت نیمدام افیون تین ماشہ سفیدہ کاشغری توتیائے سبز پوست عاقرقرحا ہر ایک ایک ماشہ پانی میں کھرل کرکے شیاف

بنائیں ضرورت کے وقت باسی پانی میں گھس کے استعمال کریں **شیاف دینار جون** رمد سوداوی کے واسطے نافع ہے ترکیب سفیداب ارزیز
اقلیمیا ہر ایک دو درم افیون نشاستہ ہر ایک ایکدرم کتیرا ڈیڑھ درم بطریق معہود شیاف بنائیں **شیاف زنگار** سبل میں معمول ہے ترکیب زنگار
کفدریا پھٹکری بریان کتیرا مساوی ایک پہر تک آب لیموں میں سحق کریں اور شیاف بنا کے آنکھ میں لگائیں **شیاف وسخ الاذن** سبل بیاض و
شبکوری کیواسطے نافع ہے ترکیب وسخ گوش آدمی جوان پوست ہلیلہ زرد مساوی اور دونوں کے برابر شہد میں سحق کر کے شیاف بنائیں اور پانی
میں پیس کے استعمال کریں **شیاف دینار جون** ظفرہ میں مستعمل ہے ترکیب شنگرف روسختج زرنیخ سرخ کندر نبات سفید اشق ہر ایک ایکجزو
مرکی زعفران ہر ایک چوتھائی جزو کوٹ پیس کے پانی میں شیاف بنائیں **شیاف اسود** کر شیاف بنرج بھی کہتے ہیں ناخنہ کو کھوتا ہے ترکیب
زنگار ساذج ہر ایک ڈیڑھ درم اقلیمیا دو درم اشق اور سکبینج دار فلفل ہر ایک نیمدرم اشق اور سکبینج کو شراب کہنہ میں حل کریں باقی دوائیں کوٹ پیس کے
ملادیں اور شیاف تیار کریں **شیاف برائے ظفرہ** نسخہ معمول سے ترکیب نبات چاکسو مقشر سنگ بصری ہر ایک ایکدرم شورہ قلمی آٹھ درم
سب کو آب لیموں میں سحق کریں شیاف بنا کے آنکھ میں لگائیں **شیاف بیاض** کے لیے بہت مجرب ہے ترکیب نبات سفید چار درم سنگ بصری
دو درم پھٹکری ایکدرم توتیائے سبز نیم مثقال مروارید ناسفتہ ایک مثقال مشک خالص ایک مثقال کوٹ پیس کے شیاف بنائیں اور بوقت ضرورت سلائی کو سفیدی
میں لگائیں **شیاف زعفران** برائے دمعہ مجرب ہے ترکیب زعفران بالچھڑ ہر ایک دو درم نوشادر نیمدرم دار فلفل ایکدرم فلفل سفید ایکدانگ و نیم مازو
تین درم کافور نیم دانگ کوٹ پیس کے گلاب میں شیاف بنائیں **شیاف حضض** مانع سیلان رطوبت مسکن حرارت چشم ترکیب پوست
ہلیلہ زرد سونٹھ سنگ بصری ہر ایک پانچدرم رسوت دس درم شیاف بنا کے سکھالیں اور آنکھ میں لگائیں **شیاف احمر حاد** انتفاخ ملتحمہ
میں مستعمل ہے ترکیب شادنج زاج سوختہ ہر ایک ایکدرم روسختج زعفران فلفل ہر ایک نیمدرم کوٹ پیس کے آب سداب میں شیاف بنائیں
شیاف اخضر برائے جرب چشم و سبل و دمعہ و گل چشم مجرب ہے ترکیب زنگار تین درم اقلیمیائے فضہ اشق صمغ عربی سفیدہ ارزیز ہر ایک دس درم
آب سداب میں شیاف بنائیں **شیاف روشنائی** جرب و ظفرہ و ابتدائے نزول میں نافع ہے ترکیب اقلیمیائے فضہ و اقلیمیائے ذہبی
مروارید ناسفتہ ہر ایک دو درم کافور مشک ہر ایک ایکدانگ صلایہ کر کے آب باران میں شیاف بنائیں **شیاف کندر** قروح چشم میں مستعمل ہے
ترکیب انزروت نشاستہ صمغ عربی کندر سفیدہ ارزیز انڈے کی سفیدی میں ملا کے شیاف بنائیں **شیاف ابار** یعنی اسرب مسکن حرارت و مستعمل قروح
و سرخی بعد فصد و مسہل کے اور شیاف ابیض افیونی کا لگانا ترکیب افیون ایکدرم اقلیمیائے طلا سفیداب ارزیز مس سوختہ سرمہ اصفہانی صمغ عربی کتیرا سرب
سوختہ ہر ایک آٹھ درم آب باران میں شیاف بنائیں اور کتاب نور العین میں مر صافی ایکدرم و کندر تین درم بھی داخل ہے تو عدہ بگر برائے ریش و
سوزش و سرخی و لقیہ شبور اور پانی نکلنے کیواسطے سود مند و مجرب ہے ترکیب سرب سوختہ سرمہ اصفہانی توتیائے مغسول مس سوختہ کتیرا اسپیداج ارزیز صمغ عربی ہر ایک
آٹھ درم و افیون پانچدرم باریک کر کے انڈے کی سفیدی میں شیاف بنائیں ایضاً قروح چشم و انبات لحم و انضاج قروح و بثور کیلئے کرتا ہے اور نافع ہے ترکیب کندر
دس درم اشق انزروت ہر ایک پانچدرم زعفران دو درم لعاب حلبہ میں شیاف بنائیں اور آنکھ میں لگائیں اور اگر انضاج قروح و بثور مطلوب ہو کپڑے میں باندھیں **شیاف ابیض کندری**

قروح ومواد غلیظ کے واسطے نافع ہے ترکیب سفیداب ارزیز آٹھ درم افیون انزروت مربی کتیرا ہر ایک ایکدرم صمغ عربی چار درم کندر نیم درم
آب باران مین شیاف تیار کرین شیاف نافع نزول آب ہے ترکیب حلتیت مرمکی سنگ بصری توتیاے سبز پھٹکری بریان ہر ایک چار درم
دو سیر آب جغرات مین سحق کرین اور شیر زنان مین گھس کے لگائین شیاف دہنہ فرنگ براے منع نزول الماء مجرب و بے نظیر ہے اور سبل بیاض
وظفرہ و دمعہ کیواسطے نافع ہے ترکیب سعد کوفی دار فلفل فلفل سیاہ ناخن نیل ہر ایک پانچماشہ تخم کھرنی سفید پنجال کبوتر صحرائی تازہ قشیشا
ذہبی ہر ایک چار ماشہ زعفران ہلیلہ سیاہ ہر ایک تین ماشہ پوست ہلیلہ زرد دہنہ فرنگ مسی ہر ایک دو ماشہ تخم سرس سنگ بصری ہر ایک پانچ ماشہ
لونگ ایک ماشہ کوٹ پیس کے ظرف آہنی مین بارہ سنکھے سے آب لیمون مین تین دن تک سحق کرکے شیاف بنائین شیاف جلا براے ضعف
بصر رطوبی بغایت مجرب ہے اور شیاف مرارات سے بہتر بے غائلہ ہے ترکیب توتیاے کرمانی مغسول بیس درم آب زنجوش تازہ بھنگرے سکھالین
پھر سونٹھ فلفل دار فلفل ہر ایک دو درم مامیران دو درم نوشادر زعفران رسوت کتیرا صمغ عربی اشق نحاس محرق زنگار اقلیمیاے فضی ہر ایک نیمدرم
آب بادیان تازہ مین پیس کے شیاف بنائین شیاف یاسمین اکثر امراض چشم کیواسطے نافع ہے خواہ طبقات و رطوبات مین ہو خواہ ماق مین
ہو خصوص جبکہ احتباس مواد ہوتا ہو اور ظفرہ و سبل و دمعہ کیواسطے بھی نافع ہے ترکیب غنچہ گل یاسمین سرمہ سنگ بصری توتیاے بارود
زعفران شورہ قلمی مغز تخم سرس سب کو ساوی کوٹ کے کپڑے سے چھان لین اور عرق سماق شیرہ لیمون کیساتھ ایک ہفتہ تک سحق کرین
اور شیاف بنالین اور باسی پانی مین کورے پتھر پر گھس کے لگائین شیاف براے ضعف بصر مجربات حکیم وارث علیخان سے ترکیب برگ گل علبی
مرچ سیاہ ہر ایک دس عدد تخم سرس پانچعدد پھٹکری شورہ قلمی ہر ایک چار رتی باریک پیس کے شیاف بنائین شیاف گل کنجد ضعف بصر کے لیے
مجربات سے ہے ترکیب گل کنجد چالیس ماشہ غنچہ یاسمین فلفل سیاہ دار فلفل ہر ایک آٹھ ماشہ سب کو باریک پیس کے شیاف مثل اندرجو کے
بنائین شیاف براے ظلمت وغیرہ اور اکثر امراض چشم مین معمول ہے ترکیب توتیا تین ماشہ کف دریا اصل السوس سرمہ سفید کائر مغز بلبلہ
فلفل سفید مامیران چینی توتیاے ہاروتی پوست بلیلہ ہر ایک چھ ماشہ چاکسو سنگ بصری ہر ایک ایکتولہ آب غورہ یا آب باران مین شیاف
بنائین شیاف ہندی براے دھندجالا پھولی وغیرہ امراض چشم کے لیے مجرب ہے تالیف حکیم کلو صاحب ترکیب ترپھلا ترکٹہ
اصل السوس پھٹکری سفید نیلہ تھوتھہ پانی مین پیس کے شیاف بنائین لعاب دہن مین گھس کے لگائین شیاف اکثر انواع القاع ثقبہ عنبیہ کیلئے
نافع ہے ترکیب عصا بعماد یان زعفران کا شیاف بنائین شیاف زعفران ایک قسم کہ رطوبت عنبیہ کا باجتماع خلط صلب غلیظ سے ثقبہ مین ہوجاتا ہے
ترکیب اشق زنگار ہر ایک ساڑھے تین ماشہ زعفران ساڑھے پانچماشہ شیاف مامیثا گلسرخ صبر نشاستہ صمغ عربی ہر ایک دو ماشہ کوٹ پیس کے شیاف بنائین
شیاف چاد شیر ایضاً ترکیب عا قرقرحا ایکجز زنگار چاد شیر ہر ایک چار جز دستور معمول شیاف بنائین شیاف غرب ناصور گوشہ چشم اور دیگر مقامات
کے لیے بھی معمول ہے ترکیب صبر کندر انزروت گلنار دم الاخوین سرمہ پھٹکری ہر ایک یکدرم زنگار ڈیڑھ دانگ گلاب مین شیاف بنائین استعمال کرتے وقت
ناصور کو دبا کے خوب صاف کرلین اور بیمار کو جانب مخالف لٹائین شیاف پانی مین حل کرکے تین چار قطرہ ماق مین ٹپکا دین اگر اجزاے شیاف مذکور پیس کے روغن بنفشہ

مین ملاکے مواصیر مقعد کیواسطے استعمال کرین تو بھی نافع ہے شیاف براے گری گوش ہمیشہ معمول ہو ترکیب عصارۂ بوش خردل سداب شحم حنظل مساوی
کوٹ پیس کے زہرہ گاؤ مین شیاف بنائین اور روغن بادام تلخ مین پیس کے کان مین ٹپکائین اگر تخم ترب و زراوند دحرج اضافہ کرین قوی تر ہوجاتا ہو شیاف
قرحہ و صدید گوش کو نفع ہوپچاتا ہے ترکیب انزروت ایکدرم مرمکی کندر زعفران نطرون ہر ایک نیمدرم بادام تلخ ڈیڑھ درم سب کو کوٹ پیس کے
شیاف بنائین ضرورت کیوقت روغن گل و شحم بط مین حل کرکے فتیلہ پنبہ تر کرکے کان مین رکھین اگر صدید مین نتن ہو بغیر فتیلہ کے ٹپکائین اور روئی سے
کان کو بند کردین شیاف ملین تاخیر عمل مسہل کے وقت کام آتا ہو ترکیب ترنجبین پانچدرم صابون خطمی نمک طعام ہر ایک دس درم شکر سرخ پانچدرم
بدستور شیاف بنائین شیاف زحیر بلغمی مین مجرب ہے ترکیب کندر ہر ایک ایکجزو زعفران افیون ہر ایک نیم جزو سب کو باریک کرکے شیاف بنائین
ایضاً براے زحیر مجرب سرسندی ہے ترکیب خطمی و بورق و شحم حنظل ونمک بدستور شیاف بنائین شیاف شدید قولنج کو دفع کرتا ہو ترکیب
بجدہ و ارمنی دس درم شحم حنظل مقل سکبینج ہر ایک پانچدرم سقمونیا ڈھائی درم شکر سرخ دس درم شیاف بنائین ایضاً براے قولنج ریحی مجرب ہی ترکیب
برگ سداب زیرہ نانخواہ بورہ ارمنی مساوی کوٹ پیس کے شہد مین لت کرین اور خرقۂ نرم کو اُس سے لتھیڑ دین ایک تاگا اُس کپڑے کے
کنارے پر باندھ دین اور رکھدین تاگا باہر رہے چند مرتبہ گھنٹہ گھنٹہ بھر کے بعد یہی عمل کرین شیاف رفع قبض و دفع سدۂ اطفال معمول ہے
ترکیب سرگین موش نمک طعام شکر سرخ برابر ہلکی آگ پر گلتھی بنالین اور چھوارے کی گٹھلی کیطرح فتیلہ بناکے روغن بنفشہ سے چرب کرکے رکھین
کبھی نعنلع ترید سفید سفر مغیار شنبر بجاے نمک و شکر کے کرتے ہین اور روغن زیت سے چرب کرتے ہین شیاف قطع خون لواسیری و اسہالی و
خروج مقعد کے واسطے مفید ہے ترکیب مرصاف اقاقیا بزر البنج صمغ عربی برنج بورا دو با برآب مورد مین شیاف بنائین ایضاً مفتح باسور
مسلی ترکیب شحم حنظل تین درم بادام تلخ چار درم کوٹ پیس کے شیاف بنائین ہر گھنٹہ مین ایک استعمال کرین یا مجرب ہے شیاف براے اندمال
قرحۂ سوزاک معمول ہے ترکیب سفیدہ کاشغری شستہ کات سفید مرداسنگ توتیاے سبز کافور ہر ایک ایکماشہ آب رخت کیلہ مین حل کرکے
شیاف بنائین شیاف نافع غدد بواسیر ترکیب اقاقیا دانگ گلنار صمغ عربی کوٹ پیس کے گولیان بناکے دبر مین رکھین اور جماع سے پہلے برآمد
کرین تاکہ شکم غائط سے پاک ہو جاے اور اشیاء قابضہ استعمال کرین شیاف ورم صلب رحم کے واسطے نافع ہے ترکیب بنفشہ خطمی گل خطمی
بابونہ ناخونہ مویز منقی شکر سرخ مغز خیارشنبر آب برگ مکو مین شیاف بناکے قبل مین رکھین شیاف براے دفع عقر و اعانت حمل معمول حکیم
اکمل خان ترکیب جوزبوا کز مازو پھٹکری بریان پوست انار ہر ایک ایک مثقال کوٹ پیس کے پانی سے شیاف بنائین اور طہر کے بعد استعمال
کرین بعد اسکے مجامعت کرین شیاف مسقط حمل و مدر حیض ترکیب صبر ہندال ہر ایک مساوی شراب تند مین صلایہ کرکے شیاف کرین
ایضاً چوب چوک کہ اونٹون کی خارش مین ملتے ہین ایکجزو پانی مین پیسین اور تین جزو سوت ملاکے شیاف بنائین چھوارے کی گٹھلی کے مانند
بعدہ ان تم تک پہونچائین دوسرے یا تیسرے دن اسقاط ہوجائیگا اگر حوالی فم رحم ابل جاے گھی مل دین شیاف براے رجا ترکیب
پھٹکری سکورے پر رکھ کے آگ مین رکھ دین اسکے جوش کے وقت نرکچور باریک پیس کے چھڑکین اور ملاکے اتارلین اور چھنگلیا کے برابر

شیاف بناکے رحم میں رکھیں اسطرح کہ تین حصے رحم کے اندر ہوں اور ایک حصہ باہر اور تین دن تک رہنے دیں درد والم سے خوف نہ کریں کہ تیسرے دن رحم کے اندر جو کچھ ہوگا باہر نکل آئیگا مجرب ہے۔

باب الصاد المهملة ایک فصل بیان صنعنہا میں

صنغ نافع زرقہ چشم ترکیب سرمہ تین درم دود چراغ زیت دو درم مشک خالص ایکدانگ مازو فاقیا ہر ایک ایکدرم سب کو باریک پیس کے آنکھ میں لگائیں ایضاً سفید زرقہ چشم ترکیب فندق سوختہ یا صدف سوختہ روغن زیت میں پیسکے یافوخ پر طلا کریں یا ملیں دل صنغ برص کو رنگین کرتا ہے ترکیب توتیائے سبز چوتھائی حصہ شیطرج ایکحصہ کوٹ پیس کے پانی میں طلا کریں نوع دیگر شیطرج عاقر قرحا حضض خردل شونیز شقائق مرکی زرنیخ زرد چوب فوہ مساوی کوٹ پیس کے سرکہ انگوری میں تین روز تک پیس کے رکھ چھوڑیں پھر استعمال کریں نوع دیگر مرکی پھٹکری فوہ الصباغین کوٹ کے دردی شراب میں ترکریں اور چند بار ملیں نوع دیگر حکیم گیلانی سے داغہائے سفید برص کیواسطے نافع اور مادہ برص کو جلا کے زخم ڈال کے اچھا کر دیتا ہے ترکیب مسحوق توتیا شورہ زاج سیاہ بطریق معمول ظرف زجاجی میں تقطیر کریں کہ تیزاب ٹپکے پھر مرغ کے پر سے موضع برص پر ملیں چندروز میں عجائب مشاہدہ کریں ایضاً نشان جراحت و آبلہ کو رنگ بدن کے طور پر کر دیتا ہے ترکیب مردار سنگ شستہ بیخ نے کو ستا آرد نخود آرد برنج استخوان بوسیدہ مغز تخم خربزہ حب لبان قسط کوٹ پیس کے لعاب تخم حلبہ و تخم کتان میں سکو ملیں اور صبحکو سبوس گندم و آب گرم سے دھوئیں۔

باب الضاد المعجمہ ایک فصل ضمادات کے بیان میں

ضماد معمول صداع و سرسام حار ترکیب صندل سفید آب کشنیز سبز یا آب کوکنار میں حل کرکے پیشانی پر لیپ کریں ضماد برائے صداع حار اور واسطے ایسے جو عرض تنہائے حادہ میں ہوتا ہے معمول اوستاد مرحوم ترکیب تخم کشنیز بریان سرکہ و روغن گل میں پیسکے کمر ضماد کریں ایضاً برائے صداع شدید الحرارت ترکیب گل نیلوفر تخم کشنیز برگ بنفشہ پوست خشخاش ہر ایک ۲ ماشہ باریک پیس تھوڑا گلاب و قدرے افیون یعنی چار رتی دکا فور ایکماشہ داخل کرکے کام میں لائیں ایضاً برائے صداع حار سافج معمول ہے ترکیب آرد جو گل خطمی سفید گل بنفشہ گل نیلوفر ہر ایک ایکجز و گلاب و سرکہ و روغن گل میں ترکرکے لیپ کریں ایضاً برائے صداع حار عجیب التاثیر ہے حکیم گیلانی سے ترکیب برگ خرفہ جرادہ کدو برگ بید گل خطمی صندل سفید کوٹ پیس کے گلاب و سرکہ میں ضماد کریں ضماد برائے صداع حار و ساذج شدید الحرارت مجرب عم حکیم شریف خان ترکیب آب بقلہ آب حی العالم آب بید گلاب کافور و افیون قدرے اسمیں حل کریں کپڑے کو اس سے بھگو کے سر پر رکھیں ضماد چہار گل صداع و سرسام حار میں مستعمل ہے ترکیب گل بنفشہ گل نیلوفر گل سرخ گل خطمی برابر شیر زنان یا بہ گلاب میں پیسکے ضماد کریں ضماد لبوب نافع درد سر حرارت و یبوست سے ہو ترکیب مغز تخم خیارین تخم کدو کاہو تخم خشخاش و ہیدانہ برابر شیر زنان یا بزر میں پیسکے لیپ

کرین ضماد برائے صداع بارد معمول ہو ترکیب بابونہ ناخونہ برنجاسف مرزنجوش مساوی کوٹ کے روغن چنبیلی روغن گل مین ملا کے ضماد کرین ایضاً
برائے صداع بارد و شقیقہ مجرب استاد مغفور ترکیب پوست بیخ بید انجیر سونٹھ زعفران پیس کے ضماد کرین ایضاً برائے صداع بارد ترکیب
کبابہ قرنفل برگ بید انجیر پیس کے آب حنا مین معجون بنا کے رات کیوقت سر پر طلا کرین نوازل کو مطلق بالغ ہے صداع کو زائل کرتا ہی بحکم خدا تعالے
ضماد برائے درد سر بارد حکیم کلو صاحب سے ترکیب سونٹھ بے ریشہ گل ارمنی افیون پانی مین پیس کے پیشانی پر نیمگرم لیپ لگا مین ضماد
برائے بیضہ دموی بعد فصد و تنقیہ مستعمل ہی ترکیب شیاف مامیثا بوش درہندی ہر ایک ڈیڑھ درم عصارہ کاسنی سبز میس درم آرد جو گل خطمی
گل بنفشہ ہر ایک چار درم کوٹ پیس کے عصارہ کاسنی مین ملا کے ضماد کرین ایضاً برائے خوذہ و بیضیہ مجرب ہو ترکیب زعفران لسباسہ
جوز بوا نمک پانی مین پیس کے سر کے بال ترشوا کے نیمگرم ہونے پر لیپ کرین اور مربائے ادرک کھائین ایضاً برائے تنقیہ رطوبی کہ تنقیہ
اور دوسری تدبیرون سے دفع نہ ہو منقول شرح حکیم علی سے ترکیب آرد کرسنہ آرد شعیر ہر ایک دس درم صبر مر ہر ایک تین درم بعد کوٹ کے
سرکہ مین ممزوج کرین اور پانی مین خمیر کر کے روغن یاسمین قدرے ملا کے سر پر لیپ کرین ضماد نافع صداع کہ ضربہ وسقطہ سے ہو ترکیب گل
ارمنی صبر ہر ایک پانچ درم آرد ماش دمغاث و برگ آس و گل سرخ ہر ایک دس درم بابونہ جرائتہ ہر ایک ایکدرم آب برگ بید مین پیس کے لیپ
کرین ضماد مجرب برائے شقیقہ ترکیب تخم کاہو بزر البنج مر صاف افیون کتیرا پیس کے اگر سرکہ مضر نہ ہو اضافہ کر کے ضماد کرین ضماد
سرسام صفراوی مین نافع ہے ترکیب جرادہ کدو جرادہ خیار برگ کوبرگ بید صندل سفید گل نیلوفر تخم کاہو مہندوانہ سرکہ و روغنگل و گلاب مین
لیپ کرین ضماد سرسام صفراوی و مالیخولیائے سوداوی و صفراوی ابتدا مین برائے تبرید و تنویم مستعمل ہے ترکیب گل بنفشہ گل نیلوفر
گل خطمی سفید گلسرخ بابونہ جو مقشر برگ خشخاش سفید برگ بید تراشہ کدو برگ مکو سبز مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم مہندبانہ تخم کاہو مقشر تخم
خشخاش سفید شیر دختران یا شیر بز و روغنگل آہستہ آہستہ تسقیہ دیکر حل کرین کہ مانند مرہم ہو جائے سر کو اس سے غلاف دین ایضاً حمرہ دماغ مین
مستعمل ہے علویخان سے ترکیب آرد ماش آرد جو روغنگل شیر زنان زردی بیضہ نیمبرشت ملا کے کپڑے کو اُس سے لت کر کے سر پر رکھین
اور ساعت بساعت تبدیل کرتے رہین ضماد مبرد مستعمل سرسام حار مین بعد تنقیہ ترکیب رسوت گل ارمنی مامیثا گل خطمی سفید پوست خشخاش
تخم کاہو کوٹ پیس کے آب کشنیز سبز مین حل کر کے قدرے سرکہ انگوری داخل کر کے ضماد کرین ایضاً سرسام حار مین وقت اختلاط مستعمل ہے
ترکیب فاوانیا ایکدانگ گل بنفشہ ایک مثقال آرد ماش ایک مٹھی کوٹ پیس کے شیر دختران زردی بیضہ مرغ و روغنگل مین ملا کے
پارچہ کتان کو اُس سے آغشتہ کر کے سر پر رکھین ضماد سرسام سوداوی و صداع عیسی مین جس میں خیاشیم و خشکی دماغ مین مفید ہی ترکیب
مغز تخم کدو مغز تخم تربوز نیلوفر گل بنفشہ ہر ایک ایکتولہ پیس کے شیر دختران یا بز مین سر پر لیپ کرین ضماد سرسام بلغمی کیواسطے
مفید ہے ترکیب اسطوخودوس عود ہندی عود صلیب ہر ایک چھ ماشہ آرد مونگ چار تولہ زردی بیضہ ایکعدد آب و روغن گل مین
ملا کے لیپ لگائین ایضاً برائے لیثرغس والد حکیم علویخان سے ترکیب کمازریوس اسطوخودوس جند بیدستر ہر ایک دو مثقال

عود ہندی عود صلیب ہر ایک دو دانگ مونگ مقشر ایک مشت کوٹ کے پیس کے ہمراہ شیر زنان و زردی بیضہ یکعدد و روغن گل و روغن ناردین
ہر ایک پانچ مثقال یافوخ پر ضماد کریں اگر مرض قوی ہو عاقر قرحا و زعفران دو ماشہ اضافہ کریں ضماد منوم مجربات حکیم احمد سے ترکیب تخم کاہو
بزر البنج افیون پوست بیخ تفاح زعفران مساوی کوٹ پیس کے آب طبیخ خشخاش میں تر کر کے پیشانی و صدغین و جبینی پر طلا کریں ایضاً برائے
ماشرا علو بخیان سے ترکیب صندل سرخ گل ارمنی شیاف مامیثا رسوت بوش و ربندی گل قیمولیا گل شاموس ہر ایک ایک مثقال کافور
قیصوری ایکدانگ پیس کے آب کاسنی تازہ و آب کشنیز و آب عنب الثعلب و آب کاہو سے تازہ و سرکہ ملا کے لیپ کریں ضماد سبات
بارد و بلغمی کیواسطے مفید ہے ترکیب جند بید ستر پیاز عنصل عاقر قرحا سرکہ میں پیس کے لیپ کریں ضماد برائے سکتہ و سبات ترکیب فرفیون
خردل سرخ شیطرج ہندی تخم انجرہ مساوی سرکہ میں ملا دیں اور حلق و راس پر لیپ لگائیں ایضاً برائے سکتہ و سبات کتاب بقائی سے ترکیب خردل
جند بید ستر مساوی سرکہ کہنہ میں بھگو کے مو تراشی کے بعد سر پر ضماد کریں حکم خدا سے سکوت کو افاقہ دیگا ضماد جمود قبل میں افاقت کے اور بعد افاقت
مفید ہے ترکیب بابونہ ناخونہ زوفاے خشک شبت سرکہ میں پیس کے موخر سر پر ضماد کریں ضماد مالیخولیا سرانی میں بعد تنقیہ کے نافع ہے ترکیب
مصطگی گلسرخ افسنتین بالچھڑ اسارون سعد سوبا پودینہ دشتی زیرہ سیاہ انیسون تخم کرفس صعتر کوٹ پیس کے پانی میں لیپ لگائیں ضماد
استرخاے و فالج و لقوہ کہ ورم گرم نخاع سے ہوتا ہے ترکیب ابتدا میں صندل و فوفل و مامیثا و اقاقیا و کشنیز و برگ انگور و عرفہ و بید سب باجو طین
موضع ورم پر ضماد کریں اور زیادتی کے زمانہ میں آرد جو ہمراہ روغنگل و آب کشنیز اور زمانہ انتہا و انحطاط میں گل خطمی و بابونہ ہمراہ روغنگل و موم
لیپ لگائیں ضماد کہ استرخا و فالج و لقوہ کہ ورم بارد نخاع سے ہو ترکیب حب الغار سیعہ یابسہ جوز السرو زعفران مر جند بید ستر پھٹکری مع
موم و روغن قسط قیروطی بنا کے لیپ کریں ضماد محلل و مقوی استرخا میں کہ ضربہ و سقطہ سے ہوا ہو ترکیب حب الغار قسط شیرین ہر ایک دس
درم سلیخہ خشک پندرہ درم صبر مرمکی اسپل برگ سرو ہر ایک ایکدرم زعفران جند بید ستر ہر ایک چار درم قردمانا چھ درم قشار کندر دس درم حضض اگر
گلنار ہر ایک پانچدرم مصطگی شونیز ہر ایک سات درم وج گلسرخ شب یمانی ہر ایک سات درم اقاقیا بالچھڑ ہر ایک پانچدرم سب کو باریک
کوٹ کے موم و روغن ناردین و روغن قسط میں ملا کے لیپ کریں ضماد عصب کو نرم کرتا ہے ترکیب کنجد مقشر بیس درم ہمراہ برگ مرزنجوش نرم پانچدرم پیس کے کپڑے
بچھ کے باندھ دیں بقائی سے ضماد تشنج یبسی میں معمول ہے ترکیب بنفشہ تخم خطمی آرد جو لعاب اسبغول کدو میں ملا کے لگائیں ضماد خدر میں
نافع ہے ترکیب مرمکی صبر زرد دونوں کو پیس کے آب پودینہ میں حل کر کے لیپ لگائیں ضماد دفع نزلات بارد کرتا ہے بیاض استاد مرحوم
سے منقول ہے ترکیب دار شیشعان دو تولہ قرنفل دو ماشہ جوز بوا یکعدد عاقر قرحا سات ماشہ دار فلفل فلفل سوریہ ہر ایک پانچ ماشہ پانی میں
پیس کے اور گرم کر کے سر پر لیپ کریں ضماد برائے رمد و درد چشم ترکیب افیون پھٹکری ہر ایک دو ماشہ آب لیموں میں حل کر کے ضماد کریں ضماد
وجع شدید چشم کے واسطے نافع ہے معمول استاد مرحوم سے ترکیب صندل سرخ شیاف مامیثا صبر زرد فوفل صمغ عربی افیون اقاقیا مساوی آب
عنب الثعلب یا آب کشنیز تر میں جس وقت کہ درد اور کھٹک شدت سے ہو ہمراہ طبیخ کوکنار یا آب کاہو ملا کے پلک پر لیپ کریں ایضاً برائے

درد شدید ہو رمد ترکیب پوست ہلیلۂ زرد پھٹکری رسوت مرداسنگ پوست خشخاش پانی مین پیس کے نیم گرم آنکھ کے گرد لیپ کرین کبھی گیرو بھی بڑھا
دیا جاتا ہے ضماد برائے سرخی چشم کہ نزلہ سے ہو مفید ہے ترکیب رسوت ہلیلۂ زرد گل ارمنی برگ تمر ہندی پھٹکری بریان ہر ایک چھ ماشہ لونگ
ایک ماشہ پانی مین پیس کے لیپ کرین کبھی پٹھانی لودھ بھی ملاتے ہین ایضًا برائے آشوب چشم ترکیب پٹھانی لودھ پھٹکری ہر ایک دو ماشہ افیون
گیرو رسوت ہر ایک ایک ماشہ پانی مین پیس کے لیپ کرین ایضًا برائے سرخی چشم ترکیب پٹھانی لودھ پھٹکری ہلیلہ زرد پانی مین پیس کے نیم گرم
لیپ کرین اور کبھی جدوار و افیون و پوست خشخاش زیادہ کر دیتے ہین ضماد برائے ورم حار چشم مجرب بسویدی ہے ترکیب عصارۂ مامیثا و
رسوت و زعفران صمغ عربی مامیران مساوی شیاف بنا کے آب مطبوخ پوست خشخاش مین لیپ کرین ضماد معمول رمد حار و سبل مین ترکیب
صندل گل ارمنی رسوت زرد کو مساوی آب کشنیز سبز مین پیس کے آنکھ کے گرد لیپ کرین ضماد ہر قسم رمد کے واسطے مفید ہے ترکیب
پارہ رسوت گیرو پوست ہلیلۂ زرد ہلدی افیون ہر ایک ایک ماشہ پٹھانی لودھ پھٹکری بریان ہر ایک دو ماشہ پانی مین پیس کے آنکھ کے گرد لیپ کرین
ضماد سرخی چشم و اشک روان کے واسطے مفید ہے ترکیب ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلۂ زرد رسوت صمغ عربی ہر ایک تین ماشہ کوکنار افیون ہر ایک
دو ماشہ بدستور آب کو مین گرد چشم ضماد کرین ایضًا برائے رمد ترکیب پھٹکری خام سونٹھ گیرو زرد چوب ہر ایک ایک ماشہ افیون دو ماشہ
آب کوکنار مین پیس کے لیپ کرین ایضًا برائے درد چشم و سرخی ترکیب پھٹکری ایکماشہ افیون دو رتی آب برگ تمر ہندی دو تولہ مین
پیس کے آگ پر رکھین گاڑھا ہو جائے تو نیم گرم آنکھون پر ضماد کرین ضماد نزول مواد ردیہ آنکھ کو و صداع و شقیقہ حار مین بہت
مجرب ہے ترکیب صندل سفید سودہ ایک جزو انزروت باریک پیس کے نیم جزو سفیدی بیضہ مرغ مین ملا کے آنکھ و صدغین پر
لیپ کرین ضماد آخر رمد مین کام آتا ہے ترکیب آرد جو گل بنفشہ گل بابونہ پیس کے زردی بیضہ مین لیپ کرین ضماد برائے
انتفاخ ملتحمہ جو رطوبت مائی سے ہو بغایت سودمند ہے ترکیب آرد کرسنہ آرد جو صبر بابونہ ناخونہ آب بادیان مین پیس کے گرد چشم ضماد
کرین ضماد برائے ضربہ و حرارت چشم ترکیب زردی بیضہ آب کشنیز سبز روغن گل باہم لت کر کے روئی اُس سے تر کرین اور آنکھ پر رکھین
ایضًا نافع ضربہ چشم ترکیب آرد مونگ دو جزو زرد چوب حضض گل ارمنی مامیران زعفران مصطگی ہر ایک ایکجزو زردی بیضۂ مرغ مین
ملا کے لیپ کرین ضماد مختصر و معمول برائے ضربہ چشم و سرخی شدید کہ ملتحمہ مین ہو ترکیب زعفران مصطگی دونون پیس کے انڈے کی زردی مین
گرد حلقہ چشم لیپ لگائین ضماد برائے کوفت چشم مفید ہے ترکیب تخم خطمی تخم خبازی پیس کے شیر دختر و روغن گل مین ملا کے پلک چشم پر ضماد
کرین اور گل ارمنی آب کشنیز مین بھی نافع ہے ایضًا برائے ورم حار ملتہب کہ آنکھ یا مفاصل مین بسبب ضربہ و سقطہ وغیرہ پیدا ہو گیا ہو اور
کھٹک ہوتی ہو ترکیب آرد جو پندرہ جزو کوکنار پندرہ جزو بنفشہ تیرہ جزو تخم خطمی سات جزو لونگ گلسرخ اصل السوس نیلوفر ہر ایک پانچ
جزو عدس مقشر تین جزو حنا دو جزو زعفران نیم جزو کوٹ پیس کے روغن گل انڈے کی زردی مین ملا کے نیم گرم ضماد کرین ضماد ازالہ طرفہ کرتا ہے
ترکیب مکو کی پتی مویز بہدانہ صبر نمک سیاہ سرکہ کے ساتھ پلک پر لیپ کرین اور ضماد اکلیل الملک و دم الاخوین و بیخ مہکوۂ زعفران

عدس مقشر روغن گل اور انڈے کی زردی میں لیپ لگائیں ضماد نافع شعیرہ ترکیب اشق و سکبینج سرکہ اور روغن گل میں پیس کے ضماد کریں
ضماد غرب بستہ کو نرم کرتا ہے اور دور کر دیتا ہے ترکیب تخم مرو کوٹ کے آرد گندم دودھ میں خمیر کریں تھوڑی زعفران ملا کے شیر دختران یا شیر خر
میں پکائیں اور غرب پر ضماد کریں اور تضمید بنوماش خائیدہ بھی مجرب ہے ضماد پر بال نہ اگنے پائیں ترکیب زعفران دو ماشہ پاؤ بالا کافور چوتھائی
دانگ پیس کے بال منڈانے کے بعد اس موضع پر ضماد کریں ضماد نافع درد گوش کہ گرمی سے ہو ترکیب صندلین پوست خشخاش کاہو کشنیز تر
گلاب میں پیس کے کان کے گرد لیپ کریں ضماد درد گوش دھوپ میں چلنے سے یا بسبب ہبوب ریاح سمائم ہوتا ہو نافع ہے ترکیب سرکہ تند
تین درم سے دس درم تک حسب زیادتی کمی حرارت روغن گل و گلاب ہر ایک دس درم برگ بید برگ سیب برگ بہ برگ خرفہ برگ مکو سب کو کوٹ چھان کے
لیپ بنائیں اور عقب سر جائے مبدء اعصاب کے گرد لگائیں گرم ہو جائے تو بدل دیں بیماری کا اختلاط ہو تو اجزاء باردہ کم کر دیں اور روغن
بابونہ دفعہ بدفعہ بڑھا دیں ضماد ورم گوش میں نافع ہے جو کان میں پانی چلے جانے سے ہوا ہو ترکیب پوست خشخاش ناخونہ بابونہ بنفشہ خطمی
بزر کتان آرد جو مقشر شیر زنان میں ضماد کریں ضماد ورم حار گوش میں مستعمل ہے ترکیب مکو جدوار صندلین رسوت گل ارمنی آب کشنیز سبز میں پیس کے
کان کے گرد طلا کریں ایضاً ورم حار گوش و بناگوش کے واسطے بعد فصد مفید ہے ترکیب برگ بنفشہ گل خطمی کوٹ کے آب حلبہ و ماء العسل کے ساتھ
لیپ کریں ایضاً ابتدائے ورم گوش میں مستعمل ہے ترکیب آرد جو کو شیاف مامیثا گل ارمنی رسوت مکی صبر صندلین ناخونہ نوفل اور انتہا میں بابونہ
آرد باقلا اضافہ کریں اور شدت درد کے وقت قدرے افیون بڑھا دیں اور انڈے کی سفیدی میں ملا کے لیپ کریں ضماد ورم گوش میں کہ مادہ اسکا
بہت گرم ہو کسیقدر درد اور شروع میں درد سر پیدا ہوا ہو کام آتا ہے ترکیب تخم کتان تخم خطمی سفید بابونہ کوٹ کے ماء العسل یا آب حلبہ میں ضماد
کریں ضماد معمول ورم بارد گوش میں ہے ترکیب عنب الثعلب مغز فلوس ناخونہ بابونہ آب کشنیز سبز میں پیس کے نیم گرم کان کے گرد ضماد کریں اور
انھیں دواؤں کو گائے کے دودھ میں جوش کر کے بھپارہ دیں ضماد نافع اکثر اوجاع اذن خاصکر جس وقت بسبب ورم بیرون گوش ہو ترکیب
آرد جو آرد باقلا بابونہ گل بنفشہ تخم خطمی ناخونہ روغن بنفشہ گرم پانی میں لیپ کریں ایضاً برائے ورم بارد بن گوش معمول حکیم وارث علیخان ترکیب
بسفائج بکھیرہ ہر ایک چار ماشہ ریوند خطائی جدوار ہر ایک دو ماشہ مرچ سیاہ سات عدد پانی میں پیس کے نیم گرم لیپ کریں ضماد برائے قلاع
اذن و بثور میں مجرب ہے ترکیب مغز تخم کدو سوختہ مغز تخم ہندوانہ سوختہ پوست کدو سوختہ دم الاخوین سفیدہ آب قلعی گلنار سوختہ توتیائے کرمانی کوٹ پیس کے
شیر دختر میں حل کر کے ہاون میں طین کہ مثل مرہم کے ہو جائے طلا کریں ضماد انقلاع غضروف گوش کیواسطے بعد فصد و اسہال کے اور درد کیواسطے
مفید ہے ترکیب نان جو خشک پانی میں بھگو دیں یہاں تک کہ نرم ہو جائے تھوڑا سرکہ اور روغن گل اسپر چھڑک کے مثل ضماد کے بنا کے باندھ
دیں ضماد حابس رعاف ترکیب کافور افیون ہر ایک ربع جزو گل ارمنی عصارہ لحیۃ التیس گلنار عدس مقشر ہر ایک ایک جزو کوٹ چھان
کے سرکہ انگوری میں ملا کے جبہ و تارک سر پر رکھیں اور کبھی آرد جو خطمی اقاقیا صندل بجائے مسور کے ہوتا ہے ضماد نافع اورام و بثور حارہ یعنی ترکیب
مغز تخم کدو و مغز تخم ہندوانہ دم الاخوین سفیدہ آب قلعی مغسول گل ارمنی روغن گل میں ملا کے طلا کریں اگر دانوں کو خشک کرنا منظور ہو تخموں کو بریان

کر لین اور توتیائے کرمانی اضافہ کرین اور برائے رفع صلابت و خشکی اگر تسکین منظور ہو عوض روغن گل شیر مادہ گاؤ ملا دین ضماد برائے جراحت بینی ولبہا
خشک ریشہ مفید ہے ترکیب صندل سفید حضض مکی سودہ بگلاب و آب خرفہ مین ضماد کرین ضماد برائے ورم حار لب معمول ہو ترکیب مکو
سپیاری گلنار گلسرخ سرکہ اور گلاب مین پیس کے لیپ کرین ایضاً برائے ورم و بثور حار لب ترکیب رسوت زرد چوب جدوار گیرو صندل
سرخ آب کشنیز سبز مین ضماد کرین بعدہ صبر زرد مامیران آب مکو بڑھائین ایضاً محلل ورم نزلی لب مجرب ہے ترکیب رسوت ایلوا جدوار
مکو کی ہری پتی کے عرق مین نیم گرم ضماد کرین ضماد برائے بثور لب ترکیب رسوت صندل سرخ آب عنب الثعلب مین پیس کے لیپ
کرین ضماد شقاق لب ترکیب مازو سفید قلمی نشاستہ کتیرا باریک پیس کے مرغی کی چربی کیساتھ جو روغن گل مین پگھلائی ہوئی ہو ملا کے
کام مین لائین ایضاً برائے شقاق لب مجرب ہے ترکیب رسوت تخم تربوز آب کشنیز سبز مین پیس کے ہونٹھ پر ملین ضماد بواسیر لب کیواسطے
مفید ہے ترکیب عدس ناخونہ بابونہ خطمی پانی مین پکا کے کوٹین انڈے کی زردی مرغ کی چربی مین ممزوج کر کے بعد فصد قیفال و جلاب
و تشرب مطبوخ افتیمون اور اگر بواسیر سیاہ ہو ہونٹھ پر پچھنے لگائین اور جونکین لگائین پچھنے کے بعد سرکہ ملین کہ خون بند ہو جائے اور
اگر بواسیر سرخ ہو پچھنے اور جونکون سے پرہیز کرین اور بعد تنقیہ عام کے ضماد مذکور لگائین ضماد مجرب دہموتی برائے درد دندان ترکیب
کافور افیون دونون کو ممزوج کر کے جس دانت مین درد ہو لیپ کرین ایضاً برائے درد دندان بارد ترکیب سونٹھ کبر و بار کے پیس کے لیپ
کرین ضماد نافع برائے استرخاء لہات رطوبت بلغمی سے ترکیب مازو سبز قشار کندر برگ آس کوٹ چھان کے سرکہ مین ملا کے یافوخ پر لیپ
لگائین ضماد خناق ذوبحہ دموی مین بعد فصد و تبرید کے مستعمل ہے ترکیب بارتنگ کاسنی آرد جو عدس مقشر خطمی بابونہ بنفشہ کوٹ چھان کے
روغن گل مین چرب کر کے گلاب و سرکہ مین حل کرین اور قفا و گرد گردن و حلقوم ضماد کرین ایضاً برائے خناق ترکیب مینڈک کو بیچ سے پھاڑ
کے گرما گرم گلے پر باندھ دین کہ خناق صعب مین مجرب ہے اگر ہرے دھنیا کو کاٹین پھر سرکہ مین پکا کے نکالین اور کپڑے سے چھان کے
گلے پر باندھ دین اسی طرح مکو کی پتی سے بھی عمل کرین تو بھی مفید ہے ضماد برائے ورم کہ خارج گلو و ذقن مین ہو جائے بیاض والد مرحوم سے
ترکیب گیرو سونٹھ صابون تینون برابر لیکر پیس کے یا گل خطمی پیس کے شیرہ بادیان مین مغز فلوس حل کیا ہوا ملا کے نیم گرم لیپ کرین یا جدوار در سوت گلاب یا سرکہ
مین طلا کرین یا تخم سرس کالی زیری فلفل گرد پانی مین پکا کے حلبہ گل دیگمدان مرچ سیاہ پانی مین پیس کے نیم گرم ضماد کرین ضماد برائے ورم
گلو مجرب ہے بیاض استاد مغفور سے ترکیب حلبہ تخم کتان گل خطمی سفید گل بنفشہ تخم مرو جدوار کوٹ چھان کے آب کھیکوار مین پیس کے
لیپ کرین اور پان کا پتہ باندھ دین ضماد اقسام خناق مین مجرب لطا کی ہے ترکیب آرد باقلا آرد حلبہ آرد جو ہر ایک ایک حصہ خسہ تخم خطمی
ہر ایک نصف و شحم حنظل خناق بارد مین اور گل ارمنی نوع حار مین ربع جز وکوٹ چھان کے انڈے کی سفیدی مین اگر قسم حار ہو اور مرغابی
کی چربی یا مرغی کی چربی مین اگر قسم بارد ہو ملا کے مگر حلق پر لیپ کرین ضماد برائے خناق کہ زوال فقرہ گردن سے حادث ہو جاتا ہے ترکیب مازو پوست
انار قرطاسی سرشیر غری السمک اور سرشیر و غری السمک کو بھگوئین اور دوسری دوائین پیس کے ملا دین اور کپڑے سے چھان کے گردن پر

باندھدین ضماد براے ورم صلب گلو مثل سلع کے سخت ہوتا ہے ترکیب کندر پانچتولہ سنبلوجن ڈھائی تولہ افیون پانچماشہ زعفران ڈھائی ماشہ
ان سب دواؤن کو پیس کے اور آرد گندم پانی سے گوندھا ہوا پانی سے بھرے پیالہ مین تھوڑا تھوڑا ملکے اسکا دودہ نکال لین اوسمین مذکورہ
دوائین ملاکے کسی برتن مین آگ پر چڑھادین کہ گاڑھا ہوجاے ورم پر لیپ کرکے اوپر سے برگ بید انجیر و پنبہ کہنہ باندھدین اسی طرح
اکیس دن تک اس لیپ کو استعمال کرین اگر دوا ختم ہوجاے اسی درمیان مین دوسری بنالین ضماد مسرنہ جو ورم جگر سے ہو مفید ہے ترکیب
بالچھڑ نیم درم ریوند چینی ایکدرم صندل سرخ صندل سفید بابونہ ناخونہ تخم کاسنی تخم کشوث برگ نیلوفر ہر ایک دو درم گلسرخ چار درم گل خطمی
آرد جو ہر ایک سات درم کوٹ چھان کے آب کاسنی و بید مین طلا کرین ضماد براے درد سینہ ترکیب نان میدہ خشک کوٹ چھان کے
مغاث و مقل اندکی زردی زعفران خطمی روغن گل ملاکے ضماد کرین ضماد نافع براے انتصاب نفس حادث استرخاے عضلات صدر سے
رطوبت بارد کے اور ضعف حرارت کے سبب سے ترکیب مصطگی بالچھڑ مرصاف قصب الذریرہ صبر سقوطری نارمشک مساوی الاجزا
گلاب مین پیس کے کپڑے کو آلودہ کرکے سینہ پر ضماد کرین ضماد نفث الدم مین جسوقت اسباب گرم اسکا سبب ہون اور حبس خون
مطلوب ہو ترکیب اقاقیا کندر ماز و گلنار مرکی صمغ عربی گل ارمنی افیون مساوی پانی مین پیس کے سینہ پر طلا کرین ضماد ذات الریہ مین
بزمانہ ابتدا مستعمل ہے ترکیب گل خطمی صندل سفید آرد جو آب عنب الثعلب و آب خرفہ مین بھگوئین روغن بنفشہ مخلوط کرکے سینہ پر لیپ
کرین الضماد ذات الریہ مین چوتھے روز کام مین لائین ترکیب بابونہ ناخونہ بنفشہ تخم خطمی صندل سفید آرد جو سب مساوی کوٹ چھان کے موم
سفید مع روغن گل گھلاکے اجزا کو اسمین ملادین اور بدستور مرہم مرتب کرین پارچہ مین مل کے سینہ پر ضماد کرین اگر نضج مین توقف دیکھین حلبہ
تخم کتان آرد باقلا ہر ایک ایکجزو اجزاے مذکورہ مین بڑھادین ضماد دیع ذات الجنب مین مجرب ہے ترکیب آرد جو ناخونہ پوست خشخاش
کوٹ چھان کے لیپ کرین ضماد مادہ ذات الجنب و ذات الریہ کو پکاتا ہے اور درد کو ساکن کرتا ہے قالون سے ترکیب بنفشہ تخم خطمی
بابونہ ہر ایک ایکجزو آرد باقلا آرد جو ہر ایک نیم جزو اصل السوس دو جزو کوٹ چھان کے موم و روغن بنفشہ یا روغن کنجد مین آمیز کرکے رکھین ضماد
منضج و محلل ذات الجنب مین بعد تسکین درد جبکہ نفث لطی ہو براے تحلیل و انضاج ترکیب گل بنفشہ صندل سفید آرد جو خطمی سبوس گندم
ناخونہ مساوی کوٹ چھان کے موم روغن مین جو موم اور روغن بنفشہ مین بنا ہو ملاکے ضماد کرین ضماد براے شوصہ و انضاج مادہ ذات الجنب
ترکیب بنفشہ نخالہ گندم بابونہ آرد جو آرد باقلا تخم خطمی ناخونہ مساوی کوٹ پیس کے موم و روغن بنفشہ مین قیروطی بناکے نیم گرم لیپ کرین ضماد [illegible]
براے تسکین درد شوصہ و ذات الجنب کام مین آتا ہے ترکیب بنفشہ بادیان تخم شبت تخم کتان حلبہ آرد جو سبکو آٹے کی طرح پیس کے
پانی مین جوش کرین اور روغن کنجد مین ملاکے نیم گرم موضع درد پر رکھین ضماد براے درد پہلوے بارد ترکیب بابونہ سونٹھ السی کالے
مساوی پانی مین پیس کے نیمگرم ضماد کرین ضماد براے سوء مزاج حار قلب و خفقان حار ترکیب گل نیلوفر کشنیز خشک صندل سفید
ہر ایک سات ماشہ کافور تین ماشہ گلاب مین پیس کے سینہ پر ضماد کرین ضماد براے سوء مزاج بارد قلب نافع ہے ترکیب

بالچھڑ دارچینی سعد لونگ گلسرخ کوٹ چھان کے آب مرزنجوش وشاہسفرم وآب بادرنجبویہ مین ترکرکے لیپ کرین ضماد ورم پستان حار مین
کام آتا ہے ترکیب آرد باقلا سکنجبین، روغن گاؤ مین ملا کے لیپ لگائین ضماد برائے ورم گرم پستان کہ بسبب انجماد شیر ہوجاتا ہی ترکیب
آرد باقلا مغاث آب کشنیز سبز وآب خرفہ سبز اور انڈے کی زردی مین ضماد کرین ضماد دودھ اگر جم کے متعفن ہوگیا ہو کام مین آتا ہے ترکیب چقندر
پکالین گل جاے تو مغز نان آرد جو باقلا مین کوٹین اور روغن کنجد ملا کے لیپ کرین ضماد نافع ورم بارد پستان ترکیب چوب میدہ لوت
کچنال تخم حلبہ پوست بیخ ارنڈ گیرو سب برابر کوٹ پیس کے لیپ کرین ضماد برائے کوفتگی پستان ترکیب ماش دانہ مویز کوٹ کے آب برگ
سرد کوفتہ مین ملا کے لیپ لگائین ضماد ورم پستان حکیم علی سے ترکیب ابتدا مین صندل جوزالقی برگ حنا آب مکو مین پیس کے طلا کرین
کہ ردع وتقویت کرتا ہی وسط مین نضج کے لیے برگ وگل خطمی اور مانند انکے اگر مرہم اشق ملادین جلد نضج ہوگا اگر شگاف دین مراہم مرملہ سے
علاج کرین ضماد منضج مادہ ورم پستان ترکیب تخم ریحان شیر گاؤ مین پکا کے باندھ دین اور تخم کتان بابونہ ناخونہ پانی مین جوش دے صاف
کرکے ہمراہ موم روغن گل قیروطی بنا کے ضماد کرین ایضاً نضج وانفجار دبیلہ پستان مین معمول ہی ترکیب تخم کتان کنجارہ کنجد بیخ سوسن سفید
سائلہ سرگین بز سرگین کبوتر نطرون راتینج مساوی کوٹ کے روغن کنجد ومغز ساق گاؤ وسفنج مین ملا کے ضماد کرین ضماد نافع ورم پستان حاملہ
ترکیب بابونہ ناخونہ گل خطمی بنفشہ ہر ایک پانچ ماشہ آرد جو آرد نخود ہر ایک دس ماشہ کوٹ چھان کے آب کاسنی وگلاب مین طلا کرین ضماد
دودھ کم کرتا ہے اور جو دودھ کی زیادتی سے ورم ہوتا ہے اُسے کھوتا ہے ترکیب آرد باقلا عدس مقشر تخم کاہو آرد جو گلسرخ گل ارمنی پیس کے روغن گل
سرکہ مین ملا کے استعمال کرین ضماد نافع عظم پستان وخصیہ ترکیب گل قیمولیا مازو شب یمانی سفیدہ ارزیز بزرالبنج سرکہ مین پیس کے استعمال
کرین ایضاً برائے خردی وسختی پستان ترکیب بیخ کندوری مولسری خام دونون برابر سہجنہ کے رس مین چار پہر تک کھرل کرین بعد اسکے
ضماد کرین تین دن مین ٹھیک ہوجائیگا ضماد جس عورت کے پستان بہت چھوٹے ہون ترکیب پیپہ گاؤ مین پیپل برابر پگھلائین اور ہر روز شیر گرم ملین ضماد دودھ زیادہ کرتا ہے
ترکیب تخم بادروج پانچدرم آرد باقلا دس درم کوٹ چھان کے آب بادروج مین لیپ کرین ضماد ریاح ودرد معدہ دفع کرتے اور غثیان وخشوع
رفع کرنے مین مجرب ہے ترکیب مغز نان خمیری خشکار نعناع سبز ہر ایک دو تولہ مصطگی تین ماشہ زعفران ایک ماشہ سب کو کھرل مین حل
کرین کہ مثل مرہم کے ہوجاے پھر کپڑے پر لگا کے معدہ دفم معدہ پر رکھین ضماد برائے تقویت معدہ وتحلیل ریاح نافخہ بہت مفید ہی
ترکیب مصطگی گلسرخ افسنتین بالچھڑ سعد کوٹ چھان کے گلاب مین ترکرکے ضماد کرین ضماد تحلیل ریاح نافخہ اصحاب مالیخولیا مراقی
کرتا ہے ترکیب صندل سفید عود قماری عود صلیب گلسرخ بالچھڑ کوٹ پیس کے گلاب وروغن مصطگی ملا کے مراق ومعدہ پر
ضماد کرین ضماد مالیخولیاے مراقی مین بعد قے کے نافع ہے ترکیب مصطگی گلسرخ افسنتین سنبل اسارون سعد شبت پودینہ
دشتی زیرہ کرمانی افیون تخم کرنس صعتر کوٹ چھان کے پانی ملا کے لیپ کرین ضماد تحلیل ریاح سوداوی کے لیے کہ عضلات مراق
وسینہ مین درد کا سبب ہوتا ہی مجرب ہی نیز درد پہلو کے واسطے مفید ہے جو ریاح غلیظ سے پیدا ہوگیا ہو ترکیب سورنجان تین ماشہ

زرنباد فاوانیا درونج ترکی زرنبا خشک ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کے ڈیڑھ تولہ موم سفید و روغن زیت کہنہ و روغن قسط سے موم روغن بنا کے
ملائیں اور آدہ میں لکڑی سے حل کریں اور کپڑے پر رکھ کے نیمگرم موضع درد جانبین پر رکھیں اور بطور موم روغن کے گرم کرکے مل بھی سکتے ہیں ضماد
صندلین مسکن حرارت معدہ و جگر نیز ورم جگر کیواسطے بعد فصد کے استعمال کیا جاتا ہے ترکیب صندلین شیاف مامیثا کافور کوٹ
چھان کے آب کشنیز سبز و سرکہ میں ملا کے ضماد کریں ضماد ہیضہ گرم میں بعد دفع غذاے فاسد براے تقویت معدہ کام میں آتا ہے
ترکیب نان خشک کہنہ سرکہ میں بھگو کے لیپ کریں ضماد ہیضہ دموی میں مجربات انطاکی سے ہے ترکیب سفرجل آس عدس
مقشر ہر ایک ایکجزو اقاقیا صندل تخم کاسنی گلنار آرد جو ہر ایک نیم جزو ماز و برگ حنا ہر ایک ربع جزو سرکہ میں ملا کے ضماد کریں ضماد نافع
تہوع ترکیب مصطگی گلنار برگ پودینہ بالچھڑ پیسکے فم معدہ پر لیپ کریں ضماد نافع قے مجربات اُستاد مرحوم سے ترکیب کافور نیم جزو زعفران
ایکجزو عود تین جزو صندلین ہر ایک چار جزو گلسرخ سک ہر ایک پانچ جزو آب بہ و سماق میں لیپ کریں ضماد نافع نفث الدم ترکیب
اقاقیا گلنار رسنہ صندل سفید و سرخ پانی میں پیس کے معدہ پر لیپ کریں ضماد براے نواق کہ بسبب دمعدہ ہوتا ہی جند بیدستر ڈیڑھ دانگ
مشک خالص ایک دانگ بالچھڑ ناردین مصطگی ہر ایک دو ثلث درم تخم بادرنجبویہ برگ فرنجمشک تخم کرفس انیسون ہر ایک ایکدرم کوٹ
چھان کے موم روغن و روغن ناردین میں ملا کے وقت خلو معدہ ضماد کریں ضماد نافع درد لواد و بارد ترکیب دارچینی عود وج ترکی
زرنباد مصطگی ہلاب میں نیمگرم ضماد کریں ضماد محلل ورم معدہ ترکیب آرد جو خطمی ناخونہ بابونہ گلسرخ صندل سفید کوٹ چھان کے آب
کرنب و کمو و قدرے زعفران میں ملا کے استعمال کریں ضماد براے ورم صلبہ معدہ و جگر بے نظیر ہے ترکیب زعفران صبر ہر ایک ایکدرم
افسنتین بالچھڑ ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ ڈالیں اور گرم پانی میں لیپ کریں ہری مکو کے عرق میں ملا کے استعمال کریں تو انفع ہے
ضماد ورم معدہ بلغمی و سوداوی میں مجرب ہی ترکیب جعدہ پانچدرم ناخونہ حماما بابونہ شبت مصطگی ہر ایک دس درم افسنتین بالچھڑ
ہر ایک سات درم صبر زرد آٹھ درم کندر چھ درم پیہ لطہ یا مرغابی بارہ درم پیہ مرغ بیس درم بیخ خطمی پندرہ درم موم سفید تیس درم حب
دستور ضماد کریں ایضاً براے ورم صلب معدہ بغایت سودمند ہے ترکیب سعد اذخر قصب الذریرہ ہر ایک دو درم بالچھڑ مصطگی
ہر ایک تین درم گلسرخ پانچدرم بابونہ خطمی آرد جو ہر ایک سات درم بنفشہ خشک آردہ حلبہ ہر ایک دس درم سب کو کوٹ چھان کے لعاب
بزرکتان میں ملا کے خلوے معدہ کیحالت میں ضماد کریں خلاصہ میں وزن بابونہ وغیرہ ہر ایک دس درم ہے اور حلبہ کی مقدار بیس درم ہے
اور لکھا ہی کہ بعد مالش کے روغن ناردین کے نیمگرم لیپ کریں اور نسخہ سدیدی میں وزن بالچھڑ و گلسرخ ہر ایک چھ درم و بابونہ خطمی وارد کی جو
سطر درج ہے تو عدد بگیر ورم معدہ میں کہ بغایت صلب و سخت ہو ترکیب افسنتین بالچھڑ سلیخہ مصطگی ہر ایک تین درم صبر سقوطری
سعد سائلہ ہر ایک چار درم حلبہ تخم کتان ہر ایک پانچدرم زعفران مرمکی ہر ایک ایکدرم سب کو باریک کوٹ کے موم سرخ ڈھائی درم اور
روغن زنبق یا روغن قسط یا روغن ناردین پندرہ درم گھلا کے دوائیں اسمیں بھگو دیں اور بدستور مرہم بنا کے لیپ کریں ضماد محلل و

وطلین مرکب مبردات سے ہے کہ اِس مرض مین حرارت مزاج مریض کی صورت مین کام آتا ہے ترکیب مکو بابونہ بنفشہ آرد جو خطمی ناخونہ ملیٹھی
موم سفید روغن گل روغن بنفشہ بدستور معمول باہم ملا کے استعمال کرین ایضاً طلین محلل کہ حالت برودت مزاج علیل مین معمول ہے ترکیب بنفشہ
بابونہ اذخر بالچھڑ آرد حلبہ حب البان مقل مغز بادام تلخ لعاب تخم کتان روغن بان موم زرد پیہ ماکیان قیروطی کے طریقہ سے بنا کے کام
مین لائین ضماد برائے جسارت معدہ نافع ہے ترکیب بابونہ ناخونہ ہر ایک تین ماشہ مرکی صبر مصطگی ہر ایک ایک ماشہ موم زرد ایک تولہ کو
روغن ناردین مین پگھلا کے دوائین باریک پیس کے ملا دین اور نیم گرم ضماد کرین ایضاً جسارت معدہ و عضلات شکم کو نرم کرتا ہے
مجربات جالینوس سے ہے ترکیب موم ساٹھ درم صبر زرد علک الانباط ہر ایک تیس درم سونٹھ جاؤشیر ہر ایک بیس درم روغن
سوسن دو سو چالیس درم بطریق مرہم بنا کے لیپ کرین ضماد قروح معدہ کے لیے نافع ہے ترکیب افیون زعفران ہر ایک نیم دانگ
مرداسنگ ایک مثقال سفیدہ ارزیز نیم درم روغن گل پانچ درم حسب رسم لیپ کرین ضماد مسکن حرارت جگر ترکیب گل سرخ صندل سفید
کافور پانی اور گلاب مین ملا کے ضماد کرین ضماد سنبل سوء مزاج بارد جگر کے واسطے مفید ہے اور علل جگر جنمین قرص راوند مستعمل ہون کام مین
لائین ترکیب بالچھڑ مصطگی قصب الذریرہ اذخر زعفران مرکی جملہ برابر مصطگی ہا درم کو شراب مین حل کرین پھر دوسری دوائین کوٹ
چھان کے ملائین اور لیپ کرین بارد غذاؤن کو ترک کردین ایضاً ورم حار کبد مین ابتداً معمول ہے ترکیب تخم کاسنی صندل زرد
آرد جو مکو آب کشنیز سبز و آب مکوے سبز پیس کے روغن گل اور قدرے سرکہ ملا کے ضماد کرین ضماد ورم جگر و استسقا مین مستعمل ہے ترکیب
لک مغسول سارون ریوند چینی جرائنہ بیخ اذخر افسنتین ہر ایک دو درم مصطگی گل خطمی عصارۂ ماميثا ہر ایک ایک درم سنبل الطیب مرکی صبر ہر ایک تین ماشہ
گل بنفشہ گل بابونہ ہر ایک ڈیڑھ مثقال گلسرخ تین ماشہ تخم کشوث دو مثقال بیخ خطمی ڈیڑھ مثقال ناخونہ ڈیڑھ مثقال کوٹ کے آب عنب الثعلب
وقدرے گلاب مین جوش دے کے کپڑے پر طلا کر کے موضع ورم پر چپکا دین ضماد برائے صلابت جگر و طحال معمول ہے ترکیب اشق المقل بیخ کبر بزبا
آہو دو جزو سرکہ تند مین بھگائین اور کپڑے پر لگا کے رکھین ضماد ضربہ جگر کے لیے نافع ہے ترکیب عود غرقی زعفران حب الغار مقل زرد
مصطگی سنبل الطیب مساوی کوٹ ڈالین اور روغن سوسن یا روغن زنبق و موم مین ملا کے لیپ کرین ضماد محلل نفخۂ کبد ترکیب بالچھڑ زرد و جادرس
آب فرنجل و قدرے مشک و عود مین ملا کے جگر پر ضماد کرین ضماد برائے استسقائے لحمی ترکیب کل پنج ایک تولہ کفدر یا ریوند چینی ہر ایک تین ماشہ قسط تلخ زنجبیل زرچوبہ سیاہ بابونہ ناخونہ
ہر ایک چھ ماشہ سرکہ مین ضماد کرین ایضاً برائے ورم سخت و استسقائے مستعمل ہے ترکیب زیرۂ سیاہ گل ارمنی سعد کوفی بابونہ مکو ہر ایک چار ماشہ مرصبر ریوند چینی ناخونہ
ہر ایک تین ماشہ پشک بز خشک سرگین گاؤ خشک ہر ایک ایک تولہ نطرون ارمنی دو ماشہ پانی مین حل کر کے نیم گرم ضماد کرین ایضاً مجرب برائے استسقائے لحمی ترکیب
گوبر مینگنی و پشکل آہو خاکستر چوب انگور نطرون جدوار زرنباد کفدر یا قسط تلخ اقاقیا مساوی سرکہ مین ملا کے نیم گرم ضماد کرین ضماد جمیع اقسام تبیخ مین عجیب الاثر
اور معمول ہے ترکیب بالچھڑ ایلوہ ہر ایک دس مثقال کنڈے کی راکھ پندرہ مثقال سرگین بز و آہو سعد کوفی قسط تلخ قردمانا ابرسا نوشادر اشنہ حماما سلیخہ عود بلسان
حب بلسان بود ارمنی صعتر نمک ہندی حنظیانا ہر ایک پانچ مثقال کوٹ پیس کے بول شتر مین ضماد کرین ضماد برائے استسقائے زقی اور اُس

استسقا کے لیے جسمین حرارت ہو ترکیب آئے جو سعد شکل کو سفید کہنہ بورہ ارمنی مساوی کوٹ چھان کے سرکہ مین لیپ لگائین ضماد
استسقاے زقی کیواسطے مجرب ہی ترکیب بیخ سوسن چھ ماشہ صبر سقوطری ایکتولہ نمک اندرانی سرگین گاؤ خشک ہر ایک چار تولہ کوٹ
چھان کے سرکہ انگوری مین پکا کے لیپ لگائین ضماد استسقاء طبلی کیواسطے مفید ہے ترکیب بابونہ ناخونہ مرزنجوش برنجاسف
پودینہ ہر ایک دس درم زیرہ نبطی صعتر فارسی بادیان انیسون زوفا قردمانا ہر ایک پانچدرم تخم سداب صمغ سداب ہر ایک تین درم
اسارون بالچھڑ حب بلسان عود بلسان سلیخہ ہر ایک دو درم جند بید ستر مرکی میعہ سائلہ ہر ایک ڈیڑھ درم سبکو باریک کوٹین اور صموغ کو
روغن نفت یا روغن سداب مین ڈالدین اور دواؤن کو اسمین بھگو کے پیٹ پر لیپ کرین ضماد انثیین سپرز کو قوت دیتا ہے ترکیب
افسنتین بالچھڑ کزمازج قردمانا فقاح اذخر بیخ کرفس گلسرخ مقل باریک کوٹ کے اور آب سداب یا آب برگ طرفا مین طلا دو سرکہ
بڑھا کے ضماد کرین ضماد سپرز بارد مین نافع ہے ترکیب انجیر زرد شبط برگ سداب پوست بیخ کبر کزمازج اسقولوقندریون بادام تلخ برگ
عنب الثعلب سرکہ مین ملا کے سپرز پر رکھین ضماد نافع ورم حار طحال ترکیب برگ بید اطراف طرفا پوست بیخ کبر اطراف سرو کرکے ضماد کرین ضماد
صلابت طحال مین معتبر ترکیب آئے جو مؤجب انگور خشک سوختہ مقل ہر ایک ایکتولہ بابونہ ناخونہ ہر ایک چھ ماشہ اشق ایکتولہ چوب جھاؤ نو ماشہ
آب برگ جھاؤ مکو سبز و سرکہ مین پیس کے ضماد کرین ضماد برائے صلابت طحال سہل و مجرب ہے ترکیب بارہ کاغذ لقبد ایکدرم لیکے
سپرز کو پکڑ کے اسپر شہد ملین اور قدرے خردل باریک پیس کے اسپر چھڑکین اور سپرز پر چپکا دین دو روز تک اسیطرح رہنے دین بعد اسکے
بابونہ جوش کیا ہوا پانی لیکے دھوڈالین ایضاً مجرب برائے طحال ترکیب زیرہ سیاہ سفید پوست بیخ کبر ہر ایک چھ ماشہ تخم حنظل
ترمس ہر ایک تین ماشہ بابونہ ایکماشہ صبر زرد دو ماشہ سرکہ ایکدام زہرہ گاؤ ایکعدد دوائین پیس کے پتے کے پانی اور سرکہ مین حل کرکے
نیمگرم ضماد کرین اور اوسکے اوپر برگ بید انجیر یا پنبہ کہنہ رکھ کے باندھ دین ضماد رماد صلابت سپرز کو نرم کرتا ہی ترکیب خاکستر
چوب انگور خاکستر نشک برمساوی سرکہ مین طلا کرین ایضاً برائے صلابت طحال معمول و مجرب ہے ترکیب مقل ازرق اشق جاوشیر
ہر ایک ایکتولہ سرکہ تند مین کھرل کرین اور پتلا پتلا لیپ لگائین ضماد برائے نفخہ و صلابت طحال ترکیب سداب دس درم بورہ ارمنی
پودینہ ہر ایک تین درم اشق سات درم کوٹ چھان کے سرکہ کہنہ مین ضماد کرین ضماد برائے یرقان اصفر جبکہ ورم جگر کے سبب سے ہو نافع
ہے ترکیب زعفران صبر زرد بالچھڑ موم سفید ہر ایک پانچدرم روغن گل روغن بنفشہ ہر ایک دس درم استعمال کرین ضماد برائے یرقان
سدی مجرب ہے ترکیب رازیانہ ناخونہ بیخ خطمی کرنب شبت بنفشہ افسنتین انجبار صبر مرکی ملیس کے روغن قسط یا روغن سنبل مین
چرب کرکے مرارہ اور جگر پر رکھین ضماد برائے یرقان اسود سفید ہی ترکیب مقل پانچدرم اشق سات درم فقاح اذخر حاشا قردمانا افسنتین
قنطوریون بیخ کبر گلسرخ ہر ایک دس درم مقل و اشق سرکہ خالص مین حل کرکے ادویہ کوٹ چھان کے ملائین اور لیپ کرین ضماد قاطع اسہال
و مسکن حرارت ترکیب صندل سفید گلسرخ ہمراہ گلاب و آب برگ انگور پیٹ پر ضماد کرین ضماد برائے منع اسہال کہ بہ وقت کیدے ہو

ترکیب سنبل قصب الذریرہ افسنتین قشور کندر مصطگی لادن برگ مورد گلسرخ صندل ہر ایک دس درم پوست انار ترش آملہ ہر ایک پندرہ درم
کوٹ چھان کے شراب کہنہ مین ضماد کرین ضماد اسہال دموی مین کام آتا ہی ترکیب آب کشنیز سبز اقاقیا گلسرخ آس صندل عدس مقشر
روغن بنفشہ مین متواتر پیٹ پر لیپ کرین ایضاً برائے گرمی جگر و ذوسنطاریائے دموی ترکیب گلسرخ صندلین گلنار لحیۃ التیس
گل ارمنی حب الآس کل برابر سب کو کوٹ چھان کے گلاب مین ملائے لیپ کرین ضماد زحیر و رمی مین بعد نضد کے مستعمل ہے ترکیب کو پیس کے
روغن گل مین پکائین انڈا نیمبرشت کی زردی ملائین اور مقعد پر لیپ کرین ضماد نافع قولنج ترکیب مغز تخم بید انجیر صبر سقوطری ہلائیکے دودہ مین
سحق کرکے نیمگرم لیپ لگائین ایضاً قولنج ریحی و بلغمی کیواسطے مجرب ہے ترکیب خردل سونٹھ گائے کے بچہ کے پیشاب مین پیس کے لیپ
کرین ایضاً اگر پیٹ پر رکھین تو دست لاتا ہی ترکیب پوست بیخ ارنڈ تر دو درم پوست ہلیلہ کابلی سونٹھ وج ترکی صبر سقوطری ہر ایک
ایکدرم سب کو پیس کے نیمگرم لیپ کرین منقول بیاض والد مرحوم سے ضماد نافع ناف ٹلجانے مین ترکیب پھٹکری تین درم
ماز و تین عدد گلنار پوست انار کزمازج جوز السرو ہر ایک ایکدرم سرکہ کی تلچھٹ مین ملا کے لیپ کرین اور رفادہ باندھ دین ایضاً نافع
مرض مذکور ترکیب مرداسنگ سفیدآب آب کشنیز تر مین پیس کے لیپ کرین اور جب تک ممکن ہو مریض کا خاموش رہنا ضروری علاج ہی
ضماد برائے کرم معدہ ترکیب برگ شفتالو نمک شونیز برابر گائے کا پتہ اور سرکہ مین ملا کے لیپ کرین ایضاً قاتل کرم شکم ترکیب درمنہ
ترکی وج قسط سیاہ دانہ ہر ایک دو مثقال پیس کے آب برگ شفتالو مین ناف پر طلا کرین ایضاً افسنتین ترنگ کابلی مقشر شحم
حنظل زہرہ گاؤ مین پیس کے پیٹ پر ضماد کرین ضماد افسنتین برائے قتل دیدان صغار رودہ مستقیم اطفال مجرب ہے ترکیب افسنتین
رومی صبر سقوطری شحم حنظل کوٹ چھان کے زہرہ گاؤ مین ضماد کرین پیٹ اور مقعد کے اوپر ضماد برائے درد و
سوزش بواسیر ترکیب آب برگ عنب الثعلب حضض کات ہندی انڈے کی سفیدی روغن قنب ہر ایک المکتوبہ لعاب اسبغول وقدرے کافور و
افیون و زعفران باہم پیس کے ضماد کرین اگر مکو کی ہری پتی نہ ملے سوکھی مکو لے لین ایضاً برائے حرقت درد بواسیر ترکیب مغز تخم نیب المکتوبہ
ہمراہ روغن گل دستہ سرب سے اسقدر حل کرین کہ مثل مرہم کے ہو جائے اور سیاہ پڑجائے پھر تھوڑے انڈے کی سفیدی داخل کرکے طلا کرین ضماد
برائے دفع بواسیر مجرب ہے ترکیب ورق الخیال شیر گاؤ مین پکائین یہانتک کہ گل جائے پہلے اسکا بھپارہ لین پھر پنیان پیس کے
مثل مرہم باندھ دین ایضاً مسکن درد بواسیر و معمول ہی ترکیب بابونہ ناخونہ گل خطمی السی ہر ایک تین درم افیون زعفران ہر ایک ایکدرم
مقل دو درم کوٹ چھان کے انڈیکی زردی مین لیپ لگائین ایضاً برائے بواسیر و درم مقعد بہت مجرب ہی ترکیب گل بنفشہ گل بابونہ
حلبہ اکلیل الملک بزر کتان برگ خطمی ہر ایک المکتوبہ کوٹ چھان کے پانی مین پکائین تا کہ مثل خمیر کے ہو جائے پھر لیپ کرین ضماد درد بواسیر
کو کھوتا ہی درم کو نافع اور خون بہاتا ہے ترکیب پیاز گائیکے گھی مین بریان کرین اور پیس کے رکھین ضماد بواسیر و درم مقعد و زحیر کے
واسطے نافع ہے ترکیب مغز ساق گاؤ دس درم موم سفید تین درم اقاقیا دم الاخوین کندر مر ہر ایک ڈیڑھ درم مرداسنگ

اسفیداج ارزیز ہر ایک ڈیڑھ درم مقل ایکدرم افیون ایکدانگ روغن گل بیس درم مین بطریق متعارف لیپ کرین ایضاً مسون کو نرم
اور درد کو دور کرتا ہے ترکیب اشنہ و برگ تنب ہر ایک چار درم باریک پیس کے میدۂ گندم دو درم روغن کنجد مین بریان کرکے باہم ملادین
اور پانی ڈال کے حلوہ کیطرح پکالین پھر مقعد پر باندھ کے لنگوٹ کس لین ایضاً بواسیر و شقاق مقعد و حرقت مقعد و اسہال بواسیری و خون
حیض کے لیے مفید ہے ترکیب سفیدہ ارزیز رسوت موم ہر ایک ایکجزو گل خطمی مقل ہر ایک دو جزو روغن گل پانچ جزو انڈے کی زردی مین
استعمال کرین ضماد برائے ورم مقعد مجربات حکیم علی سے ترکیب بابونہ ناخونہ تخم خطمی بنفشہ ملٹھی السی افیون مقل اشق روغن گل ہر ایک
ایک مثقال انڈے کی ایک زردی دوائین کوٹ کے جوش دین یہانتک کہ خمیر ہو جاے پھر مقل و اشق و افیون پانی مین حل کرکے ملادین
روغن و زردی ملا کے کام مین لائین ضماد ورم سخت مقعد کیواسطے مفید ہے ترکیب ناخونہ خطمی عدس مقشر برگ عنب الثعلب بنفشہ
مساوی کوٹ کے روغن بنفشہ انڈے کی زردی اور آب کاسنی و آب حی العالم مین ملا کے استعمال کرین ضماد برائے خروج مقعد کہ ورم سے ہو
ترکیب عدس مقشر پوست انار جفت بلوط جوز السرو ہر ایک ایکجزو سب کو آب آس مین اسقدر جوش دین کہ گل جائین پھر روغن گل
ڈال کے ہاون مین ملین کہ مثل مرہم ہو جاے اور لیپ کرین ضماد شقاق مقعد مین مستعمل ہے ترکیب پیہ بط پیہ ماکیان مغز ساق گاو
پیہ بز سب کو روغن بنفشہ مین حل کرکے ضماد کرین اگر درد و سوزش بہت ہو سفیداب ایکدرم انڈے کی سفیدی دس درم کافور ایک دانگ باہم ملا کے
استعمال کرین ایضاً قروح مقعد کے واسطے نافع ہے ترکیب افیون زعفران ہر ایک نیم دانگ مرداسنگ ایک مثقال سفیداب ارزیز نیم درم
روغن گل یا روغن کنجد مین بدستور ضماد کرین ضماد ورم حار کلیہ و مثانہ مین معمول ہے ترکیب آرد جو مکو صندل سفید تخم کاسنی سب کو
برابر پیس کے آب عنب الثعلب سبز و آب کاسنی سبز یا آب کشنیز سبز مین ملا کے ضماد کرین ضماد معمول ورم حار گردہ مین ترکیب بنفشہ آرد جو خطمی صندل
ماميثا تراشہ کدو آب عنب الثعلب آب کشنیز سبز آب برگ خرفہ گلاب و سرکہ مین ضماد کرین شدت درد کیوقت کوکنار ملادین ضماد
ورم صفراوی کلیہ مین کہ باسوزش موضع ہو اور پیاس ہو کام آتا ہے ترکیب موم سفید روغن گل گلاب روغن بنفشہ بادام آب کشنیز سبز
آب برگ خرفہ سرکہ مین باہم ملا کے کپڑہ کو تر کرکے رکھدین ضماد برائے انضاج ورم کلیہ مفید ہے ترکیب تخم کتان بنفشہ آرد جو ناخونہ تخم
سویا میتھی ہر ایک دو درم سب کو پانی مین پیس کے روغن بابونہ مین ملا کے ضماد کرین ضماد برائے ورم صلب گردہ تالیف ابو ماہر ترکیب
ترشکہ و کدو تراشہ خیار گل بید برگ خبازی سب کو کوٹ کے عرق نکال لین اور ہاون اسرب مین رکھ کے خوب پیسین یہانتک کہ سیاہ
ہو جاے اور کوئی چیز سرب کی حل کرین اور اسمین ملادین تھوڑا روغن بنفشہ داخل کرکے پھر کھرل کرین یہانتک کہ سب ایکذات
ہو جائین تھوڑا سا گردہ پر طلا کرین باقی کپڑہ کو تر کرکے گردہ کے اوپر رکھدین خشک ہو جاے تو پھر تر کر دین ضماد مستعمل ذیابیطس
مین ترکیب صندل گلنار اقاقیا گل ارمنی آرد جو گلاب و آب کاسنی سبز مین پیس کے ضماد کرین ضماد محلل ورم حار خارج
مثانہ و رحم مین معمول ہے ترکیب گل خطمی بابونہ مکو اسبغول تخم ریحان آرد جو ہر ایک چار ماشہ رسوت دو ماشہ کوٹ چھان کے

آب عنب الثعلب سبز و روغن گل و سرکہ مین ضماد کرین ضماد ملین و محلل ورم صلب مثانہ ترکیب بابونہ السی اشق مقل ہمراہ مغز ساق گاو و روغن
قسط و زیت لیپ کرین ضماد جبکہ قرحہ مثانہ کے ساتھ ورم دحبس بول ہو سودمند ہے ترکیب آرد جو گل خطمی سفید کوٹ کے آب عنب الثعلب و
روغن گل مین ملا کے مثانہ پر لیپ کرین ضماد برائے رفع احتباس بول مجرب ہی ترکیب گل معصفر دو تولہ آدھ پاؤ دودھ مین پکا کے شورہ
قلمی ایکتولہ ملا کے عانہ پر ضماد کرین ایضاً پوست درخت بید انجیر ریزہ ریزہ کر کے گاے کے دودھ مین جوش کرین مرہم کے طور پر بنا کے
لیپ کرین اگر حرارت و ورم محسوس ہو آرد جو کا اضافہ کرین اور ضماد کنجد و خردل بھی پیشاب لاتا ہے ایضاً مجرب بوعلی سینا برائے احتباس
بول ترکیب حب الغار شبت حماما ناخونہ آرد نخود بابونہ ہر ایک دس جزو دوقو تخم ترب تخم کرفس جبلی و بستانی ہر ایک سات جزو کوٹ
چھان کے روغن بلسان یا سوسن مین ملا کے اور آب کرنب سے تر کر کے ضماد کرین نوعدیگر تکملہ سنہدی سے ترکیب دال ماش خام و
شورہ و نیل بری کا عانہ پر ضماد کرین ضماد عسر بول مین کہ مثانہ مین خون جم جاتا ہی اُسوقت کام آتا ہے ترکیب دوقو تخم کرفس تخم ترب
ہر ایک سات درم حب الزلم شب یمانی اکلیل حماما آرد جو نخود سیاہ بابونہ ہر ایک دس درم کوٹ کے طبیخ کرنب مین بھگو کے روغن بلسان یا
روغن سوسن مین لیپ کرین ضماد دافع بول الدم ترکیب اقاقیا صندل سرخ خرنوب کوٹ چھان کے آب سماق و خرفہ مین ضماد
کرین ضماد مقوی باہ دمجرب ترکیب عاقرقرحا دو ماشہ دارچینی ڈیڑھ ماشہ لونگ ایکماشہ لبیاسہ ڈیڑھ ماشہ زعفران چار رتی جوز بوا
چوتھائی حصہ دار فلفل ایک عدد چوہ اگر قدرے کوٹ چھان کے کھرل مین ڈال کے آب ادرک مین سحق بلیغ کرین بھر چوہ ملا کے ادرک
کو تر کر کے قضیب پر باندھین ایک پہر تک بھر دور کر کے مجامعت کرین ضماد مقوی باہ و مصلب ذکر مجرب ہی ترکیب عروسک کھنا ک
سیلیا ہر ایک ایکتولہ جند بید ستر زعفران جوز الطیب ہر ایک چھ ماشہ برادہ کچلہ نو ماشہ مشک ترکی دو ماشہ لونگ صحرائی افیون فرفیون ہر ایک
سات ماشہ سکبو آب ادرک یا شراب دو آتشہ مین کھرل کر کے گولیان بنالین اور ضرورت کے وقت ایک گولی آب ادرک مین گھس کے سر ذکر
چھوڑ کے طلا کرین اوپر پان باندھ دین سات روز تک استعمال کرین پرہیز ضروری کا خیال رکھین ضماد پچاس برس کا نہین اس سے اچھا
ہوتا ہے ترکیب جند بید ستر عاقرقرحا فرفیون ہر ایک آٹھ ماشہ مومیج کوہی دارچینی ہر ایک چار ماشہ لونگ اکتالیس عدد کوٹ چھان کے
شراب یا شہد مین بیر کے برابر گولیان بنالین اور ایک گولی کا قضیب پر لیپ کرین صبح کو گرم پانی سے دھو ڈالین ایک ہفتہ مین
اصلی حالت پر آجائیگا ضماد مقوی باہ حکیم جعفر سے ترکیب جند بید ستر مصطگی ہر ایک ایک تولہ قسط شیرین ڈیڑھ تولہ تخم ترب تین تولہ
روغن زیتون پچیس تولہ کھرل کر کے استعمال کرین ضماد مجلوق وضعیف الاعصاب کے لیے نہایت مفید ہی ترکیب مرغ جوان سیاہ
رنگ جسنے جوڑا نہ کھایا ہو ذبح کر کے اسکا خون جمع کرین اور بول خر جوان ہمچند خون ملائین اور سیدھا کر کے قضیب پر ملین سوکھے سے ہوا
دین تاکہ خشک ہو جاے اسیطرح تین لیپ کرین متواتر ایک مجلس مین پہلے مرتبہ سوزش و آماس ہوگا اور نہین بھی ہو سکتا ہے دوسری بار
کم سوزش ہوگی تیسری مرتبہ مطلق سوزش نہو گی غلبہ شہوت ہوگا اسدن جماع نکرین جسقدر ہی تیل دکانی دین ضماد مقوی باہ و مجرب ہے ترکیب عاقرقرحا

تین ماشہ جوز بوا بسباسہ لونگ جلیت سیماب زرنیخ ہر ایک ایک تولہ شراب تند آدھ سیر میں کھرل کریں گولیاں بنا کے رکھ چھوڑیں اور شراب میں پیس کے
ہر روز ایکبار طلا کریں تین دن میں نفع ہو جائیگا ضماد مقوی باہ جو ملا قاسم کی پٹی مشہور ہے ترکیب بالون قسط خردل باریک پیس کے گرم پانی
سے لت کر کے کپڑے پر جو ذکر پر لپیٹا ہو لیپ کریں ضماد بارہا تجربہ ہوا ہے برائے سستی باہ بے نظیر ہے ترکیب لونگ گھونگچی سفید
بالون زعفران سب مساوی آب ادرک میں خوب پیس کے طلا کے وقت بھی ادرک کے پانی میں گھس کے لیپ کریں اوپر سے بنگلہ پان
باندھ دیں تین دن تک احتیاط کریں نوع دیگر مقوی باہ ترکیب گل کنیر سفید چار درم لونگ سات عدد دار چینی زعفران جوز بوا ہر ایک ایک تولہ
روغن کنجد آدھ پاؤ میں چالیس پہر کھرل کر کے کپڑے پر لیپ کر کے پٹی باندھ دیں ضماد برائے درازی قضیب بیاض استاد مغفور سے
ترکیب زعفران لونگ بیج دار چینی عاقر قرحا شنگرف بیر بہوٹی خراطین جائفل جاوتری مصطگی رومی دوائیں باریک پیس کے انڈے کے تیل میں
حشفہ چھوڑ کے قضیب پر لیپ کریں اوپر سے پان باندھ دیں اگر دانے نکل آئیں دو تین دن ناغہ کر دیں اور دھو یا ہوا گھی استعمال کریں پھر
اسی دوا کا طلا کریں ضماد ممسک مجرب ترکیب برادہ کچلہ پوست بیخ کنیر سفید مساوی آب ادرک میں پیس کے بعد مجامعت طلا کریں
اور ذکر پر خوب ملیں یہانتک کہ سوکھ جائے سستی دور کرتا ہے بعدہ جماع میں مشغول ہوں ایضاً ممسک مجرب ترکیب کافور پوست
بیخ کنیر سفید میں پھل لونگ کوٹ چھان کے شہد میں ملا کے لیپ کریں ضماد ورم حار انثیین و قضیب میں بعد فصد و تبرید مستعمل ہو ترکیب
کا کنج آرد عدس انڈے کی زردی روغن گل کا ضماد کریں اگر وجع شدید و ضربان ہو قدرے پوست خشخاش و برگ کاہو کا اضافہ کریں ضماد اورام
باردہ خصیہ کے لیے بنہایت نافع ہے اور ورم حار میں بھی انحطاط کے وقت مفید ہے ترکیب آرد باقلا حلبہ بابونہ زیرہ سیاہ مویز منقی آب و روغن کنجد میں
پکا کے لیپ کریں ضماد برائے ورم خصیہ معمولی ہے ترکیب تخم کشفث تین عدد مغز تخم بیدانجیر مقشر چوب ہر ایک نیم درم ہلدی گیرو ہر ایک دو ماشہ
مغز منبہ دانہ ایکدرم سوائے مغزیات کے دوائیں کوٹ چھان کے مغزیات کھرل کر کے انڈے میں ملا کے نیمگرم ضماد کریں ضماد برائے ورم بارد خصیہ
مفید ہے ترکیب اسپند الکنجر و سونٹھ زرد چوب ہر ایک ربع جزو کوٹ کے پانی میں پکا کے لیپ لگائیں اوپر برگ بیدانجیر اسپر رکھ کے باندھ دیں
دو تین دن میں دفع ہو جائیگا اگر قدرے جدوار و فلفل سیاہ اضافہ کر دیں توی ہو جائیگا ضماد ورم صلب خصیہ میں بعد استفراغ کے
استعمال کیا جاتا ہے ترکیب گل بابونہ اکلیل الملک آرد نخود باقلا زیرہ کرمانی مد بر موم زرد روغن گل بدستور مرتب کریں ضماد محلل ورم خصیہ
ترکیب مویز منقی موم زرد مرغ کی چربی یا بیہ گردہ بز ہر ایک دس درم انڈا ایک مصطگی نیم درم اجزا کو سوائے مویز باہم پگھلا کے مویز حل کر کے
ہاون میں کھرل کریں مل جائے تو لیپ کریں ضماد ورم صلب خصیہ و ذکر میں معمول ہے ترکیب آرد نخود آرد باقلا ناخونہ بابونہ شبت مساوی
کوٹ چھان کے آب کرنب میں ملا کے ضماد کریں اور بابونہ حلبہ و کتان و مغز ساق گاؤ و مقل بھی یہی حکم رکھتا ہے ضماد مجرب برائے ورم
خصیہ کہ غیر حار و موجع ہو ترکیب مغز بیدانجیر زیرہ کرمانی گل بابونہ ناخونہ صبر زرد باقلا آرد جو فلفل برگ تنب ہر ایک ایک جزو مویز منقی
حلبہ ہر ایک نیم جزو ضماد دیگر خصیہ کے لیے معمولات حکیم وارث علیخان سے ترکیب مغز املتاس دو تولہ آرد جو آرد مکو ناخونہ ہر ایک نو ماشہ

گلسرخ گل بابونہ بالچھڑ اکلیل الملک آردجو تخم خطمی حب‌ذار بنفسجی ہرایک چھ ماشہ اظفار الطیب صبر سقوطری ہرایک پانچ ماشہ اشق دماشہ
علک البطم مرکی ہرایک تین ماشہ آب برگ مکو روغن گل وموم زرد مین ضماد کرین ضماد نافع ضربہ خصیہ ترکیب زرد چوب مسحوق انڈے کی
زردی مین ملاکے لیپ کرین ضماد نافع عظم خصیہ ترکیب خاکستر اشکل بز سوختہ وبزرالبنج دونون کو پیس کے ضماد کرین ضماد برائے
ارتفاع خصیہ کہ مراق پر آگیا ہو مفید ہی ترکیب برگ زیتون برگ سرو اشق مقل انزروت موبز منقی باریک پیس کے ماء العسل مین ملاکے
روغن گاو روغن شبت روغن قسط داخل کرکے ضماد کرین ضماد نافع خارش خصیہ ترکیب نوشادر ایکدرم مرداسنگ دودرم گلنار زشت
ہرایک تین درم شیاف مامیثا اقاقیا ہرایک پانچدرم گلاب مین طلا کرین کبھی بجائے شیاف مامیثا رسوت صبر زرد ہرایک تین درم ملاتے
ہین الیضا برگ حنا گل خطمی صبر شاہترہ کوٹ چھان کے روغن گل وسرکہ مین لیپ کرین ضماد مخصوص اورام قضیب کے لیے ہے ترکیب
درم حار مین عدس گلنار سرخ پوست انار پانی مین پکا کے پیسین اور روغن گل ملاکے لیپ لگائین اور درم بارد مین آردجو خطمی استہ خرما روغن
بابونہ وسرگین مین ملاکے ضماد کرین ضماد ورم حار قضیب ترکیب آردجو صندل سفید ہرایک انگبین کوٹ چھان کے آب کاکنج یا آب
عنب الثعلب روغن گل وسرکہ انگوری انڈے کی زردی باون مین طلین مخلوط ہوجائے تو کام مین لائین ضماد محلل برائے تحلیل اورام حارہ
قضیب وانثیین کہ درد وسوزش کیساتھ ہو مفید ہے ترکیب گل بنفشہ گل خطمی سفید ہرایک پانچدرم گوکھرو قیصوم ہرایک دودرم
بابونہ ناخونہ ہرایک چار درم برگ نیلوفر ایکدرم ونیم سکوکوٹ کے آب کاسنی تازہ مین ملاکے لیپ کرین ضماد برائے ورم صلب قضیب
مفید ہے ترکیب موبز منقی آردجو صندل سفید پیہ گردہ بز آردباقلا چربی روغن گل مین پگھلائین دوسری دوائین کوٹ چھان کے
ملائین اور لیپ کرین ضماد برائے اعوجاج ذکر کہ بسبب تشنج امتلائی ہو بعد تنقیہ مادہ کے مفید ہے ترکیب زعفران ایکدرم مرکی
دودرم قسط تلخ زراوند مدحرج فرفیون ہرایک تین درم علک الانباط زفت میعہ سائلہ ہرایک پانچدرم علک وزفت کو روغن گل
یا روغن اقحوان مین پگھلائین اور ضماد کرین ضماد کہ فتق مین معمول ہی ترکیب قشار کندر مصطگی جوز السرو غری السمک انزروت سب
مساوی غری السمک کو سرکہ مین پگھلاکے دوسری دوائین ملاکے ضماد کرین ضماد برائے فتق مجرب ومعمول حکیم علوی خان ترکیب جوز السرو
کو مازو جبھتکری گلسرخ قشار کندر خبث الحدید صبر اشق باقلا غری السمک ہرایک انگبین وصمغ وغری السمک کو پگھلاکے دوسری
دواؤن سے مخلوط کرکے موضع فتق و مرہ وانثیین پر ضماد کرین اور لجام محکم سے باندھ دین ضماد قیل الماء کے واسطے نافع ہے ترکیب
آردجو سعد کوفی گل ارمنی زیرہ مورد پشک بز مساوی آب مورد ترو سرکہ مین ملاکے لیپ لگائین ضماد قیلہ ریحی کے واسطے
مشہود منہ ہے ترکیب آردجو سعد گل ارمنی زیرۂ سیاہ برگ مورد پشک بز مساوی آب مورد وسرکہ مین لیپ کرین ضماد فتق صبیان
کو التحام کرتا ہے ترکیب قشور انار دس درم عفص خام پانچدرم پانچ اوقیہ شراب خالص مین پکائین اسکا منہ اوپر کیطرف کرین اور موضع
پر آب سے دیسے تنطیل کرین اور اس ضماد کو استعمال کرین ایک ہفتہ مین کھولدین ضماد برائے نتو سرہ ترکیب آردباقلا ازو سبز

پوست انار ترش انڈے کا چھلکا مساوی پیس کے پانی ملا کے لیپ کریں ایضاً برائے نتو سرہ بقول شیخ کثرت تکالیف محلق نتوہ سے سرہ جنین
میں حادثہ ہوتا ہے پھر حکم دیا ہے اجوائن سحق کر کے انڈے کی سفیدی میں ملا کے گرم کریں اور کپڑے پر مل کے اس موضع پر رکھیں ضماد رادع
ورم رحم حار میں و بیلہ رحم میں بعد فصد باسلیق و صافن کے ترکیب خشخاش پکا کے گلائیں اور روغن گل میں ملا کے کام میں لائیں ایضاً بعد
فصد و تلیین طبع و قے ترکیب ناخونہ گلا ہوا بیمیں انڈے کی زردی روغن گل و ناردین و زعفران میں ملا کے استعمال کریں ضماد نافع برائے
ورم فرج و اربیہ و رحم و سائر اورام کہ حرارت سے ہوں ترکیب پوست خشخاش نرم کوٹ کے پانی میں جوش کریں یہانتک کہ گل جاے پھر
گلسرخ بزر قطونا ہموزن گوکنار داخل کر کے روغن گل و سرکہ میں ضماد کریں ضماد مسکن درد و ورم رحم ترکیب زعفران افیون بزر البنج بیہ مرغ ہر ایک دو درم
تخم خطمی پانچدرم انڈے کی نیمبرشت زردی ایک تخم کتان قدرے روغن گل میں ملا کے لیپ کریں ضماد منضج ورم رحم ترکیب آرد جو انجیر زرد
تخم کتان ناخونہ کا لیپ کریں ضماد ورم بارد رحم میں نافع ہے ترکیب بالچھڑ دو دانگ مصطگی نیمدرم دو چار دانگ صبر ایکدرم ہمراہ روغن یاسمین
و موم ضماد کریں ضماد برائے درد ظلمہ زن ترکیب کالی زیری دو جزو مغز تخم بید انجیر چار جزو سونٹھ ایکجزو کوٹ اور جوش دے پیس کے
ضماد کریں ضماد برائے صلابت رحم معمول ہے ترکیب مغز فلوس خیار شنبر مرہم داخلیون آب کشنیز سبز میں حل کر کے کپڑے سے چھان کے
ضماد کریں ضماد اختناق رحم میں مفید ہے ترکیب سنبل الطیب سلیخہ سعد کوفی کوٹ چھان کے زیر ناف ضماد کریں مجرب ہے ضماد برائے
افراط حیض مجرب ہے ترکیب کندر گلنار مازو سبز اقاقیا سرمہ سیاہ بسد شب یمانی مساوی کوٹ پیس کے عانہ پر ضماد کریں ضماد رطوبت
سائلہ رحم کو روکتا ہے ترکیب کشار کندر پوست انار زیرہ کرمانی مر کوٹ چھان کے آب مورد میں پشت و عانہ پر لیپ کریں ضماد عورتوں کی
بے اختیار نکلنے والی منی کو روکتا ہے ترکیب صندل سرخ و سفید گلسرخ برگ نیلوفر بنفشہ گل خیری آرد جو تخم فنجنکشت کوٹ چھان کے گلاب میں
ملا کے ضماد کریں ضماد نافع عسر ولادت ترکیب تخم کتان کوٹ ڈالیں اور ماء العسل و روغن کنجد میں جوش دیں اور زہار و تہیگاہ پر رکھیں ایضاً
بچہ کو پھسلاتا ہے مجرب ہے ترکیب شحم حنظل برگ سداب قسط ہر ایک تین جزو زہرہ گاؤ میں ملا کے ناف اور زہار پر لیپ کریں ضماد
مخرج جنین میت و مشیمہ ترکیب سداب خشک و شحم حنظل قسط ہر ایک تین جزو مر مکی ایک جزو کوٹ کے ناف اور عانہ پر طلا کریں
ضماد برائے حکہ رحم ترکیب صندل مامیثا عصارہ لحیۃ التیس و کشنیز سبز و خرفہ و کاہو کے ہمراہ طلا کریں ضماد برائے شقاق قبل و دبر
و حرق النار ترکیب روغن گل سفیدہ آب مرداسنگ ہر ایک تین درم موم زرد پانچ درم کو تیل میں پگھلا کے دوائیں پسی ہوئی ملا کے
مرہم بنائیں ضماد و سفید رجا ترکیب زیرہ صعتر قردمانا بابونہ جاوشیر کرفس سب مساوی لیکے استعمال کریں ضماد برائے درد کمر و زانو
بارہا تجربہ کیا ہے ترکیب افیون دو تولہ شنگرف قسط صبر ہر ایک ایکتولہ آب ادرک میں حل کر کے طلا کریں اور دھوپ یا آگ سے عضو کو
خشک کریں ضماد برائے اورام حارہ مفاصل کیواسطے مجرب ہے ترکیب اسپغول کوکنار ہموزن کوٹ چھان کے پانی میں پکائیں کہ
گل جائے روغن گل بقدر حاجت ملا کے رکھیں اگر تسکین حرارت زیادہ مطلوب ہو اسبغول مسلم داخل کریں ضماد نافع درد مفاصل

ونقرس در کبہ جو مادہ حار سے ہو ترکیب مکو تخم کاسنی تخم خطمی رسوت کشنیز بنفشہ ہر ایک دو درم آرد جو چار درم تخم کاہو پوست خشخاش گلسرخ
نوفل سورنجان تلخ گل ارمنی اقاقیا زردچوب صندل سرخ ہر ایک ایکدرم افیون نیمدرم پانی مین پیس کے ضماد کرین ضماد سفید مفاصل گرم جان
کے وقت تسکین الم کرتا ہی مجرب ہی ترکیب افیون زعفران مساوی دودھ مین پیس کے روغن گل ملائین اور ضماد کرین کبھی موم بھی داخل کرتے ہین
اور مغز بان سپیدہ عوض روغنگل وموم داخل کرتے ہین یہ قانون ہی ضماد مسکن اوجاع اور تسکین درد مفاصل حار و بارد مین مجرب ہی ترکیب جلبہ کو پانی اور سرکہ مساوی مین
پیسلے جوش دین گاڑھا ہوجانے پر شہد خالص جلبہ کے ہموزن اضافہ کرکے نیمگرم ضماد کرین اور بقائی مین لکھا ہی کہ کپڑے پر رکھکے موضع درد پر باندھین اور
دو تین دن تک نہ کھولین اگر خشک ہوجاے روغنگل سے نرم کرین ایضاً تسکین درد کے لیے بے بدیل ہے ترکیب مغز بان سپید روغن
مساوی گاے کے دودھ مین ضماد کرین گرم ہوجاے تو بدل دین ضماد مخدر نافع شدت درد مفاصل حار ونقرس ترکیب افیون دو درم
خطمی وسہ درم آرد جو سہ درم آب عنب الثعلب مین ضماد کرین ضماد محلل بقیہ مادہ مفاصل دموی بعد زوال حرارت وسکون درد
غلطی کہ اُس موضع پر باقی ہو ترکیب آرد جو آرد باقلا خطمی بنفشہ ہر ایک ایکجزو صندل سفید ناخونہ ہر ایک نیم جزو سب کو کوٹ چھان کے
آب کرنب یا آب کشنیز تر مین لیپ کرین ضماد محلل مادہ مفاصل ونقرس آخر مین اور مجرب ورافع بقایاے مواد ترکیب صبر زرد
زعفران مرصاف مساوی آب کلم مین رکھین اور اگر حرارت زیادہ ہو آب کاسنی کو کام مین لائین ضماد براے نقرس ووجع الورک نہایت
مجرب ہے ترکیب مرزنجوش گل خطمی اسغبول آرد جو سورنجان مساوی ہمراہ زردی بیضہ مرغ و روغنگل ضماد کرین اور اگر تھوڑی سی زعفران
اور افیون زیادہ کرین قوی الاثر ہوجائیگا ضماد براے درد مفاصل بارد وبعد تنقیہ معمول ہی ترکیب زنجبیل قسط تلخ سورنجان ہر ایک
دو درم جوزبوا نصف عدد افیون ایک ماشہ روغن بابونہ یا روغن حنا مین اگر نہ ہو روغن کنجد مین حل کرکے ضماد کرین ایضاً مجرب ومعمول
ترکیب مغز تخم ارنڈ ماش سیاہ میدہ لکڑی پھکر مول قسط تلخ دیودار مغز بنولہ کلتھی کالے تل سر والی آب شبت جو مقشر تخم سن مساوی کوٹ
چھان کے ضماد کرین ضماد براے تعقد مفاصل مجرب ہے ترکیب کنجد مقشر مقل روغن بابونہ آب مرزنجوش مین پیسین مثل مرہم کے
ہوجاے تو ضماد کرین ضماد براے حدبہ ریحی ترکیب میعہ سائلہ قسط قصب الذریرہ اہل ہر ایک ایک اوقیہ فرفیون ایکدرم پانی
مین پیس کے روغن ناردین بقدر حاجت ملاکے نیمگرم ضماد کرین یا دج دراسن کوٹ کے آب برگ سرو مین پکا کے لیپ لگائین ایضاً
براے حدبہ ریحی وبلغمی ترکیب راسن اہل وج بیکوفتہ شراب مین پکا کے اور مقل زرد پانی مین حل کرکے مثل مرہم بناکے نیمگرم ضماد
کرین ضماد براے کوزی پشت کہ باد سے ہو مجرب مسیحی ہے ترکیب فرفیون ایکدرم مرصاف قسط قصب الذریرہ ہر ایک
دس درم موم سفید ایک اوقیہ روغن ناردین حسب ضرورت موم تیل مین گھلا کے اور دوائین ملاکے لیپ کرین ضماد کمر کے درد
کو کھوتا ہے ترکیب مقل ازرق اشق جاوشیر سکبینج جندبیدستر فرفیون برابر روغن سوسن حب الغار یا روغن سداب مین حل کرکے
اور باہم ملاکے ضماد کرین ایضاً براے درد پشت کہ سردی سے ہو ترکیب مقل اشق حلبہ بابونہ حب الغار لعاب کتان و روغن

بید انجیر میں ملا کے نیمگرم ضماد کریں ضماد نافع درد رکبہ ترکیب صابون سوریخان تلخ حنا برابر پیس کے پانی ملا کے ضماد کریں ایضاً برائے وجع رکبہ
بارد ترکیب برگ دفلی جوش کریں اور پیسیں اور روغنہائے گرم ملا کے کام میں لائیں ایضاً برائے درد رکبہ بھی معمول ہے
ترکیب عاقرقرحا کاپھل اجوائن خراسانی سونٹھ تخم کوچ پیس کے روغن بید انجیر میں ضماد کریں ضماد جمیع اورام دموی میں معمول ہے
ترکیب صندل سفید صندل سرخ فوفل گل ارمنی گل سرخ عنب الثعلب آب کشنیز سبز و آب کاسنی سبز و آب عنب الثعلب بیخ میں پیسکے ضماد کریں
ابتدائے مرض کیوقت اور تین دن کے بعد تین دن تک بے یادتی کے زمانہ میں اودیہ محللہ مرخیہ مانند تخم کتان و بابونہ و اکلیل الملک و آرد جو خطمی ادعات
مذکورہ کے ہمراہ آمیز کریں اور زمانہ انتہا میں محللات مساوی ہمراہ رادعات شامل کریں اور زمانہ انحطاط میں صرف محللات پر اقتصار کریں ضماد
برائے اورام حارہ موجبہ ورم فرج و تعصیب و کنج ران و سائر اعضا مجربات سے ہے ترکیب کو کنار باریک کوٹ کے پانی میں بکائیں
یہانتک کہ گل جائے پھر اسکے برابر اسپغول پیس کے ملادیں اور روغن گل بقدر مناسب اضافہ کر کے استعمال کریں ضماد منضج کہ برائے نضج
اورام معمول ہے ترکیب گل خطمی گل بنفشہ بابونہ حلبہ تخم شبت تخم کتان ناخونہ مساوی کوٹ چھان کے پانی ملا کے لیپ کریں اور پتے
پان باندھ دیں ضماد منفجر اورام و خراج ترکیب مغز پنبہ دانہ مغز جوز بوسیدہ آرد خمیر کرنب مطبوخ خردل سرگین کبوتر پیس کے نیمگرم ضماد
کریں ضماد مبیری اورام کے پکانے میں کامل الاثر ہے ترکیب برنج کوفتہ یا آرد جو یا آرد گندم چار درم خجرات یا دوغ میں ڈال کے قدرے
نمک بطور فیرنی پکائیں گاڑھا ہو جائے تو باندھ دیں اگر قوی کرنا ہو تو آرد حلبہ تخم راسن باریک کر کے ہر ایک ایکدرم صبر زرد سودہ نیمدرم
اضافہ کر کے بدستور پکائیں اور استعمال کریں ضماد برائے سرخبادہ اطفال ترکیب گل عصفر برگ نیب صندل سرخ زردچوب پانی میں
پیس کے لیپ کریں ضماد ورم بار دکیواسطے مفید ہے ترکیب آرد گندم غیر منخول زیرہ ناخونہ بابونہ حلبہ مقل روغن خیری موم انڈیکی زردی مخلوط
کر کے ضماد کریں اوپر سے جلنجبین گرم پانی سے پئیں اور تغذیہ نخود آب کریں ضماد برائے ورم رخو ترکیب تخم شبت و حنظل پیس کے سرکہ و
آب خاکستر میں ملا کے لیپ لگائیں ضماد سلعہ کو جڑ سے کھود دیتا ہے ترکیب بجی چونہ سیندور بنجال کنجشک برابر صابون بقدر کفایت
مسلایہ کر کے بیچ رسولی پر ملیں اوپر سے چار داغ کریں جب ما دہ رسولی دفع ہو جائے جگہ کو گھی سے تر کریں اوپر سے بیل کی کونپل باندھ دیں ضماد
نافع سلعہ ترکیب بجی چونہ صابون نوشادر شنگرف سب کو برابر پیس کے روغن کنجد میں خمیر کر کے موضع رسولی کو نکلف زدہ کر کے طلا کریں اگر
پھٹ جائے زخم کی اصلاح طبلیہ سیاہ سے کریں ایضاً مجرب ہے ترکیب آہک آب نادیدہ اشخار مساوی پانی میں ملا کے بقدر نخود سلعہ پر رکھیں
کہ بغیر درد کے اسمیں نفوذ کر جائے بعد تین روز کے نیب کی پتی کے پانی سے دھو کے پھر دوائے مذکور اسپر رکھیں اسیطرح چار مرتبہ کریں کہ مواد پختہ
ہو کے نکل جائے پھر مرہم رکھیں ضماد برائے سرطان مجرب ہے ترکیب عدس پوست انارگیر و قند سیاہ کہنہ پانی میں کھرل کر کے استعمال
کریں لیکن سرطان کے گرد مثل حلقہ کے ضماد کرنا چاہیے سرطان کے اوپر کوئی دوا نہ رکھی جائے کہ بغیر اسکے نفع نہیں ہوتا ایضاً برائے سرطان
ترکیب سرگین بچہ مادہ گاؤ کو گائے کے دہی میں ملا کے اُس سے کپڑہ تر کر کے صبح و شام اسپر رکھیں کہ اسکو زائل کرنے میں مجرب شاہ رحم علی صاحب

مرحوم سے ہے ایضاً مجرب حکیم الٰہی بخش صاحب ترکیب قطعہ اسرب کو لعاب ریشہ خطمی مین سخت پتھر پر گھسین اسکو سرطان پر دن مین دو تین
مرتبہ دو دن تک رکھین ایضاً نظیر ترکیب دو صفحہ اسرب باہم گھسین اور روغن گل و آب کشنیز سبز مین حل کرکے طلا کرین ضماد برائے خنازیر
مفید ہے ترکیب زفت ایک جزو آگ پر رکھین اور ایک جزو بیخ کلم سوختہ اسمین ملائین باہم مل جاے تو ضماد کرین ضماد
خنازیر کے لیے مجرب و معمول ہے ترکیب مرکی ایک جزو حضض کی دو جزو آب کشنیز تازہ مین ضماد کرین مجرب اسحاق بن عمران ضماد
محلل خنازیر ترکیب خردل تخم انجرہ کرنب زبد البحر زراوند مقل اشق روغن زیت کہنہ مرتب کرکے خنازیر پر رکھین ضماد خنازیر
کے واسطے معمول حکیم وارث علیخان ترکیب برادہ مس رتن جوت ہر ایک ایکتولہ توتیا چھ ماشہ اول قرص برگ نیب دو تولہ روغن گاؤ
چھ تولہ مین جلائین اور کپی چھنی دوائین ڈال کے لکڑی کے دستہ سے لوہے کی کڑاہی مین بارہ پہر حل کرین بعدہ ضماد کرین ایضاً عجیب محلل
خنازیر ترکیب زراوند کندش ہر ایک ایکجزو اشق دو جزو قدرے عسل مین نرم کرین باقی دوائین کوٹ چھان کے اسمین ملادین اور ضماد
کرین ایضاً تحلیل خنازیر کرتا ہے اور کبھی انفجار بھی کرتا ہے ترکیب گندم و انجیر زرد مساوی کوٹ کے بول شتر مین ملائین اسمین بورہ ارمنی قدرے
ڈال کے جوش دین اور باہم ملا کے ضماد کرین ایضاً مجرب و مفید ہے ترکیب سبوس گندم خوب کوٹین باریک ہوجاے تو کپڑے سے چھان کے
ہمراہ اشق و سکنجبین عسلی ملا کے موضع پر باندھ دین ضماد ورم صلب کیواسطے بہت نافع ہے ترکیب خاکستر خرما دو جزو خطمی ایکجزو کوٹ
چھان کے شہد یا سکنجبین مین ملا کے ضماد کرین اور صرف آب نیمگرم ورم صلب پر ڈالنا بھی انفع ہے ایضاً آماس سخت کو تحلیل کرتا ہے
ترکیب اندر جو کوٹ چھان کے آب کشنیز سبز مین خوب گھسین مثل مرہم کے ہوجاے تو سرد یا نیمگرم ضماد کرین مجرب ہے ضماد اورام صلبہ کیواسطے
بہت مفید ہے ترکیب زوفائے خشک عنب الثعلب تخم مرو کتیرا انزروت حلبہ بزرکتان کوٹ چھان کے تازہ دودھ مین پکائین
انڈیکی زردی اور روغن گل ملا کے ہاون دستہ مین ملین یہانتک کہ مانند مرہم ہوجاے نیمگرم لیپ کرین ایضاً اورام صلبہ کو نرم کرتا ہے
مثل دمامیل وغیرہ کے ترکیب کنجد سیاہ گلسرخ بزرکتان حلبہ بابونہ ناخونہ تخم شبت ہر ایک دو مثقال کوٹ کے گلاب کے ہمراہ لیپ کرین
ضماد منضج ورم صلب و مفجر ترکیب توتیائے سبز سہاگہ بریان سجی ہلدی ہر ایک ایکدرم میدہ گندم تخم حلبہ ہر ایک دو درم چھال ہیل
ریوند چینی ہر ایک چھ درم جدا جدا کوٹ چھان کے برگ سنبھالو و برگ نیب جوش کیا ہوا پانی ملا کے ضماد کرین ضماد رادع ابتدائے
دمل مین کام آتا ہے ترکیب رسوت صندل فوفل اسغول گلاب مین ملا کے لگائین ضماد جسوقت دمل ظاہر ہو ترکیب آہک بروغن کنجد
و سفیدہ تخم مرغ مین ملا کے ضماد کرین نہ زیادتی کریگا نہ بڑھے گا ضماد انضاج دمامیل مین ادویہ قویہ سے ہے حتے کہ مادہ خنازیر و صلابت
کو تحلیل کرتا ہے حکیم علی سے ترکیب برگ خطمی کوٹ کے گلاب مین پکائین کہ خمیر ہوجاے پھر ہمراہ مرہم اشق یا داخلیون ملا کے ورم پر
رکھین اور عجائبات مشاہدہ کرین ضماد مفجر اورام و دمامیل پر رکھنے سے خشک ہوجاتے ہین ترکیب عصفر پوست جوز القی مقل اجزا مساوی
کوٹ چھان کے آب برگ گھیکوار مین جوش دین کہ قوام آجاے برگ بید انجیر پر رکھ کے ورم اور دمامیل پر باندھ دین ایک شبانہ روز
رہنے دین اگر خشک نہ ہوا ہو دوبارہ رکھین تاکہ منفجر ہوجاے اور بعد اخراج مواد مرہمون سے علاج کرین ضماد اورام دمامیل کو نضیج

دیتا ہے اور مسخر کرتا ہے ترکیب صابون رقی ریوند چینی صبر سقوطری مقل ازرق اجزا مساوی مقل کو پانی مین بھگودین باقی دوائین کوٹ پیس کے
اُسمین ملادین آگ پر رکھ کے جلاتے رہین تاکہ گلتھی بن جاے پھر اُتار کے کام مین لائین تو عدہ گیر برائے نضج دمامیل واورام صلبہ وخراجات مستعمل
کہ اخراج مادہ بخارج ہو ترکیب گل بابونہ دوماشہ بزرکتان نشاستہ تمر ہندی مقشر گل سرخ گل خطمی عنب الثعلب ہر ایک چھ ماشہ کوٹ کے شیر گاؤ
مین پکا کے مثل مرہم کے رکھین ضماد مجرب برائے ورم خیارک تالیف حکیم علی گیلانی ترکیب پوست ہلیلہ زرد مسلم روغن بیدانجیر مین خوب بھونلین
اور سحق بلیغ کرین پھر سرکہ تند مین حل کرکے ضماد کرین دو یا تین روز مین نفع بلیغ کریگا کہ خیارک کا کوئی اثر باقی نہ رہیگا ضماد برائے الفجار ورم خیارک
وورم پستان مجرب ہے ترکیب نیلہ تھوتھہ نیم جزو ملا لون ہلدی رال ہر ایک ایلخزو گوگل دو جزو قند سیاہ دو چند مجموع کوٹ کے دوائین تند مین
ملادین اور خوب ممزوج کرکے نیمگرم باندھدین ضماد مرخی اورام مغابن مین کام آتا ہے ترکیب بنفشہ تخم خطمی تخم مرد روغن بنفشہ اور موم سفید مین
ملاکے ضماد کرین ضماد برائے خیارک بیاض والد مرحوم سے ترکیب شہد خالص چھ ماشہ چونہ ایک ماشہ ممزوج کرکے کاغذ پر لیپ کرکے رکھین
اور تجدید کرین ضماد اورام مغابن کو جلد دور کرتا ہے ترکیب مسی کہ نبات مشہور ہے اُسکی پتیان لے کے برگ نورستہ انجیر بموزن قدرے نمک
ملاکے نیمگرم ضماد کرین ضماد نافع ورم رخو ترکیب افسنتین صبر زرد ہر ایک پانچدرم پیس کے سرکہ کہنہ وآب گرم مین ملاکے لیپ کرین
ضماد نافع نملہ ترکیب گل ارمنی گل قیمولیا ہر ایک تین درم اقاقیا صندلین ہر ایک ایکدرم کوٹ چھانکے آب بارتنگ یا خرفہ مین ملاکے طلا
کرین ضماد برائے رفع داخس ترکیب اقاقیا حضض گل ارمنی نشاستہ مامیثا صندل سفید مساوی افیون خمس ایکجزو ہمراہ لعاب اسبغول و سرکہ
ضماد کرین دضماد صبر زرد گلنار روماذو شہد مین ملاکے بھی نافع ہے ضماد برائے شری بلغمی وبنات اللیل ترکیب صبر زرد مرمکی شحم حنظل چونہ ہر ایک
نو ماشہ پانی مین پیس کے ملین بعدہ برگ حنا جوش دے کے اُس پانی سے غسل کرین ضماد برائے شری حار مفید ہے ترکیب مکو دھنیا
کاکنج قدرے آرد باہم ملاکے طلا کرین اور لباس سرخ قطعاً نہ پہنین ضماد برائے بثور آتشک مجرب ہے ترکیب قنبیل مرداسنگ رسوت
حضض ملی گیرو ہر ایک ایکماشہ روغنگل مین ضماد کرین ضماد عرق مدنی مین اگر درد بہت سخت ہو ترکیب زرد چوبہ دگل پلاس مساوی
سحق کرکے پانی مین طلا کرین فی الفور تسکین ہوگی ضماد نافع عرق مدنی مجرب معمول ہے ترکیب رال ایکدام صابون دودام افیون دو
ماشہ باریک پیس کے روغن کنجد بیس دام مین پکا کے مخلوط کرین کہ مثل مرہم کے ہوجاے پان پر مل کے باندہ دین صبح وشام ایضاً مجرب
ترکیب بزر قطونا تخم مرو مرداسنگ سرکہ مین جوش دین اور جگہ کو روغن گل سے چرب کرکے اُسپر رکھین ایضاً نافع عرق مدنی ترکیب
صبر صندل کافور یا تخم مرو یا اسبغول وشیر تازہ ویا اسبغول سرکہ وشیر تازہ مین پکا کے ضماد کرین ضماد جرب کو ایکدن مین دفع کرتا ہے ترکیب سم الفار ساڑھے
تین ماشہ کبریت توتیا سبز ہر ایک سات ماشہ روغن گاؤ چھ تولہ دوائین پیس کے روغن مین ملائین اور ظرف آہنی مین نیم کی لکڑی سے
چار پانچ گھڑی حل کرین بعدہ سواے سر وگردن کے پورے بدن پر مل کے دھوپ مین بیٹھین گردن سایہ مین رہے ایک پہر کے بعد مٹی
یا کھلی مل کے غسل کرین ایضاً برائے جرب رطب ویابس معمول ہے ترکیب چوک پانچی ناگر موتھہ اجوائن خراسانی گندھک زرد سالم

کوٹے چھانکر روغن سرشف مین حل کرکے رات کو اُس مین رکھدین صبحکو بدن پر ملین بعد ایکساعت کے مٹی مل کے نہا ڈالین ضماد برائے خارش
معمول ہے ترکیب آنبہ ہلدی گندھک آملہ سار کبیلہ بابچی سیماب فلفل گرد ہر ایک چھ ماشہ توتیائے سبز تین ماشہ روغن چنبیلی آدھ پاؤ کوٹ چھانکے
سیماب مین کھرل کرین تاکہ دوا تیغ پڑجائے بعد اسکے روغن ڈال کے خوب کھرل کرین اور کام مین لائین ایضًا مکرر آزمودہ ہی ترکیب گندھک
آملہ سار توتیا پارہ پھٹکری بریان مینسل ہر ایک چھ ماشہ گھی چندمرتبہ دھویا ہوا چھ تولہ نیلہ تھوتھہ قدرے بریان کرلین کہ سبزی دور ہوجائے
باہم ملاکے طلا کرین دو گھڑی بعد بیسن مل کے نیم گرم پانی سے نہا ڈالین ضماد برائے جرب کہ اس سے بہتر کوئی دوا نہین ہے ترکیب تخم بابچی
تخم ترب گوگرد ہر ایک ایک مثقال توتیائے سبز نیم مثقال فلفل سوختہ برگ حنا ہر ایک پانچ ماشہ مرداسنگ کبیلہ آملہ سوختہ نوشادر ہر ایک
ایکدرم سیماب تین ماشہ مغز تخم نیب دس درم انزروت سہاگہ بریان ہر ایک ایکدرم روغن گاؤ دس درم کافور ایکدرم کانسے کے برتن مین
خوب حل کرین پھر طلا کرکے مالش کرین ایضًا برائے خارش خشک مجرب ہے ترکیب گل ارمنی ایکدرم کافور زعفران ہر ایک دو ماشہ روغن
بادام دو تولہ سرکہ مین ملاکے اور آب گل کا فیشہ مین جوش دے اور ہمیس کے ملین ضماد قوبا کیواسطے بیعدیل ہے ترکیب سیماب دو تولہ گندھک آملہ سار گندھک
توتیہ مرداسنگ ہر ایک چھ ماشہ سوائے پارہ کے تینون دوائین باریک پیس کے دو تولہ روغن زرد مین داغ کرکے کانسے کی تھالی مین دوائین
مع پارہ کے رکھکے کانسے کے کٹورہ سے خوب حل کرین یہانتک کہ سیاہ ہوجائے اور رکھ چھوڑین کھجلی کو کپڑے سے خوب کھجاکے کہ سرخ ہوجائے
اسکا طلا کرین اور مالش کرین ایک گھڑی تک کیونکہ عاجل الشفا ہی ضماد قوبا و بہق ابیض ترکیب سہاگہ تلیہ صندل سفید مساوی عرق
لیموں مین حل کرکے ضماد کرین اور دوسرے نسخہ مین فرفیون بلوص سہاگہ صندل سرخ بجائے صندل سفید ہے اور لکھا ہے کہ بعد طلا کرنے کے دھوپ مین
بیٹھین امید کہ دوبارہ سے زیادہ ضرورت نہ پڑیگی ایضًا برائے قوبا ترکیب کہ پاٹر یہ مازو سہاگہ تلیہ گندھک چھاچھ مساوی میں پیس
کر ضماد کرین ضماد مزیل قوبا و جرب و قروح خبیثہ مجربات حکیم علوی خان سے ترکیب بابچی کالی زیری تخم پنواڑ گندھک آملہ سار اجزا مساوی
کوٹ کے رات کو پانی مین بھگو دین صبحکو کھرل کرین نرم ہوجانے پر روغن کنجد داخل کرکے موضع قوبا و جرب و قروح پر مالش کرین دو گھڑی
کے بعد آب گرم و سرکہ و سبوس گندم سے دھوئین اگر ملنے سے نہ جائے تین روز تک صبحکو ایک پیالہ اُسکا پئین انشاء اللہ تعالے ہر قسم کا
قوبا جاتا رہیگا ضماد برائے اکوت کہ قوبا کی ایک قسم ہے مجرب حکیم نجیب اللہ خان ترکیب سفیدہ و مرچ سیاہ ہر ایک چھ ماشہ پیس کے دہائی
گائے کے گھی مین ملائے صبح و شام ضماد کرین ضماد برائے چھاجن مجرب ہے ترکیب برگ حنا کشنیز خشک پھٹکری پاٹر یا کھار پیس کے چھاجن پر ضماد
کرین اور کسی درخت کے پتے رکھکے کپڑے سے باندھ دین اور سو رہین صبحکو پانی سے دھو ڈالین چند روز مین فائدہ ہوجائے گا
ضماد برائے ثالیل مجرب ہی ترکیب زرنیخ زرد آہک نا رسیدہ گوشت سوبز کوٹ ڈالین اور ضماد کرین تین روز مین جڑ سے جاتا رہیگا
ضماد نافع سعفہ ترکیب ہلدی سوختہ آملہ سوختہ تخم حنا ہر ایک دو تولہ سہاگہ بریان کبیلہ مرداسنگ فلفل سوختہ ہر ایک ایک تولہ
نیلہ تھوتھہ ڈیڑھ ماشہ کوٹ چھانکے روغن تلخ مین ملاکے حلق سر پر ملین مجرب ہی ایضًا برائے ہر قسم سعفہ و قروح و بثورات سر اطفال

مجرب ہے ترکیب کمیلہ گیرو کات توتیا شورہ قلمی ہر ایک ایک جزو مردار سنگ فلفل گرد ہر ایک دو جزو برگ حنا چار جزو پیس کے کڑوا تیل داغ
کیا ہوا ملا کے جا ۔ سر پر ملیں ضماد برائے بثور ہر قسم نافع ہے ترکیب کباب چینی مردا سنگ پھٹکری برگ حنا ہر ایک تین ماشہ فلفل سیاہ
ایک ماشہ سب کو باریک پیس کے روغن مادہ گاؤ اکیس مرتبہ دھویا ہوا او دیہ مسحوقہ اسمیں ملا کے ہر قسم کے بثور پر ضماد کریں سر کے دانوں میں
توتیا بڑھا دیں اور روغن کنجد میں خوب پیس کے استعمال کریں ضماد بثور متقرحہ کیواسطے نافع ہے ترکیب روغن گل تین تولہ پانچ تولہ سرکہ
انگوری میں ہلکی آنچ پر جوش دیں کہ سرکہ جل کے تیل رہ جائے پھر مردا سنگ دو ماشہ برگ حنا خشک قنبیل شاہترہ ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کے
ملائیں اور ضماد کریں ضماد معمول اہل ہند برائے بثور کہ زیر گردن ہوتے ہیں اوسکو کنٹھ مالا کہتے ہیں ترکیب تخم سن تخم ترب تخم سہجنہ خونسف
السی برابر کوٹ چھان کے گائے کے دہی میں حل کر کے ضماد کریں ایضاً سپاری چھالیہ بادام مع پوست ہر ایک پندرہ عدد دونوں کو کپڑے
میں باندھ کے گل حکمت کریں اور بنوا کنڈے کی آگ میں جلائیں پھر روغن السی میں حل کر کے دانوں پر ملیں ضماد برائے بثور کہ زیر
بغل ہوتے ہیں ترکیب صندلین بیخ آک زرد چوب پیس کے ضماد کریں ضماد مجلی بثور بینی میں مستعمل ہے ترکیب خربق سفید دو حصہ
ایرسا ایک حصہ سرکہ میں ضماد کریں ضماد برائے بثور کہ کمڑی ملجانے سے پڑجاتے ہیں ترکیب کھیل رند چوب پیس کے طلا کریں یا مردا سنگ
و صندلین سرکہ میں پیس کے یا زیرہ سفید و سونٹھ پانی میں پیس کے یا جوار گیرو مکو کے پانی میں پیس کے طلا کریں ضماد برائے قلع آثار جدری مجرب ہے
ترکیب پیہ بز آب بیخ نے رطب قندے شہد میں ملا کے لیپ کریں ایضاً مجرب ہے ترکیب بیخ سوسن قسط مردا سنگ مغسول شاخ گوزن
سوختہ بورق ارمنی مساوی پیس کے استعمال کریں ضماد برائے برص معمول حکیم وارث علیخان ترکیب حب النیل چکسو باوچی آنبہ ہلدی سہاگہ تخم جرجیر
بندال رال بہار نگی افسنتین ہر ایک چھ ماشہ جوز بوا چار ماشہ زعفران تین ماشہ برگ خرنل سبز دو تولہ آب ادرک میں ضماد کریں ایضاً معمول حکیم ممدوح کے
ترکیب تخم باوچی انبہ ہلدی نگند بابری حب النیل جوز بوا خردل بنارسی بہار نگی ہر ایک چھ ماشہ گیرو سرخ چار ماشہ آب ادرک یا سرکہ میں پیس کے
ضماد کریں ضماد اختلاف نہیں ہے ترکیب سلیمانی یعنے دار شکنہ ایک جزو صندل سفید سودہ پانچ جزو پانی میں بھگو کے استعمال کریں آدھ
گھنٹے کے بعد دھو کے صندلین رفع سوزش کے لیے طلا کریں بعد اسکے اگر آبلہ پڑجائے مرہم سے علاج کریں ضماد برائے کلف ترکیب روغن چینی
شہد میں ملا کے یا تخم گندنا آب ترس میں یا خون خرگوش گرم کا منہ پر طلا کریں ایضاً نافع کلف غلیظ ترکیب فلفل سیاہ و بورق دو دو درم
مساوی باریک پیس کے چہرے پر طلا کریں یا خرء العصافیر و آرد جو مساوی پیس کے آب عنب الثعلب میں ملا کے سایہ میں خشک کریں
اور ضرورت کیوقت چہرہ پر اسکا طلا کریں ایضاً دوائے جید برائے کلف ترکیب تخم ترمس تخم جرجیر قسط مغز بادام تلخ بورق فلفل سلیخہ
مقل مساوی مقل آب معصفر میں حل کریں دوسری دوائیں پیس کے ملائیں اور طلا کریں یا بیضہ مرغ تین عدد سرکہ تند میں بھگو دیں یہانتک
کہ نرم ہو جائیں پھر مع پوست انکو پیس ڈالیں اس کے بعد آرد ترمس آرد جو استخوان بوسیدہ ہر ایک دو درم مغز بادام مقشر تخم خربزہ ہم
وزن ایک تین درم زعفران نیم درم پیس کے ملائیں اور طلا کریں ضماد برائے شقاق مجرب ثابت بن قرہ ہے ترکیب مردار سنگ ایک اوقیہ

پیس کے ایک رطل زیت میں پکائیں گاڑھا ہو جائے اور ایک اوقیہ باقی رہے نصف اوقیہ کتیرا ڈال کے حل کریں اور شقاق میں
بھر دیں اور برائے شقاق مزمن غائرہ گوشت میں سندروس گھس کے روغن بزرکتان میں پکائیں گاڑھا ہونے پر شقاق میں ٹپکائیں ایضاً
برائے شقاق مجربات حکیم محمد زمان سے ترکیب زاج صبر سیاہ مساوی یا نفط سیاہ ملا کے ملیں اور ہاتھ آگ کے قریب رکھیں ضماد برائے
داء الثعلب و داء الحیہ بعید یل ہے ترکیب کندش شیطرج ہر ایک ایک جزو زرنیخ سرخ دو جزو روغن زیتون میں ملا کے رکھیں ایضاً مجرب
ہے ترکیب موئے بز سوختہ صدف سوختہ گوگرد مساوی روغن زیتون میں ملا کے پہلے جگہ کو پیاز دشتان یا پیاز عنصل سے خوب مل لیا جائے
پھر دوا کی مالش ہو مکرر یہی عمل کیا جائے پنجال نگس و نیل بری بھی نافع ہے ضماد برائے سوختگی آتش مفید ہے ترکیب ایلوا کتھ سنگ سرخ کافور ملتانی
مین پیس کے ضماد کریں ایضاً مجرب معمول مؤلف ترکیب پوست تازہ درخت تمر ہندی جنرات میں پیس کے ضماد کریں ضماد
برائے ورم حار ملتہب کہ مفاصل میں بسبب ضربہ وسقطہ واقع ہوا ہو اور چمک ہوتی ہو ترکیب آرد جو بندہ جزو گل کنار مع تخم
دس جزو تخم خطمی سات جزو بنفشہ مونگ گل سرخ اصل السوس نیلوفر ہر ایک پانچ جزو عدس مقشر تین جزو طباشیر دو جزو زعفران نیم جزو
کوٹ چھان کے روغن گل میں ملا کے لیپ کریں ضماد مجرب حکیم علی برائے ضربہ وسقطہ بعد فصد کے کام آتا ہے ترکیب میدہ چوب
گل ارمنی زرد چوب دیودار گل خطمی آرد مونگ حنا ریوند خطائی ہر ایک دو تولہ کوٹ چھان کے آب در روغن گل یا روغن کنجد میں پکائیں حلوہ کی طرح
ہو جائے تو نیم گرم کر کے ضماد کریں اور باندھ دیں ایضاً معمول ترکیب مغاث گل ارمنی اقاقیا برگ سرو سنوماش مقشر کوٹ چھان کے
آب آس میں ضماد کریں ضماد نافع برائے ضربہ وسقطہ وصدمہ ترکیب میدہ لکڑی آملہ منقی زرد چوب ہر ایک ایک تولہ نیل بری مصطگی ہر ایک
چھ ماشہ افیون تین ماشہ دوائیں کوٹ چھان کے آب ادرک میں ملا کے اور گرم کر کے لیپ کریں کبھی آملہ کے عوض تج ہوتا ہے اگر چوٹ ہڈی تک
پہونچی ہو قدرے بیضہ مرغ اضافہ کریں اور کپڑہ پر چوڑا چوڑا لگا کے عضو مکسور العظم پر لپیٹ دیں اور اسکے گرد سیدھی لکڑیاں باریک مستحکم باندھ دیں
ہفتہ میں ایکبار کھول کے ضماد کی تجدید کرتے رہیں اکثر اوقات روغن کنجد اس عضو پر ٹپکاتے رہیں اگر درد شدید ہو قدرے خاکستر باورچیخانہ
یا بھڑ بھونجہ کے دوکان کی مٹی بھی ملا دیں ایضاً مجرب برائے ضربہ وسقطہ و تسکین درد و ورم از محمد زکریا رازی ترکیب اقاقیا صبر ماش
مغاث گل ارمنی مساوی کوٹ چھان کے آب برگ مورد یا انڈے کی زردی میں لیپ کریں ایضاً مسکن درد ضربہ و موج یعنی موچ تکملہ
سے ترکیب زفت رومی گل خرد نلفل سیاہ پانی میں پیس کے ضماد کریں و برگ سہجنہ و کنجد سیاہ دونوں مساوی باریک پیس کے طلا کریں اور
دھوپ میں بیٹھیں مغز تخم بید انجیر و کنجد سیاہ روغن میں پیس کے ملا کے نیم گرم ملیں مفید ضربہ وسقطہ ہے اور خشک شدہ عضو کو اپنی اصل حالت پر لاتا
ہے ایضاً برائے ضربہ وسقطہ کہ سر پر ہو ترکیب گل ارمنی صبر سقوطری ہر ایک پانچ درم آرد ماش مغاث برگ مورد گل سرخ ہر ایک دس درم
بابونہ قصب الذریرہ ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے آب برگ بید میں لیپ کریں ایضاً زفت رومی آنبہ ہلدی زرد چوب میدہ لکڑی کنجد
سیاہ ہر ایک دو تولہ ایضاً برائے درد ضربہ کہنہ بہت مفید ہے ترکیب زرد چوبہ دار ہلد میدہ چوب ہر ایک ایکدرم میدہ گندم

تین دام سجی ایکماشہ روغن کنجد چار دام بدستور تکمید کرکے باندھ دین ضماد دیگان دخار کو جلد نکالدیتا ہے ترکیب ملخ المار یعنی جھینگہ زخم پیکان
دخار پر باندہ دین باسانی نکل جائیگا ضماد برائے دفع آثار ضربہ و سیاہی ضربہ ترکیب آرد کرسنہ آرد نخود اشنان ہر کتان برابر خردلے کے
ضماد کرین بعد اسکے شکر طبرزد زرنیخ سرخ وحجر فلفل دشلبوبہ یعنی تخم ہنواڑ ہر ایک قدرے باریک پیس کے سرکہ مین کہ جسمین فلفل جوش کی ہو
اور لعاب اسبغول حل کیا ہو آثار مذکور پر ضماد کرین تھوڑی مدت مین زائل ہوجائیگا ضماد مفید برائے ابورسما ترکیب بسفائج فرطم آرد جو
مساوی بزرقطونا نصف زعفران دسوان حصہ شہد وسرکہ مین ضماد کرین اور تضمید شونیز وحلبہ بھی جید ہے ضماد برائے خلع ودنی وکسر
استخوان وضربہ وسقطہ اور فوراً درد کو تسکین ہوتی ہے ترکیب کندر ایکدام زردچوب دودام میدہ گندم چار دام مخلوط کرکے روغن کنجد ایکدام
داخل کرین اور پکائین خمیر کا قوام ہوجاے تو ظرف روغن کنجد مین داخل کرکے دواے مذکور کے دو حصہ کرکے دو پوٹلیان بنائین اور انگاروں پر رکھین
تاکہ گرم ہوا اس سے تکمید کرین پھر عضو ماؤف پر ضماد کرین اور کپڑے سے باندھ دین دو تین روز مین اغلب ہے کہ آرام ہوجائیگا ایضاً خلع ودنی
و دمن مین معمول ہے ترکیب عضو کو آہستگی سے ملین اور برگ مورد دمغاث وخطمی پیس کے انڈیکی زردی مین طلا کرین ضماد برائے سگ گزیدہ
ترکیب پیاز تیل مین پکا کے جہان کاٹا ہو لیپ کرین اور اولیٰ یہ ہے کہ چالیس روز تک زخم کو اچھا نہ ہونے دین کہ اس سے بہتر کوئی تدبیر نہین ہے
ضماد موضع گزیدہ سگ دیوانہ پر اس سے زخم ڈالتے ہین اور چالیس دن تک مندمل نہین ہونے دیتے اگر اس اثنا مین ملتحم ہوجاتا ہے تو دوبارہ شگافتہ
دیکے یہ ضماد استعمال کرتے ہین ترکیب سیر وجاؤشیر وسرکہ تند وپیاز ونمک کوٹ کے ضماد کرین ضماد رافع برائے کسیلہ سگ وکفتار و دیگر حیوانات
کے گزیدہ کے واسطے ترکیب بیہ وموم زرد وزفت وقنہ گد اختنی کو پگھلا کے سب کو باہم ملائین اور لیپ کرین۔

باب الطاء المہملہ ایک فصل طلیہ مین

طلا صداع وسرسام حار مین معمول ہے ترکیب گلاب وروغن گل ہر ایک دو تولہ سرکہ ایکتولہ باہم ملا کے کپڑے کو اس سے ترکرین اور ماتھے پر رکھین
طلا سفید صداع احتراقی ترکیب صندل سفید وسرخ دانزروت ایکدرم افیون نیم درم آب کشنیز مین ملا کے طلا کرین طلا نافع صداع
بخاری ترکیب مازو گلنار سک اقاقیا افیون ہر ایک ایلجزو صبر زرد زعفران ہر ایک نصف جزو کوٹ پیس کے اور سرکہ مین ملا کے
جبہہ اور صدغین پر طلا کرین طلا منقول حکیم ہادی شیرازی نافع صداع ومانع نزلات چشم وانصباب مواد چشم وحلق وسینہ وسائر اعضا
ترکیب حضض ہندی بوسش ددہندی عصارہ مامیثا ہر ایک دو مثقال صمغ عربی مرکی دم الاخوین برگ مورد انزروت سفید ہر ایک
ایک مثقال افیون زعفران ہر ایک ڈیڑہ دانگ انڈیکی سفیدی مین ملا کے گولیان بنائین اور ضرورت کے وقت انڈیکی سفیدی مین
گھس کے پارچہ کاغذ جیسپر سوئیو نسے نشانات ہون مل کے صدغین پر چپکا دین طلا برائے صداع بارد وساذج نافع ہے ترکیب خاکستر
زرب الجبہ سرکہ مین ملا کے ملا کرین ایضاً طوخ زردچوب روغن بادام تلخ مین طلا برائے صداع بارد مادی ترکیب مرکی جندبیدستر

فرفیون ہر ایک ایکجز و افیون ربع جز و کوٹ چھان کے آب سداب مین گولیان بنائین اور روغن چنبیلی یا قسط مین گھس کے طلا کرین طلا نافع
صداع بلغمی ترکیب موے سوختہ انسان تین درم صبر ڈیڑھ درم کندر ایکدرم آب قرنفل مین پیس کے پیشانی و شقیقہ پر طلا کرین طلا نافع
صداع ضرباتی ترکیب انزروت ایکجز و صندل سفید چار جز و افیون ثلث جز و آب کاہو مین مخلوط کر کے طلا کرین طلا برائے شقیقہ بارد
مجرب انطاکی ترکیب شحم حنظل برگ حنا کباب چینی سرکہ مین لہ تسبین اشق و صبر حل کیا ہو ملا کے طلا کرین ایضاً برائے شقیقہ و صداع ہر قسم
خصوص بارد کیواسطے مجرب ہے ترکیب سونٹھ صندل سفید پوست بیخ ارنڈ کوٹ کے پانی سے دھوے ہوے ساٹھی چاول خوب ملا یک پیس کے
پیشانی و شقیقہ پر طلا کرین طلا برائے سرسام ترکیب صندلین شیاف مامیثا گل نیلوفر گلسرخ آب کاہو مین طلا کرین طلا لیثر غش مین بعد تنقیہ
کے مفید ہے ترکیب جند بیدستر دو درم عاقرقرحا مویزج ہر ایک چار درم بورہ ارمنی خردل ہر ایک تین درم آب مرزنجوش یا آب نمام اور تھوڑے
خل خمر یا خل عنصل گدی اور ماتھے پر طلا کرین طلا بعد فصد کے ماشرا مین معمول ہی ترکیب صندل سرخ و سفید آب کاسنی و آب کشنیز و آب کدو
مین سر پر طلا کرین طلا منوم نیند لاتا ہو ترکیب بیخ سست خشخاش شیاف مامیثا ہر ایک دو درم صندلین ہر ایک دو مثقال نیلوفر بنفشہ تخم کاہو ہر ایک تین درم آب کاہو
مین پیشانی اور کنپٹیون پر طلا کرین طلا برائے نفخ مراق ترکیب زرورند مصطگی روغن گل مین طلا کرین طلا برائے سکتہ ترکیب مے میانی نیلہ تھوتھہ نوشادر چوک سرکہ
عنصل مین پیس کے سر سکوت پر کلک زدہ ملین جلد ہوش آجائیگا طلا برائے فالج و لقوہ ترکیب سعد کجان لمج زیدان قسط ملح خولنجان جند بوا زرنباد وج ترکی عود ہندی
عود صلیب عاقرقرحا سب کو گلاب مین پیس کے فقرات پشت و محل فالج پر طلا کرین اور لقوہ مین سر و قفا گردن پر طلا کرین طلا برائے خدر
معمول ہی اور بعد تنقیہ کے بیحد فائدہ کرتا ہے ترکیب سیماب بچھناک ہر ایک ایکجز و مرچ سیاہ چار جز و خاکستر تخم دھتورہ سیاہ آٹھ جز و پہلے پارہ
کو زہر کے ساتھ کھرل کرین بعد اسکے دوسری دوائین ملا کے پھر کھرل کرین بعدہ شیرہ برگ آک مین خوب کھرل کر کے طلا کرین طلا برائے
بعض اختلاجی مفید ہے ترکیب دار چینی ہمراہ زعفران و بسباسہ پیس کے طلا کرین طلا نافع نزلہ حار ترکیب آرد گندم جو پوست
مر کندر ممیون انڈیکی سفیدی مین ماتھے پر ضماد کرین طلا نافع نزلات ترکیب مرکی الیوہ صمغ عربی نشاستہ کتیرا املی ہر ایک تین ماشہ
افیون بزرالبنج ہر ایک ڈیڑھ ماشہ کوٹ پیس کے کاغذ کو سوئی سے کو بیچ کے دوا لگا کے کنپٹی پر چپکا دین طلا کل اقسام رمد کیواسطے
نافع ہے ترکیب رسوت پھٹکری بریان افیون ہر ایک تین ماشہ باریک پیس کے پانی مین گولیان بنائین ضرورت کیوقت گھس کے
نیمگرم آنکھ پر طلا کرین طلا برائے رمد صفراوی مجرب ہی ترکیب انڈیکی سفیدی روغن گل مین مخلوط کر کے آنکھ کے گرد طلا کرین طلا برائے
رمد مجرب ہی ترکیب لودھ رسوت پھٹکری مرداسنگ زیرہ سیاہ ہر ایک دو ماشہ ہلدی کوکنار ہر ایک ایک ماشہ افیون توتیا
ہر ایک بقدر نخود پانی مین کوٹ پیس کے آنکھ پر لگائین ایضاً ہر قسم رمد مین معمول ہی ترکیب ہڑ ہلدی افیون ہر ایک ۱ ماشہ
لودھ پھٹکری ہر ایک دو ماشہ پانی مین حل کر کے لگائین طلا برائے درد پیچ ترکیب انطاکی کہتا ہو کہ پہلے فصد کی مبادرت کرین
اور بچون کے پھنسے لگائین باقی اسکا اور رمد کا علاج ایک ہی اور آہمین مجربات سے طلاے پیہ خرس سفیدی بیضہ اور انزروت زعفران

وشعیر زمان مین شدت التہاب کیوقت لعاب بہدانہ گلاب حضض ہندی مین رکھنا جائز ہے طلا برائے درد وسرخی چشم کہ چوٹ سے ہو
ترکیب آرد مونگ دو ماشہ زردچوب رسوت مامیران ہر ایک ایک ماشہ پانی مین پیس کے گرد چشم طلا کرین طلا محلل ورمین کہ حبابہ ملتحمہ
مین کام آتا ہے ترکیب آرد جو شیاف مامیثا ماخوذہ آب مکو انڈے کی زردی روغن بنفشہ یا پیہ بط مین گھلا کے عمل مین لائین طلا برائے جحوظ العین
مجرب ہے ترکیب مہر زرد حضض اقاقیا عصارہ لحیۃ التیس آب مکو یا آب خالص مین طلا کرین اور اس طلا کے اوپر کپڑے کا مضادی بنا کے
دوسرے کپڑے سے باندھ دین اور چت لیٹین طلا محلل بردہ ترکیب انزروت علک البطم خانہ نگس عسل باہم ملا کے طلا کرین ایضا بردہ
اور شعیر کو تحلیل کرتا ہے ترکیب کندر مرکی ہر ایک یکدرم موم نیم درم لادن پھٹکری ہر ایک ایک ماشہ سوکھی دوائین پیس کے موم ولادن روغن
سرسون مین گھلا کے دوسری دوائین ملا دین اور طلا کرین طلا نافع زرقہ چشم اطفال ترکیب سرمہ دھنا کو سحق کرین اور بچہ کی کنپٹیون پر
طلا کرین سات روز تک مدت رضاع مین مجرب داؤد انطاکی سے ہے طلا مع انبات شعر زائد منقلب مجرب جالینوس ترکیب
صدف کو چک سوختہ پیس کے قطران مین بھگوئین اور تنقیہ کے بعد طلا کرین طلا برائے سلاق بیاض استاد مرحوم سے موے سر
آدمی مٹی کے ظرف مین جلا کے ڈلی سوختہ زلو سوختہ نبت کشتہ کافور جاکسوے مقشر توتیا بریان برابر روغن گاؤ مین تین دن تک کانسے
کے اوندمین تانبے کے دستہ سے حل کرین اور ہر روز پلک پر طلا کرین طلا بھوین نکلنے کے واسطے ترکیب ہلیلہ دماز کو جلا ڈالین اور
سرکہ مین ملا کے طلا کرین طلا نافع شعیرہ ترکیب جدوار تنزوے خطائی مکو باہرے دھنیا کے عرق مین پیس کے لیپ کرین طلا برائے غرب
منفجر معمول ہے ترکیب زعفران صبر زرد مساوی پانی مین پیس کے طلا کرین طلا برائے نتف تمل مژگان نظیر سنین رکھتا ترکیب پھٹکری
ایلجز ومویزج نیم جز درغن مین حل کر کے پلکون کی جڑ مین طلا کرین طلا حابس رعاف ترکیب آرد جو گیرو مکو گل ملتانی آملہ ہر ایک
تین ماشہ نشاستہ صندل سرخ گیہون کہنہ گل اجاغ ہر ایک چھ ماشہ کافور افیون ہر ایک ایکماشہ سرکہ وگلاب یا آب بکائن یا آب کشنیز
سبز مین ماتھے اور تالو پر لگائین طلا نزدار ام حادہ گوش وغیرہ مین مستعمل ہے ترکیب صندلین مامیثا گل ارمنی رسوت سفیداب پوست زیدی
تخم کاسنی طباشیر کافور لعاب اسبغول مین مثل نرد کے تیار کرین دھنیا باہری مکو کے عرق مین گھس کے طلا کرین طلا ورم پس گوش کے
واسطے نافع ہے ترکیب صندل سرخ فوفل شیاف مامیثا صبر زرد زعفران مرکی جملہ برابر گلاب مین طلا کرین طلا برائے بثور بینی کہ درد کے
ساتھ ہو ترکیب کافور زعفران ہر ایک نیم درم گل مختوم ایکدام گل ارمنی دو درم گلاب وسرکہ انگوری مین لگائین طلا برائے قروح
بینی ترکیب مازو سبز پوست ہلیلہ زرد مرغ کی چربی اور روغن گل مین طلا کرین طلا برائے شقاق لب وآبلہ دہان ولب مفید ہے ترکیب روغن گل
ڈھائی درم موم سفید ایکدرم شادنج عدسی مرداسنگ زردچوب دہنہ فرنگ ہر ایک نیم درم ابریشم سوختہ زعفران ہر ایک دو دانگ کافور
ایکدانگ بدستور مرہم بنا کے طلا کرین ایضا برائے شقاق لب مجرب ہے ترکیب روغن گل انڈے کی سفیدی [illegible] رکرسنہ مین ملا کے
طلا کرین طلا برائے سقوط لہات کہ رطوبت دموی سے ہو نافع ہے ترکیب ارد مونگ ماش گل ارمنی صمغ عربی اقاقیا کثیرا انڈے کی سفیدی مین

خمیر کرکے نالو پر لگانا بین طلا نافع ورم گلو و خسارہ ترکیب ریوند چینی کالی زیری طبلہ سیاہ فلفل گرد گل ملتانی حلبہ مساوی کوٹ چھان کے اکتولہ پانی مین
پکائے نیمگرم ضماد کرین طلا برائے خناق صفراوی ترکیب گل رمنی نوفل صندل سفید شیاف مامیثا مساوی آب مکو و گلاب اور کسیقدر سرکہ مین
پیس کے حلق کے باہر لیپ کرین طلا خناق بلغمی مین اختلاط کے وقت کام آتا ہے ترکیب موم سفید روغن سوسن و روغن حنا مین پگھلاکے
ملائین اور خارج گلو مین طلا کرین طلا اورام حادہ ثدی کیواسطے بہت نافع ہے ترکیب کندر گل قیمولیا روغن گل مین گھس کے طلا کرین ایضا
آماس پستان کے لیے سودمند ہے ترکیب نان گندم خشک اور جو آرد باقلا آرد حلبہ خطمی ہر ایک ایکجز و زعفران نصف جز دکوٹ چھان کے
انڈے کی زردی مین ملا کے طلا کرین طلا دودھ کم کردیتا ہے ترکیب لک مرداسنگ روغن گل مین طلا کرین خراطین پانی مین پیس کر اسیطرح گشنیز
و آب چقندر یا کندر یہ سب مقلل شیر ہین طلا پستان کو مضبوط کرتا ہے ترکیب برگ و بار و گل و پوست انار باریک کرکے اتنا پانی
مین بھگو دین دوسرے دن چند جوش دیکے صاف کرین اسکا چوتھائی حصہ روغن تلخ ملا کے پھر جوش دین یہانتک کہ پانی جل کے روغن
باقی رہ جائے قدرے پستان پر مالش کرین طلا پستان بڑھنے نہین دیتا ترکیب طین الحر باز و کوٹ کے شہد مین طلا کرین طلا پستان
ابھرنے اور بڑھنے مین معین ہے ترکیب سندھی کو نہ اسگند برابر باریک پیس کے طلا کرین طلا برائے درد معدہ گرم و حرقت فم
معدہ ترکیب عود کندر مصطگی طباشیر ہر ایک ایک ماشہ پوست بیرون پستہ زر ورد صندل سفید ہر ایک تین ماشہ روغن اکتولہ حسب
ضرورت دوائین کوٹ چھانکے روغن گل و گلاب مین ملا کے فم معدہ پر طلا کرین طلا برائے ضعف معدہ و وجع فواد ترکیب دارچینی
عود صلیب صندل اگر ترکی زرنباد سودہ بگلاب روغن مصطگی داخل کرکے فم معدہ پر طلا کرین طلا برائے ضعف جرم معدہ مجرب ہے
ترکیب گلنار مصطگی ہر ایک تین مثقال افسنتین صبر ہر ایک دو مثقال گلسرخ پانچ مثقال لونگ سعد سنبل ہر ایک دو درم باریک
پیس کے گلاب یا شراب مین ملا کے معدہ پر طلا کرین طلا معدہ کو قوت دیتا ہے ترکیب بالچھڑ سعد کوفی گلسرخ را ایک مصطگی قصب الذریرہ
ہر ایک ایکجز و پیس کے ضماد کرین طلا برائے ورم بلغمی معدہ مفید ہے ترکیب ناخونہ جعدہ بابونہ افسنتین ہر ایک سات درم مصطگی تخم شبت
بیہ نبط ہر ایک دس درم بیخ خطمی موم سرخ ہر ایک پینتیس درم بدستور مرتب کرین طلا درم صلب کہنہ معدہ کیواسطے نہایت سودمند ہے
ترکیب موم تین درم سنبل مصطگی ہر ایک پانچدرم تخم کرنب مقل ہر ایک دس درم روغن ناردین پندرہ درم صموغ شراب مین حل کرین
اور موم روغن مین ملا کے طلا کرین طلا قے کو روکتا ہے ترکیب اقاقیا سعد مرکی کندر کعک جوز السرو گلسرخ ماز و آملہ گل ارمنی بلوط کا درس
پر نج عدس گلنار بزر البنج صندل انمین سے جو دوائین طبیب مناسب سمجھے آب مورد یا آب بہی مین پیٹ پر طلا کرے طلا برائے ضعف
جگر و اصلاح معدہ ترکیب گل بنفشہ آرد حلبہ ہر ایک دو ماشہ گلسرخ پانچماشہ مصطگی بالچھڑ ہر ایک تین ماشہ سعد کوفی اذخر قصب الذریرہ
ہر ایک دو ماشہ گل بابونہ گل خطمی آرد جو ہر ایک سات ماشہ کوٹ چھان کے لعاب بزرکتان مین طلا کرین طلا برائے استسقاء لحمی ترکیب
کف دریا نمک سنگ بورہ ارمنی اگر ترکی زرنباد ماشا صبر سقوطری سرگین گاؤ سرکہ و گلاب مین ہاتھ پانون کے ناخون پر طلا کرین

طلا برائے استسقائے زقی ترکیب صغر سعد کوفی پشک بنہ گل ارمنی بورہ ارمنی سرکہ مین طلا کرین طلائے ہندی جالبس اسہال
ترکیب جاپھل مغز تخم انبہ کہنہ مغز بیل بقدر مناسب لیکے قدرے افیون ملائین اور پیٹ پر طلا کرین طلاء ورزحیر ورمی کے تسکین دینے
مین مجرب ہے ترکیب روغن گل انڈیکی زردی مردار سنگ ملا کے مقعد پر طلا کرین طلا حب الفرع وکرم درازاطفال کے واسطے مفید ہے
ترکیب افسنتین تین درم برگ شفتالو دس درم زہرہ گاؤ یک عدد تھوڑا سرکہ ملا کے حوالی ناف پر طلا کرین طلا مفتح خون بواسیر وتسکین درد
ترکیب آب پیاز صبر زرد زہرہ گاؤ ہر شے مناسب ملادین اور بدستور طلا کرین طلا بواسیر کو جڑ سے کھو دیتا ہے ترکیب بورہ توبہ کبوتر کی قسم سے
تین درم زرنیخ دو درم سم الفار ڈیڑھ درم زنگار ایکدرم آہستہ کوٹ کے مرغ کی چربی کا ٹکڑا پگھلائین اور تھوڑا سا سفوف ملا کے طلا کرین
اگر علت ضعیف ہو تین دن تک رکھین ہر روز دو بار اگر قوی ہو پانچ دن پھر پیاز سرخ در روغن ڈالے مرہم بنا کے رکھین تا کہ مسے دور ہو جائین
اس مدت مین اسجگہ پانی نہ لگنے پائے تا وقتیکہ صحت نہ ہو جائے مسے گرنے پر مرہم انزروت دم الاخوین اور انڈیکی سفیدی کا بنائین
تا کہ گوشت نکلے طلا ورم نرم مقعد کیواسطے نافع ہے ترکیب عدس گلسرخ برابر برابر لین اور کوٹ چھان کے آب عنب الثعلب و
روغن گل مین طلا کرین اگر مبدہ کی ردی ٹکو پانی مین پکا کے انڈے کی زردی اور روغن گل مین ملا کے ضماد کرین مفید ہو طلا برائے
جالق وقوت باہ معمول ہے ترکیب گھونگچی سفید مع پوست کچلہ عاقرقرحا پوست بیخ کنیر سفید زہر مٹھہ مغز جمالگوٹہ ہر ایک دو درم
سوائے زہر وجمالگوٹہ کے سفوف بنائین اور جمالگوٹہ وزہر بکری کے ایک سیر دودھ مین کپڑے کی پوٹلی مین باندھ کے
دو تین جوش دین اور نکال ڈالین بعد اسکے سرگین گاؤمیش مین پانی کے ساتھ دو تین جوش دے کے اتار لین پھر کل دوا مین بکری
کے آدھ سیر دودھ مین کھرل کر کے گولیان بنالین اور جودہ گھسیکرین طلا مجربات وارث علی خان سے ترکیب
شیر آک شیر تھوہر تد ہارہ شیر بھوہر قسم شیر درخت بڑ ہر ایک تین ماشہ تخم دھتورہ سیاہ باریک پیس کے چھ ماشہ روغن گاؤ ایک تولہ
اول روغن کو دیگچی مین جوش دین جوش کے وقت چارون طرف دودھ ڈالین اور حل کرین جلدی سے اتار کے تخم دھتورہ مسحوق داخل
کر دین وقت شب قدرے نخود بریان مل کے باندھ دین اور صبحکو کھولڈالین ایضاً مقوی باہ حکیم شریف خان کہتے ہین کہ اکثر لوگون کو
نفع بخشا ہے ترکیب شنگرف ہڑتال طبقی پارہ کمیلہ عاقرقرحہ مویز منقی پیاز نرگس دارچینی ببول کا پتہ سبکو کھرل مین تیرہ پہر تک حل
کرین اور تھوڑا سا لگائین طلا مولفہ حکیم شیر علی بکار عنین لوگون کے واسطے مجرب و مفید ہے ترکیب پوست بیخ کنیر سفید گھونگچی
سفید ہر ایک آدھ پاؤ قسط تلخ مغز جمالگوٹہ ہر ایک دو تولہ سفوف کر کے پندرہ سیر شیر گاؤمیش مین ملا کے خوب پکائین دہی جما کے
صبحکو چوتھائی دودہ کے برابر پانی ڈال کے مسکہ نکالین اور دہی کو دفن کر دین کہ سم قاتل ہو جاتا ہے اور مسکہ کو رکھ چھوڑین قدرے
قضیب پر طلا کر کے برگ تنبول باندھ دین اور ایک تی پان مین کھائین دو ہفتہ کے استعمال مین صحت ہو گی طلا برائے
قوت باہ تالیف حکیم محمد عابد ترکیب میٹھا زہر خوب کھرل کر کے ہمراہ شیر درخت آک عسل خالص روغن گاؤ ظرف آہنی

مین آہنی دستہ سے حل کرکے بوتل مین رکھین شام کو آدھے چنے کے برابر قضیب پر طلا کرکے اوپر سے پان رکھ کے کچے تاگے سے لپیٹین صبح کو گرم پانی سے دھوئین ایک ہفتہ سے دو ہفتہ تک عمل کرین طلا برائے تقویت باہ بے نظیر ہے ترکیب آب پیاز عنصل آب پیاز نرگس آب پیاز سفید آب سیر ہر ایک تین ماشہ روغن حب السلاطین ایک تولہ زہرہ مرغ ایک عدد زہرہ کنجشک سترہ عدد مورچہ سرخ بیس عدد زنبور پانچ عدد سوبرنج عاقرقرحا دارچینی دار فلفل پوست بیخ کبیر سفید قفر الیہود ہر ایک چار ماشہ سب کو کھرل مین ڈال کے دس تولہ شراب تند مین خوب حل کرین اور گولیان بنا کے رکھ چھوڑین بوقت حاجت روغن گاو تازہ مین پیس کے سوائے حشفہ کے طلا کرین سوزش ہو تو اندیشہ نہ کرین سات دن تک استعمال کرین ایضاً اس سے بہتر نسخہ نہین ہے ترکیب سم الفار زرنیخ شنگرف سیماب ہر ایک چھ ماشہ چار تولہ عسل خالص مین مکرر کھرل کرین بعد اسکے پیہ شیر پیہ خوک صحرائی جو اسکے خصیہ اور گردہ سے لگی ہو پیہ سوسمار پیہ ورل (سانڈہ) ہر ایک دو تولہ داغ کرکے خراطین زلو ہر ایک ایکتولہ کرم ہتال مدہ ایک عدد کھرل مین رکھ کے ادویہ مذکور کو ایک شبانہ روز بھر کھرل کرین اسکے بعد حسیہ سفید تخم ترب تخم کتائی عاقرقرحا جرک گوش انسان جوان جوزبوا بسباسہ قرنفل ہیش قفر الیہود ادا زراقی سعدہ پوست بیخ کبیر سفید سوبرنج جلیتت خالص مشک ہر ایک تین ماشہ کوٹ چھان کے کھرل مین ڈالین اور ہمراہ شراب دو آتشہ تند کل دوائین سحق کرکے کھرل مین ڈال کے حل کرین دو دن تک متواتر گولیان بنا کے رکھ چھوڑین بتلا طلا حشفہ چھوڑ کے ذکر پر کرین اوپر سے بنگلہ پان باندھ دین طلا برائے مین ترکیب گنہ ھک آملہ سار یا نچدرم ہرتال طبقی دو دام مینسل سرخ تین دام زہر تلیہ سات ماشہ روغن بید انجیر چالیس دام انڈیکی زردی تیس عدد پہلے چار دن اجزا کو انڈیکی زردی مین کھرل کرین اور روغن مذکور ملا کے آتشی شیشے مین روغن نکالین طلا برائے محلوق مجرب استاد مرحوم ترکیب جند بیدستر سوبرنج عاقرقرحا ہینگ سر افسط تلخ دارچینی بھکرمول ہر ایک دو ماشہ شراب دو آتشہ مین پیس کے بھینس کے مسکہ مین دو پہر تک کھرل کرین کہ مثل مرہم کے ہو جائے حشفہ چھوڑ کے طلا کرین اوپر سے پان باندھ دین طلا مبہی و ممسک ترکیب پوست بیخ آگ دو تولہ برادہ کچلہ ایک تولہ پوست بیخ کبیر سفید چار تولہ سب کو عرق چوب کیوڑہ و آب زہرہ گاؤ مین کھرل کرین اور مثل جنگلی بیر کے گولیان بنالین وقت حاجت آب پوست خشخاش مین حل کرکے سوائے حشفہ کے طلا کرین اوپر سے برگ تنبول باندھ دین بعد ایک پہر کے دور کرکے جماع مین مشغول ہون اگر بہت امساک کرے گرم پانی سے دھو کے روغن چنبیلی اوپر سے مل دین طلا مجرب مختصر تالیف حکیم محمد جعفر ترکیب پوست بیخ کبیر سفید پیہ شیر خراطین جرک گوش آدمی ہر ایک ایکدام روغن گاو پانچدام مثل مرہم کے بنا کے طلا کرین ایضاً مجرب ترکیب مستی جو سانڈے کے سر کے عقب مین ہوتی ہے بوزن ایک نخود لونگ تین عدد آب برگ پان مین صلایہ کرکے طلا کرین طلا ایک طبیب کی یہی معاش تھی ترکیب بچھناک سیاہ جرب عاقرقرحا سفید ورہر ایک ایکتولہ شیر اک چار تولہ مسکہ گاؤ دس تولہ سب کو خوب کوٹ چھان کے ہمراہ سفید ور دشیر و مسکہ کڑاہی مین رکھ کے نیم کی لکڑی نیم فلوس وصل کرکے چار روز تک حل کرین بعدہ رکھ چھوڑین کہ حدت رفع ہو ایک ماشہ قضیب پر مل کے

بان باندہ دین صبحکو دھوڈالین اگر ہوا سرد ہو کسیقدر گرم کرکے ملین ایضاً مقوی باہ ترکیب مرداسنگ سیماب ہرتال سم الفار ہرایک تین ماشہ تخم کتائی چار دام روغن زرد آدھ پاؤ دوائین باریک پیس کے شیرہ تخم کتائی مین سولہ پہر کھرل کرین پھر روغن زرد مین چار پہر کھرل کرین وقت حاجت ایک رتی سے کم طلا کرین اور اوپر سے پان باندھدین مکرر اسکا فائدہ مشاہدہ کیا گیا ہے طلا برائے حالق منین و درازی و سطبری قضیب عجیب ہے ترکیب شیطرج سرمہ مازو استخوان ماہی سوختہ زاک سرخ شنگرف ہرایک ایکتولہ خراطین سات تولہ افیون مصری عروسک زہر میٹھا ہرایک دو تولہ سب کو سرمہ سا پیس کے رکھین بعد اسکے ذرع پانچتولہ سانڈہ بیہ بیر قرنفل جنگلی دھتورہ مالکنگنی ہرایک سات تولہ تخم ترب تخم گزر ہرایک چار تولہ مرچ جنگلی پانچتولہ ان سب کو بطریق جودہ شیشی مین روغن کشید کرین اور مذکورہ دوائین ملا کے استعمال کرین آدھ رتی لگائین کیونکہ تیز بہت ہے ایضاً حکیم کلو صاحب سے ترکیب عاقرقرحا مرچ کھنی کوٹ مالکنگنی تخم دھتورہ سیاہ پوست بیخ کنیر سفید گھونگچی سفید بھکنی لونگ جاوتری کچلہ بچھناک سیاہ بیر بہوٹی انگوزہ مساوی روغن کنجد مین چرب کرکے شیشی مین روغن کشید کرین پھر قدرے جند بیدستر حل کرکے استعمال کرین طلا بہت مجرب ہے برائے درازی و سطبری قضیب حکیم جعفر سے ترکیب خراطین خشک ایکتولہ شیرہ برگ کتائی خر دیا شیر میش مین پیس کے کپڑہ پر لگا کے قضیب کے اوپر لپیٹ دین اور آٹھ پہر رہنے دین بعدہ گرم پانی سے دھوئین اسیطرح چار مرتبہ عمل کرین طلا ممسک عجیب ترکیب مستی خوک کچلہ سمندر سوکھ کفدریا دار فلفل پوست بیخ کنیر سفید کوٹ پیس کے آب سفید کو کنار حل کرکے طلا کرین ایضاً برائے امساک بیاض حکیم ارشد سے ترکیب سبزی اندرون تخم کنول گٹہ چار عدد حنزل پندرہ عدد تخم اسپند گیارہ عدد تخم دھتورہ دس دانہ پوست بیخ حنظل ایک رتی مثل غبار پیس کے پانی مین کفدست و پا پر طلا کرین اور بعد ایک پہر کے مشغول ہون طلا کہ مجامعت مین لذت دیتا ہے ترکیب خایہ گربہ سیاہ و پیہ بز سرخ روغن مین بریان کرین کہ جل جائین اور اُس روغن کو قضیب پر ملین ایضاً منعظ و ملذذ ترکیب آب زہرہ عروس و عسل دونون مساوی طلا کرین ایضاً ملذذ ترکیب سہاگہ بریان گلاب مین پیس کے قدرے مشک ڈال کے طلا کرین طلا منزل النساء ترکیب سیماب نیمدرم کافور ایکدرم سہاگہ ایکدرم پانی یا شراب مین پیس کے قضیب پر طلا کرین ایضاً کافور ایک سرخ زنجبیل دو سرخ سہاگہ ڈھائی سرخ پیس کے ذکر پر طلا کرکے مجامعت کرین طلا ملذذ و مقوی باہ معمول سے ترکیب دارچینی عاقرقرحا قرنفل بورہ ارمنی زہر آب گوسفند صمغ عربی زنجبیل کبابہ برابر پیس کے شہد مین طلا کرین اور بعد خشک ہونے کے جماع کرین ایضاً ملذذ جماع و منزل متواتر زن مجرب ہے ترکیب حجر البقر حریل ایک ایکتولہ دوپہر تک کھرل کرین پھر آب بہن یا شہد مین حل کرکے قضیب پر طلا کرین ایضاً ملذذ و منزل النساء ترکیب سہاگہ تیلیہ کبابہ دونون مساوی آب بہن یا شہد خالص مین حل کرکے طلا و جماع کرین نہایت عجیب ہے طلا معمول درم حار خصیہ ترکیب گل قیمولیا عنب الثعلب آب برگ خطمی سفید کشنیز سبز سب کو روغن گل اور انڈے کی زردی و سرکہ دانگ زعفران ملا کے طلا کرین طلا برائے ورم بارد خصیہ و قضیب ترکیب مغز تخم بید انجیر زیرہ کرمانی سویا منقی گل بابونہ ناخونہ مرمکی برگ عنب آرد باقلا آرد حلبہ

آرد جو مساوی پانی مین پکا کے طلا کرین طلا اردو درم خصیہ کے لیے نافع ہے ترکیب کا کنج کوکنار آرد جو آرد عدس حلبہ مساوی ٹوپکی زردی انڈے
روغن گل مین طلا کرین طلا برائے خارش خصیہ و قضیب مفید ہی ترکیب صبر زرد نوشادر ہر ایک چار دانگ نشاستہ ایکدرم شیاف مامیثا
اقاقیا ہر ایک تین درم کوٹ کے گلاب و سرکہ مین ملا کے طلا کرین طلا عجیب برائے اعوجاج قضیب کہ اعصاب کو محکم کرتا ہی اور انعوظ
کو قوی کرتا ہی ترکیب افیون مصری ایکدرم جوزبوا ایک مثقال دارچینی ایک مثقال دربیع عاقرقرحا ڈیڑھ مثقال پیاز نرگس ڈھائی
مثقال پوست بیخ کبر سفید پانچ مثقال کوٹ کے چار ساعت بخوری شراب معطر مین سحق کرین اور ٹکیان بنا کے خشک کر ڈالین وقت
حاجت شراب مین پیس کے استعمال کرین طلا برائے ضیق قبل و رطوبت سائلہ رحم مین مجرب ہی ترکیب مازو سبز کافور و شہد مین پیس کے
فرج پر طلا کرین طلا خارش فرج کے واسطے نافع ہے ترکیب اسرب آب کاسنی سبز مین پیسین پھر نیلوفر و تخم کاہو کوٹ چھان کے
ملا دین اور گلاب ڈال کے فرج کے اندر طلا کرین طلا اگر عورت فرج مین طلا کرے مرد فریفتہ ہو جاے ترکیب تلخہ ماہی رو ہو دارفلفل ایک جا کر کے
روغن گاؤ مین اسیطرح لحم ملہ طلا برائے وجع مفاصل حار و وجع رکبہ مجرب ہی ترکیب شیاف مامیثا گل ارمنی صندلین ہر ایک دو ماشہ
اکلیل الملک گل بابونہ بنفشہ ہر ایک تین ماشہ آرد جو تخم کاہو پوست در بندی حضض مکی ہر ایک ایک تولہ کوٹ چھان کے آب کشنیز سبز و
آب کاسنی سبز مین ملا کے طلا کرین ایضاً محدد مسکن وجع مفاصل ترکیب افیون جندبیدستر ہر ایک ایکجز و زعفران نصف جزو پانی مین
پیس کے طلا کرین طلا ابتداے وجع مفاصل مین معمول ہے ترکیب صندل سرخ گل خطمی حضض ہندی ہر ایک چھ ماشہ آب عنب الثعلب
تازہ مین ضماد کرین اور انتہا مین برائے تحلیل درم مغز فلوس دو تولہ اضافہ کرین طلا برائے نقرس حارہب مفید ہی ترکیب اقاقیا
حضض صندل سفید و سرخ شیاف مامیثا فوفل گل ارمنی کل مساوی کوٹ چھان کے آب عنب الثعلب سبز مین ملا کے طلا کرین طلا
نافع داء الفیل ہی ترکیب صبر اقاقیا مرمکی عصارہ لحیۃ التیس شب یمانی مساوی کوٹ چھان کے سرکہ کہنہ مین طلا کرین اوپر سے
کپڑا باندھ دین اور باندھتے وقت عقب سے شروع کرین اور کبھی گلسرخ و گلنار و مورد و مازو و کزمازج عوض عصارۂ لحیۃ التیس کرتے ہین ایضاً
بعد فصد و قے کر کر ترکیب ایلوہ دبول لوبان تخم شبت سرکہ مین پیس کے ضماد کرین طلا اے نردی نافع برلے اورام حارہ جو غیر متغاہن
مین ہون ترکیب صندل سرخ عصارہ مامیثا گل نسرین رسوت فوفل زعفران پانی مین پیس کے بنادق بنائین اسوقت حاجت
ایک کو آب کاسنی تازہ و آب کشنیز و گلاب و سرکہ مین گھس کے طلا کرین طلا حمرہ اور سائر اورام ملتہبہ کیواسطے بھی فائدہ مند ہی ترکیب
صندل سرخ فوفل شیاف مامیثا سفیدہ قلعی گل ارمنی مساوی کوٹ چھان کے آب کشنیز سبز مین طلا کرین طلا ورم رخو مین معمول ہی ترکیب
مرمکی حضض سعد صبر زرد زعفران مساوی اندک اقاقیا و گل ارمنی سرکہ آب کرنب مین ملا کے طلا کرین ایضاً دوسرے اطلیے قوی النفع
ہے سرگین مادہ گاو کندر میعہ سائلہ اشنہ قصب الزریرہ بالجملہ افسنتین طلا منفجر دمامیل و مجرب بعدیل تفجیر مین سریع الاثر ہے اور
نشتر کا کام کرتا ہی ترکیب آہک آب نادیدہ پوست درخت ذات الذنب (یعنی بڑہ) سوختہ خاکستر کر کے دونون مساوی

پانی مین پیس کے دمل پر جس جگہ سے منہ کرنا منظور ہو رکھین طلا بدہ کے واسطے نافع ہے ترکیب حلبہ سمد کتان املی کا چنیان کوٹ چھان کے رکھ چھوڑین وقت حاجت قدرے شیر گاو مین پکا کے کپڑے پر رکھ بدہ پر باندھ دین کہ منفجر یا تحلیل ہو جاویگا طلا ابتدائے سرطان مین نافع ہے ترکیب توتیا سفیدآب وصبر ہاون ستہ اسربین آب کشنیز سبز و عنب الثعلب پیس کے استعمال کرین اسیطرح طلائے گل ارمنی و گل مختوم ہمراہ سفیدہ اسرب و زیت انفاق و عصارہ کاہو و حی العالم و اسبغول ہاون دستہ مذکور مین اور اگر اسمین حرقت و حرارت و ضربان ہو سرطان نہری کوٹ کے ہمراہ اقلیمیا طلا کرین اگر منفرح ہو جاوے بارچہ کتان مبلول آب عنب الثعلب مین رکھین خشک ہو جاوے تو اس پانی کو انڈیل دین اور خاکستر سرطان ہمراہ اقلیمیا و موم و روغن گل مین ملا کے طلا کرین طلا برائے بثور سرخبادہ ترکیب رسوت کات سفید صندل سرخ آب کشنیز سبز مین پیس کے ضماد کرین ایضاً برائے سرخبادہ ترکیب گل ارمنی طباشیر ہر ایک چار درم حضض لوشی دہنہ کی ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے آب عنب الثعلب سبز و آب کشنیز تازہ مین ملا کے طلا کرین طلا برائے شری مجرب ہے ترکیب کا کنج آرد جو مساوی آب کشنیز سبز و سرکہ و آب کدوے سبز مین ملا کے طلا کرین طلا نملہ کیواسطے مفید ہے ترکیب گل ارمنی گل قیمولیا ہر ایک تین درم اقاقیا صندلین ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے آب بارتنگ یا خرفہ ملا کے طلا کرین طلا معمول و مجرب حکیم احسن اللہ خان برائے بثور آتشک و بلغمیہ و سعفہ و جرب و حکہ و جمیع مواد سوداویہ ترکیب رال رسکپور سفید و ریکا نور سفیدہ کاشغری کتہ سفید کمیلہ گل ارمنی رسوت دھوا نشستہ ہر ایک تین ماشہ مرداسنگ توتیا بریان ہر ایک دو ماشہ سب کو سرمہ کیطرح باریک پیس کے روغن زرد تین تولہ چند بار پانی سے دھویا ہوا ملا کے کام مین لائین طلا برائے جرب و آبلہ مجرب ہے ترکیب مرداسنگ حنا کمیلہ چونہ بری خشک ہر ایک ایکجزو توتیا نیم جزو کتھہ سفید نیم جزو کوٹ چھان کے روغن تلخ یا شیرہ مین ملا کے ملین اور ایک گھنٹہ تک دھوپ مین بیٹھین ایضاً مجرب برائے حکہ و اکوتہ ترکیب کمیلا مرداسنگ ہر ایک چار دام توتیا بریان ایکدام کوٹ چھان کے آب برگ پان مین کھرل کرین مثل مرہم ہو جاوے تو مالش کرین کبھی برگ حنا دکھنے و روغن حنا بڑھا کے استعمال کیا ہے تو بہت مفید پایا ہے ایضاً برائے خارش نافع و مجرب ترکیب گل ارمنی ایکتولہ کافور دو ماشہ زعفران ایکماشہ گل کافیشہ ایکتولہ سرکہ دو تولہ روغن بادام چار تولہ بدستور طلا کرین طلا برائے داد مجرب ہے ترکیب سہاگہ تلیہ گندھک شکر سفید برابر پیس کے پانی مین طلا کرین دوسرے نسخہ مین رسکپور زیادہ ہے اور لکھا ہے کہ گلاب مین پیس کے استعمال کرین ایضاً معمول ترکیب مازو سبز سہاگہ بریان گندھک چھاچھیہ کتھہ باڑیہ ہر ایک ایکتولہ مرچ سیاہ چھ ماشہ توتیا بریان تین ماشہ آب لیمون مین پیس کے گولیان بنائین اور بوقت حاجت طلا کرین ایضاً برائے داد معمول ترکیب تخم پنواڑ آملہ لاکھ برابر موضع داد کو کھجلا کے دوائی مذکور پانی مین طلا کرین طلا برائے داد مجرب و معمول ہے ترکیب گندھک آملہ سار گندھک چھاچھیہ کتھہ سفید رال گوٹہ باپچی ہر ایک ایک تولہ تخم پنواڑ چھ تولہ کوٹ چھان کے باسی پانی مین ملا کے کام مین لائین ایضاً مجرب بے نظیر ترکیب سہاگہ بریان فلفل سیاہ طبلیہ زنگی پوست بیخ پالک جوہی چارون برابر آب لیمون مین سحق کر کے موضع قوبا پر طلا کرین تین روز مین

اسطرح جاتا رہے گا کہ پھر عود نہ کریگا طلا برائے گنج ۔ از معمول و مجرب ہی **ترکیب** بابچی گھونگچی سرسون کوٹہ تخم پنواڑ کوٹ چھان کے کھٹے دہی
مین استعمال کرین **ایضاً** مجرب برائے قوبا **ترکیب** سہاگہ گندہ بروزہ کتھ تباے ہندی ہر ایک ایکماشہ آب لیموے کاغذی مین طلا کرین ہر روز
چار پانچ مرتبہ **ایضاً** ازالہ قوبا مین مجربات انطاکی سے ہے **ترکیب** مرصاف شکر زبد البحر کبریت پھٹکری سب مساوی کوٹ چھان کے
قطران مین ملائین اور کھجلانے کے بعد قوبا پر طلا کرین **طلا** برائے جھاجن مجرب ہی **ترکیب** پارہ کتھ اجوائن خراسانی ہر ایک ایکدام روغن
مادہ گاؤ چار دام ظرف مسی مین نیم کی لکڑی سے تین دن تک سحق کرین اور جھاجن پر طلا کرین **طلا** دافع ثاٰلیل و خیلان مین مجرب ہے **ترکیب**
گوگرد زرنیخ شونیز خاکستر عقرب مساوی پیس کے سرکہ مین طلا کرین **ایضاً** نافع برائے خیلان **ترکیب** پودینہ کوہی سرکہ مین پیس کے
یا پوست کدو سرکہ مین حل کر کے طلا کرین **طلا** برائے سعفہ رطب شدید العفونت کثیر الصدید مجرب ہی بیاض استاد مرحوم سے **ترکیب**
قنبیل تنکار زرد چوب بابچی کوٹ کے روغن تلخ مین دو پہر کھرل کر کے کام مین لائین **ایضاً** برائے سعفہ قویہ **ترکیب** گل دگیدان سرگین کبوتر تینون
برابر پیس کے سرکہ خمر مین طلا کرین **ایضاً** حکیم عابد کہتے ہین کہ دانون کی ایک قسم ہے کہ چھوٹے چھوٹے سفید رنگ بال منڈوانے کے بعد پیدا
ہو جاتے ہین اور وہ عسر العلاج ہوتے ہین پس بال منڈوانے کے بعد لیمون دو بارہ کر کے سر پر خوب ملین **طلا** سر اقرع پر بال اگاتا ہی **ترکیب**
فلفل سیاہ کوٹ چھان کے زہرۂ خوک و شہد مین ملا کے لگائین **ایضاً** نافع اورام و بثور کہ برسات کے موسم مین بسبب رطوبت کے ظاہر ہوتے
ہین **ترکیب** زرد چوب سوختہ چونہ کی ہر دو برابر باریک کر کے روغن نیم گرم مین حل کرین اور کپڑے پر رکھ کے چپکا دین **طلا** برائے بثور ردی
مجرب ہی **ترکیب** کافور زعفران ہر ایک نیم دانگ گل ارمنی گل مختوم ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے گلاب و سرکہ انگوری مین طلا کرین
اگر بثور رطب ہون مرداسنگ ایکدرم صبر پانچدرم کوٹ چھان کے روغن گل و سرکہ مین طلا کرین **طلا** برائے مہاسنہ مجرب و معمول ہے
ترکیب مغز تخم کنار بیخ مہک قسط تلخ برابر پانی مین پیس کے منھ پر ملین **طلا** نواب علویخان سے مہاسنہ کو دور کرتا ہی اور رنگ
صاف کرتا ہے **ترکیب** تخم ترب بیخ نے گل بنفشہ عنب الثعلب کتیرا ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے آب کیلہ و آب برگ خیار سرکہ مین
ملا کے رات کو منھ پر ملین صبحکو گرم پانی سے دھو ڈالین اور اگر آرد نخود و آب آملہ سے دھوئین بہتر ہوگا **طلا** برائے مہاسنہ **ترکیب** برگ نب
بیخ سوسن پوست سرس مغز گھونگچی سفید نمک سنگ پیس کے رات کو منھ پر ملین صبحکو دھو ڈالین **ایضاً** برائے بثور لبنیہ **ترکیب** صابون
جدید چار درم کندر اشق ہر ایک ایکدرم پانی مین پیس کے بثور پر طلا کرین اور ایک گھنٹہ کے بعد دھو ڈالین یا بورہ ارمنی دو درم گل مختوم
ایکدرم کافور نیم دانگ زعفران نیم درم باریک پیس کے گلاب و سرکہ مین طلا کرین اگر بثور مذکور رطب ہون مرداسنگ صبر مغسول ہر ایک
پانچدرم روغن گل و سرکہ مین چہرہ پر طلا کرین **طلا** چیچک کے داغ دور کرتا ہی حکیم علی گیلانی سے **ترکیب** آرد جو استخوان بوسیدہ آرد بیخ
مغز تخم خربزہ بیخ نے حب البان قسط شیرین کوٹ چھان کے لعاب تخم کتان مین طلا کرین صبحکو جس پانی مین بابونہ و بنفشہ جوش کیا ہو اس سے
دھو ڈالین **ایضاً** برائے برص مجرب ہے شیطرج ہندی تخم ترب قوۃ الصبغ تخم سداب تخم جرجیر کندش انزروت بورۂ ارمنی پوست بیخ کبر

زرنیخ زرد و سرخ مویزج پھٹکری رائی سفید و سرخ فلفل زراوند طویل نحاس محرق توبال نحاس خربق سیاہ نمک اندرانی کوٹ چھان کے سرکہ خمر میں ملاکے مکرر مالش کریں بہت نافع ہے طلائے ہندی برائے برص ترکیب شیطرج ہندی زرنیخ سرخ فلفل سیاہ زنگار مساوی سرکہ میں ڈال کے ظرف مسی میں سحق کریں اور ایک ہفتہ تک رہنے دیں بعدہ طلا کرکے دھوپ میں بیٹھیں ایضاً جالینوس سے ترکیب تخم ترب تخم جرجیر نوۃ الصبغ کندر شیطرج شحم حنظل مازریون خردل سقمونیا مساوی سرکہ میں پیس کے طلا کریں جبتک کہ آبلہ اٹھائے پھر چند روز تک ترک کردیں آبلہ اچھا ہوجاے تو اعادہ کریں ایضاً بیاض حکیم علیم اللہ صاحب سے ترکیب بلاس پاپڑہ تین درم خام توتیا تین ماشہ کات سفید ایک تولہ کوٹ پیس کے آب لیموں میں کھرل کرکے گولیاں بنالیں اور طلا کرتے رہیں یہ گولیاں قوبا کے واسطے بھی مفید ہیں طلا نافع برص مسیحی سے ترکیب خربق سیاہ بابا مازو سرکہ میں پکائیں اور پیس کے طلا کریں طلا معمول برائے بہق ابیض ترکیب ترمس زرنیخ کبر مساوی بدستور سرکہ ملاکے استعمال کریں ایضاً شیطرج فوہ تخم ترب کندش خردل مساوی سرکہ تند میں پیس کے دھوپ میں بیٹھ کے طلا کریں دوسرے نسخہ میں فوہ کے عوض عاقرقرحا ہے اور تکملہ میں شب یمانی و زرنیخ زیادہ ہے اور لکھا ہے کہ برص و بہق سیاہ کے واسطے بھی مفید ہے ایضاً برائے بہق سفید نافع ہے ترکیب زردچوب انبہ ہلدی آملہ دانہ لاکھ گندھک آملہ سار تخم پنوار گندھک چھاچھ مساوی کوٹ چھان کے آب خالص میں بہق پر طلا کریں ایضاً برائے چھیپ نافع ہے ترکیب مرداسنگ رال گندھک آملہ سار سہاگہ تخم ترب آب لیموں میں پیس کے طلا کریں طلا برائے بہق اسود و کلف مجرب ہے ترکیب خربق سیاہ سرکہ میں پیس کے اور زرنیخ زاج کبریت آب ترب میں پیس کے طلا کریں ایضاً برائے بہق اسود تخم ترب و سعد کندش قسط ہر ایک دو درم سرکہ میں طلا کریں ایضاً برائے کلف معمول ہے ترکیب ہرتال شورہ قلمی ہر ایک ایکدرم انکے تین حصہ کریں اور ایک حصہ ٹھنڈے پانی میں پیس کے ملیں اور گھڑی بھر دھوپ میں بیٹھیں پھر گرم پانی سے دھو ڈالیں ایضاً مجرب رازی ترکیب سیماب دو درم مغز بادام تین درم اندک پانی میں کھرل کریں بعدہ مغز تخم خربزہ برابر پیس کے ملادیں اور طلا کریں طلا برائے رفع اثر کہ بعد قرحہ و آبلہ کے بدن پر باقی رہ جاے ترکیب مرداسنگ مغسول روغن گل میں ملاکے ملیں اور مرداسنگ سفیدہ سرکہ و زہرہ گاؤ میں طلا کریں طریق غسل مرداسنگ یہ ہے کہ مرداسنگ نمک برابر لیکے اسپر پانی ڈالیں اور دھوپ میں رکھدیں چند مرتبہ پانی تبدیل کرڈالیں یہانتک کہ سفید ہوجاے طلا نافع خراز ترکیب آب زہرہ گاؤ ایکدرم بورہ ارمنی دو درم آب چقندر چالیس درم شہد میں ملاکے طلا کریں دو گھنٹہ کے بعد دھو ڈالیں اور روغن گل سرکہ میں ممزوج کرکے ملیں طلا نافع داءالثعلب ترکیب کبریت زرد سم خر سوختہ موے خر سوختہ آملہ پوست انار پوست خشخاش کیلہ سوختہ ہر ایک ایک تولہ فلفل چھ ماشہ کل دوائیں پیس کے روغن سرشف میں طلا کریں ایضاً مفید داءالثعلب سعفہ رطب ترکیب کندر یا کاغذ حب الغار مساوی سب کو جلاکے سرکہ میں طلا کریں طلا برائے شقاق اطراف ترکیب بکری کی چربی پگھلائیں اور قدرے مازو مثل سرمہ پیس کے ممزوج کریں شقاق میں بھر دیں طلا بھوؤں کے بال نکالنے میں مجرب ہے ترکیب ہلیلہ و عفص کو جلا ڈالیں اور سرکہ میں ملاکے طلا کریں

ایضاً بھوون کے بال جو جذام سے گر گئے ہون اُگاتا ہی اور بعد تنقیہ کے کام مین آتا ہی ترکیب مویزج ہلیلہ سیاہ آملہ ہر ایک ایکجزو جوش
کرین اور روغن زیت مین حل کر کے ملین لیکن اس سے پہلے اس مقام کو طبیخ عوسج وگلنار سے دھو لیا ہو ایضاً بالون کو قوت دیتا ہی اور
گرنے سے بچاتا ہی عجیب الاثر اور آزمودہ ہی ترکیب کندر مازو ہر ایک ایکدرم مصطکی ڈیڑھ درم قردمانا مر ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے
لادن روغن گل مین پگھلا کے دوسری دوائین ملائین اور اصول شعر پر اسکا طلا کرین ایضاً بالون کو بڑھاتا اور گھنا کرتا ہی ترکیب دندان فیل
سوختہ رسوت مساوی پیسین اور پانی مین گولیان بنا لین پھر پانی مین حل کر کے استعمال کرین طلا برائے منع انبات شعر مجرب ہے ترکیب
آب انجبر بیضہ مورچہ زبد البحر آب ترنج ہر ایک قدرے باہم مخلوط کر کے جسجگہ دو تین مرتبہ طلا کرینگے ہرگز بال نہ نکلین گے طلا برائے برص
اظفار بعد تنقیہ مستعمل ہی ترکیب جوز السرو آرد نخود آب ترمس وسرکہ مین ملا کے طلا کرین ایضاً قوی تر اول سے ترکیب زرنیخ
شب یمانی کبریت ہر ایک ایکجزو زفت سرکہ وانگبین مین حل کرین دوسری دوائین کوٹ چھین ملا کے طلا کرین طلا برائے انتفاخ دحلہ اصابع
ترکیب حنا وحرمل پیس کے نیمگرم طلا کرین طلا کوے پھٹ جانے مین مفید ہی ترکیب مصطکی تین درم نمک دو درم مصطکی روغن نیند
مین ملا کے نمک حل کرین اور طلا کرین طلا برائے صنان یعنے گندہ بغل ترکیب پھٹکری ایک جزو مرداسنگ چار جزو باریک پیس کے
آب شفتالو مین لگائین طلا آگ سے جلی ہوئی جگہ کے لیے مفید ہے ترکیب پوست انار کوٹ چھان کے کرچھے مین رکھین اسپر پانی
ڈالین اور جوش کرین گاڑھا ہوجاے تو ٹھنڈا کر کے کھرل مین رکھین ایک انڈیکی زردی ملا کے مثل مرہم طلا کرین طلا پانی سے جل
جانے کے لیے ترکیب خاکستر موے بزور زردی بیضہ مخلوط کر کے ملین طلا زخم کا خون بند کرتا ہی ترکیب صمغ عربی صبر دم الاخوین
انزروت کندر آب صمغ مین طلا کرین طلا بدگوشت کو بغیر زیادہ سوزش کے دور کرتا ہی ترکیب زرنیخ سرخ خربق سیاہ ہر ایک پانچدرم
توبال مس دس درم سب کو روغن گل مین طلا کرین طلا برائے اکو تہ ترکیب مہرہ سوختہ کتھ پاپڑیا نیلہ تھوتھہ سوختہ زرد چوب سہاگہ سوختہ اجزا برابر آب لیموے
کاغذی مین حل کر کے طلا کرین طلا برائے رفع درد کہ ضربہ وسقطہ سے سینہ یا دوسرے عضو کو صدمہ پہونچنے سے ہو سودمند ہے
ترکیب ماش مقشر گل ارمنی ہر ایک دس درم اقاقیا صبر ہر ایک تین درم آب برگ مورد مین ملا کے طلا کرین اگر مرداسنگ
ہمراہ پیہ یا مغز نان طلا کرین آثار سیاہ وآثار ضربہ کو دور کرتا ہی اسیطرح حجر فلفل وبرگ کرنب وکندر وترب وپودینہ وزرنیخ ونطرون
وصبر وافسنتین ہمراہ شہد ومرہم داخلیون ایضاً بمنافع مذکور ترکیب بادام مقشر ایکدرم صدف سوختہ حرف ابیض ہر ایک
دو درم ماش مقشر ڈیڑھ درم نخود سفید مقشر دو درم کرسنہ ایکدرم ترمس نیمدرم زبد البحر ایکدرم استخوان بوسیدہ انزروت ہر ایک ایکدرم ہمراہ
ماء الشعیر وشکر سفید پیس کے آب زاج مین طلا کرین اور طلا شاخ گوزن سوختہ کندر آرد ترمس آرد کرسنہ آرد باقلا مساوی بھی نافع
ہے طلا زہرناک جانور ونکے کاٹنے کی مضرت کو رفع کرتا ہی ترکیب جند بیدستر سکبینج ہینگ گندھک سرگین کبوتر پودینہ
مشکطرامشیع اجزا مساوی روغن زیت کہنہ مین طلا کرین

باب العین مہملہ دو فصلون مین

فصل اول عصارۂ آملہ وعطوسات کے بیان مین - **عصارۂ آملہ** برائے ضعف بصر و سوزش چشم اور آنکھ سے پانی کے بہنا مجرب ہے ترکیب آملہ تر کو ہاون سنگین یا چوبی مین کوٹ ڈالین اور پانی نکالکے ظرف آہنی مین آتش ملائم پر پکائین نیم کی چوب سے حرکت دیتے رہین تا گاڑھا قوام ہوجاوے پھر گولیان بناکے پانی مین گھس کے آنکھ مین لگائین کہ رمد مزمن مین بھی تجربہ کیا جاچکا ہے **عطوس** تمام دماغی بیماریون کیواسطے کہ سردی اور تری سے ہون معمول ہے ترکیب صعتر فارسی زراوند طویل دم الاخوین ہر ایک نیم درم عاقرقرحہ تین درم کندش چار درم برگ حرز ہرہ پانچدرم کوٹ چھان کے قدرے ناک مین پھونکین **عطوس ہندی** مجرب ہے صداع بارد مین اور شقیقہ مین ترکیب شحم حنظل عروق الصفر یعنی زردچوب دارفلفل کبابہ سونٹھ تخم کرفس سلاجیت برنگ کابلی تخم اوٹنگن مساوی باریک پیس کے اور شیاف مثل جو کے بناکے بطریق سعوط یا نفوخ استعمال کرین **عطوس** نافع نسیان بلغمی بعد تنقیہ ترکیب تربد جند بیدستر باریک پیس کے ناک مین پھونکین کہ چھینک آئے **عطوس** مصروع کے لیے مفید ہے ترکیب اسطوخودوس بندق ہندی دارچینی عود صلیب کندش مساوی کوٹ چھان کے نفوخ کرین **عطوس** تنقیہ دماغ کرتی ہے لقوہ وفالج وصرع کے واسطے سودمند ہے ترکیب کندش سات درم فلفل سفید وسیاہ جند بیدستر ہر ایک ایکدرم سداب خشک دو درم صبر سقوطری ڈیڑھ درم خردل دو درم شونیز ایکدرم بطریق معروف نفوخ کرین **عطوس** جمیع علل بارد دماغی کے واسطے سودمند ہے ترکیب شحم حنظل فلفل اسطوخودوس جند بیدستر ہر ایک تین درم کندش آٹھ درم باریک پیس کے نفوخ کرین **عطوس** مواد سبل کو دور کرتا ہے ترکیب قصب الذریرہ گل سرخ کندش مساوی بقدر نیم دانگ سونگھین **عطوس دیگر** ترکیب کندش ایکدرم صبر چار دانگ مرمکی دو دانگ حضض مکی ڈیڑھ دانگ آب مرزنجوش مین بھگو کے بقدر عدس گولیان بنائین ہر صبح ایک گولی شیر دختران در روغن بادام مین حل کرکے ٹپکائین

فصل دوم عرقیات کے بیان مین - **عرق آسو** برائے دوار وضعف بصر و دماغ مفید ہے مفرح دل ومقوی جگر وگردہ بہت عجیب ہے منقول بیاض والد مرحوم سے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلۂ زرد پوست ہلیلہ آملہ منقی کشنیز خشک ہر ایک آدھ پاؤ گلسرخ گاؤزبان خشخاش سفید چاکسو ریشہ دالان ہر ایک ایک چھٹانک گندم سرخ تخم کاسنی ہلیلہ سیاہ تخم کاہو تخم خرپزہ ہر ایک آدھ پاؤ منڈی ایک سیر پوست ترنج صندل سفید مشکطرامشیع اسطوخودوس اصل السوس نیلوفر گل گاؤزبان تخم بالنگو صندل سرخ الائچی خرد و کلان ساذج ہندی گل بنفشہ عنب الثعلب ہر ایک ایک چھٹانک مویز منقی خارخسک ہر ایک آدھ سیر رات کو پانچ سیر گرم پانی مین بھگو دین صبحکو آب زردک پانچ سیر آب نیشکر پانچ سیر گوشت حلوان دو قطع روغن مین بریان کرکے اضافہ کرین سرپوش کھ کے نیچہ مین زعفران ومشک ہر ایک دو درم پوٹلی باندھ کے اسکا نیچہ مضبوط کرکے سات سیر عرق کشید کرین اور آدھ پاؤ

ہمراہ معجون مناسب مزاج استعمال کریں عرق تنبول تالیف حکیم اکمل خان فالج وغیرہ امراض بارد دماغی میں مستعمل ہے ترکیب برگ تنبول
پختہ تین پاؤ نانخواہ خولنجان سونٹھ ہر ایک ایکپاؤ صعتر دارچینی جوز بوا بسباسہ لونگ ہر ایک آدھ پاؤ عرق دارچینی دو شیشہ عرق بادرنجبویہ
ایک شیشہ گلاب چار شیشہ بدستور عرق کشید کریں خوراک چار تولہ سے سات تولہ تک عرق کیتکی اجمل خانی ترکیب گل کیتکی دو عدد جوز بوا بسباسہ
درج نرکی بادیان خطائی ہر ایک نو تولہ گلاب پانچ شیشہ عرق بادیان چار شیشہ خوراک چار تولہ سے سات تولہ تک عرق تنبول تالیف حکیم
ذکاءاللہ دافع ضعف دماغ ترکیب گل سیوتی گل چنبیلی ہر ایک چار اوقیہ جوز بوا بسباسہ عود ہندی قرنفل گلسرخ ہر ایک نو اوقیہ برگ تنبول
پختہ تین پاؤ نبات سفید تین سیر خوراک سات تولہ سے نو تولہ تک عرق ہلیلہ دافع سودا و مقوی دماغ و حواس ترکیب پوست ہلیلہ زرد
پوست ہلیلہ کابلی کشنیز ہر ایک آدھ سیر پوست بلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ گل سرخ مویز منقی ہر ایک ایک پاؤ اسطوخودوس سازج ہندی گل
نسرین گاؤزبان ہر ایک ربع رطل عود غرقی گل گاؤزبان ابریشم مقرض برادہ صندل ہر ایک پانچتولہ بسفائج نیکوفتہ چھ تولہ سنبل الطیب
دو تولہ رات کو پانی میں بھگو دیں صبح کو بدستور بارہ سیر کے قریب عرق کشید کریں تو عدیگر نافع صداع و کابوس و امراض سوداوی دماغی
ہے اور مقوی دماغ و معدہ و قلب و مانع صعود ابخرہ ترکیب اسطوخودوس بارہ تولہ کشنیز خشک تین پاؤ پوست ہلیلہ زرد ایک سیر گلسرخ
گاؤزبان ہر ایک آدھ پاؤ مویز منقی ڈیڑھ پاؤ ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ ہر ایک ایکپاؤ عود غرقی چار تولہ چار شبانہ روز بھگو میں اور
سات سیر عرق کھینچیں عرق اسطوخودوس کابوس میں بعد تنقیہ کے برائے تعدیل و تقویت و منع بخارات ہمراہ اطریفل شاہترہ
و اطریفل افتیمون علیحدہ استعمال ہوتا ہے ترکیب اسطوخودوس بارہ تولہ کشنیز تیرہ تولہ پوست ہلیلہ زرد کابلی و بلیلہ و آملہ و ہلیلہ
سیاہ ہر ایک نو تولہ گلسرخ پانچ تولہ ایک شبانہ روز بھگو کے عرق کشید کریں خوراک پانچ تولہ سے نو تولہ تک عرق شیر مرطب بدن دافع مالیخولیا
و خفقان اور خاکسی مدبر کے ساتھ رافع حمی دق معمول ہے ترکیب شیر بز آب گدز آب نیشکر ہر ایک پانچ سیر عرق کھینچیں اور کبھی شیر گاؤ
بجائے شیر بز ہوتا ہے اور آب بہ و ناشپاتی و سیب و عرق گاؤزبان و نیلوفر و بیدمشک و گلاب ہر ایک ایکسیر عنبر اشہب تین ماشہ
برائے تقویت دل و معدہ بڑھاتے ہیں عرق گاؤزبان عنبری جمیع امراض سوداوی کے واسطے مفید ہے ترکیب گاؤزبان گل گاؤزبان
ہر ایک آدھ پاؤ صندل سفید اسطوخودوس بادرنجبویہ بسفائج فستقی ہر ایک دس درم و گلاب و بیدمشک ہر ایک دو رطل عنبر نیم درم
تنجیہ کے منہ پر لٹکا دیں اور بدستور عرق کشید کریں اور صاحب قرابادین معمول اس عرق میں بجائے گلاب عرق کیوڑہ لکھتا ہے و گل سرخ و گل
نسرین ہر ایک دس درم مشک نیم درم زیادہ کرتا ہے عرق مراقیوں کے واسطے بہت نافع ہے بیاض محمد علیم مرحوم سے ترکیب طباشیر
آملہ گل نیلوفر برادہ صندل سفید کشنیز خشک خس گلاب و عرق گاؤزبان و شاہترہ و کاسنی میں کشید کریں اور پانچتولہ شربت نیلوفر میں
حل کر کے دیں عرق چوب چینی ضعیف کو قوی ناتوان کو توانا کرتا ہے قوت باہ بھی پیدا کرتا ہے مالیخولیائے مراقی مزمن کے لیے مفید ہے
معمول اکثر اطباء و احقر ہے تالیف حکیم مسیح الزمان سے ترکیب چوب چینی پانچ سیر اکبری دارچینی ساڑھے تین پاؤ و برے الائچی عدد

کبابہ چینی قرنفل جوزبوا البسباسہ سعد کوفی عود غرقی بہمن سرخ وسفید زرنباد بادرنجبویہ خولنجان بالچھڑ اشنان گاؤزبان صندل سفید سودہ درونج
عقربی خصیۃ الثعلب مصطگی بیخ بنفشہ ولائتی ہر ایک دو دو سیر نبات سفید دو سیر مویز منقی پانچ سیر عسل مصفی پانچ سیر قند سیاہ تین سیر پوست
کیکر دس سیر گلاب پانچ سیر عنبر اشہب چھ ماشہ مشک سوا تولہ زعفران آدھ پاؤ بدستور عرق کھینچیں ایک آتشہ یا دو آتشہ تو عدہ گر
امراض سوداویہ وخفقان وضعف قلب حار بعد تنقیہ کے نہایت نافع ہے اور مقوی اعضائے رئیسہ ومعدہ وحرارت غریزی و
ترقیق وتلطیف خون کرتا ہے ہاضمہ کو قوی کرتا ہے اور بعض امزجہ کے واسطے بغایت مقوی باہ ہے ترکیب چوب چینی اعلیٰ غرقی ایکسو
مثقال گل گاؤزبان گیلانی دس مثقال گاؤزبان دارچینی صندل سفید بادرنجبویہ ہر ایک بیس مثقال بہمنین بالچھڑ ہر ایک
پانچ مثقال عرق گاؤزبان وبیدمشک وآب میں دو شبانہ روز بھگوئیں بدستور عرق کشید کریں ہر روز صبحکو دو فنجان کبھی مصری
ملا کے کبھی بغیر مصری کے نوش کریں عرق قندی بہت لذیذ وخوش ذائقہ ہوتا ہے بے خمار ہے اقسام مالیخولیا کے لیے بہت فائدہ مند ترکیب
ببول کی چھال شستہ وصاف دس سیر قند سیاہ ایک من شاہجہانی پانی چار مشک مٹکے میں ڈال کے زیر زمین دفن کردیں اوسکی
تہ میں گھوڑے کی لید رکھ دی ہو جب لاہن ہو جائے تیس سیر عرق کھینچیں یک آتشہ بعدہ لب باسہ جوزبوا دارچینی ہیل خس ہر ایک ایکتولہ
برادہ صندل دو تولہ گل سرخ پانچتولہ قرنفل چھ ماشہ شبانہ روز اس عرق میں بھگودیں اور بیس سیر عرق دو آتشہ کشید کریں پھر نصف اُن
اجزا کو دوسری مرتبہ اسی دو آتشہ میں شبانہ روز تر کریں اور سہ آتشہ بارہ سیر عرق کشید کریں اگر تین ماشہ عطر گلاب بھبکہ میں ڈالدیں بہتر ہو جائے اور بعد
چند روز کے استعمال کریں اور حکیم جعفر نے خفقان وضعف قلب ومالیخولیائے مراقی ونقاہت کیواسطے اسی عرق کو چالیس روز کے بعد اسطرح دیا ہے کہ نبات
وگلاب ہر ایک چار تولہ باہم ملا کے حل کرلیں بعدہ آدھ پاؤ عرق مذکور کاسہ چینی میں رکھ کے آگ پر چڑھا دیں پھر نبات محلول پانی میں ملا کے تا آتش
لگائیں تاکہ خاموش ہو جائے بعد سرد ہونے کے نوش کریں اور چار پانچ گھڑی کے بعد غذا کریں عرق بھنگرہ نسیان وغیرہ امراض بلغمی دماغی کیواسطے مفید ہے ترکیب
بھنگرہ منڈی بادیان ہر ایک ایکسیر نانخواہ جوزبوا ہیل دارچینی سونٹھ لونگ ہر ایک ایکدام پختہ پندرہ سیر پانی میں شب کو بھگودیں صبحکو پانچ سیر
عرق کشید کریں خوراک پانچ تولہ عرق پان مرض مذکور میں کامل الاثر ہے ترکیب الائچی سفید سنبل الطیب دارچینی گل سرخ عود غرقی
ہر ایک آدھ پاؤ ساذج ہندی چوب چینی ہر ایک ایکپاؤ لونگ پانچ تولہ برگ پان تین سو سب کو رات کے وقت نو سیر پانی میں تر
کریں صبحکو تین سیر عرق کشید کریں خوراک چار تولہ عرق صعتر نافع ام الصبیان وہاضم طعام ہے ترکیب صعتر فارسی ربع رطل
انیسون کاشم خولنجان نانخواہ بادیان ہر ایک بارہ مثقال عود غرقی چار مثقال بدستور عرق کھینچیں عرق چوب چینی تالیف حکیم
علویخان فالج وامراض باردہ دماغی کے واسطے معمول ہے ترکیب چوب چینی تین سو مثقال درونج عقربی خولنجان تودرین شقاقل
بالچھڑ قاقلتین بہمن سرخ وسفید جوزبوا بسباسہ ہر ایک پندرہ مثقال ابریشم خام بادرنجبویہ ہر ایک بیس مثقال دارچینی لونگ برگ
ترنج خشک ہر ایک دس درم انیسون سات مثقال عنبر اشہب مشک ہر ایک ایکدرم زعفران پانچدرم آب نیشکر وگلاب کہنہ

ہر ایک پانچ سیر بدستور عرق کھینچین خوراک دس تولہ سے پچیس تولہ تک عرق منڈی فالج ولقوہ وصرع وضعف معدہ و باہ کیواسطے نافع اور فساد خون کے لیے دافع مجرب حکیم منصور علی ترکیب گل و برگ وشاخ و بیخ منڈی پانچ سیر بادیان ایک سیر گل و برگ وشاخ و بیخ بھنگرہ ایک سیر دارچینی ہیل جوز بوا سونٹھ اجوائن لونگ ہر ایک اکیدام علی الرسم عرق کشید کرین خوراک چار تولہ عرق برائے جذام ترکیب پوست ہلیلہ زرد و بلیلہ ہلیلہ سیاہ گل بابونہ قصب الزریرہ شاہترہ کچلہ مجیٹھ ہر ایک پانچتولہ شیطرج آدہ سیر بدستور چار سیر عرق کشید کرین عرق شیر اقلاع سوداوی مین معمول ہی ترکیب شیر بز پانچ سیر بسفائج ڈیڑھ تولہ درونج عقربی ڈیڑھ تولہ گلسرخ پانچتولہ حبہ نیم سیر گاؤزبان ابریشم خام ہر ایک سات تولہ تخم شاہترہ بادرنجبویہ ہر ایک نو تولہ کشنیز خشک ڈھائی سیر نبات سفید آدہ سیر ادھ سیر آب کدو آب لیمون شیرین ہر ایک ایکسیر گل نیلوفر آدھ سیر آب خیار آب تربوز ہر ایک ایک پاؤ بدستور پانچ بوتلین عرق کشید کرین خوراک نو تولہ سے بیس تولہ تک عرق انبہ برائے ربو معمول حکیم منصور علی ترکیب شیرہ انبہ شیرین متوسط دو سو پرسیاوشان اصل السوس ہر ایک آدھ پاؤ ڈال کے عرق کھینچین خوراک پانچتولہ عرق پرسیاوشان نافع آلات تنفس وصدر مفید ضیق وسرفہ کہنہ ترکیب پرسیاوشان نیم رطل اصل السوس سپستان مویز منقی زوفائے خشک بادیان تخم خطمی خبازی بیخ سوسن ہر ایک چھ درم بدستور عرق کھینچین عرق برائے ذات الصدر و تنقیہ فضول سینہ و نفع نزول جانب صدر مجربات حکیم کلو صاحب ترکیب بادیان پرسیاوشان نیلوفر گل ہانسہ کوکنار ہر ایک ایکپاؤ پوست بیخ ہانسہ برگ زرد ہانسہ تخم خربزہ خاکسی برگ خرفہ بار کٹائی خورد پوست بیخ کٹائی مرچیا گند چرائتہ مالرتھ تخم خشخاش گندم جو نخود صمغ عربی ہر ایک آدھ پاؤ ملیٹھی گاؤزبان تخم خرفہ بالچھڑ بیخ خطمی اجوائن تخم کاہو مقشر اجوائن خراسانی گلنار ناسپال کتیرا ہر ایک ایک چھٹانک سپستان ساٹھ عدد سب کو جو کوب کر کے مٹی کے مستعمل برتن مین رکھ کے اوپر سے گرم پانی ڈیڑھ من ڈالین اور ایک ہفتہ تک لید مین دفن کر دین پھر نکال کے پچاس سیر عرق کھینچین سات تولہ سے شروع کر کے آدھ پاؤ تک پہونچائین اور اسی پر مداومت کرین عرق حشیشۃ السعال نافع سرفہ و ربو و نفث الدم و معمول ترکیب برگ اروسہ آدھ سیر رات کو پانی مین بھگو کے بدستور دو سیر عرق کھینچین خوراک چار تولہ تک عرق شیر تالیف حکیم کبیر علیخان ترکیب مغز تخم کدو تخم خیارین تخم خربزہ تخم خشخاش گل گاؤزبان کسنب بید مغز تخم تربوز کشنیز صندلین کو صمغ عربی کتیرا ہر ایک تین تولہ گل نیلوفر نو تولہ تخم خشخاش سیاہ پانچتولہ خاکسی چھ تولہ آب برگ خرفہ برگ بارتنگ تربوز لیمون شیرین وکدو و خیار و بزویہ وکسیر و نبات سفید ہر ایک آدھ سیر گل گڑھل ایک پاؤ تخم بزویہ آدھ پاؤ گلاب عرق بید سادہ نیلوفر ہر ایک دو سیر شیر بز پانچ سیر زعفران ڈیڑھ ماشہ کا فورمن ماشہ نے سے باندھ دین بدستور عرق کھینچین خوراک سات تولہ سے پندرہ تولہ تک عرق گذر حکیم علویخان امراض باردہ قلب کے واسطے مستعمل ہی ترکیب زردک پوست و استخوان نکال کے دس سیر بہمنین صندل سفید گاؤزبان وگل گاؤزبان خولنجان شقاقل قاقلتین ہر ایک پانچتولہ نعناع سبز دو تولہ عنبر اشہب تین ماشہ بدستور عرق کھینچین خوراک ایک فنجان عرق جدوار مقوی و مفرح قلب

ترکیب گذر ایک سیر گاؤزبان سات درم گل گاؤزبان پانچدرم بہمن سفید تودری گلگون ہر ایک تین مثقال صندل سفید پانچ مثقال بطریق
متعارف عرق کشید کریں اور بقدر مناسب بید مشک و نبات تخم فرنجمشک اضافہ کر کے استعمال کریں عرق شیر معمول خفقان حار میں ترکیب
گل گاؤزبان تین تولہ گل نیلوفر گل کاسنی گل مشکی گل سداگلاب گلسرخ کنپ بید تخم کاسنی و کاہو مقشر و خربزہ و خیارین و کشنیز و ابریشم
خام ہر ایک نو تولہ دودھ پچیس تولہ خاکسی اکسو ایک مرتبہ دریا میں دھوئی ہوئی پینتالیس تولہ کسیرو مقشر ایک سیر برگ شاہترہ سات
تولہ آب برگ خرفہ و لیموں شربتی تربوز و خیار ہر ایک تین پاؤ صندل سفید دس تولہ گلاب چار بوتل مصری ادہ سیر شیر بز سات سیر بدستور
عرق کھینچیں خوراک سات تولہ سے پچیس تولہ تک ہمراہ خمیرہ مروارید و شربت سیب و لیموں وغیرہ جو خفقان دموی و صفراوی کے
لیے مناسب ہوں **نوع دیگر** نافع خفقان سوداوی و مالیخولیائی و مقوی قلب اور خشکی کے دور کرنے میں بے عدیل ہے اور سفید مجرب و
تو باخاصکر تنقیہ کے بعد ترکیب شیر گاؤ بارہ سیر عرق گاؤزبان چار سیر عرق نیلوفر گلاب ہر ایک تین سیر بید مشک نبات سفید تخم کاسنی
ہر ایک ڈھائی سیر دیگ میں ڈال کے بدستور عرق کشید کریں چودہ سیر مناسب ہو تو برادہ صندل سفید پاؤ بھر زیادہ کر دیں **عرق** برائے
خفقان سرد دین و تقویت دل و تفریح محزونین و تقویت معدہ و دفع وجع معدی و مقوی و طرد ریاح غلیظہ و اشتہا قوی بہت مفید
مخترع و معمول حکیم بقا خان ترکیب گل گاؤزبان ڈھائی دام عالمگیری درق گل سرخ ساڑھے سات دام قرنفل برگ تنبول ہر ایک
آدھ پاؤ عالمگیری عرق گاؤزبان ایک سیر گلاب تین سیر عالمگیری عرق کھینچیں خوراک ایکدرم سے چار درم تک **عرق صندل** مرکب
حکیم علوی خان برائے امراض بارد و رطب قلب معمول ہے ترکیب صندل سفید چار تولہ ابریشم خام دو تولہ گل گاؤزبان سات تولہ قرنفہ بادرنجبویہ
فرنجمشک پوست ترنج بہمن سفید ہر ایک تین تولہ گلاب چار شیشہ عرق بید مشک ایک شیشہ عرق بادرنجبویہ و گاؤزبان ہر ایک دو شیشہ
ایک شبانہ روز بھگوئیں مشک تین ماشہ عنبر چھ ماشہ پنچہ میں لٹکائیں اور عرق کھینچیں خوراک ایک فنجان ہے دو تک ہمراہ دواء المسک حار
وغیرہ **عرق دارچینی** مرکب حکیم ممدوح سے منافع مذکورہ کے واسطے ترکیب دارچینی سات تولہ بہمنین تودرین زرنب زرنباد اندرجو شیریں
خولنجان برگ فرنجمشک ہر ایک تین تولہ گل گاؤزبان سازج ہندی اشنہ قاقلتین خرفہ جوز بوا بسباسہ بالچھڑ ہر ایک دو تولہ گاؤزبان
بادروج لونگ عود ہندی پوست ترنج نانخواہ بوزیدان ہر ایک ایکتولہ عرق صندل سادہ و عنب الثعلب و بادرنجبویہ و گلاب ہر ایک
دو سیر میں عرق کشید کریں خوراک ایک فنجان **عرق گاؤزبان عنبری** ترکیب گل گاؤزبان نیم رطل گلسرخ بسفائج اسطوخودوس ہر ایک دس درم
صندل سفید چوتھائی حصہ عرق گاؤزبان گلاب بید مشک ہر ایک ایک رطل مشک عنبر ہر ایک نیمدرم خوراک بارہ درم مجرب ہے
عرق زنگترہ مقوی و مفرح قلب و بدن ترکیب آب زنگترہ گاجر کشمش سبز ہر ایک دس سیر جوز بوا بسباسہ ہر ایک چار تولہ لونگ
دارچینی گل گاؤزبان ہر ایک پانچتولہ شکر طبرزد بندہ سیر عود غرقی دو تولہ عنبر اشہب چار ماشہ مشک تین ماشہ بدستور کشید کریں
عرق بہار دافع خفقان و ضعف و نزلہ ترکیب گل ترشادہ پانچ سیر گلاب ایک سیر بادیان مویز منقی کشمش ہر ایک پون پاؤ

عود زرنب بہمنین شقاقل ہر ایک ایکتولہ عنبر نیم درم بدستور پانچ سیر عرق کھینچین عرق سیوتی بہت خوشبودار مقوی دل و دماغ بارد ہی
ترکیب دارچینی چار دام جوزبوا لب بسباسہ ہر ایک دو دام بان سفید ایکسو گل نسرین ایک سیر زعفران چار ماشہ بدستور کشید کرین عرق فواکہ
تالیف حکیم ذکاءاللہ خان برائے تقویت قلب حار و امراض سوداوی قلب و حرارت معدہ معمول و مجرب ہی ترکیب آب انار ولائتی شیرین
سیب و بہ و ناشپاتی ہر ایک آدھ سیر آب لیمون شیرین سوا سیر آب کاہو سبز ڈیڑھ سیر کشنیز سبز ایک سیر گاجر کدو ہر ایک سوا سیر ہندوانہ
نیشکر ہر ایک ایک سیر گاؤزبان گل نیلوفر بادرنجبویہ جو مقشر صندل سفید ہر ایک ایکپاؤ طباشیر سفید چھ تولہ کشنیز مقشر آدھ پاؤ شیر بز دس سیر
بدستور عرق کھینچین عرق عنبر تقویت دل و دماغ و اعضائے رئیسہ مین بعدیل ہی ترکیب مشک عنبر مصطگی ہر ایک دو مثقال زرنباد
عود غرقی کبابہ خندان اشنہ سنبل الطیب بہمنین شقاقل مصری سازج ہندی دارچینی زعفران لونگ بوزیدان گلسرخ طباشیر سفید
قاقلتین علف ہندی پوست ترنج ابریشم مقرض صندل برگ ریحان تازہ سعد کوفی قرفہ دھنیا گل گاؤزبان انیسون درونج عقربی پوست
بیرون پستہ ہر ایک پانچ مثقال آب سیب ولائتی آدھ سیر عالمگیری آب انار ترش ایکسیر عرق بیدمشک گاؤزبان و بادرنجبویہ ہر ایک
ڈھائی سیر گلاب قسم اول پانچ سیر بدستور عرق کشید کرین خوراک ایک فنجان قہوہ خوری سے چار تک طبیب حسب ضرورت و مزاج
بعض تغیرات کا مجاز ہی عرق ابریشم علویخان کہ تقویت قلب کے لیے مجرب ہی ترکیب ابریشم خام پچاس مثقال گل گاؤزبان
بادرنجبویہ فرنجمشک صندل سفید ہر ایک دس مثقال بہمنین خولنجان سازج ہندی ہر ایک پانچ مثقال گلسرخ سات مثقال بسباسہ
دارچینی دانہ ہیل ہر ایک تین مثقال نعناع خشک چھ مثقال زعفران عنبر اشہب ہر ایک ایک مثقال آب سیب و بہی و امرود
و گلاب و عرق بیدمشک و عرق دارچینی ہر ایک نصف من تبریزی برگ تنبول ایکسو خوراک ایک فنجان عرق تلشی مقوی دل و
مشہی و مجرب ہی ترکیب قند سیاہ ایک من پوست مغیلان نیمکوفتہ دس سیر اس مٹکے مین جو سرگین اسپ مین مدفون ہو ڈالین
کہ جوش کھا جائے جسوقت جوش سرد ہو جائے ایک من عرق ایک آتشہ کشید کرین اور یہ دوائین دو آتشہ کرنے کیواسطے تین دن تک
اُسمین بھگوئین اور دو آتشہ کرین جسمین تیرہ چودہ سیر عرق کشید کیا جائے لونگ ایکتولہ عود غرقی دو تولہ برادۂ صندل آدھ پاؤ
بیخ بنفشہ سعد کوفی پوست ترنج ہر ایک ڈیڑھ تولہ بہمنین شقاقل سازج دارچینی ہر ایک دو تولہ ثعلب مصری گل گاؤزبان
ہر ایک چار تولہ خس ہندی دانہ الائچی کلان ہر ایک آدھ سیر نبات سفید ایک سیر کشمش آدھ سیر ورق گل سبزی دور کرکے پانچ سیر
جوزبوا لب بسباسہ ہر ایک دو درم زعفران چھ ماشہ عنبر دو ماشہ ان دونون کی پوٹلی بھبکہ مین ڈالدی جائے نوع دیگر مقوی دل
ترکیب قند سیاہ ایک من پوست مغیلان دس سیر بدستور مٹکے مین رکھین جسوقت جوش شروع ہو گل منڈی پوست ہلیلۂ زرد
بلیلہ آملہ ہر ایک دو رطل خم مین ڈالدین جوش سے نیچے بیٹھ جانے پر ایکمن عرق یک آتشہ کشید کرین دو آتشہ کرتے وقت گلسرخ
تازہ دو سیر یا خشک آدھ سیر خس ہندی برادۂ صندل ہر ایک ربع رطل شیر گاؤ دو سیر ڈالکے دو آتشہ کرین چودہ سیر عرق

کشید کیا جائے اور ایکدرم عنبر دنیم درم مشک بھبکہ مین ڈالدین عرق ماء قرفین تقویت دل کے واسطے مستعمل ہی ترکیب جدوار سات
درم بادرنجبویہ بادیان رومی بیخ کرفس ہر ایک پانچ تولہ عود غرقی تین درم گلاب پانچ شیشہ بدستور عرق کشید کرین خوراک پانچ تولہ ہمراہ
معجون علوبخان یا جوارش جالینوس عرق قرنفل جمیع افعال مین مثل خمر وغیر مسکر و تریاق سموم و مقوی حواس و مفتح سدہ و معدل مزاج
دافع استسقاء و امراض بارد ترکیب قرنفل گاؤزبان گلسرخ برگ پان مقرض سایہ مین خشک کیے ہوئے ہر ایک ایک سیر نیکوفتہ
بارہ شیشہ گلاب مین بھگو دین بعد تین روز کے چھ شیشہ عرق کھینچین اور چھ تولہ سے شروع کرکے تدریجاً بڑھائیں اگر ظاہر حرارت
مین زیادتی کرے یا گرمی کا موسم ہو یا دھوپ کی شدت کے سبب سے غشی کی نوبت پہونچے تو شربت بارد مین ملاکے نوش کرین
تو سبب نجات عوارض مذکورہ ہی چنانچہ ایک عورت کو ڈیڑھ برس کی مدت مین اول نفخ شکم پانچ چھ روز تک رہتا تھا اگر وقت نفخ کرتی
بھی تو دست آنے لگتے تھے اور بعد کو پھر اُسی طرح بدستور نفخ رہتا تھا بعد اسکے پیٹ مین درد رہنے لگا کسی زمانہ مین خفیف کسی زمانہ
مین شدت کے ساتھ اور پانچ چھ روز تک رہتا تھا بعدہ بدستور اسہال ہوتے تھے اور خشکی و سوزش معدہ و تشنگی پیدا ہو جاتی تھی
ایام حمل مین اسہال بطور ہیضہ اور بجائے براز کے بلغم خام آتا تھا پھر باوجود اسہال کے نفخ شکم زائل نہ ہوتا تھا بچہ پیدا ہونے کے بعد
صرف سفید پانی آیا آنول نکلنے کے بعد بھی نفخ شکم زائل نہ ہوا لیکن اس عرق کے استعمال سے شفاء کلی پائی عرق حیات
وجع معدہ ریحی مین معمول حکیم اجمل خان ہی ترکیب برگ سنا ساڑھے تیرہ تولہ صعتر نانخواہ دارفلفل فلفل گرد بالچھڑ بادیان الائچی
کلان ہر ایک نو تولہ ریوند خطائی خولنجان زیرہ سیاہ ہر ایک ساڑھے چار تولہ وج ترکی زرنباد تخم کرفس بابڑنگ ہر ایک سات تولہ بدستور
عرق کھینچین خوراک سات تولہ سے نو تولہ تک عرق نانخواہ تالیف قاضی ثناء اللہ صاحب بریلوی اُستاد حکیم شہباز خان اُستاد
الاستاد و والد ماجد تھے غفر اللہ لہم وجاع معدہ ریحی و امعاء مین معمول ہی ترکیب نانخواہ آدھ سیر خولنجان زرنب زرنباد ہر ایک ایک پاؤ
گلاب تین بوتل بدستور عرق کشید کرین خوراک تین تولہ سے چھ تولہ تک عرق پان تالیف حکیم شریف خان برائے درد معدہ و
قولنج ریحی و ریح البواسیر و وجع مفاصل بارد مجرب ہے ترکیب قرفہ دارچینی قرنفل بسباسہ جوزبوا بادیان دانہ ہیل کمون نانخواہ
نعناع ہر ایک سولہ درم مشک ایکدرم ہلیلہ کابلی بلیلہ آملہ شیطرج بوزیدان ہر ایک تین درم ریوند چینی فلفل دارفلفل زرنباد تخم
کرفس سلیخہ مصطگی ہر ایک سات درم برگ تنبول بتیس درم گلاب ایک من تبریزی آب باران تین من تبریزی بدستور عرق کشید
کرین پانچ سیر تو عدیگر نافع درد معدہ و ریاح معدہ و ہضم و تشہی معمول حکیم بقا خان ترکیب قرنفل گاؤزبان بادیان بالچھڑ سعد کوفی پودینہ
دارچینی گلسرخ خولنجان ہر ایک پندرہ مثقال اجوائن نیم رطل پان سفید ایکسو وج خراسانی ساذج ہندی ہر ایک بیس مثقال
گلاب چار رطل بدستور عرق کشید کرین خوراک تا چار تولہ تو عدیگر بیاض اوستاد مرحوم سے برائے قوت ہاضمہ و معدہ بے نظیر ہے
ترکیب گلسرخ گاؤزبان ہر ایک آدھ پاؤ لونگ پاؤ بھر برگ پان آدھ پاؤ گلاب آٹھ سیر لونگ جوکوب پان ریزہ ریزہ

کرکے چار سیر گلاب صبح و چار سیر شام ڈال کے عرق کشید کرین دوسرے نسخہ مین جو معمول حکیم بقاخان ہی برائے تقویت دل ببرودین و
تفریح محزونین و تقویت احشاء معدہ و دفع وجع معدی اشتہا پیدا کرنے والا قوی وطرد ریاح غلیظ نافع لکھا ہو وزن گل گاوزبان ڈھائی
دام عالمگیری بجائے گاوزبان اور وزن قرنفل آدھ پاؤ عالمگیری و عرق گاوزبان ایک سیر اور گلاب تین سیر عالمگیری درج ہے
عرق بادیان مرکب مقوی معدہ دافع نفخ و مشہی ترکیب بادیان ایک سیر عود غرقی تین تولہ نانخواہ پودینہ خشک ہر ایک پانچتولہ
بطریق معمول کشید کرین عرق زبدہ برائے تقویت و اشتہا نافع جساوت معدہ و نفخ و سوء القنیہ بیاض استاد مرحوم سے ترکیب
زیرۂ سیاہ وج ترکی خولنجان لونگ ہر ایک پانچتولہ پودینہ ایکپاؤ بطریق معمول کشید کرین خوراک تین تولہ عرق چوب چینی مقوی
معدہ ہے ترکیب چوب چینی ریزہ ریزہ تین سو مثقال پچاس رطل پانی مین جوش دین کہ تیس رطل باقی رہ جائے پھر گل سرخ
سنبل الطیب زرنباد اشنہ انیسون صعتر کبابہ سازج نانخواہ ہر ایک پانچ مثقال پوست ترنج سعد کوفی قرفہ بادیان دارچینی
قرنفل جوز بوا بسباسہ ہیل ہر ایک دس مثقال نعناع ایک قبضہ نبات موز منقی ہر ایک ایک رطل سفرجل مقشر منقی چھوٹے چھوٹے
ٹکڑے کرکے پندرہ عدد ادویہ نیمکوفتہ طبیخ مذکور مین رات بھر بھگوئین مشک و عنبر ہر ایک ایک مثقال درصرہ لبستہ نیچہ کے منھ پر
لٹکا کے عرق کشید کرین خوراک دو تولہ صبح دو تولہ شام عرق آسو برائے تقویت معدہ و باہ و رفع درد سینہ و مفاصل ترکیب
قند سیاہ تیس سیر پوست مغیلان دو سیر پوست بلیلہ زرد ڈیڑھ سیر سورنجان شیرین ایکپاؤ گاوزبان آدھ پاؤ بادرنجبویہ سات تولہ سازج
ہندی الائچی خرد ہر ایک پانچتولہ لونگ ایکتولہ گلسرخ آٹھ تولہ دارچینی چار تولہ جوزبوا تین عدد بسباسہ دو تولہ چوب چینی تین پاؤ نبات
سفید ایک سیر باؤبالا شیر مادہ گاؤ دو سیر عنبر اشہب چار ماشہ مشک ساڑھے چار مثقال گلاب تین سیر بدستور عرق کشید کرین
مشک و عنبر و زعفران نیچہ مین باندھ دین اور گلاب دوا تشہ کرتے وقت دیگ مین ڈالدین عرق ہندی سفید اشتہا لین
طبع و معمول ہی ترکیب قند سیاہ دو سیر پوست ہلیلہ زرد نیمکوفتہ برادہ آہن ہر ایک ڈھائی سیر اجوائن ڈھائی پاؤ برگ تنبول
پانچسو شیر گاؤ و حبزات ہر ایک دس سیر اسکے بنانے کی ترکیب یہ ہی کہ اول پوست ہلیلہ زرد کو دس سیر پانی مین جوش دین ذرا
جوش آجائے تو آگ سے اتار لین اسمین ڈھائی سیر گڑ ڈال کے برادۂ آہن بھی ڈالدین اور تین روز تک رہنے دین بعد تین دن کے
ڈھائی سیر قند سیاہ و اجوائن ڈال کے پھر تین دن تک رہنے دین بعد چھ روز کے ڈھائی سیر قند سیاہ اور برگ تنبول پارہ پارہ
کرکے ڈالین اور تین دن تک رہنے دین بعد نو دن کے ڈھائی سیر گڑ و حبزات ڈال کے تین دن تک رکھ چھوڑین بارہ دن کے
بعد عرق کشید کرین شام کے وقت چھ تولہ نوش کرین دو تین گھڑی کے بعد طعام لطیف و مرغن کھائین عرق صعتر محلل ریاح
و مقوی باہ ترکیب صعتر فارسی نو تولہ انیسون کاشم خولنجان بادیان نانخواہ ہر ایک بارہ تولہ عود چار درم بدستور عرق کشید کرین
اور جوارش مصطگی کے ہمراہ استعمال کرین عرق سنبل بھی نفع کرتا ہی مقوی معدہ و ہاضم طعام ہے ترکیب بالچھڑ بارہ دام

ساذج ہندی سلیخہ انیسون خولنجان قاقلہ کبار پودینہ دارچینی قرنفل نانخواہ ہر ایک دس دام عود خام پانچدرم خوراک ان دونون عرقون کی
نو سے بیس مثقال تک عرق تفاح انطاکی کہتا ہے کہ یہ عرق تفاح اعادۂ اشتہا بعد یاس کرتا ہے ترکیب سیب مقشر پانچ رطل
برگ پودینہ برگ گل سرخ ہر ایک ایک رطل برگ آس بستانی عود ہندی دارچینی قرنفل ہر ایک ایک اوقیہ کوٹ کے قرع مین ڈالین
بعد اسکے تین رطل گلاب چھوڑ کے ذنبیق لگا دین اور ہلکی آنچ پر عرق کشید کرین عرق آہن برائے ہیضہ و جمیع امراض معدہ و جگر
و استسقا و صلابت طحال و دیگر امراض بلغمی و سوداوی مجرب ہے ترکیب اجوائن پوست ہلیلہ زرد ہر ایک بیس درم خبث الحدید
تیس درم تینون کو نیکوب کر کے مٹی کے پرانے برتن مین جس سے پانی نہ ٹپکتا ہو رکھ کے دواؤن سے دس گونہ پانی ڈال کے دہن ظرف محکم
کردین اور سرگین اسپ مین تین ہفتہ تک دفن رکھین پھر نکال اور چھان کے بوتل مین رکھ چھوڑین ایک دانگ سے ڈیڑھ دانگ تک
استعمال کرین عرق بیار انگا برائے ہیضہ و سوء ہضم و درد شکم بہت مجرب ہے ترکیب دانۂ انار ترش ایکپاؤ گل نیم ایک سیر اجوائن
تین پاؤ بادیان پودینہ تر کچور ہر ایک ڈیڑھ پاؤ زیرہ سفید دھنیا بالچھڑ سونٹھ بڑی الائچی بیار انگا ہر ایک ایک چھٹانک نمک سیاہ
انیسون ہر ایک آدھ پاؤ ان سب کو پندرہ سیر پانی مین بھگو کے بدستور آٹھ سیر عرق کشید کرین خوراک تین تولہ گلاب یا چھ تولہ پانی مین
عرق گھیکوار تلشی خفیفہ برائے صلابت و حسابات معدہ مجرب ہے ترکیب مغز گھیکوار پچیس سیر گڑ آٹھ سیر پوست ہلیلہ زرد آملہ مقشر
اجوائن سونٹھ سیاہ مرچ بالچھڑ سعد کوفی ہر ایک آدھ سیر سہاگہ نیلیا ایک پاؤ گھڑے مین رکھ کے دفن کرین عرق کے قابل ہو تو کشید کرین
پھر اسکو دوآتشہ کرلین دو تولہ استعمال کرین عرق زرشک جگر کی تمام بیماریون کے لیے مفید ہے معدہ کو تقویت دیتا ہے صفراوی مزاج کے
واسطے بغایت مفید ہے ترکیب انبرباریس پوست ترنج سماق تخم کاسنی آلو بخارا کشنیز مقشر ہر ایک بیس درم بدستور عرق کشید کرین خوراک
پندرہ درم گلاب کے ہمراہ عرق ساذج مقوی جگر نافع سوء مزاج بارد کبد و سوء القنیہ ترکیب ساذج ایک سیر تین دن تک پانی
مین بھگو کے چوتھے دن ایکپاؤ نبات داخل کر کے عرق کشید کرین مولف نے اکثر استسقا ساذج مین چوتھائی حصہ کو داخل کر کے عرق
کھینچا اور استعمال کرایا ہے اور مفید تر پایا عرق برائے استسقاء طبلی و زقی ترکیب درخت بادنجان بری کو مع بیخ و برگ و ثمر ریزہ ریزہ
کر کے پانچ سیر گھڑے مین بھر دین قند سیاہ ڈھائی سیر ملا کے گھڑے کا منھ مضبوطی سے بند کر دین اور آٹھ دن تک گھوڑے کی لید مین دفن
رکھین بعدہ نکال کے جو عرق اسمین آیا ہو چھان کے سات تولہ نوش کرین ایضاً برائے سوء القنیہ و استسقاء حسب تجویز حکیم کلو صاحب
مرحوم چند مرتبہ راقم نے بھی تجربہ کیا ہے ترکیب تخم شبت خردل گل سرخ غافث کاسنی جرائتہ مرچیا گند اجوائن قطعہ آہنی سعد کوفی پوست
ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی بلیلہ ہر ایک ایکپاؤ قند سیاہ چوبیس سیر کنوین کا پانی دو من بیس سیر پہلے پانی کو اسقدر پکائین کہ چوتھائی جل جائے
پھر دوائین نیکوفتہ و قطعہ آہن سالم مٹکے مین ڈال کے گرمی کے موسم مین لید کے اندر سات دن تک اور سرما مین بیس روز تک دفن کرین
بعدہ عرق کشید کرین آدھ پاؤ تک بتدریج بڑھا کے مداومت کرین برائے استسقا و اصلاح بدن اکثر امراض باردہ سے اور

تقویت و اشتہاے طعام کے لیے مجرب ہے عرق زرشک امراض جگر مین مستعمل ہی و خفقہ کبد و تمری و جرب و حکہ و قوبا و خفقان و مالیخولیا مراقی
و مطلق فساد خون کیواسطے نافع ہے و مفتت سنگ و مخرج جگر و گردہ و مثانہ و ریگ مثانہ و مقوی اعضاے رئیسہ ترکیب گاجر چھیلکا ہٹا
نکال کے بیس سیر بہمنین تودریین خولنجان گل گاؤزبان برگ فرنجمشک گاؤزبان فاقلتین تخم کاسنی تخم بادرنجبویہ شقاقل ہر ایک پانچ تولہ عود
خام عود قماری ماہیران چینی ہر ایک ساڑھے چار تولہ تخم قرطم تخم خرپزہ تخم شاہترہ ابریشم خام ہر ایک بیس تولہ افتیمون بسفایج گلسرخ برادہ شیشم
سیاہ صندل سفید اشنہ ہر ایک چھ تولہ عنب الثعلب سات تولہ خاکسی نو تولہ حب الکاکنج کشمش ہر ایک پندرہ تولہ مویز منقی تیس تولہ
سر بھوکہ پانچتولہ راتکو آب برگ کاسنی سبز مروق و آب برگ مکو سبز مروق و آب برگ شاہترہ مروق و گلاب ہر ایک دو شیشہ نعناع
و ریحان و برگ ترنج ہر ایک دو مٹھی زعفران دو درم مشک خالص و عنبر اشہب ہر ایک ڈیڑھ ماشہ دو شیشہ عرق بدستور کشید کرین خوراک
سات تولہ سے بیس تولہ تک ہمراہ سکنجبین بزوری افتیمونی عرق نانخواہ صلابت و باد طحال و نفخ شکم و جملہ امراض بارد شکم کیواسطے مفید ہی
کلانی شکم کو کم کرتا ہی اور ہاضم طعام ہے ترکیب اجوائن ایکسیر پاؤ بالاسونٹھ ہر یک آدھ خراسانی آدہ پاؤ عاقرقرحا ایکدام پھٹکری نیمدام سخت
دوائین کوٹ کے سب کو رات کے وقت پانی مین بھگو دین اور عرق کشید کرین صبح و شام دو دام باکم و بیش حسب دایام نوش کرین
عرق برائے رفع تحجر طحال برعایت حرارت صدر حکیم کلو صاحب سے ترکیب برگ گاوزبان گلسرخ گل سیوتی تخم کاسنی گل نیلوفر تخم
خیارین تخم خرفہ مغز کنولگٹہ و عسبنا ہلیلہ سیاہ عناب ہر ایک ایک چھٹانک برگ کاسنی سبز برگ بید سادہ مویز منقی ہر ایک ایکپاؤ خوبانی
آدھ پاؤ برگ جھاؤ ادھ سیر زرشک دو تولہ بدستور پانچ شیشہ عرق کشید کرین خوراک آدھ پاؤ بوقت شب بدرقہ شربت حلاب کے
ساتھ نوش کرین عرق گل صدبرگ قطع خون بواسیر مین مجرب ہی اور برائے شراء حار خصوص ہمراہ قرص کافور بہت مفید ہی ترکیب
ورق گل صدبرگ زرد ایکپاؤ آب نیم کسیلہ دو سیر مین رات کو بھگو دین صبحکو کشید کرکے دو تولہ صبح دو تولہ شام کو نوش کرین عرق اناناس
برائے سنگ مثانہ مجربات اہل فرنگ سے ہی ترکیب اناناس بارہ عدد ہر ایک کے کئی ٹکڑے کرین بادیان ایکسیر پیاز سفید دو سیر ریوناس
ایکسیر گوکھرو دو سیر سب کو ایکجا اور نیمکوب کرکے دیگ مین ڈالین اور اسقدر پانی ڈالین کہ چار انگل اوپر رہے بطریق معروف عرق کھینچین
خوراک چھ تولہ قدرے نبات کے ساتھ صبح اور اسیقدر شام کو اور انبہ و لوز و خربزہ و ترب سے احتراز کرین انجیر و اناناس سودمند ہی اس
ترکیب مین سیر جو بیس تولہ سے مراد ہے عرق خبث الحدید برائے قروح مثانہ مزمنہ و ریاح گردہ و مثانہ کہ عسر بول کے سبب سے ہوا ہو مجرب
و معمول ہی تالیف حکیم محمد علیم صاحب ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ منقی ہلیلہ سیاہ خار خسک بادرنجبویہ حب القلت قرطم
ہر ایک پانچتولہ سنبل الطیب سعد کوفی لونگ دارچینی ہر ایک دو تولہ برسیاوشان ایکپاؤ اسارون گلسرخ ساذج ہندی زیرہ سفید
ہر ایک تین تولہ بادیان چوب چینی عشبہ ہر ایک چھ تولہ بڑی الائچی ایکتولہ نیمکوفتہ خبث الحدید مدبر سحق بلیغ کیا ہوا آدہ پاؤ پوست درخت کنار
صحرائی پوست درخت گولر پوست مغیلان ہر ایک ایکپاؤ زردک منقی ایکسیر و سنہ اناناس داخل کرین قند سیاہ تین سیر بیس سیر آب باران مین

تین شبانہ روز تر کریں اور بدستور معہود پانچ چھ سیر عرق کشید کریں خوراک چھ تولہ سے نو تولہ تک عرق سنبھل مقوی و مبہی و مجرب ہے ترکیب گل سنبھل سایہ میں خشک کیے ہوئے گلسرخ و گل منڈی ہموزن گل چنبیلی نیم وزن مخلوط کر کے مثل گلاب بنگائیں عرق گڑھل مبہی و مقوی اعضائے رئیسہ کہ عجیب و غریب ہے ترکیب گل گڑھل آدھ پاؤ بسباسہ قرنفل ثعلب مصری جوز بوا شقاقل دارچینی بہمنین ہر ایک ایکدام کشمش نبات ہر ایک آدھ پاؤ آب باران دو سیر دوائیں جوکوب کر کے شیشہ میں تین چار دن تک دھوپ میں رکھیں کہ خوب جوش کھا جائے پھر کام میں لائیں عرق تفاح مقوی قلب و باہ معمولی سے ترکیب سیب شیریں پچیس بہمنین شقاقل گل گاؤزبان ہر ایک دو تولہ ثعلب مصری دارچینی برادہ صندل ہیل بوا عود خام ہر ایک ایکتولہ لونگ ساذج ہندی گل نسرین بالچھڑ ہر ایک چھ ماشہ مشک عنبر ہر ایک ایکماشہ عرق بید مشک ڈیڑھ سیر گلاب دو سیر آب خالص ڈیڑھ سیر دوائیں رات کو بھگو کے وقت صبح بدستور عرق کشید کریں مشک عنبر نیچہ میں باندھ دیں عرق جذر مقوی جمیع اعضائے رئیسہ و باہ تالیف مولف اقتباس ترکیب زردک مصفی پانچ سیر برگ گاؤزبان سعد کوفی ساذج سلیخہ خولنجان بالچھڑ اندر جو شیریں کھیلا کھرل قرفہ دارچینی نازتیصر اسارون وج ترکی شقاقل قاقلہ کبار قرنفل بہمنین گلسرخ بوزیدان تودریین ہر ایک تین تولہ ثعلب مصری سات تولہ مویز منقی ایک سیر برگ ریحان برگ نعناع برگ ترنج سبز ہر ایک دو قبضہ مشک و عنبر تین ماشہ بدستور عرق کشید کریں خوراک نو تولہ عرق منشی براے تقویت باہ و خفقان معمول ہے ترکیب قند سیاہ ایک من مغیلان بارہ سیر خم میں کر کے اوپر سے پانی بھر کے سرگین اسپ میں دفن کر دیں جوش آنے پر عرق کھینچیں بیس سیر کی مقدار میں بعد اسکے درونج دانہ ہیل بوزیدان ہر ایک دو تولہ بہمنین شقاقل خولنجان دارچینی ہر ایک پانچتولہ ثعلب مصری دس تولہ ابریشم خام ایکپاؤ گل گاؤزبان آدھ سیر غنچہ گلسرخ ایکسیر زردک پانچ سیر دوائیں نیمکوب اور گاجر ٹکڑے ٹکڑے کر کے ایکتولہ عنبر نیچہ کے منہ پر باندھ کے عرق کشید کریں نو عدد بگیر براے قوت باہ و تقویت دل و دماغ و تحسین لون مجرب و معمول ہے ترکیب کشمش گیارہ سیر قند سیاہ ایکمن آب زردک چار من آملہ آدھ سیر خم میں ڈال کے سرگین اسپ میں دفن کر دیں جوش آنے پر ایکمن ایک آتشہ عرق کھینچیں پھر دارچینی آدھ سیر شیر گاؤ ڈھائی سیر قانید دو سیر ڈال کے بائیس سیر دو آتشہ کھینچیں بعد اسکے دارچینی آدھ سیر و نبات تین پاؤ ڈال کے تین شبانہ روز رہنے دیں پھر صاف کر کے شیشہ میں بھریں اور دو ہفتہ کے بعد استعمال کریں کثرت نفع میں شراب انگوری کا نفع رکھتا ہے عرق آسو مقوی باہ محمد شاہ بادشاہ کیواسطے تیار ہوا تھا ترکیب کشمش پوست مغیلان ہر ایک دو سو چالیس تولہ قند سیاہ ستر تولہ پوست بیخ جھربیری پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک سو بیس تولہ برگ نارنج برگ تنبول ہر ایک پانسو ورق خولنجان دارچینی پوست نارنج زرد انیسون پوست ترنج زرد زرنباد نانخواہ ہر ایک پانچ تولہ تفاح اذخر تخم کرفس ہر ایک دو تولہ گلسرخ بیس تولہ بادیان آملہ منقی ہر ایک دو سو چالیس تولہ سبکو نیمکوب کر کے ہمراہ قند سیاہ زیر چلے میں بھریں اور اوپر سے اسقدر گرم پانی ڈالیں کہ دوا ڈبکے اوپر آجائے اور چھوڑ دیں جب جوش آئے اور دوائیں تیار ہو جائے دے کے بعد دو روز کے ہلکا عرق کشید کریں بعد اسکے اس عرق میں مذکورہ ذیل ادویہ ملا کے دو آتشہ کریں دارچینی کشنیز خشک صندل سفید

صعتر فارسی جوز بوا بہمن سفید و سرخ قرفہ دانہ سبل شقاقل مصری ہر ایک پانچ تولہ لونگ ایکتولہ عود ہندی زیرہ کرمانی زرنباد چھڑ چھڑیلہ ساذج ہندی سلیخہ بسباسہ ہر ایک دو تولہ گلسرخ ایکسو بیس تولہ گوشت حلوان دو عدد مرغ فربہ دس عدد دراج تیس عدد کبک دس عدد لوہ چالیس عدد کبوتر کروانک دس عدد کنجشک نر پچاس عدد سبکو ذبح اور صاف کرکے کباب نیم پخت کریں اور داخل کرکے عرق کھینچیں اور مشک و عنبر ہر ایک تین ماشہ پوٹلی باندھ کے سر نیچہ پر آویزان کردیں تو عدیگر ہرگز نشہ نہیں کرتا بو نہیں ہوتی مقوی اعضاے رئیسہ و باہ کے واسطے بہت مفید ہے ترکیب قند سیلہ دو من شاہجہانی پوست کیکر چھ سیر شاہجہانی دارچینی ایک دام پلپھر پانچدم اشنہ چھ دم برادہ صندل نو دام قلعلہ کبابہ بارہ دام بیخ بنفشہ ولایتی چھ دام عنبرلادن ایکدام موتھہ آٹھ دام منڈی ایکسیر قند سیاہ برائے ساتہ چار سیر اکبری آب خالص بقدر حاجت بدستور عرق کشید کریں پھر دو آتین مذکور تر کرکے دوآتشہ کرلیں عرق چوب چینی درد پشت بارد و بلغمی کے واسطے نافع ہے ترکیب چوب چینی ڈیڑہ سو مثقال گل گاوزبان بادرنجبویہ صندل ہر ایک پچیس مثقال گلسرخ پوست ترنج شقاقل سورنجان ریحان سبز ہر ایک دو قبضہ مویز منقی آدہ سیر عرق دارچینی وابریشم گاوزبان وبادرنجبویہ ہر ایک ایک شیشہ گلاب تین شیشہ میں زعفران ایکتولہ مشک عنبر ہر ایک ایک مثقال چار شیشہ عرق کشید کریں خوراک نو تولہ سے بیس تولہ تک ہمراہ معجون چوب چینی عرق گلو حمی و سرفہ و جوشش خون میں معمول ہے ترکیب گلو نیکوفتہ آدہ سیر پانچ سیر گرم پانی میں بھگو دیں اور صبحکو عرق کشید کریں اگر حسب حاجت اصل السوس اور برائے تقویت قلب گاوزبان گلسرخ نیلوفر شاہترہ بڑھاکے کھینچیں بہتر ہے عرق تراشہ کدو نافع تپ و فساد خون ترکیب شاہترہ آدہ سیر صندل سودہ کشنیز گل نیلوفر گلسرخ کاسنی ہر ایک ایکپاؤ تراشہ کدو ایک سیر عناب ولائتی پچاس عدد تخم کاہو آدہ پاؤ گل گاوزبان ملیٹھی ہر ایک چار تولہ آب خالص دس سیر میں شام کو بھگو دیں صبحکو سات سیر عرق کھینچیں عرق نمک برائے دفع حمی کہنہ واستسقا و یرقان مجرب ہے ترکیب نمک سانبھر بریان اسکے ہموزن مٹی جس سے برتن بنتے ہیں ملاکے دونوکو پیس ڈالیں پانی سے گولیاں بناکے گل حکمت کیئے ہوے شیشہ میں رکھ کے بدستور عرق نکالیں خوراک دو رتی سے چار رتی تک عرق کافور نافع برائے سوء مزاج حار و حمی دق و محرقہ حادہ ترکیب گل نیلوفر گل بید غنچہ گلسرخ شاہترہ گل گاوزبان گل بیدمشک برگ خرفہ تازہ ہر ایک ایک اوقیہ برگ کسنب بید جو مقشر بادیان تازہ کدوے تازہ سیب و بہی و امرود شیرین ہر ایک آدہ من صندلین تخم کاسنی مغز تخم کدو مغز تخم خیارین تخم کاہوے مقشر مغز تخم خربزہ گل بنفشہ ہر ایک دس مثقال کافور قیصوری نیکوفتہ بیس مثقال ہمراہ گلاب و عرق بیدمشک و کاسنی و بید ہر ایک دو من آب بقدر ضرورت بدستور مقرر عرق کھینچ لیں عرق شیر دافع تپ ربع و مرطب بدن ہے ترکیب تخم کاسنی تخم کاہو گل نیلوفر گل کنول کسیرو ہر ایک ایک چھٹانک صندل سفید و سرخ برگ گاوزبان گلسرخ برگ شاہترہ عنب الثعلب ہر ایک دو دو تولہ تھوڑے پانی میں چار پہر تک بھگو کے شیر بز پانچ سیر ملاکے عرق کشید کریں تو عدیگر برائے دق و سل بیاض استاد مرحوم سے ترکیب آب برگ خرفہ آب کدو آب تربوز یا خیار ہر ایک آدہ سیر آب لیموں شیرین ایک سیر تخم خرفہ تخم خیارین گاوزبان کشنیز خشک گلسرخ ہر ایک دو دو تولہ خاکسی چار تولہ گل نیلوفر تین تولہ تخم کاسنی طباشیر صندل سرخ صندل سفید ہر ایک ایکتولہ عرق بید سادہ عرق نیلوفر عرق گاوزبان

ہر ایک ایکسیر قند سفید آدھ سیر بزشیر تین سیر دوائین رات کو عرق نبات مین بھگو دی جائین صبح کو دودھ ملا کے عرق کشید کرین قرص کافور تین ماشہ کے
ساتھ سات تولہ نوش کرین اگر چاہین شربت نیلوفر یا شربت سیب ملا کے پئین عرق مرکب برائے حمیات کہنہ کاسنی چار دام گلسرخ بنفشہ
نیلوفر مغز تخم تربوز تخم خربزہ کوباد یان خاکسی اسبغول ترنجبین ہر ایک دو تولہ گاؤزبان خطمی خبازی ہر ایک ڈیڑھ تولہ تخم خیارین مغز تخم کاہو
مغز تخم کدو ہر ایک تین تولہ صندل سفید تخم کاسنی ہر ایک ایک تولہ صندل سرخ اصل السوس طباشیر سفید ہر ایک نو ماشہ عناب پندرہ دانہ کافور
چار ماشہ مویز منقی تخم خرفہ ہر ایک چار تولہ الائچی خرد زہر مہرہ ہر ایک چھ ماشہ برگ بید ایکپاؤ تخم پالک سات ماشہ بطریق مشہور عرق کھینچین
عرق گل نیب معمول و دافع فساد خون مفید شری وجذام رافع صفرا مقوی دل ترکیب برادہ صندلین عنب الثعلب نیلوفر گل خیرو
ہر ایک ایکپاؤ گلسرخ بنفشہ گاؤزبان ہلیلہ سیاہ نیکوفتہ دو دام شاہترہ سرپھوکہ ہر ایک آدھ سیر گل کیوڑہ دو عدد عناب سپستان
ہر ایک پچاس دانہ مویز منقی سو دانہ کشمش سبز تین سو دانہ گل نیب دو سیر نبات سفید پانچ سیر سب کو آٹھ پہر تک پانی مین بھگوئین
اور سات سیر عرق کشید کرین اور دوسرے نسخہ مین گل کیوڑہ چار عدد گل نیب ایکسیر دہبار نارنج عوض سرپھوکہ ہے خوراک روز اول چار تولہ
تین روز تک بعدہ پانچ تولہ تین دن تک بعد اسکے بعد آٹھ تولہ تا سات دن بعدہ آدھ پاؤ کی مداومت کرین اگر چاہین اس عرق مین چار دخلائی
جوش دے کے بطریق قہوہ نوش کرین نوع دیگر مخترع راقم کہ تصفیہ دم و تسکین حدت خون کے لیے بے عدیل ہے ترکیب پوست بیخ نیب
شاہترہ چرائتہ سرپھوکہ تخم کاسنی شاخ و برگ جھانسہ کشمش گلوے سبز ہر ایک آدھ پاؤ عناب پچیس عدد برگ حنا گل نیلوفر گل خطمی گاؤزبان
ہلیلہ سیاہ خس ہندی پوست ہلیلہ زرد چھال کچنال و مولسری درخت گولر برگ بید سادہ گشنیز خشک چوب بیجاسار برادہ آبنوس برادہ
شیشم گوکھرو خشک بادیان گل گڑھل پوست بیخ کیوڑہ پوست بیخ جھربیری تخم خیارین ہر ایک ایک چھٹانک صندل سرخ و سفید گل
منڈی عنب الثعلب گلسرخ بنفشہ پوست ہلیلہ آملہ افتیمون بسفائج ہر ایک تین تولہ گل گاؤزبان الائچی خرد ہر ایک دو تولہ گل کسم ایکپولہ
سپستان تیس عدد گل نیب آدھ سیر کوٹنے والی دوائین کوٹ کے سب کو آٹھ پہر تک بیس سیر پانی مین بھگو دین پھر بارہ سیر عرق کشید
کرین دوسری مرتبہ بیخ چنبیلی دودھی خرد دودھیا ہر ایک ایک چھٹانک برگ کاسنی سبز ایکپاؤ وزن صندلین و گل منڈی ہر ایک ایک چھٹانک
و پوست ہلیلہ زرد و گوکھرو ہر ایک آدھ پاؤ کر کے زیادہ مفید پایا ہے ایضاً چوب چینی عناب ہر ایک آدھ پاؤ صندل سرخ خس کشنیز خشک
برگ گاؤزبان بادرنجبویہ اسطوخودوس ہلیلہ سیاہ گل معصفر گل نیب گل بکائن برادہ آبنوس ہر ایک ایک چھٹانک بدستور معروف عرق
کھینچین عرق شاہترہ مرکب دافع آتشک و داد جلد و مفاصل و درد تمام بدن و رافع مواد امراض سوداوی مثل آتشک و خارش
و قوبا و کلف و چھائین ترکیب شاہترہ پوست ہلیلہ زرد بیخ نیم امربل درخت کیکر سرپھوکہ ہر ایک ایکسیر چرائتہ آدھ سیر بیخ یاسمین گاؤزبان
گلسرخ صندل سفید و سرخ ہر ایک ایکپاؤ بدستور معروف عرق کشید کرین اور دو تولہ شہد کے ہمراہ نہار منہ چھ تولہ ایک چلہ تک نوش کرین اور
اسکا استعمال بعد تنقیہ کے امراض مذکورہ مین ہمراہ معجون عشبہ یا چوب چینی یا اطریفل شاہترہ معمول ہے نوع دیگر برائے دفع مواد امراض

سوداوی و جذام وغیرہ معمول ہی منقول بیاض والد مرحوم سے ترکیب پوست درخت نیب پوست درخت کچنال پوست درخت مولسری ددھی خرد برگ بھنگرہ سیاہ شاخ و برگ جوالنہ پوست درخت گولر برگ حنا برگ بید سادہ منڈی تخم شاہترہ برگ شاہترہ سرپھوکہ جرائتہ گلو دھاما گل نیلوفر صندل سفید و سرخ دھنیا تخم و بنجکاسنی چوب بیجاسار عناب خس ہر ایک آدھ پاؤ برمڈنڈی نیل کنٹھی برگ گاؤزبان بادرنجبویہ ہلیلہ بلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ برادہ آبنوس برادہ شیشم ہر ایک آدھ پاؤ آٹھ پہر بھگو کے عرق کشید کریں عرق چوب چینی منشی اُس شخص کیواسطے معمول ہی جو شراب کا عادی ہو اور آتشک نکل آئی ہو اور مفرح و مسکر ہے ترکیب برادہ چوب چینی گلسرخ برادہ شیشم سرپھوکہ شاہترہ ہر ایک نیم رطل خارخسک ایک رطل پوست ہلیلہ کابلی گل منڈی ہر ایک نیم رطل پوست مغیلان چھ رطل قند سیاہ بیس سیر عناب سو عدد مٹکے مین ڈال کے حسب ضرورت پانی ڈالدین لاہن تیار ہونے پر ہلکا عرق کھینچین اور دو آتشہ کے وقت گلسرخ آدھ من برادہ صندلین ہر ایک چھ تولہ خس دس تولہ عرق نیلوفر گاؤزبان کیوڑہ ہر ایک ایک بوتل ملا کے عرق کشید کرین عرق برائے فساد خون ترکیب پوست درخت نیم و برگ و تخم و گل و پوست بکائن برگ گلاب گل نیلوفر گلسرخ گل خطمی ہر ایک آدھ پاؤ گل بنفشہ برگ گاؤزبان ہر ایک ایک چھٹانک افتیمون بادرنجبویہ اسطوخودوس بسفائج صندل سفید و سرخ الائچی کلان و خرد بالنگو ہر ایک ڈھائی تولہ برگ شاہترہ جرائتہ سرپھوکہ مکو گلو کاسنی دھنیا ہر ایک آدھ پاؤ آملہ پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی بلیلہ ہر ایک ایک پاؤ بدستور عرق کشید کرین دوسرے نسخہ مین چوب بیجاسار منڈی ہلیلہ سیاہ دھماہا زردچوب ہر ایک ایک چھٹانک بنجکاسنی نیل کنٹھی تخم بنواڑ ہر ایک آدھ پاؤ شیطرج ہندی ایکدرم باپچی ڈیڑھ دام برگ حنا پوست کچنال ہر ایک دو دام عوض برگ نیم و بکائن و برگ گلاب و گل خطمی و اسطوخودوس و بالنگو و الائچی داخل ہی عرق برائے مبروص مجرب و معمول بشرطیکہ تین چار ماہ مداومت کیجائے حکم خدا سے اگر تمام بدن سفید ہو گیا ہوگا تو بھی اصل حالت پر آجائیگا ترکیب زردچوب خام پوست درخت نیم گل منڈی قند سیاہ ہر ایک ایکسیر سبکو مٹکے مین بھر دین اور پانی مین گرم کا شربت بنا کے سرگین اسپ مین دفن کردین بعد دو ہفتہ کے نکال کے عرق کھینچین اور آدھ پاؤ صبح و آدھ پاؤ شام کو پئین ترشی و لبنیات و بادی سے پرہیز کرین غذا کم نمک کی کھائین عرق تیزاب دافع برص و مزیل پوست موضع علت سے و منبت پوست تازہ مثل رنگ بدن مجربات حکیم علی سے ترکیب زاج سفید بارہ جز زاج زرد چوبیس جز شورہ چوالیس جز باریک پیسکے خشک قرع و انبیق شیشہ مین ڈال کے تقطیر کرین اور بوتل مین رکھ چھوڑین موضع برص کو کنڈے سے رگڑ کے پر مرغ سے تیزاب طلا کرین تو عدہ بگر برائے برص اسود ترکیب پھٹکری زرنیخ شورہ خبث الحدید اور بقول بعضے بجائے خبث الحدید توتیائے ہندی بدستور قرع و انبیق سے ٹپکا کے استعمال کرین۔

باب الغین المعجمہ تین فصلون مین

فصل اول غرغرون کے بیان مین۔ غرغرہ صداع بلغمی مین بعد تنقیہ کے سودمند ہے ترکیب مرزنجوش صعتر ہر ایک

تین درم عاقرقرحا ایک درم جوزبوا ربع درم جوش اور صاف کرکے سکنجبین عنصلی دو اوقیہ داخل کرکے غرغرہ کریں غرغرہ برائے صداع کہ نزلہ کے
ساتھ ہو مفید ہے ترکیب گلنار کوکنار بزرالبنج کشنیز خشک ہر ایک چار ماشہ عاقرقرحا دو ماشہ جوش کرکے غرغرہ کریں ایضاً برائے صداع
نزلی ترکیب مکو دھنیا پوست خشخاش گل خطمی ہر ایک چار ماشہ عدس مسلم ایک تولہ جوش اور صاف کرکے رسوت تین ماشہ ملاکے غرغرہ کریں غرغرہ مصروع کہ بعد
تنقیہ بدن کے نفع بخشتا ہے ترکیب ایارج فیقرا حب بلاتی میں صعتر و عاقرقرحا جوش کیا ہوا حل کرکے تھوڑے انجبار کا اضافہ کرکے حمام میں غرغرہ کریں نوع دیگر برائے صرع
فالج و لقوہ میں نافع ہے اور سر و دماغ کو اخلاط بلغمیہ غلیظ سے پاک کرتا ہے ترکیب ایارج فیقرا و ج ترکی خردل زنجبیل عاقرقرحا مویزج فودنج صعتر
اصل السوس پوست بیخ کبر کوٹ چھان کے سرکہ یا سکنجبین سادہ یا عنصلی میں غرغرہ کریں غرغرہ نسیان بلغمی میں بعد تنقیہ کے کام آتا ہے ترکیب خردل شونیز
عاقرقرحا پیس کے شہد ملاکے غرغرہ کریں غرغرہ برائے فالج و لقوہ و استرخائے زبان و تنقیہ سر مجرب ہے ترکیب نوشادر پانچ درم فلفل سیاہ و سفید ہر ایک
چھ درم سونٹھ رائی عاقرقرحا مویزج بورہ ارمنی ہر ایک چار درم فودنج خشک آٹھ درم صعتر دس درم بیخ سوسن ستا درم نمک سیاہ چھ درم شونیز پانچ درم
مرزنجوش دس درم دارفلفل سات درم سب کو کوٹ چھان کے دو درم پیالہ لکڑی درم ایارج فیقرا و سکنجبین عسلی و آب گرم ملاکے غرغرہ کریں عجیب الاثر ہے غرغرہ برائے لقوہ معمول حکیم شریف خان
ترکیب مویزج عاقرقرحا قرنفل دارفلفل عود خام عود صلیب ندباد ساذج سونٹھ گلاب میں جوش دے کے تھوڑا سا سرکہ عنصل
یا سکنجبین عسلی ملاکے غرغرہ کریں غرغرہ لقوہ میں بعد تنقیہ کے وقت انتہا مستعمل ہے ترکیب خردل عاقرقرحا پوست بیخ کبر مساوی
کوٹ چھان کے طبیخ زوفا میں ملاکے غرغرہ کریں غرغرہ برائے حبس نزلہ مجرب ہے ترکیب پوست خشخاش تخم باقلا شگوفہ کاکنج برگ بنفشہ
شاخ درخت گلاب پانی میں جوش کرکے استعمال کریں اور سر کی تکمید کپڑہ یا پرانی روئی سے آگ پر سینک کے کریں کہ سر کے اندر گرمی
محسوس ہو ایضاً زکام و نزلہ حار میں معمول ہے ترکیب مکو کزمازج دھنیا کوکنار ہر ایک چھ ماشہ پانی میں جوش و صاف کرکے غرغرہ کریں غرغرہ
علوی خان نزلہ رقیق کو غلیظ کرتا ہے اور سینہ پر انصباب کو مانع ہے ترکیب پوست خشخاش عدس مسلم گلنار فارسی ساذج ہندی کزمازج
عدبہ مکو برگ حنا بزرالبنج ہر ایک ایک تولہ حضض نو ماشہ نوع دیگر حبس و تغلیظ نزلہ کرتا ہے اور سرفہ نزلی میں مفید ہے ترکیب عناب پانچ دانہ
سپستان دس دانہ خطمی خبازی ہر ایک پانچ ماشہ کوکنار تخم خشخاش ہر ایک چار ماشہ عدس مسلم چھ ماشہ جوش اور صاف کرکے غرغرہ کریں ایضاً
بمنافع مذکور ترکیب خشخاش بزرالبنج باقلا پوست خشخاش شگوفہ برگ مورد تخم کاہو گل سرخ ہر ایک ایک تولہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں یہاں تک کہ آدھا
رہ جائے تو غرغرہ کریں غرغرہ برائے دوی و طنین مجرب ہے ترکیب گل خطمی تخم مرو عنب الثعلب کشنیز خشک ہر ایک چھ ماشہ اسطوخودوس چار ماشہ
جوش اور صاف کرکے غرغرہ کریں غرغرہ نافع جوشش دہن و مری و بثور مادہ سوداوی سے اور دار تقلع الخرء معدہ تالیف حکیم علوی خان
مجرب ترکیب گل بنفشہ چوب چینی ہر ایک چھ ماشہ عناب پانچ دانہ صندل سرخ چار ماشہ برگ تاج خروس ایک تولہ جوش دیکر اور صاف
کرکے غرغرہ کریں غرغرہ برائے اقسام اورام حلق و قلاع و خناق ترکیب مکو پوست خشخاش کشنیز گلنار ہلیلہ سیاہ حب الآس زرورد گل تاج خروس
برگ حنا گل بنفشہ ہر ایک چھ ماشہ عذبہ چار ماشہ عدس مقشر تخم کاہو ہر ایک ایک تولہ آب ساگ سرخ و کشنیز سبز و مکو سبز ہر ایک پانچ تولہ

آب برگ کاہو تین تولہ آب خالص ایکپاؤ جوش دے اور صاف کرے لعاب اسبغول حضض گل ارمنی صندل سرخ اقاقیا پیس کے ایک
ایک ماشہ اضافہ کرکے غرغرہ کرین غرغرہ اکلۃ الفم کے لیے ترکیب گلنار کوکنار مازو کزمازج جوش دیکے حضض کی ہیس اور جھڑک کے
غرغرہ کرین غرغرہ برائے اماس زبان مجرب ہی ترکیب ناخونہ بابونہ گل بنفشہ مکو تخم کتان تخم حلبہ جوش دے کر اور صاف کرکے غرغرہ کرین
غرغرہ برائے تغیر ونقصان وبطلان ذوق کہ مادہ اُسکا نفس زبان ہو مستعمل ہی ترکیب اول گرم پانی مین چند قطرہ روغن بلسان یا روغن بیع
یا یاسمین ڈال کے تین روز تک غرغرہ کرین پھر رب السوس نصف درم عاقرقرحا سعد ہر ایک دو ثلث درم خردل مویزج ہر ایک ایکدرم
سب کو کوٹ چھان کے شہد مین ملائین اور اکا مہ مین ڈال کے تین روز کا فاصلہ دے کے غرغرہ کرین مکرر غرغرہ برائے ثقل زبان مجرب ہے
ترکیب صعتر انگبیز دعاقرقرحا خردل ہر ایک نصف جزو سونٹھ ثلث جزو نوشادر ربع جزو پانی مین جوش دے کے غرغرہ کرین غرغرہ برائے
ضعف لسان ترکیب کوکنار عنب الثعلب دار فلفل بزر کتان اصل السوس گل خطمی جوش دے کے غرغرہ کرین اگر کھانسی زیادہ ہو گل خطمی موقوف
کردین غرغرہ برائے ورم لہات ولوز تین دموی ترکیب عدس کشنیز خشک تخم کاسنی تخم کاہو پانی مین جوش دیکر اور صاف کرکے شربت
عناب ملاکے غرغرہ کرین ایضاً ورم بلغمی لہات واسترخائے لہات کے واسطے نافع ہے ترکیب تخم شبت تخم ترب بادیان ماء العسل ہمرہ جوش
دے کے غرغرہ کرین غرغرہ برائے سقوط لہات کہ رطوبت دموی سے ہو ترکیب گلنار مازو سبز گل ارمنی اقاقیا جوش دے کے عمل مین
لائین ایضاً وہی عمل کرتا ہے ترکیب عدس مقشر گلنار اکلیل الملک عذبہ ورق حنا پوست بلیلہ زرد جوش اور صاف کرکے رب جوز
ملاکے غرغرہ کرین اور دوسرے نسخہ مین مکو دھنیا مازو حضض کی بجائے ناخونہ ورب جوز ہے غرغرہ اورام حارہ حلق مین معمول ہی ترکیب لعاب
اسبغول ایکتولہ آب کشنیز سبز بارہ تولہ ملاکے نیمگرم غرغرہ کرین غرغرہ خناق گرم مین معمول ہی ترکیب عناب بانجدانہ کوکنار پانچ عدد عدس مقشر
کشنیز خشک عنب الثعلب ہر ایک ایکتولہ گلنار کات سفید اصل السوس ہر ایک چھ ماشہ جوش دے کے غرغرہ کرین تو علاوہ برائے خناق
بہت نافع ہے ترکیب رسوت جدوار آب مکو سبز مروق مین پیس کے غرغرہ کرین ایضاً برائے خناق حار نسخہ حکیم علویخان ترکیب آب کاسنی آب
عنب الثعلب آب مکو کنار شیرۂ تخم کاہو شیرۂ عدس مقشر ہر ایک ایکتولہ آب عناب بانجدانہ گل ارمنی چھ ماشہ داخل کرکے غرغرہ کرین غرغرہ
خوانیق حارہ مین انتہائے وقت پر جبکہ اسکے ساتھ نزلہ بھی ہو مفید ہی ترکیب کشنیز پوست خشخاش بابونہ مکو گلنار گلسرخ عرق
سوسن جوش اور صاف کرکے مغز فلوس خیارشنبر ملا اور صاف کرکے حضض کی جھڑک کے غرغرہ کرین غرغرہ برائے خناق ذبحہ دوسرے اور
تیسرے دن کام آتا ہی ترکیب عدس گلسرخ اصل السوس آب عنب الثعلب و آب کشنیز مین جوش کرکے مغز فلوس خیارشنبر ملا اور صاف
کرکے غرغرہ کرین غرغرہ برائے خناق ودرد گلو حار وبثور حلق وزبان معمول ہی ترکیب اصل السوس کات سفید آملہ مساوی پانی مین جوش
اور صاف کرکے غرغرہ کرین اور مبادے بثور زبان مضمضہ کرین غرغرہ معمول ومجرب النفع برائے خناق ترکیب بیخ سوسن ڈیڑھ تولہ گلسرخ
چار تولہ عدس آدھ پاؤ جوش دے اور صاف کرکے غرغرہ کرین غرغرہ حکیم علویخان مجرب النفع برائے ذبحہ وخناق حار وادرار وغیرہ واسطے

دلوزتین و حلق و نوش لوزتین ترکیب کشنیز خشک عدس مقشر پوست خشخاش عنب الثعلب گلنار فارسی گلسرخ اصل السوس جوش کر کے
اور صاف کر کے مغز فلوس خیار شنبر حضض کی گھس کے اُسمین حل کرین دوبارہ پھر صاف کر کے غرغرہ کرین غرغرہ معمول انتہاے خناق دموی
مین ترکیب انجیر مویز منقی حلبہ تخم مرو تخم کتان پانی مین جوش دے اور صاف کر کے ہمراہ شیر تازہ کہ آب خیار شنبر اُسمین محلول ہو ممزوج کر کے
غرغرہ کرین اور دوسرے محللات مثل طبیخ اکلیل الملک و اصل السوس و سبوس گندم ہمراہ مغز خیار شنبر نافع ہی غرغرہ ابتداے خناق دموی صفراوی
مین مجرب ہی ترکیب عناب عدس مکو تخم کاہو تخم کاسنی کوکنار کشنیز خشک پانی مین جوش دے اور صاف کر کے ہمراہ شربت توت غرغرہ کرین
ایضاً مستعمل جبکہ مائل بصلابت ہو نیز براے انضاج و انفجار ورم حلق دموی و صفراوی و بلغمی ترکیب تخم کتان حلبہ ہر ایک پانچ درم انجیر
عناب سپستان مویز منقی عدس مقشر بیخ سوسن بیخ بادیان ہر ایک دس درم گلسرخ گل بنفشہ ہر ایک سات درم مرزنجوش پودینہ صعتر ہر ایک
دو درم مکو دس درم جو کوٹنے والی ہون کو تین پانی مین جوش دے اور مل کے صاف کر کے بیس درم آب خیار شنبر مل اور صاف کر کے رب
شہتوت یا رب انگور حل کر کے غرغرہ کرین نوع دیگر منضج منفجر ترکیب تخم مرو تخم کتان کوٹ کے ہمراہ شیر ملا کے غرغرہ کرین یا عدس مقشر و
گلسرخ و ملیٹھی جوش دیکر اور صاف کر کے استعمال کرین غرغرہ براے خناق بلغمی ترکیب حلبہ دس درم حب الرشاد پانچ درم پانی مین جوش
کر کے غرغرہ کرین غرغرہ مجرب براے خناق و وجع گلوے سوداوی ترکیب برگ حنا گلنار فارسی زردچوب اقاقیا برگ مورد کشنیز خشک
گزمازج پوست بیخ گونمنی پوست بیخ جنبیلی گل سیوتی ہر ایک ایک تولہ جوش اور صاف کر کے غرغرہ کرین بعد ازان کتھہ دھویا ہوا دم الاخوین
کہربا کشنیز خشک طباشیر مازو فوفل سوختہ اقاقیا زر ورد عصارہ لحیۃ التیس ہر ایک ایکماشہ پیس کے چھڑکین اگر ان دواؤن مین سے بعض کم
کر کے استعمال کرین اسواسطے کہ قریب ملازمہ مجری لسبب مرض آتشک یا بسبب نزول مواد حارہ کشادہ ہو جاتا ہی نفع کریگا غرغرہ
کہ علق متعلق حلق کو مارتا ہی ترکیب نمک سنگ یا نوشادر کو سرکہ مین حل کر کے غرغرہ کرین اگر علق کے ساقط ہونے کے بعد نفث الدم
باقی رہ جاے پوست انار گلنار سماق جوش کر کے غرغرہ کرین غرغرہ نافع بحت الصوت اگر نزلہ سے ہو ترکیب گلنار ایک مثقال پوست
خشخاش عدس گلسرخ ہر ایک دو مثقال بزرالبنج نیم درم جوش دیکے اور صاف کر کے غرغرہ کرین غرغرہ براے استرخاے لہات مجرب ہی ترکیب
عنب الثعلب پائین خر و بزرالبنج گلنار عناب تخم خطمی ہر ایک پانچماشہ بدستور غرغرہ کرین غرغرہ مجرب آبلہ حلق مین کہ مواد سوداوی سے
پیدا ہو جاتا ہی ترکیب پوست انار گلنار گلسرخ حب الآس کشنیز ہر ایک چھ ماشہ زر ورد تین ماشہ جوش دیکر اور صاف کر کے غرغرہ کرین
ایضاً براے سوراخ کام اور ناک سے بولنے کے واسطے بیاض والد مرحوم سے ترکیب تخم گل تین ماشہ پر سیاوشان زوفاے خشک ہر ایک
پانچماشہ عدس مقشر سات ماشہ گلنار چار ماشہ پوست خشخاش کلان ایک عدد جوش دیکے اور شہد ملا کے غرغرہ کرین غرغرہ براے دفع
جوشش دہن و حلق کہ مرض آتشک مین زہریلی دواؤن کے کھانے سے مثل حب بلادر و سیماب و رسکپور کے حادث ہوتا ہی ترکیب
چھال کچنال و مولسری پانی مین جوش دیکے اسیطرح پوست مغیلان کاٹ ہندی شیر بز مین جوش دے کے غرغرہ مفید ہی غرغرہ براے

تغلیظ وحبس نزلہ وسرفہ نزلی حار مین مستعمل ہی ترکیب عبے سن عناب سپستان تخم خطمی خبازی تخم خشخاش پوست خشخاش پانی مین جوش دے اور صاف کرکے غرغرہ کرین غرغرہ برا سعرفہ نزلی مجرب حکیم آلہی بخش ترکیب کاہو بزرالبنج کوکنا رحب الآس ہر ایک دو تولہ نیمکوفتہ تین پاؤ پانی مین جوش دیکے چند بار اُس سے غرغرہ کرین ایضاً حکیم منصور علی سے ترکیب پائین پانچماشہ اصل السوس مقشر کوکنار ہر ایک چار ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش دے کے غرغرہ کرین۔

فصل دوم غسولات کے بیان مین

غسول رمد حار وحکہ و دمعہ حار مین معمول ہی ترکیب مساوی ترہیلہ بقدر ایکتولہ نیمکوفتہ رات کو پانی مین بھگو کے ہوا مین رکھ دین صبحکو سو کے اُٹھین تو یہ پانی چند مرتبہ آنکھ پر چھڑکین اسکے بعد اسی پانی سے آنکھین دھو ڈالین غسول اس دوا سے دھونے پر پلکین قمل سے صاف رہتی ہین اور بعد تنقیہ بدن و سر اور حمام مین جانے کے واسطے مستعمل ہے ترکیب بوینج عاقرقرحا بورہ ارمنی ہر ایک جسقدر موجود ہو جوش کر کے اجفان کو اس سے دھوئین غسول نافع خراز ترکیب آرد نخود سو درم آرد حلبہ بورق سبوس گندم آبگینہ سودہ خردل ہر ایک پندرہ درم خطمی دس درم سکے ہیں کے قدرے آب و سرکہ تند مین ملا کے سر پر خوب ملین پھر دھو ڈالین ہفتہ مین ایکبار استعمال کرین بال ترشین اور تیل لگائین تو عدیگر مطول شعر ترکیب برگ کنجد برگ کدو دونون تازہ لے کے پانی مین بھگوئین اور خوب ملین تاکہ لعاب نکلے صاف کر کے بالون پر خوب ملین دیر تک یہ عمل تین ذتک کرین دوتین بار غسول برائے رفع آثار جلدیہ وتحلیہ وتصفیہ لون ترکیب آرد جو نو ماشہ مردار سنگ چھ ماشہ سرکہ کہنہ روغن چنبیلی ہر ایک دو تولہ روغن گل ایک تولہ لت کر کے بدن پر ملین غسول یعنے روشویہ برائے تحسین لون ترکیب آرد جو آرد باقلا ہر ایک دو درم آرد نخود عدس نشاستہ مغز بادام کتیرا ایک ماہر ایک ایکدرم ایضاً خردل زرنیخ دودھ مین پکا کے یا پیس کے استعمال کرین اور سات ذتک ملین منھ کو نہایت سرخ کر دیتا ہی اور ملنا مصطگی اور مرکی مسحوق آب عفص کا چہرہ کو روشن کرتا ہی۔

فصل سوم روشویون یا بٹنون کے بیان مین

غمرہ برائے جلد و نرمی و براقی جلد کیواسطے کمال نافع اور معمول ہی ترکیب ترمس تخم ترب تخم شلغم زنجبیل چاکسو قسط شیرین حب البان حسن یوسف یعنے کمل ہر ایک چار ماشہ مرواریدنا سفتہ دو ماشہ سفیدہ کاشغری زراوند مدحرج بیخ سوسن آسمان گونی شیطرج فوہ مصطگی زعفران آرد باقلا آرد جو آرد نخود بریان آرد برنج کندش تخم جرجیر کف دریا تخم خربزہ مغز تخم کدو سے شیرین مغز بادام ہر ایک چار ماشہ کوٹ چھان کے گولیان بنائین اور کام مین لائین ایضاً برائے تصفیہ وتحسین لون بہت نافع اور برائے خیر النسا بیگم تیار ہوا تھا ترکیب آرد جو آرد باقلا مقشر آرد کرسنہ آرد ترمس آرد نخود نشاستہ آرد عدس ہر ایک چھ ماشہ مغز تخم خربزہ ایکتولہ کتیرا چار ماشہ کوٹ چھان کے استعمال کرین ایضاً ترکیب جو مقشر چار جزو تخم خربزہ آرد باقلا آرد نخود سبوس گندم ہر ایک دو جزو ترمس ایکجزو کوفتہ شب طلا کنند وصبح بشویند ایضاً مجرب حکیم گیلانی ترکیب آرد جو تخوان بوسیدہ بیخ نے آرد برنج مغز تخم خربزہ حب البان قسط شیرین کوٹ چھان کے لعاب تخم کتان مین ملا کے رات کو طلا کرین اور صبحکو جس پانی مین گل بابونہ وبنفشہ جوش کیا ہوا اُس سے منھ دھوئین

باب الفاء دو فصلون مین

فصل اول نسخۂ فلدفیون وفتائل وفلونیا کے بیان مین۔ فلدفیون برائے قطع بواسیر انف وقروح خبیثہ کہ مادہ اُن کا
استخوان تک پہونچا ہو وبرائے آکلہ دہان ولثہ ودیگر قروح ساعیہ چاہیے کہ اگر امراض انف مین استعمال کرین اول اُسکی حرارت دماغ
مین باقی جائے اُسکا اطفا شیر دختر وروغن بنفشہ وآب کدو وبید مشک وغیرہ سے کرین اور استعمال سے پہلے قدرے روغن سے تسعیط
کرین اگر منھ مین استعمال کرین پہلے روغن سے طلا کرلین کہ سوزش کم ہو جائے بعدہ مضمضہ کرین اشیاء قابضہ سے مثل عدس وگلنار
وکزمازج وگلسرخ وغیرہ کے ترکیب اس نسخہ کے اجزا وہ ہین جو قرص زرنیخ مین بیان ہونگے لیکن اس جگہ اقاقیا عوض مازوکے
اور راقم نے اکثر اورام وقروح وغیرہ مین اُسکی ٹکیہ کو جلا کے استعمال کیا ہے اور بے مضرت نفع دیکھا فتیلہ نافع غرب ترکیب شہد
خالص کو آگ پر پکائین کہ گاڑھا ہو جائے قدرے کف دریا وماز وسبز باریک پیس کے اُسمین ملا دین اور اُس سے فتیلہ بنا کے ناصور مین
رکھین اگر ناسور کا منھ بند ہوا اور ورم ہو گیا ہو تخم مرو دودھ مین پکا کے اور قدرے زعفران ملا کے اوپر رکھین تاکہ منھ ہو جائے فتیلہ برائے
گوش بیاض اوستاد مرحوم سے ترکیب برگ نیم ایکعدد افیون ایک رتی انزروت دو رتی شہد دو ماشہ ملکو ایکماشہ باریک پیس کے فتیلہ
بنا کے کان مین رکھین فتیلہ قرحہ تازہ وکہنہ گوش کے لیے مفید ہے ترکیب لتہ کا فتیلہ بنا کے شہد سے لت کرین اور انزروت باریک پیس کے
اُسپر چھڑکین کان مین رکھین فتیلہ معمول برائے درد گوش کہ ریم وقرحہ کے ساتھ ہو ترکیب تخم مرو انزروت مساوی کوٹ چھان کے اور شہد
مین ملا کے فتیلہ اس سے تر کرین کان مین رکھین نوع دیگر والد علوی خان سے برائے درد گوش وقروح وسیلان رطوبت دمہ وقیح مجرب ہے
ترکیب فتیلہ کاغذ یا روئی کا بنا کے شہد اور انڈے کی زردی سے آلودہ کرین انزروت دم الاخوین سفیداب قلعی صبر سقوطری کندر پیس کے چھڑکین
اور کان مین رکھین اگر درد شدید ہو خاکستر افیون بڑھا دین نوع دیگر قرحہ گوش مزمن کے میل کو صاف کرتا ہے ترکیب سرکہ سات درم شہد آٹھ درم
جوش کرین جوش آنے پر دو درم زنگار پیس کے بڑھائین اور ملکر کے فتیلہ بھگا کے کان مین رکھین فتیلہ گرانی گوش کو کھوتا ہے ترکیب انجیر سفید
فربہ وتخم وعسل انجیر وبورہ ارمنی وخردل وقردمانا کوٹ کے اُسمین ملائین اور فتیلہ بنا کے کان مین رکھین فتیلہ برائے حبس رعاف مجرب ہے ترکیب
مازو سبز شب یمانی نشاستہ صمغ عربی غبار آسیا دم الاخوین دقاق کندر انزروت اقاقیا گلنار افیون کافور جو دوا ممکن ہو پیس کے اُس فتیلہ پر جو
عصارۂ سرگین خر سے آلودہ ہو چھڑک کے ناک مین رکھین ایضاً برائے حبس رعاف منقول حکیم علی گیلانی سے ترکیب دقاق کندر دم الاخوین انزروت
سفید صبر سقوطری مر کی مساوی کوٹ چھان کے کتان کا فتیلہ بنا کے سرکہ انگوری سے تر کرین اور دوا چھڑک کے ناک مین رکھین فتیلہ خیشوم
کے واسطے سود مند ہے ترکیب سعد کوفی بالچھڑ صبر زرد گلسرخ قرنفل کوٹ چھان کے آب پودینہ سے فتیلہ تر کر کے ناک مین رکھین اس سے
پہلے ناک کو گلاب وسرکہ سے چند مرتبہ دھو لینا چاہیئے فتیلہ برائے قرحہ انف مجرب ہے ترکیب جراُتہ دو ماشہ لونگ بالچھڑ گل نسرین

ہر ایک تین ماشہ صبر زرد مرکی مازو سبز ہر ایک ایکماشہ مشک خالص کافور ہر ایک دو رتی اقلیمیائے فضہ چار رتی کوٹ چھان کے ناک مین
رکھین فتیلہ برائے حبس خون قرصہ بینی مجرب ہے ترکیب پھٹکری محرق زرنیخ مرکی ہر ایک ایکتولہ اقلیمیائے محرق چھ ماشہ مازو تین ماشہ
راسخت کزمازج گلنار ہر ایک سوا تولہ بورہ ارمنی چار ماشہ زاج سیاہ چھ ماشہ سرب سوختہ نو ماشہ خمیر کرکے فتیلہ ناک مین رکھین فتیلہ زخم
بینی کو دور کرتا ہے ترکیب مشک خالص کافور ہر ایک چار رتی اقلیمیا ملح اندرانی ہر ایک چار قیراط مرمازو ہر ایک نیم درم مورد قصب الذریرہ گل
نسرین قرنفل ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے شہد مین ترکرکے دوائین چھڑک کے ناک مین رکھین فتیلہ برائے زحیر صادق طبی مجرب الطاکی ہے ترکیب
غاریقون شحم حنظل تربد سفید سنا مکی قسط شیرین بسفایج عسل ذآب اب مین ملاکے روغن قسط سے چرب کرین اور حمول کرین فتیلہ مخترع حکیم مومن برائے تنقیہ
چرک والتیام زخم سوزاک وبرائے نواصیر بے عدیل ہے ترکیب صبر زرد اکمیہم توتیائے مغسول مردا سنگ سفید آب قلعی مغسول گلنار گل ارمنی ہر ایک دو درم کدوئے
سوختہ بوی سوختہ کندر ہر ایک نیم درم باریک کرکے کپڑے سے چھانین اور کڑکیے پانی مین ملاکے باریک فتیلہ بنا کے سوراخ قضیب مین رکھین فتیلہ برائے آتشک مجربات استاد حکیم
ہے ترکیب شنگرف زنجار ہر ایک سات ماشہ موم الکیس ماشہ اجزا جمع کرکے موم پگھلاکے خوب حل کرین پھر پارچہ باریک آدھ گز یا کمتر پر طلاکر کے سات حصہ کرین
اُنکے سات فتیلہ بنا کے ہر شب ایک فتیلہ چراغ روغن گاؤ مین ڈالکے روبرو بیمار کے ایک گز کے فاصلہ پر جلائین سات رات تک
اگر بیمار کا منھ آجائے برگ جنبلی جوش کرکے مضمضہ کرائین غذا شیر گاؤ و خشکہ شیرینی سے پرہیز کرین تو عاید یگر نافع باد فرنگ ترکیب
عاقرقرحا نیلہ تھوتھہ اجوائن خراسانی شنگرف ہر ایک ایکتولہ موم سفید دس تولہ دوائین پیس کے موم پگھلا کے کپڑے کو موم سے لت
کرین اور پسی ہوئی دوائین ملاکے فتیلہ بنائین ایک گڑھا کھود کے اُس فتیلہ کا چراغ روشن کرین اور اُسپر بیٹھ جائین بدن پر ایک
کپڑہ لپیٹ لین کہ دھوان تمام جسم پر پہونچے لیکن سوائے سر اور منھ کے فلونیا حافظ روح مجرب قریب الاعتدال موافق امزجہ حارہ وبارد
برائے تسکین اوجاع مثل صداع و برائے تقویت دماغ وحبس نزلات مفید ہے ترکیب مشک نیم مثقال زرنباد درونج لسان
عود قماری ساذج ہندی حب بلسان عود بلسان سعد زرنب قسط بحری جوز بوا لسان العصافیر دار فلفل سلیخہ اسارون فوفل زنجبیل
رازیانہ افتیمون قرنفل پوست اترج پوست بیرون پستہ ورق نقرہ بہمنین تخم بادرنجبویہ بوزیدان ہر ایک دو مثقال صندل سفید دارچینی
طباشیر سنبل الطیب گلسرخ خشخاش مغز چلغوزہ مغز نارجیل گل گاؤزبان ہر ایک تین مثقال زعفران کشنیز خشک ہر ایک پانچ مثقال فلفل
سفید بنج البنج ہر ایک دس مثقال آملہ پروردہ شیر ستر مثقال عسل کشمیری سہ وزن ادویہ اور کبھی برائے فرط تقویت اعضائے رئیس یاقوت لعل خشی
ورق طلا عنبر اشہب ہر ایک دو مثقال کہربا مروارید سوختہ لسبد مرجان عقیق ہر ایک تین مثقال اضافہ کرتے ہین مفید ومجرب ہے

فصل دوم فرزجون کے بیان مین ۔ فرزجہ ورم گرم رحم مین معمول ہے ترکیب آرد جو عنب الثعلب گل ارمنی رسوت صندلین
جدوار آب عنب الثعلب سبز وآب کشنیز سبز مین پیس کے لتہ کو آغشتہ کرکے رکھین ایضاً جمیع اقسام ورم رحم کے واسطے نافع ہے ترکیب
اسبغول تخم کتان دونون مساوی پیس کے شہد خالص ملاکے رکھین فرزجہ انضاج دمعار رحم کرتا ہے ترکیب بزرکتان نشاستہ ہر ایک

ایکدرم زعفران دو درم گلسرخ چار درم کوٹ چھان کے سفنج مین ملا کے روغن گل و شیر دختر داخل کرکے پاون مین ملین اور پارچہ پشمین اس سے آلودہ کرکے رکھین فرزجہ برائے تحلیل اورام صلبہ رحم ترکیب موم پیہ بط پیہ مرغ مقل ازرق ہر ایک تین درم گل خطمی تخم کتان ہر ایک اٹھارہ درم با عسل لب خیارشنبر بھگو کے رکھین فرزجہ سرطان رحم و قروح رحم کے واسطے نافع اور قاطع نزف الدم ہے ترکیب قطعہ اسرب اسرب کی کھرل مین روغن گل ملاکے حل کرین گاڑھا ہو جاے تو رکھین فرزجہ مسکن درد قرحہ مستعمل ہنگام شدت درد ترکیب مرداسنگ ایکدرم آب کاسنی مین پیس کے پیہ ماکیان موم سفید ہر ایک دس درم روغن گل بیس درم بدستور مرتب کرکے فرزجہ آلودہ کرکے رکھین نوع دیگر مزیل قرحہ رحم جو استعمال ادویہ گرم و تیز سے ہو گئے ہون مسکن درد و سوزش قرحہ ہے ترکیب پیہ بط پیہ مرغ ہر ایک ایکسیر گلنار اقاقیا سفیداب قلعی مرداسنگ مغسول کتیرا خطمی ہر ایک ایکدرم چربی پگھلا کے پسی ہوئی دوائین ملائین اور حمول کرین اور اگر لعاب اسبغول و روغن بنفشہ و یا روغن گل حل کرکے استعمال کرین زیادہ تسکین کرتا ہے فرزجہ حیض جاری کرنے مین بے عدیل ہے ترکیب مر صاف بودینہ ہر ایک چار درم سداب خشک و سدرم مویز منقی بیس درم ابہل نو درم کوٹ کے گاے کے پتہ مین ملاکے فرزجہ کرین ایضاً مدر حیض اگر سبب اسکا سدہ خلط غلیظ ہو ترکیب خربق سیاہ شحم حنظل ترمس افسنتین ابہل سب کو کوٹ چھان کے پارہ صوف جو زہرہ گاو سے مرو آب سداب سے تر کیا ہو پشم اوسکا آلودہ کرکے رکھین فرزجہ قطع خون حیض کے لیے مجرب ہے ترکیب صمغ عربی کافور ہر ایک ایکدرم گلنار تین درم کشنیز تازہ سات درم لتہ مین رکھین نوع دیگر مجربات حکیم واصل خان برائے حبس خون طمثی ترکیب گلنار مازو ہر ایک چار ماشہ کندر تین ماشہ سرمہ اصفہانی تین ماشہ اقاقیا تین ماشہ پھٹکری ڈیڑھ ماشہ سب کو پیس کے آب بارتنگ مین ملاکے فرزجہ کرین ایضاً برائے استحاضہ مجرب ہے مازو سبز سوختہ کزمازج گلنار افیون سوختہ کاغذ سوختہ چھال ببول کتھ سفید گل ارمنی دم الاخوین سنگجراحت کوٹ چھان کے پوٹلی بنا کے فرزجہ کرین فرزجہ معین عقر ترکیب زعفران سنبل الطیب شب یمانی عود ساذج ہندی انزروت ہمراہ پیہ مرغابی و زردی بیضہ ملاکے فرزجہ کرین فرزجہ معین حمل ترکیب پنیر مایہ و سرگین خرگوش شہد مین ملاکے ہمراہ پشم پارہ رکھین شب متصل بعد حیض بعد اسکے مباشرت کرین فرزجہ دافع وجع رحم کہ گندہ پانی جمع ہونے سے ہوتا ہے ترکیب بارتنگ کھدر یا ہر ایک ایکحصہ بہروزہ خشک نمک لاہوری ہر ایک دو حصہ سب کو کوٹ پیس کے تین پوٹلیان بنائین ایک زیر دہن رحم دوسری اطراف رحم رکھین تین دن مین تنقیہ رحم کرکے درد کو دور کرتا ہے نوع دیگر رحم کا گندہ پانی جذب کرتا ہے اور رحم کی جھاگ کو دور کرتا ہے ترکیب اجمود ھ بارتنگ بہروزہ خشک ہر ایک ایکدرم تخم شبت نمک لاہوری ہر ایک نیمدرم شہد حسب ضرورت گرم کرکے کپٹی چھنی دوائین اسمین ملادین اور پنبہ کہنہ کو مخلوط کرکے رکھین فرزجہ رطوبت مفرط رحم و فرج کو نشف کرتا ہے اور سیلان رطوبت وقت جماع کو مانع ہے ترکیب جوز السرو سرمہ خبث الحدید ہر ایک نیمدرم مازو تخم حماض ہر ایک دو درم لتہ طبیخ حفت بلوط و گلنار مین ترکرکے اور اس دوا سے آلودہ کرکے رکھین فرزجہ رحم کو قوت دیتا ہے اور سیلان منی و رطوبت کو جذب کرتا ہے ترکیب بسنک رامک زعفران ہر ایک ایکدرم فقاح اذخر سعد لادن ہر ایک نیمدرم کزمازج

مازو ہر ایک دو دانگ کوٹ چھان کے قنہ سفید و گلاب مین تر کرین اور فتیلہ رکھین بقدر مخصوص رہے فرزجہ مجرب رجاو عسر ولادت مین اور مخرج
جنین زندہ و مردہ ہی ترکیب مرمکی جاوشیر خربق سیاہ مساوی کوٹ چھانکے زہرہ گاو مین ملا کے شیاف بنائین **ایضاً مخرج** جنین
و مشیمہ و قاتل جنین و مدر حیض ہی ترکیب اشنان عرطینثا قطران شحم حنظل قثاء الحمار خربق سیاہ مویزج نوشادر زراوند مازریون جاوشیر مرمکی
سکبینج روغن بید انجیر زہرہ گاو مفرد و مجموع کا استعمال کیا جا سکتا ہی **ایضاً مسقط حمل ترکیب** اشنان عاقرقرحا شونیز سداب فراسیون
خربق سفید صبر زرد کوٹ چھان کے آب زہرہ گاو مین ملا کے رکھین **فرزجہ** مسقط حمل و مدر حیض **ترکیب** خستہ مہوہ ایلوہ ہر ایک ایک تولہ
بیخ بکھیرہ کنٹول ہر ایک چھ ماشہ نوشادر پانچ ماشہ قرنفل کلان چھ عدد مرمکی تین ماشہ شیاف بنا کے فرزجہ کرین مجرب ہی **فرزجہ** مانع
حمل **ترکیب** سرگین موش سرگین فیل ہمراہ شہد فرزجہ کرین **فرزجہ** برائے حکہ رحم **ترکیب** زعفران کافور ہر ایک ایکدانگ مردا سنگ
دو دانگ حب الغار نیمدرم کوٹ چھان کے سپیدی بیضہ مرغ در روغن گل مین ملا کے رکھین **ایضاً** حکہ رحم مین بہت مفید ہے **ترکیب** برگ
مغلاع پوست انار عدس مقشر و پیس کے بورہ یا مرکہ مین بجائے رکھین اور اطلیہ وادہان باردہ کی مالش کرین **فرزجہ مضیق** قبل بیاض استاد
مرحوم سے **ترکیب** سک تین درم قرنفل ایکدرم مشک قیراطی شراب ایک اوقیہ شراب کو گرم کرین اور کٹی پسی دوائین اسمین ملادین
اور خرقہ کتان اُس سے آلودہ کر کے رکھین **ایضاً** عنہ بیاض مذکورسے **ترکیب** گل سپیاری ماز و پوست مولسری مائین خرد پھلی ببول سب
برابر سفوف بنا کے پوٹلی باندھین اور دن مین دو دفعہ رکھین **فرزجہ** نافع اختناق الرحم کہ حبس طمث سے ہو **ترکیب** میعہ سائلہ اشق
صمغ بادام مصطگی ہر ایک پانچدرم زعفران نیمدرم سیہ لبطر روغن ناردین ہر ایک دس درم چربی کو روغن مین پگھلا کے دوائین کوٹ چھانکے
اُسمین ملادین اور استعمال کرین **فرزجہ** نافع نتوء رحم **ترکیب** قرظ اقاقیا ثیث ماز و خرنوب چارون مساوی لے کے پانی اور قدرے شراب
مین جوش دین اقاقیا سک اور ایک بار یک کر کے مذکورہ پانی مین ملادین اور کرویہ ابریشم نرم کا بنا کے اس دوا مین آغشتہ کر کے کام مین لائین بہت مفید ہے

باب القاف چار فصلون مین

فصل اول اقراص (ٹکیون) کے بیان مین۔ **قرص صندل مطلق** نافع برائے صداع حار **ترکیب** حضض مکی گل نیلوفر
نشاستہ مامیثا تخم کاہو صندل سفید انزروت اقاقیا مساوی کوٹ چھان کے آب کشنیز سبز مین یکسان بنائین **قرص مثلث** صداع
حار و بارد و شقیقہ مین معمول ہی **ترکیب** مرمکی افیون بزر البنج لادن کافور زعفران پوست بیخ تفاح ہر ایک پانچدرم کندر انزروت املہ
گل ارمنی ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے گلاب و آب کاہو مین اقراص بنائین سر پہلو اور صداع و شقیقہ حار مین ہمراہ آب کشنیز سبز
یا آب کوکنار کے گھس کے پیشانی پر ضماد کرین **قرص مخدر** مسکن جمیع انواع صداع و مبہ دجاع ہے قرابادین حکیم علوی خان سے **ترکیب** فرفیون
بزر البنج افیون زعفران ہر ایک ایکدرم مرمکی اشق دار چینی کندر ہر ایک دو درم بیخ تفاح کافور ہر ایک نیمدرم کوٹ چھان کے آب کشنیز تازہ یا کاہو

تازہ مین اقراص بنائین اور عند الضرورت درد جع حار مین سرکہ کیساتھ یا آب کشنیز سبز یا کاہو مین پیس کے طلا کرین اور درد جع بارد مین آب
کرفس و حنظل اور درد جع مرکب مین ہمراہ روغن گل استعمال کرین قرص منوم بارد نافع سہر ترکیب تخم کاہو خشخاش باقلا تخم خرفہ کاکنج ہر ایک
ایکدرم افیون طسوجی کوٹ چھانکے لعاب اسبغول مین ٹکیان تیار کرین قرص نزلہ بند سر سے منع سیلان نزلات اعضا پر بہت مجرب ہی ترکیب
مرمکی صبر سقوطری حضض ہندی صمغ عربی نشاستہ سک رامک کتیرا گلنار اقاقیا دم الاخوین انزروت فوفل شیاف مامیثا ہر ایک ایکدرم افیون نیم درم
زعفران دو دانگ کوٹ چھان کے جس پانی مین برگ مورد جوش کیے ہون صاف کر کے ٹکیان بنائین بوقت حاجت انڈے کی سفیدی مین
حل کر کے تین کاغذ کے چھید دار ٹکڑون پر مل کے دو ٹکڑے کنپٹیون اور ایک تالو پر چپکا دین قرص معمول برائے درد گوش ترکیب گیرو
فوفل چھالیہ ہر ایک دو درم سونٹھ ایکدرم پیس کے آب کشنیز سبز یا آب قرع مین بھگو کے اقراص تیار کرین اور وقت حاجت تھوڑے سے
پانی مین گھس کے نیم گرم کان کے گرد طلا کرین تو عدیم تمام اقسام درد گوش و ثقل اذن و قروح اذن کے لیے نافع ہی ترکیب مرمکی ایک
مثقال کندر سفید نطرون رومی ہر ایک تین مثقال زعفران چار مثقال عصارہ خشخاش گلاب ہر ایک دو مثقال مغز بادام مقشر بیس عدد
کوٹ کے سرکہ اور گلاب مین پیس کے گولیان بنائین ضرورت کے وقت روغن گل اور اگر ثقل ہو سرکہ مین گھس کے قطور کرین قرص زرنیخ
برائے لثہ دامیہ عفنہ و آکلہ عجیب و مجرب ہی ترکیب زرنیخ سرخ و زرد دلوزہ غب یا مازو مساوی کوٹ چھان کے سرکہ مین ٹکیان بنائین
اور بہ پیس کے بقدر ایکدانگ لثہ پر خوب مل کے ایک گھنٹہ تک بہنے دین پھر دھو لین روغن گل منہ مین لگائین قرص آس نافع سعال مع
اسہال ترکیب حب الآس خشخاش سفید ہر ایک پانچدرم پرسیاوشان تین درم صمغ عربی دو درم حب العنب یعنی تخم انگور نشاستہ ہر ایک
دو درم لعاب اسبغول مین اقراص بنائین خوراک تین درم ہمراہ شربت خشخاش قرص کہربا نفث الدم و قی الدم و بواسیر دموی و کثرت حیض و قرحہ
کلیہ و مثانہ و بول الدم وغیرہ امراض مین برائے حبس خون ہموارہ معمول ہی ترکیب کہربا صمغ عربی نشاستہ کتیرا مغز تخم خیار مغز تخم کدو ہر ایک
تین درم گلنار اقاقیا ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ پیس کے لعاب اسبغول مین اقراص بنائین خوراک پانچ ماشہ سے دو درم تک قرص گلنار
لیے منافع مذکور ترکیب گلنار گل ارمنی صمغ عربی ہر ایک چار درم گلسرخ اقاقیا ہر ایک تین درم کتیرا دو درم آب گلنار مین اقراص بنائین قرص ریوند
برائے نفث الدم کہ جگر سے ہو ترکیب ریوند چینی دو مثقال لک مغسول ایک مثقال تخم کرفس نیم درم صمغ عربی دو مثقال گل ارمنی دو درم
انیسون ایکدرم سب کو پیس کے آب بارتنگ مین ٹکیان بنائین ہر ایک نیم مثقال سے ایک مثقال تک شربت انجبار یا بارتنگ یا انار
شیرین مین کھائین قرص انجبار نفث الدم و قی الدم و سل معمول حکیم نافع خان ترکیب مروارید نا سفتہ دو درم بیخ انجبار و لالکی چار درم
بسد صمغ عربی کتیرا کہربا تخم خرفہ مقشر گلنار طباشیر ہر ایک تین درم نشاستہ رب السوس اقاقیا ہر ایک دو درم دھنیا بریان حب الآس
بریان ہر ایک چار درم پوست بیرون پستہ تخم کاہو ہر ایک تین درم بسد سرخ بشادنج مغسول شاخ گوزن سوختہ ہر ایک دو درم کافور
ایکدرم دم الاخوین طراثیث خشخاش بریان ہر ایک دو درم کندر ایکدرم لعاب اسبغول مین اقراص بنائین قرص کحل کھانسی مین

خون آنے کو مانع ہے ترکیب لادن زعفران ہر ایک نیمدرم شاخ گوزن سوختہ اقاقیا ہر ایک ایکدرم بربادشان ڈیڑھ درم گلنار مازو ہر ایک دو درم سریشم اصفہانی شادنج مغسول دم الاخوین ہر ایک تین درم آب لسان الحمل مین ترکر کے ٹکیان بنائین قرص طباشیر معتدل تالیف لواف معتمد المکاتب برائے اصحاب سل وحمیات دقیقہ جبکہ انکو اسہال ہراری و ذوبانی ہو ترکیب گلسرخ چھ مثقال صمغ عربی نشاستہ گل ارمنی کتیرا ہر ایک چار مثقال تخم حماض طباشیر ہر ایک تین مثقال تخم خرفہ بریان مغز تخم کدو تخم خشخاش سفید کہربا مرداسنگ ناسفتہ سرطان محرق ہر ایک دو مثقال کوٹ چھان کے لعاب بہدانہ مین ٹکیان بنائین خوراک ایک مثقال قرص کافور جبکہ سل کے ساتھ تپ لازم ہو مستعمل ہے ترکیب کافور نیمدرم تخم کاسنی ایکدرم گلسرخ صمغ عربی ہر ایک دو درم صندل سفید کتیرا نشاستہ رب السوس طباشیر ہر ایک تین درم مغز تخم کدو تخم خیارین تخم بادرنگ مغز بہدانہ ہر ایک پانچدرم لعاب اسبغول مین اقراص بنائین قرص سرطان تالیف حکیم شریف خان صاحب برائے سل و دق ترکیب سرطان محرق گل قبرسی خشخاش سفید و سیاہ صمغ عربی مغز تخم خیار ہر ایک دو درم افیون کافور مصطگی غری السمک ہر ایک یکدرم طباشیر زعفران سنگجراحت ہر ایک ربع درم خرفہ کتیرا رب السوس مغز بہدانہ ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے آب خالص مین اقراص بنائین قرص سرطان کافوری برائے تپ محرقہ دق و سرفہ و سل بہت مجرب ہے ترکیب صمغ عربی گلسرخ طباشیر شکر طبرزد ہر ایک چار ماشہ تخم کاہو تین ماشہ کافور ایک ماشہ رب السوس پانچ ماشہ مغز تخم کدو تخم خشخاش مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین ہر ایک نو ماشہ سرطان محرق ایک تولہ لعاب اسبغول مین بدستور ٹکیان بنائین قرص خشخاش برائے سعال خشک و منع نوازل و سرفہ تپ و نفث الدم کے ساتھ ہو اور برائے سل ترکیب نشاستہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک پندرہ درم خشخاش سفید تخم کدو تخم خیار تخم کاہو بزر البنج ہر ایک تین درم لعاب بزرقطونا مین اقراص تیار کرین خوراک ایکدرم یعنے ایک قرص ہمراہ شربت خشخاش یا آشجو قرص کافور ممسک سل مین جبکہ اسہال ہو ترکیب صندل سفید گلسرخ صمغ عربی نشاستہ بریان گل قبرسی طباشیر ہر ایک تین درم خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک پانچدرم مغز تخم کدو مغز تخم خیار بادرنگ بوداد ہر ایک چار درم سب کو پیس کے کافور قیصوری سودہ نیمدرم اضافہ کرکے لعاب اسبغول و بہدانہ مین اقراص بنائین خوراک ایک مثقال شربت حب الآس کیساتھ دین قرص منضج انضاج مادہ ذات الریہ کرتی ہے ترکیب تخم خطمی تخم خبازی مغز تخم خیار تخم خربزہ تخم کدو رب السوس ہر ایک دو درم نقاح اذخر ناخونہ بنفشہ کتیرا ہر ایک مساوی لے کے لعاب بزرکتان مین قرص بنائین اور آب مطبوخ انجیر کے ساتھ کھائین قرص ذات الجنب تسہیل نفث و سرعت انضاج مین مفید ہے ترکیب نشاستہ تخم خطمی کتیرا بادیان ہر ایک تین درم بنفشہ رب السوس ہر ایک دو درم لعاب اسبغول و بہدانہ و بزرکتان مین ٹکیان تیار کرین خوراک تین درم ہمراہ شربت بنفشہ قرص کہربا نفث الدم مین اور اسکے انضاج کے لیے مستعمل ہے ترکیب گلسرخ کہربا رب السوس بسد صمغ عربی ودع سوختہ ہر ایک پانچدرم سرطان سوختہ تخم خرفہ ہر ایک دس درم کتیرا نشاستہ طباشیر شادنج ہر ایک چار درم گل ارمنی گل قبرسی ہر ایک تین درم سب کو کوٹ چھان کے لعاب اسبغول مین اقراص بنائین ہر ایک کا وزن ایک مثقال ہو قرص کافور حکیم ذکاء اللہ خان برائے خفقان حار وغیرہ معمول ہے ترکیب کافور پانچدرم تخم کاسنی گلسرخ مغز تخم خیارین

مغز تخم کدو مغز تخم تربوز طباشیر ہر ایک پانچدرم صندل سفید دو درم کوٹ پیس کے لعاب اسپغول مین قرص بنائین خوراک دو درم نو عدد تالیف حکیم گیلانی ترکیب کافور تین جزو زعفران چار جزو مغز تخم کدو دہ جزو تخم خیارین چار جزو صمغ عربی سفید چار جزو مین اقراص بدستور بنائین

قرص انیسون درد معدہ کہ بعد غذا پیدا ہوتا ہے اور بغیر قے کے زائل نہین ہوتا کھوتی ہے ترکیب انیسون تخم کرفس ہر ایک پانچدرم افسنتین رومی دس درم سلیخہ بیس درم مرکی فلفل چند بیدستر افیون ہر ایک ڈھائی درم اقراص بنائین خوراک ایکدرم قرص درد براے درد معدہ سوءِ ہضم و تقلب نفس و حمیات بلغمی ترکیب مصطگی نیمدرم سنبل الطیب دو درم گلسرخ دس درم بدستور قرص بنائین خوراک تین درم

قرص جدید مخترع بوعلی سینا براے منع غثیان و تہوع و قے ترکیب پوست بیرون پستہ سماق گلسرخ زرور ہر ایک یکجزو مغاذ ریباز ریباذ ترنج دہ جزو افیون دو ثلث جزو عود خام نصف جزو قرص بنائین خوراک ایک مثقال تک قرص مصطگی نافع براے قے و فواق ترکیب عود مصطگی ہر ایک دو درم پوست بیرون پستہ چار درم گلسرخ سک ہر ایک پانچدرم قرص بنائین خوراک دو درم قرص سماق کھانے کے بعد قے ہو جاتے اور اشتہا ساقط ہوتی ہو اسکے لیے مفید ہے ترکیب سماق تین درم زرور طباشیر زیرہ مدبر کشنیز خشک گلاب مین ترکر کے سکھائی جائے ہر ایک دو درم پوست بیرون پستہ ایکدرم مصطگی نیمدرم کوٹ چھان کے گلاب مین قرص بنائین خوراک ایکدرم سے دو درم تک ہمراہ شربت انار منعنع یا گلقند قرص مخدر براے فواق شدید و تقلب نفس بہت مفید ہے ترکیب قسط زعفران گلسرخ تازہ مصطگی سنبل الطیب ہر ایک چار مثقال اسارون دو مثقال صبر سقوطری ایک مثقال افیون ایک مثقال کوٹ چھان کے آب برگ اسپغول یا لعاب اسپغول مین قرص بنائین خوراک نیم مثقال ہے اور بعض نسخہ مین وزن افیون ربع مثقال اور وزن کی کمی زیادتی طبیب معالج کی راے پر موقوف ہے اسیطرح تمام دواؤن کے متعلق جو اس نسخہ مین ہین بحسب وجوب حال و قوت مریض طبیب کو اختیار ہے قرص کندر براے فواق جو طعام و برودت معدہ سے ہو نافع ہے ترکیب کندر پانچدرم راسن یودینہ خشک ہر ایک تین درم برگ سداب دو درم تخم نانخواہ صعتر ہر ایک تین درم ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ چھان کے گولیان بنائین ہر قرص ایک مثقال کی ہو ایک گولی آب زیرہ سیاہ مین استعمال کرین قرص عود قے و ہیضہ و اسہال کہ مواد بارد سے ہو روکتی ہے ترکیب عود خام چار درم کبابہ مصطگی لونگ بالچھڑ ہر ایک بارہ درم اقراص بنائین خوراک دو درم قرص طباشیر قابض مقوی معدہ دافع قے و اسہال ترکیب گلسرخ طباشیر انار دانہ کشنیز بریان ہر ایک دو مثقال پوست بیرون پستہ مصطگی ہر ایک نیم مثقال سماق تین مثقال زیرہ کرمانی مدبر ایک مثقال ٹکیان بنائین خوراک ایک مثقال قرص عود ضعف ہضم بارد مین نافع ہے ترکیب گلسرخ چھ درم بالچھڑ رب السوس ہر ایک تین درم مصطگی عود دو دو درم زعفران نیمدرم پیکے حسب دستور عرق بادیان مین اقراص بنائین بادبر سے قرنفل گلاب مین جوش کرکے پئین قرص سنبل درم صلب معدہ و جگر مین مستعمل ہے ترکیب نفاح اذخر سلیخہ گلسرخ ریوند چینی قصب الذریرہ سنبل الطیب ہر ایک تین درم زعفران مرکی انیسون قسط فلفل سیاہ ہر ایک ایکدرم مقل ازرق تین درم مصطگی میعہ سائلہ ہر ایک دو درم اشق ایکدرم ٹکیان بنائین خوراک ایک مثقال قرص زرشک کبیر براے درد معدہ

وجگر و تپہاے بلغمی و استسقا۔ ترکیب عصارہ زرشک مغز تخم خیارین تخم خربزہ ہر ایک تین درم گلسرخ ترنجبین ہر ایک چھ درم تخم کشوث
رب السوس طباشیر تخم کاسنی مصطگی بالچھڑ عصارہ غافث فوہ لک مغسول ریوند چینی ہر ایک دو درم زعفران نیم درم کوٹ چھان کے
آب ترنجبین مین اقراص بنائین قرص قروح معدہ کے لیے نافع ہے ترکیب گل قبرسی صمغ عربی ہر ایک پانچ درم دم الاخوین تین درم پانی
مین ٹکیان بنائین دو درم آب برگ خرفہ مین کھائین قرص مقوی معدہ و استرخاے نسیج معدہ و قابض شکم ترکیب اقاقیا تین درم صمغ عربی
کتیرا ہر ایک دو درم گلسرخ گلنار ہر ایک چار درم تشار کندر عود غرقی ہر ایک ایک درم سک زعفران ہر ایک نیم درم کوٹ چھان کے پانی
مین ٹکیان بنائین خوراک ایک درم سے ایک مثقال تک ہمراہ رب سیب یا رب بہ یا آب سرد قرص برائے عطش کہ حرارت معدہ سے ہو
ترکیب مغز تخم کدو مغز تخم خیارین مغز تخم بادرنگ تخم خرفہ ہر ایک چار درم صمغ عربی نشاستہ کتیرا صندل سفید ہر ایک دو درم کافور ربع
درم سے نصف درم تک اندازہ حرارت کر کے اضافہ کرین اور لعاب اسبغول وماء الشعیر وماء القرع وغیرہ مین استعمال کرین قرص حماض
ورم جگر کے لیے کہ اسہال کے ساتھ ہو کارآمد ہے ترکیب تخم حماض طباشیر گل سرخ زرشک ہر ایک پانچ درم لک راوند ہر ایک ایک درم
زعفران نیم درم کوٹ چھان کے ٹکیان ایک ایک مثقال کی بنائین اور ایک ٹکیہ آب زرشک یا انار مین دین بعدہ فصد کھلوائین قرص
زرشک حار اوجاع جگر کے واسطے کہ جو حرارت سے ہو نافع ہے ترکیب لک مغسول ریوند چینی بالچھڑ عصارہ غافث انیسون مصطگی
ہر ایک ایک درم زرشک بیدانہ پانچ درم ٹکیان بنائین خوراک ایک سے ڈیڑھ درم تک قرص زرشک بارد برائے علل گرم جگر و عطش و
حرارت و زردی رنگ و فساد مزاج حار ترکیب بالچھڑ نیم درم ریوند لک مغسول تخم کرفس ایک ایک درم تخم کاسنی تخم خرفہ مغز تخم خیارین ہر ایک
تین درم گلسرخ طباشیر ہر ایک پانچ درم زرشک بیدانہ دس درم ٹکیان بنائین خوراک ایک مثقال ہمراہ سکنجبین یا آب انار قرص ورد
سدہ کبد و حمیات بلغمی و صفراوی مین مستعمل ہے ترکیب گلسرخ سات درم عصارہ غافث طباشیر رب السوس ہر ایک ایک درم پانی مین ٹکیان
بنائین نوعدیگر دواے شریف ہے برائے تقویت جگر و معدہ و تنقیہ رطوبت و مفتح سدہ جگر و سپرز نافع برائے حمیات بلغمی ترکیب مصطگی حب بلسان
ہر ایک ایک درم سنبل الطیب تین درم اصل السوس چھ درم گلسرخ دس درم گلاب مین اقراص تیار کرین نوعدیگر اختراع والد حکیم علوی خان سے
نافع برائے سدہ ہاے کبد و یرقان و سوء القنیہ و استسقا و حمیات مرکبہ و بلغمیہ و برائے رطوبت معدہ و درد معدہ و وجع کبد ترکیب غنچہ گلسرخ
بارہ درم بالچھڑ رب السوس ہر ایک چھ درم شکاعی بادآورد مصطگی عصارہ غافث ہر ایک چار درم گلاب مین بھگو کے ٹکیان بنائین اور
خشک کرین خوراک ایک مثقال سے تین درم تک ہمراہ سکنجبین بزوری بارد یا معتدل یا حار حسب مزاج مقدار ایک اوقیہ و برائے درد معدہ
و رطوبت ہمراہ گلقند و سکنجبین سفرجلی جو موجود ہو ایک اوقیہ دین مجرب ہے نوعدیگر جسکا نام دبید الورد ہے نافع سدہاے کبد و طحال و معدہ
و حمیات سوداوی و بلغمی سدیدی سے ترکیب گلسرخ سات درم رب السوس پانچ درم فقاح اذخر سنبل الطیب سلیخہ سیاہ مرمکی زعفران مصطگی
ہر ایک دو درم مروزعفران کو سرکۂ انگوری مین حل کرین باقی ادویہ کوٹ چھان کے اسمین ملا دین اور اقراص بنائین یا تین گنا شہد

لیے دوا ؤنکی معجون بنالین قرص مبارک برائے ضعف جگر بہت موثر ہے ترکیب گلسرخ ترنجبین مغز تخم خیارین ہر ایک پانچدرم طباشیر دو مثقال تخم کاہو اکمتولہ مغز تخم خربزہ ڈھائی مثقال تخم کاسنی چاردرم مغز تخم کدو دو درم رب السوس ایک مثقال کافور سات رتی اول ترنجبین عرق کیوڑہ مین حل اور صاف کرکے دوائین ملاکے ٹکیان بنائین اور ایک مثقال ہمراہ آب کاسنی مروق عکومروق عرق کیوڑہ مع دو تولہ شربت انار شیرین کھائین ایک پہر کے بعد فادزہر معدنی ایکماشہ لبسد سوختہ پانچ رتی عرق کیوڑہ سے پھانکین قرص زرشک مقوی جگر نافع سوء القنیہ لک مغسول اصل السوس نیلوفر طباشیر ہر ایک ایکدرم زرشک چھ درم ریوند گلسرخ مغز تخم خیارین صندل سفید تخم کاسنی ہر ایک دو درم ٹکیان بنائین خوراک حسب مزاج قرص ورد استسقا مین نافع ہے ترکیب گلسرخ تین درم عود سنبل الطیب مصطگی رومی سلیخہ نقاح اذخر دارچینی افسنتین ہر ایک ایکدرم بدستور ٹکیان بنائین اور ماء الاصول مین کھائین قرص لک نافع استسقاء مستعمل بعد تنقیہ ترکیب لک مغسول چار جزو ریوند تخم کاسنی مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک تین جزو فوہ بامیان تخم کرفس ساذج بالچھڑ سلیخہ ہر ایک دو جزو نانخواہ مصطگی ہر ایک ایکجزو گولیان بنائین خوراک ایکدرم سے دو درم تک ہمراہ شربت بزوری قرص ریوند برائے استسقا کہ مع نفث الدم ولینت طبیع ہو ترکیب زعفران ایکدانگ ریوند چینی دو دانگ زرشک بیدانہ لک مغسول فوہ طباشیر صندل سفید تخم حماض ہر ایک ایک مثقال گلسرخ کہربا مسحوق ہر ایک ایک مثقال نیم نشاستہ صمغ عربی بریان ہر ایک دو مثقال کوٹ چھان کے پانی مین قرص بنائین خوراک ڈیڑھ مثقال ہمراہ عرق مناسب اگر وقت اور مریض کے حال کے مقتضی ہو تو دوغ تف دادہ کے ساتھ استعمال کرین قرص کافوری مجربات میرزا محمد باقر سے برائے التہاب کبد و یرقان غثیان و حمیات حادہ ترکیب گلسرخ طباشیر صندل سفید ہر ایک تین درم تخم کاسنی تخم خرفہ مقشر مغز تخم کدوے شیرین تخم کاہو ہر ایک دو درم کتیرا ایکدرم کافور قیصوری ایک قیراط کوٹ پیس کے لعاب بزر قطونا مین بھگو کے اقراص بنائین خوراک دو درم ہمراہ سکنجبین سادہ و گلاب قرص گل نافع یرقان ہی ترکیب مصطگی طباشیر ہر ایک ایکدرم سنبل الطیب تین درم اصل السوس ایکدرم گلسرخ دس درم کوٹ چھان کے گلاب مین قرص بنائین خوراک ایکدرم سے دو درم تک ہمراہ مروق کاسنی و عنب الثعلب ہر ایک چار تولہ شربت بزوری و سکنجبین دیناری ہر ایک چھ ماشہ قرص غافث یرقان و درد جگر و سپرز و تپہاے ربع و کہن کے لیے نافع سدہ کھولتی ہی ترکیب عصارۂ غافث بیس درم سنبل الطیب دس درم طباشیر چار درم پانی مین ٹکیان بنائین قرص ربدی یرقان سدی مین برائے تفتیح سدہ و دفع یرقان مجرب و معمول ہی ترکیب کوکب الارض محلول میعہ سائلہ زعفران ہر ایک ثلث درم تخم کرفس پوست بیخ کرفس پوست بیخ کبر ہر ایک ڈیڑھ درم گلسرخ طباشیر تخم کشوث تخم کاسنی ہر ایک دو درم مغز بادام تلخ مغز پستہ ہر ایک پانچدرم کوٹ چھان کے آب کرفس یا بادیان مین اقراص بنائین خوراک ایکدرم ہمراہ سکنجبین بزوری و شربت دینار دو درم استعمال کرین قرص طحال برائے ورم و درد سپرز کہ تپ کیساتھ ہو مجرب ہی ترکیب گلسرخ چھ درم زرشک تین درم تخم خیارین تخم خرفہ ہر ایک دو درم ریوند چینی طباشیر لک مغسول کافور قیصوری عصارہ افسنتین زعفران ثمرۃ الطرفا ابرسا بالچھڑ ہر ایک

ایکدرم عصارہ غافث نیمدرم کوٹ چھان کے اقراص بنائین خوراک ایک مثقال ہمراہ سکنجبین وآب کاسنی یا رازیانہ یا شاہترہ قرص کبر صلابت
طحال وا وجاع طحال و برائے تفتیح سدہ معمول ہی ترکیب پوست بیخ کبر اشق ہر ایک چار درم زراوند طویل ہر ایک دو درم تخم فنجنکشت فلفل
ہر ایک چھ درم اشق سرکہ کہنہ مین حل کرین باقی دوائین بدستور کوٹ چھان کے ٹکیان بنائین اگر سفوف بنانا چاہین اشق کے عوض سہاگہ
ملادین قرص فنجنکشت نفعہ درد سپرز کے لیے کہ باحرارت ہو سودمند ہی ترکیب تخم فنجنکشت کزمازج ہر ایک دو درم تخم کاسنی
تخم خرفہ ہر ایک پانچدرم سکنجبین مین قرص بنائین قرص خشخاش اسہال دماغی کے لیے ترکیب صمغ عربی گلسرخ ہر ایک چار درم خشخاش
سفید خشخاش سیاہ ہر ایک تین درم رب السوس نشاستہ کتیرا ہر ایک دو درم زعفران ایکدرم ٹکیان بنائین خوراک دو درم وقت خواب
قرص حب الآس اسہال و سرفہ کے واسطے نافع ہے ترکیب حب الآس دس درم پرسیاوشان مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچدرم رب السوس
صمغ عربی ہر ایک ڈیڑھ درم کوٹ پیس کے ٹکیان بنائین خوراک تین درم قرص قابض برائے اقسام اسہال مجرب حکیم گیلانی ترکیب
سماق مازو سبز مرکی کزمازج ہندی افیون خالص ہر ایک چار ماشہ اقاقیا دو ماشہ آب جفت بلوط مین اقراص بنائین قرص طباشیر قابض
بعض انواع اسہال مین کام آتی ہین ترکیب ورق گل پانچدرم تخم حماض بریان چھ درم طباشیر چار درم نشاستہ صمغ عربی ہر ایک تین
درم کوٹ ڈالین اور گلاب مین بھگو کے اقراص بنائین خوراک ایک مثقال ایضاً اسہال دموی کو روکتی ہے طباشیر صمغ عربی ہر ایک دو درم
گلسرخ تخم حماض ہر ایک پانچدرم لعاب اسبغول مین قرص بنائین خوراک ایک مثقال قرص گلنار برائے اسہال معوی و دموی و نزف الدم
ہر عضو سے کہ ہو معمول و مجرب ہی ترکیب گلنار زرورد تخم حماض ہر ایک تین درم گردسماق اقاقیا عفص عصارہ لحیۃ التیس کندر ہر ایک ایکدرم
اقراص بنائین آب مورد مین خوراک ایکدرم ہمراہ شربت حب الآس قرص شادنج مجربات حکیم مرزا محمد باقر مجرب و نافع برائے قطع سیلان خون
اعضائے باطنی سے و اسہال مراری و ذوبانی و نہایے دموی و دق و سل و سرفہ ترکیب شادنج عدسی مغسول تخم خرفہ مقشر کشنیز خشک
تخم خشخاش سفید گلسرخ طباشیر گل ارمنی مغسول طین رومی ہر ایک پانچ مثقال کوٹ پیس کے لعاب بزرقطونا مین ٹکیان بنائین خوراک
ایک مثقال ہمراہ شیرہ تخم خرفہ مقشر قرص انجبار اسہال دموی و افراط طمث و قی الدم کے لیے نافع ہے ترکیب بیخ انجبار چار درم گل سرخ
صمغ عربی کہربا تخم خرفہ ہر ایک تین درم گلنار نشاستہ گل ارمنی بسد طباشیر رب السوس ہر ایک دو درم اقاقیا ڈیڑھ درم آب مورد مین
قرص تیار کرین قرص گل برائے سحج و اسہال خون مجرب ہی ترکیب صمغ عربی کتیرا نشاستہ بریان ہر ایک نیمدرم گلسرخ تخم حماض بریان
ہر ایک تین درم لعاب اسبغول مین ٹکیان بنائین خوراک ایک مثقال ہمراہ رب آس قرص برائے زحیر صادق مجرب النطاکی ترکیب
پوست خشخاش بزرالبنج سفید تخم خرفہ بریان مساوی مصطگی گل مختوم حب الآس لسبت عناب ہر ایک نیم جزو مرکی صمغ عربی ہر ایک
چوتھائی جزو ٹکیان یا گولیان گلاب مین تیار کرین خوراک ایک مثقال اگر خون آجائے کہربا و انجبار ہر ایک نصف جزو بڑھا دین قرص
قابض مجرب حکیم گیلانی اقسام اسہال و حبس خون بواسیر و طمث و نفث الدم مین انکی معمول تھی ترکیب حب الآس نشاستہ بریان

پوست بیخ انجبار بریان پوست خشخاش بریان ہر ایک تین مثقال گل ارمنی پانچ مثقال بقدر نخود اقراص بنائیں خوراک سات قرص **قرص کہربا**
خون بواسیر کو روکتی ہے مائدہ مسیحی سے **ترکیب** کتیرا نشاستہ گل مختوم ہر ایک نیمدرم کہربا صمغ عربی ہر ایک ایکدرم بلوط دو درم کوٹ چھانکے
آب بارتنگ میں قرص بنائیں **قرص مقل قابض** مخترع مصنف اقتباس العلاج برائے حبس خون بواسیر **ترکیب** پوست ہلیلہ زرد پوست
بلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ روغن بادام میں چرب کریں اندر جو حضض مکی ہر ایک ایکدرم نگھا سوختہ بھوج تر رختہ مقل ازرق ہر ایک دو درم حب الآس صمغ عربی
گل ارمنی ہر ایک ایک مثقال آب گندنائے سبز میں دو پہر کھرل کریں اور ٹکیاں بنائیں خوراک دو درم ہمراہ شیرۂ الائچی کلاں چار عدد و شیرۂ بادیان
نو ماشہ **قرص** مجرب برائے حبس خون بواسیر **ترکیب** حب الآس دو درم آملہ پوست ہلیلہ و بلیلہ جفت بلوط مقل گلنار اقاقیا ہر ایک چار
درم مقل آب برگ مورد میں حل کریں دوسری دوائیں خمیرہ کر کے قرص بنائیں خوراک دو درم **قرص ذیابیطس** مرض مذکور میں معمول ہے **ترکیب**
طباشیر رب السوس ہر ایک دس درم تخم کاہو بیس درم تخم خرفہ پندرہ درم گل ارمنی گلسرخ کشنیز خشک ہر ایک پانچدرم اقاقیا صمغ عربی
صندل سفید و سرخ گلنار ہر ایک دو درم کافور نیمدرم گلاب میں اقراص بنائیں خوراک تین درم ہمراہ آب انار ترش سات تولہ مصری ایک تولہ
نوعد بگیرد کہ ورم مجھے کیساتھ ہو مجرب والد مرحوم **ترکیب** مروارید ناسفتہ لسد کہربائے شمعی زہر مہرہ خطائی ہر ایک تین ماشہ طباشیر رب السوس
ہر ایک چار ماشہ تخم خرفہ تخم کاہو ہر ایک تیرہ ماشہ کشنیز خشک تخم حماض گل ارمنی زرشک ہر ایک ڈھائی ماشہ باؤبالا صندل سفید گلنار پوست سماق
صمغ عربی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ باؤبالا کافور ایک ماشہ خاکستر پوست بیضۂ مرغ چار ماشہ بطریق معروف قرص بنائیں کل پندرہ خوراک ہیں **قرص کاکنج**
صاحب تحفہ نے برائے قروح کلیہ و مثانہ و تقطیر البول و بول الدم نہایت مجرب لکھا ہے نسخہ علیحدہ صاحب نجات **ترکیب** بزر البنج تخم کرفس ہر ایک چھ درم
بادیان دو درم زعفران تخم حماض مغز چلغوزہ افیون مغز بادام تلخ کوہی ہر ایک تین درم کاکنج بیس عدد مغز تخم خیار بارہ درم شہد انج چھ درم
کوٹ چھان کے ٹکیاں بنائیں خوراک تین درم نوعد بگیر التحام قروح گردہ و مثانہ و سوزش بول و تسکین درد کے لیے نہایت موثر ہے
ترکیب مغز تخم خیار گل ارمنی صمغ عربی کندر دم الاخوین خشخاش سفید مغز بادام رب السوس کتیرا نشاستہ تخم کاکنج ہر ایک دس درم تخم کرفس
دو درم افیون ایکدرم شربت بنفشہ میں اقراص بنائیں خوراک دو سے تین درم تک **ایضاً** بمنافع مذکور **ترکیب** تخم خشخاش سفید چھ درم
صمغ عربی کتیرا ہر ایک چار درم تخم خرفہ مغز تخم خیارین تخم خطمی تخم خبازی مغز ہیدانہ اصل السوس نشاستہ ہر ایک پانچدرم مغز تخم خربزہ مغز تخم
کدوئے شیریں ہر ایک سات درم کاکنج کوہی دس درم اور بعض نسخہ میں افیون ایکدرم بھی ہے **قرص خشخاش** قروح کلیہ میں گوشت پیدا
کرنے اور اخراج ریم کے واسطے **ترکیب** ریوند دو دانگ کندر نیمدرم بزر البنج چار دانگ صمغ عربی نشاستہ گل ارمنی گل قبرسی گل مختوم
گل سرخ گلنار سماق ہر ایک ایکدرم طباشیر سفید ڈیڑھ درم خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک دو درم آب بارتنگ میں ٹکیاں بنائیں خوراک ایک
مثقال سے دو درم تک ہمراہ سکنجبین سفرجلی یا کشکاب **قرص شب** جرب مثانہ کیواسطے نافع ہے **ترکیب** پھٹکری دم الاخوین
گلنار ہر ایک تین درم کتیرا چھ درم صمغ عربی دس درم آب خرفہ میں قرص بنائیں شربت حب الآس کے ساتھ استعمال کریں **قرص ماسک البول**

درار بول کہ گرمی سے ہو روکتی ہے اور پیاس کو کم کرتی ہے ترکیب گزمازج کندر اقاقیا ہر ایک ایکدرم پوست بلیلہ کابلی روغن گاؤ مین چرب
کرکے ایک مثقال کتنیرا خشک بریان ڈیڑھ درم گلنار گل ارمنی گلسرخ عدس ہر ایک دو درم تخم بلوط تخم مورد ہر ایک تین درم ٹکیان بنائین
خوراک دو درم ہمراہ رب بہ قرص کہربا مرزا محمد باقر نے اپنی بیاض مجربات مین براے بول الدم تحریر کیا ہے ترکیب کہربائے شمعی لسبد محرق خوشا
تخم خرفہ مقشر صمغ عربی بریان کتنیرا خشک بریان بذرالبنج سفید لک مغسول طباشیر کتیرا نشاستہ ہر ایک پانچدرم تخم حماض شاخ گوزن سوختہ پوست
بیضہ مرغ سوختہ گل ارمنی ودع محرق گلنار فارسی سک ہر ایک تین درم مصطگی زعفران افیون ہر ایک ایکدرم بدستور اقراص بنائین
قرص الطین بول الدم واسہال دموی کے واسطے بھی نافع ہے ترکیب گلنار اقاقیا ہر ایک ایکدرم ونیم مغز تخم خیارین تخم کدو نشاستہ
کتیرا صمغ عربی کہربا گل ارمنی لعاب اسبغول مین قرص بنائین خوراک دو درم ہمراہ شیرہ تخم خرفہ قرص بول الدم پیشاب مین خون آنیکو نافع
ہے ترکیب مغز تخم خیار چار درم نشاستہ کتیرا گلنار سک ہر ایک تین درم مصطگی زعفران افیون ہر ایک ایکدرم جیس کے قرص بنائین
قرص شب اندمال قرحہ سوزاک کرتی ہی ترکیب شاخ گوزن سوختہ شب یمانی کتیرا گل ارمنی گلنار تخم خرفہ مساوی الوزن کوٹ چھان کے
آب خرفہ مین اقراص بنائین قرص بار دحیض جاری کرتی ہی اگر مزاج گرم ہو ترکیب مغز تخم خیار دراز مغز تخم خیار بادرنگ مغز تخم خربزہ ہر ایک
پانچدرم روناس مجیٹھہ مشکطرامشیع دوقو سلیخہ ہر ایک دو درم بدستور اقراص بنائین قرص مر ادرار طمث قوت سے کرتی ہی تسہیل ولادت
کرتی ہی اور مداومت کرنے پر اسقاط جنین بھی ترکیب حلتیت سکبینج جاؤشیر برگ سداب خشک برگ پودینہ مشکطرامشیع قردمانا فوہ ہر ایک
دو درم مر تین درم ترمس پانچدرم قرص بنائین ہر قرص دو درم کی ہو خوراک ایک قرص ہمراہ طبیخ ابہل قرص صموغ تسہیل ولادت کرتی ہی
اور جنین زندہ ومردہ کو گھنٹہ بھر مین خارج کر دیتی ہی ترکیب مر جاؤشیر سکبینج بہروزہ ہر ایک ایکدرم حلتیت پانچدرم حملہ ایک خوراک ہی
ہمراہ آب سداب تبخیر کا بھی یہی فائدہ ہی غذا نخود آب قرص گلنار براے غدیوط بہت مجرب ہی تالیف علویخان ترکیب گلنار فارسی
اقاقیا حب الآس گل ارمنی ہر ایک ایکدرم صندل سفید نیمدرم صمغ عربی کندر ہر ایک دو درم آب سیب مین قرص بنائین ہر روز ایک مثقال
ہمراہ شربت سفرجل دس درم استعمال کرین قرص مسہل تالیف حکیم مومن مرحوم امراض حادہ وتپہاے گرم ومرکبہ ودفع قولنج ثفل مین نہایت
نافع ہے ترکیب گل بنفشہ پندرہ ماشہ مغز تخم کدو مغز تخم خیارین تربوز تخم کاسنی گل نیلوفر ہر ایک نو ماشہ تخم خرفہ پانچماشہ مصطگی انیسون
ہر ایک ساڑھے تین ماشہ گلسرخ تیس ماشہ طباشیر نشاستہ کتیرا ہر ایک تین ماشہ حب الملوک مقشر دس عدد حب الملوک کو مشوی کرین باقی دوائین
حسب دستور لعاب اسبغول مین ملا کے ٹکیان بنائین قدر خوراک نیم مثقال سے ایک مثقال تک قرص طباشیر ملین بعد تنقیہ اگر تپ باقی ہو حمیات
صفراوی ومرکبہ مین معمول ہی ترکیب طباشیر چار درم ترنجبین تین درم مغز تخم کدو تخم خیارین ہر ایک دو درم نشاستہ صمغ عربی کتیرا تخم خشخاش
ہر ایک ایکدرم لعاب اسبغول مین قرص بنائین خوراک پانچ ماشہ قرص طباشیر کافوری براے حمیات حادہ واسہال حموی وکرب وعطش و
نفث الدم وخفقان گرم اورسل ودق مین بھی نافع ہے ترکیب زعفران نیمدرم کافور ایکدرم طباشیر صمغ عربی کتیرا نشاستہ ہر ایک دو درم

مغز تخم خیارین تخم کدو تخم خرفہ ہر ایک چار درم گلسرخ رب السوس ہر ایک چھ درم لعاب اسبغول مین ڈھائی ڈھائی درم کی ٹکیان بنائین خوراک ایک قرص ہمراہ شربت مناسب **قرص انبر باریس کافوری** حمیات محرقہ وغب خالص وامراض حارہ کبد ومعدہ مین معمول حکیم میر محمد ہادی ہے **ترکیب** زرشک منقی طباشیر گل سرخ ہر ایک دو مثقال تخم کاسنی مغز تخم خیارین مغز تخم کدوے شیرین تخم خرفہ صندل سفید ہر ایک ایک مثقال کافور قیصوری بیس قیراط کوٹ پیس کے گلاب مین اقراص بنائین خوراک ایک مثقال **قرص طباشیر کافوری ملین** مجرب برائے حمیات حارہ **ترکیب** رب السوس صندل سفید ہر ایک دو درم کاسنی تخم خرفہ گل ارمنی تخم کاہو ہر ایک تین درم کتیرا صمغ عربی ہر ایک دو درم مغز تخم کدو مغز تخم خیارین ہملاق ہر ایک پانچدرم زرشک بیدانہ طباشیر ہر ایک سات درم ترنجبین دس درم کافور ایکدرم زعفران ایک ماشہ بدستور قرص بنائین **قرص صندل** برائے حمیات حادہ وعطش شدید وگرمی جگر ومعدہ وخشکی زبان کہ ارتفاع ابخرہ سوداوی سے ہو مجرب صاحب شفاء الاسقام ہے **ترکیب** مغز تخم خیار بادرنگ کافور کتیرا ہر ایک پانچدرم صندل زرد صندل سفید صندل سرخ رب السوس تخم خرفہ ہر ایک دو درم گلسرخ طباشیر سفید قند سفید ہر ایک چار درم لعاب اسبغول مین کہ آب انارین وگلاب مین نکالا ہو اقراص بنائین ہر قرص ایکدرم کی اور سایہ مین خشک کرین خوراک ایک قرص آب انارین یا آب سیب شیرین کے ہمراہ **قرص کافور** مبرد مطفی ونافع حمیات حارہ وامراض کبد **ترکیب** طباشیر سفید دس درم گلسرخ پانچدرم مغز تخم کدوے شیرین تخم کاہو تخم کاسنی تخم خرفہ مقشر ہر ایک ایکدرم صندل سفید دو درم کافور قیصوری ایکدرم لعاب اسبغول مین بدستور ٹکیان بنائین خوراک ایکدرم اور اگر ایکدرم مرہ البنج سفید بڑھا دین تو تطفیہ عجیب کرتی ہے اسکی خاصیت ہے شرائین اور تبرید جگر مین **قرص زرشک صغیر** حمیات مرکبہ مین معمول ہے اور برائے سدۂ جگر وصلابت جگر بھی نافع ہے **ترکیب** زرشک منقی پندرہ درم تخم کاسنی تخم خرفہ مغز تخم خیارین ہر ایک تین درم گلسرخ پانچدرم ریوند چینی بالچھڑ ہر ایک ایکدرم لعاب اسبغول مین قرص بنائین **قرص بنفشہ** تپ کہنہ مع سرفہ کے واسطے مفید ہے **ترکیب** بنفشہ مغز بادام شیرین مغز تخم کدو تخم خیار کتیرا ہر ایک پانچدرم رب السوس گل ارمنی نشاستہ ہر ایک تین درم مصطگی ایک مثقال بالچھڑ ایکدرم کوٹ کے قرص بنائین خوراک ایک مثقال **قرص گل** حمیات مطبقہ واورام کبد وحمیات مرکبہ مین صفرا وبلغم ودم معدہ ورطوبت سے ہو مستعمل ہے **ترکیب** گلسرخ دس درم سنبل الطیب زعفران ہر ایک دو درم رب السوس تخم خیار مقشر ترنجبین ہر ایک تین درم صمغ عربی کتیرا ہر ایک ایکدرم پانی مین ٹکیان بنائین خوراک ایک مثقال سے دو درم تک **نوع دیگر** برائے تپہائے مرکبہ وحمیات کہنہ معمول ومجرب ہے **ترکیب** گل سرخ اصل السوس مقشر ہر ایک چار درم طباشیر بالچھڑ افسنتین ہر ایک دو درم ترنجبین تین درم گلاب مین قرص بنائین اور پانچ ماشہ ہمراہ چکیدہ کاسنی وشربت بزوری دین **قرص گل دیگر** تپ مرکبہ کو کہ صفرا وبلغم پر غالب ہو نافع ہے **ترکیب** بالچھڑ تین درم تخم کاسنی مغز تخم خیارین ہر ایک چار درم اصل السوس مقشر پانچدرم گلسرخ دس درم کوٹ چھان کے ٹکیان بنائین خوراک ایک مثقال **نوع دیگر** مستعمل حکیم علویخان صاحب **ترکیب** طباشیر سفید دس درم گلسرخ تین درم تخم کاہو مقشر مغز تخم خیارین تخم کدو ہر ایک دو درم رب السوس ایکدرم نشاستہ کتیرا ہر ایک نیمدرم ترنجبین پانچدرم دانہ ہیل باریک پیسکر ترنجبین لعاب اسبغول مین ملکر اور صاف کرکے اجزا ملائین اور اقراص بنائین

قرص غافث لثقہ وحمیات مرکبہ کے لیے نافع ہے اور سوء مزاج کبد کے واسطے سودمند ہے ترکیب عصارۂ غافث تیس درم گلسرخ ساٹھ
درم طباشیر چالیس درم بدستور اقراص بنائیں خوراک دو درم نوع دیگر برائے شطر الغب و تپہائے کہنہ مجرب ہے ترکیب عصارہ غافث چھ
درم طباشیر دو درم سنبل الطیب دو درم گلسرخ پانچدرم پانی میں قرص ایک ایکدرم کی بنائیں خوراک ایک قرص قرص بنفشہ مسہل تپ شطر الغب
میں بعد نضج اُس مطبوخ کے کہ مطبوخات میں آئیگا برائے تنقیہ معمول ہے ترکیب بنفشہ دو درم تربد موصوف رب السوس نیمدرم سقمونیائے
مشوی نیم دانگ پوست ہلیلۂ زرد ایکدرم باریک پیس کے پانی میں ٹکیاں بناکے سایہ میں خشک کریں یہ ایک خوراک ہے آب گرم یا مطبوخ مکا کے
ساتھ استعمال کریں قرص افسنتین صغیر حکیم عابد سرہندی نے لکھا ہے کہ تپ بلغمی نو کہنہ شدید وضعیف جو بلغم غلیظ حامض یا زجاجی یا مالح
سے ہو اور مقوی معدہ وجگر وضعف جگر وبسیط یا مرکب ہو تپ دیگران ٹکیوں کا میں نے تجربہ کیا ہے ترکیب افسنتین رومی تلخ شدید تخم کرفس
اسارون انیسون مغز بادام تلخ مساوی کی ٹکیاں پانی میں بناکے سایہ میں خشک کریں اور تھوڑے سے پانی سے کھائیں قرص انیسون حکیم
ممدوح لکھتے ہیں کہ بعض جگہ میں نے دیکھا ہے کہ قرص افسنتین سے فائدہ نہیں ہوتا اور ان قرصوں کے استعمال سے نجات ہوجاتی ہے ترکیب
انیسون افسنتین مغز بادام تلخ بالچھڑ صبر زرد ہر ایک چار درم عصارۂ غافث ساذج ہندی اسارون ہر ایک تین درم مصطگی تخم کرفس ہر ایک
ایکدرم گلاب میں قرص بنائیں ایکدرم ہمراہ طبیخ افسنتین استعمال کریں قرص دیگر حکیم موصوف کہتے ہیں کہ جو تپ بخار میں میری مجرب ہیں
ترکیب بادیان زیرہ سیاہ ہلیلہ سیاہ قرص بناکے استعمال کریں کہ تیسری نوبت سے نہ بڑھیگا فاحفظ فانہ من الفیوض قرص امبر باریس
تالیف بوعلی سینا معمول حمیات مرکبہ وتپ ربع میں کہ اسکا مادہ صفراء محترق ہو ترکیب عصارہ امبر باریس پانچدرم عصارۂ غافث
طباشیر سفید ہر ایک دو درم لک مغسول کند سنبل الطیب عصارۂ افسنتین ریوند چینی گاؤزبان ہر ایک ڈھائی درم زعفران ایکدرم
کوٹ چھان کے آب کاسنی تازہ میں اقراص بنائیں قرص طباشیر کافوری لولوی اختراع حکیم علویخان سے برائے تپ دق وسل
وخفقان وحمیات محرقہ جبکہ اسہال کیساتھ ہو اور نافع برائے نفث الدم و قی الدم و اسہال دموی وکبدی و ذوبانی ترکیب مروارید
ناسفتہ طباشیر سرطان سوختہ تخم خشخاش سفید تخم کاہو تخم خرفہ مقشر کتیرا ہر ایک تین درم کہربائے شمعی رب السوس گل سرخ ہر ایک دو مثقال
مغز تخم خیارین پانچ مثقال صمغ عربی بسد سوختہ ہر ایک ایک مثقال کافور ایکدرم زعفران دو دانگ ابریشم مقرض دو دانگ آب بارتنگ
میں اقراص بنائیں خوراک ایک مثقال قرص طباشیر سرطانی دق وسل کے واسطے نافع ہے ترکیب طباشیر سفید گلسرخ ہر ایک پانچدرم
ترنجبین دس درم کتیرا صمغ عربی ہر ایک ڈیڑھ درم تخم خرفہ مقشر مغز تخم خیارین مغز تخم کدو ہر ایک تین درم تخم کاہو تخم کاسنی ہر ایک چار درم صندل
سفید تین درم سرطان نہری سوختہ رب السوس ہر ایک ایکدرم زعفران کافور ہر ایک نیمدرم لعاب اسبغول یا لعاب بہدانہ میں اقراص بنائیں
قرص الدق برائے دق نسخۂ شیخ الرئیس ترکیب طباشیر گل ارمنی ہر ایک چار درم گلسرخ چھ درم تخم خرفہ مغز تخم خیار مغز تخم کدو کہربائے شمعی
ہر ایک تین درم بدستور اقراص بنائیں خوراک دو درم قرص خشخاش صاحب دق و اسہال کے واسطے نافع ہے بارہا کا معمول ہے

ترکیب کافور ایکدرم گلسرخ تخم حماض طباشیر نشاستہ صمغ عربی گل قبرسی ہر ایک تین درم تخم خشخاش سفید مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم بادرنگ مغز تخم خربزہ خرفہ مقشر مغز بہدانہ ہر ایک چھ درم تخمون اور مغزون کو بریان کرکے پانی مین اقراص بنائین خوراک ایکدرم **قرص سعفہ** برائے سعفہ وقوبا واورام باردہ وصداع بلغمی بغایت مجرب ہی ترکیب نرد چوب مغز بادام تلخ ہر ایک ایکجزو مقل ازرق دوجزو مقل کو تین شبانہ روز سرکہ مین رکھین اور دوسری دوائین پیس و ملاکے قرص بنائین اور آب کاسنی وروغنگل وسرکہ وغیرہ مین گھس کے ضماد کرین **قرص کلف** برائے برش ونمش نافع ہے ترکیب اشق مقل ہر ایک دو درم مازریون چار درم خردل سفید دس درم مقل واشق کو پانی مین حل کرڈالین دوائین کوٹ چھان کے اقراص بنائین ضرورت کیوقت سرکہ مین پیس کے طلا کرین **قرص مطلق** برائے دفع آثار سیاہ کہ چہرہ پر پیدا ہوجاتے ہین ترکیب بیخ سوسن آرد باقلا جو مقشر ہر ایک ایکجزو نمک اندرانی شاخ گوزن سوختہ اشق ہر ایک ایکجزو لے کے پانی مین اقراص بنائین **قرص** نافع برائے خناق حکیم علویخان سے ترکیب گلسرخ نیم رطل سنبل الطیب سعد سک مرکی شب یمانی ہر ایک نیم اوقیہ گلاب مین قرص بنائین **قرص مثلث** مطلی قرحہ صلب سوداوی کو کہ قرحہ عالمگیری مشہور ہی فائدہ کرتی ہی ترکیب سنگہ تھوتھہ بریان مغز بیل کتھہ تینون مساوی کوٹ پیس کے اقراص بنائین اور پانی مین گھس کے طلا کرین جلد نفع کرتی ہی۔

فصل دوم قطورات کے بیان مین۔

قطور فاتح کرم دماغ وحابس خون ومدمل زخم مخترعات والد ماجد سے ترکیب برگ نب برگ آڑو ہر ایک یکمشتی بیج ترب پیاز ہر ایک ایکعدد سب کو کوٹ کے پانی مین نکالین اور روغن کنجد چہار دام مین ملاکے جوش کرین قدرے موم ملاکے اتارلین پھر دم الاخوین گل ارمنی انزروت سفیدہ کاشغری ہر ایک دو ماشہ پیس کے ملادین وقت حاجت ناک مین ٹپکائین پر بھی ملین اگر بالغ نہ ہو فصد سر رو مقدم رکھین **قطور مجرب** حکیم مومن ابتدائے رمد وتسکین درد کیواسطے ترکیب چاکسو بہدانہ تخم خبازی دس دس عدد کوٹ کے نشاستہ نیم مثقال حضض دو دانگ پانی مین جوش دین گاڑھا ہوجاے تو چھان کے قدرے انڈے کی سفیدی مین تیل کے اندر رکھین اور ملادین پھر نیمگرم آنکھ مین ٹپکائین **قطور** طرفہ کہنہ کے واسطے نافع ہے ترکیب نوشادر نمک لاہوری پانی مین حل کرین اور اُسمین کندر ملاکے آنکھ مین ٹپکائین **قطور** چیچک کے دانون سے آنکھ کی حفاظت کرتا ہی ترکیب سماق گلاب مین تر کرین اور صاف کرکے قدرے کافور اُسمین ملاکے دن رات مین چند مرتبہ آنکھ مین ٹپکائین **قطور معمول** درجع گوش حار مین ترکیب مہاوڑ شیر دختر یا شیر بز مین حل کرکے نیمگرم کان کے اندر ٹپکائین **ایضاً** برائے درد گوش حار ترکیب انڈے کی سفیدی آب کدو یا روغن گاؤ کے ہمراہ کان مین ڈالین اور شیر زنان مین بھی مفید ہی **ایضاً** برائے درد گوش حار ترکیب شیاف ابیض کافوری شیر دختران مین اور انڈے کی سفیدی ولعاب اسبغول مخلوط کرکے ٹپکائین **قطور مخدر** مسکن درد حار گوش اور درد شدید کہ قرحہ مؤلمہ سے ہو ترکیب حضض افیون شیر دختر مین حل کرکے ڈالین **ایضاً** نافع درد گوش حار ترکیب عصارہ برگ بنگ صاف کرکے نیمگرم کان کے اندر چھوڑین یا بھنگ ایکتولہ پانی مین پیس کے ٹکیان بنائین اور چار تولہ گھی مین جلا ڈالین پھر صاف کرکے دو تین قطرے کان مین ٹپکائین **قطور** نافع درد گوش بارد ترکیب کچلہ قدرے پانی مین پیس کے نیمگرم

کان مین ڈالین قطور برائے دردگوش وکری قدیم مجرب ہے ترکیب افسنتین زہرۂ بز و روغن بادام تلخ مین پیس کے کان مین چکائین
قطور نافع ورم اندرون گوش ترکیب انڈے کی سفیدی روغن گل مین ممزوج کرکے کان مین ٹپکائین قطور نافع دردگوش کہ زخم ودبیل
کے سبب سے ہو ترکیب زبد البحر دم الاخوین کندر مساوی مرکی نصف یکجز و روغن گل مین ملاکے نیمگرم قطور کرین قطور نافع دردگوش کہ
کرم سے ہو ترکیب عسل سرکہ و روغن گل مین برابر ملاکے نیمگرم چھوڑین ایضاً قاتل کرم گوش ترکیب آب برگ شفتالو آب برگ ترنج پودینہ
بورۂ ارمنی سقمونیا ےشوی افسنتین زراوند مدحرج ہر ایک ایکدرم درمنہ ترکی ہندرم پیس کے سرکہ مین ٹپکائین قطور برائے طرش آزمودہ ہے
ترکیب ایرسا بقدر ضرورت و روغن زیت ملاکے ٹپکائین قطور طنین کو بعد تنقیہ نفع کرتا ہے خلاصہ سے ترکیب قرنفل ہندرم مشک ایک
دانگ آب مرزنجوش مین پیس کے ٹپکائین ایضاً طنین ودوی وقر کے واسطے نافع ہے ترکیب کندر زعفران فرفیون جند بیدستر خربق
سفید مرکی ہر ایک تین درم نطرون بورۂ ارمنی ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے شراب مین حل کرکے ٹپکائین قطور کان سے خون آنے کو
روکتا ہے ترکیب مامیثا اقاقیا حضض پیس کے آب برگ بادرنگ یا خرفہ ملاکے کان مین ٹپکائین قطور برائے انفجار خون کہ ضربہ وسقطہ گوش
سے ہو اور دفع طبیعت بسبیل بحران ہو ترکیب زعفران دو دانگ حضض کندر عصارہ بادروج ہر ایک ایکدرم سرکہ مین خوب حل کرکے
ٹپکائین قطور برائے خارش گوش معمول ہے ترکیب افسنتین سرکہ مین جوش دے اور صاف کرکے نیمگرم کان مین ٹپکائین ایضاً برائے خارش
اندرون گوش ترکیب صبر سقوطری روغن گل مین حل کرکے کان مین چھوڑین ایضاً حضض ایکماشہ پانی مین پیس اور صاف کرکے نیمگرم
کان مین ڈالین قطور برائے رعاف معمول ہے اگر یاس ہوگئی ہو تو بھی فوراً حبس رعاف کرتی ہے ترکیب کافور قدرے پانی مین نچوڑ کے
سرگین خر حل کرکے ناک مین ٹپکائین قطور برائے رعاف معمول مجرب ہے ترکیب کافور قدرے آب افشردہ سرگین خر مین حل کرکے ناک
مین ٹپکائین قطور نافع فواق ترکیب جرک مگس شیر زنان مین پیس کے دو تین قطرے دونون طرف کے نتھنون مین ٹپکائین کہ برائے
تسکین فواق مجرب ہے قطور پیشاب کھولتا ہے ترکیب زعفران ایک حصہ شورہ قلمی دو حصہ پانی مین حل کرکے قطور کرین قطور نافع
برائے قروح مثانہ ترکیب انزروت دم الاخوین کندر سفیداب صمغ عربی افیون مساوی شیاف بناکے وقت حاجت شیر دختران مین
حل کرکے قطور بازروق کرین قطور برائے بندکشاد ترکیب صمغ عربی کندر دم الاخوین باریک پیس کے پانی مین حل کرکے قطور کرین

فصل سوم قہوون کے بیان مین - قہوہ برائے دردسر وزکام بلغمی ترکیب سونٹھ گل دھاوہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ کوکنا
ایک عدد مٹی کے کورے برتن مین جوش کرین آدھ پاؤ باقی رہے تو میٹھا کرکے یا بغیر مٹھاس کے گرماگرم پئین قہوہ برائے بیداری ودفع
خمار خواب پیتے ہین ترکیب بادیان خطائی تین ماشہ چاے خطائی چھ ماشہ عرق بادیان مین جوش کرکے نبات سفید دو تولہ ملاکے گرماگرم
پئین قہوہ نافع برائے فالج ولقوہ ترکیب بادیان خطائی عود خام مصطگی خولنجان لونگ ہر ایک دو ماشہ الائچی خورد دارچینی ہر ایک
چار ماشہ چاے خطائی آٹھ ماشہ انیسون ایک ماشہ ہمراہ نبات سفید دو اوقیہ بطریق قہوہ پئین قہوہ برائے ضیق النفس ترکیب

گاؤزبان اصل السوس بادیان خطائی ہر ایک چار ماشہ چائے خطائی زوفائے خشک ہر ایک تین ماشہ تخم خطمی چار ماشہ اجینی تین ماشہ نبات دو تولہ جوش کر کے بطور قہوہ پئیں قہوہ برائے خفقان بارد ترکیب لونگ سات عدد گلاب و عرق گاؤزبان ہر ایک آدھ پاؤ میں جوش کریں نصف رہ جائے تو صاف کر کے شربت انار شیریں یا شربت سیب یا نبات میں شیریں کر کے پئیں قہوہ مقوی معدہ و ہاضم و مشہی ترکیب الائچی خرد دس عدد لونگ چار بادیان خطائی ایک ماشہ جوش دیں کھول جانے پر اتار کے تین ماشہ چائے خطائی ڈالیں اور مصری ملا کے بطریق قہوہ نوش کریں۔

فصل چہارم قیروطیوں کے بیان میں

قیروطی برائے تشنج یبسی ترکیب مغز ساق گاؤ پیہ ماکیان موم سفید روغن بنفشہ میں پگھلائیں اور شیر دختر میں ملا کے لیں قیروطی برائے بردہ و شیرہ ترکیب جاؤشیر اشق قنہ راتینج صمغ بطم سب کو زیت کی تلچھٹ اور سرکہ میں حل کریں موم سفید روغن گل پگھلا کے مرہم بنائیں قیروطی برائے بثور بینی ترکیب موم سفید روغن مورد در روغن گل میں پگھلا کے مردا سنگ گلاب سرکہ میں گھس کے خوب حل کریں قیروطی برائے قروح بینی ترکیب مرداسنگ اکلیرم سفیدہ قلعی موم ہر ایک دو درم روغن گل ایک اوقیہ بدستور ترکیب دیں ہمراہ پیہ ماکیان لیں قیروطی ہونٹھ ہاتھ پاؤں پھٹ جانے میں مفید ہے ترکیب موم زرد زوفائے رطب پیہ مرغابی کتیرا لعاب بہدانہ روغن گل موم کو روغن اور چربی میں پگھلا کے زوفا وغیرہ آمیز کر کے خوب حل کریں قیروطی اخضر نافع برائے سعال حار ترکیب موم سفید روغن نیلوفر و روغن بنفشہ میں پگھلائیں اور آب کشنیز سبز و آب کاہو سے تسقیہ کر کے استعمال کریں قیروطی معمول ذات الجنب و ذات الصدر و شوصہ و برسام حکیم علوی خان سے ترکیب موم سفید دو درم آب عنب الثعلب دو تولہ روغن گل چار تولہ پگھلا کے گل خطمی گل بابونہ ناخونہ ملو گل بنفشہ ہر ایک سات ماشہ کوٹ چھان کے ملا دیں کپڑے کو اس سے آلودہ کر کے مقام درد پر رکھیں اور باندھ دیں ایضاً برائے ذات الجنب و شوصہ مجرب استاد مرحوم ترکیب گل بنفشہ اکلیل الملک گل بابونہ پانی میں پکا کے چھان لیں لعاب اسبغول لعاب گل خطمی روغن بادام موم سفید داخل کریں اور قیروطی بنا لیں ایضاً گل بنفشہ گل نیلوفر بابونہ ناخونہ تخم خطمی گل خطمی جو مقشر پوست خشخاش سب کو کوٹ کے پانی میں پکا کے چھان لیں روغن بنفشہ موم سفید سفیدآب قلعی کتیرا کوٹ پیس کے ملا دیں اور قیروطی بنائیں قیروطی محلل و منضج مرخی و مسکن ذات الجنب میں اور ہمیشہ معمول ترکیب گل بنفشہ گل خطمی تخم کتان ہر ایک ایک تولہ آدھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں صبح جوش دے اور صاف کر کے روغن گل دو درم ڈال کے دوبارہ جوش دیں جب روغن رہ جائے موم زرد دو درم ملا کے قوام کریں کپڑے پر لگا کے موضع درد پر چپکا دیں قیروطی برائے تسکین حرارت قلب و رفع سوء مزاج حار نافع ہے ترکیب موم سفید کو روغن گل میں پگھلائیں اور ہاون میں رکھ کے آب برگ خرفہ و آب کدو و آب خیار و گلاب سے تسقیہ کریں قدرے صندل سفید و کافور داخل کر کے قیروطی بنائیں قیروطی سوء مزاج خشک قلب کے واسطے نافع ہے ترکیب موم سفید روغن بنفشہ میں پگھلائیں آب کشنیز سبز و آب کاہو سے کف مال کریں اور سینہ پر رکھیں قیروطی منضج اورام پستان معمول ترکیب تخم کتان بابونہ اکلیل الملک پانی میں جوش کر کے اور صاف کر کے ہمراہ موم و روغن گل قیروطی تیار کر کے ضماد کریں قیروطی برائے صلابت معدہ نافع ہے ترکیب بابونہ گل خطمی گل بنفشہ عنب الثعلب تخم حلبہ ہر ایک چھ ماشہ گلسرخ چار ماشہ آب عنب الثعلب سبز بارہ تولہ میں جوش دے کے صاف کریں

روغن گل چار درام داخل کرکے جوش کرین ہانی بالکل جل جاے تو موم سفید دو درام ملاکے آگ پر سے اتارلین اور مصطگی ولادن ہر ایک چار ماشہ
داخل کرکے بطور موم روغن کے بنائین کپڑے پر لگا کے وقت خلو شکم موضع صلابت پر باندھ دین کھانے سے دو گھڑی پہلے کھولڈالین
اور آدھے پہر کے بعد باندھا کرین قیروطی شقاق مقعد؛ درد وسوزش مقعد کے واسطے بغایت مفید ہے ترکیب آب کشنیز تر آب عنب الثعلب
آب کاسنی آب خرفہ کتیرا بیس کے ایکدرم ہمراہ موم سفید و روغن گل قیروطی بناکے استعمال کرین قیروطی براے ورم حار مثانہ ترکیب آب کاسنی سبز
وعنب الثعلب سبز موم ہر ایک حسب حاجت روغن گل و روغن بنفشہ موافق مین قیروطی بنائین قیروطی مفید براے ورم خصیہ ترکیب مقل
ازرق وکندر دونون کو حل کرکے موم غیر مستعمل زیت مین پگھلا کے سب کو ہاون دستہ مین ملین اور استعمال کرین قیروطی براے ورم
سرطان مفید ہے ترکیب موم روغن جو روغن بنفشہ کے ساتھ بنا ہو گرم کرکے لعاب بہدانہ وقدرے پیہ گردہ بز وقدرے زوفاے رطب
وقدرے صبر زرد داخل کرکے آب تراشہ کدو و آب برگ بید و آب خبازی متشرب کرکے مختلط کرین اور تمریخ کرین فصد و استفراغ سے
لیکن فارغ ہو چکے ہون قیروطی شقاق و درشتی چہرہ؛ دست و پا کیواسطے نافع ہے ترکیب کتیرا زوفاے رطب ہر ایک ایکدرم موم سفید
تین درم روغن بادام دس درم گرم کرکے لعاب کتیرا و زوفاے تر مین ملاکے ہاون مین خوب حل کرین اور تخفہ نشاستہ و لعاب بہدانہ و
پیہ مرغابی بھی اس نسخہ مین داخل ہے اور روغن گل عوض بادام اور اگر شنگرف کا اضافہ کردین تو بیعدیل ہوجاے حقیر نے تجربہ کیا ہے۔

باب الکاف اسکے ضمن مین تین فصلین ہین

فصل اول کمادات کے بیان مین۔ کماد نافع جرب صداع حار مادی کہ مستفرغات ومعدلات وغیرہ سے بالکلیہ زائل نہ
ہوتا ہو اوسکا بقیہ مادہ اس کماد کے استعمال سے قطعاً رفع ہوجاتا ہے ترکیب آرد جو گل خطمی بابونہ سبوس گندم صندل سفید گلسرخ
بنفشہ ہر ایک ایکجز و کوٹ چھان کے سرکہ انگوری وگلاب و آب شاہسفرم روغن گل مین ملاکے پارچہ کتان باندھ کے آگ پر گرم کرکے
سر پر کماد کرین کماد نافع صداع ریحی ترکیب تخم شبت بابونہ پودینہ دشتی سداب بورہ ارمنی سبوس گندم سب کو کوٹ کے کپڑے
مین باندھ کے سر پر تکمید کرین کماد براے شقیقہ و اوجاع شدید و ریاح غلیظ سودمند ہے ترکیب برگ مرزنجوش بابونہ ہر ایک دس
درم کوٹ چھان کے لعاب حلبہ مین بھگو کے سر کی تکمید کرین کماد نافع مرض حس ترکیب آرد جو صندل خطمی سفید گلسرخ مساوی
سرکہ مین ملاکے تکمید کرین کماد دلنیز غس کیواسطے نافع ہے ترکیب نام مرزنجوش بابونہ شبت برنجاسف برگ غار قسط کوٹ کے
سب کو پکا کے گلالین اور سر کے بال منڈوا کے تکمید کرین کماد نافع براے سکتہ ترکیب قرنفل ہیل بوا لبسباسہ جوزبوا اوج ترکی
بالچھڑ عاقرقرحا نمک ہندی آرد جاورس کوٹ کے کیسہ مین گرم کرکے سر پر گلورے دین کماد نسیان بلغمی مین بعد تنقیہ مجرب ہے
خلاصہ سے ترکیب لونگ لبسباسہ ساذج ہندی کندر کی بدستور تکمید کرین کماد براے اختلاج مجرب ہے ترکیب

سعد کوفی سبوس گندم نمک طعام چادرس بالجملہ زیرہ سفید کیسہ مین رکھ کے گرم گرم عضو مختلج پر تکمید کرین کماد براے سبات سہری ترکیب
بوسفشر نمکوفتہ دو کف حی العالم برگ خبازی برگ اسبغول مرزنجوش ہر ایک ایک تولہ جوش دیکے تکمید کرین کماد غلظ اجفان وطرفہ کیلئے
عجیب النفع ہے اور نزلات چشم کے لیے بھی مفید ہے ترکیب افسنتین رومی کوٹ کے خرقہ کتان مین پوٹلی بنائین اور گرم پانی مین ڈبو
ڈبو کے تکمید کرین کماد انتفاخ ملتحمہ کے واسطے ترکیب گل بنفشہ نیلوفر ناخونہ پانی مین جوش کرکے اسفنج یا روئی تر کرکے پشت چشم پر
رکھین کماد براے درد گوش بارد ترکیب روئی روغن گل مین تر کرکے اُس سے تکمید کرین کماد ثقل سمع کیواسطے کہ خلط غلیظ سے ہو
بعد تنقیہ نافع ہے ترکیب بابونہ سویا ورق غار یا حب الغار مرزنجوش پودینہ دشتی عاقرقرحا نمکوفتہ پانی مین پکائین صاف کرکے تکمید
کرین کماد معدہ کے درد ریحی کے واسطے سود مند ہے ترکیب اجوائن زیرہ سیاہ بادیان ہر ایک دو مثقال گل سرخ پانچ مثقال
کوٹ چھان کے کپڑے کی تھیلی مین رکھ کے نیمگرم معدہ پر رکھین اور تکمید معدہ مین احسن یہ ہے کہ اسے خراسیف پر رکھین تاکہ فم معدہ پر
اور اسکا وسط ہو اور دوسرے نسخہ مین نمک و سبوس گندم عوض گلسرخ ہے کماد نافع درد معدہ ترکیب کنجد سیاہ نانخواہ پوست ہلیلہ
زرد نمک شور پیس کے سرکہ مین ملا کے کپڑے مین باندھین اور نیمگرم تکمید کرین ایضا براے تسکین درد معدہ و امعاء و جگر و کلیہ و سپرز و جمیع
اعضا نافع و سریع العمل ہے قولنج کو دور کرتی ہے اور بغایت مفید ہے ترکیب بابونہ گلسرخ حلبہ سنبل تخم کتان تخم شبت سبوس گندم نمک
ناخونہ جملہ برابر پانی مین جوش کرین اور مثانہ گاو مین ڈال کے تکمید کرین اسفنج یا نمدہ ہو تو وہ تر ہو جاتی ہے کماد سول شکم کو دور کرتا ہے
ترکیب آرد ماش آدھ سیر مین پھل نمک طعام ہر ایک آدھ پاو انگوزہ ۶ درم سب کو پانی مین خمیر کرکے اُسکی دو روٹیان پکائین ایک
اسمین کی توے پر پکائین ایک طرف کچی رکھین اُسی طرف سے پیٹ پر باندھ دین جب سرد ہو جاے دوسری روٹی اسی طرح
پکا کے خام کیطرف سے باندھین لیکن روغن شبت سے اُسے چرب کرلین کماد براے قوت باہ کہ اس سے بہتر کماد نہین ہے
ترکیب تخم ہالون تخم شبت مغز تخم کونچ عاقرقرحا تخم شلغم گھونگچی سفید مالکنگنی زیرہ سفید پوست بیخ آک نرملی انبہ ہلدی بیج کلونجی
ہر ایک ایکدرم پوست بیخ اونٹ کٹارا پوست بیخ کنیر سفید سم اسپ میدہ چوب مغز ارنڈی میدہ گندم تخم بادنجان ہر ایک دو درم
نشاستہ عاج کنجد سیاہ ہر ایک چار درم مایہ شتر اعرابی دارچینی ہر ایک تین ماشہ مشک دو ماشہ ادویہ جدا جدا کوٹ کے ایک جا کرین
اور ایک ایکدرم کی دو پوٹلیان بنائین شیر میش ڈیڑھ پاو آگ پر چڑھا کے دونون پوٹلیان اُسمین ڈالدین گرم ہونے پر زیر ناف تا بیخ
ذکر متصل خصیہ کماد کرین ایک ٹھنڈی ہو تو دوسری پوٹلی سے تکمید کرین دو گھڑی تک ذکر سخت ہو جائیگا باہ بڑھ جائیگی کماد براے
درد ورم کہ ضرب سے ہو گیا ہو اور گرہ پڑ گئی ہو سود مند ہے ترکیب مغز نارجیل کہنہ کوٹ ڈالین اوسکے چوتھائی زرد چوب باریک کرکے
ملا دین اور دونون کے برابر موم ملائین دو پوٹلی باندھ کے کسی برتن مین آگ پر رکھین دو تین گھڑی تک سینکدین بعدہ پوٹلیان کھول
کے آماس کے اوپر باندھ دین اور دوسرے دن الگ کرین دو تین دن کے عمل مین صحت کلی ہو جائیگی احقر نے اسی کماد دین

تخم نانخوه نارجیل کے برابر پیس کے ملایا اور دفع درد مین بے نظیر پایا کبھی کنجد سیاہ ایکتولہ افیون ایک ماشہ تخم نانخوہ کے عوض ملاتے ہین

فصل دوم گھرون اور اکحال کے بیان مین- گھرہ برائے درد چشم و رمد و دمعہ بہت مجرب ہی **ترکیب** لیمون کاغذی ایک رطل افیون خالص تین دام پھٹکری ربع رطل پہلے پھٹکری کو لوہے کے برتن مین کھیل کرلین بعد اسکے افیون داخل کرکے آب لیمون تھوڑا تھوڑا ڈال کے دستہ آہنی سے حل کرین اسکے بعد گولیان بناکے رکھ چھوڑین ضرورت کے وقت پانی مین گھس کے نیمگرم آنکھ کے گرد طلا کرین **کحل** ہندی اس انجمن کا شقیقہ مین بارہا تجربہ کیا گیا ہی **ترکیب** فلفل گرد بیس اکلیندہ نمکس ہر دو برابر شیر زنان سیر دار مین باریک پیس کے سیپی مین رکھین قدرے آنکھ مین لگائین اور چند قطرے ناک مین ڈالین **کحل** تشمیزج معمول برائے درد چشم و اتعیا رمد و سبل **ترکیب** انزروت سفید شیر خر مین خمیر کرکے چوب گز مین جیکا ہلکی آنچ پر بریان کرین چھ ماشہ چاکسو چھلی مین رکھ کے دیگ کے اندر لٹکا کر کہ جسمین پانی اور سرگین خر ہو لٹکا دین اور جوش کرین کہ چاکسو کا چھلکا نرم ہو جائے نکال کے چھیل ڈالین سفید آب کا شغری مغسول ڈکندر یا ہر ایک تین ماشہ رسوت چار ماشہ نبات سفید ایکتولہ سب کو باریک کرکے آنکھ مین لگائین **کحل** ملکایا ملکا یعرب مقبل ہی سریانی زبان مین فرشتون سے مراد ہی اور یونانی کتابون مین لکھا ہی کہ بقراط کو خواب مین اسکا الہام ہوا تھا وہ ملطف و جالی ہی اور برائے امراض صعب چشم و انسام رمد نافع ہے **ترکیب** انزروت پانچدرم چاکسو ایکدرم بطریق موصوف مدبر کرکے نشاستہ شکر سفید ہر ایک پانچدرم باریک پیس کے سرمہ کیطرح لگائین **کحل** بابت شاہ رفیع الدین صاحب مرحوم برائے سرخی چشم کہ نزلہ سے ہو بصر کو تیز کرتا ہی اور رطوبت چشم کو رفع کرتا ہی **ترکیب** سیسہ ایک ماشہ ماہیران پانچ ماشہ سنگ بصری سات ماشہ توتیائے ہاردی پھٹکری بریان ہر ایک ایک ماشہ اسرب ایکتولہ سیماب دو ماشہ پہلے اسرب و سیماب کو پیسین پھر دوسری دوائین ملاکے سحق بلیغ کرین اور کام مین لائین **کاجل** برائے سبل نافع **ترکیب** پنبہ نرم تازہ مع تخم پانچتولہ کوٹ ڈالین بعدہ اُسے پھیلاکے اُسپر سنگ بصری و انگوزہ ہر ایک تین ماشہ پیس کے چھڑکین اور فتیلہ بناکے روغن سرشف مین جلائین اُس سے کاجل پارین اور اُسے ایکتولہ سرمہ مین پیس کے رکھ چھوڑین اور آنکھ مین لگاتے رہین **کحل** برائے سبل مجرب و آزمودہ ہی **ترکیب** شادنج مغسول دس درم پوست ہلیلہ زرد زنجبیل ہر ایک پانچدرم فلفل سفید دو درم نوشادر ایکدرم تیار کرکے آنکھ مین لگائین **کحل** برائے سبل و ناخنہ اور بیاض کے واسطے مجرب ہی **ترکیب** نحاس محرق شادنج مغسول ہر ایک پانچ ماشہ کوٹ چھان کے سرمہ بنائین اور آنکھ مین لگائین **کحل** یاسمین رافع بیاض و دھند رطوبی مین ہمیشہ معمول ہی **ترکیب** کلی یاسمین گل کنجد فلفل سیاہ ہر ایک چار سو شب یمانی بریان دو دام پختہ باریک پیس کے ایک سلائی آنکھ مین لگائین **کحل** برائے بیاض و سبل مجرب ہی **ترکیب** قرنفل جوہ تخم سرس تخم کھرنی انثی انثی شورہ قلمی نمک لاہوری ہر ایک ایکدرم آنبہ ہلدی دو درم باریک پیس کے آنکھ مین لگائین **ایضاً** بیاض کو کھوتا ہی معمول حکیم علیم اللہ صاحب مرحوم **ترکیب** پھٹکری تخم سرس تخم کھرنی نبات سفید مساوی کھرل کرکے آنکھ مین لگائین **ایضاً** برائے بیاض و سبل و شبکوری و دھند و جذب رطوبات مفید ہی **ترکیب** نوشادر پھٹکری بریان مساوی کوٹ چھان کے

کحل بنائیں کحل آس برائے رفع بیاض چشم معمول حکیم شارث علیخان ترکیب کفدریا اقلیمیائے ذہبی ہر ایک دو ماشہ سرمۂ اصفہانی ڈیڑھ تولہ
نوشادر مغسول مروارید ناسفتہ ہر ایک نیم درم سہاگہ زنگار نیلہ تھوتھہ پوست بیضۂ مرغ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ نوشادر فلفل دار افلفل
قرنفل بالچھڑ ہر ایک چھ رتی مامیران چینی نمک سندی ہر ایک ایکماشہ بدستور سرمہ بنائیں اور صبح وشام آنکھ میں لگائیں کحل برائے
ناخنہ مجرب ہی ترکیب نوشادر تین ماشہ شورہ قلمی ایکتولہ تخم سرس فلفل گرد ہر ایک بارہ عدد توتیائے سبز و سرخ باریک پیس کے آنکھ
میں لگائیں ایضاً برائے ظفرہ ترکیب نبات سفید جاکسو مقشر پھٹکری بریان سنگ بصری ہر ایک ایکماشہ شورہ قلمی بیس ماشہ آب لیمون
میں حل کر کے ضرورت کیوقت پانی میں گھس کے لگائیں کحل برائے دمعہ کہ اُسکا سبب ضعف عضلات چشم ہوں مجرب ہے از طب الاکبر
و نافع عشا ہی ترکیب ساذج ہندی مامیران چینی پوست ہلیلۂ زرد لبد ہر ایک ایکدرم مشک ایکدانگ بدستور مرتب کریں کحل نسعہ برائے
دمعہ بہت مفید ہی ترکیب توتیائے کرمانی دس درم سات مرتبہ گلاب میں بجھایا ہوا بسد پوست ہلیلۂ زرد صبر ہر ایک چار درم
ہلیلہ سیاہ دارفلفل ہر ایک نیم درم کوٹ چھان کے مثل سرمہ استعمال کریں ایضاً معمول ترکیب ہلیلہ کو خمیر میں کر کے تنور میں اینٹ پر
رکھ کے پکائیں کہ خمیر سرخ ہو جائے پھر ہلیلہ نکال کے اسکا پوست لیں اور تھوڑا سا زعفران ڈال کے باریک پیس کے کام میں لائیں
کحل نافع حرقت چشم ترکیب فلفل سیاہ دارفلفل ہر ایک ایکدرم زعفران چار درم حضض چھ درم بالچھڑ چار درم کافور ایکدانگ
بدستور بطریق سرمہ لگائیں کحل عشا مجربات سے ہے ترکیب دارفلفل قنبیل فلفل حلہ برابر باریک پیس کے اکتحال کریں کحل فلفل برائے شبکوری
و سبل و بیاض و ظفرہ و بدد کہنہ و غبار میں ترکیب فلفل سیاہ ایکماشہ آب زہرۂ گاؤ یا نو میں تر کر کے خشک کریں آنبہ ہلدی ایک ماشہ آب لیمون
میں بھگو کے سکھائیں مغز تخم کھرنی و سنگ بصری آب لیمون میں چار مرتبہ بجھالیا ہو غنچۂ چنبیلی خام ہر ایک نیم درم سنگ سماق کے
کھرل میں غبار کی طرح پیس کے استعمال کریں کحل باسلیقون کبیر برائے تاریکی چشم و ابتدائے نزول الماء و دمعہ و جرب و سبل و ظفرہ و شرناق
و سطبری پلک کے واسطے نافع ہے ترکیب کفدریا اقلیمیائے نقرہ ہر ایک پانچدرم نمک اندرانی ساذج ہندی سفیدآب ارزیز
فلفل دارفلفل سنبل الطیب سرمۂ اصفہانی ہر ایک ایکدرم نمک ہندی قرنفل دوالہ ہر ایک نیم درم صبر سقوطری عصارۂ مامیثا مس
سوختہ ہر ایک ڈھائی درم مامیران نوشادر زردچوب دارچینی ہر ایک ڈیڑھ درم پوست ہلیلۂ زرد دو درم پیسے باریک کر کے چھانیں اور کام میں لائیں
یا شیاف بنا کے کحل برائے ابتدائے نزول و خیالات نافع و نشف رطوبات کرتا ہی تقویت بصر کرتا ہی بیاض و دمعہ کو بھی دور کرتا ہے
ترکیب ساذج ہندی نیم درم بورق ایکدرم نشاستہ دو درم سرمۂ اصفہانی چھ درم مثل غبار پیس کے لگائیں کحل منع نزول و تحلیل
ما میں عجیب خاصیت رکھتا ہی اور ہمیشہ حکیم ذکاء اللہ خان کا معمول تھا ترکیب مروارید سرمہ مارقشیشائے ذہبی نکلس پوست
ہلیلۂ زرد فلفل مشک ورق نقرہ بدستور تیار کر کے اکتحال کریں کبھی ورق طلا و سنگ بصری و مامیران چینی بھی اضافہ کرتے ہیں مجرب ہی
کحل مخترع حکیم علی برائے نزول بہت نافع و مجرب ہے ترکیب توتیائے کرمانی مازوئے سبز توبال مس ہر ایک تین درم سرسا قاقیا

قلقطار محرق اسفیداج دودہ سقف مس گران ہر ایک ڈیڑھ درم سب کو غبار کیطرح پیس کے ہر روز دو مرتبہ آنکھون مین لگائین مجرب ہے
کحل علویخان کہ منع نزول وانتشار وضعف بصر و بیاض وگل چشم کہ چیچک مین پڑجاتا ہو اور ظفرہ کیواسطے مجربات سے ہے ترکیب تخم
سرس تخم کھرنی کف دریا برچہ چینی معدنی سبز جست ساذج ہندی رتن جوت سرمہ سیاہ ہر ایک دو درم خوب صلایہ کرکے آب بادیان
مین ملاکے آنکھ مین لگائین ایضاً منہ اول سے قوی ہے ترکیب چشنجام مدبر اکیتولہ دہنہ فرنگ سرمہ ہر ایک نو ماشہ شادنج عدسی مغسول
مامیران چینی اقلیمیاے ذہبی وفضی مرداریدنا سفتہ یاقوت رمانی زبد البحر ہر ایک چھ ماشہ توتیاے مغسول دو درم صمغ عربی کتیرا ہر ایک
اکیدرم زہرۂ آہو زہرہ کبک ورق طلا ہر ایک نو ماشہ گلاب وکیوڑہ مین کھرل کرین مشک تین ماشہ کحل مبارک حضرت امیر المومنین
علی علیہ السلام سے منسوب ہے براے تقویت بصر واکثر امراض عین ترکیب سرمہ اصفہانی دو درم سنگ بصری نمک اندرانی ہر ایک اکیدرم
مامیران چینی ربع مثقال کافور اکیجو ہلیلہ زرد پانچ عدد گٹھلی نکال کے کوٹین اور پاؤ بھر میٹھے پانی مین جوش دین چوتھائی رہ جانے پر اسی پانی مین
دوا مذکور سحق کرکے کپڑے سے چھانین اور کام مین لائین کحل براے ضعف بصر کہ برودت ورطوبت سے ہو مجرب داؤد انطاکی
ترکیب فلفل گرد اکیدرم دارچینی نصف درم زرد چوب ربع درم نانخواہ آٹھوان حصہ درم بعد سحق بلیغ آنکھ مین لگائین کحل چشنجام
علویخان براے ضعف بصر کہ رقت روح باصرہ سے ہو نافع ہے ترکیب چشنجام مدبر توتیاے کرمانی مدبر سرمہ مدبر ہر ایک اکیتولہ مروارید
ناسفتہ سات ماشہ اقلیمیاے فضی وذہبی محرق ومغسول ہر ایک سات ماشہ ابریشم سوختہ شادنج مغسول ہر ایک چھ ماشہ مامیران چینی
تین ماشہ زہرۂ آہو زہرۂ دراج ہر ایک ایکماشہ ورق طلا دو ماشہ مشک چار رتی سنگ سماق کی کھرل مین حل کرکے لگائین کحل دافع ضعف
بصر مجرب النفع ہے ترکیب مغز سمندر پھل چار عدد فلفل سفید آٹھ عدد کات سفید دونون کے برابر اور سنگ بصری تینون کے مساوی سحق
بلیغ کرکے تین ہفتہ تک استعمال کرین اگر آب برگ سرس مین کھرل کرین تو قوی العمل ہوجاتا ہے ایضاً براے ضعف بصارت وبیاض
عین مستعمل ہے ترکیب مغز تخم سرس جوز زرد ہو ماہی سنگ بصری مامیران اقلیمیاے نقرہ شورہ قلمی غنچۂ یاسمین ہر ایک دو ماشہ سرمہ اکیتولہ
باریک پیس کے کام مین لائین کحل مقوی بصر ومجرب ومعمول شاہجہان بادشاہ ترکیب کافور اکیدانگ زعفران مشک خالص ساذج
ہندی ہر ایک ایک مثقال مروارید ناسفتہ دو مثقال اقلیمیاے ذہبی وفضی ہر ایک چھ مثقال مارقشیشاے ذہبی توتیاے کرمانی ہر ایک
آٹھ مثقال سرمہ اصفہانی بارہ مثقال اسطرح بنائین کہ موتی دونون اقلیمیا ومارقشیشا ہر ایک جدا جدا بیمین بارش کے پانی اور سماق کے
کھرل مین پھر دوسری دوائین ملاکے کام مین لائین سرمہ شیشے کے برتن مین رہے کحل الجواہر علویخان براے غلظت روح باصرہ کہ
ضعف حرارت غریزی سے ہو نافع ہے ترکیب مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی زرد توتیاے کرمانی مدبر ہر ایک تین مثقال
مامیران چینی ساذج ہندی اقلیمیاے فضہ ہر ایک ڈیڑھ مثقال سرمہ اصفہانی دس مثقال پہلے سرمہ کے مثل چنے کے ٹکڑے
ٹکڑے کرین الیہ میش مین آگ پر رکھین کہ الیہ جل جاے اور سرمہ بحد احتراق نہ پہونچے گلاب مین بجھاکے ایک ہفتہ تک

برف کے پانی مین سب دوائون کیساتھ کھرل کرین پھر سرد وجزو مین کاجل کا ایک جز وملادین موم سفید ساڑھے سات مثقال روغن گاؤ ساڑھے تنتیس مثقال عطر صندل اکیس مثقال وکندر ذکر ساڑھے چالیس و نیم مثقال کوٹ کے نیم کی لکڑی سے جسکی شام پیسے جیکا کے بنائی گئی ہو دو پہر تک حل کرین پھر چراغ مسی بغیر قلعی مین رکھ کے پرانی روئی اور بافتہ کا فتیلہ بنائین دونون ملا کے اُسکے اوپر سرپوش مٹی کا ڈھانک دین اور بدستور معمول کاجل پارلین اور وہ گلاب جسمین برگ مورد جوش کیے ہون ہاون مین قطرہ قطرہ ٹپکاتے رہین جب حل ہوجاے ادویہ سابقہ ممزوج کرکے عمل مین لائین کحل نافع زرقہ چشم نسخۂ شیخ الرئیس سے ترکیب سرمہ اصفہانی تین درم دخان چراغ زیت بازیبق ہادو درم مروارید ناسفتہ زعفران ہر ایک ایکدرم مشک کافور ہر ایک دو دانگ باریک کرکے استعمال کرین ایضاً برائے منافع مذکور اوس مزاج کے لیے کہ رطوبت رکھتا ہو ترکیب زبد البحر شادنہ علاسی دار فلفل زنجبیل بلیلہ زرد صمغ عربی بدستور سرمہ لگائین کحل بنفسجی پلکین پیدا کرتا ہی اور نہایت مفید ہے ترکیب استخوان خرما سوختہ پانچدرم دخان کندر چار درم سنبل الطیب حب بلسان ہر ایک تین درم لاجورد مغسول دس درم کوٹ چھان کے جفن پر استعمال کرین کحل برائے سلاق مجرب ہی ترکیب زلوے کلان ایک دو کنتہ زلو اُس کپڑے مین کہ کانسے کے برتن اُس سے صاف کیے جاتے ہون لپیٹ کے چراغ مین رکھین روغن گل اسمین بھر دین فتیلہ روشن کرکے کاجل پارلین ایضاً برائے سلاق بیاض اوستاد مرحوم سے اور تکملہ ہندی سے بعد فصد ومسہل لینے کے استعمال ہوتا ہی ترکیب سنگ بصری نیلہ تھوتھہ بریان کافور نبات مساوی پیس کے آنکھ مین لگائین کحل جرب اجفان کیواسطے سودمند ہی ترکیب صعتر فارسی سوختہ نوشادر ہر ایک چار درم صمغ عربی دو درم جدا جدا کوٹ کے بعدہ سب کو ایک جا کرکے سرکہ مین پیسین اور سایہ مین خشک کرین سرمہ سا کرکے استعمال کرین کحل جساوۃ وصلابت اجفان کے واسطے نافع ہے ترکیب کتیرا صمغ عربی ہامیران چینی شادنج مغسول نشاستہ مساوی سحق بلیغ کرکے کام مین لائین۔

فصل سوم گلقند وگمونی کے نسخون کے بیان مین۔ **گلقند گلسرخ** اکثر امراض مین مستعمل ہے گلسرخ قمہ وتخم نکال کے ایکچند اسکو ہاتھون سے ملین پھر شکر سفید اس کے ہموزن ملا کے چندروز دھوپ مین رکھین بقول حکیم علویخان گلقند کھانے سے وجع معدہ اور قبض ہوتا ہی اگر پانی یا عرقیات یا مطبوخات مین ملا کے پئین تو ملین طبع ہی اور اگر شکر کے عوض شہد ملادین اُسے عربی مین جلنجبین کہتے ہین اور امراض بلغمی مین مستعمل ہی **گلقند نسترن** برائے خفقان حار وتقویت قلب بے نظیر ہے ترکیب گل سیوتی سو عدد وقند سفید سو درم مذکورہ پھول کی پنکھڑیون پر قدرے گلاب یا بید مشک کا عرق چھڑک کے ہاتھ سے خوب مل ڈالین قند پیس کے ملادین اور چار دن تک سایہ مین رکھین **گلقند ماہتابی** برائے خفقان حار نافع ہی ترکیب گل چاندنی سو عدد قند سفید سو درم بدستور گلقند تیار کرین قدرے گلاب چھڑک کے چاندنی مین رکھین **گلقند گاوزبانی** دل ودماغ کو قوت دیتا ہی غشی وضعف دل دمادہ سوداوی کیواسطے نافع ہے ترکیب گل گاوزبان تازہ ایک من قند سفید دو من ملا کے بدستور تیار کرین گلقند ملین تپ ربع کیواسطے نیز

نافع اور بلغم نکالتا ہی ترکیب تربد موصوف زنجبیل بسفائج ہر ایک پانچ درم کوٹ چھان کے گلقند عسل یا شکری دس درم ملا دین مردقوی کی یہ ایک خوراک ہی کمونی اصغر برائے سردی معدہ فواق بلغمی وحمیات بلغمیہ وسوداویہ نافع ہے ترکیب سلیخہ دارچینی حب بلسان قرفہ مصطگی بالچھڑ ہر ایک چار درم بورہ ارمنی دو درم سونٹھ برگ سداب ہر ایک چار درم زیرہ مدبر دو درم فلفل بیس درم عسل سفید وقند سفید مین آدھا آدھا دونون سے سہ چند خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک تلین کے لیے اس سے بھی زیادہ دیتے ہین —

باب اللام چار فصلون مین ہے

فصل اول لخلخون کے بیان مین - لخلخہ جمیع امراض حار دماغی مین مستعمل ہی ترکیب گل نیلوفر گل ارمنی صندل سفید ہر ایک ایک ماشہ عرق صندل دو تولہ مین گھس کے آب کشنیز وآب خیار سبز آب کدوے سبز ہر ایک چار تولہ ملا کے شیشی مین رکھین اور خوب اُسے ہلا کے سونگھین ایضاً برائے برسام حار ترکیب آب بستان افروز کشنیز سبز کاہو نیلوفر تازہ ہر ایک نو ماشہ حضض مکی صندل سفید مغز تخم تربز مغز تخم کدو بوش درمنذی ہر ایک تین ماشہ گلاب مین پیس کے روغن کدو شیر زنان سرکہ مقطر ہر ایک ایک تولہ کافور ایک ماشہ ملا کے کام مین لائین لخلخہ برائے تقویت قلب مجرب ہی ترکیب زہر مہرہ سودہ صندل کافور قدرے گلاب وعرق بید مشک مین حل کرکے شیشہ یا مٹی کی صراحی مین ڈال کے حرکت دین اور سونگھائین ایضاً خفقان بارد مین مفید ہے ترکیب مرزنجوش بادرنجبویہ برگ گاؤزبان آب یا عرق بادرنجبویہ وعرق گاؤزبان مین جوش دیکے بوتل مین رکھین اور ہلا کر سونگھائین اگر مشک خالص ایک رتی لا دن دو رتی بڑھا دین قوی تر ہو جاے —

فصل دوم لزوقات ولطوخات کے بیان مین - لزوق معمول برائے صداع وشقیقہ سرد شقیقہ مین ترکیب افیون بیخ مرمکی ایک درم تخم کاسنی تخم کاہو ہر ایک دو درم حضض مکی تین درم کوٹ پیس کے لعاب بزرقطونا مین بھگو کے دو کپڑے کی کترن کملیون پر رکھ کے صدغین پر چپکائین لزوق ملاذہ اطفال کھوتا ہی ترکیب مازو سرکہ مین پیس کے قدرے صمغ عربی بعد سر منڈانے کے تالو پر چپکائین لزوق سقوط لہات کیواسطے نافع ہے ترکیب مغاث اقاقیا اسبغول سریش گل دیگران برابر سبکو سواے اسبغول کوٹ مین اور سرکہ مین کہ برگ مورد وکشنیز خشک اسمین جوش کیا ہو ملا دین اور تالو پر بال منڈوا کے چپکا دین خواہ مریض صبی ہو خواہ جوان لزوق فقرہ گردن بجلی ہو جانے کے واسطے کہ خناق کا سبب ہو جاتا ہے نافع ہے ترکیب پارہ جلد پیس قیر یا زفت رکھ کے اوپر پوست مین اور لئی پر چپکا دین صاحب کزاز کیواسطے یہ بھی لزوق بہت نافع ثابت ہوا ہی لزوق بمنافع مذکور ترکیب صبر مغاث اقاقیا سریش سب کو لعاب اسبغول مین بکا ڈالین اور کپڑے پر رکھ کے فقرہ گردن پر چپکائین لطوخ صداع کے واسطے کہ حمیات کے درمیان مین تنقیہ سے پہلے ہوتا ہے نافع ہے ترکیب تخم کاسنی تخم کاہو تراشہ کدو صندل سفید سب کو کوٹ کے لعاب اسبغول مین تر کرکے

ایک لانبے کپڑہ پر لگائیں اور صدغین و پیشانی پر عصابہ کے طور پر باندھیں آطوخ برائے شقیقہ و صداع حمول و مجرب ہے ترکیب
کتیرا صمغ عربی تخم کاہو تخم خشخاش تخم کاسنی دم الاخوین حضض گل سرخ افیون زعفران کوٹ چھان کے انڈے کی سفیدی میں بھگو
چپکادیں آطوخ زکام مدام و نزلہ مزمن کیواسطے نافع ہے ترکیب لادن لوبان مصطگی کندر زرفت رومی گل بابونہ بالچھڑ ہر ایک ایکجز و موم
سفید روغن گل یا نرگس یا خیری ہر ایک چار جزو موم کو روغن میں پگھلا ڈالیں دوائیں کوٹ چھان کے اُسمیں ملادیں کپڑہ پر لگاکے سر پر
باندھیں اور دو تین دن تک بندھا رہنے دیں ایضاً برائے دفع نزلہ کاغذ کا ٹکڑا ماتھے کے برابر کاٹ کے اُسکے اوپر سوراخ بنادیں
اور افیون و زعفران مل کے آگ پر گرم کرکے پیشانی پر چپکادیں اوپر سے کپڑا باندھ دیں۔

فصل سوم لعوقات کے بیان میں۔ **لعوق خشخاش** نافع اقسام جنون برائے تنویم ترکیب پوست خشخاش مع تخم
شگوفتہ و عناب ہر ایک پچاس عدد پانی میں شبانہ روز تر کرکے جوش کر ڈالیں نصف پانی رہ جائے تو مل اور صاف کرکے شکر سفید
ایک سیر ملاکے قوام کریں بعدہ نشاستہ کتیرا صمغ عربی مغز بادام مغز تخم کدو ہر ایک پانچدرم اضافہ کرکے قوام بنائیں خوراک پانچ مثقال تک
لعوق شمعون کوئی دوا برائے نزلہ و زکام و سرفہ حلقاً اسکے مطابق نہیں ہے قبض یبوست مطلق نہیں رہتا پختہ بلغم سہولت سے نکال دیتا ہے
ہمیشہ معمول و مجرب ہے ترکیب تخم خشخاش کتیرا صمغ عربی نشاستہ مغز تخم کدو مغز بادام ہر ایک دو دو تولہ قند سفید نیم رطل عرق بیدمشک
تین رطل قند کا عرق مذکور میں قوام بنائیں دوائیں پیس کے ملادیں لعوق بن جائیگا **لعوق خشخاش** نافع نزلہ و زکام حار نسخہ مسیحی سے
ترکیب تخم خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک دو اوقیہ اصل السوس مقشر شگوفتہ تین اوقیہ بہدانہ تخم خطمی ہر ایک ڈیڑھ اوقیہ پانچ رطل
شیریں پانی میں بھگو کے جوش دیں نصف رہ جائے تو کتیرا صمغ عربی ہر ایک ایک اوقیہ پیس کے لعاب اسبغول نیم رطل و شکر ڈھائی
رطل داخل کرکے پھر جوش کریں یہانتک کہ قوام بن جائے **لعوق بزر البنج** نافع نزلہ بارد کہ سینہ پر گرتا ہے مفید سرفہ بلغمی و مقوی دماغ
ترکیب بزر البنج دو تولہ زعفران فلفل گرد دار چینی فلفلمویہ زنجبیل ہر ایک ایکتولہ مشک عاقرقرحا مصطگی ہر ایک چھ ماشہ دار فلفل
قرنفل ہر ایک تین ماشہ جوزبوا ایک عدد شہد آدھ سیر شہد گرم کرکے دوائیں پسی ہوئی ملادیں خوراک دو تین ماشہ **لعوق حلبہ**
بحۃ الصوت کیواسطے نافع اور نفث کو آسانی سے نکال دیتا ہے ترکیب بزرکتان دس درم حلبہ مغز بادام مقشر ہر ایک چار درم
کتیرا ملیٹھی مقشر مغز چلغوزہ نشاستہ صمغ عربی ہر ایک دو دو درم کوٹ چھان کے ہمراہ مثلث معقود یا شہد کا جھاگ اُٹھاکے ملادیں
لعوق انجیر برائے بحۃ الصوت رطوبی انفع ترین دوا ہے ترکیب انجیر خشک پودینہ تریا خشک مساوی الوزن پانی میں پکاکے صاف
کرلیں اور صمغ عربی بقدر مناسب ملاکے لعوق تیار کریں مجرب ہے **لعوق کبیر** امراض صدر کیواسطے بے نظیر دوا ہے ترکیب پرسیاوشان تر
یا خشک بقدر صالح جوش دیں اور جوش کی حالت میں ملیٹھی بیس درم عناب پچاس دانہ داخل کرکے پھر ملیں اور صاف کریں شکر
سفید نیم رطل عسل نغند کشمیری ایک رطل ملاکے قوام بنائیں آگ سے اتارنے کے بعد رب السوس کتیرا صمغ عربی نشاستہ

ہر ایک تین درم بہیں کے ملادین اگر اور تین درم پرسیاوشان ملادین تو بہتر ہو لعوق نافع ضیق النفس سعال مزمن بلغمی ترکیب اصل السوس
مقشر ایرسا گل گاؤزبان بادیان زوفائے خشک گل بنفشہ ہر ایک ایکتولہ عناب انجیر زرد ہر ایک بیس دانہ مویز منقی چالیس دانہ تخم خطمی
تخم خبازی پرسیاوشان ہر ایک ڈیڑھ تولہ جوش اور صاف کرکے نبات سفید ایکپاؤ و عسل مصفی آدھ پاؤ داخل کرکے قوام بنائیں ایضاً
نافع ضیق النفس و سو تنفس ترکیب اصل السوس مقشر گاؤزبان تخم خطمی خبازی سبوس گندم ہر ایک ایکتولہ گل بنفشہ ایرسا ہر ایک چھ ماشہ
زوفائے خشک نو ماشہ جوش دے اور صاف کرکے نبات سفید ایک پاؤ مین قوام بنائین نیچے اتار کے صمغ عربی رب السوس مغز بادام مقشر
مغز تخم خربزہ مغز چلغوزہ ہر ایک تین ماشہ گاؤزبان دو ماشہ بہیں کے ملائین خوراک نو ماشہ لعوق کتان نافع ربو حکیم منصور علی سے ترکیب
بزرکتان بریان مغز بادام شیرین ہر ایک تین تولہ بہیں کے شہد بارہ تولہ ملا کے ایکتولہ کھائین ایضاً برائے ضیق النفس مجرب ہے ترکیب
افتیمون غاریقون سفید ہر ایک ایکتولہ کوٹ چھان کے شہد چھ تولہ ملا کے ہر روز نو ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان چاٹین لعوق عنصل برائے ربو
و سرفہ مزمن کہ مادہ غلیظ لزج سے ہو نافع ہے ترکیب عنصل بریان تین درم بیخ سوسن دس درم فراسیون زوفائے خشک ہر ایک
ایکدرم کوٹ چھان کے شہد مین ملادین لعوق خشخاش برائے سرفہ نزلی بعدیل ہے ترکیب اصل السوس پانچدرم تخم خطمی بہدانہ
ہر ایک سات درم ڈھائی سو درم پانی مین راتکو بھگو کے صبحکو جوش دین کہ نصف رہ جائے اکسیر بیس درم قند سفید مین قوام کرین
اور مغز بہدانہ و صمغ عربی ہر ایک تین درم کتیرا چار درم خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک پانچدرم صلایہ کرکے ملادین خوراک چھ ماشہ نوع دیگر
برائے نزلات گرم رقیق و خشونت حلق و سرفہ ترکیب تخم خشخاش سفید دس درم نشاستہ کتیرا صمغ عربی ہر ایک چار درم مغز تخم کدو
مغز بہدانہ ہر ایک تین درم کوٹ کے جلاب فانیذ مین ملائین لعوق سرفۂ نزلی حار مین عجیب التاثیر ہے ترکیب تخم خشخاش سفید
و سیاہ ہر ایک بیس درم اصل السوس مقشر بیس درم بہدانہ تخم خطمی ہر ایک پندرہ درم سب کو دو رطل پانی مین شبانہ روز بھگو کے جوش
دین نصف رہ جائے پر نبات سفید ڈیڑھ رطل داخل کرکے قوام بنائین بعدہ کتیرا سات درم صمغ عربی پانچدرم مغز بہدانہ پانچدرم
پیس کے ملائین لعوق بادام سرفہ و خشونت حلق و حنجرہ کے واسطے نافع ہے ترکیب صمغ عربی کتیرا النشاستہ رب السوس ہر ایک پانچدرم
قند سفید بیس درم مغز بادام مغز تخم کدو ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرین اور جلاب غلیظ القوام مین ملا کے
لعوق بنائین اور برائے دفع حرارت زائد مغز تخم تربوز مغز تخم خیارین تخم خرفہ ہر ایک تین درم بڑھا دین اور سرفہ خشک کیواسطے اور منع
نزلہ کے لیے سینہ پر تخم کاہو و تخم خشخاش کا اضافہ کرین اگر رفع قبض و دفع یبوست زائد مطلوب ہو آب تربز و ترنجبین مین قوام کرین
لعوق سپستان برائے نفث مواد سینہ و سرفہ و نزلہ حار مجرب و معمول ہے ترکیب سپستان کلان پچاس دانہ عناب بیس عدد
اصل السوس ایکتولہ پرسیاوشان ایکتولہ تخم خطمی خبازی ہر ایک چار ماشہ پوست خشخاش دو تولہ بہدانہ تین ماشہ دو سیر پانی مین
جوش دین اور مصری فی سعیتی قوام کرین آخر قوام مین شیرہ مغز بادام شیرہ تخم خشخاش ہر ایک ایکتولہ بڑھائین بعد اسکے کتیرا صمغ عربی

رب السوس ہر ایک تین ماشہ ملائین اور دو ماشہ منھ مین رکھین رفتہ رفتہ لعاب اسکا پئے رہین دن مین چار پانچ مرتبہ رات کو چار پانچ
کھائین لعوق معتدل تسہیل اخراج بلغم و تغلیظ مواد رقیقہ کرتا ہی اور سرفہ و ضیق مین معمول ہی ترکیب مویز منقی انجیر زرد باقلا تخم خشخاش
اصل السوس مغز تخم کدو پرسیاوشان بادیان زوفاے خشک مغز بادام مقشر حلبہ پودینہ ولایتی صمغ عربی تخم خطمی کتیرا تخم کتان بہدانہ
کوکنار ہر ایک چھ ماشہ جوکوب کرکے دو سیر پانی مین جوش دین آدھ سیر پانی باقی رہے تو شہد ایک پاؤ ملا کے قوام کرین خوراک پانچ ماشہ
سے دو درم تک لعوق بیٹھہ برائے سرفہ یبسی مفید ہی ترکیب تخم خشخاش نشاستہ صمغ عربی مغز تخم کدو مغز تخم بیٹھہ ہر ایک اکیتولہ
پیس کے نبات سفید پندرہ تولہ قوام کرکے ملا دین اور قدرے افیمین سے چاٹین دق کے لیے بھی نافع ہی لعوق نافع سعال بلغمی و
مفید شطر الغب ترکیب تخم خطمی تخم خبازی ملیٹھی مقشر بنفشہ پرسیاوشان گل گاؤزبان ہر ایک چھ ماشہ انجیر عناب ہر ایک دس
دانہ جوش دے اور صاف کرکے ایکپاؤ نبات سفید مین قوام کرین اور صمغ عربی رب السوس کتیرا ہر ایک تین ماشہ مغز بادام مقشر
دس عدد تخم خشخاش سفید نباتیر مغز بہدانہ مغز تخم کدو ہر ایک دو ماشہ پیس اور ملا کے لعوق بنائین لعوق نافع خرخرہ سینہ اطفال و مفید تپ بلغمی
اور دامت بچہ کو فربہ کرتی ہی اور توانائی لاتی ہی ترکیب کاکڑا سینگی سرخ اکیتولہ ملیٹھی تین ماشہ منقی گیارہ عدد وصلایہ کرکے شہد مین ملا کے
رکھین طفل در صنعہ کو کھلائین لعوق نفث الدم جمیع انواع نفث الدم مین نافع ہی ترکیب پوست بیخ انجبار دم الاخوین کہربا سبد طباشیر
کشنیز خشک ہر ایک ایک مثقال کتیرا نشاستہ بریان صمغ عربی بریان ہر ایک ایکدرم افیون خالص ربع درم سب کو باریک کرکے
شربت انار مین ملائین اور ایک مثقال کھلائین اگر ہمراہ آب بارتنگ ہر دق کھلائین بہت مفید پڑتا ہی اور اس مسلول کو کہ ریم و خون
نفث کے ہمراہ ہوتا ہی گدھی کے دودھ مین دینا چاہیے اور غذا مریض کی آشجو ہین نفع بین ظاہر ہوگا لعوق تخم خشخاش حکیم مرزا
ابراہیم لکھتے ہین اس نسخہ سے کثیر مریضون نے نجات پائی اور جو لوگ رجوع ہوے اُنکے مزاج مقدمہ سل تک پہونچ گئے تھے ترکیب
اویرسا زعفران اسطوخودوس پرسیاوشان ہر ایک پانچ مثقال بادیان عزی السمک اصل السوس گل خطمی ہر ایک تین مثقال گاؤزبان
سات مثقال تخم خشخاش بیس مثقال تخم اسفاناخ زوفاے خشک ہر ایک دو مثقال پوست خشخاش پندرہ مثقال مغز فندق مقشر
عناب سپستان ہر ایک تیس عدد گز بین سفید پانچ مثقال فانیذ سو مثقال نبات سفید دو سو مثقال بدستور مقرر لعوق بنائین
آب گرم کے ساتھ دو مثقال کھلائین لعوق طباشیر کاسر سورت حرارت و نافع دق و سل و قرحہ ریہ سرفہ حار ترکیب نشاستہ
کتیرا ہر ایک دو درم طباشیر چار درم مغز تخم خیار مغز تخم چلغوزہ صمغ عربی فاتلہ ہر ایک سات درم قند سفید ساٹھ مثقال کوٹ چھان اور
روغن بادام چرب کرکے قوام بنائین لعوق خیارشنبر برائے ذات الجنب مجربات حکیم فضل اللہ تبریزی طبیب امیر تیمور صاحبقران ترکیب عناب سپستان ہر ایک پندرہ عدد بنفشہ دو مثقال خطمی ایک
مثقال سناکی مویز ہر ایک نیم درم بلوس خیارشنبر بارہ مثقال خمیرہ بنفشہ دس درم ترنجبین بیس درم روغن بادام شیرین ایک مثقال نبات پانچ درم جوش دے اور صاف کرکے مغز خیارشنبر و
شیرخشت خمیرہ بنفشہ و ترنجبین ہاتھ سے مل کے پھر صاف کرین اور نبات ملا کے رکھ چھوڑین دھوپ مین تاکہ گاڑھا ہو جاوے

بعدہ روغن بادام ملادین لعوق نفث الدم مین کام آتاہی ترکیب مغز بادام شیرین مغز پنبہ دانہ ہر ایک دس درم پرسیاوشان آدرکرسنہ فراسیون ہر ایک تین درم
باقلا مقشر پانچدرم دوائین پیس کے فانیذ مقوم مین لعوق بنائین اور ہر صبح وشام قدرے کھائین لعوق برائے تقویت قلب وبدن بعد رفع تپ کہ
گرمی باقی ہو کھلاتے ہین ترکیب زیرۂ گلاب چھ رتی دانہ ہیل مثلث گاؤزبان درونج طباشیر تودری سرخ ست گلو فادزہر معدنی ورق طلا ورق نقرہ عطر
صندل ہر ایک یکماشہ شربت انار شیرین ولائتی چار تولہ دوائین پیس کے کھرل مین شربت کیساتھ صلایہ کرکے رکھین دو تین خوراک کرین ایضاً معمول حکیم
وارث علیخان برائے تقویت قلب ترکیب مروارید سودہ ورق طلا یاقوت سرخ طباشیر دانۂ الائچی سفید عود غرقی ہر ایک ایکماشہ گل گاؤزبان
چھ رتی بالچھڑ بسفائج ہندی مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک پانچ رتی مربائے بہی شربت انار ہر ایک دو تولہ عرق کیوڑہ پانچ تولہ بدستور تیار کرین
اور تین حصہ کرکے ایک حصہ روز کھلائین لعوق غاریقون فساد اشتہا کہ بلغم وصفرا سے ہو نافع ہی ترکیب غاریقون سفید ایک مثقال
ریوند چینی ایکدرم غافث پانچدرم افسنتین ربع درم کوٹ چھان کے پانچدرم شربت کاسنی ملاکے لعوق بنائین لعوق حب القطن مجربات
الفاکی سے کہ برائے تقویت باہ حکیم عابد نے بھی تجربہ کیا ہی ترکیب مغز پنبہ دانہ بیس مثقال دارچینی تخم الجرجیر فرنفل کلاہا حب الصنوبر ہر ایک خولنجان مثقال
شقاقل زنجبیل ہر ایک دس مثقال دار شیشعان سات مثقال قسط شیرین تخم کتان بریان مصطگی ہر ایک چار مثقال کوٹ چھان کے اور مغز پنبہ دانہ
تخم کتان پیس کے شہد خالص سہ چند مجموع ملاکے قوام کرین خوراک ایکمثقال

فصل چہارم لبوبات کے بیان مین

لبوب کبیر مسمن ومقوی گردہ مزید منی وباہ ومقوی دل ودماغ اور اعصاب کو محکم کرنیوالا ہی ترکیب مغز پستہ
مغز بادام مغز فندق مغز حب الخضرا مغز کدو مغز چلغوزہ مغز حب الزلم مغز حب البلطم ماہی روبیان خولنجان شقاقل بہمنین تودریین زنجبیل کبابہ مقشر دارچینی ہر ایک پانچدرم
بالچھڑ سعد کوفی قرنفل کباب چینی حب قلقل تخم گندنا تخم ترب تخم شلغم تخم پیاز تخم اسپست تخم بلبیون لسان العصافیر درونج عقربی زرنباد ہر ایک تین درم جوز بوا بسباسہ
دار فلفل ہر ایک دو درم خصیۃ الثعلب انجیر تازہ مغز سر کنجشک خشخاش ہر ایک دس درم قضیب گاؤ سودہ سورنجان بوزیدان لعنلح خشک ہر ایک
چار درم مایہ شتر اعرابی زعفران مصطگی ہر ایک تین مثقال عود خام دو مثقال ورق طلا تیس عدد ورق نقرہ پچاس عدد عنبر اشہب ایک مثقال مشک
خالص نیم مثقال عسل سہ چند مجموع پیس کے بطریق معمول معجون بنائین لبوب اکبر حکیم علویخان نے رضا علیخان ابن نادرشاہ کیواسطے ترکیب دیا تھا اور نفع
عظیم کیا برائے تقویت اعضائے رئیسہ وارواح وقوی واعضائے تناسل مزید منی وباہ ترکیب مغز بادام مقشر فندق پستہ چلغوزہ مغز انجلک مغز نارجیل جاجہ
مغز سر کنجشک ہر ایک پانچمثقال بہمنین شقاقل مصری خصیۃ الثعلب ہر ایک دو مثقال بزرالبنج سفید مایہ شتر اعرابی عنبر اشہب ہر ایک نیم مثقال تودریین تخم
بالنگو ہر ایک ایکمثقال نبات سفید گزنگبین ہر ایک پچھتر مثقال عرق گاؤزبان ماء اللحم عرق گندنا عرق بید مشک ہر ایک تین سیر بدستور بنائین خوراک دو
مثقال سے چار مثقال تک لبوب مقوی باہ حکیم موصوف نے مرزا عبد اللہ خان کیواسطے تجویز کیا تھا ترکیب مغز بادام پستہ نارجیل فندق چلغوزہ حبۃ الخضرا
انجلک کدو گان ہر ایک چھ مثقال تعلب مصری تخم ونگس بہمنین طباشیر کشنیز مقشر مایہ شتر اعرابی کباب چینی لسان العصافیر مغز پنبہ دانہ ہر ایک یکماشہ ریگ ماہی ایک تولہ ماہی روبیان
چھ ماشہ عنبر چھ ماشہ مشک چار ماشہ تودریین ہر ایک پانچماشہ انڈہ کی زردی خشک سات عدد دارچینی ایکتولہ تالمکھانہ چھ ماشہ ابریشم مقرض ایکتولہ نبات ہموزن مجموع

عسل مثلہ روغن نخود آدھ پاؤ نبات و عسل کا قوام بنائیں اور روغن نخود گرم کرکے ڈالدین پھر دوائین ملائین خوراک نو ماشہ آبکوب بارد برائے نقصان باہ جبکہ اوسکا
سبب حرارت ہو مفید ہے اور معتدل مزاج والونکو بھی نافع ہے ترکیب مغز بادام شیرین مغز تخم خشخاش سفید ہر ایک چھ درم مغز تخم کدو پانچدرم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیار
مغز تخم بادرنگ تخم خرفہ مقشر ہر ایک تین درم کتیرا دو درم تودری تخم گزر تخم لیمون مغز چلغوزہ ہر ایک ایکدرم ہوتھ خولنجان شقاقل ہر ایک پانچدرم کوٹ چھانکے ترنجبین ایک من صاف کرکے قوام کرین بعدہ ادویہ ملائین خوراک دو درم

باب المیم آٹھ فصلون مین ہے

فصل اول مطبوخات کے بیان مین۔ مطبوخ معمول برائے صداع و شقیقہ ترکیب بنفشہ اسطوخودوس گلسرخ ہر ایک تین درم آدھ سیر پانی
مین جوش دین چوتھائی رہجانے پر ایک عدد مربائے ہلیلہ خرد گھول کے پئین ایضاً برائے صداع دموی و صفراوی مجرب الطباکی ترکیب تین اوقیہ خمیرہ بنفشہ گلقند
ایک اوقیہ عناب سپستان آلو بخارا گلاب روغن گل ہر ایک نیم اوقیہ سب کو چار درم پانی مین پکائین صاف کرکے نوش کرین مطبوخ نافع صداع حار
و سرسام حار و منضج صفرا ترکیب عناب دس دانہ مویز منقی سپستان ہر ایک بیس دانہ گلسرخ تین درم آلو بخارا سات دانہ تمر ہندی چار درم بنفشہ
نیلوفر تخم کاسنی ہر ایک دو درم ترنجبین گلقند ہر ایک دس درم اگر اسہال چاہین شیرخشت مع خیار شنبر علیٰ قدر حاجت بڑھا دین اور اگر سرفہ ہو تو صاف
موقوف کرکے انکے بدلے تخم خطمی و اصل السوس و تخم خبازی ملائین مطبوخ فواکہ برائے تسکین مادہ صداع و سعال و اخراج مادہ صداع صفراوی
و حمیات مستعمل ہے ترکیب عناب دس دانہ سپستان آلو بخارا ہر ایک بیس عدد نیلوفر تخم کاسنی ہر ایک تین درم گلسرخ چار درم بنفشہ پانچ درم
سنائے مکی سات درم تمر ہندی دس درم ترنجبین مغز فلوس خیار شنبر ہر ایک پندرہ درم جوش دیکر صاف کرکے مغز خیار شنبر ترنجبین بعدہ زان مل کر صاف کرکے گلقند چار تولہ سے شیرین کرکے پئین نوعدیگر
مستعمل سرسام حار و دیگر امراض صفراوی جامع الجوامع سے ترکیب آلو بخارا زرد آلو غیشوق ہر ایک سات عدد سپستان چالیس عناب دس
گل بنفشہ گل نیلوفر تخم کاسنی عنب الثعلب ہر ایک نو ماشہ گلسرخ تمکو دنیلوفر ہر ایک آٹھ ماشہ بھگو کے صبحکو جوش دین کہ تہائی حصہ رہجائے
پھر مغز خیار شنبر و ترنجبین و شیرخشت ہر ایک چھ تولہ گلقند پانچتولہ شربت آلو مسہل چار تولہ روغن بادام چھ ماشہ ملاکے پئین مطبوخ منضج و مسہل
حار جمیع امراض بارد و دماغی وغیرہ مین معمول ہے ترکیب بادیان بیخ بادیان بیخ کاسنی بیخ اذخر بیخ کرفس سب نیمکوب کرکے پرسیاوشان سات ماشہ
اصل السوس مقشر پانچماشہ مویز منقی نو دانہ انجیر زرد پانچ عدد اسطوخودوس سات ماشہ رات کو پانی مین بھگو کے صبحکو جوش دین صاف کرکے گلقند عسلی
چار تولہ مل کے پھر صاف کرین اور پئین کبھی مرض فالج مین عود صلیب گاؤزبان بلکو بیخ کبر بڑھاکے دیتے ہین اور مسہل کے دن مغز فلوس تولہ شکر سرخ چار تولہ
تمر ہند موصوف پانچماشہ غاریقون دو ماشہ سنا مکی روغن بید انجیر ہر ایک ایک تولہ اضافہ کرکے تنقیہ کرتے ہین غذا دوپہر کو نخنی تیسرے پہر کو شلہ یا نخود آب
مطبوخ فواکہ علوی خان برائے تنقیہ صفرائے دماغ و دیگر اعضا معمول ہے ترکیب آلوئے سیاہ و زرد و عناب کلان
ہر ایک دس عدد مویز منقی دس درم گل نیلوفر دکو ہر ایک دو مثقال برگ سنا تین درم گلقند و خمیرہ بنفشہ ہر ایک ڈیڑھ اوقیہ گلاب چار
اوقیہ و آب شیرین بائند اسکے مین جوش کرین چوتھائی حصہ رہجائے تو مل کے صاف کرلین خیار شنبر و ترنجبین ہر ایک بیس درم مل کر چھانکر روغن بادام دو مثقال
ملاکے سقمونیا مشوی ایکدرم اوپر سے چھوڑکے نوش کرین مطبوخ مسہل سرسام گرم مین آٹھویں دن دیتے ہین اور ترتیب مطبقہ مین بھی مجرب عجیب ہے ترکیب سنا مکی

انجیر و گل بنفشہ پرسیاوشان گاؤزبان ہر ایک نصف جزو مویز منقی عناب زرشک ہر ایک بقدر مجموع دس گنا پانی ڈال کے جوش دیں جو تھائی رہ جانے پر صاف کرکے کشنیز خشک تخم کاسنی تخم خیارین تخم خرفہ مغز تخم کدو ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے ایک رطل پانی میں ملادین اور دو گھڑی تک رہنے دیں پھر صاف کرکے نوش کریں خانہ من الخواص العجیبہ مطبوخ اسطوخودوس منضج نضج مواد بلغمی دماغی کے واسطے مستعمل ہے ترکیب اسطوخودوس نو ماشہ اصل السوس مقشر بیخ کرفس ہر ایک سات ماشہ انیسون چار ماشہ بادرنجبویہ مکو ہر ایک نو ماشہ مویز منقی ڈیڑھ تولہ گل بنفشہ کشمیری ایک تولہ عرق بادرنجبویہ واذخر ہر ایک پاؤ بھر میں رات کو بھگودیں صبح کو اسقدر جوش دیں کہ آدھا پانی باقی رہ جائے مل اور صاف کرکے شربت اسطوخودوس منضج چار تولہ داخل کرکے پئیں غذا وقت دوپہر شوربا ے مرغ یا کنجشک ہمراہ نان خشکار دیں اور بجائے پانی کے ماء العسل عرق بادیان سے بنا کے قناعت کریں مطبوخ اسطوخودوس مسہل تالیف علویخان اکثر امراض دماغی و چشم بلغمی میں معمول ہے ترکیب اسطوخودوس دو مثقال پوست ہلیلہ زرد کابلی و سیاہ و برگ سنا ہر ایک پانچ درم تربد سفید تین درم سونٹھ ایکدرم قنطوریون دقیق ایک مثقال بادرنجبویہ مکو ہر ایک دو مثقال مویز منقی دس درم انجیر زرد پانچ عدد ریوند خطائی دو درم تخم شاہترہ ڈیڑھ مثقال گلاب و عرق اسطوخودوس و مکو و بادرنجبویہ ہر ایک ایک پاؤ شب کو پانی میں بھگو کے صبح کو جوش دیں نصف رہ جائے تو مل اور صاف کرکے مغز خیارشنبر سپید رم گلقند ترنجبین خمیرہ بنفشہ ہر ایک پندرہ درم روغن بادام دو درم اضافہ کرکے غاریقون ایکدرم دوا پر ڈال کے دیں مطبوخ منضج ومسہل برائے صداع سوداوی ترکیب بسفائج اسطوخودوس گاؤزبان مویز منقی بادرنجبویہ آلو بخارا افتیمون جوش دے کے ترنجبین مل اور صاف کرکے پلائیں ایضاً مسہل برائے صداع نزلی و وجع صدغین نوازل وکثرت آب دہن سے ترکیب اسطوخودوس گاؤزبان شاہترہ ہر ایک پانچ ماشہ تخم خطمی پانچ ماشہ خبازی عنب الثعلب ہر ایک چار ماشہ گل بنفشہ پانچ ماشہ پرسیاوشان چار ماشہ عناب پانچ دانہ سنا مکی ایک تولہ جوش اور صاف کرکے روغن بادام اوپر سے ڈال کے پئیں کبھی ہلیلجات ہر ایک چھ ماشہ بھی داخل کیے جاتے ہیں ایضاً منضج سودا دافع نسیان سوداوی تالیف والد علویخان ترکیب گاؤزبان شاہترہ بسفائج اسطوخودوس پرسیاوشان بادرنجبویہ گل بنفشہ بیجکاسنی بیخ بادیان اصل السوس گلسرخ ہر ایک دو درم افتیمون در صرہ بستہ دو مثقال عناب سات دانہ مویز منقی ایک تولہ گلقند دس مثقال مطبوخ افتیمون فواکہی تالیف علوی خان تنقیہ سودا میں دماغ و دیگر اعضا سے معمول ہے ترکیب افتیمون در صرہ بستہ دو مثقال برگ شاہترہ بادرنجبویہ پرسیاوشان برگ گاؤزبان ایک دو درم عناب سولہ عدد آلو سیاہ و زرد ہر ایک بیس دانہ سپستان ساٹھ عدد تخم کاسنی ایک تولہ نیم کوفتہ مویز منقی ڈیڑھ تولہ گلقند دو اوقیہ مل اور صاف کرکے پندرہ روز تک یا کم و زیادہ جب تک نضج نہ ہو جائے دیں بعدہ تنقیہ میں جب لاجورد و افتیمون علویخان سے کریں اسمیں برگ سنا و ہلیلہ کابلی ہر ایک ڈیڑھ تولہ بسفائج سات ماشہ خیارشنبر ترنجبین ہر ایک سات تولہ ریوند خطائی نو ماشہ پیس کے اوپر سے ملادیں روغن بادام سات ماشہ ڈال کے پئیں مطبوخ منضج سودا و مسہل سودا جمیع امراض سوداوی میں معمول ہے ترکیب اصل السوس مقشر نیم کوفتہ گاؤزبان گل گاؤزبان ہر ایک پانچ ماشہ بادیان بیخ بادیان بیجکاسنی تخم کاسنی سب نیم کوفتہ گلسرخ اسطوخودوس شاہترہ تخم خطمی ہر ایک سات ماشہ آلو بخارا

پانچ عدد منقیٰ لوزدانہ رات کو گرم پانی مین بھگودین صبحکو جوش اور صاف کرکے گلقند چار تولہ حل کے پھر صاف کرین اور پی لین جبکہ نضج کے آثار پیدا ہون مثلاً نبض عریض ہوجاے اور سمین لینت ہو کدورت وسیاہی وغلظ قارورہ مین پایا جاے مسہل کے دن بسفائج فستقی نیمکوفتہ چرائتہ ہر ایک سات ماشہ پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ سب نیمکوفتہ ہر ایک چھ ماشہ افتیمون درصرہ بستہ نوماشہ تربد موصوف نیمکوفتہ پانچماشہ غاریقون سفید دوماشہ سنارکی ایکتولہ اضافہ کرکے بدستور بھگوکے اور جوش وصاف کرکے گلقند مغز فلوس سات تولہ شکرسرخ چار تولہ پھر سب کو حل اور چھان کے شیرۂ مغز بادام مقشر پانچدانہ اضافہ کرکے مسہل دین مطبوخ سودا تالیف حکیم علی برائے اخراج سودائے سوداوی وسوداے صفراوی وسوداے دموی افتیمون کے مطبوخ سے بہتر ہے اور بے ضرر ہوتا ہے ترکیب تمر ہندی آلو بخارا ہر ایک پانچ مثقال افتیمون سنا مکی ہر ایک چار مثقال بنفشہ شاہترہ ہر ایک تین مثقال شیرخشت خمیرۂ بنفشہ ہر ایک پندرہ مثقال اول سنا وبنفشہ وشاہترہ کو جوش دین پھر دوسری دوائین ڈالین اور صاف کرکے نوش کرین شیرخشت نہ ملے تو اسکے بدلے فلوس خیارشنبر دس مثقال ملا دین منضج برائے سبات بلغمی ترکیب گاؤزبان ملیٹھی خطمی سویز منقی بادیان جوش کرکے گلقند ملا اور چھان کے دین بعد نضج کے حب ایارج دقوقایہ وحقنہ حادہ سے تنقیہ کرین مطبوخ منضج نضج مادۂ صرع بلغمی کرتا ہے ترکیب عنب الثعلب بادیان گاؤزبان اصل السوس اسطوخودوس سیساليوس ہر ایک دو مثقال عودصلیب نیم مثقال بدستور جوش دے کے صاف کرین گلقند ترنجبین ہر ایک دس مثقال حل کرکے دین دواؤن کی مقدار حسب سن وقوت ہونی چاہیے نضج مادہ کے بعد ایارج فیقرا وغاریقون وسیساليوس ہر ایک دو مثقال عودصلیب نیم مثقال جوشیم دے کے گلقند ترنجبین ہر ایک دس مثقال حل اور صاف کرکے دین مطبوخ برائے ام الصبیان طفل شیرخوارہ ترکیب عودصلیب عاقرقرحا پوست بیخ کبر اصل السوس ہر ایک ایکرتی فلوس خیارشنبر گلقند ہر ایک تین ماشہ عرق گاؤزبان مین دو دمین جوش کرکے روغن بادام دوحبہ داخل کرکے پئین مطبوخ افسنتین مراقیون کیواسطے مفید ہے ترکیب افسنتین رومی نوماشہ گلسرخ ڈیڑھ تولہ تربد مقشر مجوف سات ماشہ سنبل الطیب مصطگی اذخر غاریقون ساذج ہندی صبر سقوطری ہر ایک پونے دوماشہ رات کو پانی مین بھگودین صبحکو جوش کرین جب نصف رہ جاے اسمین پانچتولہ لیکے شکر ملاکے نوش کرین مطبوخ فالج واسترخا وسکتہ وصرع مین معمول ہے اور معمول حکیم ذکاء اللہ خان سے ہے ترکیب بیخ کرفس بیخ اذخر بیخ بادیان اصل السوس بیخ کبر فودنا ہر ایک تین درم پانی یا کسی مناسب عرق مین جوش دے اور صاف کرکے جلنجبین پندرہ درم ملاکے نوش کرین نوعدیگر تخریج حکیم اکمل خان برائے فالج ولقوہ ترکیب اسطوخودوس انیسون فنطوریون دقیق فقاح اذخر بادیان زوفائے خشک فودنا سیساليوس بیخ کرفس بیخ کاسنی بیخ اذخر بیخ بادیان بعض دوا دودرم بعض تین درم لے کے دو رطل پانی مین راتکو بھگودین صبحکو جوش کرکے دس مثقال گلقند داخل کرکے پئین چند روز تک کہ نضج ظاہر ہو پھر تنقیہ تامہ کرین مطبوخ کشنیزی ازالۂ اختلاج حار کیواسطے مجرب ہے ترکیب کشنیزی عناب ہر ایک بیس درم پرسیاوشان تخم کاسنی ہر ایک دس درم گلسرخ انیسون ہر ایک پانچدرم دو رطل پانی مین جوش کرین

چوتھائی رہنے پر پئیں مطبوخ صاحب تذکرہ نے سرعت قطع زکام و نزلہ کیواسطے مجربات سے سمجھا ہے ترکیب جو مقشر دو اوقیہ خمیرہ بنفشہ
گلقند شکر تری ہر ایک ایک اوقیہ اصل السوس مقشر پر سیاوشان تخم خشخاش ہر ایک نیم اوقیہ سبکو چار سو درم پانی مین جوش کرین جب پچاس
درم رہ جاوے تو ہمراہ شربت انار شیرین یا شربت بنفشہ دین کہ اعظم منقی دماغ ہے اگر گلقند طرح کرین بہتر ہے مطبوخ معمول زکام و نزلہ جدید
ترکیب بہدانہ تین ماشہ عناب پانچ عدد سپستان گیارہ دانہ تخم خطمی چھ ماشہ گاؤزبان چار ماشہ خفیف جوش پانی مین دیکے شربت
بنفشہ ملا کے دین اور حرارت کے غلبہ کی صورت مین گاؤزبان کے بدلے شیرہ مغز تخم کدو بڑھائین ایضاً اکثر امزجہ کیواسطے نافع اور ہمیشہ
معمول ہے ترکیب بہدانہ ایکدرم اصل السوس مقشر نیم کوفتہ دو درم عناب لائتی سات دانہ سپستان بیس دانہ ایک رطل پانی مین جوش دین نصف رہ جاوے پر صاف کر
شربت بنفشہ سات درم حل کرکے پلائین مطبوخ صمغ برائے نزلہ حلق و قصبہ سرفہ و درد کو نافع ہے ترکیب صمغ عربی پوست خشخاش اصل السوس مقشر ہر ایک تین ماشہ
نبات تین تولہ مطبوخ نافع نزلہ و سعال ترکیب اصل السوس مقشر نیم کوفتہ دو درم بہدانہ نیم درم صمغ عربی ایکدرم کسیرا نیم درم دارچینی دو ماشہ
سپستان سات دانہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ ڈیڑھ پاؤ عرق گاؤزبان مین جوش دین جب آدھ پاؤ باقی رہ جاوے بطریق قہوہ پئین
مطبوخ ملین جمیع اقسام رمد مین مجرب انطاکی ہے ترکیب گل بنفشہ عناب اسطوخودوس ہر ایک پانچدرم گلقند پندرہ درم
دس گونے پانی مین جوش کرین صاف کرکے مغز فلوس بیس درم حل کرکے روغن بادام داخل کرین اور دین نوع صفراوی مین دس درم
تمر ہندی یا آلو بخارا و پوست ہلیلہ زرد و شاہترہ و ترنجبین بقدر حاجت بڑھائین مطبوخ برائے خیالات چشم کہ معدہ کے ابخرہ سے
ہون مجرب انطاکی ہے ترکیب تربد سفید سنا مکی ہر ایک ایکجزو تخم کرفس تخم کاسنی تخم خشخاش شاہترہ ہر ایک نصف جزو مصطگی
ربع جزو دہ چند پانی مین جوش کرین جب چوتھائی رہ جاوے صاف کرکے قند سفید خلط سوداء مین اور شہد بلغم مین اور شربت
بنفشہ صفراء مین استعمال کرین مطبوخ قنطوریون نافع نزول الماء بسوئے چشم ترکیب قنطوریون دقیق تربد موصوف
نیم کوفتہ ہر ایک تین درم بسفائج نیم کوفتہ سات درم مویز منقی بیس درم سبکو ڈیڑھ سو درم پانی مین جوش کرین تیسرا حصہ رہ جاوے تو صاف کرکے ہمراہ
ایارج فیقرا ایک مثقال ہر تنقیہ مین ایکبار پئین مطبوخ ابتدائے نزول الماء مین دینے مین ترکیب اسطوخودوس بادیان
عنب الثعلب بادر نجبویہ ہر ایک نو ماشہ اصل السوس مقشر بیخ کرفس پوست بیخ بادیان ہر ایک سات ماشہ قنطوریون دقیق انیسون ہر ایک
چار ماشہ مویز منقی تین تولہ انجیر زرد چار عدد خمیرہ بنفشہ گلقند عسل ہر ایک دو تولہ حل اور صاف کرکے دین غذا شوربائے پرند ہمراہ
نان خشکار مطبوخ نافع ضعف بصر و دافع ضرر نزلات ترکیب اسطوخودوس کشنیز خشک کوفتہ ہر ایک ایک تولہ برگ مردہ
تین ماشہ مصطگی پوست ہلیلہ کابلی کندر سونٹھ بے ریشہ سفید ہر ایک ڈیڑھ ماشہ گلقند ڈیڑھ تولہ سب کو آدھ سیر پانی مین صبحکو
بھگو دین اور رات کو سوتے وقت جوش کرین یہانتک کہ تیسرا حصہ پانی کا باقی رہ جاوے صاف کرکے پی لین صبح کے وقت
اطریفل صغیر ایارج فیقرا باہم ملا کے کھائین اور غلیظ غذاؤن سے مثل گوشت گاؤ و شیر اور کل ترشیون سے پرہیز کرین اور دوائین گوشت

پھان کے شہد خالص مین ملائین اور کھائین وہ بھی مناسب و معمول ہے مطبوخ اس ورم کے واسطے جو ناک کی جڑ مین ہو جاتا ہے
حکیم کلو صاحب سے ترکیب تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی عنب الثعلب پت پاپڑہ ہر ایک نو ماشہ پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ
ہر ایک الکنولہ کشنیز خشک نیمکوفتہ سات ماشہ ہلوت اکبر آبادی اوپر سے چھیل کے اور اندر کی لکڑی نکال کے ڈیڑھ تولہ زنجبیل سفید
بے ریشہ و تربد ایکجا کرکے گل اسطوخودوس بنفشہ ہر ایک نو ماشہ مصطگی پانچ ماشہ گلقند دو تولہ سب کو رات کے وقت آدھ سیر پانی مین
بھگو دین صبحکو اسقدر جوش دین کہ تیسرا حصہ باقی رہے صاف کر کے پئین غذا مونگ کی دال چپاتی زیادہ گھی کے ہمراہ مطبوخ براے
درد دندان مجرب الطا کی ترکیب جو مقشر تین درم تخم قرطم بندرہ درم تخم کاسنی و خشخاش و مرزنجوش کشنیز خشک عناب
ہر ایک دس درم بزور کوٹ کے چار رطل پانی مین جوش کرین جو تھائی رہ جاے تو جوش کرین زیادہ اسہال کی حاجت ہو تو مغز فلوس خیار شنبر بندرہ درم حل کرین
ورنہ تکرار مطبوخ مذکور کافی ہے مطبوخ نافع بحۃ الصوت کہ برودت سے ہو ترکیب انجیر تین عدد مویز منقی ایک تولہ اصل السوس مقشر
دو درم گاؤزبان ایک مثقال بادیان تخم کتان پرسیاہر ایک ایکدرم آدھ سیر پانی مین جوش دین جو تھائی رہ جاے تو صاف
کرکے پی لین مطبوخ زوفا براے ضیق النفس بلغمی معمول ہے ترکیب انجیر زرد تمر ہندی ہر ایک دس درم مویز منقی دس دانہ تخم
کرفس بادیان پرسیاوشان اصل السوس زوفا فراسیون ہر ایک پانچدرم سب کو تین رطل پانی مین جوش دین نصف رہ جاے تو
تین روز مین ہمراہ معجون زوفا دو مثقال دین اور ایک ہفتہ اسیطرح کرتے رہین بعد اسکے قے اور اسہال سے تنقیہ مادہ کرین مطبوخ
نافع ربو کہ خفقان کیساتھ ہو ترکیب ابریشم خام ایکدرم سبوس گندم چار درم گاؤزبان ڈیڑھ درم زوفا ایکدرم اصل السوس مقشر
دو درم نبات چار درم مطبوخ براے ضیق النفس و بلغم کہ سینہ مین بند ہو جاتا ہے اور تکلیف دیتا ہے ترکیب بادیان نیمکوفتہ
پودینہ خشک ہر ایک نو ماشہ اصل السوس مقشر نیمکوفتہ تخم مرچیا گند ہر ایک سات ماشہ سپستان گیارہ دانہ نیلوفر ایک تولہ سبکو
آدھ سیر پانی مین جوش دین تہائی حصہ پانی باقی رہ جاے تو نبات سفید تین تولہ ملا کے پئین مطبوخ منضج براے سعال کاُن خلط
غلیظ لزج مخنیس سے ریہ مین ترکیب اصل السوس تین درم پرسیاوشان زوفا ہر ایک دو درم سپستان دس دانہ جوش دے اور
صاف کر کے شکر سفید دس درم حل کرکے وقت صبح نوش کرین مطبوخ براے ضیق النفس دریما مفید ہے ترکیب تخم خطمی
سفید تخم خبازی گاؤزبان اصل السوس پرسیاوشان پانی مین جوش دے اور صاف کر کے شربت بنفشہ ملا کے نوش کرین مطبوخ براے
سعال نزلی بیاض استاد مرحوم سے ترکیب صمغ عربی کتیرا ہر ایک چار رتی پیس کے دیاقوذا تین ماشہ مین ملا کے پئین بعدہ طبیخ سپستان
پانچدانہ گاؤزبان اصل السوس مقشر بہدانہ گل بنفشہ ہر ایک تین ماشہ شربت اعجاز دو تولہ ملا کے پئین مطبوخ نخالہ براے سرفہ مجرب ہے
ترکیب نخالہ گندم دو تولہ پوست خشخاش ایک عدد صمغ عربی دو ماشہ سپستان گیارہ دانہ اصل السوس مقشر نیمکوفتہ دو درم ڈیڑھ پاو پانی
مین جوش دین تہائی حصہ باقی رہ جاے تو ایکتولہ مصری ملا کے پی لین ایضاً براے سرفہ نزلی و بلغم سینہ ترکیب گلو ایک تولہ صمغ عربی

اصل السوس پرسیاوشان تودری فا بوست بیجبا دیان ہر ایک تین ماشہ شربت انجبار دو تولہ مطبوخ نافع سرفہ خشک کہ مع تپ ہو ترکیب بنفشہ
اصل السوس ہر ایک تین درم عناب پانچ عدد سپستان گیارہ دانہ مویز منقی پندرہ عدد تخم خطمی خبازی بہدانہ ہر ایک ایک مثقال بدستور
استعمال کریں ایضاً نافع سرفہ ترکیب اصل السوس مقشر نیکوفتہ دو درم بہدانہ صمغ عربی ہر ایک ایکدرم کتیرا نیمدرم دارچینی دو ماشہ
سپستان سات دانہ مصری ڈیڑھ تولہ عرق گاؤزبان یا ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش کریں چوتھائی رہ جائے تو نیمگرم پی لیں مطبوخ برائے
نفث الدم معمول ہے ترکیب عناب پانچ عدد گل نیلوفر پانچ ماشہ بہدانہ تین ماشہ عرق شاہترہ دس تولہ میں جوش دے اور صاف
کرکے شیرہ تخم کاہو سات ماشہ شربت نیلوفر دو تولہ داخل کریں اور پی لیں ایضاً برائے سل نکمہ سے ترکیب گلو سبز برگ بانسہ
اصل السوس جوش کرکے اور چھان کے ہمراہ نبات سفید دیں مطبوخ ذات الجنب و ذات الریہ ذات العرض میں بعد فصد باسلیق کے
معمول ہے ترکیب گل نیلوفر مصفی سات مثقال نبات سات مثقال آدھ سیر پانی میں جوش کریں تیسرا حصہ باقی رہ جائے تو چھان کے
پی لیں مطبوخ منضج نافع ذات الجنب معمول سے ترکیب پرسیاوشان گاؤزبان نیلوفر تخم خطمی خبازی ہر ایک تین درم اصل السوس مقشر
نیکوفتہ چار درم عنب الثعلب دو درم عناب سات عدد سپستان گیارہ دانہ مویز منقی ایکتولہ جو مقشر نیکوفتہ تین درم گلقند دو تولہ بعد
غسل کے استعمال کریں اگر تپ بھی ہو بقوع کرکے دیں اور بعد نضج مادہ فلوس خیارشنبر بقدر مناسب داخل کرکے تنقیہ کریں اور
اسکے عوض عرق عنب الثعلب پلائیں ایضاً برائے ذات الجنب و شوصہ در سرسام سفید مجربات حکیم علیم اللہ صاحب ترکیب
سپستان تیس عدد تھوڑے پانی میں جوش کریں تہائی رہ جائے تو تین تولہ شربت بنفشہ یا نیلوفر ملاکے روغن زرد گرم کرکے اوپر سے
ڈال کے انگلی سے حرکت دیکے پی لیں مطبوخ ملین ذات الجنب و ذات الریہ میں مستعمل ہے ترکیب عناب سپستان ہر ایک دس دانہ
بنفشہ نیلوفر ہر ایک تین درم تخم خطمی دو درم ہمراہ شکر سفید و ترنجبین ہر ایک دس درم دیں تابستان میں سرد کرکے زمستان میں نیمگرم
اور چار دن کے بعد اصل السوس و پرسیاوشان مطبوخ میں بڑھا دیں مطبوخ برائے درد سینہ و پہلو کہ ریح سے ہو ترکیب بیجبادیان
اصل السوس پرسیاوشان ہر ایک دو درم انیسون پودینہ خشک ہر ایک ایکدرم جوش دے اور چھان کے دو تولہ مصری ملائیں اور
پی لیں مطبوخ منضج و مسہل معمول مرض ڈبہ اطفال میں ترکیب اصل السوس مقشر نیکوفتہ گاؤزبان پرسیاوشان انجیر زرد گل بنفشہ تخم
خبازی ملکو مویز منقی بقدر مناسب جوش دے اور صاف کرکے قدرے نبات سفید ملاکے دیں مطبوخ تالیف حکیم شریف خان صاحب
برائے سوء مزاج بارد معدہ و ریح باردہ ترکیب جدوار نیم مثقال دارچینی قرنفل بادیان خطائی دانہ ہیل مصطگی ہر ایک ایکدرم نیم رطل
پانی میں جوش کریں چوتھائی رہنے پر شہد چار درم ملاکے پی لیں مطبوخ نافع درد معدہ و تنقیہ بلغمی ترکیب عود غرقی زیرہ سیاہ
ہر ایک دو مثقال پودینہ بادیان ہیل نیکوفتہ ہر ایک ڈیڑھ مثقال انیسون تخم کرفس صعتر فارسی ہر ایک ایک مثقال قرنفل سات عدد
نانخواہ مصطگی ہر ایک نیمدرم گلقند تین تولہ سبکو چار سیر پانی میں جوش دیں دو سیر رہ جائے تو صاف کرکے پاؤ بھر کے قریب شہد کیساتھ

پیئیں تین چار گھڑی کے بعد پھر نوش کریں اگر تشنگی غالب ہو اس مطبوخ میں گلاب ملا کے دیں مطبوخ چاے خطائی نافع برودت معدہ
و سستی و ہاضم و مفید شہوت بقری ترکیب چاے خطائی بادیان خطائی انیسون بادیان ہر ایک نو ماشہ الائچی سفید پانچ عدد قرنفل پندرہ
عدد نیم کوفتہ گلاب اور پانی میں جوش کریں نبات سفید سے شیریں کر کے دیں مطبوخ انار دانہ مقوی معدہ دافع قے ترکیب انار دانہ
دس درم مصطگی پودینہ ہر ایک دو درم ایک رطل پانی میں جوش کریں جب پانی کا تیسرا حصہ باقی رہ جاے صاف کر کے شربت انار شیریں
دو تولہ ملا کے پی لیں مطبوخ ہیضہ میں معمول ہے پوست نارجیل ناگرموتھہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ خس پوست بادام پودینہ ہر ایک تین تولہ
الائچی سفید نو ماشہ تین سیر پانی میں جوش دیں جب دو سیر پانی رہ جاے تو قدرے پی لیں ایضاً مفید ہیضہ محتبس ترکیب سنا مکی نو ماشہ بادیان گل سرخ ہر ایک چھ ماشہ گل بنفشہ تخم
کرفس ہر ایک چار ماشہ انیسون تین ماشہ جوش دیکے گلقند تین تولہ ملا کے پلائیں مطبوخ براے ہیضہ دموی لطائف سے ترکیب کشنیز خشک انیسون ہر ایک ایک جزو
صندل سفید پوست بیخ الجبار ہر ایک نصف جزو صعتر سماق زیرہ سفید ہر ایک ربع جزو نعناع عناب ہر ایک مثل مجموع خوب جوش کر کے
ہمراہ شربت غورہ یا شربت حب الآس پلائیں مطبوخ مزیل قے بلغمی ترکیب پودینہ تین ماشہ الائچی خرد دو ماشہ لونگ ڈیڑھ ماشہ نبات دو تولہ گلاب
میں جوش کر کے دیں مطبوخ باتفاق طعام کی گرانی و برودت معدہ و رطوبت معدہ سے اگرچہ عجیب التاثیر ہے ترکیب افسنتین پوست بیرون پستہ نعناع تخم
پودینہ پوست خشخاش جوش کر کے ہمراہ سکنجبین عنصلی دیں مطبوخ نافع ورم حار معدہ تکملہ سے ترکیب تخم کاسنی گل نیلوفر گوکھرو ملٹھی جوش
کر کے گلقند ملا کے دیں اور صندل سفید و آب کاسنی و کشنیز سبز و آرد جو و خطمی و حلبہ و بزر کتان با لچھڑ و قصب الزریرہ و بابونہ چار مرتبہ
ان سب کا لیپ کریں مطبوخ براے ورم معدہ کہ نہایت سختی و صلابت کیساتھ ہو ترکیب پوست بیخ کرفس پوست بیخ بادیان
بیخ اذخر ہر ایک ساڑھے تین مثقال نانخواہ تخم خطمی ملٹھی گوکھرو ہر ایک دس درم کماذریوس کمافیطوس تخم کتان تخم خبازی ہر ایک پانچ درم
مصطگی علک الانباط ہر ایک تین درم اشق جاوشیر سکبینج مقل ہر ایک ڈیڑھ درم مویز منقی بیس درم انجیر زرد دس عدد سب کو پانچ رطل پانی
میں جوش دیں ایک رطل رہ جانے پر چھان کے ہر روز چار اوقیہ ہمراہ ایک درم روغن بید انجیر و معجون امروسیا ایک مثقال کے دیں مطبوخ
درد فواد ریحی کیواسطے نافع ہے ترکیب بادیان مکو بابونہ فنطوریون جوش کر کے گلقند دو تولہ ملا کے دیں ایضاً وجع الفواد بارد میں
کام آتا ہے ترکیب بادیان انیسون تخم کرفس ہر ایک تین ماشہ الائچی خرد اصل السوس مقشر ہر ایک چار ماشہ مویز منقی دس دانہ گلقند نسترن
تین تولہ سواے گلقند کے سب کو جوش دیکے گلقند مل کے اور چھان کے پلائیں مطبیخ اکلیل ورم صلب جگر میں دواء الکرکم کے ہمراہ مستعمل
ہے ترکیب بیخ کرفس بیخ بادیان ہر ایک دو درم بیخ اذخر قسط ہر ایک دو دانگ افسنتین اسارون غافث بیخ کبر ہر ایک نیم درم حلبہ ایک درم
مویز منقی بیس درم اکلیل الملک ایک مثقال جوش دے کے ایک مثقال روغن تلخ کے ہمراہ دیں مطبوخ تالیف حکیم شریف خان براے
سدہ کبد و استسقا ترکیب بیخ کاسنی فوہ خار خسک تخم خربزہ تخم کھیرا تخم کشوث در پارچہ بستہ اسارون تخم ترب تخم گذر بقدر مناسب
پکائیں اور صاف کر کے شربت دینار روغن بید انجیر تین درم اضافہ کر کے پلائیں مطبوخ براے سوء القنیہ و دیگر امراض جگر بیاض

اُستاد مغفور سے ترکیب بادیان بیخ بادیان تخم کشوث عنب الثعلب بنفشہ مویز منقی آب عنب الثعلب و آب کاسنی مین جوش دیکے
گلقند مل اور چھان کے دین مطبوخ برائے استسقاء لحمی ترکیب بادیان اصل السوس عنب الثعلب زرشک ہر ایک تین ماشہ
عناب پانچ عدد تخم کاسنی چھ ماشہ مویز منقی دس دانہ جوش دیکے شربت بزوری معتدل دو تولہ حل کرکے پلائین مطبوخ منضج و مسہل
سوء القنیہ و استسقا مین معمول استاد مرحوم ترکیب بنفشہ ملیٹھی تخم کشوث انیسون بیخ کاسنی گاؤزبان بیخ بادیان مویز منقی
بادیان شگوفتہ جوش دے اور صاف کرکے گلقند مل کے دین مطبوخ ماء الاصول حکیم علویخان نے قرابادین یونانی سے نقل
کیا ہے اور فرماتے ہین کہ برائے استسقاء و سردی معدہ و جگر و طحال و جمیع امراض بلغمی نافع ہے ترکیب پوست بیخ کبر دس درم
تخم کرفس بادیان انیسون ہر ایک پانچ درم جوش کرکے پئین دوسرے نسخہ مین لکھا ہے کہ شہد ملا کے پلائین اور استسقا مین فقاح
اذخر سنبل الطیب غافث افسنتین کمافیطوس کمادریوس ہر ایک تین درم اضافہ کرکے پلا دین مطبوخ ہلیلہ استسقاء زقی
مین برائے استفراغ ماء اصفر کام مین آتا ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد پانچ درم شاہترہ تین درم افسنتین غافث تخم کاسنی
ہر ایک دو درم کاسنی سبز ایک دستہ تمر ہندی دس درم سکو تین سو درم پانی مین جوش دین جب تہائی رہ جائے صاف کرکے
دس درم شکر سفید و پانچ درم فلوس خیار شنبر مل اور صاف کرکے دین مطبوخ منضج و مسہل یرقان مجربات استاد مرحوم و مغفور سے
ترکیب عناب آلو بخارا گل سرخ سپستان شاہترہ تخم کاسنی مشمش عرق نیلوفر و عرق بید سادہ و عرق شاہترہ مین جوش اور
صاف کرکے ہمراہ سکنجبین بزوری پئین بعد تین روز کے برائے تنقیہ مغز فلوس تمر ہندی ترنجبین روغن بادام اضافہ کرین اور روز تیرہ
شیرۂ تخم کاسنی ہمراہ سکنجبین سادہ بارب بہ نوش کرین مطبوخ مسہل نافع یرقان صفراوی ترکیب آلو بخارا دس دانہ تمر ہندی
بیس درم تخم خیار تخم بادرنگ زرشک ہر ایک تین درم غاریقون ایکدرم سب کو ایکسو بیس درم پانی مین جوش کرین جب نصف
رہ جائے مغز فلوس پندرہ درم مل اور صاف کرکے روغن بادام ایکدرم ریوند چینی ایکدرم داخل کرکے پئین ایضاً یرقان کو ایک
روز مین زائل کرتا ہے ترکیب ہلیلہ زرد پندرہ درم تمر ہندی بیس درم آلوے بخارا تیس عدد عناب سپستان کشنیز خشک گل بنفشہ گل سرخ
تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک ایک کف جوش کرکے ہمراہ سکنجبین نوش کرین مطبوخ برائے درد شدید طحال بعد فصد اسلیم مجرب ہے
تالیف والد مرحوم سے ترکیب زوفائے خشک پرسیاوشان تخم خطمی بادیان عنب الثعلب ہر ایک چھ ماشہ صعتر فارسی پوست
بیخ کبر ہر ایک پانچ ماشہ تخم کرفس حب الرشاد پودینہ زیرہ سفید ہر ایک چار ماشہ انیسون تین ماشہ جوش اور صاف کرکے سکنجبین دو تولہ
حل کرکے دین ایضاً برائے درد سپرز مجربات حکیم کلو صاحب سے ترکیب مرچیاگند برگ جھاؤ پوست بیخ جھاؤ تخم کاسنی نیکوفتہ
ہر ایک ایک تولہ پانی مین جوش دین جب تیسرا حصہ رہ جائے سکنجبین بزوری دو تولہ ملا کے پئین مطبوخ برائے صلابت طحال
مایوس العلاج و برائے جذام مجربات انطاکی سے ترکیب پوست بیخ طرفہ تازہ لے کے خشک کرین اور دس درم دس گنی

شراب مین اسقدر جوش کرین کہ گل جاے صاف کر کے حسب حاجت پئین اور اُسکے ثُفل کا ضماد کرین اور اگر بجاے شراب کے سرکہ مین
جوش کرین تو بھی فائدہ ہے حکیم عابد لکھتے ہین کہ آشنی مطبوخ جمیع آثار سودا و یہ مین مثل کلف وغیرہ کے مین نے آزمایا ہی چاہیے کہ بیس
یا چالیس روز تک پیا جاے تاکہ امراض مذکورہ کو کھو دے اور کسی دوسری دوا کی ضرورت نہ پڑے مطبوخ ہندی نافع اسہال
دماغی ترکیب نانخواہ بانجماشہ پوست ہلیلہ زرد زنجبیل ہر ایک تین ماشہ آملہ منقی سات ماشہ رات کو پانی مین بھگو دین صبحکو شیرہ نکال کے
نمک سنگ ڈیڑھ ماشہ حلبہ حرف ہر ایک تین ماشہ چھڑک کے نوش کرین مطبوخ اسہال الدم کبدی انطاکی سے ترکیب مویز منقی
تین اوقیہ صندلین ہر ایک نیم اوقیہ تخم خرفہ انیسون کشنیز خشک سماق ہر ایک تین درم سب کو جوکوب کر کے تین رطل پانی مین
جوش دین جب ایک رطل رہ جاے صاف کر کے ہمراہ شربت خشخاش چندروز استعمال کرین مطبوخ اسہال صفراوی و سحج و زحیر
مین معمول ہی ترکیب چار تخم المکتولہ گلاب پانچتولہ عرق عنب الثعلب چھ تولہ مین جوش دیکے سرد کرین اور شربت نبفشہ دو تولہ ملا کے
پی لین کبھی چار تخم کے ہمراہ لعاب ریشہ خطمی جوش کر کے شربت مذکور و تخم ریحان کے ساتھ دیتے ہین مطبوخ نافع سحج و قروح امعا ترکیب
جو مقشر بریان تخم خطمی زرد و پوست خشخاش ہر ایک بقدر حاجت جوش اور صاف کر کے شربت انجبار یا حب الآس یا سیب ملا کے نوش
کرین مطبوخ مفتح سدہ و مزلق زحیر کاذب مین مستعمل ہی ترکیب ریشہ خطمی تخم مرو گل نبفشہ بجکاسنی بادیان مویز منقی تخم کاسنی
گلسرخ عنب الثعلب جوش کر کے اور گلقند داخل کر کے پئین ایضاً زحیر کاذب مین تفتیح سدہ کے واسطے کام آتا ہی ترکیب
عناب انجیر زرد اصل السوس مقشر ریشہ خطمی سپستان جوش کر کے ہمراہ مغز فلوس ترنجبین و خیر خشت و شربت نبفشہ و روغن بادام
دین مطبوخ مغص حار و قولنج کو زائل کرتا ہی ترکیب سناے مکی انیسون تربد سفید ہر ایک دس درم گلسرخ گل نبفشہ سپستان جو مقشر
ہر ایک سات درم سب کو چار سو درم پانی مین جوش دین جو تھائی رہ جاے تو صاف کر کے تخم مرو تخم حلبہ اسپغول ہر ایک پانچدرم کا آب
مذکور مین لعاب نکال کے مغز فلوس دس درم شکر سفید بقدر ضرورت مل اور صاف کر کے روغن بادام اضافہ کر کے دین مطبوخ براے
مغص کہ بلغم مالح و بلغم خام غلیظ سے ہوتا ہی براے تنقیہ مادہ مستعمل ہی ترکیب سناے مکی پانچدرم گل نبفشہ تین درم تربد سفید دو درم
بسفائج تین درم عناب سپستان ہر ایک دس دانہ بادیان تخم کاسنی عنب الثعلب ہر ایک تین رطل پانی مین جوش دین ایک رطل
باقی رہے تو صاف کر کے مغز فلوس پندرہ درم ترنجبین شکر سفید ہر ایک دس درم مل کے روغن بادام شیرین اضافہ کر کے پئین یا حقنہ
کرین مطبوخ منضج براے مغص و زحیر مجرب ہی ترکیب نبفشہ چھ ماشہ عناب پانچدانہ گلسرخ تخم مرو پوست بیخکاسنی بیخ کبر ہر ایک
تین ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش کرین تہائی رہ جاے تو گلقند ملا کے پئین مطبوخ مسہل براے قولنج سدی معمول ہی سوجب سے ترکیب
سناے مکی بسفائج انجیر زرد مویز منقی ہر ایک چھ درم برسیاوشان ایک مشت لطیف اصل السوس بادیان تخم کرفس ہر ایک تین درم
جوش کر کے گلقند بیس درم ملا کے نیم گرم پئین مطبوخ منضج بواسیر سوداوی مین ہر روز ہمراہ سفوف سودا دو مثقال دینا چاہیے انطاکی سے

ترکیب انجیر زرد عناب سپستان ہر ایک ایک اوقیہ اسطوخودوس افتیمون گلسرخ گل بنفشہ انیسون ہر ایک نیم اوقیہ چار رطل پانی مین
جوش دین ایک رطل رہ جاے تو صاف کرکے پئین اگر قولنج ہو بسفائج ایک اوقیہ بڑھا دین اگر خونی ہو
اسطوخودوس کے عوض اسارون دین یا سب کو ملا دین مطبوخ براے ریح البواسیر مجربات حکیم کلو صاحب سے ترکیب مغز بادام
مقشر دو عدد کتیرا مقشر کوفتہ چھ ماشہ گل زرد تین ماشہ شیر گاؤ آدھ سیر آب خالص آدھ پاؤ سب کو اسقدر جوش دین کہ پانی جل جاے
پھر آگ سے اُتار کے ترنجبین دو تولہ حل کرکے پئین مطبوخ ملین کہ مسہل و نافع ورم گردہ و مثانہ ہے ترکیب سناء مکی بسفائج
گل بنفشہ تخم خیار تخم کاسنی آلو عناب سپستان شاہترہ جوش اور چھان کے مغز املتاس گلقند ملکے روغن بادام داخل کرکے نوش کرین
یا مثل حلوہ ہمراہ مغز خیارشنبر و روغن بادام دین ایضاً مسہل کہ مرض سنگ گردہ و مثانہ مین دیا جاتا ہے اور گردہ سے پتھری نکال دیتا ہے
ترکیب گاؤزبان عنب الثعلب پرسیاوشان گلسرخ خار خسک حب القلت بسفائج ہر ایک نو ماشہ تخم خیارین تخم خربزہ مغز
خسکدانہ ہر ایک ایکتولہ سناے مکی سوا تولہ جوش دے اور صاف کرکے مغز فلوس ترنجبین ہر ایک چھ تولہ شربت تخم کسوث چار تولہ حل کر
اور دوسری مرتبہ چھان کے روغن بادام چھ ماشہ ڈال کے نوش کرین مطبوخ براے سنگ گردہ و مثانہ ترکیب بادیان تخم کرفس
عنب الثعلب گلسرخ بیخ بادیان بیخ کاسنی تخم خربزہ پرسیاوشان ریوند چینی ہر ایک چھ ماشہ انیسون تین ماشہ بیخ کرفس تخم کرفس
تخم معصفر تخم خطمی تخم خبازی شکطرامشیع ہر ایک چار ماشہ گلقند چار تولہ جوش دیکے صاف کرکے ترنجبین چار تولہ ملاکے پھر چھان کے حجر الیہود
سائیدہ حل کرکے نوش کرین ایضاً براے اخراج سنگ گردہ بہت سریع الاثر ہے ترکیب خار خسک بادیان انیسون ہر ایک چار ماشہ
ہیل حب کاکنج پرسیاوشان ہر ایک تین ماشہ دارچینی دو ماشہ لونگ ایک ماشہ ناخونہ دو ماشہ مصری چار تولہ سب کو کوٹ کے ایکسیر
پانی مین جوش دین جب ساتوان حصہ رہ جاے صاف کرکے حجر الیہود تین ماشہ حل کرکے اول معجون عقرب یا معجون یداللہ چار ماشہ
کھائین چند روز کے استعمال مین اگرچہ پتھری سخت اور بڑی ہو ریزہ ریزہ ہو جائیگی مجرب ہے مطبوخ براے ادرار بول بستہ نہایت مفید
و مجرب ہے ترکیب تخم کرفس ایک مثقال بادیان انیسون بیخ کرفس بیخ بادیان زیرہ سفید کرویا نانخواہ ہر ایک چھ ماشہ سنبل الطیب
گلسرخ ودج خراسانی فوہ الصبغ ریوند چینی ہر ایک تین ماشہ مویز منقی دس دانہ اصل السوس تین ماشہ انجیر زرد پانچعدد جوش دیکے
جب تہائی رہ جاے تو نو تولہ یہ مطبوخ ہمراہ روغن بید انجیر پلین مطبوخ کہتے ہین کہ سوزاک کو ایکدن مین کھو دیتا ہے ترکیب
تخم خیارین چھ ماشہ بکھان بید گندھک آملہ سار ہر ایک تین ماشہ ست سلاجیت آفتابی چار ماشہ جوکوب کرکے تین پاؤ پانی مین جوش دین
آدھ پاؤ رہ جاے تو آب کسیری زیادہ کرکے اور صاف کرکے ایکدم دس ماشہ شہد ملاکے پئین تین دن تک مجرب ہے کوئی چیز شور و تیز و
ترش نہ کھائین مطبوخ افتیمون صلابت رحم مین معمول ہے ترکیب بنفشہ نیلوفر تخم کاسنی سناء مکی پوست ہلیلہ زرد و ہلیلہ کابلی و ہلیلہ
سیاہ اسطوخودوس اصل السوس تخم کسوث تخم شاہترہ مویز منقی افتیمون پانی مین بھگو دین اور سواے افتیمون کے جوش کرین

مغز خیار شنبر و ترنجبین حل کرکے اور چھانکر کے روغن بادام داخل کرکے پئین مطبوخ سنا و سرطان رحم مین معمول ہی ترکیب سنا رکی سات درم برسیاوشان پانچدرم تخم خطمی تخم کاسنی ہر ایک تین درم بنفشہ نیلوفر گلسرخ ہر ایک چار درم عناب سپستان انجیر ہر ایک بیس دانہ سب کو تین رطل پانی مین جوش دین ایک رطل باقی رہے تو فلوس خیار شنبر دس درم ترنجبین پندرہ درم ملاکے نوش کرین مطبوخ مدر حیض و دافع وجع کہ احتباس طمث سے ہو ترکیب پوست فلوس خیار شنبر بادیان ہر ایک دو تولہ گوکھرو چھ ماشہ افیسون شونیز ہر ایک چار ماشہ قند سیاہ دو تولہ جوش اور صاف کرکے پی لین مطبوخ قرطم حیض جاری کرنے مین مجرب ہی ترکیب حب قرطم نیمکوفتہ گاؤزبان تخم خربزہ نیمکوفتہ بادیان مساوی ایک رطل پانی مین رات کو بھگوئین صبح جوش اور صاف کرکے شربت بزوری معتدل داخل کرکے پئین مطبوخ انجیر ادرار طمث کیواسطے مجرب انطاکی ہی ترکیب مویز منقی انجیر خشک ہر ایک بیس درم گلسرخ قسط شیرین نوۃ الصبغ ہر ایک تین درم جوکوب کرکے دہ چند پانی مین اسقدر جوش دین کہ چوتھائی رہ جاے صاف کرکے شکر ملاکے دین مطبوخ حابس براے افراط حیض ترکیب پوست بیخ الجبار الکبر و سماق نصف جزو کشنیز ربع جزو جوش اور صاف کرکے شربت نیلوفر یا الجبار کیساتھ دین مطبوخ مفید اختناق رحم جو بسبب احتباس طمث ہوتا ہی ترکیب برسیاوشان مشکطرامشیع بادیان سداب ہر ایک تین درم ہمراہ شکر سفید دس درم دین مطبوخ عسر ولادت مین کام آتا ہی ترکیب مشکطرامشیع برسیاوشان نخود سیاہ ہر ایک چھ ماشہ پوست املتاس قند سیاہ کہنہ ہر ایک ایک تولہ پانی مین جوش دے اور صاف کرکے پلائین اور شکم و پشت و اطراف فرج کو روغن بنفشہ و چنبیلی سے ملین مطبوخ مدر نفاس ترکیب بادیان پوست پھلی املتاس مشکطرامشیع برسیاوشان جوش اور صاف کرکے قند سیاہ کہنہ داخل کرکے پئین مطبوخ ادرار نفاس کرتا ہی درد حمی اور سوزش دست و پا و اطراف کو جو بسبب احتباس نفاس ہوتی ہی دفع کرتا ہی مجربات والد مرحوم سے ترکیب تخم خطمی بادیان عنب الثعلب اصل السوس تخم خربزہ ہر ایک چھ ماشہ جوش دیکے خمیرۂ بنفشہ دو تولہ ملا اور صاف کرکے نوش کرین مطبوخ کہ نفخہ رحم مین مستعمل ہی ترکیب بادرنگ ابہل اصل السوس تخم کرفس زنجبیل زند بادسیاہ دانہ حب قرطم جوش دے اور صاف کرکے ہمراہ شہد دین مطبوخ مخرج جنین میت ترکیب مشکطرامشیع برسیاوشان ابہل ہر ایک تین درم ترس پودینہ ہر ایک دو درم نبات سفید دس مثقال پانی مین جوش دے اور صاف کرکے تناول کرین مطبوخ مسقط حمل و مدر حیض ترکیب پوست خیار شنبر پوست اخروٹ برسیاوشان بڑنگ کابلی ڈودہ کپاس ہر ایک دو درم تخم گندر خار خسک تخم خربزہ تخم ترب شونیز ہر ایک ایکدرم قند سیاہ دو تولہ چند روز عمل مین لائین مطبوخ بعد اسقاط حمل عمل مین آتا ہی اور رطوبات باقیہ کا بعد اسقاط ادرار کرتا ہی ترکیب تخم شبت تخم گندر تخم خربزہ خشکدانہ ہر ایک چھ ماشہ ابہل مشکطرامشیع ہر ایک دو ماشہ تخم خیارین کوفتہ چھ ماشہ گرہ بانس کا گنج ہر ایک چار ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش اور صاف کرکے گلقند آفتابی دو تولہ داخل کرکے دین مطبوخ حکیم جعفر سے براے اسہال اور درد کہ بعد ولادت عورتون کو ہو جاتا ہے

ترکیب بادیان زنجبیل کشنیز ہر ایک ایک تولہ پوست بیخ بیلا نجیر دو تولہ اکسیر پانی مین جوش دین جب آدھ پاؤ رہ جاے تو صاف
کرکے پئین مطبوخ ملین لڑکے کو دودھ دینے سے پیشتر دیا جاتا ہی ترکیب برگ نیم پاؤ ٹرنگ پاؤ کہنہ تر کچور ہلیلہ کلان و خرد دندان
دانہ چکادانہ گلسرخ مویز منقی بادیان شاہترہ مغز فلوس خیار شنبر بادام بتاشہ پانی مین جوش دے اور صاف کرکے دین تو عدیگر
جنم گھٹی مشہور ہی بچون کو بعد ولادت دیتے ہین ترکیب عناب سپستان جاکسو صندل سرخ تر کچور ہلیلہ کلان ہلیلہ خورد چکادانہ گلسرخ
بادیان مغز فلوس بتاشہ پانی مین جوش دے اور صاف کرکے تھوڑا تھوڑا دین مطبوخ سورنجان مسہل نافع درد مفاصل و نقرس
و مسہل بلغم و صفرا ترکیب سورنجان شیرین پانچدرم گلسرخ پوست ہلیلۂ زرد ہر ایک چار درم بنفشہ گاؤزبان پرسیاوشان اصل السوس
ہر ایک تین درم تربد موصوف بادیان ہر ایک دو درم زنجبیل نیم درم انجیر زرد پانچدد سپستان مویز منقی ہر ایک بیس دانہ سنا مکی
چھ درم ترنجبین فلوس خیار شنبر ہر ایک دو درم بدستور استعمال کرین مطبوخ ہندی نافع اوجاع مفاصل براے بلغمی اہل ہند
کے عمل سے ترکیب بدھارا اسگند ہر ایک ایک تولہ چوب چینی تین ماشہ مصری ایک تولہ آدھ سیر پانی مین جوش دین جب چوتھائی حصہ
باقی رہے صاف کرکے پئین اسیقدر شام کے وقت اور لکھا ہی کہ یہ مطبوخ باد فرنگ کیواسطے بھی مفید ہی مطبوخ قوی الاثر براے
استیصال مادہ وجع الورک و عرق النساء معمول و مجرب ہی ترکیب مصطگی انیسون ہر ایک دو درم زنجبیل بیخ اذخر ہر ایک تین درم
قوہ شیطرج سورنجان بوزیدان ہر ایک پانچدرم بیخ کرفس بادیان شگوفتہ ہر ایک سات درم مویز منقی حلبہ ہر ایک دس درم سب کو چار
رطل پانی مین جوش کرین چوتھائی حصہ باقی رہے تو صاف کرکے ثلث رطل ہر روز ہمراہ روغن بید انجیر بقدر تحمل طبیعت نوش کرین
مطبوخ مجرب تپ خلطی حار مین اور بعضے اقسام حمی رحمی مین اگر صداع و قشعریرہ کیساتھ ہو ترکیب گلقند تیس درم عناب بیس عدد
خمیرہ بنفشہ تمر ہندی سپستان ہر ایک بارہ درم جوش اور صاف کرکے پئین اگر قبض شدید ہو سنا دو درم بڑھا دین مطبوخ آلو کہ
لطیف العمل ہی اور تپ غب مین براے دفع حرارت و تلیین شکم دینا چاہیے جبکہ قوت ضعیف ہوجاے اور زمانہ گرما ہو اور قوی چیزین
مثل ہلیلہ و سقمونیا کے مناسب نہین ہین ترکیب آلوے بخارا بیس عدد تمر ہندی دس درم دونون کو دو رطل پانی مین اسقدر جوش
دین کہ گل جائین چھان کے دس درم قند سفید ملائین اور نوش کرین اور چند روز اسکی مداومت کرین مطبوخ مسہل غب دائرہ مین
معمول ہی ترکیب سنا مکی گل بنفشہ سپستان ہر ایک سات درم گلسرخ تخم کاسنی تخم خیارین ہر ایک تین درم جوش اور صاف کرکے مغز فلوس
پندرہ درم ترنجبین بیس درم حل اور صاف کرکے روغن بادام نو ماشہ یا شیرہ مغز بادام پانچ عدد داخل کرکے دین مطبوخ براے
تنقیہ حمیات صفراوی مین مجرب انطاکی ترکیب سنامکی گل بنفشہ سپستان عناب ہر ایک ایک اوقیہ گلسرخ تخم کاسنی مغز تخم کدو خیار
ہر ایک نیم اوقیہ سب کو چار سو درم پانی مین پکائین پچاس درم رہ جاے تو پندرہ درم خیار شنبر اور بیس درم ترنجبین حل اور صاف
کرکے استعمال کرین اور اسکی تین مرتبہ تکرار کرین مطبوخ نافع حمی بلغمی ترکیب بجیا بادیان گاؤزبان انیسون غب الثعلب

شاہتری بادآورد مویز منقی تخم کشوث انجیر زرد اصل السوس عرق گاؤزبان وعرق بادیان وعرق عنب الثعلب مین جوش دے کے شربت
دینار یا گلقند چار تولہ حل کرکے استعمال کرین مطبوخ برائے حمی مرکبہ کہ بلغم وصفرا سے ہو اور غلبہ خلط صفراوی کا ہو مفید ہے ترکیب تخم
کاسنی اصل السوس تخم خیارین عنب الثعلب شاہترہ گاؤزبان پوست بیخ کاسنی مویز منقی سپستان تخم خطمی تخم خبازی پانی مین بھگو
اور چھان کے شربت دردکمر چار تولہ حل کرکے نوش کرین ایضاً برائے تپ مرکب صفراوی کہ بلغم غالب ہو مفید ہے ترکیب افسنتین
تخم کشوث برنجاسف اصل السوس بیخ کاسنی بادیان تخم کاسنی مویز منقی انجیر زرد جوش دے اور صاف کرکے گلقند وشربت دینار حل کرکے
دین مطبوخ حمی مرکب مین کام آتا ہے ترکیب بادیان بادآورد عنب الثعلب گل بنفشہ گلسرخ گل نیلوفر تخم کاسنی تخم کشوث بیخ کاسنی
ہر ایک تین درم آلو بخارا سات دانہ سبکو آدھ سیر پانی مین پکائین تیسرا حصہ باقی رہ جائے تو چھان کے سکنجبین سادہ یا بزوری
یا گلقند سات درم کے قریب اضافہ کرکے نوش کرین مطبوخ برائے شطر الغب جس مین مادہ صفرا غالب ہو مجرب حکیم عابد
سرہندی سے ہے ترکیب تخم کاسنی نیمکوفتہ گل نیلوفر اصل السوس مقشر ہر ایک تین درم آلو بخارا دس عدد سب کو ایک رطل گرم
پانی مین رات کیوقت بھگو دین صبحکو اسقدر جوش دین کہ گل جائے اور چوتھائی پانی باقی رہے مل اور چھان کے شکر سرخ یا ترنجبین
دس درم زیادہ کرکے نیمگرم پئین اور جسوقت نضج ظاہر ہو اسہال طبیعت قرص بنفشہ سے مسہل دین روز نوبت ترک غذا کرین
اور ادویہ ملطفہ شدیدہ کی جسارت نہ کرین کہ سرسام کی نوبت پہونچ جائے مطبوخ برائے تپ مرکب بعدیل ومعمول ہے ترکیب
گلو شاہترہ تخم کاسنی ہر ایک ایکتولہ رات کو پانی مین بھگوکے صبحکو جوش دے اور شربت بزوری دو تولہ ملاکے پلائین مطبوخ ہندی
برائی تپون اور تپ لرزہ مزمن صفراوی کیواسطے عجیب الفعل ہے ترکیب خس صندل سرخ کشنیز وغیرہ کہ تکملہ بالا مین مذکور
ہوئین ہر ایک چار ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش دین نصف رہ جائے تو دو تولہ مصری ملاکے پی لین مطبوخ منضج تپ ربع
مین مستعمل ہے ترکیب شاہترہ گاؤزبان بیخ کاسنی اصل السوس مقشر افتیمون درصرہ بستہ ہر ایک دو درم سپستان مویز منقی ہر ایک
بیس عدد وبسفائج ایکدرم انجیر چار عدد گلقند دو تولہ استعمال کرین ایضاً ربع سوداوی مین مجربات الطاکی سے ہے ترکیب جو
مقشر چھتیس درم آلو بخارا اسطوخودوس بسفائج تمر ہندی ہر ایک پندرہ درم افتیمون عصی الراعی عناب تخم کرفس تخم خطمی خبازی
تخم کاسنی تخم خرفہ تخم خیارین گاؤزبان ہر ایک سات درم پوست بیخ کبر گل بنفشہ گلسرخ ہر ایک چار درم سبکو کوٹ کے دس گونہ پانی مین
اسقدر جوش کرین کہ چوتھائی حصہ رہ جائے صاف کرکے نیمگرم شکر یا شربت نیلوفر یا شربت بنفشہ کے ہمراہ نوش کرین مطبوخ
برائے سرخبادہ اطفال ترکیب عناب شاہترہ کشنیز خشک برگ حنا صندل سرخ دھمایا برگ نیب زرنباد پوست بلیلہ زرد ہر ایک
چار رتی برائے طفل یکسالہ راتکو بھگو دین صبحکو جوش دے اور صاف کرکے دین ایضاً برائے فساد خون وسرخبادہ اطفال مجرب ہے
ترکیب صندل سرخ برگ حنا کشنیز خشک ہر ایک چار درم گل معصفر دو درم سب کو نیمکوب کرکے سات خوراک بنائین ایک

خوراک آدھ پاؤ پانی مین ہر صبح جوش دے کے پئین اور اُسکے تفل مین دوسرا پانی ڈالدین وہ شام کو جوش کرکے پی لین بعدہ وہ تفل جسم پر ملین
اور گرم پانی سے دھو ڈالین سات دن یہی عمل کرین غذا نان گندم و روغن بے نمک منضج و مسہل مرض آتشک مین معمول حکیم احسن اللہ خان کے
ہے بعد فصد باسلیق یا اکحل کے اور بحسب طاقت اخراج خون کے بعد ترکیب عناب آلو بخارا ہر ایک پانچعدد سپستان بارہ دانہ
تخم کاسنی تخم خیارین گل بنفشہ گل نیلوفر تخم خطمی برگ بادرنجبویہ منڈی برگ مُنڈی برگ شاہترہ چرائتہ سرپھوکہ بھکاسنی بجیا دہان تخم خربزہ
بسفائج افتیمون درصرہ بستہ ہر ایک چھ ماشہ گل گاؤزبان و برگ گاؤزبان ہر ایک چار ماشہ مویز منقی ایکتولہ رات کو عرق کاسنی عرق شاہترہ عرق منڈی
ہر ایک سات تولہ مین بھگو کے صبحکو مل اور چھان کے گلقند آفتابی دو تولہ ڈال کے نوش کرین پندرہ روز تک یہ منضج پلائین لیکن اگر حرارت زیادہ ہو
تو بجائے گل نیلوفر و تخم کاسنی خیارین نکالڈالین اسیطرح نکالنا اور زیادہ کرنا دواؤنکا حسب مزاج مریض معالج کی رائے پر منحصر ہے بعد ازان تمر ہندی پانچ تولہ
گلسرخ مغز خسکدانہ حب النیل ریشہ خطمی بیخ حنظل ہر ایک چھ ماشہ سنائے مکی نو ماشہ مغز فلوس خیارشنبر چھ تولہ ترنجبین چار تولہ شیرخشت دو تولہ منضج مین
بڑھائین آلو بخارا سات دانہ مویز منقی دس تولہ اور بجائے عرق کاسنی کے عرق گاؤزبان لین اور عرقون کا وزن تیس تولہ کردین مسہل ستورسنا کے شیرہ مغز بادام شیرین
اوپر سے ڈالکے پلادین اگر سدہ سخت ہو اور مسہل اچھا نہو تو پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ افتیمون رومی اضافہ کرین زیادتی اسہال مین ادویہ مسہلہ کم
کردی جائین دوسرے دن ٹھنڈائی مین ہلیلہ مربی ایک عدد گٹھلی نکال اور دھو کے ورق نقرہ مین لپیٹ کے پہلے کھلائین اوپر سے شیرہ
عناب چار دانہ شیرہ تخم کاسنی پانچ ماشہ عرق منڈی و عرق شاہترہ ہر ایک دس تولہ نکال کے شربت نیلوفر ملائین اور تخم ریحان پانچ ماشہ
اسپغول مسلم چھ ماشہ چھڑک کے پی لین مطبوخ بارہا تجربہ کیا گیا ہے اور اکثر اس سے علاج کیا ہی تو بغیر منہ آئے ہوئے آتشک
زائل کر دیتا ہی اور پرہیز کی ضرورت نہین ہی لیکن اگر چاہین قلیہ خشکہ کھلائین ترکیب پوست درخت نیب پوست درخت کچنال
بیخ حنظل پھلی ببول کٹائی خورد معہ برگ و بیخ و پوست قند سیاہ کہنہ ہر ایک آدھ پاؤ تین سیر پانی مین جوش دین جو تہائی حصہ باقی رہجائے
تو صاف کرکے شیشہ مین رکھ چھوڑین کل سات خوراکین بنائین انشاءاللہ تعالےٰ مرض مذکور مستاصل ہوجائے گا مطبوخ مسہل
برائے آتشک مجرب ہی ترکیب بیخ اندرائن دو تولہ سنائے مکی ایکتولہ شاہترہ ایکتولہ گلسرخ چھ ماشہ سب کو ڈیڑھ پاؤ پانی مین
جوش دین نصف رہ جائے تو چھان کے پئین اسیطرح تین دنتک اگر تین دن مین دور نہو جائے تو اور تین دن تک استعمال کرین
مطبوخ برائے سعفہ کہ بہت جوش کیا ہو نیز برائے تصفیہ خون مجرب ہی بیاض حکیم علیم اللہ مرحوم سے ترکیب تخم کاسنی
نیمکوفتہ شاہترہ عنب الثعلب ہر ایک سات ماشہ پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ بادرنگ اسطوخودوس ہر ایک نو ماشہ مویز منقی
نو دانہ سونٹھ سات ماشہ مصطگی چار ماشہ گلقند دو تولہ حسب دستور پئین بچون کے لیے اوزان ادویہ بقدر سن کم کر دیے جائین اور ہر
صبحکو نیم کی پتی کے پانی سے سر کو دھو ڈالین اور یہ مرہم طلا کرین کمیلہ اکلیل الملک گل ارمنی دال عدس حنا بموزن کوٹ چھان کے
روغن گل برابر کل ادویہ ملاکے کام مین لائین نہ عظیم النفع و قد جربناہا فی سود حال مطبوخ انجیر برائے بروز جدری و نضج مواد

بلغمیہ ترکیب انجیر زرد تین سے پانچ عدد تک عدس مقشر سات مثقال لک منقی خام کتیرا ہر ایک تین مثقال بادیان دو مثقال ڈیڑھ
رطل پانی مین ہلکی آنچ پر جوش دین آدھا رہ جاے تو مل اور صاف کر کے تھوڑا زعفران اسمین حل کر کے نیمگرم یا سرد ایکدفعہ یا دو دفعہ
مین پلادین مطبوخ براے جدری کہ اچھی طرح نہ نکلی ہو مباحث والد مرحوم سے ترکیب چوب کیوڑہ دو ماشہ برگ شاہترہ ایکماشہ عناب
دو عدد خاکسی دو ماشہ جوش اور چھان کے شہد خالص ایکتولہ ڈال کے پلادین مطبوخ براے جذام مجرب لنطاکی ترکیب انجیر زرد
مویز منقی سپستان ہر ایک بیس درم بنفشہ بسفائج اسطوخودوس اصل السوس ہر ایک دس درم عناب گلسرخ ہر ایک سات درم کوٹ کے
وابی دوائین کوٹ کے چار سو درم پانی مین پکائین چوتھائی حصہ باقی رہنے پر تیس درم شربت بنفشہ حل کر کے نوش کرین مطبوخ
منضج براے برص مجرب انطاکی ترکیب مویز منقی پچاس درم انیسون تیس درم شونیز بیس درم بابونہ تخم کرفس سناء مکی صعتر ہر ایک
دس درم گلسرخ قسط شیرین شیطرج سداب ہر ایک چھ درم کوٹ کے چھ سو درم پانی مین جوش کرین تہائی حصہ باقی رہے تو صاف
کر کے شہد ملا کے ہر روز بچیس درم اسمین سے استعمال کرین مطبوخ براے بہق ابیض ترکیب اصل السوس دس درم بنفشہ ترید
بر سیاوشان نعناع صعتر کرویا ہر ایک چھ درم بادآورد تخم کشک جنطیانا ہر ایک تین درم خردل پوست بیخ کبر ہر ایک دو درم
دس گونہ پانی مین جوش کرین چوتھائی رہ جاے تو صاف کر کے سب کو تین مرتبہ مین نوش کرین مطبوخ حبس عرق کرتا ہے اور مسام
کو بند کر دیتا ہے ترکیب برنج مغسول عدس عناب برابر لے کے سہ چند پانی مین جوش دین تہائی پانی رہے تو اُسے تنہا یا شربت خشخاش
کے ہمراہ پئین مطبوخ براے تشقق اظفار حکیم علویخان سے ترکیب تخم کاسنی گلسرخ شاہترہ ہر ایک چھ ماشہ مویز منقی دس دانہ
جوش دیکے شیرۂ مغز بادام مقشر شیرۂ تخم خشخاش شیرۂ تخم خیارین ہر ایک چار ماشہ نبات سفید ڈیڑھ تولہ ملا کے پئین۔

فصل دوسری مقیات کے بیان مین۔ مقی نافع کابوس بلغمی کہ مسہل کے قبل اُس سے قے کرنا بو بلغمی کیواسطے بھی
مفید ہے ترکیب تخم شبت و تخم ترب نیمکوفتہ ہر ایک ایکتولہ جوش دے اور صاف کر کے شہد دو تولہ نمک دو ماشہ ملا کے پئین
اسیطرح جوز القی اور نمک سنگ سے قے کرنا بھی مفید ہے مقی معمول حکیم شریفخان صاحب امراض بلغمی مین آب برگ ترب سبز آب برگ شبت
نمک قدرے مخلوط کر کے پی لین مقی صرع سعدی بلغمی مین مستعمل ہے ترکیب آب شبت و ترب مین سکنجبین عسلی ملا کے پی لین مقی بلغم کو
دماغ سے قے مین نکالدیتا ہے ترکیب خردل سفید نمک ہندی پانی مین جوش دیکے سکنجبین عنصلی حل کر کے قے کر ڈالین مقی معدہ سے
صفراء و بلغم دور کرتا ہے ترکیب نمک دو مثقال سکنجبین عسلی دس مثقال آب ترب چالیس مثقال باہم ملا کے دین مقی مواد مختلفہ خارج
کرتا ہے ترکیب تخم خیارین نیمکوفتہ سرمق ہر ایک چار درم نمک ہندی پانچدرم شبت دس درم مولی ٹکڑے ٹکڑے کر کے بیس درم
چار رطل پانی مین پکائین تہائی رہ جاے تو صاف کر کے نیمگرم نوش کرین۔

فصل تیسری ماء العسل و ماء البزور و ماء الاصول کے بیان مین۔ ماء العسل براے لقوہ و فالج معمول اطباء

اور براے تقویت معدہ و باہ نہایت مفید ہی بالجملہ ماء العسل ایک بہتر شربت اور عمدہ جلاب ہی انضاج مواد علل باردہ کیواسطے مثل
لقوہ و فالج و سکتہ و صرع و اوجاع مفاصل وغیرہ کے واسطے اسکے اوائل سے ابتدا کیجاتی ہی کہ ایسے امراض مین بجاے آب و
غذا کے درد سینہ و جگر کے واسطے کہ ریاح سے ہو مفید ہی مدر بول و ملین طبع و خلط مستعد کو اکھاڑ کے دفع کردیتا ہی اسکا استعمال
مبرودین کے واسطے انسب ہی اگر چاہین کہ ماء العسل کو قوی کرین دارصینی زنجبیل مصطگی زعفران بیل جوز بوا بسباسہ خولنجان بقدر حاجت تھیلی مین
باندھ کے داخل کردین ترکیب شہد ایکجز و صاف پانی دو جز دجوش دین ہلکی آگ پر اور کف نکالا لین جب ایک حصہ جل جاے صاف کر کے
کام مین لائین اور معمول حکیم ذکا اللہ خان اور اونکے خاندان کا معمول ہی کہ شہد خالص ایکجز و اور پانی یا عرق بادیان یا عرق گاؤزبان
دس جز دجب دو تہائی جل جاتا ہی اور ایک ثلث رہ جاتا ہی استعمال کرتے ہین ماء البروز فالج و لقوہ مین اور استرخاء مین چودھوین دن تک
معمول ہی ترکیب تخم شبت تخم کرفس انیسون نانخواہ فرد مانا بادیان ہر ایک پانچدرم سب کو ایک رطل پانی مین جوش دین نصف رہ جاے
تو صاف کر کے جلنجبین دس درم حل کرین اور عمل مین لائین دوسرے نسخہ مین تخم کشوث حلبہ بجاے تخم شبت و فرد مانا مرقوم ہی ماء الاصول
فالج و استرخاء مین مستعمل ہی اور صرع و سکتہ مین چہار درم تک ترکیب بیخ کرفس بیخ اذخر بیخ بادیان اصل السوس بیخ کبر فرد مانا ہر ایک
تین درم پانی یا کسی عرق مناسب مین جوش دے اور صاف کر کے پندرہ درم جلنجبین ملا کے پئین ماء الاصول و البروز مخترعات
میر محمد ہادی والد حکیم علویخان سے مستعمل ہی براے انضاج مادۂ فالج و لقوہ و استرخاے بلغمی اور مانند ان کے چودھوین تک ترکیب
ایرسا فاوانیا ہر ایک ایک مثقال بادیان انیسون تخم کشوث تخم کرفس فرد مانا پوست بیخ کبر پوست بیخ بادیان پوست بیخ کرفس بیخ
اذخر ہر ایک دو مثقال ڈیڑھ رطل پانی مین جوش کرین نیم رطل باقی رہے تو چھان کے عسل مصفی ایک اوقیہ حل کر کے پلائین ماء الاصول
سوء مزاج بارد کبد مین بعد استفراغ دیتے ہین ترکیب سنبل الطیب اذخر گلسرخ ہر ایک تین درم نانخواہ انیسون ہر ایک چار درم تخم کرفس
رازیانہ ہر ایک پانچدرم پوست بیخ کرفس پوست بیخ بادیان ہر ایک دس درم دو من پانی مین پکائین آدھا رہ جاے تو مل اور چھان کے اسکے
اور تیس سے چالیس درم روغن بادام شیرین و تلخ نصف نصف کے ہمراہ دین ماء الاصول حمیات مین انضاج اخلاط حارہ کرتا ہی
ترکیب پوست بیخ کاسنی نیمکوفتہ بیس درم تخم کاسنی نیمکوفتہ بیس درم تخم کشوث چھ درم عناب بیس دانہ سپستان سولہ عدد
سب کو چار من پانی مین پکائین ایکمن باقی رہجاے تو صاف کر کے تین حصہ کرین اور ہر روز ایک حصہ کو دس درم سکنجبین ملا کے
اور سرد کر کے پی لین ماء الاصول تپ مواظبہ مین گاہے گاہے براے ادرار دیتے ہین ترکیب پوست بیخ کرفس پوست بیخ بادیان
تخم کرفس بادیان انیسون حاشا ہر ایک بقدر حاجت جوش کر او صاف کر کے گلقند ملائین و نیمگرم پئین ماء الہندبا براے تپہاے صفراوی
و دموی مرکبہ بہت مفید ہی اور تفتیح سدد خصوص سدہ جگر و تنقیہ مسالک مادہ عفنہ سے کرتا ہی اور جبکہ سکنجبین بزوری و شربت
بزوری و شربت دینار و شیرۂ تخم خیار و خربزہ اور مانند انکے اضافہ کرین زیادہ قوی ہوجاے گا ترکیب برگ کاسنی سبز

کپڑے مین لپیٹین تاکہ گرد و غبار صاف ہوجائے لیکن دہ دھونہ ڈالین کیونکہ دھونے سے وہ اجزاے لطیفہ جو منبسط ہوئے ہین زائل ہوجاتے ہین
لہذا کاسنی مغسول ریاح پیدا کرتی ہے اسیوجہ سے کلام خیر البشر صلی اللہ علیہ وسلم مین غسل کاسنی کی ممانعت واقع ہوئی ہے بعدہ برگ کاسنی
کو کوٹ ڈالین اور اوسکا پانی نچوڑ ڈالین اسیطرح مروق کرکے سات تولہ ہمراہ اشربہ مناسبہ پئین اور ہر روز ایک تولہ بڑھاتے رہین یہانتک
کہ ایک رطل کی مقدار ہوجائے اگر طبیب مناسب سمجھے اس مقدار سے بھی زیادہ کرسکتا ہے اور ضعیفون و طفلون کو تین چار تولہ سے
شروع کرائین اور برداشت مزاج تک بڑھائین ترکیب آب کاسنی کے دو طریقہ ہین اول اوسکا افشردہ رات بھر رکھ چھوڑین تاکہ رقیق
اجزا غلیظ سے الگ ہوجائین اور رقیق کو چھان کے نوش کرین دوسرے اسکا پانی قلعیدار تانبے کے برتن یا چاندی کے برتن مین
رکھ کے ہلکی آگ پر چڑھادین اور کف نکالین جب پانی پھٹے ہوئے دودھ کیطرح رہ جائے اوتار کے کپڑے کی دوہری تہ مین چھان لین
اور کام مین لائین ماء الہندباء الیابس اسکو خشکیدہ کاسنی بھی کہتے ہین حمیات مرکبہ مین اگر بلغمیت زیادہ ہو آب برگ کاسنی
بہت نفع کرتا ہے اور بارہا تجربہ کیا گیا ہے ترکیب تخم کاسنی چار تولہ نیمکوب پانی یا عرق بادیان وغیرہ مین رات کو بھگوئین صبح
دو گھڑی رات رہے سے دبیز کپڑے کی صافی مین قطرہ قطرہ کرکے تہات مرتبہ چھانین پھر ہمراہ شربت دینار و اقراص مناسبہ مثل
قرص ورد کام مین لائین چالیس یا بیس روز تک پلانا طبیب کی راے پر منحصر ہے اور ابتدا سے انتہا تک کاسنی کی مقدار
بھی یکسان رکھین بچون اور ضعیفون کو دو تولہ سے شروع کرائین ماء عنب الثعلب براے حمیات کہ ورم جگر و معدہ سے ہوا ور مع یرقان
ہو اور حمیات مرکبہ مین نافع ترین اشیاء سے ہے اور اسکا استعمال اور بنانا مثل ماء الہندباء کے ہوتا ہے جو قریب ہی بیان ہوچکا اور چاہیے
کہ عنب الثعلب سیاہ شاخ و برگ نہ ہو کہ مورث جنون سے ہے ماء الشاہترج یعنے آب شاہترہ سبز مروق براے تپہاے
دموی ہمراہ شربت عناب وغیرہ و براے حمیات سوداوی و جرب ہمراہ سکنجبین افتیمونی و سفوف لاجورد وغیرہ و براے تفتیح سدد و
تصفیہ خون ہمراہ سکنجبین و شربت بزوری مفید ہے اگر تلیین منظور ہو تو ترنجبین و شیر خشت و فلوس خیار شنبر وغیرہ کے ساتھ استعمال کرین ترکیب
شاہترہ تازہ کوٹ ڈالین پانی اسکا چھان کے مع قدرے پوست بلیلہ زرد براے رفع ضرر سبز ایک رات بسا کے دوسرے دن صاف
کرین اور بقدر تیس مثقال سے پینسٹھ مثقال تک نوش کرین نیز اگر آب شاہترہ بطریق کاسنی آگ پر مروق کرلین تو تصفیہ خون مین
عدیل نہین رکھتا اگر آب شاہترہ مروق سفوف چوب گز کیساتھ استعمال کرین تو رفع مادہ جرب و آتشک مین چوب چینی کے منافع
کے قریب ہوجاتا ہے ماء الخلاف براے مواد دموی و بلغمی و سوداوی و صفراوی و تفتیح سدہ و تقویت معدہ و آلات تنفس مفید ہے
ترکیب برگ بید نرم و تازہ کوٹ کے اسکا پانی رات بھر بسائین تاکہ نتھر جائے اور چھ سات تولہ مناسب شربت کیساتھ پئین
ماء القرع و ماء الخیار براے تپ دموی و صفراوی و اخلاط محترقہ حارہ نافع ہے و ترطیب مزاج و رفع تشنگی کرتی ہے اور تپ
دق و سرسام کیواسطے نافع ہے ترکیب خیار یا کدوے تازہ کو چاقو کی نوک سے چند مقامات پر چھید ڈالین پھر گل زرد یا آرد جو مین ایک

ایک ادنگل دبیز لپیٹ کے تنور مین رکھین یہانتک کہ بُھن جاے صبحکو تنور سے نکال کے مٹی یا خمیر جھاڑ ڈالین اور اُسکی بوندی کاٹ کے
نچوڑین پھر چھان کے ہمراہ شربت نیلوفر دین سات تولہ سے شروع کرنا چاہیے اور ایک یا دو تولہ روزانہ بڑھاکے ایک رطل تک پہنچا دین
اور جاننا چاہیے کہ ماء القرع صفرا کیطرف مستحیل ہو جاتا ہو لہذا ایسے مزاج والون کو جنکے متعلق اندیشہ استحالہ بجانب صفرا ہو ہمراہ حموضات
مناسبہ استعمال کرین اور اگر سرفہ مانع استعمال حموضات ہو سویق جو شربت نیلوفر کیساتھ دینا بہتر ہے ماء الخیار مستحیل بصفرا نہین ہوتا
ماء البطیخ الہندی یعنے آب تربوز براے حمی دق وتپہاے گرم وحرارت جگر نافع بعضے کہتے ہین کہ مثل آب کدو مستحیل بصفرا ہو جاتا ہے
صاحب قادری کا قول ہے کہ ایک ہفتہ تک ابتداے تپ مین نہ دینا چاہیے کیونکہ اگر مستحیل بصفرا ہوگا تو حمی صفراوی مین زیادتی
ہو جائیگی بعد اسکے کہ آب کدو کثیر المائیت جائز نہین ہے کیونکہ منضج مادہ ہوتا ہے اور سکنجبین کے ہمراہ براے تنقیح سدہ وادرار بول و
یرقان ومواد محترقہ واعانت منضم اور تمر ہندی کے ساتھ براے مواد صفراوی وجرب وحکہ اور ہمراہ شیرخشت براے تپہاے حادہ
ودفع خلط ردی الکیفیۃ کہ کم مقدار ہو مفید ومولد خون رقیق وبلغم شیرین ہے مرطب بدن ومضر سپرز ومعدہ بارد ہے اور اوسکا مصلح گلقند
وعسل وقند ہے ماء الجبن براے حمیات سوداویہ نافع ترین اور علل حارہ سوداویہ والتہاب وحرقت البول وضعف کلیہ وقروح
مثانہ ودیگر قروح حدیثہ وقدیمہ بدن وحرارت کبد ونحافت بدن وجرب وحکہ وکلف مستعمل ہے قروح مثانہ وتعسب مین استعمال
کرتے ہین تو اسمین نمک داخل نہین کرتے اور سکنجبین کے عوض ہمراہ پنیر مایہ بچہ بز شیر مناسب وشیر بز یا دو گاو کو ظرف نقرہ یا آہنی
قلعیدار مین ڈال کے ہلکی آگ پر دو تین جوش دین اور پھر جوش مین سکنجبین صادق الحموضت یا سرکہ انگوری بقدر ایک دو تولہ
یا آب لیمون یا غورہ وقدرے نمک لاہوری ڈالدین اور انجیر کی لکڑی جسکا سرا چار پارہ کیا ہو اُس سے چلائین کہ دودھ پھٹ جاے
پھر برتن کو آگ سے اتار کے تین تہون کی صافی سے چھانین اگر نیلا پانی ہو جاے بہتر ورنہ تھوڑا نمک ڈال کے پھر دو تین جوش دین
اور صاف کرکے شربت نیلوفر یا جو مناسب ہو ملاکے پئین سات تولہ سے شروع کرکے نصف رطل تک لیجائین تین دن کے بعد
گھٹادین آٹھوین دسوین دن مسہل سفوف سودا دین اور تین چار یا ایک ہفتہ کے بعد سفوف لاجورد سے بدن کا تنقیہ کرین مریض
ضعیف ہو تو ماء الجبن کے بعد مسہل دین اور مسہل کے دوسرے دن مقویات قلب ودماغ ومعدہ مثل آملہ مربی وہلیلہ واطریفلات
ہمراہ شیرجات دین تنقیہ کی ضرورت ہو تو ماء الجبن سے پہلے تنقیہ کرین اور چار روز کے بعد ماء الجبن شروع کرین سفوف لاجورد
وشربت مسہل سودا وحب افتیمون امراض سوداویہ مین اور سفوف چوب گز ناز فارسی بہق وجرب وسعفہ ہمراہ ماء الجبن استعمال
کرین اور کبھی تلیین کیواسطے تنہا شیرخشت وترنجبین کیساتھ دیتے ہین تحلیل ریاح منظور ہو تو گلقند ملاکے دین اگر طبیعت نجیب
اور مادہ قلیل ہو ماء الجبن سادہ عجیب النفع ہے نیم گرم پینا چاہیے غذا چار یا پانچ گھنٹہ کے بعد کرین آش جو یا شوربا خشکے اور روغنی
پھلکے کے ساتھ کھائین یا یخنی پلاؤ ماء الشعیر اطباء کا اجماع اور اتفاق ہے کہ کوئی غذا اور دوائی مثل ماء الشعیر کے کثیر المنافع

نہین ہے اور اسکی دس صفتین ہین اول بارد ہے دوسرے منضج تیسرے مستفرغ مواد محترقہ چوتھے منقی معدہ پانچوین مسہل العفونت تمام بدن مین چھٹے لذیذ ساتوین معتدل الغذا آٹھوین مسکن عطش نوین ہیجان اخلاط فاسدہ نہین کرتا دسوین معدہ مین نفخ نہین پیدا کرتا لیکن ماء الشعیر مرخی معدہ و مضر احشاء بارد و نفاخ ہے اسکا مصلح گلقند ہے طریق طبخ یہ ہے کہ جو مقشر تانبے کے قلعیدار برتن مین صاف پانی دہ چند ڈالکر نرم آگ پر پکائین اور درمیان مین پانی بدلدین بلکہ مناسب یہ ہے کہ سات مرتبہ پانی بدلین بعد اسکے مل اور صاف کرکے ہمراہ گلاب عرق کیوڑہ شربت انار یا مصری نوش کرین اگر اچھی طرح نہ پکے تو دوا اور غذا دونون مین ماء الشعیر نہ دینا چاہیے کیونکہ جب معدہ مین جمع ہوتا ہے تو طبیعت اسکے ہضم کرنے مین متحیر ہوتی ہے پس اُسکی منفعت باطل ہوجاتی ہے رگون اور مجاری کو صاف کرتا ہے اور ادرار بول یا پسینہ کے ذریعہ سے رفع مواد بھی کرتا ہے ماء الشعیر دینے سے چار گھنٹہ کے بعد اگر کوئی شربت یا سکنجبین دی جاتی ہے تو سردی و تری جو ماء الشعیر سے حاصل ہوتی ہے بتدریج سکنجبین سے تمام جسم مین اثر کرجاتی ہے ابتدا مین اگر مادہ حاد ہو رقیق دینا چاہیے انتہائے مرض کے قریب کشکاب نہ دین جہانتک قوت قائم رکھنے کی ضرورت ہو اور انحطاط کشکاب گاڑھا دین اگر قبض ہو اور امعاء مین ثقل پایا جاے کشکاب نہ دینا چاہیے اسیطرح دوسری کوئی غذا ایسی صورت مین پہلے حقنہ کرین تاکہ تلیین طبع کرے بعدہ غذا دین اگر تقویت زیادہ مطلوب ہو ماء الشعیر لحم دین اسکے بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ گوشت پکاکے گلالین پھر کشک جو کے ساتھ پکائین اور صاف کرکے پئین دوسرا طریقہ یہ ہے کہ ماء الشعیر پکاکے اتارتے وقت گوشت کی یخنی ڈالکے خوب کرارا جوش دین کہ ماء الشعیر مثل قوام کے ہوجاے ماء الشعیر محمص یعنی آش جو بریان وہ قابض شکم ہوتا ہے جو مقشر کرکے بریان کرین پھر حسب دستور پکائین اور اگر خشخاش و دیگر ادویہ قابضہ بڑھادین بہتر ہوجاے گا

فصل چوتھی معجونات کے بیان مین۔ **معجون بنفشہ** مسہل بلغم و صفرا نافع صداع **ترکیب** سنا مکی پچاس درم تربد موصوف گاؤزبان گلسرخ ہر ایک پانچدرم گل بنفشہ گل نیلوفر مویز منقی ہر ایک دس درم ترنجبین تیس درم شیرخشت پچیس درم عسل پچاس درم گلاب مین قوام کرین خوراک تین درم **معجون انطاکی** براے صداع بارد مزمن و تنقیہ دماغ و تقویت حواس و اصلاح معدہ مجرب ہے **ترکیب** انیسون گلسرخ گل بنفشہ ہر ایک سات درم عود ہندی پانچدرم صبر غاریقون کباب چینی ہر ایک چار درم مرمکی زعفران حلتیت ہر ایک تین درم صمغ کو سرکہ مین حل کرین باقی دوائین کوٹ چھان کے سہ چند شہد مین ملادین اور دو درم سے چار درم تک استعمال کرین اسکی قوت چار برس تک باقی رہتی ہے **معجون راحت** براے صداع عصبی و امراض حارہ مفید ہے تپ دق مین نافع معمول حکیم عابد سرہندی **ترکیب** کافور قیصوری نیم مثقال مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی طباشیر فاقلتین ہر ایک ڈیڑھ درم صندل سفید تخم شاہترہ پوست بیخ الجبار مغز تخم خیارین مغز تخم ہندبانہ مغز تخم کدو تخم خشخاش سفید ہر ایک تین درم آملہ منقی حب الآس تخم کاہو تخم خرفہ صمغ عربی زرشک گلسرخ رب السوس ہر ایک ساڑھے چار درم ترنجبین چھ درم تخم کاسنی کشنیز مقشر ہر ایک ساڑھے سات درم گلاب عرق بیدمشک ہر ایک آٹھ استار رب بہ شربت رب انار شیرین

ہر ایک دو استار شکر طبرزد بارہ استار آب کدوے تازہ آب ہندوانہ ہر ایک ایک عدد آب عناب بیس دانہ سوکھی دوائین کوٹ
چھان کے ربوب اور عرقون و شکر مین قوام کر کے معجون بنائین خوراک ایک مثقال **معجون اسطوخودوس** برائے سدر و دوار نافع ہی
ترکیب اسطوخودوس تین تولہ کشنیز ایکتولہ مرزنجوش نو ماشہ مصطگی پوست ہلیلہ کابلی کندر ہر ایک چار ماشہ شہد سہ چند خوراک
چھ ماشہ سے ایک تولہ تک **معجون کشنیز** برائے منع صعود بخارات و سدر و دوار و دفع خفقان و توحش کہ ابخرہ سوداوی سے ہوتا ہی
مجرب ہی ترکیب بہمن سپید موتی پوست ہلیلہ کابلی کشنیز مقشر آملہ منقی ہر ایک پانچدرم طباشیر سفید تخم حماض گل گاؤزبان
ہر ایک تین درم پوست ترنج ایکدرم نبات سفید سہ چند گلاب عرق بید مشک ہر ایک پاؤ بھر ورق نقرہ نیمدرم بطریق معہود
معجون بنائین خوراک چھ ماشہ **معجون حفظ** معمول ملا اسعد بہ ترکیب پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ منقی دارچینی وج ترکی ہر ایک
پانچدرم زنجبیل فلفل دار فلفل کندر ہر ایک تین درم بلیلہ سعد کوفی ہر ایک چار درم مغز پستہ سات درم مویز منقی پچاس درم دوائین کوٹ
چھان کے مویز مین پیس کے ملادین **معجون** دافع نسیان و دیگر امراض دماغی بارد و مقوی اعصاب و ہاضم طعام نافع سلسل البول و اوجاع
مفاصل مستعمل بعد تنقیہ و دافع بلغم و موافق مشائخ و مقوی معدہ و قائم مقام معجون فلاسفہ فوائد مین ترکیب گل بابونہ سعد کوفی کندر
ہر ایک پانچ مثقال سونٹھ فلفل دار فلفل خولنجان آملہ پوست بلیلہ زرد زرنباد سورنجان شیرین ثعلب مصری مغز بادام مغز فندق
ہر ایک دس مثقال مویز منقی بیس مثقال عسل سہ چند خوراک دو درم **معجون جدوار** مجرب برائے نسیان حادث برودت و رطوبت
ترکیب جدوار فاوانیا عود ہندی بسباسہ انجدان بابونہ اسارون برگ سداب اذخر مکی ایرسا جوزبوا دارچینی دار فلفل کندر سعد ہر ایک
تین مثقال جند بیدستر زعفران مشک فلفل سیاہ خردل ہر ایک ایک مثقال قرنفل فوذنج فلفل سفید ہر ایک دو مثقال مغز نارجیل
مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز فندق مغز بادام ہر ایک سات مثقال شہد تین سو مثقال معجون بنائین **معجون حافظ العقل** اختراع حکیم
علویخان حفظ و تقویت حواس ظاہری و باطنی و تزکیہ عقل و ذہن و فکر مین مجرب ہی ترکیب شیر آملہ دس مثقال پوست ہلیلہ زرد
و کابلی و ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ ہر ایک پانچ مثقال طباشیر صندل سفید گلاب سودہ ابریشم مقرض کندر بادرنجبویہ تمام مغز نارجیل
مغز پستہ اسطوخودوس گل بابونہ ہر ایک ایک مثقال کوٹ چھان کے روغن بادام بیس مثقال مین چرب کرین مویز منقی شہد و
نبات ہر ایک پینتالیس مثقال پہلے مویز کو عرق فرنجمشک مین پکائین کہ گل جاے مل اور صاف کر کے عسل و نبات ملا کے قوام
کرین اور باقی دوائین آمیز کر دین خوراک دو مثقال **معجون** منع نسیان و فالج و لقوہ و رعشہ و صرع مجربات انطاکی سے ہے
ترکیب اسطوخودوس گل نسرین ہلیلہ کابلی ہر ایک سات درم شونیز مصطگی فلفل سفید و سیاہ دارچینی ہر ایک چار درم صبر راوند
غاریقون کندر مغز پستہ سکبینج ہر ایک تین درم مشک عنبر ہر ایک دس قیراط کوٹ چھان کے عسل خالص مین ملا کے دو درم استعمال
کرین غلبہ رطوبت کی صورت مین سعد کوفی مثل صبر و حاج و زنجبیل ہر ایک مثل اسطوخودوس بڑھائین اس دوا کی قوت

سماق سماق نمک باقی رہتی ہے ایضاً شیخ الرئیس کے مجربات سے ترکیب سعد کوفی کندر فلفل سیاہ زعفران مرکی سب مساوی شہد میں ملا کے
یکدرم ہر صبح کھائیں معجون وج نافع نسیان مسخن اعصاب معمولی سے ترکیب وج ترکی دس درم فلفل گرد زنجبیل شونیز لیمون
شیطرج ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے نیم رطل شہد میں ملا کے ایک مثقال ہمراہ عرق بادیان کھائیں معجون نجاح اسکی مداومت
مالیخولیا سے فلاں بخشتی ہے اور صرع و جمیع امراض دماغی سوداوی میں سودمند ہے خون کو سودا سے پاک کرتی ہے اور بلغم لطیفہ کو اسہال
کے ذریعہ سے نکال دیتی ہے اختناق الرحم میں بالخاصیت نافع ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ
ہر ایک دس درم بسفائج افتیمون اسطوخودوس تربد مجوف مصفی ہر ایک پانچدرم کوٹ چھان کے روغن بادام میں چرب کریں
اور سہ چند شہد میں ملادیں چالیس دن کے بعد استعمال کریں خوراک پانچدرم ہمراہ آب گرم معجون مفرح نسخہ یحیٰی برائے مالیخولیائے
مراقی نافع ہے ترکیب ہلیلہ سیاہ آملہ ہر ایک دو جزو گاؤزبان بادرنجبویہ گلسرخ بہمنین کشنیز خشک ابریشم مقرض ہر ایک ایک جزو
کوٹ چھان کے شربت سیب سہ چند ادویہ ملاکے معجون بنائیں خوراک تین درم معجون مخرج خلط سوداوی و بلغم محترق اور اکثر
منافع رکھتی ہے مجربات حکیم محمد علیم اللہ مرحوم سے ترکیب پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ ہر ایک دس درم اسطوخودوس
تربد موصوف افتیمون بسفائج ہر ایک پانچدرم غاریقون تین درم پوست ترنج گاؤزبان مصطگی ہر ایک دس درم دانہ ہیل
ایک مثقال دانہ الائچی کلاں نارمشک درونج عقربی ہر ایک دو مثقال سقمونیا مشوی لاجورد مغسول گل ارمنی ہر ایک ڈھائی
درم ریوند چینی زعفران ہر ایک ایکدرم عسل مصفی سہ چند بدستور معجون بنائیں معجون مسہل انطاکی سے برائے اسہال جمیع اخلاط
حادہ و محترقہ و مواد جذام و جمیات مجرب ہے و مزیل عطش و مخرج مواد مراق ترکیب بادیان صندل زرد تخم خطمی تخم خبازی ہر ایک
چار مثقال گلسرخ دس مثقال پوست ہلیلہ زرد تخم کشوث افسنتین بنفشہ ہر ایک پندرہ مثقال عناب سپستان مویز منقی ہر ایک
تیس مثقال آلو بخارا تمر ہندی ہر ایک نیم رطل سب کو پانی میں جوش دے اور صاف کرکے تیس مثقال ترنجبین اور ہموزن ادویہ شکر سفید
میں قوام کریں اور پرسہ طباشیر کتیرا صمغ عربی سقمونیا نشاستہ ہر ایک پانچ مثقال چھوڑ دیں اگر قوی مسہل بنانا ہو ترنجبین دو چند
ادویہ اور سقمونیا سات مثقال بڑھا دیں خوراک ایک مثقال سے سات مثقال تک معجون نافع کابوس ترکیب پوست ہلیلہ زرد
پوست بلیلہ آملہ اصل السوس ہر ایک نیم درم مصطگی دارچینی ہر ایک ایکدرم تربد موصوف دو درم سونٹھ چار درم گلقند شکری ڈیڑھ درم
ادویہ کوٹ چھان کے روغن بادام یا گاؤ میں چرب کرکے سہ چند شہد خالص و گلقند میں ملادیں خوراک چھ درم معجون ہلیلہ مسہل
استنباط حکیم علوی خان نافع برائے کابوس بارد جو بلغم و سودا سے لاحق ہو مجرب ہے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ منقی گاؤزبان
بادرنجبویہ افتیمون افسنتین رومی ہر ایک سات مثقال انیسون دو تولہ قرومانا حب بلسان ہر ایک تین مثقال فادانیا عود ہندی ہر
سداب تخم سداب تخم سیسالیوس ہر ایک دو مثقال سکبینج ایک مثقال فرفیون نیم مثقال گلقند سات مثقال

عسل مصفی اکیس تیس مثقال گلقند کو گلاب و عرق دارچینی ہر ایک ایک من طبرزی مین مل کے خوب حل کرین اور جوش دے کے
اتارلین شہد صاف کرکے اسمین قوام کرلین دوائین کوٹ چھان کے روغن بادام بیس مثقال مین چرب کرکے ملادین خوراک دو درم اگر
عنبر اشہب و مشک ترکی تہائی مثقال ملاکے بنائین تو معجون قوی تر ہوجاتی ہی معجون سیسالیوس صرع بلغمی مین کوئی دوا اس سے
بہتر نہین ہی ترکیب سیسالیوس اسطوخودوس عاقرقرحا ہر ایک دس درم غاریقون پانچ درم قردمانا حلتیت زراوند مدحرج عود بلسان ہر ایک
ڈھائی درم کوٹ چھان کے شہد جسمین اسکے ہموزن آب عنصل مین قوام کیا ہو ملائین خوراک ایک مثقال سکنجبین عنصلی مین ملائین تو اور
بہتر ہو حکیم علی کے نسخہ مین خربق ڈھائی درم عسل السوس دس درم بھی داخل ہی معجون زبیب مخترع جالینوس برائے اصحاب صرع بلغمی
بعد تنقیہ معمول ہی ترکیب ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد بلیلہ آملہ اسطوخودوس ہر ایک دس درم عود صلیب پانچ درم عاقرقرحا تین درم ہمراہ
زبیب منزوع العجم ایک رطل معجون بنائین خوراک پانچ درم معجون تالیف محمد ذکریا رازی جسکی ہفتہ مین کہ صرع کی نوبت ہو اگر
اُس ہفتہ مین ہر روز نخود کے برابر کھائی جاوے تو اُس ہفتہ مین صرع کا دورہ نہ پڑیگا مداومت صرع کو زائل اور فالج و لقوہ کو کھو دیتی ہی
ترکیب اسطوخودوس بسفائج عاقرقرحا مساوی کوٹ کے ہمراہ سکنجبین عنصلی یا زبیب معجون بنائین معجون عود صلیب نافع صرع
ترکیب عود صلیب عاقرقرحا پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک ایکدرم جند بیدستر چار درم زرنبل اسطوخودوس دارچینی قرنفل سنبل الطیب
علک البطم مصطگی زرنب درونج ہر ایک دو درم عسل سہ چند خوراک ایک مثقال سے ڈیڑھ مثقال تک معجون نافع صرع معہ
خفقان و وحشیت مزاج ہو ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ آملہ ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب
کرکے اسطوخودوس ڈھائی درم عود صلیب دارچینی صعتر فارسی قرنفل ہر ایک ایکدرم عاقرقرحا نیم درم کشنیز مقشر لاجورد مغسول گاؤزبان
گل گاؤزبان ہر ایک دو درم مویز منقی یکچند عسل دو چند معجون اسطوخودوس تالیف حکیم علوی خان جو ... کے بعد استعمال کیجاتی ہے
ترکیب اسطوخودوس افتیمون عاقرقرحا بسفائج عود صلیب ہر ایک چار مثقال مویز منقی دس مثقال شہد سہ چند ادویہ مین ملائین
خوراک دو مثقال معجون تالیف الطاف کی جسکا نام معجون جامع الاثر ہی مجرب ہی برائے تفتیح سدد و تقویت ذہن و عقل و تنقیہ ریاح و سودا
بالجملہ تمام امراض دماغی کیواسطے نافع ہی ترکیب اسکی یاد رکھنا چاہیئے ترکیب پوست ہلیلہ کابلی ایک جزو غاریقون زنجبیل کشنیز خردل
اشنہ تخم کرفس صبر ہر ایک نیم جزو گلسرخ مصطگی سنبل الطیب عود ہندی ہر ایک ربع جزو زعفران قسط مشک عنبر لادن ہر ایک
آٹھوان حصہ جو حل کرنے والی چیزین ہون گلاب مین حل کرین باقی عقاقیر مین پیسین اور انکے ہموزن شہد کف گرفتہ ملادین خوراک
ایک مثقال معجون جدید مقوی دماغ و اعصاب ہی ترکیب عود صلیب تین ماشہ دارچینی تین ماشہ مصطگی رومی لوزیدان ہر ایک دو
ماشہ سورنجان چار ماشہ شقاقل خولنجان ہر ایک دو ماشہ بہمنین ہر ایک چار ماشہ گاؤزبان بادرنجبویہ بالچھڑ اشنہ بسباسہ ہر ایک دو
ماشہ عود غرقی ایک ماشہ ہلیلہ کابلی چار ماشہ قسط شیرین دو ماشہ لونگ ڈیڑھ ماشہ دانہ ہیل دو ماشہ ثعلب مصری تین ماشہ برگ

قرنفل بسباسہ سعد ہر ایک دو ماشہ زعفران ڈیڑھ ماشہ تخم خشخاش چار ماشہ فلفل دار فلفل درونج عقربی لسان العصافیر نعناع اسطوخودوس ساذج ہندی سلیخہ ہر ایک دو درم زرنباد ایک ماشہ عسل سفید سہ چند مشک خالص ایک ماشہ کوٹ چھان کے بطریق معروف معجون بنا لین معجون سیر تالیف حکیم علویخان برائے فالج وغیرہ امراض بلغمی وسوداوی وتریاق سموم ہے زمستان مین چالیس دن تک اسکی مداومت مفید ومعمول ہے ترکیب گل گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک پچیس مثقال بسفائج ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی عنب الثعلب ہر ایک ساڑھے بارہ مثقال رات کو بارہ رطل پانی مین بھگو کے صبح کو جوش دین کہ خوب مہرا ہو جائے پھر دو رطل شیر گاؤ اسمین ڈال کے جوش دین کہ دودھ گاڑھا ہو جائے کپڑے سے چھان کے روغن گاؤ ایک رطل ملا کے خوب بریان کرین کہ روغن جذب ہو جائے اور چمچہ سے چلاتے رہین کہ جلنے نہ پائے پھر سہ چند شہد مین قوام کرین اسکے بعد زنجبیل فلفل سیاہ وسفید وسلیخہ وکبابہ ودار فلفل وقرنفل وخولنجان وبہمنین دو مثقال وگل بابونہ ومرزنجوش ہر ایک پانچ مثقال زعفران عنبر اشہب ہر ایک ایک مثقال پیس کے ملا دین اور چینی کے برتن مین رکھ چھوڑ دین چالیس دن کے بعد ایک مثقال کھائین معجون چوب چینی مخترع حکیم ممدوح اور وہی نفع رکھتی ہے ترکیب برادہ چوب چینی بیس تولہ گل گاؤزبان بہمنین شقاقل ہر ایک دو تولہ خصیۃ الثعلب چار تولہ خولنجان تین تولہ ابریشم مقرض ایکتولہ جدوار خطائی ورق طلا ہر ایک دو درم مغاث بغدادی تین مثقال کوٹ چھان کے سہ چند شہد مین قوام کرین خوراک پانچ مثقال سے سات مثقال تک معجون معدل المزاج مفلوج کیواسطے بعد تنقیہ بہت مفید ہے ترکیب فلفل زنجبیل شونیز زیرہ کرمانی وج شیطرج اجزا مساوی کوٹ چھان کے عسل منقی مین تر کر دین خوراک ایک مثقال ہمراہ آب کہ جسمین نانخواہ انیسون وتخم شبت کو پکالیا ہو استعمال کرین معجون ہندی برائے فالج ولقوہ بمباحث والد مرحوم ومغفور سے ترکیب فلفل دار فلفل وج خراسانی تج باربرنگ شیطرج اسطوخودوس بادیان اصل السوس مقشر مویز منقی سب برابر شہد خالص دو چند خوراک ایکتولہ تک معجون کچلہ مجرب برائے فالج رعشہ واختلاج ترکیب کچلہ کو ایک شبانہ روز گائے کے دودھ مین بھگو دین دوسرے دن وہ دودھ نکال کے دوسرا دودھ بدل دین اسی طرح سات بار دودھ کو تبدیل کرین پھر تازہ شیر دیگ مین ڈالین اور کچلہ مذکور کو تھیلی مین باندھ کے اسی دیگ کے اندر معلق لٹکا دین کہ دیگ کی تہ اُس سے ملنے نہ پائے اور پکانا شروع کرین کہ دودھ خشک ہو جائے بعدہ نکال کے دھو ڈالین اور اسکا چھلکا چھیلین باریک سوہان کرکے بیس درم برادہ لے لین فلفل سفید فلفل سیاہ دارچینی جوزبوا بسباسہ مصطگی عود بلسان زنجبیل عود ہندی قرنفل سعد کوفی آملہ سنبل الطیب قاقلہ خرد ہیل صندل سفید زعفران دار فلفل بادیان ہر ایک ایکدرم عسل سفید سہ چند جمیع ادویہ ملا کے بطریق معروف معجون تیار کرین خوراک نصف مثقال سے ایک مثقال تک نوعدیگر برائے قلع عادت افیون مجرب اور رفع فالج ولقوہ واسترخا وامراض باردہ ودرد مفاصل وعرق النساء وسلس البول نہایت نافع ہے ترکیب کچلہ مدبر بطریق سابق چھ مثقال خوب پیس ڈالین گل گاؤزبان چار مثقال ہیل زرنباد شقاقل صندل سفید آملہ ہلیلہ سیاہ ہر ایک دو مثقال عود ہندی ایک مثقال اسطوخودوس کتیرا نارجیل مغز چلغوزہ ہر ایک تین

مثقال قرنفل ایک مثقال شہد سہ چند ادویہ خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک معجون علوبخان تمرد گزار مین بعد تنقیہ کے برائے
تحلیل ریاح غلیظہ معمول ہی ترکیب زراوند طویل دو تولہ زراوند گرد تین تولہ زرنباد درونج عقربی قاقلہ صغار ہر ایک دو تولہ عود مصطگی
زنجبیل ہر ایک ایک تولہ بسفائج تین تولہ کوٹ چھان ڈالین گل گاؤزبان بیس تولہ پانچ رطل پانی مین بھگو دین صبحکو جوش کرین جسوقت تہائی
رہ جائے صاف کر کے علیحدہ رکھین مویز منقی بھی بیس تولہ بدستور مطبوخ کر کے دونون کو ملا دین نبات دو سیر اکبری شربت انار ولائتی ساٹھ
تولہ قوام کر کے عنبر اشہب ایک مثقال کیوڑے مین حل کیا ہوا اور ادویہ مذکورہ ملا کے رکھین خوراک دو مثقال ہمراہ عرق نانخواہ یا تنبول
معجون اگر ہر تیسرے دن استعمال کیجائے رعشہ کیواسطے مجرب ہی انطاکی سے ترکیب اسطوخودوس قنطوریون قرنفل ہر ایک دس
درم ہلیلہ کابلی صعتر دارچینی ہر ایک سات درم تربد غاریقون حلتیت جند بیدستر ہر ایک چار درم زعفران عاقرقرحا ہر ایک تین درم
شہد مین ملا کے بقدر دو مثقال ماء العسل کیساتھ استعمال کرین معجون مقوی دماغ و اعصاب نافع امراض بارد دماغی مثل خدر وغیرہ ترکیب
عود صلیب دارچینی خصیۃ الثعلب ہر ایک تین ماشہ مصطگی بوزیدان شقاقل خولنجان گاؤزبان برگ بادرنجبویہ بالچھڑ اشنہ بسباسہ برگ
فرنجمشک سعد کوفی ہر ایک دو ماشہ سورنجان بہمنین تخم خشخاش ہر ایک چار ماشہ دارفلفل فلفل سیاہ درونج عقربی لسان العصافیر زرنباد
اسارون اسطوخودوس ساذج ہندی سلیخہ ہر ایک دو درم زرنباد زعفران ہر ایک چار رتی مشک خالص نیم مثقال عسل خالص سہ چند
ادویہ بطریق متعارف معجون بنائین معجون منڈی نافع امراض چشم و سرخی چشم ترکیب پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی و ہلیلہ سیاہ آملہ
کشنیز خشک شاہترہ اصل السوس ہر ایک ایک تولہ گل منڈی برابر ادویہ قند سہ چند ہلیلجات روغن مین چرب کر کے قند مین قوام کر لین
خوراک دو تولہ معجون رمد ریحی مین نہایت مفید ہی ترکیب گل گاؤزبان تین تولہ رات کو گرم پانی مین بھگو دین صبحکو جوش دین
تہائی حصہ جب پانی کا رہ جائے مویز منقی ڈھائی تولہ بھگوئے ہوئے جوش کر کے نبات سفید ایکپاؤ شربت انار ساڑھے سات تولہ
مین قوام کر لین اور زراوند طویل درونج زرنباد قاقلہ ہر ایک تین ماشہ زراوند مدحرج عود مصطگی بسفائج زنجبیل ہر ایک ساڑھے چار ماشہ
کوٹ چھان کے عنبر اشہب ساڑھے چار سرخ عرق کیوڑہ مین حل کر کے قوام مذکور مین ملا دین معجون وج بعد تنقیہ دماغ اسکا استعمال
ابتدائے نزول الماء و خیالات و انتشار مین کیا جاتا ہی ترکیب معجون ایارج فیقرا بادیان صعتر فارسی مساوی حلتیت ربع جزو کوٹ کے
سہ چند عسل مین کہ جو دو چند عرق بادیان مین جوش کر کے قوام کیا گیا ہو ملا دین ہر روز بقدر بندق استعمال کرین معجون نافع ضعف بصر
ترکیب ایارج فیقرا چار مثقال اطریفل کشنیزی تیئیس مثقال افتیمون آٹھ مثقال بیس کے سب کو باہم ملا دین ہر روز تین مثقال چار مثقال
دو بلکہ تین ماہ تک کھائین معجون عجیب الفعل و عجیب النفع - بخر و قطع بخار و بدبوئے دہن و معدہ و دندان و جلائے صوت و ہضم
و تقویت و مطیب نکہت و سرخی لب و تشدید اسنان و لثہ کرتی ہی بالجملہ معدہ اور دہن کے متعلق اسکے بہت سے فائدے ہین
انطاکی سے ترکیب ہلیلجات برگ آس قرفہ آملہ سعد کوفی سنبل الطیب پوست ترنج فقاح اذخر مصطگی ہر ایک ایک جزو مشک

قرنفل جوزبوا کبابہ قاقلہ کبار زنجبیل ہر ایک نیم جزو انیسون عود ہندی گلسرخ صندل سفید رامک بسباسہ ماز و صمغ عربی ترنج کندر صدف سوختہ اظفار الطیب فلفل طباشیر سماق گل ارمنی مرداریدنا سفتہ اشنہ بیخ سوسن جعدہ تخم کرفس سیعہ بابسہ سازج ہندی نعناع تمام کا فور تقیم ہر ایک ربع جزو کوٹ چھان کے گلاب و آب سیب و شراب خوشبودار میں تر کریں پھر شہد ڈال کے ہلکی آگ پر ہلائے رہیں یہانتک کہ قوام آجاے اور ایک مثقال تک کھائیں معجون ہندی براے لکنت زبان نہر باد دلنگا مجرب ہی ترکیب زیرہ کرمانی فلفل گرد دار فلفل ہر ایک ایکتولہ قرفہ نمک نفطی ہر ایک چھ ماشہ قند سیاہ دو تولہ شہد دوچند خوراک دو درم معجون زوفا خون ذوتین مین اور براے نضج مواد محتبسہ سینہ مجرب ہی ترکیب فرماتا فلفل ہر ایک تین مثقال مغز بادام تلخ زراوند مدحرج تخم انجرہ ہر ایک پانچ مثقال رب السوس زوفاے خشک پرسیاوشان ہر ایک دس مثقال عسل سہ چند مین ملائین خوراک دو مثقال ہمراہ مطبوخ زوفا اور بعض پرسیاوشان کے عوض مین مشکطرا مشیع دیتے ہین معجون رب السوس نافع ربو وضیق ومخرج رطوبات لزجہ و مدہ صدر سے مجربات حکیم علی سے ترکیب زراوند مدحرج تخم انجرہ فرماتا فلفل مغز بادام تلخ حب الرشاد زوفاے خشک پرسیاوشان ہر ایک ایکجزو رب السوس دوجزو کوٹ چھان کے عسل کف گرفتہ مین معجون بنائین خوراک تین درم سے چار درم تک اُسکے بعد خمیرہ بنفشہ پانی مین حل کرکے بتدریج پئین کہ رطوبت و قیح مدہ کو دفع کرے معجون قفی نافع ربو و سرفہ و درد سینہ و معدہ و جگر و مدر بول و مصفی آواز ترکیب مویز منقی پچیس درم زعفران بالچھڑ سلیخہ دارچینی دار شیشعان ہر ایک ایکدرم قصب الذریرہ فقاح اذخر حلک البطم مقل ہر ایک ڈھائی درم مرکی چار درم جو حل کرنے والی ہون وہ دوائین شلث مین حل کرین اور جو کوٹنے کی ہین کوٹ ڈالین اور پکائین اور سب کو عسل مصفی مین ملائین خوراک ایکدرم ہمراہ شربت زوفا در دسینہ و سرفہ مین اور ہمراہ آب گرم درد جگر و معدہ کے واسطے معجون سعال سرفہ بلغمی و نزلی و اسہال مین معمول حکیم علی سے ہے ترکیب مرکی میعہ سائلہ افیون ہر ایک دو جزو زعفران روغن بلسان ہر ایک ایکجزو ہمراہ شہد سہ چند معجون بنائین معجون لبوب مفید سرفہ ترکیب مغز چلغوزہ مغز بادام مغز پنبہ دانہ مغز پستہ ہر ایک ایکتولہ خرما دو عدد تخم کتان بادیان ہر ایک دو درم اصل السوس مقشر برگ پودینہ ایرسا زوفا ہر ایک ایکدرم دارچینی صمغ عربی فلفل دار فلفل ہر ایک نیمدرم مویز منقی دو تولہ انجیر پانچ عدد و شہد سہ چند معقوم مین ملائین اور موافق مزاج کھائین معجون سرور براے سرفہ و تقویت آلات تنفس و احشا و تفریح و تنشیط نافع ہی اور مبہی و ہاضم و مشہی و موافق اکثر امزجہ ہی ترکیب عود قماری قرنفل خولنجان بہمنین انیسون ہر ایک ایک مثقال زنجبیل کوفتہ روغن بادام دو مثقال مین چرب کرین دارچینی کبیر النعناع خشک اسارون لسان العصافیر روغن بادام ہر ایک دو مثقال جوزبوا بنفشہ ہر ایک چھ مثقال خصیۃ الثعلب بالمیس مثقال شقاقل پچیس مثقال اگر بری ہو بہتر ہے عسل کف گرفتہ دوشاب زردک ہر ایک پچھتر مثقال اگر دوشاب زردک نہ ہو شہد دو سو دس مثقال لینا چاہیے معجون راح المومنین براے سعال وسوے تنفس نزلہ خفقان نافع مقوی باہ مشہی و مفرح ہی اور کوئی

(۲۰)

مضرت نہین رکھتی اور تجربہ کیا گیا ہی ترکیب مشک سودہ نیم مثقال جوز بوا کتیرا بیخ سوسن ہر ایک چار مثقال گاؤزبان خصیۃ الثعلب
ہر ایک پانچ مثقال تخم گزر نارجیل دارچینی حب صنوبر کبابہ ہر ایک دس مثقال شقاقل مصری بیس مثقال دوائین کوٹ چھان کر
پچاس مثقال پوست خشخاش کو جوش کرکے اور پچیس مثقال شیرہ تخم خشخاش ثفل نکالڈالین اسکے بعد دونون شیرے ہمراہ
شہد وآب سیب شیرین ایکسو مثقال آب زردک ایکسو پچاس مثقال ایک جا کر کے قوام کرین اور خشک دواؤن کو ملا کے معجون
بنائین معجون معمول نافع نفث الدم ترکیب کشنیز صمغ عربی کتیرا دم الاخوین لسد محرق کہربا طباشیر مصطگی ہر ایک ایکدرم
گل ارمنی گلنار اقاقیا زعفران ہر ایک نیمدرم تخم خشخاش بریان دو درم قند ایک پاؤ خوراک حسب مزاج ہمراہ شیرۂ تخم خرفہ
معجون صندل نافع خفقان حار ومانع قے وصعود ابخرہ معدہ سے دماغ رحم دفوائد عجیب وغریب رکھتی ہی ترکیب صندل
سفید آب شیرین مین پیس کے بیسدرم آب تمرہندی آب انار دارمی ہر ایک نصف رطل شکر سفید تین رطل اول شکر کا قوام
بنائین بعد اسکے صندل صافی سے چھانین اور ڈالدین کہ قوام کے قریب ہوجاے پھر آب انار وآب تمرہندی مین قوام کر کے
معجون بنائین آگ سے اُتارنے کے بعد طباشیر چار درم عود ایکدرم زعفران ایکدرم پیس کے اضافہ کرین اور شیشہ یا چاندی کے برتن
مین رکھ چھوڑین خوراک دو درم سے چالیس درم تک معجون طلا نہایت مقوی اور مفرح ہی نسخہ حکیم وارث علیخان ترکیب
طباشیر ساڑھے چار ماشہ دانہ ہیل درونج عقربی عود غرقی گاوزبان گل گاؤزبان بہمن سفید تودری سفید بوزیدان ہر ایک ساڑھے
تین ماشہ سنبل الطیب ساذج ہندی سعد کوفی ابریشم مقرض ہر ایک ڈھائی ماشہ دارچینی تین ماشہ بسباسہ جوز بوا گل سیوتی
گلنار ہر ایک دو ماشہ قرنفل ایک ماشہ مروارید ناسفتہ دو تولہ یاقوت سرخ لعل بدخشی زمرد بے جرم خوشرنگ ہر ایک ایک تولہ کہربا ے شمعی
زہر مہرہ خطائی ہر ایک تین ماشہ یاقوت کبود زبرجد ہر ایک چھ ماشہ لسد مرجان سنگ یشب ہر ایک ساڑھے تین ماشہ رب انار ولایتی
رب نہی رب ناسپاتی رب سیب ہر ایک آدھ پاؤ عصارۂ انگور شیرین دو تولہ شہد خالص ایک پاؤ نبات سفید آدھ سیر آدھ پاؤ
عرق کیوڑہ وگلاب عرق بیدمشک ہر ایک آدھ سیر مشک خالص نو ماشہ عنبر اشہب ڈیڑھ تولہ زعفران نو ماشہ ورق طلا ڈھائی
تولہ بدستور باقوی مرتب کرین خوراک دو تین ماشہ معجون طلاے دیگر مقوی دل ودماغ دافع خفقان وغشی ومنشط و
مقوی معدہ وجمیع اعضا معمول ومجرب ترکیب عنبر اشہب مشک خالص مروارید ناسفتہ یاقوت زمرد ہر ایک ایک مثقال
ورق طلا تین مثقال شہد بیس مثقال آب سیب شیرین آب انار شیرین نبات سفید ہر ایک ربع رطل گلاب نیم رطل عرق بیدمشک عرق گاؤزبان
ہر ایک ایک رطل معجون بنائین اور اگر بجاے ورق طلا ورق نقرہ ملائین تو اُسکا نام معجون نقرہ ہوگا نوع دیگر حکیم الملک نے مکرر تجربہ
کیا ہی ترکیب یاقوت لعل بدخشی مروارید کہربا ے شمعی مرجان زعفران ہر ایک تین ماشہ ورق نقرہ عنبر اشہب ہر ایک چھ ماشہ ورق طلا
ایکتولہ شربت فواکہ آدھ سیر قند وشہد ہر ایک ایکپاؤ معجون بنائین ایضاً حکیم ممدوح نے بادشاہ عالمگیر کے واسطے ترتیب دی ہی

ترکیب یاقوت رمانی لعل بدخشی مروارید ناسفتہ ہر ایک ساڑھے چار مثقال مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک ڈھائی مثقال زعفران
دو مثقال ورق طلا محلول پانچ مثقال شربت فواکہ شیرین آب انار شیرین آب بہ آب سیب شیرین ہر ایک ربع رطل عسل مصفی پچیس
مثقال نبات سفید دو رطل عرق بیدمشک عرق گاؤزبان گلاب ہر ایک ربع رطل بدستور مفرح مرتب کریں معجون نقرہ خفقان حار و مالیخولیا
میں مستعمل ہے اور نہایت مقوی اعضاے رئیسہ و مجرب حکیم مسیح الدولہ ترکیب مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی زمرد سبز عنبر اشہب ورق
طلا ہر ایک ایک مثقال یشب سبز کہربا شمعی بسد احمر زہر مہرہ خطائی طباشیر کبود ہر ایک چھ ماشہ ابریشم مقرض المکتولہ ورق نقرہ
چار تولہ آب سیب شیرین آب انار شیرین ہر ایک آدھ پاؤ نبات سفید عرق کیوڑہ عرق گاؤزبان عرق بیدمشک ہر ایک ایکپاؤ جواہر کو
عرق میں حل کر کے پانیوں اور عرقوں اور نبات کا قوام کریں پہلے عنبر حل کریں پھر اوراق طلا و نقرہ ایک ایک حل کریں باقی دوائیں
آمیز کر دیں خوراک ایک مثقال ہمراہ بدرقہ مناسب معجون علو یخان خفقان ریحی میں مستعمل ہے ترکیب گل گاؤزبان بیس تولہ آملہ
دس رطل آب شیرین آہن تاب اکیس مرتبہ میں بھگو دیں اسیطرح طلا و نقرہ تاب بھی ہو صبحکو جوش کریں کہ تیسرا حصہ باقی رہے پھر مویز
منقی بیس تولہ ڈال کے پھر جوش کریں کہ نصف رہ جائے مل کے باندھ کے کپڑے میں چھان لیں نبات دو سیر اکبری و شربت انار دلاکی
ساٹھ تولہ قوام کریں زرا وند طویل دو تولہ زرا وند گرد تین تولہ درونج عقربی زرنباد قاقلہ صغار ہر ایک دو تولہ عود غرقی مصطگی بسفائج زنجبیل
ہر ایک تین تولہ عود صلیب ڈیڑھ تولہ داخل کریں اور کبھی عنبر و مشک ہر ایک ایکدرم جند بیدستر نیم مثقال داخل کرتے ہیں اور ہمراہ عرق
ماء فرفین استعمال کریں معجون براے خفقان و تقویت دل و دماغ بغایت مجرب و بے نظیر ہے بھوک پیدا کرتی ہے ترکیب ہر سہ ہلیلہ
بلیلہ آملہ گل گاؤزبان گلسرخ انیسون ہر ایک ایکتولہ کشنیز خشک مساوی جمیع قند سفید سہ چند ادویہ گلاب و عرق بیدمشک
ہر ایک آدھ پاؤ قند کو گلاب و بیدمشک میں قوام کریں دوائیں کوٹ چھان کے ملا دیں خوراک چھ ماشہ سے دو تولہ تک وھو من
المعاجین المشہورۃ التی کالکبریت الاحمر معجون جالینوس براے امراض بلغمی و سوداوی دماغی و غیر دماغی و ریاح
معدہ جگر و درد جگر نافع ہے برودت گردہ و مثانہ کو دفع کرتی ہے اور اصلاح الوان کرتی ہے ترکیب فلفل سفید دانہ ہیل قسط بحری سنبل الطیب سعد کوفی خولنجان فرفلفل
دار فلفل دارچینی سلیخہ اسارون زعفران مصطگی مساوی الوزن شہد سہ چند میں بدستور معجون بنائیں معجون مفرح نافع خفقان بارد ترکیب
گلسرخ سعد کوفی درونج عقربی بالچھڑ دارچینی زعفران مصطگی جوزبوا قاقلہ کبار دار فلفل خیربوا پوست ترنج خولنجان عود ہندی ہر ایک دو
درم مروارید بسد کہرباء سودہ ہر ایک ایکدرم زرنباد ڈیڑھ درم ابریشم مقرض ڈھائی درم مشک تبتی عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ تخم بادرنج
ڈھائی درم شہد دو چند ادویہ علی الرسم معجون بنائیں معجون حیات خفقان بارد کے لیے نافع ہے بخشندہ حیات ہے ضعف قلب و جگر و
معدہ کے واسطے مفید ہے اور ریاح غلیظ کو تحلیل کرتی ہے ترکیب مشک سلیخہ سنبل الطیب ساذج ہندی لک بسد ریوند چینی جنطیانا
ہر ایک دو درم زعفران نانخواہ تخم کرفس انیسون مصطگی رومی ہر ایک چار درم زراوند مدحرج و طویل ہر ایک تین درم عود ہندی

قرنفل مرکی ہر ایک ایکدرم و نیم درم شہد مین معجون بنائین معجون دافع ریاح معدہ و مفید درد معدہ و ہاضم طعام ہی ترکیب زنجبیل برگ
پودینہ زیرہ مدبر بریان دانہ ہیل صغیر ہر ایک دو درم انیسون نانخواہ فلفل گرد دار فلفل تخم کرفس مصطگی ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے
برابر ادویہ مصری ملایہ کردہ مین ملادین اسکے بعد دو چند گلقند جوش دیکے قوام کرین معجون جس شخص کو درد معدہ کی شکایت رہتی ہو
ضعف معدہ کے سبب سے بہت فائدہ کرتی ہی اور نقاہت وضعف مین بھی مفید ہی ترکیب مروارید ناسفتہ عود غرقی قرنفل پوست
ترنج مصطگی زرنب صمغ عربی بریان تخم خشخاش بریان سنبل الطیب حب الآس سعد کوفی بریان ہر ایک ایکدرم رب مہرہ خطائی
سودہ بسد کہربائے شمعی زرنباد نانخواہ ہر ایک نیم درم دانہ ہیل مغز ہیل زرشک صندل سودہ پوست بیرون پستہ کشنیز مقشر بریان
طباشیر گل سرخ ہر ایک دو درم بہی خشک شربت انار شیرین ہر ایک چار تولہ مربائے آملہ دو عدد قند سہ چند ادویہ خوراک ایک
مثقال اور تقویت کبد کیواسطے بھی مشک و عنبر ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک نیم درم بڑھا دیے جاتے ہین معجون جس شخص کو درد معدہ کے
سبب سے کھانا کی تے ہو جاتی ہو اسکی لیئے نافع ہی ترکیب بیخ اذخر سعد کوفی ہر ایک ایکدرم نانخواہ اشنہ ہیل فلفل کندر ہر ایک نیم درم زنجبیل دارچینی
سلیخہ پودینہ ہر ایک ربع درم مصطگی عود خام قرنفل ہر ایک ثلث درم مشک ایکدانگ سویز دو چند ادویہ پہلے سویز کے دانے
نکال کے پانی مین پیس ڈالین پھر سویز اسکے بعد جوش کرین کہ گاڑھا پن آجاے بعدہ دوسری دوائین کوٹ چھان کے ملادین
خوراک ایکدرم معجون مرجان تقویت معدہ ضعیف و حاد و منع عفونت کیواسطے عجیب ہے مجربات حکیم عابد سے ہے ترکیب کشنیز خشک
صندل سفید گلسرخ تخم کاسنی ہر ایک ایکجزو گل مختوم طباشیر بہمن سفید مرجان بسد ہر ایک نیم جزو مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی مصطگی ہر ایک
ربع جزو دوائین کوٹین چھانین جواہر دو روز تک کھرل کرین اور شکر کا گلاب مین قوام کرکے ملادین خوراک ایکدرم سے دو درم تک معجون
مفتی تالیف داؤد انطاکی مقوی معدہ و اشتہا و حافظ صحت اشتہا و مزیل رطوبات و دافع سوء ہضم و تخمہ و ریاح اور تقویت باہ
کیواسطے بہت مؤثر ہے ترکیب زنجبیل کرویا انیسون مغز چلغوزہ بادیان قرنفل ہر ایک ایکجزو پوست ترنج عود ہندی ہر ایک
نصف جزو برگ سداب خبث الحدید مدبر سعد کوفی ہر ایک ربع جزو شہد چہار چند آب نعناع نصف و آب لیمون و آس ربع
مین قوام کرکے ملادین آخر مین قدرے مشک گلاب مین حل کرکے ملادین خوراک دو مثقال معجون عود ملین نسخہ شیخ الرئیس برائے
تقویت معدہ و رفع قبض ترکیب ہیل زنجبیل دارچینی سلیخہ زعفران فلفل سیاہ قرنجشک زرنباد ہر ایک پانچ مثقال سعد زرنب سازج
ہندی قرنفل ہر ایک تین مثقال عود خام سات مثقال لاجورد دو دانگ کافور ایکدانگ تربد چار مثقال نمک ایک مثقال ہمراہ
شہد و شکر مقوم آمیز کرین معجون طباشیر برائے حرارت و رطوبت معدہ نافع ہی معدہ کو قوت دیتی ہی اشتہا لاتی ہی تشنگی و حرارت فاسدہ
کو رفع کرتی ہی اور اسہال صفراوی مین مفید ہی ترکیب مصطگی پانچدرم گلنار قاقلہ کبار ہر ایک ایکدرم سماق منقی دس درم طباشیر
گلسرخ ہر ایک دو درم شہد خالص مین بدستور معجون بنائین خوراک تین درم مع شربت سیب یا بہی معجون مصطگی برائے تقویت

کو نفع معدہ در طوبت کے لیے مفید ہے ترکیب مصطگی بادیان شہری دار فلفل بادیان رومی تخم کرفس بیخ کبر زیرہ کرمانی نانخواہ سداب
ہر ایک پانچ مثقال بیخ بادیان پوست بیخ کرفس تخم کشوث ہر ایک تین مثقال کوٹ چھان کے دواؤں سے دو چند شہد میں معجون
بنائیں معجون فنجنوش برائے سائر امراض معدہ بارد و تحریک باہ لبعد یاس ودافع تخمہ وغثیان وسوء ہضم وضعف جگر وسوء القنیہ
دبواسیر مجرب نظامی ہے ترکیب خبث الحدید کا برادہ سرکہ میں سات دن بھگوئیں اور ہر روز سرکہ بدلتے رہیں بعدہ باریک پیس کے
اُس سے ایک جز بلیلین اور پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلۂ زرد آملہ پوست ہلیلہ ہر ایک ڈیڑھ جز وشونیز مصطگی عود ہندی ہر ایک ربع جز
جوز شامی دہندی قرنفل زنجبیل دار چینی ہر ایک آٹھواں جز وسہ چند شہد کف گرفتہ میں ملا دیں خوشبو چاہیں تو مشک وعنبر گلاب میں حل
کر کے ملا دیں خوراک ایک مثقال معجون سفر جل برائے تقویت معدہ وہاضمہ مفید ہے اور قابض ہے ترکیب زہر مہرہ بالچھڑ زرورد پوست
بیرون پستہ صمغ عربی بریان حب الآس پوست ترنج سعد دانہ ہیل بریان زرنب ہر ایک دو درم زرنباد مصطگی جوز بوا لبسباسہ
ہر ایک ایکدرم طباشیر کشنیز بریان صندل گلسرخ ہر ایک ڈیڑھ درم شربت انار شیرین چار تولہ بہی خشک دو تولہ زرشک محلول
بگلاب چار درم قند سہ چند معجون طولی مستعمل برائے تقویت معدہ وباہ واشتہا وقوت مجامعت بہت مجرب ہے ترکیب جوز بوا قرنفل
بسباسہ لسان العصافیر بیخ اذخر زنجبیل دار چینی مصطگی زعفران عود ہر ایک تین مثقال اشنہ ڈھائی مثقال قند وگلاب ہر ایک
دس مثقال بدستور معجون بنائیں خوراک ایک مثقال معجون عود مشہی ومقوی ہاضمہ ترکیب عود تین درم زرشک گلسرخ صندل
سودہ بگلاب ہر ایک دو درم دانہ فاقلین بالچھڑ جوز بوا بسباسہ طباشیر دار چینی قرنجشک ساذج قرنفل زرنب گاؤزبان پوست
بیرون پستہ ہر ایک ایکدرم زعفران زرنباد ہر ایک نیمدرم مشک مربائے بہی دو تولہ شربت انار شیرین چار تولہ ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک
نیمدرم قند سفید سہ چند معجون جوز جبدم برائے شہوت طین واشیائے ردیہ مجرب ہے ترکیب جوز جبدم ہلیلہ کابلی آملہ بلیلہ سونٹھ
مصطگی تخم گزر آلائچی اجوائن مساوی پیس کے شہد میں ملا دیں اور بقدر جوز کھانے سے پہلے اور بعد کھائیں معجون نارمشک
شہوت کلبی میں مستعمل ہے بعد تنقیہ کے ترکیب نارمشک فلفل دار فلفل ہر ایک دو درم سعد سنبل الطیب صعتر فارسی کندر ہر ایک
ایکدرم عسل مصفی میں معجون بنائیں معجون کاسر ریاح فوائد میں مثل کمونی کے ہے ترکیب زیرہ سیاہ زنجبیل پودینہ ہر ایک دو جز وصعتر
مصطگی دار فلفل نانخواہ ہر ایک ایکجز وشہد سہ چند معجون مانع تمے مقوی معدہ مشہی دافع درد معدہ ترکیب دانہ ہیل دار چینی برگ
برگ پودینہ خشک ہر ایک دو درم ساذج ہندی سعد کوفی بالچھڑ عود غرقی مصطگی پوست اترج خولنجان بسباسہ نانخواہ قرنفل
صعتر زرنباد ہر ایک ایکدرم مشک نیمدرم قند سفید شربت تمر ہندی شربت انار شیرین ہر ایک برابر ادویہ معجون بنائیں معجون
ابن ہبل برائے وجع فواد وتقلب نفس کر ٹھنڈے سے ہو نافع ہے اور بہت مقوی معدہ ہے ترکیب گلسرخ فلفل زنجبیل
دار فلفل زرناوند طویل دار چینی اسارون ہر ایک دو جز ومصطگی زرنباد پودینہ انیسون ہر ایک ایکجز وچند بدستور نیم جزو

شہد ہموزن وگلقند برابر شہد خوراک دو مثقال معجون برائے اختلاج معدہ بعد تنقیہ معمول حکیم منصور علی مرحوم ترکیب مرواریدنا سفتہ
پوست ہلیلہ کابلی کشنیز مقشر ہر ایک ایک مثقال طباشیر تخم حماض گل گاؤزبان پوست ترنج ہر ایک تین ماشہ نبات سفید چھ تولہ
گلاب مین قوام کرکے دوائین ملادین اور تین ماشہ نقوع چوب چینی چار ماشہ وقت صبح کھائین غذا موافق مزاج پرہیز لبنیات وحموضات
وبقولات سے کرین معجون جالینوس نے بڑی تعریف لکھی ہی کہ تقویت جگر کے واسطے اس سے بہتر کوئی دوا نہین ہی اور صلابت
جگر ومعدہ مین مجرب راقم ہی ترکیب مویز منقی پچیس مثقال زعفران ایکدرم قصب الذریرہ دارشیشعان ہر ایک دو مثقال
مقل الیہود اذخر ہر ایک ڈھائی مثقال دارچینی ایک مثقال سلیخہ نیم مثقال سنبل الطیب تین مثقال مرصنع بطم ہر ایک چار مثقال
شہد خالص سولہ مثقال بدستور مقرر معجون بنائین معجون گل ورم جگر ومعدہ واستسقا وفساد جگر درد معدہ کیواسطے نافع ہی ترکیب
گلسرخ چودہ درم بیخ سوسن سات درم ریوند چینی لک مغسول ہر ایک ایک مثقال ونیم سلیخہ زعفران ہر ایک تین درم مر نیم مثقال
مر وزعفران سرکہ مین حل کرین اور دوائین کوٹ چھان کے ملادین اور شہد مین لت کرین معجون دبید الورد کہ استسقا مین معمول ہی
اور برائے صداع بارد وسدر ودوار وضعف معدہ وتفتیح سدہ جگر وتحلیل اورام وذبلات ومنع صعود ابخرہ ودودی وطنین کیواسطے
بھی سودمند ہی ترکیب سنبل الطیب مصطگی زعفران طباشیر دارچینی اذخر اسارون قسط شیرین غافث تخم کشوث نوہ لک مغسول تخم
کاسنی تخم کرفس زراوند طویل حب بلسان عود بلسان عود غرقی ہر ایک ایکدرم گلسرخ برابر ہمہ ادویہ عسل سہ چند خوراک ایکدرم سے
دو درم تک معجون کلکلانج بارد استسقا مع الحرارت مین مستعمل ہی ترکیب برگ مازریون سات مرتبہ سرکہ مین بھگوئے ہون غافث زرقون
پوست ہلیلۂ زرد ہر ایک پانچدرم عصارہ افسنتین تین درم بیخ سوسن گلسرخ تخم کاسنی مغز تخم خرپزہ رب السوس ہر ایک دو درم
ترنجبین فلوس خیارشنبر فانیذ ہر ایک پندرہ درم ترنجبین وفلوس وفانیذ گرم پانی مین حل کرکے قوام کرین دوسری دوائین کوٹ چھانکر
ملادین خوراک دو درم سے چار درم تک معجون زرشک حار نافع استسقاء لحمی بارد ترکیب انبرباریس سات درم گلسرخ تخم کاسنی
لک مغسول راوند ہر ایک چار درم تخم کشوث غافث بالچھڑ اسارون رازیانہ انیسون دارچینی ہر ایک دو درم افسنتین اذخر مکی
مصطگی عود فوہ سلیخہ ہر ایک ایکدرم عسل سہ چند خوراک ایک مثقال معجون زرشک بارد نافع حار مزاج مقوی معدہ وجگر مفید
استسقاء کہ حرارت ہو ترکیب زرشک پانچدرم گلسرخ چار درم مغز تخم خیارین تخم کاسنی ہر ایک تین درم مغز تخم خرپزہ رب السوس
لک مغسول تخم شاہترہ ہر ایک دو درم طباشیر صندل سفید بالچھڑ ہر ایک ایکدرم مصطگی نیمدرم آب انار آدھ باؤ سقمونیا یک چند ادویہ
قند دو چند خوراک دو درم معجون انیسون استسقاء طبلی مین بے اختلاف مجرب ہی ترکیب انیسون فطراسالیون حب الغار
شونیز کاشم سعد جند بیدستر فودنا بالچھڑ حب بلسان جاؤشیر حلتیت انجدان اسارون زعفران ہر ایک ایکدرم سکبنج وج مغز بادام
زیرہ سیاہ سداب کرویا نانخواہ صعتر دو تو خولنجان برگ غار میدہ سونٹھ غاریقون حماما کعب گوسالہ دیاگاؤ سوختہ ہر ایک ایکدرم

شہد مین ملا کے بنائین خوراک موافق مزاج ہمراہ ماء الاصول و شربت بزوری حار معجون طحال سپرز کو گھلاتی ہے اور مجربات بوعلی سینا
سے ہے ترکیب پرسیاوشان زوفائے خشک تخم فنجنکشت مساوی کوٹ چھان کے شہد مین معجون بنائین اور اگر اس معجون مین پوست
بیخ کبر قنطوریون دقیق۔ بیخ سوسن وج ترکی کمافیطوس کمادریوس مغز حبۃ الخضرا افراسیون حرف شونیز غاریقون افتیمون ترمس ریوند چینی
پوست ہلیلہ کابلی ابہل ثمر طرفا فلفل سفید جوان دواؤن مین مناسب سمجھین معجون مین اضافہ کرین قوی تر ہو جائیگی معجون ذرب برائے
اسہال معدی منقول بیاض استاد مغفور سے ترکیب گلنار چھ ماشہ پوست بیرون پستہ نانخواہ کندر ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے
موبز منقی دانہ ملا دین خوراک چھ ماشہ ہمراہ عرق بادیان معجون سنگدانۂ مرغ مجرب برائے ضعف معدہ و ذرب و خلفہ ترکیب پوست اندرون سنگدانۂ مرغ بودادہ کشنیز برشتہ سماق بریان
تخم خرفہ بریان دانہ موبز بریان ہر ایک دو مثقال کوکنار بودادہ طباشیر سفید مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی کزمازج گلنار تخم حماض بریان حب الآس بریان طراثیث
بریان آرد کنجد خرنوب نبطی ہر ایک ایک مثقال شربت زرشک شربت بہی شربت ریباس قند سفید ہر ایک دس تولہ گلاب ایکپاؤ معجون بنائین
نوع دیگر نافع ذرب و خلفہ و مفید ضعف معدہ ترکیب پوست سنگدانہ مرغ بودادہ دو مثقال کشنیز مقشر برشتہ طباشیر صمغ عربی
بریان حب الآس دانہ ہیل برشتہ زیرہ مدبر گلسرخ پوست بیرون پستہ پوست بیخ صندل سفید سودہ صعتر فارسی دارچینی سعد کوفی مصطگی
رومی عود ہندی ہر ایک ایک مثقال گلنار زعفران نانخواہ ہر ایک ایکدرم مشک ایک ماشہ قند سہ چند مین بدستور معجون بنائین خوراک دو درم
معجون مؤلف اس عورت کے واسطے جسے اسہال معدی مع غثیان لازم و سیلان رطوبت فم تہیج اطراف ہوتا ہے بہت فائدہ
کرتا ہے ترکیب زرشک بیدانہ چار درم زرنباد سنبل الطیب پودینہ خشک عود غرقی لک مغسول دانہ ہیل حب الآس مصطگی پوست
بیرون پستہ ہر ایک ایکدرم طباشیر گلسرخ ہر ایک دو درم قند دو چند معجون خستہ انبہ نافع اسہال معدی ترکیب نانخواہ دانہ الائچی
کندر مورس سعد بلگری صمغ عربی بریان کشنیز بریان ہر ایک دو درم مغز خستہ انبہ چار درم قند دو چند خوراک دو مثقال ہمراہ شیرۂ بادیان
بریان ہر ایک بقدر ایکدرم معجون برائے اسہال معدی دعوی مجرب ہے ترکیب زیرہ کرمانی نو ماشہ طباشیر نو ماشہ برگ قنب برشتہ
انکیتولہ دانہ ہیل قاقلہ کبار مصطگی رومی ثعلب مصری زرورد ہر ایک چھ ماشہ عود قماری تین ماشہ پوست بیرون پستہ کوکنار ہر ایک
چھ ماشہ کوٹ چھان کے ہمراہ مربائے بلگری ملائین اور قوام کرین خوراک ڈھائی ماشہ معجون تالیف حکیم عبد الحمید برائے اقسام
اسہال خصوصاً اسہال بواسیر کے واسطے مفید ہے ترکیب انیس نشاستہ برشتہ حب الآس تواج خطائی کشنیز برشتہ پوست بیخ
انجبار طراثیث رال مغز بیل سعد زیرہ سبز ہر ایک انکیتولہ کہربا گل ارمنی ہر ایک چھ ماشہ طباشیر دو تولہ زیرہ کو سرکہ مین بھگو کے بریان
کرین شربت حب الآس دو چند مین معجون بنائین خوراک چھ ماشہ سے انکیتولہ تک ہمراہ شربت انجبار معجون سندروس اسہال الدم
مین مجربات حکیم عوض علی مرحوم سے ہے ترکیب بد سوختہ سندروس کہربا شمعی خرگوش ہر ایک ایک جزو حکاکہ زیرہ حلبہ برادۂ عاج
دم الاخوین ہر ایک نصف جزو کوٹ چھان کے عسل صاف مین ملا کے دین خوراک ایک مثقال معجون اسود اسہال طبعی مزمن

دو زحیر کیواسطے نہایت نافع ہی ترکیب افیون جند بیدستر میعہ سائلہ بزر البنج زعفران مر مکی اسارون تخم کرفس سلیخہ گل ارمنی گلنار کندر ہر ایک
مساوی کوٹ چھان کے عسل سہ چند ادویہ مین ملائین خوراک نیم درم ہمراہ آب بہ باسماق معجون قولنج قولنج ریحی و بلغمی مین فائدہ عظیم
بخشتی ہے اور اوجاع معدہ ریحی و بلغمی مین بھی فائدہ بین کرتی ہی ترکیب برگ سداب پودینہ خشک فلفل نانخواہ کرویا کاشم
زنجبیل دارچینی دارفلفل مساوی کوٹ چھان کے سہ چند شہد مین معجون بنالین معجون مسہل قولنج کے واسطے نہایت نافع ہی اخراج مواد
سوداوی کرتی ہی نضج کے بعد اور دفع امراض حارہ ہی ترکیب رب السوس سقمونیا مشوی نشاستہ بسفائج گلسرخ ہر ایک پانچ
مثقال ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی روغن بادام مغز تخم کافیشہ ہر ایک بیس مثقال سنا مکی گل بنفشہ ہر ایک تیس مثقال عسل دو چند
پہلے شہد کو مطبوخ سنا و گلسرخ و بنفشہ و ہلیلہ سیاہ ہر ایک دس مثقال ہلیلہ کابلی بیس مثقال مین قوام کرلین اور دوائین بدستور
ملادین خوراک پانچ مثقال معجون تمر ہندی قولنج کو دفع کرتی ہی ترکیب زنجبیل فلفل سفید ہر ایک بیس درم سقمونیا دس درم خرما
خستہ دور کردہ مغز بادام برگ سداب ہر ایک ساٹھ درم خرما ایک شبانہ روز سرکہ مین بھگو کے کوٹین باقی ادویہ بدستور شہد آدھ سیر
مین ملاکے معجون بنائین خوراک تین درم سے چار درم تک معجون راحت قولنج کو ایک گھنٹہ مین دور کرتی ہی اور بہت جلد
اسہال لاتی ہی ترکیب فلفل دارفلفل زنجبیل زیرہ کرمانی سداب قرفہ خولنجان ہر ایک دس درم سقمونیا سات درم شہد ایک سو
چالیس درم خوراک ایک مثقال معجون سکبینج برائے قولنج ترکیب سکبینج تخم کرفس جند بیدستر ہر ایک ایکجزو سقمونیا نیم جزو
روغن بادام مین بھگو دین پھر جوش کرین نصف رہنے پر صاف کرلین بعد ازان زرنباد مصطگی نارمشک عود ہندی پوست
اترج دارفلفل کاشم تخم کرفس ساذج ہندی انیسون اذخر اسارون تربد زرنب صعتر دارچینی پودینہ جلتیت
زیرہ کرمانی قرنفل حرف بابلی ہر ایک ڈھائی مثقال جند بیدستر نصف وزن ہر ایک دوائے مذکور مین سے کوٹ چھان کے
شہد سہ چند ادویہ گلاب مذکور مین پکائین اور سب دوائین ملادین اگر چاہین روغن بادام تلخ بیس
مثقال فلوس خیار شنبر قدرے اضافہ کرسکتے ہین معجون سنا آسانی سے اسہال لاتی ہی اور دافع مواد حمیات و امراض دماغی
و معدی و مفاصل کرتی ہی اور ہر قسم کا مادہ جو غالب ہو دفع کرتی ہی بہت نافع ہی حکیم علی سے ترکیب سنا مکی نیم رطل و ربع افتیمون
نیم رطل بسفائج فستقی تربد سفید مجوف خراشیدہ گل بنفشہ ہر ایک ربع رطل زنجبیل ساڑھے تین مثقال بدستور خمیرہ بنفشہ
ڈھائی رطل شہد نیم رطل مین خمیر کرین خوراک دو مثقال تک نیم گرم کپڑے سے چھان کے معجون تربد تالیف حکیم موصوف دافع
مواد بلغمی ترکیب تربد موصوف اگر رطل زنجبیل ایک اوقیہ فلفل تین درم مصطگی رومی ایک اوقیہ تربد روغن بادام مین
چرب کرکے پیسین اور ہمراہ عسل مصفی خام معجون بنائین خوراک دو درم سے پانچ درم تک پانی مین حل کرکے پئین معجون نج
مسہل اخلاط ثلثہ و معمول ہی ترکیب سونٹھ مصطگی قرنفل گلسرخ فاقلہ ہر ایک تین درم بسفائج سنا مکی ہر ایک پانچ درم

تربد موصوف گل بنفشہ ہر ایک دس درم شربت گاؤزبان شربت نیلوفر ہر ایک بیس درم شیرخشت تیس درم ترنجبین آلو بخارا تمر ہندی ہر ایک پچاس درم شیرخشت و ترنجبین کو گلاب مین حل کرین اور شربتون مین ملا کے سہ چند قند مین قوام کرین **معجون انجیر** براے دفع باد معدہ یبوست امعاء و تلیین طبع و ہضم طعام مین معمول ہی **ترکیب** مغز بادام گلسرخ سنا مکی مغز قرطم ہر ایک چھ تولہ بادیان زنجبیل ہر ایک دو تولہ دارچینی دانہ فاقلتین ہر ایک ایکتولہ انجیر زرد مویز منقی ہر ایک ایک رطل خشک اجزا کوٹ چھان کے مغزیات صلایہ کرکے انجیر و مویز شستہ منقی ایک رطل نبات مین قوام کرین **معجون ملین** نافع براے قبض دائمی و معمول ہی **ترکیب** گل بنفشہ گل نیلوفر گلسرخ تربد موصوف ہر ایک دس درم ترنجبین تیس درم کشمش عسل ہر ایک نیم رطل ترنجبین گلاب مین صاف کرکے شہد کے ہمراہ قوام کرین اور دوائین کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرکے ملادین خوراک دو درم سے پانچ درم تک **معجون** نجاح اخراج بلغم کرم مین مجرب ہی **ترکیب** افسنتین شیح ارمنی قسط تلخ قرنفل مرمکی آملہ برنگ کابلی پوست ہلیلہ زرد پوست بلیلہ بلیلہ ترید موصوف اسکنطرا شیلم کشنیز ہر ایک تین درم ترمس نخود سیاہ ہر ایک دو درم نیم شحم حنظل حب النیل صبر عصارہ ریوند ہر ایک دو درم زنجبیل سرخس ہر ایک چار درم درمنہ ڈیڑھ درم عصارہ غافث پانچ درم کوٹ چھان کے روغن بادام مین چرب کرکے سہ چند شہد مین قوام کرین خوراک تین درم سے تین مثقال تک دودھ مین حل کرکے وقت شب دین اور صبح کو جوز تین تولہ و انجیر چار عدد ہمراہ نبات کھلائین بکری کا تیلی گوشت کے کباب رات کو کھائین **معجون خبث الحدید** نافع بواسیر حابس خون **ترکیب** تخم حماض بریان حب الآس بریان پوست ہلیلہ بریان آملہ مقشر بریان پوست بیخ انجبار بلیلہ سیاہ بسد احمر کہربا شمعی ہر ایک ایکتولہ خبث الحدید مدبر دو تولہ عسل سفید شربت بہی شیرین ہر ایک پندرہ تولہ رب سیب شیرین دس تولہ بدستور معجون بنائین **معجون مقل** نافع بواسیر یحیی نسخہ معمول سے **ترکیب** پوست ہلیلہ کابلی پوست ہلیلہ آملہ دانہ ہیل بادیان ہر ایک دو درم نانخواہ ساذج نارمشک زنجبیل صعتر وج دارفلفل ہر ایک ایکدرم مقل دو درم مقل کو روغن زرد مین صاف کرین دوائین کوٹ چھان کے شہد دو چند ادویہ مین ملادین خوراک دو مثقال **معجون** حکیم واحد علی سے براے بواسیر و درد کمر و قبض و حرقت بول و ضعف دماغ و دیگر اعضاے رئیسہ و اعیا نافع ہی **ترکیب** مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین تخم نیلوفر موصلی سفید ہر ایک ایکتولہ تخم ہلیون شقاقل ہر ایک ڈیڑھ تولہ ثعلب مصری تین تولہ مغز بادام شیرین پانچ تولہ دانہ ہیل چھ ماشہ زعفران ایک ماشہ قند سفید مضاعف ادویہ گلاب بقدر حاجت مین قوام کرین خوراک ایکتولہ سے دو تولہ تک **معجون** براے تقویت گردہ و مثانہ و باہ حکیم شریف خان مرحوم سے اپنے اوپر آزمایا تھا **ترکیب** مغز بادام مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز حب السمنہ تخم خشخاش کنجد مقشر مغز فندق مغز حب القلقل مغز حبۃ الخضرا دارچینی خولنجان بوزیدان ہر ایک تین ماشہ مغز نارجیل بہمنین تودریین دانہ الائچی خرد و کلان ہر ایک چار ماشہ کشمش چھ ماشہ مویز منقی چھ ماشہ خرماے سلیمانی ایکتولہ شقاقل مصری تخم کرفس لسان العصافیر درونج عقربی بوزینہ خشک مصطگی طباشیر نانکھانہ کبابہ چینی لسباسہ زنجبیل دارفلفل پوست ترنج خشک مرزبی قرنفل تخم زردک

تخم شلغم بلیون تخم کوچ زرنباد مغاث بغدادی ہر ایک دو ماشہ بالچھڑ عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ چوب چینی دو درم فوہ دو ماشہ قند سفید
بعدہ درم ترنجبین سفید آدھ پاؤ عسل سفید چودہ دام زعفران ایک ماشہ بدستور مقرر معجون بنائیں معجون حجر الیہود منفعت سنگ
گردہ و مثانہ و معمول ہے ترکیب حجر الیہود دو تولہ چوب انگور سوختہ مغز حب قرطم مغز تخم خیارین تخم خطمی عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ تخم کرفس
مغز تخم خربزہ ہر ایک نو ماشہ مغز تخم کدوے شیرین چھ ماشہ عسل سہ چند خوراک ایک تولہ نوعِ دیگر بیاض علوی خان سے منفعت و مخرج حصاۃ
و رمل گردہ و مثانہ ہے ترکیب حجر الیہود پچاس درم کاکنج اساروں فرد مانا مغز تخم خربزہ تخم گزر تخم کرفس مغز حب قرطم دو تو مغز تخم خیار مغز تخم
بندیانہ مغز تخم کدو مغز تخم قثا انیسون ہر ایک پانچ درم پیس کے ہمراہ سہ چند ادویہ عسل مصفی ملادیں خوراک دو درم سے تین درم تک
معجون دیگر برائے سنگ مثانہ و گردہ و دیگر فساد گردہ و مثانہ و قروح قضیب مجرب ہے ترکیب بلوط تخم خطمی خارخسک صمغ عربی
آلو الائچی خرد تخم خیارین سبوس اسبغول مغز تخم پنبہ مغز تخم کدو تخم خرفہ گل گاؤزبان ہر ایک نو ماشہ مغز تخم تربوز تخم خشخاش مغز بادام
شیریں مغز تخم خربزہ حب القلت سنگ سرماہی ہر ایک ایک تولہ حجر الیہود سات ماشہ سنگ محک گل داؤدی حجر اسفنج ہر ایک چھ ماشہ
ترب کھار جوا کھار ہر ایک تین ماشہ آب بیٹھا آب کدو آب تربوز ہر ایک پانچ تولہ قند سفید شربت سیب ہر ایک پاؤ بھر تمام کر کے دوائیں
پیس کے ملادیں بعدہ ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک دو ماشہ حل کریں اور چار ماشہ سے چھ ماشہ تک ہمراہ عرق بیٹھہ یا عناب کھائیں
نوعِ دیگر تالیف حکیم محمد علیم مرحوم برائے اخراج سنگ و ریگ گردہ مجرب ہے ترکیب تخم قرطم حب القلت خارخسک خمہ تخم خربزہ
تخم خرفہ تخم خشخاش ہر ایک تین تولہ حلبہ کا پانی میں شیرہ نکال کے ہمراہ شہد خالص و نبات سفید ہر ایک ڈیڑھ پاؤ میں قوام کریں بعدہ
حجر الیہود ڈیڑھ تولہ خسک سرماہی نو ماشہ صمغ عربی تین ماشہ گلاب میں باریک پیس ڈالیں اور ملادیں خوراک نو ماشہ نوعِ دیگر برائے
ریگ گردہ و حصاۃ کلیہ و حبس بول معمول ہے ترکیب حجر الیہود دو تولہ حب کاکنج خارخسک گلسرخ مغز تخم خربزہ ہر ایک ایک تولہ
تخم بلیون دو تو تخم کرفس انیسون تخم کشوث پودینہ صندل لیموں فاقلتین مغز آلو بالو مغز چلغوزہ مغز بار جیل مغز بادام شیریں مغز فندق دار چینی
ہر ایک چھ ماشہ تخم زردک تخم شلغم تخم ترب ہر ایک چار ماشہ ترب کھار جوا کھار ہر ایک تین ماشہ ورق نقرہ بیس عدد ورق طلا بیس عدد
قند سفید برابر ادویہ شہد مصفی دو چند ادویہ بدستور معجون تیار کریں معجون اعظم مخترع راقم برائے سنگ گردہ و ضعف معدہ ایک
دوست گھوڑے سے گر پڑے اونچی پیٹھ زمین سے جا لگی مدتوں شکایت درد کمر و ضعف و قبض میں مبتلا رہے اطباء کے علاج
سے کوئی فائدہ نہ ہوا جب راقم کے پاس اپنا حال تحریر کیا یہ معجون تالیف خود میں نے بھیجدی اور دس بارہ دن کے استعمال میں
سنگریزہ پیشاب کے راستہ سے بر آمد ہوا اور معدہ بھی قوی ہو گیا ترکیب مربائے آملہ پانچ عدد مربائے بلیلہ چار عدد مربائے ہی
دو عدد انجیر زرد پانچ عدد مویز منقی دو تولہ حجر الیہود ایک تولہ سنگ سرماہی نو ماشہ زہر مہرہ خطائی پانچ ماشہ مغز تخم قرطم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین چوب انگور
سوختہ مغز تخم کدو گوکھرو خمہ ہر ایک ایک تولہ تخم خطمی کاکنج حب القلت ہر ایک سات ماشہ تخم کشوث انیسون تخم بلیون ہر ایک پانچ ماشہ تخم کرفس

اسارون صمغ عربی ہر ایک تین ماشہ مغز چلغوزہ نو ماشہ نبات سفید ڈیڑھ پاؤ بدستور معجون بنائیں خوراک نو ماشہ ہمراہ عرق
گاؤزبان و عرق عنب الثعلب ہر ایک پانچ تولہ شربت بزوری معتدل دو تولہ معجون سنگ سرماہی برائے سنگ گردہ و مثانہ مجرب ہے ترکیب
سنگ سرماہی حجر الیہود ہر ایک دو درم مروارید ناسفتہ ایکدرم مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین مغز خستہ آلو بالو ہر ایک دو مثقال انیسون دو قوکا کنج
ہر ایک ایک مثقال تخم ہلیون مغز حب المحلب ہر ایک دو مثقال تخم قلت خارخسک مغز تخم کدوے شیرین مغز چلغوزہ ہر ایک ایک مثقال
نبات سفید برابر شربت ہلیون شربت خارخسک ہر ایک برابر ادویہ عرق بید مشک گلاب ایکپاؤ عنبر نیمدرم بدستور معجون بنائیں معجون
یداللہ برائے تفتیت حصاۃ نہایت مجرب ہے ترکیب خون بز چہار سالہ مجفف مسحوق زجاج ابیض محرق رماد عقرب رماد بیخ کرنب
نبطی رماد ارنب حجر اسفنج رماد پوست تخم مرغ کہ بچہ نکلا ہو حجر الیہود صمغ جوز ترکی ہر ایک ایک مثقال فطرا سالیون دوقو صمغ آلو سکنطر اشیخ
تخم خطمی فلفل گرد ہر ایک ڈیڑھ مثقال عسل دو چند ادویہ خوراک ایک مثقال سے تین مثقال تک ہمراہ آب طبیخ خسک و نخود سیاہ
ہر ایک سات ماشہ معجون عقرب برائے تفتیت سنگ گردہ و مثانہ نہایت مجرب ہے ترکیب عقارب سوختہ تین درم و نیم جنطیانا
ڈیڑھ درم زنجبیل ایکدرم فلفل دار فلفل ہر ایک دو درم و نیم بیخ کا کنج پانچدرم حب بلسان چار درم کوٹ چھان کے شہد سہ چند ادویہ
میں معجون بنائیں اور چھ ماہ تک رکھ چھوڑیں خوراک ایکدانگ سے دودانگ تک ہمراہ آب کرفس یا شیرہ تخم کرفس سات ماشہ عرق اناس تینا
معجون گذر برائے تقطیر البول و سرعت انزال و سیلان منی و مذی مجرب ہے ترکیب دارچینی ایکدرم صمغ عربی مرجان بادیان
کرویا زنجبیل تخم ریحان گاؤزبان ہر ایک دو درم کندر کرصندل سفید گل ارمنی دم الاخوین باونجبویہ تودری زرد ہر ایک
دو مثقال خشخاش سفید پانچدرم شہد کف گرفتہ سہ چند ادویہ میں معجون بنائیں معجون درج برائے تقطیر بول کہ سردی مثانہ
سے ہو نہایت سود مند ہے ترکیب کندر ابہل سعد نانخواہ رب السوس ہر ایک ایکجزو درج ترکی دو جزو کوٹ چھان کے فانید سنجری
میں معجون بنائیں اور رات کو سوتے وقت بادام کے برابر کھائیں معجون برائے تقطیر بول کہ ضعف مثانہ سے ہو اور مجرب بوعلی سینا
سے ہے ترکیب ہلیلہ کابلی بریان یکجزو بہمن سرخ نصف جزو اور عسل آملہ مربی میں معجون بنائیں ایضاً اس بارہ میں قوی ترکیب
ترکیب ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی مشک ہر ایک پانچدرم مرجند بیدستر ہر ایک ڈیڑھ درم کہربا سعد ہر ایک ڈھائی درم کندر حب المحلب
ہر ایک دس درم شہد میں معجون بنائیں اور ہمیشہ ایک مثقال استعمال کریں معجون بلوط برائے منع افراط بول مکرر مجرب ترکیب
کندر حب الآس پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ آملہ قرنفل نانخواہ کبابہ ہر ایک تین درم زیرہ سیاہ مدبر پانچدرم سعد کوفی مصطگی
بزر قنب ہر ایک نیمدرم بلوط چار درم سہ چند قند میں قوام کریں خوراک دو مثقال تو ہمد یگر برائے سلس البول و تقطیر البول
مجرب ہے ترکیب بلوط مقشر بریان پندرہ درم حرف مرتخم سداب ہر ایک ایکدرم کندر حب الآس جوز بوا بسباسہ قرنفل سیاہ
ہر ایک دو درم سعد شونیز سنبل ہر ایک تین درم انجیر خشک پانچدرم شہد میں ملائیں خوراک تین مثقال سے پانچ مثقال تک

معجون فلاسفہ نافع سلس البول و حاد و جاع مفاصل و درد پشت و گردہ و مزید منی و مہیج باہ و مقوی ہاضمہ و اشتہا و دافع بلغم و نسیان
ترکیب زنجبیل فلفل دار فلفل دار چینی آملہ بلیلہ شیطرج ہندی سنا و تد و دروج خصیۃ الثعلب مغز چلغوزہ بیخ بابونہ مغز نارجیل ہر ایک
دس درم تخم بابونہ پانچ درم مویز منقی تیس درم عسل مصفی سہ بار سہ چند ادویہ بطریق متعارف معجون بنائیں خوراک دو مثقال سے چار مثقال تک
معجون کو تو الی دافع کثرت بول و نیز مفید سرعت انزال ترکیب کندر ایکدرم صندل سفید و سرخ قصب الذریرہ تخم حماض صمغ عربی
طباشیر ہر ایک دو درم حب الآس دو مثقال اقاقیا گلنار ہر ایک تین درم بدستور قند سفید یا عسل دو چند میں معجون بنائیں خوراک
پانچدرم معجون ماسک البول تالیف حکیم علویخان کہ سلس البول لبول الدم و سیلان منی و ودی و مذی و کثرت سیلان رحم و طمث بے تدریج کیواسطے نافع ہی یہانتک
کہ اگر ان امراض کے علاج سے یاس ہو گئی ہو ترکیب کہربائے شمعی ایک مثقال و چار دانگ پوست بلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ دونوں
گھی میں بریان کیے ہوے کات سفید شستہ ہر ایک دو مثقال جفت بلوط فقاح کندر ہر ایک نیم مثقال شہد انج حب الآس ہر ایک
چار مثقال خصیۃ الثعلب ایک مثقال کوٹ چھان کے مویز سرخ ساٹھ مثقال کوٹ کے گلاب میں پکا میں یہانتک کہ گاڑھے ہو جائیں
دوائیں ان میں ڈالدیں اور ہر روز دو درم استعمال کریں بعد اسکے شربت صندل دس درم گلاب پندرہ درم تخم خرفہ کشنیز خشک دو درم ملا
پئیں کبھی مروارید ناسفتہ سودہ یاقوت رمانی سودہ ورق نقرہ ہر ایک دو مثقال مغز پستہ تمر ہندی کزمازج ہر ایک چار مثقال
کوٹ چھان کے عنبر اشہب ایکماشہ موسیائی دو دانگ دونوں روغن پستہ میں گھلا کے اضافہ کریں اور وزن مویز تیس مثقال
اور برابر اسکے شہد مصفی قوام میں داخل کرتے ہیں سرعت انزال کیواسطے مفید تر ہی اور ضعف قلب و دماغ و گردہ کو دفع کرتی
ہی معجون قسط اسکی مداومت بول فی الفراش و کثرت بول کیواسطے مجرب ہی ترکیب قسط شیرین سعد کوفی بلوط کندر دار فلفل
ہر ایک پانچماشہ زنجبیل تین ماشہ فلفل دو ماشہ عسل سہ چند ادویہ معجون مجرب برائے بول فی الفراش ترکیب بلیلہ کابلی
بلیلہ سیاہ بلیلہ آملہ ہر ایک دس مثقال بلوط سرکہ میں شبانہ روز تر کر کے بریان کیے ہوے سات مثقال سندروس سعد کوفی راسن
خشک بہیہ یا بسہ کسیلہ ہر ایک پانچ مثقال مرکی تین مثقال سب کو کوٹ چھان کے شہد و شیرۂ آملہ میں قوام کر لیں خوراک
ایک مثقال وقت خواب معجون تقویت باہ کیواسطے مجرب ہی ترکیب عاقرقرحا خولنجان مغز بلادر مغز بادام مغز چلغوزہ اسگند ناگوری ہر ایک
تین تولہ جوزبوا ثعلب مصری شقاقل بہمنین تودریین زنجبیل ہر ایک دو تولہ زعفران بسباسہ تخم نندک تخم الجزرہ تخم کونچ ہر ایک ایکتولہ
فلفل دراز مصطگی ہلیون ہر ایک ایکتولہ کنجد مقشر چار تولہ سمندر سوکھہ مشک تبتی ہر ایک چھ ماشہ قند سفید پچاس تولہ عسل کف گرفتہ
ایکسو پچاس تولہ خوراک اول ایکتولہ بعد ازاں چھ ماشہ صبح چھ ماشہ شام معجون مختصر مزید منی و مقوی باہ ترکیب نخود بقدر حاجت
شیر تازہ میں بھگو دیں پھر دودھ سے نکال کے روغن گاؤ میں بھونیں اسکے دو چند حب الصنوبر صغار ملا کے کوٹیں اور شہد مصفی دو چند
میں ملا دیں اور تھوڑی سی دارچینی و مصطگی ملا دیں خوراک ڈھائی تولہ معجون ندعونی صغیر برائے تقویت باہ مجرب ہی ترکیب

فلفل دار فلفل زنجبیل قرنفل دارچینی تز نفل خولنجان ہر ایک ایک تولہ تودری بہمنین بوزیدان اندر جو قسط شیرین سعد سنبل الطیب ہر ایک تین تولہ
شہد سہ چند مین معجون بنائین خوراک دو درم سے دو مثقال تک معجون زرعونی مقوی باہ نسخۂ حکیم علویخان ترکیب خارخسک مرمکی
انیسون تخم بلیون تخم زردک مغز تخم خربزہ مغز تخم خیارین تخم اسپست ہر ایک تین مثقال لسان العصافیر بہمن سرخ بہمن سفید دارچینی شقاقل خولنجان
تخم بادرنجبویہ تخم فرنجمشک تخم بادرنجبویہ ہر ایک دو مثقال خصیۃ الثعلب مغز چلغوزہ مغز نارجیل مغز حبۃ الخضرا ہر ایک پانچ مثقال عود
قماری ایک مثقال عنبر اشہب ورق نقرہ ہر ایک چار دانگ مشک تبتی نیم مثقال ورق طلا ماہی شتر اعرابی ہر ایک ڈیڑھ دانگ نبات
سفید عسل سفید مصفی ہر ایک نوے مثقال بدستور معجون بنائین معجون جلالی امساک منی مین بے نظیر ہے قضیب کو محکم
کرتی ہے لذت دیتی ہے اور نہایت مجرب ہے ترکیب مشک دو دانگ عنبر ایک مثقال زعفران کبابہ بزر البنج سفید سنبل الطیب عود خام
قرفہ دارچینی مصطگی دالہ ہر ایک دو مثقال اندر جو جوزبوا ہر ایک تین مثقال ماہی شتر اعرابی خصیۃ الثعلب ہر ایک چار مثقال پوست
خشخاش دماغ گنجشک نر کہ وقت ہیجان لیا گیا ہو پانچ مثقال نبات سفید دس مثقال حب البلسان سفید چار سو شہد سہ چند مین قوام
کرین خوراک ایک مثقال سے دو مثقال تک معجون بزر در امر باہ مین فعل عجیب رکھتی ہے ترکیب تخم گزر تخم شلجم تخم پیاز تخم گندنا تخم
ہر مل تخم ہلیون مغز چلغوزہ مغز حب الزلم مغز حب قلقل بوزیدان مدج شیرین تودریج اندر جو شقاقل بہمنین دار فلفل جلتیت قرفہ
ہر ایک ایک جزو شہد خالص و نبات سفید سہ چند ادویہ بدستور معجون بنائین خوراک تین درم ہمراہ شیر گاؤ معجون بلیس مقوی
اعضاے رئیسہ مجرب بیاض استاد مرحوم سے ترکیب ثعلب مصری شقاقل مصری قرفہ جوزبوا خولنجان دارچینی قرنفل عاقرقرحا
موصلی سفید زنجبیل موصلی سیاہ ہر ایک نیم درم مغز نارجیل مغز بادام پستہ ہر ایک آدھ پاؤ نبات سفید سہ چند ادویہ شیر گاؤ پانچ سیر
کھویا بنا لے نبات ڈال کے کفچہ سے چلائین میوے باریک کر کے ڈالدین پھر کفچہ سے چلائین پھر کل دوائین کوٹ کے باہم
ملادین اور شیشہ کے برتن مین رکھ چھوڑین خوراک دو دام معجون ریگ ماہی مؤلف حکیم امان علیخان تقویت باہ و تغلیظ منی کے
واسطے مجرب ہے ترکیب ریگ ماہی اندر جو شیرین تخم خشخاش سفید نباد صندل سفید مغز بادام نارجیل مغز پستہ مغز چلغوزہ مغز گردگان
موپر منقی کنجد سیاہ مقشر ہر ایک دو تولہ تخم پیاز تخم شلجم تخم کونچ تخم ہالم کزمازج اسپند تخم گزر مصطگی سعد کوفی عود ہندی شیطرج
پوست ترنج ساذج ہندی تخم شبت تخم ترب تودریین بہمنین ہر ایک ایک تولہ سلاجیت عاقرقرحا قرنفل لسان العصافیر بسباسہ جوزبوا فلفل سیاہ
دارچینی ہر ایک نیم ماشہ شہد و شکر سفید نصف نصف دو چند مجموع بدستور معجون بنائین خوراک چھ ماسہ سے ایک تولہ تک
معجون مقوی باہ و اعضاے رئیسہ مسمن بدن مقوی اعصاب و مکثر و مزید منی و مغلظ منی ترکیب مغز گردگان مغز فندق مغز حب قلقل
مغز حب القطن مغز حب السمنہ مغز نارجیل مغز پستہ مغز بادام مغز فندق مغز حبۃ الخضرا مغز حب الزلم مغز تخم خربزہ خشخاش سفید مغز تخم کدوے
شیرین مغز حب قرطم خرما مغز فندق ہندی ہر ایک ایک تولہ ثعلب مصری قضیب آہو سوہان کردہ مغز سر گنجشک نر ریگ ماہی ہر ایک

دو تولہ کبابہ قرفہ خولنجان دارچینی جوز بوا بسباسہ قرنفل عود غرقی بہمنین تودرین بوزیدان سورنجان نارمشک فرنجمشک زرنب گاؤزبان
گل گاؤزبان فاقلتین شقاقل لسان العصافیر خسک مرزنجوش ہر ایک ایک مثقال مصطگی سنبل الطیب سعد کوفی شیہدانج درونج
زرنباد مغاث بلیون زنجبیل دارفلفل عاقرقرحا اسارون تخم انجرہ صندل سودہ اشنہ زعفران کتیرا تخم شلجم تخم گندنا تخم پیاز اسپست
جوز جندم بزر البنج بنج تفاح ہر ایک ایکدرم مایہ شتر اعرابی دو درم موصلی سیجفل تالمکھانہ اسگندستاور جرمل بریان مغز تخم کونچ چینی گوند
سیدہ چوب سمندرسوکھ تخم اوٹنگن ہر ایک دو درم مشک عنبر اشہب ہر ایک نیم درم ورق طلا ایکدرم ورق نقرہ دو درم مربائے آملہ
بنارسی پانچ عدد شربت انار شیرین ولایتی آدھ پاؤ عسل وقند مساوی سہ چند مجموع اگر منشط بنانا چاہین روغن جوز اعظم آدھ پاؤ ڈیڑھ تولہ
اور چالیس دن حسب مزاج کھلائین معجون تالمکھانہ برائے تقویت باہ وتغلیظ منی آزمودہ ہی ترکیب تالمکھانہ نو تولہ شیر
درخت بڑ مین بھگوئین دودھ سوکھ جانے پر پھر بھر دین اسیطرح تین مرتبہ بھگو کے سکھائین اسکے بعد تالمکھانہ کو ناریل کے
گولے مین سوراخ کرکے بھر دین پھر اس ناریل کے ٹکڑے کو اُس سوراخ پر رکھ کے گیہون کے آٹے سے لپیٹ کے ہلکی آگ مین دفن کر دین
یہانتک کہ آٹا سرخ ہوجائے تالمکھانہ نکال کے پیس ڈالین اور مغز نارجیل علیحدہ پیس کے ملا دین پھر تودری سرخ گوکھرو خرد
وکلان موصلی سیاہ گاؤزبان ہر ایک دو تولہ ثعلب مصری سمندر سوکھ اندرجو موچرس الائچی خرد ہر ایک ایک تولہ دارچینی کبابہ چینی سونٹھ
شقاقل طباشیر ہر ایک نو ماشہ چوب چینی آدھ پاؤ بہمن سرخ وسفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ بوزیدان دو ماشہ مغز پستہ وچلغوزہ ہر ایک
ایک چھٹانک مغز بادام آدھ پاؤ کوٹ چھان کے ملا دین بعدہ نبات سفید آدھ سیر مقوم مین سب دوائین ملا دین خوراک ایکتولہ بادی اور
ترشی سے پرہیز معجون کونچ تقویت باہ کے واسطے مجرب ہی ترکیب مغز تخم کونچ گوکھرو کلان ستاور پالچھڑ مغز پنبہ دانہ ہر ایک تین
تولہ چوب چینی تخم گندنا تخم پیاز تخم شلغم موصلی سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ اندرجو میدہ سونٹھ خولنجان ہر ایک ایکتولہ کندر فلفل سیاہ دارفلفل
تربجور عاقرقرحا قرنفل ہر ایک چھ ماشہ شہد مصفی کف گرفتہ مین ملا دین خوراک نو ماشہ معجون خصیۃ الثعلب بغایت مبہی ومقوی منی
ومصلب ذکر بلذت جماع ومنعظ ومہیج شہوت ترکیب خصیۃ الثعلب بارہ درم مغز پنبہ دانہ دس درم مغز چلغوزہ کنجد مقشر تخم ہلیون
دارفلفل ہر ایک سات درم مایہ شتر اعرابی تخم زردک شقاقل مغز سر کنجشک نر قضیب گاؤ خشک سوہان کردہ ہر ایک تین درم عسل کف
گرفتہ مقوم مین بدستور معجون بنائین خوراک دو مثقال معجون مقوی باہ کہتے ہین کہ حضرت جبرئیل علیہ السلام حضرت عزت جل سبحانہ
کیجانب سے خدمت رسالت پناہ محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم مین حاضر ہوے اور بیان کیا کہ اگر کوئی شخص ایک چنے
کے برابر اس معجون سے کھاے نہایت منفعت بخشتی ہی اطبا نے بھی اسکے فوائد تقویت باہ کے واسطے بجد لکھے ہین ترکیب
خولنجان سنبل الطیب جوز بوا عاقرقرحا دارچینی کبابہ چینی عود ہندی ناگیسر ہر ایک دو درم مصطگی قرنفل ہر ایک ایکدرم مشک
خالص ایکدانگ نبات سفید سہ چند ادویہ بدستور معروف معجون بنائین اور جسقدر کہنہ ہو بہتر ہوگی خوراک ایکدرم معجون مقوی باہ

دمسک ترکیب سونٹھ دارچینی ثعلب مصری شقاقل جوزبوا لسان العصافیر مصطگی زعفران دارفلفل گلسرخ لونگ بزیدان بہمنین تخم ہلیون
تخم خربزہ ہر ایک دو مثقال مشک عنبر حب القلقل ہر ایک ایک مثقال شہد سہ چند مین معجون بنائین خوراک ایکدرم سے دو درم تک
معجون صمغ برائے قوت باہ و دفع سرعت انزال و سیلان منی و تغلیظ منی مجرب ہو ترکیب صمغ عربی اور سنگھاڑہ اور خرما ہر ایک اکیس
عالمگیری مغز نارجیل مغز پستہ مغز بادام مغز چلغوزہ ہر ایک چالیس درم الائچی خرد دارچینی زنجبیل ہر ایک پانچدرم قرنفل ڈھائی درم فلفل
دراز ایکدرم نبات سفید برابر اجزا عسل خالص دوچند مین معجون بنائین قدر خوراک ایکتولہ سے دو تولہ تک معجون انطاکی نے اعظم مرکبات
باہیہ سے لکھا ہی اور مجرب ہی ترکیب خارخسک و تخم نخود ہر ایک کو جداگانہ کوٹ کے شیر در دغن مین بدستور جوش کرلین کہ اونکی
صورت بدل جائے پھر اسکے سہ چند عسل اور مساوی الوزن آب پیاز و ترنجبین صاف کرکے ملادین اور قوام کرکے کام مین لائین معجون بہمنی
دمسکر بیاض استاد مرحوم سے ترکیب دارچینی ثعلب مصری شقاقل جوز بوا مصطگی اندر جو زعفران دارفلفل بوزیدان گلسرخ بہمنین
تخم ہلیون تخم گندنا ہر ایک دو مثقال مشک خالص ایکدانگ عنبر اشہب ایکدرم مغز حب فلفل تین درم زانلا انفکر بھنگ پچیس مثقال عسل چند
ادویہ مین لطریق مشہور معجون بنائین معجون چوب چینی تقویت باہ و اعضاء رئیسہ و دفع امراض سوداوی مین مجرب ہی ترکیب پوست
ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ منقی ہر ایک تین درم درونج عقربی شقاقل خصیۃ الثعلب سنبل الطیب سورنجان لاجورد مغسول ہر ایک دو درم
افتیمون بسفائج فستقی ہر ایک پانچدرم ترید سفید اسطوخودوس بہمنین زرنباد بادرنجبویہ ہر ایک تین درم بوزیدان دارچینی قرنفل جوز بوا
غنچہ گلسرخ عود ہندی ابریشم مقرض ہر ایک ڈیڑہ درم چوب چینی اعلی ہموزن جملہ ادویہ عسل مصفی سہ چند خوراک چار مثقال توعدیگر برائے
تقویت باہ و فربہی بدن و تقویت معدہ و اعضاء رئیسہ و گردہ و مثانہ بہت مفید و نشاط دمسکر ہی ترکیب چوب چینی اعلی پچاس مثقال
مرداریدنا سفتہ دو مثقال لاجورد مغسول ریوند چینی افتیمون بالچھڑ ہر ایک تین مثقال اہلیا مصطگی عود غرقی تابہ نشتر اعرابی اسارون ہر ایک تین درم
زعفران مشک تبتی عنبر اشہب بوزیدان سورنجان ہر ایک دو مثقال شیر آملہ دارچینی قرنفل جوز بوا بسباسہ زنجبیل فلفل ہر ایک دو مثقال
کبابہ چینی خولنجان قسط شیرین سعد کوفی ہر ایک دو درم سمک صیدہ ماہی روبیان درونج عقربی زرنباد تخم گندنا تخم شلغم تخم ترب بہمن
سرخ و سفید تودری زرد و سرخ اسپست خسک مربی ہر ایک تین مثقال شقاقل مصری دو مثقال ورق منشط سدس وزن مجموع ادویہ
کوٹ چھان کے رکھ چھوڑین بعدہ گل گاؤزبان بادرنجبویہ غنچہ گلسرخ اشنہ ہر ایک دس مثقال باریک پیس کے آب شیرہ کشیدہ مین
کرآب شیرین و آب سیب شیرین گلاب ہر ایک سو مثقال قند سفید عسل مصفی بالمناصفہ سہ چند ادویہ مین قوام کرین پھر مغز بادام شیرین مقشر
مغز فندق مغز چلغوزہ مغز گردگان ہر ایک دس مثقال مین بدستور بنائین اور اگر سکر منظور نہ ہو بجائے ورق منشط کے بیس مثقال
چوب چینی کو جوش کرکے اسکا پانی شہد مین قوام کرین اور دوسری دوائین ملادین معجون حار مقوی باہ بارد مزاج ترکیب زنجبیل
شقاقل خولنجان تخم جرجیر تخم گندنا تخم الجزرہ ہلیون مساوی کوٹ چھان کے شہد خالص آب پیاز سفید سہ چند ادویہ مین قوام کرکے ملادین

معجون ہندی مقوی باہ و ممسک فقیر کے تجربہ مین آئی ہی ترکیب تج بل ججیعہ سیاہ سربالی سمندر سوکھ تخم اونٹکٹن عاقرقرحا تالمکھانا
گوکھرو تخم کونچ موچرس جدیا گوند صمغ عربی ثعلب مصری ہر ایک ایکدام موصلی سفید دودام دارچینی قرنفل جوتری ہر ایک سات ماشہ
جوز بوا ایکدرم زعفران چار ماشہ جند بیدستر مصطگی رومی ہر ایک نیمدرم عسل آدھ سیر بطور مشہور معجون بنائین معجون دیگر سرہند نے
لکھا ہو کہ یہ دوا میرے استاد نے بتائی تھی امساک قوی کرتی ہی بہت بہی و مقوی اعضا ہی ترکیب قرنفل ڈیڑھ تولہ دارفلفل
صغار جوز بوا لبسباسہ ہر ایک دو تولہ عصارۂ بادیان پانچتولہ زعفران چھ ماشہ مغز بادام نیم رطل رب بہ رب انار شربت سیب
ہر ایک ڈیڑھ رطل عسل تین رطل شکر طبرزد ربع رطل دوائین پیس کے اور ربوب و عسل و شکر کو ایک رطل گلاب مین قوام کر کے
ملا دین اور ایک دورتی مشک و عنبر سے خوشبودار کر کے اور روغن قنب برائے ضعیف چھتیس درم و برائے متوسط بہتر درم اور برائے
قوی ایکسو آٹھ درم آمیز کرین معجون شیخ الرئیس سرعت انزال و سیلان رحم کے واسطے مجرب ہی ترکیب ہلیلہ کابلی بریان ایک جزو
بہمن سفید نصف جزو حب الآس پودینہ خشک سذروس مرکی کندر بسباسہ ہر ایک تین جزو قرنفل نصف جزو راسن خشک
حب المحلب ہر ایک دس جزو کوٹ چھان کے شیرۂ آملہ مربی مین معجون بنائین معجون عطائی برائے سرعت انزال و تقطیر البول نافع ہے
تالیف میر عطاء اللہ ترکیب مصطگی کندر جفت بلوط بزر القنب لبان مساوی کوٹ چھان کے دوچند شہد مین ملائین معجون
دافع سرعت انزال مقوی باہ و مغلظ منی رقیق ترکیب پوست ہلیلہ زرد و بلیلہ و آملہ خرماے بریان ثعلب مصری سیدہ چوب چینی خشک
موصلی سیاہ و موصلی سفید و سنبھل و تخم کونچ سنگھاڑہ خشک مغز کنولگٹہ پستان اندر جو شیرین مغز خستہ تمر سندی ہر ایک دو درم گلنار
شہید انہ نانخواہ زیرۂ سیاہ حب الآس کشنیز سنبلوچن کونپل درخت برگد مصطگی بلوط بجبند سروالی لودھ حرمل بریان ہر ایک ایکدرم
بھوپھلی بھلی ببول تخم گزر ہر ایک ایک مثقال قند سہ چند معجون خبث الحدید سفید برائے سرعت انزال منی مجربات حکیم الملک سے
ترکیب بہمنین ہر ایک پانچ مثقال خولنجان جفت بلوط عاقرقرحا ہر ایک دو درم شہد انج کندر مایہ شتر اعرابی ہر ایک تین درم
حب الآس فیبوزنج جوز بوا اقاقیا ثعلب مصری تخم شبت سعد کوفی خبث الحدید مدبر ہر ایک پانچ مثقال تخم ترب دس
درم شہد دوچند مین دوائین ملا کے معجون بنائین خوراک دو درم عقب آن پیالہ شیر تازہ معجون برائے سرعت انزال نافع
ہی مجربات حکیم گیلانی سے ترکیب مصطگی بلوط گلنار لبان ذکر شونیز تخم کشوث ہر ایک دس تولہ کو نانخواہ کر دیا ہر ایک پانچتولہ
پوست بلیلہ آملہ بلیلۂ سیاہ ہر ایک تیرہ تولہ عسل سفید سہ چند بدستور معجون بنائین معجون برائے سرعت انزال و ضعف گردہ و
مثانہ و نفخ مثانہ مجرب حکیم شریف خان ترکیب جوز بوا دو جزو آملہ منقی اذخر خار خسک پوست بلیلہ بسباسہ قاقلہ قرفہ خولنجان
حب بلسان دارچینی زنجبیل ہر ایک تین جزو تخم مہو د زعفران ہر ایک دو جزو عسل سہ چند مقوم مین معجون بنائین خوراک
ایک ٹانک معجون ممسک جب تک ترشی نہ استعمال ہو انزال نہ ہوگا ترکیب افیون مصری جوز بوا قرنفل مشک

زعفران فلفل زنجبیل قرفہ جملہ برابر عسل ہموزن خوراک یک درم تک وقت عصر کھائین اور بوقت عشا جماع مین مشغول ہون اس اثنا مین
کھانا نہ کھائین بلکہ دودھ پئین جو شخص سرعت انزال مین مبتلا ہو چند روز دو چنے کے برابر کھاے انشاء اللہ تعالےٰ علت مذکور زائل
ہو جاے گی معجون سیلان منی ومذی وودی وسیلان رطوبات رحم کے واسطے کہ زمن ہو نہایت نافع ہے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربا حجر
گل پستہ گل سپاری شہدانج بسباسہ عود صلیب خولنجان طباشیر کندر سفید شبت جفت بلوط صمغ عربی ثمر درخت مغیلان تخمین
شقاقل مصری گلنار فارسی پوست بیخ مغیلان صمغ سپاری کشنیز خشک صمغ درخت سنبل خصیۃ الثعلب قرفہ آملہ منقی صندل سفید
آرد بلوط ہر ایک ایک مثقال مغز پستہ مغز چلغوزہ نارجیل فندق حبۃ الخضرا تخم خشخاش تخم خرفہ مقشر ہر ایک دو مثقال مصطگی علک البطم
ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک نیم مثقال پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ روغن گاؤ مین بریان کرلین غنچہ گلسرخ ہر ایک دو مثقال عنبر
اشہب نیم مثقال مویز منقی بیس مثقال نبات سفید تیس مثقال آب سیب بہی دانا ردانا مرود ہر ایک چالیس مثقال شربت فواکہ
شیرین گلاب ہر ایک بیس مثقال معجون بنائین معجون بند کشاد و تقویت باہ مین بھی عجیب النفع ہے ترکیب تالمکھانہ میدہ چوب
تخم اوٹنگن مغز تخم کونچ ہر ایک پانچ درم موصلی سیاہ و سفید بہمن سیاہ و سرخ ثعلب مصری ہر ایک تین درم شقاقل مصری دو درم
سلیخہ بسباسہ زنجبیل موچرس جوز بوا ہر ایک ایک درم نیم درم دار فلفل نیم درم شیر میش ایک سیر شہد خالص لکیباو معجون بنائین معجون برائے
علت جنکہ مادہ شور سے ہو مجربات الطاکی ترکیب غاریقون عاقرقرحا سعد ہر ایک ایک جزو تربد موصوف سنارکی گل سرخ ہر ایک
نصف جزو مغز بادام تلخ ربع جزو کوٹ چھان کے شہد مین ملاکے چار درم ہمراہ آب عناب منقع دین اور آب ہی سے بیس مرتبہ
حقنہ کرین معجون مدر حیض ہے ترکیب قسط تلخ ریوند چینی جبایا حرمل اسارون سلیخہ مشکطرامشیع ہر ایک ایک جزو ابہل نصف جزو عسل
کف گرفتہ مین ملائین خوراک ایک مثقال ہمراہ آب مطبوخ تو تیلے سرخ معجون لتسہیل ولادت کیواسطے بے عدیل ہے اور دردحیض کی بھی ترکیب
مرکی جند بیدستر سعیہ سائلہ ہر ایک ایک مثقال دارچینی ابہل ہر ایک نیم مثقال شہد خالص مین آمیز کرین خوراک دو مثقال معجون براے
دفع رطوبت سائلہ فرج زنان مجرب و براے انعقاد منی مردان بھی مفید ہے ترکیب پوست فالسہ پوست درخت ببول پوست
درخت گولر پوست درخت کھرنی پوست درخت لسوڑہ پوست درخت کچنال پوست درخت مولسری پوست درخت جامن
پوست درخت برگد پوست درخت جھربیری ہر ایک ایک پاؤ برنج ساٹھی آدھ پاؤ چھالون کو نیم کوب کرکے آٹھ سیر پانی مین
بھگائین جب چار سیر پانی جل کے باقی رہ جاے صاف کرکے برنج ساٹھی اسمین ڈال کے پھر جوش دین تاکہ کل پانی چاولون
مین جذب ہو جاے چاول خشک کرنے کے بعد پیس ڈالین پھر نشاستہ پانچ درم گھی مین بریان کرین اور مغز تخم خربزہ چار تولہ
موچرس گل دھاوہ مائین خرد وکلان زنجبیل دار فلفل اسگند مسلی حن ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے سفوف بنائین اور
فوفل تراشہ ٹکڑے کرکے چار تولہ آدھ سیر دودھ مین جوش دین تاکہ کھوا ہو جاے سپاریونکو نکال کے خشک کرین اور کوٹ

چھان کے ادویہ سفوف مین ملادین اور مغز تخم خربزہ چھلا کر کے اکیجا کرین پھر لیسیر شکر سفید مین قوام کرین اور چنیا گوند نا لکھانہ بھی
روغن مین بریان کرکے سلایہ کرین اور مدا حل کرکے معجون تیار کرین معجون سپیاری پاک برائے سیلان رطوبت ارحام ترکیب مائین خرد
و کلان ہر ایک دو دام پختہ گل دھاوہ گل فوفل ہر ایک پانچدرم گوند چنیا آدھ پاؤ فوفل سرخ ایکپاؤ اول ڈلی کو کوٹ کے گائے کے
تین سیر دودھ مین بھگا رکھین اور کفچہ سے ملاتے رہین تا کہ خوب پک جائے پھر شکر سفید تین پاؤ ملادین اور پکائین یہانتک کہ
قوام ہوجائے آگ سے اتار کے ادویہ سابق کوٹ چھان کے آمیز کردین خوراک بقدر حاجت معجون مخیل اہل تجربہ سے منقول ہے
ترکیب بکری کا پتہ اگر پہاڑی ہو بہتر ورنہ پالو لیکن پورا جوان اور مستی پر ہو کتیرا البتہ مغسول بہمنین خولنجان ہر ایک پانچماشہ درونج
خصیۃ الثعلب مروارید ناسفتہ ہر ایک دس ماشہ شہد مین ملادین اور تین دن تک ہر روز ایک ماشہ بقدر تحمل مزاج و قوت کھلائین
معجون امین حمل اسکا نسخہ جوارشات مین مذکور ہوچکا معجون حافظ الجنین حاملہ عورتونکے لیے جنکو اسقاط کی عادت پڑ چکی ہو
دوسرا مہینہ شروع ہوتے ہی روزانہ ایک مثقال کھلائین بحفظ الٰہی اسقاط سے محفوظ رہین گی مکرر آزمایا ہے حمل کی اعانت بھی
کرتی ہے ترکیب بسفایہ حاج فوفل خشخاش گوزن سوختہ گلنار ابریشم مقرض ہر ایک ایک مثقال مروارید مرجان بسد یشب سفید گل سرخ
گل ارمنی کہربا خشک عود ہندی مصطگی زرنباد کبابہ چینی ہر ایک دو مثقال شہد خالص و خمیرہ آملہ مربی ہر ایک تیس مثقال مین
معجون بنائین منع نہ ہو تو کافور قیصوری بھی بقدر حاجت آمیز کردین تو عدیکر تالیف علویخان حافظ حمل و برائے طفل کہ بعد ولادت
جو تشنج ہوتی ہے یا مرض ام الصبیان مین مبتلا ہوجاتا ہے جو سبب ہلاکت پڑتا ہے اس معجون کا استعمال ایام حمل مین چھٹا مہینہ
شروع ہونے سے پہلے اکتالیس روز تک باعث دفع اور مجرب ہے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد محرق مغسول صندلین
مازو سبز طباشیر سعد بیخ عقرحی عود صلیب ابریشم مقرض عود خام پوست بیخ الجبار گل ارمنی ہر ایک ڈھائی مثقال مغز تخم ہندوانہ تخم
خرفہ مقشر ہر ایک پانچ مثقال ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک بیس عدد عنبر اشہب ڈھائی دانگ شربت غورہ پچھتر مثقال نبات
سفید ایکسو پانچ مثقال عسل مصفی پچاس مثقال بدستور سفرجل مرتب کرین اور ہر روز ابتدائے حمل مین پانچ مثقال ہمراہ گلاب دس
مثقال استعمال کرین دوسرے نسخہ مین عود صلیب و ورق طلا مطروح ہے اور وزن شربت غورہ تیس مثقال نبات پچاس
مثقال و شہد بیس مثقال ہے اور بعض بغیر شربت غورہ کے حمل مین پانچ ماہ استعمال کراتے ہین بعض کا قول ہے کہ مکرر تجربہ کیا ہے کہ اس معجون کے
کھلانے سے لڑکی پیدا ہوتی ہے پس مناسب ہوا کہ بسباسہ زرنباد دارچینی دانہ الائچی سفید ہر ایک ڈھائی مثقال عود خام پانچ ماشہ
ابریشم خام سیاہ سات ماشہ بڑھادین کہ فرزند نرینہ پیدا ہو معجون سنبھالو سونٹھ برائے قوت کمر زنان و ولادت طفل مستعمل ہے
ترکیب زنجبیل ڈیڑھ پاؤ کوٹ کے آدھ پاؤ روغن زرد اور تین پاؤ دودھ مین جوش کرین یہانتک کہ گاڑھا ہو جائے پھر پسندہ تین
بیس ٹکہ بھر کے قوام شکر مین آمیز کردین اور مغز تخم خربزہ مغز حب السمنہ نشاستہ ہر ایک دو تولہ اسگند موصلی سفید موچرس

گوند ناگوری ستاور ہر ایک ایک تولہ ساذج ہندی صندل سودہ سلیخہ گل دھاوہ ہر ایک نو ماشہ خارخسک دار فلفل فلفل سیاہ بالچھڑ سعد کوفی
مغز تخم کونچ چنیا گوند ہر ایک چھ ماشہ بدستور معجون بنائیں معجون عورتوں کے واسطے بعد ولادت استعمال کراتے ہیں برائے قطع سیلان آب
و تنگی فرج و دفع پرسوت نافع ہے و مقوی معدہ مکرر عمل میں آئی ہے ترکیب بسباسہ زعفران الائچی خرد ہر ایک چھ ماشہ جوز بوا تین
ماشہ قرنفل مبل چتیا دارچینی گل پستہ گل سپیاری ہر ایک ایک تولہ خرما کھوپرہ ہر ایک بارہ درم مغز بادام روغن زرد ہر ایک
آدھ پاؤ مشک تین ماشہ شہد سہ چند ورق نقرہ پچیس عدد معجون مرض حدبہ و ریاح افرسہ وغیرہ مجرب حکیم عابد ترکیب
بالچھڑ اسارون گلسرخ مصطگی دارچینی ہر ایک نیم درم مرکی دس درم زرنباد درونج عقربی ہر ایک تین درم تخم کرفس حرمل ہر ایک
چار درم شہد سہ چند میں قوام کریں خوراک تین درم ہمراہ آب نیم گرم دیگر تین روز کھائیں تیسرے روز ناغہ
دیں حدبہ رطوبی ریحی میں بغایت سودمند ہے مخترع و مجرب داؤد انطاکی ترکیب تیمہ غاریقون تربد سفید مغاث سورنجان ہر ایک
سات درم پوست ہلیلہ کابلی بسفائج فستقی خولنجان ہر ایک پانچ درم سکبینج اشق قسط دارچینی ہر ایک چار درم صبر مصطگی عاقرقرحا
جنطیانا حب الغار قرنفل فلفل سیاہ ہر ایک تین درم عسل مصفی سہ چند خوراک دو مثقال ہمراہ آب نیم گرم انطاکی لکھتا ہے کہ وجع مفاصل
و عرق النساء و نقرس وغیرہ میں بھی میں نے تجربہ کیا ہے معجون مسیحی درد پشت و رعشہ انزال کیواسطے کہ برودت سے ہو سودمند
ہے ترکیب گلسرخ سعد کوفی سداب عاقرقرحا قرنفل سنبل الطیب مصطگی زرنباد زعفران فاقلتین جوز بوا مساوی قند و
عسل سہ چند شہد گلاب میں قوام کر کے کل دوا ملا دیں معجون چوب چینی برائے درد پشت بارد و بلغمی نافع ہے ترکیب برادہ
چوب چینی تین مثقال گل گاؤزبان بیخ کبر و بہمنین تودریین بوزیدان شقاقل گل نسرین پوست ترنج سورنجان ابریشم مقرض
صندل سفید اندر جو شیریں ہر ایک تین مثقال مغاث بغدادی ایک تولہ مغز انجلک و پستہ و حب الزلم و بادام و چلغوزہ و تخم کدو
و گردگان و نارجیل مروارید ناسفتہ ہر ایک ایک تولہ بسد یاقوت ہر ایک چار ماشہ مشک عنبر ہر ایک تین ماشہ عسل و قند بالمناصفہ
سہ چند خوراک دو مثقال ہمراہ عرق چوب چینی معجون سورنجان اوجاع مفاصل میں ہموارہ معمول ہے ترکیب اسارون زنجبیل
زیرہ سیاہ دار فلفل ہر ایک دو درم سنا مکی پانچ درم سورنجان دس درم شہد سہ چند ادویہ بطریق متعارف معجون بنائیں خوراک
پانچ ماشہ سے دو درم تک نوع دیگر نسخہ ہندی ہے اوجاع مفاصل میں بعد تنقیہ عمل میں آتا ہے سریع التاثیر ہے ترکیب
سورنجان شیریں سات درم سنا مکی پوست ہلیلہ زرد ہر ایک تین درم اسگند تربد موصوف ہر ایک دو درم زیرہ سیاہ
شیطرج اسارون زنجبیل دار فلفل برگ حنا بدھارا ہر ایک ایک درم عسل سہ چند معجون مفاصل تالیف فاضل اندلسی
کہ وجع مفاصل میں مجرب ہے ترکیب مغز بادام خردل سنا مکی ہر ایک ایک جزو مصطگی آٹھواں حصہ سورنجان شیریں نصف
جزو معجون چوب چینی تالیف حکیم علی نافع وجع مفاصل بارد مزاج تنقیہ کے بعد مستعمل ہے دافع ضعف قوی و کسل ہے زنگ

رخسار اچھا کرتی ہی ترکیب چوب چینی بیس درم مصطگی عود غرقی زعفران ہر ایک پانچدرم دارچینی سنبل الطیب سورنجان
شیرین ساذج اشنہ قرنفل دانہ ہیل فلفل گرد دار فلفل بوزیدان جندبیدستر زنجبیل شیطرج گلسرخ کمون انیسون خولنجان جوزبوا
بہمنین ہر ایک تین درم مشک ایکدرم عسل سہ چند اگر جندبیدستر اصلی نہ ملے جدوار ڈالدین خوراک دو مثقال تک معجون چوبچینی
یا عشبہ تالیف حکیم علوی خان برائے درد مفاصل کہ آتشک کے سبب سے پیدا ہو گیا ہو اگر کسی شخص کو بیس برس کی مدت
گذر چکی ہو اور ضعف باہ اور تمام نفسانی و طبعی قوتین و قلت طعام کی نوبت پہونچی ہو بعونہ تعالیٰ اس معجون سے اکیس روز مین
دفع مرض کلی ہو جائیگا ترکیب عشبۂ مغربی بریدہ پندرہ درم چوب چینی موصوف بہمہ صفت ورق کرکے ستر درم گل گاؤزبان
بسفائج فستقی بادرنجبویہ ہر ایک دس درم مویز منقی ڈیڑھ رطل سب کو ساڑھے پانچ من گلاب و عرق بیدمشک مین رات بھر
بھگوئین دوسرے دن پتھر یا تانبے کی قلعیدار دیگ مین ڈال کے اوپر سے مٹی کا طباق ڈھانک کے چارون طرف خمیر
لگائین اور گل حکمت کرکے ایک مضبوط بڑا پتھر سرپوش پر رکھین اور ساڑھے پانچ من ہیمہ قلم باریک دو شاخ اسکے نیچے
جلائین جب ختم ہو جائین دیگ اُتار کے ملین اور اچھالین نبات سفید ایک من تبرزی عسل مصفی ڈیڑھ رطل عراقی داخل کرکے
حسب ضرورت جوش کرین اور کف صاف کرکے قوام کرین بعدہ دارچینی سیلانی بہمن سرخ و سفید سناء مکی خولنجان سورنجان دانہ
ہیل مصطگی رومی ہر ایک دس درم چوب چینی اعلی پینتیس ۳۵ درم عنبر اشہب نیم مثقال زعفران چار دانگ پوست بلیلہ کابلی پندرہ
درم کوٹ چھان کے ملادین خوراک ڈھائی مثقال صبح ڈھائی مثقال شام معجون ربع مجربات حکیم عمادالدین محمود شیرازی اگر
باری سے ایک گھنٹہ قبل دو چونے نیم مثقال تک کھلادی جاوے تو تین مرتبہ کے استعمال سے صحت ہو جائیگی اسکا نام
حب لولوی ہی ترکیب جندبیدستر علتیت دارچینی زنجبیل قرنفل شونیز مر صاف میعہ سائلہ ہر ایک تین درم افیون سداب فلفل گرد
ہر ایک ایکدرم عسل ہموزن ادویہ حکیم منصور علیصاحب کے نسخہ میں مروارید تین درم بھی داخل ہین معجون معصفر فساد خون
و سودا و بلغم و جوشش بدن و سر کے واسطے نافع ہے سرخبادہ اطفال و غیر اطفال کیواسطے دافع و مجرب ہی ترکیب
پوست ہلیلہ زرد پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ ہر ایک ایکتولہ آملہ منقی شاہترہ گلو زیرہ سفید ہر ایک دو تولہ کشنیز مقشر
گل معصفر برہمڈنڈی برگ حنا صندل سرخ دھمایا ہر ایک ایکتولہ عسل سفید دو چند ادویہ کشمش سبز یک چند ادویہ معجون
بنائین معجون عشبہ تالیف حکیم شریف خان برائے آتشک و اخراج سواد سوداوی و بلغمی و وجع مفاصل مجرب و معمول ہی
ترکیب پوست ہلیلہ زرد چار درم پوست ہلیلہ کابلی پوست بلیلہ ہلیلہ سیاہ شاہترہ بسفائج تربد موصوف افتیمون ہر ایک پانچدرم آملہ
تین درم برگ سنا دس درم عشبہ مغربی پانچتولہ شہد سہ چند خوراک سات ماشہ سے ایک تولہ تک نوع دیگر تالیف حکیم
اکبر علیخان برائے استیصال مادہ آتشک و قروح خبیثہ و بثور سوداوی و ناصیر و تصفیہ خون معمول ہی ترکیب عشبہ مغربی

ساڑھے سات تولہ چوب چینی چھ تولہ بسفائج سنا مکی ہر ایک تین تولہ بادیان برادہ شیشم برادہ آبنوس چرائتہ ہلیلہ سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ
گلسرخ شاہترہ سرپھوکہ برگ حنا مکو ہر ایک ایکتولہ گلو انیسون بابونہ گل گاؤزبان گاؤزبان ہر ایک نوماشہ خوبانی بارہ عدد شہد
ڈھائی گونہ ادویہ معجون بناکے جو کے غلہ مین چالیس دن تک رکھین خوراک ایکتولہ سے ڈھائی تولہ تک غذا قورمہ و نان روا بے نمک
یا کم نمک تو عدیگر نافع قروح و جروح خبیثہ آتشک و ناصور و آکلہ قدیمہ و حادث و خارش و دافع اوجاع مفاصل و مقوی اعضاے
تناسل ترکیب بادیان صندل سفید ہر ایک دو درم بسفائج فستقی سنا مکی ہر ایک چھ درم عشبہ مغربی بارہ درم شہد خالص
چوبیس درم قند سفید اکسیر خوراک ایکدرم صبح ایکدرم شام آب مطبوخ عشبہ کے ہمراہ تو عدیگر براے آتشک و مواد محترقہ و استسقا
نافع ہے قبض و نفخ کو دفع کرتی ہے مصفی خون و رنگ چہرہ گلگون کرتی ہے ترکیب عشبہ مغربی ربع رطل برگ سنا بادیان ہر ایک
بارہ درم بسفائج فستقی سولہ درم صندل سرخ چار درم قند سفید ربع رطل عسل نیم رطل مین قوام کرین اور بعض مجربین کی بیاض مین
وزن بادیان و صندل سرخ چھ درم بسفائج بارہ درم اور قند و عسل ہر ایک آدھ آدھ پاؤ ہے اور تربد سفید چھ درم اضافہ
کی ہے خوراک ایکتولہ سے ڈیڑھ تولہ تک اسکی تعریف مین لکھا ہے کہ تنقیہ مواد آتشک بدن سے بالکلیہ کرتی ہے اور نطفہ تولید
و تناسل کو صاف کرتی ہے کلف کو دور کرتی ہے معجون عشبہ دیگر ایک طوائف کو ضعف معدہ و خفقان تھا آتشک کا بقیہ
مواد رہ گیا تھا اس معجون سے کامل فائدہ ہوا ترکیب گاوزبان بسفائج پوست ہلیلہ کابلی مصطگی ابریشم مقرض گل گاؤزبان
گلسرخ مغز تخم کدوے شیرین صندل سفید گلاب مین گھسا ہوا طباشیر پوست ترنج پوست بیرون پستہ درونج ہر ایک
ایک مثقال دانہ ہیل زہرمہرہ گلاب مین گھسا ہوا تخم کشنیز ہر ایک دو مثقال زعفران ایکدرم عشبہ مغربی بیس مثقال
کو نیمکوب کرکے اکسیر عرق شاہترہ مین رات کو بھگو دین صبحکو جوش دین جب چوتھائی رہ جاے آب مذکور مین شکر سفید
سہ چند ادویہ سے ملکے قوام کرین اور دوائین کوٹ چھان کے ملا دین خوراک دو مثقال ہمراہ عرق کاسنی و گلاب و عرق صندل
معجون عشبہ و چوب چینی کہ مسہل ہے اور اصلاح خون فاسد کیواسطے معمول ہے اور اخلاط محترقہ کے لیے ترکیب بادیان صندل سفید گلو تازہ
افتیمون ہر ایک ایکدرم پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ کابلی شاہترہ پوست ہلیلہ چرائتہ منڈی تربد سفید ہر ایک دو درم سنا مکی چار
درم عشبہ مغربی بارہ درم چوب چینی آدھ پاؤ قند سفید اکسیر شہد ایکپاؤ بدستور مقرر معجون تیار کرین معجون چوب چینی باد فرنگ و تقویت
باہ کے واسطے بے عدیل ہے حکیم بقا خان کی بیاض سے منقول ہے ترکیب چوب چینی ہمہ صفت موصوف آدھ پاؤ سنا مکی سات تولہ
بسفائج فستقی صندل سفید و سرخ ہر ایک تین تولہ بادیان دو تولہ شہد خالص نبات سفید گلاب ہر ایک آدھ سیر اول سب دوائین جدا
جدا کوٹ چھان کے نبات و عسل کو گلاب مین قوام کرین اور تھوڑی تھوڑی دوا مین ڈال کے حل کرتے رہین خوراک چار تولہ صبح دو تولہ
شام دوسرے نسخہ مین بسفائج چار تولہ اور شہد تیس تولہ ہے غذا پلاؤ مرغ و گوشت حلوان تو عدیگر دافع مواد آتشک و امراض سوداوی

و مقوی اعضاے رئیسہ دباہ ترکیب پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ تربد اسطوخودوس بہمنین زرنباد بادرنجبویہ ہر ایک تین درم افتیمون
بسفائج ہر ایک پانچدرم لاجورد مغسول حجر ارمنی مغسول درونج سنبل الطیب شقاقل ثعلب مصری بوزیدان دارچینی قرنفل جوز بوا گلسرخ
عود ہندی ابریشم مقرض ہر ایک ڈیڑھ درم چوب چینی ہموزن جملہ ادویہ عسل سہ چند خوراک ایک مثقال معجون چوب چینی دافع مواد آتشک و
فساد خون ترکیب چوب چینی چالیس مثقال مغز تخم کدوے شیریں خشخاش سفید ہر ایک چار درم گلسرخ ہلیلہ سیاہ شاہترہ آملہ منقی صندل
سفید کاکنج پوست ہلیلہ مغز تخم خیارین کشنیز خشک تخم کاہو ہر ایک تین درم طباشیر چوب گز ہر ایک دو درم ریوند خطائی ایکدرم شہد
سہ چند خوراک حسب حال معجون شاہترہ دافع فساد خون و گرمی مزاج و جرب و حکہ ترکیب پوست ہلیلہ زرد و کابلی و ہلیلہ آملہ برگ سرپھوکا
ہلیلہ زنگی ہر ایک ایکتولہ شاہترہ ۸ تولہ چرائتہ اصل السوس ہر ایک دو درم تخم خشخاش دو مثقال روغن گاؤ میں چرب کرکے چہند میں قوام
کریں معجون شاہترہ جرب کیواسطے نافع ہے خارش کے مادہ کو رفتہ رفتہ کھو دیتی ہے ترکیب ریوند چینی ایکدرم چوب کاوی دو دو درم برگ
شاہترہ پانچدرم سنا مکی پانچدرم پوست ہلیلہ زرد دس درم سب کو کوٹ کے سہ چند ادویہ کے برابر کشمش میں ملائیں خوراک تین درم آب فواکہ
کے بدرقہ کیساتھ معجون نیب دافع جذام و جذر و فساد خون و مواد آتشک معمول ترکیب پوست شاخ نیب پوست نیب برگ نیب
پوست شاخ انجیر دشتی ہر ایک چار درم شاہترہ کشنیز چرائتہ تلخ پوست ہلیلہ زرد کابلی پوست ہلیلہ ہلیلہ سیاہ شیطرج گلسرخ بادیان سنا
مکی بسفائج درونج ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے سہ چند شہد خالص میں ملائیں خوراک ایکتولہ پرہیز ترشی و بادی اشیاء سے اور
غذا میں نمک کم کھائیں یہ معجون کہ جذام و امراض سوداوی میں معجون نجاح سے بہتر ہے مخترع سید احمد ترکیب بنفشہ پانچدرم قرنفل
سات درم بادیان انیسون گاؤزبان ہلیلہ سیاہ ہلیلہ کابلی ہلیلہ زرد قاقلہ ہیل منکطر اشیع ہر ایک تین درم بسفائج سنا مکی ہر ایک
بارہ درم تربد مجوف خراشیدہ تیرہ درم گلسرخ فودنج ہر ایک پندرہ درم آب آملہ تازہ چار سیر عالمگیری سبکو کوٹ چھان کے آب آملہ
میں بغیر شیرینی کے معجون بنائیں خوراک سات ماشہ سے ایکتولہ تک معجون مخترعات حکیم کلو صاحب سے برائے جذام مجرب ہے
ترکیب پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ منقی شیطرج ہر ایک تین تولہ دارفلفل خردل فارسی ہر ایک ڈیڑھ تولہ اسقیل مشوی ساڑھے
سات تولہ زعفران اذاراقی پونے چار تولہ برادہ دندان فیل تیئس ۲۳ ماشہ شہد صاف خام تیس تولہ اگر ڈیڑھ تولہ سیر بھینس کے دودھ میں
پکا کے اضافہ کریں اولی تر ہے خوراک سات تولہ سے شروع کرکے ایکتولہ تک پہونچائیں معجون اطریلال نافع برائے برص سفید
ترکیب اطریلال ایکدرم عاقرقرحا تربد سفید زنجبیل ہر ایک ایکدانگ شہد سہ چند مسہلات سے تنقیہ کے بعد استعمال کریں دھوپ
میں بیٹھیں اور موضع برص کو کھلا رہنے دیں کہ دھوپ لگے اور پسینہ آئے پہلے دن سے تیسرے دن تک موضع برص آبلہ
ہو جائیگا اور زرد پانی نکل جانے کے بعد برطرف ہو جائیگا نوع دیگر برائے برص ترکیب پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ بسفائج ہر ایک
پانچدرم سونٹھ کندر دارفلفل دارچینی تخم شقائق النعمان ہر ایک دو درم اطریلال تین درم شہد سفید سہ چند بدستور معجون بنائیں

معجون مجرب برائے برص ترکیب پوست ہلیلہ کابلی و ہلیلہ آملہ افتیمون دو قو ہر ایک پانچدرم قرنفل دارفلفل ہر ایک چار درم جوزبوا
عاقرقرحا شیطرج ہر ایک دو درم کوٹ چھان کے شہد مین معجون بنائین خوراک پانچدرم تین روز متواتر پھر پانچ دن ناغہ پھر تین دن
متواتر بدستور استعمال کرین معجون برائے سیت ذبرسوت کہ ہاتھ پانوٗن ٹھنڈے ہوجاتے ہین مجرب ہے ترکیب کندر زرنباد
ابرسا ہر ایک پانچماشہ جدوار چار ماشہ تخم البھودا یکماشہ مشک چار رتی پیس کے شہد مین ملائین اور حسب مزاج استعمال کرائین
معجون ہلیلہ جن لوگون پر بڑھاپا جلد آجائے مفید ہے ترکیب ہلیلہ سیاہ دس درم ہلیلہ پانچدرم فلفل ڈھائی درم زنجبیل گلسرخ
ورج ہر ایک ایکدرم و نیم کندر ذکر طباشیر سفید ہر ایک پانچدرم صندل سفید تخم کاسنی ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے غسل
مربائے ہلیلہ مین ملاکے تیار کرین خوراک تین درم بالونکی سفیدی کو کہ بیوقت ہوجاتی ہے دور کرتی ہے دیساہی کو قائم رکھتی ہے پرہیز
حموضات و مبردات مرطبات مثل شیر و فواکہ رطب و سکر متواتر سے گلاب و کافور کا استعمال و کثرت حمام و غذا مین ماہی و
ثرید و عصیدہ و ہریسہ حلوہ جات و آب برف و کثرت شرب آب و تخمہ و جماع سے اجتناب کرین ایضاً اس باب مین بہت
نافع ہے شیخ الرئیس سے ترکیب خبث الحدید مدبر چار درم ہلیلہ بیس درم غاریقون پانچدرم زنجبیل دارفلفل قرنفل ہر ایک تین درم
کوٹ چھان کے شہد مین ملائین اور استعمال کرین ایکسال تک دوا کھاکے آدھے دن تک کوئی غذا نہ کرین نزہت مین
مرقوم ہے کہ اسطوخودس ماء العسل مین کثرت سے کھانا بال سفید ہونیکو مانع ہے اور صاحب جوامع کے مجربات سے ہے
کہ زہرہ خطاف کا سعوط سفید بالونکو سیاہ کرتا ہے معجون تریاق افیون ہے ترکیب جندبیدستر جدوار مجرب دارچینی عاقرقرحا
زعفران فلفل سداب جلتیت مشک خالص اہل مساوی الوزن پیس کے سہ چند شہد مصفی مین معقوم کرکے معجون بنائین
خوراک ایکدرم سے تین درم تک

پانچوین فصل مفرحات کے بیان مین۔ مفرح کشنیز منع صعود بخارات و صداع بخاری مین مجربات سے ہے ترکیب تخم
خشخاش سفید و سیاہ تخم کاہو مقشر مغز تخم تربوز مغز تخم خیار دراز مغز تخم خیارباد رنگ تخم خرفہ مقشر ہر ایک تین درم گلسرخ
صندل سفید و سرخ ہر ایک دو درم کشنیز خشک مقشر کل مساوی کوٹ چھان کے شربت سیب و شربت بہی و قند سفید
موافق حاجت مین قوام کرین اور آخر قوام مین تھوڑے مشک و زعفران داخل کرین مفرح بارد برائے منع بخار و دوار و
سدر کام آتا ہے اور نہایت مجرب ہے صاحب تحفہ کے انتخاب سے ترکیب صندل سفید طباشیر سفید گل ارمنی بادرنجبویہ
پوست بیرون پستہ پوست ترنج ہر ایک دو مثقال ہمراہ شربت سیب ایکسو مثقال آمیز کرین خوراک دو مثقال بعض
قراجون مین عنبر اشہب نیم مثقال ورق طلائے محلول ورق نقرہ ہر ایک ایک مثقال فادزہر معدنی ایکدرم آملہ منقی پانچ مثقال
مفرح بارد مالیخولیا و خفقان حار مین معمول ہے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک ایک مثقال گل گاوزبان

طباشیر سفید مغز تخم کدوے شیرین تخم خرفہ مقشر ہر ایک دو مثقال عنبر اشہب ورق طلاے محلول ورق نقرہ محلول ہر ایک دو دانگ رب سیب شیرین رب بہی شیرین ہر ایک بیس مثقال نبات سفید ایکسو بیس مثقال گلاب پچیس مثقال بید مشک کشمیری پچیس مثقال بطریق معمول معجون بنائیں خوراک ایکدام سے ایک مثقال تک مفرح بارد براے مالیخولیا مجرب النفع ہی تالیف علویخان ترکیب یاقوت رمانی مروارید ناسفتہ لاجورد مغسول ہر ایک چھ ماشہ ابریشم مقرض گل گاؤزبان بہمنین طباشیر ہر ایک دو تولہ تخم خرفہ مقشر چار تولہ مغز تخم خیارین تین تولہ عنبر اشہب تین ماشہ ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک دو ماشہ نبات تیس تولہ شربت فواکہ تیس تولہ گلاب عرق بید مشک وگاؤزبان ہر ایک آدھ سیر بدستور معجون بنائیں خوراک نیم درم مفرح کافوری مخترع حکیم علویخان براے مالیخولیاے مراقی وجمیع امراض سوداوی کہ اسکا سبب احتراق صفرا یا دم ہوتا ہی اور مقوی جمیع اعضاے رئیسہ ہی نشاط پیدا کرتا ہی خفقان حار وضعف قلب کیواسطے جو بسبب حرارت ہو نہایت مفید ہی ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی کافور قیصوری زعفران ہر ایک دو دانگ لاجورد مغسول حجر قیطاس صندل سفید طباشیر پوست ہلیلہ کابلی ہلیلہ سیاہ آملہ منقی گل گاؤزبان غنچہ گلسرخ اسطوخودوس ہر ایک ایک مثقال تخم کدو پانچ مثقال تخم خرفہ پندرہ مثقال زرشک دس مثقال گل بنفشہ گل نیلوفر ہر ایک دو مثقال شربت فواکہ شیرین پچاس مثقال نبات سفید بقدر حاجت گلاب عرق بید مشک بقدر ضرورت بدستور معجون بنائیں خوراک ایک مثقال مفرح نافع مسلول ومحموق وقابض ہی ترکیب مروارید ناسفتہ بسد کہربائے شمعی صمغ عربی طباشیر رب السوس ہر ایک پانچدرم مغز تخم خیارین صندل سفید گھس کے پوست بیرون پستہ گلسرخ گل ارمنی ہر ایک دو درم کشنیز مقشر بریان تخم خرفہ بریان گل نیلوفر ہر ایک ایک مثقال خشخاش بریان زہر مہرہ گھس کے ہر ایک ایکدرم شربت سیب وشربت حب الآس ہر ایک دو اونسے ڈیوڑھا بدستور بنائیں مفرح بارد سادہ تالیف حکیم الملک مصدی مقوی قلب دافع حرارت ترکیب تخم کاہو مغز تخم خربزہ مغز تخم کدو مغز خیار زرشک بیدانہ ہر ایک ایک مثقال تخم حماض صندل سفید صندل سرخ کشنیز خشک ہر ایک دو مثقال طباشیر تخم کاسنی ہر ایک دو مثقال دو دو دانگ کوٹ چھان کے شربت سیب شیرین بقدر حاجت میں معجون بنائیں خوراک ایک مثقال نوع دیگر مختصر مانع صعود بخرہ جانب دماغ ونافع خفقان حار ومفید دل ومعدہ گرم ومقوی معدہ ترکیب کافور قیصوری ایک ماشہ گلسرخ طباشیر کشنیز مقشر ہر ایک چار ماشہ کوٹ چھانکے شربت سیب یا شربت حماض میں آمیز کریں خوراک نو ماشہ مفرح بارد تالیف والد حکیم علویخان خفقان وضعف قلب سوء مزاج حار قلب سے اور تمام بدن کے واسطے نافع ہی ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ہر ایک ایک مثقال گل گاؤزبان طباشیر گلسرخ صندل سفید کشنیز خشک مقشر مغز تخم کدو ہر ایک دو مثقال تخم خرفہ مقشر چار مثقال عنبر اشہب ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک دو دانگ رب سیب شیرین بیس مثقال نبات سفید ایکسو بیس مثقال گلاب وبید مشک ہر ایک پچیس مثقال بدستور مرتب کریں خوراک ایکدرم سے ایک مثقال تک مفرح بارد مختصر تالیف مولوی جلال الدین ساکن امروہہ امراض حار قلب کیواسطے معمول ہی ترکیب

گلسرخ گل گاؤزبان ہر ایک تین درم طباشیر دو درہم مروارید ناسفتہ ایک مثقال کشنیز خشک کہربائے شمعی ہر ایک ایکدام کافور ایک ماشہ
شربت صندل و انارین و قند سفید میں قوام کرکے ملادیں خوراک دو مثقال ہمراہ عرق شیر مفرح بارد مسمی بہ حافظ الصحت برائے خفقان
و مالیخولیائے مراقی و سوء مزاج حار قلب و دماغ و برائے ناقہین امراض حارہ و امراض حادثہ سوداء محترقہ سے و صفراء و خون سے اور
حفظ صحت امزجہ میں مفید و مجرب ہے تالیف حکیم علویخان ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی لاجورد مغسول فادزہر معدنی ہر ایک ایک
مثقال صندل سفید کشنیز گل نیلوفر گل گاؤزبان مغز تخم کدوئے شیریں مغز تخم خیار تخم کاسنی تخم خرفہ مقشر گل سرخ ہر ایک دو مثقال
ورق طلا ورق نقرہ عنبر اشہب مشک خالص گل مختوم یا گل داغستانی ہر ایک نیم مثقال آب سیب شیریں آب بہ شیریں آب
زرشک ہر ایک پچیس مثقال نبات سفید نوے مثقال بدستور تیار کریں خوراک ایک مثقال مفرح بارد مقوی دل و مفید
خفقان حار و تپ دق و دافع بخار سوداوی محترقہ و برائے ناقہین محرور المزاج نہایت نافع و معمول بکرات و مجرب بمرات ہے ترکیب
تخم کاہو مقشر مغز تخم خربزہ مغز تخم کدوئے شیریں مغز تخم خیارین تخم خرفہ ہر ایک نو ماشہ مروارید سپید کہربا سرطان نہری سوختہ
ابریشم مقرض ہر ایک تین ماشہ صندل سفید و سرخ دانہ ہیل طباشیر ہر ایک چھ ماشہ گل سرخ الکھتولہ تین ماشہ عود ہندی درونج
زرنباد بہمن سفید ہر ایک پانچ ماشہ زعفران ڈیڑھ ماشہ گاؤزبان تین ماشہ عنبر اشہب ایک ماشہ شربت سیب شربت انار شیریں شربت
ہر ایک چودہ تولہ ورق نقرہ سات ماشہ الد کبھی کافور دو ماشہ زیادہ کر دیتے ہیں نوع دیگر جسکا نام مطیبۃ الارواح ہے حکیم علویخان
نے شاہزادہ محمد بیدار بخت بن اعظم شاہ کیواسطے بعد رفع بیماری شطر الغب و اسہال مراری و تہیج اطراف با وجود سوء مزاج
حار مفرط برائے تقویت روح قلبی و دماغی کہ بعد امراض قوی و ارواح حادث سے واقع ہوتا ہے اور برائے قوت طبعی و اعضائے رئیسہ
و معدہ تجویز کیا تھا مداومت کرائی تھی بہت نفع کیا چہرہ کا رنگ سرخی مائل ہوگیا فربہی آگئی ترکیب مروارید ناسفتہ تین درم
ابریشم مقرض صندل سفید گل گاوزبان بادرنجبویہ کشنیز مقشر گل نیلوفر ہر ایک چھ درم پوست بیرون پستہ نو درم تخم خرفہ مقشر
بارہ درم عنبر اشہب ڈیڑھ درم مشک خالص ایکدرم ورق طلا تیس عدد ورق نقرہ پچاس عدد نبات سفید ایک رطل بدستور
معین مرتب کریں خوراک ایک مثقال سے دو درم تک مفرح بارد برائے خفقان حار مجرب ہے اور جلد برطرف کرتی ہے
ترکیب گلسرخ طباشیر مروارید ہر ایک تین ماشہ باؤ بالا گل نیلوفر تخم خرفہ کشنیز خشک کہربا صندل سفید و سرخ ہر ایک دو ماشہ
زرشک پانچ ماشہ مشک خالص ایک دانگ شربت سیب میں ملا کے تیار کریں نوع دیگر برائے حرارت قلب و عطش
کہ مشارکت قلب سے بسبب سوء مزاج حار کے پیدا ہو جاتی ہے نافع ہے اور خفقان کو دفع کرتی ہے بارہا تجربہ کے بعد نفع
سے خالی نہیں پائی گئی اور غربا کے لیے کہ مرض کے بعد نقیہ ہو جاتے ہیں تقویت کی غرض سے مستعمل اور سہل ہے ترکیب
صدف سوختہ طباشیر زہر مہرہ سوختہ ہر ایک ڈیڑھ درم گاؤزبان تخم خرفہ مغز تخم کدوئے شیریں تخم کاہو مغز تخم تربوز مغز تخم خیارین

گل ارمنی ہر ایک دو درم زعفران نیم درم قند سفید بقدر حاجت آب باران میں قوام کریں اور دوسری دوائیں حسب دستور ضم کریں خوراک
پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک **مفرح یاقوتی بارد** تالیف حکیم علی بے نظیر ہے تقویت دل کیواسطے کہ مزاج اسکا گرم ہے اور مقوی ہے
جمیع اعضاے رئیسہ کے واسطے ترکیب یاقوت رمانی لعل بدخشی یشب کافوری ہر ایک تین ماشہ بسد ایک ماشہ مروارید ناسفتہ
بادرنجبویہ گاؤزبان تخم فرنجمشک زعفران آملہ منقی تخم خرفہ مقشر کاہو مقشر بہمنین ہر ایک پانچ ماشہ گل ارمنی کزمازج تخم حماض گل بنفشہ گلنار
فارسی ہر ایک ایک ماشہ صندل سرخ و سفید ہر ایک ایک تولہ تین ماشہ زرشک ڈھائی تولہ ورق نقرہ تین ماشہ ورق طلا عنبر اشہب
مشک تبتی ہر ایک ایک ماشہ کافور قیصوری تین ماشہ طباشیر سفید سات ماشہ تخم کاسنی دس ماشہ شربت انار شیریں شربت
سیب شربت حماض ہر ایک چار تولہ دو ماشہ عرق کاسنی دو تولہ نبات سفید چھ تولہ عسل مصفی بیس تولہ عرق بید مشک چار
تولہ بدستور مرتب کریں برائے تقویت ناتمین محرورین بھی بے عدیل ہے اور سریع التاثیر نیز بہت جلیل القدر **مفرح یاقوتی معتدل**
مائل بحرارت تالیف حکیم موصوف بیان کرتا ہے کہ تمام مفرحات میں اس مفرح اور جو اوپر بیان ہوئی اُس مفرح پر اکتفا کرتا ہوں
اور مختلف امراض میں دیتا ہوں کبھی دونوں میں سے ہر ایک کسیقدر ممزوج کرکے دیتا ہوں اور تمام منافع میں سے ایک
نفع یہ ہے کہ اکثر اسہالات کے واسطے نافع ہے اور امراض رحم و تقویت رحم میں نیز حفظ جنین میں نہایت موثر و تام النفع ہے
اور معمول و مجرب بغیر اختلاف ہے ترکیب مروارید ناسفتہ زعفران گاؤزبان مصطگی بسد دارچینی ابریشم مقرض پوست زرد
اترج کہربا بہمن سفید زرنباد اُشنہ مغز تخم کدوے شیریں اظفار الطیب زرشک منقی تخم خرفہ مقشر فرنجمشک طباشیر مغز تخم خیار تخم کاہو
مقشر ہر ایک دو درم صندل سفید سودہ گلاب عود غرقی درونج عقربی گلسرخ ہر ایک تین درم عنبر اشہب قاقلہ کبار و صغار ورق
نقرہ ورق طلا کافور قیصوری کشنیز گل مختوم یا گل داغستانی لاجورد مغسول گل ارمنی قرفہ سنبل الطیب نارمشک ہر ایک ایکدرم لعل بدخشی
یاقوت سرخ رمانی تخم بادرنجبویہ ہر ایک ایک مثقال مشک اذخر نیم مثقال شربت حماض ایکسو درم عسل مصفی دو چند ادویہ بدستور
مرتب کریں خوراک ایک مثقال اور کبھی شربت فواکہ شیریں و نبات سفید ہر ایک ایکپاؤ عوض شربت حماض ہموزن کافور
ربع مثقال و عسل سفید آدھ پاؤ مرتب کریں **مفرح معتدل** دلکو قوت دیتی ہے خفقان کیواسطے نافع ہے نشاط لاتی ہے رنگ کو
اچھا کرتی ہے تشنگی دور کرتی ہے ترکیب مشک نیم درم کافور زعفران ہر ایک ایکدرم مروارید ناسفتہ عنبر اشہب درونج بسد
گاؤزبان عود خام ہر ایک دو درم ساذج ہندی زرنباد فرنجمشک تخم بادرنجبویہ خشخاش سفید بنفشہ گل ارمنی ہر ایک چار درم کہربا
تخم کاسنی کشنیز خشک ہر ایک پانچ درم گلسرخ افتیمون ہر ایک چھ درم صندل سفید سرخ طباشیر ہر ایک آٹھ درم کوٹ چھان کے
شربت سیب میں ملا دیں **مفرح دافع خفقان مانع صعود بخار** ترکیب مربائے آملہ مصفی دو عدد مربائے ہلیلہ ایک عدد
شربت انار شیریں پانچ تولہ گلسرخ گاؤزبان گل گاؤزبان زرشک طباشیر قرنفل صندل سودہ ابریشم مقرض دانہ ہیل

فرنجمشک ہر ایک ایکدرم زہر مہرہ بگلاب سودہ کشنیز مقشر ہر ایک دو درم گلقند نسرین ایکچند قند دو چند ورق نقرہ نیمدرم مفرح بارد
حکیم معتمد الملک نے قوت دل و مزاج حار کیواسطے نافع اور خفقان کے لیے مفید ہے ترکیب غنچہ گلسرخ طباشیر گل گاؤزبان کشنیز خشک
بہمن سفید صندل سفید ہر ایک ایکدرم مغز تخم خیارین مغز تخم کدو خرفہ مقشر ہر ایک چار درم دوسرے نسخہ مین خرفہ مقشر پندرہ درم
مروارید ناسفتہ ایکدرم کہربا زعفران کافور قیصوری ہر ایک نیمدرم زرشک منقی چھ درم نبات سفید ایکسو درم عرق بید مشک پچاس
مثقال مین حل کرکے آب سیب شیرین پچاس درم مین قوام کرین اور بدستور معجون بنالین مفرح حار سادہ خفقان و ضعف دل
مین کہ سردی سے ہو معمول ہے ترکیب بادرنجبویہ تین درم زرنباد درونج عقربی گاؤزبان ہر ایک چھ درم کوٹ چھان کے ہمراہ مربے
وعسل کف گرفتہ ملا دین نوع دیگر تالیف حکیم علی مقوی اعضاے رئیسہ مصفی لون و دافع مالیخولیا و حافظ سیاہی مو ہر حال مین خوشبو
سے بہتر اور اُس سے افضل لکھی ہے ترکیب بادرنجبویہ پوست ترنج قرنفل قرفہ زعفران مصطگی جوزبوا قاقلہ کبابہ مشک سک
بہمن سرخ و سفید زرنباد تخم بادروج درونج عقربی فرنجمشک ہر ایک دو درم مشک و عنبر ہر ایک نیمدرم ہمراہ عسل و مربا آملہ و مربائے ہلیلہ بجگو
دین اور تحفہ مین اسکی ترکیب یون تحریر ہے کہ ہلیلہ کابلی بیس عدد اور آملہ تیس عدد تین رطل پانی مین جوش کرین جب ایک رطل رہجائے
تو شہد ملا کے قوام کرلین اور دوائین کوٹ چھان کے ملا دین خوراک ایکدرم سے دو درم تک مفرح حار خفقان بلغمی و سوداوی
مین مفید ہے ترکیب بہمنین زرنباد ہر ایک دس درم درونج عقربی بادرنجبویہ عود قماری بسد ہر ایک پانچدرم قرنفل سنبل الطیب
ہر ایک ڈھائی درم مشک خالص ورق طلا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ شربت سیب عسل قند سفید چندیکم بدستور معجون بنالین مفرح بارد برائے حرارت معدہ و تشنگی بہت مفید
ہے اور دل کو قوت دیتی ہے ترکیب گلسرخ آملہ منقی کشنیز مقشر تخم خرفہ طباشیر سفید صندل سفید زرشک منقی ہر ایک تین مثقال
ابریشم مقرض مروارید ناسفتہ کہربا ہر ایک دو مثقال ورق نقرہ مشک خالص ہر ایک ایک مثقال عنبر اشہب ایکدانگ رب سیب
شیرین قند سفید بقدر کفایت بدستور معین معجون تیار کرین مفرح برائے تقویت معدہ و اعضاے رئیسہ مانع بخارات جانب قلب
و دافع وسواس و خفقان ترکیب صندل سفید سودہ مروارید ناسفتہ بسد کہربائے شمعی کافور برسعدی بگلاب سودہ گاؤزبان
گل گاؤزبان گلسرخ گل نسرین بہمنین پوست ترنج زرشک منقی ابریشم مقرض کشنیز خشک مقشر جو دغرفی زرنب فرنجمشک
درونج برگ بادرنجبویہ ہر ایک ایکدرم دانہ ہیل دو درم سنبل الطیب مصطگی سادج ہندی قرنفل ہر ایک نیمدرم مشک
ربع درم مربائے آملہ دو عدد مربائے ہلیلہ ایک عدد شربت انار شیرین شربت سیب شربت بہی ہر ایک چار تولہ قند سفید آدھ پاؤ
گلاب عرق کادی بقدر قوام مفرح بارد بہ نسخہ انطاکی برائے تنقیہ ابخرہ و اصلاح امراض حارہ و تعدیل مزاج جگر و گردہ مفید ہے موسم
سر بہ مین قوت اسکی دو سال تک باقی رہتی ہے خوراک دو مثقال ہے ترکیب گل ارمنی عصارۂ زرشک ہر ایک ایک مثقال
گلسرخ گاؤزبان ہر ایک ڈیڑھ مثقال تخم خشخاش سفید کشنیز مقشر مغز تخم خربزہ ہر ایک تین مثقال ہمراہ شہد خالص قوام

کرکے بدستور مقرر معجون بنائین اور اگر قدرے زعفران و مشک خالص و عنبر اشہب داخل کرین بہتر ہوگا **مفرح** نافع امراض جگر و
مقوی جگر بعد رفع سوء القنیہ تقویت کیواسطے مستعمل ہے ترکیب مروارید ناسفتہ کہربا البسد زہر مہرہ ہر ایک مسحوق فرنجمشک
ہر ایک ایک مثقال تخم کاسنی مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ دانہ ہیل صندل مسحوق طباشیر ہر ایک دو درم زعفران مصطگی ہر ایک
نیم مثقال بالچھڑ لک مغسول زرنب دارچینی ساذج ہندی ہر ایک ایکدرم گلسرخ زرشک محلول بگلاب ہر ایک چار مثقال
مربائے آملہ مربائے ہلیلہ ہر ایک دو عدد شربت انار شیرین آدھ پاؤ مویز منقی چار تولہ قند سفید دو چند بدستور بنالین ورق نقرہ
محلول ایکدرم بھی اضافہ کرین **مفرح قابض** مفید تہییج خفقان و دافع حرارت مزاج ترکیب مروارید بسد کہربا زہر مہرہ انار دانہ
طباشیر حب الآس آملہ مقشر تخم خرفہ بریان گل گاؤزبان گل نسرین ہر ایک ایکدرم زرشک لک مغسول گلسرخ کشنیز بریان
تخم کاسنی ہر ایک دو درم مشک کافور ہر ایک ایکماشہ شربت انار شیرین چار تولہ ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک ڈیڑھ درم قند سہ چند
مفرح تالیف حکیم نظام الدین جلی برائے ضعف جگر و سوء القنیہ و ضعف معدہ و ضیق النفس ترکیب زعفران دو مثقال مروارید
یاقوت لعل بدخشی کہربا مرجان ابریشم مقرض زرشک بیدانہ انار دانہ بریان زوفا ہر ایک ایک مثقال گاؤزبان نعناع خشک بادرنجبویہ اسپ
تار مشک پوست بیرون پستہ پوست ترنج ساذج ہندی عود خام فرنجمشک حب بلسان تخم کاشم عود بلسان سعد مصطگی صندلین
طباشیر گل مختوم آملہ ریوند چینی انیسون لک منقی افسنتین اسطوخودوس تخم کرفس گلسرخ زرنباد تخم کشوث درونج عقربی بہمنین
شعثیہ الثعلب اشنہ سنبل الطیب قصب الذریرہ کمافیطوس قسط تلخ غصارہ غافث فقاح اذخر ناردین افتیمون مرزنجوش حاشا
مشکطرامشیع ورق طلا ورق نقرہ عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک نیم مثقال قند سہ چند خوراک ایک مثقال غذا نخود آب **مفرح قابض**
دافع اسہال مقوی احشاء نافع اسہال کبدی ہے ترکیب زعفران نیم جزو مرجان لعل بدخشی عود ہندی ہر ایک ایکجزو کشنیز خشک ڈیڑھ جزو عقیق
یمنی پوست ترنج برگ مورد تخم حماض بریان ریوند چینی زرشک منقی خشخاش بریان سرطان نہری سوختہ لک مغسول طراثیث
صمغ عربی دم الاخوین ہر ایک دو جزو مروارید ناسفتہ کہربا البسد ہر ایک تین جزو بہمنین صندل سفید طباشیر گل مختوم تخم خرفہ بریان
حب الآس ہر ایک پانچ جزو قند سہ چند یارب بہ داس مین معجون بنائین **مفرح** مفید ذیابطیس دافع صفرا و گرمی مزاج نافع
خفقان مقوی قلب ترکیب شربت انار شیرین و ترش ہر ایک آدھ پاؤ آب آلوے بخارا سات عدد تمر ہندی چار تولہ آب نگترہ
آدھ سیر نبات سفید آدھ سیر مین قوام کرین اور آخر قوام مین عنبر اشہب چار رتی حل کرکے آگ سے اتار لین اور بعد ازان ادویہ
تخم حماض پانچماشہ کشنیز مقشر زہر مہرہ سودہ مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم خیارین تخم خرفہ مقشر تخم کاہو طباشیر ہر ایک چھ ماشہ
گل گاؤزبان چار ماشہ کہربائے شمعی ورق نقرہ تودری یشب سبز مرجان سرخ مروارید ناسفتہ ہر ایک تین ماشہ بدستور معہود
بنالین **مفرح ذیابطیس** بارد و سلس البول و تقطیر البول و سیلان منی کیواسطے مفید ہے نافع و مقوی گردہ و مثانہ و ہلیل المرء

ترکیب مروارید ناسفتہ اکتولہ زہر مہرہ خطائی لسد سوختہ کہربا ہر ایک نو ماشہ حب الآس جفت بلوط دم الاخوین شہد انج دانہ ہیل
شادنج عدسی مغسول دارچینی حب کاکنج خصیۃ الثعلب سعد کوفی صندل سفید و سرخ تودریین تخم خشخاش سفید بریان ابریشم مقرض
ہر ایک دو درم شربت حب الآس وقند سفید سہ چند مین قوام کرکے مشک و عنبر ہر ایک ڈیڑھ ماشہ ملادین خوراک سات ماشہ سے نو ماشہ
تک مفرح تالیف علویخان منافع کثیر رکھتی ہی قوت باہ کو بڑھاتی ہی سرعت انزال کو دفع کرتی ہی لطف اللہ خان کیواسطے بسامان
محمد شاہ بادشاہ نے تالیف کی تھی اور نفع کثیر ہوتا ترکیب یاقوت رمانی لعل بدخشی مروارید ناسفتہ کہربای شمعی یشب سبز ہر ایک یکدرم
ابریشم مقرض طباشیر پوست ترنج زرد اترج بادرنجبویہ گلسرخ ساذج ہندی دارچینی بوزیدان ہر ایک تین درم بہمنین تودریین شقاقل
ریگ ماہی ہر ایک بارہ درم تخم بلیون دس درم عود خام ورق نقرہ ہر ایک چھ درم زعفران عنبر اشہب ورق طلا ہر ایک ایک درم
جدوار خطائی دو درم آب سیب شیرین آب انار شیرین ہر ایک ایک رطل آب بہ شیرین آب لیمون ہر ایک نیم رطل نبات شہد ہر ایک
سوا رطل عرق گاوزبان گلاب ہر ایک نیم رطل بدستور مقرر مرتب کرین مفرح جدوار مخترع حکیم موصوف نہایت مقوی باہ ہی
دل و دماغ کو قوت دیتی ہی اور تفریح لاتی ہی ترکیب بیخ موٹھ پانچ مثقال بیخ تفاح بزر البنج سنگوران ہر ایک ڈھائی مثقال
کوٹ کے گائے کے تازہ تین رطل دودھ مین داخل کرین اور اسقدر جوش دین کہ دوا کی قوت دودھ مین آجاے پھر دودھ کو ماست
کرکے اسکا تمام مسکہ لے لین اگر زیادہ مفرح و منشط بنانا چاہین تو ورق القنب پندرہ مثقال بھی ادویہ مذکورہ کے ہمراہ دودھ مین
ڈالدین اسکے بعد جوز بوا پانچعدد سوراخ کرکے پانچدانگ افیون کی بتیان بناکے ہر ایک ہر جوز مین رکھین اور جوزون کو خمیر سے
لپیٹ کے روغن گاؤ تازہ مین بھونین یہانتک کہ خمیر مین سیاہی آجاے وہ خمیر اسکے بعد چھڑا ڈالین اور پانچون جوزون کو جنمین
افیون رکھی تھی ہمراہ دارچینی دشقاقل خشک مربا بہمنین قرنفل کباب چینی لب یاسہ سورنجان لسان العصافیر خولنجان زعفران
حب القلقل خشخاش سفید ہر ایک ایک مثقال زنجبیل درونج عقربی ہر ایک نیم مثقال ماہیہ شتر اعرابی چار دانگ خصیۃ الثعلب تین
مثقال مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک پانچ مثقال مغز پستہ مغز بادام شیرین مغز فندق مغز نارجیل مغز چلغوزہ مغز حبۃ الخضرا مغز حب السمنہ
مغز انجلکب مغز گردگان مغز حب الزلم ہر ایک دو مثقال نخود سفید کہ آب جرجیر مین تین مرتبہ ترکرکے خشک کیے ہون بریان چار مثقال
سب کو کوٹ چھان کے مسکہ مذکور مین چرب کرکے شہد نہایت سفید بالنا صفہ سہ چند ادویہ مین قوام کرین اور نیم مثقال مشک خالص
ورق طلا ورق نقرہ ہر ایک پچاس عدد ملادین اس مفرح کی قوت چھ ماہ تک ہی اسکے استعمال کے بعد دودھ کا پیالہ جسمین پانچ مثقال
عسل زنجبیل مربی حل کیا ہو پی لین مقدار خوراک ایکدرم سے ایک مثقال تک اگر ورق القنب بھی ملے ہون تو خوراک کم ہونا چاہیے
مفرح منشط تالیف حکیم موصوف مقوی باہ اور چندان گرمی نہین کرتی ترکیب یاقوت مروارید کہربا ورق نقرہ عنبر اشہب
جدوار خطائی بیخ تفاح ہر ایک آٹھ ماشہ ورق طلا مشک ہر ایک چار ماشہ گل گاؤزبان صندل سفید تخم خرفہ عطر حبشی زرنب

ہر ایک دو دو تولہ ابریشم مقرض دو تولہ جوزبوا پانچ عدد زعفران چھ ماشہ مغز نارجیل چار تولہ مغز تخم خیارین آٹھ تولہ افیون خالص تین ماشہ
نبات سفید عرق بید مشک گلاب عرق گاؤزبان ہر ایک آدھ سیر عسل مصفی پاؤ بھر جوزبوا کو خالی کرکے افیون بھرین اور خمیر مین لپیٹ
کے روغن مین بریان کرین یہانتک کہ خمیر سیاہ ہو جائے پھر نکال کے خوب باریک پیس ڈالین اور بطریق متعارف معجون بنائین
خوراک بقدر برداشت نو عدد بگیر تلشی ترکیب عنبر اشہب لعل بدخشی مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی ورق نقرہ بیخ تفاح ہر ایک
ایک مثقال وایکدانگ ورق طلا ابریشم مقرض جوزبوا کشنیز خشک مقشر زعفران ہر ایک دو مثقال صندل سفید گل گاؤزبان تخم خرفہ مقشر
ہر ایک چار مثقال مغز نارجیل مقشر دس مثقال مغز تخم خیارین سولہ مثقال مشک تبتی چار دانگ عطر قنب ولائتی بیس مثقال
نبات سفید عسل مصفی ہر ایک ایکسو بیس مثقال گلاب عرق بید مشک ہر ایک اسی مثقال عرق گاؤزبان چالیس مثقال بدستور بنائین مفرح
طرب افزا نشاط وسکر کو پیدا کرتی ہی خشکی مطلق نہین کرتی ہی اور تقویت دل و دماغ و باہ کے واسطے بے نظیر ہے ترکیب مشک خالص
تین ماشہ ورق نقرہ چار ماشہ بہمنین کبابہ ہر ایک چھ ماشہ ثعلب مصری شقاقل مصری دانہ ہیل دارچینی جوزبوا قرنفل گلسرخ فرنجمشک
صندل سفید بسباسہ زعفران ہر ایک ایکتولہ مغز بادام تخم خشخاش گلاب ہر ایک ایک پاؤ روغن جزو اعظم آدھ سیر عسل سفید قند سفید ڈیڑھ
سیر مفرح تیار کرین اگر تقویت قلب و باہ زیادہ منظور ہو تخم ہلیون تودری سرخ وزرد ہر ایک ایکتولہ بڑھادین مفرح منشط مقوی قلب
ممسک قوی تالیف حکیم علویخان ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی یاقوت رمانی ورق نقرہ ہر ایک ڈیڑھ مثقال لعل بدخشی ورق طلا
ہر ایک چار دانگ بہمن سرخ گل گاؤزبان شقاقل موٹھ تین مرتبہ گائے کے دودھ مین خمیر کرکے خشک کیے ہوئے گل سرخ ہر ایک دو مثقال
بسباسہ درونج بادرنجبویہ ہر ایک ایک مثقال جرس ولائتی خالص چھ مثقال عنبر اشہب زعفران ہر ایک دو دانگ نبات سفید
سینتیس ۳۷ مثقال شربت سیب شیرین شربت سفرجل ہر ایک نوے مثقال آب انار شیرین سینتیس ۳۷ مثقال عرق گاؤزبان عرق
بید مشک گلاب ہر ایک بیس مثقال بدستور مرکب کرین مفرح منشط تالیف مرزا ابوالقاسم ترکیب بنگ خالص تین تولہ صاف
پانی دس تولہ مین جوش کرین کہ نصف رہ جائے صاف کرکے ہمراہ روغن کنجد اسقدر جوش دین کہ پانی جل کے تیل رہ جائے پھر بسباسہ دارچینی
پوست ترنج ثعلب مصری فرنجمشک ماشہ مصطگی ہر ایک دو تولہ زعفران جوزبوا گلسرخ فلفل ہر ایک ایکتولہ مشک چھماشہ کوٹ
چھان کے روغن مذکور مین چرب کرین شہد سہ چند ادویہ مین سکو ملادین خوراک زمستان مین نصف مثقال اور تابستان مین ربع مثقال
مفرح حکیم علویخان نے برائے ضعف قلب و افراط سیلان طمث وضعف رحم تالیف کی تھی برائے محل وزیر الممالک نواب قمرالدین خان کے
اور بہت مفید ہوئی ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی لسد محرق یاقوت رمانی فادزہر معدنی بہمنین گلسرخ درونج عقص زرنباد
ابریشم مقرض خولنجان دارچینی صندلین اقاقیا ہر ایک دو مثقال لعل بدخشی زمرد ورق نقرہ عنبر اشہب ہر ایک ایک مثقال
مشک ورق طلا ہر ایک نیم مثقال نبات سفید شہد صاف شربت سیب شربت بہ شربت فواکہ شیرین ہر ایک چالیس مثقال بدستور

معجون بنائیں خوراک ایک مثقال مفرح نافع برسوءے ترکیب دارچینی ابریشم زعفران جوزبوا قرنفل بسباسہ لسان العصافیر مصطگی فلفلمویہ
خولنجان درونج عقربی مساوی کوٹ چھان کے سویرشتی بچند میں ملادیں خوراک دو درم ہمراہ شربت گاؤزبان مفرح بارد برائے
مدقوق ومسلول مفید وشکم باندھتی ہے اور ضعف دل کیواسطے جو گرمی سے ہو نافع ہے ترکیب مروارید کہربا گل ارمنی صمغ عربی طباشیر
ہر ایک چھ درم رب السوس پانچدرم تخم خشخاش سفید مغز تخم خیارین ہر ایک ڈیڑھ درم کشنیز بریان بہدانہ بہ بن ہر ایک ایک مثقال
رب مورد دس درم شربت سیب شیرین دو چند اجزا کوٹ چھان کے ربوب میں ملادیں مفرح نافع مدقوق ومسلول کہ لینت طبع
کیساتھ ہو ترکیب صندل سفید بگلاب سودہ طباشیر گلسرخ خرفہ مقشر بریان کشنیز مقشر بریان کہربا لمہ زہر مہرہ سودہ مروارید سودہ
بگلاب پوست بیرون پستہ گل نیلوفر گل گاؤزبان حب الآس ہر ایک ایکدرم مغز تخم خیارین وکدوے شیرین ہر ایک دو درم زعفران
کافور ہر ایک دو دانگ ورق نقرہ ایکدرم قند سہ چند اگر کھانسی ہو صمغ عربی بریان رب السوس ہر ایک ایکدرم بھی اضافہ کریں نسخہ قدما
کی آزمودہ ہے برائے سموم و مالیخولیا و وسواس وجنون وجمیع علل دماغی وجذام وبرص وربو واوجاع مفاصل ونقرس وقولنج وسنگ
گردہ ومثانہ ترکیب زرنب زرنباد گل سرخ کشنیز خشک گاؤزبان تودری سفید وزرد بہمنین ہر ایک نیم اوقیہ حب الغار مصطگی دارچینی
قرنفل کباب چینی عود ہندی مرکی جنطیانا حماما ابریشم مقرض ہر ایک ایک اوقیہ اب خورہ آب سیب گلاب ایک رطل سکو شیرہ دن میں بھگو
دیں اور بعد ایک شب کے عرق کشید کریں پھر اس عرق کو ایک رطل عسل و ایک رطل نبات سفید میں قوام کریں اسکے بعد کٹی ہوئی دوائیں حسب دستور ملادیں

چھٹی فصل ماء اللحم کے نسخوں کے بیان میں - ماء اللحم مرکب علوی خان مقوی دماغ ترکیب گوشت برہ چہار ماہہ گوشت
بزغالہ فربہ ہر ایک ایکمن تبریزی مرغ جوان تین قطعہ دراج چار قطعہ سنگ خوارہ سات قطعہ کنجشک نرخانگی پینتیس ۳۵ قطعہ کبوتر خانگی اڑنے والے
سات قطعہ سب کو چربی سے اور کھال سے صاف کر کے سازج ہندی و بادیان و کشنیز خشک و پودینہ سبز ہر ایک نو تولہ پوٹلی میں
باندھ کے پانی میں پکائیں تاکہ گل جائے پھر دوائیں نکال کے کپڑے سے پانی چھان ڈالیں اور گوشت کو صافی سے صاف کر کے تانبے
یا چاندی کے پتیلے میں رکھ کے پیاز و کشنیز خشک ہر ایک آدھ پاؤ قرنفل ہیل بوا ہر ایک تین تولہ روغن گاؤ آدھ سیر ڈال کے خوب
بھون ڈالیں یہانتک کہ مانند یخنی سرخ ہو جائے اسوقت پارچوں کو کپڑے سے صاف کر کے اور شوربے سے چکنائی نکال کے مثل
ریتی کے پکالیں پھر پہلا پانی اور گوشت کا شوربا پتیلے میں ڈال کے دارچینی سلیخہ عود ہندی عود صلیب اسطوخودوس قرنفل مصطگی
نانخواہ خولنجان زرنباد سنبل الطیب جوزبوا بسباسہ دانہ ہیل سازج ہندی ہر ایک ایک مثقال عرق بیدمشک و کیوڑہ و گاؤزبان
وگلاب ہر ایک آدھ سیر عنبر اشہب دو مثقال مشک تبتی ایک مثقال نیچہ میں باندھ کے دس شیشہ عرق کھینچیں خوراک نو تولہ
روزانہ ماء اللحم بارد تالیف حکیم علوی خان برائے مالیخولیا کہ احتراق خون وصفراء سے یا بسبب دھوپ میں چلنے اور غذا و دوائے گرم
کھانے سے ہو اور حمی دق کیواسطے بھی نافع ہے ترکیب گوشت بزغالہ گوشت برہ جوان گوشت میش چھ ماہہ پانچہ برہ یا بزغالہ

جوان چربی اور کھال جدا کرکے بوٹیان کر لیجائین اور ہر ایک دو رطل چاندی یا تانبے کی دیگ مین کہ تازہ قلعی کی ہو رکھکے طباشیر سفید
صندل سفید کشنیز خشک گلسرخ دانہ ہیل ہر ایک پانچ مثقال دارچینی ایک مثقال کوٹ چھان کے اوپر چھڑک دین اور نیم پختہ کباب
کرکے گلاب عرق بید مشک عرق گاؤزبان عرق سیوتی عرق صندل عرق شاہترہ عرق نیلوفر عرق کاسنی ہر ایک ایک سیر آب خالص
بقدر ضرورت آٹھ نو سیر عرق کھنیچ لین اسمین سیب امرود شیرین کدو تر زعرور ہر ایک کو تراش کے آب انار شیرین برگ خرفہ تر
اسفاناخ زرشک کاہو برگ بید گلسرخ گل نیلوفر شاہترہ تازہ گل سیوتی باقلا تر ہر ایک نیم رطل آملہ بہمن سفید و سرخ تخم خشخاش گاؤزبان
گل گاؤزبان ہر ایک پانچ مثقال تودریین ہر ایک تین مثقال اور پانی یا عرق مناسبہ بقدر احتیاج اضافہ کرکے بقدر سات سیر عرق کھینچ
کشید کرین عنبر اشہب ایکدرم وقدرے مشک نیچہ مین لٹکا دین اور اگر ضرورت ہو کافور و طباشیر بھی دو آتشہ کرلے مین زیادہ کردین
ماء اللحم مقوی اعضاے رئیسہ و باہ ترکیب مرغ جوان ایک عدد لوا چار عدد دراج دو عدد گاؤزبان دارچینی قرنفل دانہ ہیل
صندل سفید تخم کشنیز مقشر برگ ترنج پوست بیرون پستہ بہمن سفید و سرخ ابریشم مقرض درونج عقربی مصطگی ہر ایک تین ماشہ عنبر
اشہب ایک ماشہ گلاب عرق گاؤزبان ہر ایک آدھ سیر بدستور عرق کھنیچین تالیف حکیم رفعت خان ایضاً بیاض حکیم اجمل خان صاحب
سے ترکیب حلوان شیرمست ایکعدد دراج تین عدد مرغ چار عدد الائچی خرد صندل سفید طباشیر ہر ایک تین تولہ کشنیز گاؤزبان
ہر ایک چار تولہ مصطگی نیلوفر گل بنفشہ ہر ایک دو تولہ سعد کوفی زعفران ہر ایک ایکتولہ عنبر اشہب چار ماشہ بید مشک دو شیشہ گلاب
ایک شیشہ آب باران ایک شیشہ بطریق معارف کشید کرین ماء اللحم مانع امراض باردہ قلب و مقوی قلب تالیف حکیم بازید
مرحوم ترکیب گوشت بزغالہ تین سیر تیتر سیدرہ قطعہ مرغ ایک درونج عقربی بسفائج زرنب گل گاؤزبان ہر ایک تین تولہ اشنہ
ساذج ہندی زرنباد ہر ایک چھ تولہ بادرنجبویہ ابریشم خام ہر ایک نو تولہ چوب چینی سعد برگ فرنجمشک ہر ایک پانچتولہ گلسرخ تازہ
قاقلتین ہر ایک سات تولہ مشک و عنبر ہر ایک دو ماشہ بدستور مرتب کرین خوراک سات تولہ سے بیس تولہ تک ماء اللحم براے درد
اذنی القلب منقول ہے قوانین العلاج حکیم کبیر علیخان سے ترکیب گوشت برہ کاہی پانچ سیر مرغ تین عدد کنجشک نر ساٹھ عدد سلیخہ
قاقلہ کبار پودینہ آملہ کشنیز ساذج ہندی زیرہ سیاہ و سفید نمک لاہوری ہر ایک تین تولہ روغن گاؤ ڈیڑھ پاؤ زرنب اسارون گل گاؤزبان
سعد تودریین درونج بسفائج ہر ایک چار تولہ ابریشم بیس تولہ خار خسک گاؤزبان برگ شاہترہ بادرنجبویہ ہر ایک نو تولہ شقاقل
دانہ ہیل پوست ترنج عود غرقی ہر ایک پانچتولہ عرق شاہترہ بادرنجبویہ گاؤزبان مکو ہر ایک ایک بوتل گلاب پانچ بوتل مین زعفران
نو ماشہ مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک تین ماشہ پانچ بوتلین عرق کشید کرین خوراک نو تولہ سے پندرہ تولہ تک ماء اللحم نسخہ اختراع
حکیم علویخان نہایت مفرح و مقوی بدن و اعضا ہے اور امراض باردہ کیواسطے نافع اور ٹھنڈے مزاج والو نکے واسطے نہایت مفید
ہے چنانچہ اسکے استعمال سے انکا مزاج بدل جاتا ہے کہ پھر تسخین کی احتیاج نہین ہوتی ترکیب مویز سرخ دو سیر

قند سیاہ ڈیڑھ من پوست مغیلان آدھ سیر پوست بلیلہ کابلی ایکسیر آملہ منقی بادیان ہر ایک آدھ سیر برگ تنبول برگ نارنج پانچ پانچسو
خولنجان مصری دارچینی ہر ایک پانچ تولہ بیخ تفاح بزرالبنج سفید لعبت بربری ہر ایک دو تولہ پوست رند نارنج پوست رند اترج زرنباد
انیسون ہر ایک پانچ تولہ گلسرخ بیس تولہ نانخواہ تیس تولہ سب کو کوٹ کے ایکجا کریں اور مٹکے مین رکھکے بقدر ضرورت پانی بھر کر
گھوڑے کی لید مین دفن کر کے گرم جگہ پر رہنے دین کہ جوش کھا جاوے اور جوش سے نیچے بیٹھ جاوے بدستور عرق کشید کر کے گوشت بره
جلباسہ یا بزغالہ فربہ دو سیر مرغ فربہ دو قطعہ کبک جوان سات قطعہ بٹیر سات قطعہ لوہ پندرہ قطعہ کبوتر اڑنے والے اور گردان ہر ایک
دو قطعہ کنجشک نر خانگی پچاس قطعہ سب کی آنتین چربی ہڈیان آلائش صاف کر کے فقط گوشت کی بوٹیان کر لیجائین دارچینی لسباسہ
کشنیز خشک صندل سفید قرنفل عود قماری خام عود صلیب صعتر گلسرخ زیرہ کرمانی جوز بوا نانخواہ ہر ایک ایکتولہ کوٹ چھان کے
چھڑک دین اور چاندی کی دیگ مین نیم خام کباب پکائین پھر ان کبابونکو دیگ مین ڈال کے عرق مذکور اسمین ڈال دین گلاب عرق بہار
نارنج زرد ک ریزہ ریزہ کر کے سیب شیرین ٹکڑے ٹکڑے سفرجل شیرین صاف کی ہوئی ہر ایک پانچ سیر داخل کر کے جوش دین تاکہ
گل جاوے پھر بدستور اسکا عرق کشید کرین بعدہ اس عرق پر دارچینی کشنیز خشک ساذج ہندی لسباسہ جوز بوا اشنہ سنبل الطیب
بہمنین صندل سفید دانہ ہیل صعتر گلسرخ شقاقل خولنجان زیرہ سیاہ نانخواہ برگ فرنجمشک ہر ایک تین تولہ نیمکوب رات کو
عرق مذکور مین بھگو دین اور دوسرے دن عرق کھینچین عنبر اشہب مشک زعفران ہر ایک ایکتولہ پیس کے نیچہ مین لٹکا دین تو عدیم
تقویت قلب و معدہ بارد باہ مین نظیر نہین رکھتا ترکیب دیگر تیتر کا گوشت آدھ سیر گوشت بغلی ایکسیر گوشت آہو ایکسیر گوشت
مرغ آدھ سیر گوشت کنجشک خانگی ایک پاؤ گوشت کبوتر جنگلی آدھ سیر صاف کر کے مناسب عرقون مین یا پانی مین گلا ڈالین
بعد اسکے قرنفل پوست بیرون پستہ خولنجان بوزیدان جوزبوا لسباسہ گلسرخ طباشیر گل گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک ایک تولہ
آملہ ہلیلہ کابلی دارچینی الائچی خرد خار خسک پوست ترنج کشنیز خشک مقشر صندل سفید گاؤزبان بہمنین شقاقل تودریین تخم بلیون
ہر ایک دو تولہ عود غرقی چھ ماشہ درونج عقربی تخم فرنجمشک قرفہ ہر ایک ایکتولہ زعفران پانچ ماشہ لسان العصافیر مصطگی ہر ایک
دو تولہ مشک دو ماشہ عنبر اشہب دو ماشہ آب سیب آب بہ ہر ایک آدھ سیر گلاب دو سیر آب بقدر ضرورت دوسرے نسخہ مین
آب گزر دس سیر عرق بادرنجبویہ دو سیر بھی داخل ہے ماء اللحم زرد ک نہایت مقوی باہ ہے بدن کو قوت دیتا ہے فربہ کرتا ہے رنگ کو
سرخ اور نیک کرتا ہے ترکیب زرد ک تیس سیر شاہجہانی دارچینی گلسرخ گاؤزبان بہمن سرخ سعدکوفی شقاقل زنجبیل ہر ایک ایکتولہ
نیمکوب کر کے گلاب عرق بیدمشک شیر مادہ گاؤ ہر ایک دو سیر آب خالص نصف من شاہجہانی اسمین انڈیل کے عرق کھینچین
چوب چینی اعلی آدھ سیر گلسرخ دارچینی خصیۃ الثعلب شقاقل قرنفل لسباسہ ابریشم خام تخم گزر ہر ایک دو تولہ گاؤزبان تین تولہ
صندل سفید عود قماری ماہی شتر اعرابی اشنہ بہمنین ہر ایک ایکتولہ مصطگی رومی بیخ بنفشہ جلد دارخطائی ہر ایک ایکتولہ و تین ماشہ

زعفران مشک تبتی عنبر اشہب ہر ایک چھ ماشہ دوائیں نیکوب کر کے دیگ میں ڈالیں اور عرق مذکور ما نڈیل کے گوشت برہ شیر مست
گوشت بزغالہ شیر مست ہر ایک گیارہ سیر شاہجہانی مرغ جوان فربہ پانچ قطعہ کنجشک نرخانگی پچاس تیتر سنگخوارہ ہر ایک دس
قطعہ سبکی چربی اور کھال و ہڈی جدا کر کے بوٹیاں بنائیں اسمیں عرق ڈالدیں اور عرق بہار نارنج و عرق گاؤزبان و عرق بادرنجبویہ ہر ایک
پانچ سیر شاہجہانی آب سیب شیرین آب بہ شیرین آب نیشکر ہر ایک دو سیر شاہجہانی داخل کر کے عرق کشید کریں اور کشید کے وقت
مشک و عنبر و زعفران کی پوٹلی باندھ کے نیچہ کے منھ پر باندھ دیں ماء اللحم امراء مین دوسرے نسخون سے اقوی ہے ترکیب گوشت
برہ و بزغالہ فربہ دو رطل مرغ فربہ دو قطعہ تطاب یعنے سنگخوارہ (لوہ) سات قطعہ دراج فربہ چار قطعہ کنجشک نرخانگی پچاس قطعہ
سبکی کھال ہڈی چربی جدا کر کے بوٹیاں بنائیں پھر دارچینی صندل سفید بہمنین شقاقل سانرج ہندی کشنیز خشک گلسرخ ہر ایک
ڈھائی مثقال گل گاؤزبان ساڑھے سات مثقال کوٹ کے اسکے اوپر چھڑک دیں دوسرے دن آب آہن تاب و گلاب و
عرق بیدمشک و آب زرشک و آب سیب شیرین و آب امرود و آب نیشکر ہر ایک ایک رطل کے ہمراہ عرق کشید کریں عرق کھینچنے
کے وقت عنبر اشہب مشک تبتی زعفران ہر ایک ایک مثقال پارچہ کتانی میں باندھ کے نیچہ کے منھ پر باندھ دیں یا اس طاس میں
ڈالدیں جسمیں عرق ٹپکتا ہے خوراک دو فنجان وقت شام مجرب بعضے اطبا و مؤلف حکیم معتمد الملک سے ہے ماء اللحم مفتی نفع عظیم
رکھتا ہے تفریح اور نشاط افزا ہے قوتونکی تقویت کرتا ہے خصوص قوت باہ کے لیے نہایت نافع ہے خوبصورت رنگ کرتا ہے ترکیب
قند سیاہ بیس سیر شاہجہانی اسکے عوض خرما یا مویز بھی کیا جا سکتا ہے پوست مغیلان پانچ سیر سبکو مٹکے میں رکھ کے بقدر ضرورت
پانی بھریں اور گھوڑے کی لید میں گرم مقام پر دفن کر دیں اور اتنی مدت تک رہنے دیں کہ جوش کھا کے بیٹھ جائے پھر صاف
کر کے عرق کھینچیں اس عرق کو شیرہ خیر گلاب و عرق بیدمشک و عرق گاؤزبان پانچ سیر دیگ میں ڈال کے گوشت برہ چار طل
یا بزغالہ شیر مست جو کوئی ہو دس سیر مرغ فربہ بیس کبوتر اڑنے والے پانچ کنجشک نرخانگی ایکسو پچاس احشا و امعاء چربی
و استخوان صاف کر کے بوٹیاں کر کے مثل کباب نیم خام کر کے جسمیں عرق ڈالے ہوں اسی دیگ میں ڈالدیں اور عرق کشید کریں
نیز چاہیے کہ اسی عرق میں چوب چینی علی ستر مثقال گل گاؤزبان بادرنجبویہ ہر ایک پچاس مثقال دارچینی سنبل الطیب جوزبوا بسباسہ
قاقلتین بادیان خطائی صندلین زعفران بوزیدان کباب چینی عود صلیب اشنہ سلیخہ شقاقل زرنب فرنجمشک ہر ایک دس مثقال
تخم بلیون پانچ مثقال عنبر اشہب مشک تبتی ہر ایک چار مثقال کوٹنے والی دوائیں نیکوب کر کے عرق مذکور میں ایک شبانہ روز بھگو
دیں دوسرے دن عرق کھینچیں عنبر و مشک و زعفران کی پوٹلی نیچہ پر باندھ دیں یا طاس میں ڈالدیں کھانے سے پہلے تین پیالیاں
قہوہ کی پئیں بھی جا ہے تو صبحکو بھی پی سکتے ہیں نیز اسیطرح شام کو بھی ماء اللحم دیگر تالیف والد حکیم علویخان امراض باردہ کے لیے
عظیم المنافع ہے مقوی قلب و جمیع اعضائے رئیسہ و گردہ و خفقان و غشی بارد و ضعف باہ برودت سے ہو تو اسکے واسطے نہایت

سفید و مجرب ہی ترکیب گوشت برہ فربہ چار ماہہ گوشت بزغالہ فربہ کھال چربی ہڈی نکال کے ایکمن تبریز مرغ فربہ تین تبریز چار لوہ سات
کنجشک نرخانگی پینتیس کبوتر خانگی نو پرواز سات سبکی چربی اور ہڈیان صاف کرکے چاندی کی پتیلی مین نیم خام بھونین پھر دارچینی سلیخہ صعتر
عود ہندی عود صلیب اسطوخودوس قرنفل مصطگی رومی نانخواہ خولنجان زرنباد صندل سفید شقاقل جوزبوا بسباسہ دانہ ہیل سنبل الطیب
سازج ہندی سونٹھ ہر ایک ایک مثقال نیمکوب کرکے بقدر ضرورت پانی ڈال کے عرق کشید کرین اور اگر عنبر اشہب دو مثقال مشک
تبتی ایک مثقال نیچہ پر باندھ دین بہتر ہے ماء اللحم بہت مقوی باہ لائق امراء و روسا ترکیب نخود کابلی تین سیر رات کو دو سیر شیر گاؤ
مین بھگو دین صبح ہمراہ آب گندم بیس سیر آب شکر گیارہ سیر آب سیب آب انار شیرین ہر ایک دو سیر ایکجا کرکے عرق کھینچین پھر
اُس عرق مین دارچینی دو تولہ مایہ شتر اعرابی بہمنین شقاقل مصری صندل سفید تودرین حب الزلم مغز حبۃ الخضرا ہر ایک دس تولہ گل
گاؤزبان زعفران ہر ایک چار تولہ عود غرقی دو تولہ پوست بلیلہ کابلی دس عدد کوٹنے والی دوائین کوٹ کے اور عرق گاؤزبان و عرق بید مشک
ہر ایک چار صراحی گلاب دس سیر مین رات کو بھگو دین صبحکو مرغ خصی جلوان خیر ست ہر ایک دس قطعہ لوہ بیس کنجشک نرخانگی دو سو
سب گوشت چربی و استخوان نکال کے دارچینی بانچ تولہ قرنفل دو تولہ الائچی خرد سات تولہ کشنیز خشک آدھ پاؤ زعفران چار تولہ سب کو
کوٹ کے گوشتون مین ملا دین دو نین گھڑی کے بعد قضیب گاؤ سوہان کیے ہوے پندرہ عدد داخل کرکے پانی مین جوش کرین جوش کے
بعد پانی چھان کے لیں پاد دادویہ منقوعہ داخل کرکے عنبر دو تولہ مشک ایک تولہ نیچہ کے منہ پر معلق کرین اگر رنگین کرنا مقصود ہو تو زعفران
بھی پوٹلی مین باندھ دین تو عد یگر مفید براے امراض سوداویہ و مقوی باہ و ممسک و مصفّیٔ خون ترکیب گوشت حلوان خیر ست
چربی ہڈی نکال کے دیگچی مین ڈالین کشنیز خشک دانہ الائچی سفید زیرہ سفید صندل سفید سازج ہندی ہر ایک دو تولہ سب کو
نیمکوب کرکے بریان کرین جبکہ پانی ختم ہو جاے اور رنگ سفیدی مائل ہو آگ سے اُتار کے گاؤزبان گل گاؤزبان گل سرخ دانہ
الائچی سعد کوفی بسفایج فستقی جوز بوا بسباسہ عود غرقی اُشنہ بیخ سوسن ہر ایک دو تولہ درونج عقربی دارچینی شقاقل بہمنین تودری زرد
و سرخ ہر ایک تین تولہ خلب مصری آدھ پاؤ اول بانچ سیر قند سیاہ دس سیر آب مین شربت بنائین اور ببول کی چھال آدھ سیر کاٹکے
مستقل گھڑے مین رکھین اور سر گیں اسپ مین دفن کردین آٹھوین دن نکال کے دوائین ملائین زعفران دو آثار کی پوٹلی مین باندھ کے
نیچہ کے منہ پر لٹکائین اور عرق کھینچین خوراک چھ تولہ سے آدھ پاؤ تک شکر ملا کے ماء اللحم مجرب براے تپ دق ترکیب گوشت
برہ یا بزغالہ ایکسالہ چربی و استخوان نکال کے گوشت سرخ دیگچہ مین ڈالین اسقدر بھونین کہ پانی جدا ہو جاے ہنوز پکنے نہ پایا ہو کہ
آگ سے اتار لین اور گوشت کو نچوڑین تا کہ پانی نکل جاے پھر اُس پانی کو دوسری مرتبہ جوش دین تا کہ پک جاے اور تھوڑا سا
دھنیا و نمک ملا کے نوش کرین

ساتوین فصل مضمضون کے بیان مین۔ مضمضہ براے جوشش حدیث فم مجرب ہی ترکیب پوست بلیلہ کابلی پوست

بلیلہ زرد ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ آملہ ہر ایک ایک مثقال گلاب و آب لیموں قدرے مین دوائین بھگو دین کہ وہ ڈوب جائین پھر اُسے
خوب ملائین اُسمین سے تھوڑا قہوہ خوری کے پیالہ مین لے کے اُنگلی کو اُس سے تر کرین اور سنون احمر کو کہ سنونات مین گذر چکا موضع قروح
و بثور دہان و زبان و کام اسنان و لثہ پر ملین اور تین مرتبہ اسیطرح کرین اور منہ سے رال ٹپکائین پھر نقوع مذکور سے کلی کرین تاکہ سنون
احمر کا اثر زائل ہوجاے اسکے بعد سماق منقی طباشیر گاؤزبان سوختہ کشنیز خشک دم الاخوین کات ہندی فوفل زرد رد گلنار فارسی
سک رامک ہر ایک ایکدانک کوٹ چھان کے چھڑکین مگر انتہا کا زمانہ نہ ہو اور حدت مادہ کم ہوگئی ہو سازج ہندی سلیخہ سیاہ
دار شیشعان سعد کوفی دارچینی سنون مین ملا دین مضمضہ براے قلاع حار معمول ہے ترکیب سماق عنب الثعلب برگ چنبیلی
کوکنار فوفل چھالیہ برگ حنا تازہ جوش اور صاف کرکے کات سفید پیس کے ملائین اور مضمضہ کرین ایضاً آب کشنیز سبز لعاب
اسبغول شیرہ عنب الثعلب شیرہ کشنیز خشک کتھ سفید پیس کے چھڑک کے مضمضہ کرین کبھی آب لعاب مذکور مین حضض مکی پیس
کے بھی اضافہ کرتے ہین ایضاً براے قلاع معمول ہے ترکیب برگ حنا نیمکوفتہ پانی مین تر کرکے اول کے چھان لین کتھ سفید و کافور پیس کے
حل کرین اور مضمضہ کرین نوع دیگر براے قلاع حار مجرب ہے ترکیب پوست کچنال پوست جھربیری پوست کیکر پوست ببول پات
مازو سبز سپاری چھالیہ کتھ سفید گوند جوش اور صاف کرکے مضمضہ کرین ایضاً براے قلاع ترکیب ترپھلا چوب درخت کھیر
برگ و شاخ چنبیلی جملہ جوش کرکے مضمضہ کرین مضمضہ معمول قلاع بارد ترکیب عاقرقرحا میران تخم ترب نیمکوب سرکہ مین
جوش کرکے مضمضہ کرین ایضاً مغز فلوس آب کشنیز سبز یا گلاب مین مل کے مضمضہ کرین اسیطرح ترپھلہ و کات سفید کا مضمضہ
کرین مضمضہ براے آکلہ معمول ہے ترکیب گلنار فارسی گلسرخ عدس مقشر پوست انار شیرین پوست ہلیلہ زرد مازو سبز پوست ہلیلہ
کابلی گل لبستان افروز جفت بلوط گاؤزبان سماق مساوی نیم رطل پانی مین اسقدر پکائین کہ تہائی رہجاے صاف کرکے مرجان سفید
بسد ہر ایک ایکدرم کوٹ چھان کے ملائین اور مضمضہ کرین نوع دیگر براے آکلہ و قروح خبیثہ و قلاع خبیثہ ترکیب ترپھلہ و ہلیلہ
کابلی و سیاہ برگ حنا عاقرقرحا دارچینی مرمکی جعدہ گزمازج ہر ایک ایک مثقال جدوار خطائی نمک طبرزد ہر ایک دو دانگ گلاب و سرکہ مین
بھگو کے چھان لین سنون احمر جسمین کہ توتیاے سبز خام ہو جو اُنگلی آب مذکور سے تر کی ہو منجن سے آلودہ کرکے تین مرتبہ ملین بعدہ
گلاب مذکور کا مضمضہ کرین اسکے بعد جو منجن براے آکلہ و قروح خبیثہ و قلاع خبیثہ نافع ہو ملین مضمضہ نافع جوشش دہن
کہ سیماب یا رسکپور کھانے سے ہوجاے ترکیب ترپھلہ موچرس کوکنار تتریک شاہترہ مساوی پانی مین جوش اور صاف کرکے
قدرے روغن بیدانجیر و شیر گاؤ مخلوط کرکے مضمضہ کرین مضمضہ براے بخر متعدی کہ مادہ بلغمی سے ہوتا ہے بعد تنقیہ کامل کے
نفع بین بخشتا ہے ترکیب عود خام مصطگی قرنفل جوزبوا بسباسہ ہر ایک دو درم سب کو نیمکوب کرکے پانی مین
جوش دے اور صاف کرکے مضمضہ کرین مضمضہ مفید ورم گرم زبان ترکیب آب برگ کاسنی آب برگ مکو جوش کرین اور

قدرے سورڈال کے جوش کریں پھر مضمضہ کریں **ایضاً** نافع ورم گرم زبان وخناق **ترکیب** آب عنب الثعلب آب کشنیز سبز مساوی
قدرے مغز خیار شنبر حل کرکے نیگرم مضمضہ کریں **مضمضہ** منھ کی بدمزگی کو زائل کرتا ہے **ترکیب** عاقر قرحا قدرے سرکہ وگلاب میں جوش
کرکے مضمضہ کریں **مضمضہ** کہ ورم صلب زبان کو تحلیل کرتا ہے بیاض اُستاد مرحوم سے **ترکیب** حلبہ تیس درم تمر ہندی بیس درم
انجیر خشک تیس عدد سب کو کوٹ کے ڈیڑھ من پانی میں پکائیں نصف رہجائے تو صاف کرکے مضمضہ کریں **تو عدیگر** نافع ورم
صلب زبان وفم **ترکیب** بنفشہ حلبہ تخم کتان مرو انجیر خشک اصل السوس ہر ایک پانچدرم شحم دجاج وبط ہر ایک دس درم
مغز خیار شنبر بیس درم تین رطل پانی میں جوش کریں نصف رہجائے تو نیگرم مضمضہ کریں **مضمضہ** نافع ثقل زبان منقول خط
اُستاد مرحوم سے **ترکیب** خردل نوشادر زنجبیل عاقر قرحا صعتر فلفل شونیز نمک ہندی مساوی پانی میں جوش کرکے مضمضہ کریں
مضمضہ نافع ترقیدگی زبان و یبوست زبان **ترکیب** بہدانہ سپستان پانی میں جوش اور صاف کرکے شیرۂ مغز تخم کدوے شیریں
ومغز تخم خیارین بکری کے دودھ میں نکال کے ملائیں اور مضمضہ کریں **مضمضہ** برائے درد دندان حار مستعمل ہے **ترکیب** عنب الثعلب
کزمازج گلنار کوکنار کشنیز خشک بزرالبنج سب نیمکوفتہ عدس مسلم تین پاؤ پانی میں جوش دیں تیسرا حصہ جل جائے تو صاف کرکے
مضمضہ کریں اگر درد کی شدت ہو کافور بیس کے سرکہ وگلاب میں ممزوج کرکے نیگرم مضمضہ کریں افیون قدرے کھائیں
دانت پر ملیں **مضمضہ** برائے نزلہ ودرد دندان **ترکیب** پوست خشخاش اسپغول برگ گیت برگ سرو پوست مغیلان پوست
انار گلنار زرد چوب جوش کرکے کلی کریں **تو عدیگر** معمول برائے درد دندان حار اور قلاع مفرط الحرارت میں بھی نافع ہے **ترکیب**
آب کشنیز سبز آب بارتنگ سبز آب عنب الثعلب سبز لعاب اسبغول آب برگ خرفہ قدرے کافور سودہ چھڑک کے استعمال کریں
ایضاً مجرب برائے درد دندان حار **ترکیب** کشنیز خشک مازوے سبز پوست خشخاش گلنار عنب الثعلب بزرالبنج حب الآس
ہر ایک دو درم جوش اور صاف کرکے افیون ایک ماشہ کافور چار رتی گلاب چار دام حل کرکے ملادیں اور ٹھنڈا کرکے کلی کریں
ایک ساعت میں جاتا رہیگا **مضمضہ** برائے درد وتحرک دندان **ترکیب** گلنار کوکنار صندل سرخ فوفل کز مازج جوز السرو
برگ مورد برگ حنا عنب الثعلب کشنیز خشک پوست انار بزرالبنج گلسرخ ہر ایک ایک منقال عدس چار درم پانی میں جوش کرکے
اور چھان کے مضمضہ کریں **مضمضہ** دافع درد دندان حار و استحکام **ترکیب** بارتنگ سینتیس دانہ کباب چینی اٹھارہ دانہ
عدس مسلم گیارہ دانہ کونپل درخت جھاؤ ایکدام ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش کریں جب تیسرا حصہ باقی رہے صاف کرکے مضمضہ
کریں **مضمضہ** برائے وجع اسنان خواہ گرم سے ہو خواہ ورم سے معمول اُستاد مغفور **ترکیب** پوست درخت سرس چار تولہ
برگ چنبیلی دو تولہ بارتنگ تین ماشہ جوش کرکے مکرر مضمضہ کریں اگر پوست خشخاش تین تولہ بھی داخل کردیں اقوی ہوجائیگا
مضمضہ برائے کرم دندان **ترکیب** اسپند مرچیا گند بارتنگ ہر ایک چھ ماشہ برگ چنبیلی ایک تولہ چوبیس تولہ پانی میں

جوش دین نصف رہجاے تو صاف کر کے مضمضہ کرین اور پھٹکری بریان مصطگی کشنیز بریان زردچوب بریان پوست درخت کیکر
ہر ایک چھ ماشہ کوٹ چھان کے وقت شب مل کے سو رہین ایضاً براے درد دندان کہ کیڑونکی وجہ سے ہو ترکیب بابرنگ مقشر
پارچہ سالوے سرخ مین پوٹلی باندھین اور تھوڑے سے پانی مین جوش کرین پانی سے کلی کرین پوٹلی دانت کے نیچے دبا کے سو رہین مضمضہ
براے درد دندان نزلی و رطوبی دانستر خاے لثہ ترکیب عنب الثعلب کوکنار اسپغول ہر ایک ایک تولہ مجیٹھ چھ ماشہ جوش اور صاف
کر کے مضمضہ کرین مضمضہ مجرب براے درد دندان خواہ کسی قسم کا ہو ترکیب قدرے روغن گل و قدرے سرکہ و قدرے مصطگی باہم
جوش دیکے تھوڑی افیون حل کرین اور مضمضہ کرین مضمضہ براے درد دندان و تحرک دندان ترکیب چھال کچنال چھال ببری
یا بانسہ کتھ سفید سپاری چھالیہ حنا مازو پانی مین جوش کر کے ہر روز پانچ مرتبہ مضمضہ کرین مجرب ہے ایضاً براے درد دندان ترکیب
کالی بجر دنتی نوفل ہر ایک کوٹ کے برگ جنبلی عدس مسلم بابرنگ پوست بلیلہ زرد ہر ایک چار ماشہ پانی مین جوش کر کے مضمضہ کرین
مضمضہ براے استحکام و درد دندان معمول ہے ترکیب گزمازج اقاقیا جفت بلوط فوفل گلنار حب الیہ گلسرخ برگ مورد پوست انار
جوز السرو دم الاخوین صندل سرخ سعد کوفی ہر ایک چار ماشہ تین پاؤ پانی مین جوش دیکے اور صاف کر کے مضمضہ کرین مضمضہ تسکین
درد دندان کرتا ہے مواد ردیہ سے دانتون کے گرانے کو روکتا ہے مجرب و معمول ہے ترکیب پوست انار گزمازج حب الآس گلنار
ہر ایک ایکجزو پوست درخت توت دو جزو پانی مین جوش دے اور صاف کر کے مضمضہ کرین مضمضہ براے تسکین درد دندان
کہ مع ورم لثہ ہو نافع ہے ترکیب پوست درخت بڑ و ببیل پانی مین جوش دے اور صاف کر کے گرم گرم مضمضہ کرین نیز اسیکواسطے
پوست درخت کیکر دو دام ریزہ ریزہ کر کے حسب دستور نیز پوست درخت سرس پوست درخت کچنال جوش دے کے قدرے
کتھ سفید ملا کے مضمضہ کرنا نیز تخم تنبیدو یا مازو سبز مساوی پانی مین جوش دے کے کلی کرین مضمضہ براے جنبش دندان کہ رطوبت
سے ہو ترکیب عاقرقرحا پوست بیخ کبر گلنار سعد شب یمانی گلسرخ سنبل الطیب جوش دے اور صاف کر کے مضمضہ کرین مضمضہ
براے ضرس دندان بلغمی ترکیب اسپند بابرنگ ہر ایک ایکدام بزرالبنج عاقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ آدھ سیر پانی مین جوش دین نصف
رہجانے پر چھان کے نیمگرم کلی کرین مضمضہ براے آکلہ لثہ و لب ترکیب قرظ طراثیث مازو پوست انار گلنار گزمازج جوز السرو برگ
سرو سماق حسب دستور مضمضہ کرین ایضاً براے لثہ دامیہ ترکیب سماق سنبل الطیب ہر ایک تین درم ملح زرورد ہر ایک ایک
مثقال برگ آس نیم مثقال جوش دیکے مضمضہ کرین مضمضہ تالیف علویخان دانتونکی جڑ سے سیلان خون کو روکتا ہے نافع قروح
لثہ و حرکت لثہ و معمول ہے ترکیب برگ حنا پوست بلیلہ زرد بلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ برگ مورد حب الآس مازو سبز ہیدانہ گزمازج
پوست درخت ببیل ہر ایک ڈھائی تولہ سب کو کوٹ کے رکھ چھوڑین روزانہ دو تولہ دوا ایک سیر پانی مین جوش دیتے کے جب
پاؤ بھر باقی رہے قدرے فنجان مین رکھ کے نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ پیس کے چھڑکین اور مضمضہ کرین دو گھڑی کے بعد بقیہ پانی سے کلی

اکر ڈالین اسکے بعد طباشیر کتھ سفید گلنار دم الاخوین گل ارمنی مصطگی بھلی ببول پوست درخت ببول رود برگ مورد برگ حنا اقاقیا شاخ
گوزن سوختہ اُرد کرسنہ شہد مین ملا کے سوختہ سنگجراحت صندل سفید ہر ایک ایکماشہ کوٹ چھان کے رکھین بھر اُسمین سے قدرے
طبیخ مذکور مین حل کرکے بار دیگر مضمضہ کرین مضمضہ نافع جوشش دہن کہ بارد یا رسکپور کھانے سے آگیا ہو ترکیب پوست ہلیلہ زرد پوست
بلیلہ آملہ سوجرس کوکنار بنتریک شاہترہ مساوی پانی مین جوش دے اور صاف کرکے قدرے روغن بیدانجیر و شیرگاو مخلوط کرکے مضمضہ
کرین ایضاً برائے ناکل وفساد اسنان ترکیب عاقرقرحا کزمازج سعدکوفی ہر ایک ایک مثقال نمک طبرزد دو درم نقوع ہلیلجات
نسخہ سابق مین داخل کرکے بدستور بھگو اور صاف کرکے ہمراہ سنون احمر استعمال کرکے مضمضہ کرین مضمضہ برائے جرب دندان مجرب ہی
ترکیب زوفائے خشک خولنجان گلنار ہر ایک تین ماشہ عاقرقرحا چھ ماشہ بزر البنج چار ماشہ خوب بہیکے اور صاف کرکے مضمضہ کرین

آٹھوین فصل مرہمون کے بیان مین مرہم سوجوہ برائے قرحۂ گوش وسیلان مدہ وتسکین وجع معمول ومجرب ہی ترکیب انزروت
سرخ سفیداب ہر ایک ایکدرم سوجوہ دو درم موم سفید تین درم روغن کنجد دس درم مرہم بناکے کاغذ کے فتیلہ کو آلودہ کرکے کان مین رکھین
مرہم ابیض قروح تازہ گوش مین مستعمل ہی ترکیب سفیدہ کاشغری مرداسنگ ہر ایک پانچدرم موم سفید ایک اوقیہ روغنگل دواوقیہ
موم روغن مین پگھلا کے دوسری دوائین اور قدرے کتیرا پیس کے ملادین جب تیار ہوجائے سفیدی بیضۂ دو عدد خوب حل کرین مرہم
مصری قرحہ کہنہ گوش کیواسطے نافع ہی ترکیب زنگار شہد سرکہ کندر چار ون برابر حل کرکے مرہم بنائین مرہم زنگار برائے ناصور
گوش مجرب ہی ترکیب زنگار توبال مس ہر ایک چار درم عصارۂ گندنا شہد مصطگی ہر ایک ایک اوقیہ باہم ملا کے استعمال کرین
مرہم باسلیقون برائے قرحۂ گوش کہنہ مجرب ہی ترکیب موم سفید ربع رطل زفت دو اوقیہ مرکی لاتنبج کماکب الانزاط ہر ایک
ایک اوقیہ زیت ایک رطل موم روغن گل مین پگھلا کے دوائین ملادین مرہم حب السفرجل مجرب ومستعمل قروح بینی مین بطی الاندمال
کہ خشکی کیطرف مائل کردیتا ہی اور قروح شفت کیواسطے بھی سعید ہی ترکیب بنفشہ ایک مثقال پانی مین خوب جوش کرین بھر اُسے اچھی
طرح ملین کہ اُسمین لعاب پیدا ہوجائے چھان کے لعاب بہدانہ ایک مثقال روغن بادام یا روغنگل ایک مثقال موم سفید نصف مثقال
داخل کرکے مرہم بنائین مرہم برائے شقاق وخشکی ریشۂ لب ترکیب عدس اکلیل الملک گل خیرو ہر ایک ایکتولہ کوٹ کے پانی مین
جوش دین پھر چھان کے روغن کدو روغن بادام مغز قلم گاؤ ہر ایک تین درم زردی بیضہ ایک عدد اضافہ کرین آتارتے وقت ڈیڑھ
درم مرداسنگ پیس کے بھی داخل کردین مرہم مقل تالیف حکیم معتمد الملک کہ تحلیل اورام صلبہ وصلابت عضلات کیواسطے مجرب ہے
ترکیب مقل ازرق اشق ہر ایک آٹھ درم گلسرخ بیس درم گل بابونہ آٹھ درم اکلیل الملک عنب الثعلب ہر ایک نو درم برگ
چقندر دس عدد برگ کلم پانچ عدد زرنباد زراوند مدحرج مرزنجوش پرسیاوشان ہر ایک چار درم حاشا زوفائے خشک برگ غار حلبہ
بزر کتان ہر ایک آٹھ درم عود ہندی چار درم سب کو کوٹ کے اور پانی مین پکا کے ۱۰ دن مین ڈالین روغن خروع بیس درم ملادین

پیہ مرغ گداختہ مغز قلم گاؤ ہر ایک سولہ درم روغن مصطگی سات درم اشق و مقل کو سرکہ انگوری مین بھگو دین یہانتک کہ حل ہوجائے پھر سب دواؤن کے ساتھ پکا کے اسقدر حل کرین کہ مثل مرہم ہوجاسے انکو موضع صلابت پر ضماد کرین مرہم اکبر مخترعات حکیم ارزانی سے ترکیب حلبہ تخم کتان آرد جو گل خطمی ہر ایک تین درم کوٹ چھان کے آب شلغم یا کلم مین پکائین پکنے لگے تو فلوس خیارشنبر پانچ درم گرم پانی مین حل کر کے اور چھان کے اضافہ کرین پھر اسمین روغنگل یا کنجد یا زیت یا بید انجیر بقدر حاجت ملا دین مرہم نافع بواسیر مجربات حکیم علویخان ترکیب مقل الیکتولہ آب گندنا مین حل کرین روغنگل دو تولہ موم اقاقیا عصارہ لحیۃ التیس اسفیداج مغسول استہ تمر ہندی دم الاخوین لعاب ریشہ خطمی رسوت ہر ایک چھ ماشہ بدستور مرہم بنا کے طلا کرین مرہم سفید آبہ کافوری دافع زرد بواسیر و سوزش و مفید شقاق لب و مقعد و حرق نار ترکیب موم سفید ایک مثقال روغنگل پانچ مثقال مین پگھلائین سفیدآب مردا سنگ ہر ایک ایک مثقال پیس کے مخلوط کر دین آگ سے اتار لے اور سرد ہونے کے بعد سفیدی بیضہ ایک عدد کافور دو ماشہ ملا دین مرہم دافع ثولول بواسیر ترکیب روغنگل روغن کتان آب مکو تینون کھرل مین ڈال کے دستہ سرب سے ایک پہر تک کھرل کرین عصارہ عنب الثعلب جب خشک ہو جاے ایک عدد بیضہ مرغ نیم برشت ایک ماشہ کات سفید دو ماشہ دم الاخوین ایک ماشہ گل ارمنی جلا ہوئی موے سوختہ خرگوش اور بقدر دانہ گندم نمک ترب روغن مین ڈال کے چار پہر کھرل کرین کہ مثل مرہم ہوجاے مسون پر لین مرہم کافوری شقاق مقعد و ورم گرم کے لیے مفید ہے ترکیب موم سفید ڈھائی درم روغنگل دس درم مردا سنگ نشاستہ ہر ایک دو درم افیون ایکدرم کافور نیمدرم سبکو پیس کے روغنگل گرم کر کے موم اسمین پگھلائین اور دوائین ملا دین انڈے کی سفیدی مین مرہم بنائین مرہم خروج و درد مقعد کے واسطے مفید ہے ترکیب عنب الثعلب عدس مقشر ہر ایک تین مثقال گلسرخ دو مثقال کوٹ چھان کے آب کشنیز تازہ مین پکا کے انڈے کی زردی اور روغنگل ملا کے مرہم بنائین مرہم برائے خروج تقضیب و خصیہ مجرب ہے ترکیب رال دم الاخوین سفیدہ قلعی مردا سنگ توتیاے کرمانی سندروس گلنار قرنفل ہر ایک ایکدرم موم دو درم روغن گاؤ تیس درم بدستور مرہم بنا مین زخم کو نقوع چوب چینی سے دھو کے کپڑے پر لگا کے مرہم چپکا دین مرہم برائے بھگندر ترکیب خاکستر کیمخت کات پاپڑیہ سنگ جراحت موم ہر ایک ایکدرم روغن گاؤ سو مرتبہ دھویا ہوا حسب ضرورت ملا کے مرہم بنائین ایضاً برائے ناصیر نافع و اندمال جراحت قدیمہ کرتا ہے ترکیب دم الاخوین سرمہ سیاہ اگر سرخ ہو بہتر ہے پھٹکری گلنار ہر ایک چار درم صبر کندر انزروت ہر ایک تین درم زنگار نیمدرم کوٹ چھان کے روغن بنفشہ مین ملا کے استعمال کرین ایضاً بہ منافع مذکور ترکیب مردا سنگ گلنار زرد چوب دم الاخوین شب یمانی شاخ گوزن سوختہ موم سفید ہر ایک ایکتولہ روغن زیت چار تولہ بدستور مرہم بنائین تو بعد دیگر برائے ناصیر مجرب ہے ترکیب کبریت حجر الیہود ہر ایک ایکدرم پوست مازو دو درم زفت رومی جوز دس درم زفت کو روغن مین پگھلا ڈالین دوائین کوٹ چھان کے اسمین ملا دین مرہم ورم و صلابت رحم کے لیے مفید ہے ترکیب موم روغنگل مغز ساق گاؤ چربی گردہ بز ہر ایک ایکتولہ زردی بیضہ مرغ ایک عدد

زعفران گل بابونہ کندر ہر ایک تین ماشہ بدستور مرتب کرکے ہمراہ شیرۂ عنب الثعلب سبز استعمال کرین اور اگر زعفران چھ ماشہ موم زرد ایکتولہ
مغز قلم گاؤ دو تولہ روغن زیت سات تولہ بدستور مرہم بناکے حمول کرین توبھی ازالۂ صلابت رحم کے واسطے مجرب ہی اور اگر کپڑے پر رکھکے
بالائے شکم صلابت کی جگہہ پر طلا کرین توبھی مفید ہی مرہم ریاح وصلابت رحم کے لیے نافع ہی ترکیب گل بابونہ تخم شبت مرزنجوش
پودینہ صحرائی برگ سداب تخم کرفس بادیان زیرہ سیاہ نانخواہ بنجاسف ہر ایک ایکتولہ باریک پیس کے روغن زرد کہنہ اور اگر بہم
روغن بید انجیر و موم بقدر مناسب ملاکے بدستور مرہم بنائین مرہم باسلیقون قروح رحم کے واسطے مستعمل ہی ترکیب زفت راتینج
ہر ایک بیس مثقال کنہ چار درم ہمراہ روغن زیت مرہم بنائین مرہم رسوت ورم فلغمونی مین مستعمل ہی ترکیب رسوت ایکدرم موم سفید
دو درم روغن گل روغن بنفشہ ہر ایک چار درم روغن و موم پگھلا کے رسوت پیس کے ملادین مرہم خل تنقیہ قرحہ واندمال قرحہ کے لیے نافع
ہی ترکیب مرداسنگ دس درم صلایہ کرکے موم سفید دس درم روغن گل بیس درم کے ہمراہ حل کرین اور تھوڑا سرکہ ملاکے مرہم تیار کرلین
مرہم شلغم برائے تلیین صلابات وتسکین وجع نافع ہی ترکیب کافور ایکدرم سفیدۂ کاشغری آدھ پاؤ روغن کنجد بیس درم شلغم کلان
دو عدد اول شلغم کو کوٹ کے تیل مین جوش دین کہ سیاہ ہوجاے پھر چھان کے برتن کو دوبارہ آگ پر چڑھادین اور تھوڑا تھوڑا سفیدہ ڈالکے
ہلاتے رہین یہانتک کہ مثل مرہم ہوجاے پھر کافور پیس کے ملادین مرہم داخلیون برائے تحلیل وانضاج وتلیین اورام صلبہ معمول
ہی ترکیب روغن زیت کہنہ تیس یا چالیس درم مرداسنگ آٹھ درم تخم خطمی اسبغول تخم مرو حلبہ تخم کتان ہر ایک پانچدرم سے
سات درم تک بیچ رات کو بھگودین صبحکو انکا گاڑھا لعاب لین اور مرداسنگ باریک پیس کے زیت کے ہمراہ آگ پر چڑھادین اور
کسی چیز سے حرکت دیتے رہین تاکہ مرداسنگ جمنے نہ پائے جب تیل مین سیاہی آجاے اتارلین اور لعاب چھوڑدین اسقدر پکائین
کہ گاڑھا پن آجاے اتارکے خوب ہلاتے رہین مرہم سرطان مجرب ومعمول ہی ترکیب شنگرف مرچ کتھ سفید زردچوبہ ہر ایک
ایکدرم ترپھلہ تین درم برگ بہی خشک ایکدرم جدا جدا پیس کے کپڑے سے چھان لین سیماب موم سفید ہر ایک ایکدرم روغن گاؤ
بقدر حاجت سبکو ایکجا کرکے روغن مین مرہم بنالین اور سرطان ودمامیل پر کپڑے کو آلودہ کرکے رکھین اور سرطان کے گرداگرد دو قطعہ
اسرب آب گشنیز سبز وسرکہ مین باہم پیس کے طلا کرین مرہم سرطان مجرب ہی ترکیب روغن کنجد آدھ سیر گرم کرین آگ سے اتارکے
جب سرد ہوجاے فتیل ایک چھٹانک اسمین ڈالدین خوب حل کرین اور کام مین لائین دوسرے نسخہ مین استخوان سنگ پشت
تازہ یا خشک پیس کے حل کرنا بجاے کمیلہ کے مسطور ہی مرہم زنجفر برائے تحلیل اورام عسر البرء سرطان وخنازیر وورم انثیین واورام
صلبہ غیر قابل نضج نافع ومجرب ہی ترکیب مرداسنگ پانچدرم علک البطم چھ درم شنگرف آٹھ درم کندر بارزد اشق موم ہر ایک
دس درم روغن زیت یا روغن گل یا روغن گاؤ پچاس درم بدستور مرہم تیار کرین مرہم نافع سرطان ترکیب اسفیداج توتیاے
مغسول مرداسنگ گل ارمنی ہر ایک ایکجزو شادنج مغسول آب بارتنگ ہر ایک دو جزو نشاستہ صمغ عربی ہر ایک تین جزو

کوٹنے والی دوائین کوٹ کے موم و روغن گل مین مرہم بنائین اور ورم پر طلا کرین اُسکے گرد گل ارمنی و آب عنب الثعلب یا آب کشنیز سبز سے
تر کرین مرہم اشق مجرب حکیم علی تحلیل صلابات و خنازیر و سلعہ مین بغایت نافع اور اورام صلبہ کو سات روز مین تحلیل کر دیتا ہی ترکیب
خردل کعت دربا زراوند طویل تخم انجرہ کبریت زرد مقل اشق ہر ایک ایکجزو زیت کہنہ بارہ جزو دوائین خوب پیس کے مقل و اشق کو زیت مین
حل کرین اور ۸ جزو موم زرد گھلا کے اضافہ کرین پھر دوائین ڈال کے ملائین کہ مرہم بنجاے استعمال کرنے وقت ایکجزو یہ مرہم ایک جزو
روغنگل اور ایک جزو روغن زیت باہم مخلوط کرکے ضماد کرین بردات و مرطبات سے اجتناب کرین بیمار کی بھوک پیاس کا التزام
لازم ہی مرہم ہفت دارو برای نضج دمامیل و خراجات نافع ہی ترکیب کتیرا تخم کتان تخم مرو سرشف میوجوہ گل بابونہ گل خطمی مساوی
کوٹ چھان کے شراب سے آمیز کرکے نیمگرم استعمال کرین دوسرے نسخہ مین انزروت بھی داخل ہی اور اُسکا نام مرہم ثمانیہ ہی مرہم سیماب
زخم دمل و جمیع قروح و جراحات کو جلد اچھا کرتا ہی ترکیب سیماب ایکدرم سرب دو درم انزروت تین درم بول سیاہ بول سرخ زنگار بہروزہ
ہر ایک دو درم موم سفید کافوری اکیس درم روغنگل چوالیس درم پہلے سرب کو سیماب کے ہمراہ گرہ دیکے سرد کرین غبار کے مانند پیسین
بعدہ انزروت پیس کے ملائین پھر کندر پھر دونون بول پھر زنگار و بہروزہ اور سبکو سحق کر ڈالین یہانتک کہ مثل سرمہ کے ہوجائے
اُسوقت پیاز و روغن گاؤ مین جلا اور چھان کے موم اُسمین گھلائین دوائین ممزوج کرکے ہاون دستہ مین گھسین ضرورت کے وقت
روئی یا پرانے کپڑے پر مل کے زخم پر رکھین انشاء اللہ تعالے ایک ہی مرتبہ کا عمل کافی ہوگا مرہم برای نملہ متاکلہ ترکیب ماز و سبز
مرداسنگ نند و چوب ہر ایک ایکجزو گلنار برگ مورد عصارہ بارتنگ سبز ہر ایک دو جزو ہمراہ موم و روغن گل مرہم بنائین نکائی مین ماز
نصف ہی اور باقی ایکجزو اور بجاے برگ مورد و عصارہ بارتنگ کے زراوند و کمیلہ مرقوم ہی ایضاً نملہ متاکلہ و سائر قروح متعفنہ کے لیے
کہ تجفیف کے محتاج ہون نافع ہی ترکیب ماز و حب الآس مساوی کوٹ چھان کے روغنگل مین بنے ہوئے موم روغن کے ساتھ مرہم
بنائین مرہم برای دفع خارش مفید ہی ترکیب کتھ سرخ و سفید صندلین مرداسنگ ہر ایک دو تولہ کافور چینی تین تولہ روغن گاؤ خالص
آدھ پاؤ ایکسو ایک مرتبہ پانی سے دھویا ہوا دویہ مذکورہ حل کرکے مرہم بنائین اور استعمال کرین مرہم خام برای جرب تر و خشک و بثور خارشناک مجرب حکیم
نجیب اللہ خان ترکیب مرداسنگ کافور دانہ الائچی سفید ہر ایک چھ ماشہ پیس کے روغن زرد ایکسو ایکبار دھوے مین ملا کے جرب پر
ملین جسقدر ملین گے فائدہ ہوگا نوع دیگر رسکپور کافور مرداسنگ نوشادر توتیاے سبز بریان مساوی پیس کے ایکسو ایک مرتبہ
دھوے ہوے گھی مین ملائین اور دھوپ مین بیٹھ کے جسم پر ملین مرہم فرنگ برای جراحت آبلہ فرنگ و ہر زخم تیز و تفناک
و دمل و غیرہ کے زخم اگر ہون اچھے ہو جائینگے بیاض اُستاد مغفور سے ترکیب کافور سنگجراحت ہر ایک دو ماشہ مرداسنگ ایکماشہ
توتیاے کرمانی ایکتولہ کتھ سفید چودہ ماشہ رال ایکتولہ موم کافوری ایکدرم روغن گاؤ پندرہ درم دوائین پیس اور کپڑے سے چھان کے
گھی گرم کرکے ملا دین موم گھلا ڈالین اور حل کرکے سات پانیون سے دھو ڈالین پرانے کپڑے پر لگا کے زخم کے اوپر

باندھ دین مرہم رسکپور برائے آتشک عدیل نہین رکھتا اور قروح خبیثہ کو مندمل کرتا ہی مسکن وجع ہی ترکیب دم الاخوین تین
رسکپور چھ ماشہ باہم پیس کے روغن زرد ایکسو ایک پانی سے دھوکے ممزوج کرین جو دوا سے پانی جدا ہوا اُسے پھینکدین مرہم شنگرف
جراحت کی جلد اصلاح کرتا ہی ترکیب شنگرف نیم دانگ رال ایکدام نیلہ تھوتھہ دو رتی سے چار رتی تک بریان روغن کنجد ایکدام
دوائین باریک پیس کے روغن مین ملائین اور دس بار دھوکے کام مین لائین نوعدیگر برائے آتشک و جراحت کہنہ و خارش مجرب ہی
ترکیب شنگرف اسرنج موم سفید ہر ایک ایکتولہ مرداسنگ ایکدانگ توتیائے ہندی سوختہ ربع دانگ سفیداب ارزیز نیم دانگ
کوٹ چھان کے روغن گاؤ یا روغن گل یا روغن کنجد خالص بقدر ضرورت مین بدستور مرہم بنائین مرہم نافع آتشک ترکیب کات
ہندی دو ماشہ سنگجراحت ایکماشہ نیلہ تھوتھہ سوختہ بقدر نخود سپیاری چھالیہ سوختہ ایک روغن گاؤ ایکسو ایک پانی سے دھوئے ہوئے
بقدر ضرورت مین ملاکے مرہم بنائین مرہم مخترع حکیم غلام نجف برائے زخم آتشک ترکیب موم سفید دو تولہ روغن گل پانچتولہ مین
پگھلاکے پانچ مرتبہ پانی سے دھوئین گل ارمنی دم الاخوین سفیدہ کاشغری مرداسنگ کاغذ سوختہ سنگجراحت چھال نیب سوختہ سپیاری
سوختہ ہر ایک دو ماشہ باریک پیس کے اُسمین ملادین اور کام مین لائین مرہم سیاہ برائے آتشک و دیگر قروح اور زخمون مین معمول ہی ترکیب
روغن زرد دس دام پختہ موم سفید دو دام پختہ رال چار درم پختہ نیلہ تھوتھہ نیم درم شاخ بز سوختہ چرم کہنہ سوختہ سیماب برگ نیب ہر ایک
ایکدرم پختہ اول نیم کی پتی پارہ مین جل کرین کہ سیاہ ہوجائے پھر روغن زرد و موم پگھلاکے کپڑہ سے چھان لین پھر دوسری دوائین ملاکے حل
کرین جسقدر حل ہوگا عمدہ ہوگا پھر تین مرتبہ آب شیرین سے دھوکے رکھ چھوڑین مرہم چوب چینی برائے آتشک نظیر نہین رکھتا ترکیب گل
شیشم ایکپاؤ پیس کے اسکا پانی نکالڈالین اور صاف کرکے روغن گل آدھ پاؤ موم سفید چار درم مین پکائین یہانتک کہ پانی جل جائے پھر
شنگرف سفید و سفیدہ کاشغری شستہ مرداسنگ سنگ بصری سندروس سیماب ہر ایک تین ماشہ کات سفید نو ماشہ باہم سحق کرکے
چوب چینی ایک تولہ باریک پیس کے ملادین نوعدیگر مجرب النفع و نافع قروح خبیثہ آتشک ترکیب چوب چینی پانچتولہ عشبہ مغربی افتیمون
صحرائی چھال درخت نیب بکائن ہر ایک دو تولہ ڈیڑھ سیر پانی مین جوش کرین تہائی حصہ باقی رہ جائے تو صاف کرکے ایکپاؤ روغن گل
مین پھر جوش دین یہانتک کہ پانی جل جائے اور روغن باقی رہ جائے بعدہ موم چھ تولہ توتیائے ہندی سوختہ مرداسنگ سفیدہ کاشغری
ہر ایک ایکتولہ خاکستر پارچہ کہ سیماب اسمین سے نچوڑا ہوا ایکتولہ بدستور مرہم بنائین اور نیم کے دستہ سے خوب حل کرکے استعمال کرین مرہم برائے
زخمہائے آتشک مجرب ہی ترکیب کات سفید نوفل کہنہ ہر ایک چار دام رال پانچ دام موم سفید چھ دام توتیائے سبز بریان بقدر نخود
سیندور ایکماشہ روغن گاؤ تین دام سب کو بطریق مرہم بناکے پرانے کپڑے کو لت کرین اور زخمون پر لگاوین مرہم برائے آتشک و
سوزش و دیگر جراحات و تسکین درد و اندمال زخم مین عجیب الاثر ہی ترکیب سفیدہ کاشغری شستہ مرداسنگ ہر ایک پانچدرم کتیرا تین ماشہ
افیون ایک ماشہ رسوت ایکدرم کافور دو ماشہ موم سفید پانچدرم روغن گل بیس درم لعاب بہدانہ دو ماشہ سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد

روغن موم گھلاکے نیچے اُتارلین اور ادویہ پیس کے ملادین پھر لعاب بہدانہ وسفیدی بیضۂ مرغ داخل کرین اور کام مین لائین مرہم آتشک مجربات واسرار سے ہے اور ایک شبانہ روز مین دالوزن اور زخمونکو صحت دیتا ہے ترکیب سنگ بصری شستہ بیس درم شنگرف دس درم گرد چوب چینی پانچدرم اگر نہ ہو پھر بھی موثر ہے اور انڈیکی زردی پکاکے بقدر ضرورت ملادین اور استعمال کرین اگر بجاے گرد چوب چینی کے بارہ کو دوبارہ کپڑہ سے چھان لین کہ غائب ہو جاے بھوکپڑہ کو جلاکے اُسی خاکستر نیم مثقال تک داخل کرین بعدیل ہے مرہم رال براے قروح قضیب مجرب ہے ترکیب رال سفیدآب قلعی دم الاخوین مردا سنگ توتیاے ہندی سوختہ گلنار فارسی ہر ایک ایک جزو موم سفید دو جزو روغن گاؤ پندرہ جزو دوائین کوٹ چھان کے موم تیل مین پگھلاکے ملادین اور پارچہ کتان اُس سے آغشتہ کرکے کام مین لائین اول ایک مرتبہ ہر روز زخم کو آب برگ حنا یا آب چوب چینی سے دھوڈالا کرین پھر استعمال کرین مرہم شنگرف براے زخم آتشک و دیگر جراحات و قروح مزمنہ کیواسطے مجرب ہے اور جرب رطب کیواسطے نافع ترکیب شنگرف اسرنج مردا سنگ سفیدہ ارزیز توتیا ہندی سوختہ پوست بیضۂ مرغ سوختہ کل مساوی بدستور روغن گل مین مرہم بنائین مرہم رال حکماے ہند سے منقول ہے براے انبات لحم صالح و دفع گوشت فاسد و براے جراحات مزمنہ وعسر البرء وقروح آتشک وناصور کے لیے بھی نافع ہے ترکیب کافور قیصوری رال کات ہندی ہر ایک چار مثقال کوٹ چھانکے موم و روغن گاؤ تازہ مین جو مساوی مجموع ادویہ ہو ظرف آہن مین پگھلاکے اول رال ڈالین ایک جوش دین پھر کتھہ بدستور ملائین پھر کافور ڈالین اور دوسرا جوش دین قروح قدیمہ کے واسطے تین ذرتک قدرے فوفل سوختہ کیساتھ استعمال کرین بعد اسکے تنہا کام مین لائین مرہم سعفہ رطب کیواسطے مجرب ہے ترکیب کمیلہ حنا مردا سنگ مازو پوست انار زرد چوب مساوی باریک پیس کے موم روغن گل مین پگھلائین اور دوائین اُسمین ملادین سرکہ انگوری مین تھوڑا ملادین پھر سب کو پھینٹ ڈالین موے سر تراشکے ملیں اگر روغن نہ ہو روغن کنجد کفایت کرتا ہے اگر روغن کنجد کیساتھ گلاب بھی داخل کرین بہتر ہے توعد بلکہ جمیع انواع سعفہ کیواسطے معمول و مجرب ہے ترکیب کافور ریاحی چار رتی زرد چوب گلسرخ اقاقیا مغسول ہر ایک ایکدرم گلنار کاغذ سوختہ ہر ایک دو درم سفیدآب تین درم موم زرد سات درم روغن گل بیس درم بدستور مرہم بنائین اقاقیا کے غسل کا طریقہ یہ ہے کہ کوٹ کے کھرل مین ڈالین اور خوب باریک پیسین اور اسکا پانی تین مرتبہ تبدیل کرین جو تہ مین رہ جاے خشک کرکے کام مین لائین مرہم براے جراحات غائرہ آبلہ چیچک اواخر چیچک مین استعمال کرتے ہین ترکیب رال سفید دو تولہ باریک پیس کے روغن یاسمین چار تولہ مین ملائین اور خوب ہاتھ سے ملین ایکذات ہو جاے تو چار تولہ آب خالص ڈال کے دھوڈالین ایکسو ایکبار پھر زخم پر کپڑے کو لت کرکے رکھین ایضًا براے منافع مذکور ترکیب برگ نیم چار تولہ کی گولیان بناکے آدھ پاؤ تازہ مسکہ مین جلا ڈالین پھر گولیان نکال کے روغن چھان کے کم سے کم سات مرتبہ پانی سے دھو ڈالین پھر مردا سنگ چھ ماشہ باریک پیس کے مرہم بنائین مرہم شقاق مجربات صاحب تحفہ سے ہے اور کبھی ناخن وتقشر ناخن وشقاق لب واطراف وحکہ وجرب وزخم آتشک مین آزمودہ ہے ترکیب علک البطم ایک جزو پیہ بز چار جزو وبقدر مضاعف

پگھلا کے استعمال کرین اور کبھی زوفاے تر تین جزو مصطگی مقل ہر ایک دو جزو موم تین جزو بھی ملاتے ہین اور علک تین جزو بہہ دو جزو آمیز کرتے ہین
مرہم نورہ تالیف علویخان آگ سے جلجانے اور آبلہ کے واسطے نافع ہی ترکیب نورہ سات مرتبہ پانی سے دھو کے موم سفید ہر ایک پانچ مثقال
مرداسنگ خبث الفضہ سفیداب ارزیر شستہ اقلیمیاے شستہ ہر ایک ایک مثقال روغنگل بیس مثقال اور دوسرے نسخہ مین سفیدی
بیضہ مرغ دم الاخوین بجاے خبث الفضہ و اقلیمیا داخل ہی تو عدیگر آہک آب نارسیدہ سات بار دھوئین اور خشک کرین اور ہر مرتبہ
دھونے مین ایک گھنٹہ تک پانی مین پڑا رہنے دین چار جزو روغنگل یا روغن چنبلی چھ جزو موم سفید دو جزو سفیداب قلعی ایکجزو سب کو
باہم ملا کے کف مال کرین فائدہ اکثر جلنے کے بعد برص کے طور پر آثار پیدا ہوتے ہین پس واجب ہی کہ اُس مرہم مین تھوڑی حنا سوختہ اور
بہت خفیف سرسہ ملادین کہ داغ سفید جانے رہین گے کبھی مرہم نورہ سفیدی بیضہ واندک سفیداب و نورہ مغسول و روغن سے بناتے ہین
مرہم زرد تنقیہ چرک و گوشت مردار و اندمال زخم عتیق کے لیے مجربات سے ہی ترکیب اجمود ھ سنگ بصری کات سفید قنبیل نیلہ تھوتھہ
بریان مرداسنگ ہر ایک پانچماشہ موم زرد دودام روغن کنجد چار درم بدستور مقرر مرہم بنائین اور چھ مرتبہ کھاری پانی سے دھوئین مرہم
انسام جراحت مثل زخم بغل وغیرہ مین معمول ہی ترکیب رال گل ہرمزی ہر ایک ایکدرم توتیاے سبز چار رتی روغن شیرین بقدر حاجت
ادویہ پیس کے ہمراہ روغن کھرل کرین کہ مرہم کا قوام بن جائے مرہم آبی کہ پانی سے درست ہوتا ہی اور کوئی چیز دسومات سے نہین ہوتی اور
جمیع اقسام قروح و جروح کے لیے نافع ہی حتی کہ ناصور کی بھی اصلاح کرتا ہی ترکیب مقل ایکدرم رسوت دو درم پانی مین خوب کھرل کرین
پھر پارہ ایکدرم ملا کے سحق کرین کہ ایکذات ہوجاے کپڑہ پر لگا کے مرہم چپکادین مرہم اعجاز براے ہر گونہ جراحات عسر البرء و ناصور و قروح
خبیثہ و سوداویہ بے نظیر ہے ترکیب پھٹکری نیلہ تھوتھہ ہر ایک ایکتولہ و تین ماشہ کات سرخ پاپڑیہ رال روغن کنجد آب چاہ شیرین تازہ
ہر ایک پانچتولہ اول پانی اور تیل ملا کے کانسے کے برتن مین ہاتھ سے ملین کہ دہی کیطرح ہوجاے پھر ظرف چینی یا نقرہ مین رکھین
اور استعمال کرین اور ایک پہر یا دو پہر تک کفدست سے ملین تا کہ جملہ ایکذات ہوجاے اور مرہم کا قوام ہوجاے پھر استعمال کرین اور
رات کو نمک سے تکمید اطراف قرحہ و جراحت کرین مرہم سیاہ براے انواع زخم و قروح عسر البرء بارہا تجربہ کیا ہی ترکیب صابون
لاہوری پیاز مقشر ہر ایک ایکدرم دونون ریزہ ریزہ کر کے روغن کنجد چار درم مین جلائین کہ سیاہ ہوجاے پھر برگ نیب گیارہ عدد سوختہ
خوب حل کر کے کات سفید ایکدرم پیس کے ملادین پھر پارچہ سوختہ قدرے ڈال کے صلایہ کرین مرہم سیماب براے قروح و بثور و دمل
و آتشک و بثور اطفال معمول ہی ترکیب سیندور مرداسنگ سیماب ہر ایک دو ماشہ رسکپور سفیدہ کاشغری کتھہ سفید ہر ایک ایکماشہ
نیلہ تھوتھہ سوختہ چار رتی سب دوائین کوٹ کے گاے کے مسکہ کو ایکسو ایک مرتبہ دھو کے حل کرین مرہم پنبہ براے ہر زخم و ہر قسم
ریش مجربات و جملہ عجائبات سے ہے ترکیب پنبہ کہنہ ایک برتن مین جلائین پارچہ بیز کر کے بقدر چھ بہلولی کے لے لین اُسکے نصف
وزن موم سفید روغن گاؤ پانچ بہلولی کسی برتن مین گرم کرین موم پگھل جاے تو خاکستر مذکور ڈال دین اور ایک لکڑی سے سب کو

ملا دین اور رکھ چھوڑین بہت مجرب ہے مرہم شلغم برائے اندمال زخمہائے مزمنہ و دوامیل و آتشک و تحلیل اورام و صلابت و سوختگی آتش نظیر نہین رکھتا مجرب ہے منقول بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب روغن گاؤ ایکپاؤ شلغم تازہ دو عدد سے چار عدد تک سفیدہ ادھ پاؤ کافور دو ماشہ شلغم ٹکڑے ٹکڑے کرکے روغن گل مین خوب بریان کرین آگ سے اُتار کے سفیدہ ملائین اور نیم کی لکڑی سے خوب حل کرین پھر کافور ملا دین مرہم جدوار تالیف حکیم علی کہ منافع اسکا مثل منافع روغن دیودار کے ہے بلکہ التحام قروح مین اُس سے قوی تر ہے اور کوئی مرہم اس سے زیادہ التیام جراحت نہین کرتا ترکیب جدوار فائق مجرب ایک مثقال قنہ نیم اوقیہ زردچوب بیودار اصل السوس برگ حنا دود سقف خانہ کی کہ نخود بریان کیے جاتے ہون ہر ایک ایک اوقیہ پوست درخت مغیلان برگ نیب سبز ہو جوہر ایک دو اوقیہ دوائین کوٹ چھان کے سوائے قنہ کے ڈھائی سیر پانی مین ہلکی آگ پر اسقدر جوش دین کہ پانی قریب خشک ہوجانے کے ہو روغن گرم کرکے قنہ کو اسمین پگھلائین دو اوقیہ موم زرد زیادہ کرکے روغن اول مین جوش دین تاکہ پانی بالکل سوکھ کے مرہم کیطرح رہ جاے مرہم سیاہ (اسود) تالیف حکیم علویخان نافع قروح مزمنہ خبیثہ ردیہ رطبہ ترکیب مرداسنگ مغسول مسحوق شنجرف مغسول مسحوق سفیدآب ارزیز مغسول توتیائے ہندی ہر ایک ایک مثقال روغن کنجد اسی مثقال دوائین روغن مین حل کرکے جوش دین کہ سیاہ و غلیظ ہوجاے اور آگ سے اُتار کے وقت حاجت گرم کرکے کپڑے پر لگا کے زخم پر رکھین مرہم رال برائے جراحات مزمنہ و اندمال زخم مجرب و معمول ہے ترکیب کات مرداسنگ سنگجراحت ہر ایک ایکدرم رال چھ درم پارچہ کمل لشمی سوختہ ربع درہم روغن زرد سات درم دوائین باریک پیس کے روغن مین مرہم بنائین مرہم زنگار مجربات حکیم علی سے نہایت نافع ہے استعمال کرنے مین مرہم موم روغن مین مخلوط کرین اور زخم پر رکھین ترکیب روغن گل یا روغن دیودار یا روغن کنجد جو کوئی ہو بیس مثقال آگ پر چڑھا کے حرکت دین جب حرارت کم ہوجاے چار مثقال زنگار باریک پیس کے اور چھان کے ملا دین اور نگاہ رکھین نوع دیگر مجرب برائے انواع زخم و سریع الاندمال و معمول ہے ترکیب پیاز موم ہر ایک چار درم روغن گاؤ چھ درم روغن کنجد دو درم گندہ بہروزہ صبر ہر ایک ایک مثقال زنگار ایکدام سہاگہ بریان نیلا تھوتھہ ہر ایک دو ماشہ صابون ایکدام کات سفید چھ ماشہ اول پیاز ورق ورق کرکے گھی مین جلائین بعدہ برگ نیب گیارہ عدد کوٹ کے گولیان بنا کے تیل مین جلائین سبزی دور ہوجاے تو گولیان نکال ڈالین پھر دونون روغن صاف کرکے باہم ملا کے آگ پر رکھین اور صابون ڈالدین بعد اسکے صاف کرکے موم و بہروزہ ڈالدین دونون پگھل جائین تو دوسرے اجزا پیس کے ملا دین بعدہ دو ایک جوش دے کے اُتار لین اور حل کر ڈالین مرہم مسکن برائے تسکین وجع و اندمال قروح بہت نافع ہے ترکیب اسرب مغسول مرداسنگ سفیدہ کاشغری ہر ایک تین ماشہ افیون سوختہ صمغ عربی ہر ایک دو ماشہ زعفران ایکماشہ موم سفید ایکتولہ روغن گل چار تولہ بدستور مرہم تیار کرین مرہم مجرب برائے قروح خبیثہ کہ پاؤن مین پڑجاتے ہین اور اوسکو اکوتہ کہتے ہین بارہا آزمایا ہے ترکیب پھٹکری نیلا تھوتھہ مرداسنگ سہاگہ ہر ایک پانچماشہ کمیلہ حنا باچی تخم بنوار سیماب گیرو ہر ایک نو ماشہ

مرچ سیاہ تین ماشہ کچلہ بریان پانچ عدد دوائین کوٹ چھان کے ہمراہ روغن زرد آدھ پاؤ دو پہر کھرل کرین اور خوب حل کر کے استعمال کرین
نوعدیگر برائے اکوتہ ترکیب کوڑی سوختہ کتھ پاپڑیہ سوختہ نیلہ تھوتھ سوختہ زردچوبہ سہاگہ سوختہ اجزا برابر آب لیموے کاغذی مین حل کر کے طلا
کرین مرہم ناصور ابن ذکریا کہتا ہی کہ علاج نواصیر و قروح عسر الاندمال کہ جنکے اچھے ہونیکی امید نہین ہوتی اس مرہم سے کیا گیا اور تھوڑے
زمانہ مین صحت ہوئی التحام نواصیر کرتا ہی اور گوشت صالح پیدا کرتا ہی اس سے بہتر اسکے لیے کوئی مرہم نہین ہی ترکیب انزروت دس درم اشق
دو درم کندر و مازو زنگار ہر ایک ایکدرم باریک پیس کے شہد مین ملا کے استعمال کرین مرہم کافوری ناصور کہنہ کے واسطے مجرب ہی ترکیب
سفیدآب روغن سرشف موم سفید بیضہ مرغ ہر ایک چار جزو موم گھی مین پگھلا کے کافور و سفیدآب باریک کر کے خوب ملائین اور
آگ کی گرمی کم ہونیکے بعد انڈے کی سفیدی اسمین ملا دین اور باریک کپڑہ پر لگا کے چپکا دین مرہم لسان الکلب برائے ناصور مجرب حکیم
ذکاءاللہ خان ترکیب زبان سگ مٹی کے برتن مین جلا کے ایک عدد فوفل سوختہ ہر ایک دو درم خرمہرۂ زرد سوختہ چار درم کوٹ چھانکے
روغن گاؤ کہنہ و موم سفید مین مرہم بنائین اگر البتہ حیض سوختہ ملا دین قوی تر ہو جاے مرہم مجرب برائے ناصور و زخم دنبل ترکیب سفیدہ
گندہ بروزہ برگ نیب ہر ایک ایکدرم موم سفید دو درم روغن کنجد دس درم شلجم پیاز ہر ایک چار درم پہلے شلجم و پیاز کاٹ کے روغن
مین بریان کرین پھر نیم کی پتی پیس کے جلائین صاف کر کے باقی دوائین روغن مین ڈالدین جب سیاہ ہو جاے اتار کے کام مین لائین
مرہم برائے آملہ ترکیب نیل ایکدرم مرداسنگ نیمدرم ہمراہ قدرے روغن گل و موم پگھلا کے مرہم بنائین پہلے موضع آکلہ کو آب نمک
و عسل سے دھوئین پھر اس مرہم کا طلا کرین مرہم مقرح نافع موضع سگ گزیدہ دیوانہ مین زخم ڈالتا ہی اور مندمل ہونے نہین دیتا اگر جراحت
کسی خطا سے مندمل ہو گئی ہو تو اسکو پھر پکا دیتا ہی ترکیب زفت ابکجز و نمک نوشادر ہر ایک دو جزو جاوشیر سرکہ مین پگھلا ڈالین
در کام مین لائین اگر قوی تر چاہین دوائے اکال رکھین مثل فلافیون اور بعد قرح روغن گاؤ استعمال کرین تا کہ اجزاے فاسد کو دور
کرے اور سمیت کا ازالہ ہوتا رہے

باب النون محتوی چار فصلو نمین

پہلی فصل نشوقات کے بیان مین۔ نشوق برائے صداع بارد مفید ہی ترکیب زنجبیل سودہ روغن نرگس مین ملا کے نشوق
کرین نشوق برائے سرسام حار نافع ہی ترکیب مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم تربوز و دونون پیس کے قدرے روغنگل ملا کے نشوق کرین نشوق
برائے بیخوابی مجرب ہی ترکیب تخم خشخاش سفید شیر گاؤ مین پیس کے روغن کدو ملائین اور نشوق کرین نشوق برائے سکتہ ترکیب
عاقرقرحا دارچینی سنبل الطیب کوٹ چھان کے روغن بابونہ و حنا ملا کے استنشاق کرین نشوق برائے تسکین حرارت و سوزش مین
کہ منجر برعاف ہو جاتی ہی اور خون بند کرتا ہی ترکیب شیرۂ مغز تخم کدو شیرۂ مغز تخم تربز لعاب کتیرا لعاب بہدانہ باہم ملا کے قدرے سنگجراحت

پیس کے آمیز کرین اور ٹرکین نشوق براے تفتیح سدہ مین مفید و معمول ہے ترکیب سونٹھ کاشم دارچینی تینون کو کوٹ چھان کے روغن قسط یا بادام ملا کے استنشاق کرین نشوق براے قروح بینی کام مین آتا ہے ترکیب مرہم ابیض ہمراہ قدرے روغنگل ملا کے نشوق کرین وغیرہ وطلی کہ موم سفید و روغنگل وصمغ عربی و مرداسنگ سے بنی ہو بھی اس بارہ مین مفید ہے نشوق براے بثور بینی ترکیب شیاف مامیثا آب کشنیز سبز روغنگل مین ملا کے استنشاق کرین

دوسری فصل نفوخات کے بیان مین۔ نفوخ معمول و مجرب اُستاد مرحوم براے صداع بارد و شقیقہ نزلی و نزول الماء و دیگر امراض بارد۔ مزمنہ چشم ترکیب گندم سفید شیر آک مین بھگو دین کہ دودھ اُسکے اوپر دو انگل ہو اور سایہ مین خشک کرکے پیسین اور قدرے نفوخ کرین نفوخ براے اخراج کرم مجربات اُستاد مغفور سے ترکیب برگ چرچٹہ ہمراہ پھٹکری و شکر خام تینون ہموزن پیس کے نفوخ کرین کل کیڑے دماغ سے گر پڑینگے ایضاً معمول آن مرحوم براے دردسر مزمنہ اور عطسہ آور ترکیب مرزنگوش فلفل گرد کا پھل تنبا کو ڈورہ بندال مساوی زعفران دو رتی کوٹ چھان کے سعوط کرین ایضاً براے شقیقہ: دردسر بلغمی ہر لعل عطار سے ترکیب سمندر پھل ایک عدد مرچ سیاہ دکھنی ایک عدد نوشادر ایکماشہ تینون کوٹ چھان کے ناس لین آفتاب کیطرف منھ کرکے ایضاً براے شقیقہ و ہر درد مزمن کہ شدید ہو مجرب ہے ترکیب نوشادر مرچ سیاہ ہموزن پیس کے بقدر ایک سرخ ناک مین پھونکین نفوخ براے صرع مجربات حکیم اکمل خان ترکیب تخم مہوہ نصف فلفل سیاہ ڈھائی دانہ پیس کے قوت کیساتھ ناک مین پھونکین ایضاً نافع صرع و سکتہ ترکیب تخم حنظل قثاء الحمار نوشادر شونیز کندش اسطوخودوس فلفل عود صلیب بقدر حاجت کوٹ چھان کے ناکمین پھونکین اور کبھی عاقرقرحا خربق سفید عوض قثاء الحمار و اسطوخودوس ملاتے ہین ایضاً صاحب سکتہ کو ہوشمین لاتا ہے ترکیب جندبیدستر فلفل کندش سداب جملہ برابر کوٹ چھان کے ناک مین پھونکین اور سارے بدن کو روغن ناردین سے جسمین فرفیون حل کی ہو چرب کرین نفوخ مفلوج کے لیے سود مند اور عطسہ آور ہے بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب کندش فلفل عاقرقرحا زنجبیل بورہ ارمنی نوشادر نطرون صبر دارچینی مشک جندبیدستر خربق سفید مرزنجوش جملہ برابر کوٹ چھان کے ناکمین پھونکین اگر آب مرزنجوش ٹپکائین وہ بھی مفید ہے نفوخ بہر تنقیہ دماغ مواد بارد رطبہ سے منقول اُستاد مرحوم سے ترکیب خاکستر بانجک دشتی شیر آک مین ترکرکے سایہ مین خشک کرین اور ایک چاول کے برابر ناک مین پھونکین فانہ یزیل الصداع والشقیقۃ البارد تین تو عدیگر ناس محسن خانی براے نزلہ وغیرہ معمول اُستاد مرحوم ترکیب دم الاخوین عاقرقرحا زنا و ندطویل صعتر مساوی کندش برگ قنہ ہر ایک برابر کوٹ پیس کے ناس لین ایضاً براے نزلہ بیاض والد مغفور سے ترکیب سمندر پھل بارہ عدد قرنفل پچیس عدد نکچھکنی پچیس ماشہ مشک خالص ایک رتی آب ادرک مین پیس کے سایہ مین خشک کرین پھر پیس کے کپڑ چھان مین چھان لین صبح و شام کام مین لائین نفوخ نافع نزلہ و شقیقہ مزمن ترکیب تخم کھیل چھ ماشہ مغز گھونگچی سفید چار ماشہ

فلفل سیاہ دو ماشہ نوشادر ایکماشہ کوٹ کے قدرے ناس لین کہ پانی جاری ہو حدت بہت رکھتی ہو نفوخ برائے تنقیہ دماغ ترکیب دار شیشعان اکیدرم ڈودرہ بنداال سات ماشہ زعفران دو رتی قرنفل دو عدد باریک پیس کے کام مین لائین دوسرے نسخہ مین تخم سرس بھی داخل ہو ایضاً برائے نزلہ و سردی دماغ ترکیب نکچھکنی مشک خولنجان زنجبیل بنداال زعفران دارچینی ہر ایک ایک ماشہ تمباکو سورتی ایکدام پیس کے قدرے ناس لین ناس علویخان نزلہ بارد مین مجربات سے ہے ترکیب دار شیشعان برادۂ اسرب ہر ایک دو مثقال گل روا سن کے عرق مین چار پہر کھرل کرین ایضاً اوّل سے قوی تر ترکیب برگ دفلی دار شیشعان فلفل گرد تخم دہتورہ عقل ہر مساوی مسلایہ کر کے کام مین لائین نفوخ رعاف بند کرتی ہو ترکیب حضض مکی گل ارمنی کدوے سوختہ پارچہ سوختہ کاغذ سوختہ آملہ خشک افیون صمغ عربی کتیرا کہربائے سوختہ طباشیر بریان کوٹ چھان کے ناک مین پھونکین نوعدیگر مجرب حکیم علویخان ترکیب گلنار مازو افیون گوند سیا کافور دم الاخوین کہربا سب مساوی باریک پیس کے پہلے گلاب سے ناک دھوئین اور تھوڑا سی انبوبہ سے پھونکدین ایضاً مجربات والد حکیم ممدوح سے ترکیب قشار کندر نشاستہ دم الاخوین صمغ عربی مقناطیس سوختہ طین مغرہ طین شاموس کافور نشارۂ آبنوس حنضض شاخ بز محرق ادیم محرق گرد آسیا باریک پیس کے بدستور استعمال کرین نفوخ نافع مرض اہوہ ترکیب نکچھکنی فلفلموی ہر ایک دو ماشہ مشک چار رتی باریک پیس کے ناک مین پھونکین کہ متواتر چھینکین آئین اور مرض دور ہو اہوہ ایک مرض ہو کہ ترہ بینی مین آبلہ پڑ جاتا ہو سوزش ہوتی ہو اسکے سبب سے شدید تپ لاحق ہو جاتی ہو بنگالہ کیطرف بہت ہوتا ہو نفوخ گندہ بینی کھوتی ہو ترکیب مشک ناج قرنفل مساوی حسب دستور ناس لین نفوخ خناق حار زمانۂ ابتدا مین مستعمل ہو ترکیب گلسرخ نشاستہ تخم خرفہ طباشیر شکر طبرزد گلنار سب مساوی کوٹ چھان کے حلق مین پھونکین نفوخ برائے اندمال جراحت بعد انفجار ورم خناق و تنقیہ خناق ترکیب شادنج عدسی مغسول گل ارمنی مازو سوختہ سرطان محرق نشاستہ گلنار زرد دلبد محرق ودع سوختہ کوٹ چھان کے نفخ کرین

تیسری فصل نطولات کے بیان مین

نطول برائے صداع حار بیاض استاد مرحوم سے ترکیب روغن گل و نصف وزن روغن گلاب و ربع وزن سرکہ سر پر دھارین اور روغن کدو و بنفشہ ناک مین ٹپکائین اور کافور و خیار و صندل پیس کے سونگھین تینون دوائین مین کپڑے مین تر کر کے اگر سر پر رکھین گرم ہو جا تو دوسری دوا لگائین برائے صداع حار و سرسام حار بہت مفید ہو ایضاً برائے صداع حار و بیخوابی نافع ہو ترکیب بنفشہ اکیجز و نیلوفر برگ بر قطونا تخم خرفہ پوست خشخاش گل خشخاش بیج تفاح تخم خطمی تخم کاہو برگ بید گلسرخ جوش کر کے سر کو تو اسکا بھپارہ دین اور پانی سر پر ڈالین اسکا ثفل پیس کے روغن گل ملا کے ٹکیہ تالو پر رکھین بعضے نسخون مین تخم کدو نیلوفر و بجائے گل خشخاش تخم خشخاش مرقوم ہو نطول نافع برائے صداع حار و تشنج یابس و جنون و سرسام ترکیب بنفشہ تخم کدو نیلوفر تخم کتان اسبغول تخم خطمی کاہو گلسرخ برگ بید نیلوفر پانی مین پکا کے تنطیل کرین نطول نافع صداع بارد و بلغمی و دوار و سبات ترکیب پودینہ دشتی نمام بابونہ اکلیل الملک شیح ارمنی صعتر فارسی مرزنجوش برنجاسف برگ غار شبت

حلبہ اسطوخودوس بادرنجبویہ سانج ہندی قرنفل درمنہ ترکی جو موجود ہون پانی مین جوش دے کے بھپارہ لین اور پانی سے نطول کرین نطول
برائے صداع خماری ترکیب گلاب و قدرے سرکہ انگوری پانی مین ملاکے سر پر نطول کرین نطول برائے سرسام حار مجرب ہی ترکیب
مغز سر بز غالہ شب کو شل حنا سر اور پیشانی پر ضماد کرین پھر اسکو چھڑا کے تخم کاہو پوست بیخ تفاح بزرقطونا کوکنار بابونہ گل خطمی سفید اکلیل الملک
بنفشہ جراداہ کدو برگ خطمی نیلوفر ماش مقشر جو نیمکوب کرکے جوش دین چھان کے شیر گاؤ شیر دختران ملاکے پیشانی پر ملین اور سر کو اسی
دوا مین ڈوبا رکھین ایضاً برائے سرسام حار مفید ہی ترکیب گلسرخ گل نیلوفر تخم کاہو جو مقشر ہر ایک ایکتولہ پوست خشخاش چھہ ماشہ
جوش دے کے نطول کرین ایضاً برائے سرسام حار و سہر مفید ہی ترکیب گلسرخ گل بنفشہ تخم کاہو گل بابونہ پوست خشخاش سفید
بقدر حاجت نیمکوب کرکے پانی مین جوش کرین اور چھان کے نطول کرین اُسکے ثفل کو روغن گل مین پیس کے چند بار اُسکی گولی رکھین
گرم ہوجاے تو بدلتے رہین نطول برائے لیثرغس مجرب ہی ترکیب بابونہ اکلیل الملک نمام ریحان قیصوم مرزنجوش شبت پودینہ پانی
مین جوش کرکے نطول کرین نطول برائے سہر نافع ہی ترکیب برگ کاہو کشنیز تازہ پوست خشخاش جوب دوا مین جوش اور صاف
کرکے دھوپ مین ایک بالشت کے فاصلے سے سر کو تریڑا دین نطول کلہ پاچہ کا بھی یہی عمل ہو نطول سبات بلغمی بارد کیواسطے ترکیب شبت
سداب مرزنجوش نمام حاشا برنجاسف صعتر فارسی عاقرقرحا دج شونیز حرمل جوش دے اور صاف کرکے سر پر تریڑا دین ثفل پیس کے
سر پر لیپ کرین نطول سبات سہر کے لیے جسمین علامات صفرا غالب ہون نافع ہی ترکیب بنفشہ اصل السوس اکلیل الملک بابونہ
کشنک جو کو جوش دین پانی سر پر ڈالین بھپارہ لین اور اگر علامات بلغم غالب ہو ورق غار سداب پودینہ زوفاے خشک صعتر جند بیدستر
اجزاے مذکور مین اضافہ کرین نطول تشنج یبسی کے لیے مفید ہے ترکیب برگ بنفشہ برگ کنجد گل نیلوفر برگ کاہو بابونہ آب شیرین
مین پکائمین اور سر پر نطول کرین نطول سکوت کے واسطے مفید ہی ترکیب مرزنجوش شبت برگ اترج صعتر ناخونہ بابونہ فوتنج
سداب حاشا جملہ مساوی جوش کرین اور سر و قفا پر دھارین اور اسکا ثفل یافوخ پر رکھین ایضاً اسی بارہ مین مفید ہی ترکیب سداب
پودینہ صعتر بابونہ اکلیل الملک پانی مین جوش دے کے اور صاف کرکے نطول کرین نطول اول امر مین برائے ترطیب و تبرید معالجہ جنون
مین مستعمل ہی ترکیب گل بنفشہ گل نیلوفر ریشہ خطمی برگ بید تراشہ کدوے تازہ برگ کاہو برگ خطمی ہر ایک ایک مشت برگ عنب الثعلب
برگ خبازی ہر ایک ایکدستہ سپستان دو کف گلسرخ برگ خشخاش ہر ایک تین کف جو مقشر نیمکوفتہ ایک کف پانی مین جوش دے
اور صاف کرکے روغن بابونہ یا روغن کدو نیم اوقیہ داخل کرکے صبح و شام نطول کرین نافع ہی نطول المجانین وسواس و مالیخولیا
وجنون کیواسطے نافع ہی ترکیب تخم خشخاش گل سیوتی بابونہ ہر ایک ایک مٹھی بنفشہ تر یا خشک گل نیلوفر بیخ خطمی تخم خطمی برگ بید
جو مقشر برگ کاہو سبز برگ کو تراشہ کدوے تر برگ خبازی برگ بزرقطونا ہر ایک ایکدستہ سپستان ستر عدد سب کو تین رطل پانی مین
جوش دین نصف رہ جاے تو چھان کے روغن بنفشہ یا کدو دس درم داخل کرکے نطول کرین ایضاً برائے جنون مفید لیکن آخر

وقت انحطاط مین استعمال کرتے ہین ترکیب گل بابونہ اکلیل الملک ہر ایک ایک مٹھی بادرنجبویہ برگ سرو گلنار برگ خبازی سبوس گندم بقدر حاجت پانی مین جوش دے کے نطول کرین نطول محلل ریاح باردہ نافخہ مراق ترکیب افسنتین رومی شبت پودینہ بری زیرہ کرمانی انیسون تخم کرفس صعتر فارسی بابونہ برگ نمام اکلیل الملک برگ ترنج پانی مین جوش دین اور وقت خلاء معدہ معدہ کے اوپر نطول کرین اور اسی پانی سے گلے کا مشانہ بھر کے کماد کرین گرم گرم معدہ پر خلو معدہ کیحالت مین کبھی اسمین کندسدار چینی زرنباد زیادہ کردیتے ہین نطول برائے اختلاج نافع ہے ترکیب گل بابونہ اکلیل الملک مرزنجوش اور مانند ان کے ادویہ محللہ ریاح جوش کرکے عمل مین لائین نطول جسادت ملتحمہ کیواسطے نافع ہے ترکیب حلبہ اکلیل الملک تخم خطمی تخم کتان پانی مین جوش دے کے تنطیل کرین اور اس تنطیل کیواسطے آب گرم بھی مفید ہے نطول نافع روزکوری ترکیب بابونہ اکلیل الملک و خشخاش تازہ جوش دے کے اسکا پانی سر پر دھارین نطول برائے درد گوش بدیجی ترکیب اکلیل الملک بابونہ قیصوم برگ غار برگ اترج پوست خشخاش پودینہ نمام حلبہ یا جو جل جائین پانی مین جوش دیکے اُسکے بخار سے انکباب کرین اور ثفل کا لیپ لگائین اور پانی سے نطول کرین ایضاً برائے طرش بارد ترکیب ناخونہ بابونہ سبوس گندم خطمی برگ غار مرزنجوش بادرنجبویہ جوش کرین بھاپ سے انکباب پانی سے نطول اور ثفل سے حوالی گوش کی تضمید کرین نطول ورم حار پستان کیواسطے مفید ہے ترکیب گل خطمی گل نیلوفر گل بنفشہ مکو برگ خبازی برگ خیرو پانی مین جوش دے اور صاف کرکے نطول کرین نطول ورم ثدی کےلیے کہ دودھ جم جانیسے ہوتا ہے محلل ہے ترکیب بابونہ شبت نمام حلبہ قیصوم جند بیدستر پانی مین پکا کے سینہ اور پستان کو دھارین ایضاً بابونہ قیصوم نمام اکلیل الملک عنب الثعلب بنفشہ جوش دیکے اور چھان کے نطول کرین خصوص وقت انحطاط ورم نطول سنگ گردہ ومثانہ و درد گردہ ومثانہ معمول حکیم منصور علی مرحوم ترکیب بابونہ اکلیل الملک شبت حلبہ نمک شور ہر ایک نو ماشہ دو گھڑے پانی مین جوش کرین نصف رہ جائے تو نطول کرین اور اسمین بیٹھین نطول ورم بلغمی خصیہ مین مجرب ہے ترکیب ناخونہ بابونہ شبت بنفشہ خطمی برگ غار برگ کرنجوہ برگ عنب الثعلب برگ شلجم برگ چقندر جوش کرکے اُسکے پانی سے نطول اور ثفل کا ضماد اور بھاپ سے انکباب کرین نطول برائے ورم رحم مجرب ہے ترکیب شبت کرنب ناخونہ خطمی بنفشہ بابونہ ہر ایک نو ماشہ مرزنجوش اکلیلولہ پانی مین جوش دے کے نیم گرم ورم پر نطول اور ثفل کا ضماد کرین نطول برائے وجع رحم وصلابت رحم ترکیب مرزنجوش برگ مرو پر سیاوشان عنب الثعلب سنکطراشیع ہبل تخم خطمی تخم خربزہ قیصوم تخم کشوث تخم بلبون تخم کرفس تخم خبازی نیمکوفتہ گل خطمی عدس مقشر قنطوریون دقیق گلسرخ برگ شبت گل زنبق (گل خیرو) پانی مین جوش دے اور صاف کرکے آبزن و نطول کرین نطول محلل ریاح افرسہ مین کار آمد ہے ترکیب بابونہ ناخونہ شبت مرزنجوش برگ کرنب بید انجیر برگ ریحان برگ خطمی ہر ایک ایک کف سب کو جوش دے کے بدستور نطول کرین نطول برائے مفاصل ترکیب بیخ بادیان نیمکوفتہ پوست بیخ کاسنی تخم خیارین تخم خربزہ نیمکوفتہ سورنجان سیاوشان عنب الثعلب گل بابونہ پانی مین جوش کرکے نطول کرین اور اُس پانی مین بیٹھین اُسکے اندر سے نکلنے کے بعد روغن سورنجان کی

مالش کرین ایضاً برائے وجع رکبہ ومفاصل ترکیب سداب پوست بیخ کرفس سورنجان بوزیدان شقاعی بادآورد بابونہ ناخونہ قیصوم پانی مین جوش دیدا اور صاف کرکے نطول کرین بعد فراغت روغن حنا کی مالش ضروری ہے نطول برائے عرق النسا ترکیب بابونہ بنفشہ گل خطمی ناخونہ کنجد بقدر ضرورت پانی مین جوش دے اور صاف کرکے نطول کرین اور اسکے بعد روغن کی مالش مفید دیکھی گئی ہے ایضاً وجع المفاصل مین تریاق کا حکم رکھتا ہے ترکیب امربیل وقدرے عنب الثعلب پانی مین جوش اور صاف کرکے آبزن کرین اور نطول کرین بعد فراغت روغن گل یا حنا جسمین اہل خشک پیس کے ملایا ہو ملنا مفید ہے۔

چوتھی فصل نقوعات کے بیان مین۔ نقوع منضج ومسہل بارد کہ جمیع امراض حار دماغی وغیرہ مین معمول مولف ہے ترکیب مکو بنفشہ گلسرخ تخم خطمی شاہترہ تخم کاسنی نیمکوفتہ ہر ایک سات ماشہ گل نیلوفر پانچماشہ عناب آلوبخارا ہر ایک پانچدانہ رات کو گرم پانی مین بھگودین صبحکو مل اور صاف کرکے گلقند دو تولہ مل کے پھر چھانین اور پی لین اگر کھانسی بھی ہو کاسنی گلسرخ آلوبخارا موقوف کردینا چاہیے بجائے انکے سپستان گیارہ دانہ خبازی سات ماشہ گاؤزبان چار ماشہ داخل کرین اور شربت بنفشہ یا نبات عوض گلقند دین مسہل کے دن مغز فلوس سات تولہ ترنجبین تمر ہندی گلقند ہر ایک چار تولہ شیرہ بادام پانچدانہ داخل کرین اور بجائے پانی کے عرق مکو وکاسنی نیمگرم دین غذا دوپہر کو آشجو سہ پہر کو کھچڑی مونگ ملائم کھلائین وکھانسی ونزلہ کی صورت مین تمر ہندی نہ دین اسکے عوض شیرخشت دو تولہ دین اور اگر امراض چشم مین ہو پوست ہلیلہ زرد سات ماشہ اضافہ کرین بہتر ہے مادہ مین کوئی غلیظ جز محسوس ہو تو سنا مکی ایکتولہ تربد موصوف پانچماشہ بھی ملادین دوسرے دن تبرید لعاب بہدانہ تین ماشہ شربت بنفشہ دو تولہ اسبغول تین ماشہ چھڑک کے دین تیسرے دن بدستور مسہل پئین اور وہ امراض جو احتراق خون او صفرا سے منضج مذکور سے نضج کے بعد اجزاے مسہل کیساتھ جراءتہ اسطوخودوس بسفائج ہر ایک سات ماشہ افسنتین ہلیلجات ہر ایک چھ ماشہ سنائے مکی افتیمون کپڑے مین باندھکے ہر ایک نوماشہ غاریقون دو ماشہ روز مسہل اضافہ کرین نقوع حلو نافع حرارت ویبوست وغلبہ خون وجوش خون خصوصاً بلاد وفصول حار مین ترکیب خوبانی عناب آلوبخارا ہر ایک سات عدد گل نیلوفر گل بنفشہ ہر ایک سات ماشہ عدس مقشر کشنیز خشک ہر ایک چھ ماشہ تخم کاسنی نیمکوفتہ پانچ ماشہ کبھی زیادہ ترنجبین چار تولہ برائے تلیین نقوع حامض قامع صفرا ونافع امراض حار دماغ ومعدہ وجگر ہے ترکیب خوبانی عناب ہر ایک سات عدد آلوبخارا پانچ عدد تمر ہندی دو تولہ گل نیلوفر گل بنفشہ ہر ایک سات ماشہ کبھی انار دانہ عوض تمر ہندی دیتے ہین نقوع ہلیلہ برے صداع صفراوی معمول ہے ترکیب پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہر ایک تین درم آلوبخارا سات عدد سپستان گیارہ عناب سات دانہ خوبانی پانچ عدد زرشک دو درم تمر ہندی دس درم بنفشہ تخم کاسنی گلسرخ گل نیلوفر ہر ایک دو درم رات کو گرم پانی مین بھگودین صبحکو مل اور صاف کرکے ترنجبین دس درم شیرخشت سات درم مل اور پھر صاف کرکے پئین نقوع فواکہ الہلیلجی تالیف علویخان برائے تلیین صداع دموی ودیگر امراض بعد فصد ترکیب

آلو بخارا خوبانی سات عدد عناب کلان و سعد سپستان چالیس دانہ پوست ہلیلہ زرد ہلیلہ کابلی ہر ایک دس درم برگ بنفشہ تخم کاسنی ہر ایک نو ماشہ گلاب و عرق شاہترہ و کاسنی و نیلوفر ہر ایک آدھ پاؤ مین رات کو بھگو دین صبحکو جوش دیکے مغز خیار شنبر تمر ہندی ترنجبین ہر ایک بیس درم گلقند دس درم مل اور صاف کرکے روغن بادام شیرین دو مثقال اضافہ کرکے نوش کرین پانی کے بجاے عرق کاسنی و گلاب و شاہترہ پر اکتفا کرین اور وقت شام غذا شلہ اسفاناخ دین صبحکو پھر اسیطرح تین چار دن تک استعمال کرین نقوع مسہل معمول صداع گرم و سرسام و برسام و ذات الجنب ترکیب ترنجبین شیر خشت ہر ایک چار تولہ مغز فلوس خیار شنبر سات تولہ تین چار گھنٹہ بید مشک و عرق بید سادہ و عرق مکو عرق نیلوفر مین بھگو اور مل کے لعاب اسبغول شیرۂ مغز تخم کدوے شیرین شیرۂ مغز تخم ہندوانہ ہر ایک ایک تولہ روغن بادام چھ ماشہ اضافہ کرکے پی لین نقوع انار دانہ دوار مین بعد تنقیہ مادہ حار دین ترکیب انار دانہ ترش چھ درم صندل سفید و زرد و کشنیز خشک ہر ایک دو درم زرشک تین درم تمر ہندی چار درم پانی مین بھگو کے چھان کے شربت نیلوفر ملاکے نوش کرین تو عدیم النظیر نافع سدر و دوار و دافع حرارت مزاج و تقویت قلب کرتا ہے ترکیب برادۂ صندل چھ ماشہ بنفشہ کشنیز خشک آملہ منقی گل سرخ ہر ایک تین درم پانی مین بھگو کے صبحکو چھان لین عرق بید مشک شربت نیلوفر شربت انار شیرین ہر ایک دس درم ملاکے پی لین کبھی خمیرۂ صندل بجاے برادۂ صندل و شربت عمل مین لاتے ہین نقوع مجرب براے مالیخولیاے مراقی و وحشت و جنون ترکیب گاؤزبان کشنیز خشک صندل سفید ہر ایک چھ ماشہ کشمش ڈیڑھ تولہ رات کو بھگو کے صبحکو چھان لین شربت انار دو تولہ داخل کرکے دین نقوع براے نزلہ حار و خلل دماغ بلغمی مرکب تالیف اُستاد مرحوم ترکیب اصل السوس بنفشہ سپستان اسطوخودوس بہیدانہ تخم خطمی مویز منقی بادیان آب شیرین مین بھگو اور مل اور صاف کرکے گلقند حل کرکے پی لین نقوع براے کثرت رعاف ترکیب شاہترہ کشنیز خشک ہر ایک دو مثقال عناب سات دانہ رات کو گرم پانی مین بھگو لین صبحکو چھان کے شیرۂ تخم کاہو و تخم خرفہ ہر ایک ایک مثقال نکال کے شربت نیلوفر دو تولہ ملاکے اسبغول ایک مثقال چھڑک کے پی لین نقوع براے نزلہ مع تپ ترکیب دواتو دو چھ ماشہ خرد عناب پانچ دانہ سپستان بہیدانہ بنفشہ گاؤزبان خطمی ہر ایک چار ماشہ تخم خیارین نیمکوفتہ چھ ماشہ اصل السوس نیمکوفتہ چار ماشہ گرم پانی مین بھگو کے شربت بنفشہ دو تولہ داخل کرکے خاکسی چار ماشہ چھڑک کے پی لین ایضاً براے سعال و سقوط قوت بیاض اُستاد مرحوم سے ترکیب خار خسک گاؤزبان ریشہ خطمی عرق مکو و عرق گاؤزبان مین بھگو کے چھان کے شربت بہ شربت خشخاش ملاکے خاکسی چھڑک کے پی لین نقوع براے ورم معدہ و فواق و قبض بیاض اُستاد مغفور سے ترکیب بنفشہ پوست بیخ کاسنی تخم خیارین عنب الثعلب تخم خربزہ مویز منقی عرق کاسنی و گاؤزبان و مکو مین بھگو کے گلقند مل اور چھان کے پی لین نقوع معمول براے مسدود ماساریقا و یرقان کہ با حرارت ہو ترکیب آب عنب الثعلب سبز آب کاسنی سبز آب شاہترہ سبز آب بادیان سبز گلاب سب یا جو ملین مروق کرکے ہمراہ شربت بزوری یا شربت دینار استعمال کرین اور مسہل کے دن اسی پانی مین مغز فلوس خیار شنبر ترنجبین

شیرخشت اضافہ کرین نقوع بارد درم حار حدبی جگر مین بعد فصد دیتے ہین ترکیب زرشک انار دانہ تمر ہندی بھگوکے دین ایضاً
آلو بخارا گل نیلوفر تخم کاسنی ہمراہ شیرہ تخم خیارین و شربت نیلوفر مناسب ہی نقوع حکیم علوی خان سے براے استسقا و تپ مرکب و سرفہ
ترکیب بنفشہ مکو اصل السوس مقشر گاؤزبان خطمی خبازی مویز منقی پرسیاوشان بادیان خیارین تخم کاسنی پوست بیخ کاسنی کوٹکے ڈالی
دوائین کوٹ لے گرم پانی مین بھگودین گلقند ملا اور صاف کرکے خاکسی چھڑک کے پی لین نقوع براے قولنج ترکیب سناے مکی نو ماشہ
گل بنفشہ گلسرخ بیخ بادیان ہر ایک چھ ماشہ انیسون تین ماشہ خسکدانہ نو ماشہ مویز منقی دو تولہ عرق عنب یا گلاب ایک پاؤ گرم کرکے اسمین
بھگودین اور گلقند دو تولہ ملا اور صاف کرکے روغن بید انجیر ایکتولہ داخل کرکے پی لین نقوع ہلیلہ مجربات حکیم علوی خان سے براے قروح کلیہ
ترکیب پوست ہلیلۂ زرد ہلیلۂ کابلی آملہ منقی پوست بلیلہ کشنیز خشک بادیان ہر ایک پانچدرم ترنگ کابلی مقشر نیمدرم سب کو نیمکوب
کرکے گرم پانی مین بھگودین صبحکو چھان کے پی لین نقوع براے حرقت بول و سوزاک ترکیب پوست بیخ فالسہ ایکدرم ریزہ ریزہ
کرکے پانی مین رات کو تر کرین صبحکو کسیقدر ملا اور صاف کرکے پی لین نقوع سوزاک و سیلان منی کیواسطے مجرب ہی ترکیب کشنیز خشک
بادیان ہر ایک دو مثقال کوکنار نیم مثقال سے ایک مثقال تک تینون کو جوکوب کرکے سفال آب نادیدہ ڈیڑھ پاؤ مین ڈال کے رکھو
بھگودین صبحکو بغیر ملے یا پیسے ہوے پی لین کتاب مجربی مین مرقوم ہی کہ نبات سفید ایکدرم حل کرکے اور شہد ڈیڑھ ماشہ طباشیر سودہ
ایک ماشہ چٹنی بناکے کھائین ایک شخص کو بارہ روز مین صحت ہوئی ایضاً براے سوزاک کہنہ و بول الدم مجرب ہی ترکیب نیم جوب
چھ ماشہ آملہ ڈیڑھ تولہ کوٹ کے رات کو پانی مین بھگودین صبحکو اسکا صاف پانی لیکے شہد دو تولہ ملاکے پی لین نقوع ادرار حیض کے
لیے مجرب ہی ترکیب تخم خربزہ پانچ مثقال تخم کرفس انیسون بادیان ہر ایک دو مثقال سب کو نیمکوب کرکے تین رطل پانی مین گرم
تین شبانہ روز بھگوئین ہر روز تیس مثقال ہمراہ روغن بادام شیرین ایک مثقال دین اور بطریق مطبوخ بھی مفید ہی نقوع براے
کثرت طمث مجرب ہی ترکیب آملہ منقی بادیان ہر ایک ایکتولہ رات کو پانی مین بھگوئین صبحکو ملا اور صاف کرکے شکر سفید ایکتولہ داخل کرکے
پی لین نقوع آلو براے تپ مطبقہ و غب براے اسہال نفع تام رکھتا ہی اور بقول صاحب خلاصۃ العلاج غب لازم و محرقہ
بعد بحران و استعمال ابکاسنی مروق اگر طبیعت مین قبض ہوجاے کہ بدن کو تقویت دے اور اخلاط حارہ آسانی سے خارج کر دیتا
ترکیب آلو بخارا عناب مشمش ہر ایک بیس عدد سپستان تیس عدد مویز منقی تمر ہندی ہر ایک بیس درم گلسرخ برگ سنا
ہر ایک سات درم گل بنفشہ تخم کاسنی تخم کشوث ہر ایک چار درم بادیان انیسون ہر ایک دو درم شاہترہ دس درم پوست
ہلیلۂ زرد پندرہ درم سب کو تین من پانی مین جوش دین بعدہ چوڑی اچاری مین بھر دن دنکو دھوپ اور رات کو گرم جگہ پر رکھین
اور تیسرے دن کے بعد صاف کرکے ہر صبح چالیس درم ہمراہ پندرہ درم سکنجبین اور دس درم شربت بنفشہ پی لین نقوع براے
تپ صفراوی مع لرزہ و سرسام ترکیب مکو سات ماشہ گل بنفشہ چھ ماشہ گل نیلوفر سات ماشہ اصل السوس چار ماشہ خطمی

خبازی ہر ایک پانچماشہ شاہترہ چھ ماشہ تخم خیارین کوفتہ نوماشہ آب گرم مین ترکرکے صبحکو مل اور صاف کرکے نبات سفید خاکسی داخل کرکے پی لین ایضاً براے غب بغایت مجرب ہی ترکیب عناب پچیس عدد آلوبخارا دس عدد تمر ہندی چھ تولہ پانی مین بھگودین اور تھوڑا سا پانی چھان کے رات کو پی لین اور مداومت کرین روز نوبت غذا نہ دین اگر بعد وقت نوبت غذا دی جاے چاول ہمراہ شربت تمر ہندی کے دین لیکن اُسوقت کہ اسہال عارض ہو قوابض باردہ مثل قرص کافور و قرص طباشیر قابض و یاقوتی بارد و صندل صندل اور امثال اُنکے علاج کرین اسہال مین روز نوبت افیون و ورق الخیال و کافور حسب مزاج وقت غلبہ ترکیب کرکے دین نقوع براے تب لرزہ و تپہلے کہنہ مجربات حکیم واحد علیخان سے ترکیب تخم کاسنی گلوے سبز ہر ایک چھ ماشہ چرائتہ ملٹی پانچماشہ ریوند چینی دو ماشہ نیکوفتہ رات کو بھگوئین صبحکو صاف کرکے پی لین نقوع سرخبادہ ترکیب سرپھوکہ پانچدرم برگ نیب چھ درم شاہترہ چاردرم گیروے رنگ کابلی برگ حنا ہر ایک دو درم منڈی برہمڈنڈی چاکسو چرائتہ رسوت صندل سرخ نرکچور پوست ہلیلہ کابلی بلیلہ سیاہ پوست بلیلہ آملہ ہر ایک ایکدرم جوکوب کرکے بقدر حاجت رات کو بھگو دین صبحکو چھان کے دین نقوع براے مواد سوداوی و آتشک ترکیب ہلیلہ سیاہ پوست ہلیلہ زرد صندل سرخ برگ شاہترہ ہر ایک چار ماشہ چرائتہ سرپھوکہ ہر ایک چھ ماشہ رات کو بھگو دین صبحکو صاف کرکے نبات سفید داخل کرین اور پی لین غذا مین دال خشکہ کھلائین ایضاً حکیم ماشاء اللہ خان سے ترکیب پوست ہلیلہ زرد شاہترہ ہر ایک ایکتولہ چرائتہ نوماشہ گل معصفر سات ماشہ برگ حنا تین ماشہ رات کو پانی مین بھگو دین بعد اسکے زیرہ سیاہ تین پاؤ پانی مین جوش دین کہ ایک پاؤ رہ جاے ایک پہر ادویہ اول کے بعد پی لین بعد انقضاے چار ساعت غذا دال خشکہ اُسی دوا مین ڈیڑھ دو سیر پانی ڈال کے رکھ چھوڑین پیاس کے وقت بجاے پانی کے پئین بفضلہ آتشک کے آثار باقی نہ رہین گے نقوع نافع امراض سوداوی و ابتداے جذام و قروح خبیثہ و جرب و قوبا ترکیب برگ شاہترہ چار مثقال ایک سیر پانی مین جوش کرین اُوس مین رکھدین صبحکو بغیر ملے ہوے چھان کے شیر گرم پی لین اکیس روز یا انتہا چالیس روز تک نفع بلیغ ہوگا اگر شاہترہ کو دوسری دواؤن کے ساتھ جوش دین یا بھگو کے پئین بہتر ہے اگر قوی کرنا چاہین برگ حناے خشک افتیمون ہر ایک دو درم سے تین درم تک عناب دس دانہ سپستان تیس دانہ بھی ساتھ ہی بھگو دین اور اگر دو درم بسفائج و گاؤزبان و بادرنجبویہ اسطوخودوس صندل سفید ہر ایک ایکدرم اضافہ کرین بہتر ہوگا اسطرح ادویہ مسہلہ دیگر

باب الواو ایک فصل وجورات پر شامل ہے

وجور نافع حال صرع مین ترکیب حلتیت جندبیدستر سکنجبین عسلی مین حل کرکے وجور کرین ایضاً جب مصروع کے منہ مین دیا جاتا ہی تو اُسے ہوش آجاتا ہی ترکیب بادیان انیسون زیرہ کرمانی جوش کرکے گلقند اُسمین حل کرین اور صاف کرکے وجور کرین وجور براے صرع زادغریب سے ترکیب عود صلیب وجدوار بقدر ایکماشہ عرق بادیان مین حل کرکے حلق مین ٹپکائین وجور ام الصبیان اور اکثر امراض

دماغی مثل صداع ولیثر غشی وعلل صدر مثل ڈبہ وسبو وتنفس وضیق وسعال واکثر علل معدی ومعوی مانند قبض ونفخ وسدہ وریح ودرد
شکم اطفال کے واسطے نافع ہی مجربات استاد مرحوم اور بقائی سے منقول ہی ترکیب پوست ہلیلہ زرد تربد موصوف بودینہ باغی علحدہ علحدہ
کوٹ چھان کے ملائین اور بقدر سن سال دین دودھ یا آب یا کسی گرم عرق مین اگر ایک سال کا لڑکا ہو ایک ماشہ دو سال کا ہو دو ماشہ
علی ہذا القیاس **ایضاً** صرع اطفال مین مستعمل ہے **ترکیب** صعتر جندبیدستر زیرہ کرمانی مساوی کوٹ چھان کے تین جو کے برابر
دودھ مین حل کر کے بچہ کے حلق مین ٹپکا دین تو عد یگر اسی باب مین مجرب ہی ترکیب زنجبیل خردل کا شم نانخواہ کوٹ چھان کے عرق گاؤزبان
مین حل کر کے حلق مین ڈالدین وجور سو تنفس اطفال صغار کے واسطے جسے ڈبہ کہتے ہین نافع و مجرب ہی ترکیب جوک ترش مرچ ہلیلہ نسوت
برابر پیس کے چھوٹی گولیان بنالین دودھ مین حل کر کے حسب سن وسال اطفال دین وجور سندی برائے سرفہ بلغمی وضیق وسو تنفس
اطفال ترکیب افیس تخم خرفہ ساقی ہر ایک چار ماشہ بہارنگی کاکڑا سینگی موتھہ پیا بالنسہ پیپل ہر ایک چھ ماشہ مویز منقی دو درم عسل کشمیری
تین دام کوٹ چھان کے شہد مین ملاکے بچہ کو دورتی سے دو ماشہ تک حسب سن شیر دایہ مین یا گرم پانی کے ساتھ دین وجور جمیع اقسام
سرفہ خصوص کہ بچون کو لاحق ہوتی ہی بہت مفید و مجرب ہے ترکیب بھکرمول تخم کاکڑا سینگی پیپل پوست بیخ جوانسہ کوٹ چھانکے
شہد مین ملائین بقدر قوت وسن دین وجور حالت غشی مین برائے تقویت قلب وانبساط حرارت غریزی مجرب ہی ترکیب
دواء المسک معتدل عرق کیوڑہ وعرق گاؤزبان مین حل کر کے حلق مین ٹپکائین لیکن مزاج بارد ہو معتدل ہو اگر گرم وصفراوی ہو
دواء المسک بارد وعرق نیلوفر وگلاب کے ہمراہ دین **ایضاً** حالت غشی مین کام آتا ہی ترکیب شربت انار ولائتی عرق مناسب مین حل کر کے قطرہ قطرہ حلق
مین ٹپکائین وجور برائے اقسام غشی تالیف حکیم شریف خان ترکیب مشک وعنبر قدرے ہمراہ گلاب یا بید مشک پیس کے وجور کرین اگر قدرے
نارجیل دریائی گلاب یا بید مشک مین پیس کے غشی مین کہ بعد سیضہ بسبب صعود بخرہ جانب دماغ ودل سے ہوتا ہی استعمال کرین قائم مقام
تریاق فاروق ہی وجور وجیع فوادمین کہ غشی طاری ہو مفید و مجرب ہی ترکیب جدوار نفیسی سودہ زہر مہرہ سودہ بگلاب حل کر کے حلق مین ٹپکائین

باب الیاء التحتانیہ یک فصل مین یاقوتیون کے بیان مین

یاقوتی نافع اصحاب مالنخولیا وتقویت وتفریح دل کرتی ہے مقوی دماغ ہی ترکیب مروارید یاقوت فادزہر معدنی عقیق کہربا سبد
یشب ہر ایک ایک مثقال ابریشم مقرض صندل بگلاب سودہ عود غرقی گاؤزبان گل گاؤزبان سافج ہندی درونج زعفران فرنجمشک
پوست اترج ہر ایک ایکدرم کشنیز مقشر گل نسرین بہمنین دانہ ہیل لاجورد مغسول افتیمون ہر ایک دو درم مشک وعنبر ہر ایک
نیمدرم مربائے ہلیلہ مربائے آملہ ہر ایک تین عدد شربت انار ولائتی چھ تولہ ورق طلا دو درم ورق نقرہ تین درم جواہرات کو
گلاب وعرق کیوڑہ یا بید مشک مین سحق کریگے اور مربے کی گٹھلیان دور کر کے پیس ڈالین اور دوسری دوائین کوٹ چھانکے

سہ چند قند مقوم بگلاب مین بنالین پھر اوراق داخل کرین خوراک دو مثقال **یاقوتی قوی التفریح** امراض سوداوی و مالیخولیا مین بہایت نافع
دل و جگر کو قوت دیتی ہی **ترکیب** مشک نیم درم مروارید ناسفتہ مرجان کہربائے شمعی فرنجمشک گاؤزبان درونج عقربی لعل یاقوت عقیق
یمنی ورق طلا ورق نقرہ عنبر اشہب زعفران کافور ہر ایک ایکدرم صندلین طباشیر زرنباد بادرنجبویہ قرنفل ساذج ہندی عود قماری
ابریشم مقرض پوست ترنج ہر ایک دو درم دوائین کوٹ چھان کے جواہرات کھرل کرکے قند سفید و عسل سفید ہر ایک پچاس درم مین بدستور مقرر بنالیں
کرین **یاقوتی بارد** خفقان دموی و صفراوی کو روکتی ہی بہت نافع اور مجرب ہی **ترکیب** طباشیر سفید سودہ گاؤزبان تخم کاسنی ہر ایک
تین درم آملہ منقی ہندرہ درم صندل سفید گلسرخ مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد یشب سبز و سفید زہر مہرہ خطائی ہر ایک تین درم و نیم
ورق نقرہ نیم مثقال زعفران نیم درم مشک ایک ماشہ شربت سیب قندی شربت بہی شیرین ہر دو دوچند قند دوچند ادویہ بدستور مقرر تیار
کرین خوراک پانچماشہ **یاقوتی بارد** موافق مزاج حار و بہتر دواء المسک بارد سے برائے خفقان گرم و ناقہین و تبدیل مزاج و تقویت
اعضاے رئیسہ و تصفیہ خون و روح کدورت سے کرتی ہے **ترکیب** مغز تخم کدوے شیرین تخم کاہوے مقشر مغز تخم ہندوانہ مغز تخم
خیارین ہر ایک دو مثقال و نیم تخم خرفہ مقشر چار مثقال مروارید ناسفتہ صندل سفید بالچھڑ طباشیر نوفل صندل سرخ ہر ایک
دو مثقال بسد کہربا سرطان محرق ہر ایک دو مثقال و ایکدانگ زمرد سبز پانچ دانگ ابریشم مقرض بہمنین گل گاؤزبان غنچہ گلسرخ شقاقل
مصری دانہ ہیل دارچینی ہر ایک دو مثقال و نیم آملہ منقی پانچ مثقال زعفران عنبر اشہب ورق طلا مشک تبتی ہر ایک چار دانگ
ورق نقرہ دو مثقال نبات سفید پچاس مثقال آب سیب شیرین امرود بہ شربت فواکہ شیرین گلاب عسل سفید مصفی عرق صندل ہر ایک
بیس مثقال بدستور بنالین **یاقوتی بارد** بنسخۂ معمول حکیم علویخان **ترکیب** یاقوت رمانی کہربائے شمعی مروارید ناسفتہ ورق نقرہ
ہر ایک نو ماشہ لعل بدخشی مرد سبز عنبر اشہب ہر ایک چار ماشہ طباشیر بسد محرق چھ ماشہ طباشیر صندل سفید کشنیز مقشر گاؤزبان بہمن سفید غنچہ
گلسرخ ابریشم مقرض ہر ایک ایکتولہ آملہ منقی دو تولہ ورق طلا تین ماشہ نبات سفید آدھ سیر آب انار شیرین ایکپاؤ عسل مصفی پاؤ بھر
بدستور مرتب کرین نوع دیگر حکیم محمد رضا خان حکیم علویخان **ترکیب** یاقوت رمانی ایک مثقال مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد گل
ارمنی طباشیر گل گاؤزبان ہر ایک دو مثقال ورق نقرہ نیم مثقال تخم خرفہ پانچ مثقال شربت فواکہ پانچ وزن ادویہ قند سفید
برابر مجموع بطریق متعارف بنائین **یاقوتی بارد** برائے خفقان و مالیخولیا و وسواس مفید ہی **ترکیب** مروارید ناسفتہ چھ ماشہ
بسد کہربا لعل بدخشی ہر ایک دو ماشہ یاقوت زرد ڈیڑھ ماشہ یشب سفید دو ماشہ بہمنین صندلین طباشیر زہر مہرہ سودہ ہر ایک
ساڑھے تین ماشہ مغز تخم خیارین تخم خرفہ مقشر مغز تخم کدوے شیرین مغز تخم تربوز ہر ایک دو درم عنبر اشہب مشک خالص ہر ایک
ڈیڑھ ماشہ ورق نقرہ ایکتولہ بدستور مقرر تیار کرین کبھی قدرے کافور بھی بڑھا دیتے ہین **یاقوتی بارد** تحفۂ حکیم علویخان نے مرزا
ابو الحسن خان کے واسطے تجویز کی تھی برائے خفقان و ضعف قلب و معدہ و غلبۂ صفرا و برائے مراق و ریح البواسیر مجرب ہی

درد گردہ و مثانہ و امعا کہ غلبۂ صفرا سے ہو اور رقت سے سکون ہوتا ہو نافع ہے ترکیب آلوے بخارا پچاس دانہ عناب ولائتی بیس عدد خوبانی نو دانہ زرشک منقی پانچدرم آلو بالو پانچدرم تمر ہندی سات تولہ گل گاؤزبان دو تولہ رات کو عرق گاؤزبان و گلاب و عرق بید مشک و عرق نیلوفر و عرق شاہترہ ہر ایک ایک پاؤ مین بھگو دین چھانکے آب لیموں آب ترنج آب انار شیرین ہر ایک ایک پاؤ ترنجبین بیس درم داخل کرکے جوش دین اور چھان کے پھر یاقوت مردارید زمرد ہر ایک چار ماشہ کہربائے شمعی سات ماشہ گل گاؤزبان چھ ماشہ طباشیر صندلین ابریشم مقرض ہر ایک ایک تولہ عنبر اشہب مشک خالص کافور ورق طلا ہر ایک دو ماشہ ورق نقرہ پچاس عدد بدستور مرتب کرین خوراک چھ ماشہ سے ایکتولہ تک نوع دیگر مقوی اعضائے رئیسہ معمول ہے ترکیب گاؤزبان گل گاؤزبان صندل سفید بگلاب سودہ ہر ایک تین درم طباشیر یشب سبز ہر ایک دو درم مردارید کہربا بسد یاقوت ہر ایک نیمدرم کشنیز مقشر خرفہ مقشر ہر ایک دو درم ابریشم مقرض ڈیڑھ درم گلسرخ تین درم دانہ ہیل دو درم پوست ترنج ڈیڑھ درم زرشک تین تولہ ورق طلا دو درم ورق نقرہ تین درم شربت انار شیرین ولائتی آدھ پاؤ قند سفید ایکپاؤ گلاب آدھ پاؤ مشک و عنبر ہر ایک ربع درم زعفران ایکدرم مربائے آملہ و ہلیلہ ہر ایک پانچ عدد بدستور مرتب کرین یاقوتی بارد حافظ صحت بدن و روح و مستعمل برائے ناقہین محرور مزاج برائے تقویت قوی و حرارت غریزی و تعدیل مزاج منحرف عدیل بہمین نہین رکھتی مخترع حکیم ذکاء اللہ افضل خان صاحب ترکیب مروارید ناسفتہ طباشیر یاقوت سرخ یشب سبز شفاف ہر ایک ایکدرم زہر مہرہ اصیل عنبر اشہب مشک خالص زعفران ہر ایک نیمدرم گلاب و عرق بید مشک مین حل کرکے صندل سفید و سرخ بگلاب سودہ ڈیڑھ درم غنچہ گلسرخ گاؤزبان کبود مغز تخم کدوے شیرین تخم کاہوے مقشر مغز تخم خیار بادرنگ تخم خرفہ مقشر ہر ایک دو درم آب سیب و انار شیرین و ناشپاتی آب بہ ہر ایک پچیس درم گلاب بیدمشک ہر ایک پچاس درم قند سفید دو چند شربت فواکہ مساوی ورق نقرہ ڈیڑھ درم ورق طلا نیمدرم بدستور مرتب کرین خوراک ایکدرم سے تین درم تک یاقوتی قائم مقام جواہر مہرہ معمول حکیم وارث علیخان ترکیب مروارید ناسفتہ عمدہ ڈیڑھ تولہ یاقوت سرخ لعل بدخشی ہر ایک ایک تولہ زمرد خوش رنگ زبرجد ہر ایک چھ ماشہ زہر مہرہ خطائی یشب سبز ہر ایک پانچ ماشہ بسد چار ماشہ مرجان ساڑھے چار ماشہ گل گاؤزبان برگ فرنجمشک بہمن سفید تودری سفید طباشیر دانہ الائچی خرد درونج عقربی رنگ اشقر عود غرقی بادرنجبویہ ہر ایک چھ ماشہ ابریشم مقرض ساڑھے چار ماشہ مربائے سیب دو عدد مربائے بہی تین عدد مربائے ناشپاتی تین عدد مربائے آملہ بارہ عدد آب انگور ولائتی انار ولائتی ہر ایک ایکپاؤ عرق کیوڑہ گلاب خالص ہر ایک آدھ سیر عرق بید مشک ڈیڑھ پاؤ نبات سفید آدھ سیر مشک خالص سات ماشہ عنبر اشہب نو ماشہ زعفران چھ ماشہ ورق طلا دو تولہ بدستور معجون تیار کرین چالیس روز غلہ مین رکھین خوراک دو ماشہ سے چار ماشہ تک یاقوتی تفریح و تقویت قلب مین بے نظیر ہے معمول نواب محمد علیخان مغفور منقول بیاض استاد مبرور سے ترکیب یاقوت رمانی ڈھائی مثقال لعل بدخشانی مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی زرشک بیدانہ تخم خرفہ ہر ایک ساڑھے تین مثقال یشب سفید فادزہر معدنی لاجورد مغسول زعفران عود غرقی مغز بادام ہر ایک دو مثقال غنچہ گل سرخ ورق طلا ریوند چینی بادرنجبویہ

طباشیر مغز تخم خیار تخم کاہو تخم کدو تخم کاسنی مرجان ہر ایک تین مثقال بسد احمر عنبر اشہب مشک خالص تخم فرنجمشک ہر ایک ایک مثقال ورق نقرہ سات مثقال صندل سفید آملہ منقی ہر ایک پانچ مثقال کافور قیصوری ایکدرم گل گاؤزبان تین درم آب انار آب بہ آب سیب لکدا ایکپاؤ عرق بید مشک آدھ سیر گلاب دو سیر نبات سفید ایک سیر عسل مصفی دو سیر علی الرسم معجون بنائیں یاقوتی معتدل تالیف حکیم علویخان اعضائے رئیسہ دماغ و معدہ و کلیہ کو قوت دیتی ہو منی زیادہ کرتی ہے محرور و مبرود المزاج دونوں کے واسطے نافع ہو ترکیب یاقوت رمانی لعل بدخشی مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی بسد محرق سنگ یشب ابریشم مقرض طباشیر سفید غنچہ گلسرخ ساذج ہندی بادرنجبویہ لسان العصافیر دارچینی کباب چینی لوزیدان ورق نقرہ مرجان قرمزی زمرد ہر ایک ایک مثقال بہمنین تودرین ثعلب مصری شقاقل ہر ایک دو مثقال تخم بلیون مغز تخم خیارین مغز تخم خربزہ ہر ایک تین مثقال زعفران عنبر اشہب ورق طلا ہر ایک نیم مثقال آب سیب و بہ و انار ہر ایک بیس مثقال قند سفید عسل بلیلہ مربی ہر ایک بچاس مثقال بدستور مقرر ترتیب دیں اور چالیس روز کے بعد استعمال کریں خوراک ایک مثقال یاقوتی معتدل مجرب و معمول خود نسخون سے ترکیب کافور جودانہ ربع مثقال مشک اذفر نیم مثقال عنبر اشہب فاقلتین ورق نقرہ ورق طلا گل مختوم کشنیز خشک مقشر لاجورد مغسول گل پارسی مروارید ناسفتہ زعفران گاؤزبان مصطگی رومی بسد دارچینی ابریشم مقرض پوست ترنج کہربا بہمن سفید زرنباد اشنہ مغز تخم کدو اظفار الطیب ابزبارلیس تخم فرنجمشک طباشیر مغز تخم خیار تخم کاہو مقشر ہر ایک دو مثقال صندل سفید عود ہندی گلسرخ درونج عقربی ہر ایک تین مثقال عسل سفید آدھ پاؤ شربت فواکہ شیرین نبات سفید ہر ایک ایکپاؤ بدستور معجون بنائیں یاقوتی حار مقوی اعضائے رئیسہ نافع امراض باردہ ترکیب جند بید ستر بالچھڑ سعد کوفی دانہ ہیل دارچینی قرنفہ ورق نقرہ بہمنین ہر ایک تین ماشہ خولنجان فرنجمشک درونج عقربی ابریشم مقرض اسطوخودوس بادرنجبویہ اسارون و ج خراسانی ہر ایک دو درم زعفران قرنفل مروارید ناسفتہ مرجان یاقوت لوزیدان مصطگی ہر ایک ڈیڑھ درم عنبر اشہب ایکدرم مشک نیم درم عسل یک وزن قند سفید و جند تو عدیگر برائے تقویت دل و دماغ بارد مزاج ترکیب یاقوت سرخ مروارید ناسفتہ ہر ایک دو درم مرجان کہربا ہر ایک ایک درم گلاب مین کھرل کریں ابریشم مقرض بادرنجبویہ گاؤزبان گل نسرین ہر ایک ایک مثقال زعفران عود غرقی لونگ بالچھڑ زرنباد گلسرخ ہر ایک ایکدرم مشک عنبر جدوار خطائی ہر ایک نیمدرم ورق طلا نیم مثقال آب سیب آب سفرجل ہر ایک پانچ تولہ مربائے آملہ کھرل کرکے دو حصہ عرق بید مشک و گلاب و عرق بہار سہ حصہ قند سفید مین قوام کریں یاقوتی حار حکیم بوعلی ثانی نے برائے محمد شاہ بادشاہ ترتیب دی تھی برائے خفقان و ضعف دل خاصۃ کہ مزمن ہوتا ہو اور اکثر امراض مزمنہ قلب کہ کسی تدبیر سے دور نہیں ہوتے دفع کرتی ہو ترکیب مروارید ناسفتہ کہربائے شمعی یاقوت سرخ یشب سبز عقیق یمنی لعل بدخشی ہر ایک ایک درم اول احجار عرق کیوڑہ کے ہمراہ سنگ سماق کی کھرل مین سحق کریں بعدہ ادویہ دیگر سوائے عنبر و مشک و اوراق کوٹ چھان کے رکھیں اور قند سفید ہموزن جملہ و شربت

62104

بادرنجبویہ ایک چند عسل سفید ہموزن آب آہن تاب مین قوام کرین اور ادویہ مسحوقہ تبر معجون کشنیز سے حل کرین جواہرات ملائین پھر مشک و
عنبر داخل قوام کرین بعدہ ورق نقرہ وطلا ایک ایک ڈال کے مخلوط کرین یاقوتی مقوی باہ وممسک و بدل افیون اس سے افیون
ترک کی جاسکتی ہے ترکیب مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی مرجان قرمزی کہربائے شمعی زمرد سبز عقیق زرد لعل بدخشی یشب سبز
سب کو پیس کے لاجورد مغسول ہر ایک دو مثقال گاؤزبان گل گاؤزبان ابریشم مقرض بہمنین تودرین شقاقل مصری خصیۃ الثعلب
ثعلب مصری مصطگی لونگ دارچینی دوالہ زعفران مشک عنبر اشہب ہر ایک ایک مثقال ورق نقرہ ورق طلا ہر ایک دو درم
چوب چینی قسم اول پچیس مثقال صندلین خارخسک پروردہ تخم خشخاش تخم بلیون مغز پستہ ہر ایک دو مثقال عسل صفی شدہ
ہموزن ادویہ ترنجبین خراسانی ڈیوڑھی قند سفید مساوی جملہ ادویہ روغن چرس ایک سیر قوام مین سات آٹھ تولہ داخل کرین
پاؤ بھر تک پلایا جاسکتا ہے مگر مسکر بہت ہوجائے گا روغن چرس بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ چرس سے بیس گونہ شیر گاو ملا کے
ایک شبانہ روز بھگوئین بعد اُسکے جوش دین کہ سٹھا ہوجائے اسکا مسکہ نکال کے معجون مین داخل کردین یاقوتی مقوی باہ واعضاء
رئیسہ وہمیشہ معمول راقم آثم ہے ترکیب یاقوت سرخ کہربا ہر ایک پانچ ماشہ مروارید ناسفتہ سنگ یشب ہر ایک چھ ماشہ مرجان نو ماشہ
مغز تخم خربزہ و تخم خیارین ہر ایک ڈیڑھ تولہ شقاقل ثعلب مصری تودرین بہمنین ہر ایک ایک تولہ تخم بلیون بوزیدان کباب چینی
دارچینی ہر ایک چھ ماشہ اندر جو بادرنجبویہ گل سرخ ہر ایک سات ماشہ ساذج ہندی نو ماشہ صندل سفید چار ماشہ طباشیر ورق نقرہ
ہر ایک پانچ ماشہ ورق طلا زعفران ہر ایک تین ماشہ ابریشم مقرض پونے دو تولہ مربائے سیب شربت انار شیرین ہر ایک پون پاؤ شہد
خالص نبات سفید ہر ایک ڈیڑھ پاؤ گلاب آدھ سیر حسب دستور معجون بنائین خوراک پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک یاقوتی بارد حمیات
محرقہ وبخارات سودادی وسودمزاج تیسی مین بے عدیل وسریع التاثیر وکثیر المنفعت اور ہمراہ آب خیار وکدو مستعمل ہے ترکیب
مروارید ناسفتہ یاقوت رمانی بسد کہربائے شمعی ہر ایک ایکدرم گلسرخ گاؤزبان تخم خرفہ تخم کاہو مقشر مغز تخم خربزہ و کدوے شیرین
و تربوز و تخم خیار بادرنگ و تخم خیار دراز ہر ایک دو درم مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک نیم درم زعفران ایکدرم ورق نقرہ دو درم
آب ہندوانہ ایک سیر عرق کیوڑہ ایک پاؤ قند سفید دو چند شربت ایکچند بطریق معمول دوائین ملا کے خوب لت کرین بعدہ
ورق نقرہ ایک ایک ڈالین اور پھر معجون سے مخلوط کرتے جائین تو عدیل مقوی اعضائے رئیسہ مشہی دافع دسواس حمیات
مین مستعمل اور دافع قبض ہے ترکیب یاقوت یشب سبز عنبر ورق طلا ہر ایک ایک درم مروارید ناسفتہ تخم خرفہ مقشر
تخم کاہو صندل سفید بگلاب سودہ طباشیر دانہ ہیل زعفران ہر ایک دو درم تخم کاسنی نیلوفر ہر ایک تین درم کافور مشک
ہر ایک نیم درم عسل شربت بنفشہ شربت سیب ہر ایک تیس تولہ ترنجبین شیر خشت ہر ایک پچاس تولہ بدستور معمول مرتب
کرین یاقوتی بارد نافع حمی دق وبخار سودادی سوختہ اختراع حکیم علوی خان ترکیب مروارید ناسفتہ کہربا ہر ایک

آٹھ ماشہ یاقوت عنبر کافور ہر ایک دو ماشہ ورق طلا ایک ماشہ ورق نقرہ ڈیڑھ ماشہ گاؤزبان تین ماشہ زعفران ابید محرق ابریشم مقرض ہر ایک چھ ماشہ آملہ پروردہ بشیر جاں تولہ چھ ماشہ صندل سفید الائچی کلاں طباشیر بہمنین کشنیز مقشر پوست بیرون پستہ گل نیلوفر گلسرخ ہر ایک سات ماشہ شربت سیب شیریں شربت انار شیریں ولائتی عرق بیدمشک گلاب عرق گاؤزبان ہر ایک دس تولہ نبات سفید آدھ سیر بدستور مقرر ترتیب کریں خوراک ایک درم الآن نختم هذا الکتاب بعون الله الملک الوهاب

تمت

PDF تیار کردہ
حکیم ایم ارشد شاہین لاہور

اِدارہ کی چند طبّی کتب

بیاضِ کبیر	حکیم کبیر الدین	۱۰۸/-
میزان الطب	″ ″	۴۸/-
شرحِ اسباب	″ ″	۲۷۰/-
مخزنِ مفردات	″ ″	۹۰/-
مخزنِ مفردات	مصوّر ایڈیشن	۱۵۰/-
مخزنِ حکمت	حکیم غلام جیلانی	۳۵۰/-
حاذق	حکیم اجمل خان	۹۰/-
قرابادین قادری	حکیم اکبر ارزانی	۹۰/-
مفتاح الخزائن	حکیم کریم بخش	۹۰/-
کنز العلاج	حکیم رفیق حجازی	۹۰/-
رہنمائے عقاقیر یکجا اوّل دوم،	حکیم غلام محی الدین	۱۹۵/-
مجرباتِ لقمانی	حکیم عبدالرحیم جلیل	۶۰/-
لقمانی گائیڈ	″ ″	۶۰/-
علاج بالمفردات	حکیم غلام جیلانی	۷۵/-
بیاضِ خاص حکیم نوردین		۳۵/-
مخزن الجواہر	حکیم غلام جیلانی	۱۸۰/-
جنسی امراض اور ان کا علاج	کرنل بھولا ناتھ	۶۶/-
لغات الادویہ		۷۵/-
بیاضِ اجمل	حکیم اجمل خان	۶۰/-
مجرباتِ بوعلی سینا تحفۃ العاشقین		۶۶/-
کام دیو شاستر	کنور دت شرما	۷۵/-
قرابادین اکمل و اعظم	حکیم اعظم خان	۲۲۵/-
طبیب اطفال	حکیم عبدالحفیظ	۳۰/-
امراضِ مخصوصہ نسواں	حکیم فصیح الدین	۳۹/-
رموز الاطباء۔ اوّل، دوم	حکیم فیروز الدین	۳۶۰/-
مخزنِ علاج، بیاضِ جیلانی	حکیم غلام جیلانی	۲۴۰/-

خزائن الادویہ مکمل	علامہ نجم الغنی	۱۰۰۰/-
وظائف الاعضاء اوّل دوم	حکیم ارشد جمیل فارانی	۶۶/-
تشریح ھمدانی (اناٹومی) اوّل دوم		۶۰/-
امراضِ متعدیہ وبائیہ	حکیم شہاب جمل	۳۰/-
تاریخ طب	حکیم ارشد جمیل فارانی	۳۹/-
کامل التشخیص	ڈاکٹر صادق حسین طور	۵۴/-
کنز التشخیص	حکیم رفیق حجازی	۶۰/-
ماہیت الامراض	ڈاکٹر غلام حیدر نیازی	۳۰/-
طبی نفسیات	حکیم شاہد نویہ	۳۰/-
مطب و نسخہ نویسی	حکیم مرزا محمود احمد	۱۰۰/-
المطب	حکیم فصیح الدین چغتائی	۶۰/-
طب مخفی	حکیم یوسف حسن	۷۵/-
صنعت اکبر	″ ″	۵۱/-
جنسیات کی پہلی کتاب	″ ″	۲۷/-
دوشیزہ	″ ″	۳۶/-
مجلس خلوت	″ ″	۳۶/-
طبی شہ پارے	حکیم مولوی احمد یار خان	۶۰/-
مجرباتِ سلطانی	″ ″ ″	۹۰/-
پاکستان و ہندوستان کی جڑی بوٹیاں	صوفی لچھمن پرشاد	۹۰/-
نوید شباب	رجوع شیخ الی صباہ فی	
القوۃ الباہ		۱۲۰/-
سلک مروارید	شفاء الملک حکیم محمد حسن قرشی	۹۰/-
جامع الحکمت	″ ″ ″	۳۵۰/-
بیاضِ مسیحا		۶۰/-
مخزن آیورویدک		۲۲۵/-
امراض متعدیہ وبائیہ	ڈاکٹر غلام حیدر نیازی	۳۶/-

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
جلال الدین ہسپتال بلڈنگ
اردو بازار
لاہور

PDF تیار کردہ
حکیم ایم ارشد شاہین لاہور